# Urdu Daira Maraf-e-Islamia

اردو دائرہ معارف اسلامیہ

# اردو

# دائرۂ معارفِ اسلامیہ

زیرِ اہتمام

دانش گاہِ پنجاب، لاہور

## جلد ۹

(خمسہ ـــــ دھتورا)

۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء

طبع اول

Marfat.com

# ادارۂ تحریر

ڈاکٹر سیّد محمّد عبداللہؒ، ایم اے، ڈی لٹ ............ رئیس ادارہ
سیّد محمّد امجد الطاف، ایم اے (پنجاب) ........... سینیر ایڈیٹر
پروفیسر عبدالقیوم، ایم اے (پنجاب) ........... سینیر ایڈیٹر
عبدالمنّان عمر، ایم اے (علیگ) ........... ایڈیٹر[1]
ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، ایم اے (پنجاب) ........... معتمد ادارہ
خان محمّد چاولہ، ایم اے (پنجاب) ........... ایڈیٹر[1]
پروفیسر مرزا مقبول بیگ بدخشانی، ایم اے (پنجاب) ........... ایڈیٹر[2]
شیخ نذیر حسین، ایم اے (پنجاب) ........... ایڈیٹر[3]

۱- از ۱۹ دسمبر ۱۹۷۰ء تا ۳۰ ستمبر ۱۹۷۱ء ۲- از ۱۱ فروری ۱۹۷۱ء ۳- از ۱۰ دسمبر ۱۹۷۱ء

# مجلس انتظامیّہ

۱- ڈاکٹر محمّد اجمل، ایم اے، پی ایچ ڈی، قائم مقام وائس چانسلر، دانش گاہِ پنجاب (صدرِ مجلس)
۲- جسٹس ڈاکٹر ایس - اے - رحمٰن، ہلالِ پاکستان، سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ، پاکستان، لاہور
۳- لفٹننٹ جنرل ناصر علی خان، سابق صدر پبلک سروس کمیشن، مغربی پاکستان، لاہور
۴- جناب معزالدّین احمد، سی - ایس - پی (رٹیائرڈ)، ۲۴۳- شارع طفیل، لاہور چھاؤنی
۵- جناب الطاف گوہر، سابق سی - ایس - پی، لاہور
۶- معتمدِ مالیات، حکومتِ پنجاب، لاہور
۷- سیّد یعقوب شاہ، ایم اے، سابق آڈیٹر جنرل، پاکستان و سابق وزیر مالیات، حکومت مغربی پاکستان، لاہور
۸- جناب عبدالرشید خان، سابق کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری، مغربی پاکستان، لاہور
۹- پروفیسر محمّد علاء الدّین صدیقی، ایم اے، ایل ایل بی، ستارۂ امتیاز، وائس چانسلر (رخصتی)، دانش گاہ پنجاب، لاہور
۱۰- ڈاکٹر سیّد محمّد عبداللہ، ایم اے، ڈی لٹ، پروفیسر ایمریطس، سابق پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور
۱۱- پروفیسر ڈاکٹر محمّد باقر، ایم اے، پی ایچ ڈی، پروفیسر ایمریطس، سابق پرنسل اورینٹل کالج، لاہور
۱۲- رجسٹرار، دانش گاہ پنجاب، لاہور
۱۳- خازن، دانشِ گاہ پنجاب، لاہور


marfat.com

Marfat.com

# اختصارات و رموز وغیرہ

## اختصارات

### (۱)

### کتب عربی و فارسی و ترکی وغیرہ اور ان کے تراجم اور بعض مخطوطات جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ھیں

آآ، لائڈن [۱] یا [۲] = انسائیکلوپیڈیا او اسلام، انگریزی، بار اول یا دوم، لائڈن.

آآ، ت = انسائیکلوپیڈیا او اسلام، ترکی.

آآ، ع = دائرۃ المعارف الاسلامیۃ (= انسائیکلوپیڈیا او اسلام، عربی).

ابن الأبّار = کتاب تکملۃ الصِّلۃ، طبع کودیرا F. Codera، میڈرڈ ۱۸۸۷ تا ۱۸۸۹ء (BAH, V - VI).

ابن الأبّار: تکملۃ = M. Alarcóny - C. A. González: *Apéndice a la adición Codera de* Palencia *Tecmila*، در *Misc. de estudios y textos árabes*، میڈرڈ ۱۹۱۵ء.

ابن الأبّار، جلد اوّل = ابن الأبّار: تکملۃ الصِّلۃ، *Texte arabe d' aprés un ms. de Fés, tome I, complétànt les deux vol. édités par F. Codera*، بتصحیح A. Bel و محمّد بن شنب، الجزائر ۱۹۱۸ء.

ابن الأثیر [۱] یا [۲] یا [۳] یا [۴] = بار اوّل، کتاب الکامل، طبع ٹورنبرگ C. J. Tornberg، لائڈن ۱۸۵۱ تا ۱۸۷۶ء؛ بار دوم، کتاب الکامل، قاہرہ ۱۳۰۱ھ؛ بار سوم، کتاب الکامل، قاہرہ، ۱۳۰۳ھ؛ بار چہارم، کتاب الکامل، قاہرہ ۱۳۴۸ھ، ۹ جلد.

ابن الأثیر، ترجمۂ فاینان = *Annales du Maghreb et de l' Espagne*، ترجمہ از فاینان E. Fagnan، الجزائر ۱۹۰۱ء.

ابن بشکوال = کتاب الصِّلۃ فی اخبار ائمّۃ الأندلس، طبع کودیرا F. Codera، میڈرڈ ۱۸۸۳ء (BAH, II).

ابن بطّوطہ = تحفۃ النُّظّار الخ، مع ترجمہ از C. Defrémery اور B. R. Sanguinetti، ۴ جلد، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۸ء.

ابن تغری بِردی = النّجوم الزاہرۃ فی مُلوک مصر و القاہرۃ، W. Popper، برکلے و لائڈن ۱۹۰۸ تا ۱۹۳۶ء.

ابن تغری بِردی، قاہرہ = وھی کتاب، قاہرہ ۱۳۴۸ھ ببعد.

ابن حَوقل = کتاب صُورۃ الأرض، طبع J. H. Kramers، لائڈن ۱۹۳۸ تا ۱۹۳۹ء (BGA, II)، بار دوم.

ابن خُرداذبہ = المَسالک و المَمالک، طبع ڈ خویہ M. J. de Goeje، لائڈن ۱۸۸۹ء (BGA, VI).

ابن خَلدون: عبر (یا العبر) = کتاب العِبَر و دیوان المُبتدأ و الخَبَر الخ، بولاق ۱۲۸۴ھ.

ابن خَلدون: مقدمۃ = *Prolégoménes d'Ebn Khaldoun*، طبع E. Quatremére، پیرس ۱۸۵۸ تا ۱۸۶۸ء (Notices et Extraits, XVI-XVIII).

ابن خَلدون: مقدّمۃ، ترجمۂ دیسلان = *Prolégoménes d'Ibn Khaldoun*، ترجمہ و حواشی از دیسلان M. de Slane، پیرس ۱۸۶۳ تا ۱۸۶۸ء (بار دوم ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۸ء).

ابن خَلدون: مقدّمۃ، ترجمۂ روزنتھال = *The Muqaddimah*، ترجمہ از Franz Rosenthal، ۳ جلد، لنڈن ۱۹۵۸ء.

ابن خلّکان = وَفَیات الأعیان، طبع وُسٹنفلٹ F. Wüstenfeld، گوٹنگن ۱۸۳۵ تا ۱۸۵۰ء (حوالے شمار تراجم کے اعتبار سے دیے گئے ھیں).

Marfat.com

ابن خلّکان، بولاق = وهی کتاب، بولاق ۱۲۷۵ھ.
ابن خلّکان، قاهره = وهی کتاب، قاهره ۱۳۱۰ھ.
ابن خلّکان، ترجمهٔ دیسلان = *Biographical Dictionary*، ترجمه از دیسلان M. de Slane، ۴ جلد، پیرس ۱۸۴۳ تا ۱۸۷۱ء.
ابن رُسْتَه = الأعلاق النفیسة، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۹۱ تا ۱۸۹۲ء (BGA, VII).
ابن رُسْتَه، ویت Wiet = *Les Atours précieux*، ترجمه از G. Wiet، قاهره ۱۹۵۵ء.
ابن سَعْد = کتاب الطبقات الکبیر، طبع زخاؤ H. Sachau وغیره، لائڈن ۱۹۰۴ تا ۱۹۴۰ء.
ابن عذاری = کتاب البیان المُغْرِب، طبع کولن G. S. Colin و لیوی پرووانسال E.Lévi-Provençal، لائڈن ۱۹۴۸ تا ۱۹۵۱ء؛ جلد سوم، طبع لیوی پرووانسال، پیرس ۱۹۳۰ء.
ابن العماد: شذارت = شذرات الذهب فی أخبار من ذهب، قاهره ۱۳۵۰ تا ۱۳۵۱ھ (سنین وفیات کے اعتبار سے حوالے دیے گئے هیں).
ابن الفقیه = مختصر کتاب البلدان، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۸۶ء (BGA, V).
ابن قتیبة: شعر (یا الشعر) = کتاب الشعر والشعراء، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۹۰۲ تا ۱۹۰۴ء.
ابن قتیبة: معارف (یا المعارف) = کتاب المعارف، طبع وستنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۰ء.
ابن هشام = کتاب سیرة رسول الله، طبع وستنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۸ تا ۱۸۶۰ء.
ابوالفداء: تقویم = تقویم البلدان، طبع رینو J.-T.Reinaud و دیسلان M. de Slane، پیرس ۱۸۴۰ء.
ابوالفداء: تقویم، ترجمه = *Géographie d'Aboulféda traduite de l'arabe en francais*، ج ۱ و ۲ / ۱ از رینو، پیرس ۱۸۴۸ء، ج ۲/۲ از St. Guyard، ۱۸۸۳ء.
الأدریسی: المغرب = *Description de l'Afrique et de l'Espagne*، طبع ڈوزی R. Dozy و ڈ خویه، لائڈن ۱۸۶۶ء.
الادریسی، ترجمه جوبار = *Géographie d'Édrisi*، ترجمه از P. A. Jaubert، ۲ جلد، پیرس ۱۸۳۶ تا ۱۸۴۰ء.
الاستیعاب = ابن عبدالبر: الاستیعاب، ۲ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۸ - ۱۳۱۹ھ.
الاشتقاق = ابن دُرَید: الاشتقاق، طبع وستنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۴ء (اناستاتیک).
الاصابة = ابن حجر العسقلانی: الاصابة، ۴ جلد، کلکته ۱۸۵۶ تا ۱۸۷۳ء.
الاصطخری = المسالک و الممالک، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۷۰ء (BGA, I) و بار دوم (نقل بار اول) ۱۹۲۷ء.
الأغانی ۱، یا ۲، یا ۳ = ابوالفرج الاصفهانی: الأغانی، بار اول، بولاق ۱۲۸۵ھ، بار دوم، قاهره ۱۳۲۳ھ، بار سوم، قاهره ۱۳۴۵ھ ببعد.
الأغانی، برونو = کتاب الأغانی کی اکیسویں جلد، طبع برونو R. E. Brünnow، لائڈن ۱۸۸۸ء/۱۳۰۶ھ.
الأنباری: نزهة = نزهة الألباء فی طبقات الأدباء، قاهره ۱۲۹۴ھ.
البغدادی: الفرق = الفرق بین الفرق، طبع محمّد بدر، قاهره ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء.
البلاذری: أنساب = أنساب الأشراف، ج ۴ و ۵، طبع M. Schlössinger و S. D. F. Goitein، بیت المقدس (یروشلم) ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۸ء.
البلاذری: أنساب، ج ۱ = أنساب الأشراف، ج ۱، طبع محمّد حمیدالله، قاهره ۱۹۵۹ء.
البلاذری: فتوح = فتوح البلدان، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۶۶ء.
بیهقی: تاریخ بیهق = ابوالحسن علی بن زید البیهقی: تاریخ بیهق، طبع احمد بهمنیار، تهران ۱۳۱۷ھش.
بیهقی: تتمّة = ابوالحسن علی بن زید البیهقی: تتمة صوان الحکمة، طبع محمّد شفیع، لاهور ۱۹۳۵ء.

Marfat.com

بیهقی، ابوالفضل = ابوالفضل بیہقی : تاریخِ مسعودی، Bibl. Indica.

تاج العروس = محمّد مرتضی بن محمّد الزّبیدی : تاج العروس.

تأریخ بغداد = الخطیب البغدادی : تاریخ بغداد، ۱۴ جلد، قاهرة ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۱ء.

تأریخ دمشق = ابن عساکر: تأریخ دمشق، ۷ جلد، دمشق ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء تا ۱۳۵۱ھ / ۱۹۳۱ء.

تہذیب = ابن حجر العسقلانی: تہذیب التہذیب، ۱۲ جلد، حیدرآباد ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء تا ۱۳۲۷ھ / ۱۹۰۹ء.

الثعالبی: یتیمة = یتیمة الدّهر فی محاسن اهل العصر، دمشق ۱۳۰۴ھ.

الثعالبی: یتیمة، قاهرة = وہی کتاب، قاهره ۱۹۳۴ء.

حاجی خلیفه : جہان نُما = استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء.

حاجی خلیفه = کشف الظّنون، طبع محمّد شرف الدین یالتقایا S. Yaltkaya و محمد رفعت بیلگه الکلیسلی Rifat Bilge Kilisli، استانبول ۱۹۴۱ تا ۱۹۴۳ء.

حاجی خلیفه، طبع فلوگل = کشف الظنون، طبع فلوگل Gustavus Flügel، لائپزگ ۱۸۳۵ تا ۱۸۵۸ء.

حاجی خلیفه : کشف = کشف الظنون، ۲ جلد، استانبول ۱۳۱۰ تا ۱۳۱۱ھ.

حدود العالم = *The Regions of the World*، ترجمه از مینورسکی V. Minorsky، لندن ۱۹۳۷ء (GMS, XI) سلسلۂ جدید).

حمد الله مستوفی: نزهة = نزهة القلوب، طبع لیسٹرینج، لائڈن ۱۹۱۳ تا ۱۹۱۹ء (GMS, XXIII).

خواند امیر = حبیب السّیر (۱) تهران ۱۲۷۱ھ؛ (۲) بمبئی ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء.

الدُّرر الکامنة = ابن حجر العسقلانی : الدّرر الکامنة، حیدرآباد ۱۳۴۸ تا ۱۳۵۰ھ.

الدّمیری = حیوة الحیوان (کتاب کے مقالات کے عنوانوں کے مطابق حوالے دیے گئے ہیں).

دولت شاه = تذکرة الشعراء، طبع براؤن، لنڈن و لائڈن ۱۹۰۱ء.

ذہبی: حفّاظ = الذّهبی: تذکرة الحفّاظ، ۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۵ھ.

رحمٰن علی = تذکرۂ علماے هند، لکھنؤ ۱۹۱۴ء.

روضات الجنّات = محمّد باقر خوانساری : روضات الجنّات، طهران ۱۳۰۶ھ.

زامباور، عربی = عربی ترجمه از محمّد حسن و حسن احمد محمود، ۲ جلد، قاهره ۱۹۵۱ تا ۱۹۵۲ء.

السّبکی = طبقات الشافعیة، ۶ جلد، قاهره ۱۳۲۴ھ.

سجلّ عثمانی = محمد ثریا: سجلّ عثمانی، استانبول ۱۳۰۸ تا ۱۳۱۶ھ.

سرکیس = سرکیس : معجم المطبوعات العربیة، قاهره ۱۹۲۸ تا ۱۹۳۱ء.

السّمعانی = السمعانی : الانساب، طبع عکسی باعتناء مرجلیوث D. S. Margoliouth، لائڈن ۱۹۱۲ء (GMS, XX).

السّیوطی : بغیة = بغیة الوعاة، قاهره ۱۳۲۶ھ.

الشّهرستانی = الملل و النحل، طبع کیورٹن W. Cureton، لنڈن ۱۸۴۶ء.

الضّبّی = بغیة الملتمس فی تأریخ رجال اهل الاندلس، طبع کودیرا Codera و ربیره J. Ribera، میڈرڈ ۱۸۸۴ تا ۱۸۸۵ء (BAH, III).

الضّوء اللّامع = السّخاوی: الضوء اللّامع، ۱۲ جلد، قاهره ۱۳۵۳ تا ۱۳۵۵ھ.

الطّبری = تأریخ الرّسل و الملوک، طبع ڈ خویه وغیره، لائڈن ۱۸۷۹ تا ۱۹۰۱ء.

عثمان لی مؤلف لری = بروسه لی محمّد طاهر: عثمانلی مؤلف لری، استانبول ۱۳۳۳ھ.

العقد الفرید = ابن عبدربّه: العقد الفرید، قاهرة ۱۳۲۱ھ.

علی جواد = ممالک عثمانیّن تاریخ و جغرافیا لغاتی،

Marfat.com

استانبول ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۵ء تا ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ء.

عوفی: لُباب = لُباب الالباب، طبع براؤن، لنڈن و لائڈن ۱۹۰۳ تا ۱۹۰۶ء.

عیون الأنباء = طبع مُلّر A. Müller، قاهرة ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۲ء.

غلام سرور، مفتی: خزینة الأصفیاء، لاهور ۱۲۸۳ھ.

غوثی مانڈوی: گلزار ابرار، ترجمهٔ اردو موسوم به اذکار ابرار، آگره ۱۳۲۶ھ.

فرشته = محمّد قاسم فرشته: گلشن ابراهیمی، طبع سنگی، بمبئی ۱۸۳۲ء.

فرهنگ = فرهنگ جغرافیای ایران، از انتشارات دایرهٔ جغرافیائی ستاد ارتش، ۱۳۲۸ تا ۱۳۲۹ هش.

فرهنگ آنند راج = منشی محمد بادشاه: فرهنگ آنند راج، ۳ جلد، لکهنؤ ۱۸۸۹ تا ۱۸۹۴ء.

فقیر محمّد: حدائق الحنفیة، لکهنؤ ۱۹۰۶ء.

فُلْٹَن و لِنگز = Alexander S. Fulton and Matrin Lings: *Second Supplementary Catalogue of Arabic Printed Books in the British Museum*، لنڈن ۱۹۵۹ء.

فهرست (یا الفهرست) = ابن الندیم: کتاب الفهرست، طبع فلوگل، لائپزگ ۱۸۷۱ تا ۱۸۷۲ء.

ابن القفطی = تأریخ الحکماء، طبع لِپرٹ J. Lippert، لائپزگ ۱۹۰۳ء.

الکُتُبی: فوات = ابن شاکر الکُتُبی: فوات الوفیات، بولاق ۱۲۹۹ھ.

لسان العرب = ابن منظور: لسان العرب، ۲۰ جلد، قاهره ۱۳۰۰ تا ۱۳۰۸ھ.

مآثر الأمراء = شاه نواز خان: مآثر الأمراء، Bibl. Indica.

مجالس المؤمنین = نورالله شوستری: مجالس المؤمنین، تهران ۱۲۹۹ هش.

مرآة الجنان = الیافعی: مرآة الجنان، ۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۳۹ھ.

مرآة الزمان = سبط ابن الجوزی: مرآة الزمان، حیدر آباد ۱۹۵۱ء.

مسعود کیهان = جغرافیای مفصّل ایران، ۲ جلد، تهران ۱۳۱۰ و ۱۳۱۱ هش.

المسعودی: مروج = مروج الذهب، طبع باربیه د مینار و پاوه د کورتی، پیرس ۱۸۶۱ تا ۱۸۷۷ء.

المسعودی: التنبیه = کتاب التنبیه و الاشراف، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۹۴ء (BGA, VIII).

المقدسی = احسن التقاسیم فی معرفة الأقالیم، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۷۷ء (BGA, III).

المقّری: *Analectes* = نفح الطیب فی غصن الأندلس الرطیب، *Analectes sur l'histoire et la littérature des Arabes de l'Espagne*، لائڈن ۱۸۵۵ تا ۱۸۶۱ء.

المقّری، بولاق = وهی کتاب، بولاق ۱۲۷۹ھ/۱۸۶۲ء.

منجّم باشی = صحائف الأخبار، استانبول ۱۲۸۵ھ.

میر خواند = روضة الصّفاء، بمبئی ۱۲۶۶ھ/۱۸۴۹ء.

نزهة الخواطر = حکیم عبدالحی: نزهة الخواطر، حیدرآباد ۱۹۴۷ء ببعد.

نسب = مصعب الزبیری: نسب قریش، طبع لیوی پرووانسال، قاهرة ۱۹۵۳ء.

الوافی = الصّفدی: الوافی بالوفیات، ج ۱، طبع رِتّر Ritter، استانبول ۱۹۳۱ء؛ ج ۲ و ۳، طبع ڈیڈرنگ Dedering، استانبول ۱۹۴۹ و ۱۹۵۳ء.

الهمدانی = صفة جزیرة العرب، طبع مُلّر D. H. Müller، لائڈن ۱۸۸۴ تا ۱۸۹۱ء.

یاقوت = معجم البلدان، طبع وُستنفلٹ، لائپزگ ۱۸۶۶ تا ۱۸۷۳ء (طبع اناستاتیک، ۱۹۲۴ء).

یاقوت: ارشاد (یا ادباء) = ارشاد الأریب الی معرفة الأدیب، طبع مرجلیوث، لائڈن ۱۹۰۷ تا ۱۹۲۷ء (GMS, VI)؛ معجم الادباء (طبع اناستاتیک، قاهره ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۸ء.

یعقوبی (یا الیعقوبی) = تأریخ، طبع هوتسما M. Th. Houtsma، لائڈن ۱۸۸۳ء؛ تاریخ الیعقوبی، ۳ جلد، نجف ۱۳۵۸ھ؛ ۲ جلد، بیروت ۱۳۷۹ھ/۱۹۶۰ء.

یعقوبی: بلدان (یا البلدان) = طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۹۲ء (BGA, VII).

یعقوبی، *Ya'qūbi. Les pays* = ویت Wiet، ترجمه از G. Wiet، قاهره ۱۹۳۷ء.

Marfat.com

کتب انگریزی، فرانسیسی، جرمن، جدید ترکی وغیرہ کے اختصارات جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ھیں

Al-Aghānī : *Tables*=*Tables Alphabétiques du Kitāb al-aghānī, rédigées par I. Guidi*, Leiden 1900.

Babinger=F. Babinger : *Die Geschichtschreiber der Osmanen und ihre Werke*, 1st ed., Leiden 1927.

Barkan : *Kanunlar*=Ömar Lûtfi Barkan : *XV ve XVI inci Asirlarda Osmanli. Imparat orluğunda Zirai Ekonominin Hukuki ve Mali Esaxlari*, I. *Kanunlar*, Istanbul 1943.

Blachère : *Litt.*=R. Blachère : *Histoire de la Littèrature arabe*, i, Paris 1952.

Brockelmann, I, II=C. Brockelmann : *Geschichte der Arabischen Litteratur, Zweite den Supplement-bänden angepasste Auflage*, Leiden 1943-1949.

Brockelmann, S I,II,III=*G. d. A.L.*, *Erster* (*Zweiter, Dritter*). *Supplementband*, Leiden 1937-42.

Browne, i=E.G. Browne : *A Literary History of Persia, from the earliest times until Firdawsi*, London 1902.

Browne, ii=*A Literary History of Persia, from Firdawsi to Sa'di*, London 1908.

Browne, iii=*A History of Persian Literature under Tartar Dominion*, Cambridge 1920.

Browne, iv=*A History of Persian Literature in Modern Times*, Cambridge 1924.

Caetani : *Annali*=L. Caetani : *Annali dell' Islam*, Milano 1905-26.

Chauvin : *Bibliographie*=V. Chauvin : *Bibliographie des ouvrages arabes et relatifs aux Arabes*, Lille 1892.

Dorn : *Quellen*=B. Dorn : *Muhammedanische Quellen zur Geschichte der südlichen Küstenländer des Kaspischen Meeres*, St. Petersburg 1850-58.

Dozy : *Notices*=R. Dozy : *Notices sur quelques manuscrits arabes*, Leiden 1847-51.

Dozy : *Recherches*³=*R. Dozy : Recherches sur l'histoire et la littérature de l'Espagne Pendant le moyen-âge*, 3rd ed., Paris-Leiden 1881.

Dozy, *Suppl.*=R. Dozy : *Supplément aux dictionnaires arabes*, 2nd ed., Leiden-Paris 1927.

Fagnan : *Extraits*=E. Fagnan : *Extraits inédits relatifs au Maghreb*, Alger 1924.

*Gesch. des Qor.*=Th.Nöldeke:*Geschichte des Qorāns*, new edition by F. Schwally, G. Bergsträsser and O. Pretzl, 3 vols., Leipzig 1909-38.

Gibb : *Ottoman Poetry*=E.J.W. Gibb : *A History of Ottoman Poetry*, London 1900-09.

Gibb-Bowen=H.A.R. Gibb and Harold Bowen : *Islamic Society and the West*, London 1950-57.

Goldziher : *Muh. St.*=I. Goldziher : *Muhammedanische Studien*, 2 Vols., Halle 1888-90.

Goldziher : *Vorlesungen*=I. Goldziher : *Vorlesungen über den Islam*, Heidelberg 1910.

Goldziher : *Vorlesungen*²=2nd ed., Heidelberg 1925.

Goldziher : *Dogme*=*Le dogme et la loi de l'islam*, trad. J. Arin, Paris 1920.

Hammer-Purgstall : *GOR*=J. von Hammer (-Purgstall): *Geschichte des Osmanischen Reiches*, Pest 1828-35.

Hammer-Purgstall : *GOR*²=the same, 2nd ed., Pest 1840.

Hammer-Purgstall : *Histoire, the same*, trans. by J.J. Hellert, 18 vol., Bellizard (etc.), Paris (etc.), 1835-43.

Hammer-Purgstall : *Staatsverfassung*=J. von Hammer : *Des Osmanischen Reiches Staatsverfassung und Staatsverwaltung*, 2 vols., Vienna 1815.

Houtsma : *Recueil*=M.Th. Houtsma : *Recueil des texes relatifs a l'histoire des Seldjoucides*, Leiden 1886-1902.

Juynboll : *Handbuch*=Th. W. Juynboll : *Handbuch des islamischen Gesetzes*, Leiden 1910.

Marfat.com

Juynboll : *Handleiding*=*Handleiding tot de kennis der mohammedaansche wet*, 3rd ed., Leiden 1925.

Lane=E.W. Lane : *An Arabic-English Lexicon*, London 1863-93 (reprint New York 1955-56).

Lane-Poole : *Cat.*=S. Lane-Poole : *Catalogue of Oriental Coins in the British Museum*, 1877-90.

Lavoix : *Cat.*=H. Lavoix : *Catalogue des Monnaies Musulmanes de la Bibliothèque Nationale*, Paris 1887-96.

Le Strange=G. Le Strange : *The Lands of the Eastern Caliphate*, 2nd ed. Cambridge 1930 (reprint, 1966).

Le Strange : *Baghdad*=G. Le Strange : *Baghdad during the Abbasid Caliphate*, Oxford 1924.

Le Strange : *Palestine*=G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*, London 1890 (reprint 1965).

Lévi-Provençal : *Hist. Esp. Mus.*=E. Lévi-Provençal : *Histoire de l'Espagne musulmane*, nouv. éd., Leiden-Paris 1950-53, 3 vols.

Lévi-Provençal : *Hist. Chorfa*=D. Lévi-Provençal : *Les Historiens des Chorfa*, Paris 1922.

Maspero-Wiet : *Matériaux*=J. Maspéro et G. Wiet : *Matériaux pour servir à la Géographie de l'Egypte*, Le Caire 1914 (*MIFAO*, XXXVI).

Mayer : *Architects*=L.A. Mayer : *Islamic Architects and their Works*, Geneva 1956.

Mayer : *Astrolabists*=L.A. Mayer : *Islamic Astrolabists and their Works*, Geneva 1958.

Mayer : *Metalworkers*=L.A. Mayer : *Islamic Metalworkers and their Works*, Geneva 1959.

Mayer : *Woodcarvers*=L.A. Mayer : *Islamic Woodcarvers and their Works*, Geneva 1958.

Mez : *Renaissance*=A. Mez : *Die Renaissance des Islams*, Heidelberg 1922; Spanish translation by S. Vila, Madrid-Granada 1936.

Mez : *Renaissance*, Eng. tr.=A. Mez: *The Renaissance of Islam*, Translated into English by Salahuddin Khuda Bukhsh and D.S. Margoliouth, London 1937.

Nallino : *Scritti*=C.A. Nallino : *Raccolta di Scritti editi e inediti*, Roma 1939-48.

Pakalı̇n=Mehmet Zeki Pakalı̇n : *Osmanlı Tarih seyimleri ve Terimleri Sözlüğü*, 3 vols., Istanbul 1946 ff.

Pauly-Wissowan=*Realenzklopaedie des klassischen Altertums*.

Pearson=J.D. Pearson: *Index Islamicus*, Cambridge 1958.

Pons Boigues=*Ensayo bio-bibliográfico sobre los historiadores y geógrafos arábigo-españoles*, Madrid 1898.

Santillana : *Istituzioni*=D. Santillana : *Istituzioni di diritto musulmano malichita*, Roma 1926-38.

Schlimmer=John L. Schlimmer : *Terminologie medico-Pharmaceutique et Anthropologique*, Tehran 1874.

Schwarz : *Iran*=P. Schwarz : *Iran im Mittelalter nach den arabischen Geographen*, Leipzig 1896.

Smith=W. Smith : *A Classical Dictionary of Biography, Mythology and Geography*, London 1853.

Snouck Hurgronje: *Verspr. Geschr.*=C, Snouck Hurgronje : *Verspreide Geschriften*, Bonn-Leipzig-Leiden 1923-27.

*Sources inéd.*=Henri de Castries : *Sources inédites de l'histoire du Maroc*, Paris 1905 f ; 2nd. Series, Paris 1922 f.

Spuler : *Horde*=B. Spuler : *Die Goldene Horde*, Leipzig 1943.

Spuler: *Iran*=B. Spuler: *Iran in früh-islamischer Zeit*, Wiesbaden 1952.

Spuler : *Mongolen*[2]=B. Spuler : *Die Mongolen in Iran*, 2nd. ed., Berlin 1955.

*SNR*=Stephan and Naudy Ronart : *Concise Encyclopaedia of Arabic Civilization*, Djambatan-Amsterdam 1959.

Storey=C.A. Storey : *Persian Literature : a biobibliographical survey*, London 1927.

*Survey of Persian Art*=ed. by A. U. Pope, Oxford

marfat.com

Marfat.com

1938.

Suter = H. Suter : *Die Mathematiker und Astronomen der Araber und ihre Werke*, Leipzig 1900.

Taeschner: *Wegenetz* = F. Taeschner : *Die Verkehrslage und das Wegenetz Anatoliens im Wandel der Zeiten*, Gotha 1926.

Tomaschek = W. Tomaschek : *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*, Vienna 1891.

Weil : *Chalifen* = G. Weil : *Geschichte der Chalifen*, Mannheim-Stuttgart 1846-82.

Wensinck : *Handbook* = A.J. Wensinck : *A Handbook of Early Muhammadan Tradition*, Leiden 1927.

Zambaur = E. de Zambaur : *Manuel de généalogie et de chronologie pour l'histoire de l'Islam*, Hanover 1927 (anastatic reprint Bad Pyrmont 1955).

Zinkeisen = J. Zinkeisen : *Geschichte des Osmanischen Reiches in Europa*, Gotha 1840-83.

Zubaid Ahmad = *The Contribution of India to Arabic Literature*, Allahabad 1946 (reprint Lahore 1968).

marfat.com

Marfat.com

(ج)

مجلات، سلسلہ ہاے کتب (۱) وغیرہ جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

*AB* = *Archives Berbèrs.*

*Abh. G.W. Gött.* = *Abhandlungen der Gesellschaft der Wissenschaften zu Göttingen.*

*Abh. K. M.* = *Abhandlungen f. d. Kunde des Morgenlandes.*

*Abh. Pr. Ak. W.* = *Abhandlungen d. preuss. Akad. d. Wiss.*

*Afr. Fr.* = *Bulletin du Comité de l'Afrique française.*

*Afr. Fr. RC* = *Bulletin du Com. de l'Afr. franç., Renseignements Coloniaux.*

*AIÉO Aiger* = *Annales de l'Institute d' Études Orientales de l'Université d'Alger.*

*AIUON* = *Annali dell' Istituto Univ. Orient, di Napoli.*

*AM* = *Archives Marocaines.*

*And.* = *Al-Andalus.*

*Anth.* = *Anthropos.*

*Anz. Wien* = *Anzeiger der philos.-histor. Kl. d. Ak. der Wiss. Wien.*

*AO* = *Acta Orientalia.*

*Arab.* = *Arabica.*

*ArO* = *Archiv Orientální.*

*ARW* = *Archiv für Religionswissenschaft.*

*ASI* = *Archaelogical Survey of India.*

*ASI, NIS* = *the same, New Imperial Series.*

*ASI*, AR = the same, Annual Reports.

*AÜDTCFD* = *Ankara Üniversitesi Dil ve Tarih-Coğrafia Fakültesi Dergisi.*

*As. Fr. B.* = *Bulletin du Comitéde l'Asie Française.*

*BAH* = *Bibliotheca Arabico-Hispana.*

*BASOR* = *Bulletin of the American School of Oriental Research.*

*Bell.* = *Türk Tarih Kurumu Belleten.*

*BFac. Ar.* = *Bulletin of the Faculty of Arts of the Egyptian University.*

*BÉt. Or* = *Bulletin d'Études Orientales de l'Institut Français de Damas.*

BGA = Bibliotheca geographorum arabicorum.

*BIE* = *Bulletin de l'Institut Egyptien.*

*BIFAO* = *Bulletin de l'Institut Français d'Archéologie Orientale du Caire.*

BIS = Bibliotheca Indica series.

*BRAH* = *Boletín de la Real Academia de la Historia de España.*

*BSE* = *Bol'shaya Sovetskaya Éntsiklopediya* (Large Soviet Encyclopaedia) 1st ed.

*BSE*[2] = the same, 2nd ed.

*BSL(P)* = *Bulletin de la Société de Linguistique* (*de Paris*).

*BSO(A)S* = *Bulletin of the School of Oriental* (*and African*) *Studies.*

*BTLV* = *Bijdragen tot de Taal-, Land-en Volkenkunde* (*van Ned.-Indië*).

*BZ* = *Byzantinische Zeitschrift.*

*COC* = *Cahiers de l'Orient Contemporain.*

*CT* = *Cahiers de Tunisie.*

*EI*[1]—*Encyclopaedia of Islam*, 1st edition.

*EI*[2] = *Encyclopaedia of Islam*, 2nd edition.

*EIM* = *Epigraphia Indo-Moslemica*

*ERE* = *Encyclopaedia of Religion and Ethics.*

*GGA* = *Göttinger Gelehrte Anzeigen.*

*GJ* = *Geographical Journal.*

GMS = Gibb Memorial Series.

*Gr. I. Ph.* = *Grundriss der Iranischen Philologie.*

*GSAI* = *Giornale della Soc. Asiatica Italiana.*

*Hesp.* = *Hespéris.*

*IA* = *Islâm Ansiklopedisi* (Türkish).

*IBLA* = *Revue de l'Institut des Belles Lettres Arabes,* Tunis.

*IC* = *Islamic Culture.*

*IFD* = *Ilahiyat Fakültesi Dergesi.*

*IG* = *Indische Gids.*

*IHQ* = *Indian Historical Quarterly.*

(۱) انھیں رومن حروف میں لکھا گیا ہے .

marfat.com

Marfat.com

*IQ*=*The Islamic Quarterly.*

*IRM* = *International Review of Missions.*

*Isl.* = *Der Islam.*

*JA* = *Journal Asiatique.*

*JAfr. S.* = *Journal of the African Society.*

*JAOS*—*Journal of the American Oriental Society.*

*JAnthr. I*=*Journal of the Anthropological Institute.*

*JBBRAS*=*Journal of the Bombay Branch of the Royal Asiatic Society.*

*JE*=*Jewish Encyclopaedia.*

*JESHO*=*Journal of the Enconomic and Social History of the Orient.*

*JNES*=*Journal of Near Eastern Studies.*

*JPak.HS* =*Journal of the Pakistan Historical Society.*

*JPHS*=*Journal of the Panjab Historical Society.*

*JQR*=*Jewish Quarterly Review.*

*JRAS*=*Journal of the Royal Asiatic Society.*

*J(R)ASB*=*Journal and Proceedings of the (Royal) Asiatic Society of Bengal.*

*J(R) Num.S*=*Journal of the (Royal)Numismatic Society.*

*JRGeog.S* =*Journal of the Royal Geographical Society.*

*JSFO* =*Journal de la Société Finno-ougrienne.*

*JSS*=*Journal of Semitic Studies.*

*KCA*=*Körösi Csoma Archivum.*

*KS* = *Keleti Szemle* (Revue Orientale).

*KSIE*=*Kratkie Soobshčeniya Instituta Étnografiy* (Short Communications of the Institute of Ethnography).

*LE* =*Literaturnaya Éntsiklopediya* (Literary Encyclopaedia).

*Mash.* = *Al-Mashrik.*

*MDOG*=*Mitteilungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*

*MDPV*=*Mitteilungen und Nachr. des Deutschen Palästina-Vereins.*

*MEA*=*Middle Eastern Affairs.*

*MEJ* = *Middle East Journal.*

*MFOB* = *Mélanges de la Faculté Orientale de Beyrouth.*

*MGG Wien*=*Mitteilungen der geographischen Gesellschaft in Wien.*

*MGMN*=*Mitt. z. Geschichte der Medizin und der Naturwissenshaften.*

*MGWJ* = *Monatsschrift f. d. Geschichte u. Wissenschaft des Judentums.*

*MI* = *Mir Islama.*

*MIDEO* = *Mélanges de l'Institut Dominicain d'Études Orintales du Caire.*

*MIE* = *Mémoires de l'Institut d'Égyptien.*

*MIFAO* = *Mémories publiés par les members de l'Inst. Franç. d'Archéologie Orientale du Caire.*

*MMAF* = *Mémoires de la Mission Archéologique Franç. au Caire.*

*MMIA* = *Madjallat al-Madjma' al-'ilmi al 'Arabi,* Damascus.

*MO* = *Le Monde oriental.*

*MOG* = *Mitteilungen zur osmanischen Geschichte.*

*MSE* = *Malaya Sovetskaya Éntsiklopediya*—(Small Soviet Encyclopaedia).

*MSFO* = *Mémoires de la Société Finno-ougrienne.*

*MSL* = *Mémoires de la Société Linguistique de Paris.*

*MSOS Afr.*=*Mitteilungen des Sem. für Oriental. Sprachen, Afr. Studien.*

*MSOS As.*=*Mitteilungen des Sem. für Oriental. Sprachen, Westasiatische Studien.*

*MTM*=*Mili Tetebbü'ler Medjmü'asi.*

*MVAG* = *Mitteilungen der Vorderasiatisch-ägyptischen Gesellschaft.*

*MW*=*The Muslim World.*

*NC*=*Numismatic Chronicle.*

*NGW Gött.* = *Nachrichten von d. Gesellschaft d. Wiss. zu Göttingen.*

*OA*=*Orientalisches Archiv.*

*OC*=*Oriens Christianus.*

*OCM* = *Oriental College Magazine,* Lahore.

*OCMD* = *Oriental College Magazine, Damima,* Lahore.

marfat.com
Marfat.com

*OLZ*=*Orientalistische Literaturzeitung.*
*OM*=*Oriente Moderno.*
*Or.*=*Oriens.*
*PEFQS*=*Palestine Exploration Fund Quarterly Statement.*
*PELOV*=*Publications de l'École des langues orientales vivantes.*
*Pet. Mitt.*=*Petermanns Mitteilungen.*
*PRGS*=*Proceedings of the R. Geographical Society.*
*QDAP*=*Quarterly Statement of the Department of Antiquities of Palestine.*
*RAfr.*=*Revue Africaine.*
*RCEA*=*Rèpertoire Chronologique d'Épigrapie arabe*
*REI*=*Revue des Études Islamiques.*
*REJ*=*Revue des Études Juives.*
*Rend. Lin.*=*Rendiconti della Reale Accad. dei Lincei, Cl. di sc. mor., stor. e filol.*
*RHR*=*Revue de l'Histoire des Religions.*
*RI*=*Revue Indigène.*
*RIMA*=*Revue de l' Institut des manuscrits Arabes.*
*RMM*=*Revue du Monde Musulman.*
*RO*=*Rocznik Orientalistyczny.*
*ROC*=*Revue de l'Orient Chrétien.*
*ROL*=*Revue de l'Orient Latin.*
*RRAH*=*Rev. de la R. Academia de la Historia,* Madrid.
*RSO*=*Rivista degli Studi Orientali.*
*RT*=*Revue Tunisienne.*
*SBAK. Heid.*=*Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Heidelberg.*
*SBAK. Wien*=*Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Wien.*
*SBBayr. Ak.*=*Sitzungsberichte der Bayrischen Akademie der Wissenschaften.*
*SBPMS Erlg.*=*Sitzungsberichte d. Phys.-medizin. Sozietät in Erlangen.*
*SBPr. Ak. W.*=*Sitzungsberichte der preuss. Ak. der Wiss. zu Berlin.*
*SE*=*Sovetskaya Étnografiya* (Soviet Ethnography).
*SI*=*Studia Islamica.*
*SO*=*Sovetskoe Vostokovedenie* (Soviet Orientalism).
*Stud. Isl.*=*Studia Islamica.*
*S. Ya.*=*Sovetskoe Yazïkoznanie* (Soviet Linguistics).
*SYB*=*The Statesman's Year Book.*
*TBG*=*Tijdschrift van het Bataviaasch Genootschap van Kunsten en Wetenschappen.*
*TD*=*Tarih Dergisi.*
*TIE*=*Trudï instituta Étnografiy* (Works of the Institute of Ethnography).
*TM*=*Türkiyat Mecmuasï.*
*TOEM*=*Ta'rikh-i 'Othmānī (Türk Ta'rikhi) Endjümeni medjmū'asï.*
*TTLV*=*Tijdschrift. v. Indische Taal-, Land- en Volkenkunde.*
*Verh. Ak. Amst.*=*Verhandelingen der Koninklijke Akademie van Westenschappen te Amsterdam.*
*Versl. Med. AK. Amst.*=*Verslagen en Mededeelingen der Koninklijke Akademie van Wetenschappen te Amsterdam.*
*VI*=*Voprosï Istoriy* (Historical problems).
*WI*=*Die Welt des Islams.*
*WI*, NS=the same, New Series.
*Wiss. Veröff. DOG*=*Wissenschaftliche Veröffentlichungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*
*WMG*=*World Muslim Gazetteer, Karachi.*
*WZKM*=*Wiener Zeitschrift für die Kunde des Morgenlandes.*
*ZA*=*Zeitschrift für Assyriologie.*
*Zap.*=*Zapiski.*
*ZATW*=*Zeitschrift für die alttestamentliche Wissenschaft.*
*ZDMG*=*Zeitschrift der Deutschen Morgenländischen Gesellschaft.*
*ZDPV*=*Zeitschrift des Deutschen Palästinavereins.*
*ZGErdk. Berl.*=*Zeitschrift der Gesellschaft für Erdkunde in Berlin.*
*ZK*=*Zeitschrift für Kolonialsprachen.*
*ZOEG*=*Zeitschrift f. Osteuropäische Geschichte.*
*ZS*=*Zeitschrift für Semitistik.*

marfat.com
Marfat.com

# علامات و رموز و إعراب

## ۱

## علامات

| | |
|---|---|
| * | مقاله، ترجمه از وآ، لائڈن |
| ⊗ | جدید مقاله، برائے اردو دائرۂ معارف اسلامیه |
| [ ] | اضافه، از ادارۂ اردو دائرۂ معارف اسلامیه |

## ۲

## رموز

ترجمه کرتے وقت انگریزی رموز کے مندرجۂ ذیل اردو متبادل اختیار کیے گئے :

| | | | |
|---|---|---|---|
| = f., ff., sq., sqq. | ببعد | = op. cit. | کتابِ مذکور |
| = s. v. | بذیل مادّه (یا کلمه) | = cf. | قب (قارب یا قابل) |
| = see ; s. | دیکھیے : (کسی کتاب کے حوالے کے لیے) | = B. C. | ق-م (قبل مسیح) |
| | | = d. | م (متوفّی) |
| = q. v. | رک به (رجوع کنید به) یا | = loc. cit. | محلِّ مذکور |
| | رک باں (رجوع کنید باں) : | = ibid. | وهی کتاب |
| | وآ کے کسی مقالے کے | = idem. | وهی مصنف |
| | حوالے کے لیے | = A. H. | ھ (سنه هجری) |
| = passim. | بمواضع کثیره | = A. D. | ء (سنه عیسوی) |

## ۳

## إعراب

(أ)

**Vowels**

| | |
|---|---|
| فتحه (ـَ) | a = |
| کسره (ـِ) | i = |
| ضمّه (ـُ) | u = |

(ب)

**Long Vowels**

| | |
|---|---|
| ا، آ | ā = (آج کل : āj kal) |
| ی | ī = (سِیم : Sīm) |
| و | ū = (هارون الرشید : Hārūn al-Rashīd) |
| اے | ai = (سیر : Sair) |

(ج)

ـَ = e کی آواز کو ظاهر کرتی هے (پِن : pen)

ـٗ = o کی آواز کو ظاهر کرتی هے (مُول : mole)

ـُ = ü کی آواز کو ظاهر کرتی هے (گُل : Gül)

وٗ = ö کی آواز کو ظاهر کرتی هے (کول: Köl)

ـ = ä کی آواز کو ظاهر کرتی هے (اَرجب : ärädjäb

رجب : rädjäb)

ـْ = علامت سکون یا جزم (بِسْمِل : bismil)

Marfat.com

۴

## متبادل حروف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | b | ص | ṣ | د، ڈ | d | گ | g |
| پ | p | ض | ḍ | ذ | dh | ل | l |
| ت | t | ط | ṭ | ر | r | م | m |
| ٹ | ṫ | ظ | ẓ | ڑ | ṛ | ن | n |
| ث | th | ع | ʿ | ز | z | و | w |
| ج | dj | غ | gh | ژ | ž, zh | ه | h |
| چ | č | ف | f | س | s | ء | ʾ |
| ح | ḥ | ق | ḳ | ش | sh, ch | ی | y |
| خ | kh | ک | k | | | | |

marfat.com
Marfat.com

* **خَمسه** : ترکی میں خِمسیہ ۔ یہ وہ تلفظ ہے جو مشرق عربوں اور ترکوں کے ہاں رائج ہے ۔ خمسه پانچ مثنویوں کے مجموعے کو کہا گیا ہے ۔ سب سے زیادہ مشہور خمسۂ نظامی ہے جسے "پنج گنج" بھی کہتے ہیں یعنی، مخزن الاسرار (۵۵۹/۱۱۶۴ء) خسرو وشیرین (۵۷۶/۱۱۸۰ء)، "لیلٰی و مجنون" (۵۸۴/ ۱۱۸۸ء) هفت پیکر (۵۹۳/۱۱۹۷ء) سکندر نامه (۵۹۷/۱۲۰۱ء) ۔ امیر خسرو دهلوی کا خمسه یعنی مطلع الانوار (۶۹۸/۱۲۹۹ء)، شیرین و خسرو، مجنون و لیلٰی (اسی سال)، آئینۂ سکندری (۶۹۹/۱۳۰۰ء) هشت بهشت (۷۰۱/۱۳۰۲ء)۔ خواجو کرمانی کا خمسه یعنی روضة الانوار (۷۴۴/۱۳۴۳ء میں مکمل هوا) همای همایون، کمال نامه، گل و نوروز، جواهر نامه۔ کاتبی کا خمسه جو مکمل نه هوسکا۔ همارے پاس اس میں سے گلشن ابرار اور لیلٰی و مجنون تقریباً ۸۳۸/۱۴۳۴ء کے هیں۔ جامی کا خمسه "هفت اورنگ" یعنی تحفة الاحرار (۸۸۶/۱۴۸۱ء) سبحة الابرار، یوسف و زلیخا (۸۸۸/ ۱۴۸۳ء)، لیلٰی و مجنون (۸۸۹/۱۴۸۴ء)، خرد نامۂ سکندری۔ هاتفی کا خمسه غالباً مکمل نه هوسکا۔ اس میں لیلٰی و مجنون، هفت منظر، شیرین و خسرو، تیمور نامه (۹۱۷ھ/۱۵۱۰ء [به تصحیح ۱۵۱۱ء] اور ۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء کے درمیان) شامل هیں ۔ فیضی کا خمسه مرکز ادوار، سلیمان و بلقیس، نل دمن، هفت کشور، اکبر نامه (۱۰۰۳ھ/۱۵۹۵ء) نامکمل۔ حسن بن سید فتح اللہ کا خمسه محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اور خلفاے راشدین کی شان میں ہے (۱۰۳۸ھ/۱۶۲۸ء تا ۱۰۳۹ھ/۱۶۳۰ء)۔ ملّا طغرائی مشهدی کا خمسۂ ناقصه گولکنڈہ دربار کے پانچ اشخاص کی هجو میں ہے ۔ مصنف کا انتقال اورنگ زیب کے عهد میں (تقریباً ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء میں) هوا۔

ترکی شاعری میں بھی اس نوعیت کے خمسے موجود هیں مثلاً حمداللہ چلپی المعروف به حمدی بن شیخ آق شمس الدین م ۹۱۴ھ/۱۵۰۹ء کا خمسه : یوسف و زلیخا، لیلٰی و مجنون، مَوَلد نبیؐ، تحفة العشاق، محمدیّه ۔ فضولی بغدادی (م ۹۶۳ھ/۱۵۵۶ء) کا خمسه (جس کا لطیفی اور قنالی زاده نے غالباً غلطی سے ذکر کیا ہے)۔ البانیه کے یحیٰی دقاگین Dukagin کے بے (م ۹۸۳ھ/۱۵۷۶ء) کا خمسه : شاه و گدا، یوسف و زلیخا، کتاب اصول، گنجینۂ راز، گلشن انوار۔ قلقندلین Kalkandilen کے معیدی، هم عصر باقی کا خمسه۔ بهشتی (م ۹۷۹ھ/۱۵۷۲ء) کا خمسه : وامق و عذرا، یوسف و زلیخا، حسن و نگار، سهیل و نوبهار، لیلٰی و مجنون ؛ سنان بن سلیمان الملقب به اطائی ولد نوائی (م ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴ء) کا خمسه : (دراصل اس میں صرف چار مثنویاں شامل هیں اور پانچواں شاعر کا دیوان ہے) صحبة الابکار، هفت خوان، نفحة الازهار، ساقی نامه ۔ ریونی باشندۂ ادرنه (م ۹۳۰ھ/۱۵۲۴ء) کا "خمسۂ رومی" جس کا ذکر سیھی نے بھی کیا ہے، غالباً کہیں وجود میں نہیں آیا۔ نرگسی کا خمسه نثر میں ہے۔

میر علی شیر نوائی نے بھی اس عنوان کے تحت پانچ مثنویوں کا ایک مجموعه مشرق ترکی میں مرتب کیا تھا (۱) *Catalogue Quaritch*، جنوری ۱۹۱۶ء، ص ۲۳؛ (۲) E. Blochet : *J.A*، ۱۹۱۶ء، سلسله ۱۱، ج ۸، ص ۴۰۰) ۔ جامی کی سوانح حیات کو جو پانچ حصوں میں ہے (برلن : *J.A* ۱۸۶۱ء سلسله ۵ ج ۱۷ ص ۳۰۳) خمسة المتحیّرین کا نام دیا گیا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) Ch. Rieu : *Cataloque of Persian Mss. Brit. Mus.*، ص ۵۰۴، ۶۱۱، ۶۱۵، ۶۲۰، ۶۳۷، ۶۴۵، ۶۵۲، ۶۶۱، ۶۸۰؛ (۲) E.J.W. Gibb : *Ottoman Poetry*، ۱ : ۱۴۵؛ ۲ : ۸۰.

(Cl. Huart).

* **خَمسه** : (ولایات خمسه، پانچ شہروں پر مشتمل) ۔ ایران میں ایک صوبے کا نام، جس کا صدر مقام زنجان ہے ؛ اس میں سلطانیه بھی شامل ہے۔ انتظامی

Marfat.com

اعتبار سے یہ ایک مختصر حصۂ ملک تھا اور حال ہی میں عراق عجم کا ایک جداگانہ ضلع بن گیا ہے۔ یہ آذربائیجان اور قزوین کے صوبوں کے بیچ میں واقع ہے اس کی آبادی ۱۱٫۴۸۰ ہے۔ بجٹ میں اس سے متعلق حسب ذیل اعداد و شمار دیے گئے ہیں۔ نقد مالگذاری ۸۱۹٫۸۸۰ قران۔ اناج کی شکل میں ۱۰٫۵۴۰ خروار (=۶۴۹ پاونڈ) بھوسے کی شکل میں ۹٫۰۰۰ خروار۔ جنس میں ادائیگیوں کی مالیت ۹۷۸٫۶۳۸ قران۔ مقامی اخراجات جن میں ٹیکس کی معافیاں شامل ہیں، ۱۹٫۱۲۹ قران۔ وہ پانچ شہر جن کی وجہ سے اس ضلع کا نام خمسه ہوا، یہ ہیں: ابہر، قِرْم، غیلب، ارمن خانه، اور زر زین آباد۔ اس ضلع میں افشار کا خانه بدوش قبیله آباد ہے۔

مآخذ: (۱) [E. Dupre] : *Voyage en perse*، ۲: ۲۱۳ تا ۲۱۴؛ (۲) Jaubert : *Voyage en Arménie*، ص ۱۹۷؛ (۳) G. Curzon : *Persia*، ۱: ۳۷۲، ۳۸۰۔

(CL. HUART).

* خُمَیر: (خُمِر)، شمالی تونس کے باشندے۔ خمیریه کی حدود یہ ہیں: شمالی سمت میں بحیرۂ روم، مغرب میں الجزائر کی سرحد، جنوب کی طرف دریاے غزاله جو دریاے مجرده کا ایک معاون ہے اور مشرق کی جانب نفزه اور چیاهیا کا علاقه۔ اس خطے کا رقبه تقریبًا ۳۵۰ مربع میل ہے۔ اس کی سطح بہت ناہموار ہے اور تمام علاقے میں پہاڑوں کا ایک سلسله ہے جو الجزائر تک پھیلا ہوا ہے۔ اوسط بلندی بمشکل تین ہزار فٹ سے زائد ہوگی لیکن ان پہاڑوں نے جن کو جگه جگه گہرے کھڈ اور ڈھلوان وادیاں کاٹتی ہیں؛ اس علاقے کا منظر بہت ناہموار بنا دیا ہے۔ وہاں کے باشندے خمیریه کو ہی سب سے اہم پہاڑ (جبل الجبلیه) تصور کرتے ہیں؛ ریتلے پتھر کی تہیں جو تقریبًا ہر جگه زیر زمین واقع ہیں، درختوں اور جھاڑیوں کی پیداوار کے لیے مفید ہیں چنانچه کورک اوک اور زین اوک (شاه بلوط کی دو قسموں) کے جنگل ایک لاکھ مربع ہیکٹر میں پھیلے ہوے ہیں۔ اس علاقے میں سال میں ۶۶ انچ تک بارش ہو جاتی ہے؛ پانی ریتلے پتھروں میں سے رستا ہوا جب غیر جاذب سخت پتھر (marl) کی ته تک پہنچتا ہے تو دوباره سطح زمین کے اوپر چشموں کی شکل میں به نکلتا ہے اور وادی مجرده اور خاص طور پر بحیرۂ روم کی طرف چلا جاتا ہے۔ طبرقه کے دریا کے کنارے کے میدانوں کے علاوه اور جگه زراعت مشکل ہی سے ہوتی ہے۔ علاوه ازیں ریتلے ٹیلوں کا ایک سلسله ہر جگه ساحل اور جنگل کے بیچ میں پھیلا ہوا ہے جو اندرونی علاقے سے آنے والے پانی کا ایک حصه روک لیتا ہے۔ جست، لوہے اور سیسے کی کانیں مختلف مقامات پر پائی جاتی ہیں۔

خمیریه کی آبادی تقریبًا چھے ہزار پانچ سو افراد پر مشتمل ہے، اصلی باشندے جو خُمِر یا خُمیر کہلاتے ہیں، چار قبیلوں میں منقسم ہیں: طبرقه، اتفته، تارمکه اور سلول کے خُمِر۔ مویشی یعنی بیل، بھیڑیں اور بکریاں پالنا ان کا ذریعۂ معاش ہے۔ صرف وہ لوگ جو طبرقه کے گرد و نواح میں رہتے ہیں، زراعت پیشه ہیں۔ عورتیں موٹا جھوٹا کپڑا بُنتی اور مٹی کے برتن بناتی ہیں، وہاں کے باشندوں کی ایک معتدبه تعداد کو حکومت نے کورک اوک (شاه بلوط کی ایک قسم) کے جنگلوں میں کام پر لگا رکھا ہے۔ خُمِر لوگ کم و بیش بستیوں میں آباد ہیں اور شاخوں سے بنی ہوئی جھونپڑیوں میں رہتے ہیں جنھیں "جوربی" کہتے ہیں اور جو عام طور پر پہاڑوں کی ڈھلانوں یا کسی دریا کے قرب میں بنائی جاتی ہیں۔ ان میں سے بعض ابھی تک خیموں میں رہتے ہیں، طبرقه کے قریب زوآوه کی بھی ایک مختصر سی نوآبادی ہے، یه لوگ ضلع بوجی (Bougie) کے قبائل کی اولاد سے ہیں اور انھیں سترھویں صدی عیسوی میں بے حموده نے یہاں آباد کیا تھا۔ وہ ترکاریوں اور پھلوں کی کاشت کرتے ہیں، پتھروں کے بنے ہوے

marfat.com
Marfat.com

مکانوں میں رہتے ہیں اور دوسرے باشندوں کی نسبت زیادہ آرام و آسائش کی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ یورپی لوگ، جو تعداد میں بہت کم ہیں، عین دِرْهم [رک بآن] اور طبرقه کے مرکزی مقامات میں بسے ہوئے ہیں۔

خُمیر کو صنہاجه قبیلے کے لوگوں کی اولاد سمجھا جا سکتا ہے جو اسلامی فتح کے وقت تونس اور صوبۂ قسنطین (Constantine) کے شمالی ساحل پر آباد تھے ۔ یه قدیم نسل دوسرے بربر عناصر سے مخلوط ہوگئی ہے جو ہلالی حملے کے بعد وسط ملک سے شمال کی طرف دھکیل دیے گئے اور آخرکار ان میں عربی خون کی بھی آمیزش ہو گئی ۔ بربر نسل سے ہونے کے باوجود خمر بہت عرصے سے عربی طور طریقے اختیار کر چکے ہیں، انھوں نے بربر زبان کا استعمال ترک کر دیا ہے؛ اس کے کچھ آثار البته ان کی عام بولی میں باقی رہ گئے ہیں انھوں نے اپنا نسب بھی عربی بنا لیا ہے، چنانچه وہ اپنا مورث خمر بن عمر نامی ایک شخص کو بتاتے ہیں جو عربی النسل تھا اور کہا جاتا ہے اس کی اولاد میں سے ایک شخص عبداللہ بن جمال نے عین دِرْهم کے قریب بود و باش اختیار کر لی تھی ۔ ایک اور روایت یه ہے که اس مورث اعلٰی نے اپنے آپ کو خمر یا قیر قبیلے کے لوگوں کے ساتھ وابسته کر لیا جو اسلامی فتح کے وقت عراق سے مغرب اقصٰی میں آ گئے تھے جہاں سے کچھ صدیوں کے بعد عبداللہ ہجرت کرکے تونس آ گیا ۔ کہا جاتا ہے که خمر کے مختلف قبیلے سید عبداللہ کی اولاد سے ہیں جس کا "مربوط" (خانقاہ) اس زمانے میں بھی اس علاقے کا مذہبی مرکز ہے، سال میں دو مرتبه یعنی موسم بہار اور موسم خزاں میں وہاں ایک "زردہ" (عرس) منایا جاتا ہے جس میں بہت لوگ شرکت کرتے ہیں ۔ یه بھی کہا جاتا ہے که خُمیر شبیه وفاق کے ماتحت بہت عرصے تک ریجنسی (Regency) کے جنوبی حصے میں آباد رہے اور سترھویں صدی عیسوی میں اس وفاق کے ٹوٹ جانے کے بعد وہ پناہ لینے کے لیے بھاگ کر شمالی پہاڑوں میں چلے گئے۔

جنگلوں اور پہاڑوں کی پناہ میں خُمیر کو انیسویں صدی عیسوی کے آخر تک تقریبًا مکمل آزادی حاصل رہی، ان کا سیاسی نظام بہت ابتدائی قسم کا تھا، ان کے یہاں قاضی نہیں ہوتے تھے، باہمی جھگڑے پنچایت (جماعت) کے سامنے پیش ہوتے تھے ۔ قبائل اکثر ایک دوسرے سے برسر پیکار رہتے، تاہم کبھی کبھی متحد بھی ہو جاتے تھے تا که وادی مجردہ کے لوگوں کا مقابله یا تونس کے بے (بای) حکمرانوں کے حملوں کی مدافعت کر سکیں، مؤخرالذکر جن کی سیادت کو خُمیر برای نام تسلیم کرتے تھے، کبھی انھیں ٹیکس دینے پر مجبور نه کر سکے ۔ تونس کے سپاہی اور سرکاری عمال طبرقه میں مقیم رہتے تھے، انھیں اندرون ملک جانے کی اجازت نه تھی ۔ زواوہ جنھیں بے حمودہ نے پہاڑی باشندوں کی لوٹ مار کو روکنے کے لیے ساحلی علاقے میں آباد کیا تھا، اطمینان سے اپنی مقررہ تنخواہ وصول کر لیتے تھے لیکن اپنے خطرناک ہمسایوں (خمر) سے جنگ کرنے سے گریز کرتے تھے ۔ دوسری طرف خمر زیادہ تر تونس کے یا سرحد کے الجزائری قبائل کو لوٹ کھسوٹ کرکے گزر اوقات کرتے تھے۔ تونس کے بے حکمران اس تاخت و تاراج کا سدباب نہیں کر سکتے تھے ۔ محمد الصادق کے زمانۂ حکومت میں اس قسم کی لوٹ مار بہت بڑھ گئی، اس لیے فرانسیسی حکومت نے مجرموں کو خود سزا دینے کا فیصله کیا ۔ تونس کی مہم کی (جس کا مقصد ایک فرانسیسی زیر حمایت علاقه Protectorate قائم کرنا تھا) ابتدا اسی طرح ہوئی ۔ خمر کے خلاف جنگی کارروائیوں میں زیادہ دیر نہیں لگی، اپریل ۱۸۸۱ء کے آخر میں الجزائر سے ایک فوجی دسته جنرل دلی بیک (Delebcaque) کی قیادت میں مغربی سمت سے خُمَیریه میں داخل ہوگیا اور فوج کا ایک حصه طبرقه میں جہازوں سے اترا ۔ آٹھ مئی کو فوجی دستے

Marfat.com

نے سیدی عبداللہ بن جمال کے "مربوط" پر قبضہ کر لیا اور ۱۳ مئی کو عین دِزھم پر ۔ اس مہینے کے خاتمے تک خمر کی فتح مکمل ہو گئی اور عین دِزھم میں ایک فوجی چوکی بن جانے سے اس علاقے میں بالآخر امن و امان کی بحالی کا تیقن ہو گیا ۔ اس وقت سے لے کر اب تک مکمل حکومت کے امن و امان میں کوئی خلل نہیں پڑا اور آج کل خُمَریہ تونس کا ایک ایسا صوبہ ہے جہاں چوری اور قتل و غارت کی واردات سب سے کم ہوتی ہیں ۔

**مآخذ :** (۱) Pelissier : *Descr. de la Régence de Tunis*، پیرس ۱۸۵۳ء، باب ۳ ; (۲) Moulin : *Notice sur le pays des Krvumirs. Bull. Soc. de géogr de paris*، ۱۸۶۹ء ; (۳) Play-fair : *Voyage au pays des Komaïr, Revue africaine*، ۱۸۷۷ء ; (۴) E. Desfossés : *Etudes sur la Tunisie, Revue de Geogr.*، ۱۸۷۹ء ; (۵) Quérard et Boutineau : *La Kroumirie et sa colonisation*، پیرس ; (۶) de la Berge : *En Tunisie. Récit de l' expédition française*، پیرس ۱۸۸۱ء ; (۷) A. Cherbonneau : *Détails ethnogr. sur les Kroumir et les Ouchetas, Revue de Géogr.*، ۱۸۸۱ء ; (۸) Madame de Voisins : *Un Français chez les Kroumirs, Revue politique et littéraire*، ۱۸۸۱ء ; (۹) Violard : *La Tunisie du Nord-Tunis*، ۱۹۰۶ء ۔

(G. YZEY).

* **الخَمِیہ :** (Aljamía)، (ہسپانوی)، عربی لفظ العَجَمِیّہ (=غیر عربی) کی ہسپانوی صورت ۔ اس اصطلاحی لفظ کا اطلاق جزیرہ نماے آئبیریا (Iberian Peninsula) کے اندلسی مسلمان اپنے شمالی ہمسایوں کی مختلف لاطینی نژاد (Romance) بولیوں پر کرتے تھے ۔ ان بولیوں پر جلد ھی عربیت کا رنگ چڑھ گیا ۔ اس عربی عنصر کی سرایت کا موجب بالعموم وہ مستعرب (Mozarab) مہاجر تھے جو نویں صدی عیسوی سے قرطبہ کے ہمسایہ عیسائی ملکوں میں آباد ہو چکے تھے ۔ ایک لاطینی نژاد زبان، جس کا رواج اندلسی آبادی کے تمام طبقوں میں عموماً اور دیہاتی طبقے میں خصوصاً ثابت ہے، اندلسی عربی کے ساتھ ساتھ جاری تھا، اسے بھی العَجَمِیَّہ کہتے تھے ۔ قرون وسطٰی کے اواخر میں کہیں اس اصطلاح کی ہسپانوی صورت الخمیہ (Aljamía) کا استعمال ان خاص معنوں میں ہونے لگا جو آج کل اسے حاصل ہیں، یعنی ہسپانوی لاطینی نژاد زبان پرتگیزی ۔ جِلیقی (Galician)، قشتالی (Castilian)، اَرغُونی (Aragonese) قیطلونی (Catalan) یہ علٰحدہ علٰحدہ نام باعتبار علاقہ اس زبان کو دیے گئے)، یہ لاطینی رسم الخط میں نہیں بلکہ عربی رسم الخط میں تحریر کی جاتی تھی جو ادب الخمیہ میں موجود و محفوظ ہے؛ وہ اسی زبان کی نسبت سے الخمیادہ (Aljamiada) کہلاتا ہے ۔

الخمیادہ ادب، جو چند مخطوطوں میں موجود ہے، خود ہسپانیہ میں بہت سے محققین کا موضوع مطالعہ بنا رہا ہے ۔ انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں اس پر خصوصیت سے توجہ دی گئی ۔ اس میں منظوم کلام کے علاوہ عموماً مذہبی و قانونی تصانیف شامل ہیں، جو اکثر نصیحت آمیز پیرائے میں تحریر کی گئی ہیں؛ ان کے علاوہ نثر میں چند افسانے بھی ہیں ۔ اس ادب پر غور کرتے وقت یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ذیل کی دو قسم کی تصانیف میں تمیز کی جائے، پہلی قسم میں وہ تصنیفات شامل ہیں جو خاص اندلس میں تخلیق ہوئیں اور اس وقت سے پہلے کی ہیں جب شاہ فلپ ثالث نے ۱۶۰۹ء میں موروں کو اسپین سے خارج کر دیا تھا ۔ دوسری قسم کی تصنیفات، جو تعداد میں زیادہ ہیں، خصوصیت سے ان موری جماعتوں کا نتیجۂ فکر ہیں جو سپین سے اخراج کے بعد تونس میں آباد ہو گئی تھیں ۔ (دیکھیے مورسکو) پہلی قسم میں سب سے اہم تصنیف، جو چودھویں صدی عیسوی سے پہلے کی معلوم ہوتی ہے،

Marfat.com

ایک گم نام شاعر کی نظم بعنوان "نغمۂ یوسف" (Poem of Yūsuf) ہے ۔ R. Menêndez Pidal جس نے اس نظم کی تحقیق و تنقیح کی ہے اور شرح بھی لکھی ہے (*Poema de Yuçuf materiales para su estudio*، در *Revista de Archivos, Bibliotecas y Museos,* جلد ۸، میڈرڈ ۱۹۰۲ء، طبع جدید، غرناطه Granada ۱۹۵۲ء)، بیان کرتا ہے کہ یہ کسی ارغُونی مورسکو کی تصنیف ہے۔ یہ نظم قرآن مجید کی بارھویں سورت (سورۂ یوسف) کا منظوم ھسپانوی ترجمه ہے ۔ اس میں "قصص الانبیاء" کی کتابوں سے اخذ کردہ مواد شامل کیا گیا ہے۔ دوسرے گروہ میں بھی ایک اَرغُونی مورسکوِ محمد ربضان متوطن (قلعۂ) روطۂ شلون (Rueda de Jalon) کی نظمیں قابل ذکر ہیں ۔ یہ ۱۶۰۳ء کے قریب لکھی گئیں ۔ ان میں ابوالحسن البصری کی روایت سے سیرۃ رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کے واقعات کے متعلق چند بند لکھے گئے ہیں۔ اسی زمانے کے قریب (سترھویں صدی عیسوی کے آغاز میں) Puey Monzon کے ایک مورسکو نے، جو الحاج (Alhichante) کہلاتا تھا، منظوم سفرنامه لکھا ۔ ایک اور نظم بھی قابل ذکر ہے، جو رد نصارٰی میں ہے اور مناظرانه انداز میں کہی گئی ہے، جسے ایک مورسکو یوآن پیریز Juan Pérez نے ۱۶۲۷ء میں تصنیف کیا، یه شخص قلعة النهر (الکلادی ھیناریس Alcalá de Henares) کا باشندہ تھا لیکن ھجرت کرکے تونس میں جا بسا تھا، اس کا اصلی نام ابراھیم تائبلی Taybili تھا ۔

اسی دور میں الخَمِیَه میں لکھی ہوئی مدافعانه طرز کی کتابیں بھی ہیں جن میں مذھب اسلام کے معترضین کو جواب دیے گئے ہیں؛ مثلاً وہ کتاب جو ۱۶۱۵ء میں عبدالکریم بن علی پیریز (Pérez) نے تصنیف کی ۔ اسی ادب میں افسانوی نثر کے رسالے بھی شامل ہیں، جو نبی اکرم صلی اللہ علیه وسلّم یا آپؐ کے کسی صحابی (مثلاً تمیم الداری) کے متعلق ہیں، بعض اور رسائل میں بائبل کے قصے بیان ہوئے ہیں یا کم و بیش افسانوی نوعیت کے اشخاص کے سوانح حیات دیے ہیں (خصوصاً سکندر ذوالقرنین کے).

آخر میں ان نجی خطوط کی دریافت کی طرف بھی توجه مبذول کرانی ضروری معلوم ہوتی ہے جو "الخَمِیَه" میں لکھے گئے تھے ۔ ان کی خصوصی صفات کی سب سے زیادہ حامل وہ تحریر ہے جو بقیاس غالب کیتھولک بادشاھوں کے غرناطه کو (۱۴۹۲ء میں) فتح کرنے سے پہلے ھی لکھی گئی ہوگی، اس کا عکس حال ھی میں I. de Las Cagigas نے شائع کیا ہے (بعنوان *Una Carta aljamida granadina*، در *Arabica* ۱۹۵۴ء، ص ۲۷۱ تا ۲۷۵).

**مآخذ**: (الف) مخطوطات: منتشر مخطوطات پیرس، الجزائر، Aix-en-Provence، Uppsala، موزۂ بریطانیه، کیمبرج اور اسکوریال Escorial وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔ طلیطله (Toledo) میں جو چند نسخے ہیں، ان کے لیے دیکھیے A. González Palencia: *Noticia y Extractos de Mss árabes y aljamiados de Estudios y Textos Árabes*، در *Miscelanea* میڈرڈ ۱۹۱۵ء؛ تین بڑے مجموعے حسب ذیل ہیں: (۱) Biblioteca Nacional کا مجموعه، میڈرڈ (دیکھیے F. Guillén Robles: *Catálogo de Mss arabes* میڈرڈ ۱۸۸۹ء)؛ (۲) the "manuscritos de la Junta" جو اس وقت Escuela de Estudios Arabes، میڈرڈ میں ہے ۔ یه خاص دلچسپی کا حامل ہے کیونکه اس میں مخطوطات کا وہ بھاری ذخیرہ جوں کا توں محفوظ ہے، جو ۱۸۸۴ء میں بمقام الموناسد Almonacid [= سُرِتّه] پایا گیا (دیکھیے J. Ribera اور Mr. Asin: *Manuscritos árabes y aljamiados de la Biblioteca de la Junta*، میڈرڈ ۱۹۱۲ء، جس میں سرقسطه (Saragossa) کے مخطوطات کا حال بھی شامل ہے؛ (۳) مجموعۂ Gayangos، جو Real Academia de la Historia، میڈرڈ میں محفوظ ہے، اس کا حال صرف E. Saavedra: *Indice de la Literatura Aljamiada*

Marfat.com

میں بیان ہوا ہے، *Memorias de la Real Academia Española*، ٦: میڈرڈ ١٨٧٨ء میں اس کی *Discurso* تکملے کے طور پر درج ہے۔ یہ اس سلسلے کی ابھی تک ایک اساسی تصنیف ہے، تاہم یہ الموناسد Almonicid کے مخطوطات کی دریافت سے پہلے کی تصنیف ہے۔ (ب) متون کی ہجاء کے لیے دیکھیے G. D. M. Ford : *Old Spanish Sibilants*، بوسٹن ١٩٠٠ء۔ (ج) الخمیه میں شائع شدہ تصانیف: (١) P. Gil، J. Ribera اور M.M. Sánchez : *Colección de textos aljamiados*، سرقسطه Saragossa ١٨٨٨ء؛ (٢) H. Morf : *Poema de José*، در *Gratulationsschrift der Universität Bern an die Universität Zürich*، لائپزگ ١٨٨٣ء؛ (٣) K.V. Zetterstéen، در *MO*، ١٩٢١ء، ص ١ تا ١٤٣؛ (٤) R. Menéndez Pidal اور I. de las Cagigas، دیکھیے سطور بالا. (د) صحیح متبادل حروف میں: (١) J. Cantineau، در *JA*، ١٩٢٧ء، ص ٩ تا ١٧؛ (٢) J.N. Lincoln، در *American Geographical Riview*، ١٩٣٩ء، ص ٤٨٣ ببعد؛ (٣) وہی مصنف در *Publ. Mod. Lang. Assoc.*، ١٩٣٧ء، ص ٦٣١ ببعد؛ (٤) A. R. Nykl : *A Compendium of Aljamiado Literature*، در *Revue Hispanique*، شمارہ ٧٧؛ (٥) M.J. Müller، در *SBBayr. Ak.*، ١٨٦٠ء، ص ٢٠١ ببعد؛ (٦) M. Schmitz، در *Romanische Forschungen*، ١٩٠١ء، ص ٣١٥ ببعد؛ (٧) D. Lopes : *Textos em aljamía portuguesa*، لزبن ١٨٩٧ء۔ (ه) آزادانه متبادل حروف میں: (١) F. Gullén Robles : *Leyendas Moriscas*، ٣ جلدیں، میڈرڈ ١٨٨٥ - ١٨٨٦ء؛ (٢) وہی مصنف: *Leyendas de José y de Alejandro Magno*، سرقسطه ١٨٨٨ء؛ (٣) *Historia de los amores de Paris y Viana*، در *Revista Historica*، شمارہ ٢٢، بارسلونا ١٨٧٦ء؛ (٤) M. de Pano y Ruate : *Las Coplas del Pernegrino de Puey Monçon*، سرقسطه ١٨٩٧ء؛ (٥) P. Longás : *Vida Religiosa de los Moriscos*، میڈرڈ ١٩١٥ء؛ (٦) J. Sánchez Pérez : *Partición de Herencias entre los Musulmanes del Rito Malequí*، میڈرڈ ١٩١٤ء. (و) تصانیف بحروف لاطینی: (١) عیسیٰ بن جابر : *Suma de los principales mandamientos*، طبع P. de Gayangos، در *Memorial Histórico Español*، ج ٥، میڈرڈ ١٨٥٣ء؛ (٢) H. E. J. Stanley : *The Poetry of Mohammad Rabadan*، در *JRAS*، ١٨٦٧ تا ١٨٧٢ء. (ز) مطالعات: (١) J. Ribera : *Disertaciones y opusculos*، جلد ١، میڈرڈ ١٩٢٨ء، ص ٣٤٣ ببعد؛ (٢) P. Gil، در *Homenaje Codera*، سرقسطه ١٩٠٤ء، ص ٥٣٧ تا ٥٤٩؛ (٣) R. Basset، در *GSAI*، ١٨٩٣ء، ص ٣ تا ٨١؛ (٤) J. Oliver Asin : *Un morisco de Túnez, admirador de Lope*، در *And.*، ١٩٣٣ء، ص ٤١٣ تا ٤١٨؛ (٥) J. Morgan : *Mahometism fully explained*، لنڈن ١٧٢٣ تا ١٧٢٥ء؛ (٦) A. González Palencia : *Hist. de la literatura arábigo-española*، بار دوم، بارسلونا ١٩٤٥ء، ص ٣٠٣ تا ٣٠٩۔

(L.P. HARVEY و E. LEVI-PROVENÇAL).

**خَنْدَق** : زمین کا وہ حصه جو کسی شہر یا پڑاؤ کے ارد گرد حفاظت کی غرض سے کھودا جائے۔ یه بعض شہروں کا نام بھی ہے (دیکھیے یاقوت : معجم البلدان اور البلاذری: فتوح البلدان کے اشاریے)۔ یه ایک معرّب لفظ ہے جس کی اصل ہندی آریائی سمجھی جاتی ہے (دیکھیے ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کا جرمن مقاله قدیم عربی میں فارسی دخیل الفاظ)، شاید اردو لفظ کھنڈا اور فارسی لفظ کنده کا تعلق اسی سے ہے۔ چھٹی صدی عیسوی کی سریانی تصنیف "کتاب الحمیرین" (طبع موبرگ، صفحه ٣٠) میں بھی یه لفظ آیا ہے۔

تاریخ اسلام میں سب سے مشہور واقعه جو غزوۂ خندق کے نام سے مشہور ہے، شوال [بقول البلاذری ذوالقعده (انساب الاشراف، ١: ٣٤٣)] ٥ھ کا محاصرۂ

marfat.com
Marfat.com

مدینہ ہے جس میں مدافعت کے لیے مسلمانوں نے خندق کھودی تھی ۔ نیز قریش، یہودِ خیبر اور بہت سے گروہ اس میں جتھا بندی کرکے آئے تھے، اس لیے ان کے قرآنی نام "احزاب" سے بھی یہ معرکہ منسوب ہے ۔ ۳ھ کی جنگ احد کے بعد قریش یہ دعوٰی کر گئے تھے کہ شوال ۴ھ میں پھر لڑنے آئیں گے، مگر نہیں آئے اور یہ زمانہ امن سے گزر گیا، لیکن اس اثنا میں بنو النضیر مدینے سے نکالے گئے تو وہ خیبر میں جا بسے اور قریش کو مدینے پر پھر سے حملہ کرنے پر اکسایا اور اپنی طرف سے مدد کا بھی یقین دلایا ۔ ۴ھ کے اختتام پر ماہ نسی (لوند) کا اضافہ ہوا تھا اس لیے ۵ھ کا شوال ایک ماہ دیر سے آیا ۔ احد کے شوال میں کھیتیاں کھڑی تھیں تو خندق کے شوال میں فصلوں کو کٹے ہوئے عرصہ ہو چکا تھا (الواقدی: مغازی) ۔ الواقدی ہی نے صراحت کی ہے کہ یہودیوں نے خیبر کی کھجوروں کی سال بھر کی فصل قبیلۂ غطفان کو دے کر اس پر آمادہ کیا تھا کہ قریش کے محاصرۂ مدینہ کے وقت یہ بھی اسلام کے خلاف جنگ میں شریک ہوں ۔ عرب کے اقصاے شمال (دومۃ الجندل) میں مدینے کو رسد لانے والے کاروانوں سے چھیڑ چھاڑ (المسعودی: التنبیہ والاشراف، ص ۲۴۸) بھی بداھۃً انھیں کی ریشہ دوانیوں کا نتیجہ تھی ۔ منشا یہ بھی تھا کہ آنحضرتؐ اس دور دراز علاقے کی طرف جائیں تو غطفان اور قریش دونوں مل کر مدینے کو لوٹ لیں اور پھر آنحضرتؐ کو اپنے مرکز سے دور گھیر لیں ۔ آنحضرتؐ واقعی دُومۃ الجندل روانہ ہوے مگر (ابن ہشام، ۶۶۸) خلاف معمول آدھے راستے ہی سے مدینے لوٹ آئے ۔ ممکن ہے دوران سفر میں آپ کو دیار غطفان میں دشمن کی تیاریوں کا پتا چل گیا ہو ۔ ایک روایت یہ بھی ملتی ہے کہ قبیلۂ خُزاعہ نے قریش کی تیاریوں کی اطلاع کے لیے ایسے تیز رفتار قاصد دوڑائے کہ وہ بارہ دن کے بجاے صرف چار دن میں مدینے پہنچ گئے، مگر آنحضرتؐ دُومہ کی طرف روانہ ہو چکے تھے ۔ غالبًا نائب مدینہ نے فوراً ہی یہ اطلاع آپ کو راستے میں بھجوا دی ہوگی ۔ معرکۂ خندق سے پہلے ابو سفیان نے آنحضرتؐ سے جو خط و کتابت کی (الواقدی و المقریزی)، اگر ان کا متن اصلی ہے تو اس کا بھی امکان ہے کہ خود قریش نے اشارۃً اپنے حملے سے خبردار کر دیا تھا ۔

دُومہ کے راستے سے مدینے آتے ہی آنحضرتؐ نے چند انصار و مہاجرین کے ساتھ گھوڑوں پر سوار ہو کر شہر کے مضافات کا چکر لگایا (الواقدی) اور خندق کھودنے اور پڑاؤ ڈالنے کی جگہ متعین کی ۔ السَّمہودی نے بحوالۂ ابن اسحٰق لکھا ہے کہ عہد نبویؐ میں مدینے کی ایک سمت کھلی تھی باقی تین اطراف میں مکان اور نخلستان تھے جن میں سے دشمن گزر نہ سکتا تھا ۔ ادھر کے تنگ راستوں میں چھوٹی سی جمعیت بھی دشمن کی بڑی سے بڑی قطاروں کو تیر اندازی سے بہ آسانی روک سکتی تھی ۔

عام روایت ہے کہ خندق کھودنے کا مشورہ حضرت سلمان فارسی نے دیا تھا ۔ معرکۂ خندق کے دوران میں ابو سفیان نے مکرر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو خط و کتابت کی (بحوالۂ الواقدی و المقریزی) اس میں طعنہ دیا کہ میدان میں آنے کے بجاے چھپ کر بیٹھ گئے اور حیرت ظاہر کی کہ خندقیں کھودنے کا نیا داؤ آپ کو کس نے سکھایا؟ آنحضرتؐ نے جواب میں فرمایا کہ "خدا نے مجھے اس کا الہام کیا" ۔

رمضان میں مہم دُومہ سے واپسی پر آنحضرتؐ کو مشکل سے چند ہفتے ملے اور خندق کی کھدائی سے فارغ ہوے ہی تھے کہ دشمن کے احزاب آ پہنچے ۔ آنحضرتؐ نے حسب معمول عورتوں اور بچوں کو آطام (گڑھیوں) میں بھجوا دیا ۔ کچھ دستے، ممکن ہے، جنوبی اور مشرقی گزرگاھوں پر مأمور کیے گئے ہوں ۔ باقی پوری جمعیت جبل سَلع اور اس کے دامن میں خیمہ زن ہو کر شہر کی مدافعت کرنے لگی ۔ دشمن کی جنوبی ٹولیاں (قریش، احابیش اور کِنانہ) بئر رُومہ پر (مدینے


Marfat.com

کے شمال مغرب میں وادی العقیق میں) مقیم ہوئیں اور شمالی ٹولیاں (غَطَفان، فزارہ اور بنو اسد) اس سے کسی قدر مشرق میں وادی النعمان کے پاس ذنب نَقَمی (نام مقام جو اب نامعروف ہے) سے جبل احد تک پھیل گئیں۔ یہود خیبر جو اصل بانی فساد تھے، اپنی غیر موجودگی کے باعث نمایاں تھے ۔ صرف اِکا دکا نظر آتے تھے، لیکن وہ بھی قریظہ کے یہودیوں کو، جو ابھی مدینے ھی میں تھے، اکساتے اور اندرون شہر سے وار کرنے پر آمادہ کرتے رہے، لیکن یہود خیبر کے نہ آنے کی شکایت قریش کو اس بنا پر نہیں تھی کہ ان کے ھاں سے رسد برابر چلی آ رہی تھی اور ایک مرتبہ حُیَیّ بن اخطب کے بھیجے ہوئے بیس اونٹ، جن پر جو، کھجوریں اور جانوروں کے لیے بھوسا لدا تھا، مسلمانوں کے ایک طلایہ گرد دستے کے ھاتھ پڑ گئے (سیرت شامی)۔

خندق کی حفاظتی تدابیر: ابن سعد وغیرہ کے مطابق دیار بنی حارثہ کے قلعہ رائج (اور بعض روایتوں میں آطام شیخین) سے جبل ذُباب تک کا حصہ مہاجرین کے سپرد ھوا اور وھاں سے جبل بنی عبید اور مذاد سے ھوتے ھوئے مسجد فتح تک انصار متعین کیے گئے ۔ (آطام شیخین کی جانشین مسجد شیخین مجھے ۱۹۴۷ء میں جبل سلع اور جبل احد کے درمیان حرۂ شرقی کے مغربی کنارے پر نظر آئی اور شاید دو گڑھیوں کی یادگار میں اس چھوٹی سی مسجد کی چھت پر برجیاں بنائی گئی ھیں؛ غالبًا رائج اس کے پاس ھی ھوگا) ۔ جبل ذباب پر آنحضرت<sup>ﷺ</sup> کھدائی کے وقت خیمہ زن تھے اس کی یادگار میں وھاں "ذوباب" یعنی دروازے والی مسجد تعمیر ھوئی جو اب تک ذباب کے نام سے مشہور ہے اور جبل سلع میں ایک چھوٹی سی پہاڑی پر واقع ہے ۔ جبل بنی عبید کا پتا نہیں چل سکا ۔ گمان ھوتا ہے کہ یہ حرۂ غربی میں مسجد قبلتین کے قریب دو پہاڑیوں میں سے مغربی پہاڑی ھوگی ۔ جبل مذاد میری دانست میں جبل سلع کے مغرب کی ھلالی شکل کی پہاڑی یا اس سے ملے ھوئے ٹیکرے کا نام ہے ۔ مسجد فتح وہ مقام ہے جہاں محاصرہ شروع ھونے پر آنحضرت[ﷺ] کا خیمہ منتقل ھوا ۔ یہاں آنحضرت[ﷺ] نے خدا کی بارگاہ میں فتح کی دعا کی تھی ۔ یہ ایک مشہور قدیمی زیارت گاہ ہے اور اب تک جبل سلع کی ایک مغربی چوٹی کے محفوظ مقام پر موجود ہے ۔ ذُباب، بنی عبید، مذاد، اور مسجد فتح سے ایک مربع سا بن جاتا ہے ۔ غالبًا یہ آباد علاقہ تھا؛ یہاں اب بھی کچھ باغات موجود ھیں ۔ عام فوج اس محفوظ علاقے میں خیمہ زن ھوگی ۔ ذباب و شیخین کے نیچے کا رقبہ بھی آباد ھوگا کیونکہ ۱۹۴۵ء ومابعد میں یہاں ایک بڑے شفا خانے کی تعمیر کے لیے جگہ صاف کرائی گئی تو بیسیوں پرانے کنویں برآمد ھوئے تھے۔

الواقدی نے لکھا ہے کہ جب خندق کھودی گئی تو شہر کے جنوبی اور مغربی علاقوں کے بسنے والوں نے خندق کو اپنے طور پر عہد نبوی[ﷺ] کی عید گاہ (مصلّٰی، جہاں اب مسجد غمامہ ہے) کے قریب سے گزارا اور خاصی دور تک قبا کے رخ بڑھا دیا ۔ المطری نے التعریف (تاریخ مدینہ) میں لکھا ہے کہ اب وادی بطحان سابقہ گزرگاہ کو بدل کر اس جگہ سے گزرتی ہے جہاں خندق کا یہ حصہ کھودا گیا تھا ۔ اس سے وادی بطحان کی سابقہ گزرگاہ کے ایک حصے کا اگرچہ پتا نہیں چلتا، لیکن مذکورہ ذیلی خندق کے تعین میں موجودہ گزرگاہ سے معقول رہنمائی ھوسکتی ہے ۔ الواقدی نے لکھا ہے کہ قبا میں بعض قبائل نے اپنے قلعوں (آطام) کے گرد بھی خندقیں کھود لی تھیں ۔ یہ بھی لکھا ہے کہ خندق میں بعض جگہ دروازے (غیر کندہ یا عرض میں کم، خندق کی صورت میں) تھے، لیکن کس جگہ تھے؟ یہ خود الواقدی کو بھی معلوم نہ ھو سکا ۔ قیاس چاھتا ہے کہ اس سے مُراد ذباب، بنی عبید، مذاد وغیرہ کی وہ پہاڑیاں ھوں گی جن کو خندق کے زنجیرے کے متوازی بنایا گیا اور ان سے برج کا کام لیا جانے لگا؛ احتیاط کے ساتھ وھاں سے عبور و مرور بھی ممکن تھا۔

marfat.com
Marfat.com


غزوہ خندق
مدینہ و مضافات
جبل ثور
جبل احد
غابہ
زغابہ
جبل رماۃ
وادی قناۃ
مزینف
شمال
بنوحارثہ
شیخین
خندق
عبد الاشہل
جبل سلع
مسجد نبوی
بقیع
عوالی
مصلیٰ
قبا
عنبریہ
بنوظفر
قینقاع
بنو قریظہ
مسجد قبا
عوالی
بنوالنضیر
قصر کعب بن الاشرف
ذوالحلیفہ
جبل عیر
حرہ
جبال عوادات

Marfat.com

خندق کی کھدائی میں کچھ کدال پھاوڑے بنو قُرَیظہ نے مستعار دیے (الواقدی) جو ایک معاہدے کے تحت بیرونی حملہ آوروں کے خلاف مسلمانوں کے ساتھ تعاون کرنے کے پابند تھے ۔ مسلمان رضاکاروں کی تعداد تین ہزار بیان کی گئی ہے اور ہر دس دس آدمیوں کی جماعت کو چالیس چالیس ذراع (ہاتھ) لمبی خندق کھودنے کا کام سپرد ہوا (الطبری)۔ ان تین سو ٹولیوں میں سے ہر ایک نے بیس بیس گز یعنی کل ۶ ہزار گز یا کوئی ساڑھے تین میل لمبی خندق کھودی ۔ چوڑائی اور گہرائی کا مؤرخ ذکر نہیں کرتے، مگر گھوڑا پھلانگ نہ سکنے کی تصریح کی بنا پر شاید یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ دس گز چوڑی اور شاید پانچ گز گہری تھی ۔ حضرت سلمان فارسی رض کے متعلق الواقدی نے لکھا ہے کہ قوی ہیکل تھے اس لیے تنہا انھیں پانچ ہاتھ لمبی اور پانچ ہاتھ گہری کھدائی کا کام سپرد ہوا (ہر جماعت ان کو اپنے ساتھ شامل کرنے کے لیے کوشش کرنے لگی تو آنحضرت ؐ کو دخل دینا پڑا تھا کہ وہ کسی اور کے ساتھ نہیں بلکہ خاص میرے ساتھ ہوں گے (سَلْمَانُ مِنَّا اَھْلَ الْبَیْتِ)۔ وہ آنحضرت ؐ کے آزاد کرائے ہوئے غلام تھے اور اسی لیے حسب رواج آزاد کرانے والے کے کنبے میں شامل سمجھے جاتے تھے ۔ خندق کو ایک دو مرتبہ دشمن کے چند سواروں نے عبور کر لیا تھا ۔ غالباً یہ پہاڑیوں کے راستے (جہاں خندق کے دروازے تھے) آ گئے ہوں گے ۔ واپسی پر ان کا ایک سوار خندق پھلانگنے کی کوشش میں گر کر مر گیا ۔ دشمن نے لاش حاصل کرنے کے لیے رقم کی پیش کش کی، لیکن آنحضرت ؐ نے ویسے ہی لاش ان کے سپرد کر دی ۔

خندق کی کھدائی میں آنحضرت ؐ خود بھی سب کے ساتھ حصہ لے کر شوق دلاتے رہے ۔ اس وقت کسی کو بھی فراغت نہ تھی، لیکن محاصرے کے زمانے میں جب پہرا دینے کے لیے نوبتیں مقرر کی گئیں تو پہرے داروں کے علاوہ باقی لوگ فارغ رہتے تھے ۔ جبل سَلع کے بعض کنبے میری دانست میں اس زمانے کی یادگار ہیں (اس پر میرا مضمون در اسلامک کلچر، حیدر آباد اکتوبر ۱۹۳۹ء میں دیکھیے)۔

خندق کا پہرا دینے والوں میں پیدل جماعتوں کے ساتھ مسلمانوں کے تیس سوار بھی تھے ۔ ایک مرتبہ رات کو دو مختلف سمتوں سے گشت کرنے والی اپنی ہی جماعتیں آپس میں گتھ گئیں، پھر عادتی شعار (پلول کا مقررہ لفظ) پکارا گیا تو ہتیار رکے، مگر اس اثنا میں کچھ مارے گئے اور چند زخمی بھی ہو گئے ۔ آنحضرت ؐ نے اپنوں ہی کے ہاتھوں مرنے والے کو بھی شہید فی سبیل اللہ اور مجروحوں کے زخموں کو جراحت فی سبیل اللہ قرار دے کر خون اور زخموں پر کوئی تاوان عائد نہ فرمایا ۔ محاصرین کا زور نہ چل سکا تو یہود خیبر نے مدینے کے بنو قریظہ کو ننگ و ناموس کا واسطہ دے کر غداری پر آمادہ کر لیا اور وہ حملے کی تیاری کرنے لگے ۔ ان کے بدلے ہوئے تیور دیکھ کر قرآنی الفاظ میں مسلمانوں کے کلیجے منہ کو آنے لگے [وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ (۳۳ [الاحزاب]: ۱۰)] ۔ خندق کے اس پار بارہ ہزار کا دشمن لشکر اب بنو قریظہ کے ڈیڑھ ہزار سے زائد قابل جنگ مردوں سے مل کر پورے دفاعی نظام کو خطرے میں ڈال رہا تھا ۔ فوری تدبیر کے طور پر آنحضرت ؐ نے کئی کئی سو آدمیوں کی دو جمعیتیں ان کی بستی کے دو جانب متعین کیں جو وقفے وقفے سے رات بھر نعرہ ہاے تکبیر لگاتے رہے ۔ پھر غطفان و فزارہ کے قبائل کو دشمن سے توڑ لینے کی کوشش کی، مگر وہ بھاؤ بڑھانے لگے تو گفت و شنید ختم کی گئی ۔ آخر آنحضرت ؐ نے دشمنوں میں پھوٹ ڈالنے کا اہتمام کیا ۔ ایک نو مسلم [نُعَیم بن مَسْعُود الاَشْجَعی الغطفانی] نے، جس کے اسلام لانے کی خبر ابھی پھیلی نہ تھی، پہلے بنو قریظہ کو سمجھایا کہ جنگی اقدام سے پہلے قریش سے یرغمال حاصل کر لو کہ وہ ادھوری جنگ چھوڑ کر چلے نہ جائیں، ورنہ تم تنہا محمد ؐ کا مقابلہ نہ

Marfat.com

کر سکو گے"۔ پھر قریش کے پڑاؤ میں جا کر مشہور کیا کہ بنو قریظہ نے آنحضرتؐ سے ساز باز کر لی ھے اور دوستی کا ثبوت دینے کے لیے وعدہ کیا ھے کہ قریش کے چند سرداروں کو پکڑ کر آنحضرتؐ کے سپرد کر دیں گے۔ پھر یہی خبر اسلامی لشکر میں پھیلائی اور کسی کے دریافت کرنے پر آنحضرتؐ نے فرمایا "لَعَلَّنَا اَمَرْنَا ھُمْ بِذٰلِکَ" اور اس کی اطلاع بھی قریش کے پڑاؤ تک پہنچی تو دشمنوں میں باھمی غلط فہمیاں پختہ ھوگئیں اور بنو قریظہ و قریش کے تعاون کے امکانات ختم ھوگئے، [بلکہ ایک دوسرے کو شکوک و شبہات کی نظر سے دیکھنے لگے]۔

اس اثنا میں دشمن کا سامان رسد ختم ھونے لگا [اور اللہ تعالٰی نے قریش اور غطفان پر سخت آندھی بھیجی جس سے ان کی ھنڈیاں الٹ گئیں اور ان کے خیمے اکھڑ گئے]، سردی بڑھ گئی، شدید طوفانی ھوائیں چلنے لگیں، قریش اور ان کے ساتھی قبائل مایوسی کے عالم میں محاصرہ اٹھا کر واپس چل دیے اور مطلع صاف ھو گیا۔ اس طرح یہود خیبر کی عظیم سازش ناکام ھو گئی۔ اس کے دوسرے ھی دن بنو قریظہ کو اپنی غداری کا خمیازہ بھگتنے کا وقت آ گیا۔

جنگ خندق میں کل چھے مسلمان شہید ھوے اور آٹھ دشمن مارے گئے، مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اندازہ درست ثابت ھوا کہ دشمن کا مدّ ختم ھو کر جزر شروع ھو گیا۔

[اس جنگ میں ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس سے انصار مدینہ کے عزم و استقلال، جرأت و ھمت اور غیرت و حمیت کا پتا چلتا ھے۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ تمام عرب مسلمانوں پر چڑھ آئے ھیں تو آپ نے چاھا کہ حکمت عملی سے کام لے کر دشمنوں کے جتھے کو توڑ دیا جائے۔ اس مقصد کے پیش نظر آپ نے غطفان کے دو سرداروں عُیَیْنہ بن حِصْن اور حارث بن عَوف سے نامہ و پیام شروع کیا اور ان سے اس شرط پر صلح کرنا چاھی کہ مدینے کی پیداوار (کھجوروں) کا ایک تہائی حصہ ان کو دے دیا جائے۔ ان سے گفتگو ھو رھی تھی کہ آپ نے انصار کے دو سرداروں سعد بن مُعاذؓ اور سعد بن عُبادہؓ سے مشورہ کیا۔ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر یہ اللہ کا حکم ھے تو سرِ تسلیم خم ھے؛ اگر یہ آپ کی اپنی پسند ھے تو بھی ھمیں آپ کی خاطر یہ قبول ھے؛ لیکن اگر یہ بات آپ ھمارے فائدے کے لیے کرنا چاھتے ھیں تو پھر ھم اپنی عرضداشت پیش کریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں یہ بات آپ لوگوں کے فائدے کے لیے کرنا چاھتا ھوں، کیونکہ میں دیکھتا ھوں کہ تمام عرب متحد ھو کر تم پر چڑھ آئے ھیں۔ اس پر حضرت سعد بن معاذؓ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! جب ھم مشرک تھے اور بت پوجتے تھے تو اس زمانے میں یہ لوگ ایک کھجور بھی ھم سے نہیں لے سکتے تھے؛ اب جبکہ اللہ تعالٰی نے ھمیں اسلام سے مشرف کرکے ھدایت عطا کی اور آپ کی ذات گرامی سے عزت و قوت بخشی، کیا اس حالت میں ھم ان کو اپنا مال دیں؛ ھرگز نہیں؛ بخدا ان کے لیے ھمارے پاس تلوار کے سوا اور کوئی چیز نہیں ھے۔" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سرداران انصار کی اس راے سے اتفاق کیا اور دشمنوں کو ان کی حالت پر چھوڑ دیا (ابن حزم: جوامع السیرۃ، ۱۸۸)۔

اس جنگ میں ایک بات یہ بھی قابل ذکر ھے کہ ایک معزز خاتون حضرت رُفَیْدہؓ نے بھی اس معرکے میں شرکت کی۔ ان کے پاس دوائیں تھیں اور وہ زخمیوں کی مرھم پٹی کرتی تھیں۔ حضرت سعد بن معاذؓ جب زخمی ھوگئے تو بھی حضرت رفیدہؓ ان کے علاج کی نگران تھیں]۔

**مآخذ**: (۱) ابن ہشام، (نیز اردو ترجمہ): (۲) طبقات ابن سعد ۲/۱: ۴۷ ببعد، (نیز اردو ترجمہ): (۳) الطبری (اردو ترجمہ): (۴) الواقدی: مغازی، ۳۶۲: (۵) البلاذری: انساب لاشراف، ج ۱: ۳۴۳ ببعد (طبع حمید اللہ): (۶)

marfat.com
Marfat.com

البخاری، کتاب الجہاد، باب ٣٣٣، ١٦١؛ (٧) مسلم، کتاب الجہاد، حدیث ١٢٥ تا ١٣٠؛ (٨) ابن حنبل: مسند ١/٢٧١؛ (٩) المطری: التعریف بما انست الھجرۃ من معالم دارالھجرۃ (مخطوطۂ شیخ الاسلام، مدینۂ منورہ)؛ (١٠) السمہودی: وفاء الوفاء؛ (١١) شبلی: سیرت النبی، ١: ٤١٩ ببعد؛ (١٢) قاضی محمد سلیمان: رحمۃ للعالمین؛ (١٣) محمد حمید اللہ: عہد نبوی کے میدان جنگ؛ (١٤) وہی مصنف: الوثائق السیاسیۃ فی العہدالنبوی والخلافۃ الراشدہ؛ (١٥) عبد الحیٰ الکتّانی: نظام الحکومت النبویہ المسمی: التراتیب الاداریہ، ١: ٢٩٨ و ببعد؛ (١٦) ابن حجر: الاصابۃ، عدد (٣٠٧٤)؛ (١٧) Caetani: *Annali Dell Islam*، ٢: ١٦٧؛ [(١٨) محمد حمید اللہ: *Military Intelligence in the time of the Prophet* در *Islamic literature*، لاہور ١٩٤٩ء)]؛ [(١٨) ابن خلدون: تاریخ، ١: ٣٤٧ تا ٣٥١ (اردو ترجمہ از شیخ عنایت اللہ، لاہور، ١٩٦٠ء)؛ (١٩) ابن سید الناس: عیون الأثر، ٢: ٥٤ ببعد؛ (٢٠) ابن کثیر: البدایۃ والنہایۃ، ٣: ٩٢ ببعد؛ (٢١) ابن القیم: زاد المعاد، ٢: ٢٨٨ ببعد؛ (٢٢) القسطلانی: المواہب اللّدنّیۃ، ١: ١٤٢ ببعد؛ (٢٣) المقریزی: إمتاع الأسماع: ٢١٥ ببعد؛ (٢٤) الدیار بکری: تاریخ الخمیس، ١: ٤٧٩ ببعد؛ (٢٥) ابن حزم: جوامع السیرۃ، ١٨٥ تا ١٩١؛ (٢٦) دویدار: صور من حیاۃ الرسول].

(محمد حمید اللہ و [ادارہ])

⊗ **اَلْخَنْدَق**: اندلس میں متعدد مقامات کا نام: (١) شَلَمَنْقَہ Salamanca کے قریب ایک مقام، جو اب تُورہ الہَندیگا Torre-Alhandiga کے نام سے مشہور ہے۔ عیسائی مؤرخین کا بیان ہے کہ ٣٢٨ھ/٩٣٩ء میں یہاں خلیفہ عبدالرحمن ناصر کی فوجوں کو عیسائیوں کے مقابلے میں ہزیمت اٹھانا پڑی تھی۔ المقری کی رائے میں اس جنگل کا محل وقوع شہر سَمُورہ Zamora تھا؛ (٢) خندق آش: یہ مقام موجودہ صوبۂ غرناطہ Granda میں فحص عبلہ اور وادی آش (Guadix) کے درمیان واقع تھا؛ (٣) خندق قِنیر: موجودہ صوبۂ المَریّہ Almaria میں عبلہ کے قریب واقع تھا؛ (٤) الخنادق: یہ مقام قرطبہ Cardova سے ٢٥ میل مغرب میں واقع تھا؛ (٥) الخندق الجنات: موجودہ صوبۂ مالقہ Malaga کا ایک مقام، جو غالبًا ساحل سمندر کے قریب واقع ہوگا۔ یہاں سے ٢٨٤ھ/٨٩٧ء میں امیر عبداللہ کی وہ فوج گزری تھی جسے ابن حفصون کی بغاوت فرو کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا۔

آج کل اس نام کے صرف دو مقامات شمالی ہسپانیہ میں ملتے ہیں، یعنی تورہ الہندیگا Torre-Alhandiga اور فِرزنو الہندیگا Ferzno-Alhandiga۔

**مآخذ**: (١) Dozy: *Hist. Des Musulmans d' Espagne*، ٣: ٦٢ ببعد؛ (٢) الادریسی: المُغرب، لائڈن ١٨٦٦، بمدد اشاریہ؛ (٣) المقّری: نفح الطّیب، لائڈن ١٨٥٥-١٨٦١ء، بمدد اشاریہ؛ (٤) وو، لائڈن، بار اول، بذیل مادۂ Alhandega؛ (٥) محمد عنایت اللہ: اندلس کا تاریخی جغرافیہ، حیدر آباد (دکن) ١٩٢٧ء، بذیل مادۂ الخندق و سمورہ۔

[ادارہ]

* **خَنْسا**: (یا خِنْسا)؛ در رشیدالدین: طبع Blochet، ص ٤٨٩ خِنکسائی؛ در وصاف؛ خنزائی: در طبع سنگی (بمبئی ١٨٦٩ء) ص ١٢ ببعد خترای؛ در حمداللہ القزوینی: نزھۃ القلوب (طبع Le Strange، ص ١٠٠، س ٧ اور ص ٢٦١، س ١٠) خنسای، جس کا تلفظ ابن بطوطہ نے خنسا دیا ہے (طبع Defrémery و Sanguinetti، ج ٤، ص ٢٨٤ ببعد، اور جس کا تعلق اس نے مشہور شاعرہ کے نام سے قائم کیا ہے (رک بہ الخنساء)۔ چین کا ایک شہر جو سنگ Sung خاندان کی سلطنت کا دارالحکومت تھا جسے مغلوں نے ختم کر دیا۔ اسے چینی زبان میں پہلے کنگ شا King Shew اور اب Hang-čów-fu کہتے ہیں (قب متذکرۂ بالا (گذشتہ) ج ١، ص ٨٤٥ الف)۔ اکثر اس شہر کا ذکر دور مغول میں آیا ہے اور

Marfat.com

اسے اس زمانے کے مشہور بڑے بڑے تجارتی شہروں میں سے ایک بیان کیا گیا ہے۔ اسلامی اور عیسائی مآخذ اس امر پر متفق ہیں کہ وہاں مسلمان ۴۰ هزار تک کی تعداد میں آباد تھے۔

**مآخذ:** اسلامی مآخذ کو (۱) Quatremére نے '*Histoire des mongols de la perse par Raschideldin*' ص LXXXVI بعد اور (۲) Ch. Schefer نے: *Centenaire de l'Ecole des langues Orientales vivantes*' میں ص ۱۹ بعد اور ۲۳ بعد میں جمع کر دیا ہے؛ عیسائی مآخذ در (۳) I. Hallberg: L'Extrême Orient' وغیرہ، Göteborg ۱۹۰۶ء، ص ۳۲۵ بعد؛ قب خاص طور پر (۴) "Quinsay" کا مکمل بیان در *Marco Pale*' طبع Yule-Corder' ۲: ۱۸۵ تا ۲۱۵ - غیر ملکی نو آبادی کے بارے میں جو Hang-cŏw-fu میں ہے، نیز دیکھیے (۵) Hirth اور Rotkhill: *Chao Fukua*' سینٹ پیٹرز برگ ۱۹۱۱ء، ص ۱۶۔

(W. BARTHOLD)

* **اَلْخَنْسَاء:** عرب کی مشہور ترین شاعرہ، اس کا اصلی نام تُماضر بنت عمرو [بن الحارث] بن الشرید ہے وہ بنو سُلَیم میں سے تھی۔ الخنسا کا باپ بہت زیادہ شہرت اور دولت کا مالک رہا ہوگا کیونکہ المرزوقی: کتاب الازمنہ (طبع حیدر آباد، ج ۲ ص ۱۶۸ بعد) سے یہ پتا چلتا ہے کہ اس کا باپ اپنے دونوں بیٹوں معاویہ اور صخر کو لے کر عام الفیل کے پینتیسویں سال عکاظ کے میلے میں آیا اور کچھ اراضی جو وحیدہ مقام پر یثرب کے ضلع (مِخلاف) میں تھی، جمیل شاعر کے دادا مُعَمَّر ابن الحارث کو منتقل کر دی۔ الاصمعی کا بیان ہے کہ اس وقت جو دستاویز لکھی گئی تھی وہ هارون الرشید کے زمانے تک معمر کے ورثاء کے پاس تھی۔ اگر اس دستاویز کو اصلی مان لیا جائے (جس میں مجھے شک ہے) تو الخنساء کے بھائی هجرت سے ۱۵ سال قبل ۶۰۷ء میں اتنے بڑے ہوگئے تھے کہ وہ اپنے والد کے معاملات میں حصہ لیتے تھے۔

الخنساء کی زندگی کا سب سے پہلا واقعہ، جس کا ذکر اس کے سوانح نگار کرتے ہیں، ایک معمر شخص دُرَید بن الصِّمَّۃ کا پیام نکاح تھا۔ درید ۹ھ میں قتل ہوگیا۔ یہ الخنساء کے بھائی معاویہ کا گہرا دوست تھا اور دونوں نے عہد کیا تھا کہ جو بعد میں زندہ رہے گا وہ مرنے والے کی موت پر مرثیہ کہے گا۔ اس وقت الخنساء کم سن تھی اور چونکہ پیام نکاح اس کے بھائی کے ذریعے آیا، یہ خیال ہو سکتا ہے کہ اس کا باپ فوت ہو چکا تھا۔ اس زمانے کو دیکھتے ہوئے یہ بات بہت اہم ہے کہ لڑکی کو پیام نکاح پر غور کرنے کا موقع دیا گیا اور جب اس نے درید کو دیکھا تو ناپسندیدگی کا اظہار بلکہ اس کے خلاف کچھ اشعار بھی کہے جن میں اس پر اور اس کے قبیلے پر طنز کی اور ضمناً یہ بھی کہا کہ اس نے اس سے پہلے بھی بدر کے خاندان کے ایک فرد کے ساتھ شادی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اس بدر کے بارے میں اس سے زیادہ اور کچھ پتا نہیں چلا۔ اس کے بعد اس نے خود اپنے ہی قبیلے کے ایک فرد عبدالعُزّی (یا ابن قتیبہ کی روایت کے مطابق رواحۃ بن عبدالعزی) السُّلَمی سے شادی کی، جو اس کے بیٹے ابو شجرہ عبداللہ کا باپ تھا۔ غالباً عبدالعزی کا انتقال جلد ہی ہوگیا۔ پھر الخنساء نے اپنے قبیلے کے ایک دوسرے شخص مِرداس بن ابی عامر [السُّلَمی] سے شادی کی جس سے اس کے تین بیٹے زید، معاویہ، عمرو اور غالبًا ایک بیٹی عمرہ بھی پیدا ہوئی جو اس کی سب سے چھوٹی اولاد تھی۔ [بقول ابن حزم مرداس کے ان بیٹوں کے نام هُبیرۃ، جَزء اور معاویۃ تھے (جمہرۃ انساب العرب، ص ۲۶۳)]۔ تاریخ وار مواد کو مربوط کرنے میں بہت زیادہ دشواری پیش آتی ہے اور خود الخنسا کی اغلب تاریخ پیدائش کی تعین بھی دشوار ہے، مگر چونکہ اس کے بیٹے ابو شجرہ نے رِدّہ [رک بآں] ۱۳ھ[۶۳۴ء] میں نمایاں حصہ لیا اور اس وقت وہ تیس

Marfat.com

سال کا ہوگا اس لیے ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ اس وقت الخنساء کی عمر ۴۰ اور ۵۰ سال کے درمیان ہوگی، بلکہ غالباً اس سے بھی زیادہ ۔ العباس بن مرداس جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شعرا میں سے ہیں یقیناً الخنساء کے بطن سے نہ تھے بلکہ مرداس کی کسی پہلی بیوی سے تھے ۔ مرداس ایک بہت جانباز اور باہمت انسان تھے ۔ انھوں نے اپنے کچھ ساتھیوں کی ہمراہی میں ایک چشمے کے پاس دلدل والی زمین کو جوتنے کی کوشش کی وہاں رہنے والی ارواح نے انتقاماً ان کو آہستہ آہستہ مارنے کی ترکیب اختیار کی، یا یوں سمجھیے کہ غیر صحت بخش آب و ہوا کی وجہ سے کسی قسم کا بخار لاحق ہوگیا۔

لیکن جس واقعے نے الخنساء کی زندگی کا رخ بدل دیا وہ اس کے دو بھائیوں معاویہ اور صخر کا انتقال تھا ۔ معاویہ عرب دستور کے مطابق ۱۸ ساتھیوں کی ہمراہی میں قبیلۂ مُرّہ پر حملہ کرنے گیا تھا ۔ اس کا اس قبیلے کے ایک فرد ہاشم بن حَرْمَلَہ سے عُکاظ کے میلے میں جھگڑا ہوگیا تھا اور ایک ناکام کوشش کے بعد اس نے بنو مُرّہ کے علاقے پر پھر حملہ کیا جس میں وہ ہاشم کے بھائی دُرید کے ہاتھوں قتل ہوگیا ۔ اب صخر پر اپنے بھائی کے خون کا بدلہ لینے کا فرض عائد ہوا اور اسے پہلے درید کو قتل کرنے میں کامیابی ہوئی جس نے کہ اس کے بھائی معاویہ کو قتل کیا تھا اور جو اس زخم سے جو (معاویہ کے ساتھ) مقابلے میں اسے لگا تھا آہستہ آہستہ اچھا ہوتا جا رہا تھا ۔ اسی اثنا میں ایک اور سُلَیمی نے اول الذکر (درید) کے بھائی ہاشم کو قتل کر دیا ۔ صخر اپنے بھائی کے اس دُہرے انتقام پر بھی مطمئن نہ ہوا اور برابر بنو مُرّہ پر حملے کرتا رہا یہاں تک کہ بنو مُرّہ کے حلیف بنو اسد میں سے ایک شخص قَعْنَس نے اسے مہلک طور پر گھائل کر دیا ۔ صخر اپنے خیمے میں بہت دنوں تک نیم جان پڑا رہا اور بالآخر زخموں کی تاب نہ لا کر فوت ہوگیا ۔

یہ سب واقعات اسلام کے ظہور سے پہلے کے ہیں، لیکن الخنساء بہت دنوں تک زندہ رہی اور [مشرف باسلام ہوگئی ۔ اس کے چار بیٹوں نے جنگ قادسیہ (۱۶ھ) میں شرکت کی ۔ الخنساء نے اپنے بیٹوں کو بہادری اور ثابت قدمی سے لڑنے کی تلقین و تحریض کی ۔ وہ اتنی بے جگری سے لڑے کہ چاروں شہید ہوگئے ۔ الخنساء نے اپنے بیٹوں کی شہادت کو اپنے لیے شرف و فضیلت کا باعث سمجھا].

[الخنساء کے دیوان کے مخطوطے برلن، برل، پیٹرز برگ اور قاہرہ کے کتاب خانوں میں موجود ہیں ۔ دیوان کئی بار طبع ہو چکا ہے ۔ (دیکھیے براکلمان؛ معجم المطبوعات العربیہ) ۔ اس کے مرثیوں کو لوئس شیخو نے ریاض الادب فی شواعر العرب، (بیروت ۱۸۹۶ء) میں جمع کر دیا ہے].

شاعرہ کی سوانح حیات اوراس کی شاعری کے محاسن کے بارے میں شیخو Gabrieli 'Cheikho اور Rhodokanakis نے بہت تفصیل سے بحث کی ہے، چنانچہ اس کی زندگی اور کام کا پورے طور سے جائزہ ان مصنفین کی تحریروں سے لیا جا سکتا ہے ۔ یہ کہنا بہت دشوار ہے کہ الخنساء نے مرثیوں میں کوئی نئی بات پیدا کی یا نہیں؟ مگر یہ بات یقینی ہے کہ اس کی شاعری نے بہت سے بعد میں آنے والے مرثیہ گویوں کو متأثر کیا جن میں خود اس کی لڑکی عمرہ بھی شامل ہے ۔ اگر ہم اس کے اشعار کا مقابلہ اس کے ہم عصر دوسرے مرثیہ گویوں سے کریں (میرے ذہن میں اس وقت مُتَمِّم [بن نُوَیرہ] اور ابو ذُؤَیب [الہذلی] ہیں تو ہم کو اعتراف کرنا پڑے گا کہ اس کے اشعار میں وہ شاعرانہ خوبیاں نہیں ہیں جو دوسرے مرثیہ گویوں کے اشعار میں ہیں، مگر اس کے برخلاف اس کی نظموں میں، جو بہت مختصر بھی ہیں، حقیقی سوز و گداز ضرور ہے ۔ دوسری طرف ایک ہی قسم کے خیالات اور معانی کے اعادے سے ان میں ایک طرح کی یکسانیت پیدا

Marfat.com

ہو گئی ہے۔

مآخذ: (۱) Nöldeke : *Bietträge Zur Kenntnis der altarab Poesie*، Hanover ۱۸۶۴ء؛ (۲) دیوان: طبع شیخو، بیروت ۱۸۸۹ء؛ (۳) *Commentaire Sur le Dīwān 'd'al-Khansā'* طبع شیخو، بیروت ۱۸۹۵ء؛ (۴) Gabrieli : *I tempi, la vita el il canzoniere della poetessa al-Hansā'* Firenze ۱۸۹۹ء؛ (۵) N. Rhodokanakis : *'al-Hansā' und ihre Trauerlieder* *S.B.Ak. wien* ۱۹۰۴ء؛ (۶) Coppier : *Le Dīwān 'd' al-Khansā trad par le pere de Coppier* بیروت ۱۸۸۹ء؛ (۷) الجُمَحی: طبقات، ص ۴۸ و ۵۱؛ (۸) کتاب الاغانی، ۱۳ : ۱۳۶ ببعد؛ (۹) الطبری، ۱ : ۱۹۰۵ ببعد؛ (۱۰) ابن قتیبہ: کتاب الشعر، طبع ڈخویہ، ص ۱۹۷ ببعد؛ ان کے علاوہ الخنساء کے اشعار و احوال تقریبًا ان سب تصنیفات میں موجود ہیں جو قدیم عربی شاعری سے متعلق ہیں یعنی الحماسہ اور کتاب الاغانی سے لے کر آگے تک۔ اور اس کی نظموں کا ترجمہ مشرقی شاعری کے کئی یورپی منتخب مجموعوں میں ملتا ہے جو شیخو کے مطبوعہ دیوان کے شائع ہونے سے پہلے کے ہیں؛ [(۱۱) السیوطی: شرح شواہد المغنی، ۸۹؛ (۱۲) البستانی: الروائع، عدد ۲۸، بیروت ۱۹۳۰ء؛ (۱۳) بشیر یموت: شاعرات العرب فی الجاہلیۃ والاسلام، بیروت ۱۹۳۷ء؛ (۱۴) براکلمان: تاریخ الادب العربی، ۱ : ۱۶۴ تا ۱۶۶ (تعریب)]۔

(F. KRENKOW) [و ادارہ]

⊛ **خواجو کِرمانی**: ایران کا نامور شاعر، متوطن کرمان۔ نام کے متعلق تذکرہ نویسوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ دولت شاہ سمرقندی نے اس کا نام محض خواجو کرمانی (ملک الفضلا) لکھا ہے (تذکرۃ الشعراء، طبع براؤن، ۱۹۰۰ء، ۲۴۹)۔ ملا عبدالنبی اس کا نام افضل الدین خواجو بتاتا ہے۔ (میخانہ، طبع لاہور ۱۹۲۶ء ص ۷۱)۔ براؤن نے اس کا پورا نام، مع ولدیت، کمال الدین ابوالعطا محمود بن علی بن محمود لکھا ہے (*A Literary History of Persia*، ۳ : ۲۲۲)۔ خواجو کے اشعار ذیل سے اس کا یہی نام ظاہر ہوتا ہے:

کمال الدین، سپہرِ فضل، خواجو
جہانِ علم و دریای معانی
پدر محمود کرد آن لحظہ نامم
و لیکن من نمی دانم کدامم

اس کی تاریخ ولادت پر بھی تذکرہ نویس متفق نہیں۔ البتہ خود اس نے اپنی مثنوی نو روز و گل کے خاتمے میں، ہماری رہنمائی کی ہے اور تاریخ ولادت ۱۵ شوال ۶۷۹ھ (۷ فروری ۱۲۸۱ء) بتائی ہے۔ خواجو کرمان کے ایک سربرآوردہ خاندان کا فرد تھا۔ کرمان ہی میں اس نے تعلیم پائی۔ فارسی کے علاوہ عربی اور دیگر علوم میں بھی دسترس حاصل کی۔ ہوش سنبھالتے ہی باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا تو تنگ دستی اور پریشان حالی سے سابقہ پڑا جس نے عالم شباب میں بھی اسے بے چین رکھا:

ہرگز از روز جوانی نشدم یکدم شاد
مادرِ دہر ندانم بچہ می زاد مرا

تحصیل علوم سے فارغ ہو کر خواجو نے سفر اختیار کیا جسے اس نے "چار حد ملک و ملک کی سیر" سے تعبیر کیا ہے، جیسا کہ شعر ذیل سے ظاہر ہے:

من کہ گل از باغِ مَلک چیدہ ام
چار حد مُلک و مَلک دیدہ ام

خواجو دوران مسافت رکن الملت والدین علاء الدولہ سمنانی (م ۷۳۶ھ/۱۳۳۵ء) کا مرید ہوا (تذکرۃ الشعراء، ص ۲۵۰) اور کچھ عرصہ خراسان کے شہر صوفی آباد میں گزارا (قب Ritter : *ErdKunde*، ۸ : ۳۹۶)۔ مرشد کی مدح میں درج ذیل رباعی کہی ہے۔

ہر کو رہ علیِ عمرانی شد
چون خضر بسر چشمہ حیوانی شد

marfat.com
Marfat.com

از وسوسهٔ غارت شیطاں وارست
مانند علاء دوله سمنانی شد

صوفیۂ کرام سے اسے یوں بھی عقیدت تھی ۔ شیخ ابو اسحٰق ابراہیم کازرونی (م ۴۲۶ھ/۱۰۳۴ء) اپنے زمانے کے صاحب کشف و کرامات بزرگ تھے ۔ ان کے مزار کی زیارت کو گیا تو ان کی عقیدت میں مدحیہ اشعار کہے جو اس کی مثنوی کمال نامہ میں شامل ہیں ۔ ایک اور بزرگ شیخ امین الدین محمد کازرونی (م ۷۴۵ھ/۱۳۴۴ء) سے بھی اسے عقیدت تھی، ان کے فیضان صحبت کا بھی ذکر کیا ہے ۔ وطن کی سیر و سیاحت کے بعد خواجو نے بغداد کا رخ کیا ۔ بغداد جانے کا عزم شاید ذاتی پریشانیوں کی وجہ سے کیا ہو، جیسا کہ وہ خود لکھتا ہے :

برو ترکِ این محنت آباد کن
لب دجله و راه بغداد کن
چو ایوب در بندِ کرمان مباش
چو یعقوب در بیتِ احزان مباش

تذکروں سے یہ پتا نہیں چلتا کہ وہ بغداد میں کتنا عرصہ رہا، بہرحال اشعار ذیل سے پتا چلتا ہے کہ کچھ مدت گزارنے کے بعد وہاں سے بھی بد دل ہو گیا :

زمن تاچه آمد که چرخ بلند
که از خاک پاکم بغربت فگند
به بغداد بهرِ چه سازم وطن
که ناید بجز دجله در چشم من

بغداد سے واپس ہوا تو اس نے مظفری خاندان کے حکمران، یزد مبارزالدین محمد (۷۱۳ھ/۱۳۱۴ء تا ۷۵۹ھ/۱۳۵۸ء) جو بالآخر تخت و تاج سے محروم ہو کر (۷۶۵ھ/۱۳۶۴ء میں فوت ہوا) کے قصیدے کہے ۔ اس کے بعد شیخ ابو اسحٰق اینجو، جو حافظ شیراز کا مربی ہونے کی وجہ سے مشہور ہے، کے دربار سے وابستہ ہوا ۷۴۲ھ/۱۳۴۱ء۔ یہ تعلق ۷۵۴ھ/۱۳۵۳ء تک قائم رہا ۔ اس کی شان میں متعدد قصیدے کہے ۔ خواجو کے ممدوحین میں شمس الدین محمود صائن بھی تھا، جو پہلے امرائے چوپانی کی ملازمت سے منسلک رہا ۔ پھر مبارزالدین کے دربار سے وابستہ ہوا بالآخر ابواسحٰق اینجو کا وزیر بنا ۔ دربار ابواسحٰق میں خواجو کی حافظ شیراز سے بھی صحبت رہی ۔ اس کا ایک ممدوح تاج الدین عراق عمالد کرمان سے تھا جس نے اس کا تعارف محمود صائن سے کرایا تھا ۔ خواجو نے سلطان ابو سعید ایلخانی (۷۱۶ھ/۱۳۱۶ء تا ۷۳۶ھ/۱۳۳۵ء) اور اس کے وزیر غیاث الدین محمد جو اپنے والد رشیدالدین فضل اللہ کی طرح علما کی قدردانی کے لیے مشہور تھا، کے بھی قصیدے کہے ۔ فارسی کے علاوہ خواجو کو عربی میں بھی دسترس تھی ۔

خواجو کے بعض اشعار اس بات کے شاھد ہیں کہ موسیقی میں بھی اسے دستگاہ تھی ۔ ذیل کے اشعار سے ظاہر ہوتا ہے کہ موسیقی کے مختلف 'پردوں' اور مقاموں سے آشنا ہے اور ان کے محل استعمال سے بھی واقف ہے ۔ اس قسم کی معلومات اس زمانے کے تہذیبی طبقے میں عام تھیں ۔

گہی "قول" مطرب همی کرد گوش
گہی بادهٔ لعل می کرد نوش
خوشنوایان چمن در پردهٔ "عشاق" بین
نوبتِ هر روز، هر بانگِ هزار آواز شد
بشنو نوای "عشاق" از پردهٔ "سپاهان"
زان رو که از "عراق" است آن لعبت عراق

(قول، عشاق، سپاہان اور عراق پردوں اور سروں کے نام ہیں ۔ غیاث اللغات، ص ۳۴۰ ۔ بہار عجم، ص ۱۹۶).

دولت شاہ سمرقندی نے خواجو کو "نخل بند شعرا" کہا ہے ۔

"او را فاضلان و بزرگان دین در فصاحت و بلاغت بی نظیر می دارند و او را نخل بندِ شعرا می نامند" (تذکرۃ الشعرا، ص ۲۴۹).

آثار خواجو : خواجو نے مختلف اصناف سخن میں طبع

Marfat.com

آزمائی کی ۔ نظامی گنجوی کے خمسے کے طرز پر خمسہ لکھا ۔ اس کے علاوہ دیوان اشعار بھی مرتب کیا ۔ مثنویوں کا مختصر سا تعارف درج ذیل ہے ۔

۱۔ همای و همایون ۔ خمسۂ خواجو کی یہ پہلی مثنوی ہے جو نظامی کی رزمیہ مثنوی سکندر نامہ کی بحر (مُتقارب) میں لکھی گئی ہے ۔ شام کے بادشاہ منوشنگ قرطاس [قب ۹۱، لائڈن، بار اوّل : شاہ ہوشنگ؛ کرمانی ص ۱۰۳۳ لیکن خواجو کے اپنے اشعار سے (دیکھیے آگے) منوشنگ ہی درست معلوم ہوتا ہے] کے اکلوتے بیٹے همای اور بادشاہ چین کی شاہزادی همایون کے معاشقے کی داستان ہے ۔ مثنوی کا آغاز حمد و ثنا سے یوں ہوتا ہے :

بنام خدا ولد بالا و پست
که از همتش هست شد هرچه هست

خواجو نے شروع میں یہ بھی بتایا ہے کہ یہ مثنوی امیر ابوالفتح محمد الدین محمود کے ایما پر لکھی گئی ۔ یہ بھی پتا چلتا ہے کہ مثنوی کا ماخذ کوئی قدیم ایرانی قصہ ہے جو خواجو کو دیا گیا ۔

فسونِ مغان بر مسلمان بخوان
چو زردشتیان زندِ رهبان بخوان

حمد و نعت اور مقربان الوهیت کی توصیف کے بعد خواجو نے اپنے هم عصر حکمران سلطان ابو سعید ایلخانی (۷۱۶ھ/۱۳۱۶ء تا ۷۳۶ھ/۱۳۳۵ء) اور اس کے وزیر خواجہ غیاث الدین کے قصیدے کہے ہیں ؟ رومانی داستان کا آغاز ان اشعار سے ہوا ہے :

بر آرندۂ دُر زِ دریای راز
سرِ دُرجِ گوهر چنین کرد باز
که شاهنشهے بود در ملک شام
منوشنگ قرطاس بودیش نام
نژادِ وی از نسلِ شاهانِ کے
مر او را مسخر همه روم و رے

مثنوی میں جگہ جگہ غزلیات بھی شامل کی ہیں؛ نمونے اشعار کا ایک "ساقی نامہ" بھی ہے ۔ درج ذیل اشعار میں خواجو نے مثنوی کا سال تصنیف ۷۳۲ھ/۱۳۳۱ ۔ ۱۳۳۲ء بتایا ہے ۔

من این نامور نامه از بهر نام
چو کردم بفال همایون تمام
کنم بذل بر هر که دارد هوس
که تاریخ این نامه "بذل" است و بس

اشعار کی تعداد ۳۲۰۳ ہے ۔
یہ مثنوی بغداد میں لکھی گئی (تذکرۃ الشعراء، ص ۲۴۹)۔ اس کا قلمی نسخہ موزۂ بریطانیہ، لنڈن میں موجود ہے ۔ اس نسخے کے ساتھ روضۃ الانوار اور کمال نامہ کے خطی نسخے بھی شامل ہیں (شمارہ Add ۱۸۱۱۱۳)؛ ایک نسخہ انڈیا آفس کے کتاب خانے میں ہے (شمارہ ۱۳۳۴)؛ پاکستان و ہند میں یہ مثنوی پہلی بار فخرالدولہ مرزا علاءالدین خان بہادر رئیس لوہارو کی تصحیح سے ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء میں طبع ہوئی (صفحات ۲۹۳)؛ دوسری مرتبہ ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء میں بمبئی میں طبع ہوئی (صفحات ۲۹۵).

۲۔ نو روز و گل بھی عشقیہ مثنوی ہے جو نظامی کی خسرو و شیرین کی بحر میں لکھی گئی ہے ۔ یہ مثنوی خراسان کے حکمران فیروز کے بیٹے نو روز اور قیصر روم کی شاہزادی گل کے معاشقے کی داستان ہے ۔ ضمناً تین اور داستانیں بھی آئی ہیں جو شاہزادے کا غم غلط کرنے کے لیے اسے سنائی گئی تھیں ۔ روانی اور جذبات نگاری کے اعتبار سے یہ مثنوی خواجو کا شاہکار سمجھی جاتی ہے ۔ آغاز اس شعر سے ہوا ہے :

بنامِ نقشبندِ صفحۂ خاک
عذار افروزِ مہرویانِ افلاک

مثنوی تاج الدین عراقی کے نام منسوب ہے جو مظفری بادشاہ مبارزالدین کا وزیر ہوا تھا ۔ سال تصنیف ۷۴۲ھ/۱۳۴۱ء ہے جیسا کہ خواجو نے خود لکھا ہے :

دو شش بر هفصد و سی گشته افزون
بپایان آمد این نظم همایون

marfat.com
Marfat.com

اشعار کی تعداد ۲۶۱۵ ہے ۔ یہ مثنوی بغداد میں تکمیل پذیر ہوئی ۔

۳- روضۃ الانوار، نظامی کی مخزن الاسرار کے طرز پر لکھی گئی ۔ اس میں صوفیانہ مسائل بیان کیے گئے ہیں جو بیس مقامات پر مشتمل ہیں ۔ ہر مقالے کے تحت عرفانی، دینی اور اخلاق حکایات آئی ہیں ۔ اس مثنوی میں شاعر کی پختگی خیال اور عظمت فکر نمایاں ہے جو اس کی انفرادیت کی مظہر ہے ۔ مقالات کی ترتیب یہ ہے (۱) "حقیقت سخن" ۔ نمونے کے طور پر اس کے تین شعر درج کیے جاتے ہیں :

عقل که اقلیمِ سعادت کشود
بر درِ دل چشمِ فراست کشود
شد بسخن تیغ زبان دُر فشان
گشت سخن گوهرِ تیغِ زبان
جان نگر از دل بزبان آمده
و آبِ حیات از لبِ جان آمده

(۲) در مقامات اولیا و صفات آنان (۳) در کمال مراتب بشر و در بلندی مقام انسان : یہ خواجو کا خاص موضوع ہے :

ای بخرد فاطرِ نُه بارگه
وی بنظر مُشرفِ شش کامگه
گلبنِ جان، خوش نظرِ باغِ تو
لالهٔ دل سوختهٔ داغِ تو
هیکلِ دل در برت افکنده اند
شورِ خِرد در سرت افکنده اند

(۴) در تنبیه و تهدید (۵) در انقلاب امور (۶) دریافتن معنی انسان (۷) احوال نفس و اتحاد نفس با حق (۸) شرح آیت عشق (۹) اعراض از عالم ظاهر و رجوع بباطن (۱۰) در صفت پیری و غنیمت جوانی (۱۱) در مذمت باده پرستی (۱۲) در عقل و حیا (۱۳) در مذمّت کِبر (۱۴) در صفت سخا و کرامت (۱۵) در صفت عالم وحدت (۱۶) در تصفیۂ باطنی (۱۷) در صفت غرور (۱۸) در صفت آفرینش ۔ (۱۹) در صفت توحید (۲۰) در صفت انسان ۔

مثنوی کی تکمیل کازرون میں شیخ ابواسحٰق ابراهیم کازرونی کی خانقاہ میں ہوئی ۔ (خاتمۂ کتاب) سال تصنیف ۷۴۳ھ/۱۳۴۲ء ہے جو مصرع ذیل سے نکلتا ہے :

"جیم" زیادت شده بر "میم" و "ذال"

یہ مثنوی خواجو نے شمس الدین محمود صائن وزیر ابواسحٰق اینجو کے نام معنون کی ہے ۔

۵- کمال نامہ ۔ یہ نظامی کی عشقیہ مثنوی ہفت پیکر کی بحر میں لکھی گئی ہے ۔ موضوع دین و عرفان اور اخلاقیات ہے ۔

حمد کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی نعت کہی ہے، اس کے بعد ابو اسحٰق ابراهیم کازرونی کو عقیدت پیش کی ہے، پھر اپنے بیٹے مجیرالدین ابوسعید علی سے خطاب کیا ہے اور اسے مزید تحصیل علم و ہنر کی تلقین کی ہے ۔ بعد ازاں مذہب و اخلاقیات پر بارہ مقالات کا سلسلہ شروع ہوتا ہے ۔ ہر مقالے کے تحت عرفانی، دینی اور اخلاق حکایات لکھی ہیں ۔

خاتمے میں عالم رؤیا میں زیارت پیر کا ذکر کیا ہے ۔ اسی حالت میں خواجو کو کلام سنانے کی فرمائش کی جاتی ہے تو وہ اسی مثنوی کے اشعار پڑھتا ہے مثنوی کا نام کمال نامہ اسی عالم میں پیر و مرشد نے تجویز کیا ۔

نام نظمم کمال نامه نهاد
از کمالیّتم دری بکشاد
خرقه داد و اجازتم فرمود
رهِ ملکِ حقیقتم بنمود

دوسرے شعر سے واضح ہوتا ہے کہ خواجو کو عالم رؤیا میں مسند ارشاد کا بھی حق عطا ہوا ۔ میخانۂ عبدالنّبی میں اس حق ارشاد پر یوں روشنی ڈالی ہے : "به کرمان آمد و در آن جا خانقاهی ساخت ۔ بقیهٔ عمر در آن خانقاه با درویشان بخدا پرستی مشغول بوده

Marfat.com

(میخانہ، : طبع لاہور، ۱۹۲۶ء، ص ۷۳).
مثنوی کمال نامہ ابواسحٰق اینجو کے نام معنون ہے ۔ اختتام پر ایک پر زور قصیدہ اس کی شان میں کہا ہے ۔ مثنوی کا سال تصنیف ذیل کے شعر کی رو سے ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء ہے ۔

شد بتاریخ ہفصد و چل و چار
کارِ این نقشِ آزری چو نگار

مثنوی کا قلمی نسخہ، جیسا کہ پہلے ذکر آیا ہے، برٹش میوزیم لنڈن میں موجود ہے ۔

۵۔ گوہر نامہ اخلاق و تصوف کے بیان میں ہے اور نظامی کی عشقیہ مثنوی خسرو و شیرین کی بحر میں لکھی گئی ہے، مصنف نے گوہر نامہ اور گہر نامہ دونوں طرح سے اس کا نام لیا ہے :

چو کردم گوہر افشاں نوکِ خامہ
گہر نامہ نہادم نام نامہ
کہ گوہر نامہ ای را کر بہائی است
بہایش دُرِّ دُرج کبریائی است

مثنوی کا آغاز نعت و مناجات سے ہوا ہے ۔ اس کے بعد مظفری خاندان کے بانی، مبارزالدین کی مدح کی ہے پھر خواجہ بہاءالدین (وزیر مبارزالدین)، اس کے آبا و اجداد اور اس کے جدّ اعلیٰ نظام‌الملک طوسی کے قصائد کہے ہیں ۔ قصائد کے آغاز میں شاعر "دانش افروز" سے خواجہ بہاءالدین کے جدّ اعلیٰ کے متعلق سوال کرتا ہے ۔ اسے جواب ملتا ہے :

گہر جویے چو او عالی گہر کیست ؟
ہنر جویے چو او صاحب ہنر کیست ؟
نظام الملک طوسش جدِ اعلیٰ است
شود کارِ نظام الملک ازو راست

یہ قصائد نظام الملک کی چھے پشتوں کا احاطہ کیے ہوے ہیں ۔ خواجو جیسے شاعر سے یہ توقع تھی کہ وہ اس دور کے کچھ تاریخی واقعات بھی نظم کرے گا لیکن ایسا نہیں ہوا ۔ یہ قصائد محض تعریف و توصیف پر مبنی ہیں ۔ مثنوی میں خواجو نے جگہ جگہ غزلیں بھی لکھی ہیں ۔ آخر میں ایک غزل محبوب کو خطاب کرکے کہی ہے ۔ گوہر نامہ کے اشعار کی تعداد بقول خواجو ۱۰۳۲ ہے :

چو این ابیات مطبوعت پسند است
اگر خواهی که بشماری که چند است
حسابی از نظام الملک بر ساز
وزآن مجموع لام و نون بینداز

گویا ۱۱۱۲ سے ۸۰ کم کرنے سے تعداد ۱۰۳۲ ہوتی ہے ۔ مثنوی کا سال تصنیف ۷۴۶ھ/۱۳۴۵ء ہے :

مه تیر و زمه یک نیم رفته
ز هجرت "ذال" و "واو" و "میم" رفته

مثنوی گوہر نامہ کا ایک خطی نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں ہے ۔ ایک نسخہ برٹش میوزیم لنڈن میں بھی ہے ۔ خمسہ کے علاوہ ایک اور مثنوی مفاتیح القلوب و مصابیح الغیوب بھی خواجو نے لکھی تھی (وو لائلڈن شمارہ ۴۳، کرمانی، ص ۱۰۳۴) اس کا خطی نسخہ شاہ اودھ کے کتب خانے میں موجود ہے (دیکھیے شپرنگر اودھ کیٹلاگ، شمارہ ۳۳۲) یہ مثنوی ۲۸ ابواب پر مشتمل ہے جن میں مذہبی مسائل بیان کیے گئے ہیں ۔

مثنویوں کے سلسلے میں خواجو کے ساقی نامہ کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے ۔ یوں تو ساقی نامہ کے چند اشعار نظامی کے ہاں بالخصوص سکندر نامہ کے ہر باب کے آخر میں آئے ہیں، جن میں ساقی کو خطاب کر کے اگلے باب کی طرف قارئین کو توجہ دلائی ہے لیکن خواجو نے ہمای و ہمایون میں ۹۰ اشعار پر مشتمل مستقل نظم کی صورت میں ساقی نامہ لکھا ہے اس میں وہ بے ثباتی دنیا کا مؤثر انداز میں ذکر کرتا ہے اور اس کے المیہ اثرات کو بھلانے کے لیے ساقی سے حیات آفریں جام طلب کرتا ہے ۔ پہلا شعر یہ ہے :

بدہ ساقی آن عین آب حیات که دوران گیتی، ندارد ثبات

marfat.com
Marfat.com

دیوان خواجو۔ خواجو کا دیوان قصائد، غزلیات اور رباعیات پر مشتمل ہے۔ دیوان کے اشعار کی تعداد دولت شاہ نے ۲۰ ہزار بتائی ہے؛ (نیز دیکھیے شپرنگر، اودھ کیٹلاگ ص ۴۷۲) قصائد جو شامل دیوان ہیں ان میں سے کچھ آل مظفر کے بانی مبارزالدین، ابو اسحٰق اینجو اور شروانشاہ بن منوچہر کی مدح سرائی کی ہے۔ ایک منظوم مکتوب شماخی کے حکمران شروانشاہ کے نام ہے۔ خواجو کا ایک ترجیع بند بھی ملتا ہے، ترجیعی شعر یہ ہے:

که جهان صورت است و معنی دوست
ور بمعنی نظر کنی همه اوست

براؤن نے خواجو کا ایک مستزاد بھی درج کیا ہے اس کے دو مصرعے یہ ہیں:

تاچند مخالف زنی ای مطرب خوشگو   از پردهٔ عشاق
بنواز زمانی من بی برگ و نوا را   از بانگ نوائے

خواجو نے قصائد میں خاقانی اور انوری کی پیروی کی ہے۔ خاقانی اور خواجو کے دو مطلعے بغرض تقابل درج ذیل ہیں:

خاقانی: صبحدم چون کلّه بندد آه دُود آسائے من
چون شفق درخون نشیند چشم شب پیمائے من

خواجو: دوش چون در جنبش آمد قلزم سود اے من
موج خون بر اوج زد چشم محیط آسائے من

مثنویاں اگرچہ خواجو نے نظامی گنجوی کی تقلید میں لکھیں لیکن ان کے مضامین میں خواجو کی انفرادیت بھی نظر آتی ہے۔ غزل البتہ ایسی صنف ہے جس میں خواجو کی انفرادیت نسبةً زیادہ نمایاں ہے۔

خواجو نے عشق و عاشقی کے جذبات کے علاوہ دنیا کی بے ثباتی، وسعت مشرب اور رندی و مستی پر زیادہ زور دیا ہے۔ اکثر پوری کی پوری غزلیں دنیا کی بے ثباتی پر کہی ہیں۔

ایک غزل کے بعض اشعار درج ذیل ہیں:

پیش صاحب نظران ملک سلیمان باد است
بلکه آنست سلیمان که ز ملک آزاد است
آنکه گویند که بر آب نهاد است جهان
مشنو ای خواجه که تا در نگری بر باد است
خاک بغداد بخون خُلفا می گرید
ورنه آن شطّ روان چیست که در بغداد است
حاصلی نیست بجز غم بجهان خواجو را
خرّم آنکس که بکلّی ز جهان آزاد است

خواجو کی غزل گوئی کی یہی خصوصیت ہے جس پر حافظ نے اپنی شاعری کی بنیاد قائم کی اور اس کے اسلوب میں غزل سرائی کی۔ چنانچہ وہ اس بات کے معترف بھی ہیں:

استاد غزل سعدی است پیش همه کس امّا
دارد سخن حافظ، طرز و روش خواجو

شبلی نعمانی نے خواجو اور حافظ کی غزلیات کا موازنہ کیا ہے (شعرالعجم، ج ۲، ص ۲۱۲ تا ۲۱۶، طبع لاہور ۱۹۲۴ء)، جس سے یہ حقیقت اور بھی واضح ہو جاتی ہے کہ حافظ نے خواجو کا اسلوب اختیار کیا، یہاں تک کہ جزئیات میں بھی اس کی پیروی کی۔ دو غزلوں کے ایک ایک شعر درج ذیل ہیں:

خواجو: ایا صبا خبری کن مرا ازان که تو دانی
بدان زمین گذری کن بدان زمان که تو دانی

حافظ: نسیم صبح سعادت برآن نشان که تو دانی
گذر بکوی فلان کن درآن زمان که تو دانی

خواجو: منزل از یار قرین است چه دوزخ چه بهشت
سجدهٔ ای گر به نیاز است، چه مسجد چه کنشت

حافظ: همه کس طالب یاراند چه هشیار چه مست
همه جا خانهٔ عشق است چه مسجد چه کنشت

تصوف و عرفان خواجو کی مثنویات کے تو خاص موضوع ہیں لیکن بعض غزلیات میں بھی صوفیانہ رنگ نمایاں ہے۔

خواجو کے سال وفات کے بارے میں تذکرہ نویسوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ دولت شاہ سمرقندی نے اس کا سال وفات ۷۴۲ھ/(۱۳۴۱-۱۳۴۲ء) لکھا ہے

Marfat.com

(تذکرۃ الشعراء، ص ۲۵۱) عبدالنبی نے بھی میخانہ میں یہی سال وفات دیا ہے (ص ۳۷،۴۷) لیکن یہ درست معلوم نہیں ہوتا کیونکہ ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء میں اس نے مثنوی کمال نامہ مکمل کی اور خود تاریخ بھی کہی، جیسا کہ اس کا ذکر اوپر آ چکا ہے۔ خزانۂ عامرہ میں اس کا سال وفات ۷۵۳ھ/۱۳۵۲ء دیا گیا ہے۔ براؤن بھی اس سے متفق ہیں (دیکھیے *A Literary History of Persia* : vol 3. ص ۲۲۳ مزار 'تنگ اللہ اکبر' میں بیان کیا جاتا ہے لیکن اس پر کوئی کتبہ نصب نہیں۔

**مآخذ:** (۱) خمسۂ خواجو: ہمای و ہمایون، نو روز و گل، روضۃ الانوار، کمال نامہ، گوہر نامہ: (۲) دولت شاہ سمرقندی: تذکرۃ الشعراء، طبع براؤن، ۱۹۰۰ء؛ (۳) عبدالنبی: میخانہ، طبع محمد شفیع لاہوری؛ (۴) غلام علی آزاد بلگرامی: خزانۂ عامرہ؛ (۵) لطف علی بیگ آذر: آتشکدہ، بمبئی ۱۲۹۹؛ (۶) حمد اللہ المستوفی: تاریخ گزیدہ، طبع براؤن؛ (۷) Rieu : Cat. Persian MSS؛ (۸) Sprenger : *Oudh Catalogue*؛ (۹) Rosen : *Manuscr Persans de l' Institut*؛ (۱۰) Cat. Persian Poets Bankipore,: Firdausi to Hafiz؛ (۱۱) *Grundriss der Iran Phil II, 248*؛ (۱۲) E.G. Browne : *A Literary History of Persia*، ج ۳؛ (۱۳) شبلی نعمانی: شعرالعجم، ج ۲، طبع لاہور۔

(مقبول بیگ بدخشانی)

* ⊗ **خواجہ:** (ف)، جس کے اشتقاق کا صحیح علم نہیں [توران میں سادات کا لقب (محمد بادشاہ شاد: فرہنگ آنندراج، ج ۲، طبع کتابخانۂ خیام)] یہ عزت کا لقب ہے جو ممتاز شخصیتوں کے لیے مخصوص ہے۔ عام طور پر یہ لقب بادشاہ کے وزیروں کا ہوتا تھا۔ جو اہل دانش میں سے چنے جاتے تھے [مثلاً ملک زوزن را خواجہ بود کریم النفس و نیک محضر، الخ (سعدی: گلستان، ۱، ۵۴، طبع چاپخانۂ علی اکبر ۱۳۲۷ھ ش)]۔

چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے شروع میں یہ لفظ انوری کے ایک شعر میں ملتا ہے؛ اس سے مشتق اسم ذات 'خواجگی' جو سوداگر یا تاجر کے مفہوم میں ہے Meninski اور سسلی (صقلیہ) کی دستاویزوں میں ملتا ہے جنھیں Michele Amari نے شائع کیا (ص ۲۱۲، ۲)۔

[انھیں معنوں میں مولانا جلال الدین رومی کے ہاں بھی آیا ہے:

از سوی خانہ بیامد خواجہ اش
بر دکان بنشست فارغ خواجہ وش

(مثنوی معنوی چاپ امیر کبیر، ۱۳۳۶ھ ش۔ عدد ۲۵۱)، انھیں کے ہاں خواجہ 'آقا' کے معنی میں بھی آیا ہے:

خواجہ چون بیلی بدست بندہ داد
بی زبان معلوم شد او را مراد (عدد ۹۳۲)

سعدی لکھتے ہیں:

من و تو ہردو خواجہ تاشانیم بندۂ بارگاہ سلطانیم

خواجہ بمعنی توانگر (مغرور) بھی آیا ہے۔ سعدی:

خواجہ پندارد کہ دارد حاصلی
حاصل خواجہ بجز پندار نیست

صائب:

یوسف مصر وجودیم از عزیزیہا ولیک
ہر کہ با ما خواجگی از سرگذارد بندہ ایم

خواجہ 'عارف کامل' کے معنوں میں بھی آیا ہے؛ حضرت معین الدین چشتی سید تھے لیکن عشق الٰہی اور محبت رسول ؐ کی بدولت جو انھیں عرفان حاصل ہوا، اس سے وہ خواجہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔ خضر علیہ السلام کو بھی عرفان کی بدولت خواجہ خضر کہہ دیتے ہیں۔ خواجہ 'برگزیدہ' کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے خواجہ حافظ شیرازی۔ معنوی مناسبت اور امتیاز کی غرض سے پاکستان و ہند میں خواجہ، (جو عزیزوں کا لقب ہے) کا الف حذف کرکے خوجہ لکھتے ہیں، یہاں تک کہ کشمیریوں کا لقب بھی الف کے بغیر ہی مستعمل ہے۔ (فرہنگ آنند راج، ۲)۔ اب تو کشمیری

marfat.com
Marfat.com

برادری کے لیے خوجه کے بجاے خواجه ہی آتا ہے کبھی خواجه کی تصغیر خواجو بھی لکھ دیتے ہیں۔ (دیکھیے Grundris der Iran. Phil., i/ii) جیسے خواجو کرمانی:

عربی میں اس کا رواج خواجا اور خواجه کی شکلوں میں ہوا۔ زمانۂ حال کے خواجه (مشرقی زبانوں میں) کے معنی جناب، مسٹر اور موسیو کے ہیں۔ عثمانلی ترکی میں اس لفظ کو خوجه [رک بآں] کی شکل میں مستعار لے لیا گیا اور یہاں یہ، کاتب، محرر، نقل کنندہ، اور ذاتی اتالیق کے معنوں میں آیا ہے۔ اس کے علاوہ یہ لفظ عربی کی مغربی بولیوں میں بھی پایا جاتا ہے جہاں اس لفظ کو اسی تلفظ اور معنی کے ساتھ لے لیا گیا ہے۔ یہ الف لیله و لیله میں بھی ملتا ہے (دیکھیے ڈوزی: ضمیمه) خوجه کا خطاب شیخ کی طرح، ترکستان میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کی اولاد کو دیا جاتا ہے، جو حضرت فاطمه رضی اللہ عنہا کے سوا ان کی دوسری بیویوں سے ہیں۔

**مآخذ**: Defrémery : *Mémoires d' histoire Orientale*، ج ۲، ص ۳۰۷ عدد ۱؛ (۲) Malcolm : *History of Persia*، لاہور ۱۸۸۸ء، ص ۸۶؛ (۳) سعدی: گلستان، کتاب فروشی و چاپخانۂ علی اکبر علمی، ۱۳۲۷ھ ش؛ (۴) جلال الدین رومی: مثنوی معنوی از انتشارات امیر کبیر، طبع ۱۳۳۶ھ ش تہران؛ (۵) محمد پادشاہ: فرہنگ آنندراج، از انتشارات کتابخانۂ خیام، طبع تہران ۱۳۳۶ھ ش؛ (۶) ٹیک چند بہار: بہار عجم، طبع نولکشور لکھنؤ ۱۹۱۶ء؛ (۷) فرہنگ آصفیه.

(CL. HUART [و ادارہ])

* خواجه اجمیری: رک به چشتی.

* ® خواجه خِضر: (یا خَضِر) [خِضر، قب لسان العرب: بِخضر و خَضِر، قب غیاث اللغات: خِضر، خِضر قب فرہنگ آنندراج: ج ۲ [نیز رک به الخضر].

گر خضر در بحر کشتی را شکست
صد درستی در شکست خضر ہست

(مثنوی معنوی)، تہران، ۱۳۳۶ھ، ۲۳۶

غالب: کیا کیا خضر نے سکندر سے، الخ۔

اقبال: دیکھتا کیا ہوں کہ وہ پیک جہاں پیما خضر، الخ بانگ درا، طبع لاہور، ۲۸۸-۲۱۹ - ۵۵، وہ داستانیں اور قصے جو الخضر سے متعلق ہیں ان کا مبدأ وہ قرآنی کنایه ہے جو سورہ ۱۸، آیات ۵۹-۸۱ میں موجود ہے [رک به الخضر] ہندوستان میں انھیں بہت سی جگھوں پر دریا کے دیوتا یا کنوؤں اور چشموں کی روح کا روپ سمجھا جاتا ہے۔ ان کا ذکر سکندر نامے میں ایسے بزرگ کی حیثیت سے آیا ہے جو چشمۂ حیات کے نگران تھے۔ یہ نام پاکستان و ہند میں اپنا لیا گیا ہے۔ ہندو مسلم سب ان کی عزت کرتے ہیں۔ دریاے سندھ کے آس پاس انھیں اکثر دریا کا اوتار سمجھا جاتا ہے اور کبھی کبھی وہ سبز لباس میں ملبوس ایک عمر رسیدہ شخص کی صورت میں دیکھنے میں بھی آتے ہیں۔ اگر کوئی آدمی ڈوبنے سے بچ جائے تو کہا جاتا ہے، اسے خواجه خضر نے بچا لیا۔ (قب Temple : *Legends of the Panjab*، ۱: ۲۲۱).

[خضر کی روحانی فضیلت اور حضرت موسیٰ کے ساتھ ان کے ہم سفر ہونے کا ذکر اکثر شعرا نے کیا ہے۔ اقبال:

کشتیِ مسکین و جانِ پاک و دیوارِ یتیم
علمِ موسیٰ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش

علامه اقبال نے اشعار ذیل میں خضر کو 'نگرانِ بحر' اور 'رہنماے جویاے اسرار' کے طور پر پیش کیا ہے:

ساحلِ دریا پہ میں اک رات تھا محوِ نظر
گوشۂ دل میں چھپائے اک جہانِ اضطراب
دیکھتا کیا ہوں کہ وہ پیکِ جہاں پیما خضر
جس کی پیری میں ہے مانندِ سحر رنگِ شباب
کہہ رہا ہے مجھ سے اے جویاے اسرارِ ازل

Marfat.com

چشم دل وا ہو تو ہے تقدیر عالم بے حجاب

"جواب خضر" نظم میں خضر کو صحرا نورد ظاہر کیا ہے اور ان کے 'تگاپوے دمادم' کو زندگی کی دلیل بتایا ہے:

کیوں تعجب ہے مری صحرا نوردی پر تجھے
یہ تگاپوے دمادم زندگی کی ہے دلیل

[بانگ درا، ص ۲۹۱].

ایک بلوچ شاعر کی نظم میں، جو دریاے سندھ کی ایک جنگ کے بارے میں ہے، ایک کشتی کے دریا میں چھوڑ دیے جانے کا بیان ہے تاکہ "وہ خواجہ خضر کی لہروں میں تیرے" اور یہ دعوٰی کیا گیا ہے کہ "خواجہ خضر خود اس جنگ کو یاد رکھیں گے" (بلوچوں کی عوام پسند شاعری = *Popular poetry of the Baloches*، ۱ : ۷۳) ایک اور شاعر نے خضر کا نام میکائیل کے نام کی جگہ بطور ایک بڑے فرشتے کے لیا ہے۔ ان کی خانقاہ (Shrine) سندھ کے ایک جزیرے میں بھکر کے پاس ہے جہاں ہر مذہب کے عقیدت مند زیارت کو جاتے ہیں (*Sind Revisited*، ۲ : ۲۲۶) - Manucci جو بھکر کے محاصرے (۱۰۶۹ھ / ۱۶۵۸ء) کے وقت موجود تھا، اس زیارت گاہ کا ذکر Coia Quitan کے نام سے کرتا ہے۔

نیز دیکھیے Burnes : *Travels into Bukhara* لنڈن ۱۸۳۴ء.

ان بزرگ کے بارے میں یہ یقین کیا جاتا ہے کہ وہ ایک مچھلی پر سوار ہوتے ہیں۔ مچھلی کو اودھ کے بادشاہوں نے اپنا امتیازی نشان (crest) بنا لیا تھا جو ان کے سکوں پر بھی کندہ ہوا۔ مسلمانوں میں لڑکے کے عقیقے کے موقع پر خواجہ خضر کی فاتحہ دی جاتی ہے اور ساتھ ہی ایک چھوٹی سی کشتی دریا میں ڈالی جاتی ہے؛ موسم برسات کے ختم ہونے پر بھی ایسا ہی کیا جاتا ہے۔

**مآخذ**: (۱) جلال الدین رومی: مثنوی معنوی، طبع محمد علی علمی، تاریخ ندارد؛ (۲) اقبال: بانگ درا، طبع لاہور؛ (۳) Crooke : *Popular Religion and Folklore of N. India*، لنڈن ۱۸۹۶ء؛ (۴) Burton : *Sind revisited*، لنڈن ۱۸۷۷ء؛ (۵) Temple : *Legends of the Panjab*، ج ۱، بمبئی ۱۸۸۳ء؛ (۶) Longworth Dames : *Popular Poetry of the Baloches*، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ (۷) W. Irvine : *Storia do Mogor (Manucci)*، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ (۸) A. Burnes : *Travels into Bokhara*، لنڈن ۱۸۳۴ء؛ (۹) J. Wise : *Muhammadans of Eastern Bengal, Journ. As. Soc. Bengal*، ۱۸۹۴ء، شمارہ ۶۳، جز ۳، ص ۳۸ ببعد.

(M. LONGWORTH DAMES [و ادارہ])

⊗ * **خوارزم**: یا خیوہ، ایک ملک، جو آمو دریا [رک بآں] کی زیریں گزرگاہ پر واقع ہے۔ قیاس ہے کہ ایک زرخیز ڈیلٹا کے علاقے پر مشتمل ہونے کے باعث یہ ملک قدیم زمانے ہی سے وسط ایشیا کی تہذیب کے ارتقا میں بڑی اہمیت کا حامل رہا ہوگا۔ نولدکہ Nöldeke (در Z.D.M.G.، ۵۶ : ۴۳۴ ببعد) کے اعتراضات کے باوجود J. Marquart کی اس متنازع فیہ رائے کے حق میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے کہ "خوارزم ہی 'ایریانیم ویجو' (Airyanem-Waedgo) یعنی سرزمین اوستا، تھا" (*Erānšahr*، برلن ۱۹۰۱ء، ص ۱۵۵)۔ ہیروڈوٹس Herodotos (۳ : ۱۱۷) کے قول کے مطابق دریاے آکیس Akes کی وادی، جو بین الاقوامی اعتبار سے بہت اہم تھی، ایرانیوں کی حکومت سے پہلے خوارزمیوں کے قبضے میں تھی۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ وسط ایشیا کی تاریخ میں اس وقت بھی قدیمی خوارزم خاصی اہمیت رکھتا تھا۔ ہکاتایوس Hekataios (جز ۱۷۲ و ۱۷۳) کے بیان کی رو سے سرزمین خوارزمیان (Chorazmians) پارتھیا [موجودہ خراسان] کے مشرق میں واقع تھی اور دارالحکومت کا نام خوارزمیا Chorasmia (χορασμίη) تھا۔ بقول ہیروڈوٹس (۷ : ۶۶) خشیارشا (Xerxes [= اخشویرش]) کی فوج کا ایک حصہ اہل پارتھیا

Marfat.com

اور خوارزمیوں پر مشتمل اور ایک ہی سپہ سالار کے ماتحت ہوا کرتا تھا، تاہم ہیروڈوٹس کا یہ بیان (۳:۹۳) محل نظر ہے کہ نہ صرف خوارزمیا اور پارتھیا کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیا گیا بلکہ سغدیانہ [الصغد] اور اریہ Aria [=ہراۃ] کو بھی اس میں شامل کر دیا گیا.

سکندر اعظم کے زمانے میں خوارزم کے باشندے شاہنشاہ ایران کی رعایا نہیں رہے تھے بلکہ ان کا اپنا بادشاہ تھا؛ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ انہوں نے ایرانی حکومت کا جوا کب اور کیسے اتار پھینکا ۔ بقول اریان Arrian (۴: ۱۵، س ۴ تا ۵) ۳۲۸ ق م کے موسم بہار میں سکندر نے شاہ خوارزمیان، فرسمانیس Pharasmanes، کا باختر [=بلخ] میں استقبال کیا تھا، جو ڈیڑھ ہزار سواروں کے جلو میں وہاں پہنچا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ فرسمانیس کا دعوٰی تھا کہ اس کی حدود سلطنت مغرب میں بحیرۂ اسود کے ساحل پر کلخیس (Colchis) تک پھیلی ہوئی ہیں ۔ کرتیوس (Curtius) (۸: ۱، س ۸) نے محض شاہ خوارزمیان کی بھیجی ہوئی ایک سفارت کا ذکر کیا ہے اور وہ اس بادشاہ کا نام فراتافرنیس (Phrataphernes) بتاتا ہے.

اس کے بعد آٹھویں صدی عیسوی تک خوارزم کی سیاسی تاریخ کا کوئی پتا نہیں چلتا ۔ اسی طرح اس کا محل وقوع بھی غیر یقینی ہے ۔ بقول بطلیموس (Ptolemy) خوارزمی دریاے جیحون [= آمو دریا] کے مشرق کنارے پر آباد تھے اور ان کی جاے سکونت اور زمانۂ مابعد کے دارالسلطنت کاث [رک بآں] یا کات (شیخ عباس ولی کے موجودہ کھنڈروں) کی جاے وقوع ایک ہی تھی ۔ اس کے خلاف خوارزم کے قدیم ترین چینی نام یوکین (Yue-Kien) سے (جوہنوں (Hans) کی ابتدائی تاریخ میں مذکور ہے) یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ شہر گرگانج (موجودہ کُنیۂ ۔ اُرگنج Kunya-Urgenč) ہے ۔ البیرونی نے جو مقامی روایت بیان کی ہے، (آثار الباقیۃ، طبع Sachau ص ۳۵) اس کے مطابق فیر یا فیل، یعنی کاث کا قلعہ ۶۱۶ عہد ساوُشی (۴۰۳ م) تک نہیں بنا تھا ۔ البیرونی کے بیانات اور بعد کے زمانے کی اطلاعات سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ متاخر مسلمان مصنفین (ابن الاثیر، طبع ٹورن برگ، ۹: ۲۶۷) کا یہ خیال واقعات کے مطابق نہیں کہ ایک قدیمی خوارزم بحیرۂ خزر کے قریب دریاے بلخان کے کنارے واقع تھا.

خوارزم میں سلوکسی عہد کے آغاز سے ۹۸۰ سال قبل (۱۲۹۲ ق م) خوارزم میں تہذیب و تمدن کی ابتدا، سیاوش کی آمد اور بانوے سال بعد، یعنی ۱۲۰۰ ق م میں اس کے بیٹے کیخسرو کے قیام سلطنت اور حماسۂ ملی کے اس بطل جلیل کی نسل سے ایک مقامی خانوادۂ شاہی کے ظہور کے بارے میں البیرونی نے جو کچھ بیان کیا ہے، وہ بڑی حد تک افسانوی روایات پر مشتمل ہے ۔ اس خاندان کے نسب نامے کے بارے میں اس کے بیانات ۳۰۴ء سے ۹۵۵ء تک کے دور پر حاوی ہیں ۔ اس نے بتایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانے میں یہاں کون کونسے بادشاہ حکومت کرتے تھے، قتیبۃ بن مسلم نے ۹۳ھ/۷۱۲ء کے قریب اس سرزمین کو فتح کرنے کے بعد کسے تخت پر بٹھایا تھا؟ اور یہ کہ مؤخرالذکر بادشاہ کا نام شاوش فر تھا ۔ خاندان تانگ Tang (تانگ شو T'ang-shu) کے چینی وقائع میں ایک سفارت کا ذکر ملتا ہے جو خوارزم کے بادشاہ شاوشی فین Shao-she-fen نے ۷۵۱ء میں چین بھیجی تھی (E. Chavannes: *Documents sur les Turcs Occidentaux*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۹۰۳ء ص ۱۴۵) ۔ اس سے البیرونی کے بیان کی تصدیق تو ہو جاتی ہے لیکن اس کے برعکس البیرونی کا یہ بیان قرین قیاس نظر نہیں آتا کہ عالموں اور پروہتوں کا قتل عام کر دیا گیا اور کتابوں کو جلا دیا گیا تھا (وہی کتاب، ص ۳۶، س ۲ و ص ۴۸، س ۱۳) ۔ خوارزم کی تقویم اور ان کے تہواروں کے بارے میں اس کے ہاں جو حوالے

Marfat.com

ملتے ہیں، ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ آٹھویں صدی عیسوی تک خوارزم میں، اور گیارھویں صدی عیسوی تک زرتشتیوں کے یہاں ایک بہت قدیم ایرانی تہذیب کا وجود باقی تھا - یہ زرتشتی اس زمانے میں (یعنی ۱۰۰۰ء میں، جب آثار الباقیۃ تالیف ہوئی) اپنے مذہب کے پرجوش پیرو نہیں رہے تھے اور اس کے بارے میں ان کی معلومات محض چند ظاہری رسوم تک محدود تھیں - خوارزم میں زرتشتیوں کے علاوہ عیسائی بھی تھے، لیکن وہ ایران اور وسط ایشیا کے بیشتر عیسائیوں کی طرح نسطوری نہیں تھے بلکہ ان کا تعلق راسخ العقیدہ یونانی کلیسا سے تھا (الملکائیون، قب البیرونی : کتاب مذکور، ص ۲۸۸ س ۱۵) - دوسرے مذاہب کے پیرووں، مثلاً یہودیوں کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا حالانکہ مشہور فہرست امصار (دیکھیے Marquart : *Grunder. d. iran. Phil.*، ۲ : ۱۱۸ ؛ *Eranšahr*، ص ۷) میں خوارزم کے متعلق لکھا ہے کہ اس کی بنیاد نرسیس (Narses) پسر یزدگرد اول (۳۹۹ تا ۴۲۰ء) اور اس کی یہودی بیوی نے رکھی تھی - اسی طرح K. Instrancev : *Zurn. Min. Norodn. Prosveshč*، ۱۹۱۱ء شمارہ ۲، ص ۲۹۳ ببعد) نے قیاس ظاہر کیا ہے کہ الطبری ۳ : ۱۲۳۷، س ۱۷ نے جن اَحبار کا ذکر کیا ہے وہ یہودی تھے، لیکن اس قیاس کے متعلق کم از کم اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ وہ محل نظر ہے (قب احبارالنصارٰی، ۱ : ص ۴۰، س ۱۴) - خوارزم میں جو ایرانی بولی رائج تھی اس کے بارے میں ان الفاظ سے کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہے جو البیرونی نے تقویم اور تہواروں کے ناموں وغیرہ کے ضمن میں استعمال کیے ہیں - چند اَور الفاظ بعض دوسرے مآخذ میں بھی ملتے ہیں، مثلاً "غاؤ خُوارَہ"، بمعنی گائے کا چارا (الاصطخری، ص ۳۰۱)؛ پوئند، بمعنی روٹی (یاقوت، ۲ : ۴۸۸، س ۱۵ ["بکند"، در یاقوت، طبع قاہرہ]، بحوالۂ ابن فضلان) - عربوں کے نزدیک خوارزمی زبان ایسی تھی جسے غیر ملکی سمجھنے سے قاصر تھے (الاصطخری، ص ۳۰۴؛ نیز المقدسی، ص ۳۳۵، س ۹) - اس زبان میں پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کی لکھی ہوئی دستاویزات اب تک موجود ہیں (البیہقی، طبع Morley ص ۸۴۲).

فتوحات اسلامی کی تاریخ میں مضبوط قلعہ بند دارالحکومتوں (البیرونی کی طرح الطبری نے بھی تین قلعوں کا ذکر کیا ہے) کے علاوہ شہر ہزار اسپ خُومِجرد کا بھی ذکر ملتا ہے، مگر مؤخرالذکر نام بعد میں مذکور نہیں ہوا - یہاں بادشاہ کا ایک بھائی حکومت کرتا تھا - فتوحات کے بعد البیرونی کے قول کے مطابق صرف خطاب شاہی ("شاھیہ") مقامی بادشاہوں کے پاس رہ گیا - اصل اقتدار ("ولایۃ") کبھی ان کے اور کبھی دوسروں کے ہاتھ میں ہوتا تھا - ۱۱۰ھ/۷۲۸ء میں کُردَر (نزد بحیرۂ ارال) کے باشندوں کی ایک بغاوت کا ذکر آیا ہے (الطبری، ۲ : ۱۵۲۵) - گُرگانج (عربی: جُرجانیہ) میں خوارزم شاہوں سے الگ ایک خود مختار ریاست قائم ہو گئی، لیکن یہاں کے فرمانرواؤں یا ان کی حکومت کی ابتدا کے بارے میں کچھ معلوم نہیں - ابن فضلان کے بیان سے، جس کا مفہوم یاقوت (طبع وُسٹنفلٹ، ۲ : ۴۸۴، س ۱۳) نے غلط سمجھا ہے، صرف اتنا پتا چلتا ہے کہ گُرگانج ۹۲۲ء کے لگ بھگ خوارزم سے متعلق نہیں تھا - ۳۸۵ھ/۹۹۵ء میں گُرگانج کا حاکم مامون بن محمد پرانے خاندان کو ختم کرکے اس کے علاقے پر متصرف ہوگیا اور یوں خوارزم کو ازسرنو سیاسی یک جہتی حاصل ہوگئی - خوارزم شاہ کا لقب والی گُرگانج نے اختیار کر لیا.

۳۸۷ھ/۹۹۷ء میں مامون کی وفات کے بعد یکے بعد دیگرے اس کے دو بیٹے، علی اور مامون ثانی، بادشاہ ہوئے - گُرگانج کے کھنڈروں میں مؤخرالذکر کا ایک عربی کتبہ ملتا ہے (جس میں کسی مینار کی

Marfat.com

تعمیر کا ذکر ہے)۔ یہ کتبہ ۴۰۱ھ/ ۱۰۱۰-۱۰۱۱ء کا ہے (اسے N. Katanow نے *'Zopiski vost. otd. askh. obshc* : ۱۵ : ۱۰۵ ببعد، نے شائع کیا ہے) - اس بادشاہ نے جب سلطان محمود کے مطالبے پر اس کا نام خطبے میں شامل کیا تو اس کی فوج نے بغاوت کر دی اور اسے قتل کر ڈالا - اس پر محمود نے صفر ۴۰۸ھ/ جولائی ۱۰۱۷ء میں خوارزم پر قبضہ کر لیا - البیہقی (طبع Morley، ص ۸۳۸) نے ان سب واقعات کو بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے اور اس سلسلے میں اس نے البیرونی کی ایک گم شدہ تصنیف (قب Barthold : *Turkestan*، ۲ : ۲۸۹ ببعد) کا تتبع کیا ہے - اب خوارزم کی حکومت اور خوارزم شاہ کا لقب سلطان محمود کے مقرر کردہ حاکم آلتون تاش کو ملا - ۴۳۲ھ/ ۱۰۴۱ء میں اس خاندان کے خاتمے تک آلتون تاش اور اس کے بیٹوں کے حالات کے لیے رک بہ آلتون تاش؛ اس خاندان کو جَنْد کے فرمانروا شاہ ملک نے مغلوب کیا تھا - دو سال بعد سَلْجُوق (محمود کاشغری : دیوان لغات ترک، ۱ : ۳۹۷ ببعد کی رو سے یہی تلفظ صحیح ہے؛ عربی املا سلجوق اصل ترکی تلفظ کے مطابق نہیں) بادشاہ چغری بیگ [رک بآں] نے اس کا تختہ الٹ دیا - چند وقفوں سے قطع نظر سلطان سَنْجَر [رک بآں] کے عہد، یعنی ۵۵۲ھ/۱۱۵۷ء تک خوارزم سلاجقہ کی سلطنت کا حصہ رہا۔

گیارھویں صدی عیسوی کے آخری برسوں میں قطب الدین محمد [رک بآں] نے خوارزم میں ایک نئے خاندان کی بنیاد رکھی - اس علاقے کا نظم و نسق اول والیِ خراسان نے اور بعد ازاں سلطان سنجر نے اس کے سپرد کیا تھا - اس خاندان کی حکومت کا اصل مؤسس چغری بیگ کا بیٹا اَتْسز تھا (اس کے حالات کے لیے رک بہ اتسز)، جو تادم مرگ سلطان سنجر کا باج گزار رہا اور قراختای [رک بآں] کو خراج بھی ادا کرتا رہا - اس کے بعد خوارزم پر یکے بعد دیگرے ایل آرسلان (۱۱۵۶ تا ۱۱۷۲ء)، تِکِش (۱۱۷۲ تا ۱۲۰۰ء) اور محمد (۱۲۰۰ تا ۱۲۲۰ء) نے حکومت کی اور ان کے عہد میں یہ ریاست بہت طاقتور ہو گئی - ۵۹۰ھ/ ۱۱۹۴ء میں ایران کا آخری سلجوق بادشاہ طُغرل، تکش کے مقابلے میں لڑتا ہوا مارا گیا - اب خوارزم شاہ نہ صرف مغربی ایشیا کی سیادت کے سلسلے میں اپنے آپ کو سلاجقہ کا جانشین سمجھ سکتا تھا بلکہ خود خلیفہ کے مقابلے میں بھی وہ اسی قسم کا دعوٰی پیش کر سکتا تھا - ۶۰۷ھ/ ۱۲۱۰ء میں آخری گورخانی فرمانروا پر محمد کی فتح کے بعد قراختای حکومت کا جوا بھی اتر گیا - محمد کی سلطنت سیر دریا کے دائیں کنارے سے لے کر ان پہاڑی درّوں تک پھیلی ہوئی تھی جو ایران اور وادی دجلہ کے درمیان واقع ہیں - جنوب میں اس کی سیادت جزیرہ نماے عرب میں (عمان میں) بھی تسلیم کی جاتی تھی - ان دنوں خوارزم کا شمار عالم مشرق کے شاندار شہروں میں ہوتا تھا - اس وقت تک یہ ملک غالبًا ترکی اثرات قبول کر چکا تھا، چنانچہ بعض جغرافیائی مقامات کے ترکی نام پائے جاتے ہیں، مثلاً صوقرا (ابن الاثیر، ۱۲ : ۱۲۲) یا قراصو (طبقات ناصری، مترجمۂ Raverty، ص ۴۷۳)۔

اس ملک کی تاریخ میں خوارزم کو ایک اول درجے کی طاقت کی حیثیت سے پہلی اور آخری بار جو ترقی نصیب ہوئی وہ اس کے وسیع تجارتی تعلقات کی مرہون منت تھی، جن کا ذکر الاصطخری جیسے قدیم مصنف کے ہاں بھی ملتا ہے (*BGA*، ص ۳۰۴ ببعد) - محمد ان تجارتی روابط کو اپنے سیاسی مفاد کے لیے استعمال کرنے کا خواہاں تھا - اسی باعث اس کی چنگیز خاں [رک بآں] سے جنگ ہوئی اور اس کی سلطنت کو زوال کا سامنا کرنا پڑا - اس کے خاندان کے تمام افراد گرگانج سے نکل گئے اور یہ شہر سخت مدافعت کے بعد صفر ۶۱۸ھ/ اپریل ۱۲۲۱ء میں دشمن کے قبضے میں آ گیا - کہا جاتا ہے کہ یہاں کی پوری

Marfat.com

آبادی کو قتل یا آمو دریا میں غرق کر دیا گیا ۔

اس کے بعد ۱۴۰ برس تک خوارزم پر آلتون اردو کا قبضہ رہا، البتہ اس کے جنوبی حصے، جن میں کاث اور خیوہ شامل تھے، چغتائی سلطنت [رک بہ چغتای خانیہ] ماتحت رہے ۔ گر گانج، جسے مغول اور ترک اُرگنج Urgenč کہتے تھے، کچھ سال بعد کسی اور مقام پر دوبارہ بسایا گیا (ابن الأثیر، طبع Tornberg، ۱۲ : ۳۲۳)۔ ۱۳۳۳ءمیں ابن بطوطہ (طبع Defrémery و Sanguinetti، ۳ : ۱ ببعد) نے اور ۱۳۴۰ء میں Balducci Pegolotti (در H. Yule ; *Cathuy and the way Thither*، ۲ : ۲۷۹ ببعد) نے اسے ایک آباد اور پررونق تجارتی شہر بتایا ہے ۔ مشرقی یورپ اور مشرقی ایشیا کے درمیان بڑی راستے پر یہ غالبًا اہم ترین منڈی تھی۔ معاشی خوشحالی کے ساتھ ساتھ یہاں ادب اور فنون لطیفہ کو بڑی ترقی نصیب ہوئی، چنانچہ خوارزم کو "مجمع اعیان جہان" کہا جاتا تھا (عبدالرزاق سمرقندی : مطلع سعدین، مخطوطۂ جامعۂ سینٹ پیٹرزبرگ، عدد ۱۵۷، ورق ۱۷۳ - الف)۔ معتزلہ عقائد کی اشاعت یہاں پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں ہوئی (قب I. Goldziher، در *Islam*، ۳ : ۲۲۰ ببعد) ۔ آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے نصف آخر تک یہاں معتزلہ عقائد کے پیرو موجود تھے، لیکن اس کے بعد مغربی ایشیا میں ان کا نام و نشان باقی نہ رہا (خوارزم میں معتزلہ تحریک کے بارے میں قب ابن بطوطہ، ۳ : ۸؛ ابن عرب شاہ، قاہرہ ۱۲۸۵ھ، ص ۱۸، جہاں خوارزم کے موسیقاروں کے کمال فن کا ذکر بھی موجود ہے) ۔ قدیم ارگنج کے کھنڈروں میں اس صدی کی بنی ہوئی عمارتوں کے جو آثار باقی ہیں وہ وسط ایشیا کی بہترین تعمیرات میں شمار ہو سکتے ہیں ۔ ان میں تُرا بیگ خانم کا مقبرہ بالخصوص قابل ذکر ہے (جس کے لیے دیکھیے ابن بطوطہ، ۳ : ۴ س ۹ و ۱۰)۔ یہ خاتون یہاں کے والی قتلُو دمُر کی بیوی تھی ۔ زمانۂ مابعد میں تیمور نے کاش [کذا] میں آق سرای کی تعمیر خوارزمی کاریگروں ("استادان خوارزمی"، در مطلع سعدین، ورق ۳۷ ب) سے کرائی تھی ۔

۱۳۶۰ء کے تھوڑے ہی عرصے بعد خوارزم میں صوفی نام کا ایک خود مختار خانوادہ برسر اقتدار آیا، جس کا تعلق قونغرات کے خاندان سے تھا ۔ ان حکمرانوں نے طلائی سکّے ڈھلوائے، جن پر کسی کا نام نہیں، بلکہ محض "الملک للہ" درج تھا ۔ اس قسم کے اولین سکّے ۷۶۵ھ/ ۱۳۶۳ - ۱۳۶۴ء کے ہیں ۔ خوانین آلتون اردو (=اردوے مُطَلّا = Golden Horde) کے سکّے ۷۶۲ھ/ ۱۳۶۰ - ۱۳۶۱ کے ملتے ہیں ۔ اس خاندان کے بانی حسین صوفی نے چغتائیوں سے کاث اور خیوہ چھینے تو تیمور نے اس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ۔ متعدد معرکوں کے بعد ۱۳۷۹ء میں تیمور نے خوارزم فتح کر لیا ۔ تیمور اور تُقتَمِش کے مابین جنگوں میں خوارزمیوں نے مؤخرالذکر کا ساتھ دیا ۔ خان مذکور کے نام کے سکّے ۷۸۵ھ/ ۱۳۸۳ - ۱۳۸۴ء ہی میں ڈھالے جا چکے تھے ۔ ۱۳۸۸ء میں تیمور نے دوبارہ خوارزم فتح کیا، جہاں تُقتَمِش نے اپنے گھرانے کے امیر اور مقامی خانوادے کے ایک نمائندے سلیمان صوفی کو متعین کر دیا تھا ۔ دارالسلطنت ارگنج (جسے قبل ازیں کاث کی طرح ملک کے نام پر خوارزم کہتے تھے) بالکل تباہ ہو گیا اور اسے زمین کے برابر کرکے وہاں جو بو دیے گئے ۔ اس بربادی کے بعد خوارزم دوبارہ کبھی نہ پنپ سکا ۔ ۱۳۹۱ء میں تیمور نے شہر خوارزم کے ایک حصے محلۂ قاآن کو (جو چغتائی خوانین کی ملکیت سمجھا جاتا تھا) دوبارہ تعمیر کرایا، مگر یہ شہر محض اسی محلے تک محدود رہا ۔

نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی میں خوارزم کچھ عرصے کے لیے خوانین آلتون اردو کے قبضے میں، پھر چند برس تک تیموری شہزادوں کے ماتحت رہا ۔ ۸۶۸ھ/ ۱۴۶۴ء میں مقامی خاندان کے

Marfat.com

ایک رکن عثمان بن محمد صوفی کا ذکر خان مصطفی کے باجگزار کی حیثیت سے آتا ہے ۔ اس خان نے ارگنج کے جنوب میں وزیر کا شہر بسایا تھا، مگر معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک ایشیا کی معاشرتی اور اقتصادی زندگی میں خوارزم کسی اہمیت کا حامل نہیں رہا تھا ۔ تیموری سلطان حسین کے ماتحت خوارزم کے والی کا نام چین صوفی بتایا گیا ہے ۔ ۹۱۱ھ / ۱۵۰۵ء میں یہ ملک شیبانی کے قبضے میں آیا، جو ماوراء النہر کی از بک سلطنت کا بانی ہوا ہے (قب مادۂ بخارا) .

۹۱۶ھ / ۱۵۱۰ء میں شیبانی کو جنگ مرو میں شکست ہوئی اور خوارزم کا کچھ عرصے کے لیے سلطنت ایران سے الحاق کر لیا گیا ۔ اس کے کچھ عرصے بعد وہاں کے ایرانی والی کو شریف صوفی نے نکال باہر کیا، مگر مؤخرالذکر کو از بک فاتح کے سامنے ٹھیرنے کی مجال نہ ہوئی ۔ اب جوچی کے خاندان کی ایک الگ شاخ نے، جس کا فاتحین سمرقند و بخارا سے دور کا تعلق تھا، خورازم میں اپنی حکومت قائم کرلی (ابوالغازی، طبع Desmaisons، سینٹ پٹیرز برگ ۱۸۷۱ - ۱۸۷۴ء، متن : ص ۱۹۷، کے مطابق سنة الشاة =sheep year، یعنی ۱۵۱۱ء میں؛ اس میں جو سنہ ہجری درج ہے وہ یقیناً غلط ہے) ۔ اس خاندان کی حکومت ۱۱۰۶ھ/ ۱۶۹۴-۱۶۹۵ء تک قائم رہی ۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے بخارا کے صرف دو حکمرانوں نے تھوڑے تھوڑے عرصے کے لیے اسے اپنی سلطنت میں شامل کیا، یعنی عبیداللہ بن محمود نے ۱۵۳۸ء میں اور عبداللہ بن سکندر [رک باں] نے ۱۵۹۳ء اور ۱۵۹۵ تا ۱۵۹۷ء میں ۔ اس وقت خوارزم میں ازبکوں کے ہاں جو تہذیب پائی جاتی تھی اسے ماوراء النہر کی تہذیب سے کوئی نسبت نہ تھی ۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ خان ابوالغازی (۱۶۴۵ تا ۱۶۶۳ء) کو اپنے ملک کی تاریخ خود لکھنی پڑی : کیونکہ اس کی رعایا میں کوئی بھی اس کام کے لیےضروری علمی استعداد کا مالک نہ تھا (ابوالغازی، متن : ص ۲) ۔ سلطنت کے اعلی غیر فوجی عہدیداروں، مثلاً وزیر (بعد ازاں مہتر) اور قش بیگی، کو بھی محض اتنی اجازت حاصل تھی کہ سرکاری تقریبات میں کھڑے رہ کر شامل ہوں، حالانکہ فوجی سرداروں اور شیوخ کے لیے باقاعدہ نشستیں (اورون') مخصوص ہوتی تھیں ۔ تہذیب و تمدن کا یہ قدیم گہوارہ [امن و امان سے محروم ہوکر] رہ گیا تھا ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وسط ایشیا کی کاروانی شاہراہ اپنی اہمیت سے محروم ہو گئی ۔ اس کی تصدیق اس زمانے کے واحد یورپی سیاح جنکنسن Anthony Jenkinson کے بیان سے ہوتی ہے، جو ۱۵۵۸ء میں خوارزم گیا تھا ۔ ملک کا نام تو پہلے ہی دارالسلطنت کو دے دیا گیا تھا (اول کاث اور بعدازاں ارگنج کو)، اب ملک کو عام طور سے دارالسلطنت کے نام پر پہلے ارگنج اور بعد میں خیوہ کہنے لگے .

خیوہ (قدیم شکل خیوق؛ یاقوت نے اس کا تلفظ خیوہ لکھا ہے، جو چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے جغرافیہ دانوں کے دیے ہوے تلفظ کے مطابق ہے) بھی غالباً کاث کی طرح عہد قبل از اسلام میں آباد تھا ۔ یاقوت کے زمانے میں خیوہ کے لوگ شافعی مذہب کے پیرو تھے، حالانکہ خوارزم کے دوسرے مقامات کے باشندے بالعموم حنفی تھے ۔ پہلوان عطا محمد (م ۷۲۲ھ/ ۱۳۲۲ء) کو، جس کے مقبرے کا ذکر ابوالغازی (متن، ص ۲۶۰) نے کیا ہے، آج بھی خیوہ کے ولی کا درجہ حاصل ہے ۔ عرب محمد (۱۶۰۳ تا ۱۶۲۳ء) کے عہد کے نصف آخر میں دارالسلطنت کے طور پر خیوہ کو پہلی بار شہرت ملی ۔ قیاس ہے کہ دریا کا بایاں معاون خشک ہوگیا (قب مادۂ آمو دریا) تو رفتہ رفتہ ارگنج غیرآباد ہوتا چلا گیا ۔ ۱۶۴۵ء میں خیوہ سے تقریباً بیس میل شمال مشرق میں ایک نیا ارگنج بسایا گیا ۔ پرانے تجارتی شہر کے باشندے وہاں جا کر آباد ہو گئے اور ان کے اخلاف نے ارگنج کو خیوہ کا اہم ترین تجارتی مرکز بنا دیا ۔ بعد کے زمانے

Marfat.com

میں وزیر کا نیا شہر دریا کے بہاؤ کی جانب اس کے بائیں کنارے ھی پر آباد ھوا ۔ پرانے دارالسلطنت کاث کو بھی، جو دائیں کنارے پر واقع تھا، اس لیے ترک کرنا پڑا کہ اسے سیراب کرنے والی نہر سوکھ گئی تھی ۔ خان اَنُوشہ (۱۶۶۳ تا ۱۶۸۷ء) نے موجودہ کاث (یا کات) کو جدید ارگنج سے بیس میل جانب جنوب دریا کے بائیں کنارے پر پھر سے تعمیر کرایا ۔ ۱۰۹۲ھ/۱۶۸۱ء میں اسی خان کے حکم سے شاہ آباد کی نہر بنائی گئی (مشہد کی فتح کے بعد خان نے شاہ کا لقب اختیار کر لیا تھا) ۔ یہ جدید خیوہ کی اھم ترین نہر تھی۔ بارھویں صدی ھجری/اٹھارھویں صدی عیسوی میں خیوہ کے خان کی ریاست بالعموم پِش قلعہ (=پانچ قلعے) کہلاتی تھی ۔ یہ نام جن پانچ شہروں کے مجموعے کے باعث رکھا گیا تھا، ان کے ناموں میں اختلاف پایا جاتا ھے ۔ "جزیرہ" (ترکی : ارال، یعنی بحیرۂ ارال کا خاص ڈیلٹے کا علاقہ، جس کے نام سے یہ موسوم ھوا؛ قب مادّۂ ارال) بھی سیاسی طور پر خیوہ سے علیحدہ تھا ۔

اس خاندان کے خاتمے کے بعد تونغرت قبیلے کا اِیناق ([ایناغ]، یعنی شیخ قبیلہ اور فوجی سردار) ھی عام طور سے اصل حاکم ھوتا تھا ۔ تخت پر چنگیزخان کے اخلاف بیٹھتے تھے، جنھیں گیاھستان (Steppes) سے بلایا گیا تھا، تاھم ان کی حکومت برائے نام تھی اور جلد ھی چند افراد کے علاوہ باقی سب کو ان کے وطن واپس بھیج دیا گیا اور ان کی جگہ ایک اور امیر کو دے دی گئی ۔ عبدالکریم بخاری (طبع Schefer، پیرس ۱۸۷۶ء، متن : ص ۷۹) نے اس رواج کے لیے "خان بازی" کی اصطلاح استعمال کی ھے ۔ پیٹر اعظم نے خیوہ کو اپنی سلطنت میں شامل کرنے کی کوشش کی، لیکن اسے کامیابی نہ ھوئی ۔ نادرشاہ نے ۱۷۴۰ء میں خیوہ کو فتح کر لیا، مگر اس نے وھاں جس خان کو گدی پر بٹھایا تھا، وہ متمکّن نہ رہ سکا ۔ اس زمانے سے ھمیں خیوہ کے بارے میں مغربی یورپ کے بہت سے افراد (Hanway : *An Account of the British Trade on the Caspian Sea*، لنڈن ۱۷۶۲ء، ۱ : ۳۴۰)، میں دیگر مصنفین کے ساتھ تھامپسن G. Thompson کا نام بھی ملتا ھے) کے علاوہ کئی روسیوں (Gladishew و Murawin، در *Geograf. Izv'yestiya*، ۱۸۴۹-۱۸۵۰ء) کے بیانات بھی ملتے ھیں ۔ ۱۷۴۰ء میں ایک فوجی افسر ناظموف Nazimov نے شہر خیوہ کا ایک نقشہ تیار کیا (*Geogr. Izv.*، ۱۸۴۹ء، ص ۲۰۰) ۔ ۱۸۴۲ء میں میں T. Fx. Basiner نے جدید شہر کی مساحت کی (*Naturwissenshaftliche Reise durch die Kirgisenstep-pe nach Chiwa*، بمطابق *Kenntnis des russ. Reiches*، سینٹ پیٹرز برگ، ۱۵ : ۱۲۰) ۔ ان دونوں نقشوں میں خاصا فرق ھے اور ان سے ظاھر ھوتا ھے کہ ۱۸۴۲ء کے قریب شہر کی ھیئت ایک صدی قبل کی بہ نسبت بہت مختلف تھی اور شاید اس کی جاے وقوع بھی بدل چکی تھی ۔ Sawelyew (*Geogr. Izv.*، ۱۸۴۹ء، ص ۱۶۷ ببعد) نے اس کا سبب نادر شاہ کے ھاتھوں خیوہ کی مزعومہ تباھی کو قرار دیا ھے؛ تاھم یہ بات ثابت کی جا سکتی ھے کہ ۱۷۴۰ء کے بعد چند سال تک یہ شہر اپنی سابقہ جگہ ھی پر واقع تھا ۔ ۱۷۴۷ء میں ایک مدرسے کا ذکر ملتا ھے، جسے خان عرب محمد نے قائم کیا تھا ۔ اس کے برعکس ۱۷۷۰ء سے کچھ پہلے (یُومُوت قبیلے کے) کے ترکمانوں کے متواتر حملوں سے خیوہ بالکل تباہ ھو گیا تھا اور یہاں صرف چالیس (اور ایک اور بیان کے مطابق پندرہ) خاندان باقی بچے تھے (مخطوطہ، در موزۂ ایشیائی (Asiatic Museum)، عدد ۵۹۰ ob.، ورق ۵۵ ب) ۔ ۱۷۷۰ء میں ایناق محمد امین نے ترکمانوں پر فتح پا لی اور اس کی بدولت شہر اور ملک میں ایک بار پھر خوشحالی کا دور دورہ ھوا ۔ قدیم خیوہ کی تباھی اور جدید خیوہ کی بنیاد غالباً اسی واقعے کی مرہون منت ھے ۔

۱۸۰۴ء میں محمد امین کے پوتے ایناق اِلتُوزر

Marfat.com

Iltüzer نے خان کا لقب اختیار کر لیا۔ جب وہ ۱۸۰۶ء میں بخارا کے خلاف جنگ میں مارا گیا تو اس کے بھائی اور جانشین رحیم محمد (۱۸۰۶ تا ۱۸۲۵ء) نے پھر تھوڑے عرصے کے لیے ایک چنگیزی کو تخت پر بٹھا دیا، مگر پھر اسی سال خود خان کا لقب اختیار کر لیا۔ ۱۸۱۱ء میں علاقۂ ارال کی تسخیر کے بعد خوارزم کی سیاسی وحدت پھر بحال ہوگئی، جسے دوبارہ صرف تھوڑے سے عرصے کے لیے بغاوتوں نے صدمہ پہنچایا۔ ۱۸۲۲ء میں ترکمانوں نے مرو میں حکومت بخارا کے خلاف بغاوت کرکے خیوہ کے خان کی اطاعت قبول کر لی۔ محمد رحیم کے بیٹے اللہ قلی (۱۸۲۵ تا ۱۸۴۲ء) کے عہد میں خیوہ کی قلمرو کو بہت وسعت حاصل ہوئی۔ وہ بحیرۂ ارال (تقریباً ۴۶° عرض بلد شمالی) میں سیر دریا کے دہانے سے لے کر کُشک (۳۵° ۳۰') کے قریب قلعۂ مور تک پھیل گئی تھی۔ اس دور میں قدیم ارگنج کو بھی دوبارہ بسایا گیا۔ ۱۸۳۹-۱۸۴۰ء میں خیوہ کے خلاف روسیوں کی مہم نا کام رہی، مگر اس کے فوراً ہی بعد خان کو روسی حکومت کے سب مطالبات پورے کرنے پڑے، حالانکہ اس زمانے میں خیوہ نے انگلستان سے بھی گفت و شنید شروع کر دی تھی۔ خیوہ کی سرکاری تاریخ میں انگریزوں کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ روسی قوم کا ایک حصہ ہیں اور ان کا ملک سلطنت روس کے شمال میں واقع ہے (مخطوطۂ موزۂ ایشیائی، عدد ۵۹۰ ob.، ورق ۳۶۹ب)۔ آگے چل کر خیوہ کو بخارا سے (۱۸۴۵ء تک) اور ترکمانوں سے بھی جنگ آزما ہونا پڑا۔ خان محمد امین (مدامین، ۱۸۴۶ تا ۱۸۵۵ء) ترکمانوں کے خلاف لڑتا ہوا ۱۸۵۵ء میں مارا گیا۔ اسی سال اس کے جانشین عبداللہ کا بھی یہی انجام ہوا۔ جدید خیوہ کی سب سے اہم عمارت محمد امین کے دور کی یادگار ہے۔ یہ 'نیلا مینار' ہے، جو ۱۶۰ فٹ سے بھی زیادہ بلند ہے (تصویر کے لیے دیکھیے : Fr. v. Schwarz ،*Turkestan*، Freiburg ج ۱/ب، ۱۹۰۰ء، ص ۲۰۵)۔

سید محمد رحیم خان کے عہد (۱۸۶۴ تا ۱۹۱۰ء) میں خیوہ کو روسیوں نے فتح کر لیا (۱۸۷۳ء)۔ ۔ ۔ ۔ خان کے پاس اس کے مقبوضات کا صرف ایک حصہ (آمودریا کے مغرب میں) باقی رہ گیا اور یہاں بھی اسے اپنے آپ کو "روسیوں کے شاھنشاہ کا اطاعت گزار" تسلیم کرنا پڑا۔ خانِ خیوہ کو بعد میں "اعلٰی حضرت" (His Highness) کا خطاب مل گیا، مگر اس کا منصب امیر بخارا کے مساوی کبھی نہ ہو سکا (رکّ بہ مادہ بخارا)۔ سید محمد رحیم اور اس کے جانشین خان اسفندیار (۱۹۱۰ تا ۱۹۱۸ء) نے کئی بار روسیوں سے ترکمانوں کے خلاف اعانت چاھی۔ مرو کے ترکمانوں اور روس کے مابین گفت و شنید (۱۸۸۱ تا ۱۸۸۳ء) میں خیوہ نے ثالثی کا فریضہ اس توقع پر انجام دیا کہ مرو کو براہ راست روس میں شامل نہیں کیا گیا بلکہ اس کے باجگذار خان خیوہ کے حوالے کر دیا جائے گا۔ دور انقلاب کی لڑائیوں میں بھی ترکمانوں نے کئی بار خیوہ کو تاخت و تاراج کیا۔ ترکمان سردار جنید خان نے خان اسفند یار کو حکومت سے معزول کرکے قتل کر ڈالا تو سید عبداللہ (۱۹۱۸ تا ۱۹۲۰ء) کو خان منتخب کر لیا گیا۔ پھر اس خان کی معزولی اور جنید کی جلاوطنی کے بعد جمہوریۂ خوارزم کا قیام عمل میں آیا، جو برائے نام روس سے وابستہ تھی۔

سولھویں اور سترھویں صدی کی طرح انیسویں صدی عیسوی میں بھی خیوہ ایک بار پھر فتنہ و فساد کا شکار ہو گیا تھا، مگر پھر بھی گزشتہ زمانے کے برعکس ثقافتی اور معاشرتی ترقی کے لیے یہاں بخارا کے مقابلے میں کہیں زیادہ کام ہوا۔ بڑی بڑی نہریں بنائی گئیں، جن سے ملکی ترقی میں مدد ملی۔ یہاں کی شاھراھوں پر جو پل تعمیر ہوئے ان کی تعداد ترکستان کے دوسرے علاقوں کی بہ نسبت کہیں زیادہ تھی۔ خان سید محمد رحیم نے یہاں ایک شاندار کتاب خانہ

Marfat.com

قائم کیا، جس سے استفادہ کرنے کی روسی طلبہ کو بھی اجازت تھی ۔ روسی فتح سے قبل اس ملک کی جو تاریخ سرکاری طور پر مرتب کی گئی، وہ جامعیت اور استناد کے اعتبار سے بخارا یا خُوقند میں لکھی جانے والی تواریخ سے کہیں برتر تھی ۔ روسیوں نے اس ملک کے آثار قدیمہ کے اکتشاف اور اس کی تاریخ اور موجودہ حالات کی تحقیق کے سلسلے میں بہت کم کام کیا ہے، حالانکہ یہاں ایسے آثار محفوظ ہیں جو ترکستان کے کسی اور حصے میں نہیں مل سکتے ۔ ترکستان میں دستور ہے کہ زمیندار کا مکان گاؤں کے اندر کسی گلی میں ہوتا ہے، لیکن یہاں ترکستان کے قدیم تاجک باشندوں کی پیروی میں زمیندار کی حویلی اس کی اراضی کے وسط میں بنائی جاتی ہے ۔ گاڑی بان (اربہ کش) کاشغر کے دستور کے مطابق گاڑی کے اندر بیٹھتا ہے اور تاشکنت اور خوقند کے لوگوں کی طرح گھوڑے پر سوار نہیں ہوتا ۔ نہروں کو خیوہ میں ترکمانوں کی طرح ترکی بولی میں "اَرْنا اور "یَپ" (بڑی اور چھوٹی نہر) کے نام دیے جاتے ہیں، جو ظاہر ہے، آریائی نام ہیں ۔ قدیم ارگنج میں جو عمارتیں سلامت رہ گئی ہیں وہ ترکستان کی قدیم ترین اور حسین ترین عمارتیں ہیں، تاہم ان کے حالات ابھی تک بالتفصیل نہیں لکھے گئے ۔

[اشتراکی انقلاب کے بعد ستمبر ۱۹۱۹ء تک پورا ترکستان سوویٹ روس کے زیر اقتدار آچکا تھا ۔ فروری ۱۹۲۰ء میں خان خیوہ کو معزول کرکے وھاں عوامی سوویٹ جمہوریۂ خوارزم قائم کی گئی ۔ اگست ۱۹۲۰ء میں امیر بخارا کا بھی یہی حشر ھوا اور اسی طرح کی جمہوریۂ بخارا یہاں بھی قائم ہوئی ۔ ۱۱ اپریل ۱۹۲۱ء کو ترکستان کی ریاست (governor generalship) کو جمہوریۂ شورائیۂ اشتراکیہ کی حیثیت دے دی گئی ۔ ۱۹۲۴ء کے موسم بہار میں ترکستان، بخارا اور خیوہ کی جمہورتوں نے قومیت کے اساس پر اپنی ریاستوں کی نئے سرے سے حد بندی کرنے کا فیصلہ کیا، جو مئی ۱۹۲۵ء میں مکمل ھو گئی اور یوں ازبکستان، ترکمنستان اور تاجکستان کے علاوہ متعدد [داخلی طور پر] خود مختار ریاستوں کا قیام عمل میں آیا ۔ آمو دریا ترکمنستان اور ازبکستان کی حد بندی کرتا ھے ۔ اب ارگنج، خیوہ اور بخارا کے شہر ازبکستان میں واقع ھیں اور مرو ترکمنستان میں ھے ۔ اشتراکی حکومت قائم ھونے کے بعد اس علاقے نے تعلیمی اور معاشی اعتبار سے بہت ترقی کی ھے] .

**مآخذ :** (۱) E. Sachau : *Zur geschichte und Chronologie von Khwārism*، ج ۱ و ۲، وی انا ۱۸۷۳ء (*S. B. Ak. Wien*، phil-hist kl.، ج ۷۳ ببعد)؛ (۲) P. Lerch : *Khiwa oder Kharezm*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۷۳ء (از *"Russian Review"* ج ۲)؛ (۳) N. Weselowskiy : *Očerk istoriko-geografičeskikh Sryedeniy o Khiwinskom Khanstve*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۷۷ء؛ (۴) M.J. de goeje : *Das alte Bett des Oxus*، لائڈن ۱۸۷۵ء؛ (۵) A. Kuhn، در *Materiali dlja statistiki Turkestanskago kraya*، ج (vip) ۴، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۷۸ء (جس میں ص ۲۵۱ ببعد کاٹ کے کھنڈروں کا اور ص ۲۱۳ ببعد ارگنج کا بیان ہے)؛ (۶) K. A. Inostrancew : *O domusul' manskoi Kul'turc Khivinskago orzisa*، در *Žurn. Minist. Nar. Prosv.* فروری ۱۹۱۱ء، ص ۲۸۴ ببعد؛ (۷) A. Vinogradova : *Khorezmskaya Sovietskaya Narodnaya Respublika*، در *Žizn Nacionalnostei*، ۱۹۲۳ء، شمارہ ۱، ص ۱۸۱ ببعد)؛ (۸) W. Barthold : *Turkestan*، ج ۲، سینٹ پیٹرز برگ ۱۹۰۰ء، بالخصوص ص ۱۴۱ ببعد، ۲۸۹ ببعد، ۳۴۵ ببعد؛ (۹) وہی مصنف : *Nachrichten über den Aral-See und den unteren Lauf des Amu-darja*، مترجمۂ H. von Foth (لائپزگ ۱۹۱۰ء، در *Quellen und Forschungen zur Erd-und Kulturkunde*، طبع Dr. R. Stübe، ج ۲)؛ (۱۰) وہی مصنف : *K istorii oro<u>sh</u>eniya Turkestana*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۹۱۴ء؛

Marfat.com

(۱۱) وهی مصنف : *Sobitiya pered Khivinskim pokhodom 1873 goda razskazu Khivinskago istorika*' در '*Kaufmanskiy Sbornik*' ماسکو ۱۹۱۰ء، ص ۱ ببعد ' یہاں مذکورہ تواریخ کے بارے میں (بالخصوص جو موزۂ ایشیائی Asiatic Museum کے مخطوطات ' عدد ۵۹۰ ob و ۵۹۰ od ' کے تتبع میں لکھی گئیں)' جنھیں اِلتوزر اور اس کے جانشینوں کے حکم سے قلمبند کیا گیا تھا' نیز دیکھیے : (۱۲) '*Mélanges Asiatiques*' ۱۰ : ۲۷۸' جہاں خطابات بھی درج ھیں' پہلی کتاب؛ (۱۳) فردوسِ اقبال تھی' جسے شیر محمد' المعروف بہ مؤنس نے اِلتوزر کے حکم سے شروع کیا تھا' مگر خان مذکور کی وفات کے باعث یہ سلسلۂ تصنیف ۱۸۰۶ء میں رک گیا ۔ اس وقت تک مصنف نادر شاہ کے دربار میں نہیں پہنچا تھا ۔ بعد ازاں محمد رحیم خان کے حکم سے اس کا سلسلہ ۱۸۱۲ء تک پہنچایا گیا ۔ پھر مصنف کو (۱۴) میر خواند: روضة الصفا کا ترکی ترجمہ کرنے کا حکم ملا' لیکن اسے مکمل کرنے سے پہلے ھی وہ ۱۲۴۴ھ / ۱۸۲۸ - ۱۸۲۹ء میں وفات پا گیا ۔ تاریخ خیوہ دوبارہ شروع نہ ہو سکی تاآنکہ ۱۲۵۵ھ/ ۱۸۳۹-۱۸۴۰ء میں اللہ قلی نے مؤنس کے بھتیجے محمد رضا' المعروف بہ آگاھی' کو اسے مکمل کرنے کا حکم دیا ۔ آگے چل کر اسی مؤلف نے اس ملک کی تاریخ ۱۸۷۲ء تک مختلف عنوانات کے تحت مرتب کی (ھر عہد حکومت کا بیان ایک الگ کتاب میں دیا گیا ہے)؛ [(۱۵) *The Statesman's year Book*' ۱۹۶۷-۱۹۶۸ء' ص ۱۵۷ ببعد؛ (۱۶) '*Encyclopaedia Britannica*' طبع ۱۹۵۰ء' ۱۳ : ۳۶۴ببعد : (۱۷) '*World Muslim Gazetteer*' طبع مؤتمر العالم الاسلامی' کراچی' ص ۵۳۶ ' ۵۵۰ تا ۵۵۲ و بمواضع کثیرہ].

(W. BARTHOLD [و ادارہ])

* **خوارزم شاہ** : خوارزم [رک بآں] کے فرمانروا کا لقب، جو عربوں کی فتح کے وقت بھی رائج تھا (مثلاً دیکھیے الطبری، ۲ : ۱۲۳۷ ببعد) ۔ اسلامی عہد میں اس ملک کے بیشتر بادشاہ اور والی اسی لقب سے ملقب تھے، گو وہاں کے آخری خاندان کے بانی اِلتوزر خان (۱۸۰۴ تا ۱۸۰۶ء) نے اپنے سکّوں پر (جو کبھی جاری نہ ہوے) اپنے آپ کو صرف "وارثِ خوارزم شاھان" ظاہر کرنے ھی پر قناعت کی (عبدالکریم البخاری طبع Schefer ص ۸۰)۔ وسط ایشیا میں غالباً یہ واحد لقب ھے جس کا مفہوم زمانۂ ماقبل اسلام سے لے کر زمانۂ حال تک بحال رہا ۔ اسلامی عہد سے پہلے زمانے کے خوارزم شاہوں کے شجرۂ نسب اور سلسلۂ جانشینی کے ایے واحد ماخذ البیرونی [رک بآں] کی آثار الباقیہ ھے ۔ اس میں مشہور افسانوی شخصیت کیخُسرو [رک بآں] کو اس خاندان کا بانی بتایا گیا ھے (آثار الباقیہ، طبع Sachau، ص ۳۵) اور یہ بیان کیا گیا ھے کہ اس کے عہد حکومت کا آغاز اس وقت ہوا جب اس سر زمین کو پہلی بار آباد ہوے بانوے برس گزر چکے تھے ۔ یہ آبادی سکندر اعظم سے ۹۸۰ سال قبل، یعنی سن سلوکی (یعنی ۱۲۹۲ ق م) سے بھی پہلے معرض وجود میں آئی تھی ۔ انفرادی حکمرانوں کے ناموں اور موروثی جانشینی کے متعلق حوالے ۶۱۶ سکندری (/ ۳۰۴ء) سے لے کر ۳۸۵ھ/ ۹۹۵ء تک کے زمانے پر حاوی ھیں، جبکہ اس خاندان کا خاتمہ ہوا ۔ ان حکمرانوں میں سے شاوُ شفر، جو فاتح خوارزم مُسلم بن قتیبہ کے ھم عصر خوارزم شاہ کا بیٹا تھا یقیناً وھی بادشاہ ھے جس کا ذکر چینیوں نے شاؤ شی فِن کے نام سے کیا ھے اور جس نے ۷۵۱ء میں چین کو سفارت بھیجی تھی (E. Chavannes : *Documents sur les Tou-Kiue occid.*، ص ۱۴۵)۔ اس کے مقابلے میں ابن الأثیر (طبع Tornberg، ۸ : ۳۱۰) نے جس خوارزم شاہ عبداللہ بن اشکام کا ذکر بذیل ۳۳۲ھ/ ۹۴۳ - ۹۴۴ء کیا ہے اس کا نام البیرونی کے دیے ہوے شجرۂ نسب میں نہیں ملتا ۔ اس خاندان کے آخری حکمران ابوعبداللہ محمد کے باپ خوارزم شاہ احمد بن محمد کے ۳۴۸ھ/ ۹۵۹-۹۶۰ء

Marfat.com

اور ۳۶۶ھ/۹۷۶-۹۷۷ء کے سکّے دستیاب ہو چکے ہیں (دیکھیے A. Markow : *Inventarniy Katalog Musulm. monet. Imp. Ermitaza*، ص ۲۹۵ و ۹۷۵)۔

خوارزم کا شمالی حصہ، جس کا دارالسلطنت گرگانج [رک بان] تھا، سیاسی اعتبار سے سلطنت خوارزم شاہان سے الگ تھا؛ اس امر کا ذکر عرب جغرافیہ دانوں نے نہیں کیا، چنانچہ یاقوت کو بھی اس کا علم نہیں تھا اور یہی وجہ ہے کہ وہ اس سے متعلق ابن فَضْلان کے حوالوں کو نہ سمجھ سکا (یاقوت : معجم، ۲ : ۴۸۳؛ نیز Baron Rosen، در *Zapiski*، ۱۵ : ۵۹)۔ امیر گرگانج ابوالعباس مأمون بن محمد نے خوارزم کا جنوبی حصہ فتح کرنے کے بعد اپنے اور اپنے خاندان کے لیے خوارزم شاہ کا لقب اختیار کر لیا (۳۸۵ھ/ ۹۹۵ء) ۔ اس طرح وہ خوارزم شاہوں کے دوسرے خاندان کا بانی ہوا ۔ مأمون ۳۸۷ھ/۹۹۷ء میں فوت ہوا، پھر یکے بعد دیگرے اس کے دو بیٹے ابوالحسن علی اور ابوالعباس مأمون دوم اس کے جانشین ہوے ۔ ۴۰۱ھ/ ۱۰۱۰ - ۱۰۱۱ء کا ایک کتبہ (جو گرگانج [رک بآں] کی ایک عمارت کی تکمیل سے متعلق ہے) مأمون دوم ھی کا ہے ۔ اس میں اس نے اپنے آپ کو خوارزم شاہ کے لقب سے ملقب کیا ہے ۔ مأمون اور محمود غزنوی کی گفت و شنید [رک بہ غزنویہ] اور مأمون دوم کے اپنے سپاہیوں کے ہاتھوں قتل (چہار شنبہ [۱۸] شوال ۴۰۷ھ/ ۲۰ مارچ ۱۰۱۷ء) کے بارے میں دیکھیے W. Barthold : *Tukestan etc.*، ۲ : ۲۸۹ ببعد، جو البیہقی، طبع Morley، ص ۸۳۸ ببعد، پر مبنی ہے ۔ مأمون دوم کا نوجوان بھتیجا ابوالحارث محمد بن علی اس کا جانشین منتخب ہوا، لیکن صفر ۴۰۸ھ/ جولائی ۱۰۱۷ء تک خوارزم کو محمود کی سلطنت میں شامل کر لیا گیا [زین الاخبار، طبع برلن، ص ۷۲؛ البیہقی، ص ۸۳۸ س ۱۲؛ دیکھیے دیوان عنصری، طبع تہران، ص ۶۳؛ محمود بن آرسلان : تاریخ خوارزم، در سبکی، ۴ : ۳۰۶] اور خوارزم شاہوں کے اس خاندان کا خاتمہ ہو گیا ۔

اس کے بعد خوارزم شاہ کا لقب امیر آلتون تاش کو منتقل ہوا، جسے محمود نے خوارزم کا والی مقرر کیا تھا اور اس طرح ایک قلیل مدت کے لیے (۱۰۴۱ء تک) ایک اور خاندان برسر اقتدار و حکومت آیا [آلتون تاش اور اس کے دو بیٹوں کے حالات کے لیے رک بہ آلتون تاش الحاجب] ۔ اگرچہ آلتون تاش کی وفات ۱۰۳۲ء کے بعد خوارزم شاہ کا لقب سعید بن سلطان مسعود بن محمود کو منتقل ھو گیا اور ہارون بن آلتون تاش اس کے نمائندے (خلیفۃالدار) کی حیثیت سے ملک پر حکومت کرتا رہا (البیہقی، ص ۴۳۹)؛ تاہم اسی مؤرخ نے ایک اور مقام (ص ۹۴۴) پر ہارون کو خوارزم شاہ کے لقب سے یاد کیا ہے ۔

پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کے اواخر میں پھر خوارزم کے ایک والی اِکِنْجی بن قُوچْقَر کا ذکر خوارزم شاہ کے لقب کے ساتھ کیا گیا ہے (دیکھیے Barthold : *Turkestan*، ۲ : ۳۲۶؛ J. Marquart، در *Abh Gött.*، سلسلۂ جدید، ۱۳ / ۱، ص ۴۸ ببعد) ۔ ۴۹۰ھ/۱۰۹۷ء کے قریب یہی لقب اس کے جانشین اور خوارزم شاہوں کے چوتھے اور ممتاز ترین خاندان کے بانی قطب الدین محمد بن انوشتگین کے لیے استعمال ہوا (ابن الأثیر، ۱۰ : ۱۸۱؛ الجوینی : تاریخ جہانگشای، طبع مرزا محمد، ۲ : ۳) ۔ اَتِسِز نے جس شان و شوکت سے اس خاندان کو استحکام بخشا اس کے لیے رک بہ اَتسِیز ۔ تَکِش (۱۱۷۲ تا ۱۲۰۰ء) اور محمد (۱۲۰۰ تا ۱۲۲۰ء) کے عہد میں اس خاندان نے ایران اور وسط ایشیا فتح کرنے کے بعد دول عظمی کی صف میں جگہ حاصل کر لی اور یہ ایسی بلند حیثیت تھی کہ اب خوارزم شاہ کا لقب اس سے فروتر معلوم ہوتا تھا ۔ تکش نے اپنے سکّوں پر اپنا لقب سلطان ابن خوارزم شاہ اور محمد سلطان نے ابن السلطان لکھوایا،

Marfat.com

لیکن اس کی سلطنت سے باہر خود محمد کو بھی لوگ خوارزم شاہ ھی کہتے رھے (دیکھیے یاقوت : معجم، ۱ : ۹ ۴۸ ۲، س ۲۱ [جہاں نسب نامۂ خوارزم شاهان میں دو غلطیاں ھیں]؛ ۳ : ۳ ۴ ۲، س ۱۳؛ چنگیز خان کے ساتھ محمد کے تعلقات اور اس کے نتیجے کے طور پر اس کی سلطنت کی بربادی کے بارے میں قب مادۂ چنگیز خان، جلال الدین اور اس خاندان کے آخری زوال [۶۲۸ھ/ ۱۲۳۱ء] کے لیے رک بہ جلاالدین خوارزم شاہ) .

مغول کے ماتحت خوارزم کے والی بظاهر اس لقب سے ملقب نہ تھے - یہی بات صوفی خاندان کے امرا کے بارے میں کہی جاسکتی ھے، جن کی خود مختار حکومت بہت قلیل مدت کے لیے (یعنی ۷۸۱ھ/۱۳۷۹ء تک) قائم رھی - اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ اس خاندان کی بنیاد ۷۶۲ھ/ ۱۳۶۰ء سے قبل یا ۷۶۵ھ/۱۳۶۳-۱۳۶۴ء کے بعد رکھی گئی ھو؛ قب *Bull. de l' Acad*، ۱۹۲۱ء، ص ۲۱۲ - ۷۸۱ھ/ ۱۳۷۹ء میں تیمور نے خوارزم فتح کر لیا، لیکن بعد کے زمانے میں خوارزم کے اس گھرانے کے کئی والیوں کا ذکر ملتا ھے، مثلاً چین صوفی، جس کے ماتحت اوزبکوں نے ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء میں ملک فتح کیا تھا اور شریف صوفی، جس نے بقول حیدر رازی [رک بہ حیدر بن علی حسینی رازی] خوارزم پر قلیل عرصے کے لیے حکومت کی (بارٹولڈ : *Sviedieniya ob Aral' skom*، *Morie*, etc.، ص ۸۹، جرمن ترجمے *Nachrichten über den Aral-See* etc.، ص ۵۸، پر متعلقہ بیان حذف کر دیا گیا ھے) - اس کے مقابلے میں مُجْمِلِ فَصِیحی (مخطوطہ، جو پہلے ادارۃ السنۂ شرقیہ *Institute for Oriental Languages*) کی ملکیت تھا [قب *Collection Scientifiques*, etc.، ۳ : ۱۱۱ ببعد] اور اب موزۂ ایشیای (Asiatic Museum) میں ھے)، ص ۷۳۷ میں امیرشاہ ملک کو، جسے شاہ رخ بن تیمور نے خوارزم کا والی مقرر کیا تھا، اواخر ۸۱۵ھ/ ۱۴۱۳ء سے ۸۲۹ھ/ ۱۴۲۶ء میں اس کی وفات تک خوارزم شاہ کہا گیا ھے - اس کے بعد اس کا بیٹا ناصرالدین سلطان ابراهیم خوارزم شاہ بنا [مطلع سعدین، ۲ : ۲۳۸، ۵۶۹]، جسے ابوالخیر کی سر کردگی میں اوزبکوں نے ۸۳۴ھ/۱۴۳۱ء کے قریب دارالحکومت سے نکال دیا (رک بہ ابو الخیر؛ [نیز مطلع سعدین، ۲ : ۶۳۴]) .

تاریخی دستاویزات اور ادبی تصنیفات میں بعض اوقات خوارزم شاہ کا لقب خیوہ کے اوزبک حکمرانوں کے لیے بھی استعمال ھوا ھے، گو بظاهر انھوں نے خود کبھی اس پر اپنا حق نہیں جتایا - ابوالغازی [رک بہ ابوالغازی بہادر خاں] خوارزم شاہ کا لقب صرف اس خاندان کے لیے استعمال کرتا ھے جسے مغول نے تباہ کیا تھا (طبع Desmaisons، ص ۱۳۷) اس کے علاوہ وہ (ص ۲۷۷) خوارزم شاہ کا کلمہ صرف اپنے ایک بھائی کے لیے استعمال کرتا ھے اور وہ بھی اس کے ذاتی نام کے طور پر - جب ابوالغازی کے بیٹے اور جانشین اَنُوشَہ (۱۶۶۳ - ۱۶۸۷ء) نے مشہد کی فتح کے بعد شاہ کا لقب اختیار کیا تو اس نے بھی اپنے لقب کے ساتھ خوارزم کے لفظ کا اضافہ نہ کیا .

**مآخذ** : (۱) میر خواند : [روضة الصفاء]، طبع Defrémery بعنوان *Histoire des sultans du Kharezm*، پیرس ۱۸۴۲ء؛ (۲) الجُوینی : تاریخ جہانگشای، ج ۲ (سلسلۂ یادگار گب، ۲/۱۶)؛ (۳) Barthold : *Turkestan* etc.، باب ۳؛ [(۴) البیرونی : کتاب الجماهر، حیدر آباد دکن ۱۳۵۵ء، ص ۸۷، ۱۶۴ (۲۰۵ ببعد، ۲۱۰، ۳۵۵)؛ (۵) وطواطہ : دیوان عربی، بتصحیح سخاء اللہ، در کتابخانۂ دانشگاہ پنجاب و دیوان فارسی (اقتباسات در دیباچۂ حدائق السحر)؛ (۶) بہاء الدین محمد بن مؤید بغدادی : التوسل الی الترسل، تہران ۱۳۱۵ھ ش].

(W. BARTHOLD)

* **الخوارزمی** : ابوعبداللہ محمد بن احمد بن یوسف (المقریزی : خطط، بولاق ۱۲۷۰ء، ۱ : ۳۵۸ میں اسے

Marfat.com

البلخی کہتا ہے) [الکاتب، معجم] چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی میلادی کے نصف آخر میں گزرا ہے؛ [سنہ وفات ۳۸۷ھ/ ۹۹۷ء ہے] مسلمانوں کا قدیم ترین دائرۃ المعارف اس کی تصنیف ہے یعنی مفاتیح العلوم (=علوم کی کنجیاں مرتبۂ G. van Vloten، لائڈن ۱۸۹۵ء)، جسے اس نے سامانی بادشاہ نوح ثانی (۳۶۶ھ/۹۷۶ء تا ۳۸۷ھ/۹۹۷ء) کے وزیر ابوالحسن عبیداللہ بن [احمد] ابی العتبی کے نام سے معنون کیا تھا (نیشا پور میں وہ اسی کے دربار سے منسلک تھا)۔ الخوارزمی کی پیدائش غالباً بلخ میں ہوئی [اسی لیے اسے بلخی بھی لکھا جاتا ہے، الزرکلی، ٦: ۲۰۳]۔ جیسا کہ خود اس کی تصنیف سے ظاہر ہوتا ہے وہ حکومت کے کسی عہدے پر فائز تھا۔ خراسان میں قیام کی وجہ سے اسے مشرق کے حالات سے خوب واقفیت تھی۔ عرب اس کتاب کی بڑی قدر و منزلت کرتے تھے۔ یوں بھی مختلف مباحث کے متعلق معلومات کے لیے یہ کتاب بڑی قدر و قیمت رکھتی ہے اور مصنف نے ان پر بالاستیعاب قلم اٹھایا ہے۔ [المقریزی نے اسے 'جلیل القدر' کتاب قراردیا ہے]۔

ریاضیات وغیرہ میں الخوارزمی [کی وسعتِ مطالعہ کا اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس نے] بلاشبہ یونانی مصنفین مثلاً اقلیدس نکوما کوئی ہیرو اور فلو وغیرہ سے بھی استفادہ کیا ہے۔

یہ تصنیف دو مقالوں میں منقسم ہے۔ مقالۂ اول میں شریعت اور اس سے متعلق علوم، فقہ، کلام، عروض، تاریخ اور دوسرے میں فلسفہ، منطق، طب، حساب، ھندسہ، ھیئت، موسیقی، حیل (الحیل خاص ایجادات) اور الکیمیا سے بحث کی گئی ہے۔ [فان فلوتن نے اسے لائڈن سے ۱۸۹۵ء میں شائع کیا] ڈاکٹر لفیس احمد نے سائنسی جغرافیے کے تحت چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی میلادی کے بیان میں لکھا ہے کہ جغرافیہ وغیرہ علوم میں اتنی بلند پایہ ذہنی بیداری کا کوئی نشان اس عہد سے پہلے نہیں ملتا اور اس سلسلے میں الخوازی کی مفاتیح العلوم کا ذکر کیا ہے (History of Muslim Philosophy، ۱: ۱۲۵۹)]۔

**مآخذ**: (۱) براکلمان، ۱: ۲۴۴؛ (۲) دوسرے مقالے کے حصوں میں سے طب پر E. Seidel: Die Medizin im Kitab Mafatih al-Ulūm، در Erlg. S.B.P.M.S.، ۱۹۱۵ء، ۴۷: ۱ تا ۷۹ بحث کی ہے؛ قب نیز (۳) E. Wiedemann: Beiträge VI, Zur Mochanik u. Technik bei deu Arabern، در S.B.P.M.S. Erlg.، ۱۹۰۴ء، ۳۸: ۱ تا ۵۶؛ (۴) Beiträge X, Zur Technik bei deu Arabern، وہی مجلہ، ۱۹۰۶ء، ۳۸: ۳۰۷ تا ۳۵۷؛ (۵) Beiträge XIV, Über die geometrie u. Arithmetik nach deu Mafâtih âl-'Ulūm، وہی مجلہ، ۱۹۰۸ء، ۴۰: ۱ تا ۶۴؛ (٦) Beiträge XVIII, Astrmomische Instrumentc، وہی مجلہ، ۱۹۰۹ء، ۴۱: ۳۳ تا ۳۵؛ (۷) Beiträge XXII, Stücke aus deu Mafâtih al-'Ulūm، وہی مجلہ، ۱۹۱۰ء، ۴۲: ۳۰۳ تا ۳۲۲؛ (۸) Beiträge XXIV Zur Chemic bei deu Arabern، وہی مجلہ، ۱۹۱۱ء، ۴۳: ۲۷ تا ۱۱۳؛ (۹) Beiträge XXVII Geographische stellen aus deu Mafatihal-'Ulūm، وہی مجلہ، ۱۹۱۲ء، ۴۴: ۳۷ تا ۴۰؛ (۱۰) Beiträge XLVII Über die Astronomie nach deu Mafatih al-'Ulūm، وہی مجلہ، ۱۹۱۵ء، ۴۶: ۲۱۴ تا ۲۴۲؛ (۱۱) Beiträge LXVII, Definitionen verschiedener Wissenschaften und Über diese verfasstewerke، وہی مجلہ، ۱۹۱۸-۱۹۱۹ء، ۵۱/۱: ۱ تا ۲۲؛ (۱۲) Beiträge LXVI, Zur geschicbte der Musik، ۱۹۲۲-۱۹۲۳ء، وہی جلہ، ۵۴/۵۵: ۷ تا ۲۲؛ [(۱۳) الزرکلی، ٦: ۲۰۴؛ (۱۴) کشف الظنون ۱۷۵٦؛ (۱۵) المقریزی: الخطط، ۱: ۲۵۸؛ (۱٦) معجم المطبوعات، ۱: عمود ۸۳۹؛ (۱۷) History of Muslim Philosophy، طبع محمد شریف، ۱۹٦۳ء]۔

(E. WIEDEMANN)

marfat.com

Marfat.com

* **الخوارِزْمی** : [ابو عبداللہ و ابو جعفر] محمد بن موسٰی، الطبری میں (طبع ڈخویہ، ۳، ۱۳۶۳) الخوارزمی کو المجوسی (مجوسی کی اولاد) اور القطربلی دجلہ کے مغرب میں بغداد کے قریب ضلع قطربل کا باشندہ یا متوطن بھی لکھا گیا ہے [الفلکی، الریاضی، المؤرخ] ۔ اس کی زندگی کے حالات بہت کم معلوم ہیں اور جو معلوم ہیں وہ بھی معتبر نہیں کیونکہ اکثر صورتوں میں پتا نہیں چلتا کہ ان کا تعلق اس سے ہے یا محمد بن موسٰی ابن شاکر سے (قب H. Suter : *Nachträge zir "die Mathemathiker"* وغیرہ، در *Abhandl. Zur Gesch der math. Wissensch*، ۱۹۰۲ء، جلد ۱۴، اشارہ ۱۹: ص ۱۵۸) ۔ الخوارزمی کی تاریخ پیدائش بھی معلوم نہیں۔ تاریخ وفات بھی غیر قطعی ہے ۔ سوتر کی رائے میں اس کا انتقال ۲۲۰ھ/ ۸۳۵ء اور ۲۳۰ھ / ۸۴۴ء کے درمیان ہوا اور نالینو کے نزدیک ۲۳۲ھ/ ۸۴۶-۸۴۷ء کے بعد ۔ الخوارزمی نے مأمون کے عہد میں فروغ پایا ۔ وہ اس کے ہیئت دانوں میں شامل تھا اور اس کے عہد خلافت میں جب زمین کے درجات کی پیمائش کی گئی تو اس میں شاید وہ بھی شریک تھا ۔ مطالعے کا بیشتر وقت مأمون کے کتب خانے میں گزارتا تھا ۔ مأمون نے اسے یونانی کتابوں کے جمع کرنے اور ان کے تراجم کروانے کا کام سپرد کیا تھا ۔ الخوارزمی نے ریاضیات، جغرافیہ، ہیئت اور تاریخ میں خوب خوب محنت کی اور کتاب التاریخ کے نام سے ایک تصنیف مکمل کی، جس کا ذکر المسعودی نے بطور مأخذ کیا ہے اور جس سے غالبًا الطبری نے عہد مأمونی ۲۱۰ھ/ ۸۲۵ - ۸۲۶ء کے ایک واقعے کے متعلق اقتباس بھی لیا ہے (دیکھیے نالینو C. A. Nallino: *al-Huwārizmī* وغیرہ، ص ۱۲)۔ الخوارزمی کی تصنیفات بڑی اہم اور خود اس کی ذاتی تحقیقات کا نتیجہ ہیں جو اس کی حکیمانہ طبیعت اور نبوغ علم کا ثبوت ہیں.

ان تصنیفات کا تعلق اس زمانے سے ہے جب ابھی یونانی علوم و فنون کے ترجموں کا دور دورہ شروع نہیں ہوا تھا ۔ یہ الگ بات ہے کہ الخوارزمی کی زندگی کا کچھ حصہ الحجاج کی معاصرت میں گذرا ۔ یہی وجہ ہے کہ جبر و مقابلہ میں اس نے جو خدمات سرانجام دیں ان میں زیادہ تر ہندوؤں، ایرانیوں اور مدرسۂ جندی شاپور کی تصنیفات سے کام لیا گیا ہے ۔ یونانی مآخذ کی حیثیت اس کے لیے ثانوی تھی ۔ البتہ ہیئت اور جغرافیے میں شاید صورت حالات قدرے مختلف ہے ۔ الخوارزمی کی تصنیفات کا ذکر یعقوب الندیم کی الفہرست (ص ۲۰۵) اور ابن القفطی (ص ۲۸۶) میں موجود ہے ۔ الفہرست میں الخوارزمی کے فورًا بعد سند بن علی کا ذکر آتا ہے ۔ لہٰذا کارپنسکی Karpuiski (کتاب مذکور) کو یقین تھا اور الحساب بالہندی، الجمع والتفریق اور الجبر والمقابلہ جنھیں سند سے منسوب کیا گیا، دراصل خوارزمی ہی کی تصانیف ہیں .

ریاضیات میں اس کی اہم ترین تصنیف، حساب الجبر والمقابلۃ (J. Ruska کی رو سے Processes of Calculation for Integration and Equation) ہے لیکن ان معنوں میں نہیں جو ہمارے نزدیک جبر و مقابلہ کے ہیں بلکہ اطلاقی (applied) حساب کا ایک مقدمہ، جس کی بنا متعدد حل شدہ مثالوں پر رکھی گئی ۔ علاوہ ازیں اس تصنیف میں طرح طرح کی معلومات شامل ہیں۔ (ا) تکمیل (Integration) اور مساوت کا عمل، مساوات کی سادہ ترین شکلیں؛ (ب) پیمائش اور مساحت؛ (ج) ورثوں کی ازروے وصیت تقسیم کے قواعد ۔ لاطینی میں اس کتاب کا ترجمہ G. of Cremma اور R. of Chester وغیرہ نے کیا (دیکھیے مآخذ Rosen اور Karpinski کے تحت) ۔ لیکن غلط فہمیوں کی وجہ سے اور الخوارزمی کے تلفظ کے بگڑنے کے سبب طرح طرح کے الفاظ وضع ہونے لگے جن کی انتہا بالآخر الگورزم "algorism" پر ہوئی یعنی حساب لگانے کا کوئی متوالی طریقہ جو رفتہ

Marfat.com

رفته قاعدے کی صورت اختیار کرلے ۔

جہاں تک شرحوں کا تعلق ہے سنان بن فتح (Suter، عدد ۱۳۹)، عبداللہ بن السید ثانی (Suter، عدد ۱۵۲)، ابوالوفاء (Suter، عدد ۱۶۷) کے حوالے دیے جاتے ہیں ۔ روزن Rosen نے ان کے علاوہ (کتاب مذکور، ص ۱۳) کسی المزیہفی کا حوالہ بھی دیا ہے ۔ الخوارزمی کی تصنیف سے نہایت گہرے اثرات مترتب ہوے اور آگے چل کر ابو کامل شجاع بن اسلم (Suter، عدد ۸۱) نے صاف صاف لفظوں میں اس سے استفادہ کیا (لا۲+ ۱۰ لا=۳۹ اور اس قسم کی مثالیں بار بار دہرائی جاتی ہیں مثلاً ابو کامل الکرخی، عمر الخیام اور عیسائی مصنفین لیونارڈ متوطن پیسا (Leonsrdo of Pisa) کی تصنیفات میں جو ظاہر ہے الخوارزمی سے متاثر ہوے ۔

حساب میں الخوارزمی کی ایک اور تصنیف ابھی تک محفوظ ہے مگر لاطینی ترجمے میں *Algorumi de Numers Indosum* مرتبۂ Bald. Boncompagni، در *Pubbl. da B.B. Nowa Tratlati d'aritmatica*، ۱۸۵۷ء، عدد ۱)، رسکہ J. Ruska کے نزدیک یہ کتاب الجمع و التفریق (غالباً ہمیں "بحساب الہند" کے الفاظ کا اضافہ کر دینا چاہیے یعنی "ہندی نہج پر جمع اور تفریق کی کتاب" یا "ہندی رقوم کے ساتھ ...." قب J. Ruska، کتاب مذکور ص ۱۸) کے بالکل مطابق ہے۔

محمد بن ابراہیم الفزاری نے سدھانتا کا ترجمہ عربی میں کیا تھا اور وہ سند ہند عظیم کے نام سے مشہور ہوئی (اور جس میں سدھانتا سے بحث کی گئی تھی قب ایچ سوتر H. Suter: *Die astronmischen Tafeln* وغیرہ ص ۳۲) ۔ الخوارزمی نے سند ہند کے دو نسخے تیار کیے بلکہ اس سے پہلے شاید اس کا ملخص بھی ۔ فلکی جدولوں کی جو کتاب اس طرح مرتب ہوئی، اس کا نام، جیساکہ ابن یونس کا قول ہے، الخوارزمی نے فی زیج رکھا (دیکھیے نالینو: *al-Batlenii Opus*، ۱ : ۱۵۷) ۔ زیجی تصنیفات کی طرح اس میں صرف جدولیں ہی موجود نہیں بلکہ فلکیات سے بھی بحث کی گئی ہے۔

ابن ابی اُصَیبِعہ (۲ : ۳۹) کا بیان ہے کہ جداول میں الخوارزمی کی اس زبردست تصنیف کو مسلمہ المجریطی نے از سر نو ترییب دے کر پھر سے شائع کیا اور شاید یہی متن تھا جس کی اساس پر لاطینی میں اس کا ترجمہ ہوا ۔ اس تصنیف میں مثلثی جدولین بھی موجود ہیں، جن میں لفظ جیب ہمیشہ gaib "djaib" کے لیے استعمال ہوا ۔ حالانکہ ثابت بن قرّہ کے یہاں اس کا حوالہ کبھی کبھی ہی ملتا ہے (قب H. Burger اور C. Kohl: *Axel Bjrnobs, Thabits Wesk über den Transversalensatz*، در *Abhandl. zur Gesch. der Naturewiss ench und Medizin*، ۱۹۲۴ء، ۷ : ۵) ۔ لہذا بہت ممکن ہے الخوارزمی میں اس لفظ کا استعمال مسلمہ ہی نے کیا ہو (قب نالینو: *Al-Batteenii opus*، ۱ : ۱۵۴) ۔ الخوارزمی نے اپنی کسی دوسری تصنیف میں شاید رؤیت ہلال سے بھی بحث کی ہے (قب نالینو: کتاب مذکور، ۱ : ۲۶۹) ۔ یاقوت نے (معجم، ۱ : ۱۶۱، سطر ۱۰) جسامت زمین کے متعلق ایک بیان کے سلسلے میں محمد بن موسی الخوارزمی کو صاحب الزیج (کتاب الجداول کا مصنف) کہا ہے لیکن زیج میں ایسا کوئی بیان نہیں ملتا ۔

الخوارزمی نے دو کتابیں اصطرلاب کے بارے میں بھی مدوّن کیں : کتاب العمل بالاصطرلاب ("اصطرلاب کا طریقۂ استعمال") اور کتاب عمل الاصطرلاب ("اصطرلاب سازی کا فن") مگر ان میں سے کوئی بھی محفوظ نہیں نہ عربی میں اور نہ لاطینی میں ۔ الفرغانی کی کتاب فی صنعت الاصطرلاب بالہندسۃ ("اصطرلاب سازی ہندسہ کی مدد سے") نسخۂ برلن، فہرست شمارہ ۵۷۹۰) میں کئی فلکی مسائل اصطرلاب کی مدد سے حل کیے گئے ہیں اور اس کا یہ حصہ ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے "محمد بن موسی الخوارزمی کہتا ہے ...." (قب J. Frank: *Die Varwendung des Astrolabs nach*

marfat.com

Marfat.com

al-Khwārizmi، در Abhandlungen zur Gesch. der Naturwiss. und Medizin، ۱۹۲۲ء، ۳ : ۱ تا ۳۲؛ نیز دیکھیے نالینو: کتاب مذکور، ۱ : xlix) .

دھوپ گھڑیوں کے متعلق الخوارزمی کی کتاب الرخامة کے متعلق ہمیں اس کے سوا اور کچھ معلوم نہیں کہ اس نے اس قسم کی ایک کتاب تصنیف کی .

الخوارزمی نے نجوم کے بعض مسائل پر عملی پہلوؤں سے قلم اٹھایا، مثلاً ابومعشر کے بیان کردہ ایک قصے کے ماتحت اس نے اس امر کی تحقیق کی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارک کے وقت کواکب کے قرانات سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آئندہ نبوت کے متعلق کہاں تک پتا چل سکتا تھا (حمزة الاصفہانی: تاریخ، طبع Gottwaldt، Lib. ج ۷، باب ۴ (متن): ص ۱۵۳ ببعد، ترجمہ ص ۱۲۳).

المأمون کے ایما پر الخوارزمی نے، شاید بعض دوسرے علما سے مل کر، افلاک اور کرۂ ارض کے نقشوں کی ایک اٹلس بھی تیار کی تھی۔ کتاب صورة الارض، جس کا نسخہ سٹراس برگ Strassburg میں محفوظ ہے یا جیسا کہ ابوالفداء اسے کتاب رسم الربع المعمور (کرۂ ارض کے آباد حصص کے نقشوں کی کتاب) کہتا ہے، اسی سے تعلق رکھتی ہے اور نالینو یہ ثابت کر چکا ہے کہ یہی وہ متن ہے جو نقشوں کے ساتھ ملحق تھا۔ نقشوں (دونوں نسخوں) کی تیاری میں اگرچہ بطلمیوس کی *Geography* پیش نظر تھی مگر اس کی ترتیب اس نے اپنے انداز میں کی اور اس میں نئے اور مستقل اضافے بھی کیے .

کتاب مذکور کا ایک نسخہ نالینو نے اطالوی زبان میں مرتب کیا اور اس کے جغرافیائی مواد کے متعلق، بالخصوص اسی مواد کے حوالے سے جو بطلمیوس میں ملتا ہے، بڑی تحقیق و تفتیش سے کام لیا ہے۔ H. von Mzik نے بھی اس کتاب پر مکمل بحث کی ہے اور افریقہ سے متعلق حصے ترتیب دے کر اس کے ترجمے کے ساتھ تشریحات کا اضافہ بھی کر دیا ہے (*Mitt. d. K.-K. geogr. Gesellsch. in Wien*، ۱۹۱۵ء، ۳۸ : ۱۵۲ ببعد، اور *Denkschr Ak. Wien*، حصۂ فلسفہ، ۱۹۱۶ء، ج ۵۹، عدد ۴) اور الخوارزمی کے بیانات کے مطابق ایک نقشہ بھی تیار کیا ہے (قب : J. Ruska : *Neue Bausteine zur Geschibhte der arabischen Geographie*، در *Geogr. Zeitschr*، ۱۹۱۸ء، ۲۴ : ۷۷ تا ۸۱) .

**مآخذ** : (۱) [ابن الندیم: الفہرست، ص ۲۷۴؛ (۲) ابن القفطی: تاریخ الحکماء، ص ۱۸۷ ؛ (۳) کشف الظنون، ص ۵۷۹ ؛ (۴) المسعودی: التّنبیہ والاشراف، ص ۱۵۷، ۱۸۹ ؛ (۵) حمزة: تاریخ سنی ملوک الارض، ص ۱۲۱ ؛ (۶) الزرکلی، ۷ : ۳۳۷ ؛ (۷) معجم المطبوعات، عمود ۸۳۱ ؛ (۸) براکلمان: تکملہ، ۱ : ۳۸۱]؛ (۹) H. Suter : *Die Mathematiker und Astronomen der Araber und ihre Werke*، عدد ۱۹، در *Zeitschrift für Mathematik und Physik*، ۱۹۰۰ء، ج ۱۰، عدد ۱۹، اور خصوصًا تکملہ؛ وہی کتاب، ۱۹۰۲ء، ۱۴ : ۱۵۸ تا ۱۶۰ ؛ (۱۰) M. Cantor : *Vorlesungen zur Geschichte der Mathematik*، بار سوم، ۱۹۰۷ء، ۱ : ۷۰۰ ببعد؛ اور تاریخ ریاضیات سے متلق دوسری تصانیف : (۱۱) *The Algebra of Mohammad ben Musa*، طبع و ترجمہ از Fr. Rosen، ۱۸۳۱ء، ج ۱۶، ترجمہ: ص ۲۰۸ متن، ص ۱۲۲ ؛ (۱۲) *Robert of Chester's Latin Translation of the Algebra of Al-Khowarizmi*، طبع L. Ch. Karpenski : *University of Michigan Studies*، *Humanistic Series*، نیویارک ۱۹۱۵ء، ج ۱۱ ؛ (۱۳) J. Ruska : *Zur ältesten arabischen Algebra u. Rechenkunst*، در *S.B. Ak. Heid*، ۱۹۱۷ء، عدد ۲ : ص ۱۲۵، اور جائزہ از E. Wiedemann، در *Berliner Philologische Wochenschrift*، ۱۹۱۹ء، ۳۹ : ۳۸ تا

Marfat.com

۵۳ ؛ (۱۴) H. Suter : *Die astronomischen Tafeln des Muhammed ben Musa al-Khwārizmī* وغیرہ، کوپن ہیگن، ۱۹۱۴ء، در *Kgl. Danske Vidensk. Selsk. Skrifter*' سلسلہ ے، 'Historisk of filosofisk Afd.' ۳:۱؛ (۱۵) مثلثی جدولوں کو A.A. Bjrnbo : *Al-Chwarizmi's trigonometriske Tavler*' در *Festskrift til H.G. Zeuthen*' کوپن ہیگن ۱۹۰۹ء میں شائع کیا گیا ؛ (۱۶) *Al-Huwärzimī eil suo rifacimento della geografla di Tolomeo*' در *Memorie della Classe di Science morali* وغیرہ، ۱۸۹۴ء، ۲ : ۱ الف؛ (۱۷) نالینو C. A. Nallino نے البتّانی کی کتاب کے اپنے ایڈیشن میں الخوارزمی کے متعلق خاصی معلومات دی ہیں (قب اشاریہ).

(E. Wiedemann)

* **خواند امیر** : ایرانی مؤرخ، نام غیاث الدین؛ وہ خواجہ ہمام الدین بن خواجہ جلال الدین بن خواجہ برہان الدین محمد شیرازی کا بیٹا تھا ۔ مؤرخ میر خواند [رک بآں] اس کا نانا اور نظام الدین سلطان احمد صدر ماموں تھا۔ اس کا باپ برسوں سمرقند کے سلطان محمود کا، جو بابر کا چچا تھا، وزیر رہا ۔ خواند امیر کی پیدائش تقریباً ۱۴۷۵ء میں ہوئی ہوگی اور غالبًا ہرات میں، جہاں اس کے نانا رہا کرتے تھے ۔ ہفت اقلیم میں اس کا مولد بخارا بتایا گیا ہے ۔ اس کے نانا میر خواند کے بارے میں پتا چلتا ہے کہ وہ دراصل بلخ کے رہنے والے تھے ۔ خواند امیر سلطان حسین کے سب سے بڑے بیٹے بدیع الزمان کی ملازمت میں داخل ہوا، ۱۵۰۲ء میں وہ اس کے ساتھ پل چراغ میں تھا اور بدیع الزمان سے اس نے وہ واقعات سنے جو پانچ چھے سال پہلے بدیع الزمان کو خواند امیر کے والد سے شکست کھانے کے بعد پیش آئے تھے ۔

مئی ۱۵۰۶ء میں سلطان حسین کی وفات کے بعد خواند امیر بدیع الزمان کے ساتھ شمالی ایران میں مَرل کے مقام پر تھا ۔ ۱۵۰۷ء کے موسم بہار میں، جب کہ خیال تھا کہ شیبانی کی یلغار کو روکا جائے، بدیع الزمان اور اس کے بھائی اور شریک بادشاہت مظفر نے خواندامیر کو ہدایت کی کہ وہ قندھار جائے اور شاہ بیگ ارغون کو ترغیب دے کہ وہ ان سے مل جائے ۔ صرف ہرات تک پہنچا تھا کہ بدیع الزمان کی بیٹی جوجک بیگم کی موت کی وجہ سے دیر ہو گئی اور خود شیبانی کے قریب آ جانے کی وجہ سے بھی وہ قندھار نہیں گیا ۔ ایک بار وہ ایک بے نتیجہ سفارت پر خسرو شاہ کے پاس کُندُز بھی گیا ۔ شیبانی کا مقابلہ کرنے کے لیے مرل کے مقام پر ایک کمزور سی کوشش کی گئی، مگر شہزادے بھاگ کھڑے ہوے اور بہادر ذوالنون ارغون قتل کر دیا گیا ۔ مارچ ۱۵۰۷ء میں ہرات پر حملہ ہوا اور خواند امیر اور اس کے بھتیجے عثمان کو، جو شہر کا محتسب تھا، شہر کے باشندوں نے شیبانی سے اس کے پڑاؤ میں ملاقات کرنے اور ہتیار ڈال دینے کی شرائط معلوم کرنے کی خدمت سپرد کی ۔ عثمان شیبانی سے ملاقات کرنے میں کامیاب بھی ہوا، اگرچہ راستے میں اس کے کپڑے چھین لیے گئے اور اس کو لوٹ لیا گیا ۔ خواند امیر ہرات پر دشمن کا قبضہ ہو جانے کے بعد وہیں رہا ۔ اس نے بہت دلچسپ طریقے سے بیان کیا ہے کہ کس طرح اس سے اور اس کے دوستوں سے ازبکوں نے زبردستی روپیہ وصول کیا ۔ وہ اس وقت بھی ہرات میں تھا جب کہ بادشاہ اسمٰعیل صفوی اول نے شیبانی کو شکست دی اور اسے قتل کرکے ۱۵۱۰ء میں شہر پر قبضہ کر لیا ۔ ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء میں ہم خواند امیر کو گرجستان کے پَشت یا بَشت نامی گاؤں میں گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرتے پاتے ہیں ۔ یہ مقام شمالی ایران میں ہے (نہ کہ گرجستان میں جیسا کہ Elliot نے لکھا ہے؛ قب de Sacy، برگرجستان، در *Mines de l' Orient*، ۱ : ۳۲۱)، جہاں وہ تصنیف و تالیف کے کام میں مشغول رہا ۔ پھر اس نے محمد زمان کی، جو اس کے پرانے آقا کا سب سے بڑا بیٹا تھا

marfat.com

Marfat.com

ملازمت اختیار کی اور کچھ دنوں تک بلخ وغیرہ میں اس کا شریک حال رہا؛ مگر جب محمد زمان قندھار جانے کی تیاری کر رہا تھا اس وقت خواند امیر نے ہِشت واپس جانے کی اجازت چاھی - وہ افغانستان میں بھی بہت عرصہ نہیں ٹھیرا اور مارچ ۱۵۲۸ء میں ہندوستان کا رخ کیا - آگرے پہنچ کر ماہ ستمبر میں بابر کی خدمت میں حاضر ہوا اور ۱۵۲۹ء میں، جب بابر بنگال گیا، وہ بھی ساتھ تھا۔ تریموھنی یا سرجو اور گنگا کے سنگم پر بھی وہ بابر کے ہمراہ تھا (حبیب السیر، طبع سنگی، ۲ : ۸۴، جلد ۲ کے حصہ ۴ کا آخر) - بابر ۱۵۳۰ء کے آخر میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد خواند امیر نے ہمایوں کی ملازمت اختیار کی اور اس کی عمارتوں اور منصوبوں پر ایک مدحیہ قصیدہ لکھا، جس کا نام قانون ہمایونی یا ہمایوں نامہ رکھا (اس کا ایک مخطوطہ موزۂ بریطانیہ میں محفوظ ھے)؛ اس کتاب کا حال کچھ اقتباسات کے ساتھ Elliot : *History of India*، ۵ : ۱۱۶ پر درج ھے - عام طور پر کہا جاتا ھے کہ خواند امیر کا انتقال ۹۴۱ھ/۱۵۳۴-۱۵۳۵ء میں ہمایوں کی مہم گجرات کے دوران میں ہوا، مگر فرشتہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ھے کہ اس کی موت گجرات سے واپسی پر عارضۂ پیچش سے ہوئی - یہ واقعہ ۹۴۲ھ/ ۱۵۳۵ء کا ھے - اس سال خواند امیر زندہ تھا اور اس نے اپنے ایک دوست اور ہم سفر شہاب الدین چیستان گو کی تاریخ وفات کہی تھی (قب بداؤنی، ترجمۂ Ranking، ۱ : ۵۰م)- خواند امیر کا انتقال غالبا ۹۴۲ھ/۱۵۳۵ء یا ۹۴۳ھ/۱۵۳۷ء میں ہوا - اپنی وصیت کے مطابق وہ دہلی میں نظام الدین اولیا اور امیر خسرو کی آخری آرام گاھوں کے قریب دفن ہوا - اس وقت اس کی عمر غالبًا ساٹھ سال تھی۔

خواند امیر پر نویس تھا - اس کی پہلی تصنیف خلاصة الاخبار ھے، جو ۹۰۵ھ/۱۴۹۹-۱۵۰۰ء میں لکھی گئی اور علی شیر کے نام سے معنون ہوئی، جس کے کتاب خانے سے اس نے ضروری مواد فراہم کیا تھا - یہ نوجوانی کی تصنیف ھے، اس لیے اس میں فطری طور پر بہت کم مواد ایسا ھے جو اس نے ذاتی معلومات کی بنا پر قلم بند کیا - در اصل یہ حبیب السیر کا ابتدائی خاکہ ھے، مگر بعض مقامات پر مثلاً یادگار محمدؐ کی گرفتاری اور اس کے قتل کا بیان بعد کی تصنیف یعنی حبیب السیر سے بھی زیادہ مفصل ھے - خواند امیر کی گراں قدر تصنیف (اور صرف وہی شائع بھی ہوئی ھے) حبیب السیر ھے - اس کی ابتدا ۱۵۲۱ء میں ہوئی اور اس کا بیشتر حصہ ۱۵۲۳ - ۱۵۲۴ء میں لکھا گیا اگرچہ اس نے ہندوستان آنے کے بعد اس میں کچھ اور اضافے کیے - حبیب السیر، جسے یہ نام ایک دوسرے سرپرست حبیب اللہ کی نسبت سے دیا گیا ھے، عمومی تاریخ ھے، اس میں ابتداے آفرینش سے اسمٰعیل صفوی اول کی زندگی کے اختتام [۹۳۰ھ/۱۵۲۳ء] تک کے حالات درج ھیں؛ یہ تاریخ مصنف کے خود اپنے زمانے کے حالات کے لیے گراں قدر ماخذ ھے - کتاب کے سب سے مفید حصے وہ ھیں جو ہرات کے سلطان حسین [بایقرا] اور اسمٰعیل اوّل کی زندگی کے حالات پر لکھے گئے ھیں- ضمنی طور پر اس نے شیبانی اور بابر کے بارے میں بھی بہت اطلاعات بہم پہنچائی ھیں؛ مؤخرالذکر کے بارے میں اس نے جو کچھ لکھا ھے وہ بابر کی توزک کے دو بڑے خلاؤں کو پر کرنے کا سب سے اچھا ذریعہ ھے - وہ غیر جانب دار اور صاحب اصول مصنف ھے - اس نے حبیب السیر کو مکمل کرنے سے پہلے اسے تین بار لکھا، اس نے جو کچھ لکھا، بہت صحت سے لکھا اور اکثر اپنے ذاتی علم کی بنا پر لکھا - اس میں لفاظی اور صنائع و بدائع کا استعمال بہت ھے، جیسے کہ اس کے ہم عصر حسین واعظ کی انوار سہیلی میں ھے؛ اس میں جگہ جگہ اشعار بھی درج کیے گئے ھیں - سلطان حسین اور اسمٰعیل صفوی کی وہ بہت تعریف کرتا ھے اور کہیں کہیں بے ضرورت پر گو اور

marfat.com
Marfat.com

طوالت پسند ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ محمد زمان کی مہمون کی تھکا دینے والی تفصیلات لکھتا چلا جاتا ہے۔ حبیب السیر تہران اور بمبئی میں چاپ سنگی میں طبع ہوئی۔ خواند امیر روضۃ الصفا [مصنفۂ میر خواند] کی ساتویں جلد کا بھی مصنف ہے۔

مآخذ : (۱) Elliot : *History of India*، ج ۴
و ۵؛ (۲) H. Ferté : *Vie de Sultan Hosséin Baikara,*
*traduite de Khondémir*، (پیرس ۱۸۹۸ء)؛ (۳) A.S.
Beveridge : ترجمۂ تزک بابری Babur Nama؛ (۴)
*Asiatic Miscellany*، ج ۱؛ (۵) F.B. Charmoy :
*Mem de l' Academic imperiale de Saint-Paters*
*bourg*، سلسلہ ۶، ج ۳ و ۸؛ (۶) Quatnemere : *Tonsnc.!*
*dcs Sarvants*، ۱۸۴۳ء، ص ۳۸۶ تا ۳۹۴؛ (۷) Rieu :
*Cat. of Persian Mss.*، ۱ : ۹۸ ببعد.

(H. BEVERIDGE)

* **خوتین** : (Chocim) بسربیا کے ایک ضلع کا صدر مقام، جو اس لیے تاریخی شہرت کا حامل ہے کہ یہاں سلطان عثمان غنی نے ستمبر ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء میں پولستانیوں کی مضبوط لشکر گاہ پر شدید حملہ کیا تھا، جو ناکام رہا تھا۔ ۱۰۸۴ھ/۱۶۷۳ء میں خوتین کے نواح میں دوبارہ جنگ ہوئی۔ گو اس وقت ترکوں کو بظاہر کامیابی نہ ہوئی لیکن آخرکار ۱۶۷۴ء کے اوائل میں پولستانیوں نے یہ شہر ترکی افواج کے حوالے کر دیا۔ ۱۱۸۲-۱۱۸۳ھ/۱۷۶۹ء میں بھی روسیوں نے شہر کا محاصرہ کرکے اس پر قبضہ کر لیا، لیکن بعد میں پھر ترکوں کے قبضے میں آ گیا۔ ۱۷۸۸ء میں بھی یہی عمل دُہرایا گیا۔ ۱۸۰۶ء میں انھوں نے شہر پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور ۱۸۱۲ء میں روس کو تفویض کر دیا۔

(ادارہ)

* **خُوجَه** : (فارسی: خواجه)، [برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کا ایک فرقہ، جس کے اکثر افراد عقائد کے اعتبار سے اسمعیلیوں کی نزاری شاخ سے تعلق رکھتے ہیں اور آغا خان کے پیرو ہیں۔ یہ لوگ زیادہ تر مندرجۂ ذیل علاقوں میں آباد ہیں: (الف) پاکستان : پنجاب، شمال مغربی سرحدی صوبہ، کشمیر، گلگت، ہنزہ، چترال، سندھ؛ (ب) بھارت : گجرات (کاٹھیاوار)، بمبئی اور مغربی ساحل۔ برصغیر کے خوجوں کی تاریخ خاصی طویل ہے۔ اس کی تفصیلات کے لیے رک بہ اسمعیلیہ؛ نیز W Iranow : *Brief Survey of the Evolution of Ismailism*، لائڈن ۱۹۵۲ء، ص ۱۹ ببعد۔ ۱۹۲۱ء کی سر شماری کی رو سے برصغیر میں ان کی آبادی ساٹھ ہزار کے قریب تھی]۔

پنجاب کے خوجے آغا خان کے پیرو نہیں اور ان کے مذہبی عقائد بمبئی کے خوجوں سے ملتے جلتے ہیں (*Census of India*، ۱۹۰۱ء، ۱۷ : ۱۵۰ ببعد)۔ یہ بھی بمبئی کے خوجوں کی طرح ہندووں سے مسلمان ہوئے ہیں اور زیادہ تر تجارت پیشہ ہیں۔ وہ اپنا حساب کتاب ہندی میں کرتے ہیں اور ہندوانہ رسم و رواج کے پابند ہیں۔ پراچے بھی انھیں کے ہم عقیدہ ہیں، جن کی تعداد پنجاب میں چار ہزار کے قریب ہے۔ ان کی ابتدا حاجی سید صدر الدین سے ہوئی، جو پندرھویں صدی میلادی میں اسمعیلی عقائد کی تبلیغ کے لیے خراسان سے آئے اور ریاست بہاولپور کی پیشکاری گوٹھ چنی کے مقام ترِنڈہ گورگج میں مدفون ہیں۔ انھوں نے اپنے عقائد ہندوؤں کے سامنے ایسی شکل میں پیش کیے جو ان کی ہندوانہ روایات سے مناسبت رکھتے تھے۔ مشہور ہے کہ وہ دس اوتار کے مصنف تھے، جس میں وشنو کے اوتاروں کا سلسلہ اسلام سے اس طرح ملایا گیا ہے کہ پہلے نو اوتار تو ہندو تھے اور دسویں اوتار (سنسکرت : نِش کَلنک کا=بے داغ)، جن کے بارے میں ہندوؤں کا عقیدہ تھا کہ اس کا ظہور کسی آئندہ زمانے میں ہوگا، اسمعیلیوں کے امام غائب ہیں۔ پنجابی خوجے، برصغیر میں آغا خان کے پیرو، نیز

marfat.com
Marfat.com

مشرق افریقه کے اسمٰعیلی آج تک دس اوتار اور صدر الدین کی مناجات دونوں کتابیں استعمال کرتے ہیں۔ عملی ہدایت کے لیے پنجابی خوجے قادریه اور چشتیه فرقوں کے درویشوں اور دوسرے پیروں کی طرف رجوع کرتے ہیں، اگرچه یه ضروری نہیں که اِن کے اور اُن کے عقائد یکساں ہوں.

صوبۂ بمبئی کے خوجوں اور مشرق افریقه میں ان کی شاخوں کی تنظیم ایک فرقے کی حیثیت سے بہت بہتر ہے اور ان لوگوں کا آغا خاں سے براہ راست تعلق ہے۔ ان کے مذہبی خیالات دراصل وہی ہیں جو پنجاب کے خوجوں کے ہیں، لیکن ان کے درمیان امام وقت آغا خاں کی موجودگی نے انھیں مسلمانوں کے مذہبی سلسلوں کے اثر سے دور کر دیا ہے۔ وقتاً فوقتاً کچھ لوگ ان کی صفوں سے علٰحدگی اختیار کرتے رہے ہیں، لیکن خاص طور پر یه بات انیسویں صدی عیسوی کے ساتویں عشرے میں وقوع میں آئی جبکه ان کی ایک جماعت نے یه کوشش کی که پوری برادری کے سنّی ہونے کا اعلان کر دیا جائے۔ ۱۹۰۱ء میں ان کی ایک قلیل تعداد نے مغربی طریقے پر تعلیم یافته افراد کی قیادت میں اثنا عشری (رکّ باں) شیعه ہونے کا اعلان کیا۔ ان لوگوں نے بمبئی میں اپنی ایک الگ مسجد اور ایک علٰحده قبرستان (جو آرام باغ کہلاتا ہے) بنا لیا ہے، لیکن بمبئی کے خوجوں سے انھوں نے اپنا معاشرتی تعلق برقرار رکھا ہے.

خوجے زیاده تر رواجی قانون کے پابند ہیں۔ بمبئی کی عدالت عالیه کے ایک فیصلے (۱۸۴۷ء) کی رو سے ان پر اسلامی قانون وراثت کا اطلاق نہیں ہوتا، چنانچه ہندو قانون کی طرح ان کے یہاں بھی عورتیں فوری وراثت کے حق سے محروم ہیں (مقدمۂ سرجن میر علی؛ قب *Cases Illustrative* : Sir Erskine Perry *of Oriental Life and the Application of English Law to India*، لنڈن ۱۸۵۳ء، ص ۱۱۰).

بمبئی کے خوجوں کے یہاں پیر صدر الدین سے پہلے کے ایک مبلغ نُورستگر یا پیرستگر نُور کے متعلق یه روایت چلی آتی ہے که وه بارھویں یا تیرھویں صدی عیسوی میں گزرا ہے۔ ۱۵۹۴ء کے قریب ان کے امام آغا عبدالسلام نے ہندوستانی خوجوں کی ہدایت کے لیے فارسی زبان میں ایک کتاب پَنْد یادِ جوانْمردی لکھی، جس کے قدیم سندھی نسخے کو چھبیسویں خوجے پیر یا ولی کا درجه دے کر قابل تعظیم و تکریم سمجھا جاتا ہے.

بمبئی کے خوجوں کے یہاں شادی، طلاق اور تجہیز و تکفین کی رسوم عام اسلامی دستور اور شریعت سے مختلف ہیں۔ ان کی شادی کی رسوم پر قدیم ہندوانه رنگ غالب ہے۔ نکاح کی مخصوص رسم زمانۂ حال تک سنّی قاضی ادا کیا کرتے تھے۔ گجراتی زبان میں شادی کی ایک سند دی جاتی ہے، جس کے چاروں کونوں پر چار بڑے فرشتوں، یعنی جِبْرائیل، اِسْرافیل، عَزْرائیل اور مِیکائیل کے نام لکھے ہوتے ہیں۔ جماعت کی اجازت کے بغیر طلاق نہیں دی جا سکتی، تاہم بالعموم پہلی بیوی کے گزارے کے لیے دو ہزار روپے جمع کر دینے پر اس کی اجازت مل جاتی ہے۔ ایک عجیب رسم، جو مرتے وقت ادا کی جاتی ہے، "سَمَر چھانْٹا" ہے، یعنی مقدس پانی کا چھڑکنا اور اس کے ساتھ کتاب دس اوتار کی تلاوت.

اس جماعت کی تنظیم میں مالی اعتبار سے آغا خاں کی مقدس ذات کو مرکزیت حاصل ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی انتظامی امور میں کامل جماعتی آزادی حاصل ہے۔ ہر جماعت کا اپنا علٰحده "جماعت خانه" ہوتا ہے، جو مجلس اور مسجد دونوں کا کام دیتا ہے۔ اس کے عہدیدار "مُکھی" (مُکھیا، خازن و صدر) اور "کامڑیه" (معتمد، محاسب) کہلاتے ہیں۔ اکثر انھیں منتخب کیا جاتا ہے، لیکن بعض اوقات خود آغا خاں بھی انھیں نامزد کرتے ہیں۔ امام کے لیے نذریں انھیں کی وساطت

marfat.com
Marfat.com

سے جمع کی جاتی ھیں ۔ یہ نذریں دَسُونْدہ (=عُشر) کے علاوہ ایسی رقوم پر مشتمل ہوتی ھیں جو ھر سال مقررہ اوقات پر، مثلاً نوچندی کے موقع پر اور بعض اوقات ولادت، نکاح اور تجہیز و تکفین کی رسوم کے موقعوں پر ادا کی جاتی ھیں ۔ سولھویں صدی عیسوی میں مومنوں کی جماعت سے علیٰحدگی دَسُونْدہ کی ادائی کے سوال ھی پر ہوئی تھی ۔

آغا خاں کے جو پیرو ایران، وسط ھند یا شمال مغربی ھمالیہ کی سرحد پر رہتے ھیں ان کی تنظیم کے بارے میں ھمیں بہت کم علم ہے ۔ جہاں تک عقیدے کا تعلق ہے وہ اسمٰعیلیوں کی نزاری شاخ کے مذھب کے پابند ھیں (رک بہ اسمٰعیلیہ) عرب اور مصر کے مُسْتَعْلِیوں اور ھندوستانی بوھروں (جو انھیں کی نسل سے ھیں) کے عقائد ان سے مختلف ھیں ۔

**مآخذ :** *Gazetteer of the Bombay Presidency*، بمبئی ۱۸۹۹ء، ۹/۲ : ۳۶ تا ۵۰؛ (۲) *Revue du Monde musulman*، ۱ : ۳۸ تا ۸۵ (اسے مذکورۂ بالا کتاب کا تکملہ سمجھنا چاھیے ۔ اس میں اسمٰعیلی فرقے کے علاوہ آغا خاں کے آبا و اجداد کی مختصر تاریخ بھی ملتی ہے) و اشاریہ، در ج ۱ تا ۱٦، بذیل "خوجہ" و "آغا خاں" (۳)؛ جعفر رحمت اللہ : *History of the Khojas*، بمبئی ۱۹۰۵ء (بمبئی یونیورسٹی کے ایک فارغ التحصیل خوجے کی گجراتی زبان میں تصنیف، جس میں خوجہ جماعت کے مشاھیر کے متعلق مفید معلومات درج ھیں)؛ (۴) *Judgment by the Honourable Sir Joseph Arnould in the Khojah case delivered 12th November 1866*، بمبئی ۱۸٦٦ء (اس میں اس وقت تک کی خوجوں کی تاریخ کا خلاصہ ہے اور ایک اقلیتی جماعت کے اس دعوے کا رد ہے کہ خوجے سنّی ھیں)؛ *Census of India*، ج ۱۷ : پنجاب، ص ۱۵۰ تا ۱۵۱، شملہ ۱۹۰۲ء (پنجابی خوجوں کا حال)؛ (۵) J. Biddulph : *Tribes of the Hindoo koosh*، کلکتہ ۱۸۹۸ء (سرحدی اسمٰعیلیوں کے سرسری حالات)؛ (٦) M. Dumasia : *A brief History of the Aga Khan*، بمبئی ۱۹۰۳ء (ایک پارسی کی غیر تنقیدی تصنیف)؛ (۷) S. Nandjiani : *Khōdja Vrittant*، احمد آباد ۱۸۹۲ء (جدید تحقیقات کے منظر عام پر آنے سے قبل ایک خوجے کی تصنیف)؛ (۸) میرزا محسن فانی : دبستان مذاھب، کلکتہ، بدون تاریخ، ص ۳۴۸ ببعد (مترجمۂ Anthony Troyer و D. Shea، پیرس ۱۸۴۳ء، ۲ : ۳۹۷ تا ۴۵۱) .

(عبداللہ یوسف علی)

* **خُوجه افندی :** سَعْدالدین بن حسن جان بن حافظ محمد بن حافظ جمال الدین الاصفہانی، معروف بہ خوجہ (سعد الدین) افندی، ایک مشہور ترکی مؤرخ اور شیخ الاسلام ۔ اس کی ولادت ۹۴۳ھ/۱۵۳٦-۱۵۳۷ء میں استانبول میں ہوئی ۔ اس کا والد حسن جان ایران سے نقل وطن کرکے یہاں آ گیا تھا اور اس نے سلطان سلیم اول کے عہد کے آخری سات سال میں اس کے حاجب کی حیثیت سے خدمات سر انجام دی تھیں ۔ حسن جان نے اپنے بیٹے کو سلطان موصوف کی زندگی کے متعلق طرح طرح کی باتیں سنائی تھیں، جنھیں سعدالدین نے سلیم نامہ کی صورت میں تالیف کیا اور پھر اسے اپنی مشہور تاریخ میں بطور ضمیمہ شامل کر لیا (۲ : ۲۲۱ تا ۴۰۱؛ قب Pertsch : *Türk. Hss. Berlin*، ص ۲۴۱، عدد ۲۱۲؛ Flügel : *Die.... Hss.... in Wien*، ۲ : ۲۱۰، عدد ۹۸۷؛ اس پر J. V. Hammer، در GOR، ۲ : vi، ۹۴۳ و ۹ : ۲۰۳، ۵۹؛ نیز وھی مصنف : *Lettere sul rast orientali*، در *Bibliotheca italiana*، ج ۴۲ [۱۸۲٦ء] : سلیم نامہ کا جرمن ترجمہ [بلا مقدمہ]، از H.F.V. Diez : *Denkwürdigkeiten aus Asien*، ۱ : ۲۵٦ تا ۳۰۲، برلن ۱۸۱۱ء) ۔ سعد الدین نے فقہ کی تعلیم حاصل کی اور جلد ھی ممتاز علما میں شمار ہونے لگا ۔ ۹٦۳ھ / ۱۵۵۵ - ۱۵۵٦ء میں مشہور فقیہ ابو السعود (رک بآن) کا ملازم ہوا، محرم ۹۸۱ھ/مئی ۱۵۷۳-۱۵۷۴ء میں وہ ولی عہد مراد کا، جو اس وقت مَغْنِیسَہ کا والی تھا،

marfat.com
Marfat.com

اتالیق (=خوجه، جس کی نسبت سے وہ اس نام سے موسوم ہوا) مقرر ہوا ۔ دسمبر ۱۵۷۴ء میں مراد سوم کی تخت نشینی پر وہ اس کا معتمد مشیر رہا اور مراد کے جانشین محمد سوم کے عہد میں "خوجه سلطانی" یعنی سلطان کے اتالیق کے منصب پر برقرار رہا ۔ شعبان ۱۰۰۶ھ/۱۵۹۸-۱۵۹۹ء میں وہ شیخ الاسلام ہو گیا اور اس منصب پر متمکن ہونے کے دو سال بعد ۱۲ ربیع الاول ۱۰۰۸ھ/۲ اکتوبر ۱۵۹۹ء کو، جب وہ جامع آیا صوفیا، استانبول، میں میلاد نبوی (مولود) منعقد کرنے کی تیاری میں مصروف تھا، اس کا اچانک انتقال ہو گیا ۔ اس کے پانچ بیٹوں میں سے چار بیٹے اعلیٰ مناصب تک پہنچے، یعنی محمد (قب سجل عثمانی، ۴ : ۱۴۴) اور محمد اسعد (قب وہی کتاب، ۱ : ۲۳۰ ببعد) کو مفتی کا منصب حاصل ہوا اور عبدالعزیز (قب وہی کتاب، ۳ : ۳۳۸) اور صالح (قب وہی کتاب، ۳ : ۲۰۰ ببعد) قاضی عسکر کے منصب پر فائز رہے ۔ [پانچواں بیٹا] مسعود "محافظ" تھا اور اس کا انتقال کم عمری ہی میں ہوا (قب وہی کتاب ۴ : ۳۶۵ ببعد) ۔ [خوجه افندی کے بیٹے] اس کے جنازے کو قبرستان ایوب میں لے گئے، جہاں اسے مدرسۂ حفظِ قرآن میں دفن کیا گیا ۔

سعد الدین مشہور ترکی تاریخ تاج التواریخ کا مصنف تھا ۔ اگرچہ یہ تاریخ شاہی حکم سے نہیں لکھی گئی تھی (سعدالدین باقاعدہ شاہی مؤرخ، یعنی واقعہ نویس نہیں تھا، قب .Milt. zur osm. Gesch، ۱ : ۲۴۱)، تاہم اسے بالعموم اب تک عثمانی تاریخ کا ایک معتبر مأخذ سمجھا جاتا ہے ۔ اس نے یہ تاریخ مرتب کر کے نہ صرف اس خاندان کی تمام سابقه تاریخوں کو، جو "تواریخ آل عثمان" کہلاتی تھیں، لوگوں کے ذہن سے فراموش کر دیا بلکہ انہیں ان کی نظروں سے گرا دیا (قب حاجی خلیفه، کشف الظنون، ۲ : ۱۱۲، عدد ۲۱۵۸؛ نیز J. H. Mordtmann، در .Isl، ۱۰ : ۱۶۰) ۔ اس کتاب میں آل عثمان کی تاریخ اس کی ابتدا سے لے کر سلیم اول کی وفات (۲۱ ستمبر ۱۵۲۰ء) تک بیان کی گئی ہے ۔ اس تالیف میں اس نے اپنے سے پہلے کے مؤرخین سے بعض واقعات نقل کیے ہیں اور اکثر مقامات پر مبالغے اور اغراق سے کام لیا ہے ۔ یہ تاریخ، جس کی تکمیل سلیم ثانی کے عہد (۱۵۶۶ تا ۱۵۷۴ء) میں ہوئی، دراصل مصلح الدین محمد اللاری (م ۹۷۹ھ/ ۱۵۷۱ء) کی فارسی تاریخ مرآۃ الادوار و مرقاۃ الاخبار (جس کا ترجمه سعد الدین نے ترکی میں کیا تھا، مخطوطه، در وی انا، قب Flügel، ۲ : ۸۰، عدد ۸۴۵) کے ضمیمے کے طور پر لکھی گئی تھی ۔ اس کی نشر و اشاعت ہوتی رہی اور اس کے بہت سے مخطوطے لوگوں کے زیر مطالعه رہے ۔ ۱۲۷۹ھ/ ۱۸۶۲ء میں اس کا ایک مطبوعه ایڈیشن دو ضخیم جلدوں میں (جو علی الترتیب ۵۸۶ اور ۶۱۹ صفحات پر مشتمل ہیں، قب JA، ۱۸۶۳ء، ۲ : ۲۶۲) عام پڑھنے والوں کو مہیا ہو گیا ۔ اس کتاب کے مخطوطے، جو اکثر خوبصورتی سے تیار کیے گئے تھے (مثلاً وہ نسخه جو پوپ کے محل Vatican میں ہے) یورپی کتاب خانوں میں بالعموم موجود ہیں ۔ ان میں سے جو مخطوطے آئندہ کسی تنقیدی اشاعت کے لیے اہم اور سب سے زیادہ کارآمد ہو سکتے ہیں، ان کا یہاں ذکر کر دینا مناسب ہوگا: برلن، عدد ۲۱۳؛ ڈریسڈن Dresdien، عدد ۳۸۶؛ لائڈن، Cat، ۳ : ۲۷؛ لنڈن، Rieu : .Cat. Turk. Mss، ص ۵۱ ب ببعد؛ Mailand، Ambrosiana، عدد ۲۴۳؛ میونخ، عدد ۷۶ تا ۸۱؛ آکسفرڈ یونیورسٹی، .Cat، عدد ۱، ۴؛ پیرس، عدد ۶۳ و ۷۰؛ سینٹ پیٹرز برگ، .Univ -Bibl، عدد ۱، ۲؛ فہرست، از Von C. Salemann و V. v. Rosen، ص ۲۱؛ روم، ویٹیکن Vatican، ایک شاندار نسخه، جو پہلے سویڈن کی ملکه کرسٹینا Christina کے پاس تھا (قب J. v. Hammer، در .Bibl. ital، ۳۶ : ۳۵ و ۱۵۰؛ نیز P. Horn، در ZDMG، ۱۸۹۷ء،

Marfat.com

۵۱ : ۳۵ بعد؛ اپسلا Uppsala، عدد ۲۴۵؛ وینس، Bibl. Naz. Marciana، عدد ۳۰، ۸۵، ۳۴، ۱۳۴؛ فهرست کتاب خانهٔ ملّی، وی‌انا، از Flügel، ۲ : ۲۴۴؛ *Die . . . Hss.* : A. Krafft Konsular-Akademie *d. or Ak.*، عدد ۲۶۳ - اس کتاب نے شروع هی سے یورپ کی توجه کو اپنی طرف منعطف کر لیا تها اور اس کے بعض حصوں کا اکثر ترجمه کیا جاتا رها ہے : قب *The Reign of Sultan Orchan* : W. Seaman، لنڈن ۱۶۵۲ء؛ *Chronica dell' origine e* : V. Bratutti *progressione della casa ottomana composta da Saidinos Turco*، حصهٔ اول، وی‌انا ۱۶۴۹ء و حصهٔ دوم، میڈرڈ ۱۶۵۲ء (قب *W.I.*، ۲ [۱۹۱۹ء] : ۱۱۰ : *Isl.*، ۱۲ [۱۹۲۲ء] : ۲۲۸ بعد)؛ *Saad ed-Dîni Annales Turcici usque ad Muram I. Turcice et latine curâ Fr. Kollar*، وی‌انا ۱۷۵۵ء، ورق نامکمل، قب Pertsch : *Türk. Hss. Berl*، ص ۲۴۳، حاشیه و *W I*، ۲ (۱۹۱۹ء) : ۱۲۵ بعد؛ بعض حصوں کا ترجمه از J. H. Garcin de Tassy، در *JA*، ۴ : ۳۴۷ و ۸ : ۳۰۶، ۳۰ و ۹ : ۱۵۳؛ *The Capture of Constantinople*، طبع E. J. W. Gibb (مع سوانح حیات سعد الدین)، لنڈن ۱۸۷۹ء.

تاج التواریخ کے ایک فرانسیسی ترجمے کا مخطوطه Antoine Galland نے ۱۷۱۰ء میں تیار کیا تها؛ اس کی پهلی جلد، جو بظاهر تلف هو گئی تهی، کتاب خانهٔ ملّی، پیرس، میں بصورت مخطوطه، عدد anc. fds. fr. ۶۰۷۴، محفوظ هے.

کہا جاتا هے که سعدالدین کے بیٹے محمد اسعد افندی نے اپنے باپ کی لکهی هوئی تاریخ کو آگے جاری رکها؛ قب بروسلی محمد طاهر : عثمانلی مؤلفلری، ۲ : ۲۲ بعد؛ علمیه سالنامه سی، استانبول ۱۳۳۴ھ، ص ۲۲۶ بعد.

**مآخذ** : (۱) نعیما : تاریخ، ۱ : ۱۹۱؛ (۲) پیچوی : تاریخ، استانبول ۱۲۸۳ھ، ۲ : ۲۸۸؛ (۳) حاجی خلیفه : فذلکه، استانبول ۱۲۸۶ھ، ۱ : ۱۳۰؛ (۴) عطائی : ذیل الشقائق، استانبول ۱۲۶۸ھ، ص ۲۹۴ بعد؛ (۵) قنالی زاده حسن چلبی : تذکرة الشعراء (غیر مطبوعه، مخطوطهٔ وی‌انا، عدد ۱۲۲۸ = فلوگل Flügel، ۲ : ۳۸۷، قب *ZDMG*، ۱۴ [۱۸۶۰ء] : ۵۴۴ بعد؛ نیز دیکهیے قب فلوگل : کتاب مذکور، ۲ : ۳۸۸، ۹ بعد)؛ (۷) محمد ثریا : سجلّ عثمانی، ۳ : ۱۸ بعد؛ (۸) J.V. Hammer : *Geschichte der osman. Dichtkunst*، ۳ : ۹۸؛ (۹) وهی مصنف، در *GOR*، ۴ : ۳۰۶؛ (۱۰) *JA*، سلسله ۶، ۲ : ۲۶۲ تا ۲۶۹؛ (۱۱) حاجی خلیفه : کشف الظنون، ۲ : ۹۲، عدد ۲۰۴۵ و ۲ : ۱۱۲، عدد ۲۱۵۸ و ۲ : ۶۱۵، عدد ۴۲۷۴؛ (۱۲) علمیه سالنامه سی (سوانح حیات مفتی)، استانبول ۱۳۳۴ھ، ص ۴۲۴ بعد (مع سعد الدین کے مخطوطات اور پنجه Penče کے نمونوں کے؛ اس کے دو بیٹوں محمد اور محمد اسعد کے لیے دیکھیے وهی کتاب، علی الترتیب ص ۴۲۶ بعد و ص ۴۳۶ بعد)؛ (۱۳) تاج التواریخ، دیباچه؛ نیز (۱۴) گب Gibb : *History of Ottoman Poetry*، ۱ : ۱۶۴، ۱۶۵، ۲۰۵ تا ۲۰۸؛ (۱۵) وهی مصنف : *The Capture of Constantinople*، لنڈن ۱۸۷۹ء، دیباچه.

(FRANZ BABINGER)

* **خوجه ایلی** : رک به قوجه ایلی.

* **خورشید دوم** : طبرستان کا اسپهبذ اور خالدانِ جیلان شاه کا (جس کی حکومت اس صوبے میں ایک سو سوله سال تک رهی) آخری امیر - وه داز مهر بن فرخان کا بیٹا تها اور اس نے فرشواد مرزبان کا لقب اختیار کر لیا تها - ماں کی طرف سے وه صُول کے نهابذه (ارمنی : نهاپت *nahapot* = رئیس و بزرگ قوم = Patrician) کی اولاد سے تها اور ۱۲۲ھ / ۷۴۰ء تا ۱۵۰ھ / ۷۶۷ء حکومت کرتا رها - اس کا چچا ساروِیه، جو نائب سلطنت تها اس کے بالغ هونے پر حکومت کے اختیارات اس کے سپرد کرنا چاهتا تها، مگر

Marfat.com

اپنے بیٹوں کی سازش سے وہ ایسا نہ کر سکا اور خورشید کو اس وقت تک حکومت کرنے کا موقع نہ ملا جب تک کہ اس نے اپنے چچا زاد بھائیوں پر تمیشہ اور ساری کے مابین قصر دادکان کے مقام پر فتح حاصل نہ کر لی ۔ اس نے قلعۂ کیسہ کی مرمت کی اور سہ دلہ نام کا ایک اور قلعہ تعمیر کرایا (قب سدیر، نزد حیرہ) ۔ مؤخرالذکر قلعے کے گرد اس نے ایک منڈی بنوائی اور ایک کاروان سرائے بھی تعمیر کرائی ۔ ابومسلم کے قتل کے بعد سومباذ نے خلیفہ المنصور کے خلاف بغاوت کرتے وقت اپنا خزانہ خورشید کی حفاظت میں رکھوا دیا، کیونکہ اپنی شکست کے بعد وہ خورشید کے پاس پناہ گزیں ہونا چاھتا تھا، مگر راستے میں خورشید کے چچا زاد بھائیوں میں سے طوس نامی نے اپنی اہانت کا انتقام لینے کے لیے اسے قتل کر دیا ۔ خلیفہ نے مطالبہ کیا کہ خزانہ اس کے حوالے کر دیا جائے، لیکن خورشید نے اس کی بات نہ مانی؛ تاہم وہ خراج دینے پر راضی ہو گیا ۔ المنصور نے اس مال و دولت کا خیال کرتے ہوے جو اسے طبرستان سے حاصل ہو سکتا تھا اسے فتح کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا، آمل کے شہر نے ہتیار ڈال دیے ؛ خورشید نے اپنی عورتوں اور بچوں کو "عائشہ کر کیلی دِز" میں، جسے عرب "قلعة الطاق" کہتے تھے، چھوڑا اور خود سپاہی فراہم کرنے کے لیے گیلان اور دیلم پہنچا ۔ وبا (طاعون) سے قلعہ گیر فوج کے بہت سے آدمی ھلاک ہوے تھے، انھوں نے اپنے آپ کو حملہ آوروں کے حوالے کر دیا اور خورشید نے مایوس ہو کر زہر کھا لیا اور طبرستان اسلام کے دائرۂ حکومت میں آ گیا ۔ طبری اور ابن الأثیر نے (اس واقعے کی) جو تاریخ لکھی ہے درست نہیں معلوم ہوتی یعنی ۱۴۱ھ/۷۵۸ء، خورشید دوم کا آخری سکہ جس کا ھمیں علم ہے ۱۴۸ھ/۷۶۵ء کا ہے، جو طبرستان کے حساب سنوی (era) میں ۱۱۴ کے مطابق ہے۔

**مآخذ :** (۱) ابن اسفندیار : *History of Ṭabaristān*، مترجمۂ Browne، ص ۱۱۳ تا ۱۲۲ ؛ (۲) ظہیر الدین : تاریخ طبرستان، طبع B. Dorn، ص ۴۶ تا ۵۰ ؛ (۳) میر خواند : روضة الصفا، ۳ : ۱۲۵ ؛ (۴) الطبری، ۳ : ۱۲۰ و ۱۳۶ و ۱۳۷ ؛ (۵) ابن الأثیر : الکامل، ۵ : ۳۶۹، ۳۸۶، ۳۸۷ ؛ (۶) البلاذری، طبع ڈخویہ، ص ۳۳۶، ۳۳۷ ؛ (۷) تاریخ منجم باشی، ۲ : ۳۹۳ ؛ (۸) A.D. Mordtmann : *Erklärung der Münzen*، در *ZDMG*، ۱۹ : ۴۸۶، ۴۹۵ و ۳۳ : ۱۱۰ .

(CL. HUART)

## اَلْخَوَرْنَق

**اَلْخَوَرْنَق :** عراق عرب [کوفے] میں ایک مقام، جو نجف [رک بآن] کے مشرق میں تقریباً ایک میل کے فاصلے پر واقع ہے ۔ پہلے یہاں اِیاد قبیلہ آباد تھا ۔ ۴۱۸ء کے بعد لخمی امیر نعمان نے یہاں اپنے ساسانی آقا کے لیے ایک محل تعمیر کیا جو خورنق ھی کے نام سے موسوم ہوا ۔ اسی عمارت میں قیام کے دوران میں پرویز نے ذوقار کی شکست کی خبر سنی ۔ شروع کے خلفا نے اس محل کی توسیع کی اور اسے اپنے کام میں عباسی لائے ۔ سولھویں صدی میں وہ کھنڈر ہو چکا تھا ۔ زمانۂ جاھلیت کے عرب شعرا اکثر الخورنق اور اس کے قریب واقع قلعۂ سدیر [شاید اُخَیْضِر رک بآن] کا تمثیلاً ذکر کرتے ہوے اسے دنیا کے تیس عجائبات میں شمار کرتے ہیں ۔ الخورنق اس لیے بھی مشہور ہے کہ ایک ضرب‌المثل جَزاءُ سِنِمّار (=سِنِمّار کا صلہ) اس سے وابستہ ہے، کیونکہ سنمار اس یونانی معمار کا نام تھا جس نے یہ محل تعمیر کیا تھا اور جسے بعد میں نعمان نے مروا دیا تھا ۔ نام "خورنق" کا مأخذ ایرانی معلوم ہوتا ہے (بقول Andreas ہورنہ *hu-verna* =خوبصورت چھت والا ؛ یا بقول Vullers خورنر Khawarnar= جاے ضیافت)؛ اگرچہ ابن جنّی اس کا تعلق عربی لفظ خِرنِق (Khirniq) [بمعنی چھوٹا خرگوش] سے سمجھتا ہے اور Nöldeke ایک ربّانی عبرانی لفظ (بمعنی "نشیمن، کشت زار")

Marfat.com

سے [بقول الاصمعی یہ لفظ خورنقاہ (=خورنگاہ بمعنی کھانے پینے کی جگہ) سے سَفَرْجَل کے وزن پر بنا ہے (یاقوت)].

[یاقوت نے بتایا ہے کہ الخورنق کے نام سے دو شہر اَور بھی تھے: ایک بلاد مغرب میں اور دوسرا بلخ میں].

**مآخذ:** (۱) R. Basset: *Les Alixares de Grenade et le chateau de Khouarnag* (*Revue Africaine*، ۱۹۰۶ء، عدد ۲۶۰، ص ۲۲ ببعد)؛ (۲) L. Massignon: *Mission en Mèsopotamie* در *MIFAO*، ج ۲۸، ۱۹۱۰ء: ص ۳۶ تا ۳۷ و لوحہ ۳۷، ج ۳۱، ۱۹۱۲ء: ص ۱۳۶؛ (۳) B. Meisner: *Eine Reise von Babylon nach den Ruinen von Ḥira und Huarnaq*، در *Sendschriften der Deutschen Orient-Gesellschaft*، ۱۹۰۱ء، عدد ۲، ص ۱۹؛ [(۴) یاقوت: معجم البلدان، بذیل مادّہ].

(LOUIS MASSIGNON)

* **خُوریاں مُوْریاں**، عرب کے مشرقی ساحل پر اسی نام کی خلیج میں جزیروں کے ایک مجموعے کا نام، جس میں حَلاّنِیہ، قَرْزَوِیْت (قَرْزَوْت یا اَقریزوت)، سُودا (=سویدیہ)، جَبَلِیّہ اور حاسِکی کے جزیرے شامل ہیں۔ ان میں سے صرف پہلے جزیرے میں آبادی ہے، مگر اس کے باشندوں کی تعداد اب بہت کم ہو گئی ہے، حالانکہ سُودا کے سب باشندے ہجرت کر کے اس میں آ گئے تھے۔ حَلاّنِیہ میں نباتات کی کمی ہے، کہیں کہیں متفرق سمندری نباتات، جھاؤ کے درخت اور چھوئی موئی (نبات السنط، mimosas) کی جھاڑیاں روکھے پھیکے منظر میں رونق پیدا کر دیتی ہیں۔ جزیرے کے وسط میں ایک چوٹی سمندر کی سطح سے ایک ہزار پانچ سو دس فٹ بلند ہے۔ مغرب میں اس کے سامنے ایک اونچی سطح مرتفع ہے۔ یہاں کا پانی زیادہ تر کھاری ہے اور سب سے اچھا پانی انگریزی ملّاحوں کے کھودے ہوے ایک کنویں میں پایا جاتا ہے۔ یہی حالت سُوَیْدِیَہ کی بھی ہے۔ جَبَلِیہ میں ریگستان ہے۔ یہاں پانی نہیں ملتا اور جانداروں میں یہاں صرف سمندری پرندے پائے جاتے ہیں، جس کی وجہ سے سمندری پرندوں کی بیٹوں (guano) کے ڈھیر، جو کھاد کے طور پر کام آتے ہیں، دور دور تک پھیلے ہوے ہیں۔ جبلیہ میں کسی زمانے میں انسانی آبادی بھی تھی جیسا کہ ان چند قبروں سے ظاہر ہوتا ہے جو وہاں بنی ہوئی ہیں۔ ان جزائر میں سب سے زیادہ مغرب میں جزیرۂ حاسِی [کذا، حاسکی؟] ہے جو ساحل سے صرف بیس میل کے فاصلے پر ہے اور جس میں سب سے زیادہ نمایاں چیز چار سو فٹ اونچی چوٹیاں ہیں۔ یہ جزیرہ بھی پانی اور نباتات سے خالی ہے مگر ہنسوں اور حواصلوں کے غول پائے جاتے ہیں۔

جزائر کا یہ مجموعہ، جس کے متعلق بہت پہلے زمانے میں معلوم ہو گیا تھا کہ یہ وہی ہے جسے زنوبیا کے "سات مسلسل جزیرے" کہتے ہیں، پارتھیا اور حضرموت کی مملکتوں میں حدّ فاصل بناتا تھا اور اس طرح پارتھیا کی سرحد کی جاے وقوع خلیج خوریاں موریاں کے اندرونی کونے میں سمجھنی چاہیے یعنی تقریباً ۵۶ درجے اور ۴۵ دقیقے طول البلد مشرق میں۔ زمین کے بنجر ہونے کی وجہ سے یہاں کے باشندے سمندر پر انحصار کرنے پر مجبور ہو گئے اور قدرتی طور پر وہ ماہی گیروں کی ایک قوم بن گئے۔ الادریسی (م ۱۱۶۴ء) بھی اس بات سے واقف تھا کہ وہاں کے باشندے، جو ملکی حیثیت سے الشحر کے ماتحت تھے، موسم سرما میں بہت افلاس زدہ ہو جاتے تھے اور جہاز رانی کے موسم میں کھینچ تان کر صرف معمولی طور پر گذر اوقات کر لیتے تھے۔ جہازوں میں بیٹھ کر وہ عمان، عدن اور یمن تک جایا کرتے تھے۔ ان کی آمدنی کا بڑا ذریعہ کچھووں کے خول تھے، جن کی تجارت وہ اہل یمن سے کیا کرتے تھے اور کبھی

Marfat.com

کبھی عمدہ عنبر بھی فروخت کرتے تھے جس کی انھیں بعض اوقات بہت بڑی قیمت مل جاتی تھی الادریسی اس خلیج کو جس میں یہ جزیرے واقع ھیں جون الحشیش (بوٹیوں کی خلیج) کہتا ھے ۔ سب سے پہلے پرتگالیوں نے اھل یورپ کو ان جزائر کی طرف متوجہ کیا ۔ Alfonso d' Albuquerque. نے ۱۵۰۳ء میں خوریان موریان کے جزائر کا پتا لگایا ۔ کوریا موریا Curia-Moria جزائر کے نام سے پرتگالی مآخذ میں ان کا ذکر برابر آتا رہا ھے اور وہ سودیہ کا نام سودیہ Sodie کی شکل میں، اور حاسکی کا نام آسکی Asquie کی شکل میں اور قرزویت Rodondo کی شکل میں آتا ھے ۔ یہ جزیرے بعد میں سلطان مسقط کے قبضے میں آ گئے مگر اس نے ۱۴ جولائی ۱۸۵۴ء کو انھیں انگریزوں کے حوالے کر دیا ۔

**مآخذ:** (۱) الادریسی: نزھۃ المشتاق، مترجمۂ Jaubert، ۱ : ۵۴ ؛ ۲ : ۴۹ ؛ (۲) Fernão Lopes de Castanheda : I Historia do descobrimento e conquista da India pelos Portugueses، Coimbra ۱۵۵۴ء، باب ۵۴ ؛ (۳) Historia Oriental de las peregrinaciones de Fernan Mendez Pinto Portugues، پرتگالی سے قشتالہ میں ترجمہ از Francisco de Herrera، میڈرڈ ۱۶۲۰ء، باب ۳ ؛ (۴) Decada primeira da Asia de Joaõ de Barres، لزبن ۱۶۲۸ء، ج ۷، باب ۳ : ورق ۱۳۴ ؛ ج ۹، باب ۱ : ورق ۱۲۷ ؛ (۵) Diego do Conto : Decada sexta da Asia، ج ۱۰، باب ۱۸ ؛ (۶) وھی مصنف : Decada septima، ج ۱، باب ۵ ؛ (۷) P. Manoel d' Almeyda : Historia ganeral de Ethiopia a alta، از P. Balthasar Teltez Coimbra ۱۶۶۰ء، ج ۳، باب ۲ ؛ ج ۴، باب ۲۴ ؛ (۸) L' Ambassade de Dom Garcias de Silva Figueroa en Perse، پیرس ۱۶۶۷ء، ص ۵۹۸ ؛ (۹) C. Ritter : Die Erdkunde von Asien، برلن ۱۸۴۶ء، ۸ : ۳۰۶، ۳۳۶ تا ۳۴۵، ۶۵۷ ؛ (۱۰) A. Sprenger : Die Post-und Reiserouten des Orients، در Abhandl. d. Deutsch. Morgenl. Gesellsch.، ۳/۳، لائپزگ ۱۸۶۴ء، ص ۱۳۵ ؛ (۱۱) وھی مصنف : Die alta Geographie Arabiens، Bern ۱۸۷۵ء، ص ۹۸ ببعد ؛ (۱۲) E. Glaser : Skizze der Geschichte und Geographie Arabiens، برلن ۱۸۹۰ء، ۲ : ۱۸۶ ببعد ؛ (۱۳) F. Stuhlmann : Der Kampf um Arabien, Hamburgische Forschungen، Braunschweig ۱۹۱۶ء، ۱ : ۱۳۹ ؛ (۱۴) A. Grohmann : Südarabien als Wirtschaftsgebiet، ج ۱، Osten und Orient ۱/۴، وی انا ۱۹۲۲ء : ۱۸۹ ؛ (۱۵) F. Hommel : Grundriss der Geographie und Geschichte des alten Orients، Munich ۱۹۲۵ء، ص ۲۲۷ ببعد ۔

(ADOLF GROHMANN)

* **خُوزِستان:** خوز کا ملک، جسے بطلیموس [رک بآں] نے Κοσσαιοι لکھا ھے، ایران کا ایک صوبہ جو قدیم اقلیم سوسہ (=سوسیانا) سے مطابقت رکھتا ھے اور جسے اب سرکاری طور پر عربستان یعنی عربوں کا ملک کہا جاتا ھے کیونکہ اس کے صحرائی میدانوں میں بنو کعب (بدوی تلفظ چوب) اور بنولام کے بدوی قبائل چھا گئے ھیں ۔ اس صوبے کی موجودہ حدود یہ ھیں : شمال کی سمت میں سلسلہ جبال زاگروس Zagros، مغرب میں دریاے کَرخَہ [رک بآں]، جنوب میں دریاے جرّاحی یا طاب اور صحرا میں سے گزرتا ھوا ایک خط جو اس مقام سے کھینچا گیا ھے، جہاں دریاے کارون [رک بآں] اور دریاے کرخہ کا شطّ العرب [رک بآں] سے اتصال ھوتا ھے اور مشرق میں کردستان ۔ اس اقلیم کے بڑے بڑے شہر یہ ھیں : شُشتر [رک بآں] (جسے عرب تستر کہتے ھیں) جو والی صوبہ کا صدر مقام ھے، دزفل، ھویزہ (سوق الاھواز)، رام ھُرمُز، مُحمّرہ اور بہبہان ۔ پہاڑیوں میں قبائل لوریہ، یعنی فیلی Feili، بختیاری اور کہگلو اور ماسنی، آباد ھیں ۔

ساسانی بادشاھوں کے دور حکومت میں یہ صوبہ

Marfat.com

جنوب (نیمروز) کے صوبوں میں شامل تھا، اور عیسائیوں کے آباد ہونے کی وجہ سے یہ ایک عیسائی صوبہ بن گیا تھا جو "بیت ہوزایی" کہلاتا تھا۔ دار الحکومت "بیت لاباط" تھا، جو بعد میں جندی شاپور [=جندیسابور] کے نام سے موسوم ہوا۔ ۱۹ھ/ ۶۴۰ء میں جب عربوں نے اسے فتح کیا تو اس کے بچاؤ کے لیے والی (مرزبان) صوبۂ ہُرمزان نے جنگ کی تھی۔ لیکن سوق الاہواز (حمزہ اصفہانی: ہجستان۔ واجار) پر قبضہ ہو جانے اور عُتبہ کے ہاتھوں رام ہُرمز کے مقام پر شکست کھانے کے بعد وہ ششتر میں چھے مہینے محصور رہا اور بالآخر اس نے اپنے آپ کو خلیفہ حضرت عمرؓ کے حوالے کر دیا۔ معز الدّولہ احمد بن بویہ نے اس پر ۳۳۴ھ/ ۹۴۵ء میں، بغداد پر قبضہ کرنے سے پہلے، اپنا تسلّط جمایا اور ایل خان اباقا کے عہد میں اسے لرستان کے اتابک یوسف شاہ اول کو اس صلے میں بطور جاگیر عطا کیا گیا کہ اس نے خان مذکور کو دیلمیوں کے اچانک حملے سے بچایا تھا۔ کچھ عرصے کے لیے اس جنگ کے بعد، جس میں بغداد کے سامنے شاہ عباس اول کی فوجوں نے ۹۹۵ھ/۱۵۸۷ء میں شکست کھائی تھی، اس پر عثمانی ترکوں کا قبضہ ہو گیا تھا۔

عرب جغرافیہ نویسوں کے بیان کے مطابق خوزستان کی حدود یہ ہیں: مغرب کی سمت میں واسط کا ضلع اور دور الرّاسبی، جنوب کی طرف عبّادان سے لے کر مہربان تک ساحل سمندر، مشرق کی طرف فارس اور عراق عجم (یہاں دریاے طاب حد فاصل بناتا ہے) اور شمال کی طرف دریاے کرخہ اور کوہستان لُور۔ یہاں کے اہم شہر یہ تھے: سُوق الاہواز (صدر مقام)، سُوس، جندی شاپور، تستر، عسکر مکرم، رام ہرمز، دَورق (بعد میں ان کے علاوہ: طَیِب، قُرقُوب، جُبّی، حصنِ مہدی)۔ آب و ہوا گرم اور مضر صحت ہے، خاص طور پر غیر ملکوں کے لیے۔ دریا متعدد ہیں، زمین زر خیز اور پیدا وار کھجوریں، گیہوں، جو، چاول اور نیشکر۔ یہاں کے

لوگوں کی رنگت تانبے کی سی، بدن چھریرا، ڈاڑھی چھدری، اور سر کے بال گھنے ہیں۔ غالباً یہ لوگ ان حبشی النسل لوگوں کے بقیات ہیں جو بہت پہلے یہاں آباد تھے۔ عربوں کی فتح کے وقت تک بھی وہ ایک خاص طرح کی زبان (خوزی) بولتے تھے جو نہ تو ہندی یورپی تھی اور نہ سامی۔ شاید وہ انزانیوں (Anzanites) یا ایلامیون (Elamites) کی بچی کھچی زبان تھی۔ کہا جاتا ہے کہ اس زبان کے کچھ آثار دِزفُل کی غیر شائستہ بولی میں موجود ہیں۔ اہل روم سے محاربات کے بعد عراق عرب (بین النہرین) کے لوگ شاپور اول کے عہد میں وہاں لے جا کر آباد کر دیے گئے۔ تستر کا عظیم الشان بند ان اسیران جنگ نے تعمیر کیا تھا جو شہنشاہ ویلیرین Valerian کی تباہ کن ناکام مہم کے بعد گرفتار ہوے تھے۔

اس ملک میں صنعت و حرفت کی نشو و نما ان کاریگروں کے اثر سے ہوئی جو بوزنطی علاقے سے پکڑ کر لائے گئے تھے۔ اب یہاں دریا پر ایک بہت بڑا بند باندھا گیا ہے، جس کی وجہ سے پورے علاقے میں آب پاشی ہونے لگی ہے۔

**مآخذ:** (۱) A.H. Layard: *Description of the province of Khuzistan* (Journ. Roy. Geogr. *Society*، ج ۱۶/۱: ص ۱ تا ۱۰۵)؛ (۲) Defrémery: *Mémoires d'histoire orientle*، ۱: ۱۲۷ ببعد؛ (۳) P.M. Sykes: *History of Persia*، ۱: ۵۳، ۵۶؛ ۲: ۲۵، ۹۴، ۱۷۹؛ (۴) ابو الفداء: تقویم البلدان، ص ۳۱۱ ببعد؛ (۵) المقدسی: BGA، ۳: ۴۰۲ ببعد (اشاریہ میں مذکور نہیں)؛ (۶) اصطخری: *BGA*، ۱: ۸۸ ببعد، (اشاریہ میں نہیں ہے)؛ (۷) ابن حوقل: *BGA*، ۲: ۱۷۰ ببعد (اشاریہ میں نہیں ہے)؛ (۸) یاقوت: معجم طبع وُسْتِنْفِلْت Wüstenfeld، ۲: ۴۹۶؛ (۹) B. de Meynard: *Dict. de la Perse*، ص ۲۱۷؛ (۱۰) J. Marquart: *Eransahr*، ص ۲۷ و ۱۴۴.

(Cl. Huart)

marfat.com
Marfat.com

* **خَوسْت** : [اس نام کے تین مقامات ہیں، دو افغانستان میں اور تیسرا پاکستان کے صوبۂ بلوچستان میں] ۔ افغانستان میں اس نام کا ایک مقام بَدَخشان [رک باں] کی سرحد پر اندراب [رک باں] کے قریب آمو دریا [رک باں] کے اس نشیبی علاقے میں واقع ہے جو آج کل "افغان ترکستان" کے نام سے موسوم ہے ۔ یہ بلخ کے جنوب مشرق میں، ھیبک کے جنوب مشرق میں، کابل اور چاریکار سے شمال کی جانب کوہ ھندوکش کی پشت پر (یعنی اس کے شمال میں) واقع ہے ۔ یہ ایک گمنام سی جگہ ہے اور اکثر نقشوں میں نہیں دکھائی جاتی، مگر زمانۂ قدیم میں اسے خاص اھمیت حاصل تھی۔ یاقوت اسے ایک زرخیز اور سرسبز قصبہ بتاتا ہے ۔ توزک بابری میں اس کا کئی جگہ ذکر آتا ہے؛ بابر اسے "خواسْت" لکھتا ہے، جو القزوینی کے خوست اور دوسرے مصنفوں کے خاشت ھی کی ایک شکل معلوم ہوتی ہے ۔ توزک بابری کے ترجمے میں، جو سید زین نے کیا ہے، اسے "خوست بدخشاں" لکھا گیا ہے ۔ بابر کی دو بیٹیاں خوست ھی میں پیدا ہوئی تھیں، جن میں سے ایک بابر کی بڑی بیگم ماھم کے بطن سے تھی اور دوسری دلدار بیگم کے بطن سے ۔ ماھم کا خوست سے قریبی تعلق تھا؛ اس کا بھائی محمد علی طغای یہاں کا ایک میرزا زادہ تھا؛ بایزید بیات اپنی تاریخ میں، جو تاریخ ھمایوں کہلاتی ہے (مخطوطۂ انڈیا آفس، فہرست از Ethé، عدد ۲۲۳، ورق ۲۶ الف)، ذکر کرتا ہے کہ ھمایوں (جو ماھم کے بطن سے تھا) خوست میں اپنی ننھیال گیا تھا ۔ ھم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ بابر ھندوستان سے تحائف بھیجتے وقت خوست کا خاص طور پر نام لیتا تھا (دیکھیے اس کے قاضی سید زین کی کتاب طبقات بابری، جس میں لکھا ہے کہ خوست کے باشندے بہت دیندار تھے)۔ اس سے اشارہ ماھم کے خاندان کی طرف معلوم ہوتا ہے، کیونکہ وہ مشہور ولی اللہ احمد جام کی اولاد میں سے تھی ۔ یاقوت کا بیان ہے (معجم البلدان، ۲ : ۴۹۷ تا ۴۹۸م؛ مترجمۂ Barbier de Meynard، ص ۲۶۹) کہ ایک قدیم محدث [ابوعلی الحسن بن ابی علی بن الحسین الخوستی] کی نسبت اسی قصبے سے ہے ۔ ابن بطوطہ نے بھی ھندوکش میں بہت سے مذہبی زاویوں [= خانقاھوں] کا ذکر کیا ہے ۔ خوست غالبًا ترکمانوں اور ازبکوں کے ھاتھوں تباہ ہو گیا تھا۔ خوست کے حوالوں کے لیے دیکھیے Guy Le Strange: *The Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۴۱۰، ۴۱۷م؛ تاریخ رشیدی، ترجمہ، ص ۱۰۳ و حاشیہ؛ Vambéry: شیبانی نامہ، بند (canto) ۶۳، ص ۳۶۰؛ خافی خان، ۱ : ۶۱۵، جہاں خوست میں ازبکوں پر جگت سنگھ اور اس کے راجپوتوں کی فتح اور وہاں لکڑی کی فراوانی کی وجہ سے لکڑی کا ایک قلعہ تعمیر کرانے کا حال بھی درج ہے؛ نیز دیکھیے: بادشاہ نامہ، ۲ : ۳۶۳؛ یہ ۱۰۵۵ھ/۱۶۴۵ء کا واقعہ ہے ۔

افغانستان کے جنوب جنوب مشرق میں ضلع پشاور [پاکستان] کی سرحد پر ایک وادی کا نام بھی خوست ہے.

خوست نام کا تیسرا مقام [پاکستان کے صوبۂ] بلوچستان میں کوئٹے سے پینتیس میل مشرق میں واقع ہے، جہاں کوئلے کی ایک کان ہے (*Imperial Gazetteer of India*، ۳ : ۱۳۸ و ۱۶ : ۳۰۶)۔ فارسی میں "خواست" کے معنی جزیرے کے ہیں اور اس طرح اس کا وہی مفہوم ہو سکتا ہے جو اندراب کا ہے .

(H. Beveridge)

**خُوسِیم** : رک بہ خوتین .

**خوشحال خان خٹک** : [بن شہباز خان بن یحیٰی خاں بن ملک اکوڑی]، پشتو کا عظیم شاعر، سپہ سالار اور پٹھانوں کے مشہور قبیلے خٹک کا سردار، [جو ضلع پشاور کی تحصیل نوشہرہ کے علاوہ مردان اور کوہاٹ کے اضلاع میں آباد ہے ۔ ۱۵۸۱ء میں جب اکبر (رک باں) نے مرزا حکیم کی بغاوت کو کچلنے کے لیے کابل کا رخ کیا تو اٹک کے مقام پر ملک اکوڑی نے

Marfat.com

اپنی خدمات پیش کیں، جس کے صلے میں شہنشاہ نے اسے اپنا منصبدار مقرر کرکے دیگر مراعات کے علاوہ اٹک اور پشاور کے درمیان شاہراہ کا محصول وصول کرنے کا اختیار بھی دیا ۔ جہانگیر اور شاہجہاں کے عہد میں اکوڑی کے بعد یکے بعد دیگرے اس کا بیٹا یحیٰی خاں اور پوتا شہباز خاں منصب دار مقرر ہوئے ۔ وہ نہایت وفاداری سے اپنے فرائض انجام دیتے رہے اور مغل شہنشاہ ان کے وظائف و مناصب میں اضافے کرتے رہے ۔ ۱۰۲۲ھ/۱۶۱۳ء میں اکوڑہ کے مقام پر خوشحال خاں پیدا ہوا ۔ یہ جگہ دریاے اٹک سے تقریباً بارہ میل کے فاصلے پر شاہراہ اعظم اور دریاے لنڈی (=کابل) کے درمیان واقع ہے اور ملک اکوڑی کے نام سے موسوم ہے] ۔ یکم شوال ۱۰۵۰ھ/۴ جنوری ۱۶۴۱ء کو شہباز خاں قبائل کی باہمی جنگ میں مارا گیا، چنانچہ اٹھائیس برس کی عمر میں خوشحال خاں اپنے باپ کا جانشین ہوا ۔ [شاہ جہاں اس کی وفاداری، علم و فضل اور تدبر و سیاست کے باعث اس کی قدر کرتا تھا ۔ خود خوشحال خاں نے اپنے اشعار میں جہانگیر اور شاہجہاں کی بہت تعریف کی ہے] ۔ اسی زمانے میں کانگڑے کے راجہ جگت سنگھ سے جنگ ہوئی تو تاراگڑھ کا قلعہ اسی نے فتح کیا تھا (مارچ ۱۶۴۲ء)، جس پر اسے چار لاکھ روپیہ نقد اور ڈھائی لاکھ کی جاگیر لاہور میں عطا ہوئی ۔ اسی طرح بدخشاں کی لڑائی (۱۰۵۵ھ/۱۶۴۵ء) میں خوشحال خاں نے اندراب اور ہندوکش کی حفاظت کی اور ۱۰۵۶ھ/۱۶۴۶ء میں بلخ و بدخشاں کی فوجی مہم میں بھی وہ شہنشاہ کا ہم رکاب رہا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء تک وہ زیادہ تر ہندوستان ہی میں مقیم رہا ۔

[۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء میں اورنگ زیب عالمگیر [رک بآں] نے تخت سنبھالا تو خوشحال خاں کو دربار شاہی میں پہلا سا اثر و رسوخ حاصل نہ رہا ۔ شہنشاہ سے اس کے تعلقات روز بروز کشیدہ ہوتے چلے گئے ۔ اس کشیدگی کے مختلف اسباب بیان کیے جاتے ہیں : (۱) خوشحال خاں شاہجہاں کا وفادار منصب‌دار تھا اور اسے شاہجہاں کی نظر بندی اور معزولی پر سخت صدمہ پہنچا ۔ دوسری طرف عالمگیر کو یہ اندیشہ پیدا ہوگیا کہیں وہ شاہجہاں کی حمایت میں کوئی شورش نہ برپا کر دے؛ (۲) پٹھانوں اور مغلوں کے دل کبھی ایک دوسرے سے صاف نہیں ہوے تھے ۔ پٹھان ہمیشہ یہ سمجھتے رہے کہ مغلوں نے ہندوستان کی سلطنت ان سے چھینی ہے اور وہ اپنے علاقے میں کامل خود مختاری کے خواہاں رہتے تھے؛ (۳) اس میں شک نہیں کہ مغل منصب‌دار کی حیثیت سے خوشحال خاں کو پٹھانوں کے خلاف بھی تلوار اٹھانی پڑی تھی، لیکن بعض واقعات سے پتا چلتا ہے کہ وہ اپنی منصبداری کے دوران میں مغلوں کو پٹھان قبائل پر یورش کرنے سے باز رکھنے کی کوشش کرتا رہا تھا؛ چنانچہ جب ایک آدھ موقع پر مغل فوج کو پٹھانوں کے ہاتھوں نقصان اٹھانا پڑا تو عالمگیر کو اس کی وفاداری پر مزید شک ہوگیا؛ (۴) خوشحال خاں مغلوں کا وفادار منصبدار رہنا چاہتا تھا، لیکن اس کے ساتھ ہی اس کی یہ بھی تمنا تھی کہ پٹھانوں کی خود مختاری پر آنچ نہ آنے پائے اور ان کے معاملات میں اس کی مرضی کے بغیر لوگ دخل انداز نہ ہوں ۔ گویا وہ ایک طرح سے پٹھانوں اور مغلوں کے درمیان ثالث کی حیثیت اختیار کرنا چاہتا تھا (خوشحال و اقبال، ص ۷۶ تا ۷۸، ۸۱) ۔ ظاہر ہے یہ روش نہ تو کابل اور پشاور کے حاکموں کے لیے قابل قبول تھی، نہ خود شہنشاہ کے لیے، جو قدرتی طور پر اسے مرکزی سلطنت کے اتحاد اور سالمیت کے منافی سمجھتا تھا؛ چنانچہ ایسے افسوسناک حالات پیدا ہوگئے کہ مغل حکومت اور پٹھان ایک دوسرے کو کمزور کرنے کے درپے ہو گئے ۔

جب تک مہابت خاں اس علاقے کا گورنر رہا، عالمگیر اور خوشحال خاں میں صلح صفائی کے امکانات

marfat.com
Marfat.com

خوشحال خاں خٹک

موجود تھے، لیکن ۱۶۶۱ء میں مہابت خاں کو حیدرآباد دکن میں تبدیل کیا گیا اور اس کی جگہ سید امیر خاں کابل کا گورنر مقرر ہوا ۔ امیر خاں اور مرزا عبدالرحیم، حاکم پشاور، سے خوشحال خاں کی نہ نبھ سکی، چنانچہ انھوں نے پہلے تو دربار شاہی سے اس کا منصب اور تمام مراعات منسوخ کرائیں اور پھر اسے گرفتار کرکے دہلی بھیج دیا]۔

رمضان ۱۰۷۴ھ/اپریل ۱۶۶۴ء تک خوشحال خاں دہلی اور غربی گوالیار کے قلعۂ رنتھمبور میں محبوس رہا۔ [اس کے بعض اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شہنشاہ کا مخالف بننا نہیں چاہتا تھا اور دشمنوں نے اس پر ناحق تہمت لگا کر قید کرا دیا تھا: "میں ناحق اورنگ زیب کی قید و بند میں پڑا ہوں۔ خدا شاھد ہے کہ میں محض تہمت اور بہتان کی بنا پر مورد عتاب ہوں۔ میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر یہ کہتا ہوں کہ میں اپنا کوئی گناہ و خطا نہیں دیکھتا، لیکن لوگ طرح طرح کی باتیں بنا رہے ہیں۔ شاید میری ھنر مندی اور روشنی طبع ھی میرے لیے مصیبت بن رہی ہے۔ جس دیانتداری اور خلوص سے میں نے مغلوں کی خدمت کی ہے اس کی مثال کوئی دوسرا افغان پیش نہیں کر سکتا"]۔ قید سے رہائی پانے کے بعد بھی اس پر بلا ناغہ دربار میں حاضر رہنے کی پابندی تھی۔ اس نے حبس نامہ کے عنوان سے دو سو بیس اشعار کی ایک نظم لکھی ہے (۳ رجب ۱۰۷۷ھ / یکم جنوری ۱۶۶۷ء)، جس میں وطن اور یاران وطن سے جدائی پر فریاد کی ہے۔ ۱۰۷۹ھ/ ۱۶۶۸ء میں خوشحال خاں کی جلاوطنی ختم ہو گئی اور وہ وطن لوٹ گیا۔

[اس وقت یوسف زئی قبائل کی یورش (۱۶۶۷ء) فرو ہو چکی تھی اور مغل صوبیدار محمد امین خاں کی سخت کارروائیوں نے کچھ عرصے کے لیے پٹھانوں کی سرگرمیاں سرد کر دی تھیں۔ ۱۶۷۲ء میں دفعۃً درۂ خیبر کے قبائل نے علم بغاوت بلند کر دیا اور افریدی سردار اکمل خاں نے اپنی بادشاہت کا اعلان کرکے مغلوں کے خلاف لڑائی چھیڑ دی۔ اس نے اس جنگ کو قومی جہاد کا نام دے کر پٹھانوں کی کثیر تعداد اپنے پرچم تلے جمع کر لی اور یکم مئی کو علی مسجد کے قریب مغل فوج کو شکست دے کر اسے بے حد نقصان پہنچایا۔ اب خوشحال خاں بھی اکمل خاں کے ساتھ آ ملا اور اس کی سیف و قلم نے پٹھانوں میں ایک نئی روح پھونک دی۔ اس نے ۱۰۸۵ھ/۱۶۷۴ء تک نوشہرہ، دوآبہ اور کڑپہ میں مغل فوج کا مقابلہ کیا۔ ۲ مارچ ۱۶۷۴ء کو کڑپہ کی لڑائی میں شاہی لشکر کو ایسی سخت ہزیمت اٹھانی پڑی کہ مغل سلطنت کے وقار کو بحال کرنے کے لیے عالمگیر کو خود میدان میں آنا پڑا۔ وہ ۶ جولائی ۱۶۷۴ء کو حسن ابدال پہنچا اور اس مہم کی نگرانی کے لیے تقریبًا ایک سال تک وھاں مقیم رہا۔ اس کے ترک سپہ سالار اغر خاں کو پے در پے کامیابیاں نصیب ہوئیں اور مہمندوں اور غلزئیوں کی بغاوت کو کچل کر رکھ دیا گیا، تاہم خوشحال خاں بدستور برسرپیکار رہا اور اس نے ایک بار پھر] ۱۰۸۶ھ/ ۱۶۷۵ء میں خاپش اور بعد ازاں گنبت میں مغل فوج کو شکست دی۔ [بہرحال مجموعی طور پر صورت حال پر قابو پا لیا گیا تھا، چنانچہ دسمبر ۱۶۷۵ء میں مغل شہنشاہ نے دہلی کی طرف مراجعت کی۔ ۱۶۷۷ء میں امیر خاں کابل کا صوبہ دار مقرر کیا گیا، جو اپنی وفات (۱۶۹۸ء) تک اس علاقے میں بڑی کامیابی سے نظم و نسق چلاتا رہا؛ بایں ہمہ خوشحال خاں کا ولولہ سرد نہ ھوا اور اس نے پٹھانوں کی خود مختاری کی جنگ جاری رکھی]۔ جو لوگ شاہی دربار کی طرف سے مامور ہوئے تھے انھوں نے اس کے خاندان میں نفاق کا بیج بو دیا، حتّٰی کہ خود اس کا بیٹا اشرف خاں اس کی مخالفت پر اتر آیا۔ پھر ۱۰۹۱ھ/ ۱۶۸۰ء میں اس کے دوسرے بیٹے بہرام خاں نے اس کے خلاف جنگ کی۔ رفتہ رفتہ خوشحال خاں کی قوت گھٹتی گی

Marfat.com

خوشحال خاں خٹک

اور آخر پیرانہ سالی کے ہاتھوں مجبور ہو کر اس نے گوشہ نشینی اختیار کرلی اور بروز جمعہ ۲۸ ربیع الآخر ۱۱۰۰ھ/ ۱۹ فروری ۱۶۸۹ء کو اٹھتر برس کی عمر میں وفات پائی ۔ [اکوڑہ سے چار میل مغرب میں اسوڑی کے مقام پر پہاڑ کے دامن میں اس کا مدفن ہے ۔ اس کی آخری وصیت تھی کہ مجھے ایسی جگہ دفن کرنا جہاں مغل سواروں کے گھوڑوں کی گرد راہ نہ پہنچ سکے ۔ [لوح مزار پر اس کا ایک شعر کندہ ہے جس کا مفہوم یہ ہے : "میں نے افغان قوم کی عزت و ناموس کے لیے تلوار کمر سے باندھ لی ہے ۔ میں ہوں زمانے کا غیور و جسور اور باحمیت خوشحال خاں خٹک"]۔

خوشحال خاں حنفی المذہب تھا ۔ اس نے شیخ رحم کار عرف کاکا صاحب [رک باں] (م ۲۲ رجب ۱۰۶۳ھ) سے بیعت کی تھی ۔ وہ ایک دلاور اور جنگجو سپہ سالار ہونے کے علاوہ ایک ممتاز عالم، شاعر اور صاحب تصنیف و تالیف بھی تھا ۔ اسے بابائے پشتو کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے ۔ اس نے پشتو اور فارسی میں پینتالیس ہزار اشعار کہے ہیں، جن میں غزلیں، قصیدے، رباعیاں، قطعے، مسدس، مخمس، معشر اور ترکیب بند وغیرہ عروض پشتو کے مطابق شامل ہیں ۔ فارسی میں بھی اس کی متعدد غزلیں ہیں، جن میں اس نے روھی اور کوھی تخلص کیا ہے ۔ اس نے ایسے اشعار بھی کہے ہیں جن میں پشتو اور اردو دونوں زبانوں کے کلمات ہیں ۔

اس کے تمام اشعار میں عشق، اخلاق، تصوف اور اجتماعی مسائل کے مضامین ہیں ۔ وطن دوستی اور رزمیہ اشعار بھی کافی دلچسپ ہیں ۔ اس کے کلام میں بعض اوقات خوش طبعی بلکہ ہزل گوئی بھی بار پا جاتی ہے ۔ ادبیات کا استحضار کرنے والے بعض مؤلفوں نے اس کی کتابوں کی تعداد دو سو سے زائد بتائی ہے، لیکن ان میں سے مشہور اور موجود حسب ذیل ہیں :

(۱) دیوان یا کلیات : اس میں تقریباً سولہ ہزار اشعار ہیں؛ (۲) بازنامہ : یہ کتاب پشتو نثر میں ہے اور اس میں شکار کا طریقہ اور شہباز کے امراض کا بیان ہے؛ (۳) صحت الابدان : ایک پشتو نظم، جس میں طب اور اصول صحت بیان کیے گئے ہیں؛ (۴) ترجمۂ ہدایہ : نثر کی یہ کتاب فقہ حنفی پر ہے؛ (۵) آئینہ : فقہ کی ایک عربی کتاب کا پشتو نثر میں ترجمہ ہے؛ (۶) فضل نامہ (۱۰۸۹ھ/۱۶۷۸ء) : بحر خفیف میں ایک پشتو مثنوی، جو فقہی مسائل پر ہے؛ (۷) سوات نامہ : پشتو کے چار سو اشعار پر مشتمل ایک نظم، جس میں سوات کے سفر کے حالات ہیں؛ (۸) فرخ نامہ : پشتو میں شمشیر و قلم کا مناظرہ؛ (۹) فراقنامہ [=حبس نامہ] : پشتو میں قید و بند کے حالات نظم کیے ہیں؛ (۱۰) دستار نامہ : پشتو نثر میں اخلاق، سیاست اور اجتماعیات پر ایک تالیف؛ (۱۱) بیاض : پشتو نثر میں تاریخی یادداشتیں؛ (۱۲) زنجیری : پشتو نثر کی کتاب، جس میں مختصر نویسی (short-hand) کے اصول بیان کیے گئے ہیں؛ (۱۳) ریاض الحقیقت .

خوشحال خاں نے اپنے پیچھے ایک بڑا خاندان چھوڑا ۔ اس کے بیٹوں میں سے سائھ کے نام ہمیں معلوم ہیں ۔ ان میں سے بعض صاحب دیوان و تصالیف ہوے مثلاً اشرف خاں المتخلص بہ ھجری، سکندر خاں، عبدالقادر خاں، گوھر خاں اور صدر خاں ۔ بیٹیاں اس کی بتیس تھیں، جن میں سے بی بی حلیمہ عالمہ اور شاعرہ تھی ۔ خود اس کے اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے علاوہ خوشحال خاں کے اخلاف میں بڑے بڑے مؤلف، شاعر اور مؤرخ گزرے ہیں ۔ ان میں سب سے زیادہ شہرت افضل خاں نے پائی، جس نے تاریخ مرصع، وغیرہ کتابیں تالیف کیں ۔ اسی طرح کاظم خاں التمخلص بہ شیدا پشتو میں صاحب دیوان ہوا ۔

**مآخذ** : (۱) دیوان خوشحال خاں، طبع Bellew، پشاور ۱۸۶۹ء؛ (۲) دیوان خوشحال خاں، ہوتی مردان ۱۹۲۹ء، مقدمہ؛ (۳) کلیات خوشحال خاں، قندھار ۱۹۳۷ء؛

marfat.com
Marfat.com

بالخصوص مقدمه از عبدالحی حبیبی؛ (۴) کلیات خوشحال خان، پشاور ۱۹۵۲ء، مقدمه؛ (۵) محمد زردار خان ناغر: صولت افغانی، مطبوعهٔ نولکشور، ۱۸۷۶ء؛ (۶) گلشن روه، طبع Raverty، لنڈن ۱۸۶۰ء؛ (۷) محمد حیات خان: حیات افغانی، لاہور ۱۸۶۷ء؛ (۸) ترانہائی ملی افغان، طبع Darmesteter، پیرس ۱۸۸۸ء؛ (۹) کلید افغانی، طبع Hughes، لاہور ۱۸۹۳ء؛ (۱۰) شیر محمد گنڈا پور: خورشید جہان، لاہور ۱۸۹۴ء؛ (۱۱) خوشحال خان خٹک پر مختلف مضامین، از مریابی و جلابی، در مجلهٔ کابل، ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۸ء؛ (۱۲) عبد الحی حبیبی: تاریخچهٔ شعر پشتو، در طلوع افغان، قندہار ۱۹۳۵ء؛ (۱۳) وہی مصنف: پشتانه شعرا، ج ۱، کابل ۱۹۴۰ء؛ (۱۴) وہی مصنف: پٹه خزانه، کابل ۱۹۴۴ء؛ (۱۵) وہی مصنف: مقدمهٔ دیوان عبدالقادر خان خٹک، قندہار ۱۹۳۷ء؛ (۱۶) الفت: پشتو سندرے، کابل ۱۹۴۵ء؛ (۱۷) صدیق اللہ: رساله سه خانوادهٔ علمی، در سالنامهٔ کابل، ۱۹۴۵ء؛ (۱۸) وہی مصنف: تاریخ ادب پشتو، کابل ۱۹۴۶ء؛ (۱۹) بینوا: خوشحال خان چه می گوید، کابل ۱۹۵۰ء؛ (۲۰) تاریخ مرصع منتخب در گلشن روه، مخطوطه در ہوتی مردان؛ (۲۱) دوست محمد کامل: خوشحال خان خٹک، پشاور ۱۹۵۱ء؛ [(۲۲) میر عبد الصمد خان: خوشحال و اقبال، طبع پشاور]؛ (۲۳) Raverty: *Grammar of the Afghan Language*، کلکته ۱۸۶۷ء؛ (۲۴) Bidulph: *Afghan Poetry of the Seventh Century*، لنڈن ۱۸۹۰ء؛ [(۲۵) *The Cambridge History of India*، دہلی ۱۹۶۳ء، ۴: ۲۳۸ تا ۲۴۰].

(عبدالحی حبیبی [و ادارہ])

* **خوش قدم**: [عربی مصادر میں خُشقَدَم] الملک الظاہر [ابوسعید] سیف الدین النّاصری (یہ نسبت اس کے پہلے آقا کے نام سے ہے)، مصر اور شام کا سلطان؛ اس نے ۸۶۵ھ/۱۴۶۱ء تا ۸۷۲ھ/۱۴۶۷ء) حکومت کی۔ وہ پہلا سلطان تھا جو (ایشیاے کوچک کی) سلطنت روم کا باشندہ تھا، اگرچہ بہت سے لوگ سلطان بیبرس ثانی [رک بآں] اور سلطان لاجین ۶۹۶ھ/۱۲۹۶ء تا ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ء) کے متعلق بھی یہی بات کہتے ہیں۔ سلطان شیخ [رک بآں] نے اسے ایک غلام کے طور پر خریدا اور وہ جمداریّه [رک به جمدار] میں بھرتی کر لیا گیا۔ پھر وہ شیخ کے بیٹے احمد کے عہد میں، جس نے صرف چند مہینے حکومت کی، خاصّکی (باڈی گارڈ) ہو گیا۔ سلطان چقمق [رک بآں] کے عہد میں کہیں جا کر ۸۴۶ھ/۱۴۴۲ء میں وہ دس مملوکوں کا امیر اور "رأس نوبه" [=رئیس نوبت] مقرر ہوا۔ ۸۵۰ھ/۱۴۴۶ء میں وہ ایک ہزار مملوکوں کا امیر [یک ہزاری امیر] اور ۸۵۲ھ/۱۴۴۸ء میں قاہرہ کا حاجب الحجّاب (فوجی عدالت کا صدر) مقرر ہوا۔ تین سال بعد سلطان اینال کے عہد حکومت میں وہ وزیر جنگ ہو گیا اور ۸۶۰ھ/۱۴۵۶ء میں اس نے قرمان کے امیر کے خلاف ایک مہم کی قیادت کی اور اس کی فوج سے مڈھ بھیڑ ہوئے بغیر اس کے علاقے کو بہت بیدردی سے ویران کیا۔ اینال کے بیٹے احمد [رک به اینال] نے اسے اتابک [رک بآں؛ یعنی سپه سالار فوج] مقرر کر دیا؛ مگر اشرفیه (سلطان اشرف اینال کے ممالیک) سلطان احمد سے غیرمطمئن تھے اور انھوں نے اس کے خلاف سازش کرکے دمشق کے گورنر جانِم کو تخت و تاج پیش کیا؛ تاہم ظاہریه (سلطان ظاہر چقمق کے ممالیک) نے خوش قدم کو ترجیح دی، اس لیے انھوں نے بعجلت تمام اتابک خوش قدم کو جانِم کے پہنچنے سے پہلے ہی سلطان بنا دیا اور احمد کو قید کرکے اسکندریه بھیج دیا۔ بعد میں جانِم قاہرہ کے قریب پہنچا تو اس کے لیے خوش قدم کو سلطان تسلیم کرنے اور دمشق واپس چلے جانے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔ دمشق میں وہ اپنے آپ کو دیر تک محفوظ نہیں سمجھتا تھا اس لیے اس نے آق قویونلو ترکمانوں کے سلطان حسن الطّویل کے پاس پناہ لی، جہاں وہ چند ہی روز بعد قتل کر دیا گیا۔ ظاہریه کا

Marfat.com

ایک اور با رسوخ امیر والی جدّہ جانی بے، [ابن ایاس کے ہاں : جانی بک] جس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ سلطان کو سب کچھ اسی کے طفیل حاصل ہوا، اسی کے حکم سے قتل کر دیا گیا۔ اس طرح اس نے مملوک فوج کو اس کے سرداروں سے محروم کر دیا اور ایک حصّۂ فوج کو دوسرے کے خلاف کھڑا کرنے میں کامیاب ہو گیا؛ مملوک سردار قبرص کے خلاف ان مہمات کی وجہ سے بھی کمزور ہو گئے تھے جو اینال کی حکمت عملی کا نتیجہ تھیں۔ مؤخر الذکر نے شاہ جیمز (James) کو اس کی بہن شارلٹ (Charlotte) کے خلاف مدد دی جو خود رودوس (Rhodes) کے St. John کے فوجی سرداروں (Knights) کی امداد کی متوقع تھی۔ اینال نے اپنے عہد حکومت کے آخری دنوں میں طرابلس کے والی کو اس ملکہ کے خلاف ایک مہم سپرد کی، لیکن مصر کا بادشاہ بدل جانے کی وجہ سے وہ تھوڑے ھی عرصے اس مہم میں مصروف رہ سکا۔ وہ امرا جو شاہ جیمز کی امداد کے لیے دستۂ فوج کے همراہ قبرص بھیجے گئے تھے، جانی بے کے قتل کے بعد گڑ بڑ پھیلنے کی وجہ سے واپس آ گئے، البتہ مختصر سی فوج کے ساتھ صرف ایک امیر کو قبرص میں چھوڑ دیا گیا۔ دارالسلطنت فماگستا Famagusta میں جیمز کے سامنے ہتیار ڈال دیے گئے اور وہ اب عملی طور پر پورے جزیرے کا مالک ہو گیا؛ اس لیے اسے مصریوں کی امداد کی کوئی ضرورت باقی نہ رہی۔ مصریوں سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے اس نے Famagusta کے باشندوں کو عقب سے مصریوں پر حملہ کرنے کے لیے اکسایا اور بعد میں ان پر خود بھی ٹوٹ پڑا۔ سلطان کی جواب طلبی پر اس نے اس قتل عام کو سلطان کی اپنی رعایا کی شورش پر محمول کیا اور اپنے آپ کو اس سے بالکل بری الذمہ ظاہر کیا۔ ملکہ شارلٹ نے خوش قدم کی امداد حاصل کرنے کے لیے اسے صحیح واقعے سے آگاہ کر دیا نیز اس طرح بھی اس کی خوشنودی حاصل کی کہ ایک جہاز کو، جسے رودوس کے Knights نے پکڑ لیا تھا، تاوان دے کر چھڑا لیا، مگر سلطان خوش قدم چاھتا تھا کہ جب تک جیمز باقاعدگی سے خراج ادا کرتا رہے، اس سے الجھا نہ جائے۔ جیمز اپنے باجگذار آق قویونلو [ع : القطیع الابیض] کے سلطان حسن الطّویل کا پکا حلیف تھا، کیونکہ مؤخرالذکر کو قراقویونلو [ع : القطیع الاسود] کے سلطان اور خاندان ذوالغادر کے والیان اَبُلُستین کے خلاف مسلسل جنگ و جدال کرنے کے لیے سلطان مصر کی امداد پر انحصار کرنا پڑتا تھا۔ بنابریں حسن، جس کے تعلقات عثمانی سلطان محمد ثانی سے بھی کچھ زیادہ خوشگوار نہ تھے، ان سب جنگوں اور سازشوں کے دوران میں خوش قدم کا وفادار رہا۔ سلطان محمد ثانی نے حسن کے رشتے دار طرابزون کے بوزنطی شہنشاہ کی حکومت کا خاتمہ کر دیا تھا، اس کے جواب میں حسن نے خوش قدم کے ساتھ مل کر قَرمان کے حاکم اسحٰق کی مدد کی، جو عثمانی ترکوں سے جنگ کر رہا تھا۔ اس نے اور سلطان نے ابُلستین کے والیوں بُداغ، اور رستم کو ان کے حریف شاہ سُوار کے خلاف، جو ترکوں کے ساتھ تھا، منصب ولایت حاصل کرنے میں مدد دی [رکّ بہ قایت بے]۔ اگرچہ ان دونوں سلطانوں کے درمیان کبھی جنگ کی نوبت تو نہیں آئی مگر وہ ایک دوسرے کے دشمن ھی تھے۔ صورت حال یہ تھی کہ خوش قدم سلاطین کے ممالیک کو تو قابو میں رکھتا تھا، مگر اس کے اپنے ممالیک عوام پر مظالم ڈھاتے رہتے تھے۔ سلطان ۸۷۲ھ/ ۱۴۶۷ء میں بیمار پڑا اور دس دن [ابن ایاس کے نزدیک تقریبًا چالیس روز] کی علالت کے بعد فوت ہو گیا۔ [سلطان خوش قدم ایک جلیل القدر حکمران تھا اور احوال مملکت سے خوب واقفیت رکھتا تھا (ابن ایاس، ۲ : ۸۲)]۔ اس کے عہد میں مصر میں بڑا امن و امان رہا اور مصر [ہر قسم کے فتنہ و فساد اور] وباؤں سے بھی محفوظ رہا۔ وہ قدیم نظام مملکت کا حامی

Marfat.com

[اور شریعت کا پابند (دیکھیے ابن ایاس، ۲ : ۸۳)] تھا اور قایت بے کے برعکس پرانے رسم و رواج کی بہت سختی سے پابندی کرتا تھا [خوش قدم علما و صلحا کی بڑی تعظیم و تکریم کرتا تھا؛ دیکھیے ابن ایاس، ۲ : ۸۳].

**مآخذ** : (۱) ابن ایاس، بولاق ۱۳۱۱ھ، ۲ : ۷۰ تا ۸۴؛ (۲) Weil : *Geschichte der Chalifen*، ۵ : ۲۸۰ تا ۳۱۵؛ (۳) Sir William Muir : *The Mamluke or Slave Dynasty of Egypt*، ص ۱۶۳ تا ۱۷۱.

(M. SOBERNHEIM)

* **خُوقَنْد** : (Khoḳand) عربی شکل : خُواقند، جسے بعد میں خُقند لکھا جانے لگا (اس کی وجہ تسمیہ عام طور پر اس طرح بیان کی جاتی ہے : خوق (خوک) + قند =جنگلی سؤروں کا شہر)، فرغانہ کا ایک شہر قبّ اوپر ۲ : ۶۴ تا ۶۶ جہاں اس نام کے دوسرے ھجّے دیے گئے ھیں۔ اور بارھویں (اٹھارویں) صدی میں ایک خودمختار ازبک سلطنت کا بوی ذکر ہے، جس کا دارالحکومت خوقند تھا۔ پہلے حکمران شاہرخ کی تخت نشینی کے بعد وھاں ایک قلعہ تعمیر ہوا۔ اس کے بیٹے عبدالکریم (م - ۱۷۴۶ء) نے ایک اور قلعہ بنوایا جو بعد میں "اِسکی اُردہ" "Eski Urda" کے نام سے مشہور ہوا۔ عبدالکریم اور اس کے بھتیجے اور جانشین اِیرْدانابی کا ذکر کئی مرتبہ اتالیق محمد رحیم کی تاریخ میں آیا ہے جو بعد میں بخارا کا خان ہوا (م ۱۷۵۹ء)، محمد وفا کرمینگی : تحفة الخانی، Anat. Mus, کا مخطوطہ، ۵۸۱ ب، خصوصاً ورق ۳۳ ب بعد، ۱۳۵ ب ببعد)۔ جب قلموق سلطنت تباہ ہو گئی اور سلطنت چین کی سرحد بڑھ کر فرغانہ تک پہنچ گئی (۱۷۵۸ء) تو ایردانا کو بھی مجبوراً چین کی سیادت تسلیم کرنی پڑی۔ اس کے متعلق چینی تذکروں کا حوالہ J. Klaproth نے *Magasin Asiatique*، ۱۸۲۵ء، ۱ : ۸۱ ببعد. *Tai ts'ing yi t' ung či* سے دیا ہے۔ اِیردانا بعد میں وسطی ایشیا کے مسلمان حکمرانوں کے ایک وفاق کا رکن ہو گیا جس نے چین کے خلاف افغانستان کے فرمانروا احمد شاہ درّانی سے مدد کی درخواست کی۔ اس اتحاد کے کچھ مزید نتائج برآمد نہ ہوے، اگرچہ ۱۷۶۳ء میں احمد شاہ فوج لے کر ترکستان میں وارد ہوا اور اس نے خوقند اور تاشقند کے درمیانی علاقے پر قبضہ کر لیا؛ اسی اثنا میں خوقند سے قرہ قِرگز کے علاقے پر بھی حملہ کیا گیا۔ (Klaproth : کتاب مذکور، ص ۸۳)، لیکن بعض اَور اطراف میں مہمات درپیش ہونے کی وجہ سے اسے جلد ھی واپس جانا پڑا۔ عبدالکریم کا پوتا ناربوتہ بیگ بھی (عہد حکومت اغلباً ۱۱۸۸ھ / ۱۷۷۴-۱۷۷۵ء تا ۱۲۱۳ھ / ۱۷۹۸-۱۷۹۹ء، دیکھیے L. Zimin در *Protokoli Turk. Kružka Lyub. Arkheologii*، ۱۸ : ۱۰۲؛ نیز Walidow : وھی کتاب، ۲۰ : ۱۱۲ ببعد) برای نام چین کے ماتحت تھا۔ اس عہد کے شروع کے برسوں سے روسی سارجنٹ Filipp Yefremow کی سیاحت وابستہ ہے جسے ۱۷۷۴ء میں اھل قرگز نے قید کرکے بخارا میں فروخت کر دیا تھا اور جو ۱۷۸۲ء میں ہندوستان اور انگلستان ہوتا ہوا روس واپس پہنچا۔ اس کے سفر نامے کے مطابق (F. Yefremow : *Stranstrovaniye v BukhariiKh, iwie, Persii w Indii* بار دوم، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۷۹۴ء، ص ۵۹ ببعد)، ناربوتہ کوچینیوں نے پہلے ھی سے خان کا خطاب دے رکھا تھا؛ اس کا چین سے اتّحاد تھا اور بخارا سے عناد۔ اس سفرنامے میں دارالسلطنت کی ممتاز عمارتوں کا کوئی ذکر نہیں (مدرسۂ میر ناربوتہ کے عہد میں تعمیر ہوا)؛ برعکس اس کے مرغینان کی منڈی میں واقع ایک بلند ستون (بظاہر مینار) کی کیفیت بیان کی گئی ہے، جو کہا جاتا ہے کہ ۲۸۰ فٹ بلند تھا۔ بقول Filipp Nazarow (دیکھیے نیچے) مینار پچاس

Marfat.com

versts (تیس میل سے زائد) فاصلے سے نظر آتا تھا۔

ناربوته کے دو بیٹے عالم اور عمر خوقند کی ریاست اور شہر کے بانی تھے۔ اس نام کے عہد حکومت کی سلسلہ وار تاریخیں (۱۲۱۳ھ/۱۷۹۸-۱۷۹۹ء تا ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۱-۱۸۲۲ء) پورے وثوق سے معلوم نہیں ہوسکیں۔ یہاں تک کہ وہ سال بھی، جس میں عالم قتل ہوا اور عمر کو تخت سلطنت پر متمکّن کیا گیا، ماخذ میں مختلف طور پر درج ہے۔ تاریخ شاہرخی (طبع Pantusow، ص ۱۰۶) کے مطابق عمر کی وفات ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۱-۱۸۲۲ء میں ہوئی (حساب ادوار میں "سال اسپ" = ۱۸۲۲ء)۔ بقول Nalivkin (روسی متن، ص ۱۰۱؛ فرانسیسی ترجمه، ص ۱۲۴)، جس نے یہاں ایک اور مأخذ (حکیم خان کی منتخب التواریخ) کی پیروی کی ہے: عالم ۱۲۳۲ھ (یعنی ۱۸۱۷ء نہ کہ ۱۸۱۶ء جیسا کہ Nalivkin نے لکھا ہے) کے موسم بہار تک قتل نہیں ہوا تھا۔ اس کے برعکس خود Nalivkin ایک اور جگه (روسی اصل متن، ص ۱۸۵، فرانسیسی ترجمه، ص ۲۲۸) یہ کہتا ہے کہ خوقند کی بڑی مسجد عمر خاں نے ۱۲۳۱ھ/ ۱۸۱۵-۱۸۱۶ء) میں بنوائی تھی۔ روسی ترجمان Filipp Nazarow جو ۱۸۱۳-۱۸۱۴ء کے موسم سرما میں خوقند میں تھا، وہاں کے فرمانروا کو امیر وَلِیامی Walliami کہتا ہے (*Zapiski o niekotorikh narodakh Sredniey Azie*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۲۱ء، ص ۵۰ بعد)۔ غالبًا یہ نام "ولی النّعمی" ہے نہ کہ "ولی مِنّی" جیسا کہ Klaproth کی کتاب مذکور، ص ۵۴ میں ہے۔ اس وقت وہاں کے فرمانروا کی عمر صرف پچیس سال کی تھی۔ یہ بیان صرف عمر ہی پر صادق آسکتا ہے نہ کہ عالم پر، جو عمر میں اس سے کہیں بڑا تھا؛ عبدالکریم البخاری کے قول کے مطابق بھی (طبع Schefer، ص ۱۰۲) یہ سفارت اور اس کا سبب (یعنی ایک روسی فوجی سپاہی کے ہاتھوں Petropawlowsk میں خوقندی ایلچی کا قتل) دونوں عمر خاں کے عہد حکومت میں واقع ہوے۔ بقول عبدالکریم ص ۹۹، عالم ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء ہی میں قتل ہو چکا تھا، لیکن یہ بیان صحیح نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی ایک دستاویز ہمارے پاس موجود ہے جس کی تاریخ جمادی الاولی ۱۲۲۵ھ/ جون ۱۸۱۰ء ہے (*Protokoll Turk krugka, Lyub. Arkh.*، ۳: ۱۶۵ بعد)، اس لیے فرمانروا کی تبدیلی لازمی طور پر ۱۸۱۰ اور ۱۸۱۳ء کے درمیان ہوئی ہوگی۔

عالم کے عہد کی قدیم ترین دستاویز مؤرخه ۱۲۱۳ھ/۱۷۹۸-۱۷۹۹ء سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے آپ کو کسی غیر معلوم الاسم خان کا نمائندہ سمجھتا تھا؛ بعد میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایک خود مختار حکمران کی حیثیت سے خان یا امیر کے لقب سے ملقّب ہو گیا تھا۔ تاشقند کی فتح کے بعد وہ قوت و اقتدار میں امیر بخارا کا ہم پلّه ہو چکا تھا۔ عمر کے عہد حکومت میں ۱۸۱۶ء میں (Nazarow بھی یہی کہتا ہے، نہ کہ ۱۸۱۹ء میں، جیسا کہ Nalivkin روسی اصل متن ص ۱۱۰ بعد؛ فرانسیسی ترجمه ص ۱۳۴ بعد میں مرقوم ہے) ترکستان کا شہر اور اس سے متعلق قره گز کے وسیع میدانوں کا ایک حصه خوقند کی سلطنت میں شامل کر لیا گیا۔ اس کے فوراً بعد عُمر نے امیر المُسلمین "کا لقب اختیار کر لیا۔ عالم اور عُمر دونوں کے عہد حکومت میں اُوره توبه (Ura Tübe) پر قبضے کے لیے بخارا سے متعدد جنگیں ہوئیں۔ واقعه یہ ہے کہ روسی فتح کے وقت تک یہ شہر ان دونوں حکومتوں کے درمیان جھگڑے کا باعث بنا رہا۔ کہا جاتا ہے کہ بچوں کے ایک کھیل "اُوره توبه میرا ہے"، میں اب تک ان جنگوں کی یاد باقی ہے (*Žizn Nacionalnostey*، ۱۹۱۳ء، ۱: ۱۹۵)۔

عمر کی داخلی حکمت عملی اپنے پیشرو سے بالکل مختلف تھی۔ عالم نے اور بہت سے ایشیائی حکمرانوں کی طرح ازبک خاندانوں کے اقتدار کو ختم کرنے کا

Marfat.com

مصمم ارادہ کر لیا تھا اور اس مقصد سے اس نے اپنے گرد و پیش قراتگین اور دور دراز کے پہاڑی علاقوں اور دوسرے ملکوں سے اجیر سپاہی اکٹھے کر لیے تھے (تاریخ شاھرخی، ص ۴۲ ببعد) ۔ جیسا کہ اور حکمران بھی کرتے رہے ھیں عالم نے بھی امرا کے خلاف جنگ کے ساتھ ساتھ دینی پیشواؤں اور خصوصاً درویش سلسلوں کے خلاف بھی جنگ شروع کر دی؛ اسی وجہ سے مؤرخین عالم کو "بے دین ظالم" لکھتے ھیں؛ اس کے برعکس وہ عمر کی دینداری اور منصف مزاجی کی تعریف کرتے ھیں، جسے عالم کے قاتلوں نے تخت پر بٹھایا تھا - خوقند کی موجودہ بڑی مسجد عمر نے بنوائی تھی، جو ایک مدرسے کے طور پر بھی استعمال کی جاتی ھے اور اس لیے "مدرسۂ جامع" کہلاتی ھے (تصویر در Fr. v. Schwarz : *Turkestan*، Freiburg، ۱۹۰۰ء، ۱ : ۲۲۴) ۔ عمر شاعری کا ذوق بھی رکھتا تھا اور اپنے اشعار میں امیر تخلص کرتا تھا ۔ خان مذکور کے اپنے اشعار اور اس کے امرا و ندما کے کلام کو M. Hartmann نے ایک چیدہ مجموعۂ اشعار کی شکل میں (جو بعد میں چھاپا گیا) "مجموعة الشعراء" کے نام سے جمع کر دیا (در *Mitt. des Seminars f. Orient. Sprachen*، Westas. Stud.، ۷ : ۸۷ ببعد) ۔ غالباً عمر ھی نے شہر خان (اندیجان کے مغرب میں) کی بنیاد ڈالی؛ بڑی نہر جو قرہ دریا اور شہر خان سای سے یہاں لائی گئی تھی، اب تقریباً پچھتر میل (۱۱۰ versts) لمبی ھے اور کم و بیش چھے ہزار مربع میل رقبے کو سیراب کرتی ھے ۔ فرغانہ کی آب پاشی کے طور طریقے اس نہر کے کھودے جانے سے بالکل بدل گئے ۔

عمر کا بیٹا اور جانشین مدلی (صحیح نام محمد علی) اپنی تخت نشینی کے وقت بارہ سال کا تھا (بعض مآخذ کی رو سے چودہ سال کا) ۔ اس کے عہد حکومت کے نصف اول میں خوقند کی سلطنت اپنی قوت اور وسعت کے نقطۂ عروج کو پہنچ گئی؛ جنوب کی طرف قرا تگین، درواز اور کُلاب کے اضلاع، جو اب بخارا کے ماتحت تھے، سب کے سب فتح کر لیے گئے ۔ شمال مشرق میں قرا قیرقیز، قازق قیرقیز کے اردوے اعظم اور اردوے اوسط کے ایک حصے پر خراج عائد کر دیا گیا، یہاں تک کہ خان کے نمائندے اردوے اعظم میں بھی وارد ہو گئے، جو دریاے ایلی کے خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرتے تھے ۔ کاشغریہ میں خواجہ جہانگیر کی بغاوت (۱۸۲۶ء)، جسے خوقند کی تائید حاصل تھی، ناکام رھی ۔ اس کے باوجود چینی حکومت نے خان کے حکام کو یہ اجازت دے دی کہ وہ چھے شہروں (التی شہر)، یعنی اقسو (اقصو)، اوش طُرفان، کاشغر، ینگی شہر، یارقند اور خُتن سے خراج وصول کریں ۔ خوقند کی طرح، جہاں کے بڑے مدرسوں میں سے ایک محمد علی خان کے نام پر ھے (تصویر در N. P. Ostroumow : *Islamoviedieniye*، تاشکنت ۱۹۱۴ء، ص ۱۸۵)، تاشکنت [رک بآں] نے بھی معتدبہ خوشحالی حاصل کر لی تھی ۔ ۱۸۳۵ء سے تاشکنت کے بیگلر بیگی کو سلطنت کے تمام شمالی صوبوں کا انتظام سپرد کر دیا گیا تھا ۔ اس زمانے کی ایک یادگار عالیشان مدرسۂ بیگلر بیگی ھے (تصویر در کتاب مذکور، ص ۱۸۸) ۔ تاشکنت کے علاقے کی بڑی نہر بھی، جس کا نام خان اریق ھے اسی عہد میں کھودی گئی (*Protokoli Turk. Kruzka Lyub. Arkh.*، ۳ : ۱۲۵) ۔

اتنی وسیع مملکت کے باوجود خان کا اقتدار مستحکم نہ تھا ۔ اس کی بد اطوار زندگی اور ظالمانہ حکومت نے ھر طرف لوگوں میں بد دلی پیدا کر دی تھی، چنانچہ کہا جاتا ھے کہ خوقند کے باشندوں نے نصراللہ امیر بخارا (رک بآں) سے خود یہ درخواست کی کہ وہ اس سفاک اور بے دین ظالم کی حکومت کا خاتمہ کر دے ۔ خوقند کی فوج کو مکمل ہزیمت اٹھانی پڑی اور خود دارالسلطنت پر دشمن کا قبضہ ہو گیا (قیام سلطنت کے بعد سے پہلی مرتبہ)؛ مدلی بچ کر نکل جانے کی کوشش میں مارا گیا (۱۲۵۸ھ / ۱۸۴۲ء) ۔

Marfat.com

بہرحال اسی سال کے دوران میں فاتحین دوبارہ نکال باہر کیے گئے اور شیر علی کو، جو عالم اور عمر کا ہم جد تھا تخت پر بٹھایا گیا؛ لیکن روسی فتح کے وقت تک اندرونی امن و امان زیادہ عرصے کے لیے کبھی بحال نہیں ہوا ۔ شیر علی (۱۸۴۲ تا ۱۸۴۵ء) اور اس کے بیٹے خدایار (۱۸۴۵ تا ۱۸۵۸ء اور ۱۸۶۵ تا ۱۸۷۵ء) اور ملاّ (۱۸۵۸ تا ۱۸۶۲ء) اور اُن کے علاوہ متعدد قصیر المدت حکمرانوں کے ادوارِ حکومت مسلسل انتشار اور خاص طور پر قپچاق کے ازبکوں اور سرتوں، یعنی مقامی باشندوں کی باہمی جنگ و جدال کا زمانہ تھے ۔ خدا یار کو، جو ابھی نابالغ تھا قپچاق کے سردار مسلمان قل نے سریر سلطنت پر متمکن کیا تھا ۔ قپچاق نے دارالسطنت کے سرتوں (Sarts) کو ان کے گھروں سے نکال دیا اور ملک کی نہروں پر قبضہ کر لیا؛ سرتوں کو صرف ایک مقررہ رقم ادا کرنے کی صورت میں اپنے کھیتوں کے لیے ضروری پانی لینے کی اجازت تھی ۔ ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۲ء میں خدا یار نے مسلمان قل کو قبیلے کی سرداری سے الگ کر کے قتل کرا دیا اور اس طرح یہ علاقہ دوبارہ سرتوں (sarts) کے قبضے میں آ گیا ۔ اس کے بعد ملاّ نے قپچاق کی اعانت پر بھروسا کیا اور زمینیں، جو سرتوں نے ان سے چھین لی تھیں انھیں واپس دلا دیں ۔ وطن سے نکالے ہوے مدعیان سلطنت بالعموم بخارا میں پناہ گزیں ہو جاتے تھے ۔ ان حالات سے فائدہ اٹھا کر ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۸ء میں نصراللہ پیش قدمی کر کے خجندہ تک آ پہنچا اور اس کا جانشین مظفر ۱۲۷۹ھ/۱۸۶۲ء میں اور دوسری بار ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء میں خوقند پر قابض ہو گیا ۔ وطن کے اندر اور وطن سے باہر دشمنوں کے خلاف لڑائی میں قرون وسطٰی کی سی بے رحمی برتی جاتی تھی ۔ مدلی کے خُسر محمد شریف اتالق کو، جو تاشکنت کا والی تھا، خان شیر علی کے حکم سے ایک گھوڑے کی دم سے باندھ کر بے آب و گیاہ میدانوں میں گھسیٹا گیا ۔ ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۸ء میں اورا توبہ پر خدا یار کے قبضے کے بعد مقتول دشمنوں کے سروں کا ایک مینار (کلّہ مینار) بنایا گیا ۔

اس کے باوجود اس سلطنت نے روسی فتح تک اپنی سابقہ وسعت برقرار رکھی ۔ روسی لشکر ۱۸۵۰ء سے دریاے سیحون کے بالائی حصے میں اس دریا کے دہانے سے تقریباً دو سو میل کے فاصلے پر اور شمال مشرق میں ۱۸۶۰ء سے دریاے چُو (رَک بآن) اور ایلی کے درمیانی علاقے میں خان خوقند کی سپاہ کے مدمقابل تھے ۔ یہ سب علاقے اب تک والی تاشکنت کے ماتحت تھے، جس کا یہ بھی فرض منصبی تھا کہ وہ ان علاقوں میں زراعت کو برقرار رکھے ۔ کہا جاتا ہے کہ والی میرزا احمد (۱۸۵۳ تا ۱۸۵۸ء) نے ترکستان کے شہر رے سے دریاے چو کی وادی تک آب رسانی کے انتظامات کیے ۔ ۱۸۶۵ء میں روسی فتح سے صرف کچھ عرصہ پہلے تاشکنت امیر بخارا کے قبضے میں چلا گیا ۔ ۱۸۶۶ء سے خوقند کی سلطنت فرغانہ تک محدود ہو گئی اور اس علاقے کی حدود کے اندر ۱۸۶۸ء کے روسی معاہدے تک بھی خود مختار رہی ۔ اسی زمانے میں اَلغ نہر کی کھدائی ہوئی (Middendorf : *Einblicke in das Ferghana-Thal*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۸۱ء، ضمیمہ، ص ۲۱)، نیز متعدد عمارتیں (جیسے اوردہ یا قصر خان جس کی تصویر اکثر کتابوں میں ہے، مثلاً Fr. v. Schwarz : *Turkestan*، ص ۳۱۲؛ اور اس سے بہتر W. Masalskiy : *Turkestanskiy Krai*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۹۱۳ء، ص ۲۰۱ اور ۲۰۳ میں؛ مدرسۂ حاکم امین اور مدرسۂ محمد سلطان مراد بیگ، جو خان کی والدہ اور بھائی نے قائم کیے اُن کی تصویریں M. Ostroumow : *Islamovliedieniye,*، ص ۱۸۳ میں ہیں) اسی زمانے میں تعمیر کی گئیں.

خان خدا یار کی معزولی کے بعد، جو ایک عام بغاوت کا نتیجہ تھی اور جس کی وجہ سے نئی مشکلات پیدا ہو گئیں، باقی ماندہ سلطنت بھی "علاقۂ فرغانہ" کے نام سے روسی سلطنت میں شامل کر لی گئی ۔ روسی

Marfat.com

حکومت میں بھی خوقند کی حیثیت اس علاقے کے سب سے بڑے شہر (۱۹۱۱ء کی مردم شماری کی رو سے اس کی آبادی ۱۱۳۶۳۶ تھی) اور اہم تجارتی مرکز کے طور پر برقرار رہی - جدید مرغیلان کا شہر، جو بعد میں Skobelew کہلایا اور اب فرغانہ کے نام سے موسوم ہے، والی کا صدر مقام تھا - ۱۹۱۷ء میں خوقند نے آخری مرتبہ میدان سیاست میں اپنا کردار ادا کیا، اور وہاں ترکستان کی خود مختار حکومت کی تشکیل ہوئی؛ دوسرے سال سرخ فوج نے اس حکومت کا خاتمہ کر دیا.

**مآخذ**: (۱) W. Nalivkin: *Kratkaya Istoriya Kokandskago khanstva*، قازان ۱۸۸۵ء؛ (۲) تبصرہ از N.V [eselowskiy]، در *Zapiski Vost. Otd. R. Arkh. Obshc.*، ۱ : ۲۲۷ ببعد؛ (۳) V.P. Nalivkine: *Histoire du Khanat de Khokand*، مترجمۂ A. Dozon، پیرس ۱۸۸۹ء؛ (۴) تبصرہ از V.R [osen]، در *Zapiski* وغیرہ، ۴ : ۱۲۶ ببعد۔ ماخذ کے متعلق نیز دیکھیے: (۵) V. Smirnow، در *Collections scientif. de l' Inst. des langues orient.* وغیرہ، ج ۸، *Manuscrits turcs*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۹۷ء، ص ۱۵۰ ببعد؛ (٦) W. Barthold، در *Zapiski* وغیرہ، ۹ : ۱۰۵ ببعد، ۱۵ : ۲۱۸ ببعد، ۲۷۲ ببعد؛ (۷) A.Z. Walidow، کتاب مذکور، ۲۲ : ۳۰۳ ببعد، ۳۱۰ اور ۳۲۰- ۱۸۷۵-۱۸۷٦ء کی جنگ کے لیے دیکھیے خصوصاً: (۸) A.I. Bryanow: *Na pasnyat'o Ferganie*، Noviy Margelan، ۱۹۰۱ء، ص ۱۵ تا ۷۰؛ (۹) N.P. Koritow: *Samozvanei Pulatkhan Ezegodnik Feganskoi Oblasti*، ج ۱، کتاب مذکور، ۱۹۰۲ء، ص ۱۹ ببعد)- ۱۹۱۷-۱۹۱۸ء کی لڑائی کے متعلق: (۱۰) N. Tyurykulow: *Kokandskaya Avtonomiya* (*Sbornik Statey v 4 godovshcinu sovietskoi vlasti v Turkestanie*، تاشکنت ۱۹۲۲ء)؛ نیز (۱۱) اخبار اُلغ ترکستان، جو اس وقت خوقند میں شائع ہوتا تھا.

(W. BARTHOLD)

**خَوْلان (۱)**: جنوبی عرب کے ایک قبیلے کا نام - جنوبی عرب کے قدیم کتبوں میں بھی اس قبیلے کا ذکر موجود ہے (Glaser، ص ۱۰۷٦ س ۱۸ ببعد اور Halevy، ص ۵۸۵ س ۱۱ ببعد (.....)- اس قبیلے کے علاقے کا حوالہ (.....) کتبۂ Glaser، ص ۱۱۹ س ۵ میں موجود ہے اور اس نام کے ایک خاندان کا ذکر Glaser، ص ۴۰۲ س ۳ میں ملتا ہے - ان سب عبارتوں سے اس خیال کی تصدیق ہوتی ہے کہ قبیلۂ خولان ایک ہزار قبل مسیح کے زمانے ہی میں اس علاقے میں آباد ہوگیا تھا - یہاں قبیلۂ خولان یا کم از کم اس کا ایک حصہ آج بھی موجود ہے، یعنی اس سرزمین میں جو صنعاء اور مأرب کے درمیان واقع ہے اور جسے الھمدانی نے "خولان العالیہ" لکھا ہے، یہ ذوجُرہ سمیت یمن کے انتہائی زرخیز علاقوں میں سے تھا؛ یہاں بالعموم مکئی، باجرا، جو اور بالخصوص گیہوں کی پیداوار بکثرت ہوتی ہے - قبیلۂ خولان اب قبیلۂ بکیل کُبرٰی کا ایک جزو ہے، جو تقریباً اسّی ہزار مسلح آدمی میدان جنگ میں لاسکتا ہے - سیاح E. Glaser نے اس قبیلے کے علاقے کی ۱۸۸۵ - ۱۸۸٦ء میں چھان بین کی تھی - عرب ماہرین انساب خولان بن عمرو بن مالک بن الحارث بن مُرّة بن اُدَد بن زید بن [یَشْجُب بن عَرِیب] بن زید بن کَہْلان بن سَبَأ کو اس قبیلے کا جد امجد قرار دیتے ہیں جس کے نام پر اس قبیلے کا نام رکھا گیا ہے - بعض کہتے ہیں کہ خولان بن عمرو بن الحاف بن قضاعہ اس کا مورث اعلٰی تھا، جس کے جد امجد کے نام پر یہ لوگ خَوْلان قضاعہ بھی کہلاتے ہیں؛ تاہم خولان العالیہ اور خولان قضاعہ کے درمیان تفریق نسبی نہیں بلکہ جغرافیائی ہے، کیونکہ اول الذکر بھی، کم از کم نشوان کے قول کے مطابق، قضاعہ ہی سے تعلق رکھتے ہیں - یہ تفریق دراصل اس طرح پیدا ہوئی کہ شروع میں تو خولان کا پورا قبیلہ مأرب اور صِرواح کے درمیان آباد تھا لیکن مرور زمانہ سے اس کا ایک حصہ نقل وطن کرکے ان بلند علاقوں میں چلا گیا جو صنعاء

Marfat.com

کے مشرق میں واقع ہیں اور اس وجہ سے خولان العالیہ کہلانے لگا ۔ اس اثنا میں باقی ماندہ قبیلہ مآرب میں مقیم رہا اور کہیں بعد کے زمانے میں جا کر، جب ایک نئی ہجرت شروع ہوئی تو اس نے صعدہ کا رخ کیا، جو اب بھی خولان کے علاقے کا سب سے زیادہ اہم مقام ہے ۔ نیبور C. Niebuhr کی سیاحت کے وقت بھی اس قبیلے کا علاقہ دو حصوں میں منقسم تھا، جن میں سے ہر ایک آج کل کی طرح ایک خود مختار شیخ کے زیر اقتدار تھا ۔ ان میں سے شمالی حصے کے لوگ، Niebuhr کے بیان کے مطابق، زیدی عقیدہ رکھتے ہیں اور ان کا علاقہ بقول E. Glaser صعدہ کے مغرب اور شمال مغرب کی طرف پھیلا ہوا ہے ۔ حلی کی بندرگاہ سے، جو صنعاء اور مکے کے درمیان واقع ہے، صعدہ تک چار دن کی مسافت ہے ۔ الہمدانی کا یہ بیان قابل توجہ ہے کہ اس حصے میں فصیح عربی صرف بلند علاقوں میں بولی جاتی تھی اور اس کے برخلاف وادی اور علاقۂ القدّ میں ایک غیر فصیح بولی رائج تھی ۔ خاص اس علاقے میں اب تک خولان کا نام دو اور نمایاں چیزوں سے بھی وابستہ ہے : ان میں ایک تو "خولان کی چوٹی" (عرّ خولان) ہے، یعنی ایک پہاڑی چوٹی جو جبل تُخْلی سے دیکھی جا سکتی ہے اور دوسری چیز بیت خولان ہے، جو جبل حَضُور کی چوٹی کا نام ہے ۔ خولان صعدہ میں نیبور Niebuhr نے صرف ان دیہات کا ذکر کیا ہے : عَقَبَۃ المسلم، حَیدان دَھر d'ahhr اور سوق الجمعہ ۔ بعض اور اسباب کے علاوہ قضاعہ میں سونے کی ایک کان کی موجودگی سے، جو بنو معمر بن زُرارہ بن خولان کی ملکیت تھی A. Sprenger کے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوا کہ خولان کا کچھ تعلق بائبل کے حَویلہ سے ہے؛ اس سے پہلے Niebuhr نے بھی یہی نظریہ اختیار کیا تھا ۔ خولان صنعاء میں Niebuhr نے مندرجۂ ذیل دیہات کا ذکر کیا ہے : بَیْت راجح، تَنْعیم، بیت الکِبسی، بیت النُّوم، سیَان، زُرَاجہ، بَرَاش ۔ شعبان ۱۰ھ/نومبر ۶۳۱ء میں خَولان کا وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے اور اپنے قبیلے کے مشرف بہ اسلام ہونے کا اعلان کیا ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود انھیں اسلام کی تعلیم سے آگاہ کیا اور انھوں نے وعدہ کیا کہ وہ اپنے بت "عمّ انس" کو توڑ دیں گے ۔ اس کے بعد ان کی عزت افزائی کے طور پر انھیں ۱۲½ اوقیہ چاندی کا تحفہ دیا گیا اور وہ اپنے وطن واپس چلے گئے ۔ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد شروع میں وہ بھی ارتداد کی عام تحریک میں شریک ہوگئے، لیکن ۱۱ھ/۶۳۲ء میں یَعْلی بن مُنْیہ، جنھیں ابوبکر صدیقؓ نے کچھ تعزیری فوج دے کر بھیجا تھا انھیں دوبارہ دائرۂ اسلام میں لانے میں کامیاب ہو گئے ۔ یمن کے دیگر قبائل کی بہ نسبت سیاسی حیثیت سے خولان کے تعلقات مدینے کی حکومت سے بہت قریبی تھے ۔ شاید اس کا سبب یہ تھا کہ ان کے تعلقات صنعاء کے ایرانی حکمرانوں سے بھی خوشگوار تھے ۔ انھوں نے دو ایرانی شہزادوں جُشَیْش اور فیروز کو پناہ دی، جو قَیس بن عبد یَغُوث بن مَکْشُوح کی قیادت میں عربوں کی بغاوت کی وجہ سے صنعاء سے نکلنے پر مجبور ہو گئے اور مدینے سے مدد پہنچنے تک ان کا ساتھ دیتے رہے ۔

۱۳ھ یا ۱۴ھ میں یمن کی فتح کے بعد جب بالآخر خولان کے علاقوں میں اسلام پوری طرح پھیل گیا تو جنوبی عرب کے جن باشندوں نے مصر کی فتح میں حصہ لیا اور وہاں آباد ہو گئے ان میں قبیلۂ خولان کے بعض افراد بہت نمایاں تھے؛ چنانچہ آج کل بھی مصر میں اہم عہدوں پر اکثر خولانی متمکن نظر آتے ہیں ۔ قاہرہ کے قدیم شہر (الفسطاط) میں ایک محلہ ان کے نام پر ہے اور بالعموم یہ نام (خولان) قراطیس بردی اور مزاروں کی لوحوں میں اکثر نظر آتا ہے ۔

(۲) دمشق کے قریب ایک گاؤں کا نام، جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے ایک مشہور صحابی ابو مسلم عبد الرحمٰن بن مشکم الخولانی مدفون ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) ابن حوقل، *BGA*، ۲ : ۳ و ۳۲؛ (۲)

marfat.com
Marfat.com

الیعقوبی : کتاب البلدان، BGA، ۷ : ۳۲۰؛ (۳) الهمدانی :
صفة جزیرة العرب، طبع D.H. Müller، لائڈن ۱۸۸۴ -
۱۸۹۱ء، ص ۱۰۷ و ۱۱۳ تا ۱۱۵ و ۱۳۶، ۱۲۵ و ۱۹۲؛
(۴) وهی مصنف : الاِکلیل، ج ۱۰، Cod. Berol. Glaser؛
(۵) یاقوت: معجم، طبع وستنفلٹ Wüstenfeld، ۲ : ۳۹۹،
۳ : ۱۳۷؛ (۶) مراصد الاطلاع، طبع T.G.J. Juynboll،
لائڈن ۱۸۵۲ء، ۱ : ۳۷۵؛ (۷) عظیم الدین احمد :
*Die auf Südarabien bezüglichen Angaben Našwān's*
*im Šams al-ʿUlūm*، GMS، ج ۲۴، لائڈن ۱۹۱۶ء، ص
۳۵ و ۶۱ و ۷۶؛ (۸) C. Niebuhr : *Beschreibung von*
*Arabien*، کوپن ہیگن، ۱۷۷۲ء، ص ۱۸۲، ۲۷۰ و ۲۸۰
ببعد؛ (۹) C. Ritter : *Die Erdkunde von Asien*، ۸/۱،
برلن ۱۸۴۶ء، ص ۷۱۲ و ۸۱۹ و ۸۴۳؛ (۱۰)
A. Sprenger : *Die alte Geographie Arabiens*، برن
۱۸۷۵ء، ص ۵۱، ۵۴ ببعد، ۵۸، ۲۴۹ و ۲۸۶ ببعد؛
(۱۱) وهی مصنف : *Das Leben und die Lehre des*
*Mohammad*، برلن، ۱۸۶۹ء، ۳ : ۳۵۷ ببعد؛ (۱۲)
E. Glaser : *Meine Reise durch Arḥab und Hâschid*،
در *Petermanns Mitth.*، ۱۸۸۴ء، ۳۰ : ۱۷۱؛ (۱۳)
وهی مصنف : *Über meine Reisen in Arabien Mitth.*
*d. Geogr. Ges. in Wien*، ۱۸۸۷ء، ۳۰ : ۲۳؛ (۱۴)
وهی مصنف : *Skizze der Geschichte und Geographie*
*Arabiens*، برلن ۱۸۹۰ء، ۲ : ۳۷، ۷۲، ۱۰۱؛ (۱۵)
وهی مصنف : *Sammlung Eduard Glaser*، ج ۱ :
*E. Glaser's Reise nach Mârib*، طبع D.H.v. Müller
و N. Rhodokanakis، وی انا ۱۹۱۳ء، ص ۵۵، ۱۲۵،
حاشیہ ۱؛ (۱۶) M. Hartmann: *Der islamische Orient*,
*Bericht und Forschuagen*، ج ۲ : *Die arabische Frage*،
لائپزگ ۱۹۰۹ء، ص ۲۳۵، ۳۶۰ تا ۳۶۲؛ (۱۷) C.H.
Becker : *Beiträge zur Geschichte Ägyptens unter*
*dem Islam*، سٹراس بورگ ۱۹۰۳ء، ۲ : ۱۲۳، ۱۲۴؛
(۱۸) L. Caetani : *Annali dell Islām*، میلان ۱۹۰۷ء،
۲ : ۳۲۰ ببعد، ۶۰۴، ۶۶۹ حاشیہ ۸، g ۸۰۰ حاشیہ ۸؛ (۱۹)
J.V. Karabacek : *Zur orientalischen Altertums*
*kunde*، ج ۵، *Wien S.B. Ak.*، ۱۹۱۵ء، ۱۷۸/۵ : ۴،
حاشیہ ۱ ۔

(ADOLF GROHMANN)

## الخُونَجی

**الخُونَجی** : افضل الدین محمد بن ناماور بن ⊗
عبدالملک الشافعی المصری، ابوالفضائل، ابوعبداللہ،
۵۹۰ھ / ۱۱۹۳ - ۱۱۹۴ء میں پیدا ہوا اور ۵ رمضان
۶۴۶ھ / [۲۲] دسمبر ۱۲۴۹ء فوت ہوا ۔ الخونجی کا
شمار مشہور مسلمان حکما اور اطبا میں ہوتا تھا ۔
علوم شرعیہ وغیرہ میں بھی اسے یدطولٰی حاصل تھا ۔
ابن ابی اصیبعہ نے، جو ۶۳۲ھ / ۱۲۳۴ - ۱۲۳۵ء میں
قاہرہ میں اس کی خدمت میں پہنچا، لکھا ہے کہ میں
نے اسے سارے علوم میں کامل پایا ۔ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ
الخونجی سے اس نے ابن سینا القانون کے جزء الکلیات کا
کچھ حصہ پڑھا ۔ تفکر و تدبر کی عادت کی وجہ سے یہ فاضل
سوچ میں پڑ جاتا تو دیر تک اسی حالت میں مستغرق
رہتا ۔ وہ مدرسۂ صلاحیۂ قاہرہ اور دیگر مدرسوں میں
درس بھی دیتا رہا ۔ عمر کے آخری حصے میں وہ مصر
اور اعمال مصر کے قاضی القضاۃ کے عہدے پر فائز ہوا ۔
جب وہ فوت ہوا تو اسے جبل مقطم میں دفن کیا گیا
اور شیخ عزالدین محمد بن حسن الضریر اربلی نے اس
کا مرثیہ لکھا، جس کے چند اشعار عیون الانباء میں دیے ہیں۔

تالیفات : اس نے طب اور منطق پر متعدد
کتابیں لکھیں : (۱) شرح ماقالہ الرئیس ابن سینا فی النبض
(عیون الانباء، ۲ : ۱۲۱)؛ (۲) شرح الکلیات، اس کا
نسخہ پیرس میں ہے، دیکھیے براکلمان : تکملہ،
۱ : ۸۲۴ (نیچے سے دوسری سطر)؛ (۳) کتاب
ادوار الحمیات (عیون الانباء، محل مذکور)؛ (۴) مقالہ
فی الحدود والرسوم (عیون الانباء، محل مذکور)؛ (۵)
کتاب الجُمل فی علم المنطق (یا المختصر، دیکھیے
کشف الظنون و براکلمان، بذیل الجمل؛ (۶) کتاب

Marfat.com

کشف الاسرار عن غوامض الافکار فی المنطق، جس پر ابن البدیع البندیھی نے حواشی لکھے اور کاتبی قزوینی، صاحب الشمسیة (م ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء) نے اس کی شرح لکھی؛ اس کا نسخہ رامپور میں ہے (فہرست رامپور، ۱ : ۳۵۸)؛ (۷) کتاب الموجز فی المنطق : یہ مختصر رسالہ اس نے اپنے بعض اخوان کے لیے چند فصلوں میں مرتب کیا؛ اس کے اور اس کی شرح کے لیے دیکھیے براکلمان: تکملہ، ۱: ۸۳۸؛ (۸) مختصر المطالب العلیة، دیکھیے براکلمان : تکملہ، ۱ : ۸۳۸.

**مآخذ :** (۱) السُّبکی: طبقات، ۵ : ۳۳؛ (۲) ابن ابی اصیبعہ: عیون الانباء، ۲ : ۱۲۰ ببعد؛ (۳) السیوطی: حسن المحاضرة، ۱: ۱۳۱، ۳۱۲؛ (۵) سامی: قاموس الاعلام، ۲: ۱۰۲؛ (۶) براکلمان، ۱: ۳۶۳ و تکملہ، ۱: ۸۳۸.

[ادارہ]

* **خوی :** (Khoi؛ عربی : خُوَی)، ایران کے صوبۂ آذربیجان کا ایک شہر، جو تبریز سے ستر میل شمال مغرب میں سطح مرتفع پر واقع ہے ۔ اس کی آبادی بیس سے تیس ہزار تک ہے ۔ خوی کی اراضی کو ایک ندی سیراب کرتی ہے، جو سَلْماس کے پہاڑوں سے نکل کر اَرَس میں جا گرتی ہے ۔ شہر کے گرد چاروں طرف باغات ہیں، جن میں دوسرے پھلوں کے علاوہ انجیر اور ایک عمدہ قسم کی ناشپاتی ہوتی ہے، جو "پیغمبری" کہلاتی ہے ۔ موجودہ زمانے میں شہر کے مضافات میں کپاس کی کاشت ہوتی ہے ۔ گزشتہ دور میں یہاں ایک کپڑا بنا جاتا تھا، جو "خُولِجیَّہ" کہلاتا تھا ۔ آج کل یہاں ہاتھ یا کرگھے سے بنی ہوئی اون سے جرابیں تیار کی جاتی ہیں ۔ موجودہ دفاعی استحکامات مٹی کے بنے ہوئے ہیں، جو انیسویں صدی عیسوی کے شروع میں جنرل گارڈین Gardane کی حملہ آور فوج نے تعمیر کیے تھے ۔ ۱۸۴۲ء کے زلزلے میں شہر کا ایک حصّہ تباہ ہو گیا تھا ۔ خوی کے قریب ہی شاہ اسمٰعیل اول صفوی کو سلطان سلیم اول نے جنگ چالدران (۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء) میں شکست دی تھی .

**مآخذ :** (۱) یاقوت: معجم، طبع Wüstenfeld، ۲ : ۵۰۲؛ (۲) Barbier de Meynard : *Dict. de la Perse*، ص ۲۲۰؛ (۳) حمد اللہ المستوفی: نزھة القلوب، طبع Browne، ص ۸۳؛ (۴) ابوالفداء: تقویم، طبع Reinaud، ص ۳۹۶؛ (۵) G. Le Strange : *The Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۱۶۶؛ (۶) E. G. Browne : *A Year amongst the Persians*، ص ۵۰ ببعد؛ (۷) J.P. Morier : *Second Journey*، ص ۳۰۳ .

(Cl. Huart)

* **خِیار :** (ع) عام طور پر کسی "اقرار" یا "اعلان" [یا سودے] کے واپس لے لینے کا اختیار، اصطلاح میں "خیار" کہلاتا ہے [لفظی معنی ہیں دو صورتوں میں سے بہتر صورت کا اختیار کرنا] ۔ خاص طور پر اس کا اطلاق کسی یک طرفہ معاہدے کے فسخ (منسوخ کرنا) یا امضا اور اجازة (جاری کرنا) کے حق پر ہوتا ہے ۔ یہ حق یا تو خود قانون دیتا ہے یا معاہدہ کرنے والے فریق آپس میں طے کر لیتے ہیں ۔ [اس کی اجازت اس لیے دی گئی ہے کہ بعد میں تخاصم و تنازع اور بغض وکینہ لہ پیدا ہو اور شر و فساد کا دروازہ بند ہو جائے] .

قانوناً خیار اس وقت ہے جب کوئی چیز خریدنے یا کرائے پر دینے کے لیے پیش کی جائے اور خریدار یا کرایہ دار اسے دیکھے؛ یہ "خیار الرّؤیة" کہلاتا ہے، یعنی دیکھتے وقت کا اختیار ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ چیز عیب دار نکلے، اسے خیار العیب کہتے ہیں ۔ تیسری صورت یہ ہے کہ مال کے لیے جس قسم کی شرط تھی اس پر مال پورا نہ اترے یا کوئی خامی رہ گئی ہو؛ یہ خیّار التغریر الفعلی ہے ۔ یا دھوکا دیا گیا ہو؛ یہ خیار الغبن ہے .

یہ خاص صورتیں ہیں جن میں کسی معاہدے کے بروے کار لانے یا نہ لانے کا اختیار ہوتا ہے، لیکن اگر

Marfat.com

کسی کاریگر کو اجرت پر ملازم رکھا جائے تو اس وقت خیار نہیں۔ عمومی حیثیت سے قانون کا منشا یہ نظر آتا ہے کہ معاہدے ایسی حالت میں فسخ کیے جا سکتے ہیں کہ نقائص نکلیں یا فریق ثانی معاہدے کی پابندی نہ کرے، اگرچہ ہر جگہ اسے خیار نہیں کہا جاتا۔ نکاح فسخ کرنے کا معاملہ بھی ایسا ہے کہ اس کے لیے خیار کی اصطلاح مستعمل ہے.

حنفی مذہب کے مطابق اگر کسی عورت کا نکاح اس کے نا بالغ ہونے کے زمانے میں کسی غیر ولی نے کردیا ہو تو بالغ ہونے پر اسے یہ حق ہے کہ وہ اس نکاح کو فسخ کر دے۔ یہ خیار البلوغ ہے (قب نکاح)۔ اسی طرح قانونًا اس وقت بھی معاہدہ فسخ کرنے کا اختیار ہے جب معاہدہ کوئی ایسا شخص کرے جسے معاہدہ کرنے کا اختیار نہ دیا گیا ہو، یعنی فضولی.

چیز کو فروخت کرتے یا کرائے پر دیتے وقت فریقین میں سے ایک کو یا دونوں کو یا ان کے بجائے کسی تیسرے شخص کو ایک مدت معینہ کے اندر، جو لازمًا بہت تھوڑی ہوتی ہے، معاہدہ فسخ کرنے کا جو حق ہے وہ خیار الشّرط کہلاتا ہے؛ اس کے علاوہ خریدتے وقت خریدار کو حق ہوتا ہے کہ متعدد پیش کردہ چیزوں میں سے وہ اپنی پسند کی چیز لے لے، اسے خیار التّعین کہتے ہیں۔ پھر بیچنے والے کو مدت معیّنہ کے اندر رقم کی ادائی نہ ہونے پر بیع فسخ کرنے کا حق ہے، اسے خیار النقد کہا جاتا ہے۔ [ایک حدیث کے الفاظ میں البیّعان بالخیار مالم یتفرّقا، یعنی بائع اور مشتری دونوں کو اسی وقت تک بیع کو فسخ کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ الگ الگ نہ ہو جائیں۔ اس میں بعض فقہا جسمانی علیحدگی مراد لیتے ہیں اور بعض سودے اور گفتگو کا انقطاع.

آخر میں خیار عورت کے اس حق کو بھی کہتے ہیں جب اس کا خاوند اسے اختیار دے دے کہ وہ جب چاہے طلاق لینے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ (تفویض الطلاق).

**مآخذ :** (۱) الشافعی: کتاب الامّ؛ (۲) امام مالک: الموطّأ؛ (۳) ہدایة؛ (۴) مدونة الکبرٰی؛ (۵) المذاہب الاربعة، ان پانچوں کتابوں میں دیکھیے بذیل کتاب البیع) اور کتاب النکاح)؛ (۶) Dimitroff : *Asch-schaibānī* (الشیبانی)، در *MSOS*، ج ۱۲، فصل ۲، ص ۶۰ ببعد؛ (۷) Hooper : *The Civil Law of Palestine and Trans-Jordan*، ۲ : ۱۱۳ ببعد؛ (۸) *Dictionary of the Technical Terms used in the science of the Musalmans* (Bibliotheca Indica)، ۱ : ۴۲۱؛ (۹) G. Bergsträsser : *Grundzüge des Islamischen Rechts*، برلن و لائپزگ ۱۹۳۵ء، بمدد اشاریہ؛ نیز (۱۰) قب مقالہ بیع.

(وَ اَ، لائڈن (مختصر))

**خیال :** سیّد محمد تقی جعفری حسینی، ایک ضخیم فارسی داستان، بوستان خیال کے مصنف، احمد آباد (گجرات) کے رہنے والے تھے، مگر ۱۱۳۸ھ/ ۱۷۲۵ء میں بعہد محمد شاہ دہلی آ گئے تھے۔ اس داستان کی تالیف کے مختلف اسباب بیان کیے جاتے ہیں۔ خود خیال کے الفاظ میں اس کے تین محرکات تھے: (۱) یہ داستان انھوں نے اپنے وطن میں کسی نازنین کا تقرب حاصل کرنے کے لیے لکھی؛ (۲) دہلی میں بعض لوگوں کے طعن پر داستان امیر حمزہ کے جواب میں لکھی؛ (۳) نواب رشید خاں کی ملازمت میں ان کی فرمائش پر لکھی۔ تین جلدیں مکمل کرنے پر محمد شاہ سے انعام بھی پایا۔ اس کے تاریخی نام فرمائش رشیدی سے سال ابتدا ۱۱۵۵ھ/ ۱۷۴۲ء برآمد ہوتا ہے۔ خاتمۂ کتاب میں مصنف نے بتایا ہے کہ نادر شاہ کے حملے کے بعد وہ مرشد آباد چلا گیا تھا، جہاں سراج الدولہ کے حکم سے یہ کتاب ۱۱۶۹ھ/ ۱۷۵۵ء میں مکمل ہوئی (لیکن سراج الدولہ کی مدح میں جو قطعہ درج ہے اس میں سال تکمیل ۱۱۷۰ھ/ ۱۷۵۶ء بتایا گیا ہے :

در ہزار و یک صد و ہفتاد ہجری ختم شد۔

Marfat.com

یہ داستان طبع نہیں ہوئی، لیکن اس کے نامکمل مخطوطات کئی کتاب خانوں میں محفوظ ہیں مثلاً بودلین لائبریری، انڈیا آفس لائبریری اور موزہ بریطانیہ کے مخطوطے قابل ذکر ہیں (موزہ بریطانیہ کے مخطوطے کی جلد دوم میں نواب رشید خاں کو ناظم بنگالہ جعفر خاں کا بیٹا بتایا گیا ہے، جو غلط ہے۔ بوستان خیال کی جلدوں کی تعداد کے بارے میں بڑا اختلاف پایا جاتا (سکسینہ : نو جلدیں؛ حامد حسن قادری: دس جلدیں، گیان چند : پندرہ جلدیں، وغیرہ)، جس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی تقسیم بہت الجھی ہوئی ہے (تفصیل کے لیے دیکھیے Ethé : *Cat. of Persian Mss. of the Bodlian Library*، عدد ۵۸۰؛ گیان چند : اردو کی نثری داستانیں، ص ۶۰۲) ۔ نیشنل لائبریری کلکتہ میں بوستان خیال کے ایک انتخاب کا قلمی نسخہ ملتا ہے ۔ نواب کلب علی خاں، والی رام پور، نے بھی اس کا ضخیم فارسی خلاصہ تیار کرایا تھا، جس کا مخطوطہ کتاب خانۂ رام پور میں محفوظ ہے ۔

داستان امیر حمزہ کی طرح اس کا مرکزی کردار بھی ایک تاریخی شخصیت ہے، یعنی فاطمی خلیفہ شاہزادۂ معزالدین ابو تمیم ۔ اس کے علاوہ کئی اور تاریخی شخصیتیں بھی (مثلاً جوہر، خلیفہ العاضد، وغیرہ) افسانوی کرداروں کی صورت میں پیش کی گئی ہیں ۔ اس ضخیم داستان میں مذہبی کتابوں کے بیانات اور رائج الوقت قصے بھی شامل ہیں ۔ واقعات کا انداز داستان امیر حمزہ سے مختلف نہیں، جس کی چھاپ جنات اور دیوزادوں سے لڑائی اور سحر و ساحری اور طلسمات کے بیان، غرض کہ ہر جگہ نظر آتی ہے ؛ اسی لیے بوستان خیال میں کوئی تنوع اور جدت پیدا نہیں ہوسکی۔ مزید برآں اس کا کوئی معین پلاٹ نہیں اور متعدد بعید از قیاس قصوں کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

بوستان خیال کے مختلف اجزا کے اردو میں متعدد تراجم ہوے، جن میں ممتاز ترین ترجمہ خواجہ امان دہلوی کا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) Ethé : *Cat. of Pers. Mss. of the Bodlian Library*، ۱ : ۹ ۳۹ تا ۴۴۴ ؛ (۲) سکسینہ : *History of Urdu Lit.* (ترجمۂ مرزا محمد عسکری : تاریخ ادب اردو، حصۂ نثر، ص ۱۰۰) ؛ (۳) حامد حسن قادری: داستان تاریخ اردو، کراچی ۱۹۶۶ء، ص ۲۶۵ ببعد ؛ (۴) ڈاکٹر گیان چند : اردو کی نثری داستانیں، بار دوم، کراچی ۱۹۶۹ء، ص ۵۹۸ ببعد .

[ادارہ]

**خَیالِ ظِلّ** : نیز ظِلّ خَیال، یعنی پرچھائیوں کا تماشا؛ پرچھائیوں کے ناٹک میں فن نقالی کے ڈانڈے موسیقی، مصوری اور شاعری سے جا ملتے ہیں ۔ اس میں ایک سفید کپڑے کی چادر پر پیچھے سے روشنی ڈالی جاتی ہے اور اس کے اوپر رنگین و منقش چمڑے کی بنی ہوئی شفاف پتلیوں کے ذریعے ایک ایسا خیالی منظر پیش کیا جاتا ہے جو استغراق پسند اہل مشرق کے لیے مغرب کے حقیقت پسندانہ، لیکن بھونڈے فن تمثیل کے مقابلے میں کہیں زیادہ پر معنی ثابت ہوتا ہے ۔ جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے، یہ فن مغربی ممالک میں بظاہر چین سے پہنچا تھا اور یہ بات یقین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس کا آغاز قدیم یونان یا روم سے ہرگز نہیں ہوا .

اس کے بارے میں ہمیں جو قدیم ترین حوالہ ملتا ہے اس کا تعلق سرزمین ہند سے ہے، اگرچہ وہاں یہ تماشا اب معدوم ہو چکا ہے ۔ بہرکیف جاوا کے وایَنگ wayang سے، جس میں زیادہ تر ہندوستانی ساز و سامان سے کام لیا جاتا ہے، اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ یہ پہلے ہندوستان میں موجود تھا .

معلوم ہوتا ہے کہ ترکوں نے اہلِ چین سے یہ فن مغول کی وساطت سے حاصل کیا ۔ بہرصورت یہ محقّق ہے کہ اسلامی ممالک کے لیے چینی خیال ظل سے متعارف ہونے کے مواقع موجود تھے .

marfat.com
Marfat.com

چین اور ہندوستان سے اسلامی ممالک کو جانے والی شاہراہ ایران سے ہو کر جاتی تھی، چنانچہ ایرانی شعرا کے کلام میں کئی جگہ خیالِ ظل کا ذکر تو آتا ہے، تاہم اس تماشے کے متعلق قطعی معلومات بہت کم ملتی ہیں ۔ ایرانِ جدید میں یہ تماشا "کچل پہلوان" کی شکل میں باقی ہے ۔

عربی ثقافت کے حامی ممالک، بالخصوص مصر میں خیال ظل نے ابتدائی دور ہی میں خاصی ترقی پا لی تھی ۔ قرون وسطٰی کی عربی ڈرامائی شاعری کی باقیات میں سے اب صرف محمد بن دانیال الطّبیب (م ۱۳۱۱ء) کی ظلّی تمثیلات محفوظ رہ گئی ہیں ۔

ترکوں کے ہاں بھی ظلی تمثیل نے بہت ترقی اور مقبولیت حاصل کی ۔ ترکی تماشا اگرچہ بہت سی باتوں میں مصری تماشے سے مشابہ ہے، لیکن محض اس بنا پر یہ فرض کر لینا صحیح نہ ہوگا کہ ترکوں نے اسے مصریوں سے اخذ کیا ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ انھوں نے اس سے بہت قبل تیرھویں صدی عیسوی ہی میں ظلی تمثیل کے لیے اپنی زبان میں ایک خاص "اصطلاح "قبرچق" وضع کر لی تھی (بشرطیکہ بقول ہوتسما Houtsma : Türkish-Arabisches Glossar، لائڈن ۱۸۹۴ء، ص ۴۳، ۸۷، "قبر چق" کے معنی "چینی خیال ظل کی ایک پتلی" واقعی صحیح ہوں! لیکن یہ بہت مشکوک ہے کیونکہ مشرقی ترکی میں جو لفظ "قاورجق" یا "قوغورجق" اب تک باقی ہے اس کا ظل خیال سے کوئی تعلق نہیں ۔

ترکستان وغیرہ میں خیال ظل اگر کسی زمانے میں رائج تھا بھی تو اب بظاہر معدوم ہو چکا ہے اور اس کی جگہ پتلیوں کے تماشے نے لے لی ہے، جو "قول قورچق" اور "چادر خیال" کہلاتا ہے ۔

ترکان عثمانیہ اسے قرہ گوز [رک باں] کہتے ہیں اور زمانۂ حال میں بھی جب تک اسے سینما سے مسابقت کا سامنا نہیں کرنا پڑا تھا، یہ تماشا ماہ رمضان میں نہ صرف عورتوں اور ادنی طبقے کے لوگوں میں مقبول ترین ذریعۂ تفریح بنا رہا بلکہ اعلی اور تعلیم یافتہ حلقوں میں بھی بیشتر افراد کو، یہاں تک کہ بعض سلاطین کو بھی اس کا بہت شوق رہا ۔ جہاں کہیں بھی ترک اتنی تعداد میں آباد ہوتے کہ تماشا گر ان سے تھوڑی بہت روزی حاصل کر سکتا، وہاں ظل خیال ضرور موجود ہوتا تھا ۔

ترکیہ سے یہ تماشا غیر ترکی ممالک میں بھی پہنچ گیا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے یونان میں خاص طور پر اپنے قدم جما لیے تھے ۔ یہ کیفیت زمانۂ حال تک (خصوصاً ایتھنز Athens، پرایوس Piraeus اور سالونیکا Salonika میں) قائم رہی ۔ اسی طرح یہ اہل رومانیا کے ہر طبقے میں بھی بہت مقبول رہا ۔

**مآخذ :** (۱) G. Jacob : *Geschichte des Schattentheaters*، بار دوم، ہینوور ۱۹۲۵ء، جہاں ان سب مآخذ کا ذکر ہے جن سے استفادہ کیا جا سکتا ہے؛ نیز دیکھیے (۲) L. Roussel : *Karagheuz, on un théâtre d'ombres à Athènes*، ایتھنز ۱۹۲۱ء؛ (۳) J. Kats : *Het Javansche Tooneel*، ج ۱ : *Wajang Poerwa*، Weltevreden ۱۹۲۳ء؛ (۴) A. Samojlowič : *Kuklojnyj teatrw Turkestane*، در *Russkij Muzej, Etnograficeskij otdel*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۹۲۳ء، عدد ۱۔

(Th. Menzel)

* **خیالی :** اصل نام محمد بے؛ وہ بکارمی بھی کہلاتا تھا؛ سلیمان اعظم (قانونی) کے عہد کا ایک اہم شاعر ۔ شاعر اصولی کی طرح وہ بھی روم ایلی کے ایک چھوٹے سے شہر وردر ینیجہ سی کا رہنے والا تھا ۔ شیخ غالب کی طرح کم سنی ہی میں اس کے ذہن میں پختگی آ گئی تھی اور اس کی شاعرانہ صلاحیت نے وقت سے پہلے ہی نشو و نما حاصل کر لی تھی ۔ لڑکپن میں وہ ایک صوفی منش حیدری درویش بابا علی مست کی خدمت میں رہتا تھا ۔ انھوں نے اسے تصوف

Marfat.com

سے روشناس کرایا، جس کی جھلک اس کی بہت سی نظموں میں پائی جاتی ہے - جہاں‌گردی میں اپنے مرشد کا ساتھ دیتے ہوے وہ قسطنطینیہ پہنچا، جہاں مقامی حکام کی مداخلت نے اسے اس درویش کے فیضان صحبت سے محروم کر دیا .

اس کی شاعرانہ قابلیت کے باعث بالآخر دفتردار سکندر چلبی اور اس کے بعد فرنگ ابراہیم پاشا اس پر مہربان ہوگیا، جس نے اسے سلطان سلیمان کے حلقۂ شعرا میں لے جاکر بٹھا دیا - سلطان کا قرب و اعتماد حاصل ہونے کے بعد آخر وہ سلطان کے خاص ندیموں کے زمرے میں شامل ہو گیا اور یوں اس نے وہ بلند ترین اعزاز حاصل کر لیا جو کسی ترکی شاعر کو نصیب ہو سکتا تھا - اپنے سر پرست امیروں کے قتل کے بعد (سکندر کو ۱۵۳۵ء میں بغداد میں پھانسی دی گئی اور ابراہیم کو ۱۵۳۶ء میں محل شاہی میں گلا گھونٹ کر مار دیا گیا) ان کے منظورنظر شعرا، جو کسی وقت بڑے با اقتدار تھے، رفتہ رفتہ اپنے اثر و رسوخ سے محروم ہونے لگے - خیالی کو بھی برے دنوں کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ اسے کبھی یہ سلیقہ نہ آیا کہ وہ ان تحائف اور مراحم خسروانہ کو سنبھال کر رکھتا جن کی اس پر بارش ہوتی رہی تھی؛ لیکن آخرکار سلطان نے اسے بیگ کا خطاب دے کر ایک سنجاق عطا کر دی - ۹۶۴ھ/۱۵۵۶-۱۵۵۷ء میں اس نے شہر ادرنہ میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوا .

خیالی پسندیدہ اطوار اور پرخلوص طبیعت کا حامل تھا - اس نے عمر بھر درویشانہ انکسار اور صاف دلی کو برقرار رکھا؛ چنانچہ اس نے حیدری حلقے کی رکنیت بھی ترک نہ کی - وہ اپنے زمانے کے چوٹی کے شعرا میں سے تھا - اس کے ہمعصروں میں سے کوئی بھی زور کلام اور حسن بیان میں اس سے بازی نہ لے جا سکا، تاہم اس کی زبان پرانے زمانے کی ہے؛ وہ صرف غزل اور قصیدے میں طبع آزمائی کرتا تھا - جس طرح وہ دنیوی مال و متاع سے بے‌نیاز تھا، اسی طرح اسے اس کی بھی چنداں پروا نہ تھی کہ اس کے سرمایۂ کلام کا کیا حشر ہوگا؛ چنانچہ وہ اپنی تصوف کے رنگ میں ڈوبی ہوئی نظموں کو بشکل دیوان مرتب کرنے کا کام دوسروں پر چھوڑ گیا - اس کا بیٹا عمر بیگ (م - ۱۰۱۰ھ) بھی شاعر تھا .

**مآخذ :** (۱) لطیفی : تذکرہ، قسطنطینیہ ۱۳۱۴ھ، ص ۱۴۹؛ (۲) سہی : تذکرہ، قسطنطینیہ ۱۳۲۵ھ، ص ۱۲۶؛ (۳) معلّم ناجی : مجموعہ، قسطنطینیہ ۱۳۰۵ھ، عدد ۳۶، ص ۱۴۱؛ (۴) وہی مصنف : اسامی، قسطنطینیہ ۱۳۰۸ھ، ص ۱۳۷؛ (۵) فائق : اسلاف، عدد ۲۳، در خزینۂ فنون، قسطنطینیہ ۱۳۱۱ھ، ۱ : ۱۴۷؛ (۶) برسلی محمّد طاہر : عثمانلی مؤلفلری، قسطنطینیہ ۱۳۳۸ھ، ۲ : ۱۶ (طاہر نے اسے سلیم اول کے عہد کے خیالی سے ملتبس کر دیا ہے اور دونوں کو ایک شخص قرار دیا ہے اور مؤخرالذکر کی لیلٰی و مجنون کو اس سے منسوب کیا ہے؛ (۷) سامی : قاموس الاعلام، ۳ : ۲۰۷۱؛ (۸) ثریا : سجل عثمانی، قسطنطینیہ ۱۳۱۱ھ، ۲ : ۳۱۳؛ (۹) Flügel : *Kat. der. Türk. Handschriften in Wien*، ۱۸۶۵ء، ۱ : ۶۴۹ (ایک قلمی نسخہ، جسے مصنّف نے اور خوش نویس ابراہیم چلبی نے لکھا ہے، لنڈن میں رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے کتاب خانے میں ہے)؛ (۱۰) E. J. W. Gibb : *A. History of Ottoman Poetry*، ۳ : ۵۸؛ (۱۱) V. Hammer : *G O R*، بار دوم، ۲ : ۳۳۲ .

(TH. MENZEL)

⊛ **خیبر :** ایک نخلستان، جو [سطح سمندر سے ۲۸۰۰ فٹ بلند اور] مدینۂ منورہ سے ۱۸۴ کیلومیٹر (کچھ کم سوا سو میل) شمال میں بری راستے سے آنے والے حجاج کی شاہراہ پر واقع ہے - عہد نبوی[ص] میں غابہ، یعنی جبل احد کے مغرب سے گزرتے تھے؛ اب جدید ہوائی اڈے (مطار) سے اِتصال کی خاطر مشرق سے گزرتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ تقریباً ایک سو کیلو میٹر تک یہ راستہ تنگ اور پیچدار دروں میں سے ہوتا ہوا جاتا ہے، جس کے دونوں طرف بلند پہاڑ ہیں۔ اس ساری مسافت میں پتھر ہوں یا مٹی، حرّہ یعنی آتش فشانی سے جلے ہوئے عناصر پر مشتمل ہیں۔ درخت اور پانی نام کو نہیں۔ اکا دکا بکریاں کہیں چرتی نظر آ جاتی ہیں جو بہت پست قد ہوتی ہیں۔ ان کے دودھ نہیں ہوتا، البتہ ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ مدینے سے خیبر تک مشکل سے دو آبادیاں ملتی ہیں۔ پہلی صَلصال ہے، جو ۱۲۸ کیلومیٹر پر واقع ہے اور کافی سرسبز ہے۔ مقامی لوگوں کا بیان ہے کہ بستی کے نصف حصے میں کنوؤں کا پانی کڑوا ہے اور نصف حصے میں شیریں ہے؛ ممکن ہے فدَک یہی ہو۔ اس سے آگے ایک دوسری چھوٹی اور ویران سی بستی ہے۔

خیبر بھی ایک حرّہ [رک باں] ہے۔ مدینے سے آئیں تو شہر کے پندرہ بیس کیلومیٹر کے فاصلے پر سفید اور قابل کاشت لیکن افتادہ زمینیں ملتی ہیں، جو دس بارہ کیلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہیں۔ بعد ازاں پھر حرّہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس حرّے میں شاہراہ کے دائیں جانب قدیم (یہودی) کھنڈر میلوں تک پھیلے ہوئے ہیں، جن میں کچھ تالابوں کے منہدم سے بند نظر آتے ہیں۔ گرمی میں پانی خشک ہو جاتا ہے تو ان کی تہہ میں جمی ہوئی مہین مٹی دور دور تک نظر آتی ہے۔ امریکی انجینیئر ٹویچل Twitchell نے سعودی عرب کی زرعی پیمائش کی رپورٹ میں یہاں سد الحَصید اور پانچ دیگر تالابوں کا ذکر کیا ہے۔ غزوۂ خیبر میں آتے اور جاتے دونوں وقت رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے سد الصہباء میں قیام فرمایا تھا؛ وہ بھی شاید یہیں کہیں ہو۔ اس کے آگے ایک پست اور وسیع وادی ہے، جس میں شہر خیبر آباد ہے۔ یہ نخلستانوں سے اس قدر پٹا ہوا ہے کہ کسی بلندی پر سے بھی شہر کے خط و خال بالکل نظر نہیں آتے۔ عہد نبوی میں محلہ الکَتیبۃ میں کھجور کے چالیس ہزار پیڑ بیان کیے گئے ہیں (ابن الاثیر: (البدایۃ

۴ : ۲۰۲)۔ آج کل بھی شہر کے جنوب میں [illegible] پہاڑ کے دامن میں، کئی میل لمبا ایک کھلا [illegible] ہے۔

خیبر میں اب (۱۹۶۴ء میں) [illegible] عرب آباد ہیں۔ کہتے ہیں کہ فصل [illegible] میں ہنگامی آبادی پچیس تیس ہزار تک ہو جاتی ہے، ورنہ مستقل آبادی پانچ ہزار کے لگ بھگ [illegible] جاتی ہے۔ شہر میں کئی بلند ٹیلے اور پہاڑیاں ہیں، جن میں سب سے ممتاز وہ ہے جسے قصر [illegible] کہا جاتا اور یہودی عہد کی یادگار سمجھا جاتا ہے۔ ترکی دور میں غالبًا یہاں فوجی چھاؤنی تھی، اب اس میں سعودی گورنر رہتا ہے۔

بعض مؤلفوں کی رائے میں خیبر کے یہودیوں کی بولی میں "خیبر" کے معنی قلعے کے تھے۔ [illegible] سہل بن محمد الکاتب سے اور یاقوت نے [illegible] روایت کی ہے کہ یہ اس بستی کے بانی خَیبر بن [illegible] بن مِہلائیل کے نام سے منسوب ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ اَسباط یہود کے گم گشتہ قبائل نے یہاں اور پشاور سے آگے درۂ خیبر میں بھی اپنی نشاندہی کے لیے [illegible] دیا ہو؟

خیبر کا قدیم ترین ذکر بابل کے آخری کلدانی [illegible] نَبونَعِد [=نبونید] (۵۵٦ یا ۵۳۹ ق م) کے [illegible] میں، جو حرّان کی منہدم جامع مسجد کے فرش کے [illegible] پتھر پر ملا تھا (میونخ کی مؤتمر مستشرقین [illegible] کی روداد، ص ۱۳۲) لکھا ہے کہ جب [illegible] نے تَیماء میں اپنا ذیلی پائے تخت [illegible] تو خیبر و فدَک وغیرہ سے ہوتے ہوئے یثرب تک کی [illegible]۔ ایک دوسرا کتبہ بھی حران کے قریب [illegible] ہوا ہے، جو سیاق ہنسوں کے [illegible] ہے [illegible] "میں نے، یعنی شرحیل بن [illegible] سنہ ۴٦۳ میں خیبر کی تباہی [illegible] تعمیر کرایا"۔ [illegible] R S O, E. Littmann [illegible] ص ۱۹۳ بعد) کے [illegible]

Marfat.com

۵۶۸ء ہے ۔ ابن قتیبہ : کتاب المعارف، (ص ۳۱۳) کے مطابق غسّانی حکمران الحارث بن ابی شَمِر جَبَلہ (۵۲۸ تا ۵۷۰ء) نے اس رخ حملہ کیا تھا؛ یہ ممکن ہے کہ خیبر والوں نے ایرانیوں اور حیرہ کے حکمران سے کچھ سازش کی ہو اور اس پر بوزنطی قیصر روم نے اپنے ماتحت حکمران کو ادھر روانہ کیا تھا ۔ معلوم نہیں اس وقت خیبر میں کون لوگ تھے، لیکن ساٹھ سال بعد جب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف لائے تو یہاں صرف یہودی بستے تھے، جو بہت خوش حال تھے؛ چنانچہ مکے میں شادی بیاہ کے موقع پر یہیں سے دیگیں اور زیور کرائے پر لیے جاتے تھے ۔ ایک مرتبہ زیور کھو گئے تو اہل مکہ نے دس ہزار دینار کا ہرجانہ ادا کیا (ابن سعد، ۲/۱:۸۱؛ السرخسی: شرح السیرالکبیر، ۱/۱۸۶) ۔ بہت ممکن ہے کہ معاشی روابط نے شادی بیاہ تک نوبت پہنچا دی ہو اور یہاں کی یہودنیں بے جھجک عربوں سے نکاح کرتی ہوں؛ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا ہاشم اور ان کے بھائی المُطّلب نے ایسا ہی کیا (ابن حبیب : المنمّق، مخطوطۂ لکھنؤ، ص ۳۲۵) ۔ یہاں کھجوریں بہت ہوتی ہیں، لیکن زمانۂ جاہلیت میں بھی لوگ یہاں کے ملیریا سے بہت گھبراتے تھے (بعض قصے القزوینی : الآثار، ۲، ۶۰ تا ۶۱ اور ابن قتیبہ : الانواء، ص ۳۰ تا ۳۱ میں ملیں گے) ۔ یہود خیبر کے لباس میں طیلسان بہت مشہور ہے (صیحح البخاری، کتاب ۶۴، باب ۴۰، حدیث ۱۲) ۔ عبدالمطلب نے یہ نذر مانی تھی کہ اگر ان کے دس بیٹے ہوے تو وہ ایک کی قربانی دیں گے ۔ قرعۂ فال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد عبداللہ پر پڑا ۔ اس سلسلے میں جس کاہنہ سے مشورہ کیا گیا تھا وہ سال کا کچھ عرصہ مدینے میں اور کچھ خیبر میں رہتی تھی (ابن ہشام : السیرۃ، ص ۹۸ تا ۹۹) ۔

یاقوت نے معجم البلدان میں مشاہیر خیبر میں سے ابن القاہر الخیبری اللخمی محدث کا خاص طور پر ذکر کیا ہے، لیکن عہد اسلامی کے جغرافیہ‌نگاروں میں سے البکری (معجم، ص ۳۳۱ تا ۳۳۳) نے کتاب السَّکونی کا جو اقتباس دیا ہے وہ واقف حال شخص کا بیان معلوم ہوتا ہے : "یہ مدینے سے آٹھ برید پر ہے ۔ پیدل تین دن میں آسکتے ہیں ۔ مدینے سے نکلو تو پہلے غابۂ عُلیا، پھر سُفلٰی کے بعد نَقب یَردَوج آتا ہے، جہاں ایک مسجد نبویؐ ہے ۔ پھر وادی الدُّومہ آتی ہے، جہاں کنویں ہیں ۔ پھر جبل أشمذ، پھر حرّۃ الشُّقّہ، پھر تُمار آتا ہے، جو خیبر سے آٹھ میل پر علاقۂ خیبر کی سرحد پرواقع ہے ۔ اس سے آگے خیبر اور اس کے قلعے ہیں ۔ خیبر کا بازار المرطلہ ہے، جسے حضرت عثمانؓ نے بسایا تھا ۔ وہاں کے قلعے میں کچھ پرانے لوگ باقی ہیں، جو حضرت عمرؓ کی نسل سے ہیں ۔ اس سے آگے حصن وَجدہ ہے، جس میں کھجور وغیرہ کے درخت ہیں ۔ یہ صرف خاصِ نبویؐ رہا ہے ۔ پھر الشُّلالم ہے، جس کا بڑا حصہ صرف خاص نبوی تھا ۔ پھر جبل الاَہیَل آتا ہے، جس میں یہودی بُرج (آطام) ہیں ۔ پھر مزرعے اور باغات ہیں، جن سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور بنو المُطّلب کے روزینے مقرر تھے ۔ اسی کو الوَطیح کہتے ہیں ۔ وطیح سے متصل خَلص تک ایک وادی جاتی ہے، جسے الکَتِیبہ کہتے ہیں ۔ یہ سب کی سب صرف خاص نبوی رہی ہے ۔ یہ کتیبہ خیبر کے قلعہ‌بند مقاموں میں سے ہے ۔ یہیں الصہباء ہے، جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ ڈال کر رات گزاری تھی؛ یہ خیبر سے ایک برید کی مسافت پر ہے ۔ خیبر کا سب سے بڑا قلعہ القَموص ہے، جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا تھا؛ اسی کے دامن میں مسجد نبویؐ ہے ۔ وہیں نَطاہ اور الشِّقّ دو وادیاں ہیں ۔ ان دونوں کے مابین جو رقبہ ہے اسے السَّبخۃ اور المَخاضۃ کہتے ہیں ۔ یہ اس بڑی مسجد نبویؐ تک جاتا ہے جہاں خیبر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام رہا ۔ یہ مسجد عیسٰی بن موسٰی نے زر کثیر خرچ کرکے بنوائی، اس کی بنا "طاقات معقودہ" پر ہوئی ہے ۔ اس میں بڑے صحن بھی

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ وہاں وہ چٹان بھی ہے جسے سُترہ [رک باں] بنا کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے۔ آج کل یہاں عید کی نمازیں پڑھی جاتی ہیں۔ نطاۃ میں مرحب کا قلعہ اور قصر ہے۔ یہ قصر حضرت الزبیر بن العوامؓ کے حصے میں آیا تھا۔ الشق میں الحمۃ نامی چشمہ ہے، جسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "قسمۃ الملائکۃ" کا نام دیا تھا۔ اس کا دو تہائی پانی ایک نالے میں جاتا ہے اور ایک تہائی دوسرے میں، حالانکہ نکلتا ایک ہی جگہ سے ہے۔ عہد نبویؐ سے لے کر اب تک یہ ایک اعجوبہ رہا ہے۔ اس چشمے میں تین کھجوریں یا لکڑی کے تین ٹکڑے ڈالو تو دو اس نالے میں چلے جاتے ہیں جس میں دو تہائی پانی جاتا ہے اور ایک دوسرے نالے میں۔ یہ کسی کے بس کی بات نہیں کہ اس میں تہائی سے زیادہ پانی لایا جائے۔ اگر کوئی اس نالے میں کھڑا ہو جائے جس میں دو تہائی پانی جاتا ہے تاکہ اسے دوسرے نالے میں لایا جائے تو پانی اس پر غالب آ کر بہہ نکلتا ہے اور دوسرے نالے میں تہائی سے زیادہ پانی نہیں آ سکتا۔ رہا النطاۃ، وہاں کا بڑا چشمہ اللُّحَیحۃ کہلاتا ہے۔ خیبر میں سب سے پہلے دار بنی قِمّۃ فتح ہوا، جو نَطاۃ میں ہے اور اسی میں مَرحب کا بھائی الیاس رہتا تھا۔ اسی کے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا کہ "دار بنی قمۃ کی فتح سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی اور کھجور پیٹ بھر کر نہیں کھائی تھی"۔

قصر مرحب کے دامن میں آج کل ایک چھوٹی سی مسجد رہ گئی ہے۔ اس کے قریب جو چشمہ ہے وہ اب حضرت علیؓ سے منسوب ہے کہ مرحب پر وار کرنے میں ان کی تلوار زمین میں اتر گئی اور یہ چشمہ پھوٹ بہا۔ اس سے کچھ فاصلے پر دوسرا بڑا چشمہ بھی باقی ہے۔ دونوں سے نخلستانوں کی آب پاشی ہوتی ہے۔

تاریخ اسلام میں خیبر کی شہرت ۷ھ/۶۲۸ء کے غزوۂ نبویؐ کے باعث ہے۔ مدینے سے نکلے ہوئے بنو النَّضیر کے یہودی یہاں آ بسے تھے۔ محاصرۂ خندق [رک باں] انہیں کی انگیخت پر ہوا تھا۔ یہ مسلمانوں کی نئی مملکت کے لیے ایک مستقل خطرہ بن گئے تھے۔ انہیں سے نبٹنے کی خاطر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ [رک باں] میں قریش کی منہ مانگی شرطوں پر صلح کی تھی اور قریش سے صرف یہ خواہش کی تھی کہ وہ مسلمانوں کی جنگوں میں غیر جانب دار رہیں۔ اس معاہدے کی تکمیل کے بعد واپس آتے ہی آپؐ نے خیبر جانے کی تیاریاں شروع کر دیں اور بمشکل ایک مہینہ گزرا تھا کہ پندرہ سو کی جمعیت لے کر آپؐ مدینے سے روانہ ہوئے۔ جب الصَّہباء تک پہنچ گئے تو قبیلۂ غَطَفان کے لوگ آپؐ کے راستے میں حائل ہوئے کیونکہ وہ خیبر کے یہودیوں کی امداد کرنا چاہتے تھے، لیکن جب آپؐ نے الصہباء سے وادی الرَّجیع (دیار غَطفان) کا رخ کیا تو وہ گھبرا کر فوراً اپنے مال و عیال کی حفاظت کے لیے خیبر سے واپس آ گئے اور پھر انہیں نقل و حرکت کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ تین دن الرَّجیع میں ٹھیر کر آپؐ خیبر آ گئے۔

اہل خیبر آپؐ کی پیشقدمی سے واقف اور مقابلے کے لیے تیار تھے۔ اس زمانے کی عربی بستیوں کی طرح خیبر بھی متعدد چھوٹے چھوٹے قبائلی محلّوں پر مشتمل تھا۔ ہر محلہ دوسرے سے کچھ فاصلے پر آباد تھا اور ہر ایک کا نظام معیشت، یعنی کھیت، چراگاہیں، قلعے اور گڑھیاں مستقل تھیں۔ جہاں تک دفاع کا تعلق ہے وہ ایک تو اپنے سات بڑے اور متعدد چھوٹے قلعوں میں محفوظ تھے، جن میں سے بعض میں منجنیقیں بھی نصب تھیں؛ دوسرے الیعقوبی کے مطابق خیبر میں بیس ہزار مقاتل (جنگجو سپاہی) تھے۔ المقریزی (الامتاع) کے مطابق دس ہزار کا مقابلہ پندرہ سو مسلمانوں کو کرنا تھا؛ تیسرے وہ اپنے مرکز اور گھر میں ہونے کی وجہ سے حربی فوقیت بھی رکھتے تھے۔ آزوقہ اور سامان بھی ان کے پاس بہت تھا۔ السرخسی (شرح الکبیر،

Marfat.com

باب خامس، الرایات و الالویة) نے لکھا ہے کہ خیبر کے ہر قلعے کو تین تین فصیلوں سے اس طرح گھیرا گیا تھا کہ سوار و فوج ان کے سامنے بے بس تھی۔

پرانے نام اب بھلا دیے گئے ہیں، اس لیے معلوم نہیں قلعۂ ناعم کہاں تھا، جو مؤرخوں کے مطابق سب سے پہلے سر ہوا۔ پھر اندرون شہر کا قلعہ قَمُوص فتح ہوا، جو خاندان ابو الحُقَیق (اور ام المؤمنین حضرت صَفیہ رض) کا مسکن تھا۔ اس کی فتح میں حضرت علی رض نے خاص کارگزاری دکھائی تھی۔ پھر حِصْن الشق اور حِصن النَّطاۃ اور حِصن الکتیبہ سر ہوے۔ اس کے بعد حصن الوَطیع اور حصن السُّلالِم (دو آخری قلعے) کوئی دو ھفتوں کی کشمکش کے بعد فتح ہوے۔ بظاہر انھیں آخری دو قلعوں میں سارے یہودی باشندے جمع ہو گئے تھے۔ اگر یہودیوں کے ساتھ انھیں کی توریت کے احکام کے مطابق برتاؤ کیا جاتا تو سارے بالغ مرد قتل اور عورتیں بچے غلام بنائے جا سکتے تھے، مگر پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمدلی اور درگزر سے کام لیا؛ سب کی جان بخشی کی کہ مال چھوڑ کر جسم کے کپڑوں کے ساتھ جہاں چاہیں چلے جائیں۔ سیرۃ الشامی کے مطابق مدینے میں بنو النضیر کے پاس ایک کنز تھا، یعنی "وہ مال جو وہ اتفاقی ضروریات (نوائب) کے لیے جمع کیا کرتے تھے"۔ شہر بدری پر نضیری یہ کنز خیبر میں ساتھ لائے تھے۔ حسب معاہدہ جب یہ مسلمانوں کے سپرد نہ ہوا تو آنحضرت ص نے جواب طلبی کی تو صاحب الکنز نے بہانہ کیا کہ جنگ کی تیاری میں ختم ہو گیا ہے، لیکن رات کو اسے کھنڈروں میں ادھر ادھر پھرتے دیکھ کر شبہہ ہوا؛ چنانچہ وہاں کھدائی کی گئی تو خزانہ برآمد ہو گیا اور صاحب الکنز کو فریب کاری کی سزا بھگتنی پڑی۔

ابتدائی ناکامیوں ہی نے یہودیوں کا حوصلہ پست کر دیا تھا۔ سیرت نگار لکھتے ہیں کہ حصن الزبیر اپنے استحکام کے باعث اس لیے بآسانی فتح ہو گیا کہ پانی کے ذخیرے تک اس کا جو زمین دوز راستہ تھا اس کا پتا ایک مقامی یہودی ہی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیا تھا۔

جب قبضہ مکمل ہو گیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شرائط صلح میں مزید رعایت منظور فرمائی اور اجازت دی کہ وہ تاحکم ثانی خیبر ہی میں رہیں اور بٹائی پر کاشت کر کے نصف پیداوار لگان میں دیا کریں۔

یاقوت (معجم البُلدان) نے صراحت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نصف علاقہ بحق حکومت محفوظ کر دیا اور اس میں کتیبہ اور سُلالِم داخل ہوے؛ باقی فاتحوں میں بانٹ دیا اور شق و نطاۃ و متعلقات اس میں آئے (لشکر اسلام میں بارہ سو پیدل اور تین سو گھڑ سوار تھے۔ سواروں کو چونکہ دگنی غنیمت ملتی ہے اس لیے سارا علاقہ چھتیس حصوں میں بانٹا گیا۔ آدھا حکومت کے لیے وقف رہا۔ باقی اٹھارہ حصوں میں سے ہر ایک حصہ سو پیدل سپاھیوں یا پچاس سواروں میں بانٹا گیا)۔ الزہری کا جو بیان ابن کثیر (البدایة، ۴ : ۲۰۲) نے نقل کیا ہے کہ کچھ خیبر بزور شمشیر فتح ہوا اور کچھ پرامن طور سے؛ اس سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ بغیر جنگ فتح شدہ علاقہ بحق حکومت وقف کر دیا گیا۔ لیکن عام مؤرخ یہ کہتے ہیں کہ زمین کو فاتحوں میں تقسیم کرتے ہوے حسب معمول خُمس حکومت کے لیے لیا گیا اور یہ کتیبہ کا نخلستان تھا۔ یہاں کے لگان میں ہر سال جو کھجوریں وغیرہ آتی تھیں ان سے کچھ روزینے بھی مستقل طور پر مقرر ہوے، جس کی ابن ہشام وغیرہ نے تفصیل دی ہے۔

یہودیوں کا بٹائی پر کام کرنا حضرت عمر رض کی خلافت تک باقی رہا۔ پھر جب ان لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رض وغیرہ کے قتل کا اقدام کیا تو ان کو وہاں سے شام منتقل کر دیا گیا اور مسلمان کسان ہی یہاں کاشت کرنے لگے۔

Marfat.com

بعد کے زمانے میں کچھ یہود کے خیبر میں آ بسنے کی داستان بالکل بےبنیاد ہے اور صلیبی جنگوں کے زمانے میں تُطَیْلَه (= تُدَیله) کے بن یامین کا یہ بیان بعید از قیاس ہے؛ وۂ، بار اول، میں گرومان Grohmann (بذیل مادّۂ خیبر) کو بھی یہ بیان غلط معلوم ہوا ہے۔ بہرحال یہ بن یا مین (جو غالباً یہودی ہے) لکھتا ہے کہ ۱۱۷۳ء میں خیبر میں ۱۱۵۰ یہودیوں کی آبادی پائی جاتی تھی۔ انیسوں صدی کے آغاز پر سیاح برکھارٹ کو یہاں ایک بھی یہودی نظر نہ آیا.

ادبیات اسلام میں ایک مزعومہ مکتوب نبویؐ نقل ہوتا رہا ہے، جس میں یہود خیبر کے لیے بہت سی مراعات مذکور ہیں۔ ابن القیم: احکام اہل الذمۃ، جلد اول (طبع دمشق)، میں اس کی اصلیت پر بیس تفصیلی اعتراض کیے گئے ہیں۔ ایک اور جعلی منشور نبویؐ میں خیبر اور اسی کے ساتھ مقنا کے لیے بھی (جو وہاں سے کچھ دور خلیج عَقَبہ میں واقع ہے) ایک ہی دستاویز میں بےشمار حقوق عطا کیے گئے ہیں۔ یہ دستاویز، جو عربی زبان لیکن عبرانی خط میں ملی ہے، غالباً فاطمی دور میں وضع کی گئی (متن کے لیے دیکھیے راقم کی کتاب الوثائق السیاسیہ، عدد ۱۴ اور بحث کے لیے دیکھیے راقم کی کتاب رسول اکرم کی سیاسی زندگی، نیز *Le Prophete de l' Islam, sa vie et son oeuvre* ج ۱، محل مذکور).

خیبر کے حصن مرحب کی تصویر سیاح ڈاوٹی نے ہاتھ سے کھینچ کر اپنے سفرنامے میں دی ہے، جو خاصی صحیح ہے.

محاصرۂ خیبر کے زمانے میں حضرت محیّصہ انصاری رضؓ کی سرکردگی میں ایک دستہ فَدَک بھیجا گیا، جیسا کہ السرخسی نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔ وہاں کے یہودیوں نے مقابلہ کیے بغیر صلح کر لی اور سالانہ پچاس فی صد لگان آنحضرتؐ کو پیش کرنا منظور کر لیا۔ اس حسن کارگزاری پر حضرت مُحَیّصہ کا مستقل روزینہ مقرر کیا گیا.

البیہقی نے لکھا ہے کہ مدینے میں بنو قَیْنُقاع کے کچھ یہودی باقی رہ گئے تھے (سُنَن کبرٰی، ۹ : ۶۳)۔ خیبر کی مہم میں انھوں نے رضاکارانہ شرکت کی تو انھیں مال غنیمت سے کچھ "رَضْخ" (انعام) دیا گیا، لیکن السرخسی کی روایت میں ان یہودیوں کو "سہم" یعنی مسلمانوں ہی کے برابر حصہ دیا گیا.

ابن ہشام نے لکھا ہے کہ کسی خیبری یہودی کے ایک حبشی غلام نے، جو چرواہا تھا، اسلام قبول کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ تقاضاے دیانت یہ ہے کہ ریوڑ کو مالک کے قلعے تک لے جا کر چھوڑ دو تاکہ وہ عادت کے مطابق خود ہی مالک کے گھر پہنچ جائے.

المقریزی نے الامتاع میں لکھا ہے کہ مال غنیمت میں توریت کے جو نسخے ملے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو واپس دلا دیے.

[اس جنگ میں یہودی سردار حُیَیّ بن اَخْطَب کی بیٹی صفیہ بھی جنگی قیدیوں میں مسلمانوں کے ہاتھ آئیں۔ آپؐ نے انھیں حضرت دِحْیَہ کو بخش دیا، مگر پھر بعض صحابہ کے مشورے سے سات قیدیوں کے معاوضے میں انھیں واپس لے لیا اور عدت پوری ہونے تک حضرت ام سلمہ رضؓ کے پاس رکھا۔ صفیہ مسلمان ہو گئیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آزاد کرکے اپنی زوجیت میں لے لیا]۔ اس کا فوری اثر یہ ہوا مسلمان سپاہیوں کا برتاؤ اپنے نبیؐ کے سسرالیوں سے نرم ہو گیا۔ بظاہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد بھی نکاح سے یہی تھا۔ حضرت صفیہ رضؓ اپنے غیرمسلم میکے والوں سے ہمیشہ عزیزانہ سلوک کرتی رہیں اور وفات پر وصیت کی کہ ان کے متروکے کا ایک تہائی، یعنی ایک لاکھ درہم، ان کے غیر مسلم بھانجے کو دیے جائیں۔ بعض مسلمانوں نے مخالفت کی تو حضرت عائشہ رضؓ نے دخل دے کر وصیت کا نفاذ کرایا کہ اسلامی قانون ایسا ہی حکم دیتا

Marfat.com

ہے (ابن سعد: طبقات، ۸: ۹۱ تا ۹۲).

صلح ہو جانے اور یہودیوں کو اپنے باغوں میں آ جانے کی اجازت ملنے کے بعد بھی مسلمان سپاہی وہاں جا کر پھل، ترکاری چھیننے لگے اور شکایت آئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً روکا اور بتایا کہ اب وہ غیر کا مال ہے، جو بلا اجازت کھانا حرام ہے.

[فتح خیبر کے موقع پر ایک یہودی عورت زینب بنت الحارث (زوجۂ اسلام بن مِشْکَم) نے ایک بریاں بکری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی اور اس میں زہر ملا دیا ۔ آپ نے ایک لقمہ اٹھایا اور چبا کر تھوک دیا اور فرمایا کہ یہ زہرآلود ہے ۔ آپؐ کے ساتھ حضرت بشیر بن البراء بن معرور نے زہرآلود گوشت کھا لیا، جس کے اثر سے وہ مر گئے ۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی عورت کو بلا بھیجا ۔ اس نے جرم کا اقرار کر لیا، مگر اسے آپؐ نے قتل نہ کیا ۔ ایک اور روایت (الامتاع، ص ۳۲۲) میں آیا ہے کہ آنحضرتؐ نے اسے بشر کے رشتہ داروں کے حوالے کر دیا، جنھوں نے اسے قتل کر دیا] .

**مآخذ**: (۱) ابن ہشام: سیرۃ؛ (۲) ابن سعد: الطبقات؛ (۳) الطبری (ان تینوں کا اردو ترجمہ، مطبوعۂ جامعۂ عثمانیہ، موجود ہے)؛ (۴) الواقدی: المغازی؛ (۵) البلاذری: انساب الاشراف، ج ۱ (طبع مصر)؛ (۶) ابن کثیر: البدایۃ، ج ۴؛ (۷) محمد بن یوسف الشامی: سیرۃ (مخطوطات استانبول وغیرہ)؛ (۸) محمد حمیداللہ: الوثائق السیاسیۃ، باب خیبر؛ (۹) وہی مصنف: رسول اکرم کی سیاسی زندگی؛ (۱۰) وہی مصنف: عہد نبوی کے میدان جنگ؛ (۱۱) سلسلۂ جغرافیہ‌ہاے عرب، عدد ۱، ص ۲۱؛ (۱۲) ابن حوقل، ص ۲۸؛ (۱۳) المقدسی، ص ۸۳؛ (۱۴) الہمدانی، ص ۱۲۴ و ۱۳۰؛ (۱۵) البکری: معجم، ۱: ۱۳۳ تا ۳۳۳؛ (۱۶) یاقوت: معجم البلدان، بذیل مادہ؛ (۱۷) مراصد الاطلاع، ۱: ۶۷ تا ۷۷؛ (۸۱) السرخسی: شرح السیر الکبیر، بمواضع کثیرہ، نیز دیکھیے طبع جدید کا اشاریہ؛ (۱۹) السہیلی: الروض الانف، ج ۲، ذکر خیبر؛ (۲۰) L. Caetani: *Annali dell' Islam*، ۲/۱: ۸ تا ۳۳؛ (۲۱) N. Desverger: *Arabie*، ص ۱۷۷ تا ۱۸۰؛ (۲۲) Ch. M. Doughty: *Travels in Arabia Deserta*، لنڈن ۱۹۳۲ء، ۲: ۷۵، ۹۲، ۱۰۱، ۱۰۳ تا ۱۰۵، ۱۹۹؛ (۲۳) A. Sprenger: *Alte Geographie Arabiens*، ۱۸۷۵ء، ص ۱۵۳، ۲۰۴؛ (۲۴) K. S. Twitchell: *Agricultural Survey of Saudi Arabia*، جو عربی اور انگریزی دونوں میں چھپی ہے؛ [(۲۵) ابن حزم: جوامع السیرۃ، ص ۲۱۱ بعد؛ (۲۶) ابن القیم: زاد المعاد، ۲: ۳۲۴؛ (۲۷) ابن سید الناس: عیون الاثر، ۲: ۱۳۰؛ (۲۸) القسطلانی: المواہب، ۱: ۱۷۳؛ (۲۹) دیار بکری: تاریخ الخمیس، ۲: ۴۳؛ (۳۰) المقریزی: الامتاع، ص ۳۰۹] .

(محمد حمید اللہ [و ادارہ])

**خَیبر، دَرّہ**: مغربی پاکستان اور افغانستان⊗* کے درمیان شمالی راستہ، جو کابل سے پشاور کو جاتا ہے اور تقریباً تینتیس میل لمبا ہے ۔ اس کا وسطی حصہ ۳۴ درجے ۶ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۷۱ درجے ۵ دقیقے طول بلد مشرق پر واقع ہے ۔ [تاریخی اور عسکری اہمیت کے اعتبار سے یہ دنیا کا اہم ترین درّہ ہے ۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں متعدد اقوام یہاں سے گزر کر ہندوستان پر حملہ آور ہوئیں ۔ یہ ایک پیچ و خم کھاتی ہوئی تنگ سی گھاٹی ہے، جس کے دونوں جانب ۶۰۰ سے ۱۰۰۰ فٹ بلند پہاڑیاں دور دور تک پھیلی ہوئی ہیں ۔ پشاور سے دس میل کے فاصلے پر شروع ہو کر یہ درّہ تینتیس میل تک مسلسل چلا گیا ہے اور حدود افغانستان میں لوئی ڈکّہ کی وادی میں ختم ہو جاتا ہے ۔ پشاور سے سات میل مغرب میں رنجیت سنگھ [رک بہ پنجاب] کے سپہ سالار ہری سنگھ نلوا نے قلعۂ جمرود تعمیر کرایا تھا، جس سے تین میل آگے دفعۃً چڑھائی شروع ہو جاتی ہے اور پھر قلعۂ علی مسجد تک سطح بتدریج بلند ہوتی گئی ہے ۔ علی مسجد (۳۱۷۴ فٹ

Marfat.com

بلند) سے پانچ میل تک بلند پہاڑوں سے گھری ہوئی ایک تنگ گھاٹی ہے، جس کی چوڑائی کہیں بھی دو سو گز سے زیادہ نہیں ۔ موضع زِنتارہ کے قریب ایک بڑا قلعہ موجود ہے، جس کی دیواریں کچی اور برج بلند ہیں ۔ یہاں سے کم و بیش ایک میل تک وادی چوڑی ہوتی چلی گئی ہے اور دونوں طرف قلعے، دیہات اور زیر کاشت اراضی کے قطعات نظر آتے ہیں ۔ علی مسجد سے دس میل کے فاصلے پر لنڈی کوتل (۳۵۱۸ فٹ بلند) کا قلعہ اور چھاؤنی واقع ہے ۔ یہ درے کا بلند ترین مقام اور ایک اہم منڈی ہے ۔ یہاں موسم گرما میں درجۂ حرارت ۴۷ء۸ درجے سینٹی گریڈ (=۱۱۸ درجے فارن ہائیٹ) تک پہنچ جاتا ہے ۔ لنڈی کوتل سے شنواریوں کے علاقے سے گزر کر لنڈی خانہ پہنچتے ہیں، جہاں سے ایک اور گھاٹی شروع ہوتی ہے ۔ لنڈی کوتل سے ۶ میل دور طورخم کے مقام پر یہ درہ افغانستان کو جاتا ہے ۔ خیبر اور اس کے گرد و نواح میں زیادہ تر افریدی (رکّ باں) آباد ہیں ۔

پانچویں صدی ق م میں ایران کے شاہنشاہ داریوش اعظم نے کابل فتح کرنے کے بعد درۂ خیبر کے راستے ہندوستان کا رخ کیا تھا ۔ [دو صدی بعد سکندراعظم کا حملہ ہوا] ۔ سکندر خود تو دریاے کابل کو عبور کرکے وادی کُنہار اور وہاں سے باجور اور سوات میں داخل ہوا، لیکن اس نے اپنی فوج کے ایک حصے کو ہفستیون Hephaestion اور پرڈیکس Perdiccas کی قیادت میں درۂ خیبر کے راستے روانہ کیا ۔ [اشوک کے عہد میں موریا سلطنت کی عملداری میں افغانستان بھی شامل تھا، چنانچہ خیبر کے علاقے میں بھی بدھ مت کو بڑا فروغ حاصل ہوا ۔ اس مذہب کے کئی آثار آج بھی یہاں نظر آتے ہیں، مثلاً کافر کوٹ، شوپلا ستوپا (=خیبر ٹوپ) اور علی مسجد کے قریب ایک ستوپا ۔ ایک دو صدی تک یہاں یونانی، باختری نسل کے لوگوں کی متعدد ریاستیں قائم رہیں ۔ عہد اسلامی میں ہندوستان پر حملے کے لیے یہ راستہ کئی بار استعمال ہوا] ۔ محمود غزنوی کا گزر اس درے سے صرف ایک بار ہوا، جب وہ جےپال سے مقابلہ کرنے کے لیے وادی پشاور میں آیا تھا ۔ امیر تیمور ۱۳۹۸ء میں ہندوستان پر حملہ کرتے وقت اور ۱۳۹۹ء میں واپس جاتے ہوے یہاں سے گزرا تھا ۔ ۱۵۲۵ء میں بابر نے بھی اسی راستے سے ہندوستان پر یلغار کی ۔ ھمایوں کابل پر قبضہ کرنے کے بعد اپنی سلطنت کی بازیابی کی خاطر اسی درے سے ہندوستان واپس آیا تھا ۔ اکبر اور اس کے جانشین پنجاب سے کابل جانے کے لیے برابر یہ راستہ استعمال کرتے رہے ۔ جلال آباد کا قلعہ پہلی بار ھمایوں نے تعمیر کرایا، مگر اس کا نام [جلال الدین محمد] اکبر کے نام پر پڑا ۔ اس درے پر عہد مغلیہ ھی سے افریدیوں کا قبضہ رہا ہے، جو فطرۃً آزادی پسند ہیں اور بیرونی مداخلت کو سخت نا پسند کرتے ہیں ۔ اکبر کے زمانے میں جب اس علاقے میں فرقۂ روشنیہ [رکّ باں] کو فروغ حاصل ہونے لگا تو افریدی، یوسف زئی اور دوسرے قبائل کے بعض لوگوں نے بھی روشنیہ عقائد اختیار کر لیے ۔ اکبر کے چھوٹے بھائی اور کابل کے حاکم مرزا محمد حکیم کی وفات کے بعد ۱۵۸۶ء میں راجا مان سنگھ نے شہنشاہ کی طرف سے کابل پر قبضہ کرنے کے لیے چڑھائی کی اور اسے بھی اسی درے سے گزرنا پڑا ۔ یہ ایک ایسی مہم تھی جو بڑی دشواری سے سر ہوئی اور فرقۂ روشنیہ کو دبانے اور قابو میں لانے کے لیے بہت خونریزی سے کام لینا پڑا، اس پر روپیہ بھی بہت صرف ہوا ۔ ۱۶۷۲ء میں قبائل نے کابل کے صوبے دار محمد امین خاں اورنگ زیبی پر درۂ خیبر میں حملہ کرکے اس کی چالیس ہزار فوج تباہ کر دی اور عورتوں اور بچوں کو گرفتار کرنے کے علاوہ شاہی خزانے اور ہاتھیوں پر بھی قبضہ کر لیا ۔

نادر شاہ نے کابل کے مغل صوبے دار ناصر خاں پر حملہ کرنے کے لیے اس درے سے گزرنا چاہا تو قبائلیوں نے اس کا مقابلہ کیا، مگر وہ اپنے

Marfat.com

رسالے سمیت بازار پہنچ گیا اور ناصر خان پر آناً فاناً حملہ کرکے اسے جمرود کے قریب شکست دی۔ نادر شاہ کے بعد پنجاب پر حملہ کرتے وقت احمد شاہ دُرّانی اور (اس کے پوتے) شاہ زمان نے بھی کئی باز اس درے کو عبور کیا۔ [انیسویں صدی کے اوائل میں رنجیت سنگھ کی حدود سلطنت جمرود تک پہنچ گئیں۔ دوست محمد خان، امیر کابل، نے جمرود کے قریب سکھوں کو شکست بھی دی تھی۔ بہرحال اس علاقے کے قبائلیوں کو نظم و نسق کا پابند رکھنا ہمیشہ سے بڑا کٹھن مسئلہ رہا ہے]۔

برطانوی حکومت نے پہلی بار اس درے کو ۱۸۳۹ء میں استعمال کیا [جب کرنل کلاڈ ویڈ Claud Wade شہزادۂ تیمور کو پشاور کے راستے کابل لے کر گیا تھا، درۂ خیبر میں انگریزی فوج کو متعدد بار سخت تباہی اور مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ افغانستان کے خلاف پہلی جنگ میں قبائلیوں سے اس کی کئی بار جھڑپیں ہوئیں۔ ۱۸۷۸ء میں سرنیول چیمبرلین Naville Chamberlane کے سفارتی وفد کو علی مسجد کے قریب روک لیا گیا، جس کے شاخسانے میں دوسری جنگ افغانستان چھڑ گئی۔ اس کا خاتمہ صلح نامۂ گندمک (۱۸۷۹ء) پر ہوا، جس کی رو سے درے کی دیکھ بھال اور قبائلی علاقے کا نظم و نسق برطانوی حکومت کے سپرد ہوا۔ ۱۸۹۷ء میں افریدیوں نے ایک بار پھر درے پر قبضہ کر لیا اور انگریزی فوج کئی ماہ کی جد و جہد کے بعد اپنے قدم دوبارہ جما سکی۔ اس کے بعد یہاں تجربہ کار پولیٹیکل افسر مقرر کیے گئے اور ان کی مدد کے لیے خیبر رائفلز کے نام سے افریدیوں کی ایک فوج انگریز افسروں کی ماتحتی میں تشکیل ہوئی۔ تیسری جنگ افغانستان (۱۹۱۹ء) کے بعد یہ فوج توڑ دی گئی اور اس کی جگہ مقامی خاصہ داروں نے لے لی، جو حکومت سے تنخواہ پاتے تھے، لیکن اپنے لیے اسلحہ وغیرہ انھیں خود ھی مہیا کرنا پڑتا تھا۔ قبائلی علاقے (خیبر ایجنسی) کے نظم و نسق کا سربراہ پولیٹیکل ایجنٹ ھوتا تھا]۔ یہ انتظام بھی مکمل طور پر قابل اطمینان نہ رہا، تاہم سابقہ انتظامات سے بہرصورت بہتر تھا۔

[۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کے بعد درۂ خیبر اور اس کے نواحی علاقے میں بڑی خوشگوار تبدیلی رونما ہوئی۔ برطانوی حکومت نے یہاں جابجا چھاؤنیاں قائم کر رکھی تھیں اور "فارورڈ پالیسی" (Forward Policy) کے پیش نظر وقتاً فوقتاً ان کے علاقوں میں جارحانہ اقدامات کرتی رہتی تھی۔ اس رویے کے باعث پٹھانوں نے ہمیشہ انگریزوں کو اپنا دشمن سمجھا؛ چنانچہ انھیں جب بھی موقع ملتا، ان کی چھاؤنیوں اور فوجی قافلوں پر حملہ آور ھوتے رہتے۔ آزادی کے بعد حکومت پاکستان نے ایک طرف تو قبائلیوں پر کلّی اعتماد کرکے انگریزی دور کی ان تمام فوجوں کو واپس بلا لیا جو قبائلیوں پر بندوقیں تانیں کھڑی رہتی تھیں، دوسری طرف قانون ساز اسمبلیوں کے ارکان منتخب کرنے کے لیے انھیں حق رائے دہی دے کر پاکستان کے دوسرے شہریوں کے مساوی درجہ دے دیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ قبائلیوں نے بھی نہ صرف پاکستانی علاقوں پر حملے کرنا ترک کر دیے، بلکہ پاکستان کی حفاظت پر کمر بستہ ھو گئے۔ انھوں نے رضاکارانہ طور پر پاکستان سے اظہار وفاداری کیا اور اس کی حکومت کو اپنی حکومت سمجھا، یہاں تک کہ وہ کشمیر کے مسلمانوں کی آزادی کے لیے سربکف ھو کر لڑے (۱۹۴۸ء) اور جب افغانستان نے یہاں شورش پیدا کرنا چاھی تو اس کی تخریبی کارروائیوں کا سدّ باب کرنے میں حکومت سے پورا تعاون کیا (۱۹۶۰ء)۔

۱۹۶۱ء کی مردم شماری کی رو سے خیبر ایجنسی کی آبادی ۳۰۱۳۱۹ اور اس کا رقبہ ۹۹۵ مربع میل ہے۔ اس علاقے میں صحت اور تعلیم کا معیار روز بروز بلند ہو رہا ہے اور تجارتی سرگرمیاں فروغ پا رھی

marfat.com
Marfat.com

ہیں ۔ لنڈی کوتل کو اب ایک بڑی پُر رونق تجارتی منڈی کی حیثیت حاصل ہو چکی ہے] ۔

مآخذ : (۱) الطبری، طبع ڈخویہ؛ (۲) میر خواند : روضة الصفا؛ (۳) منہاج سراج : طبقات ناصری، مترجمۂ Raverty؛ (۴) شرف الدین یزدی : ظفر نامہ؛ (۵) بابر : بابر نامہ، طبع Beveridge، سلسلۂ یادگار گب، ج ۱، بمدد اشاریہ؛ (۶) ابوالفضل : اکبر نامہ؛ (۷) جہانگیر : توزک جہانگیری، ترجمۂ Rogers، طبع Beveridge، لنڈن ۱۹۰۹ء، بمدد اشاریہ؛ (۸) عبدالحمید لاہوری : بادشاہ نامہ؛ (۹) خافی (خوافی) خان : منتخب اللباب، طبع کبیرالدین احمد، نیز طبع T.W. Haig، بمدد اشاریہ : (۱۰) N. Manucci : *Storia do Mogor*، مترجمۂ Irvine : (۱۱) *Imperial Gazetteer* : (۱۲) *The Cambridge History of India*، ج ۱؛ [(۱۳) *Encyclopaedia Britannica*، طبع ۱۹۶۹ء، ج ۱۳، بذیل مادّہ؛ (۱۴) *Pakistan Year Book 1969*، کراچی ۱۹۶۹ء؛ (۱۵) میر عبدالصمد خان : خوشحال و اقبال، طبع پشاور؛ (۱۶) سید ہاشمی فریدآبادی : تاریخ پاکستان و بھارت، مطبوعۂ کراچی] ۔

(T.W. Haig [و ادارہ])

* ⊗ **خیر آباد** : [بھارت میں اُتّر پردیش کے] ضلع سیتاپور کا ایک قصبہ ہے، جس کی آبادی ۱۹۰۱ء میں ۱۳,۷۷۴ تھی۔ پہلے اسے بہت اہمیت حاصل تھی۔ کہا جاتا ہے اسے خیرا نامی ایک پاسی نے گیارھویں صدی میں آباد کیا تھا، لیکن اغلب یہ ہے کہ مسلمانوں نے ایک پرانے شہر کو، جو اس جگہ واقع تھا، اس نام سے موسوم کیا ہو۔ قدیم شہر کا نام مساچھترا Masachchatra بتایا جاتا ہے۔ یہ قدیم زمانے کا ایک متبرک مقام تھا۔ یہاں بہت سے مندر اور مسجدیں پائی جاتی ہیں، جن میں سے بعض اکبر [رک بآں] کے زمانے کی ہیں۔ ۱۸۶۹ء سے یہاں میونسپلٹی قائم ہے۔ سیتاپور کی اہمیت بڑھ جانے سے یہاں کی تجارت کو نقصان پہنچا، مگر پھر بھی روزانہ منڈی لگتی رہی اور چھوٹے پیمانے پر سوتی کپڑے چھاپنے کی صنعت نے بھی فروغ پایا ۔

اکبر کے زمانے میں خیرآباد کی سرکار میں ۲۲ محال یا پرگنے تھے، مگر اب ان میں سے بعض کھیری اور ہردوئی کے اضلاع میں شامل ہیں ۔ اس پرگنے میں ملک کا جنوبی حصہ، جو گونڈ اور زریان ندیوں کے درمیان واقع ہے، شامل تھا ۔ شمال میں اس کی حد بندی ہرگرام سے ہوتی ہے؛ مشرق میں لکڑپور اور بسوان سے، مغرب میں سیتا پور اور رام کوٹ سے، جنوب میں مچھریہتا سے اور جنوب مشرق میں پیرنگر سے ۔ پورا جنوبی نصف پرگنہ اونچی سطح زمین پر واقع ہے، جس کی مٹی زرخیز ہے ۔ یہاں ندی نالوں کے ذریعے کھیتوں کی آبیاری ہوتی ہے، جس کی وجہ سے عمدہ قسم کے گیہوں کی فصل تیار ہوتی ہے ۔ سڑک کے شمال میں سیتاپور سے خیرآباد تک اور خیرآباد سے بسوان تک زمین نشیبی ہے ۔ مٹی زیادہ سخت ہے ۔ بہت سی جھیلوں اور ندی نالوں کی وجہ سے وہاں سیلاب آ جاتا ہے ۔ بہرحال عام طور پر کاشت کی حالت زیادہ اچھی نہیں ، زیادہ تر کاشتکار کسانوں کے زیریں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں ان کے پاس خاصی بڑی اراضی ہے، لیکن مویشیوں کی حالت ابتر ہے ۔ بہت سے زمیندار حد درجہ مقروض ہیں ۔ آبپاشی کے باقاعدہ ذرائع کم ہیں ۔

[خیر آباد عہد اسلامی میں علم و ادب کا مرکز رہا ہے ۔ یہاں کا مدرسۂ قدیمہ فرخ سیر کے عہد میں حاجی صفت اللہ محدث (م ۱۱۵۷ھ) نے قائم کیا تھا، جسے ان کے بعد ان کے بیٹے مولوی احمد اللہ نے جاری رکھا ۔ علما کے ایک سلسلے کو خیرآباد سے نسبت حاصل ہے ۔ اس کے مؤسس فرنگی محل کے نامور عالم ملّا کمال الدین کے مشہور شاگرد ملّا محمد اعلم فاروق سندیلوی (م ۱۱۹۸ھ) تھے ۔ اس سلسلے کی ایک ممتاز شخصیت مولانا فضل امام خیرآبادی (م ۱۲۴۳ھ)، صاحب آمد نامہ، دہلی کے صدرالصدور تھے ۔ ان کے بیٹے مولانا فضل حق معقولات کے بڑے عالم تھے ؛ انھوں نے فلسفے

Marfat.com

میں ہدیۂ سعیدیہ اور شرح ہدایۃ الحکمۃ وغیرہ کتابیں تالیف کیں ۔ ۱۸۵۷ء کے خونیں انقلاب میں انھیں گرفتار کرکے انڈمان [رک باں] بھیج دیا گیا، جہاں ۱۲۷۸ھ میں انھوں نے وفات پائی ۔ ان کے تلامذہ میں سے: (۱) ان کے بیٹے مولانا عبدالحق نے رام پور میں (۲) مولانا برکات احمد نے ٹونک میں اور (۳) مولانا ہدایت اللہ نے جونپور کے مدرسۂ شیخ امام بخش میں علم و فضل کی مجلسیں آراستہ کیں ۔ خیرآباد اپنی ادبی سرگرمیوں کے باعث بھی مشہور رہا ہے ۔ یہاں کے ایک اردو شاعر ریاض خیرآبادی نے "خمریات" میں بہت ممتاز مقام پیدا کیا].

**مآخذ:** (۱) H.R. Nevill : *District Gazetteer of the United Provinces of Agra and Oudh*، ۳۰ : ۱۲۵ و ۱۲٦؛ (۲) Hunter : *Imperial Gazetteer*، ۱۵ : ۲۰۷؛ [(۳) سید سلیمان ندوی: حیات شبلی، اعظم گڑھ ۱۹۴۳ء، ص ۲۲، ۲۳؛ (۴) انتظام اللہ شہابی: تاریخ ملت، ۱۱ : ۱۸۱، ۲٦۴؛ (۵) میر غلام علی آزاد بلگرامی: مآثرالکرام، ۱ : ۳۰۱].

(ہدایت حسین [و ادارہ])

* **خَیرُاللہ اِفَنْدِی:** ایک اہم ترکی مؤرخ ۔ قسطنطینیہ میں ایک ایسے خاندان میں پیدا ہوا، جو ۱٦۰ سال سے لگاتار سلاطین کی ملازمت سے وابستہ رہا تھا؛ باپ کا نام عبدالحق افندی (م - ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۳ - ۱۸۵۴ء) اپنے زمانے کا بہت مشہور شخص تھا ۔ یہ (عبدالحق افندی) ایک عالم دین اور طبیب تھا؛ اسے تین بار رئیس الاطباء مقرر کیا گیا ۔ ۱۲٦۹ھ سے اسے رئیس العلما کا اعزازی خطاب حاصل رہا ۔ خیراللہ نے اپنے باپ کے نقش قدم پر چل کر ایک فقیہ کی زندگی اختیار کی ۔ سب سے پہلے وہ سمرنا کا "ملّا" (۱۲۵۸ھ/۱۸۴۲ء میں) مقرر ہوا، بعد میں اس نے سائنس، طب اور تعلیم کے محکموں کی طرف رجوع کیا ۔ ۱۲٦۵ھ میں وہ مجلس تعلیم کا، پھر مجلس زراعت کا رکن اور "انجمن دانش" کا دوسرا صدر مقرر ہوا ۔ اس کے بعد بہت سے علمی اداروں کا صدر مقرر ہوا اور نوتشکیل یافتہ وزارت تعلیم میں اعلی عہدوں پر فائز رہا ۔ طب کے مدرسے کا بہت دنوں صدر رہا ۔ ۱۲۸۱ھ/۱۸٦۴ء میں اسے سفیر بنا کر تہران بھیجا گیا، جہاں وہ اچانک ۱۲۸۳ھ/۱۸٦٦ء میں انتقال کر گیا .

اس کے بیٹوں کے نام عبدالحق حامد (جو ترکیۂ جدید کا بہت اہم شاعر اور ڈراما نویس ہے) اور عبدالخالق نصوحی ہیں ۔ ان دونوں نے سفیر اور ایلچی کی حیثیت سے ملک کی خدمات سرانجام دی ہیں.

خیراللہ نے متعدد تاریخی، جغرافیائی، طبی، سائنسی اور زراعت سے متعلق کتابیں تصنیف کیں؛ مؤخرالذکر زیادہ تر ترجموں پر مشتمل ہیں ۔ ان میں سے بعض طبع بھی ہوئیں، جیسے مسائل حکمت، بیت دهقانی، اوروپہ سیاحت نامہ سی، یعنی یورپ کا سیاحت نامہ؛ مگر اس کی شہرت اور اہمیت تاریخ نویسی کی بدولت ہے ۔ وقائع مصریہ کے علاوہ اس نے ایک تاریخ بھی لکھی، جس کے لیے اس نے بہت وسیع پیمانے پر اہتمام کیا ۔ یہ دولت عثمانیہ کی تاریخ ہے، جس کا نام "دولت عالیۂ عثمانیۂ تاریخی" ہے ۔ یہ اس زمانے میں لکھی گئی جب کہ ملک کے مؤرخ احمد جودت [رک باں] نے ایک تاریخ بارہ جلدوں میں مرتب کی تھی، جس میں ۱۷۷۴ء سے ۱۸۲٦ء تک کا زمانہ آ جاتا ہے .

خیراللہ افندی کا مقصد بظاہر پوری تاریخ ترکیہ کو ایک مسلسل تصنیف کی صورت میں مرتب کرنا تھا ۔ یہ پہلا ترکی مؤرخ ہے جس نے یہ امر پیش نظر رکھ کر کہ ترکیہ کی تاریخ کو دنیا کی تاریخ میں کیا حیثیت حاصل ہے، تحقیق کی اور ایک جامع تاریخ مرتب کر دی ۔ یہ دوسرے عثمانی مؤرخین کی تاریخوں سے مختلف تھی جو اپنے آپ کو صرف ترکی ذرائع، حالات اور واقعات تک ہی محدود رکھتے تھے ۔ گویا یہ پہلا شخص تھا جو کسی حد تک ایک تاریخ عمومی، یعنی تاریخ عالم لکھنے میں کامیاب ہوا ۔ von Hammer-

Marfat.com

Purgstall کی Geschichte des osmanischen Reiches کے سوا، اس نے جو مصادر استعمال کیے، وہ تقریباً سب فرانسیسی ھیں ۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ وہ خارجی یا غیر ترکی ناموں کو اس طرح استعمال کرتا ہے جس طرح ان کا فرانسیسی زبان میں تلفظ ھوتا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایسے ترکی مآخذ بھی استعمال کرتا ہے جنھیں اس سے پہلے کسی اور نے استعمال نہیں کیا تھا ۔

اس تاریخ کا مقدمہ جامع ہے، جس میں سلطنت عثمانیہ کی ابتدائی تاریخ دی ہے، جو عثمان اول کے زمانے سے پہلے کی ہے ۔ اس کے بعد کتاب کی ترتیب یہ ہے کہ ہر ایک سلطان کے عہد کے لیے ایک جلد مختص کی گئی ہے ۔ ساتھ ھی ساتھ ہم عصر مسلمان اور عیسائی حکمرانوں کے حالات کا جائزہ بھی لیا گیا ہے ۔ دوسرے ابتدائی مؤرخین کے غیر سہل اسلوب کے مقابلے میں اس کی زبان سادہ اور قابل فہم ہے ۔ اس کی تاریخ بھی اس کے پیش رو مؤرخین کے مقابلے میں قابل تعریف حد تک ممتاز ہے ۔ خیراللہ کے ھاں بھی، دوسرے مسلم مؤرخین کی طرح تعصب بالکل نہیں پایا جاتا اور نہ مسلم اقوام کے تمدن اور حالات کے متعلق ھی کسی مذھبی نفرت کا اظہار کیا گیا ہے ۔

اس کی تاریخ کی کل پندرہ جلدیں (۱۲۷۱ھ/ ۱۸۵۴ء تا ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء) شائع ھوئیں، جو عثمان اول کے عہد سے احمد اول (۱۶۰۴ - ۱۶۱۷ء) کے زمانے تک کے حالات سے متعلق ھیں ۔ بعد کی تاریخ لکھنے کے لیے اسے زندگی نے مہلت نہ دی ۔ پھر علی شوق نے جو "دیوان احکام عدلیہ" میں ناظر تھا، یہ تاریخ مکمل کرنے کی کوشش کی، جس کا بمشکل نصف حصہ ھی خیراللہ لکھ پایا تھا، مگر صرف تین مزید جلدیں ۱۶ تا ۱۸ (۱۲۸۹ھ/ ۱۸۷۲ء تا ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء) شائع ھوئیں ۔ ان سے یہ تاریخ سلطان ابراھیم (۱۶۳۹ء تا ۱۶۴۸ء) کے زمانے تک پہنچ گئی ۔

**مآخذ** : (۱) خود خیراللہ کی تاریخ، ۱: ۲ و ۱۶؛ ۳: (۲) احمد رفعت : الرّوضة العزیزیة، قسطنطینیہ ۱۲۸۲ھ، ص ۱۸۱ و ۲۰۵ : (۳) جمال الدین: عثمانلی تاریخ و مؤرخ لری، قسطنطینیہ ۱۳۱۴، ص ۱۲۵؛ (۴) سامی : قاموس الاعلام، ۳ : ۲۲۷۴؛ (۵) ثریّا : سجلّ عثمانی، ۲ : ۳۱۹؛ (۶) v. Hammer-Purgstall: *Bericht über die zu Konstantinopel in Druck erscheinende Geschichte des osmanischen Reiches von Chairullah Efendi*، در *S.B. Ak. Wien*، Phil. hist Klasse، ۱۲ : ۵۳۳؛ (۷) O. von Schlechta-Wsschrd : *Ausführl. Bericht über die in Konstantinopel erschienenen orientalischen Werke*، *S.B. Ak. Wien*، ۱۳ : ۷۷، عدد ۲۹۹؛ ۱۷ : ۱۶۹، عدد ۳۰۸؛ ۲۰ : ۳۶۱، عدد ۳۰۹؛ ۲۶ : ۳۴۴، عدد ۳۱۹ ۔

(TH. MENZEL)

⊗ **خَیرپُور** : پاکستان کے صوبۂ سندھ کا ایک شہر اور اسی نام کی قسمت (رقبہ ۲۰۲۹۳ مربع میل؛ آبادی ۱۹۶۱ءمیں ۳۱۳۴۷۱۲) اور ضلع (رقبہ ۶۰۱۸ مربع میل؛ آبادی ۱۹۶۱ء میں ۷۲۱۳۷۴) کا صدر مقام ۔ مغربی پاکستان میں ریاستوں کے ادغام (رک بہ پاکستان) سے پہلے یہ خیرپور (میرس) کا دارالحکومت تھا ۔ اس ریاست کی تاریخ کا آغاز ۱۱۹۸ھ/۱۷۸۳ء میں ھوتا ہے جب کلھوڑہ خاندان کے خاتمے کے بعد تالپور بر سر اقتدار آئے ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تالپور قبیلے کا مورث اعلٰی ثالہ (طلحہ ؟) حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کی اولاد میں سے تھا، جو دسویں صدی ھجری میں بلوچستان آیا اور سو ڈیڑھ سو برس میں اس قبیلے کے افراد نے وسط سندھ میں اپنی کئی بستیاں بسا لیں ۔ ان کے تین سرداروں نے کلھوڑوں کی حکومت کا تختہ الٹ کر سندھ کو آپس میں تقسیم کر لیا اور میر فتح علی خاں نے حیدرآباد (سندھ) میں، میر ٹھارا خاں نے میرپور خاص میں اور میر سہراب خاں نے خیرپور میں اپنا صدر مقام قائم کر لیا ۔ یہ حکمران عصری تاریخوں

Marfat.com

میں ''میران سندھ'' کے نام سے موسوم ہیں - ریاست خیرپور کی حدود ابتدا میں خیرپور کے شہر اور اس کے مضافات پر مشتمل تھیں، لیکن سہراب خان نے انھیں شمال میں کاشمور، مشرق میں جیسلمیر اور مغرب میں گنڈاوا تک وسعت دی .

سندھ پر ایسٹ انڈیا کمپنی کی نظر مدت سے لگی ہوئی تھی - ۱۸۰۹ء میں میران سندھ نے کمپنی کو دریاے سندھ کے راستے اپنا مالِ تجارت گزارنے کی اجازت دی تھی، اور انگریزوں نے وعدہ کیا تھا کہ وہ سندھ میں کسی قسم کی فوجی کارروائی نہیں کریں گے، نہ یہاں فوجی ساز و سامان لائیں گے؛ پھر ۱۸۳۳ء میں ایک اور معاہدے کی رو سے قرار پایا تھا کہ فریقین ایک دوسرے کے علاقے پر لالچ کی نظر نہیں ڈالیں گے، لیکن اس قول و قرار کے باوجود ۱۸۳۸ء میں جب افغانستان پر فوج کشی ہوئی تو کمپنی کا انگریزی لشکر سندھ سے جبراً گزرا اور کئی شہروں پر اس نے قبضہ کر لیا - ۱۸۴۳ء میں وائسراے ایلن برا نے چارلس نیپئر کو مختار کار بنا کر سندھ بھیجا جس نے سندھ پر قبضہ کرنے کے لیے میران سندھ کے سامنے نہایت ناواجب مطالبات پیش کر دیے - حیدرآباد اور میرپور کے حکمرانوں نے اپنی آزادی کے تحفظ کے لیے ہتیار اٹھا لیے، لیکن میر علی مراد، والی خیرپور انگریزوں کا معاون بن گیا - ۱۲۵۸ھ/۱۸۴۳ء میں میانی اور دبو کے معرکوں میں دور مار توپوں کی مدد سے سندھی فوج کو تہس نہس کر دیا گیا - سندھ کو کمپنی کی مملکت میں شامل کر لیا گیا - خیرپور کی ریاست حکومت بمبئی کے زیر حفاظت قائم رہی، تاہم اس کے کچھ علاقے چھانٹ دیے گئے - ریاست خیرپور کا رقبہ ۵۸۸۹ مربع میل اور ۱۹۴۱ء میں اس کی آبادی ۳۰۵۷۸۷ تھی .

شہر خیرپور دریاے سندھ سے ۱۰ میل مشرق میں ایک نہر کے کنارے آباد ہے - اس کا ریلوے سٹیشن کوٹڑی ہے جو روہڑی برانچ پر سکھر سے ۲۰ میل جنوب میں واقع ہے - ۱۹۴۱ء میں اس کی آبادی ۱۷۵۱۰ تھی - یہاں کی صنعتوں میں پارچہ‌بافی، قالین‌بافی، اسلحہ‌سازی اور زیورات سازی قابل ذکر ہیں - یہ تیل کے بیج کی بڑی منڈی ہے .

**مآخذ :** (۱) E.A. Langley : *Narrative of a Resident at the Court of Mir Ali Murad*، لنڈن ۱۸۶۰ء؛ (۲) *Sind Gazetteer*، ۱۸۷۶ء؛ (۳) *Imperial Gazetteer of India*، ۱۹۰۴ تا ۱۹۰۹ء؛ (۴) سید ہاشمی فریدآبادی : تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت، کراچی ۱۹۵۳ء، ۲: ۸۱ ببعد، ۲۵۱ ببعد؛ (۴) *Pakistan Year Book 1969*، کراچی ۱۹۶۹ء؛ (۵) وآ، طبع لائڈن، بار اول، بذیل مادّہ .

[ ادارہ ]

**خیرالدین (بَرْبَروسہ) :** [=باربروس، باربروسہ]، مشہور ترکی امیرالبحر اور الجیریا کا بیگلربیگی [رک بآں] (=بیلرْبای، بیلربے) اور عُرُوج [رک بآں] کا بھائی تھا - ہائڈو Haëdo کے بیان کے خلاف یہ وہ شخص ہے جس کا ذکر بربروسہ Barberousse، باربروسا Barbarossa، اینوباربوس Aenobarbus کے لقب سے فرانسیسی دربار کی سفارتی کارروائیوں اور کاغذات میں آیا ہے - اس کی پیدائش مِتلّین Metellin میں ۸۸۸ھ/۱۴۸۳ء کے قریب ہوئی - شروع میں اس نے اپنے بھائی کے ماتحت بحری مہموں میں شرکت کر کے بہادری اور ہوشمندی کے کارناموں میں بہت نام پیدا کیا - جب عُرُوج نے تلمسان کے خلاف حملہ کیا تو اس نے اپنے بھائی کو الجزائر [رک بآں] کا گورنر بنا دیا، جہاں اس نے تھوڑے ہی دن پہلے قبضہ کیا تھا - جب عُرُوج کی موت کی خبر آئی تو خیر الدّین کو اس کے ساتھیوں نے اتفاق راے سے عُرُوج کا جانشین چن لیا، مگر فوراً ہی اسے سخت نازک صورتِ حال سے دو چار ہونا پڑا - شرشال اور تِنِس (Ténès) کے شہروں میں بغاوت ہو گئی - کُوکو (Kūko)

Marfat.com

کے بادشاہ ابن القاضی کے قبائل Kabyls نے ساتھ چھوڑ دیا ۔ تلمسان کے حکمران ابو حمو نے شِلِف کی وادی پر حملہ کر دیا اور بالآخر الجزائر والوں نے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا ۔ اتنے مخالفین سے بیک وقت نپٹنا بربروسہ کی فوج کے لیے ممکن نہ تھا، اس لیے اس نے قسطنطینیہ کے سلطان سلیم سے مدد طلب کی اور اس نے یہ وعدہ کیا کہ جو ملک اس کے بھائی نے فتح کیے ہیں، ان کی طرف سے سلطان کو عہد وفاداری یا حلف اطاعت پیش کیا جائے گا اور خراج بھی ادا کیا جائے گا ۔ سلطان نے اسی زمانے (۱۵۱۷-۱۵۱۸ء) میں مصر فتح کیا تھا اور اب اس نے اپنی حکومت کا حلقۂ اثر بحر روم کے ساحل تک پھیلانے کے لیے یہ موقع غنیمت سمجھا ۔ اس نے خیرالدین کا حلف اطاعت (عہد وفاداری) قبول کیا اور اسے پاشا اور بیگلربیگی کے اعزاز سے نوازا [رک بہ بیگ اور بیگلربیگی] اور الجزائر کی طرف دو ہزار فوج اور توپ خانہ بھیجا اور ایسے رضاکاروں کو بھرتی کرنے کی اجازت دی جن کو اس نے ینی چری [رک باں] جیسے حقوق اور رعایتیں عطا کیں ۔ اس طرح سے بربروسہ کے ماتحت چار ہزار ترک (یا اهل الشرق) آگئے اور یہ الجزائر کی فوج یا اوجق *odjak* کہلائے ۔

اس کمک کے آنے سے خیرالدین کو ان خطروں کا مقابلہ کرنے کا موقع مل گیا جو اس کو گھیرے ہوئے تھے ۔ الجزائر والوں کی ایک سازش، جس میں انھوں نے یہ طے کیا تھا کہ اهل قبائل کے ساتھ مل کر بحری بیڑے کو آگ لگا دیں گے اور ترکوں کو قتل کر ڈالیں گے، ختم کر دی گئی اور اس سازش کے سرغنوں کو قتل کر کے ان کے سر پاشا کے محل کے دروازوں پر لٹکا دیے گئے ۔ ھسپانوی فوج جو اوگوڈی مون کیڈ Ugode Moncade کے ماتحت تھی، پسپا کر دی گئی ۔ حَرّش (الحرّاش) کے دہانے پر جو عیسائی اتر آئے تھے، انھوں نے کدیۃ الصابون کی بلندیوں پر اپنے قدم جما لیے اور شہر پر گولے برسانے لگے ۔ بربروسہ نے انھیں کمین گاھوں سے باھر نکالنے کی غرض سے ان کے ساحل والے جہازوں پر حملہ کر کے مجبور کر دیا کہ وہ لنگر اٹھا لیں (۱۵۱۹ء) ۔ اس کے برعکس مشرق میں قسمت نے اس کا بہت کم ساتھ دیا ۔ ایک تونسی فوج الجزائر کی طرف بڑھ رہی تھی ۔ بربروسہ نے ارض قبائل میں، جو فِلسّت اُمّلِیل Flissat Umellil کے علاقے میں تھا، ان کا مقابلہ کیا ۔ جنگ کے دوران میں سلطان کُوکُو Kūko کو خفیہ طور پر حفصی سلطان نے ساتھ ملا لیا اور وہ ترکوں کا ساتھ چھوڑ کر ان کی مخالفت پر کمر بستہ ہو گیا جس سے ترکوں کو تباہی کا سامنا کرنا پڑا ۔ بربروسہ کے لیے الجزائر واپس آنے کا راستہ مسدود تھا، اس لیے اس نے جیجل [رک باں] میں پناہ لی ۔ اس اثنا میں قبائلیوں نے متیجہ کو تباہ کر کے الجزائر پر قبضہ کر لیا اور ادھر شرشال اور تِنِس نے بھی بغاوت کر دی (۱۵۲۰ء) ۔

جیجل میں پناہ لینے کے بعد خیرالدین فوج کو پھر سے ترتیب دینے لگا اور وسائل قوت جمع کرنا شروع کیے ۔ ساتھ ھی بحری مہموں کا آغاز از سر نو کر دیا؛ اور ۱۵۲۰ سے ۱۵۲۵ء تک بحر روم کے مغربی ساحل کی آبادی پر ترکتازی کر کے بہت سی دولت حاصل کی ۔ بہت سے مہم باز بھی اس کے ارد گرد جمع ہو گئے ۔ تھوڑے ھی دنوں میں وہ اس قابل ہو گیا کہ کُولو (۱۵۲۱ء میں)، بونہ (۱۵۲۲ء میں) اور قسطنطینیہ پر قبضہ کر لے ۔ اس نے قبائل صغرٰی کے باشندوں کی مدد بھی حاصل کر لی، جو بنو عباس کے سردار عبدالعزیز کی بدولت میسر آئی ۔ یہ کُوکُو Kūko کے سلطان کا مدّمقابل تھا ۔ اس طرح ۱۵۲۵ء میں وہ القاضی کے خلاف جارحانہ کارروائی کرنے کے قابل ہو گیا ۔ القاضی وادی بگدورا (بقدورہ) Wādi Bugdura میں شکست کھا کر اور پھر درۂ بنو عائشہ پر بھی شکست خوردہ ہو کر خود اپنے سپاھیوں کے ہاتھوں قتل ہوا ۔ متیجہ اور

marfat.com
Marfat.com

الجزائر پر ترکوں نے پھر سے قبضہ کر لیا ۔ تیُنس اور شرشال کے باغی سردار قتل کر دیے گئے اور قسنطینہ کے باشندوں کو، جنھوں نے ۱۵۲۷ء میں اپنے قائد کو شہر بدر کر دیا تھا اور ترکی قلعہ بند فوج کو قتل کر ڈالا تھا، بہت سخت سزائیں دی گئیں؛ بالآخر حسین نے ، جو القاضی کا جانشین ہوا، اطاعت اختیار کر لی اور سالانہ خراج دینا منظور کر لیا (۱۵۲۸ء) ۔

پنون Penon ، جو ایک ہسپانوی قلعہ تھا اور الجزائر سے توپ کے گولے کی مار پر ایک چھوٹے سے جزیرے میں تعمیر ہوا تھا، اس پر قبضہ ہو جانے سے ترکی طاقت دوبارہ بحال ہو گئی ۔ مئی ۱۵۲۹ء کے شروع میں بربروسہ نے اس قلعے پر بمباری شروع کی ۔ قلعہ بند فوج کو ہسپانوی حکومت زیادہ مستحکم نہیں بنا سکی تھی؛ چنانچہ ۲۷ مئی کو اچانک حملہ کرکے اسے مسخر کر لیا گیا ۔ اس کے اندر صرف پچیس غیرمجروح مدافعین باقی بچے تھے ۔ خیر الدین نے محافظِ قلعہ ڈان مارٹن ڈی وارگاز Don Martin de Vargas کو قتل کرا دیا اور پنون کی بیرونی دیواروں کو گرا کر زمین کے برابر کرا دیا ۔ اس کے ملبے سے ایک گودی بنا کر جزیرے کو سطح زمین سے ملا دیا گیا ۔ اس گودی کے باعث مغربی ہواؤں سے حفاظت ہو گئی اور بحری مہموں پر جانے والوں کو موقع ملا کہ اپنے جہازوں کو محفوظ جگہ پر ٹھیرا سکیں؛ ورنہ اس سے پہلے خراب موسم میں ان کو اپنے جہازوں کو ساحل سمندر پر کھینچ کر لانا پڑتا تھا ۔ اس سے الجزائر کی بندرگاہ بن گئی جو بربری کے بحری بیڑے کے لیے پشت پناہ اور اڈے کا کام دیتی تھی ۔ خیرالدین کی اس نئی کامیابی سے بوکھلا کر ہسپانویوں نے شرشال پر قبضے کے ذریعے ساحل پر اترنے کی جگہ حاصل کرنا چاہی، مگر اس حملے میں جو کہ اینڈریاز ڈوریا Andreas Doria نے کیا تھا، انھیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا (۱۵۳۱ء) ۔

اب الجزائر میں قطعی طور پر قدم جمانے کے بعد بربروسہ نے اپنی فوجی طاقت میں اضافہ کرنے کے لیے ینی چری کے ساتھ ساتھ، جن کی گستاخی اورحکم عدولی نے ان کو خطرناک بنا دیا تھا، ایسے سپاہی بھرتی کرنے کی کوشش کی، جو ذاتی طور پر اس سے عقیدت رکھتے ہوں اور اس کے زیر اثر بھی ہوں ۔ اس نے ہانسو نومسلموں کا ایک حفاظتی دستہ قائم کیا جو زیادہ‌تر ہسپانویوں پر مشتمل تھا ۔ سات ہزار سے آٹھ ہزار کی تعداد تک یونانی اور البانی سپاہی بھرتی کیے ۔ قبائلیوں کو بھی اس میں شامل کیا اور اس نئی فوج اور توپچیوں کی قیادت و کمان پرانے ساتھیوں کو سونپی، جو "رئیس" کہلاتے تھے ۔ اس طرح اس نے اپنے لیے یہ موقع نکالا کہ تونس کے خلاف فوج کشی کر سکے جہاں کے باشندوں کے ساتھ وہ بہت دنوں سے خفیہ سازباز کر رہا تھا ۔ اس شہر پر قبضہ کرکے وہ ہسپانویوں کی چالوں کو پہلے سے معلوم کرنا چاہتا تھا تاکہ افریقہ کے تمام مشرق ساحلوں پر اقتدار حاصل کر سکے ۔ بربروسہ نے اپنی ساری تدابیر سلطان کو بتا دی تھیں، چنانچہ اس نے بربروسہ کو ضروری اختیارات دے دیے اور امدادی فوج بھی روانہ کر دی ۔ الجزائر میں حسن آغا کو اپنا خلیفہ مقرر کر کے بربروسہ خود تونس میں داخل ہوا اور حلق الوادی la Goulette پر قبضہ کر لیا (۱۶ اگست ۱۵۳۴ء)، پھر یہاں سے آگے بڑھا ۔ مولای حسن نے بربروسہ کو روکنے کی کوشش کی، مگر ایک جنگ میں جو الجزیرہ کے دروازے کے پاس ہوئی تھی اسے شکست کھا کر بھاگنا پڑا (۱۸ اگست) ۔ ترکوں نے تونس میں داخل ہو کر شہر کو فتح کر لیا ۔ باقی ملک نے بغیر کسی مزاحمت کے ہتیار ڈال دیے ۔

بربروسہ کی یہ کامیابی بہت ھی تھوڑے دنوں تک رہی ۔ جون ۱۵۳۵ء میں چارلس پنجم تونس کے ساحل پر نمودار ہوا ۔ ۱۴ جولائی کو ہسپانویوں نے حلق الوادی La Goulette فتح کر لیا اور ۲۰ جولائی کو تونس کے مالک بن گئے ۔ عیسائی غلام، جن کا قتل

marfat.com
Marfat.com

عام کرنے سے خیرالدین نے انکار کر دیا تھا، اپنی زنجیریں توڑ کر حملہ‌آوروں میں شامل ہو گئے۔ دشمنوں کے نرغے سے بچنے کے لیے بیگلربیگی بونہ کی طرف بھاگ گیا، یہاں اسے اپنا وہ بحری بیڑا مل گیا جسے اس نے یہ خبر سن کر وہاں بھیج دیا تھا کہ ھسپانوی حملہ ھونے والا ھے۔ یہاں سے وہ جزائر بلیار کو چل دیا۔ اس نے ماھون کو تباہ کر دیا اور چھے ھزار قیدی اور بہت زیادہ مال غنیمت لے کر الجزائر واپس آیا۔

تھوڑے ھی دنوں کے بعد سلطان سلیمان کی طلبی پر خیرالدین کو قسطنطینیہ جانا پڑا۔ سلطان نے اسے ۱۵۳۳ء میں قپودان پاشا بنا دیا۔ وہ چاھتا تھا کہ چارلس پنجم اور اس کے ساتھیوں کے خلاف جو بحری جنگ ھونے والی ھے، اس کا محاذ اس کے سپرد کر دے۔ وہ لوٹ کر الجزائر نہیں آیا۔ الجزائر میں اس کی طرف سے اس کے نائب (خلیفہ) کی حکومت تھی۔ قسطنطینیہ میں بربروسہ نئے کام میں بڑا منہمک رھا۔ اس نے ترکی بحری بیڑے کو پھر سے ترتیب دیا، اس میں اضافہ بھی کیا اور بحری جنگ میں خود ذاتی طور پر سرگرمی سے حصہ لیا۔ ۱۵۳۷ء میں اس نے اپولیا Apulia کے ساحلی علاقے کو تباہ کیا، پھر اچانک حملہ کرکے برنڈزی Brindisi (اٹلی) کو مسخر کرنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ھو سکا۔ اس نے کورفو Corfu کے محاصرے میں حصہ لیا، مگر اس پر قبضہ نہ کر سکا، البتہ اس نے بحر اِیجِہ میں مقبوضات بندقیہ کی طرف توجہ کی اور ڈوڈیکانیز Dodecanese کے جزیروں پر قبضہ کر لیا۔ اگلے سال اس نے سکیاتوس Sciatos، سکیروس Scyros اور کرپاتوس Carpathos کے جزیروں کو مسخر کرکے مجمع الجزائر Archipelago (جزائر اَرْخَبِیل) کی فتح کو مکمل کیا اور پھر وہ جزیرۂ اِقریطش (Crete) میں اتر آیا، جہاں اس نے دو شہر اور اسی گاؤں جلا دیے۔ بحر ایونی (Ionian Sea) میں اس نے اینڈریاز ڈوریا Andreas Doria کے مقابلے میں پریویزا Preveza اور سینٹ مورا St. Maura کے مقام پر دو کامیابیاں حاصل کیں۔ ۱۵۳۹ء میں اپنے دو قائدین حسن کرسو اور طرغوت کی مدد سے اس نے کیسٹل نووو Castelnuovo پر، جو خلیج کٹارو Cattaro میں واقع ھے، نیز ماوازیا Malvasia اور نوپلیا Navplia پر، جو مورہ Morea میں ھیں، پھر سے قبضہ کر لیا۔ اھل وینس (=اھل بندقیہ) نے ھتیار ڈال دیے اور "باب عالی" سے مصالحت کر لی۔

ان کامیابیوں کی وجہ سے بربروسہ کو قسطنطنیہ میں بہت عزت اور رسوخ حاصل ھو گیا۔ سلطان کی دوستی کا شرف حاصل ھونے کے بعد اس نے سلیمان کو یہ ترغیب دی کہ مغربی بحر روم مین جنگ جاری رکھے؛ ساتھ ھی وہ قطعی طور پر فرانس سے اتحاد قائم کرنے کے حق میں تھا۔ ۱۵۳۴ء سے وہ فرانسس (=فرنسو) اول سے خط و کتابت کر رھا تھا۔ بغداد کی صلح کے بعد وہ عیسائیت کے بہت بڑے حامی شاہ فرانس کے سفیروں کا رازدار ھو گیا تھا اور سلطان کے دربار میں فرانسیسی پارٹی کا لیڈر بھی بن گیا تھا۔ چارلس پنجم نے اسے اپنے مقصد کے حصول کے لیے اپنے ساتھ ملا لینے کی کوشش کی اور خفیہ طور پر یہ لالچ دیا کہ وہ اسے ایک مختصر سا خراج لینے کے بعد تمام شمالی افریقہ کا بادشاہ تسلیم کر لے گا۔ بربروسہ نے اگرچہ ظاہر یہ کیا کہ بادشاہ کی تجویز سے اسے اتفاق ھے اور وہ اس کا ساتھ دے گا، مگر فورًا ھی اس نے سلطان کو ان باتوں سے آگاہ کر دیا۔ چارلس پنجم نے الجزائر میں جو مہم روانہ کی (۱۵۴۱ء) اس کے منحوس اور تباہ کن انجام نے خیرالدین کی عزت کو اور چار چاند لگا دیے۔ اگرچہ اس نے شہر کی مدافعت میں کوئی بھی حصہ نہیں لیا تھا۔

نیس Nice کی صلح (۱۵۳۸ء) کے بعد جنگ و جدل کی حالت، جو رک گئی تھی، پھر فرانسس اول اور چارلس پنجم کے درمیان شروع ھو گئی (۱۵۴۱ء)۔ بربروسہ کو ترکی بحری بیڑے کی قیادت مل گئی اور

Marfat.com

اس بیڑے کو فرانسیسیوں (فرانسیسی فوج) سے تعاون کرنا تھا ۔ ۱۵۴۳ء میں اس نے اطالوی ساحل پر حملے کیے ۔ ریجیو Reggio پر قبضہ کر لیا ۔ کلابریا Calabria کے ساحلوں کو تباہ کیا اور پھر ڈک ڈی انغین Duc d'Enghien سے مارسیلز Marseilles میں جا ملنے کے بعد Nice کا محاصرہ کر لیا ۔ ولے فرانچ Ville franche کا شہر، جہاں پر ترک اترے تھے، فتح کرکے اسے تباہ کر دیا گیا ۔ Nice پر قبضہ ہو گیا، مگر اس کے قلعے پر قبضہ نہ ہو سکا ۔ ڈوریا Doria کے بحری بیڑے کے آ جانے سے اور پھر Marquis del Vasto کی فوج کی مدد ملنے پر ترکوں کو وہاں سے ہٹنا پڑا ۔ ان کے بحری بیڑے کے ایک حصے نے طولون Toulon میں موسم سرما گزارا اور بقیہ بیڑا قطالونیا Cataloniao کے ساحل کی طرف چلا گیا اور وہاں پالاموس Palamos اور روزاس Rosas کو غارت کیا ۔ کرسپی Crespy کی صلح (۱۵۴۴ء) کے بعد جنگ ختم ہو گئی اور خیرالدین شرق Levant کو واپس آیا اور راستے میں اس نے ٹسکنی Tuscany کے جزیروں، ساحلی علاقوں اور نیپلس Naples کے ملک کو غارت کر دیا ؛

اس مہم کے بعد بربروسہ قسطنطنیہ واپس جا کر خانہ نشین ہو گیا ۔ اس شہر میں اس کی کثیر دولت جمع تھی اور باسفورس کے کنارے کئی محلات بھی اس کی ملکیت تھے ۔

۴ جولائی ۱۵۴۶ء کو تریسٹھ برس کی عمر میں اس کا انتقال ہوگیا اور اس مسجد میں جو اس نے بیوک درہ Büyük Dere [رک بہ درہ] میں تعمیر کرائی تھی، سپرد خاک ہوا ۔ اس کے وصیت نامے کے مطابق تمام ایسے غلاموں کو، جن کی عمر پندرہ برس سے کم تھی آزاد کر دیا گیا اور بقیہ آٹھ سو غلام اور تیس مسلح جنگی کشتیاں سلطان کو دے دی گئیں ۔ اس کی بقیہ دولت اس کے بھتیجے اور بیٹے حسن کے درمیان تقسیم ہو گئی حسن کی والدہ مغربی عربوں میں سے تھی ۔ اس نے تین مختلف موقعوں پر الجزائر کے گورنر کے فرائض انجام دیے تھے [رک بہ حسن پاشا] ۔

بربروسہ نہ صرف کامیاب امیر البحر اور ممتاز سپاہی تھا، بلکہ اس میں ایک حد تک ایک مدبر کی صفات بھی موجود تھیں؛ وہ غیر متزلزل قوت ارادی رکھتا تھا، جس کی وجہ سے بڑی سے بڑی دشواری پر بھی قابو پا لیتا تھا جو بلاد بربر میں ایک مستقل حکومت قائم کرنے کے لیے ضروری تھی ۔ وہ جانتا تھا کہ ترکی حکومت چونکہ صرف ساحل تک ہی محدود تھی اس لیے اس کا قیام غیر یقینی تھا ۔ اس لیئے اس نے اندرونی حصوں پر اپنا قبضہ جمانے کی کوشش کی ۔ اس کا حوصلہ اور امنگ یہ تھی کہ ایک بڑی سلطنت کے اندر تمام شمالی افریقہ شامل ہو جائے ۔ اگرچہ حالات نے اسے اس منصوبے کے کامیاب ہونے میں مدد نہیں دی، تاہم اس نے اس کام کی تکمیل کر لی جسے اورُوج نے شروع کیا تھا ۔ اس لیے اس کو ولایت الجزائر کا صحیح بانی کہا جا سکتا ہے .

---

**مآخذ** : (۱) حاجی خلیفہ: تحفۃالکبار فی اسفارالبحار، قسطنطنیہ ۱۱۴۱ھ، اوراق ۱۵ تا ۲۷، کچھ حصے کا ترجمہ از J. Mitchell : *The History of the maritime Wars of the Turks*، لندن ۱۸۳۱ء، ص ۲۸ تا ۶۹؛ (۲) Haëdo : *Topographia e historia general de Argel*، Valladdid ۱۶۱۲ء، فرانسیسی ترجمہ از Berbrugger اور Monnereau، در *Rev. Africaine*، ج ۱۴ و ۱۵؛ (۳) وہی مصنف: *Epitome de los reyes de Argel*، فرانسیسی ترجمہ از H. de Grammont : *Hist. des Rois d' Alger*، در *Rev. Africaine*، ج ۲۴ و ۲۵؛ (۴) E. de la Primaudaie : *Documents inédits sur l'Histoire de l'occupation espagnole en Afrique*، در *Rev. Africaine*، ج ۱۹ و ۲۰ و ۲۱؛ (۵) Ph. de. Sandoval : *Historia de la vida y hechos del emperador Carlos V.*، Antwerp ۱۵۱۱ء؛ (۶)

Marfat.com

Sander Rang اور F. Denis : *Fondation de la régence d'Alger, histoire des Barberousses, chronique du XV le Siécle*، پیرس ۱۸۳۷ء؛ 'غزوات الخیرالدین' عربی تصنیف۔ یہ تصنیف غلطی سے خیرالدین کی طرف منسوب ہے۔ Giovan Luidgi Alcomora نے اس کتاب کا ایک قدیم ھسپانوی زبان سے اطالوی زبان میں ۱۵۷۸ء میں ترجمہ کیا۔ اسے M. Pelaez نے بعنوان ذیل شائع کیا تھا: *La vita e la storia di Ariadino Barbarossa*، Palmermo ۱۸۸۷ء؛ (۷) Hammer : *Hist. de l'empire ottoman*، ج ۵؛ (۸) E. Charriére : *Nègociations de la France dans le Levant*، ج ۱، پیرس ۱۸۴۸ء؛ (۹) Lopez Gomara : *Cronica de los Barbarojas*، در *Memorial historico espanal*، ج ۶، میڈرڈ ۱۸۵۳ء؛ (۱۰) Berbrugger : *Le Penon d'Alger*، الجزائر ۱۸۶۰ء؛ (۱۱) H. de Grammont : *Le R'azaouat est-il l'aeuvre de kheïr ed Dine Barberousse*، Villeneuve sur Lot ۱۸۷۳ء؛ (۱۲) وھی مصنف : *Hist. d'Alger sous la domination turque*، پیرس ۱۸۸۷ء؛ (۱۳) Jurien de la Graviéle : *Doria et Barberoubusse*، پیرس ۱۸۸۶ء؛ (۱۴) G. Medina : *L'expédition de Charles Quint á Tunis. la lègende et la vèritè Rev. Tunisienne*، ج ۱۳؛ (۱۵) S. Lane- Poole : *The Barbary Corsairs*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۳۱ ببعد نیز دیکھیے مآخذ مادۂ الجزائر اور تونس۔

(G. Yver)

* **خیرالدین** : سلطان ولی بایزید ثانی [رک بآں] کے زمانے [(۸۸۶ھ/۱۴۸۱ء تا ۹۱۸ھ/۱۵۱۲ء)] کا ایک اھم ترک ماھر فن تعمیر، ترک مؤرخ عام طور سے کسی عہد حکومت کے خدا ترس بانی، مادۂ تاریخ لکھنے والے ادیبوں اور خطاطوں کا ذکر خوب کرتے ھیں، مگر کسی ماھر فن تعمیر کے سوانح حیات یا اس کے کسی شاھکار کے بارے میں شاذ ھی کچھ لکھتے ھیں؛ اسی وجہ سے خیرالدین کی سرگرمیاں اور اس کے کارنامے پردۂ خفا میں ھیں۔ یہ بات بہر حال یقینی ہے کہ وہ ایک تاریخی حیثیت کا حامل ہے۔ کہا جاتا ہے، وہ فن تعمیر کے مشہور ماھر استاد مراد کا بیٹا ہے۔ اس کا شاہ کار قسطنطینیہ کی مسجد بایزید ہے (۱۵۰۱ اور ۱۵۰۷ء کے درمیان تعمیر ہوئی)، جو اعلٰی فن تعمیر کا ایک بہترین نمونہ ہے۔ اس کے بارے میں دیکھیے اولیا چلبی: سیاحت نامہ، استانبول ۱۳۱۴ھ، ۱ : ۱۳۲؛ سعد الدین: تاج التواریخ، استانبول ۱۲۷۹ھ، ۲ : ۲۱۱؛ von Hammer : *Constantinopolis undder Bosporos*، پست Pest ۱۸۲۲ء، ۱ : ۴۰۲؛ Skarlatos Byzantios : *Konstantinupolis*، ایتھینز ۱۸۹۰ء، ۱ : ۴۲۱)۔

خیرالدین کو ترکی فن تعمیر کا اصل بانی سمجھا جاتا ہے؛ اس نے جو کمال حاصل کیا ہے اسے سنان [رک بآں] کے سوا نہ تو کوئی اس کا پیش رو (الیاس بن علی محمد المجنون، موسٰی وغیرہ) حاصل کر سکا اور نہ کوئی اس کے بعد میں آنے والا (م ۔ قاسم، کمال الدین) ھی، اس وجہ سے خیرالدین کو عثمانی ترکیہ کا سب سے بڑا ماھر فن تعمیر اور دنیا کا عظیم ترین ماھر فن سمجھا جاتا ہے۔ اس کی اس عظمت کی تصدیق اس کے شاہ کار، یعنی مسجد بایزید سے ہوتی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ دو نصف گنبدوں میں جو بڑا گنبد بنایا گیا ہے وہ آیا صوفیہ کے نمونے پر ہے، لیکن اس کے نقشے میں جدید اور عمدہ تصور غالب ہے۔ اس عمارت سے مقدس روایات وابستہ ھیں۔

خیرالدین کی بنوائی ہوئی ایک اور مسجد بھی ہے، جس کا نام اس کے نام پر ہے، اور جو پارمق قپسو میں واقع وزیر اعظم سنان پاشا کے مقبرے سے تھوڑے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کی قبر اس مقبرے کے سامنے ہے۔

**مآخذ** : (۱) حافظ حسین: حدیقة الجوامع، استانبول

Marfat.com

۱۲۸۱ھ، ۱ : ۱۳، ۲۰۶؛ (۲) محمد ثریا : سجلّ عثمانی، ۲ : ۳۱۴؛ (۳) ساعی : تذکرة البنیان، استانبول ۱۳۱۵ھ، ص ۵؛ (۴) Surlitt : *Die Baukunst Konstantinopels*، برلن ۱۹۱۲ء، ص ۶۴ تا ۶۷؛ (۵) E. Diez : *Die Kunst der Islomischen Völker*، برلن ۱۹۱۵ء، ص ۱۳۳؛ (۶) Babinger : *Quellen zur Osmanischen Künstlergeschichte, Jahrbuch der Asiatischen Kunst*، لائپزگ ۱۹۲۴ء، ص ۳۴.

(TH. MENZEL)

* **خَیرُالدّین پاشا** : سلطان عبدالحمید ثانی کے زمانے کا ایک چرکسی الاصل مدبر، مگر اس نے اپنی زندگی کے ابتدائی سال تونس [رکّ بآں] میں گزارے، جہاں وہ اپنی نمایاں قابلیت کی وجہ سے بہت سے اہم عہدوں پر فائز رہا اور بالآخر باش مدیر ہو گیا۔ اس کا بڑا مقصد ترکیہ سے تونس کے قریبی تعلقات پیدا کرنا تھا اور بالآخر سلطان عبدالعزیز کے ایک فرمان کے ذریعے اسے یہ مقصد حاصل ہو گیا۔ والی تونس صادق پاشا سے جھگڑا ہونے کی وجہ سے، اس نے تونس میں ملازمت ترک کر دی اور پیرس جا کر گوشہ‌نشین ہو گیا۔ ۱۲۹۴ھ/۱۸۷۷ء میں سلطان عبدالحمید ثانی نے اسے قسطنطینیہ بلایا اور اسے مجلس اصلاحات مالیہ کا صدر اور بعد میں مجلس مملکت (Council of State) کا صدر مقرر کیا۔ پھر انتہائی مشکلات کے دور میں ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء میں اسے وزیر اعظم مقرر کیا گیا۔

خیرالدین بہت آزاد خیال تھا اور اس وقت مختلف شعبوں، بالخصوص عدل و انصاف کے انتظامی معاملات میں اصلاحات کی جو تحریک شروع ہوئی تھی اسے اس نے تقویت دی اور آگے بڑھایا اور وزیر اعظم کے اقتدار کو ممکن حد تک مضبوط کرنے کے لیے کوشش کی، اگرچہ یہ کوشش سلطان عبدالحمید کی مرضی کے خلاف تھی، جو وزیر اعظم کو یلدز کوشکی (قصر شاہی) سے جاری ہونے والے احکام و ہدایات کی تعمیل کے لیے صرف ایک آلۂ کار بنانا چاہتا تھا۔ صرف آٹھ مہینے وزیر اعظم رہنے کے بعد اسے معزول کر دیا گیا۔ وہ قسطنطینیہ میں ۱۳۰۷ھ/۱۸۸۹ء میں تقریباً ستّر سال کی عمر میں فوت ہوا اور (قبرستان) ایوب میں دفن ہوا۔ اس کی شہرت یہ تھی کہ وہ قابل اعتماد، نڈر، مستقل مزاج اور آزاد خیال تھا۔ اس نے عربی زبان میں اقوام المسالک فی معرفة احوال الممالک کے نام کی ایک کتاب لکھی، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کا ترکی اور فرانسیسی زبانوں میں ترجمہ بھی ہوا ہے۔

**مآخذ** : (۱) سامی : قاموس الاعلام، قسطنطینیہ ۱۳۰۸ھ، ۳ : ۲۰۷۳؛ (۲) ثریا : سجلّ عثمانی، قسطنطینیہ ۱۳۰۸ھ، ۲ : ۳۱۷؛ (۳) عثمان نوری : عبدالحمید ثانی دور سلطنتی، قسطنطینیہ ۱۳۲۷ھ، ۲ : ۵۹۸؛ (۴) Sax : *Machtverfall der Türkei*، وی انا ۱۹۰۸ء، ص ۴۸۱۔

(TH. MENZEL)

* **خیر الدین پاشا** : رکّ بہ چِندرِہ لی و جَندرہ لی Čendereli.

* **خِیْوَہ** : رکّ بہ خوارزم.

* **الخَیّاط** : یحیٰی بن غالب، ابو علی، ایک عرب منجّم و ہیئت داں، ماشاءاللہ کا شاگرد، جس کا ذکر اکثر ازمنۂ وسطٰی کے عیسائی مصنفوں نے البوہلی Albohali کے نام سے کیا ہے۔ اس کی پیدائش اور وفات کی صحیح تاریخیں معلوم نہیں مگر وفات کی تاریخ ۲۱۰ھ/۸۲۵ء اور ۲۳۰ھ/۸۴۴ء کے درمیان بتائی جا سکتی ہے۔ اس کی تصنیفات میں سے جو باقی بچی ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ کتاب سرُّالعَمَل [الاعمال، الزرکلی] جس[1] میں زیادہ‌تر ہیئت سے متعلق سوالات بنانے وغیرہ کا طریقہ لکھا ہے (برلن میں ہے)؛ کتاب الموالد [=احکام الموالید] (آوکسفرڈ اور قاہرہ میں ہے) کتاب‌الموالد کا ترجمہ لاطینی زبان میں تِوولی کے رہنے والے افلاطون نے کیا (۱۱۳۶ء)؛ بعد میں جان ہسپالینیس John Hispalensis نے کیا (۱۱۵۳ء)۔

marfat.com
Marfat.com

مؤخرالذکر ترجمہ نورن برگ Nürnberg ۱۵۴۶ء میں بعنوان *Albohali Arabis astrologi antiquissimi ac clarissimi de iudiciis nativitatum liber unus antehac non editus. Cum privilegio D. Ioanni Shonero concesso* طبع ہوا؛ [المسائل فی احکام النجوم فوائد الفلکیة]۔ البوہلی کی جگہ ہم مسودوں میں البوہالی الگیہاک Albohali Alghihac، البوآلی الچیت Alboali Alchait، البین ہیت Albenahait وغیرہ بھی پاتے ہیں۔

**مآخذ**: (۱) الفہرست، ص ۲۷۶؛ (۲) Steinschneider، در *Biblioth Mathem*، ۱۸۹۰ء، سلسلۂ دوم، ۴: ۶۹ تا ۷۰؛ (۳) وہی مصنف: *Die Übersetzungen arabischer Werke in das latein. Seit dem II. Jahrh.*، ۱۸۷۷ء، ص ۴۱ تا ۴۲؛ (۴) H. Suter، در *Abhandl. Z. Gesch. der mathem. Wissensch.*، ۱۰: ۹ تا ۱۰؛ (۵) براکلمان، ۱: ۲۲۱؛ تکملہ، ۱: ۳۹۴۔

(H. SUTER)

marfat.com
Marfat.com

# د

*⊗ د : (دال)، عربی حروف تہجی کا آٹھواں [فارسی کا دسواں، اردو کا سترھواں اور ہندی کا اٹھارھواں، ← فرہنگ آصفیہ] حرف، سُریانی (اور کنعانی) حسابِ جُمّل میں اس کی عددی قیمت چار ہے [دیکھیے ابجد].

تعریف : "اسے دانتوں اور زبان کے مخرج سے دبا کر نکالا جاتا ہے" عربوں کی نحوی روایات کے مطابق یہ "شَدیدہ مجہورہ" ہے اور "مخرج" کی رو سے "نِطْعِیَّہ" ۔ الخلیل کے قول کے مطابق (الزَمَخْشَری : مُفَصَّل، بار دوم، طبع J. P. Broch، ص ۱۹۱، س ۱) جو نطق کے نقطے کو "نِطْع" (یا نِطَع) یعنی تالو کے اگلے حصے پر یا اس کے کھلے ہوئے حصے پر رکھتا ہے (ابن یعیش، ص ۱۴۶، سطر ۱۹)۔ جدید بولیوں میں اس نطق کا اثر نمایاں نظر آتا ہے (لبنان، شام : *Materialien* : M. Braomann، ص ۹۹؛ H. Fleisch : *Zahlé*، در *Musg*، ۲۷ : ۷۸)۔ ایک دوسری روایت، جو سِیبَوَیْہ کی الکتاب (مطبوعۂ پیرس، ۲ : ۴۵۳، س ۱۳) پر مبنی ہے اور جسے عام طور پر تسلیم کیا گیا ہے، یہ ہے کہ اس کا مخرج سامنے کے دانتوں کا وسطی حصہ ہے ۔ دال کی آواز کے صوتیاتی تقابلات کے لیے دیکھیے : J. Cantineau : "Esquisse" در *BSL*، (عدد ۱۲۶)، ص ۹۹، بارھواں؛ متضادات کے لیے دیکھیے کتاب، ۱۳۴ ۔

مختلف ہجے : شمالی مراکش کی پہاڑی بولیوں میں "د" حرف علت کے بعد "ذ" بن جاتا ہے؛ قدیم عربی اور جدید بولیوں میں "د" کے مُتَعَدِّد مشروط ہجے ہیں، دیکھیے J. Cantineau : *Cours*، ص ۳۷ تا ۳۸، ۴۱ تا ۴۲ ۔

**مآخذ :** متن میں اور بذیلِ مادۂ حروف الہجاء .

(H. Fleisch)

(۲) عربی کے علاوہ جن دوسری زبانوں میں عربی رسم الخط استعمال ہوتا ہے ان میں دال میں جو تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں اب ان کا ذکر کیا جاتا ہے .

ہند آریائی زبانوں میں دال جیسی آوازوں کے دو سلسلے ہیں، دندانی اور کوزی (جنھیں موردھنیا (Cerebral) یا قُمّی (Cacuminal) یا اس کے ضد کے طور پر لسانی بھی کہتے ہیں [یعنی د اور ڈ]) ۔ مؤخرالذکر کو زبان کی نوک کے نیچے کے حصے سے نکالا جاتا ہے، اس طرح کہ زبان کو الٹا کر کے اس کی نوک کو تالو کے اگلے حصے پر مارتے ہیں جس سے زبان کی مجوف بالائی سطح زبان کے خانے میں ایک اور صدا پیدا کرنے والا خانہ بناتی ہے ۔ مزید برآں ان دونوں آوازوں کے ساتھ سانس بھی شامل ہو سکتا ہے ۔ پشتو اور اردو میں "دندانی" دال کی نمائندگی اصلی "دال" کرتا ہے؛ کوزی کی (جسے انسائیکلوپیڈیا میں "d" لکھتے ہیں) "ڈ" نمائندگی کرتا ہے اور پشتو میں اس کی شکل بدل کر یوں ہو جاتی ہے کہ دال کے نیچے ایک چھوٹا سا دائرہ کھینچ دیا جاتا ہے (ڈ)، اردو میں اس کی شکل (ڈ) ہے، یعنی دال کے اوپر ط ڈالی جاتی ہے ۔ یہ اصل میں "ڈ" تھی ۔ د اور ڈ کے بعد اس کی ایک آواز وہ ہے جو ہ کے ساتھ ملنے سے پیدا ہوتی ہے جیسے دُھول (غبار) اور ڈھول (طبل)۔ اس کے لیے اسے دو چشمی ہ

Marfat.com

کے ساتھ لکھنا چاہیے دھول اور ڈھول نہ کہ دہول اور ڈہول ۔

سندھی میں کوزی "دال" کی ترجمانی ڈ کرتی ھے اور "دھ" [جیسے دھول] اور "ڈھ" [جیسے ڈھول] "ڈ" کی صورت میں لکھی جاتی ھے ۔ سندھی زبان میں مغربی ہندوستان کی دوسری زبانوں کی طرح حروف ساکن کا ایک سلسلہ بھی ھے (ب، ج، ڈ اور گ)؛ ڈ کی ترجمانی ڈ سے ہوتی ھے ۔

**مآخذ :** (۱) *Linguistic Survey of India*، جلد ۱۰ (پشتو)، ۱/۸ (سندھی)، ۱/۹ (اردو)؛ (۲) D.N. Macknezie : *A Standard Pashto*، در *BSOAS*، ۲/۱۲ (۱۹۵۹ء): ۲۳۱ تا ۲۳۵؛ (۳) R. L. Turner : *Cerebralization in Sindhi*، در *JRAS*، ۱۹۲۳ء، ص ۵۵۵ تا ۵۸۴؛ (۴) وھی مصنف : "The Sidnhi recursives ..."، در *BSOS*، ۲/۳ (۱۹۲۴ء) : ۳۰۱ تا ۳۱۵؛ (۵) محی الدین قادری : *Hindustani Phonetics*، پیرس تاریخ ندارد، (۱۹۳۱ء)؛ نیز مقالے پشتو، سندھی، اردو ؛ [(۶) A. Schaade : *Sibawaihi's La'-utlehse*، فہرست؛ (۷) دائرۃالمعارف الاسلامیۃ، مصر، جولائی ۱۹۶۲ء، ج ۹، بذیل مادّہ؛ (۸) البستانی : دائرۃ المعارف، بیروت ۱۸۸۳ء، ۷ : ۵۴۲] ۔

(J. Burton Page [و ادارہ])

⊗ **دَابَّة :** (ع، جمع دَوَابّ) کا اشتقاق دبب سے ھے جس کے معنی ھیں چیونٹی اور دیگر حیوانات کا زمین پر رینگ کر چلنا، یا آہستہ آہستہ چلنا (لسان و تاج، مادّۂ دبب)؛ دابّۃ، زمین پر چلنے والے ہر جاندار کو کہتے ھیں، قرآن کریم میں (۲۴ [النور] : ۴۵) [ھے کہ اللہ تعالٰی نے ہر دابّۃ (زمین پر چلنے والے جاندار) کو پانی سے پیدا کیا ھے، ان میں سے کچھ تو پیٹ کے بل رینگتے ھیں، کچھ دو پاؤں پر چلتے ھیں اور کچھ چار پر ۔ نیز فرمایا زمین پر جو بھی جاندار (دابّۃ) ھیں ان سب کا رزق اللہ کے ذمے ھے (۱۱ [هود] : ۶)، (قب لسان، مادۂ دبب؛ مفردات، ۲ : ۱؛ النہایۃ، ۲ : ۱۰۰)۔

قرآن مجید (۲۷ [النمل] : ۸۲) میں فرمایا : وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ (=جب اللہ کا وعدہ ان لوگوں پر پورا ہونے کو ہوگا تو ہم زمین سے ان کے لیے ایک جانور نکال کھڑا کریں گے جو ان سے باتیں کرے گا، کیونکہ لوگ ہماری نشانیوں کا یقین نہیں رکھتے تھے) ۔ شاہ عبدالقادر موضح القرآن میں لکھتے ھیں : "قیامت سے پہلے صفا پہاڑ مکّے کا پھٹے گا، اس میں سے ایک جانور نکلے گا جو لوگوں سے باتیں کرے گا کہ اب قیامت نزدیک ھے اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو نشان دے کر جدا کر دے گا"۔ ہو سکتا ھے کہ دابۃ الارض کے ذریعے یہ دکھلانا مقصود ہو کہ جس چیز کو کفار نے پیغمبروں کے ذریعے نہ مانا، اب ایک جانور کی زبانی ماننے کو تیار ھیں، لیکن اس وقت کی توبہ اور ایمان سودمند نہیں ۔ اس سے مراد کافروں کو تنبیہ و توبیخ بھی ھے (المراغی)۔ دابّۃ الارض کا زبان حال یا زبان مقال سے کلام کرنا ان خوارق میں سے ھے جو قرب قیامت کا پتا دیں گے (فی ظلال القرآن) ۔

عصر حاضر کے مشہور شامی مفسّر جمال الدین القاسمی نے اس سلسلے میں چند تاویلات پیش کی ھیں : (۱) اس سے مراد دنیا میں کافروں کے مقابلے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت و کامرانی ھے ۔ وہ کافر اسلام کی بات سننے اور دیکھنے کے لیے بہرے اور اندھے بن گئے ھیں، مسلمانوں کے لشکر جرار کو دیکھ کر اسلام کی حقّانیت اور غلبے کا اعتراف کریں گے، ان کا کفر و انکار ان کے لیے عذاب کا باعث بن جائے گا، فلاح و کامرانی اور اصلاح ایمان کی دولت سے حاصل ہوتی ھے اور کفر سے ندامت و خفت اور ناکامی و نامرادی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا؛ (۲) قرب قیامت کے زمانے میں اللہ تعالٰی خاص نوع کا ایک جانور پیدا کرے گا جو کافر انسان کو

Marfat.com

زجر و توبیخ کرے گا۔

بہرحال دابۃ الارض کا خروج علامات قرب قیامت میں سے ہے، چونکہ یہ کوائف و احوال عالم غیب کے ہیں اس لیے اس بارے میں قطعی اور حتمی بات صرف خدا کو معلوم ہے]۔

یہاں دابہ سے ایک خاص قسم کا جانور مراد ہے جو اس وقت ظاہر ہوگا جب انسان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو بالکل چھوڑ دیں گے اور دنیا کی حالت اس قدر بگڑ چکی ہوگی کہ اس کے بعد اصلاح کی کوئی صورت نظر نہ آئے گی اور یہ قرب قیامت کا وقت ہوگا، اسی لیے حدیث میں دابہ کو قیامت کی دس علامات میں سے ایک علامت کہا گیا ہے (مسلم، ص ۲۲۲۶؛ الطبری، ۲۰ : ۹ ببعد؛ ابن کثیر، ۲۰ : ۹ ببعد؛ تفہیم القرآن، ۳ : ۶۴)؛ الزمخشری اسے الجسّاسة (=غور سے دیکھنے والا، ٹوہ لگانے والا) کا نام دیتا ہے (الکشاف، ۲ : ۳۸۴؛ نیز قب لسان و تاج بذیل مادۂ دبب؛ النووی : شرح مسلم، ۵ : ۴۲۰)۔ اس جانور کے خروج کی جگہ کے بارے میں مختلف روایات ہیں کہ وہ تہامہ سے نکلے گا یا طائف میں یا مکے میں صفا و مروہ کے درمیان سے خروج کرے گا (تاج مادۂ دبب؛ روح المعانی، ۲۰ : ۲۳)؛ ابو داوٗد (۲ : ۳۴ ببعد) کی روایت کے مطابق یہ جانور تین بار ظاہر ہوگا، دو بار تو دور دراز کے علاقوں میں ظاہر ہوگا؛ پہلی بار کے خروج سے اس کا ذکر شہر مکہ تک نہ پہنچ پائے گا، مگر دوسری بار اس کا قصہ لوگوں میں شہرت پا جائے گا اور اس کا ذکر مکے تک بھی پہنچ جائے گا، پھر جب کہ لوگ سب سے زیادہ حرمت والی مسجد (یعنی مسجد حرام) میں ہوں گے اس وقت اچانک دابۃ الارض لوگوں کو دکھائی دے گا (نیز قب ابن کثیر: تفسیر، ۲۰ : ۱۰)۔

اللہ تعالٰی اس جانور (دابۃ) کو اپنی حجت کے طور پر لوگوں کے سامنے ظاہر کرے گا۔ اس کے خروج کے بعد توبہ کا موقع کسی کو نہیں دیا جائے گا۔ مومن اور کافر کے درمیان پیشانیوں سے واضح طور پر امتیاز ہو سکے گا حتّٰی کہ مومن کافر سے کہے گا کہ اے کافر میرا حق ادا کر دے! اسی طرح کافر بھی مومن کو واضح طور پر پہچان کر اس سے یہی بات کہے گا (لسان و تاج؛ نیز روح المعانی، ۲۰ : ۲۳؛ الکشاف، ۲ : ۳۸۴؛ القرطبی، ۱۳ : ۲۳۶؛ تفسیر ابن کثیر، ۲۰ : ۹ ببعد)۔ اس جانور کے حلیے کے بارے میں بھی مفسّروں نے بہت کچھ بیان کیا ہے اور اس کی مختلف علامات کا تعین کیا ہے (تفصیل کے لیے دیکھیے الکشاف، ۲ : ۳۸۴؛ روح المعانی، ۲۰ : ۲۳؛ القرطبی، ۱۳ : ۲۳۰)۔ امام ابن کثیر نے اس جانور کے خروج کو اللہ کی آخری حجت اور قیامت کی اولین علامات میں سے ایک علامت قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ جب دابۃ الارض ظاہر ہوگا تو وہ لوگوں سے کلام کرے گا جسے سب سنیں گے، اور لوگ ان چیزوں کی کوشش کریں گے جو کبھی حاصل نہ ہو سکیں گی یا جن میں بنی آدم کے لیے کوئی فائدہ نہ ہوگا (تفسیر ابن کثیر، ۲۰ : ۹ ببعد؛ نیز دیکھیے روح المعانی، ۲۰ : ۲۱ ببعد)۔ اس قسم کے کسی جانور کا ظہور یا اس کا انسانی زبان میں کلام کرنا اللہ کی قدرت کا ایک کرشمہ ہے، وہ جو چاہے تخلیق کرتا ہے اور جس چیز کو چاہے گویائی کی قوت عطا فرما سکتا ہے، حتٰی کہ جانور تو جانور، خدا تو انسان کی آنکھ، کان اور جسم کی کھال تک کو بولنے کی قوت دے گا (تفہیم القرآن، ۳ : ۶۰۵)۔

**مآخذ** : (۱) ابن منظور : لسان العرب بذیل مادۂ دبب؛ (۲) الزبیدی : تاج العروس بذیل مادۂ دبب؛ (۳) ابن الاثیر : النہایۃ، قاہرہ ۱۳۰۶ھ؛ (۴) مسلم، قاہرہ ۱۹۵۵ء؛ (۵) ابو داوٗد، لکھنؤ ۱۳۱۸ھ؛ (۶) القرطبی : الجامع لاحکام القرآن، قاہرہ ۱۹۴۴ء؛ (۷) ابن کثیر : تفسیر، مطبوعہ کراچی بلاتاریخ؛ (۸) الطبری: تفسیر، قاہرہ بلاتاریخ؛

Marfat.com

(۹) الزمخشری : الکشاف قاہرہ ۱۹۴۶ء؛ (۱۰) الآلوسی : روح المعانی، قاہرہ بلا تاریخ؛ (۱۱) مودودی : تفہیم القرآن، مطبوعہ لاہور ۱۹۶۲ء؛ (۱۲) [مفتاح کنوز السُّنّة بذیل مادّہ]؛ (۱۳) مسلم : الجامع الصحیح، قاہرہ ۱۹۵۶ء؛ (۱۴) الکرمانی : شرح البخاری، قاہرہ ۱۹۳۷ء؛ (۱۵) النووی : شرح صحیح مسلم، ۵ : ۲۰۰ بعد، قاہرہ بلا تاریخ؛ [(۱۶) المراغی : تفسیر المراغی، بذیل آیت ۸۲، سورة النحل؛ (۱۷) جمال الدین القاسمی : تفسیر القاسمی؛ (۱۸) سید قطب : فی ظلال القرآن؛ (۱۹) امیر علی : تفسیر مواہب الرحمٰن] .

(ظہور احمد اظہر [و ادارہ])

* **دابق** : شمالی شام کے علاقۂ عزاز میں ایک مقام جو مَنبج سے انطاکیہ جانے والی سڑک پر (الطبری، ۳ : ۱۱۰۳) اور حلب سے اوپر کی جانب دریاے قُوَیق پر واقع ہے ۔ اشوریوں کے زمانے میں اس کا نام دبیکُو Dabequ تھا، جو یونانی Dabekon ہو گیا ۔ یہ مقام مَرج دابق کے اس وسیع میدان کے کنارے پر واقع ہے جہاں، امویوں اور عبّاسیوں کے عہد میں، لڑائی برپا ہو جانے سے پہلے وہ لشکر پڑاؤ ڈالتا تھا جو بوزنطی علاقے پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا جاتا تھا ۔ اموی خلیفہ سلیمان بن عبدالملک کچھ مدت تک دابق میں [اس غرض سے مقیم] رہا [کہ یا تو قسطنطنیہ کو فتح کر لے یا وہاں کے باشندے جزیہ ادا کرنے پر رضامند ہو جائیں] صفر ۹۹ھ/ستمبر ۷۱۷ء میں وہیں فوت اور دفن ہوا اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کو خلیفہ مقرر کیا گیا ۔ المسعودی کے بیان کے مطابق عباسیوں نے اس کی قبر کی تحقیر و تذلیل کی؛ لیکن الشّابُشتی کے بیان سے اس کی تردید ہوتی ہے (کتاب الدیارات، بغداد ۱۹۵۱ء، ص ۱۴۹).

ایوبی عہد میں سیاحوں نے دابق کے قریب جبل برصایا پر ایک یادگار عمارت دیکھی، جو مقام داؤد کہلاتی تھی؛ یہ مقام آج کل نبی داؤد[۳] کے نام سے موسوم ہے ۔

دابق سب سے زیادہ اس فیصلہ کن جنگ کی وجہ سے مشہور ہے جو ۱۵ [بہ تصحیح ۲۵] رجب ۹۲۲ھ/ ۲۴ اگست ۱۵۱۶ء کو سلطان کَنصُوہ (Kanṣuh) [بہ تصحیح قانصوہ] الغُوری اور عثمانی سلطان سلیم اول کے درمیان ہوئی ۔ گولہ باری میں عثمانی دشمن کے مقابلے میں برتر ثابت ہوے، چنانچہ جنگ میں مملوکوں کے سواروں کے رسالے کا بڑا حصہ کام آیا اور خود کنصوہ [قانصُوہ] بھی قتل کر دیا گیا ۔ عثمانیوں کی یہ فتح ان کے شام اور مصر پر قبضے کا پیش خیمہ ثابت ہوئی ۔

**مآخذ** : (۱) البلاذری : فتوح، ص ۱۷۱، ۱۸۹؛ (۲) الطبری، بمدد اشاریہ؛ (۳) المسعودی : مروج، ۵ : ۳۹۷، ۴۷۱؛ (۴) ہروی : کتاب الزیارات، طبع J. Sourdel-Thomine دمشق ۱۹۵۳ء، ص ۶ (ترجمہ، ص ۱۱)؛ (۵) ابن العدیم : زبدة، طبع S. Dahan، ۱، دمشق ۱۹۵۱ء : ۳۱، ۵۶، ۵۷، ۶۳، ۶۴؛ (۶) ابن شدّاد : *La Description d' Alep*، طبع D. Sourdel، دمشق ۱۹۵۳ء، ص ۲۹، ۱۳۸ تا ۱۳۹؛ (۷) یاقوت، ۲ : ۵۱۳؛ (۸) G. Le. Strange : *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۶۱، ۴۲۶، ۵۰۳؛ (۹) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۴۶۸، ۴۷۴؛ (۱۰) M. Canard : *Historire de H'amdânides, I*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ص ۲۲۵؛ (۱۱) Wellhausen : *Das arabische Reich*، برلن ۱۹۰۲ء، ۱۶۵ بعد؛ (۱۲) N. Gorga : *Geschichte des osmanischen Reiches*، ۲، گوتھا Gotha ۱۹۰۹ء : ۳۳۶؛ (۱۳) D. Ayalon : *Gunpowder and firearms in the Mamluk Kingdom*، لنڈن ۱۹۵۶ء، بمدد اشاریہ .

(D. Sourdel)

**دابُوَیه** : (دابوی) گیلان [رک بآں] کے خاندان دابویہ کا بانی ۔ یہ قبیلہ دابویہ کے باپ گیل گاوبارہ (Gilgawbara) کے واسطے سے ساسانی النسل ہونے کا

marfat.com
Marfat.com

مدعی تھا۔ یہ لوگ قصبۂ فومان [رک بآن] میں رہتے تھے اور عرصۂ دراز تک زردشتی مذہب کے پیرو رہے۔ انہوں نے عربوں سے بار بار مقابلہ کیا، بالآخر اس کے آخری فرمانروا خورشید دوم ۱۴۱ یا ۱۴۲ھ/۷۵۸-۷۶۰ء کو، عباسیوں کے طاقتور لشکر کے مقابلے کی تاب نہ لاکر، فرار ہونا پڑا اور دیلم میں آ کر اس نے خودکشی کر لی (الطبری، ۳: ۱۳۹ ببعد) اس کی ایک بیٹی، جس کا نام معلوم نہیں، کی شادی خلیفہ المنصور سے ہوئی۔

اس خاندان کے حکمرانوں کے نام حسب ذیل ہیں: دابویہ ۴۰ھ/۶۶۰-۶۶۱ء تا ۵۶ھ/۶۷۶ء؛ اس کا بھائی خورشید اول ۵۶ھ/۶۷۶ء تا ۹۰ھ/۷۰۹ء؛ اس کا بیٹا فرّخان ۹۰ھ/۷۰۹ء تا ۱۰۳ھ/۷۲۱-۷۲۲ء، جس نے اسپہبذ [رک بآن] ("قائد عسکر") کا لقب اختیار کیا اور ۷۱۷ء میں عربوں کو شکست دی؛ اس کا بیٹا داذ برزمہر (داذ سہر) ۱۰۳ھ/۷۲۱-۷۲۲ء تا ۱۱۶ھ/۷۳۴ء؛ اس کا بھائی سارویہ (ساروی) ۱۱۶ھ/۷۲۱-۷۲۲ء [بہ تصحیح ۷۳۴ء] میں چند مہینوں کے لیے؛ داذبرز مہر کا لڑکا خورشید دوم ۱۱۶ھ/۷۳۴ء تا ۱۴۱ یا ۱۴۲ھ/۷۵۸-۷۶۰ء۔

دابویہ کے بھائی پاذوسپان (لقب) سے ایک اور شاہی خاندان کا سلسلہ چلا، جس نے رویان [رک بآن] اور اس کے آس پاس کے بعض علاقوں پر حکومت کی۔ ۱۴۵۳ء سے یہ خاندان دو شاخوں میں بٹ گیا؛ ایک کی حکومت ۱۵۶۷ء تک اور دوسری کی حکومت ۱۵۷۶ء تک برقرار رہی۔

**مآخذ**: (۱) ابن اسفندیار: تاریخ طبرستان، تہران ۱۹۳۲ء (بحوالہ E. G. Browne: *An abridged translation of the history of Tabaristan ... by ... Ibn-i-Isfandiyar* ...، لائڈن اور لنڈن ۱۹۰۵ء، اشاریہ [GMS II]) میں ہو سکی؛ (۲) ظہیر الدین [= ظاہر الدین المرعشی]: *Geschichte von Tabaristan* .... طبع Bernhard Dorn، *Mohammedanische Quellon* ... (ج ۱)، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۵۰ء، ص ۳۱۹ ببعد؛ (۳) وہی مصنف، در *Mem. Ac. Imp. St. Pétersbourg*، ۲۳، ۱۸۷۷ء: ۱۰۳؛ (۴) G. Melgunof: *Das südliche Ufer des Kaspischen Meeres* .... ترجمہ از J. Th. Zenker، لائپزگ ۱۸۶۸ء، ص ۴۸ ببعد۔ شجرہ ہائے خاندان؛ (۵) F. Justi: *Iranisches Namenbuch* (۱۸۹۵ء)، ص ۴۳۳/۴۳۵؛ (۶) E. de Zambaur: *Manuel de généalogie*، بار دوم، Pyrmont ۱۹۵۵ء، ص ۱۸۶ تا ۱۹۰۔ سکّے: (۷) A. D. Mordtmann، در *ZDMG*، ۱۹ (۱۸۶۵ء): ۴۸۵؛ ۳۳ (d ۱۸۷۹ء): ۱۱۰۔

(B. Spuler)

**داتا گنج بخش**: نام شیخ علی ہُجویری* ؒ رحمۃ اللہ علیہ، کنیت ابوالحسن، والد کا نام عثمان ابن علی، یا "بوعلی" (بروے آئینِ اکبری، ۳: ۲۷۸؛ سفینۃالاولیاء، ص ۱۶۵) وطنی نسبت انہوں نے خود "الجُلّابی الغزنوی ثُمّ الہجویری" تحریر کی ہے۔ جلاب شہر غزنیں کا محلّہ اور ہجویر بظاہر بیرونی محلہ یا مضافاتی بستی تھی تاریخ ولادت کسی مأخذ میں نہیں ملتی۔ قرائن نواح ۴۰۰ھ/۱۰۱۰ء کے حق میں ہیں۔ یہ سلطان محمود غزنوی کا عہد (۳۸۸ھ/۹۹۸ء تا ۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء)، اور دار السلطنت غزنہ کے عروج کا زمانہ تھا۔

داتا صاحبؒ کا خاندان علم و تقوٰی سے متّصف تھا۔ ان کے ماموں کا لقب "تاج الاولیاء" تھا۔ جس محلے میں ان کا مزار تھا وہ بھی اسی نام سے معروف ہوا۔ داتا صاحبؒ کے والدین کی آخری آرام گاہیں اسی قبرستان میں بنیں، جن کی زیارت گیارھویں صدی ہجری میں شہزادۂ دارشکوہ (م ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء) نے کی تھی (سفینۃ، ص ۱۶۵)۔ ایک تازہ شہادت سے معلوم ہوا ہے کہ ان قبور کی اب بھی نشاندہی ہوتی ہے۔

Marfat.com

(محمد شفیع لاہوری، مقالات، ص ۱۸۳، لاہور ۱۹۶۰ء)۔ داتا صاحب کے حالات زندگی پانچویں، چھٹی اور ساتویں صدی ہجری کی کسی معلومہ تاریخ یا تذکرے میں نہیں ملتے ۔ سب سے پہلے ان کا ذکر ہمیں شیخ نظام الدین اولیا کے ملفوظات میں ملتا ہے، جو امیر حسن سجزی دہلوی [رک باں] نے کتاب فوائد الفواد کی صورت میں قلمبند کیے تھے ۔ پہلی بار ۲۹ ذوالقعدہ ۷۰۸ھ/۱۳۰۹ء کی ایک مجلس میں مزارات لاہور کا تذکرہ ہوا ۔ اسی میں شیخ نظام الدین سے روایت کی گئی ہے کہ ہجویری شیخ حسین زنجانی کے پیر بھائی تھے اور اپنے پیر [ابوالفضل محمد بن الحسن الختّلی] کے حکم سے جس دن لاہور آنے والے تھے اسی دن زنجانی موصوف نے وفات پائی [جیسا کہ وہ خود لکھتے ہیں، اس وقت ان کا سر میرے پہلو میں تھا ژوکوفسکی : کشف المحجوب، ص ۲۰۹] اسی حوالے سے یہ روایت ثمرات القدس (تالیف ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء) میں دہرائی گئی ہے، لیکن کچھ آگے حسین زنجانی کو یعقوب زنجانی ملقّب به صدر دیوان (م ۶۰۴ھ/۱۲۰۷ء) کا بھائی بتایا ہے ۔ حسین زنجانی کا مقبرہ لاہور، عقب مصری شاہ میں ہے ۔ ان کا سال وفات ۶۰۰ھ یا کچھ بعد بتایا گیا ہے (آئین اکبری، ۳ : ۲۷۸)۔ خود داتا صاحب نے اپنے کثیر ممتاز معاصرین میں اُن کا کہیں نام نہیں لیا ۔ نفحات الانس اور سفینة الاولیاء میں بھی اس بات کا ذکر نہیں آیا ۔ یہ روایت الحاق معلوم ہوتی ہے، اگرچہ زمانۂ حال کے تذکروں (مثلاً خزینة الاولیاء، ۲ : ۲۵۰)، عام معتقدین اور مجاوروں کی زبان پر یہ روایت جاری ہے ۔

فوائد الفواد کی ایک اور مجلس (۱۵ محرم ۷۱۰ھ/۱۳۱۰ء) میں نظام الدین اولیا سے روایت ہے کہ "شیخ علی ہجویری نے کتاب کشف المحجوب لکھی ۔ اس کے شروع میں اور آگے دو تین جگہ اپنا نام لائے ۔ قبل ازیں عربی اشعار کہتے اور نام نہیں لاتے تھے، ایک "جواں مرد" (ن : "ناجواں مرد") نے وہ سب اشعار اپنے نام کر لیے اور مرتے وقت دنیا سے بے ایمان گیا ۔ ایک اور قول دوسرے مجموعۂ ملفوظات درر نظامی، کے قلمی نسخے سے نقل کیا گیا ہے کہ "میں نے کشف المحجوب کا تمام و کمال مطالعہ کیا ہے ۔ یہ ایسی کتاب ہے کہ اگر کسی کو مرشد نہ ملے تو اسے پڑھنے سے مل جائے گا" (عبدالماجد دریا بادی : تصوف اسلام، ص ۳۷)۔ ہمارے علم میں صوفیہ کا پہلا اور معتبر تذکرہ، جس میں داتا صاحب کا باقاعدہ ذکر آیا ہے، مُلّا نورالدین جامی کا نفحات الانس ہے جو ۸۸۳ھ/۱۴۷۸ء کی تالیف ہے ۔ اس میں نام، کُنیت اور وطن تو لکھا ہے مگر ولادت اور وفات یا مدفن کا ذکر نہیں آیا ۔ [ابوالفضل محمد بن الحسن] خُتّلی سے مریدی اور متعدد مشائخ سے استفادہ کرنے کا حال بیان کیا ہے، نیز یہ کہ وہ "کشف المحجوب کے مصنف ہیں، جو تصوف کی مشہور اور معتبر کتابوں میں سے ہے" ۔ پھر اسی کتاب سے داتا صاحب کے پانچویں صدی ہجری کے دو واقعات درج کیے گئے ہیں ۔ بظاہر جامی کو بھی ان کے متعلق، بجز کشف المحجوب اور کوئی ذریعۂ معلومات نہیں مل سکا ؛ دوسرا حوالہ آئین اکبری، ج ۳ میں آتا ہے جس میں پاکستان و ہند کے اڑتالیس منتخب اولیا کا ذکر کیا ہے، داتا صاحب کا نام و نسب بتا کر، ان کے علم و عرفان اور تصنیف کشف المحجوب کی ستائش کی ہے، نیز ان کی خواب گاہ لاہور میں بیان کی ہے، آئین اکبری کے چار سال بعد لعل بیگ بخشی شہزادۂ مراد ابن اکبر بادشاہ نے ثمرات القدس تالیف کی، جس کی ایک منقولہ روایت اوپر بیان ہوئی ۔ دیگر حالات نفحات یا کشف ہی سے لیے ہیں؛ مگر یہ بات کہ داتا صاحب قیام لاہور کے زمانے میں اپنے علم و فضل کے باوجود، بچوں کو پڑھایا کرتے تھے، نیز وفات کے متعلق دو افسانوی روایتیں مؤلف کا اضافہ ہیں؛ اسی صدی کے وسط

marfat.com
Marfat.com

کا زیادہ مشہور تذکرہ سفینۃ الاولیاء ہے، جسے شہزادۂ داراشکوہ نے جوان عمری یعنی ۱۰۴۹ھ/ [۱۶۳۹ - ۱۶۴۰ء] میں مرتب کیا تھا۔ وہ داتا صاحبؒ کے علم و تقوی، طولانی سیر و سیاحت اور ان کی تصانیف منجملہ کشف المحجوب کی تعریف کرتا ہے؛ کشف المحجوب کے متعلق لکھتا ہے کہ یہ کامل ہدایت کی کتاب ہے، تصوف کی کتابوں میں ایسی گرانمایہ کتاب فارسی میں کبھی نہیں لکھی گئی۔ سفینۃ (ص ۱۶۵) کی یہ زائد روایت کہ داتا صاحبؒ نے غزنیں میں مسجد بنوائی اور اس کی سمتِ قبلہ پر اعتراض سن کر لوگوں کو از رہِ کرامت کعبۃاللہ کا مشاہدہ کرا دیا، مقامی روایتوں میں لاہور سے منسوب کی جاتی ہے (خزینۃ الاصفیاء، ۲ : ۲۳۶)۔ ان کے مزار کے متعلق داراشکوہ نے لکھا ہے کہ یہ لاہور شہر میں قلعے سے مغرب کی طرف ہے، سال وفات ۴۵۶ھ اور بروایت دیگر ۴۶۴ھ بیان کیا ہے۔ یہ بھی تحریر کیا ہے کہ "ان کے خوارق و کرامات کی کوئی انتہا نہیں۔ لاہور میں اقامت گزیں ہوے تو شہر کے سبھی باشندے رفتہ رفتہ ان کے معتقد ہوتے گئے جو شب جمعہ کو اِس نورانی مقبرے کی زیارت کو جاتے اور اپنی مرادیں پاتے، فقیر بھی ان کے روضۂ منورہ اور (غزنیں میں) ان کے ماموں اور والدین کے مقابر کی زیارت سے مشرف ہوا ہے"۔

متأخر تذکروں کے خاص مأخذ نفحات الانس اور سفینۃ الاولیاء ہی ہیں۔ ان دونوں میں سوانحی حالات بہت مختصر لکھے گئے۔ لامحالہ ہمیں اصل سر چشمے یعنی کشف المحجوب کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ یہ بے مثل کتاب غالبًا مختلف اوقات میں لکھی گئی، جو متعدد موضوعات پر مشتمل ہے؛ بعض کا ذکر درج ذیل ہے: تمہید، تسمیہ، علم اور تصوف کی حقیقت؛ خلفاے راشدین رضی اللہ تعالٰی عنہم، اولیاے سابقین کا تذکرہ؛ پھر دس ائمۂ صوفیۂ متاخرین، جن میں بعض کتاب کی تصنیف کے وقت زندہ تھے اور چھے وہ ہیں جن سے مصنفؒ خود مستفید ہوے؛ کتاب کے اس حصے میں ایک طولانی باب (چہاردہم) اپنے عہد کے بارہ فرق صوفیہ پر قلم بند کیا ہے، جن میں دس مقبول اور دو "مردود" یعنی اسلامی عقائد سے ہٹے ہوے تھے؛ آگے چل کر ایک باب (سیزدہم) ممتاز معاصر صوفیہ پر ہے، جس میں علاقہ وار ہر بزرگ کا نام اور مختصر حال دیا ہے۔ ان کی تعداد چالیس ہے۔ ضمنًا لکھتے ہیں: "سب کا حال تحریر کرنا ممکن نہیں، صرف خراسان میں تین سو بزرگوں سے ملا۔ ان میں سے ہر ایک صاحب مشرب تھا اور تنہا ساری دنیا کے لیے کافی ہوتا" (ص ۱۳۶)۔ آخری حصہ جو تقریبًا ثلث کتاب پر محیط ہے، "کشف حجابات" کے زیر عنوان، گویا مصنفؒ کی اصل تعلیم پر مشتمل ہے۔ اس میں معرفت الٰہی، توحید، ایمان، ارکان اسلام (صوم و صلٰوۃ، حج و زکٰوۃ) فلسفۂ ازدواج، مسئلۂ سماع اور ان کے فروغ پر بڑی عالمانہ بحثیں کی ہیں۔ ایک باب (سی و سوم) میں صوفیہ کی مصطلحات، ان کی اقسام و رموز کی شرح بیان کی گئی ہے؛ کتاب میں منقول عربی اشعار اور مشائخ کے اقوال کی تعداد تین سو سے زائد ہے۔ ایک سو چونتیس احادیث نبوی اور قریب قریب تین چوتھائی قرآن حکیم کی سورتوں سے دو سو چونتیس آیات کریمہ استنادًا لائی گئی ہیں (دیکھیے فہارس، مطبوعۂ لینن گراڈ) جو مصنفؒ کے حیرت‌انگیز، وسیع اور مستحضر علم کی شاہد عادل ہیں۔

کتاب میں اسلامی تصوف کا بہت بلند معیار پیش کیا گیا ہے۔ صوفی کا اشتقاق صفا سے اور اس کی اصل غیر اللہ سے دل کا انقطاع بتاتے اور اس نتیجے تک پہنچتے ہیں کہ در حقیقت صوفی کامل ولی ہی کا نام ہے (ص ۲۶)۔ اس میں اولیاے عظام کی کرامات اور خوارق کا بھی ذکر ہے نیز ان کے بیسیوں حکیمانہ اقوال اور نصائح کے ساتھ اوصاف حسنہ، صبر و قناعت، ایثار و سخاوت، ہمت و استغنا، صداقت و اخلاص کی

Marfat.com

وہ سچی تابناک مثالیں پیش کی ہیں جو ان بزرگوں کے فضل و شرف کی اصلی بُرہان اور اسلامی تہذیب و اخلاق کی عظمت کی دلیل ہیں۔ مزید براں مصنف تحقیق پسند تھے اور تحقیق کا بھی بہت بلند مجتہدانہ معیار ان کے پیش نظر تھا ۔ پہلے ہی باب میں، جو علم کے وجوب فضیلت پر ہے ، زور دیتے ہیں کہ علم کے لیے عمل اور درایت یعنی فہم و تحقیق ضروری ہے اور حضرت اَنَس رضی اللہ عنہ کے اس قول سے استشہاد کرتے ہیں کہ "همّة العلماء الدرایة ، و همّة السفهاء الروایة"۔ تمثیلات میں اخلاق و الٰہیات کے معارف بکھرے پڑے ہیں، جن کی تفصیل یہاں ممکن نہیں ۔ اسی طرح جگہ جگہ نفس انسانی کی وہ کوتاہیاں بھی منظر عام پر لائے ہیں جن تک صرف بزرگان باعمل ہی کی نگاہ پہنچ سکتی ہے ، مثلاً اپنے پیر کا ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ میں ایک بار ان کے ہمراہ آذربیجان کے علاقے سے گزر رہا تھا ۔ دو تین آدمیوں کو دیکھا کہ درویشانہ لباس میں گیہوں کے کھلیان کے قریب دامن پھیلائے کھڑے ہیں کہ زمیندار دانے ڈال دے ۔ شیخ کی ان پر نظر پڑی تو یہ آیت کریمہ پڑھی "اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی ص"—الآیة (۲ [البقرة] : ۱۶) ۔ میں نے کہا استاذ محترم ! یہ لوگ اس بے حمیتی میں کس طرح مبتلا ہوے؟ فرمایا ان کے پیروں کو حرص تھی کہ بہت سے مرید جمع کریں ۔ اِن مریدوں کو دنیا جمع کرنے کی حرص ہوگئی ۔ اور ایک حرص دوسری سے بہتر نہیں (ص ۱۴ ، بہ تصحیح ، حسب طباعت لینن گراڈ ، ص ۶۴) .

کتاب میں دوسرے سوانحی حالات بھی ضمناً آجاتے ہیں ۔ ان کے مطالعے سے پہلا مجموعی تأثر یہ پیدا ہوتا ہے کہ مصنفؒ کی عمر کا بڑا حصہ سیاحت و سفر میں گزرا، جس کا مقصد علم و معرفت حاصل کرنا تھا ۔ محولہ مقامات کے ناموں سے عیاں ہے کہ وہ برصغیر پاکستان و ہند (کم از کم غزنوی مقبوضات، جو تقریباً موجودہ مغربی پاکستان کے برابر تھے)، کرمان، سیستان، شمال میں تُرکستان و ماوراء النہر، مغرب میں ایران کے اکثر اقطاع ( : خوزستان، طبرستان آذربیجان، قہستان، فارس)، عراق، شام و فلسطین تک سفر کرتے رہے ۔ حرمین شریفین کا ذکر بھی بالواسطہ آیا ہے ۔ اس زمانے کی عام مشکلات سفر کے علاوہ، (معلوم ہوتا ہے کہ داتا صاحبؒ اکثر پیادہ پا سفر کرتے اور حسب ضرورت کسی مسجد یا خانقاہ میں ٹھیر جاتے تھے) ایک جگہ (ص ۲۶۹) لکھتے ہیں مجھے اپنی سیاحتوں میں سب سے زیادہ اذیت و رنج اس بات سے ہوتا تھا کہ جاہل خادم (خانقاہ سے) مجھے کبھی کسی زمیندار کے گھر لے جاتے تھے، کبھی اور کسی کے پاس ٹھیرا دیتے تھے ۔ دل میں نیت کر لی تھی کہ کبھی خود مقیم ہوا تو مسافروں سے ایسا سلوک نہ کروں گا۔ "بے ادبوں کی صحبت سے فقط یہی فائدہ ہے کہ ان کی جو بات ناگوار ہو تو تم ویسا نہ کرو"۔ ایک خانقاہ میں پہنچے تو کپڑے پھٹے ہوے، ہاتھ میں صرف لاٹھی اور چھاگل تھی ۔ وہاں کے مقیم صوفیوں نے باسی، پھپوندی لگی روٹی کھانے کو دی اور خربوزے کے چھلکے ان پر پھینکے (ص ۵۰)۔ ان مثالوں اور متعدّد اشارات سے ان کے لباس اور فقر و فاقہ میں زندگی گزارنے کا پتا چلتا ہے ۔ ان موضوعات پر کشف میں کئی باب لکھے ہیں، بلکہ فقیروں کی گدڑی اور پیوند لگے کپڑوں پر ایک مستقل کتاب اسرار الخِرَق والمؤنات تصنیف کی تھی؛ ایک زمانہ ایسا بھی آیا جب وہ عراق میں خوش حال اور مُسرف دنیا داروں کی طرح رہا کرتے تھے ۔ لوگ دنیاوی چیزیں ( : "حشویۂ دہر") مانگنے آتے اور یہ اُن کی فراہمی کی کوشش کرتے، اسی سلسلے میں قرض کے زیر بار بھی ہوے ، بالآخر کسی بزرگ کی تنبیہ سے آنکھ کھلی اور دل کو "فراغت" میسر آئی (ص ۲۷۱)۔ بظاہر انھوں نے ساری عمر تجرد میں بسر کی ۔ کشف المحجوب کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ ان

Marfat.com

میں زہد و ترک کا میلان پایا جاتا تھا اور وہ اکثر مجاہدات و ریاضات شاقہ کیا کرتے تھے، جسے اس زمانے کے اعلیٰ طبقے کے مسلمانوں کی عیش پرستی، حُبّ مال و جاہ، اسراف و تکلّفات کا شدید رد عمل کہا جا سکتا ہے۔

داتا صاحبؒ کا سلسلۂ طریقت تین واسطوں سے سیّد الطائفہ جُنَید بغدادیؒ [رک بآں] تک پہنچتا ہے۔ ان کے پیر ابوالفضل محمد بن الحسن الخُتلیؒ کا وطن دریاے جیحوں کا بالائی علاقہ خُتلان تھا، لیکن جبل لُکام کے موضع بیت الجن میں جا بسے تھے، جو دمشق کے جنوب مغرب میں اس کے اور بانیاس کے درمیان واقع تھا۔ عارف کامل اور زاہد مرتاض تھے۔ ایک عمر خلوت میں گزاری۔ فقر و استغنا کا یہ حال تھا کہ مدت تک ایک ہی جبّہ پہنا اور اسی میں پیوند پر پیوند لگاتے رہے (ص ۴۷)۔ ان کا قول تھا کہ الدنیا یومٌ و لنا فیہا صومٌ (=دنیا ایک دن کی ہے اور اس میں ہمارا روزہ ہے)۔ ایسی فقیری کے باوصف، داتا صاحبؒ شاہد ہیں کہ ان جیسا با رعب شخص میں نے نہیں دیکھا۔ ان کے کشف و کرامت کے بارہا مشاہدات ہوتے تھے۔ انہیں میں ایک ذاتی واقعہ یہ لکھا ہے کہ ایک دن میں اُنہیں وضو کرا رہا تھا۔ خیال آیا کہ سب کام منشاے خداوندی سے ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے مردان آزاد کو حصول کرامت کی امید میں پیروں کا غلام کیوں بنا دیا؟ شیخؒ کشفاً میری قلبی واردات سے آگاہ ہو گئے اور فرمایا "اے فرزند! ہر حکم کے لیے سبب ہوا کرتا ہے؛ جب خدا چاہتا ہے کہ ایک عام سپاہی زادہ کو تاج مملکت عطا کرے تو اسے توبہ کرنے اور اپنے کسی مقبول بندے کی خدمت کرنے کی توفیق دیتا ہے کہ وہی خدمت عطاے تاج کا سبب بن جائے۔" معلوم ہوتا ہے بہت عرصہ داتا صاحب سفر و حضر میں ان کے ساتھ رہے اور انتقال (۴۶۰ھ/ ۱۰۶۸ء) کے وقت ان کا سر داتا صاحبؒ کے زانو پر تھا (ص ۱۳۱)۔ ان کے علاوہ بھی داتا صاحب نے بہت سے شیوخ سے استفادہ کیا، جن میں ابوالقاسم الجرجانی، القُشیری اور ابوالعباس الآشقانی کا خاص طور پر ذکر کرتے ہیں۔ ظاہری علوم کے اساتذہ کا ذکر نہیں کیا، لیکن تفسیر و حدیث کی طرح فقہ اور معقولات میں یقیناً دسترس رکھتے تھے۔ ایک جگہ مسائل فقہ خود پڑھانے کا ذکر کیا ہے (ص ۲۴۵)۔ بعض علمی اور عقلی مناظروں کا بھی ذکر آیا ہے (مثلاً ص ۴۷، ۴۹)۔ ایک دلچسپ مثال یہ ہے کہ غزنین کے کسی مدعی علم و امامت نے لباس میں پیوند لگانے کو بدعت قرار دیا۔ داتا صاحبؒ نے فرمایا ریشم اور زری کے کپڑے جو ملوک جابر سے تم بالحاح مانگ کر لاتے ہو انہیں تو جائز سمجھتے ہو اور جامۂ حلال، جو جاے حلال اور زر حلال سے حاصل کیا گیا ہے، اُسے پہننا بدعت بتاتے ہو (ص ۱۱۵)۔

داتا صاحب اہل سنت اور حنفی تھے؛ ملاحدہ، قرامطہ، باطنیہ اور روافض کی مدلّل تکذیب کرتے تھے (ص ۱۲۱، ۲۰۵ وغیرہ)۔ شیخین رضی اللہ عنہما سے کمال عقیدت کے سلسلے میں یہ امر لائق ذکر ہے کہ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی کو طریقت یا ولایت کا امام مانتے ہیں (ص ۳۳)۔ موزوں طبیعت پائی تھی۔ بیسیوں منتخب عربی اشعار ان کے ذوق لطیف کے گواہ ہیں۔ خود (شاید جوانی میں) شعر کہے اور اپنا دیوان مرتب کیا، جو کوئی چرا کر لے گیا اور اسے اپنے نام سے مشہور کر دیا (ص ۱)۔ کشف المحجوب میں صراحةً اپنا صرف ایک شعر نقل کیا ہے (ص ۱۹۱)۔ [بعض تذکروں میں ایک پوری غزل ان کے نام سے درج ہے۔] انشاپردازی کا بہترین ثبوت ان کی یہی کتاب ہے، جو نثر فارسی کے ابتدائی دور میں تصنیف ہوئی۔ اس کے علاوہ نو کتابیں تصنیف کیں، جن کے صرف نام باقی رہ گئے ہیں: [(۱) دیوان؛ (۲) منہاج الدین؛ (۳) اہل صفّہ؛ (۴) منصور حلاج؛ (۵) رسالۂ اسرار الخرق والمؤنات؛ (۶) کتاب فنا و بقا؛

Marfat.com

(۷) کتاب البیان لاهل العیان؛ (۸) بحر القلوب؛ (۹) الرعایة لحقوق الله (فهرست ۴، مطبوعهٔ لینن گراڈ؛ مقالات، محمد شفیع لاهوری، ص ۱۸۷؛ سیّد هاشمی: مآثر لاهور، ص ۲، ۶۲)۔ کشف المحجوب کا سلامت رهنا بھی اس کی مقبولیت کی دلیل هے؛ شیخ نظام الدین اولیاءؒ کے وقت سے اهل نظر اس کے مدّاح چلے آتے هیں۔ قلمی نسخوں میں سب سے قدیم اور نفیس نسخه ساتویں صدی هجری کا لکھا هوا، محمد شفیع لاهوری کے ذاتی کتاب خانے میں هے، جو اب لاهور سے طبع هو چکا هے۔ ایک نسخه پروفیسر ژوکوفسکی کی ناقدانه تصحیح، فهارس و اشاریات کے ساتھ لینن گراڈ سے نسخ ٹائپ میں شائع هوا۔ [یهی متن مؤسسه مطبوعاتی امیر کبیر نے تحقیق جدید کے ساتھ ۱۳۳۶ھ ش میں طبع کیا هے۔] اردو ترجموں کے علاوه پروفیسر نکلسن نے کشف المحجوب کا انگریزی میں ترجمه کیا (سلسلهٔ مطبوعات گب، لنڈن ۱۹۱۱ء)، جس سے کتاب کی بین الاقوامی قدر و منزلت ثابت هوتی هے۔ کشف المجوب میں داتا صاحب نے وقت ور مقام تصنیف کی تصریح نهیں کی، اگرچه ایک جملے سے قیاس هوتا هے که لاهور میں تکمیل کی جا رهی تھی (ص ۲۷، دیکھیے ذیل میں)۔ اسی سے داتا صاحبؒ کے لاهور میں ورود اور قیام کا سوال سامنے آتا هے۔ بعض قرائن سے پتا چلتا هے که شاید وه کئی بار لاهور آئے۔ آخری قیام اور سال وفات کا مسئله پھر بھی حل نهیں هوتا۔ [جیسا که اوپر ذکر آچکا هے دارا شکوه نے ان کا سال وفات ۴۶۵ھ / ۱۰۷۳ء لکھا هے؛ غالباً ملک الشعرا بهار کا مأخذ بھی داراشکوه کی سفینة الاولیاء هے؛ نیز دیکھیے بهار: سبک شناسی، ۲، ص ۱۸۷، مطبوعهٔ تهران؛ لیکن یه سال وفات درست معلوم نهیں هوتا، کیونکه هم جانتے هیں که داتا صاحب اپنے استاد امام القشیری (م ۴۶۰ھ) کے جوان معاصرین میں سے تھے (دیکھیے Ethe : *Neupersische Litteratur*، G. I. P.، عدد ایس ۳۶۴، ۱۸۹۶–۱۹۰۳ء، مطبوعهٔ سٹراس برگ)]۔ کشف میں امام القشیری اور ابو الحسن سالبه (م ۴۳۷ء) کے اسما کے ساتھ رحمة الله علیه کا اضافه کیا گیا هے، جس سے داتا صاحبؒ کے انتقال ۴۶۵ھ کی عام روایت باطل ٹھیرتی هے (قب حبیبی: تاریخ وفات داتا گنج بخش...، در اورینٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۶۰ء)، [جس میں حبیبی نے یه نتیجه نکالا هے که کشف المحجوب کی تکمیل ۴۸۱ھ اور ۵۰۰ھ کے مابین هوئی، نیز یه که داتا صاحب کی وفات ۴۸۱ھ اور ۵۰۰ھ کے مابین هوئی (دیکھیے مقالات محمد شفیع لاهوری، ص ۱۹۳)۔ محمد شفیع لاهوری کے طبع شده نسخے پر بھی داتا صاحب کی تاریخ وفات ۴۸۱ھ اور ۵۰۰ھ کے مابین دی گئی هے]۔ واضح رهے که ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء تا ۴۹۲ھ/۱۰۹۹ء سلطان ابراهیم ابن مسعود غزنوی کا عهد حکومت تھا۔ اس کے دو بیٹے سیف الدوله محمود اور علاء الدوله مسعود ۴۶۹ سے ۴۹۹ھ تک لاهور میں صوبه دار رهے (مآثر لاهور، ص ۱، ضمیمه)۔ ان دو ناموں سے بعد کی روایتوں میں بهت التباس هوا، تاهم یه تسلیم کرنا ممکن هے که داتا صاحبؒ کے مزار کی زیارت سے اولاً علاء الدوله مسعود مشرف هوا (ضمیمهٔ کشف المحجوب، از حبیب الله کاتب) اور مقبره سلطان ابراهیم نے تیار کرایا (دیکھیے محمد لطیف: *Antiquities of Lahore*، ص ۱۷۴)۔ داتا صاحبؒ کے اتباع یا خلفا کا کوئی سلسله آگے نهیں چلا۔ کشف میں شکایت کرتے هیں که میری کتابیں غزنین میں ره گئیں اور میں ("دربلده لهانور که از مضافات ملتان است") ناجنسوں میں پھنسا هوا هوں، (ص ۲۷؛ قب مطبوعهٔ لینن گراڈ، ص ۹۱)۔ انهوں نے عزلت و گمنامی میں زندگی گزار دی، لیکن ان کے فضل و کمال کا مسلسل اعتراف هوتے رهنا مسلّم هے اور اهل علم و عرفان کے لیے ان کی یه بلیغ و دلآویز کتاب ایک جاودانی عطیه هے۔ یه سب ان کی عظمت اور فیوض جاریه کے بدیهی شواهد هیں۔

مآخذ: (۱) حسن سجزی دهلوی: فوائد الفواد،

Marfat.com

لاہور ۱۹۶۳ء؛ (۲) الذهبی : تاریخ دُوَل الاسلام، ج ۲، حیدرآباد ۱۳۳۷ھ؛ (۳) نور الدین جامی : نفحات الانس، نولکشور ۱۸۷۳ء؛ (۴) ابوالفضل: آئین اکبری، ج ۳، نولکشور ۱۸۶۹ء؛ (۵) لعل بیگ، بخشی شہزادۂ مراد بن اکبر بادشاہ: ثمرات القدس (تالیف ۱۰۰۷ء)، قلمی نسخہ مملوکۂ ظفر حسن، کراچی؛ (۶) داراشکوہ بن شاهجهان : سفینة الاولیاء کانپور ۱۸۷۲ء؛ (۷) غلام سرور: خزینة الاصفیا (تالیف ۱۲۸۱ھ)، نولکشور ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۴ء؛ (۸) نور احمد: تحقیقات چشتی، لاہور ۱۸۶۵ء؛ (۹) محمد لطیف: History and antiquities of Lahore، لاہور ۱۸۹۲ء؛ (۱۰) عبدالماجد: تصوف اسلام، اعظم گڑھ ۱۳۴۳ھ؛ (۱۱) ہاشمی فرید آبادی: مآثر لاہور، لاہور ۱۹۵۶ء؛ (۱۲) عبدالحی حبیبی : تاریخ وفات داتا گنج بخش علی هجویری غزنوی، در اوریئنٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۶۰ء؛ (۱۳) محمد شفیع لاہوری: مقالات، لاہور ۱۹۶۰ء؛ (۱۴) ظہیر احمد بدایونی: ظہیر المطلوب، اردو ترجمہ کشف المحجوب، لاہور ۱۹۰۹ء؛ (۱۵) Revelation of Hidden things، انگریزی ترجمۂ کشف المحجوب، از نکلسن، لنڈن ۱۹۱۱ء؛ (۱۶) کشف المحجوب، مطبوعہ گلزار ہند سٹیم پریس، لاہور ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۳ء؛ (۱۷) کشف المحجوب، طبع ژوکوفسکی، لینن گراڈ ۱۹۲۶ء؛ (مقالے میں ہر جگہ صفحات کے نشان لاہور کے مذکورۂ بالا مطبوعہ نسخے سے اور بعض حوالے لینن گراڈ کی طباعت سے دیے گئے ہیں)۔

(ہاشمی فرید آبادی)

* **الدّاخِل** : رک بہ عبدالرحمٰن الاول القرطبی۔

* **دار** : (رہنے کی جگہ) گھر ۔ "بیت" اور "دار" دونوں لفظوں کا استعمال "گھر" کے لیے بہت عام ہے، لیکن اپنے باریک معانی کی رو سے ان کے خاصے مختلف مفہوم ہیں ۔ "بیت" دراصل ایک مسقّف جگہ ہے جہاں آدمی رات بسر کر سکتا ہے ۔ "دار" (= بمعنی گھیرنا سے) ایسی کھلی جگہ کو کہتے ہیں جو دیواروں، عمارتوں یا بدویوں کے خیموں سے گھری ہوئی ہو جو کم و بیش ایک دائرے کی شکل میں نصب ہوں ۔ "دارۃ" قبائلی پڑاؤ کو کہتے ہیں، جو شمالی افریقہ میں "دُوّار" کے نام سے معروف ہے ۔ قدیم ترین زمانے سے مسلمانوں میں ایک مرکزی جگہ کے گرد مکان یا احاطہ بنانے کا رجحان رہا ہے، جہاں چرواہے کا ریوڑ دشمنوں کے حملوں سے محفوظ رہے یا جہاں حضری خاندان اجنبیوں کی مداخلت سے محفوظ رہ سکے ۔ زمانۂ اسلام کے اوائل میں بنایا ہوا سب سے پہلا قابل ذکر مکان خانۂ خدا ہے، جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے ہجرت کے بعد مدینۂ منورہ میں پہنچ کر تعمیر کیا ۔ اس کے بعد وہ مکانات ہیں جو آنحضرتؐ نے اپنے اور اپنے خاندان کے رہنے اور مومنین کے اجتماع کے لیے بنائے ۔ ان سب کا ضروری جزو دیواروں سے گھرا ہوا صحن ہے ۔ دھوپ سے بچاؤ کا سائبان، جو اصحاب صُفّہ کو محفوظ رکھنے کے لیے بنایا گیا، ایک طرف دیوار کے ساتھ ساتھ چلا گیا ہے ۔ دوسرے پہلو کے ساتھ ساتھ حجرے بنائے گئے تھے ۔ ان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ازواج مطہراتؓ رہتی تھیں اور ان میں بعد میں مزید اضافہ کیا گیا تھا ۔

ان حُجروں کے موضوع پر حدیث میں ہمیں دلچسپ تفصیل ملتی ہے ۔ صحن میں جانے کے لیے ہر حجرے کے دروازے کے سامنے کھجور کی شاخوں کا ایک سائبان بنا ہوا تھا، جو ضرورت کے وقت اونٹ کے بالوں سے بنے ہوئے پردوں سے بند ہوسکتا تھا ۔ حجرے کا یہ بیرونی حصہ، جو "رِواق" کی یاد دلاتا ہے (یعنی وہ اوٹ جو بدویوں کے خیمے کے سامنے لگائی اور ہٹائی جا سکتی تھی ۔ اس کے ذریعے بیرونی دنیا سے گھر کا تعلق بھی قائم رہتا تھا اور یہ ڈیوڑھی کا کام بھی دیتی تھی)، مسلمانوں کے مکانات میں یہ طریقہ ہمیشہ برقرار رکھا گیا ۔ قابل سکونت کمروں سے گھری ہوئی کھلی مرکزی جگہ کا یہ نظام عرب دنیا سے مختص نہیں بلکہ

Marfat.com

یہی ہیئت قدیم رومی مکان کی تھی جس کے ساتھ ایک بڑا سا سائبان ہوتا تھا، اسی طرح کی بناوٹ یونانی مکان کی بھی ہوتی تھی، جو کھڑے پتھروں کے حلقے سے گھرا ہوتا تھا ۔ یہ طرز قدیم زمانے میں بحیرۂ روم کے ملکوں نے ضرور اختیار کیا ہوگا، لیکن اس نوع کے گھر کی تعمیر مسلمانوں کی زندگی کا بہترین نقشہ پیش کرتی ہے ۔ یہ نقشہ اس تصور سے، جس کی رو سے خاندان میں ایک بزرگ مرد کی حکومت ہو، بہت مطابقت رکھتا ہے اور نہ صرف اس خاندان کے لیے ایک احاطہ بند حلقہ فراہم کرتا ہے بلکہ حجاب کے ضروری وصف کو بھی جو مسلمان کی نجی زندگی میں لازمی ہے، بآسانی پورا کرتا ہے ۔ عمارت کی ترتیب، اس کی ترکیب اور بلندی، دونوں میں یہی منشاء جھلکتا ہے ۔ ان کی بنائی ہوئی عمارتوں کی رُوکاروں کی خوش وضعی، زیبائی اور اس پر مزید تکلّفات معمار کے لیے بہت قابلِ توجہ اور مالک مکان کے لیے امارت کی علامت ہوتی ہے ۔ اس کے خلاف ایک مسلمان کا مکان، چاہے وہ کتنا ھی امیر کیوں نہ ھو باھر سے نہایت متین اور سادہ نظر آتا ہے، یعنی صرف ایک چار دیواری جس میں بھاری بھرکم اور ھمیشہ بند رہنے والا دروازہ اور چند تنگ کھڑکیاں لگی ہوتی ہیں ۔ گھر کی اس تعمیر میں سب سے زیادہ توجہ کے قابل گھر کے وسط میں کھلا صحن ہے، جو پورے مکان کا صدر حصہ معلوم ہوتا ہے ۔ اس کے ہر طرف کی خوش منظر رُوکاریں تعمیر کرنے والے کے لیے بیش بہا اور گوناگوں جمالیاتی موضوع عمل ہیں، لیکن ایسا موضوع جس کی خوبصورتی فقط اس کے مکینوں کے لیے ہوتی ہے ۔

اگرچہ وہ رسم و رواج جن کی تشکیل اسلام نے کی ہے ان گھروں میں نسبۃً یکسانی کا باعث ہوے، لیکن ان میں ایک حد تک ان موسمی حالات نے بھی یکسانی پیدا کی جو اکثر ممالک اسلامیہ پر اثر انداز ہیں ۔ مسلمان عموماً، جیسا کہ معلوم ہے، ایک طویل مشرق اور مغربی خطے میں اقامت گزین ہیں جہاں بارش بہت کم، دھوپ سخت تیز اور گرمی شدید ہوتی ہے ۔ بارش کی قلت کے باعث ان خشک اور صحرائی علاقوں میں پانی، چاہے وہ جوہڑ کا ہو یا چشمے کا، بڑی قابل قدر چیز سمجھا جاتا ہے، جس کا محلات بلکہ معمولی مکانوں کی آسائش و آرائش میں بھی بڑا اہم حصہ ہوتا ہے ۔ سخت دھوپ اور شدید موسم گرما سے بچنے کے لیے ایسے تہ خانے تعمیر کیے جاتے ہیں جیسے عراق اور ایران کے "سرادیب" (واحد "سرداب")، یا ایسے کمرے جو خوب ہوادار ہوتے ہیں، لیکن جن میں روشنی مدھم رکھی جاتی ہے، جیسے "ایوان"؛ "ایوان" ایک ایسا کمرہ ہے جس کے تین طرف دیواریں ہوتی ہیں اور چوتھی طرف کا پورا ضلع باھر کے رُخ کھلا ہوتا ہے، جیسے ایک بہت بڑا کُشادہ چھجّا، جس کی سطح چپٹی اور چھت عام طور پر (نیم اُستوانی) لداؤ کی ہوتی ہے ۔ یہ صحن کی طرف اس طرح کُھلا ہوتا ہے کہ اس سے عربی خیمے کی "رواق" کی یاد تازہ ہو جاتی ہے ۔ یہ کمرۂ استقبال کا بھی کام دے سکتا ہے اور یونانی مکان کی ڈیوڑھی (Prostas) سے بھی مشابہت رکھتا ہے ۔ اس کے باوجود یہ شاید ایرانی ایجاد ہے ۔ ھَتْرا (Hatra الحَضْر، عراق) کے ایک پارتھی محل میں (دوسری صدی عیسوی) یہ ایوان اپنی پوری شان و شوکت سے نمایاں ہے ۔ آگے چل کر یہ ساسانیوں کے فن تعمیر کا امتیازی جزو بنا ۔ اس کی مشہور ترین مثال مدائن کا محل "طاق کسریٰ" ہے، جسے شاھنشاہ انوشیروان (۵۵۱ - ۵۷۹ء) نے تعمیر کرایا تھا ۔ عراق ماھرین تعمیر نے، جو بنو عبّاس کے لیے کام کرتے تھے، "ایوان" کو اپنی یادگار فنی تخلیقات کا ایک لازمی جزو بنا دیا ۔ صاف معلوم ہوتا ہے کہ مدائن ھی کا محل دیکھ کر اس معمار کو تحریک ہوئی جس نے ۲۲۱ھ/۸۳۶ء میں سامّرا [رکّ باں] کے مقام پر المعتصم کے محل کا بڑا "ایوان" بنایا ۔ یہ ایک چھوٹے

Marfat.com

پیمانے پر ۴۷ ۳ھ/۹۶۴ء میں بنے ہوے اُخَیضِر کے محل میں پایا جاتا ہے ۔ اس شاہی محل میں عمارات سے گھرے ہوے آنگن نظر آتے ہیں ۔ ایسے دو آنگنوں کے دو "ایوان" آمنے سامنے کھلتے ہوے بنے ہیں اور دونوں کے بازو پر آنگن کے سارے عرض میں ایک برآمدہ بنا ہوا ہے ۔ یہ موزوں نقشہ، جس میں ایک دوسرے کے رُوبرُو دو کُشادہ برآمدے، اور دور دیوار کی طرف کھلنے والے "ایوان" ہوتے، جو موسم کے مطابق، سرما یا گرما میں، استعمال ہوتے تھے، عراق جدید کے مکانوں میں ہمیشہ برقرار رکھا گیا ہے ۔ برآمدہ یا کشادہ کمرہ، جو سہ درے کمانچے کے ذریعے آنگن کی طرف کھلتا ہے، تَرِمَہ کہلاتا ہے ۔ "ایوان" کے دونوں جانب دو کوٹھریاں (="اُوَدَہ") ہوتی ہیں، جن سے نقشے کی مستطیل شکل قائم رہتی ہے ۔ بہر کیف، تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی تک اس تصوّر تعمیر نے (کُشادہ پیش دالان، گہرا "ایوان" مع بغلی کمروں کے جن کے دروازے پیش دالان میں کھلتے ہیں) مغرب کی طرف حرکت کی اور بحیرۂ روم کے ممالک میں پہنچنا شروع ہو گیا ۔ الفُسطاط (قدیم قاہرہ) کے بعض مکانوں میں، جنھیں عموماً طولونیوں سے منسوب کیا جاتا ہے، "ایوان" ایک اہم کردار ادا کرتا ہے ۔ آنگن کے گرد، جس کے کسی ایک گوشے سے داخلہ ہوتا ہے، چاردیواری ہوتی ہے اور چاروں اضلاع میں "ایوان" ہوتے ہیں، جن میں سے بعض زیادہ چوڑے اور بعض کم چوڑے بلکہ چپٹی سطح کے کشادہ سائبانوں کے مانند ہوتے ہیں ۔ کسی ایک ضلع میں تین در کا پیش دالان ہوتا ہے اور اس کے سرے پر وسطی "ایوان" اور اس کے ایک جانب حجرے ہیں ۔ اس کشادہ پیش دالان اور اس چوڑے "ایوان" کا نقشہ T کی شکل کا ہوتا ہے ۔ یہ طولونی مکانات جو اُس عہد کی یادگار عمارات کے مانند، اینٹوں کے بنے ہوے ہیں، کئی منزلوں پر مشتمل ہیں ۔ ان میں تازہ پانی اندر لانے اور گندہ پانی نکالنے کی نالیوں کا باقاعدہ انتظام ہوتا تھا ۔ ان کے آنگنوں کی آرائش حوضوں اور پردوں سے کی جاتی تھی ۔ دو مکانوں کے ایک کمرے میں فوارہ بنا ہوا ہوتا تھا، جس کا پانی نہر کے ذریعے آنگن کے حوض میں آتا تھا ۔ مستطیل کے چھوٹے پہلوؤں اور دروازے کے سامنے کی طویل دیواروں کے درمیان عموماً فرش زمین کے ہم سطح سائبان نکال دیے جاتے ہیں، جنھیں چھوٹا ایوان کہنا چاہیے ۔ ان میں نشست کی چیزیں رکھی جا سکتی ہیں .

اس سے پیشتر کہ گھریلو فن تعمیر کے ان عناصر کی، جن کے طولونی مکانات مظہر ہیں، مغرب کی جانب منتقلی کا مطالعہ کیا جائے، یہ بتانا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے وطن اصلی میں کس طرح تبدیل ہو چکے ہیں اور ترکوں کے زیر اثر ہیئت بدل جانے کے بعد مصر کی جدید سکونت گاہوں میں اب ان کا کتنا حصہ باقی رہ گیا ہے ۔ ان سکونت گاہوں میں آنگن ابھی تک ایک اہم عنصر ہے، لیکن اب یہ عمارت کے مرکز میں نہیں ہوتا بلکہ اس کے سامنے ہوتا ہے، جس میں ایک قوسی برآمدے سے ہوکر جانا پڑتا ہے ۔ ملاقاتی کا اس جگہ ایک نیچے کمرے ("تخت بوش") میں استقبال کیا جا سکتا ہے، جو نیچے کی منزل میں جانے کے لیے پوری طرح کھلا ہوتا ہے، یا اوپر کے رُخ اس کمانچے میں جاتا ہے جسے "مقعد" کہتے ہیں اور صحن اس کے زیر قدم ہوتا ہے ۔ اگر ملاقاتی گھر کے اندر داخل ہو رہا ہے تو اس کا استقبال سلام لیک [=السلام علیکم] سے کیا جائے گا ۔ اس کا صدر حصہ ایک بڑا دالان ("مَنْدَرہ") ہوتا ہے، جس کے وسطی حصے کو، جو آنگن کا بدل ہے، پختہ بنا کر فوارے سے آراستہ کیا جاتا ہے اور اس کے ارد گرد دو یا تین "ایوان" یا جیسا کہ اب مقامی بولی میں کہنے لگے ہیں "لیوان" ہوتے ہیں ۔ ان "لیوانوں" پر، جو فرش کی سطح سے بلند بنائے جاتے ہیں، قالین اور (دیوان) بچھائے جاتے ہیں ۔ "حریم" تو "سلام علیک" سے قطعی طور پر جدا ہوتا ہے اور

Marfat.com

اس میں ایک دروازے سے، جو آنگن میں کھلتا ھے، اور سیڑھیوں سے، اندر جاتے ھیں۔ "قاعۃ"، جو اس کا سب سے بڑا کمرہ ہوتا ھے، "مندرہ" سے مشابہت رکھتا ھے، اس لیے کہ یہاں بھی وسط میں جگہ چھوڑ دیتے ھیں اور بغلی توسیعات بھی ہوتی ھیں۔ پھر بھی یہ مختلف چیز ھے اور زیادہ واضح طور پر قدیم آنگن سے ماخوذ ھے، کیونکہ وہ دیواریں جو وسطی جگہ کو گھیرے ہوتی ھیں برآمدوں کی سطح تک اونچی ہوتی ھیں اور ان میں ایک قندیل ہوتی ھے جو اندرون خانہ کو روشن کرتی ھے۔

وسطی آنگن والے یہ مکان، ان خصوصیّات کے ساتھ جو ایرانی روایت سے ورثے میں ملیں اور جنھیں بوزنطیوں کی ضروریات خانہ داری کے مطابق ڈھال لیا گیا تھا، جلد ھی بحیرۂ روم کے مسلم ممالک میں رواج پا گئے۔ اس رواج کی شہادتیں قریبی زمانے کی اثری تحقیقات سے ملی ھیں۔ حال ھی میں صبرہ۔ منصوریۃ شہر کی کھدائیوں سے، جسے المنصور فاطمی نے ۳۳۵ھ/۹۴۷ء میں القیروان کے دروازوں کے قریب بسایا تھا، ایک محل برآمد ہوا ھے، جس کی دیواریں مٹی کی ھیں اور کسی زمانے میں گِلی مرصّع کاری سے اس کی سجاوٹ کی گئی تھی۔ یہاں ھم ایک چوڑے پیش دالان، اور پہلو میں دو کمرے لیے ہوئے اندر کے عریض ایوان کا نقشہ دیکھتے ھیں۔ اس عہد میں (یا ممکن ھے کہ اس سے ذرا پہلے) صنہاجی امیر زیری کا اشِیر میں محل، جس کی تاریخ تعمیر تقریباً ۳۲۴ھ/۹۳۵ء ھے، آنگنوں اور ان کمروں کے نہایت صحیح تناسب کی وجہ سے جو ان کے چاروں طرف بنے ھیں جاذب توجّہ ھے۔ اس کے پانچ کمروں میں مسطح بنیاد والے سائبان دروازے کے مقابل کی دیوار سے ملے ہوئے ھیں۔ ان اندرونی کمانچوں کے مقابل باھر کی طرف کے حصے سامنے سے مستطیل رکھے گئے ھیں۔

تقریباً ایک سو سال بعد بربر علاقے میں صنہاجہ کے مقام پر بنو حمّاد کے قلعے کے محل تیار ہوتے نظر آتے ھیں، جن میں سے تین کھود کر نکالے جا چکے ھیں۔ "دارالبحر"، جو سب سے بڑا ھے، اور جس کا یہ تاریخی نام پانی کی اس وسیع چادر کی بدولت زبان زد ہوا جو سارے وسیع آنگن میں کُلّی طور پر پھیلی ہوئی تھی، اس عظیم تلاؤ کے کنارے پر سرکاری کمرے تھے۔ ایک دوسرے آنگن کے ارد گرد عمارات تھیں، جو قیاساً گھریلو استعمال، جیسے گودام اور مہمانوں کے غسل خانے، کے لیے تھیں۔ مسطح بنیاد والے سائبان، جو غالباً "ایوان" سے اخذ کیے گئے تھے اور جن سے ساسانی ماھرین تعمیر یقیناً بہت پہلے سے بخوبی واقف تھے، کمروں کی داخلی بناوٹ میں بوقلمونی پیدا کرتے ھیں۔ بنو حماد کے ایک اور محل قصرالمنار (قلعۂ قنل) کی کھدائی سے پتا چلتا ھے کہ اس کے وسطی ایوان کی چھت کسی زمانے میں بلا شبہ قبہ نما ہوگی اور اس کے چاروں طرف سائبان ہوں گے یا دیواروں کے اندر کمانچے تعمیر کیے گئے ہوں گے۔ اس طرح کا ایک چلیپائی نقشہ ھم پلرمو میں زِزہ کی کوشک میں دیکھتے ھیں، جسے نارمن بادشاہوں نے بارھویں صدی عیسوی میں تعمیر کیا تھا۔ ان سائبانوں میں سے ایک میں فوارہ بنا ھے، جس کا پانی کمرے میں سے گذرتی ہوئی ایک نہر میں بہتا ھے، جیسا کہ الفُسطاط کے طولونی مکانات میں، جن کا ذکر پہلے گزر چکا ھے۔

ایشیائی عناصر، جو شمالی افریقہ میں گھریلو فن تعمیر نے اپنا لیے گئے ھیں، آثار سدرتہ (Sedrata) میں دیکھے جا سکتے ھیں۔ یہ صحرا میں ایک شہر ھے، جس کی بنیاد خارجی بربروں نے اوارگلہ (Ouargla) کے جنوب میں رکھی تھی، اور یہ دسویں سے بارھویں صدی عیسوی تک آباد رہا۔ مکانات میں، جو ریت سے برآمد ہوئے ھیں، ایسے کمرے ھیں جو متعدد آنگنوں کے سامنے ھیں۔ ان عمارتوں کے علاوہ، جن میں چیزیں رکھنے

marfat.com
Marfat.com

کے گودام ہوتے ہیں مکان میں سرکاری کمرے موجود ہیں، جن کی استرکاری پر کثرت سے نقش و نگار تراشے گئے تھے - ان کی بعض چھتیں محرابی لداؤ کی ہیں، جو دو نیچی برجیوں سے جاملی ہیں - برجیوں کے نیچے گھونگے کی وضع کے توڑے ہیں - بعض کمروں کے آگے برآمدے ہیں، جن کی سہ دریاں الفسطاط کی طرح صحن میں کھلی ہوئی ہیں۔ کمرے کا نقشہ T کی شکل کا بنایا جاتا ہے، جو ایک کشادہ کم عرض کے کمرے اور دیوار کے ساتھ "اِیوان" پر مشتمل ہوتا ہے - ایوان کا رُخ داخلے کی جانب رکھتے ہیں - اس کشادہ کمرے کے دونوں سروں پر محرابی شہ نشین ہوتا ہے .

ہمیں اس بات کا علم نہیں کہ اس قسم کا مکان اپنے ایرانی اور عراق مرکب عناصر کے ساتھ کب اور کیسے اندلس اور المغرب میں پہنچا - المغرب کے خلفا نے خاص کر تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی میں بغداد یا سامرّا سے مأخوذ بہت سی طرزیں درآمد کیں اور وہ اندلس میں معروف ہوگئیں - شاید اس طریق سے ہم بعض ان تعمیری عناصر کی تشریح کر سکتے ہیں جن کا انکشاف مرسیہ Murcia کے قصر Castillejo میں ہوا اور جنھیں ابن مرُدنش (۵۴۱ھ/۱۱۴۷ء تا ۵۶۶ھ/ ۱۱۷۱ء) سے منسوب کیا جاتا ہے - اس جگہ ہم کشادہ کمرے دیکھتے ہیں، جن کے سرے پر ایک تنگ حجرہ پیشیں حصے کے عقب میں بنا ہوتا ہے - الدر کا مستطیل صحن باغ کے طرز کا بنایا گیا ہے، جس میں دو روشیں ایک دوسرے کو وسط میں کاٹتی ہیں - یہ ایرانی طرز کا پرتو ہے - اس مستطیل کی چھوٹی سمتوں پر دو آگے کو نکلے ہوئے کوشک ہوتے ہیں، جو روشوں کی نشان دہی کرتے ہیں - اس قسم کی اقامت گاہ، جو اندلس میں مروج ہوئی، غرناطہ کے ملوک نصریہ کے محل الحمراء میں بے مثل حسن اور فراخی اختیار کر لیتی ہے - یہ معلوم ہے کہ اس شاہی محل کی بڑی بڑی عمارات، جو یوسف اول (۷۳۵ھ/۱۳۳۵ء تا ۷۵۵ھ/ ۱۳۵۴ء) اور محمد پنجم (۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء تا ۷۹۳ھ/ ۱۳۹۱ء) کی فنی تخلیقات ہیں، دو مستطیل صحنوں کے ارد گرد بنی ہوئی ہیں - ان میں سے ایک Patio de los Leones دو روشوں میں، صلیب کی شکل میں، منقسم ہے، جن پر آگے کو نکلے ہوئے دو کوشک چھائے ہوئے ہیں - یہ مستطیل کے چھوٹے پہلوؤں پر بنے ہوئے ہیں، جیسا کہ مرسیہ کے مذکورۂ بالا قصر میں ہے۔ ان صحنوں کی آرائش میں بھی پانی ایک اہم کردار ادا کرتا ہے - یہ البرقہ (Alberca) کے حوض کو بھرتا اور مشہور "شیروں والے حوض" کے اُوپر سے بہتا ہوا گزرتا ہے - برآمدے اور پیش دالان، جو آنگنوں میں کھلتے ہیں، ایوانات شاہی میں لے جاتے ہیں، مثلاً سفیروں کا شاندار کمرہ، جو برج قمار (Comeres) میں اس پورے احاطے کی خاص امتیازی چیز ہے - کشادہ کمروں کے ہر سرے پر ایک کمانچہ، ایک بغلی "ایوان" ہے جو آگے کو نکلی ہوئی محراب سے محصور ہے جیسا کہ سدرتہ Sedrata کے مکانوں میں ہے .

گلستانی صحنوں کا یہ نقشہ فوّاروں اور پیلپائی روشوں کے ساتھ، جو یقینی طور پر مشرقی معلوم ہوتا ہے، مغرب میں ازمنۂ متوسطہ ھی میں آیا ہوگا - یہ ابھی تک دلکش "ریاض"، پائین باغ کی صورت میں، جو فاس اور مراکش میں پائے جاتے ہیں، باقی ہے - الجزائری مکان، خصوصاً خاص شہر الجزائر میں، بالکل مختلف ہوتا ہے - اس کا سقیفہ (یا ڈیوڑھی) بڑا لمبا اور اس کے کناروں پر نشستیں بنی ہوتی ہیں - یہاں سے ایک بل کھاتے ہوئے برآمدے یا زینے کے ذریعے صحن میں جاتے ہیں۔ صحن چار ستونوں پر استادہ نعل نما محرابوں والی غلام گردشوں سے گھرا ہوتا ہے - وسط میں ایک فوارہ چلتا ہے - سب سے زیریں منزل یا اوپر کی منزلوں میں غلام گردشوں کے نیچے کے کمرے بہت کشادہ مگر ذرا پست ہوتے ہیں - ان کی محدود بلندی چھت کے شہتیروں کے کمزور سہارے کی وجہ سے

Marfat.com

هوتی ہے ۔ دروازے کے بالمقابل ایک کمانچہ هوتا ہے، جس میں دیوان (صوفه) هوتا ہے ۔ اس میں ہم "ایوان" کی بگڑی هوئی صورت دیکھ سکتے هیں، جس کی مثالیں همیں عراق میں ملتی هیں ۔ الجزائر میں اس متوسط کمانچے کا ایک اگلا حصه هوتا ہے، جسے روکار میں نصب شده کڑیوں کا زاویه بنا کر اس پر ٹکا دیتے هیں ۔ یه بغیر کسی شک و شبهه کے مشرقی طرز ہے، جسے اس شہر کے ترک حکمرانوں نے درآمد کیا تھا ۔ مضافاتی بنگلوں میں خالی جگه اتنی محدود نہیں هوتی، لٰہذا آگے کو نکلا هوا حصه غیر ضروری هو جاتا ہے ۔ اس حصّے کا فرش سطح زمین کے برابر هوتا ہے ۔ اوپر کی منزل میں یه ایک مختصر سی نشست گاه یا جھروکا بن جاتا ہے، جس کے تین طرف دریچے هوتے هیں اور وه اکثر داخلے کی ڈیوڑھی کے اوپر آ جاتا ہے ۔ تونسی مکان ذرا مختلف هوتا ہے ۔ اس کے مستطیل صحن کے صرف دو چھوٹے ضلعوں میں غلام گردشیں هوتی هیں ۔ بڑے بڑے کمرے T کی شکل کے بنائے جاتے هیں، جن میں کشاده کمره ("بیت")، بلند ایوان ("قبّو") اور کنارے پر کوٹھریاں ("مقصوره"؛ جمع : "مقاصر") هوتی هیں .

**مآخذ :** (۱) Caetani : *Annali dell' Islam*، ۱ : ۳۷۶ ببعد، ۳۳ ببعد؛ (۲) Creswell : *Early Muslim architecture*، ۱ : ۳ تا ۶ و ۲ : ۵۳ ببعد؛ (۳) Lowthian Bell : *Palace and mosque of Ukhaidir*، آوکسفرڈ ۱۹۱۴ء؛ (۴) Herzfeld : *Die Ausgrabungen von Samara*، برلن ۱۹۲۳ - ۱۹۲۷ء؛ (۵) Viollet : *Un palais musulman du IXe siècle (Mémoires de l'Académie des Incriptions*، ۱۹۱۱ء)؛ (۶) Watelin : *Sasanian building*، در Pope : *Survey of Persian art*، ۱ : ۵۸۵؛ (۷) A. Bahgat و A. Gabriel : *Fouilles à Al-Foustat*، ۱۹۲۱ء؛ (۸) Pauty : *Les palais et les maisons de l'Egypte musulmane* (فرانسیسی اداره در قاهره)، ۱۹۳۳ء؛ (۹) مصطفی سلمان زُبسّ : *Comptes rendus de l' Académie des Inscriptions*، ۱۹۵۲ء، ص ۵۱۲؛ (۱۰) P. Blanchet : *Comptes rendus de l'Académie des Incrtptions*، ۱۸۹۸ء، ص ۵۲۰؛ (۱۱) L. Golvin : *Le Maghreb central à l'époque des Sirides*، ۱۹۵۷ء، ص ۱۸۰ ببعد؛ (۱۲) Gallotti : *Le jardin et la maison arabe au Maroc*، ۲ جلدیں، ۱۹۲۶ء؛ (۱۳) Gavault : *Notice sur la bibliothéque-musée d'Alger*، در *RA*، ۱۸۹۳ء؛ (۱۴) G.Marçais : *L' architecture muslamane d'Occident*، ۱۹۵۴ء؛ (۱۵) وهی مصنف : *Salle, antisalle*، در *AIÉO Alger*، ۱۹۵۲ء.

(G. Marçais)

**دَارُ الْاسْلَام : (ع) لفظی ترجمه اسلام کا گھر یا وطن؛ لیکن فقہاے اسلام کی اصطلاح میں دارالاسلام سے مراد ایک ایسی باقاعده منظم ریاست یا ملک ہے جس کا سربراه مسلمان هو (جسے امام المسلمین، امام وقت یا صرف الامام بھی کہا جاتا ہے اور جس میں بقول الماوردی (: الاحکام السلطانیة، ص ۶ ببعد) سات شرائط یعنی عدالت، علم، سلامت حواس، سلامت اعضاء، اصابت راے، شجاعت اور قرشیت پائی جائیں، صاحب الدر المختار (۲ : ۵۳، ۲۸۶) اسے امامت کُبرٰی قرار دیتے هوے لکھتے هیں که ان شرائط کے علاوه اشراف و اعیان کی بیعت اور رعب و دبدبے کے ساتھ رعیت پر احکام اسلام نافذ کرنے کی صلاحیت بھی ضروری ہے)، جہاں اسلامی شریعت کے احکام عملی طور پر نافذ هوں اور جہاں کی رعایا مسلمانوں اور ایسے غیرمسلموں پر مشتمل هو جو اهل الکتاب یعنی یہود و نصارٰی وغیره میں سے هوں اور بت پرست اور مشرک نه هوں (کشاف اصطلاحات الفنون، ۱ : ۴۶۶؛ احکام اهل الذمة، ۱ : ۵ ببعد، ۳۲۶).**

**دارالاسلام یا اسلامی ریاست کی غیر مسلم رعایا نے اگر برضا و رغبت اسلامی ریاست کی تشکیل میں حصه لیا هو اور دارالاسلام کے دفاع کے لیے اپنے مسلمان**

marfat.com
Marfat.com

ہم وطنوں کے ساتھ بقاے باھمی کے اصول پر ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کا عہد و پیمان کیا ہو تو شہریت میں ان کے حقوق و فرائض مسلمانوں کے برابر ہوں گے جس طرح کہ عہد نبوت میں مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان میثاق مدینہ طے پایا تھا، جس کی رو سے مسلمان اور یہودی دارالاسلام (مدینۂ منورہ) کے سب سے پہلے شہری قرار پائے تھے (سیرۃ ابن ہشام، ۲ : ۳۴؛ حمید اللہ : *Muslim Conduct of State*، ص ۶۵؛ احکام اھل الذمۃ، ۱ : ۵، ۳۶۶؛ حمید اللہ : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی سیاسی زندگی، ص ۳۲۵ ببعد)؛ لیکن اگر ایسی صورت نہ ہو اور غیر مسلم شوکت اسلام اور مسلمانوں کی عدل گستری سے متاثر ہو کر یا مفتوح قوم کی حیثیت سے اسلامی ریاست کی رعایا ہونا قبول کریں تو انہیں اَہْلُ الذِّمّہ یا ذِمّی [رک باں] کہا جائے گا اور ان حقوق و فرائض میں اور عامۃ المسلمین کے حقوق و فرائض میں بجز اس کے کچھ فرق نہ ہوگا کہ ذمی شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اسلامی ریاست کا فرض ہوگا، لیکن وہ اسلامی ریاست کے دفاع کے فریضے سے مستثنٰی ہوں گے اور اس کے بدلے میں ان کا فرض ہوگا کہ وہ جزیہ [رک باں] کے ذریعے اسلامی ریاست کی مالی معاونت کریں، لیکن بنیادی شہری حقوق (آزادئ مذہب، آزادی معاش، آزادی رائے اور حق انصاف وغیرہ) میں ان کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک نہیں کیا جاتا (*Muslim Conduct of State*، ص ۶۵؛ الاحکام السلطانیۃ، ص ۴۵).

علامہ ابن القیم نے لکھا ھے کہ جمہور فقہاے اسلام کے نزدیک دارالاسلام وہ جگہ ھے جہاں مسلمان آباد ہوں اور وہاں شریعت اسلامی کے احکام عملی طور پر نافذ ہوں، لیکن اگر احکام اسلام کا اجرا نہ ہو تو وہ جگہ دارالاسلام نہیں کہلائے گی ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے عہد مبارک میں دَارُالْھِجْرَۃ مدینۂ منورہ دارالاسلام تھا، لیکن جب دوسرے علاقوں کے لوگ اسلام لائے تو وہ بھی بلاد اسلام قرار پائے (احکامَ اَھل الذّمۃ، ۱ : ۵، ۳۶۶)؛ تھانوی (کشاف اصطلاحات الفنون، ۱ : ۳۶۶) نے فتاوی قاضی خان اور فتاوی عالمگیری وغیرہ کے حوالے سے لکھا ھے کہ جس ملک میں مسلمان رہتے ہوں اور آزاد ہوں اور اس میں اسلام کے احکام میں سے ایک حکم بھی نافذ ہو تو اسے دارالمسلمین کہا جائے، دارالکفر نہ کہا جائے؛ لیکن فقہا کی اکثریت کا اصرار ھے کہ دارالاسلام صرف احکام شریعت کو نافذ کرنے والی حکومت کی شرط پر قائم ہوتا ھے.

دارالاسلام کے داخلی استحکام اور بیرونی دفاع کے متعلق فقہاے اسلام نے تفصیل سے بحث کی ھے اور اَلسِّیَرُ وَالْجِھَادُ کے ضمن میں مختلف موضوعات پر قیمتی معلومات موجود ھیں؛ اس لیے دارالاسلام میں دشمن کو زیادہ دیر ٹھیرنے اور گھومنے کی اجازت نہیں دی گئی، مثلاً دارالحرب [رک باں] کا کوئی باشندہ (حَربی) اگر اجازت سے اور امان لے کر داخل ہو تو اسے ایک ماہ یا دو ماہ سے زیادہ قیام کی اجازت نہیں، کیونکہ ہو سکتا ھے وہ داخلی حالات معلوم کر کے ملک کے لیے ضرر کا باعث بن جائے، اس لیے اگر ایسا باشندہ زیادہ مدت کے لیے قیام کرنا چاھے تو اسے امام وقت کی طرف سے کہا جائے گا کہ وہ جزیہ ادا کرے، اگر وہ یہ شرط خوشی سے قبول کر لے تو اسے ذمی کا درجہ حاصل ہو جائے گا اور دارالاسلام کے ذمی شہری کی حیثیت سے وہ جزیہ ادا کرے گا (الدُّرالمختار، ۲ : ۲۷۳)۔ دارالاسلام کے بر حق قانونی سربراہ کے خلاف اگر کوئی فرد یا گروہ خروج کرے یا شورش برپا کرے تو اطاعت کی دعوت دی جائے گی اور انکار کی صورت میں ان سے قتال (جنگ) واجب ھے، جس میں شریک ہونا جہاد فی سبیل اللہ کی طرح ھر مسلمان پر فرض ھے ۔ برحق امام وقت کے خلاف بغاوت و خروج کرنے والے تین قسم کے لوگ ہو سکتے ھیں، یعنی قُطّاعُ الطَّرِیْق (رہزن، ڈاکو)، باغی (جمع: بُغَاۃ) اور خَوارج (واحد : خارجی) [اور

Marfat.com

اس طرح کے دوسرے لوگ جو برحق امام وقت کی حکومت کو تسلیم نہ کرتے ہوں]۔ ان میں سے ہر ایک کے لیے الگ الگ احکام موجود ہیں (الدرّ المختار، ۲ : ۲۸۶).

دارالاسلام کے امام وقت کا یہ فرض ہے کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا کام انجام دے۔ شرک چونکہ سب برائیوں کی جڑ (اصل المناکیر) ہے اس لیے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اس سے منع کرنے کے لیے عملی جہاد میں حصہ لے اور اس سلسلے میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بہترین عملی مثال (اسوۂ حسنہ) اور قرآنی تعلیمات پیش نظر رکھی جائیں۔ مجاہد فی سبیل اللہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ مال و دولت کی خواہش دل سے نکال کر محض اللہ کی رضا کی خاطر گھر سے نکلے (السرخسی : المبسوط، ۱۰ : ۲ تا ۵).

اگر مسلمانوں پر ظلم ہو یا دارالاسلام پر مشرکین اور کفار چڑھ دوڑیں تو اس صورت میں امام وقت اعلان جہاد کرے گا اور جہاد بالسیف فرض ہو جائے گا۔ اگر وہ صلح پر آمادہ ہو جائیں تو صلح کرنے کا حکم ہے، اگر کوئی ایسی صورت ہو کہ کفار و مشرکین فتنے کا باعث بن سکتے ہوں تو ان پر حملہ کرکے ان کی سرکوبی کر دینا ضروری ہے (السرخسی : المبسوط، ۱۰ : ۲ ببعد؛ الاحکام السلطانیة، ص ۳۵ ببعد)۔ الماوردی نے صراحت سے لکھا ہے کہ اگر داخلی طور پر دارالاسلام کو خطرہ ہو تو اس وقت بھی جہاد فرض ہے، مثلاً کوئی گروہ یا خطہ دارالاسلام کی مرکزی قانونی حکومت کو چیلنج کرتے ہوئے فرائض اسلام یا بیت المال کے واجبات ادا کرنے سے انکار کرے جیسا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰة اور مرتدین کے خلاف جہاد کا حکم دیا تھا (الاحکام السلطانیة، ص ۵۵ ببعد) تو اس صورت میں بھی جہاد فرض ہے۔ [اسلامی ممالک پر مغربی استعمار کے غلبے کے زمانے میں دارالاسلام اور دارالحرب کے غرض‌مندانہ تصورات پر بہت سا مواد موجود ہے، انیسویں بیسویں صدی میں اس سلسلے میں بہت سی تاویلیں استعماریوں کے مفاد کی تقویت کے لیے کی گئیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی اصلی روح کے مطابق دارالاسلام وہی ہے جہاں مسلمانوں کی اپنی حکومت ہو اور اس میں اسلامی شریعت نافذ ہو].

**مآخذ** : (۱) الماوردی : الاحکام السلطانیة، قاہرہ ۱۹۶۶ء؛ (۲) ابو بکر السرخسی : کتاب المبسوط (جلد دہم فقط)، قاہرہ ۱۳۲۴ھ؛ (۳) وہی مصنف : شرح السیّر الکبیر، حیدرآباد دکن ۱۳۵۵ھ؛ (۴) امام الشافعی : کتاب الاُمّ، قاہرہ ۱۹۶۱ء؛ (۵) یحیٰی بن آدم : کتاب الخراج، لائڈن ۱۸۹۶ء؛ (۶) ابن ہشام : السیرة النبویة، قاہرہ ۱۹۳۸ء؛ (۷) تھانوی : کشاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ؛ (۸) ڈاکٹر حمید اللہ : رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سیاسی زندگی، کراچی ۱۳۶۹ھ؛ (۹) وہی مصنف : *Muslim Conduct of State*، حیدرآباد دکن ۱۹۴۱ء؛ (۱۰) وہی مصنف : عہد نبوی کے میدان جنگ، حیدر آباد دکن؛ (۱۱) سید ابوالاعلیٰ مودودی : الجہاد فی الاسلام، لاہور ۱۹۶۰ء؛ (۱۲) ابن القیم : احکام اَہل الذّمة، دمشق ۱۹۶۱ء.

(ظہور احمد اظہر)

* **الدارالبَیْضاء** : کاسابلانکا Casablanca کا عربی نام، مراکش کا ایک بڑا شہر؛ مقامی لوگ دارالبیضاء بولتے ہیں۔ زمانۂ سابق میں اَنْفا [رَکْ باں] کہلاتا تھا.

پندرھویں صدی عیسوی میں جب پرتگالیوں نے اَنْفا کو تباہ کر دیا تو یہ شہر کھنڈر بنا رہا۔ اس میں چند بدّو رہتے تھے اور گاہے گاہے اسے جہازوں کے پانی لینے کے مقام کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ پرتگالیوں نے اس جگہ کا نام ایک سفید مکان کے نام پر Casabranca رکھ دیا، جہاں سے نیچے کی طرف کھنڈر نظر آتے تھے اور یہ مکان ان کے جہازوں کے لیے امتیازی نشان کا کام دیتا تھا۔ ہسپانویوں نے اس نام کو

Marfat.com

بدل کر کاسابلانکا کر دیا، جو شہر کا موجودہ یورپی نام ہے ۔ الدارالبیضاء اس کا لفظی ترجمہ ہے ۔

علوی سلطان سیدی محمد بن عبداللہ نے اس شہر کو اٹھارھویں صدی عیسوی میں، غالباً پرتگالیوں کے ۱۷۶۹ء میں مازاگان Mazagan کو چھوڑ کر چلے جانے کے بعد، ازسر نو بنایا تھا ۔ اس ڈر سے کہ عیسائی کسی دن پھر حملہ کر دیں گے وہ رباط اور مازاگان کے درمیان دفاعی مورچوں میں جو خلا موجود تھا اسے پُر کر دینا چاہتا تھا ۔ وہ بُرج (سَقالہ)، جس پر توپوں کے لیے دمدمے بنے ہوئے تھے، رباط [رکّ باں] اور لَراش (Larache) کے برج کی طرح تھا ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس سلطان نے دو "اِدالے" [یا حصّے] کرکے شہر کو ازسر نو آباد کیا تھا ۔ ایک حصے میں تو حَحَہ کے شُلُوح تھے (ایک بربر قبیلہ جو اغا دیر [رکّ باں] کے علاقے میں مَخْزَن کے زیر حکومت آ گیا تھا) اور دوسرے حصّے میں مِقْنَس (Meknès) کے بَواخِر (اہل البخاری) ۔ آج تک شہر کی ایک قدیم ترین مسجد کا نام "جامع الشلوح" چلا آتا ہے ۔ انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں جو سیاح دارالبیضاء میں گئے انہوں نے اسے کھنڈروں کا ایک ڈھیر بتایا ہے، جو مستقل سکونت کے بجائے زیادہ تر پڑاؤ کے کام آتا تھا ۔ فَضالہ اور منصوریہ کی طرح یہ رباط اور مراکش کے درمیان سفر میں ایک منزل تھا ۔

اناج (جو دارالبیضاء کی سب سے بڑی برآمد تھی) کی تجارت کی اجازت ۱۷۸۲ء میں قادس (Cadiz) کی ایک ہسپانوی کمپنی کو اور ۱۷۸۹ء میں میڈرڈ Madrid کی Compañía de los Cinco Gremios Mayores کو دی گئی تھی ۔ لیکن جب شاویّہ کے والی نے بغاوت کر دی اور اپنا مستقر دارالبیضاء میں بنا لیا تو سلطان مولای سلیمان نے ۱۷۹۴ء میں اس بندرگاہ کو تجارت کرنے والوں کے لیے بند کر دیا اور ان عیسائی سوداگروں کو واپس رباط بلا لیا جنھوں نے دارالبیضاء میں اپنی تجارت جما لی تھی ۔ دوبارہ اس بندرگاہ کو مولای عبدالرحمٰن بن ہشام نے کہیں ۱۸۳۰ء میں جا کر کھولا ۔

۱۸۴۰ء اور اس کے بعد سے یورپی تجّار یہاں واپس آنے لگے اور خاص کر ۱۸۵۲ء میں ان کی آمد بہت کثرت سے ہوئی ۔ ان میں سب سے پہلے لوڈیو Lodève کے فرانسیسی صنعت کاروں کے نمائندے تھے ۔ انھیں خام اون کی تلاش میں بھیجا گیا تھا تاکہ وہ برطانوی منڈی کی محتاجی سے آزادی حاصل کر سکیں ۔ ان کے پیچھے جبل الطارق سے انگریز تاجر، پھر جرمن، پرتگالی اور ہسپانوی آئے ۔ دارالبیضاء میں پہلا یورپی نائب قونصل ۱۸۵۷ء میں مقرر ہوا ۔ بعد ازاں یورپی اقتصادی بحران یا مقامی اسباب (مثلاً خشک سالیوں اور وباؤں) کی وجہ سے گاہے گاہے جمود طاری ہونے کے باوجود غیرملکیوں کی یہ چھوٹی سی نوآبادی مسلسل بڑھتی رہی ۔ جہازراں کمپنیوں (خصوصاً the French line Paquet) کے جہاز باقاعدہ دارالبیضاء میں آتے تھے ۔ تجارت بڑھتی رہی اور ۱۹۰۶ء میں بندرگاہ میں آمد و رفت طِنجہ Tangier سے بھی بڑھ گئی (درآمدی اور برآمدی اشیا کی مجموعی مالیت ایک کروڑ چالیس لاکھ طلائی فرانک) ۔

۱۹۰۴ء کے قرضے اور ۱۹۰۶ء میں شہر الجزائر کی کانفرنس کے بعد، فرانسیسی سرکاری عہدے داروں نے دارالبیضاء کے محصول خانے کو اپنی نگرانی میں لے لیا اور ایک فرانسیسی کمپنی نے بندرگاہ کی سہولتوں کو ترقی دینے کا بیڑا اٹھایا ۔ ارد گرد کے دیہاتی علاقوں میں آباد شاویہ قبیلے کو ان واقعات سے خطرہ لاحق ہو گیا اور ۳۰ جولائی ۱۹۰۷ء کو انھوں نے شہر کی چار دیواری کے باہر ایک پتھر کی کان میں چند یورپی کارکنوں پر حملہ کرکے انھیں مار ڈالا ۔ ایک فرانسیسی جنگی جہاز کی مداخلت شہر کی لوٹ مار کا سبب بن گئی، جس میں یہودی محلے کو خاص کر بہت نقصان پہنچا ۔ اس کے جواب میں فرانسیسیوں نے پانچ اگست کو بمباری کی اور دو دن بعد ایک

Marfat.com

فرانسیسی بیڑے سے دو ہزار فوج جنرل درودے Drude کی سر کردگی میں ساحل پر اتاری گئی ۔ سپین نے بھی حملہ آور فوج کا ایک دستہ بھیجا ۔ فرانسیسی مہماتی فوج نے جنگجو قبائل کو پیچھے دھکیل کر بنو شاویّہ کے سارے علاقے پر بتدریج قبضہ کر لیا ۔ ان واقعات کا سلسلہ ۱۹۱۲ء میں فرانسیسی حکومت قائم ہو جانے پر ختم ہوا ۔

پہلے ریذیڈنٹ جنرل لیانتے Lyantey نے جب یہ فیصلہ کیا کہ اسے مراکش کی سب سے بڑی بندرگاہ بنایا جائے تو نتیجۃً اس شہر کی بہت زیادہ توسیع کی گئی ۔ اگر دارالبیضاء نے قبل ازیں زیادہ اقتصادی خوش حالی کا منہ نہ دیکھا ہوتا تو بلاشبہہ فیصلہ بہت مختلف ہوتا ۔ یہ خوش حالی کچھ تو اس وجہ سے پیدا ہوئی کہ وہاں اچھی خاصی یورپی نوآبادی بن گئی تھی اور کچھ اس وجہ سے کہ مہماتی فوج کو سامان مہیا کرتے رہنے کی ضرورت پڑی ۔ جدید بندرگاہ کلیۃً انسانی ہاتھوں کی بنائی ہوئی ہے ۔ اس میں ۴۸۷۰ میٹر گہرے پانی کے گھاٹ ہیں اور ۳۱۸۰ میٹر لمبا پشتہ کھلے سمندر سے اس کی حفاظت کرتا ہے ۔ ۱۹۵۶ء میں یہاں ۸۱۵ لاکھ ٹن سامان اتارا یا لادا جاتا تھا ۔

۱۹۵۲ء کی مردم شماری کی رو سے اس کی آبادی چھے لاکھ اسّی ہزار تھی (قب ۱۹۰۷ء میں بیس ہزار) : ۴۷۲۹۲۰ مسلم، ۷۴۳۸۳ یہودی (مراکش میں پوری یہودی آبادی کی ایک تہائی سے زیادہ) اور ۱۳۲۷۱۹ غیر ملکی (جن میں نو ہزار نو سو فرانسیسی تھے) ۔

پرانا شہر تین محلوں پر مشتمل تھا : مدینہ (متوسط طبقہ)، تنکر (مزدور پیشہ لوگ، یہ پورا نہیں بنا تھا) اور ملّاح (یہودی) ۔ موجودہ زمانے میں کل علاقہ، جس کی دیواریں جزوی طور پر اب تک صحیح سالم ہیں، پرانا مدینہ کہلاتا ہے اور مغرب اور جنوب مغرب میں یہ فصیل سے آگے تک پھیل گیا ہے ۔ کل یہودی آبادی وہاں مسلمانوں کے ساتھ مل جل کے رہتی ہے ۔ یورپی محلے پرانے مدینے کے اِرد گرد، خصوصاً مشرق اور جنوب میں بنے ہیں اور مزید مسلم محلّے ان کے آگے بھی تعمیر ہوئے ہیں ۔ ان میں سے بڑے محلے کا علاقہ بہت وسیع ہے، جس میں دو لاکھ باشندے ہیں اور اسے نیا مدینہ کہتے ہیں ۔ اس شہر کے مضافات میں جھونپڑیوں پر مشتمل بستیوں کی جگہ، جہاں دیہاتی لوگ مزدوری کی تلاش میں جوق در جوق آتے تھے، اب جا بجا مزدوروں کے مکانات سے محلے بن گئے ہیں، مثلاً مشرق میں محمدیہ (سابقہ پتھر کی مرکزی کانیں)، جنوب میں سیدی عثمان (سابقہ بِن مسیک) اور جنوب مغرب میں حسَنیّہ شہر، جو پہلے درب جدید (=الدّرب الجدید) تھا ۔ صنعت کا اہم ترین مرکز رباط کو جانے والی سڑک کے ساتھ ساتھ شمال مشرق میں ہے ۔ اس میں ملک کی بہت سی چھوٹی دستکاریوں کے مراکز ہیں اور یہ مراکش میں بہت ہی اہم صنعتی علاقہ ہے ۔

**مآخذ** : احمد بن خالد النامزی السلاوی : کتاب الاستقصاء، 4e partie, Chronique de la, dynastie alaouite du Maroc (۱۶۳۱ - ۱۸۹۴ء)، مترجمۃ E. Fumey، در Archives Marocaines، پیرس ۱۹۰۶ - ۱۹۰۷ء، ۱ : ۳۳۲، ۳۵۹ و ۲ : ۳ تا ۵ : (۲) M. Rey : Souvenirs d'un voyage au Maroc، پیرس ۱۸۴۴ء، ص ۲۰۰ تا ۱۵ : (۳) Georges Bourdon : Ce que j'ai vu au Maroc، در Les journées de Casablanca، پیرس ۱۹۰۸ء : (۴) Villes et tribus du Maroc, Casablanca et les Chaouiya، ج ۱، Mission scientifique au Maroc، پیرس ۱۹۱۵ء : (۵) Dr. F. Weisgerber : Casablanca et les Chaouiya en 1900، دارالبیضاء ۱۹۳۵ء : (۶) J. Célérier : Les Conditions geographiques du développement de Casablanca، در Revue de Géogr. Maroc، مئی ۱۹۳۹ء : (۷) F. Joly : Casablanca-Eléments pour une étude de géographie

urbaine' در *Cahiers d' Outre-Mer*' اپریل - جون ۱۹۴۸ء؛ (۸) E. Hugnes و J. L. Miège : *Les Européens à Casablanca au XIXème siècle (1856-1906)*' پیرس ۱۹۵۴ء.

(A. ADAM)

⊗ **دارالتّرجمہ** : [جامعۂ عثمانیہ، حیدرآباد (دکن) کے تحت ایک شعبہ]؛ نظام حیدرآباد میر عثمان علی خان نے اپنے فرمان (مؤرخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۱۸ء) کے ذریعے جامعۂ عثمانیہ کے قیام کی اجازت دیتے ہوے اس کی خصوصیت یہ قرار دی کہ جملہ علوم کی تعلیم زبان اردو میں دی جائے گی اور اس کے ساتھ انگریزی زبان و ادب کی تعلیم لازمی ہوگی - [یہ برصغیر پاک و ہند کی پہلی اردو یونیورسٹی تھی، چنانچہ اردو میں مختلف مضامین کی کتابوں کا مناسب ذخیرہ فراہم کرنے کے لیے عظیم الشان پیمانے پر سر رشتۂ تالیف و ترجمہ قائم ہوا - اگست ۱۹۱۹ء میں اردو کے پہلے کالج، کلیۂ جامعۂ عثمانیہ، کا افتتاح ہوا تو دارالترجمہ میں کام شروع ہو چکا تھا] .

دارالترجمہ میں پہلے صرف مغربی زبانوں ھی کی کتابوں کے ترجمے کا انتظام کیا گیا - پھر ایجوکیشنل کانفرنس، حیدرآباد، کی تجویز پر علوم شرقیہ، علی الخصوص عربی و فارسی کتب کے ترجمے کی طرف بھی توجہ کی گئی - سر رشتۂ تالیف و ترجمہ کے پہلے ناظم مولوی عبدالحق مقرر ہوے - حیدرآباد سے ان کے چلے جانے کے بعد یہ منصب مولوی عنایت اللہ دہلوی کے سپرد ہوا - [پھر یکے بعد دیگرے اس پر مولوی محمد الیاس برنی، ڈاکٹر نظام الدین اور مسٹر ٹوپا فائز ہوے] .

دارالترجمہ کا طریق کار یہ تھا کہ جامعۂ عثمانیہ کی مختلف مجالس نصاب اپنی اپنی ضرورت کی کتابوں کا انتخاب کرتیں اور مجالس اعلیٰ کی منظوری کے بعد انھیں دارالترجمہ کے سپرد کر دیا جاتا، جہاں دو طرح کے مترجموں سے کام لیا جاتا: (۱) دارالترجمہ کے تنخواہ دار ارکان، جن سے زیادہ تر فلسفہ، سیاسیات، تاریخ، معاشیات، قانون، ریاضی اور طب وغیرہ، وضوعات کی کتابوں کے تراجم کرائے جاتے؛ (۲) بیرونی مترجمین، جو عموماً طبیعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات، انجینئری، وغیرہ موضوعات کی کتابوں کا ترجمہ کرتے تھے .

ترجمے کے سلسلے میں مترجمین کو اصطلاحات کے کٹھن مرحلے سے بھی دو چار ہونا پڑا - مترجمین، انگریزی اصطلاحات، مجلس وضع اصطلاحات میں بھیج دیتے، جہاں مختلف علوم و فنون کے ماہرین کے علاوہ ایسے اصحاب بھی موجود ہوتے جو عربی و فارسی میں کامل دستگاہ اور اردو زبان کی ادبی و لسانی خصوصیات اور اس کے ذخیرۂ الفاظ سے پوری آگاھی رکھتے تھے - اصطلاح سازی کا مرحلہ بڑی ردّ و کدّ کے بعد طے ہوتا - اس مجلس میں جن ماہرین زبان کی خدمات سے فائدہ اٹھایا گیا ان میں نواب حیدر یار جنگ نظم طباطبائی، مولوی عبداللہ العمادی، ڈاکٹر مولوی عبدالحق، مولوی عبدالباری ندوی، مرزا محمد ھادی رسوا، مولوی وحیدالدین سلیم (مصنف وضع اصطلاحات علمیہ)، چودھری برکت علی، سید شمس اللہ قادری اور ڈاکٹر محی الدین قادری زور کے نام قابل ذکر ھیں - تکمیل ترجمہ کے بعد مسودے پر کسی ماہرِ فن سے نظرثانی کرائی جاتی، [پھر مذھبی اور ادبی نقطۂ نظر سے اس کا جائزہ لیا جاتا] اور بالآخر کتاب دارالطبع، جامعۂ عثمانیہ، میں طباعت کے لیے بھیج دی جاتی - اس طرح دارالترجمہ نے ان تمام عاوم و فنون سے متعلق بہت سی کتابیں اردو میں تالیف و ترجمہ کروا کے شائع کیں جن کی تعلیم جامعۂ عثمانیہ میں دی جاتی تھی .

[۱۹۴۷ء تک ۲۱۹ کتابیں شائع ہو چکی تھیں، ۶۷ زیر طبع تھیں اور ۹۳ پر نظرثانی ہو رھی تھی - ان کتابوں کی فہرست باعتبار مضمون درج ذیل ھے:

فلسفہ (مابعد الطبیعیات، نفسیات، منطق و

Marfat.com

اخلاقیات) = ۹۵؛ جغرافیہ و تاریخ (تاریخ اسلام، تاریخ ہند، تاریخ قدیم و تاریخ یورپ، وغیرہ) =۱۱۸؛ عمرانیات، سیاسیات و معاشیات = ۹۲؛ قانون و دستور= ۲۳؛ ریاضی و سائنس (طبیعیات، کیمیا، حیاتیات)=۳۷؛ طب = ۳۰ اور انجنیئری = ۲۷.

دارالترجمہ کے قیام سے پہلے ترجمہ کرنے کے سلسلے میں جو کوششیں ہوئیں (مثلاً فورٹ ولیم کالج کلکتہ اور سائنٹفک سوسائٹی علی گڑھ میں) وہ بہت چھوٹے پیمانے پر تھیں اور ان سے مقصود محض اردو دانوں کو جدید مغربی علوم سے روشناس کرانا تھا۔ نواب شمس الامراء اور ارباب دہلی کالج نے بھی نصابی اغراض سے ترجمے کرائے تھے، لیکن اعلٰی درجے کی تصانیف کی طرف توجہ نہیں کی۔ دارالترجمہ کا قیام ایک یونیورسٹی کی نصابی اور علمی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا تھا اور اسے نظام کی ذاتی سرپرستی اور ہر طرح کے مواقع و وسائل حاصل تھے؛ چنانچہ اردو کو علمی زبان بنانے کی یہ پہلی باضابطہ اجتماعی کوشش بڑی حد تک کامیاب رہی۔ اگرچہ اس کی ان مطبوعات میں جو مغربی زبانوں سے ترجمہ کی گئی ہیں، الفاظ اور اصطلاحات کے علاوہ اسلوب بیان کی اجنبیت بھی پائی جاتی ہے، تاہم ان سے اردو میں غیر معمولی وسعت پیدا ہو گئی؛ اس کے ذخیرۂ الفاظ میں روز بروز اضافہ ہونے لگا؛ ایسے الفاظ رائج کیے گئے جن کے مشتقات آسانی سے بن سکتے ہیں اور جو دوسرے الفاظ کے ساتھ ملائے جا سکتے ہیں؛ جدید اور قدیم علمی و فنی الفاظ و اصطلاحات کا مفہوم معین ہوا اور اردو زبان میں، جس کا ادب اس سے قبل زیادہ تر شاعری، قصص و افسانہ اور تذکرہ نگاری تک محدود تھا، جدید علوم و فنون کا معقول ذخیرہ منتقل ہو گیا۔

۱۹۴۹ء میں سقوط حیدرآباد کے بعد جامعۂ عثمانیہ میں اگرچہ اردو زبان لازمی ذریعۂ تعلیم نہیں رہی، تاہم دارالترجمہ میں آج بھی کام جاری ہے]۔

**مآخذ**: (۱) محی الدین قادری زور: عہد عثمانی میں اردو کی ترقی، مطبوعۂ ۱۹۳۴ء؛ (۲) میر حسن: مغربی تصانیف کے اردو تراجم، ۱۹۳۹ء، ص ۱۱۰ ببعد؛ [(۳) سکسینہ: تاریخ ادب اردو (ترجمۂ مرزا محمد عسکری)، مطبوعۂ نولکشور، بار دوم، حصۂ نظم: ص ۳۹۴؛ (۴) نصیر الدین ہاشمی: دکن میں اردو، لاہور ۱۹۶۰ء، ص ۶۳۹ ببعد؛ (۵) فرحت شاہجہانپوری: نظم طباطبائی کے خود نوشت سوانح، در صحیفہ (لاہور)، اکتوبر ۱۹۶۴ء، ص ۴۸ (حاشیہ)]۔

(غلام حسین ذوالفقار [و ادارہ])

* **دارالجہاد**: رک بہ جہاد؛ دارالحرب.

* **دارالحدیث**: دارالحدیث کا اطلاق شروع میں ان اداروں پر ہوا جو چھٹی صدی ہجری میں حدیث شریف پڑھانے کے لیے مخصوص تھے۔ یہ نتیجہ نکالنا درست نہیں کہ اس عہد تک علم حدیث صرف سفر کے ذریعے حاصل کیا جاتا تھا (جسے "طَلَبُ العِلْم" کہتے تھے) اس غلط فہمی کی بنا یہ بتائی جاتی ہے کہ علم حدیث کے لیے خاص مدارس نہیں بنے تھے (قب گولڈ تسیہر Goldziher: *Muh. Stud.*، ۲: ۱۸۶) یہ ہمارے مطالعے کے نتائج سے ہم آہنگ نہیں ہے جس کا اب مواد میسر آیا ہے؛ لہٰذا حدیث سے متعلق دیگر امور کی طرح اس بات کی بھی تحقیق ہونی چاہیے کہ "طلب العلم" کے سفروں کی نوعیت اور مقصد کے متعلق جو غلط فہمی تھی، خود اس کے اثرات کیا ہوے۔ (قب (۱) F. Sezgin: *Buhari'nin kaynaklari hakkinda araştirmalar*، ص ۲۳ تا ۳۶؛ (۲) وہی مصنف: *Islam Tetkikleri Enst. dergisi*، ۱۹۵۷ء، ۱/۲: ۲۳). الذہبی (م ۷۴۸ھ/۱۳۴۷-۱۳۴۸ء) کے رسالہ الامصار ذوات الآثار (مخطوطۂ ولی الدین، ۳۶۳ / ۳، ورق ۹۰ ب تا ۹۳ الف) میں تعلیم الحدیث کے مرکزوں اور ساری اسلامی دنیا میں مختلف صدیوں میں ان کی تقسیم کے متعلق مفصل اور جامع معلومات ملتی ہیں۔

Marfat.com

علم الحدیث سے شغف اور اس کا مطالعہ، وقفے کے بغیر صدیوں تک شام میں جاری رہا، جہاں سب سے پہلے دارالحدیث کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ بیت المقدس بھی (۹۰ سال کے وقفے کے ساتھ) علم حدیث کا مرکز رہا ہے (کتاب مذکور، ۹۳ ب).

جب تک حدیث کی تعلیم کے لیے خاص ادارے قائم نہیں ہوے تھے، دوسرے مذہبی علوم کی طرح اس کی تعلیم بھی مسجدوں میں ہوا کرتی تھی۔ محدثین چونکہ اس بات کو پسند نہ کرتے تھے کہ ایسی تعلیم معدودے چند اشخاص کو صرف ذاتی مکانات میں دی جائے، لہٰذا وہ مساجد سے کام لینے کو ترجیح دیتے تھے۔ (قب، مثلاً الخطیب: تأریخ بغداد، ۲: ۳۳)۔ [امام مالکؒ (م ۱۷۹ھ/۷۹۵ء) مسجد نبوی میں درس حدیث دیا کرتے تھے اور سیکڑوں تلامذہ ان سے فیض یاب ہوتے تھے۔ امام بخاریؒ (م ۲۵۶ھ/ ۸۷۰ء) نوجوانی کے عالم میں تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کے اوائل میں بصرے آئے اور وہاں ایک مسجد میں حدیث کا درس دینا شروع کیا، جس میں ہزاروں طلبہ شریک ہوتے تھے (کتاب مذکور، ۲: ۱۶ تا ۱۷)۔ قاہرہ میں امام شافعیؒ کا ایک شاگرد تیسری صدی ہجری میں مسجد ابن طولون میں حدیث کا درس دیا کرتا تھا (حسن المحاضرہ، قاہرہ ۱۲۹۹ء، ۱: ۱۸۲)۔ جب بعد میں ایسے اداروں کی بنیاد پڑ گئی جنھیں دارالعلم یا مدرسہ کہتے تھے تو لوگ مسجدوں اور استادوں کے ذاتی مکانات کے بجائے اس طرف کھنچنے لگے، تاہم خاص حدیث کی تعلیم کے مدارس چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی اور اس کے بعد سے کھلنے شروع ہوے؛ چنانچہ مدرسة الحدیث میں، جو ابو علی الحسین (م ۳۹۳ھ/۱۰۰۳ء) کے لیے نیشاپور میں قائم ہوا تھا، تقریباً ایک ہزار طلبہ تھے اور ابن فورک (م ۴۰۶ھ/۱۰۱۵-۱۰۱۶ء)، ابو القاسم القشیری (م ۴۶۵ھ/۱۰۷۲-۱۰۷۳ء) اور رکن الدین الاصفہانی (م ۴۱۸ھ/۱۰۲۷ء) کے لیے مدارس الحدیث بنوائے گئے تھے (قب Wüstenfeld : Imam Schafi'i، ۱: ۱۵۶ و ۲: ۲۲۹، ۳: ۲۸۴)۔ قاہرہ کے دارالعلم میں، جس کی بنیاد الحاکم بامراللہ نے رکھی تھی (۴۰۰ھ/۱۰۰۹ء-۱۰۱۰ء) دو مالکی استادوں نے فقہ اور حدیث کے ماہروں کو اپنے گرد جمع کر لیا تھا (الذہبی: دُول الاسلام، مطبوعۂ حیدر آباد، ۱: ۱۱۹).

پہلا ادارہ جو خاص طور پر دارالحدیث کہلایا، اس کی بنیاد اتابک نورالدین (م ۵۶۹ھ/۱۱۷۳-۱۱۷۴ء) نے رکھی تھی (النعیمی: الدارس فی تأریخ المدارس، دمشق ۱۹۴۸ء، ۱: ۹۹؛ قب Muh. Stud.، ۲: ۱۱۷)۔ نورالدین بذات خود حنفی تھا، لیکن اس نے اس مدرسے کو شافعیوں کے لیے مخصوص کر دیا (Wüstenfeld: *Die Akademien der Araber und ihre Lehrer*، ص ۶۹) اور مؤرخ و محدث عبداللہ بن عساکر (م ۵۷۱ھ/۱۱۷۵-۱۱۷۶ء) کو اس کا صدر مقرر کیا (النعیمی: کتاب مذکور، ۱: ۱۰۰)۔ اس ادارے اور اس کے متعلقہ اشخاص کے لیے بہت سے اوقاف تھے (ابو شامہ: الروضتین، قاہرہ ۱۹۵۶ء، ۱: ۲۳)۔ ابن عساکر کا جانشین اس کا بیٹا القاسم (م ۶۰۰ھ/۱۲۰۳-۱۲۰۴ء) ہوا (النعیمی: کتاب مذکور، ۱: ۱۰۰)۔ النعیمی اس مدرسة الحدیث کے ناظموں کے نام ابن رافع (م ۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء) تک دیتا ہے۔ اس پہلے دارالحدیث کے کھل جانے کے بعد اسی قسم کے متعدد اور ادارے قائم ہوگئے، جن کے ساتھ سربرآوردہ مؤرخین اور محدثین وابستہ تھے۔ پہلے پہل یہ زیادہ تر دمشق اور اس کے نواح میں (النعیمی نے ان میں سے سولہ کے نام قلم بند کیے ہیں) کھلے، لیکن پھر ایسے ادارے بہت جلد تمام اسلامی دنیا میں پھیل گئے؛ چنانچہ عبداللطیف البغدادی (م ۶۲۹ھ/۱۲۳۱-۱۲۳۲ء) نے ۵۸۵ھ/[illegible] میں موصل جاتے ہوے اسی قسم کے [illegible] ابن مہاجر کے مدرسے کی زیریں منزل میں دیکھا

Marfat.com

(ابن ابی اُصَیْبِعَه، ۲: ۲۰۴) - ۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء میں الملک الکامل ناصرالدین نے دارالحدیث النوریه کے انداز پر قاهره میں ایک دارالحدیث کی تاسیس کی، اور ابوالخطاب بن دحیه کو اس کا صدر مقرر کیا - المقریزی لکھتا ھے که ۸۰۶ھ/۱۴۰۳-۱۴۰۴ء میں یه اس قدر انحطاط پذیر ھو گیا تھا که اس کا صدر محض ایک جاهل نوجوان بلکه لڑکا تھا (الخطط، قاهره ۱۲۷۰ء، ۲: ۳۵۷) - ابن دقماق (م ۸۴۵ھ/۱۴۴۱ تا ۱۴۴۲ء) کے وقت میں قاهره کے تہتّر مدارس میں سے دو دارالحدیث تھے (الانتصار، قاهره ۱۲۹۹ھ، ص ۹۹).

اولین دارالحدیث کے قیام کے بعد قرآن مجید اور حدیث شریف دونوں کے پڑھانے کے لیے دارالقرآن والحدیث کے نام سے ادارے معرض ظهور میں آئے - اس قسم کی درس گاہ کا نمونه سب سے پہلے سیف الدین الملک الناصر (م ۷۴۱ھ/ ۱۳۴۰-۱۳۴۱ء) نے قائم کیا (اس کے ایسے هی دو اور مدرسوں کے لیے دیکھیے النعیمی: کتاب مذکور، ۱: ۱۲۳ تا ۱۲۸).

دارالحدیث ایک آزاد ادارے کی حیثیت سے یا مدرسے کے بہت سے شعبوں میں سے ایک شعبے کی حیثیت سے اسلامی دنیا میں حالیه زمانے تک موجود رها؛ چنانچه بقول مجیرالدین (م ۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء) بیت المقدس کے چالیس سے زائد مدارس میں سے ایک کو دارالقرآن اور دوسرے کو دارالحدیث کہتے تھے (Sauvaire: *Hist. de. Jérus. et Hebr.*، ص ۱۳۹) - عثمانی ترکوں کے عہد میں مسجد سلیمانیه کے بالمقابل جو دارالحدیث تھا، اس کے لیے اساتذه کا انتخاب بڑے بڑے اور مشہور اساتذه میں سے هوتا تھا - تاریخ جودت، بار اول، ۱۳۰۹ھ، ۱: ۱۱۱) - گزشته دو تین صدیوں میں دیگر مدارس کی طرح دارالحدیث بھی علمی مراکز کی حیثیت سے اپنی اهمیت کھو بیٹھے هیں.

(FUAT SEZGIN)

* دَارُالْحَرْب: لفظی معنی لڑائی کی جگه یا سرزمین جنگ- فقہاے اسلام کی علمی اصطلاح میں دارالحرب سے مراد دشمنان اسلام کا وه علاقه یا ملک ھے جس کے باشندے دعوت اسلام کو مسترد کر کے اسلام [اور مسلمانوں] کے خلاف سرکشی اور عداوت کا اظہار کریں اور جہاں اهل اسلام اور اهل ذمه کی عبادت گاهیں محفوظ نه هوں- اسی طرح دارالاسلام کا کوئی علاقه دوباره کفار کے قبضے میں چلا جانے تو وه بھی دارالحرب بن جاتا ھے، بشرطیکه وهاں اسلامی شریعت کے بجاے کافرانه قانون نافذ هو جائیں اور وه علاقه دارالحرب کے متصل واقع هو اور وهاں اهل اسلام اور ان کے اهل ذمه کا جان و مال اور دین محفوظ نه هو- بعض علما تو اسلام کی عملداری سے نکل جانے والے علاقے کو اس وقت تک دارالحرب کہنے سے احتیاط برتتے هیں جب تک اس میں اسلام کا ایک حکم بھی نافذ رهے (تھانوی: کشاف اصطلاحات الفنون، ۱: ۴۶۶؛ احکام اهل الذمة، ۲: ۵۱۷ ببعد؛ کتاب الام، ۴: ۱۸۱ ببعد) [مگر اس سے یه دارالاسلام نہیں بن جاتا].

دین اسلام کی حقیقی روح چونکه امن و سلامتی ھے اس لیے دنیا کو اسلام کے دامن میں پناه لینے کی دعوت ضروری ھے - یه دعوت دو طریقے سے قبول کی جا سکتی ھے: حلقه بگوش اسلام هو کر، یا الله اور اس کے رسول‌ؐ کے احکام کے تابع مسلمانوں کے ساتھ مشترک شہریت و ریاست قبول کرکے (یعنی اهل الذمه بن کر)؛ لیکن کفر و شرک کی جس سرزمین سے اس دعوت حق کے خلاف عناد کا اظہار هو جائے اور وهاں کے لوگ سرکشی و فساد پر اتر آئیں تو ان کے خلاف طاقت کا استعمال واجب هو جاتا ھے - یہیں سے جہاد کی فرضیت کا سرّ حقیقی عیاں هوتا ھے اور شرک و عناد کی سرزمین دارالحرب قرار پاتی ھے (اسلام کا نظریۂ جہاد، ص ۹۰ ببعد؛ اسلام کا نظام امن، ص ۱۵۲)؛ کفار کی سرزمین اس وقت تک دارالحرب نہیں بنتی جب تک اس کے لوگ دعوت اسلام کو مسترد کرکے دارالاسلام

marfat.com
Marfat.com

کے خلاف برسر پیکار نہ ہو جائیں، امام ابن قیّم نے لکھا ہے کہ دارالحرب پر بلا وجہ حملہ جائز نہیں، پہلے دعوت اسلام واجب ہے اور مسترد ہو جانے پر جہاد فرض ہوگا، لیکن اگر دارالحرب دارالاسلام پر حملہ آور ہو تو اس وقت دعوت اسلام کی شرط کے بغیر ہی جہاد فرض ہو جاتا ہے (احکام اھل الذمۃ، ۱ : ۵)؛ کفار کی سرزمین جب دارالحرب قرار پا جائے تو اس کے باشندے حَرْبی یا اَھْلُ الْحَرْب کہلائیں گے (شرح السیرالکبیر، ۱ : ۱۵۲ بعد؛ المبسوط، ۱۰ : ۳۴ بعد).

دارالاسلام کے امام وقت کے فرائض میں سے ایک، دعوت و تبلیغ اسلام کا انتظام بھی ہے ۔ وہ غلبۂ اسلام کے لیے یا تو خود جہاد پر نکلے یا اپنے نائب کی سرکردگی میں لشکر اسلام روانہ کرے ۔ دارالحرب میں مسلمانوں پر ظلم ہو یا مشرکین دارالحرب حملہ آور ہوں تو جہاد بالسیف فرض ہے ۔ اگر کوئی ایسی صورت ہو کہ مشرکین فتنے کا باعث بن سکتے ہوں تو ان کی سرکوبی کے لیے جارحانہ حملہ بھی ضروری ہے (المبسوط، ۱۰ : ۲ تا ۴)۔ اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کا حکم ہے ۔ آپؐ کو پہلے حکمت و موعظت کے ساتھ دعوت اسلام، احسن طریق سے دلائل پیش کرکے صداقت اسلام منوانے کا حکم ہوا (۱۶ [النحل] ۱۲۵)، پھر ظالموں کے خلاف جہاد کا حکم ہوا (۲۲ [الحج] : ۳۹)؛ دارالاسلام مدینۂ منورہ میں اسلامی حکومت کے قیام کے بعد آپؐ نے قرب و جوار کے لوگوں کے علاوہ اس وقت کے بادشاہوں کو بھی قبول اسلام کی دعوت دی اور ان میں سے جس جس نے دعوتِ اسلام کو مسترد کیا اور سرکشی کی اس کا علاقہ یا ملک دارالحرب اور وہاں کا حکمران طاغی یعنی سرکش قرار پایا اور ان کے خلاف جہاد کا حکم ہوا (سیرۃ ابن ھشام، ۲ : ۳۷۳؛ ابن کثیر : السیرۃ النبویۃ، ۳ : ۴۹۴؛ صبح الاعشٰی، ۶ : ۱۵ بعد؛ البخاری، ۶ : ۸ تا ۹).

بلاد اھل الحرب پر اگر لشکر اسلام بزور شمشیر قبضہ کر لے تو ان پر جزیہ عائد کیا جائے گا، وہ اھل الذمّہ یا ذمّی کی حیثیت سے دارالاسلام کے شہری قرار پائیں گے ۔ اگر مغلوب ہونے سے قبل ہی اھل الحرب صلح کی پیش کش کر دیں تو صلح واجب ہو جائے گی اور صلح کی جو شرائط بھی طے پائیں گی، ان پر عمل واجب ہوگا ۔ امام شافعیؒ کے نزدیک اھل حرب مال کی جس مقدار پر صلح کریں وہ جزیے کی مقدار سے کم نہیں ہونی چاہیے (کتاب الاُمّ، ۱ : ۱۸۱ تا ۱۸۲؛ المبسوط، ۱۰ : ۷۲ بعد) ۔ اھل ذمّہ میں سے کوئی شخص بھاگ کر دارالحرب میں چلا جائے تو وہ بھی حربی قرار پائے گا اور اس پر اھل الحرب کے قوانین کا اطلاق ہوگا، مثلاً جان و مال کی حفاظت کے حق سے محرومی، گرفتاری کی صورت میں قتل یا غلامی کی سزا دی جا سکے گی (المُغْنی، ۹ : ۳۵۵)۔ اگر دارالحرب کا کوئی باشندہ مسلمان ہو جائے تو دارالحرب کے فتح ہونے پر اس کی جائداد مال غنیمت میں شامل نہیں ہوگی، بلکہ اس کی ملکیت میں رہے گی (المُغْنی، ۹ : ۳۵۷؛ شرح السیر الکبیر، ۲ : ۹۶ بعد) ۔ اگر کوئی مسلمان امان کی صورت میں دارالحرب میں داخل ہو تو وہاں کسی کافر کا خون بہانا، مال لوٹنا یا کسی عورت سے تعرض کرنا حرام ہے (الدرالمختار، ۲ : ۲۷۳؛ شرح السیرالکبیر، ۲ : ۱۰۲) ۔ دارالحرب کے کسی باشندے کو عموماً تین ماہ سے زائد دارالاسلام میں قیام کی اجازت نہیں دی جائے گی کیونکہ جاسوسی وغیرہ سے دارالاسلام کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے اگر وہ اس سے زائد عرصہ دارالاسلام میں قیام کرنا چاہے تو ذمّی کی حیثیت سے رہے گا اور جزیہ ادا کرے گا (حوالۂ سابق) ۔ دارالحرب کے خلاف میدان قتال میں مسلمان پر شرعی حد قائم نہیں کی جا سکتی (المُغْنی، ۹ : ۳۹۸).

**مآخذ** : (۱) ابن قدامہ : المغنی، قاھرہ، بلا تاریخ؛ (۲) مفتی علاء الدین : الدرالمختار، لکھنؤ ۱۲۹۴ھ؛ (۳)

Marfat.com

تھانوی : کشاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ ۱۸۶۲ء؛ (۴) امام شافعی : کتاب الاُمّ، قاہرہ ۱۹۶۱ء؛ (۵) ابن القیم : احکام اہل الذمۃ، دمشق ۱۹۶۱ء؛ (۶) السرخسی : المبسوط، قاہرہ ۱۳۲۴ھ؛ (۷) وہی مصنف : شرح السیر الکبیر، حیدرآباد دکن ۱۳۳۵ھ؛ (۸) ابن ہشام : السیرۃ النبویۃ، قاہرہ ۱۹۳۴ء؛ (۹) محمد ظفر الدین : اسلام کا نظام امن، اعظم گڑھ ۱۹۶۶ء؛ (۱۰) حیدر زمان صدیقی : اسلام کا نظریۂ جہاد، لاہور ۱۹۴۹ء۔

(ظہور احمد اظہر)

* **دارالحکمۃ** : عام طور پر علمی اداروں کے لیے استعمال ہوتا ہے، بالخصوص اس ادارے کے لیے جس کی بنیاد فاطمی خلیفہ الحاکم نے ۳۹۵ھ/۱۰۰۵ء میں قاہرہ میں رکھی تھی۔ المأمون کے "بیت الحکمۃ" [رک بآں] کے بعد عراق و ایران میں متعدد کتاب خانے قائم کیے گئے جو نہ صرف علم حدیث کے متعلق معلومات بہم پہنچاتے تھے بلکہ "علوم الاوائل" یعنی قدیم علوم کا بھی تعارف کراتے تھے [رک بہ دارالعلم]۔

ایسے ادارے فاطمیوں کے تحت مصر میں بڑے کامیاب ہوے جہاں شیعی عقائد نے یونانی علوم کی ترقی کے لیے سازگار ماحول مہیا کر دیا۔ قاہرہ کے محل میں جلد ہی ایک ذخیرۂ کتب جمع ہو گیا جس کا ایک مہتمم مصنف الشابشتی (م ۳۸۸ھ/۹۹۸ء) تھا۔ العزیز کا وزیر یعقوب بن کِلِّس (م ۳۸۰ھ/۹۹۰ء) اپنے گھر میں ادبا، فقہا اور علمائے دین کے باقاعدہ جلسے کراتا اور انھیں مالی وظائف دیا کرتا تھا، لیکن اس کی یہ جدت جلد ہی "دارالحکمۃ" (= "دارالعلم") کے سامنے ماند پڑ گئی، جسے الحاکم نے مغربی محل کے شمال مغربی حصے میں جگہ دی۔ اس میں ایک کتاب خانہ اور دارالمطالعہ تھا اور یہ محدثین، فقہا، نحویوں، عالموں، ہیئت دانوں، منطقیوں اور ریاضی دانوں کے مل بیٹھنے کی جگہ کا کام دیتا تھا۔ قاہرہ کے دارالحکمۃ کا انتظام "داعی الدعاۃ" کے ہاتھوں میں تھا جو اہل علم کو ہفتے میں دو بار وہاں جمع ہونے کی دعوت دیا کرتا تھا۔ اسمٰعیلی عقائد کی تبلیغ و تعلیم کا کام داعی الدعاۃ کے سپرد تھا، جو المعزّ کے عہد سے "حکمۃ" بھی کہلانے لگے تھے (دیکھیے القاضی النعمان : کتاب المجالس، حسب بیان Dachraoui در *Arabica*، ۱۹۶۰ء)۔ ۴۳۵ھ/ [بہ تصحیح] ۱۰۴۴ء میں ایک نئی فہرست کتب مرتب کی گئی۔ اس میں کم از کم ۶۵۰۰ جلدیں علم نجوم، فن تعمیر اور فلسفے پر تھیں۔ یہ ادارہ وزیر الافضل نے پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے اواخر میں بند کر دیا تھا، لیکن وزیر ابن المأمون نے ۵۱۷ھ / ۱۱۲۳ء میں اسے ایک دوسری عمارت میں پھر سے کھلوایا جو مشرقی محل کے جنوب میں تھی۔ اسے اَلْمُنْتَصِر کے عہد حکومت میں خانہ جنگیوں کے دوران میں لوٹ لیا گیا تھا اور جب فاطمی خاندان کا خاتمہ ہو گیا (۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء) تو کتاب خانے کو ایک دفعہ پھر بند کر دیا گیا۔ انقلاب زمانہ سے جب اس محل کے خزائن فروخت ہوے تو یہ کتابیں القاضی الفاضل ایسے علم دوست اور روشن خیال لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچ گئیں۔

**مآخذ** : (۱) المقریزی : الخطط (مطبوعۂ بولاق)، ۱ : ۳۰۸ تا ۳۰۹، ۳۳۵، ۳۵۸ تا ۳۶۰ و ۲ : ۳۴۲، ۳۶۲، ۳۸۱؛ (مطبوعۂ قاہرہ) ۲ : ۲۵۳ تا ۲۵۵، ۳۱۳، ۳۳۴ تا ۳۳۷ و ۳ : ۱۵۸، ۱۹۲، ۳۷۷؛ (۲) الکندی، ص ۶۰۰، ۶۳۰؛ (۳) القفطی، ص ۴۴۰؛ (۴) ابن خلکان، (مطبوعۂ قاہرہ) ۱۹۴۹ء، ۶ : ۲۸؛ (۵) O. Pinto : *Le biblioteche degli Arabi*، فلورنس ۱۹۲۸ء، ص ۱۶، ۲۵، ۲۹ ببعد؛ (۶) Mez : *Renaissance*، ص ۱۶۹ تا ۱۷۰؛ (۷) M. Canard : *Le cérémonial fatimite . . .* در *Byzantion*، ۲۱ (۱۹۵۱ء) : ص ۳۶۴۔

(D. SOURDEL)

**دارالسّلام** : "امن کی جگہ" : اولاً قرآن

marfat.com
Marfat.com

حکیم (٦ [الانعام] : ۱۲۷؛ ۱۰ [یونس] : ۲۵) میں اسے جنت کے لیے استعمال کیا گیا ہے، کیونکہ بقول امام البیضاوی وہ زوال سے محفوظ ("سلامۃ"=) سلامتی کی جگہ ہے یا اس لیے کہ لوگ اس میں داخل ہوتے ہیں تو خدا اور ملائکہ ان پر سلام بھیجتے ہیں ("سلّم") ۔ اس لیے المنصور نے شہر بغداد کو یہ نام نیز مدینۃ السلام کا نام دیا [قب بغداد نیز یاقوت : معجم البلدان، شروع میں] ۔ ٹانگانیکا کے دارالحکومت کے لیے [رک بہ دارالسلام] ۔

(T.H. Weir)

* **دارالسّلام :** مزِیمہ Mzizima، ("سواحلی" زبان میں صحت افزا اور خوشگوار شہر)، سب سے پہلے سترھویں صدی عیسوی میں وبروہ Wabarawa نے آباد کیا، جو Mogadishu کے جنوب میں Barawa کی عرب سواحلی نسل سے تھا ۔ موجودہ نام جو بندر السلام (سلامتی کی لنگر گاہ) کا مخفف ہے، اس کی ابتدا کم از کم ۱۸٦۲ء سے ہوئی ہے، جب زنجبار کے سلطان سید مجید نے وہاں ایک محل اور دیگر عمارتیں تعمیر کرائیں، جن میں سے چند ایک باقی رہ گئی ہیں ۔ اس کی بڑی گلی، "برہ رستہ" (اردو "بڑا راستہ") کی بھی، جو اب "Acacia Avenue" (=خیابان ببول) ہو گیا ہے، یہی تاریخ ہے ۔ اس کی حالیہ خوشحالی کا آغاز ۱۸۸۸ء سے ہوتا ہے جب یہ جرمن ایسٹ افریقہ کمپنی کا ایک سٹیشن اور ۱۸۹۱ء میں جرمن شاہی حکومت (Imperial Goverment) کا دارالحکومت بن گیا ۔ ۱۹۱٦ء میں پہلی عالمگیر جنگ کے دوران میں اس پر برطانوی فوج کا قبضہ ہو گیا ۔ ۱۹۵۷ء میں اس کی آبادی، ۹۳۳٦۳ افریقیوں، ۲۵۴۵ عربوں، ۴۴۷۹ یورپینوں، ۲۴٦۰ گوآویوں، ۲۳۲٦۳ ہندوستانیوں، ۱۷۱۸ پاکستانیوں، ۱۱ صومالیوں اور ۹۰۳ دوسرے لوگوں پر مشتمل تھی ۔ غالباً تقریباً ۸۵۰۰۰ افریقی، ۱۲۵۰۰ ہندوستانی اور پاکستانی، نیز عربوں کی اکثریت

اور تمام صومالی مسلمان ھیں ۔ [یہ ٦ درجے ۴۹ ثانیے عرض بلد جنوب اور ۳۹ درجے ۱٦ ثانیے طول بلد مشرق واقع ہے] ۔

دارالسلام جو شروع میں اگرچہ شاندار مگر خاموش سا دارالحکومت تھا، اب ایک بارونق تجارتی بندرگاہ ہے ۔ ایک ریلوے لائن، جو تابورہ Tabora کے مقام پر دو شاخوں میں منقسم ہو جاتی ہے، اسے جھیل ٹانگانیکا اور جھیل وکٹوریہ سے ملاتی ہے ۔ علاوہ ازیں ملک کے تمام حصوں میں سڑکیں جاتی ھیں جن میں سے بعض پکی ھیں ۔ سرکاری عمارات کی تعمیر نو جاری ہے ۔ اکثر و بیشتر عمارات جدید طرز کی ھیں اور اگرچہ افریقی آبادی کا اپنا روایتی طرز برقرار ہے تاہم مجموعی لحاظ سے یہ شہر مغربی نظر آتا ہے ۔

بقیہ ساحلی علاقے اور اندرون ملک کے بہت سے شہروں کی طرح اکثریت کا مذہب اسلام ہے ۔ "سواحلی" میں، جو بنتو Bantu زبان ہے، پچیس فی صد [سے زیادہ] عربی کے الفاظ ھیں ۔ یہ ساحلی زبان ہے ۔ Mogadishu کے قریب سے Rovuma اور دور دور تک اندرونی علاقے میں بیلجمی کانگو کے اندر یہی مشترکہ زبان کا کام دیتی ہے ۔ معدودے چند احمدیوں کے سوا، جنھوں نے قرآن حکیم کا سواحلی زبان میں ترجمہ شائع کیا ہے، مشرقی افریقہ کے مسلمان شافعی المذہب ھیں ۔ ان کے لیے شرعی فیصلے دارالسلام میں ایک "Liwali" کے ذریعے ھوتے ھیں جن کی اپیل دیوانی عدالتوں میں ہو سکتی ہے ۔ پہلی صدی میلادی سے بھی پہلے عربوں کی نقل مکانی یہاں کے ساحل پر برابر ھوتی رہی ہے اور اسلام شاید ساتویں صدی میں یہاں پہنچ گیا تھا ۔ جب ابن بطوطہ نے ۷۳۱ھ/۱۳۳۱ء میں ساحلی علاقے کی سیاحت کی تھی تو وہاں شافعی مذہب کے لوگ پہلے سے موجود تھے ۔ موجودہ عربوں میں سے بیشتر شِحر سے آئے ہوے ھیں، لیکن بعض کی آمد حضرموت اور مسقط کے دیگر حصوں سے ہوئی ہے اور یہ [خوارج]

Marfat.com

اباضی ھیں ۔ چند ایک جزائر کمورو Comoros سے ھیں ۔ دارالسلام کے سب سے دولت مند باشندے ھندوستانی اور پاکستانی ھیں جن میں سے غالبًا نصف مسلمان ھیں ۔ خوجے (نزاری شاخ کے اسمٰعیلی) بھاری اکثریت میں ھیں اور ان کے امام آغا خاں چہارم کی وھاں ۱۹۵۷ء میں بڑی شان و شوکت سے مسند نشینی ھوئی تھی ۔ دوسرے شیعہ اثنا عشری اور بوھرے ھیں ۔ میمنوں کی ایک مختصر سی جماعت اور پاکستانی سنی بھی ھیں ۔ مسجدیں بکثرت ھیں ۔ افریقی مسلمان کوئی تیس کے قریب قرآنی مدرسے چلا رھے ھیں ۔ آغا خان کے پیرو اپنے غیرمذھبی مدارس جن میں ایک ثانوی درجے کا ھے اور کچھ خیراتی ادارے چلا رھے ھیں ۔ انفرادی تعلیم کے علاوہ وھاں اعلٰی پیمانے کی اسلامی مذھبی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ھے .

**مآخذ :** (۱) C. H. Becker، در آؤ لائڈن، بار اول : (۲) Materialien zur Kenntnis des Islam in Deutsch Ost-Afrika، Isl. ۲ : ۱ ببعد ؛ (۳) C. Velten : Prosa und Poesie der Suaheli، برلن ۱۹۰۷ء ؛ (۴) B. Krumm : Words of oriental origin in Swahili، ۱۹۴۰ء ؛ (۵) E. C. Baker : Dar-es-Salaam 1860 to 1940، در Tanganyika Notes and Records، عدد ۲۰، ۱۹۴۵ء ؛ (۶) ۱۹۵۷ء کی مردم شماری کی روداد، سرکاری مطبع دارالسلام ۔

(G.S.P. FREEMAN-GRENVILLE)

**دارالشفاء :** رکّ بہ بیمارستان .

⊗ **دَارُالصُّلْح :** یعنی صلح کا علاقہ یا سر زمین؛ فقہاے اسلام کی علمی اصطلاح میں دَارُالصُّلْح سے مراد وہ علاقے یا ممالک ھیں جن کے باشندے دارالاسلام [رکّ باں] کے امام وقت یا اس کے نائب کے ساتھ بعض شرائط پر صلح کر لیں ۔ یہ شرائط ایسی بھی ھو سکتی ھیں جو یک طرفہ ھوں، مثلاً دَارُالصُّلْح کے باشندے اپنے اوپر بعض مالی ذمے داریاں یا پابندیاں قبول کر لیں یا ایسا بھی ھو سکتا ھے کہ کچھ شرطیں طرفین یعنی امام وقت یا اس کے نائبین کے ذمّے بھی ھوں اور اھل دارالصلح کے ذمّے بھی ھوں، مثلاً اھل دارالصلح بعض مالی ذمے داریاں اور پابندیاں قبول کر لیں اور امام وقت بعض صورتوں میں ان کی حفاظت اور معاونت کی ذمے داری قبول کر لے (کتاب الاُمّ، ۴ : ۱۸۱؛ الاحکام السلطانیة، ص ۳۳ ببعد؛ فتوح البلدان، ۱ : ۱، ۴، ۳۳، ۶۶) ۔ جب تک دارالصلح کے باشندے مقررہ شرائط کی پابندی کرتے رھیں اس وقت تک ان سے کسی قسم کا تعرض جائز نہیں، لیکن جب وہ کسی شرط کی خلاف ورزی کریں یا دارالاسلام کے خلاف دارالحرب [رکّ باں] سے تعاون کریں تو اس وقت ان کا ملک دارالصلح نہیں رھےگا، بلکہ دارالحرب بن جائےگا اور ان سے کیا ھوا معاھدۂ صلح ختم ھو جائےگا ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ [رکّ باں] کے موقع پر اھل مکہ اور ان کے حلیف قبائل سے بعض شرائط پر صلح کی تھی اور اس وقت تک اس کی پابندی فرمائی جب تک کفار مکہ یا ان کے حلیفوں کی طرف سے شرائط صلح کی علانیہ خلاف ورزی نہ ھوئی؛ اسی طرح مدینے کے قرب و جوار کی یہودی آبادیوں سے بھی بعض شرائط پر صلح طے کی تھی اور اپنی طرف سے ان کی پوری پوری پابندی فرمائی تاآنکہ خود قبائل یہود نے صلح کی خلاف ورزیاں شروع کر دی تھیں، جس کے بعد ان سے کیے ھوئے صلح کے معاھدے ختم ھو گئے (فتوح البلدان، ۱ : ۳۳، ۳۴؛ سیرة ابن ھشام، ۳ : ۲۲۵)، [نیز رکّ بہ البراءة (سورہ)] .

صلح حدیبیہ کے علاوہ دارالصلح کی کئی ایک تاریخی مثالیں ملتی ھیں، پہلی مثال خود عہد رسالتؐ کی ھے ۔ خیبر سے واپسی پر آپؐ نے حضرت مُحَیِّصہ بن مسعود انصاری رضی اللہ عنہ کو اھل فَدَک کے پاس دعوت اسلام کے لیے بھیجا، مگر اھل فدک نے یُوشَع بن نُون یہودی کی قیادت میں اپنی اراضی اور کھجوروں

marfat.com
Marfat.com

کے باغات میں سے نصف پر صلح کر لی (فتوح البلدان، ۱: ۳۳ بعد)؛ اسی طرح عہد رسالت میں نجران کے یہود و نصاریٰ نے بھی صلح قبول کی؛ نجران کے دو مذہبی پیشوا مدینۂ منورہ میں حاضر ہوے تو آپ نے انہیں دعوت اسلام دی، پھر دعوت مباہلہ دی، لیکن بالآخر وہ صلح پر راضی ہو گئے اور دربار نبوت سے صلح کا عہد نامہ لے کر واپس چلے گئے (فتوح البلدان، ۱: ۶۶)۔ حضرت عمرو بن العاص رض نے فتح مصر کے موقع پر اپنے بھائی نافع بن العاص کی قیادت میں بلاد نوبہ پر حملے کا حکم دیا، مگر مسلمانوں کو فتح حاصل نہ ہو سکی اور کسی نہ کسی شکل میں لڑائی کا سلسلہ قائم رہا حتّٰی کہ حضرت عبداللہ بن سَعْد بن ابی سَرْح مصر کے والی بن کر آئے تو اہل نوبہ نے بعض شرائط پر صلح قبول کر لی، جن میں سے ایک شرط یہ تھی کہ اہل نوبہ ہر سال سو غلام بطور بَقْط [رک بآن] ارسال کیا کریں گے اور مسلمان انہیں اسی اندازے کے مطابق کھانے پینے کی بعض اشیا دیا کریں گے۔ صلح کا یہ معاہدہ بعض تبدیلیوں کے ساتھ عباسی خلفا مہدی اور متوکل کے عہد تک قائم رہا (فتوح البلدان، ۱: ۲۸۰ بعد)۔ اسی طرح عہد عثمانی میں الرُّہا اور ارمینیہ کے باشندوں نے بھی حضرت عیاض بن غنم سے کچھ گندم اور ایک دینار فی آدمی دینے پر صلح کی تھی (فتوح البلدان، ۱: ۲۰۵)۔

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور بعد کے حنفی فقہاے دارالاسلام اور دارالحرب کے درمیان دارالصلح یا دارالعہد [رک بآن] کو ایک مستقل قسم کے طور پر قبول نہیں کرتے، لیکن امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور بعد کے شافعی فقہا اسے تسلیم کرتے ہیں، لیکن وہ دارالصلح اور دارالعہد میں کوئی فرق نہیں بیان کرتے، تاہم امام شافعیؒ کے ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دارالعہد کو عام معنی میں لیتے ہیں لیکن ان کے نزدیک دارالصلح اس کی ایک خاص صورت ہے، یعنی دارالعہد تو ہر وہ زمین ہے جس کے باشندے دارالاسلام سے کوئی باہمی معاہدہ کر لیں، لیکن دارالصلح وہ زمین ہے جس پر لشکر اسلام حملہ آور ہو اور مغلوب ہونے سے قبل ہی وہاں کے باشندے بعض شرائط پر صلح کر لیں (کتاب الاُمّ، ۴: ۱۸۱ تا ۱۸۲)۔ الماوردی نے دارالاسلام کے زیر اقتدار آنے والے تین قسم کے ممالک میں سے تیسری قسم (یعنی جو کسی عہد نامے کی رو سے مسلمانوں کے زیر اقتدار آئے) کی دو صورتیں بیان کی ہیں: وہاں کی اراضی یا تو عام مسلمانوں کے قبضۂ ملکیت میں آ جائیں، یا وہ اصلی مالکوں کے قبضے میں رہیں۔ پہلی صورت میں وہاں کے اصلی باشندے ذمّی کی حیثیت سے خراج ادا کرکے ان زمینوں کو کاشت کر سکتے ہیں۔ دوسری صورت میں وہ زمینوں کو بطورِ مستاجر اپنی ملکیت میں رکھ سکتے ہیں اور پیداوار کی ایک مقررہ مقدار جو جزیے کی مقدار سے کسی طرح کم نہ ہو ادا کرتے رہیں گے اور ان کی زمین کو دارالصلح یا دارالعہد کی حیثیت حاصل ہوگی (الاحکام السلطانیة، ص ۳۵ بعد؛ ۱۳۱ بعد؛ کتاب الاُمّ، ۴: ۱۸۲)۔

**مآخذ:** (۱) البلاذری: فتوح البلدان، بیروت ۱۹۵۶ء؛ (۲) الماوردی: الاحکام السلطانیة، قاہرہ ۱۹۶۶ء؛ (۳) امام شافعی: الاُمّ، قاہرہ ۱۹۶۱ء؛ (۴) السرخسی: المبسوط، قاہرہ ۱۳۲۴ھ؛ (۵) وہی مصنف: شرح السیر الکبیر، حیدرآباد (دکن) ۱۳۳۵ھ؛ (۶) ابن القیم: احکام اہل الذمة، دمشق ۱۹۶۱ء؛ (۷) مفتی علاءالدین: الدر المختار، لکھنؤ ۱۲۲۴ھ؛ (۸) تھانوی: کشّاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ ۱۸۶۲ء؛ (۹) ابو محمد عبداللہ بن قُدامہ: المُغْنی، طبع قاہرہ، بلا تاریخ؛ (۱۰) محمد ظفیرالدین مفتاحی: اسلام کا نظام امن، اعظم گڑھ ۱۹۶۶ء؛ (۱۱) مودودی: الجہاد فی الاسلام، لاہور ۱۹۶۶ء؛ (۱۲) حیدر زمان صدیقی: اسلام کا نظریۂ جہاد، لاہور ۱۹۴۹ء؛ (۱۳) یحیٰی بن آدم: کتاب الخراج، لائڈن،

Marfat.com

۱۸۹۶ء؛ (۱۴) المقریزی : الخطط، قاهره ۱۳۲۴ھ؛
(۱۵) ابن عبدالحکم : فتوح مصر، قاهره بلا تاریخ؛
(۱۶) حمید اللہ : *Muslim conduct of State*، لاهور ۱۹۵۴ء.

(ظهور احمد اظهر)

* **دارالصِناعة** : (نیز دارالصَّنْعة مگر بہت شاذ)، اشتقاق کے لحاظ سے اس ترکیب کا ترجمہ "صنعت و حرفت کی جگہ یا کارخانہ" کیا جا سکتا ہے، لیکن فی الواقع اس کا اطلاق همیشه حکومت کے کارخانے پر هوا ہے، مثلاً بنوامیه کے عہد میں هسپانیه میں سرکاری استعمال کے لیے سونے چاندی کی مصنوعات یا اسلحه بنانے اور ان کے ذخیرہ کرنے کے کارخانے، لیکن اس کا سب سے زیادہ وسیع استعمال جنگی جہازوں کی ساخت اور تیاری کے کارخانے کے معنی میں هوتا ہے، یعنی "دارالصناعة لِاِنْشاء السُّفُن"، جسے کبھی کبھی فقط "دارالانشاء" بھی کہا گیا ہے ۔ اس میں وہ سلاح خانے شامل نہیں ہیں جن سے ہم نے آگے چل کر بحث کی ہے، نیز نجی تجارتی جہازوں کی بابت اس میں ذکر نہیں کیا جائے گا؛ اس کے لیے دیکھیے، بحریه، ملاحة، سفینه، اسطول.

عربی مرکبات دارالصناعة اور دارالصنعة هی سے بحرروم کی (یورپی) زبانوں میں "arsenal" اور "wet-dock" کے لیے لفظ بنائے گئے ہیں : (هسپانیه کی) قشتالی میں darsena, arsenal, ataruzana؛ قیطلونی میں 'drasena darsanale؛ اور اطالوی میں 'darsena arsenale؛ مالطی میں 'tarzna tarznar ۔ گمان غالب ہے کہ کسی اطالوی بولی هی سے عثمانی ترکوں نے لفظ ترسانه (tersāne) لیا ہے (جس پر بعض اوقات توپ خانه (="جنگی توپوں کا کارخانه") کے وزن پر "ترس خانه" کہہ کر ترکی رنگ چڑھا دیا جاتا ہے) ۔ سلطنت عثمانیه کے ابتدائی دور میں یه لفظ کئی زبانوں میں رواج پا گیا ۔ جدید یونانی میں τερσανας، شامی عربی میں ترس خانه، مصری عربی میں ترسانه اور ترس خانه.

بحر روم شرقی : یه طبعی امر تھا کہ مسلمانوں کی خدمات انجام دینے کے لیے پہلے بحر روم کے شرقی علاقے میں سلاح خانے قائم هوے، جن میں سے کچھ انھیں رومی بوزنطی سلطنت سے ترکے میں ملے تھے ۔ خشکی میں فتح یاب ہونے کے باوجود عرب سمندر کی طرف سے انتقامی حملوں کی زد میں تھے ۔ ان کے انسداد کے لیے انھوں نے ملک کے اصلی باشندوں کے تجربے سے کام لیا ۔ یہاں تک کہ تھوڑے هی دنوں میں وہ خود دوسروں پر بحری حمله کرنے کے قابل هو گئے ۔ حضرت معاویه رضی جو اس وقت تک صرف شام کے والی تھے، پہلے شخص هیں جنھوں نے عکّا میں قبرص کی مہم کے لیے ۴۲۸/۶۴۹ء میں اسلحه کا کارخانه قائم کیا ۔ بعد میں یه کارخانه صور (Tyre) میں منتقل کر دیا گیا، جہاں اس کے ساتھ ایک مورچه بند گودی بنائی گئی، جو رات کو ایک زنجیر سے بند کر دی جاتی تھی اور اس میں جنگی جہاز آ کر پناہ لیتے تھے ۔ پھر بھی المتوکل نے مناسب سمجھا کہ سلاح خانه دوبارہ عکا هی میں قائم کیا جائے ۔ اس سلاح خانے کو ابن طولون نے، جب اسے اس کا مہتمم بنایا گیا، (المقدسی جغرافیه دان کے دادا کے انتظام سے) صور کے کارخانے کے نمونے پر مورچه بند کرا دیا ۔ یه ممکن ہے کہ وقتاً فوقتاً چھوٹے چھوٹے سلاح خانے طرابلس اور لاذقیه میں بھی بنائے گئے ہوں؛ لیکن سمندر سے علحدہ ہونے کی وجه سے ان کی رونق طَرَسُوس کے کارخانے کے آگے ماند پڑ گئی، جو التھائی شمالی علاقے میں دریا کے کنارے بنایا گیا تھا ۔ طرسوس بحری اور بری دونوں قسم کی مجاهدانه سرگرمیوں کا مرکز تھا ۔ یہاں تک کہ ایک بغاوت کے نتیجے میں خلیفه المقتدی نے ۲۸۷ھ/ ۹۰۰ء میں جنگی بیڑا جلوا دیا اور پچاس سال بعد بوزنطیوں نے اس شہر پر از سر نو قبضه کر لیا ۔ صلیبی جنگوں نے آخر ان کارخانوں کو بالکل ختم کر دیا، جو غالباً شورشوں اور

Marfat.com

سیاسی تفرقوں کی وجہ سے پہلے ھی کمزور ھو چکے تھے - معلوم ھوتا ھے کہ اس کے بعد مملوکوں نے بھی ان کی، حتّٰی کہ بیروت میں بھی، جو اس ساحلی علاقے کا سب سے بڑا شہر بن گیا تھا، تجدید نہیں کی۔

مصر: یہ بھی حضرت معاویہؓ ھی تھے جنھوں نے اپنی خلافت کے زمانے میں مصر کے سلاح خانے دوبارہ کھولے - ان سلاح خانوں کو تیسری صدی ھجری/ نویں صدی عیسوی کے بعد سے مصر کے خود مختار فرمانرواؤں نے نہایت شاندار اور دیرپا ترقی دی - جن کارخانوں نے سب سے پہلے کام شروع کیا ان کے مالک بوزنطی تھے - ان میں سے ایک قلزم (Clysma) میں اور ایک اسکندریہ میں تھا - قلزم کی جگہ بعد میں سویز نے لے لی اور خوش قسمتی سے سویز کو نہر کے ذریعے دوبارہ دریاے نیل سے ملا دینے کی بدولت یہ کارخانہ بحر احمر اور بحر روم دونوں کے لیے کارآمد ثابت ھوا - آگے چل کر دوسرے بحری مرکز (رشیـد Rosetta)، دُمیاط اور تنّیس میں نیل کے دھانوں پر بنائے گئے اور انھیں بوزنطی حملوں سے بچانے کے لیے عباسی خلفا (خصوصًا المتوکّل) نے مستحکم کر دیا اور ان کے لیے ایسی احاطہ بند لنگر گاھیں بنا دیں جیسی شام میں تھیں - متعدد بردی تحریرات اس کی شاھد ھیں کہ ان سلاح خانوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کاریگر اور ضروری سامان بنوامیہ کے عہد سے لے کر آگے تک سرکاری طور پر منگوایا جاتا رھا - پھر بھی سب سے زیادہ محفوظ اور اسی وجہ سے سب سے زیادہ ترقی یافتہ سلاح خانہ وہ تھا جو نیل کے کنارے الفسطاط (جو بعد میں قاھرہ کہلایا) کے قریب قائم کیا گیا تھا اور پہلے ۵۴ھ/۶۷۴ء میں یہ جزیرہ روضہ میں بنایا گیا تھا - جب مروان الثّانی نے جہازوں کو اس لیے جلوا دیا کہ عباسی اس کا تعاقب نہ کر سکیں (۱۳۲ھ/ ۷۵۰ء) تو غالبًا اسے نقصان پہنچا - تیسری صدی ھجری/نویں صدی عیسوی میں بوزنطیوں سے بحری جنگوں کے دوران میں المتوکّل (۲۳۸ھ/۸۵۳ء) نے اسے دوبارہ منظم کیا؛ چنانچہ اس زمانے میں جزیرۂ روضہ کو جزیرۃ الصناعۃ کہتے تھے - بوزنطیوں (= بابلیوں) کے زمانے میں یہاں جو مورچے بنے ھوے تھے اور عربوں کی فتوحات سے شکستہ اور مرمت طلب ھو گئے تھے انھیں ابن طولون نے پھر بحال کیا - اس نے جنگی بیڑے کو دوبارہ بنانے کا کام بھی کیا، مگر اس کی پوری طرح سے کامیاب کوشش آئندہ صدی میں اخشیدیوں نے فاطمیوں کے خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے کی - اس وجہ سے کہ سلاح خانہ جزیرے میں واقع تھا، اس زمانے میں اس کی حفاظت ناممکن تھی، اس لیے ابن طغج نے جزیرے کو باغ بنا دیا اور فسطاط میں دریا کے کنارے اس مقام پر جو اس وقت دار بنت الفتح کہلاتا تھا ایک نیا سلاح خانہ قائم کرنے کا حکم دیا - تاھم ایسا معلوم ھوتا ھے کہ فاطمیوں کے عہد میں دونوں سلاح خانوں میں باری باری سے یا بیک وقت کام ھوتا رھا - ۵۱۶ھ/ ۱۱۲۲ء میں وزیر المأمون البطائحی نے جہاز سازی کی صنعت کو معقول بنانے کی اس طرح کوشش کی کہ مصر (فسطاط) کے سلاح خانے کو، جو اب بہت بڑھ گیا تھا، "شَوانی" اور سرکاری جہاز بنانے اور جزیرے کے سلاح خانے کو "شلندیات" اور "حربیات" بنانے کے لیے مخصوص کر دیا - فاطمیوں کے ابتدائی عہد میں ایک تیسرا سلاح خانہ بھی، شہر کی شمالی جانب محلۂ المَقْس میں کام کر رھا تھا؛ لیکن اس کے متعلق اس سے زیادہ ھمیں کچھ معلوم نہیں - ۳۸۶ھ / ۹۹۶ء میں یہاں جنگی جہازوں کا ایک بیڑا جو بوزنطیوں سے مقابلے کے لیے تیار کیا گیا تھا جل گیا - صلیبی جنگوں کے حوادث اور وہ مصیبتیں جو اس خاندان کے خاتمے کے قریب پڑیں اس بیڑے کے لیے تباہ کن ثابت ھوئیں اور انھی میں قاھرہ کے سلاح خانے جل کر نابود ھو گئے - سلطان صلاح الدین نے کوشش کی کہ اسکندریہ میں جہاز سازی کا کام دوبارہ جاری کرے اور ممالیک کے عہد میں ھم پھر

Marfat.com

سنتے ہیں کہ قبرص پر حملے کے زمانے میں ایک بیڑا تیار کیا گیا، لیکن یہ خال خال اور لمبے وقفوں کے بعد ہونے والی کوششیں تھیں ۔ اگرچہ جہاز سازی کی صنعت میں اس سے پہلے ہی ناگہانی نشیب و فراز آئے، لیکن یہ کہنا احتیاط کے خلاف نہ ہوگا کہ مصری سلاح خانے ختم اس وقت ہوے جب بحر روم پر اطالویوں کا تسلط ہو گیا ۔

تیسری ۔ چوتھی صدی ہجری / نویں ۔ دسویں صدی عیسوی میں جزیرۂ اِقْرِیْطش [رک بآں] کے مسلمانوں کا خندق کے مقام پر ایک آزاد بحری مرکز تھا ۔

مغرب : مغرب میں سب سے پرانے سلاح خانے لازمی طور پر مشرق سلاح خانوں کے مقابلے میں جدید تر تھے ، مگر ان میں سے بعض شاید، ان کی بہ نسبت زیادہ مدت تک قائم رہے اور مشرق نے وقتاً فوقتاً ان سے جنگی ساز و سامان کے ذخیروں کے طور پر کام لینے کی بھی کوشش کی ۔

افریقیہ : مغرب کا قدیم ترین سلاح خانہ تونس [رک بآں] میں تھا ۔ اس کی بنیاد تقریباً ۷۵ھ/۶۹۴ء میں مشرق کے اموی خلیفہ عبدالملک بن مروان کے حکم سے وہاں کے والی حسان بن النعمان نے رکھی ۔ وہاں ایک جنگی بیڑا ، افریقیہ کے ساحل کی حفاظت اور خاص طور پر صقلیہ کے فتح کرنے کی غرض سے تیار اور مسلّح کرنے کے لیے مصر سے ایک ہزار قبطی مع اہل و عیال لائے گئے ۔

دیگر بحری سلاح خانوں کے المہدیہ، سُوسَہ اور بِجایہ میں موجود ہونے کے تحریری شواہد محفوظ ہیں ۔

الاندلس : چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے ربع اول میں جا کر امویوں نے ہسپانیہ میں سلاح خانے تعمیر کیے ۔ انہیں جنگی بیڑوں کی ضرورت ، در حقیقت اس لیے تھی کہ نارمن حملوں کا مقابلہ کریں اور بعد میں اس لیے بھی کہ فاطمیوں کے خلاف شمالی افریقہ میں اپنی دخل اندازی کی حکمت علی کو تقویت دیں ۔ سب سے اہم سلاح خانہ المریّۃ Almeria میں تھا ۔ اس کے علاوہ ان مقامات میں بھی ان کے موجود ہونے کا پتا ملتا ہے : طَرطُوشہ (Tortosa)، دانیہ (Denia)، المُنَکَّب (Almuñecar)، مالقہ (Málaga)، جبل الطارق، شَلْتِیش (Saltés)، شَنْتَمرِیّہ (Santa Maria de Algarve)، شِلْب (Silves)، القصر (Alcacer do Sal) ۔ غالباً ایک سلاح خانہ قادس (Cadiz) میں بھی تھا جو بنو میمون کی جاگیر تھا ۔ اس خاندان نے کئی قائد المرابطون کے جنگی بیڑے کے لیے نیز جزائر بلیارق (Balearics) میں مہیا کیے ۔

غربی مغرب : دو سب سے قدیم سلاح خانے وہ ہیں جو آبنائے جبل الطارق پر سبتہ (Ceuta) اور طنجہ (Tangier) میں واقع تھے اور جو پہلے پہل تجارتی جہاز بنانے کی غرض سے قائم کیے گئے تھے ۔

بربر : مراکش کے تین بڑے شاہی خاندانوں —— المرابطون، الموحدون، بنو مرین —— کے زمانے میں یہ سلاح خانے فوجی ادارے بن گئے ۔ یہ جنگی جہاز اور حمل و نقل کے سفینے تیار کرتے تھے، جن سے آبنائے پر اقتدار قائم رکھنا اور اسلامی ہسپانیہ کی حفاظت کے لیے اس کے پار فوجیں اتارنا ممکن ہو گیا ۔

قرون وسطٰی میں دوسرے بڑے سلاح خانے جن کا علم ہوا ہے یہ ہیں: الجزائر (جسے آگے چل کر عثمانی ترکوں کے دور حکومت میں خاص طور پر ترقی دی جانے والی تھی) اور اوران، ہنین، بادِس، المعمورہ (جو اب سَبُولدی کے دہانے پر المہدیہ ہے)، سلا (Salé) اور انفا (جو اب کاسا بلانکا یا دارالبیضاء ہے) کے سلاح خانے ۔

صِقِلّیہ : ہم کچھ کہہ نہیں سکتے کہ تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی اور چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں اس جزیرے کے یا ملک اطالیہ کے جن مقامات پر مسلمانوں نے قبضہ کیا وہاں سلاح خانے قائم کیے یا نہیں ۔ غالب گمان یہ

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ کہ صقلیہ میں پلرمو (Palermo) اور میسینا (Messina) میں چند سلاح خانے تھے۔

بحر ہند اور آس پاس کے سمندر : عام طور پر بحر ہند اور اس کی شاخیں، بحر احمر اور خلیج فارس جو مسلمانوں کے سمندر تھے، بہ نسبت بحر روم کے امن و امان کے علاقے تھے۔ بحری ڈاکو تو یہاں بکثرت موجود تھے، لیکن بحری قوت رکھنے والا کوئی دشمن نہ تھا۔ اس وجہ سے یہاں پاسبانی کے دستے کافی ثابت ہوتے تھے، اور غالب گمان یہ ہے کہ وہ تجارتی جہازوں سے، (جو معلوم ہے کہ بغیر کیلوں کے بنائے جاتے تھے) اکثر کام لیتے تھے۔ یہاں بحر روم کے نمونے کا اصلی سلاح خانہ کوئی نہ تھا۔ تاہم بحر قلزم کے علاوہ جس کا ذکر پہلے آ چکا ہے، یہ یقینی امر ہے کہ فاطمیوں نے ایک بیڑا بنا رکھا تھا جو بحر احمر میں حجاج اور یمن جانے والے سوداگروں کی حفاظت کے کام آتا تھا اور اس کا مرکزی مقام عیذاب تھا۔ اس میں کچھ شبہہ نہیں کہ مشرق کی بڑی بڑی تجارتی بندرگاہوں میں جہاز سازی کا کام ہوتا تھا: عدن، اس سے پہلے زمانے میں بصرہ (یا یوں کہیے کہ اس کی بیرونی لنگر گاہ اور پیش رو اُبلّہ)، سِیراف جس کی جگہ بعد میں کِیش نے سنبھالی، صُحار اور اس کے بعد عمان میں مسقط، اور شاید مغربی ہند اور مشرق افریقہ کے ساحلوں پر آباد مسلمانوں کے شہروں میں بھی جہاز بنتے تھے۔ بہ استثنائے اُبلّہ، ان کے مرتبے اور سیاسی حیثیت کی بابت کوئی یقینی بات کہنا مشکل ہے۔ پانچویں صدی ہجری/ گیارھویں صدی عیسوی کے بعد تو، جب کہ بصرے اور سیراف کی بحری سرگرمیاں بہت کچھ ماند پڑ گئی تھیں اُبلّہ کی گودیاں بھی کام کرنے کے قابل نہ رہی تھیں۔

جہازی لکڑی کی فراہمی: قدرتی طور پر سلاح خانے ان مقامات میں قائم کیے جاتے تھے جو یا تو جہاز سازی کی لکڑی (صنوبر اور دیودار، مصر میں بلوط، بَبُول کی قسمیں لَبخ یا سنط، جُمیز (مصری تُوت اور کسی حد تک کھجور اور انجیر) پیدا کرنے والے علاقوں کے قریب ہوتے یا پھر ان مقامات میں جہاں بہ آسانی کے ساتھ اطالوی، ہندی (ساج یا ناریل) اور مشرق افریقہ کے سوداگروں کے ذریعے درآمد کیا جا سکتا تھا، اناطولی کے ساحلوں پر لوٹ مار کرنے والوں کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے بعد جہاز سازی کی صنعت میں جو زوال آیا اس کے مختلف اسباب میں لکڑی کی روز افزوں کمیابی کو بھی ایک سبب شمار کیا جا سکتا ہے۔

**مآخذ :** (۱) A.H. Fahmy: *Muslim sea-power in the Eastern Mediterranean, 7th-10th century*، ۱۹۵۰ء؛ (۲) Ekk. Eickhoff: *Seekrieg und See-politik zwischen Islam und Abendland (650-1040)*، (Saarland) یونیورسٹی سارلینڈ ۱۹۵۳ء؛ (۳) M. Lombard: *Arsenaux et bois de marine dans la Méditerranée musulmane (7e - 11e siècles)*، در *Le Navire* وغیرہ "Travaux du 2e Colloque)، (d'histoire maritime, 1957، Bibl. Gén. Éc. Htes. Ét., VIe sect.؛ (۴) W. Hoenerbach: *Araber und Mittelmeer, Anfänge und Probleme arabischer Seegeschichte*، در زکی ولیدی طوغان ارمغانی، ۱۹۵۵ء؛ (۵) G. Wiet، در *CIA Egypte*، ۲ : ۱۶۵ تا ۱۶۹ (Mémoires publ. Inst. Franc. archéol. or. 52)؛ (۶) E. Lévi-Provençal: *L'Espagne musulmane au Xe s.*، ص ۱۵۲؛ (۷) وہی مصنف: *Hist. Esp. Mus.*، ۱ : ۲۳۳، ۳۶۷؛ (۸) وہی مصنف: *La péninsule ibérique au Moyen Age*، ص ۲۷۱؛ (۹) R. Brunschwig: *Deux récits de voyage inédits en Afrique du Nord*، ص ۱۸۹؛ (۱۰) وہی مصنف: *La Berbérie orientale sous les Ḥafṣides*، ۱ : ۳۴۷، ۳۸۲؛ (۱۱) H. Terrasse: *Les portes de l'arsenal de Salé*، در *Hesp.*، ۱۹۲۲ء، ص ۳۵۷؛ (۱۲) G. S. Colin:

Marfat.com

‘Fès Port de mer’ در *Bull. de l'Ens. Public du Maroc*‘ عدد ۱۸۳ (۱۹۳۵ء): (۱۳) G. F. Hourani: *Arab sea-faring in the Indian Ocean*‘ ۱۹۵۱ء‘ ایک پروانه جس میں ایک سمندری شهر پر‘ جس میں ایک سلاح خانه تها‘ حاکم مقرر کرنے کا حکم هے‘ قدامه: کتاب‌الخراج‘ مخطوطه‘ استانبول ۱۳۷ ببعد (مخطوطۂ پیرس ۱۷۷ ببعد) میں شامل هے ۔ سلطنت عثمانیه کے لیے جس سے مقالے میں بحث نہیں کی گئی هے‘ دیکھیے اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی: عثمانلی دولتنن مرکز و بحریه تشکیلاتی‘ ۱۹۴۷ء.

(CL. CAHEN و G.S. COLIN)

* **دارالصَّنْعة**: رکّ به دارالصناعة.

* **دارُالضَّرب**: ٹکسال مشرق اوسط میں قرون متوسطه کے نظام معیشت کا نهایت ضروری اداره تها، کیونکه معاشی ترقی کی وجه سے مسکوکات کا بهت عمل دخل هو چکا تها، خصوصاً مسلمانوں کی فتح کی ابتدائی صدیوں میں ۔ ٹکسال کا اوّلین فریضه حکومت اور عوام کی مالی ضروریات کے لیے سکّے مهیا کرنا تها ۔ مالی اصلاحات کے زمانے میں ٹکسال اس ادارے کا بهی کام دیتی تهی جهاں سے گهسے هوے سکّوں کے عوض نئے سکّے تبدیل کرائے جا سکتے تهے ۔ ٹکسالوں میں چاندی سونا بهی بهت بڑی مقدار میں محفوظ رکھا جاتا تها، لهٰذا ٹکسالیں ذیلی خزانوں کا بهی کام دیتی تهیں.

مشرق اوسط کی فتوحات کے فوراً بعد عرب حکمران ٹکسالوں سے کام لینے لگے تهے جو انهیں سابق بوزنطی اور ساسانی حکومتوں سے ورثے میں ملی تهیں ۔ بنو امیّه کے عهد میں خلافت اسلامی نے ٹکسالوں کی تنظیم میں ذاتی طور پر بهی دلچسپی لینی شروع کی ۔ یه امر، الحجّاج کی قائم کرده نئی ٹکسالوں (مثلاً کوفے اور واسط میں) سے، جو عبدالملک کی مشهور "اصلاحات ضرب سکّه" [دیکھیے "دینار"] کے تحت قائم کی گئیں، نیز هشام کے اقدامات سے، جس نے مرکزیت کو مؤثر بنانے کے لیے سختی کے ساتھ ٹکسالوں کی تعداد کم کر دی، واضح هو جاتا هے ۔ هشام کی حکمت عملی پر، جو صریحاً بوزنطی حکومت کی ٹکسالوں کی روایات سے متأثر تهی، خلافت عباسیه زیاده عرصے تک عمل درآمد نه کر سکی ۔ هارون الرشید کے عهد میں "ناظرالسکّة" کا عهده قائم کیا گیا ۔ اگرچه اس اقدام سے خلافت اپنے ذاتی اختیارات سے ایک ماتحت ادارے کے حق میں دست‌بردار هوگئی، لیکن اس پر بهی وه ٹکسالی نظام کے اصول مرکزیت کی حمایت کرتی رهی ۔ عباسیوں کے سیاسی اور انتظامی اختیارات کم هو جانے کے ساتھ ناظرالسکّه کا عهده بهی ختم هوگیا ۔ اب تیزی سے پهیلتی هوئی تجارت، اور صنعتی سرگرمیوں کی وجه سے ٹکسالوں کی تعداد میں اضافه اور ان کے نظام کار میں توسیع هوئی، نیز چهوٹے چهوٹے حکمرانوں کے برسر اقتدار آنے کے باعث، جو ٹکسالوں پر اپنا تسلّط جمانا چاهتے تهے، ٹکسالوں کے نظام میں مرکزیت قائم نه رهی ۔ یه صورت حال بهت کچھ ساسانیوں کے عهد کے حالات کے مماثل تهی.

ٹکسالوں پر حکمرانوں کا تسلّط ان کی آزاد حکومت کے دعوے کی ایک دلیل هوا کرتا تها ۔ یه دعوٰی ٹکسالوں کے جاری کرده سکّوں پر ان کے ناموں کے اندراج سے اشارةً ظاهر هوتا تها، حالانکه قبل ازیں یه حق بلا استثنا صرف خلفا کو حاصل تها ۔ بهرحال اس طریقے سے یه نئے خود مختار حکمران اپنے سکّوں کی قدر و قیمت کا ذمے دار اپنے آپ کو ٹهیراتے تهے ۔ سکّوں کے کهرے هونے اور عوام النّاس کے مفادات کی حفاظت کی غرض سے ٹکسالیں حکام عدلیه (مثلاً فاطمی مصر اور شام میں قاضی القضاة اور گیارهویں صدی کے بغداد میں قاضی) کی تحویل میں دے دی گئیں، جن کے عمال خود سکّه ضرب کرانے کے کاموں میں مدد دیتے تهے ۔ اس نظام کے باوجود ان حکمرانوں نے، جو اپنے صرف زر کے امتیازی حقوق سے ناجائز

marfat.com
Marfat.com

فائدہ اٹھاتے تھے، سکّوں میں ناجائز ردّ و بدل کرکے عامة النّاس کا اعتماد کھو دیا۔

ٹکسال کا عملہ منشیوں اور کاریگروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ اوّل الذکر حسابات اور ٹکسال کی داخلی حفاظت کے ذمے دار تھے۔ کاریگر، مثلاً "سبّاکون" (پگھلانے والے) اور ضرّابون (سکّے ڈھالنے والے) سکّہ سازی کا کام کرتے تھے۔ ان کاریگروں میں "نقّاش" (ٹھپّے ساز) کو خصوصی حیثیت حاصل تھی، جس کا کام فقط نقش کندہ کرنے تک محدود ہوتا تھا۔

مسلمانوں کی ٹکسالوں سے جاری شدہ سکّے سونے، چاندی اور تانبے کے ہوتے تھے [دیکھیے "دینار"، "درہم"، فلس"]۔ سکّے ڈھالنے کے لیے قیمتی دھاتیں سونے چاندی کی سلاخوں کی صورت میں ہوتی تھیں، جو سرکاری حکام نیز عام کاروباری لوگ مہیا کرتے تھے۔ مؤخرالذکر لوگ گھسے ہوئے سکّے اور غیر ملکی سکّے بھی، جن کی مقامی منڈی میں ممانعت ہوتی تھی، ٹکسال کو دیتے تھے، جو سکّے یا دھات کی ایک مقررہ شرح بطور ٹیکس سکّہ سازی خود رکھ لیتی تھی۔ گاھکوں سے جو نقد روپیہ وصول کیا جاتا، اسے ٹکسال کے عملے اور سکّہ سازی کے کاموں پر صرف کیا جاتا تھا، نیز سرکاری ٹیکس کی ادائی بھی اس سے ہوتی تھی۔ جن دنوں تجارتی سرگرمیاں بڑھ جاتی تھیں، سکّہ سازی کا کام بھی زوروں پر ہوتا تھا۔ ٹکسال سے جو کچھ حاصل ہوتا اس سے حکومت کو معتدبہ آمدنی ہوتی تھی۔ لیکن قرون متوسطہ کے اواخر میں اقتصادی بدحالی نے سکّے کی مانگ کو بری طرح کم کیا، اس سے ٹکسالوں کی صورت حال اور ان سے حاصل ہونے والے نفع پر بہت مضر اثرات پڑے۔ بعد ازاں ٹکسالوں کو اجارے پر دینا مناسب سمجھا گیا۔ یہ وہ مفید تدبیر تھی جس پر مثال کے طور پر مصر کے مملوک حکمرانوں نے عمل کیا تھا۔

مآخذ: (۱) ابوالحسن علی بن یوسف الحکیم: الدّوحه المشتبکة فی ضوابط دارالسکة، طبع ایچ۔ مؤنس، میڈرڈ ۱۳۷۹ھ/۱۹۵۹ء؛ (۲) ابن خلدون: المقدّمة، مترجمهٔ F. Rosenthal، نیویارک ۱۹۵۸ء، ۱: ۲۶۳، و بمواضع کثیره؛ (۳) النابلسی: لُمع القوانین المضیّه فی دواوین الدیار المصریّه، در C. A. Owen: Scandal in the Egyptian Treasury، JNES، ۱۴، ج ۲، ۱۹۵۵ء، ص ۵۷ تا ۷۶؛ (۴) ابن بعره: کشف الاسرار العلمیّة بدارالضرب المصریّة (نیز دیکھیے A. S. Ehrenkreutz: Extracts from the Technical Manual on the Ayyūbid Mint in Cairo، در BSOAS، ج ۱۵، ۱۹۵۳ء، ص ۴۲۳ تا ۴۴۷)؛ (۵) A. S. Ehrenkreutz: Contribution to the knowledge of the fiscal administration of Egypt in the Middle Ages، در BSOAS، ج ۲۶، ۱۹۵۴ء، ص ۵۰۲ تا ۵۱۴، اس میں اسلامی ٹکسالوں کے موضوع پر مزید مآخذ دیے ہوئے ہیں؛ (۶) وہی مصنف: Studies in the monetary history of the Near East in the Middle Ages، در JESHO، ج ۲ (۱۹۵۹ء)، ص ۱۲۸ تا ۱۶۱)۔

(A. S. Ehrenkreutz)

عثمانی عہد: عثمانی ٹکسال کو عام طور پر "ضرب خانۂ عامرہ"، "ضرّاب خانہ" اور "دارالضرب" کہتے ہیں۔ عثمانی دارالضرب کا پہلا سکّہ "اقچہ" [آق‌چہ] تھا، جو برسہ میں غالباً ۷۲۷ھ/۱۳۲۶-۱۳۲۷ء میں ڈھالا گیا (قبّ اوزون چارشیلی: Belleten، ۳۴: ص ۲۰۷ تا ۲۲۱)۔ مراد اوّل اور بایزید اوّل کے "اقچے" اور "منغیر" نامی تانبے کے سکّوں پر جگہ کا نام نہیں ملتا (H. Edhem: مسکوکات عثمانیہ، استانبول ۱۳۳۴ھ، عدد ۱ تا ۵۸)، لیکن یہ ہمیں معلوم ہے کہ اس کے بیٹوں کے عہد میں برسہ، اَمسیہ، ادرنہ، سرز اور آیا سُلوغ، اِفیسوس (Ephesos) میں ٹکسالیں قائم تھیں (دیکھیے ایچ۔ ادھم، عدد ۵۹ تا ۱۳۸)۔

پہلا عثمانی طلائی سکّہ استانبول میں ۸۸۲ھ/

Marfat.com

[illegible] میں ضرب ہوا تھا (I. Artuk : *Fatih Sultan Mehmed* namına kesilmiş bir sikke، Ist. Arkeoloji Müzesi Yıllığı، عدد ۷)، لیکن اس سے [illegible] اور اس سے بھی پیشتر عثمانی [illegible] (طلائی سکّے) [illegible] "فرنگی فلوری" یا "الفوری" (دیکھیے F. Babinger : *Zur Frage der osmanischen Goldprägungen im 15. Jahrhundert* در *Südost-Forschungen*، ۱۵، ۱۹۵۶ء، ص ۵۵۲)۔ ایک ضابطے (Anhegger و Inalcik : *Kānūnnāme-i Sultanī ber müceb-i 'örf-i 'Osmanī*، انقرہ ۱۹۵۶ء، عدد ۱ و [illegible]) سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ فرنگی فلوری [illegible] اسلامبول، ادرنہ اور سیرز (Serres) [illegible] میں ضرب ہوا تھا۔

[illegible] نے اپنی وسعت پذیر سلطنت میں تجارتی اور انتظامی لحاظ سے اہم شہروں میں اور سونے، چاندی [illegible] کانوں کے [illegible] میں نئی ٹکسالیں قائم کیں، [illegible] انقرہ، قرہ تووہ، قسطموتی، اور [illegible] میں نئی ٹکسالیں قائم ہوئیں؛ یہ ان [illegible] کے علاوہ تھیں جو استانبول، برسہ، ادرنہ، سرز، [illegible] نووابردہ (Novoberdo 'Novaberda)، اسکپ (Üsküp) [illegible] اور قونیہ میں محمد ثانی کے [illegible] سے موجود تھیں۔ سلیمان اوّل کے عہد میں [illegible] (قاہرہ) آمد، بغداد اور الجزائر میں اس کے نام کے طلائی سکّے مضروب ہوئے۔ شعبان ۹۷۴ھ/ [illegible] ۱۵۶۶ء میں ارزنجان کے شمال میں ایک چھوٹے سے [illegible] کے مقام پر چاندی اور سونے سے معمور کانیں دریافت ہوئیں تو وہاں ایک نئی ٹکسال قائم کی گئی۔ Sidrekapsa 'Novaberda '(Gilan) Morava اور (Srebrenica) Serebrenica میں ٹکسالوں کا قیام بھی چاندی اور سونے سے معمور کانوں کی وجہ سے ہوا (دیکھیے R. Anhegger : *Beiträge zur Geschichte des Bergbaus im osmanischen Reich*، استانبول ۱۹۴۳ء، ص ۱۳۱ تا ۲۱۲)۔ عثمانی قوانین کی رو سے ضروری تھا کہ تمام سونا، جو ملک سے حاصل ہو یا باہر سے درآمد کیا گیا ہو، سکّہ سازی کے لیے براہ راست "ضرب خانوں" (ٹکسالوں) میں لایا جائے۔ نئے "اقچے" [رک بہ اقچہ] جاری ہونے پر جن کے پاس پرانے "اقچے" ہوتے، انھیں ٹکسال میں لانا پڑتا تھا۔ "یسق قلُس" یعنی خاص گماشتے اس بات کے مجاز تھے کہ غیر مسکوک سونے یا پرانے "اقچے" کے لیے کسی شخص کے سامان کا معائنہ کریں (دیکھیے *Belleten*، ۴۴ : ۶۹۷، ۲ اور Anhegger--Inalcik : قانون نامہ، عدد ۲، ۵، ۵۸) اور اس سونے یا چاندی پر، جسے کسی بیرونی ملک کے باشندے نے درآمد کیا ہو، محصول معاف تھا۔ حکومت اس چاندی پر $\frac{1}{5}$ محصول عائد کرتی تھی جس کے سکّے "ٹکسال" میں ڈھالے جاتے تھے اور یہ محصول "اقچے" کی اصلی اور سرکاری قیمتوں میں فرق کے برابر ہوتا تھا (*Belleten*، ۴۴ : ۶۷۹ اور Anhegger-Inalcik، عدد ۵۸).

بطور "مقاطعہ" [رک بآں] محصول کی وصولی کا اختیار عموماً نیلام میں سب سے اونچی بولی دینے والے کو اجارے پر دیا جاتا تھا۔ اجارہ دار بولی کی رقم باقاعدہ اقساط میں حکومت کے خزانے میں داخل کرتا تھا (دیکھیے Anhegger--Inalcik، عدد ۱۵)۔ Spandugino (طبع Ch. Schefer پیرس ۱۸۹۶ء، ص ۵۷) میں بتاتا ہے کہ محمد ثانی کے عہد میں "اقچے" کے ہر نئے اجرا کے موقع پر آٹھ ہزار ڈوکٹ (= اشرفیاں) آمدنی ہوتی۔ صرف برسہ کے لیے "اقچے" کا اجارہ ۸۹۴ھ/ ۱۴۸۹ء میں چھ ہزار ڈوکٹ میں دیا گیا (دیکھیے *Belleten*، ۴۴ : ۵۸)۔ جتنی بھی ٹکسالیں ملک میں تھیں ان سب کا واحد "مقاطعہ" کے طور پر ٹھیکہ دیا جا سکتا تھا (Anhegger-Inalcik، عدد ۱۵)؛ لیکن ایک "عامل" خود اپنی ذمے داری پر [illegible]

Marfat.com

ٹکسالوں کو بھی اجارے پر دے سکتا تھا ۔ "عامل" اپنی مدد کے لیے "امین" اور "وکیل" ملازم رکھتا تھا، اگرچہ ٹکسال کے محصول کا وہ خود ذمے دار ہوتا تھا، لیکن اس کاروبار کا چلانا اور نظم و ضبط قائم رکھنا حکومت کے مقرر کیے ہوے ملازمین سے متعلق ہوتا تھا، یعنی علاوہ "امین" یا "ناظر" کے، جو ٹکسال کی نگرانی کرتا تھا (Anhegger-Inalcık، عدد ۱۳)، ایک "صاحب عیار" یا ناظم، بھی ہوتا تھا اور اس حیثیت میں تمام فنی اور قانونی ضروریات کی ذمے داری اس پر عائد ہوتی تھی (Anhegger-Inalcık، عدد ۴۱، اور اولیا چلبی: سیاحت نامہ، ۱۰ : ۱۳۵)۔ سکہ ڈھالنے کی عملی کارروائیوں کا ناظم ("استاد" یا "استا") ہوتا تھا ۔ اس کے ماتحت کئی کاریگر اور مزدور گروھوں میں منقسم تھے، یعنی "قالجیاں" [=قالب چی] جو دھات کو پگھلا کر معیاری ڈلے تیار کرتے تھے؛ "کپہلدان" یا "کپہلدار" دھات کی تختیاں بناتے تھے، جن سے سکے تیار کیے جاتے تھے اور "سکّہ زن" یا "سکّہ کن" جو کڑی نگرانی کے تحت لوھے کے سانچے تیار کرتے تھے ۔ ٹکسال کے لیے "دیدبان" (چوکیدار)، "خزینہ دار" (خزانچی) اور کاتب (منشی) وغیرہ بھی مقرر کیے جاتے تھے ۔

سکّے باری باری (بربناے نوبت) ڈھالے جاتے تھے ۔ ہر باری میں ۱۳۰۶۵ درھم [رکِ بآں] وزنی چاندی دارالسلطنت سے بھیجی جاتی تھی، جس میں سے ۳۰۰۰ درھم کی چاندی خزانے میں رکھی جاتی، ۱۰۰۰۰ درھم ناظم ٹکسال کو سکّے ڈھالنے کے لیے دی جاتی اور ۶۵ درھم وزنی چاندی جائز نقصان کے کھاتے میں شمار کی جاتی ۔

ٹکسال اور اس کے حساب کتاب کی عام نگرانی کی ذمے داری ایک مقامی قاضی کو سونپی جاتی تھی جو وھاں خود اپنا "امین" مقرر کرتا تھا (Anhegger-Inalcık، عدد ۱۳)۔ قاضی کا فرض تھا کہ وہ مقررہ اوقات پر حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرے اور مرکزی حکومت کو ٹکسال کے محاسبات بھیجے (دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی کے نصف اول کے "محاسبات ضرب خانۂ برسہ" کا ایک دفتر یعنی بہی کھاتا بلدیہ Kütüphanesi، استانبول میں موجود ہے، Cevdet yazm عدد 0.59)۔ ان "براتوں" یعنی تقرر کے فرمانوں میں، جو "عاملوں" اور "امینوں" کو دیے جاتے تھے، یہ بات واضح کر دی جاتی تھی کہ خرید کردہ سونے کے عوض انھیں کتنی رقم ادا کرنا ہوگی اور اس کے ہر سو درھم سے کتنے سکے ڈھالنے ہوں گے ۔ ان سب چیزوں سے اجراے زر کی سرکاری حکمت عملی مترشّح ہوتی تھی ۔

۸۶۵ھ/۱۴۶۰ء تک چاندی کے ہر سو درھموں سے ۲۶۵ یا ۲۷۸ "اقچے" مضروب ہوتے تھے، لیکن محمد ثانی کے زمانے میں ۳۵۵ یا ۴۰۰، سلیمان اول کے عہد میں ۵۰۰ اور ۹۹۶ھ/۱۵۸۸ء میں ۱۰۰۰ "اقچے" مضروب ہونے لگے ۔ عثمانلیوں کا قدیم نظام زر جو "اقچے" پر مبنی تھا اس زمانے سے درھم برھم ہوتا چلا گیا (اسباب کے لیے دیکھیے Belleten، ۶۰ : ۶۵۶ تا ۶۸۴)۔ گھسے ہوے اور کھوٹے اَقچے "زیوق" اور "چُرک" منڈی میں بکثرت آ گئے ۔ اَقچے کی نوعیت اور قدر و قیمت کو استوار کرنے، یعنی "تصحیح سکّہ" کی جو بار بار کوششیں کی گئیں، ناکام رہیں (دیکھیے *Essais sur l'his. économique de la Turquie* :M. Belin، پیرس ۱۸۶۵ء، ص ۱۱۸ ببعد (۲) آئی ۔ غالب تقویم مسکوکات عثمانیہ، استانبول ۱۳۰۷ھ، ص ۲۲۰ تا ۲۲۹)۔ ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء میں گھسے ہوے اور پرانے اقچوں کا استعمال ایک بار پھر ممنوع قرار دے دیا گیا اور "تسغ" (یعنی کھرے) "اَقچے" کی شرح فی اشرفی ۱۲۰ "اقچے" قرار دی گئی ۔ اشرفی کا وزن ایک درھم ۱ $\frac{1}{2}$ قراط [رکِ بآں] مقرر تھا ۔ زمانۂ مابعد میں عثمانی ٹکسالوں نے بہت کم سرگرمی دکھائی اور ان میں بہت سی بند بھی ہو گئیں ۔ گیارھویں صدی ھجری/

Marfat.com

سترھویں صدی عیسوی میں صرف استانبول، قاھرہ بغداد، طرابلس، تونس اور الجزائر کی ٹکسالیں مستقل طور پر کام کرتی تھیں ۔ اس صورت حال کا بنیادی سبب یورپی اقوام تھیں، جنھوں نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ چاندی کی قیمت میں فرق کے باعث بہت نفع اٹھایا جا سکتا ہے، اپنے ھاں کے نقرئی سکوں کو روز افزوں تعداد میں ترکی علاقوں میں درآمد کرنا شروع کر دیا (صرف ۱۶۱۴ء ھی میں تنہا فرانسیسیوں نے ۷۰ لاکھ ایکو écu درآمد کیے) ۔ پہلے "ریالوں" (=ھسپانوی Reales) نے، پھر گیارھویں صدی ھجری/سترھویں صدی عیسوی میں "ارسلانی" "اسدی" یا "ابوکلب گُرش" نے، بعد میں ھالینڈ کے Loewen riksadaler و "قرہ گُرش" اور جرمنی thalers نے بحر روم کے عثمانلی ممالک کی منڈیوں پر ہلّہ بول دیا ۔ ان سکّوں کی درآمد محصول سے آزاد تھی، لیکن آزادانہ اجرا کے لیے شرط یہ تھی کہ ان پر عثمانی ٹکسالوں میں "صحح" کا نشان مرتسم کرایا جائے، وجہ یہ تھی کہ یورپی اقوام ترک علاقوں کے لیے خاص طور پر جعلی سکّے بنوا کر روز افزوں تعداد میں درآمد کر رھی تھیں۔ ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء میں ایک طلائی سکّے کی سرکاری شرح ۴۰۰ اور ایک "گُرش" (piastre) کی ۱۶۰ "اَقچے" تھی (Basvekâlet Arsivi, Fekete tasnifi، عدد ۳۰۴۳) ۔ انجام کار "گُرش" کو بنیادی عثمانلی سکہ مان لیا گیا، کیونکہ اَقچہ کھوٹ، قیمت میں تخفیف اور تجارتی چاندی کی افراط وارزانی کے باعث قیمت میں بہت کم رہ گیا تھا ۔ چھے درھم چاندی کا پہلا عثمانی گُرش جرمنی کے thaler کے نمونے ۱۰۹۹ھ/۱۶۸۸ء میں مضروب ہوا (دیکھیے آئی ۔ غالب، ۲۳۷، ۲۵۴) ۔ اس کی شرح ۴ "پرہ" (پارے) کے برابر رکھی گئی جو پہلی مرتبہ مراد چہارم کے عہد میں مضروب ہوا تھا ۔ نصف گُرش "نصفیہ" اور چوتھائی گُرش "ربعیّہ" سکّے بھی مضروب ہوئے ۔

اس نئے نظام سے عثمانی سکّے کی تاریخ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ۔ "اقچہ" بنیادی اکائی نہ رھا، گو یہ ۱۲۳۴ھ/۱۸۱۹ء تک مضروب ہوتا رھا ۔ پھر مضروب سکوں کی نوعیت کی اصلاح کی طرف خصوصی توجّہ دی گئی (دیکھیے آئی۔ غالب، ص ۲۳۰) ۔ سونے کے سکّوں کے لیے نئی ٹکسالیں ۱۱۰۰ھ/ ۱۶۸۹ء میں ادرنہ، ازمیر (سمرنا) اور ارز روم میں قائم کی گئیں اور تانبے کے سکّوں کے لیے استانبول میں توشن تشی کے مقام پر اور بوسنہ سرائے میں سکّہ سازی کے لیے جدید آلات و اسلوب اختیار کیے گئے (راشد : تاریخ، استانبول ۱۲۸۲ھ، ۲ : ۳۸۳، ۳۹۴) ۔ ۱۳ جمادی الاولٰی ۱۱۳۹ھ/۶ جنوری ۱۷۲۷ء کو سب سے بڑی ٹکسال اپنی پرانی جگہ "سیم کش خانہ" سے نئی عمارات میں جو توپ قپی سرائے کے پہلے احاطے میں ہے، منتقل ہوئی (کُوچک چلبی زادہ عاصم : تاریخ، استانبول ۱۲۸۲ھ، ۲ : ۴۴۳) ۔ اسی عہد میں صوبائی ٹکسالیں کسی بہتر انتظام کی خاطر پھر بند کر دی گئیں ۔ ۱۱۳۲ھ/ ۱۷۲۰ء میں جو نقرئی سکے مضروب ہوئے ان میں "گرش" کا وزن ۸ درھم ۱۲ قراط، "زولوتا" کا وزن ۶ درھم ۴ قراط، "پارے" کا وزن ۲ تا ۱/۲ ۳ قراط اور "اَقچے" کا وزن ۳/۴ تا ۳/۴ ۱ قراط تھا ۔ "گرش" اور "زولوتا" میں ۵۰ فی صدّ خالص چاندی ھوتی تھی (آئی ۔ غالب، ص ۲۸۰) .

عثمانلی حکومت مالی مشکلات سے عھدہ برآ ہونے کے لیے سکّہ سازی کو ہمیشہ محصول کا ایک ذریعہ خیال کرتی تھی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نئے سکّوں میں کھوٹ کی آمیزش ہونے لگی اور اصلاح سکّہ کی تمام کوششیں ناکام ہوگئیں (آئی ۔ غالب، ص ۳۰۳، ۳۲۷، ۴۰۷؛ اے ۔ جودت : تاریخ، ج ۴، استانبول ۱۲۷۵ھ، ص ۱۲۲، ج ۵، اول، ۱۲۷۸ھ، ص ۲۸۹)۔ محمود ثانی کے زمانے میں صورت حال خراب تر ہو گئی ۔ انجام کار عبدالمجید کے عھد میں "فرمان" مؤرخۂ ۲۶ صفر ۱۲۵۶ھ/۲۹ اپریل ۱۸۴۰ء کے ذریعے اجرائے

marfat.com

Marfat.com

زر کے مغربی اصولوں کو رهنمائی کے لیے قبول کر لیا گیا (دیکھیے متن در ایس - سودی : اصول مسکوکاتِ عثمانیه و اجنبیّه، استانبول ۱۳۱۱ھ، ص ۶۷ تا ۱۰۳) - "ضرب خانۂ عامرہ" میں نئی عمارات کا اضافه کیا گیا اور اسے مشینوں اوز انگلستان سے بلائے ہوے ماہرین کی مدد سے بالکل جدید طرز پر منظم کیا گیا (دیکھیے H. Ferid : نقد و اعتبار مالی، مسکوکات، استانبول ۱۳۳۳ھ، ص ۲۱۵ تا ۲۲۲) - ۱۲۵۹ھ/۱۸۴۳ء میں نئے طلائی اور نقرئی سکّے "مجیدی" کے نام سے مضروب ہوے (دیکھیے آئی - غالب، ص ۳۲۲ تا ۳۴۵).

**مآخذ:** متن کے حوالوں کے علاوہ (۱) S. Lane-Poole : *The Coins of the Turks in the British Museum*، قسم ۲۶، موزۂ بریطانیه میں مشرق سکوں کی فہرست، ج ۸، لنڈن ۱۸۸۳ء؛ (۲) E. von Zambaur : *Contributions à la numismatique orientale, Numismatische Zeitschrift*، ۳۶ : ۴۳ تا ۱۲۲؛ ۳۷ : ۱۱۳ تا ۹۸؛ (۳) ایم - کاظم : *Darbkhanenin aḥwāl-i dākhiliyyesi*، در *TOEM*، ۱ : ۵۵۱ تا ۵۵۷؛ (۴) A. Refik : *Onaltıncı asırda Istanbul hayatı*، استانبول ۱۹۳۵ء، ص ۶۸ تا ۷۶؛ (۵) اولیا چلبی: سیاحت نامه، ج ۱، استانبول ۱۳۱۴ھ، ص ۵۶۳ تا ۵۶۷، ج ۱۰، استانبول ۱۹۳۸ء، ص ۱۲۵؛ (۶) P. Masson : *Hist. du commerce français dans le Levant au XVIIe siècle*، پیرس ۱۸۹۶ء، ۳۲ تا ۳۴ : ۹۳ تا ۹۵؛ (۷) I. Artuk : *Fatih'in sikke ve madalyaları*، استانبول ۱۹۴۶ء؛ (۸) او - نوری [Ergin] : مجلۂ امور بلدیه، ج ۱، استانبول ۱۹۲۲ء.

(HALIL İNALCIK)

**پاکستان و هند:** پہلی صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی میں سنده کی قدیم عرب حکومت کے غیر اهم سکّوں سے قطع نظر، مسلم حکمرانوں کے قدیمی سکّے جو اس بر صغیر میں جاری ہوے، دو زبانوں کے "تنکے" تھے، جنھیں محمود غزنوی نے ۴۱۸ھ/۱۰۲۷ء اور ۴۱۹ھ/۱۰۲۸ء میں لاہور میں ضرب کرایا - جب لاہور غزنوی حکمرانوں کا دارالامارت بنا تو یہاں مختلف دھاتوں کی آمیزش والے چھوٹے چھوٹے سکّے وقتاً فوقتاً مضروب ہوے، لیکن جن ٹکسالوں میں یه سکّے مضروب ہوے، ان کا کچھ حال معلوم نہیں [سلطان فرخ زاد ابن مسعود کے عہد (۴۴۱ھ/۱۰۴۹ء) کے سکّے جو "لاہور" میں ضرب ہوے، لاہور کے عجائب خانے میں موجود ہیں - س - ۰] - معز الدین محمد بن سام نے لاہور، دہلی، پشاور اور غزنی میں سکّه ضرب کرایا، نیز قنوج [رک بآں] میں بھی جب اسے ۵۹۰ھ/۱۱۹۴ء میں سر کر لیا گیا - اوزان کے نظام اور ساخت کے اعتبار سے یه سکّے اور شمالی ہند کے مروجه سکّے یکساں قرار دے دیے گئے؛ ان میں سونے کے سکّے بھی شامل تھے - محمد بن سام کے نائب یلدز نے اپنے اور اپنے آقا کے مشترکه ناموں کا سکّه مضروب کرایا : چھوٹے (به تصحیح) "دہلی وال" سکّے جو مقامی رائج الوقت سکّوں میں ضم کرنے کے لیے پہلے کرمان میں، جن میں طلائی اور نقرئی سکّے بھی شامل تھے، اور بعد میں دہلی میں، جو فقط کم قیمت دھات کے تھے، ضرب کرائے گئے، بدستور قائم رہا - محمد بن سام کی وفات تک ہندوستان میں کوئی سونے یا چاندی کا سکّه، بجز قنوج کی اشرفیوں کے، مضروب نه ہوا - معلوم ہوتا ہے چاندی کا سکّه سب سے پہلے شمس الدین التتمش نے مضروب کرایا تھا جس کا اصل وزن ۱۷۵ گرام تھا - اس عہد میں سکّه سازی کا واضح تجرباتی دور شروع ہوا، کیونکه اس کے ابتدائی سکّوں کے اوزان اور اوضاع متنوع نظر آتے ہیں، تا آنکه بظاہر ۶۳۲ھ/ ۱۲۳۴ - ۱۲۳۵ء تک اس کے نقرئی سکّوں کے لیے ایک مستقل وضع نکل آئی، جس سے آئنده اس کے طلائی سکّوں کے لیے بھی نمونے کا کام لیا گیا - ملی جلی کم قیمت دھات کے سکّے بہرحال زیادہ تر رائج رہے،

marfat.com
Marfat.com

ان میں تانبے کے چھوٹے سکّے کا بھی اضافہ ہوا۔ چاندی، جو اب تک مضروب ہوتی رہی تھی، اس میں بہت کھوٹ ہوتی تھی۔ شمسی ٹکسالیں ملتان اور ناگور میں بھی قائم کی گئیں، التتمش کے جانشینوں نے ان ٹکسالوں میں سکّہ سازی کا یہی نظام جاری رکھا۔ اس سلسلے میں غزنی کا ذکر بار بار آتا ہے اور پروان کا بھی، جس کے قریب چاندی کی کانیں تھیں۔ سلطانہ رضیہ (۶۳۴ھ/۱۲۳۶ء تا ۶۳۷ھ/۱۲۲۹ء) کے عہد تک ٹکسالیں مشرق میں بنگال تک پھیلی ہوئی تھیں۔ اس وقت کے چاندی کے "تنکوں" پر "دارالضرب لکھنوتی" کا نام کندہ نظر آتا ہے۔ اس عہد کے دہلی میں ڈھلے ہوئے سکّوں کی جانچ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک ہزار سکّوں میں ۹۹۰ سے ۹۹۶ گرین تک چاندی ہوتی تھی، مگر بنگال کے سکوں میں اس سے کم، یعنی ۹۸۹ بلکہ ۹۶۲ گرین تک۔ غیاث الدین بلبن (۶۶۴ھ/۱۲۶۵ء تا ۶۸۶ھ/۱۲۸۷ء) کے عہد تک بنگال کا سکّہ دہلی سے آزاد ہو چکا تھا اور وہاں مستقل حکومت کے دور میں دارالضرب کے انتظامات بھی درست اور استوار ہونے کی صورت نکل آئی تھی۔ بلبن کا عہد حکومت باقاعدہ طلائی سکّوں کے رواج کے لیے ممتاز ہے۔ طلائی سکّے چاندی کے سکّوں کے نمونے کے مطابق ڈھالے جاتے تھے۔

علاء الدین محمد شاہ (۶۹۵ تا ۷۱۵ھ/۱۲۹۵ تا ۱۳۱۵ء) نے فوج کے بڑھتے ہوئے اخراجات کی وجہ سے نقرئی "تنکوں" کو ۱۷۵ سے ۱۴۰ گرام تک کم کرا دیا لیکن طلائی سکّے ۱۷۵ گرام ہی کے رہے، جو اکثر بھونڈے طریقے سے مضروب ہوتے تھے۔ اس کی جنوبی فتوحات کے دوران معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کے طلائی سکوں "ہون" عارضی فوجی ضروریات کے پیش نظر دوبارہ مضروب کرائے گئے تھے، لیکن انھیں شمالی ٹکسالوں کے معیار پر لانے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی تھی۔ ان کے خالص سونے کی اوسط شرح آئین اکبری ۱:۵ میں ۱۲ میں ۸۵ حصے بیان کی گئی ہے۔ حالانکہ علاءالدین کے دہلی کے سکّے میں یہ اوسط شرح ۱۲ میں ۱.۶۵ حصے ہوتی تھی۔ دیوگری میں ٹکسال قائم ہوئی تو وہاں سے ایک طلائی سکّہ ۷۱۴ھ/۱۳۱۴-۱۳۱۵ء میں جاری ہوا۔ علاء الدین کے جانشین قطب الدین مبارک شاہ ۷۱۶ تا ۷۲۰ھ/۱۳۱۶ تا ۱۳۲۰ء نے "قطب آباد" (=دہلی؟) میں نئے چوکور طلائی اور نقرئی معیاری وزن کے سکّے، نیز ۶۶ اور ۳۳ گرام کے تانبے کے سکّے بھی مضروب کرائے۔

غیاث الدین تغلق نے دہلی کے ٹکسالی نظام کو جاری رکھا اور ۷۲۴ھ/۱۳۲۴ء میں بنگال پر فوج کشی کے وقت ایک سکّہ اس نے خود بھی مضروب کرایا۔ اس کے بیٹے محمد بن تغلق کے سکّوں کی وضع میں لدرت اور اوزان میں تنوع ہے اور وہ کمال فن کے مظہر بھی ہیں۔ طلائی سکہ دیوگری میں، جو بعد میں دولت آباد [رکّ بآں] کے نام سے موسوم ہوا، اور سلطان پور (=ورنگل) میں ۲۰۰ گرام کے "دینار" تک کا سکّہ مضروب ہوا۔ دہلی کا سکّہ متعدد چھوٹے چھوٹے حصّوں میں منقسم تھا۔ ایک "تنکہ" ۶۵ "کانیوں" کا ہوتا تھا۔ ۱، ۲، ۶، ۸، ۱۲، ۱۶ اور پوری ۶۴ "کانیوں" کے سکّے ھمارے علم میں ہیں۔ "کانی" تانبے کے چار "فلسوں" کی تھی۔ اس نظام کے علاوہ جزوی طور پر ۲۵، ۵۰ اور ۱۰۰ کانیوں کا اعشاری نظام بھی تھا۔ ۵۰ کانیوں کے سکّے کو "عدلی" کہتے تھے، ۱۴۰ گرام چاندی کے اس سکّے نے سابقہ سب سے بڑے سکّے یعنی نقرئی تنکہ کی جگہ لے لی۔ نئے دینار کا تبادلہ ۸ پرانے نقرئی تنکوں یا ۱۰ "عدلیوں" سے ہونے لگا۔ یہ شرح سونے اور چاندی کی اضافی قیمتوں کے حساب سے مصنوعی تھی۔ چھوٹے چھوٹے سکّوں کا مکمل نظام بعد ازاں چاندی اور تانبے کو حسب خواہش تناسبات سے ملانے کے لیے خلط ملط کر دیا گیا تا کہ اصلی قیمت میں مختلف مگر قامت میں یکساں سکّوں کو ڈھالا جا سکے۔ اس سے "سیاہ تنکہ" کا رواج شروع

marfat.com
Marfat.com

ہوا، جس میں فقط ۱۶ء۳ گرام چاندی ہوتی تھی اور اس کی قیمت پرانے نقرئی "تنکہ" کے ۱/۸ کے برابر تھی۔ بقول ابوالفضل (آئین اکبری، ۱: ۷ بذیل مادہ "ضرّاب") دھات کو گول ڈلوں میں ڈھال کر کاٹ لیا جاتا تھا۔ چونکہ سیاہ تنکہ جسامت میں نقرئی تنکے جتنا تھا اور ایک ہی سانچے دونوں کے لیے استعمال ہو سکتے تھے بلکہ ہوتے تھے، اس طرح ٹکسال کے کارکنوں کا کام آسان اور رفتار تیز تر ہو جاتی تھی۔ سانچوں کی ایک ہی جیسی چھوٹی جسامت کی وجہ سے سکّوں کو مضروب کرنے کے لیے نسبۃً کم محنت کی ضرورت پڑتی تھی اور نتیجۃً ٹکسال کی کارکردگی بڑھ جاتی تھی۔

۷۳۱ تا ۷۳۲ھ/۱۳۳۰ تا ۱۳۳۲ء میں محمد بن تغلق کا مصنوعی سکّہ نکلا، یعنی پیتل کا علامتی سکّہ جس کی سرکاری قیمت ایک "عدلی" مقرر کی گئی تھی۔ یہ تجربہ ناکام ہوگیا کیونکہ جعلسازی کی پوری طرح روک تھام نہیں کی گئی تھی۔ مقامی کاریگروں نے ہزاروں کی تعداد میں علامتی سکّے بنا لیے، لیکن تین برس کے بعد یہ سب منسوخ کر دیے گئے؛ اس طرح ان سکّوں کی تمام رقوم عملی طور پر سلطان کی رعایا کا عارضی قرضہ بن گئیں، جسے سود کی بہت بڑی شرح کے ساتھ ادا کرنا پڑا۔ اس کے بعد رائج الوقت سکّے معمول کے مطابق بننے لگے، بجز ۷۴۱ تا ۷۴۳ھ/۱۳۴۰ تا ۱۳۴۳ء کے سونے اور چاندی کے سکّوں کے جو خلفاے مصر کے نام پر مضروب ہوے۔

فیروز شاہ تغلق (۷۵۲ تا ۷۹۰ھ/۱۳۵۱ تا ۱۳۸۸ء) نے ۱۷۵ گرام کا طلائی "سکّہ" جاری رکھا، لیکن اس کے نقرئی تکمیلی جز کو ضرب نہیں کرایا۔ طلائی سکّے کی جب خوب کثرت ہوگئی تو اس نے چاندی کو اس کی ماسبق ذمے داری سے سبکدوش کر دیا اور ٹکسالوں کی توجّہ ریزگاری بنانے پر مرتکز ہوگئی، جس میں چاندی اور تانبے سے مرکب چھوٹے سکّے بھی تھے۔ ۱۴۰ گرام کے سکّوں کی پرکھ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں ۱۲، ۱۸ یا ۲۴ گرام خالص چاندی ہوتی تھی۔ مابعد کے تغلق سلاطین اور جونپور کے شرقی سلاطین فیروز شاہ کی روایت کی پیروی کرتے رہے۔

تیمور کے ہاتھوں دہلی کے تباہ ہو جانے سے ٹکسالوں کو زوال آگیا۔ تیمور کی لوٹ مار کے باعث سونا بڑی حد تک ناپید ہوگیا اور سیّد خضر خاں نے فیروز اور اپنے دیگر پیشروؤں کے نام کے سکّے اصل سانچوں کو استعمال کرتے ہوے مضروب کرائے (لیکن تیمور کے نام کے نہیں جیسا کہ فرشتہ نے دعوٰی کیا ہے).

دکن میں ٹکسالیں پہلے پہل بہمنیوں [رک بآں] کے عہد میں قائم کی گئیں۔ احسن آباد، گلبرگہ، اور دوسرے مقامات پر ان کے قائم ہونے سے پہلے سناروں اور سونے کے تاجروں کو شاہی مہر کے حوالے کے بغیر رائج الوقت سکّہ بنانے کی اجازت تھی اور سکّوں کی حفاظت اھل حرفہ کی برادزی کرتی تھی۔ بعد کے دکنی سکّوں میں نقرئی "لارین" (مچھلی کے کانٹے کی طرح کا سکّہ) بہت دلچسپ تھا، جسے علی ثانی بیجاپوری نے مضروب کرایا اور جو دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں ہندوستان کی بحری تجارت کا معیاری سکّہ بن گیا (دیکھیے G. P. Taylor : *On the Bijapur Lārī or Larin*، در *JASB*، NS جلد ۶، ۱۹۱۰ء، ص ۶۸۷ تا ۶۹۰).

سلاطین مغلیہ، بابر (۹۳۲ تا ۹۳۷ھ/۱۵۲۶ تا ۱۵۳۰ء) اور ہمایوں کے عہد میں جو سکّے مضروب ہوے ان میں وسط ایشیا کے نمونوں اور وہیں کے نظام زر کی پیروی کی گئی تھی۔ غالبًا باہر سے لائے ہوے کاریگروں پر انحصار کیا گیا تھا۔ چنانچہ ان دونوں بادشاہوں نے نقرئی "شاہ رخیاں" آگرہ، لاھور، دہلی اور کابل میں مضروب کرائیں۔ بابر نے ٹکسال کے مقام کو "اردو" (لشکر) کا نام دیا۔ ہمایوں کے بہت سے طلائی سکّے ٹکسالی نہیں اور اس کے تانبے کے

Marfat.com

دارالضرب

سکّوں پر کوئی نام کندہ نہیں ہے .

دخیل حکمران شیر شاہ ۹۴۵ تا ۹۵۲ھ/۱۵۳۸ تا ۱۵۴۸ء نے، جو مقامی حالات کا گہرا عملی تجربہ رکھتا تھا، سکّوں کی اصلاح کرنی شروع کی ۔ اسے بعد میں اکبر نے پایۂ تکمیل کو پہنچایا ؛ یعنی ایک نیا ۱۷۸ گرام کا معیار چاندی کے روپے کے لیے اور ۳۲۴ گرام کا تانبے کے لیے مقرر کیا ، ان کی تقسیم چھوٹے اجزاء میں ایک دوسرے کے تناسب سے کی ! مخلوط دھات کے چھوٹے سکّے موقوف کر دیے اور ٹکسالوں کی تعداد میں معتدبہ اضافہ (۲۵ سے اوپر) کیا ۔ بہت سے چاندی اور تانبے کے سکّوں پر ٹکسال کا نام نہیں ۔ اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ٹھپا زیادہ بڑا تھا، اور سکّوں کی گولائی کم تھی جس کی وجہ سے نام ٹھپّے میں نہ آسکا .

ہمایوں نے اپنی حکومت کے دوسرے مختصر دور میں سوری کے نظام کو جوں کا توں رہنے دیا ۔ اکبر نے اگرچہ اس نظام کو اصولاً تو برقرار رکھا، لیکن انواع سکّہ کی تعداد میں بڑی توسیع کی ۔ ابوالفضل (آئین اکبری، ۱: ۱۰) ان کی تعداد ۳۰ سے زائد بتاتا ہے اور یہ تعداد بھی آخری نہیں ہے (قب Hodivala : *Studies*، جلد ۳) ۔ آئین اکبری میں ٹکسال کے طریق کار کا تفصیل سے ذکر آیا ہے : اس کا سربراہ یا ناظم "داروغہ" ہے جس کی معاولت "امین" کرتا ہے ۔ "صیرفی" سونے چاندی کے کھرے رکھنے کا ذمے دار ہے ۔ "مُشرِف" کے پاس اخراجات کا بہی کھاتا ہوتا ہے ۔ سوداگر، تولنے، پگھلانے والے اور دھات کے ڈلے بنانے والے کارکن، کاریگروں کے علاوہ ہیں ۔ جب دھات کے ڈلوں کو صاف اور خالص کر لیتے، پگھلا لیتے اور نئے سانچہ میں ڈھال لیتے ہیں تو "ضراب" انھیں کاٹتا اور "سکّچی" ان پر سانچوں سے مہریں لگاتا ہے، جسے کندہ کار نے کندہ کیا ہے ۔ "سکّچی" کا عہدہ یوز باش کے برابر ہوتا ہے ۔ دھاتوں کو نکالنے اور انھیں الگ الگ کرنے، چاندی اور سونے کو نتھارنے اور پرکھنے کے طریقے مفصّل بیان کیے گئے ہیں (آئین اکبری ۱ : ۴ تا ۹) ۔ آئین اکبری، ۱ : ۱۲ کے اعداد و شمار سے یہ بات واضح ہے کہ ہر فرد سونے کو ٹکسال میں لے جا سکتا تھا، جہاں اسے صاف اور خالص کرنے کے بعد سکّے میں تبدیل کر دیا جاتا اور ٹکسال کے اخراجات نیز ۵ ۱/۲ فی صد بطور حق سکّۂ حکومت وصول کیا جاتا تھا ۔ ابوالفضل اس بات کا بھی خاص طور پر ذکر کرتا ہے کہ سکّے کے گھس جانے پر اس کی سرکاری قیمت میں تخفیف کی اجازت تھی، مثلاً سونے کی، "مہر" جب مضروب ہوتی، تو اس کی قیمت ۴۰۰ "دام" ہوتی تھی، گو نسبۃً چھوٹی مہریں ۳۶۰ "دام" کی بھی مروّج تھیں ۔ جب تک وزن میں تین چاول سے زیادہ کمی نہ ہوتی، کوئی رعایت نہ دی جاتی تھی، لیکن جب اس میں چار سے چھے چاول تک کمی ہو جاتی تو اس کی قیمت ۳۵۵ دام رہ جاتی؛ اگر اس کا وزن مزید کم ہو جاتا تو اسے قبول نہ کیا جاتا اور اسے غیر مسکوک سونا شمار کیا جاتا ۔ دھوکا دھی کو روکنے کے لیے کہ کہیں پورے سکّوں کو اجازت شدہ قانونی تخفیف تک کم نہ کر دیا جائے ، بادشاہ نے حکم دیا کہ ٹکسال میں سرکاری اوزان (باٹ) بنائے جائیں اور لگان وصول کرنے والے رقم کی وصولی کسی خاص سکّے میں کرنے کا مطالبہ نہ کریں ۔ ابوالفضل یہ بھی لکھتا ہے کہ سونے کے سکّے مضروب کرنے کے لیے چار ٹکسالیں تھیں؛ دس اور بھی تھیں جہاں چاندی اور تانبے کے سکے مضروب ہوتے تھے؛ ان کے علاوہ ۲۸ صرف تانبے کے سکّوں کے لیے تھیں ۔ اس عہد حکومت میں سونا ۲۱ ٹکسالوں میں، چاندی ۵۴ ٹکسالوں میں اور تانبا ۴۶ ٹکسالوں میں مضروب ہوتا تھا ۔ مکمل نظام سکّہ سازی کے لیے [رک بآن] "سکّہ" .

جہانگیر اور شاہ جہان کے عہد میں نظام سکّہ سازی ویسا ہی رہا، بجز بہت بڑے سکّوں کے جو وزن

Marfat.com

مین ایک هزار تولے تک کے تھے (۱ تولہ=۱۸۵۰۵ گرام) اور جو صرف ممتاز شخصیتوں کو عطیه دینے کے لیے استعمال هوتے یا سونے کے ذخیرے کے طور پر جمع کیے جاتے تھے؛ ان کے علاوہ سونے یا چاندی کے "نثار" بھی مضروب هوے، جو تقریباً ۴۰ گرام کے هوتے تھے - اورنگ زیب نے ۱۰۹۰ھ/۱۶۷۹ء میں جزیه (رک بآن) لگایا تو اس نے مربع نقرئی "درهم شرعی" مضروب کرایا تاکه شرعی شرح پر ادائی آسان هو جائے - فرخ سیر نے بھی ۱۱۲۹ھ/۱۷۱۷ء میں اس عمل کو دہرایا - اس نے ٹکسالوں کو اجارے پر دینے کی حکمت عملی اختیار کی، جس کے باعث متعدّد آزاد سرداروں اور ریاستوں کو مغل شہنشاهوں کے نام پر خود اپنے سکّے مضروب کرانے کا موقع ملا - ایسا هی فی الواقع برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی نے کیا اور شاه عالم کے سکّوں پر گلاب کے هار، گھاس (آئرلینڈ کی) اور گوکھرو (سکاٹ لینڈ کا قومی نشان) جو لارڈ لیک Lord Lake کے ۱۸۰۳ء میں دہلی میں داخلے کی یادگار تھے، برطانیه کی "شاهی" ٹکسال میں خارجی اثر و نفوذ پر دلالت کرتے هیں -

مغلیه دور کے متنوع سکّوں کی ٹکسالوں کی عمومی تعداد کا اندازه دو سو سے زائد لگایا گیا هے — نیز یه بھی که نئے نئے سکّے ضرب کرانے کی برابر کوشش هوتی رهی - سکّوں کے لیے سال کے هر مهینے کے کتبے الگ الگ بھی هوتے تھے - چند سال تک جہانگیر هر مهینے مدوّر اور چوکور روپے باری باری ضرب کراتا رها، بعد ازاں مهینوں کے ناموں کے بجائے آسمانی بروج کی شکلیں بھی نقش کرائیں - همایوں کے عهد سے هی سکّوں پر خاص خاص علامات بننے لگی تھیں - بعض دفعه یه علامات ٹکسال کے مهتمم کی تبدیلی کو ظاهر کرتی تھیں، بعض اوقات یه ٹکسال کا کوئی واضح نشان هوتی تھیں - یه بات، که بعد کی مغلیه ٹکسالیں بنیادی طورپر اسی طرح عمل کرتی تھیں جیسا که ابوالفضل نے بیان کیا هے، ۱۱۲۶ھ/۱۷۱۴ - ۱۷۱۵ء کی هدایت القواعد سے مترشح هے، جس میں ٹکسال کے مروجه قواعد مندرج هیں (حواله از W. Irvine : *Mint rules in 1126 A. H.*' در *Proc. ASB*، ۱۸۹۸ء، ص ۱۴۹ تا ۱۵۲).

**مآخذ** : سلاطین دہلی کے عهد میں ٹکسال کی تاریخ کی شهادت فقط سکّوں هی سے ملتی هے' نیز دیکھیے : (۱) E. Thomas : *The chronicles of the Pathán kings of Dehli*' لنڈن ۱۸۷۱ء؛ (۲) H. Nevill : *Mint towns of the Dehli Sultans*' *JASB*' NS ج ۱۷' ۱۹۲۱ء، ص ۱۱۶ تا ۱۳۰؛ (۳) وهی مصنف : *The currency of the Pathan Sultans*' مجلهٔ مذکور، ص ۲۱ تا ۳۰ (اس سے تهامس کی بیان کرده جزئیات کے متعدد نکات کی تصحیح هوتی هے)؛ (۴) R. Burn : *Muhammad Tughluq's forced coinage*' *JASB*' NS ۲۹' ۱۹۳۳ء، شماره ۵ تا ۶؛ (۵) H.N. Wright : *The Sultans of Delhi : their coinage and metrology*' دہلی ۱۹۳۶ء؛ (۶) S. H. Hodivala : *Historical Studies in Mughal Numismatics*' کلکته ۱۹۲۳ء؛ (۷) C. R. Singhal : *Mint-towns of the Mughal emperors of India* (Memoir iv, NSI)' بمبئی ۱۹۵۳ء؛ (۸) وهی مصنف : *Bibliography of Indian Numismatics*.' ج ۲ *(Muhammadan and later Series)*' بمبئی ۱۹۵۲ء.

(J. BURTON-PAGE.)

* **دَارالطِّراز** : رک به طِراز.

* **دَارالعِلْم** : یه نام متعدد کتاب خانوں یا علمی اداروں کو دیا گیا جو مشرق بلاد اسلامیه میں تیسری صدی هجری/نویں صدی عیسوی اور چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی میں قائم هوے - المأمون کے بیت الحکمة [رکّ بآں] کے ناپید هو جانے کے بعد ایک ادیب علی بن یحیی المنجم (م ۲۷۵ھ/ ۸۸۸ء) نے، جو المتوکّل اور بعد میں المعتمد کا دوست تھا، اپنے خرچ سے اپنی قیام گاه (بمقام کرکر، لزد بغداد)

Marfat.com

Marfat.com

میں ایک کتاب خانہ قائم کیا۔ اسے [= خزانة الحکمة (یاقوت)] "خزانة الکتب" کہتے تھے اور وہ تمام ممالک کے علما کے لیے کھلا تھا (یاقوت : ارشاد، ۵ : ۴۵۹، ۴۶۷)۔ ایک اور مصنف اور شاعر، شافعی فقیہ جعفر بن محمد ابن ہمدانی الموصلی (م ۳۲۳ھ/ ۹۳۴ء) نے موصل میں "دارالعلم" نامی ایک ادارے کی تاسیس کی۔ اس میں ایک کتاب خانہ بھی تھا [جس میں تمام علوم سے متعلق کتابیں تھیں اور] جو ہر ایک کے لیے کھلا تھا (یاقوت: ارشاد، ۲: ۴۲۰)۔ آل بویہ کے عہد اقتدار میں مزید کتاب خانے دوسرے شہروں میں کھل گئے اور انھوں نے شیعی عقاید کی اشاعت میں بڑا حصہ لیا۔ ان میں سے وہ کتاب خانہ جو شیراز میں تھا اسے عضدالدولہ نے قائم کیا تھا اور یہاں جغرافیہ دان المقدسی (۹۴۴ھ) اکثر آتا تھا۔ البصرہ اور رام ہرمز میں دیگر کتاب خانے ایک شخص ابن سوّار لامی نے قائم کیے۔ ان کا تعلق مذہب معتزلہ سے تھا۔ رے کا کتاب خانہ (المقدسی، ص ۳۹۱، ۴۱۳؛ یاقوت: ارشاد، ۲ : ۳۱۵؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۹ : ۵۳) الحاد و زندقه کا مرکز ہونے کی بنا پر سلطان محمود غزنی کے حکم سے بعد میں ختم کر دیا گیا تھا۔

سب سے اہم ادارہ وہ "دارالعلم" تھا جس کی بنیاد وزیر ابو نصر سابور بن اردشیر نے بہاء الدولہ کے عہد حکومت میں بغداد میں رکھی تھی۔ یہ الکرخ محلے کی ایک عمارت میں ۳۸۱ھ/۹۹۱ء یا ۳۸۳ھ/۹۹۳ء میں قائم ہوا تھا۔ اس میں تمام علمی موضوعات پر دس ہزار سے زائد کتابیں تھیں، جن میں سے بعض خطاطی کا شاہکار تھیں۔ اس کا انتظام دو "شریفوں" اور ایک "قاضی" کے سپرد تھا۔ سابور کے انتقال کے بعد خیال کیا جاتا ہے کہ شیعی شاعر الشریف المرتضی نے اس کتاب خانے کی باگ ڈور سنبھال لی تھی۔ ہمیں ان اشخاص میں سے بعض کے نام بھی معلوم ہیں جو مہتمم کتاب خانہ مقرر کیے گئے، مثلاً ابو احمد عبدالسلام النحوی، جسے الْوَاجکا (م ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء) بھی کہتے ہیں (اور جو ابوالعلاء المعری کا دوست تھا) اور معتمد حکومت ابو منصور محمد بن علی (۴۱۸ھ/۱۰۲۷ء)۔ سابور کے کتاب خانے سے بہت سے علما نے استفادہ کیا، خصوصًا ابوالعلاء المعرّی نے بغداد میں اپنے مختصر سے قیام کے دوران میں (۳۹۹ - ۴۰۰ھ/۱۰۰۹ - ۱۰۱۰ء)؛ نیز اس میں ہمعصر مصنفین کی کتابیں بھی موصول ہوتی تھیں، مثلاً فاطمی معتمد حکومت احمد بن علی بن خیران (م ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء) کی۔ آخر میں جب سلجوق ۴۴۷ھ/۱۰۵۵ - ۱۰۵۶ء میں بغداد میں وارد ہوئے تو اسے جلا ڈالا گیا۔ وزیر عمید الملک الکُندُری فقط چند کتابوں کو تباہی سے بچا سکا۔

خیال کیا جاتا ہے کہ فاطمی خلیفہ الحاکم نے ۴۰۰ھ/۱۰۱۰ء میں ایک سُنّی دارالعلم فسطاط میں قائم کیا تھا۔ اس کا انتظام دو مالکی علما کرتے تھے، لیکن تین برس کے بعد کسی وجہ سے کتاب خانہ ضبط کر لیا گیا۔

**مآخذ** : (۱) تاریخ بغداد، ۳: ۹۳؛ (۲) ابن الجوزی: المنتظم، ۷ : ۱۷۲، ۲۷۳، ۸ : ۲۰۵؛ (۳) ابن الاثیر، ۹ : ۷۱، ۲۳۶ تا ۲۳۷، ۱۰ : ۵؛ (۴) یاقوت [: معجم البلدان]، ۱ : ۷۹۹؛ (۵) وہی مصنف : ارشاد، ۱ : ۲۴۲؛ (۶) ابن خلّکان، قاہرہ ۱۹۳۹ء، ۲ : ۱۰۰؛ (۷) البُنْداری، طبع ہوتسما Houtsma، ص ۱۸؛ (۸) ابن العماد : شذرات، ۳ : ۱۰۴، بذیل سنہ ۳۸۳ھ؛ (۹) ابوالعلاء المعرّی : رسالة الغفران، طبع الیازجی، ص ۷۳، ۱۸۳؛ (۱۰) سقط الزَّند، قاہرہ ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء، ص ۱۰۳، ۱۲۷؛ (۱۱) Mez : Renaissance، ص ۱۶۷ تا ۱۶۹؛ (۱۲) O. Pinto : Le biblioteche degli Arabi، فلورنس ۱۹۲۸ء، ص ۸ تا ۹، ۱۴ تا ۱۵، ۲۳؛ (۱۳) ک۔ عوّاد : خزائن کتب العراق العامّة، در Sumer، ۱۹۴۶ء، طبع دوم، ص ۲۱۸ تا ۲۲۳ (بزبان عربی)؛ (۱۴) H. Laoust : La vie et la philosophie d'Abou-l-'Ala، در BEO، ج ۱۰، ۱۹۴۳ - ۱۹۴۴ء

marfat.com
Marfat.com

۱۹۴۴ء، ص ۱۲۷ تا ۱۲۹؛ (۱۵) وهی مصنف: *La profession de foi d'Ibn Baṭṭa*، دمشق ۱۹۵۸ء، ص xxii تا xxiii؛ (۱۶) G. Makdisi: *The Topography of eleventh century Baghdād*، در *Arabica*، ج ۶ (۱۹۵۹ء)، ص ۱۹۵ تا ۱۹۶؛ [ابوالحسنات: اسلامی مدارس].

(D. SOURDEL)

⊗ * **دارالعلوم**: [ع]: بمعنی مدرسه و مکتب، بالخصوص اعلٰی تعلیم کے لیے - برصغیر پاک و هند میں دینی علوم کی درسگاهوں کے لیے عموماً دارالعلوم استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً دارالعلوم دیوبند، دارالعلوم سهارنپور، دارالعلوم فرنگی محل، لکھنؤ وغیرہ - سر سید احمد خاں نے مغربی علوم کی ترویج و تدریس کے لیے علی گڑھ میں جو کالج قائم کیا اس کا نام بھی دارالعلوم علی گڑھ رکھا - پاکستان و بھارت میں دینی تعلیم کے لیے اعلٰی و ادنٰی قسم کے هزاروں دارالعلوم قائم هیں، جہاں قرآن و حدیث کے علاوہ دیگر متعلقه علوم پڑھائے جاتے هیں - اب بعض حلقوں میں دارالعلوم کی جگه "جامعه" کا لفظ بھی مدارس و مکاتب کے لیے رواج پا گیا ہے - بعض اوقات معمولی مدارس کے لیے بھی دارالعلوم استعمال کر لیا جاتا ہے].

(الف) وہ اونچے درجے کی درس گاہ جو علی پاشا مبارک [رک بآن] نے ۱۸۷۲ء میں قائم کی - اس کا مقصد یه تھا که الازهر [رک بآن] کے طلبه کی معین تعداد کو علوم کے جدید شعبوں سے متعارف کرایا جائے اور ان کے لیے ۵ سال مدت تعلیم مقرر کی جائے تاکه وہ نئے سکول میں تعلیم دینے کے قابل هو جائیں، مگر چونکه قاهره میں سائنس کی تعلیم کے لیے اور موکز قائم هو چکے تھے اس لیے هوا یه که اس کے نصاب تعلیم میں کئی بار ترمیم کی گئی اور علوم صحیحه (یا تجربیه) کو پیچھے ڈال دیا گیا اور مدت تعلیم گھٹا کر چار سال کر دی گئی - گو اس کا الحاق ایک خاص شعبے کی حیثیت سے قاهره (سابقًا فؤاد) یونیورسٹی کے ساتھ ۱۹۴۶ء سے چلا آتا ہے، مگر یه دارالعلوم عربی حیثیت برقرار رکھنے کی کوشش بھی کرتا ہے - اسے مصر کے مسلم اساتذہ کی بہت بڑی تربیت گاہ ہونے کا فخر حاصل ہے اور اس کا اثر ان استادوں اور ناظرین تعلیم کے ذریعے جنھوں نے یہاں تعلیم پائی، ملک میں پھیلا ہوا ہے - یہاں کے طلبه چند جماعتوں میں منقسم هیں، چار عربی زبان کی اور تین علوم اسلامیه کی - نصاب پورا کرنے کے بعد جو سند ملتی ہے وہ بی - اے کے برابر ہوتی ہے اور اس کے بعد ایم - اے یا ڈاکٹریٹ کا امتحان دیا جا سکتا ہے - الازهر کے طلبه کے علاوہ ۱۹۵۱ - ۱۹۵۲ء سے وہ طلبه بھی اس میں داخل کیے جا رہے هیں جنھوں نے سرکاری ثانوی مدارس سے توجیه (Baccalauréat) کا امتحان پاس کیا هو اور ۱۹۵۳ - ۱۹۵۴ء سے خواتین کی مخصوص تعداد بھی داخل ہونے لگی ہے - پہلے تو جامعۂ الازهر کی طرح یہاں بھی تعلیم مفت تھی اور طلبه کو معمولی سا ماهوار وظیفه دیا جاتا تھا، لیکن اب تعلیم کی فیس لی جاتی ہے - البته جو طلبه تعلیم و تدریس کا پیشه اختیار کرنے کا ارادہ رکھتے هوں ان کو خاص مراعات دی جاتی هیں - ۱۹۵۷ - ۱۹۵۸ء میں یہاں کے طلبه کی تعداد ۱۷۱۵ تھی - مزید برآں کچھ طلبه کو یورپ کی یونیورسٹیوں میں تکمیل تعلیم کے لیے وظیفے بھی دیے جا رہے تھے.

**مآخذ**: (۱) محمد عبدالجوّاد: تقویم دارالعلوم، العدد الماسی (۱۸۷۲ تا ۱۹۴۷ء)، قاهره ۱۹۵۲ء؛ (۲) وهی مصنف: ملحق العدد الماسی (۱۹۴۶-۱۹۵۹ء) قاهره [۱۹۵۹ء]؛ (۳) [مناظر احسن: اسلامی نظام تعلیم و تربیت].

(J. JOMIER [و اداره])

(ب) دیوبند [رک بآن] کی مذهبی درس گاہ.

(ج) فرنگی محل: ملا نظام‌الدین نے لکھنؤ کے ایک مکان فرنگی محل میں، جو اورنگ زیب نے ۱۱۰۳ھ/ ۱۶۹۱ء میں ان کے گھرانے کو جائداد کے اس نقصان کی تلافی میں عطا کیا تھا جو نظام کے والد کے قتل

Marfat.com

هو جانے کے بعد انھیں پہنچا تھا [اورنگ زیب نے صرف زمین بطور معافی دی تھی ۔ اس پر وہ یورپی طرز کا نیا مکان بہت بعد میں تعمیر ہوا جسے فرنگی محل کہنے لگے تھے ۔ اس مقالے کے ماخذ مثلاً رود کوثر (ص ۴۳) وغیرہ میں یہ صراحت موجود ہے] ۔ ملا نظام الدین نے دو سال بعد ایک مدرسہ قائم کیا، جس کا نام دارالعلوم فرنگی محل مشہور ہوا ۔ ملا نظام الدین کی شہرت زیادہ تر اس نصاب کی وجہ سے ہے جو انھوں نے دینی تعلیم کے لیے تیار کیا اور جو "درس نظامیه" کہلاتا ہے ۔ یہ اس نصاب کو ترقی دے کر بنایا گیا تھا جس کی بابت کہا گیا ہے کہ اسے پہلے پہل دربار اکبری کے ایک مشہور فاضل فتح اللہ شیرازی نے تیار کیا تھا ۔ اس نصاب میں زیادہ زور عربی کے قواعد صرف و نحو، منطق اور فلسفه پر دیا گیا ہے اور تجربی علوم کی جانب عملاً کوئی توجه نہیں کی گئی ۔ [یه نصاب ملک بھر میں مروج ہوگیا، لیکن قیام پاکستان کے بعد درس نظامیه میں تبدیلیاں ہونے لگیں اور بعض قدیم علوم کو مختصر کر دیا گیا، یا بالکل نظر انداز کر کے جدید علوم کو شامل کیا گیا] ۔ جب دیوبند میں دارالعلوم قائم ہوا تو فرنگی محل کی درسگاہ کا وہ تفوق جو اورنگ زیب کے زمانے سے چلا آتا تھا، برقرار نه رہ سکا اور وہ شہرت میں بہت پیچھے رہ گیا زمانۂ حال میں [دیگر درس گاہوں کی طرح] اس نے بھی سیاسی میدان میں حصه لیا ۔ ۱۹۲۰ء کے عشرے کے ابتدائی سنین میں علمائے فرنگی محل خلافت عثمانیه کی حمایت میں پیش پیش تھے اور ۱۹۳۰ء کے عشرے میں مسلم لیگ کے مطالبۂ پاکستان کی تحریک میں انھوں نے نمایاں حصه لیا .

**مآخذ** : (۱) ولی اللہ فرنگی محلی : الاغصان الاربعه للشجرات الطیبة در احوال علماء فرنگی محل ۔ ۔ ۔ لکھنؤ ۱۲۹۸ھ/۱۸۸۱ء؛ (۲) الطاف الرحمٰن : احوال علماء فرنگی محل، لکھنؤ (؟) ۱۹۰۷ء؛ (۳) عبدالباری : آثار الاُوَل (جو راقم کو نه مل سکی)؛ (۴) محمد اکرام : رود کوثر، کراچی، بدون تاریخ، ص ۵۸۲ تا ۵۹۲؛ (۵) عنایت اللہ : تذکرۂ علمائے فرنگی محل؛ (۶) شبلی نعمانی : مقالات شبلی، ج ۳، اعظم گڑھ ۱۳۵۱ھ/۱۹۳۲ء، ص ۱۰۲ تا ۱۰۵؛ (۷) عبدالاعلٰی : رسالۂ قطبیه (مخطوطه)؛ (۸) ولی اللہ فرنگی محلی : عمدة الوسائل (مخطوطه)؛ (۹) رضی الدین محمود انصاری: اغصان الانساب (مخطوطه).

(د) ندوة العلما، لکھنؤ : اسے ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء میں جدّت کے حامی علما کی ایک جماعت نے قائم کیا ۔ مولوی سید محمد علی کانپوری اس کے پہلے ناظم مقرر ہوے ۔ اعلان کردہ مقصد یه تھا که دینی تعلیم کے مروج نظام کو بہتر بنایا جائے اور ایک اسلامی دارالعلوم قائم کر کے علما کے متفرق گروہوں میں یکجہتی پیدا کی جائے ۔ اس دارالعلوم میں خالص دینی اور دنیوی دونوں قسم کے علوم ہی کی تعلیم نه دی جائے بلکه ساتھ ہی پیشه ورانه تربیت کا انتظام بھی کیا جائے ۔ ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ءمیں ابتدائی جماعتیں کھول دی گئیں اور ایک سال بعد اس کا کتاب خانه قائم کیا گیا ۔ [اسی کے اصول پر آگے چل کر "دارالمصنفین" اعظم گڑھ کی بنیاد پڑی ۔ یه ایک اسلامی علمی تحقیقی ادارہ ہے، جس کا اپنا ماہوار رساله معارف بھی شائع ہوتا ہے] ۔ ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء میں شبلی نعمانی [رک بآں] ندوة العلماء میں بحیثیت اس کے سیکرٹری کے شریک ہوے ۔ ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء میں موجودہ نئی عمارت کا افتتاح ہوا ۔ درسگاہ کا ہفته وار مجله الندوة پہلے پہل ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء میں شائع ہوا اور شبلی اس کے مدیر مقرر ہوئے ۔ شبلی کی قیادت میں ندوہ ہندوستان کی پہلی تعلیم گاہ تھی جس میں جدید تنقیدی تحقیقات علمی کا طریقه رائج کیا گیا ۔ یه دیوبند اور علی گڑھ کے طرز فکر کا ایک مرکب مجموعه تھا، مگر یه نه تو دیوبند کی راسخ الاعتقادی کو، جو اس کی خصوصیت ہے، جذب کر سکا اور نه

marfat.com
Marfat.com

علی گڑھ کے خالص عقلیت پسند رجحان کو پوری طرح اختیار کر سکا۔ ندوہ کے سب سے ممتاز تعلیم یافتہ فاضل سید سلیمان تھے، بایں ہمہ قدرے آزاد خیالی کے باعث ندوۃ کو مذہبی حلقوں میں زیادہ کامیابی حاصل نہ ہوئی.

**مآخذ**: (۱) سیّد سلیمان ندوی: حیات شبلی، اعظم گڑھ ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء، ص ۳۰۱ تا ۳۰۹، ۳۵۲، ۳۹۶ ببعد، ۴۱۲ تا ۴۵۹، ۵۳۹؛ (۲) محمد اکرام: موج کوثر، کراچی، بدون تاریخ، ص ۳۰۶ تا ۲۱۸؛ (۳) معارف (سلیمان نمبر)، اعظم گڑھ، رمضان ۱۳۷۴ھ/مئی ۱۹۵۵ء، ۲۵۲ تا ۲۸۳؛ (۴) W. Cantwell Smith: *Modern Islam in India*، لنڈن ۱۹۴۶ء، ص ۲۹۴، ۲۹۶-۳۰۲؛ [(۵) ابو الکلام: الہلال، دور اول].

(بزمی انصاری)

⊗ **دَارُالعَہْد**: (ع)، لفظی ترجمہ 'معاہدے کی سر زمین'۔ فقہاے اسلام کی علمی اصطلاح میں دَارُالعَہْد سے مراد ایسا علاقہ یا ملک ہے جو دارالاسلام کے امام وقت یا اس کے نائب کے ساتھ بعض شرائط پر امن اور صلح کا معاہدہ طے کرے، ایسے علاقے یا ملک کو ایک مقررہ رقم بطور خراج ادا کرنا ہوتی ہے؛ امام شافعیؒ کے نزدیک رقم کی مقدار جزیہ [رک باں] کی مقدار سے کسی طرح کم نہیں ہونی چاہیے (کتاب الأمّ، ۴: ۱۸۱ ببعد؛ کتاب الخراج، ص ۵۸؛ الاحکام السلطانیۃ، ص ۵۴ ببعد).

طے شدہ شرائط کے مطابق جب معاہدہ ہو جائے تو دارالعہد کے خلاف کسی قسم کی جنگی کارروائی جائز نہیں، کیونکہ قرآن کریم میں ایسے مشرکین سے بھی عہد نباہنے کا حکم دیا گیا ہے جو بد عہدی نہ کریں (۹ [التوبۃ]:۴)، حتی کہ اگر امام وقت کو عہد شکنی کا خدشہ بھی ہو مگر واضح ثبوت اور شواہد نہ ہوں تو امام وقت کو توقف کرنا چاہیے (کتاب الأمّ، ۴: ۱۸۵)۔ امام محمدؒ کا قول ہے کہ اگر دارالعہد کے حاکم کی طرف سے کوئی قاصد سربمہر خط لے کر آئے اور اس میں معاہدہ ختم کرنے کا اعلان ہو تو اسے قابل اعتماد شہادت سمجھا جائے گا اور معاہدہ ختم ہو جائے گا (شرح السیر الکبیر، ۱: ۲۸۲ ببعد)۔ عہد شکن قوم کے بارے میں اللہ کا حکم ہے کہ اس کے عہد کا پاس نہ کیا جائے اور خائن قوم کو اس کے جرم کی سزا دی جائے (۹ [التوبۃ]: ۱۲)۔ معاہدہ ٹوٹنے کی صورت میں دارالعہد باقی نہیں رہے گا اور ایسے علاقے یا ملک کو دارالحرب [رک باں] کی حیثیت حاصل ہو جائے گی (المبسوط، ۱۰: ۳۴ ببعد؛ کتاب الأمّ، ۴: ۱۸۵)؛ شرح السیر الکبیر، ۱: ۲۸۲ ببعد).

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ چونکہ دارالاسلام اور دارالحرب کے سوا کسی اور علاقے یا سرزمین کے قائل نہیں، اس لیے دارالعہد اور دارالصلح کو دارالاسلام اور دارالحرب کے درمیان ایک مستقل قسم سمجھنے کے بجائے دارالاسلام کا حصہ قرار دیتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ حنفی فقہا اہل العہد اور اہل الصلح کو اہل الذمہ یا ذمی [رک باں] شمار کرتے ہیں، اس لیے صلح یا عہد کی سرزمین پر اگر اہل الحرب حملہ کریں اور بعض اہل صلح یا اہل عہد کو گرفتار کر لیں، پھر مسلمان دارالحرب پر حملہ کر کے اس پر قبضہ کریں تو ایسے گرفتار ہونے والے اہل صلح یا اہل عہد کو غلام نہیں بنایا جا سکتا، کیونکہ وہ اہل الذمہ کی حیثیت سے دارالاسلام کے آزاد شہری ہیں (المبسوط، ۱۰: ۵۲ ببعد؛ شرح السیر الکبیر، ۱: ۴۳ ببعد؛ الدرالمختار، ۳: ۲۷۲).

بعد کے مسلمان حکمرانوں نے بھی دارالعہد کے بارے میں اسلامی تعلیمات پر ہمیشہ عمل کیا اور اہل عہد کے ساتھ جن شرائط پر معاہدہ ہوا ان کی پوری طرح پابندی کی گئی۔ سلطان سبکتگین غزنوی اور اس کے بیٹے محمود غزنوی نے راجا جے پال سے جن شرائط پر معاہدۂ صلح کیا ان کی پوری طرح پابندی کی (اسلام کا نظام امن، ص ۴۰۰ ببعد)؛ اسی طرح عثمانی سلاطین نے بھی عیسائی بادشاہوں سے کیے ہوئے

Marfat.com

معاهدوں کی همیشه پابندی کی ۔ عثمانی سلاطین جب کسی عیسائی بادشاه کو امان دیتے تو اس کے ساتھ ایک معاهده کیا جاتا، جس کی رُو سے عیسائی بادشاه اطاعت اور سالانه باجگزاری کا عهد کرتا اور عثمانی سلطان اس کی حفاظت کے علاوه ملک کے مذهب اور دیگر رسوم کے احترام کرنے کا عهد کرتا تھا (حمیدالله : *Muslim Conduct of State*، ص ۵۷ ببعد؛ منشآت السلاطین، ۲ : ۳۵۳ ببعد) .

مآخذ : (۱) محمد ظفیر الدین مفتاحی : اسلام کا نظام امن، اعظم گڑھ ۱۹۶۶ء؛ (۲) الشافعی : کتاب الام، قاهره ۱۹۶۱ء؛ (۳) الماوردی : الاحکام السلطانیة، قاهره ۱۹۶۶ء؛ (۴) علاء الدین : الدرالمختار، لکھنؤ ۱۳۹۴ھ؛ (۵) ابن القیم : احکام اهل الذمة، دمشق ۱۹۶۱ء؛ (۶) البلاذری : فتوح البلدان، بیروت ۱۹۵۶ء؛ (۷) یحیی بن آدم : کتاب الخراج، لائڈن ۱۸۶۲ء؛ (۸) السرخسی : المبسوط، قاهره ۱۳۲۴ھ؛ (۹) وهی مصنف : شرح السیر الکبیر، حیدرآباد دکن ۱۳۳۵ھ؛ (۱۰) فریدون بے : منشآت السلاطین، استانبول ۱۲۶۵ھ؛ (۱۱) حمیدالله : *Muslim Conduct of State*، لاهور ۱۹۵۴ء .

(ظهور احمد اظهر)

⊛ دارالفنون : رک به جامعه .

* **دارالمحفوظات العمومیة** : حکومت مصر کا سرکاری محافظ خانه جس میں مصر کی حکومتوں کی سولهویں صدی عیسوی سے لے کر آج تک کی سرکاری دستاویزیں محفوظ هیں ۔ انهیں قاهره کے القلعه اور قصر عابدین میں محفوظ کیا گیا هے ۔ عثمانی خزانے اور انتظامیه کی دستاویزات، جو ۹۲۲ھ/۱۵۱۷ء میں سلیم اوّل کی فتح مصر کے وقت سے لے کر انیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں اس کے خود مختار هو جانے تک کے زمانے کی هیں، مصر میں ابھی تک سلامت هیں اور اب القلعه کے محافظ خانوں میں محفوظ هیں، جنهیں محمد علی نے ۱۲۴۲ھ/۱۸۲۷ء میں اس لیے تعمیر کروایا تھا که وه اس سامان کو، جو ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء کی تباه کن آتش زدگی سے بچ گیا تھا، محفوظ کر سکے ۔ سابق مملوک عهد کے آخر زمانے کی معدودے چند دستاویزات اور رجسٹر نیز انیسویں صدی عیسوی کی کمتر اهمیت کی انتظامی مِسلیں اور مصر میں پیدائش و وفات کے تمام رجسٹر بھی القلعه میں رکھے هوے هیں، لیکن انیسویں اور بیسویں صدی کی مصری حکومت کی دستاویزوں کا بیشتر حصه قاهره میں قصر عابدین میں موجود هے .

عثمانی حکومت کے زمانے کی جو دستاویزیں بچ گئی هیں ان کی بڑی بڑی دو قسمیں هیں ۔ دفاتر (رجسٹر) اور جداگانه مِسلیں ("اوراق") ۔ عثمانی انتظامی رجسٹروں کے بنیادی نمونے دو هیں، ایک وه جو احکام و فرامین کی نقلوں کے حامل هیں اور "دیوانی" رسم الخط میں مرقوم هیں، دوسرے وه جو مالیاتی اعداد و رقوم پر مشتمل هیں اور "سیاقت" (رسم الخط) میں لکھے هوے هیں ۔ عثمانی احکام و فرامین کے بیشتر رجسٹر، جو مصر میں محفوظ تھے، ۱۸۲۰ء کی آتش زدگی میں تباه هو گئے اور یه مواد فقط فریدون اور خیرت افندی (دیکھیے مآخذ) کے مطبوعه مجموعوں میں اور مصر کے اهم رجسٹروں سے دستیاب هو سکتا هے جو استانبول میں باش وکالت ارشوی Basvekâlet Arsivi میں موجود هیں ۔ وه مواد جو القلعه کے محافظ خانوں میں باقی ره گیا هے وه زیاده تر مالیاتی رجسٹروں اور چند جداگانه دستاویزوں پر مشتمل هے ۔ علاوه ازیں ان محافظ خانوں میں متعدد نجی مجموعے بھی هیں جن کے مالکوں کی وفات کے بعد حکومت نے اپنے تصرف میں لے لیا ۔ انیسویں اور بیسویں صدی کی تاریخی دستاویزات، جو قصر عابدین میں هیں، زیاده جامع اور مکمل هیں ۔ ان میں وه نقلیں بھی شامل هیں جنهیں زمانۂ حال میں مصر سے متعلق مواد سے، جو یورپ کے بڑے بڑے محافظ خانوں میں دستیاب هوا، تیار کرایا گیا هے .

دور عثمانی کے مصر کے "دیوان" کے مذاکرات

Marfat.com

کی رودادیں اور عدالتی دستاویزیں، جو مملوکوں کے زمانے کی ہیں، قاہرہ کی مذہبی عدالتوں (المحکمة الاحوال الشخصیة) میں موجود ہیں۔

**مآخذ**: (۱) S. J. Shaw : *Cairo's Archives and the History of Ottoman Egypt*' در *Report on Current Research*' ۱۹۵۶ء' Middle East Institute' واشنگٹن ڈی۔ سی' ۱۹۵۶ء' ص ۵۹ تا ۷۲؛ (۲) J. Deny : *Sommaire des Archives Turques du Cairo*' قاہرہ ۱۹۳۰ء؛ (۳) محمد احمد حسین: الوثائق التأریخیة' قاہرہ ۱۹۴۵ء' ص ۹۳ تا ۹۴؛ (۴) B. Lewis : *The Ottoman Archives as a source of History for the Arab Lands*' در *JRAS* (۱۹۵۱ء)' ص ۱۳۹ تا ۱۵۵؛ (۵) Michaud اور Poujoulat : *Correspondance d' Orient*' ۱۸۳۰ - ۱۸۳۱ء' ج ۶' پیرس ۱۸۳۵ء' ص ۲۹۲ تا ۲۹۳۔ عثمانی مصر کے محافظ خانوں کی دستاویزات کے بعض مطبوعہ مجموعوں کے لیے دیکھیے: (۶) *Recueil de Firmans Impériaux Ottomans adressés aux valis et aux Khedives d' Egypte, 1006 A.H. 1322 A.H.*' قاہرہ ۱۹۳۴ء؛ (۷) مصطفٰی حیرت افندی السیواسی: انشاے حیرت افندی' بولاق ۱۲۴۱ھ/۱۸۲۵ء؛ (۸) فریدون بے: منشآت السلاطین' ۲ جلد' استانبول ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ - ۱۸۵۸ء؛ (۹) G. Talamas : *Recueil de la correspondance de Mohamed Bey Ali Khédive d' Egypte*' قاہرہ ۱۹۱۳ء۔ کتبہ خوانی اور دیگر عثمانی انتظامی مواد کے لیے جو بین الاقوامی تعلقات سے متعلق ہے، دیکھیے Diplomatic۔

(S. J. SHAW)

* **دارالمصنّفین**: [مسلمانان ہند کا ایک علمی و تحقیقی ادارہ، جو اعظم گڑھ (ہندوستان، اب بھارت) میں ۱۹۱۵ء سے قائم ہے۔ شبلی نعمانی [رک بآں] کی ہمیشہ سے یہ خواہش تھی کہ (۱) فلسفۂ حال کے اصول اور اس کا معتدبہ حصہ ملکی زبان میں لایا جائے؛ (۲) یہ بتایا جائے کہ فلسفۂ حال کے کون کون سے مسائل مذہب کے خلاف ہیں۔ پھر ان مسائل کو رد کر دیا جائے یا تطبیق دی جائے؛ (۳) تاریخ، اسماء الرّجال، معانی و بلاغت، تحقیقات مذہب وغیرہ میں عربی زبان میں کثرت سے تصنیفات موجود ہیں اور انہیں مضامین نے یورپ میں نئے نئے اسلوب اختیار کیے ہیں۔ موازنہ کرکے بتانا چاہیے کہ دونوں کی مختلف خصوصیات کیا ہیں اور کس کو کس پر ترجیح ہے؛ (۴) خالص اسلامی علوم، مثلاً کلام، فقہ، اصول، تفسیر وغیرہ کی تاریخ اور ان پر تنقید لکھی جائے، یعنی یہ کہ یہ علوم کب پیدا ہوے، کیونکر بڑھے، کس کس زمانے میں کیا کیا باتیں ان پر اضافہ ہوتی گئیں اور کن کن اسباب سے ہوئیں، ان کا کس قدر حصہ صحیح ہے اور کس قدر اصلاح کا محتاج ہے؛ (۵) فارسی، عربی شاعری اور انشا پردازی کی تاریخ لکھی جائے؛ (۶) جن نئے عنوانوں پر یورپ میں مضامین لکھے جا رہے ہیں، اردو زبان میں ترجمے کے ذریعے سے منتقل کیے جائیں؛ (۷) مسلمانوں کی تہذیب و تمدن پر تاریخی مضامین لکھے جائیں، مثلاً انتظام عدالت، انتظام محاصل، مفاد عامّہ کے محکمے، تعلیمات، تجارت، فوجی نظم و نسق، معاشرت غرض اس قسم کے تمام امور کی نسبت مؤرخانہ طور پر لکھا جائے کہ مسلمانوں نے ان چیزوں میں کہاں تک ترقی کی اور کس کس مد میں کیا اضافہ ہوا (افادات مہدی، ص ۲۷۳ تا ۲۷۵)]۔

ان مقاصد کی تکمیل محض ایک دو افراد کے ہاتھوں نہیں ہو سکتی تھی بلکہ یہ مصنفین کی ایک ایسی جماعت کا کام تھا جو اس کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دے؛ چنانچہ علی گڑھ سے سبکدوشی کے بعد شبلی نعمانی اپنے تخیل کو عملی صورت میں لانے کی تدبیریں سوچتے رہے۔ مارچ ۱۹۱۰ء میں ندوة العلماء کے اجلاس میں انہوں نے ایک عظیم قومی کتب خانے کی تجویز پیش کرتے ہوئے ایک تصنیفی ادارے کے

Marfat.com

قیام کا ذکر کیا - پھر ندوۃ العلماء سے علٰحدگی کے بعد وہ سیرت النبی کی تالیف میں همه تن مصروف ہو گئے تو دارالمصنفین کی تأسیس کا خیال بار بار ان کے ذهن میں آتا رہا - ۱۱ فروری ۱۹۱۴ء کو انھوں نے مجلۂ الہلال میں اس کا مجوزہ خاکہ شائع کیا - اگست ۱۹۱۴ء میں انھوں نے اعظم گڑھ کے پُر سکون ماحول کو دارالمصنفین کے قیام کے لیے منتخب کیا اور اپنا موروثی مکان اور باغ اس کے لیے وقف کر دیا - بدقسمتی سے وہ اپنی زندگی میں اس کی بنیاد نہ رکھ سکے، تاهم ان کی وفات کے تین روز بعد ۲۱ نومبر ۱۹۱۴ء کو ان کے احباب اور تلامذہ نے دارالمصنفین کے قیام کا فیصلہ کیا - سید سلیمان ندوی پونا کالج کی ملازمت چھوڑ کر اعظم گڑھ آ گئے اور مسعود علی ندوی کے انتظامی تعاون اور عبدالسلام ندوی کے علمی اشتراک سے ۱۹۱۵ء میں دارالمصنفین نے اپنا کام شروع کر دیا.

اس ادارے کے اغراض و مقاصد یہ قرار دیے گئے: (۱) ملک میں اعلٰی مصنفین اور اهل قلم کی جماعت پیدا کرنا؛ (۲) بلند پایہ کتابوں کی تصنیف و تالیف و ترجمہ کرنا؛ (۳) علمی کتابوں کے طبع و اشاعت کا سامان کرنا [صباح الدین، در مقالات یوم شبلی] .

۱۹۱۵ء میں سید سلیمان ندوی کی تصنیف ارض القرآن، جلد اول، کی اشاعت سے دارالمصنفین کے تصنیفی کام کی ابتدا ہوئی - [اس ادارے نے بہت جلد تالیف و تصنیف کا ایک ایسا معیار قائم کر دیا جس سے اردو کے تمام سنجیدہ مصنفین اور اهل قلم متأثر ہو کر اس کی تقلید کرنے لگے].

دارالمصنفین کے کارکنوں کی تین اقسام هیں: (۱) رفقاے اعزازی: وہ مشاهیر اهل قلم اور ارباب علم جو دارالمصنفین کو اپنے علمی مشوروں اور قلمی اعانتوں سے مستفید کرتے هیں؛ (۲) رفیق: وہ اصحابِ ذوق جو تکمیل علم کے بعد فن تصنیف کے سیکھنے کی غرض سے دارالمصنفین میں مقیم ہوں؛ (۳) مصنفین: وہ رفیق جو پانچ سال کی تربیت حاصل کر چکے ہوں - مصنفین اور رفقا مستقل طور پر دارالمصنفین کے احاطے میں رہتے هیں اور ان کے وظائف ان کی ضروریات کے مطابق مقرر ہوتے هیں - ایثار و قربانی اور بے لوث خدمت کا جذبہ دارالمصنفین کے کارکنوں کی اهم خصوصیت ہے - اس کے پہلے ناظم سید سلیمان ندوی بتیس سال تک یہاں کام کرتے رہے اور ان کا زیادہ سے زیادہ وظیفہ اڑھائی سو روپے ماهوار تھا - اس طرح عبدالسلام ندوی نے وهاں چالیس برس صرف کیے اور آخر وقت میں ان کا وظیفہ ۱۷۰ روپے تھا.

[دارالمصنفین نے گزشتہ پچاس پچپن سال کے دوران میں بڑا وقیع علمی، تحقیقی، تاریخی اور دینی ادب پیش کیا ہے اور مختلف علوم و فنون میں ایک سو سے زیادہ کتابیں لکھوا کر شائع کی هیں مثلاً:-

(۱) **سیرت نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلّم**: شبلی نے سیرت النبیؐ کی پہلی جلد مکمل کر لی تھی، مگر ان کی زندگی میں اس کی اشاعت کی نوبت نہ آئی تھی - ان کی آخری وصیت کے مطابق سید سلیمان ندوی نے مزید پانچ جلدیں تالیف کرکے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا - یہ چھے جلدیں بالترتیب ۱۹۱۸ء، ۱۹۲۰ء، ۱۹۲۴ء، ۱۹۳۴ء، ۱۹۳۵ء اور ۱۹۳۹ء میں شائع ہوئیں - یہ دارالمصنفین کی مقبول ترین کتاب ہے، جسے برصغیر پاکستان و هند کے علاوہ دوسرے ملکوں میں بھی قدر و منزلت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے - اس کی چند جلدوں کا ترجمہ ترکی اور فارسی میں ہو چکا ہے .

(۲) **سیرت صحابہؓ و تابعینؒ وغیرهم**: سیرت صحابہؓ کے سلسلے میں بارہ کتابیں هیں: جلد اوّل (خلفاے راشدینؓ)، جلد دوم و سوم (مہاجرینؓ)، جلد ششم (امام حسنؓ، امام حسینؓ، امیر معاویہؓ اور عبداللّٰہ بن زبیرؓ) اور جلد هفتم (مختلف صحابۂ کرام)، از شاہ معین الدین احمد ندوی؛ جلد چهارم و پنجم (انصارؓ) اور جلد هشتم (صحابیاتؓ)، از

marfat.com
Marfat.com

سعید انصاری؛ جلد نہم و دہم (اسوۂ صحابہؓ) اور جلد یاز دہم (اسوۂ صحابیاتؓ)، از عبدالسلام ندوی اور جلد دوازدہم (اہل کتاب صحابہؓ) از حافظ مجیب اللہ ندوی؛ ان کے علاوہ تابعینؒ، از شاہ معین الدین احمد اور تبع تابعین، از حافظ مجیب اللہ، کا شمار بھی اسی ضمن میں کیا جا سکتا ہے۔ اس سے قبل کوئی جامع کتاب موجود نہ تھی۔ اس سلسلۂ تصنیف نے ایک بہت بڑی ضرورت کو پورا کر دیا۔

(۳) سوانح : بعض مشاہیر اسلام کی نہایت قابل قدر سوانح عمریاں شائع ہوئی ہیں، مثلاً شبلی نعمانی : الفاروقؓ؛ الغزالیؒ؛ المأمون؛ سلیمان ندوی : سیرت عائشہؓ؛ خیام؛ حیات شبلی؛ عبدالسلام ندوی : سیرت عمرؒ بن عبدالعزیز؛ امام رازیؒ؛ ابن خلدون (ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی کتاب کا ترجمہ)۔

(۴) ادبیات: شبلی نعمانی: شعرالعجم (پانچ حصے)، فارسی شاعری کی تاریخ؛ عبدالسلام ندوی : شعر الہند (دو حصے)، اردو شعرا اور اصناف سخن کا تذکرہ اور اقبال کامل، اقبال کی زندگی اور شاعری پر سیر حاصل بحث؛ عبدالحی : گل رعنا، اردو شاعری کا تذکرہ؛ کلیات شبلی؛ مکاتیب شبلی (دو جلد)، خطبات شبلی اور مقالات شبلی (آٹھ جلدوں میں شبلی نعمانی کے مذہبی، ادبی، تعلیمی، تنقیدی، تاریخی، فلسفیانہ اور قومی مضامین کا مجموعہ)، مرتبۂ سید سلیمان ندوی۔

(۵) تاریخ اسلام : چار جلدوں میں، از شاہ معین الدین احمد : جلد اول میں عہد رسالت و خلافت راشدہ، جلد دوم میں عہد بنوامیہ اور جلد سوم و چہارم میں خلافت عباسیہ کی تاریخ درج ہے۔

(۶) تاریخ علوم و فنون : ارض القرآن، از سید سلیمان ندوی، جس کا انگریزی میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے؛ عبدالسلام ندوی : تاریخ فقہ اسلامی، جو محمد خضری : التشریع الاسلامی کا اردو ترجمہ ہے۔

(۷) اسلامی ممالک کی تاریخ و تمدن : اس سلسلے کی قابل ذکر کتابیں یہ ہیں : محمد عزیز مرزا : تاریخ دولت عثمانیہ (دو جلدیں)؛ سید ریاست علی ندوی : تاریخ اندلس اور تاریخ صقلیہ؛ شاہ معین الدین احمد : اسلام اور عربی تمدن، جو محمد کرد علی : الاسلام والحضارۃ العربیۃ کا ترجمہ ہے؛ سید ابوالحسن علی ندوی: تاریخ دعوت و عزیمت (دو جلدیں، یعنی عالم اسلام کی اصلاحی و تجدیدی کوششوں کا تاریخی جائزہ)؛ محمد اسحٰق سندیلوی : اسلام کا سیاسی نظام؛ سلیمان ندوی : عربوں کی جہازرانی؛ ابوالحسنات ندوی : ہندوستان کی اسلامی درسگاہیں۔

(۸) تاریخ ہند: رقعات عالمگیر؛ سید نجیب اشرف: مقدمۂ رقعات عالمگیر؛ سید ابوظفر : مختصر تاریخ ہند اور تاریخ سندھ؛ سید صباح الدین عبدالرحمٰن: بزم تیموریہ (مغل بادشاہوں کی علمی سرپرستی اور ان کے دربار کے علما و فضلا کا تذکرہ)؛ بزم صوفیہ (عہد تیموری سے قبل کے صاحب تصنیف صوفیہ کا تذکرہ)؛ بزم مملوکیہ؛ ہندوستان کے ازمنۂ وسطی کی ایک جھلک؛ ہندوستان کے عہد وسطی کا فوجی نظام؛ ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی جلوے اور ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی کارنامے؛ ہندوستان عربوں کی نظر میں (دو جلد، ہندوستان کے بارے میں عرب مصنفین، جغرافیہ نگاروں، سیّاحوں اور مؤرخوں کے اقتباسات اور ان کا اردو ترجمہ)؛ ابو ظفر ندوی : گجرات کی تمدنی تاریخ۔

(۹) فلسفہ : عبدالباری ندوی : برکلے اور اس کا فلسفہ؛ اسی مصنف نے مبادی علم انسانی کے نام سے برکلے Berkley : *Principles of Human Knowledge* اور فہم انسانی کے عنوان سے ہیوم David Hume : *Human Understanding* کا ترجمہ کیا؛ افکار عصریہ؛ عبدالماجد دریا بادی : مکالمات (برکلے : *Dialogus* کا ترجمہ)؛ ظفر حسین خاں : طبقات الامم (جو صاعد الاندلسی کی کتاب کا ترجمہ ہے)؛ عبدالسلام ندوی : انقلاب الامم

Marfat.com

(لبان le Bon کی کتاب کے عربی ترجمے کا ترجمہ)].

دارالمصنفین کا ایک بڑا کارنامہ ماہنامہ معارف کا اجرا ہے ۔ یہ رمضان ۱۳۳۳ھ/جولائی ۱۹۱۶ء سے سید سلیمان ندوی کے زیر ادارت شائع ہونے لگا اور اب تک باقاعدگی سے نکل رہا ہے ۔ [اپنے تحقیقی اور علمی مضامین اور متین و پروقار اسلوب کے اعتبار سے اسے اردو کے بہترین جرائد میں شمار کیا جا سکتا ہے].

دارالمصنفین کے ممتاز مصنفین و محققین میں دارالمصنفین کے بانی اور پہلے ناظم، سید سلیمان ندوی (ولادت ۲۲ نومبر ۱۸۸۴ء؛ م ۲۲ نومبر ۱۹۵۳ء بمقام کراچی)، عبدالسلام ندوی (ولادت ۱۹ فروری ۱۸۸۳ء؛ م ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۶ء بمقام اعظم گڑھ)، شاہ معین الدین احمد ندوی، سعید انصاری (م ۴ اکتوبر ۱۹۶۲ء، بمقام لاہور)، سید نجیب اشرف (م ۱۹۶۸ء)، سید ریاست علی ندوی، ابو ظفر ندوی اور سید صباح الدین عبدالرحمٰن بالخصوص قابل ذکر ہیں ۔ ان کے علاوہ عبدالباری ندوی، عبدالماجد دریا بادی اور ابوالحسنات ندوی بھی دارالمصنفین سے منسلک رہے ہیں ۔

[برصغیر پاک و ہند میں دارالمصنفین اس لحاظ سے ایک منفرد ادارہ ہے کہ اس کے اپنے کل وقتی مصنفین ہیں، اپنا مطبع ہے، اپنا کتاب خانہ اور اپنا دارالاشاعت ہے اور اپنی سب عمارتیں ہیں ۔ ۲۰ - ۲۱ فروری ۱۹۶۵ء کو اعظم گڑھ میں دارالمصنفین کا پچاس سالہ جشن منایا گیا تھا، جس میں بھارت و پاکستان کے علاوہ کئی دوسرے ملکوں کے نمائندے بھی شریک ہوئے].

**مآخذ**: (۱) سید سلیمان ندوی: حیات شبلی، اعظم گڑھ ۱۹۴۳ء، ص ۶۸۸ تا ۶۹۹؛ (۲) رام بابو سکسینہ: *A History of Urdu Literature*، مترجمۂ مرزا محمد عسکری: تاریخ ادب اردو، مطبوعہ نولکشور، بار دوم، حصۂ نثر: ص ۷۰، ۷۱، ۱۶۷؛ (۳) سید صباح الدین: دارالمصنفین اور اس کی خدمات، در مقالات یوم شبلی، مطبوعہ اردو مرکز، لاہور ۱۹۶۱ء، ص ۱۷۲ تا ۱۸۳؛ [(۴) مہدی الافادی: افادات مہدی، بار چہارم، لاہور ۱۹۴۹ء؛ (۵) پروین خواجہ: دارالمصنفین، تحقیقی مقالہ برائے ایم ۔ اے، در کتاب خانۂ جامعۂ پنجاب، لاہور].

(غلام حسین ذوالفقار [و ادارہ])

* **دارالنَّدْوہ**: سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں مکہ معظمہ میں ایک قسم کی شہری جلسہ گاہ ۔ اس کی عمارت کعبہ شریف کے شمال میں اس چوک کے دوسری جانب تھی جس میں طواف ہوا کرتا تھا ۔ یہ معززین اور شرفا کے جمع ہونے کی جگہ تھی ۔ کہتے ہیں کہ دارالندوہ کو قریش کے جدامجد قُصَیّ (رَکَ بآں) نے تعمیر کروایا تھا ۔ اس کے بعد دارالندوہ عبدالدار کی پھر عبد مناف اور اس کے بیٹے ہاشم اور ہاشم کی اولاد کی وراثت میں آیا ۔ کہتے ہیں کہ ظہور اسلام سے قبل قریش کے تمام اہم کام، مثلاً شادی بیاہ، جنگی مجلس، امور عامّہ پر مشاورت، شادی کے قابل لڑکیوں کی پوشاک کا انتظام، لڑکوں کا ختنہ ("عذر")، لڑائی کے علم کی تفویض یہیں سرانجام پاتے رہے ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مقام سے یا اس کے سامنے کے چوک سے تمام تجارتی قافلے روانہ ہوتے اور واپسی پر وہیں آ کر رکتے تھے (ابن سعد، ۱/۱: ۳۹)۔ ہنری لامنز Henri Lammens مارٹن ہارٹمن Martin Hartmann کے خیال کے مطابق، نیز دیگر قرائن سے، اس بات کی حجت لایا ہے کہ عہد قدیم میں دارالندوہ محض دنیاداروں کی (غیر مذہبی) جگہ نہ تھی بلکہ ایک مقدس عمارت تھی جو مذہبی نوعیت کی معاشرتی رسوم وضع کرنے کا کام دیتی تھی (*Les sanctuaires préislamites*، ص ۲۷ تا ۳۳؛ قب مادّہ قصی، از G. Levi Della Vida)، مگر یہ محض قیاس معلوم ہوتا ہے، اس کے پیش کردہ ثبوت کی کوئی قوی بنیاد نہیں ملتی۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ دارالندوہ ظہور اسلام

Marfat.com

کے بعد بھی باقی رہا ۔ امیر معاویہؓ نے اسے خرید لیا اور بعد ازاں یہ حج کے دوران میں خلفاے بنو امیّہ اور بنو عباس کے پہلے خلفا کی اقامت گاہ کا کام دیتا رہا ۔ ہارون الرشید نے ایک مختلف عمارت میں توسیع کرکے اسے اپنی اقامت گاہ ("دارالعمارة") بنایا تھا ۔ بعد ازاں دارالندوہ کو زوال آتا چلا گیا ۔ تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کے اواخر میں، خلیفہ المعتضد کے عہد میں اس میں ستونوں، محرابی دالانوں اور غلام گردشوں کا اضافہ کیا گیا اور ذیلی عمارت کے طور پر اسے مسجدالحرام میں شامل کر لیا گیا ۔

**مآخذ :** (۱) ابن هشام، ص ۸۰، ۸۳، ۳۲۳ ببعد، ۴۸۹؛ (۲) ابن سعد، ۱/۱، ص ۳۹ ببعد؛ (۳) Wüstenfeld: *Die Chroniken der Stadt Mekka*، ج ۱ (۱۸۵۸ء)، ص ۶۵ تا ۶۷ (الازرق) و ج ۳ (۱۸۶۱ء)، بمواضع کثیرہ؛ (۴) الطبری، ۱ : ۱۰۹۸ ببعد؛ (۵) الفاسی : شفاءالغرام، ج ۱ (مکه ۱۹۵۶ء)، ص ۲۲۶ ببعد، ۲۳۴ تا ۲۳۶؛ (۶) Caussin de Perceval : *Essai sur l'histoire des Arabes avant l'Islamisme*، ج ۱ (۱۸۴۷ء)، ص ۲۳۷، ۱۵۰ ببعد؛ (۷) Caetani : *Annali*، ج ۱ (۱۹۰۵ء)، مقدمه، فصل ۷۸؛ (۸) Snouck Hurgronje : *Mekka*، ج ۱ (۱۸۸۸ء)، ص ۱۲؛ (۹) Gaudefroy-Demombynes: *Le Pèlerinage a la Mekke* (۱۹۲۳ء)، ص ۱۵۱ ببعد؛ (۱۰) H. Lammens : *La Mecque á la veille de l' Hègire* (MFOB، ۹ : ۳، بیروت ۱۹۲۴ء)، ص ۲۷ تا ۴۳، ۲۲۶، ۳۰۱؛ (۱۱) وهی مصنف : *Les sanctuaires prèislamites dans l' Arabie occidentale* (مجلّهٔ مذکور، ۹ : ۲، ۱۹۲۶ء)، ص ۳۹ تا ۱۴۳؛ نیز رک به قُصی.

(R. PARET)

* **دارفُور :** "فُور کی سرزمین"، جمهوریهٔ سوڈان کا ایک صوبه جو پہلے ایک اسلامی سلطنت تھا ۔

جغرافیه اور باشندے : دارفور "بلاد السودان" پر مشتمل ریاستوں کے زنجیرے کی ایک کڑی تھا ۔ اس کا مشرقی همسایه کُردفان تھا، جس سے ریت کے ٹیلوں کی ایک پٹی اسے جدا کرتی تھی ۔ مغرب میں وڈّائی واقع تھا ۔ صحراے لیبیا نے شمال کی قدرتی سرحد بنا دی تھی اور بحرالغزال [رک بآں] کی دلدلیں اس کی جنوبی سرحد تھیں۔ دارفور تین بڑے علاقوں پر مشتمل ہے ۔ شمالی علاقه، صحرا کا گیاهی کناره ہے، جو شتربان قبیلوں کے لیے چارا تو مہیا کرتا ہے مگر اس میں زراعت بہت کم هوتی ہے ۔ وسطی علاقه (۱۴ درجے ۳۰ ثانیه شمال سے ۱۲ درجے شمال تک)، جہاں (پہاڑوں میں) باره سے پچیس انچ تک بارش هوتی ہے، مستقل زراعت کرنے والوں کا علاقه ہے ۔ کثیر بارشوں (پچیس تا پینتیس انچ) والا جنوبی علاقه مویشی رکھنے والے خانه بدوشوں، "بقّاره" [رک بآں] سے آباد ہے ۔ وسطی علاقے میں جبل مرّه کے بلند پہاڑوں کا سلسله ۳۰۲۴ میٹر کی بلندی تک پہنچ کر شمال سے جنوب کی طرف چلا گیا ہے ۔ دارفور کے شمالی اور جنوبی علاقوں کو مقامی زبان میں "دارالریح" اور "دارالصعید" کہا جاتا ہے ۔

وسطی علاقه مختلف راستوں کا مقام اتصال ہے ۔ درب الاربعین [رک بآں] (=چالیس دن کا راسته) اسیوط سے خارجه اور سلیمه هوتا هوا کوبیه (Cobbé، بحوالۂ Browne) کو جاتا ہے، جہاں ایک چھوٹا سا تجارتی شہر نشو و نما پا گیا ۔ ایک اور راسته دارفور کو طرابلس اور سیرانیکا سے ملاتا ہے ۔ کبکابیه، جبل مرّه کے مغرب میں وڈّای اور مغربی بلاد السودان کے راستے پر ایک تجارتی مرکز تھا ۔ کردفان اور مشرق کو جانے والا راسته حاجیوں کی گزرگاه تھا، اگرچه بعض حجّاج مصر سے هو کر جانے والے لمبے راستے کو ترجیح دیتے تھے ۔ ہاتھی دانت اور شترمرغ کے پروں ایسی چیزوں کے علاوه دارفور سے غلام بھی برآمد هوتے تھے، جنھیں وہ جنوب کی جنگلی قوموں سے حاصل کرتے

Marfat.com

تھے - ان میں بہت سے "درب الاربعین" کے ذریعے مصر جاتے تھے - کردفان کی ریلوے، جو (الأبیّض (El Obeid) کو خرطوم اور بندر سوڈان/سے ملاتی ہے، اس کی تعمیر ۱۹۱۱ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی اور ۱۹۱۶ء میں اسے دارفور سے بھی ملایا گیا، نتیجةً شمال کو جانے والے راستوں کی اہمیت ختم ہو گئی - دارالحکومت بالآخر موجودہ مقام الفاشر [رک بآں] میں ۱۲۰۶ھ/۱۷۹۱ء میں قائم ہوا - "فاشر" یا سلطان کی اقامت گاہ پہلے ہر عہد حکومت میں بدلتی رہتی تھی، قدیم ترین سلاطین کا صدر مقام جبل مرّہ تھا۔

دارفور کے باشندے مختلف نسلوں سے تعلق رکھتے ہیں - فور (دیکھیے A.C. Beaton: *The Fur*، در *Sudan, notes and records*، ۲۹/۱، ۱۹۴۸ء، ص ۱ تا ۳۹) حبش نژاد قوم ہے - شروع سے ان کی بود و باش جبل مرّہ میں تھی، پھر اطراف کے قبیلوں پر اپنی قیادت قائم کرنے میں کامیاب ہو گئے - کنجارہ سے، جو فور کے تین قبیلوں میں سے ایک ہے، کیرہ کے شاہی خاندان کا ظہور ہوا اور بروے روایت مسبّعات کا بھی، جنھوں نے کرد فان میں اپنی سلطنت قائم کی - یہ بھی روایت ہے کہ اس علاقے میں فور سے پہلے تنجر قوم کو غلبہ حاصل تھا اور اس سے پہلے داجو کو - ان دونوں کے اخلاف ابھی تک دارفور میں موجود ہیں - عربوں کی آمد نے نسلی قسم کی تشکیل میں بڑا حصہ لیا ہے - قبائلی گروہ، جو قوم جہینہ کی آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کی بہت بڑی یلغار میں ان کے ساتھ مشرق بلادالسودان میں وارد ہوے تھے، ان کی نمائندگی اب شمالی علاقے کے شتربان عرب اور جنوب کے بقّارہ کرتے ہیں - "فرارہ" نام کا اطلاق، جو کبھی شتربان عربوں کے ایک گروہ پر مشترکہ طور پر ہوتا تھا، اب متروک ہو گیا ہے - بقاری قبائل میں رزیقات اور تعایشہ قابل ذکر ہیں - انفرادی طور پر وادی نیل کے سوڈان کے جو عربی نژاد اہل نوبیہ، برابرہ [رک بآں]، دناقلہ (دیکھیے دنقلی)، اور جعلیّین [رک بآں] آئے، انھوں نے دار فور میں اسلامی ثقافت اور تجارت کی ترقی میں اہم حصہ لیا ہے - اس صوبے کی موجودہ آبادی ۱۳۲۸۵۵۹ ہے (*Sudan Almanac*، ۱۹۵۹ء).

تاریخی ترتیب: اس خاندان کا تاریخی سلسلہ آٹھویں سلطان عبدالرحمٰن الرشید سے پہلے غیر یقینی ہے - براؤن Browne کا خیال ہے کہ سلیمان سَلَنگ اس کے زمانے سے تقریباً ۱۳۰ - ۱۵۰ سال پہلے یعنی تقریبا ۱۶۴۰ تا ۱۶۶۰ء میں حکومت کرتا تھا - التونسی، جو دارفور کی تأسیس کو ودّای اور کردفان کی تأسیس کے ہم زمان سمجھتا ہے، یقین دلاتا ہے کہ یہ واقعہ دو سو سال، یعنی تقریباً ۱۶۴۰ء سے پہلے وقوع پذیر نہیں ہوا (تونسی: *Ouadây*، ص ۷۵) - شُقیر کا تاریخی سلسلہ، جو سلیمان سلنگ کے ساتھ چند جامد ناموں کو شامل کر کے نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے وسط تک لے جاتا ہے، بعد کی روایت ہے اور صاف طور پر جعلی ہے - Nachtigal سلیمان سلنگ کے عہد حکومت کا آغاز ۱۵۹۶ء بتاتا ہے، جو اصل زمانے سے قدیم تر دکھائی دیتا ہے۔

سلاطین کے نام اور تخت نشینی کی تاریخیں: (۱) سلیمان سلنگ، تقریباً ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء؛ (۲) موسٰی بن سلیمان؛ (۳) احمد بکر بن موسٰی؛ (۴) محمد دورہ بن احمد بکر؛ (۵) عمر بن محمد دورہ، تقریباً ۱۱۵۶ھ/۱۷۴۳ - ۱۷۴۴ء؛ (۶) ابوالقاسم بن احمد بکر، تقریباً ۱۱۶۳ھ/۱۷۴۹ - ۱۷۵۰ء؛ (۷) محمد تیراب بن احمد بکر، تقریباً ۱۱۷۰ھ/۱۷۵۶ - ۱۷۵۷ء؛ (۸) عبدالرحمٰن الرشید بن احمد بکر، ۱۲۰۲ھ/۱۷۸۷ء؛ (۹) محمد فضل بن عبدالرحمٰن، ۱۲۳۵ھ/۱۸۰۰ - ۱۸۰۱ء؛ (۱۰) محمد حسین بن محمد فضل، ۱۲۵۴ھ/۱۸۳۸ - ۱۸۳۹ء؛ (۱۱) ابراهیم بن محمد حسین، ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء (مصری سوڈان کے ساتھ دار فور کا الحاق ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء) - خدیوی اور

marfat.com
Marfat.com

مہدی کے عہدِ اقتدار کے براے نام سلاطین: (۱۲) حسب اللہ بن محمد فضل؛ (۱۳) بوش بن محمد فضل؛ (۱۴) ہارون بن سیف الدین بن محمد فضل؛ (۱۵) عبداللہ دوُد بنجہ بن بکر بن محمد فضل؛ (۱۶) یوسف بن ابراہیم؛ (۱۷) ابو الخیرات ابن ابراہیم.

احیاء شدہ سلطنت: (۱۸) علی دینار بن زکریا ابن محمد فضل، ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ء (دارفور کا الحاق انگریزی - مصری سوڈان کے ساتھ، ۱۹۱۶ء).

سلطنت کے متعلق روایات: مقامی وقائع کے فقدان کے سبب ہم معلومات کے لیے بیرونی مبصروں پر انحصار کرتے ہیں - ان میں سے اہم ترین تونسی عرب محمد بن عمر التونسی ہے، جس کی ہشت سالہ سیاحت کا آغاز ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء میں ہوا - دوسرا، جرمن Gustar Nachtigal، جو ۱۸۷۴ء میں دار فور میں تھا، پھر آسٹروی Rudolf v. Slatin (گورنر ۱۸۸۱ تا ۱۸۸۳ء) اور لبنانی نعوم شقیر مشترک حکومت کے محکمہ سراغ رسانی کا ایک ملازم، جس کا سب سے بڑا خبر رساں شیخ الطیب (م ۱۹۰۲ء) تھا، جو پہلے سلطان ابراہیم کا "امام" تھا.

کیرہ کے سلسلۂ نسب سے متعلق جو تناقضات ہیں ان پر التونسی، Nachtigal اور شقیر کی نظر پڑی تھی۔ یہ نسب نامے عوامی روایات کے سورماؤں کو، جن میں سے بڑے بڑے حمد المعقور، دالی اور سلیمان سُلّون (العرب) تھے، بہ تکلف ایک رشتے میں منسلک کرنے کی کوششیں ہیں - اس روایت کے اختلافات کی تفصیل یہاں نہیں دی جا سکتی - احمد المعقور تونسی عرب کو، جو ہلالی یا عباسی نسل سے تھا، ان تنجری حکمرانوں کے جدّ امجد کے طور پر پیش کیا جاتا ہے جو کیرہ خاندان سے پہلے ہوے؛ یا تنجر اور کیرہ خاندانوں کی (ازدواجی رشتوں کے ذریعے) درمیانی کڑی تھے - اس کا بیٹا (یا زیادہ دور کی اولاد میں) دالی کو ریاست فوراوی کا ناظم اور آئین ساز بتایا گیا ہے - دالی کی اولاد میں سلیمان سُلّون ہوا، جو ایک عرب خاتون کا بیٹا تھا اور دین اسلام کو رواج دینے کا سہرا اسی کے سر باندھا جاتا ہے - وہ سب سے پہلا تاریخی حکمران ہے - ممکن ہے احمد المعقور عربوں کے تنجروں (یا فوروں) کے ساتھ خلط ملط ہو جانے کی تاریخی حقیقت کی یاد دلاتا ہو، یا یہ عربوں کی آمد کی تاریخ کو اور قدیم بنانے کے لیے ایک بعد کی گھڑی ہوئی روایت ہو۔ لقب "المعقور" (لنگڑا) عربی لفظ ہے - اس کی تشریح Slatin اور شقیر نے ایک صریحی افسانوی روایت کے ذریعے کی ہے - دالی (یا دلیل بحر) ایک تاریخی فرد ہو سکتا ہے یا ممکن ہے قبل از اسلام کیرہ کے حکمرانوں کی روایتوں کا مجسّم نمائندہ ہو - سلیمان سُلّون، جو ایک مجاہد اور منتظم گزرا ہے، دالی کا مسلمان مثنی تھا، جس کی سوانح میں شاید بعض وہ روایات بھی شامل ہو گئی ہیں جو اصل میں دالی سے منسوب تھیں - غالبًا سلیمان خاندان کیرہ کا بانی نہ تھا بلکہ محض پہلا مسلمان حکمران تھا - یہ دعوے کہ شاہی خاندان بنو ہلال یا عباسیوں کی اولاد سے ہے بناوٹی ہیں اور علی الترتیب شمالی افریقہ کے اور وادیٔ نیل کے سوڈانی اثر و نفوذ کا آئینہ دار ہے - زیادہ قرینِ قیاس یہ روایت معلوم ہوتی ہے کہ کیرہ خاندان مسبعات اور ودائی کے حکمران گھرانے سمیت فزارہ کی اولاد سے تھا - یہ بات اس روایت سے مطابقت رکھتی ہے کہ سلیمان کی فتوحات خانہ بدوش عربوں کو حلیف بنانے سے حاصل ہوئی تھیں.

ہو سکتا ہے کہ دارفور میں اشاعت اسلام کا آغاز سلیمان نے کیا ہو، لیکن اس حصے میں پوری طرح اسلام پھیل جانے میں دیر لگی - انیسویں اور بیسویں صدی عیسوی تک یہاں غیر اسلامی رسوم کا برابر رواج رہا، جیسے تمام مبصروں نے ملاحظہ کیا ہے - دین کی تعلیم دینے والے ("فکی" بجاے

Marfat.com

"فقیہ" اور اس کی جمع بالعموم "فقہا" یہاں استعمال ہوتی ہے) زیادہ تر مغربی "بلاد السودان" سے اور دریاے نیل کے خطّے سے آئے۔ یہ دونوں خطّے ایسے ہیں جہاں مالکی مذہب کا غلبہ ہے۔ سلیمان کے فوراً بعد جو سلاطین ہوے ان کے متعلق تحریری حالات بہت کم ملتے ہیں۔ اس کا دوسرا جانشین احمد بکر صرف اس لیے قابل ذکر ہے کہ وہ متعدد بیٹوں کا باپ تھا، جن میں سے پانچ اس کے بعد سلطان بنے۔ دار فور اور ودائی دونوں کی روایتوں میں اس بات کی یاد محفوظ ہے کہ ان دو سلطنتوں کے درمیان مسلسل جنگیں ہوتی رہیں، ان کا آغاز احمد بکر کے عہد میں ہوا، اور اس وقت تک جاری رہیں جب تک کہ محمد تَیْراب نے اپنے عہد حکومت کے اوائل میں ودائی کے سلطان جَوْدَہ سے صلح نہ کرلی۔ کہا جاتا ہے کہ عمر اور ابو القاسم دونوں سلطان انھیں جنگوں میں مارے گئے جن میں ودائیوں کا پلّہ عموما بھاری رہا۔

سلطنت مابعد: محمد تیراب کے عہد حکومت کے ساتھ مفصّل روایات کا آغاز ہوتا ہے۔ وہ التونسی کی سیاحت کے صرف سولہ برس پہلے فوت ہوا۔ اسے ایک عیش پسند اور صلح جو شخص کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، لیکن اس کے عہد حکومت کا اختتام کردفان کے مسبعاوی حکمران سلطان ہاشم کے ساتھ لڑائی میں ہوا۔ مخاصمانہ کارروائیوں کا بہانہ یہ کیا گیا تھا کہ ہاشم دارفور کی مشرقی سرحد پر دست درازی کر رہا ہے۔ لیکن التونسی کا خیال ہے کہ تیراب کی اصلی نیت یہ تھی کہ وہ احمد بکر کے بیٹوں کے بجائے اپنے بیٹے اِسحٰق کی آئندہ جانشینی کو محفوظ کر لے۔ اس جنگ میں اسحٰق الملقب بہ "الخلیفہ" (=جانشین) بطور نائب السلطنت دارالحکومت میں رہا اور سلطان کے بھائی اور وزرا سلطان کی معیت میں مہم پر گئے۔ ہاشم کو کردفان سے نکال دیا گیا اور اس نے سِنّار کے فنجی سلطان کے ہاں پناہ لی، اور فوراوی فوج نے اس کے علاقوں پر قبضہ جما لیا۔ اس افسانے کا کہ تیراب نے اُمّ دُرمان Omdurman تک چڑھائی کی اور عبداللابی فوج کو شکست دی، التونسی یا Nachtigal نے ذکر نہیں کیا اور یہ بعد کا، غالباً مہدی کے عہد کا، اضافہ ہے۔ تَیْراب کردفان میں بارہ کے مقام پر فوت ہوا، کہا جاتا ہے کہ اس کے امراء نے اسے زہر دیا تھا۔

تیراب کی موت کے بعد اسحٰق اور احمد بکر کے بیٹوں کے حامیوں میں جانشینی کی جنگ چھڑ گئی۔ مؤخرالذکر فریق نے انجام کار احمد بکر کے بیٹے عبدالرحمٰن الرشید کو اپنا سلطان منتخب کر لیا، وہ باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا اور ایک پرہیزگار علم دوست نوجوان تھا۔ یہ انتخاب محمد کُرّہ کی کوشش سے ہوا، جو مرحوم سلطان کا خواجہ سرا تھا۔ اسے عبدالرحمٰن نے اپنا وزیر اعظم مقرر کیا۔ کُرّہ نے بعد میں کُردُفان پر ایک اور چڑھائی کی اور وہاں چند برس حکومت کی۔ عبدالرحمٰن کے عہد حکومت میں تجارت اور اشاعت دین دونوں کی ترقی ہوئی۔ اس عہد میں یہ ترقی اھل نوبہ کے دارفور میں ورود سے منسوب کی جا سکتی ہے، جو وادی نیل کے سوڈانی علاقے میں فنجی قوت کے زوال کے باعث آئے تھے۔ عبدالرحمٰن اور عثمانی سلطان کے درمیان تحائف کے تبادلے، ایک انگریز سیّاح W.G. Browne کی ۱۷۹۳ - ۱۷۹۶ء میں آمد اور ۱۷۹۹ء میں بوناپارٹ Bonaparte کے ساتھ خط و کتابت اس بات کی دلیل ہیں کہ مصر کے ساتھ تجارت کے ذریعے دارفور کے بیرونی دنیا سے روابط بڑھے (فرانسیسی متن در *Pieces diverses et correspondance relatives aux opérations de l' armée d'orient en Egypte*، پیرس IX AN، ص ۱۸۷، ۲۱۶ تا ۲۱۷)۔ ایک مملوک پناہ گزین کو، جو بونا پارٹ کے ہاتھوں سے بچ کر آیا تھا، دارفور میں پناہ دی گئی، لیکن پھر سلطان کے خلاف سازش کرنے کی پاداش میں اسے ہلاک کر دیا گیا۔

marfat.com
Marfat.com

عبدالرحمٰن کے چھوٹے بیٹے محمد فضل کو محمد کرّہ نے ۱۲۱۵ھ/۱۸۰۰-۱۸۰۱ء میں سلطان بنا دیا، لیکن حکمران اور اس کے وزیر کے درمیان ناچاق پیدا ہو گئی اور کرّہ رجب ۱۲۱۹ھ/اکتوبر - نومبر ۱۸۰۴ء میں ہلاک کر دیا گیا ۔ فضل کا طویل عہد حکومت زوال پذیری کا زمانہ تھا ۔ مصر کے محمد علی پاشا نے اپنے داماد محمد بے خسرو "دفتر دار" کی قیادت میں ایک مہم بھیجی، جس نے کرد فان کے فوراوی والی "مقدوم" مُسلّم کو ۱۸۲۱ء میں بارہ کے مقام پر شکست دی اور صوبے کا الحاق کر لیا ۔ لیکن وادی نیل میں بغاوت ہو جانے کے باعث "دفتر دار" دارفور کی فتح سے باز رہا ۔ محمد عبد الکریم صابون، سلطان ودائی نے دار نامہ کو، جو دارفور کی باج گزار ریاست تھی، تہ و بالا کر دیا اور اس سے خراج وصول کیا ۔ فضل نے صابون کی موت کے بعد اس کے ایک بھائی کو حصول تخت کے سلسلے میں مدد دی، لیکن وہاں اپنے زیر سیادت حکومت قائم کرانے میں ناکام رہا ۔ بقارہ، خصوصا رزیقات بھی اس عہد میں حکومت کو بہت پریشان کرتے رہے ۔

فضل کے جانشین محمد حسین کو ایک مدعی محمد ابو مَدْیَن بن سلطان عبد الرحمٰن سے خطرہ لاحق ہو گیا ۔ محمد علی پاشا سلطان عبدالمجید کے ایک فرمان (۱۳ فروری ۱۸۴۱ء، دیکھیے J.C. Hurewitz: *Diplomacy in the Near and Middle East*، نیویارک ۱۹۵۶ء، ۱ : ۱۲۰) کی رو سے دارفور کا دعویدار تھا، اس نے ابو مدین کی حمایت کی اور مصر سے بھیجنے کے لیے فوج تیار کی گئی، لیکن اس مہم کو مصری سوڈان کے اولوالعزم "حکمدار" احمد پاشا ابوودان کے رمضان ۱۲۵۹ھ/ستمبر-اکتوبر ۱۸۴۳ء میں انتقال کر جانے پر ترک کر دیا گیا ۔ حسین اور بعد کے خدیو سعید اور اسمٰعیل کے درمیان تعلقات دوستانہ رہے ۔ حکومت کے آخری برسوں میں حسین کی بصارت جاتی رہی اور امور سلطنت کو اس کی بہن "ایا بسی" زمزم سر انجام دیتی تھی ۔

اس کا جانشین سلطان ابراہیم جلد ھی رزیقات کے مسئلے میں سوڈانی ملک التجار الزبیر رحمہ منصور کے ساتھ لڑائی جھگڑوں میں الجھ گیا، جس کی نگرانی میں مغربی بحرالغزال کا نظم و نسق آ گیا تھا ۔ الزبیر نے "حکمدار" اسمٰعیل پاشا ایوب کے ساتھ (جو مشرق سے فوج لایا تھا) ساز باز کرکے، دارفور پر جنوب سے حملہ کیا ۔ ابراہیم کو الزبیر کے ہاتھوں شکست ہوئی اور وہ منواشی کی جنگ میں ۲۴ اکتوبر ۱۸۷۴ء کو مارا گیا ۔ دار فور کا الحاق مصری سوڈان کے ساتھ ہو گیا ۔

عہد خدیویّہ وعہد مہدویّہ: فوراوی لوگ جبل مرّہ میں ٹھکانا بنا کر نام نہاد سلطانوں کے ایک سلسلے کے تحت اپنی بقا کے لیے مقاومت کرتے رہے ۔ پہلے حَسَب اللہ بن محمد فضل نے الزبیر کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور اسے فوراوی شہزادوں اور اکابر کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ مصر بھیج دیا گیا ۔ اس کے بھائی اور جانشین بوش نے ایک خطرناک بغاوت کی، لیکن وہ الزبیر کے بیٹے سلیمان کے ہاتھوں مارا گیا ۔ ۱۸۷۷ء میں نیا محصول عائد ہونے پر ایک اور بغاوت ہوئی، جس کی قیادت محمد فضل کے پوتے ہارون نے کی ۔ اس نے صوبائی دارالحکومت الفاشر کا محاصرہ کیا، لیکن اسے جبل مرّہ کی طرف واپس دھکیل دیا گیا اور وہ ۱۸۸۰ء میں النور بیگ محمد عنقرہ کے ہاتھوں مارا گیا، جسے بعد میں ایک مہدوی سردار کی حیثیت حاصل ہوئی ۔ اس کے بعد محمد فضل کے ایک اور پوتے عبد اللہ دُوْدْ بنجہ نے جبل مرّہ میں سلطنت کی باگ اپنے ہاتھ میں لی ۔

۱۸۸۱ء میں مہدوی انقلاب برپا ہو جانے سے دارفور میں نازک صورت حال پیدا ہو گئی، کیونکہ فوج اور انتظامیہ کے متعدّد عمّال کی ہمدردیاں مہدی کے ساتھ تھیں، جو انھیں کی طرح سوڈان کے ساحلی

Marfat.com

علاقے کا باشندہ تھا ۔ دوسری طرف فور اور رزیقات دونوں ہی خدیو کی حکومت کا تختہ الٹ دینا چاہتے تھے ۔ مہدی کے الُعبَیْد پر قبضہ کر لینے اور Hicks کی مہم کے ناکام ہو جانے کے بعد (جنوری اور نومبر ۱۸۸۳ء) مصر کے آسٹروی گورنر Slatin کا سلسلۂ مواصلات منقطع ہو گیا اور اس نے دسمبر میں محمد بیگ خالد کے سامنے ہتھیار ڈال دیے، جو دارہ کا سابق نائب والی تھا اور جسے مہدی نے دارفور میں اپنا نائب مقرر کیا تھا۔

۱۸۸۴ء میں، مہدی کی ایک فوج نے دُودبَنجه کو گرفتار کر لیا، جو بعد میں مہدی فوج میں بطور سردار شامل ہو گیا ۔ ۱۸۸۵ء میں مہدی کی وفات کے بعد محمد خالد نے اشراف (یعنی مہدی کے رشتے داروں) کے ساتھ مل کر نئے حکمران خلیفہ عبداللہ بن محمد [رَکَ بآں] کو بے دخل کر دینے کی سازش کی ۔ اس نے فوج کی اچھی خاصی تعداد لے کر ام درمان پر چڑھائی کی، لیکن اس کا راستہ روک لیا گیا اور بارہ کے مقام پر اسے گرفتار کر لیا گیا (اپریل ۱۸۸۶ء) ۔ اس نے دارفور کی حکومت سلطان ابراہیم کے ایک بیٹے یوسف کے سپرد کی تھی، جس نے ۱۸۸۷ء میں سلطنت کو بحال کیا ۔ والی کردفان عثمان آدم کی قیادت میں ایک لشکر نے ۱۸۸۸ء کے اوائل میں یوسف کو شکست دی اور مار ڈالا ۔ اب عثمان نے دارفور کی حکومت بھی سنبھال لی ۔

چند ماہ بعد دارفور میں حکومت مہدیہ کا شیرازہ بکھر گیا ۔ یہ ایک بغاوت کا نتیجہ تھا جو مسیح موعود کے ایک داعی "فقی" ابو جُمَیْزہ کے تحت دار قامہ میں شروع ہوئی ۔ فور کا برائے نام سلطان ابوالخیرات (برادر یوسف بن ابراہیم) اپنے حامیوں، سمیت ابو جمیزہ سے مل گیا ۔ افواج مہدیہ کو دو لڑائیوں میں زبردست شکستیں ہوئیں ۔ اسی اثنا میں ابوجمیزہ کا چیچک کی بیماری سے انتقال ہو گیا اور اس کے پیرو الفاشر کے باہر شکست کھا کر فرار ہوے (فروری ۱۸۸۹ء) ۔ ابو الخیرات جبل مَرّہ کی طرف بھاگ گیا، جہاں وہ ۱۸۹۱ء میں اپنے غلاموں کے ہاتھوں مارا گیا ۔ عثمان آدم نے اس صوبے میں دوبارہ اپنی حکومت قائم کی، خصوصا بقارہ پر، جنھوں نے خدیوی حکومت کے خلاف تو مہدیہ کی حمایت کی تھی، لیکن اب مہدوی تسلط سے ناراض تھے ۔ خلیفہ کی قبائلی حکمت عملی، جس پر عثمان آدم نے عمل درآمد کیا، تین بنیادوں پر قائم تھی: موروثی رئیسوں کے بجائے نئے رئیس نامزد کرنا؛ امدُرمان کی طرف قبائل کو دھکیلنا اور قبائلی رقابتوں سے فائدہ اٹھانا ۔ خود خلیفہ کے قبیلے التعایشه کی بڑی ہجرت عثمان آدم کے ہاتھوں ۱۸۸۸ء میں شروع ہوئی اور اس سے حکومت مہدیہ کے لیے اہم عواقب ظہور پذیر ہوے ۔

۱۸۹۱ء میں عثمان آدم کا انتقال ہو گیا اور اس کی جگہ محمود احمد والی دارفور بنا، جو آدم کی طرح خلیفہ کا رشتے دار تھا ۔ ۱۸۹۴ء میں کانگو سے بلجیم کی ایک مہم صوبے کے جنوبی کنارے تک پہنچ گئی اور انھوں نے فروق قبیلے کے سردار کے ساتھ ایک معاہدہ کر لیا، لیکن بعد ازاں جلد ہی یہ لوگ واپس ہو گئے (دیکھیے A. Abel : *Traduction de documents arabes concernant le Bahr-el-Ghazal*، در *Bull. de l'Academie royale des sciences coloniales*، برسلز ۱۹۵۴ء، ۵/۲۵: ۱۳۸۵ تا ۱۴۰۹) ۔ ۱۸۹۶ء میں، محمود کو امّدرمان واپس بلا لیا گیا تاکہ وہ انگریزی مصری حملے کے خلاف مہدوی فوجوں کی قیادت کرے ۔

علی دینار کا عہد حکومت اور تاریخ مابعد: جب ۱۸۹۸ء میں حکومت مہدیہ کا خاتمہ ہو گیا تو محمد فضل کے ایک پوتے علی دینار نے، جس کی مہدیہ میں بوقلموں زندگی گزری تھی (دیکھیے *A fragment from Ali Dinar*، در *Sudan notes and records*، ۳۴/۱، ۱۹۵۳ء: ص ۱۱۴ تا ۱۱۶)، الفاشر پر قبضہ کر کے

marfat.com
Marfat.com

خود سلطان بن گیا ۔ اگرچہ وہ خرطوم کی انگریزی ۔ مصری مشترکہ حکومت کا رسمی طور پر مطیع و منقاد تھا لیکن بہت عرصے تک خلیفہ کی اس حکمت عملی پر کامیابی سے عمل پیرا رہا کہ اپنے مقبوضات میں سے فرنگیوں کو نکال باہر کرے ۔ حکومت مہدیہ کا ایک باقی ماندہ فرد سنین حسین، جو عثمان آدم کے وقت سے کبکابیہ کا حاکم تھا، علی دینار کے مقابلے میں آیا اور اب اس نے حکومت مشترکہ کی حمایت حاصل کرنے کی ناکام کوشش کی ۔ سنین کو حتمی شکست ۱۹۰۸ء سے پہلے نہ ہو سکی ۔ علی دینار کو اپنے پیش رووں کی طرح ایک طرف بقّارہ پر اور دوسری جانب دارفور اور ودّائی کی درمیانی (Buffer) ریاستوں پر اپنا اقتدار جمانے میں مشکل پیش آئی، جب فرانس نے ۱۹۰۹ء میں ودّائی پر قبضہ کر لیا تو مغربی سرحد کا مسئلہ زیادہ سنگین ہو گیا ۔ فرانسیسیوں نے دارفور پر برطانوی اثر و رسوخ کو تو تسلیم کر لیا، لیکن وہ درمیانی ریاستوں پر اپنا قبضہ جمانا چاہتے تھے ۔ اگرچہ انگریزوں نے (سوڈان کی) مشترک حکومت کے وسیلے سے فوراوی دعووں کی شدّ و مد سے حمایت کی مگر سلطان خاصا عرصہ لڑتے رہنے کے بعد فقط دارالمسالیت کو قبضے میں رکھ سکا ۔ ایک طرف فرانس کے روز افزوں اقتدار کا دباؤ تھا اور دوسری طرف مشترک حکومت کے خلاف پے در پے مقامی لوگوں کی شکایات آ رہی تھیں، جن سے تنگ آ کر علی دینار پہلی عالمگیر جنگ میں عثمانی ترکوں کی طرف مائل ہوا ۔ تب یہ بہانہ کرکے کہ دارفور کی طرف سے حملہ ہونے والا ہے، مشترک حکومت نے اس کے خلاف لشکر کشی کی ۔ سلطان کی فوج کو الفاشر کے نزدیک ۲۲ جولائی ۱۹۱۶ء کو شکست ہوئی اور وہ خود بھی ۶ نومبر کو مارا گیا ۔

علی دینار کا کانٹا نکل جانے کے بعد مغربی سرحد کا فرانسیسیوں سے تصفیہ ہو گیا ۔ آخری سمجھوتا ۱۹۱۹ء میں ہوا، جس کی رو سے دارفور، دار قِمرؔ، نیز دارالمسالیت کا دو تہائی حصہ اپنے قبضے میں رکھنے کا مجاز ہو گیا، جس کے ایک حصے کو وہاں کے حکمران نے ۱۹۱۲ء میں فرانسیسیوں کے حوالے کر دیا تھا ۔ سرحد کی حد بندی کا کام ۱۹۲۴ء میں مکمل ہوا ۔ اگرچہ مہدی کے ایک داعی کے تحت نیالہ کے مقام پر ۱۹۲۱ء میں بعد از وقت شورش بپا ہوئی لیکن اس کے باوجود دارفور میں امن بحال کرنے کا کام مشکل نہیں تھا ۔ البتہ دارفور کے الحاق میں جو تاخیر ہوئی اس کے باعث اسے انگریزی ۔ مصری سوڈان کی ترقی کے ابتدائی مرحلے میں کوئی حصہ نہیں ملا بلکہ مشترک حکومت کے آخری سنین تک وہ دوسرے علاقوں سے الگ تھلگ اور پس ماندہ صوبہ رہا ۔ ۱۹۴۷ء سے ہوائی مواصلات کے اجرا، مدارس کی ترقی اور جنوبی کرد فان میں سے نیالہ تک ریلوے لائن کی تعمیر (جو اپریل ۱۹۵۹ء میں مکمل ہوئی) اس پر دلالت کرتے ہیں کہ دارفور اب جدید سوڈان سے کامل طور پر متحد ہو گیا ہے ۔

نظم و نسق کی تاریخ : کَیرہ سلاطین کے تحت انتظامیہ کے قواعد و ضوابط کو التونسی نے، اور زیادہ باقاعدگی سے Nathigal نے بیان کیا ہے ۔ اس میں اسلامی خصوصیات بہت کم تھیں، تقریباً تمام عہدوں کے نام فوراوی تھے، عربی نہیں تھے ۔ اس میں سب سے بڑا استثنا سلطان کے ذاتی نمائندے ("مقدوم"، جمع: "مقادیم") تھے، جن کا تقرر عموماً چند سال کے لیے ہوتا تھا اور وہ اپنے اپنے صوبوں میں کامل اختیارات استعمال کرتے تھے ۔ شاہی بیگمات باوقار مقام رکھتی تھیں ۔ مادر ملکہ کا سلطنت میں دوسرا درجہ ہوتا تھا، لیکن اس سے بھی زیادہ حقیقی قوت کی حامل "ایاباسی" تھی، جو عام طور پر سلطان کی بہن ہوتی تھی ۔ غلام اور خواجہ سرا اہم کردار ادا کرتے تھے ۔ وزیراعظم، جو بلحاظ عہدہ مشرقی صوبے کا والی بھی تھا، ایک خواجہ سرا تھا ۔ اس عہدے دار

Marfat.com

کے اختیارات بادشاہ گر محمد کُرّہ کی وفات کے بعد کم کر دیے گئے ۔ ایک روایت، کہ ابوالقاسم کے رشتے دار جنگ میں اس کا ساتھ اس بنا پر چھوڑ گئے تھے کہ اس کا رجحان حبشیوں کی طرف تھا، غالبًا اس بات کی علامت ہے کہ آزاد قبائلیوں کو نظر انداز کرکے محل سرا کے غلاموں کو فوج میں زیادہ بار مل گیا تھا ۔ سلطان محمد حسین نے غلام فوج کی از سرنو تنظیم کی ۔ اسی نے اپنے لشکر کو آتشیں ہتیاروں سے مسلح کیا تھا ۔ غلام سپاہیوں کے علاوہ فوج میں وہ جنگجو بھی شامل ہوتے تھے جنھیں بوقت ضرورت صوبائی حکام بلا لیتے تھے ۔ اسلامی اثرات زیادہ تر شاہی دفتر کے طور طریقوں اور مالکی مذہب کے مطابق قانون شریعت کی قبولیت میں نظر آتے ہیں ۔ تاہم قدیم رواجی قانون بالکل متروک نہیں ہوا ۔ کتاب دالی، جس میں، کہا جاتا ہے کہ اس قانون کی تدوین کی گئی تھی، غالبًا فرضی روایت ہے یا ممکن ہے یہ نام رواجی قانون کے معرض تحریر میں لانے کی کوششوں کے لیے استعمال کیا گیا ہو، (دیکھیے A.J. Arkell : *The History of Darfur*، ۱۲۰۰ تا ۱۷۰۰ء ج ۳، در *Sudan notes and records*، ۳۳/۱، ۱۹۵۲ء، ص ۱۴۵ تا ۱۴۶).

الزبیر کی فتح کے بعد، جہاں تک حالات نے اجازت دی، نظم و نسق کو مصری سوڈان کے دیگر حصوں کے مماثل بنا دیا گیا ۔ "مدیر عموم دار فور" (والی یا صوبےدار) کا صدرمقام الفاشر تھا، جبکہ "مدیر" (نائب والی) الفاشر، شکًا (خطّۂ رزیقات پر نگرانی رکھنے کے لیے)، دارہ (جنوب سے دارالحکومت کی طرف جانے والے راستے پر) اور کبکابیّہ (ودّائی کی گزرگاہ پر) میں مقیم ہوتے تھے ۔ ان والیوں کے ناموں کی فہرست R.L. Hill نے *Rulers of the Sudan*، ۱۸۲۰ تا ۱۸۸۵ء، در *Sudan notes and records*، ۳۲/۱، ۱۹۵۱ء، ص ۸۵ تا ۹۵، میں مرتب کی ہے .

حکومت مہدیّہ کو اس کی پیشرو حکومت کے مسائل اور انتظامیہ کا ڈھانچہ ورثے میں ملا تھا ۔ دارفور پر، جو بعد میں "عِمالت الغرب" کے صوبے میں کردفان سے ملا دیا گیا تھا، ایک فوجی حاکم (شروع میں "امیر عموم" بعد میں "عامل عموم" دارفور) حکومت کرتا تھا ۔ "اولاد العرب" (قبائلی دستے) اور "جہادیہ" (زنگیوں کی فوج) اس کے زیر قیادت ہوتی تھی ۔ جہادیّہ میں نیز فوجی اور شہری عمّال میں بیشتر ایسے تھے جو سابقہ خدیوی حکومت کے تحت رہ چکے تھے ۔ والی کی امّ درمان سے برابر مراسلت رہتی تھی، لیکن اس کا اپنا صوبائی "بیت‌المال" ہوتا تھا .

علی دینار کے تحت بحال شدہ سلطنت نے خلیفہ کے مرکزی نظام کی بہت سی خصوصیات کو دوبارہ تازہ کیا ۔ اصل میں یہ ایک مطلق‌العنان عسکری حکومت تھی، جس کے تحت قدیم فوراوی محکمے، نیز مقدوموں کا نظام متروک ہوگیا، اور "منادیب" (واحد: "مندوب"۔ خصوصی نائب)، محصول وصول کرتے اور صوبوں میں سلطان کی نمائندگی کرتے تھے ۔ مقربین اور غلاموں کا مرکز میں بڑا اثر و رسوخ ہوگیا تھا ۔ مہدوی نظام کے اثرات قاضیوں کی خود مختارانہ تنظیم اور محصولات کے نظام میں دیکھے جا سکتے ہیں، جو خلیفہ کے زمانے کے نظام سے گہری مشابہت رکھتے ہیں .

۱۹۱۶ء میں دارفور کے الحاق کے بعد صوبے کا انتظام ایک برطانوی گورنر اور ضلعی کمشنروں کے ہاتھ میں رہا، جو پہلے فوج کے عہدےدار تھے ۔ ملکی نظم و نسق کے تجربات سے بعض مفید تبدیلیاں ظہور میں آئیں؛ خصوصًا عدالتی فرائض مقامی عمّال کو منتقل کرنے سے، لیکن انھیں تجربوں کی وجہ سے یہ کوشش بھی ہوئی کہ مقامی حاکموں کو بہت سے نئے اختیارات دیے جائیں یا سابقہ اختیارات بحال کیے جائیں حالانکہ یہ صورت حالات زمانے کے مطابق نہ تھی ۔ ایسی حکمت عملی کی طرف جس پر سابقہ سلاطین اور صوبےدار یکے بعد دیگرے عمل کرتے رہے تھے، پھر

marfat.com
Marfat.com

رجوع کرنا، اب اس قدر مصنوعی بات تھی کہ عام طور پر کامیاب نہ ہو سکتی تھی - مشترک حکومت کے آخری دس برسوں میں دارفور کو بھی آئینی تبدیلیوں میں حصہ ملا، جو بہت تیزی سے واقع ہوئیں - مقامی سرکاری کونسلوں کی تشکیل کی گئی اور غور و بحث کرنے والی متعدد مرکزی جماعتوں میں نمائندے بھیجے گئے - پہلی جنوری ۱۹۵۶ء کو ملکی آزادی حاصل ہونے سے انتظامیہ کے ڈھانچے پر کوئی اثر نہ پڑا - اس میں سوڈانی حکام پہلے ہی سے ان اعلٰی عہدوں پر مأمور ہو چکے تھے جن پر اس سے پیشتر برطانوی مقرر تھے - نومبر ۱۹۵۸ء کے فوجی انقلاب نے بھی براہ راست صوبائی انتظامیہ پر کوئی اثر نہیں ڈالا، لیکن مقامی سرکاری کونسلوں کا آئندہ اسی طرح چلتے رہنا غیریقینی ہو گیا - علی دینار اور مشترک حکومت کے تحت انتظامیہ کے لیے دیکھیے : G. D. Lampen : *History of Darfur*، در *Sudan notes and records*، ۳۱/۲ (۱۹۵۰ء): ۲۰۳ تا ۲۰۸ .

**مآخذ :** (۱) W. G. Browne : *Travels in Africa, Egypt, and Syria*، لنڈن ۱۷۹۹ء، ص ۱۸۰ تا ۳۵۰ ؛ (۲) محمد بن عمر التونسی : تشحیذ الاذہان بسیرۃ بلاد العرب والسودان، چاپ سنگی پیرس ۱۸۵۰ء، ترجمۂ Perron : *Voyage au Darfour par le cheykh Mohammed Ebn-Omar El-Tounsy*، پیرس ۱۸۴۵ء؛ (۲) التونسی، ترجمۂ Perron : *Voyage au Ouadây*، پیرس ۱۸۵۱ء؛ (۳) G. Nachtigal : *Sahara und Sudan*، ج ۳، لائپزگ ۱۸۸۹ء، ص ۳۵۵ تا ۴۲۶ ؛ (۴) R. C. [von] Slatin : *Fire and Sword in the Sudan*، لنڈن ۱۸۹۶ء، ص ۳۰ تا ۲۷۸ ؛ (۵) نعوم شُقیر : تاریخ السودان، قاہرہ ۱۹۰۳ء، ۲ : ۱۱۱ تا ۱۴۸ ؛ ۳ : ۶۸ تا ۸۳، ۹۳ تا ۹۶، ۱۸۵ تا ۱۹۲، ۳۵۱ تا ۳۵۵، ۳۵۸ تا ۳۶۵، ۵۳۳ تا ۵۳۴، ۵۳۹ تا ۶۳۵، ۶۴۲ ؛ (۶) H.A. MacMichael : *A history of the Arabs in the Sudan*، کیمبرج ۱۹۲۲ء، ۱ : ۵۲ تا ۱۲۸ ؛ (۷) وہی مصنف : *The Anglo-Egyptian Sudan*، لنڈن ۱۹۳۴ء، ص ۱۲۵ تا ۱۳۷ ؛ (۸) R. [L.] Hill : *A biographical dictionary of the Anglo-Egyptian Sudan*، آوکسفرڈ ۱۹۵۱ء، متعدد ملاحظات؛ (۹) P. M. Holt : *The Mahdist state in the Sudan*، آوکسفرڈ ۱۹۵۸ء، ص ۶۶ تا ۶۸، ۱۲۷ تا ۱۳۰، ۱۳۲ تا ۱۳۶ ؛ (۱۰) متعدد مقالات، در *Sudan notes and records*، خرطوم ۱۹۱۸ء؛ (۱۱) معلومات جو A.B. Theobald نے بہم پہنچائی تھیں جس کا مقالہ *Darfur and its neighbours under Sultan ʿAli Dinar*، شائع ہونے والا ہے، در *Sudan notes and records*؛ خرطوم کے سرکاری دفترخانوں میں مہدیّہ، علی دینار کے عہد حکومت اور مشترک عہد حکومت کے مواد کا خاصا ذخیرہ موجود ہے .

(P. M. HOLT)

* **الدار قُطنی :** ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بن مہدی [الشافعی،] ایک نامور محدّث، جنھیں "امیر المؤمنین فی الحدیث" کا لقب دیا گیا، ۳۰۶ھ/۹۱۸ء میں بغداد [کے ایک محلے قطن] میں پیدا ہوے [اور اسی کی نسبت سے الدار قطنی مشہور ہوے] - اپنے زمانے کے مشاہیر محدّثین سے حدیث کی تعلیم کے لیے سفر کیا اور اس سلسلے میں بصرے، کوفے، واسط، شام اور مصر پہنچے - قرآن مجید کی قراءت کا درس ابن مجاہد (م ۳۲۳ھ/۹۳۵ء)، محمد بن الحسن النقّاش (م ۳۵۱ھ/۹۶۲ء) اور دیگر اساتذہ سے لیا (ابن خلّکان) اور فقہ کی تعلیم ابوسعید الاصطخری (م ۳۲۸ھ/۹۳۹ - ۹۴۰ء) سے حاصل کی - الدار قطنی نے ادبیات کا بھی مطالعہ کیا، مثلاً دیوان الحمیری انھیں از بر تھا اور اسی وجہ سے ان پر یہ شبہہ کیا گیا ہے کہ وہ شیعیت کی طرف مائل تھے - ان کے شاگردوں میں الحاکم النیشا پوری (م ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ - ۱۰۱۵ء)، ابو حامد الاسفرائینی (م ۴۰۶ھ/۱۰۱۵ - ۱۰۱۶ء)، القاضی ابوالطیّب الطبری

Marfat.com

(م ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء) اور ابو نعیم الاصفہانی (م ۴۳۰ھ/ ۱۰۳۸-۱۰۳۹ء) مصنف حلیة الاولیاء ہیں ۔ دار قطنی اسّی برس کی عمر میں بروز چہار شنبہ ۸ ذوالقعدہ ۳۸۵ھ/۸ دسمبر ۹۹۵ء کو فوت ہوے اور قبرستان باب الدیر میں معروف الکرخیؒ کے قریب دفن ہوے ۔ جنازے کی نماز ان کے شاگرد الاسفرائینی نے پڑھائی ۔

دار قطنی ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے احادیث کے انتقادی مطالعے کو آگے بڑھانے میں بہت حصہ لیا ۔ ان کی اکثر و بیشتر تصانیف علوم الحدیث سے متعلق ہیں، مگر افسوس کہ وہ تمام تر ہم تک نہیں پہنچ سکیں :

(۱) السنن (دہلی ۱۳۱۰ھ)، اس کتاب میں احادیث عموماً ان کی مختلف اسناد اور اختلاف روایات کے ساتھ ابواب کی ترتیب سے شامل کی گئی ہیں اور دوسری صحاح یا "جوامع" کے خلاف اس میں فقط وہ حدیثیں دی گئی ہیں جن کا تعلق فقہ سے ہے ۔ الخطیب (ص ۳۵، س ۳) لکھتا ہے کہ ایسی کتاب فقط وہی شخص لکھ سکتا ہے جو مسائل فقہ میں آئمہ کے اختلاف آرا سے گہری واقفیت رکھتا ہو ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ دار قطنی نے ابن حِنزابہ کو، جو [مصر میں] خشیدیوں کا وزیر تھا، ایک مُسند کی تالیف میں مدد دی اور اس مدد کے صلے میں انھیں وافر انعام ملا (ابن خلّکان؛ یاقوت : ارشاد، ۲ : ۴۰۸)، لیکن یافعی کو اس میں بہت کچھ شبہہ ہے اور یاقوت (ارشاد، ۲ : ۴۰۶، س ۱۳) لکھتا ہے کہ یہ مُسند خود الدارقطنی کی اپنی تالیف ہے [کتاب السنن کی ایک مفید اور عالمانہ شرح مولٰینا شمس الحق عظیم آبادی نے عربی زبان میں بعنوان تعلیق المغنی کے نام سے لکھی، جو ۱۹۱۰ء میں دہلی سے شائع ہوئی ۔ حال ہی میں اس کی ایک عکسی طبع بیروت سے شائع ہوئی ہے] ۔ (۲) کتاب علل الحدیث [یا العِلَل الواردة فی الاحادیث النبویه] : یہ کتاب انھوں نے اپنے حافظے سے لکھوائی ۔ اس کی ان کے شاگرد [ابوبکر احمد بن محمد] البرقانی (م ۴۲۵ھ) نے بشکل مسند ترتیب اور اشاعت کی (الخطیب، ص ۳۷، س ۱۴ ببعد) ۔ اس کتاب کی دوسری، تیسری اور پانچویں جلد ہم تک پہنچی ہے ۔ [اس کے مخطوطات قاہرہ، بانکی پور، آصفیہ اور پٹنے میں موجود ہیں] ۔ النووی نے اپنی کتاب تقریب میں اس کتاب کے مطالعے کی سفارش کی ہے (ترجمہ از Marçais، در *JA*، سلسلہ ۹، ۱۸ [۱۹۰۱ء] : ۹۴) ۔ (۳) الالزامات علی الصحیحین : قابل وثوق احادیث کا مجموعہ ہے، جو بخاری و مسلم کے شروط کے مطابق ہیں، لیکن ان کی کتابوں میں درج نہیں ہیں (حاجی خلیفہ، عدد ۱۱۳۲) [اس کا مخطوطہ آصفیہ میں موجود ہے] : (۴) الاستدراکات والتتبع، بخاری اور مسلم کی ایسی دو سو حدیثوں کی فہرست جو الدارقطنی کے نزدیک ضعیف ہیں (حاجی خلیفہ، ۲: ۵۴۵ اور عدد ۹۹۵۶)؛ (۵) کتاب الاربعین (حاجی خلیفہ : عدد ۴۰۶)؛ (۶) کتاب الافراد، آحاد احادیث پر (السیوطی؛ حاجی خلیفہ : عدد ۹۸۷۴)؛ (۷) کتاب الامالی، (السیوطی)؛ (۸) کتاب المستجاد (حاجی خلیفہ، ۱۰۴۸۸، ۱۱۹۲۳)؛ (۹) کتاب الرؤیا، پانچ حصوں میں (حاجی خلیفہ، عدد ۱۰۱۵۰)؛ (۱۰) کتاب التصحیف، اغلاط کتب حدیث پر (النووی : کتاب مذکور، ص ۱۱۵، حاجی خلیفہ : ۹۹۷۵)؛ (۱۱) کتاب المدبّج، ان احادیث پر جو ہمعصر محدثوں نے ایک دوسرے سے لیں (ابن حجر العسقلانی : نخبة الفکر، طبع Nassan Lees، ص ۵۱، س ۱۱؛ اس لفظ کو یاقوت نے ارشاد الاریب، ۲ : ۴۰۶ میں غلطی سے 'مُذبح'، الذہبی نے 'مدلج' اور السیوطی نے 'مدبح' لکھا ہے لیکن صحیح تلفظ مُدبَّج ہے)؛ (۱۲) غریب الحدیث (حاجی خلیفہ، عدد ۸۶۲۰) [مخطوطہ رامپور میں موجود ہے] : (۱۳) کتاب المختلف والمؤتلف فی اسماء الرجال (ابن خلکان؛ حاجی خلیفہ،

Marfat.com

عدد ۷۰۸)؛ (۱۴) کتاب الضعفاء [والمتروکین] (النوَوی: کتاب مذکور، ص ۱۴۲)۔ اس کا ایک مخطوطہ [الظاهریه میں اور ایک] استانبول میں محفوظ ہے۔ *Beiträge zur arabisehen Literatur geschichte* : Spies ص ۱۰۵؛ (۱۵) کتاب القراءات، (الفہرست، ص ۳۵؛ حاجی خلیفه: عدد ۱۰۳۸۷)۔ یه ایک مختصر درسی رساله ہے جس میں مصنف نے سب سے پہلے قراءت قرآن کے اصول درج کیے ہیں (الخطیب، ص ۳۴، سطر ۲۱)؛ حاجی خلیفه (عدد ۱۳۴۲) نے ان کی ایک کتاب بنام معرفة مذاهب الفقهاء کا نام بھی لیا ہے۔ یه مؤلف کتاب کی خطا ہے جیسا که الخطیب ص ۳۵، سطر ۲ سے اور اس کے نساخ کے ساتھ مقابله کرنے سے صاف صاف معلوم ہوتا ہے۔ یه عبارت اصل مقالے میں نہیں ہے؛ (۱۶) کتاب الاسخیاء والاجواد ایک ادبی قسم کی کتاب ہے جو سوانح نویسوں کو معلوم نه تھی، وجاهت حسین کو ایک نایاب قلمی مخطوطے کی شکل میں کتب خانۂ پٹنه سے دستیاب ہوئی ہے اور *JA* میں شائع بھی ہو چکی ہے، *S.B* سلسلۂ جدید ۳ (۱۹۳۴ء): ۳۶ تا ۴۱۔ اس کی کتاب کا اصلی ہونا اس بات سے ثابت ہے که اس کے اقتباس یاقوت: ارشاد اور ابن حجر: الاصابه میں ملتے ہیں.

**مآخذ:** (۱) الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، قاهره ۱۹۳۱ء، ۱۲: ۳۴ تا ۴۰؛ (۲) السمعانی: الانساب، در *GMS*، ج ۲۰، ورق ۲۱۷ (مأخذ: الخطیب)؛ (۳) یاقوت: معجم، طبع وُسٹنفلٹ، ۲: ۵۲۳؛ (۴) ابن خلّکان: وفیات، قاهره ۱۳۱۰ھ، ۱: ۳۳۱ [بولاق، ۱: ۴۷۰]؛ (۵) الذهبی: تذکرة الحفّاظ، حیدر آباد بدون تاریخ، ۳: ۱۹۹ تا ۲۰۳؛ (۶) السبکی: طبقات الشافعیة الکبری، قاهره ۱۳۲۴ھ، ۲: ۳۱۰ تا ۳۱۲؛ (۷) الیافعی: مرآة الجنان، حیدرآباد ۱۳۳۸ھ، ۲: ۴۲۴ تا ۴۲۶؛ (۸) السیوطی: طبقات الحفاظ، طبع وُسٹنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۳۳ء، ۲: ۱۱۳ (اقتباس، جس میں الذهبی سے اضافه کیا گیا ہے)؛ (۹) وُسٹنفلٹ: *'Der Imām el Schāfi'ī*، گوٹنگن، ۱۸۹۰ء، عدد ۲۳۵؛ (۱۰) ۱۹۲۲ء، ص ۱۸۴؛ (۱۱) براکلمان، ۱: ۱۶۵، ۱۵۳، ۲۷۵، [تاریخ الادب العربی (تعریب)، ۳: ۲۱۰ تا ۲۱۲]؛ [(۱۲) یاقوت: معجم الادباء [= ارشاد الاریب]، ۲: ۴۰۶ و ۶: ۸؛ (۱۳) حاجی خلیفه: طبع فلوگل، بمدد اشاریه؛ (۱۴) ابن الجزری: غایة النهایة فی طبقات القراء، ۱: ۵۵۸، عدد ۲۲۸۱؛ (۱۵) ابن الصلاح: علوم الحدیث، حلب ۱۳۵۰ھ، ۲۱۳، ۲۴۱؛ (۱۶) سرکیس، ص ۲۵۶؛ (۱۷) شاه عبدالعزیز: بستان المحدثین؛ (۱۸) الرسالة المستطرفة؛ (۱۹) طاش کبری زاده: مفتاح السعادة، ۲: ۱۴].

(HEFFENING [و اداره])

* **دارا:** (=داراب)، یه اس هخامنشی بادشاه کے نام کی ایرانی صورتیں ہیں (عرب مصنفین نے بھی انہیں کو اختیار کیا ہے)، جو (یورپ میں) عام طور پر اپنی یونانی شکل داریوش Dareios (Darius) ہی میں لکھا جاتا ہے۔ داراب اور اس کا مخفف دارا براہ راست قدیم فارسی کے داریوهش سے لیے گئے ہیں (Bartholomae: *Altiranisches Wörterbuch*، ص ۷۳۸؛ مختلف نحوی صورتیں فارسی کتبوں کے ذریعے جانچی گئی ہیں در Tolman: *Ancient Persian Lexicon and Texts*، ۱۹۰۸ء، بذیل مادّۂ دارَیُش darayavau؛ ان بادشاہوں کے قدیم مؤرخوں کے لیے دیکھیے *Gr. I. Ph.*، ج ۲، بمدد اشاریه بذیل مادّۂ Dareios).

داریوش نام کے بادشاہوں کے حالات سے متعلق جو مآخذ عربی اور فارسی مصنفوں نے جمع کیے ہیں وہ به نسبت تاریخی ہونے کے افسانوی زیاده ہیں (قب مقدمه از J. Mohl: *Livre des Rois*، طبع ۱۲، ج ۵، ۱۸۷۷ء)۔ فارسی شاعر فردوسی (کتاب مذکور، ج ۵) انہیں کے بیانات سے متاثر ہوا، خاص طور پر عہد اسکندر کی بابت، پھر ان کے بیانات کو اس نے قدیم ایرانی داستانوں کے اجزا کے ساتھ مختلط کر دیا۔ فردوسی کے بیانات سے اگر شاعرانه مبالغات الگ بھی کر دیے

Marfat.com

جائیں پھر بھی اس کا مواد عرب مؤرخوں کے بیانات سے کہیں زیادہ ہے؛ یہاں تک کہ الطبری سے بھی، جسے بلحاظ زمانہ سب پر تقدم حاصل ہے۔ ذیل میں ان بادشاہوں کے مختصر حالات بیان کیے جاتے ہیں (داراب اور دارا سے علی الترتیب داریوش[دارا] دوم اور داریوش سوم مراد ہیں).

شاہ ایران گشتاسپ (وِشْتاسپا، یونانیوں کے نزدیک ہستاسپ Hystaspe) نے اپنے پوتے بہمن کو اپنا جانشین نامزد کیا، جو اِسفندیار کا فرزند تھا (بہمن ـ وَہُمَن جو اوستا کے وُہو مَنَاہ، "نیک خیال" سے مشتق ہے) اور جو اَرْتَخْشَتْرا (Artaxerxes Longhand) کے نام سے معروف ہے۔ ختک دس Khetuk-das (kvaetvadaθa) کی رسم کے مطابق بہمن نے خود اپنی دُختر ہُمای سے شادی کی [کسی اور ذریعے سے اس کی تائید نہیں ہوئی قب براؤن، ج ۱ : ۱۱۷ بہن سے شادی کی]، (ہُمای کو عوامی افسانوں میں پری ستی Parysatis کہا گیا ہے جو بقول J. Mohl تاریخی اعتبار سے داریوش دوم کی بیوی تھی)۔ بہمن سے ہُمای حاملہ ہوئی۔ بہمن نے اپنی وفات سے پہلے ہمای کو ملکۂ ایران نامزد کیا اور اس کا جانشین اس بچے کو مقرر کیا جو اس کے بطن سے پیدا ہو۔ جب بچہ پیدا ہوا تو اس کی ماں نے اسے ایک دایہ کے سپرد کر دیا، جس نے خفیہ طور پر اس کی پرورش کی۔ بچہ جب آٹھ ماہ کا ہو گیا، تو ملکہ نے ایک صندوق کو زر و جواہر سے بھر کر اس میں بچے کو ڈال دیا اور دریاے فرات میں بہا دیا۔ دو جاسوس جو ملکہ نے صندوق کی نگرانی کے لیے مقرر کیے تھے، خبر لائے کہ ایک دھوبی نے صندوق میں سے بچہ نکال لیا ہے۔ دھوبی اور اس کی بیوی نے، جن کا اپنا بچہ ضائع ہو چکا تھا، اس کو اپنا بیٹا بنا لیا اور اس کا نام داراب رکھا (فارسی "دراب"، "یعنی پانی کے اندر" عوام کے نزدیک اصل نام یہی ہے)۔ بچہ بڑا ہوا تو اس نے اپنے اصلی والدین کی بابت پوچھ گچھ کی۔ اس زمانے میں ایک لڑائی چھڑ گئی؛ داراب نے اس میں حصہ لیا، جس کی خبر ملکہ کو پہنچ گئی، داراب نے اس لڑائی میں بڑی شہرت حاصل کی۔ ایرانی سپہ سالار اعظم نے اسے ملکہ کے سامنے پیش کیا۔ ملکہ نے اس قیمتی نگ کو پہچان لیا جو اس نے اپنے بچے کے بازو پر باندھ دیا تھا۔ بالآخر ملکہ نے اس کے بادشاہ ایران ہونے کا اعلان کر دیا۔ داراب نے شہر داراب گرد بسایا اور پہلے عربوں کو اور پھر شاہ فیلقوس (مقدونیہ کا فلپ) کو شکست دی۔ فیلقوس کو اس نے خراج ادا کرنے پر مجبور کیا اور اس کی دختر سے شادی بھی کر لی۔ لیکن اس یونانی لڑکی کی بوے دہن کے باعث داراب کو اس سے نفرت ہو گئی اور اسے واپس مقدونیہ بھیج دیا۔ اس وقت وہ حاملہ تھی۔ باپ کے گھر جا کر اس کے لڑکا پیدا ہوا جس کا نام اس نے ایک پودے اسکندر iskandarus σκόροδον یونانی کے نام پر اسکندر رکھا، جس کے استعمال سے اسے بوے دہن سے نجات ہوئی تھی۔ فیلقوس نے اسکندر کو اپنا بیٹا بنا لیا۔ ادھر داراب کا ایک اور بیوی سے بھی بیٹا پیدا ہوا تھا، جس کا نام دارا تھا۔ آگے چل کر یہ دونوں شہزادے بادشاہ بنے۔ [اسکندر مقدونیہ (یونان) کا اور دارا ایران کا]۔ اسکندر نے نہ صرف دارا کو خراج دینے سے انکار کیا بلکہ مصر کو فتح کر کے اس امید پر ایران پر چڑھائی کر دی کہ وہ اسے (ایران کو) اپنے سوتیلے بھائی سے چھین لے گا۔ اسکندر سفیر کے بھیس میں دارا کی لشکرگاہ میں آیا، جہاں اس کا شاندار استقبال کیا گیا، لیکن وہاں اسے پہچان لیا گیا اس لیے وہ وہاں سے نکل بھاگا۔ اس کے بعد اسکندر نے دارا کو چار مرتبہ شکست دی۔ بالآخر دارا پر خود اس کے اپنے وزیروں نے قاتلانہ حملہ کیا اور اسکندر کو اس کی اطلاع کر دی۔ اسکندر کو یہ خبر سن کر سخت صدمہ ہوا۔ وہ اپنے سوتیلے بھائی کے پاس دوڑا ہوا آیا تو دیکھا کہ وہ زندہ تو ہے لیکن بستر مرگ پر پڑا ہے۔ دارا نے خدا کے قادر مطلق ہونے کا ذکر کرتے ہوئے اسکندر سے آخری درخواست

Marfat.com

کی کہ اس کی دختر رَوشنک (رخسانہ Roxane) سے شادی کر لے اور ایرانیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے ۔ اسکندر ایران کا بادشاہ ہو گیا اور اس کے بعد اس نے کئی اور ملک فتح کیے (اسکندر کے کارھاے نمایاں کے بیان میں فارسی شعرا، نظامی، امیر خسرو اور جامی نے سکندر نامے لکھے ھیں مگر ان میں فقط دارا کو شکست دینے تک کا بیان ہے؛ البتہ تقدیر کی نیرنگی پر اخلاق پند و نصائح کا اضافہ کیا گیا ہے) .

عرب مؤرخوں اور فردوسی کے بیانات میں صرف جزئیات کا اختلاف ہے ۔ الطبری کے وقائع نامہ [تاریخ الطبری] (نسخۂ فارسی ترجمہ از Zotenberg، ۱ : ۵۰۸ ببعد) میں آیا ہے کہ کم سن داراب کو ایک آسیابان نے دریا میں سے نکال کر بچایا ۔ ھمای کو جب یہ خبر ملی تو اس نے بچے کو آسیابان ھی کے حوالے کر دیا اور اس سے فارسی میں کہا "دار" (یعنی اس کی خبرگیری کرنا) اور اسی بنا پر اس کا نام دارا پڑ گیا (یہ اس کے نام کی دوسری عوامی توجیہ ہے) ۔ "یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کو داراب اس لیے کہنے لگے کہ وہ پانی کے اندر سے ملا تھا"، (درآب) ۔ جب وہ بیس سال کا ہو گیا تو ھمای نے اسے خود اس کی پیدائش کے راز سے آگاہ کیا ۔ آخر اسکندر نے جب دارا کو خراج دینے سے انکار کر دیا تو دارا نے اسے علامتی طور پر تحفۃً کچھ چیزیں بھیجیں (چوگان، گیند اور تلوں کا ایک تھیلا) ۔ یہ چیزیں ان سے بہت مشابہ ھیں جو ستھین (Scythians) نے دارائے اول کو بھیجی تھیں (ھیروڈوٹس Herodotus، ۴ : ۱۳۱ تا ۱۳۳؛ نیز E. Doblhofer : *Le déchiffrement des écritures*، فرانسیسی ترجمہ ۱۹۵۹ء، ص ۴۲) ۔ دارا کے کردار کی وجہ سے جو بے اطمینانی پھیلی ہوئی تھی فوج نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا ۔ خود اس کے دو حاجبوں نے اسے قتل کر ڈالا ۔ خود اسکندر اس قتل کی سازش میں شریک تھا اور پھر محض دکھاوے کے لیے منافقانہ طور پر دارا کے بستر مرگ پر پہنچا اور اس کے قاتلوں کو سزا دی ۔ حمزہ الاصفہانی نے اس سلسلے میں بہت اختصار سے کام لیا ہے (Annals طبع و ترجمہ Gottwaldt، ص ۲۸ تا ۲۹)، ایسے ھی المسعودی (مروج، ۲ : ۱۲۷) کا بیان بھی مختصر ہے ۔ اس نے داریوش دوم اور داریوش سوم دونوں کو ایک ھی نام (دارا) سے یاد کیا ہے ۔ الثعالبی : *History of the Kings of the Persians* (طبع و ترجمہ از Zotenberg، ص ۳۹۳ ببعد) میں بھی اسم داراب کے اشتقاق کی ایسی ھی خیالی وجوہ درج ھیں ۔ اس کا بیان الطبری کے بیان سے مماثل ہے اور اس میں بھی دارا کے کردار اور اسکندر کی منافقت کو وثوق سے بیان کیا گیا ہے ۔ یہی بیان المقدسی : *Book of the Creation* (طبع و ترجمہ از Cl. Huart، ۳ : ۱۵۴، ۱۵۹) میں نظر آتا ہے ۔ صرف اتنا فرق ہے کہ اسکندر نے ادائے خراج سے انکار کرنے کے بعد اپنے فیصلے پر نظرثانی کی اور بہتر طرز عمل اختیار کرتے ہوئے خراج ادا کر دیا اور ساتھ ھی معذرت نامہ بھیجا ۔ اس پر دارا نے خیراندیشی کے طور پر اپنی لڑکی کی اس سے شادی کر دی ۔ جس طرح Pseudo-Callisthenes [یونانی مصنف] نے اسکندر کو شاھان مصر کا وارث قرار دیا تھا، بالکل اسی طرح ایران کی افسانوی تاریخ نے اسکندر کو داریوش (دارا) سوم کا سوتیلا بھائی بنا دیا، جس سے اسکندر نے تخت ایران کے لیے جھگڑا کیا (ممکن ہے کہ یہ قصہ کوروش (Cyrus) کی روایت سے ملتبس کر دیا گیا ہو جس نے اپنے بڑے بھائی Artaxerxes دوم کے خلاف ۴۰۱ ق م میں بغاوت کی تھی.

دارا (یا Daras-Anastasiopolis) ایک قلعے کا نام بھی ہے جو ماردین اور نصیبین کے درمیان واقع ہے، جسے خسرو اول نے اپنی ۵۴۰ء کی مہم میں یونانیوں سے چھینا تھا (Nöldeke : *Gesch. der Perser . . . zur Zeit der Sasaniden*، ص ۲۳۹ اور A. Christensen : *L'Iran sous les Sasanides*، طبع دوم، ص ۳۷۲ اور ۴۴۵).

Marfat.com

**مآخذ :** مقالے میں جو حوالے دیے گئے ہیں، ان کے علاوہ : فردوسی : شاهنامه، طبع و ترجمه از J. Mohl در ج ۵ اور ترجمه در ج ۱۲ طبع تهران ۱۹۳۴ - ۱۹۳۵ء (اشاعت Beroukhim) ج ۶ ؛ الطبری، اشاریه.

(B. Carra de Vaux-[H. Massé])

* **دارابْجِرد :** (جدید داراب)، صوبهٔ فارس کے ضلع فسا کا ایک شہر جو شیراز کے مشرق میں ۲۸۰ کیلومیٹر کے فاصلے اور ۱۱۸۸ میٹر کی بلندی پر واقع ہے ۔ اس کی آبادی ۶۴۰۰ (۱۹۵۰ء) ہے ۔ ایرانی افسانوی روایت میں اس شہر کی تأسیس داریوش سوم Darius III Codomannus کے باپ داراب سے منسوب کی جاتی ہے ۔ ساسانی حکمران ارد شیر نے جو پہلے دارابجرد میں فوج کا سپه سالار تھا، بغاوت کرکے حکومت حاصل کی تھی ۔ موجوده دارابجرد کے جنوب مغرب میں ۸ کیلومیٹر کے فاصلے پر ساسانی دارابجرد کے آثار ہیں، جو سنگریزوں میں اٹے پڑے ہیں، قلعے کی دیواروں کے نشان بھی باقی ہیں اور ایک ویران آتش کده بھی نظر آتا ہے جو اس جگه کے وسط میں متعین کیا گیا ہے ۔ دارابجرد کے جدید گاؤں سے چھے کیلومیٹر دور جنوب مشرق میں چٹان پر تراشا ہوا ابھرواں کتبه ہے، جو "نقش رستم" یا "نقش شاپور" کے نام سے معروف ہے ۔ اس کے قریب ہی ایک وسیع دالان ہے، جو پہاڑی کو تراش کر تعمیر کیا گیا اور "مسجد سنگی" کے نام سے مشہور ہے ۔ اگرچه اس میں اب سن ۶۵۲ھ/۱۲۵۴ء کے کتبے بھی کنده نظر آتے ہیں اور سلطان ابوبکر کا نام بھی درج ہے، لیکن دالان غالباً اسی زمانے کا ہے، جب کتبه نقش رستم تیار کیا گیا تھا ۔

**مآخذ :** (۱) فرصت حسینی شیرازی : آثار عجم، بمبئی ۱۳۱۴ھ/۱۸۹۶ء، ص ۹۷ تا ۹۹، لوحه ۷ تا ۹ ؛ (۲) لی سٹرینج Le Strange، ص ۲۸۸ ببعد ؛ (۳) A. Christensen : *L'Iran sous les Sassanides*، کوپن ہیگن ۱۹۴۴ء، ص ۸۶ تا ۸۷ ؛ (۴) فرهنگ جغرافیهٔ ایران، تهران ۱۳۳۰ھ/۱۹۵۱ء، ۷ : ۹۵ .

(D.N. Wilber)

* **دارا بخت :** رک به بهادر شاه ثانی.

⊗* **دارا شُکوه :** شاہجہان اور ممتاز محل کا سب سے بڑا بیٹا تھا؛ وہ اجمیر کے قریب ۱۹ صفر ۱۰۲۴ھ/۲۰ مارچ ۱۶۱۵ء کو پیدا ہوا ۔ اسے باره ہزار "ذات" چھے ہزار "سوار" کا پہلا منصب [رک بآں] ۱۰۴۲ھ/۱۶۳۳ء میں ملا، نیز حصار کی سرکار تفویض ہوئی اور اس کی ولی عہدی کا اعلان بھی ہوا؛ ساتھ ہی فیروزه کی جاگیر بھی ملی، جسے ولیعہد کا تعلقه تصوّر کیا جاتا تھا ۔ اسی سال اسے اس لشکر کی براے نام سپه سالاری بھی تفویض ہوئی جسے قندھار کی مدافعت کے لیے بھیجا گیا تھا، کیونکه قندھار کو ایرانیوں سے خطره لاحق ہو گیا تھا ۔ جب یه خطره ایک بار پھر لاحق ہوا تو اسے ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء میں پھر سپه سالار بنایا گیا مگر حمله نه ہوا ۔ ۱۰۵۵ھ/۱۶۴۵ء میں اسے صوبهٔ الٰه آباد کی صوبیداری عطا ہوئی، پھر ان میں صوبهٔ پنجاب کا ۱۰۵۷ھ/۱۶۴۷ء میں، صوبهٔ گجرات کا ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء میں [اور ملتان اور بہار کا ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء] میں اضافه ہوا ۔ صوبوں کی حکومت اس کے نائبوں کے سپرد تھی اور خود وه دربار سے وابسته تھا ۔ لاہور سے دارا شکوه کو بہت دلچسپی تھی؛ یہاں اس نے متعدد عمارات اور تجارتی منڈیاں تعمیر کرائیں [عمارات میں "آئینه محل" خاص طور سے قابل ذکر ہے] ۔ ۱۰۵۸ھ/۱۶۴۸ء تک اسے تیس ہزار ذات اور ۲۰ ہزار سوار کا منصب مل چکا تھا ۔ (ضمناً بتا دینا چاہیے که یه وہی بلند ترین منصب تھا جو تخت نشینی سے پہلے شاہجہان کو ملا تھا).

جب قندھار کو ایرانیوں سے (جنھوں نے ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء میں اس پر قبضه کر لیا تھا) واپس لینے کی دو کوششیں ناکام ہو گئیں تو دارا نے اسے واپس لینے کے لیے ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء میں اپنی خدمات پیش کیں ۔

marfat.com
Marfat.com

اور پوری پوری جنگی تیاریوں کے بعد وہ ۱۱ فروری ۱۶۵۳ء کو قندھار روانہ ہوا ۔ اگرچہ قندھار کا محاصرہ بڑی شد و مد سے کیا گیا اور زمین داور میں قلعوں پر قبضہ بھی کر لیا گیا، لیکن قندھار مسخر نہ ہو سکا ۔ مہم کی ناکامی سے، جو دارا کے لشکر میں نااتفاق نیز اس کے تجربے کی کمی کے سبب ہوئی، اس کی شہرت کو بحیثیت ایک سیاسی اور فوجی رہنما کے نقصان پہنچا ۔

اس کی واپسی پر شاھجہان نے اسے پہلے سے زیادہ امور سلطنت میں اپنا شریک بنایا اور ساٹھ ہزاری اور چالیس ہزاری کا اعلی منصب عطا کیا (۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء)۔ اسی زمانے میں جب شاھجہان بیمار پڑا تو اس کی صحت روز بروز گرنے لگی ۔ اورنگ زیب نے باپ سے ملاقات کرنی چاھی تاکہ ملکی مصالح کے پیش نظر صورت حال سے آگاہ کرے، لیکن اس میں اسے کامیابی نہ ہوئی [داراشکوہ ولی عہد سلطنت تو تھا لیکن اورنگ زیب اس وجہ سے اسے تخت و تاج کا اھل نہیں سمجھتا تھا کہ اس میں سیاسی بصیرت اور عسکری مہارت کا فقدان تھا، نیز وہ ھندو علوم کے مطالعے کے بعد ویدانت سے متأثر ہو چکا تھا اور ھندو یوگیوں اور سنیاسیوں کے میل جول کی وجہ سے ھندووں کی طرف زیادہ مائل تھا ۔ یہ خطرہ بھی واضح تھا کہ اس کے حکومت سنبھالتے ھی دین کی نئی نئی تاویلیں ہوں گی ۔ شریعت اسلام میں رخنے پڑیں گے اور مسلمانوں کے اعتقادات میں فرق آئے گا ۔ آخر تخت نشینی کے لیے جنگ چھڑ گئی ۔ دھرمات کے مقام پر اورنگ زیب اور مراد کی متحدہ فوج کا شاھی لشکر سے آمنا سامنا ہوا، جس میں انھیں فتح ہوئی ۔ اھم ترین جنگ آگرے سے آٹھ میل کے فاصلے پر ساموگڑھ میں ہوئی (٦ رمضان ۱۰۶۸ھ/ ۲۹ مئی ۱۶۵۸ء)، جس میں داراشکوہ پورے وسائل بروےکار لایا، لیکن یہ دن اس کے لیے نہ صرف شکست کا بلکہ تخت و تاج سے محرومی کا پیغام لایا ۔

یہ جنگ بہت بڑی تاریخی اھمیت کی حامل ھے کیونکہ اس سے درحقیقت ھندوستان کی بادشاھت کا فیصلہ اورنگ زیب کے حق میں ہو گیا] ۔ اجمیر کے قریب دیورائی کے مقام پر آخری مرتبہ داراشکوہ نے قسمت آزمائی کرنی چاھی، لیکن یہاں بھی اسے شکست ہوئی (۲۸ جمادی‌الآخرہ ۱۰۶۹ھ/ ۲۳ مارچ ۱۶۵۹ء)۔ [داراشکوہ کو اب رہ رہ کر یہ خیال آتا تھا کہ ھمایوں کی طرح ایران پہنچ کر صفوی حکومت سے مدد حاصل کرے، چنانچہ اس نے اپنے ایلچی بھیج کر شاہ عباس دوم سے ایران آنے کی اجازت مانگی ۔ شاہ نے نہ صرف اجازت دی بلکہ حکام اور والیوں کے نام فرمان جاری کیا کہ جہاں جہاں شاھزادہ پہنچے، اس کا پرتپاک خیرمقدم کیا جائے (سکینۃ الاولیا، طبع ڈاکٹر تارا چند و سید محمد رضا جلالی نائینی، مقدمہ ص شانزدہ)؛ چنانچہ داراشکوہ نے ایران جانے کے ارادے سے قندھار کا رخ کیا ۔ راستے میں وہ ڈھاڈر کے افغان سردار ملک جیون کے ھاں ٹھیرا، جس نے حکومت وقت سے وفاداری کرتے ہوئے داراشکوہ، اس کے بیٹے سپہر شکوہ اور دو بیٹیوں کو اسیر کرکے دہلی بھجوا دیا ۔ یہاں داراشکوہ پر الحاد و بےدینی کے الزام میں مقدمہ چلایا گیا ۔ ۳۰ اگست کی رات علما کے فتوے سے قتل ہوا اور مقبرۂ ھمایوں کے احاطے میں اسے دفن کیا گیا] ۔

اگرچہ دارا میں سیاسی بصیرت اور عسکری مہارت مفقود تھی، تاھم وہ اپنے عہد کی ممتاز شخصیتوں میں سے ضرور تھا ۔ وہ تصوف سے خاص دلچسپی رکھتا تھا اور ھندو فلسفے کے زیر اثر تھا ۔ اس نے مسلمان صوفیہ اور ھندو سنیاسیوں سے گہرے تعلقات قائم کر لیے تھے؛ ان میں مشہور یہ ھیں: میاں میرؒ (م ۱۰۴۵ھ/ ۱۶۳۵ء) اور مُلّا شاہ [بدخشی]ؒ (م ۱۰۷۱ھ/ ۱۶۶۱ء)، جو سلسلۂ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے (وہ مؤخرالذکر کا ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء میں مرید ہوا)، شاہ محب‌اللہ الہ آبادی، شاہ دلربا، سرمد، مشہور آزاد مشرب وجودی اور

Marfat.com

بابا لال داس بیراگی، کبیر کا پیرو ۔ اس کے عہد کی تصاویر، جن میں دارا کو صوفیوں اور سنیاسیوں کی صحبت میں دکھایا گیا ہے، محفوظ ہیں ۔

ذیل کی تصانیف اس کی یادگار ہیں : (۱) سفینة الاولیاء (۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء) [آگرہ ۱۸۵۲ء، لکھنؤ ۱۸۷۲ء، کانپور ۱۸۸۴ء، تہران طبع سید محمد رضا جلالی نائینی]؛ (۲) سکینة الاولیاء (۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء)، یہ کتاب سلسلۂ قادریہ، حضرت میاں میرؒ اور ان کے خلفا من جملہ ملا شاہ بدخشی کے احوال و فضائل پر مشتمل ہے [طبع ڈاکٹر تارا چند و سید محمد رضا جلالی نائینی ۱۳۴۴ھ ش / ۱۹۶۵ء، تہران]؛ (۳) رسالہ حق نما (۱۰۵۶ھ/ ۱۶۴۶ء) [لکھنؤ ۱۸۸۱ء اور ۱۹۱۰ء، تہران مع مجمع البحرین اور اپنشد مندک، طبع سید محمد رضا جلالی نائینی]؛ (۴) حسنات العارفین (۱۰۶۲ھ/ ۱۶۵۲ء)، جس میں مختلف سلسلوں کے اولیا کے اقوال ہیں، دہلی ۱۸۹۲ء؛ (۵) مکالمۂ بابا لال و داراشکوہ، جسے منشی چندر بھان برھمن نے مرتب کیا؛ (۶) مجمع البحرین (۱۰۶۵ھ/۱۶۵۵ء)، ویدانت اور تصوّف کی مصطلحات کا تقابلی مطالعہ [کلکتہ، طبع و ترجمہ از محفوظ الحق ۱۹۲۹ء، تہران، طبع سید محمد رضا جلالی نائینی ۱۳۳۵ھ ش]؛ اور (۷) سر اکبر (۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء) یہ پچاس اپنشدوں کا ترجمہ ہے، جسے اس نے فاضل پنڈتوں اور سنیاسیوں کی مدد سے چھے ماہ میں مکمل کیا تھا [طبع ڈاکٹر تارا چند و سید محمد رضا جلالی نائینی، تہران ۱۳۴۰ھ ش/ ۱۹۶۲ء] ۔ اس کے علاوہ دارا کی سرپرستی اور امداد سے ہندوؤں کی متعدد مذہبی کتابوں کے تراجم فارسی میں کیے گئے، مثلاً یوگ وششٹ گیتا اور متصوّفانہ تمثیل پربودھ چندرودیہ ۔ دارا خوش نویس بھی تھا اور علوم و فنون کی سرپرستی کرتا تھا ۔ اس نے خوش‌نویسی کے نمونوں اور مغلوں کی مختصر تصاویر کا ایک مرقع اپنی بیوی نادرہ بیگم (بنت شہزادہ پرویز) کو ۱۰۵۱ھ/ ۱۶۴۱-۱۶۴۲ء میں اپنے رقم کردہ دیباچے کے ساتھ پیش کیا تھا ۔

دارا کی بعض متاخر تصانیف سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ نظریۂ وحدت الوجود کا پیرو تھا ۔ وہ ہندو فلسفے اور صنمیات سے متأثر تھا، جس کی وجہ سے وہ متعدد ایسے ملحدانہ خیالات کی طرف مائل ہو گیا جن کے واضح مماثل ہندو فلسفے میں پائے جاتے ہیں اور جن کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں، مثلاً مادّے میں روح کی تنزیل (یعنی تنزلات)، تاہم وہ جسمانی مشقت اور اذیت کے طریقوں کا مخالف تھا، جس کی "یوگا" کے داعی، ضرورت بتاتے ہیں دلیل یہ دیتا تھا کہ خدا سزا نہیں دینا چاہتا بلکہ وہ چاہتا ہے کہ لوگ محبت کے ذریعے اس کا قرب حاصل کریں ۔ دارا اس نتیجے پر پہنچا تھا کہ ویدانت اور تصوّف، جن کے ذریعے "حق" کا ادراک کرنا چاہیے، وہ باہم مخالف نہیں؛ فرق صرف لفظوں کا ہے ۔ اپنشدوں کے ترجمے میں، جسے وہ "وحدت کا سرچشمہ" بیان کرتا تھا، دارا نے دو بڑے مذاہب اسلام اور ہندو مت کے پیرووں کے مشترکہ نظریات کو ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی، نیز اس نے یہ چاہا کہ ہندووں کے اعتقادات سے مسلمانوں کو شناسا کرائے ۔

**مآخذ** : (۱) سرکار J. N. Sarkar : *History of Aurangzeb*، بار دوم، ج ۱، ۲، کلکتہ ۱۹۲۵ء؛ (۲) K.R. Qanungo : *Dara Shukoh*، بار دوم، کلکتہ ۱۹۵۲ء؛ (۳) بکرما جیت حسرت : *Dara Shikuh; Life and Works*، وشوا بھارتی ۱۹۵۳ء (اس میں دارا کی تصانیف کی تمام تصنیفات اور مخطوطات کی مکمل فہرست دی ہوئی ہے)؛ (۴) رسالۂ حق نما، مجمع البحرین و اپنشد مندک (طبع محمد رضا جلالی، نائینی مع مقدمہ از تارا چند)، تہران ۱۹۵۷ء؛ (۵) تارا چند : *Dara Shikoh and the Upanishads*، در *IC*، ۱۹۴۳ء؛ (۶) S. K. Rahman : *Sarmad and*

Marfat.com

'his Quatrains' در Calcutta Review '۱۹۴۳ء: (۷) C. B. Tripathi: Mirza Raja Jai Singh (غیر مطبوعه مقاله)' اله آباد یونیورسٹی ۱۹۵۳ء: (۸) آئی۔ اے۔ غوری: *Responsibility of the Ulema for the Execution of Dara Shikoh* ' در *J. Pak. H. S.* '۱۹۵۹ء: (٦) ایم۔ اطهر علی: *1658-59 Religious Issue in the War of Succession* ' در *Ind. Hist. Cong. Proc 1960* .

(ستیش چندر [و اداره])

* **دارم**: رک به تمیم.

* **الدارمیؒ**: ابو محمد عبدالله بن عبدالرحمن ابن الفضل بن بهرام بن عبدالصمد التمیمی السمرقندی، تمیم کی ایک شاخ بنو دارم بن مالک سے تعلق رکهتے تهے۔ انهوں نے احادیث کی تلاش میں سفر کیے اور انهیں عراق، شام اور مصر کے متعدد مستند علما سے حاصل کیا۔ ان لوگوں میں جنهوں نے ان کی سند پر احادیث روایت کیں، مسلم بن الحجاج اور ابو عیسی الترمذی تهے۔ الدارمی سادگی اور تقوی کی زندگی بسر کرتے تهے، جو مطالعے کے لیے وقف تهی۔ وه اپنے علم حدیث، ثقاهت، صداقت اور اصابت رائے کی وجه سے مشهور تهے۔ انهیں سمرقند میں قاضی کے عهدے کی پیش کش کی گئی مگر انهوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ سلطان کے اصرار پر یه عهده قبول تو کر لیا، لیکن ایک هی فیصله دینے کے بعد معذرت کی، جسے قبول کر لیا گیا۔ وه ۱۸۱ھ/۷۹۷ء میں پیدا هوے اور ۲۵۵ھ/۸۶۹ء میں ان کا انتقال هوا۔ ان کی تحریریں زیاده تر حدیث سے متعلق تهیں، لیکن تفسیر قرآن لکهنے کا بهی انهیں امتیاز حاصل هوا۔ الخطیب البغدادی کہتا هے که دارمی نے المسند اور الجامع تالیف کیں، لیکن هو سکتا هے که یه دونوں ایک هی کتاب کے مترادف نام هوں۔ [براکلمان نے المسند الجامع لکها هے (تعریب: ۳: ۲۰۰)]۔ دارمی کے مجموعهٔ احادیث کو عام طور پر المسند کہتے هیں (طبع کانپور ۱۲۹۳ھ، حیدر آباد ۱۳۰۹ھ، دہلی ۱۳۳۷ھ، دمشق ۱۳۴۹ھ)، لیکن یه نام فقط اسی صورت میں موزوں هو سکتا هے جب اسے اس وسیع مفهوم میں لیا جائے، جو قدیم زمانے میں رائج تها ورنه اسے السنن کہنا چاهیے [اور عام طور پر سنن الدارمی کے نام سے مشهور بهی هے] کیونکه اس میں احادیث کو موضوع کے اعتبار سے مرتب کیا گیا هے [نه کے رواۃ کے ناموں کے اعتبار سے۔ مطبوعه نسخوں کا ذکر کرتے هوے سرکیس نے معجم المطبوعات میں اس کا نام الجامع الصحیح .... فی السنن تحریر کیا هے]۔ اس تالیف کو صحاح سته کے برابر کی حیثیت نهیں دی گئی، لیکن ابن حجر العسقلانی نے اسے ابن ماجه کی سنن سے افضل قرار دیا هے۔ یه صحاح سته کی هر کتاب سے کہیں چهوٹی هے۔ حاجی خلیفه دیگر تین تصنیفات کا ذکر کرتا هے؛ ان میں سے دو الدارمی کی مسند کے اقتباسات هیں، لیکن وه محفوظ نهیں رهے۔

**مآخذ**: (۱) ابن ابی حاتم: کتاب الجرح والتعدیل، حیدر آباد ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۳ء، ۲: ۲، ۹۹؛ (۲) تاریخ بغداد، ۱۰: ۲۹ تا ۳۲؛ (۳) السمعانی، ص ۲۱۸، الف ب؛ (۴) الذهبی: تذکرة الحفاظ، ۲: ۱۰۵ بعد؛ (۵) ابن حجر العسقلانی: تهذیب التهذیب، ۵: ۲۹۴ تا ۲۹۶؛ (۶) ابن الصلاح: علوم الحدیث، حلب ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۱ء، ص ۳۲؛ (۷) ابن العماد: شذرات، ۲: ۱۳۰؛ (۸) حاجی خلیفه، طبع فلوگل Flügel، ۲: ۳۹۲، ۳: ۶۲۸، ۵: ۱۰۹ بعد، ۵۳۰، ۵۳۹ بعد؛ سرکیس: [معجم المطبوعات]، قاهره ۱۹۲۸ - ۱۹۳۰ء، ص ۸۵۷ بعد؛ (۱۰) Goldziher: *Muh. St.*، ۲: ۲۵۸ تا ۲۶۰؛ (۱۱) M. Weisweiler: *Istanbuler Handschriften Zur ara-bischen Bibl. Islam Traditionsliteratur*، ج ۱۰، ۱۹۳۷ء)، عدد ۵۰؛ براکلمان، ۱: ۱۷۱ بعد، تکمله، ص ۲۷۰۔

(J. ROBSON)

* **داروغه**: یه لفظ مغولی جزو ترکیبی "درو"

Marfat.com

(dru-) سے بنایا گیا ہے، جس کے معنی "دبانا، مہر لگانا" ہیں اور اس کا اطلاق مغول سلاطین کے جاگیرداری نظام میں ایک سردار پر کیا جاتا تھا (K. H. Menges : *Glosser zu den Volkskundlichen Texten aus Ost. Turkistan*، ج ۲، Wiesbaden، ۱۹۵۵ء، ۱۴ ببعد؛ بذیل مادّۂ dorya : B. Vladimirtsov : *Le régime social des Mongols*، پیرس ۱۹۴۸ء، ص ۱۸۱، ۲۰۹، ۲۱۳؛ P. Pelliot : *Notes sur l'histoire de la Horde d' or* پیرس ۱۹۵۰ء، ص ۷۳) - ۶۱۷-۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء میں المالیغ (Almaligh) کے مقام پر مقامی حاکم کے علاوہ فرمانروائے سلطنت کا نمائندہ ایک مغول داروخچی (dārrūkhači) بھی ہوتا تھا - اس پر جو فرائض عائد کیے گئے تھے، ان میں ذیل کے فرائض شامل ہیں : باشندوں کی مردم شماری کرنا، مقامی فوج بھرتی کرنا، ڈاک کا سلسلہ قائم کرنا محصولات وصول کرنا اور خراج کی رقم دربار کو ارسال کرنا (W. Barthold : *Turkestan* بار دوم، ص ۴۰۱) - ایران میں اس لقب کا استعمال پہلی مرتبہ ہم ایلخانیوں کے زمانے میں دیکھتے ہیں - تیموریوں کا زمانہ آتے آتے تو یہ عملی طور پر شحنہ کی جگہ لے لیتا ہے کیونکہ داروغہ کے عموماً وہی فرائض تھے جو شحنہ کے ہوا کرتے تھے - اپنے خاص اختیارات میں وہ فوجی نظام سے متعلق تھا - صفویوں کے زمانے میں داروغہ کے فرائض کبھی کبھی وہی ہوتے تھے جو حاکم (عامل) شہر کے ہوا کرتے ہیں (Olearius : ...... *The Voyages and Travels*، لنڈن ۱۶۶۹ء، ص ۳۰۴؛ Charden : *Voyages*، طبع Langlès، پیرس ۱۸۱۱ء، ۵ : ۲۶۰) - مگر عام طور پر وہ ایک طرح کا پولیس کا عہدےدار ہوتا تھا، جو عموماً دیوان بیگی کے تحت کام کرتا تھا - اس کے فرائض یہ تھے کہ بدعنوانی، ظلم و زیادتی، جھگڑے فساد اور شریعت کی خلاف ورزی، جیسے عصمت فروشی، شراب نوشی اور قماربازی کی روک تھام کرے (تذکرۃ الملوک، فارسی متن کی نقل مطابق اصل، مع ترجمہ و شرح از V. Minorsky لنڈن اور لائڈن ۱۹۴۳ء، ص ۷۷ب ببعد؛ Tavernier : .... *Collections of Travels*، ص ۲۲۲، ۲۳۲) - اسے مجرموں کو سزا دینے اور جرمانہ کرنے کے اختیارات حاصل تھے اور بذات خود وہ مال مسروقہ کی بازیابی کا ذمےدار تھا (تذکرۃ الملوک، حوالۂ مذکور) - اسے صلۂ خدمت دینے کے لیے لوگوں پر فیس عائد کی جاتی تھی، جسے "داروغہ" کہتے تھے (تذکرۃ الملوک، ص ۹۰ب، Du Mans : *Estat de la Perse en 1660*، پیرس ۱۸۹۰ء، ص ۳۹) - بارھویں صدی ہجری/اٹھارھویں صدی عیسوی اور تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے دوران میں ایران میں داروغہ کے فرائض وہی رہے جو حاکم شہر کے ماتحت پولیس کے عہدےدار کے ہوتے ہیں - وہ قیمتوں، باٹوں اور پیمانوں کو منضبط کرتا؛ شہر اور بازاروں میں امن قائم رکھتا اور لوگوں کے اخلاق کی نگرانی کرتا تھا - اس کے اختیار کا دائرہ، بازاروں تک محدود ہوجانے کی وجہ سے وہ اب محتسب کے فرائض میں دخل اندازی بھی کرتا تھا بلکہ بعض صورتوں میں خود اس کی جگہ لے لیتا تھا - شاہی خدمات انجام دینے والے بعض کاریگروں کی فہرستیں بھی دارالسلطنت میں اس کے پاس رہتی تھیں (قب P. A. Jaubert : *Voyage en Arménie et en Perse*، پیرس ۱۸۲۱ء، ص ۴۳۳)- دستوری عہد کے شروع تک بھی داروغہ کا منصب باقی تھا (دیکھیے E. Aubin : *la perse d' aujourd' hui* پیرس ۱۹۰۸ء، ۳۷، ۱۰۶؛ *De Téhéran à Ispahan*، در *RMM*. جون - جولائی ۱۹۰۷ء، ص ۴۵۹ اور *Le Chisme et la nationalité Persane*، در *RMM*. ۱۹۰۸ء، ص ۴۸۲) - لیکن حکومت کے نئے طریق کار میں یہ منصب بےمصرف ہو کر رہ گیا کیونکہ داروغہ کے سابقہ منصبی فرائض اس وقت بلدیات اور پولیس کے محکمے نے سنبھال لیے۔

داروغہ کی اصطلاح کا خالصۃً اطلاق اس شخص

marfat.com

Marfat.com

پر نہیں ہوتا تھا جس کے فرائض عامل شہر یا پولیس کے ہوں ۔ ایسی متعدد مثالیں موجود ہیں کہ داروغه کا تقرر ایک قبائلی گروہ کی نگرانی کے لیے ہوا اور اس کے فرائض شہر کے داروغہ یا بازار کے درواغہ سے صریحاً مختلف تھے، مثلاً عبدالرزاق کا بیان ہے کہ تیمور کبھی کبھی ایک داروغہ اور ایک محصّل ہرات کے ہزارہ قبائل سے واجب الوصول لگان وصول کرنے کے لیے بھیجا کرتا تھا (مطلع سعدین، طبع محمد شفیع، ۲: ۱۲۹۷)۔ صفوی عہد میں ترکمانوں کا ایک داروغہ استراباد میں بھی تھا (قب حسن روملو : احسن التواریخ، طبع و ترجمہ سدن C.N. Seddon بڑودہ، ۱۹۳۱ تا ۱۹۳۴ء، ص ۳۴۶-۳۴۷)۔ خاندان قاچار کے زمانے میں مختلف ترکمان قبائل سے محصولات ایک داروغہ وصول کرتا نظر آتا ہے (قب روزنامۂ دولت علیۂ ایران، ۲ ربیع الاول ۱۲۸۰ھ، ۲۶ محرم ۱۲۸۷ھ) اور مثالیں ایسی بھی موجود ہیں کہ آبادی کے خاص خاص حصوں کے لیے داروغہ مقرر کیا گیا؛ چنانچہ یزد کے مجوسیوں کے داروغہ کا تقریباً ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء میں ذکر آتا ہے (محمد مفید: جامعۂ مفیدی، B.M. Or. 210، ورق b ۳۶۳)۔ یہ نہیں بتایا گیا کہ اس کے فرائض کیا تھے۔ بہت ممکن ہے کہ وہ زرتشتی فرقے سے واجب الوصول محصول حاصل کرتا ہو نیز اس فرقے سے متعلق مخصوص قوانین نافذ کرتا ہو۔

صفوی عہد میں داروغہ کی اصطلاح ایک قسم کے صدر محرر کے لیے بھی استعمال ہوتی تھی، جس کا کام یہ ہوتا تھا کہ بڑے بڑے سرکاری محکموں کے عملے کی نگرانی کرے ۔ داروغۂ فراش خانہ اور داروغۂ دفتر خانہ اسی قبیل کے داروغہ تھے (تذکرۃ الملوک، ورق 91b-91a، ۱۴۱ Tavernier، ۲۲۲) ۔ قاچاروں کے زمانے میں بھی داروغہ کی اصطلاح انھیں معنوں میں استعمال ہوتی رہی۔

ہندوستان کے مسلم عہد حکومت میں داروغہ شاہی اصطبل کے ایک عہدے دار کو کہتے تھے ابوالفضل : آئین اکبری ترجمہ Blochmann، ج ۱، ۵۳)۔ برطانوی ہند میں یہ عہدہ مختلف محکموں کے مقامی سربراہوں کا ہوتا تھا اور ۱۷۹۳ء سے ۱۸۶۲ - ۱۸۶۳ء تک پولیس کے مقامی افسر (=تھانے دار) کو بھی داروغہ کہتے تھے (H. Yale اور H. C. Burnell : *Hobson Jobson*، لنڈن ۱۹۰۳ء، ۲۹۷-۲۹۸)۔ صفوی عہد میں گرجستان (Georgia) میں داروغہ پولیس کا ایک افسر ہوتا تھا، جو موروی (=کانسٹیبل) اور ملک (ارمینیا کے بلدیے کا سردار) اور کد خدا کے ساتھ مل کر کام کرتا تھا (دیکھیے فرامین کا جائزہ از M. F. Brosset، در *Histoire de la georgie*)۔

**مآخذ** : دیکھیے متن بالا اور (۱) G. Le Strange : *Clavijo's Embassy to Tamerlane 1403-1406*، لنڈن ۱۹۲۸ء، ص ۳۰۳؛ (۲) وہی مصنف : *Don Juan of Persia*، لنڈن ۱۹۲۶ء، ص ۴۶؛ (۳) J. Fryer : *Travels*، لنڈن ۱۶۹۸ء، ص ۳۳۹؛ (۴) W. Francklin : *Observations on Tour from Bengal to Persia*، ص ۱۳۰ تا ۱۳۱، ۱۳۶ تا ۱۴۷؛ (۵) Krushinsky : *The History of the Revolution in Persia*، ڈبلن ۱۷۲۹ء، ص ۸۰؛ (۸) E. S. Waring : *A Tour to Sheeraz by the Route of Kazroon and Feeroz abad*، لنڈن ۱۸۰۷ء، ص ۶۷؛ (۹) Sir J. Malcolm : *History of Persia*، لنڈن ۱۸۲۹ء، ۲ : ۳۲۳؛ (۱۰) M. Tancoigne : *A Narrative of a Journey in the Persia*، لنڈن ۱۸۲۰ء، ص ۲۳۸ تا ۲۳۹؛ (۱۱) J. B. Fraser : *Travels and Adventures in the Persian Provinces on the Southern Banks of the Caspian Sea*، لنڈن ۱۸۲۶ء، ص ۱۴۹؛ (۱۲) R.B.M. Binning : *A Journal of two years travel in Persia, Ceylon, etc.*، لنڈن ۱۸۵۷ء، ۱ : ۳۳۷ تا ۳۳۹؛ (۱۳) A.K.S. Lambton : *The Evolution of the office of Dārūgha*، در مردم شناسی تہران (شمارہ ۱ تا ۳)، ۱۳۳۸ھ ش/۱۹۵۹ تا ۱۹۶۰ء۔

(A.K.S. LAMBTON)

Marfat.com

* **الدّاروم** : فلسطین میں ساحل بحر کے قریب ایک مسطح میدان کا نام اور آگے چل کر صلیبی محاربات کے زمانے میں خاص طور پر ایک قلعے کا نام ۔ عرب مصنفوں کی کتابوں میں یہ لفظ ان دونوں معنی میں پایا جاتا ہے ۔ عبرانی لفظ dārom جس سے داروم مأخوذ ہے اور توراۃ کی کتاب استثناء (۳۳ : ۳) کے عربی ترجمے میں dārom کی جگہ داروم ہی استعمال کیا گیا ہے ۔ عہد نامۂ عتیق کی چند عبارتوں میں یہ سمت جنوب کے معنی میں استعمال ہوا ہے نیز کسی ملک کے لیے جو جنوبی سمت میں واقع ہو (F.M. Abel) اور بعد کے زمانے میں اس کا اطلاق خاص طور پر اس علاقے پر کیا جاتا تھا جو یہودیہ (Juda) کے جنوب مغرب میں ایک نشیبی علاقہ (Sephela = سفلہ) (جو اس کے متصل شمال میں ہے) اور جنوبی جانب کا صحرائی خطہ (Negeb) دونوں سے الگ اور متمایز تھا ۔ بوزنطی نام دروماس Daromas، جو اس قدیمی لفظ Darom سے مطابقت رکھتا ہے، کا اطلاق الیوتھروپولس Eleutheropolis کے وسیع ضلع کے جنوب مغربی حصے پر بھی ہوتا تھا (دیکھیے بیت جبرین) لیکن خود شہر مذکور کو اس میں شامل نہیں کرتے تھے ۔ البتہ عربوں کے زمانے میں یہ امتیاز باقی نہ رہا اور المقدسی کے قول کے مطابق الداروم میں بیت جبرین کے ارد گرد کے سارے علاقے کو شامل کیا جانے لگا اور جب خلافت حضرت ابوبکرؓ میں بیت جبرین فتح ہوا تو یہ سارا علاقہ اس کی تاریخ کا جزو بنا۔

فلسطینی قلعہ الداروم، جسے صلیبی جنگجو Darom کہتے تھے، اس سڑک پر واقع تھا جو غازہ Gaza سے مصر کو جاتی ہے اور اس کی جاے وقوع وہی ہے جس کی نشاندہی آج کل دیرالبلح کے کھنڈر کرتے ہیں ۔ یہ قلعہ اس جانب سے یروشلم کی لاطینی حکومت کی حفاظت کے لیے بنایا گیا تھا ۔ صلاح الدین ایوبی نے اس قلعے پر خاص طور سے حملہ کیا اور اس کے بعد ۵۸۳ھ/ ۱۱۸۷ء میں فلسطین کے بڑے حصے پر دوبارہ قبضہ کرنے کے سلسلے میں اسے فتح کر لیا ۔ آگے چل کر شاہ رچرڈ "شیر دل" اور تیسری صلیبی جنگ کے فرانکوں نے ۵۸۸ھ/ ۱۱۹۲ء میں اس کا محاصرہ کرکے اسے مسخر کر لیا اور اس کے مورچے تڑوا دیے لیکن مملوک عہد تک بھی اس کا شمار ان دفاعی قلعوں میں ہوتا رہا جو براہ راست ضلع غازہ کے نائب کے زیر اقتدار صوبۂ دمشق کی ساحلی سرحد پر تھے ۔

**مآخذ** : (۱) F.M. Abel : *Gégraphie de la Palestine*، پیرس ۱۹۳۳ تا ۱۹۳۸ء، خصوصاً ۱ : ۴۲۰ تا ۴۲۳ ؛ (۲) G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۴۳۷ ؛ (۳) A. S. Marmardji : *Textes Geographiques*، پیرس ۱۹۵۱ء، ص ۷۱ تا ۷۲ ؛ (۴) Caetani : *Annali*، بمدد اشاریہ (۲ : ۱۲۹۱) ؛ (۵) الطبری، بمدد اشاریہ ؛ (۶) *BGA*، بمدد اشاریہ ؛ (۷) یاقوت، ۲ : ۵۲۵ ؛ (۸) ابن الأثیر، خصوصاً ۱۱ : ۳۲۶، ۳۶۱ اور ۱۲ : ۵۲ تا ۵۳ ؛ (۹) *Hist. Or. Cr.*، ج ۱ تا ۵، بمدد اشاریہ ؛ (۱۰) ابن شداد : جنوبی شام، مخطوطۂ لائڈن ۸۰۰، ورق ۱۳۹ ب ؛ (۱۱) Grousset : *Hist. des Croisades*، پیرس ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۶ء، بمدد اشاریہ خصوصاً ۲ : ۵۵۹ تا ۵۶۲ اور ۳ : ۸۵ تا ۸۷ ؛ (۱۲) M. Gaudefroy-Demombynes : *La Syrie á l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، خاص طور پر ص ۱۴ اور ۵۰ ۔

(J. Sourdel-Thomine)

* **داعی** : (داعیہ) "وہ شخص جو (کسی مسلک کی طرف) بلاتا ہے" ۔ یہ لقب سواد اعظم سے الگ دعوت دینے والے فرقوں نے اپنے بڑے بڑے مبلّغین کو دیا ۔ بہ ظاہر سب سے پہلے یہ لقب متقدمین معتزلہ [رک بآں] نے استعمال کیا، لیکن زیادہ عالی شیعیوں میں یہ نام خصوصیت کے ساتھ استعمال کیا گیا ۔ خراسان میں عبّاسیوں کے حامیوں میں بھی

Marfat.com

مستعمل ہوا نیز بعض موقعوں پر اسے زیدیوں نے بھی استعمال کیا ۔ ابوالخطّاب کے متبعین کو بھی یہ لقب دیا گیا تھا ۔ اسمٰعیلیوں اور ان کے ساتھ کی تحریکوں میں اسے خاص اہمیت دی گئی (ان تحریکات کا نام "دعوٰی" رکھا گیا تھا) جہاں یہ لقب ہر اس عہدیدار کو دیا جاتا تھا جو "امام" کا منظور کردہ نمائندہ ہوتا تھا .

جب اسمٰعیلی تحریک اپنے عروج پر تھی تو اسمٰعیلیوں میں "دعاۃ" (داعیوں) کی تنظیم مذہبی عہدے داروں کے طور پر کی گئی (انھیں عیسائی اسقفوں کے مماثل بیان کیا گیا ہے) ۔ مختلف عہدے داروں کو ان کے درجے کے مطابق جو لقب دیے جاتے تھے وہ موقع محل کے لحاظ سے کئی قسم کے ہوتے تھے (اور غالباً درجہ مقرر کرنے کے طریقے کی پابندی سختی کے ساتھ نہیں کی جاتی تھی) ۔ داعیوں کا سردار، جو امام کی طرف سے بولنے کا مجاز ہوتا تھا باب [رک بآں] یا داعی الدّعاۃ کہلاتا تھا ۔ بڑے بڑے داعیوں کو [رسماً کم سے کم بارہ چوٹی کے داعیوں کو] "حُجّۃ" یعنی صداقت کی دلیل اور شاید ابتدائی زمانے میں "نقیب" لقب ملتا تھا ۔ معلوم ہوتا ہے ان میں سے ایک کے تحت ایک ضلع (جزیرہ) ہوتا تھا جہاں "دعوے" کی تبلیغ کی جاتی تھی ۔ بعض تصانیف میں حُجّۃ کو "لاحق" اور "داعی" کو "جناح" کہا گیا ہے، دیکھیے W. Ivanow : *Studies in Early Persian Ismailism* لائڈن ۱۹۴۸ء، بار دوم، بمبئی ۱۹۵۵ء، باب ۲) ۔ بظاہر داعی کے لیے ایک علاقہ مخصوص کر دیا جاتا تھا ۔ جہاں اسے ایمان لانے والوں پر مکمل اختیار ہوتا تھا ۔ وہ نئے لوگوں کو اپنے سلسلے میں داخل کرتا اور رفتہ رفتہ باطنیہ [رک بآں] کی تعلیم کی طرف ان کی رہنمائی کرتا تھا ۔ اس کی مدد کے لیے اس کے ماتحت کچھ عہدے دار بھی ہوتے تھے، جنھیں "مأذون" (وعظ کہنے کا اذن یافتہ) اور مُکاسِر (ترغیب دینے والا) کے لقب دیے گئے تھے ۔

اس جگہ کے علاوہ جہاں امام کی حیثیت با اختیار خلیفہ کی ہوتی تھی، باقی مقامات پر دعوے کی تلقین پوشیدہ طور پر خفیہ تحریک کے ذریعے کی جاتی تھی ۔ اس لیے اس علاقے میں جو اسمٰعیلیوں کے تسلط میں ہوتا داعی کا درجہ بلند ہوتا تھا (داعی الدعاۃ تمام سرکاری مذہبی امور کے محکمے کا سربراہ ہوتا تھا اور بظاہر اس کا مرتبہ وزیر کے برابر ہوتا تھا، بشرطیکہ داعی الدعاۃ اور وزیر کا عہدہ ایک ہی شخص کے پاس نہ ہو) ۔ اس کے علاوہ دوسرے علاقوں میں داعیوں کی زندگی خطرے سے خالی نہیں تھی اور کبھی کبھی انھیں قتل بھی کر دیا جاتا ۔ بعض داعی فوجی قائد کے فرائض بھی انجام دیتے تھے، خاص کر فاطمیوں کی حکومت قائم ہونے سے پہلے (مثلاً قرمطی قائدین ابو عبداللہ الشمعی، جس نے بربر قبائل کو اس بغاوت پر آمادہ کیا تھا جس سے مغرب میں المہدی کا اقتدار قائم ہوا) ۔ آگے چل کر بھی داعیوں کو سیاسی ساز باز میں مہارت رکھنی پڑتی تھی؛ چنانچہ بعض نے اس کی کوشش بھی کی کہ مقامی دربارِ سلطنت کے سربرآوردہ لوگوں بلکہ خود امیر کو بھی اپنے فرقے میں داخل کریں ۔ بویہی دربار میں المؤیّد فی الدین الشیرازی کی آمد اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی ۔ وہ محض واعظ ہی نہ تھے بلکہ فاطمی حکومت کے کارندے بھی تھے ۔ اس کے باوجود داعی عموماً آزاد علما ہوتے تھے، اور باہم بڑے زور دار مذہبی اور فلسفیانہ مجادلے اور مناظرے کرتے رہتے تھے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسمٰعیلیوں کی بڑی بڑی کتابیں ان کے داعیوں ہی نے لکھی ہیں اور نسبۃً زیادہ اہم کتابیں ان داعیوں کی لکھی ہوئی ہیں جو ایران کے مخاصمانہ ماحول میں تحریک کے لیے جد و جہد کر رہے تھے ۔ اسمٰعیلی "حدود" میں مذہبی مراتب اور کائناتی نظام کے "واحد حقیقی" کی طرف سے ظہور کے اصول کا تقابل کرتے وقت، داعی کو بعض اوقات، "زمان" یا خیال کے ساتھ منسلک کیا جاتا تھا ۔ ایسے مقاصد کے لیے "حجۃ" کا داعی اور

Marfat.com

امام کے مابین ایک علٰحدہ مرتبہ قرار دیا گیا۔ جس طرح کہ بابِ ارک بان (?) نے دیا۔ کلاسیکی فاطمی اسمٰعیلیوں میں جو مختلف فرقے پیدا ہوے، ان سب میں داعی کا مفہوم مختلف رہا ہے۔ شروع شروع کے دروزیوں میں داعی ایک ہی قسم کے فرائض انجام دیتے تھے، اور ان کا درجہ "حدود علوی" کی پانچویں حد "تالی" (بہاء الدین) سے براہ راست تعلق رکھتا تھا۔ کائناتی نظام کے لحاظ سے وہ "حدّ" (دوش) کا جسمانی مظہر تھا۔ آگے چل کر ان کی ضرورت باقی نہ رہی۔ ایران کے عہد سلجوقیہ میں "نزاری" (حشیشین) اسمٰعیلی نظام کے وارث ہوے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ نظام داعی اصفہان کے تحت تھا۔ داعی اس فرقے کے بڑے سردار کا معمولی لقب ہو گیا، جس کا صدر مقام حسن صبّاح کے زمانے سے الموت ہوا۔ یہاں تک کہ ۵۵۹ھ/۱۱۶۴ء میں اس وقت کے داعی نے اپنے اصلی امام ہونے کا اعلان کر دیا (حسن صبّاح کو بھی ایک خاص مفہوم میں "حجّۃ" تسلیم کیا جاتا تھا)۔ یمن کا طیبی "دعوی" سرکاری فاطمی نظام سے علٰحدہ ہو کر ایک الگ نظام کی صورت میں قائم ہوا اور داعی مطلق کے تحت جو اپنے آپ کو ان اصلی اماموں کا نمائندہ کہتا تھا، جو اب نظروں سے غائب ہیں، ایک علٰحدہ فرقہ وجود میں آیا۔ یہ داعی پوری برادری پر مکمّل اختیار رکھتا تھا اور طیّبوں میں اس کے شخصی طور پر متعین کرنے کے سلسلے میں بارہا اختلاف پیدا ہوے۔ بیسویں صدی کے درمیانی عرصے میں دو بڑے داعی پیدا ہو گئے جو آپس میں رقابت رکھتے تھے۔ ایک تو مقررہ رسم کی بنا پر یمن میں مقیم ہے (سلیمانی) اور دوسرا بمبئی میں رہتا ہے (داؤدی).

ماخذ کے لیے دیکھیے اسمٰعیلی.

(M.G.S. Hodgson)

* **داعی** : احمد بن ابراہیم، آٹھویں صدی ہجری/ چودھویں صدی عیسوی کے اواخر اور نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کے اوائل کا ترکی شاعر۔ اس کی زندگی کے متعلق جو تھوڑی بہت معلومات ہمیں حاصل ہوئی ہیں، وہ منتشر صورت میں اس کی تصانیف اور بعض تذکروں میں ملتی ہیں۔ پیشے کے لحاظ سے وہ قاضی تھا۔ شاعر کی حیثیت سے اس کی شہرت کا آغاز کوتاھیہ کے دربار جرمیان میں شہزادۂ سلیمان اور یعقوب دوم کی سرپرستی میں ہوا۔ معلوم ہوتا ہے اس نے اناطولیہ اور بلقان کی خوب سیاحت کی۔ جنگ انقرہ (۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء) کے بعد بدنظمی کے چند برسوں میں جب بایزید اول کے بیٹوں میں باہم جنگ و جدل کا بازار گرم رہا، داعی ان میں سے امیر سلیمان کی ملازمت سے وابستہ ہوا، جو اس وقت ادرنہ میں تھا۔ اس کے دربار میں متعدد نامور فضلاے زمانہ مثلاً احمدی، اس کا بھائی حمزوی اور سلیمان چلبی جمع تھے۔ داعی محمد اول کے زمانے (۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء تا ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء) میں دربار سے وابستہ رہا اور اس کے فرزند مراد دوم کا اتالیق مقرر ہو گیا۔ مآخذ اس کی تاریخ وفات کے سلسلے میں متفق نہیں۔ حاجی خلیفہ نے اس کی وفات کی تاریخ ۸۲۰ھ/۱۴۲۷ء بتائی ہے لیکن ایسی شہادتیں بھی موجود ہیں جن سے پتا چلتا ہے کہ وہ مراد دوم (۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء تا ۸۴۸ھ/۱۴۴۴ء) کے عہد کے ابتدائی برسوں میں زندہ تھا (I. H. Uzunçarşili : Kütahya şehri، استانبول ۱۹۳۲ء، ۲۱۳)۔ سیہی Sehi (تذکرہ، ص ۵۶) نے اس کی تعریف میں ایک مختصر مگر مدحیہ عبارت لکھی ہے۔ عثمانی عہد نیز دور جدید کے علما نے تھوڑا ہی عرصہ پہلے تک داعی کو ایک معمولی درجے کا شاعر سمجھا تھا، اس لیے کہ اس کی بہت کم تصانیف ان تک پہنچی تھیں لیکن بعد میں اس کی متعدد تصانیف منظر عام پر آئی ہیں۔ خصوصاً اس کے دیوان کا ایک نامکمل نسخہ اور ایک گرانقدر مثنوی جنگ نامہ (Ahmed Ateş : Türk Dili ve Edebiyati Dergisi، ۳ : ۳، ۱۲۲ - ۱۳۷) ان سے پتا چلتا ہے کہ داعی اپنے زمانے کا ایک نامور شاعر ہوا

Marfat.com

ہے اور بلاشبہہ شاعرانہ وجدان، انفرادیت، فنی مہارت اور بیان کی روانی میں اپنے بہت سے ہمعصروں سے بڑھا ہوا ہے .

متفرق مذہبی رسائل (*Ahmad-i* : I. H. Ertayla *Dâ'î*، استانبول ۱۹۵۲ء) کے علاوہ داعی مندرجۂ ذیل کتب کا منصف ہے : (۱) دیوان، اس کا صرف ایک نسخہ معلوم ہوا ہے، جو Burdur Wakf Library، میں موجود ہے (عدد ۷۳۵)۔ یہ دیوان نامکمل ہے اور حروف تہجّی کے مطابق مرتب نہیں ہوا۔ اس میں چھے قصیدوں کے علاوہ جن میں سے دو محمد اول کی تعریف میں ہیں، ۱۹۹ غزلیں شامل ہیں؛ (۲) چنگ نامہ، جس کو غلط طور پر بعض مآخذ (Gibb : *Ottoman Poetry*، ۱ : ۲۵۶) میں چنگ نامہ کہا گیا ہے اور بعض مآخذ (علی : کنہ الاخبار؛ بروسلی محمد طاہر : عثمانلی مؤلفری، بذیل مادّہ) نے اسے شیخ اوغلو کے فرح نامہ (خورشید نامہ) کے ساتھ خلط ملط کر دیا ہے ۔ اس مثنوی میں ۱۳۰۰ سے زائد ابیات ہیں۔ اسے مصنف نے ۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء میں امیر سلیمان کے نام معنون کیا تھا۔ اس تمثیلی مثنوی میں روح انسانی کو عود (ایک ساز موسیقی) سے تشبیہ دی گئی ہے، جس کے آسمانی نغمے اس بات کی علامت ہیں کہ اس کی اصل عالم قدس سے ہے اور وہ صوفیانہ طریقت سے اپنی اصل (واجب الوجود) کے ساتھ جا کر مل جانا چاہتی ہے۔ شاعر ایک خوش وخرم مجمع کے اندر، جو موسم بہار میں پھولوں سے بھرے ہوئے تختۂ گل میں داد عیش دے رہا ہے، عود سے پوچھتا ہے کہ وہ اس قدر افسردہ کیوں ہے۔ اس کے باوجود اتنے میٹھے اور خوشی سے بھرے ہوئے سُر کیسے نکالتا ہے؟ اس کے جواب میں عود کے چاروں اجزا اسے اپنی اپنی روئداد یوں سناتے ہیں، ریشم ان کیڑوں سے حاصل ہوا، جو شہتوت کے درختوں کے پتے کھانے سے پہلے حضرت ایوب کے جسم کا گوشت کھا کھا کر پلے؛ اس کے ڈھانچے کی لکڑیاں اس سے پہلے ایک خوب صورت سرو کا حصہ تھیں؛ لکڑیوں پر جو جھلّی منڈھی ہے، وہ ایک نرم دل غزال کی کھال ہے، جسے شکاریوں نے بےدردی سے مارا اور اس کی کلید سے بندھے ہوئے بال ایک شاندار گھوڑے کی دُم کے ہیں، جسے تاتاریوں نے قتل کیا ۔ یہ مثنوی، جو حسن بیان اور مرقع نگاری کا اعلٰی نمونہ ہے اور جس کے رنگین اور مؤثر اسلوب میں انتہا درجے کی روانی ہے، اپنے عہد ہی کی نہیں بلکہ کلاسیکی عہد کی بھی بہترین بیانیہ نظموں کی ہم پلّہ ہے؛ (۳) ترسّل، فن مراسلہ نگاری میں ایک رسالہ ہے، جس کا شمار کلاسیکی تصانیف میں ہوتا ہے اور وہ ایک مقبول عام روزمرہ کے استعمال کی کتاب بن گئی ہے (سیہی : تذکرہ، ص ۵۶)؛ (۴) مطائبات، ایک چھوٹی سی کتاب ہے، جس میں بارہ ہلکی پھلکی نظمیں ہیں؛ (۵) وصیت نوشیروان عادل، ایک مختصر اخلاق مثنوی ہے جو غالباً فارسی سے ترجمہ کی گئی ہے؛ (۶) عقود الجواهر، فارسی کے ہم قافیہ الفاظ کا ایک مختصر مجموعہ ہے جسے اس نے اپنے شاگرد شہزادے کے لیے، جو آگے چل کر مراد ثانی ہوا، مرتب کیا؛ (۷) دیوان فارسی، خود نوشت نسخہ، جو ۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء میں لکھا گیا ۔ برسہ کے کتاب خانۂ اورخان میں موجود ہے (عدد ۶۶)۔ یہ خیرالدین حاجی خلیل بے کے نام معنون ہے؛ (۸) تفسیر، ابواللیث السمرقندی کی تفسیر القرآن کا ترجمہ، جس کے ساتھ ایک منظوم مقدمہ ہے ۔ دونوں کی زبان سیدھی سادی اور انداز بےتکلف ہے۔ یہ عمر بے بن تیمور تاش کے نام معنون ہے (Universite Library T.Y.، عدد ۸۲۴۲)؛ (۹) عطار کے تذکرۃ الاولیاء کا ترجمہ بھی، جو مسلم صوفیۂ کرام کی سیرتوں اور اقوال کی ایک مشہور کتاب ہے، داعی کی طرف منسوب کیا گیا ہے .

**مآخذ** : (۱) سیہی، لطیفی اور قینالی زادہ حسن چلبی کے تذکرے اور عالی کی کنہ الاخبار کا باب السیر، بذیل مادّہ؛ (۲) Hammer-Purgstall : *Gesch. d. Osm. Dichtkunst*، ۱ : ۴۲ ؛ (۳) Gibb : *Ottoman Poetry*،

Marfat.com

۱ : ۲۵٦ ببعد؛ (۳) *'Ahmad-i Dā'ī* : I. H. Ertaylan استانبول ۱۹۵۲ء، ایک ضخیم مجموعہ، جس میں ہو بہو نقل کیے ہوے ترکی دیوان اور جنگ نامہ کے نسخے نیز دیگر تصانیف کے اقتباسات یکجا کر دیے ہیں؛ (۵) *Storia della letteratura turca* : A. Bombaci، میلان ۱۹۵٦ء، ص ۲۹۷ تا ۲۹۹۔

(Fahir Iz.)

* داغ : نواب میرزا خاں (اصل نام ابراہیم، دیکھیے آئینۂ داغ) کا تخلّص، جن کا شمار عصر جدید کے ممتاز ترین اردو شعرا میں ہوتا ہے ۔ وہ نواب شمس الدین خان والی فیروزپور جِھرکا اور وزیر بیگم (عرف چھوٹی بیگم) کے بیٹے تھے ۔ نواب میرزا چاندنی چوک، دہلی، میں بتاریخ ۱۲ ذوالحجہ ۱۲۴٦ھ/۲۵ مئی ۱۸۳۱ء کو پیدا ہوے (قب زائچہ، در جلوۂ داغ، ص ۹) ۔ جب ان کے والد نے مسٹر ولیم فریزر، ریزیڈنٹ دہلی، کے قتل میں شرکت کے الزام میں پھانسی پائی (۱۸۳۵ء) تو نواب میرزا خاں کی پرورش کی ذمے داری ان کی خالہ عمدہ خانم نے سنبھالی، جو نواب یوسف علی خاں کے حرم میں تھیں ۔ ۱۸۴۰ء میں وہ اپنی خالہ کے ہمراہ رام پور چلے گئے، جہاں انھوں نے مولوی غیاث الدین، مؤلف غیاث اللغات، سے فارسی پڑھی ۔ ۱۸۴۴ء میں ان کی والدہ سے ابو ظفر بہادر شاہ کے بیٹے اور ولی عہد میرزا محمد سلطان فخرالملک (میرزا فخرو) نے عقد کر لیا۔ نواب میرزا، جن کی عمر اس وقت تیرہ چودہ برس کی تھی، قلعۂ دہلی میں چلے آئے اور وہیں انھوں نے باقاعدہ تعلیم حاصل کی ۔ انھوں نے مروجہ فارسی کتابیں پڑھیں اور سید محمد میر پنجہ کش (م - ۱۸۵۷ء) اور مرزا عباداللہ بیگ سے خوشنویسی سیکھی (غلام محمد: تذکرۂ خوش نویسان، کلکتہ ۱۹۱۰ء، ص ۱۷ ببعد) ۔ علاوہ ازیں انھوں نے شہسواری اور مختلف ہتیاروں کے استعمال میں بھی مہارت حاصل کی، لیکن سب سے بڑھ کر یہ کہ قلعے میں سکونت کے باعث وہ اپنے زمانے کے مشہور شعرا سے متعارف ہوگئے، جو قلعۂ معلّٰی کے مشاعروں میں شریک ہوا کرتے تھے ۔ اس ماحول میں ان کے فطری میلان شاعری نے جلا پائی اور وہ اوائل عمر ہی میں اردو میں غزلیں کہنے لگے ۔ جب شیخ محمد ابراہیم ذوق نے انھیں اپنی شاگردی میں لے لیا تو ان کی شعری صلاحیت پوری طرح چمک اٹھی ۔ ذوق سے تلمذ کا سلسلہ ۱۸۴۴ سے ۱۸۵۴ء تک جاری رہا اور اس دوران میں داغ قلعے اور شہر کے مشاعروں میں حصہ لیتے رہے ۔ فخرالملک کی وفات (۱۰ جولائی ۱۸۵٦ء) کے بعد وہ قلعے کو چھوڑنے پر مجبور ہوگئے ۔ اس کے کوئی دس ماہ بعد ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ ہوا، جس کے بعد داغ اپنے اہل و عیال سمیت ایک بار پھر رام پور پہنچ گئے، جہاں نواب یوسف علی خاں نے انھیں بطور مہمان رکھا ۔ نواب یوسف علی خاں (م - ۲۱ اپریل ۱۸٦۵ء) کی جگہ کلب علی خاں والی رام پور ہوے [تو مؤخرالذکر نے بھی ان سے برادرانہ سلوک کیا اور ان کی اپنی درخواست پر ۱۸٦٦ء میں بمد مصاحبت ستر روپے ماہوار پر داروغۂ اصطبل و فراش خانہ کے عہدے پر مامور کر دیا] ۔ اس سال کے آخر میں انھیں نواب صاحب کی رفاقت میں کلکتے جانے اور چند برس بعد (۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ - ۱۸۷۳ء) ان کے ملازمین میں شریک ہو کر فریضۂ حج ادا کرنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی ۔ اس زمانے میں رام پور میں کئی ممتاز شعرا، مثلاً امیر، جلال وغیرہ، جمع تھے (دیکھیے نگار، ص ٦۴) اور داغ کو ان کی صحبت میں چمکنے کا خوب موقع ملا ۔ [داغ کے قیام رام پور کا ایک اہم واقعہ منی بائی حجاب سے ان کی محبت کا ہے، جس کا ذکر انھوں نے اپنی مثنوی فریاد داغ (۱۸۸۰ء) میں کیا ہے] ۔ نواب کلب علی خاں کی وفات (۲۳ مارچ ۱۸۸۷ء) پر محفل شعر وسخن درہم برہم ہوگئی اور ارباب علم وفن رام پور سے رخصت ہونے لگے ۔ داغ بھی اپنی ملازمت سے مستعفی ہو گئے (جولائی ۱۸۸۷ء) اور چند

marfat.com
Marfat.com

ماہ بعد (دسمبر ۱۸۸۷ء) تقریباً بائیس برس تک ریاست کی ملازمت کرنے کے بعد رام پور سے دہلی چلے آئے۔ یہاں سے وہ حیدرآباد دکن پہنچے (اپریل ۱۸۸۸ء)۔ چند برس بعد (۲۶ جمادی الآخرۃ ۱۳۰۸ھ / ۶ فروری ۱۸۹۱ء) وہ نظام (محبوب علی خان) کے استاد مقرر ہوے (۱۳۰۹ھ/۱۸۹۱ء) اور حیدرآباد آنے کی تاریخ سے لے کر ۴۵۰ روپے ماہانہ (سکہ ریاستی) تنخواہ مقرر ہو گئی، جو ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء میں بڑھا کر ایک ہزار روپیہ کر دی گئی اور مزید انعام و اکرام بھی عطا ہوے۔

۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء میں نظام کی طرف سے انھیں بلبل ہندوستان، جہاں استاد، ناظم یار جنگ، دبیرالدولہ، فصیح الملک نواب میرزا خاں داغ، کے خطابات ملے (معلوم ہوتا ہے کہ وہ دستخط میں اپنا نام صرف "فصیح الملک داغ دہلوی" لکھا کرتے تھے، دیکھیے نوری، مقابل ص ۱۲)۔

داغ کے اکلوتے بیٹے کا انتقال رام پور ہی میں ہو گیا تھا۔ اس کے بعد انھوں نے ایک لڑکی لاڈلی بیگم کو اپنی بیٹی بنا لیا، جن کی شادی پہلے لوہارو کے ممتاز الدین خاں سے اور ان کی وفات پر سراج الدین خاں سائل سے ہوئی۔ [بیگم سائل نے ۱۹۶۳ء میں بمقام لاہور وفات پائی]۔

[۱۸۹۷ء میں داغ کی بیگم کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد ان کی صحت روز بروز بگڑتی گئی]۔ ۹ ذوالحجہ ۱۳۲۲ھ/۱۴ فروری ۱۹۰۵ء کو انھوں نے بعارضۂ فالج وفات پائی اور عید کے دن حیدرآباد میں مدفون ہوے۔ "نواب میرزا داغ" [اور "فصیح الملک داغ"] سے ان کی تاریخ وفات نکلتی ہے۔ داغ لمبے قد کے آدمی تھے، چہرے پر کسی قدر چیچک کے داغ تھے، رنگ سانولا تھا اور ڈاڑھی رکھتے تھے۔ آپ ایک باوقار اور شگفتہ شخصیت کے مالک تھے۔ مزاج کا احساس لطیف رکھتے تھے، عادات و اطوار نوابانہ تھے اور موسیقی سے انتہائی شغف تھا۔

تصانیف: داغ نے چار یا پانچ دیوان مرتب کیے۔ کہا جاتا ہے کہ پہلا دیوان، جو ۱۸۵۷ء تک ان کے قیام دہلی کے دور کی غزلیات پر مشتمل تھا، ضائع ہو گیا، لیکن بعد ازاں داغ نے حافظے کی مدد سے اسے جزوی طور پر دوبارہ لکھا (نوری، ص ۸۹)۔ بعض دوسرے لوگوں کا بیان ہے کہ یہ دیوان مسودے کی صورت میں ان کے پاس تھا اور اس کے حواشی پر ذوق کی اصلاحات درج تھیں۔ دوسرے دیوان یہ ہیں: گلزار داغ، رامپور ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸-۱۸۷۹ء؛ آفتاب داغ، لکھنئو ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء؛ مہتاب داغ، حیدر آباد دکن ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۳ء؛ یادگار داغ، جو ۱۳۱۰ھ سے لے کر ان کے سال وفات ۱۳۲۲ھ تک کے کلام پر مشتمل ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مؤخرالذکر دیوان کھو گیا تھا اور شائع نہیں ہوا (وقائع دہلی، ۲: ۵۱۴ ببعد)۔ داغ کے شاگرد احسن مارہروی نے جو کچھ دستیاب ہو سکا جمع کر کے ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۵ء میں یادگار داغ شائع کیا (کاظمی، ص ۲۰۸) اور اس کا ایک ضمیمہ لالہ سری رام (مؤلف خمخانۂ جاوید) نے لاہور میں چھپوا کر دہلی سے شائع کیا۔ مندرجۂ بالا پانچ دواوین میں ۱۴۸۰۰ اشعار ہیں، جو بیشتر غزل کی صورت میں ہیں، تاہم ان میں قصائد و رباعیات وغیرہ بھی شامل ہیں (کاظمی، ص ۲۱۰)۔ داغ نے ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۲ء میں ایک مثنوی معروف بہ فریاد داغ بھی شائع کی تھی۔ انھوں نے ایک دیوان محاورات (ایک ہزار سے زیادہ اشعار) بھی مرتب کیا تھا، جسے ان کے اعزہ نے آصف جاہ ششم کی نذر کر دیا۔

نثر داغ: (۱) انشاے داغ، ان کے مکتوبات، طبع احسن مارہروی، دہلی ۱۹۴۱ء؛ (۲) فرمان داغ، ان کے ذاتی خطوط، طبع رفیق بن احسن مارہروی، لکھنئو ۱۹۵۶ء۔ اس سلسلے میں (۳) بزم داغ، لکھنئو ۱۹۵۶ء، کا ذکر بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک روزنامچہ ہے، جسے احسن مارہروی اور افتخار عالم

Marfat.com

مارہروی نے، جو ۱۵ اگست ۱۸۹۸ء سے لے کر تقریباً چار برس تک داغ کے ساتھ مقیم رہے، مرتب کیا ہے ۔ ان تصانیف کے مستند ہونے کے بارے میں شبہات کا اظہار بھی کیا جاتا رہا ہے (دیکھیے تمکین کاظمی : داغ، ص ۱۶۲ ببعد).

کلام داغ کے کئی انتخابات بھی منظر عام پر آ چکے ہیں، مثلاً منتخب داغ، الٰہ آباد ۱۹۳۹ء؛ بہار داغ، لاہور ۱۹۰۰ء؛ کمال داغ، مطبوعۂ آگرہ اور دیوان داغ یا انتخاب داغ، مطبوعۂ لکھنؤ.

داغ کا فن: داغ اپنی زبان کی پاکیزگی اور دلفریبی، کلام کی روانی اور بےساختگی اور اسلوب کی سادگی و نفاست کے لیے مشہور ہیں اور یہ سب صفات غزل کے لیے بالخصوص موزوں ہیں ۔ واردات حسن و عشق اور دیگر تجربات زندگی کا وہ جس فنکارانہ اور حقیقت پسندانہ انداز سے اظہار کرتے تھے اس کا اثر سامعین پر براہ راست اور بڑا گہرا ہوتا تھا ۔ زبان پر انھیں بڑی قدرت حاصل تھی ۔ محاورات اور امثال کا وہ اکثر نہایت برمحل استعمال کرتے تھے ۔ انھیں استادی کا درجہ حاصل تھا (قب ولی محمد خاں : محاورات داغ، دہلی ۱۹۴۴ء، جس میں مؤلف نے ۴۶۴ محاورات جمع کرکے انھیں باعتبار حروف تہجی ترتیب دیا ہے اور ان کی مجمل تشریح اور اشعار داغ سے ان کی سند پیش کی ہے ۔ اس سے قبل فصیح اللغات میں انھیں خطوط پر احسن مارہروی کی کوشش نامکمل رہی اور صرف چند ایک محاورات ہی مجلۂ فصیح الملک کے بعض شماروں میں شائع ہو پائے) ۔ داغ نے اردو شاعری بالخصوص غزل پر بڑا گہرا اثر چھوڑا ہے ۔ غزل کو انھوں نے ایک بار پھر بنیادی طور پر اظہار جذبات کا ذریعہ بنا دیا اور اس میں ایسی آسان اور سادہ زبان اختیار کی جو عربی و فارسی کے ان غیر مانوس اور سماعت پر گراں گزرنے والے الفاظ سے پاک تھی جنھیں ناسخ و آتش کے دبستان سخن نے فروغ دیا تھا (قب نگار، ص ۱۹)

حقیقت یہ ہے کہ ان کے نزدیک اردو ایک ایسی زبان تھی جو فارسیت سے پاک ہو (اچھی اردو شاعری کے بارے میں داغ کے تصور کے لیے دیکھیے نوری، ص ۶۵، ۱۷۰؛ قب جلوۂ داغ، ص ۱۴۲) ۔ ان کی ادبی زندگی کے تین ادوار میں سے قدیم ترین دور ہنگامۂ ۱۸۵۷ء کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے ۔ ان کے کلام کی بعض ممتاز خصوصیات اس دور کے کلام ہی میں جھلکنے لگی تھیں، یعنی پر وقار، واضح، سادہ، شگفتہ اور پر زور انداز بیان اور بیباکی خیال ۔ دور ثانی یا دور رامپور میں یہ خصوصیات اور زیادہ ترقی پذیر ہوئیں اور یہی ان کا بہترین دور ہے ۔ ان کا طرز بیان ایسا شیریں اور دلکش ہے کہ اس کی مثال اردو شاعری میں بہت کم نظر آتی ہے ۔ وہ اپنے خیالات و جذبات کو جس انوکھے، ڈرامائی اور بےباکانہ انداز سے جامۂ الفاظ پہناتے تھے اس کی نظیر دوسرے شعرا کے ہاں شاذ و نادر ہی ملتی ہے (کمال داغ، ص ۵۰ ببعد) ۔ کلام داغ کے یہ امتیازی محاسن گلزار داغ اور آفتاب داغ میں پوری طرح موجود ہیں ۔ ان کے تیسرے اور آخری دور کا تعلق ان کے قیام حیدر آباد دکن سے ہے، جسے ان کا دور انحطاط کہنا چاہیے، اگرچہ زبان ویسی ہی صحیح، ویسی ہی غیرمبہم اور ویسی ہی ہموار ہے اور عبارت‌آرائی بھی استادانہ ہے، لیکن اس کے سوا اور کچھ بھی نہیں ۔ آخری ایام میں انھیں اپنے اشعار میں محاورات استعمال کرنے کا ضرورت سے زیادہ شوق ہو گیا تھا ۔ اس دور کی خصوصیات یادگار داغ میں نمایاں ہیں ۔ عشقیہ شاعری میں داغ کا نصب العین (کسی حد تک) عامیانہ اور مبتذل تھا، جس کی بعض لوگوں نے سخت مذمت کی ہے (قب چکبست : مضامین چکبست، الٰہ آباد ۱۹۳۶ء ص ۶۹ ببعد)، لیکن در اصل ان کی شاعری زیادہ تر ان کے زمانے کے فرسودہ معاشرے کے عام رجحانات کی آئینہ دار ہے :

ہندوستان کے طول و عرض میں ان کے بے شمار

marfat.com
Marfat.com

شاگرد پہلے ہوے تھے (جلوۂ داغ، ص۱۲۵ ؛ نگار، ص ۲۵: ۱۳۱)، جس سے ان کے اسلوب کی انتہائی مقبولیت کا پتا چلتا ہے (لیکن دیکھیے مرآۃ الشعراء، ۲ : ۳۶).

**مآخذ** : (۱) میرزا قادر بخش صابر دہلوی: **گلستان سخن** (تصنیف ۱۲۷۰ - ۱۲۷۱ھ)، دہلی ۱۲۷۱ھ، ص ۲۲۰؛ (۲) عبدالغفور خان نسّاخ : **سخن شعراء** (مرتبۂ ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۲ء تا ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء)، نولکشور پریس ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء، ص ۱۵۷ ؛ (۳) امیر احمد مینائی : **انتخاب یادگار** (مرتبۂ ۱۲۸۹-۱۲۹۰ھ/۱۸۷۲ - ۱۸۷۳ء)، چاپ سنگی ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء، ۲: ۱۲۸؛ (۴) سید نورالحسن : **طور کلیم** (مرتبۂ ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء)، آگرہ ۱۲۹۸ھ/۱۸۸۱ء، ۱ : ۳۱؛ (۵) سید علی حسن : **بزم سخن** (مرتبۂ ۱۲۹۷ھ)، آگرہ ۱۲۹۸ھ، ص ۴۶؛ (۶) علی نجف رامپوری : **غنچۂ ارم** (مرتبۂ ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ - ۱۸۸۲ء)، کلکتہ ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳-۱۸۸۴ء، ص ۸۸؛ (۷) صفیر بلگرامی : **تذکرۂ جلوۂ خضر**، آرہ ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء، ۱ : ۲۶۶؛ (۸) علی احسن مارہروی: **جلوۂ داغ** (مؤلفۂ ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء)، حیدر آباد ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء؛ (۸) نثار علی شہرت دہلوی : **آئینۂ داغ** ، لاہور ۱۹۰۵ء؛ (۹) عبدالجبار خاں صوفی ملکاپوری: **محبوب الزمن** (تذکرۂ شعراے دکن، مرتبۂ ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء)، حیدرآباد دکن ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء، ۱ : ۴۱۷؛ (۱۰) سری رام دہلوی: **خمخانۂ جاوید** (مرتبۂ ۱۹۱۵ء - ۱۹۱۶ء)، دہلی ۱۹۱۷ء، ۳ : ۱۰۴ تا ۱۳۶ ؛ (۱۱) راس مسعود : **انتخاب زرین** (مرتبۂ ۱۹۱۲ء)، مطبوعۂ بدایوں، ص ۱۷۵؛ (۱۲) طالب الٰہ آبادی ، در اردو (سہ ماہی)، اورنگ آباد ، اپریل - جولائی ۱۹۳۱ء؛ (۱۳) جمیل احمد : **اردو شاعری**، نولکشور پریس ۱۹۳۱ء، ص ۱۶۱ تا ۱۶۵؛ (۱۴) عبدالحی : **گل رعنا** (مرتبۂ ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ - ۱۹۲۲ء)، اعظم گڑھ ۱۳۷۰ھ، ص ۴۱۷؛ (۱۵) عبدالسلام ندوی : **شعر الہند** ، مطبوعۂ اعظم گڑھ، ۱: ۳۰۱ تا ۳۲۳؛ (۱۶) رام بابو سکسینہ: ***A History of Urdu Literature***، الٰہ آباد ۱۹۴۰ء (اردو ترجمہ از مرزا محمد عسکری: **تاریخ ادب اردو**، مطبوعۂ نولکشور، ص ۲۶۳ تا ۴۴۳)؛ (۱۷) جلال الدین احمد جعفری: **تاریخ مثنویات اردو**، مطبوعۂ الٰہ آباد، ص ۲۱۸ تا ۲۲۰؛ (۱۸) حامد حسن قادری: **کمال داغ**، آگرہ ۱۹۳۵ء؛ (۱۹) عبدالشکور شیدا حیدرآبادی: **بیاض سخن** (مرتبۂ ۱۳۵۵ھ/۱۹۳۶ء)، حیدرآباد ۱۹۳۶ء، ص ۱۶۲ ؛ (۲۰) نور اللہ محمد نوری : **داغ** ، حیدر آباد ۱۳۵۵ھ؛ (۲۱) سیماب اکبر آبادی : **حیات داغ** ؛ (۲۲) عبدالقادر سروری : **اردو مثنوی کا ارتقا** ، (مرتبۂ ۱۳۵۸ھ/۱۹۳۰ء)، حیدرآباد ، ص ۱۲۳ ؛ (۲۳) شیخ عبدالقادر : ***Famous Urdu Poets and Writers*** ، لاہور ۱۹۴۷ء، ص ۸۸ تا ۱۰۶؛ (۲۴) بشیر الدین احمد دہلوی : **واقعات دارالحکومت دہلی**، ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء، ۲ : ۴۷۴ تا ۴۹۵؛ (۲۵) محمد یحیی تنہا : **مرآۃ الشعراء**، لاہور، ۱۹۵۰ء، ۲ : ۳۳ تا ۴۵؛ (۲۶) ماہنامۂ **نگار**، داغ نمبر، مرتبۂ نیاز فتح پوری، لکھنؤ ۱۹۵۳ء؛ (۲۷) رفیق مارہروی : **بزم داغ** ، لکھنؤ ۱۹۵۶ء؛ (۲۸) آفتاب احمد صدیقی: **کلہاے داغ** ، ڈھاکہ ، ۱۹۵۸ء؛ (۲۹) مولانا عرشی رامپوری : **کچھ داغ کے متعلق** (۱۹۵۸ء ، مخطوطہ)؛ (۳۰) وحید قریشی : **داغ** (۱۹۵۸ء ، مخطوطہ) ؛ (۳۱) تمکین کاظمی : **داغ** ، لاہور ، ۱۹۶۰ء؛ [(۳۲) سید نذیر نیازی : **بہار داغ** ، لاہور ۱۹۴۶ء؛ (۳۳) فرحت ناہید : **داغ** ، تحقیقی مقالہ براے ایم ۔ اے (اردو)، مخطوطہ، در کتاب خانۂ جامعۂ پنجاب ، لاہور] .

(محمد شفیع)

**داغستان** : "پہاڑوں کی سرزمین"، یہ نام ایک غیرمعمولی لغوی نوعیت کا حامل ہے ، کیونکہ یہ ترکی لفظ داغ [=طاغ] بمعنی پہاڑ اور ایک ایسے لاحقے کا مجموعہ ہے جو فارسی زبان میں ملکوں کے ناموں کو متمیز کرتا ہے۔ بظاہر یہ نام دسویں / سولھویں صدی میں پہلی مرتبہ وجود میں آیا تھا۔ اب اس کا نام خود مختار سوویٹ سوشلسٹ جمہوریۂ داغستان (R.S.F.S.R.) ہے ، جس کا رقبہ انیس ہزار پانچ سو مربع میل ہے - ۱۹۵۶ء میں اس کی آبادی نو لاکھ

Marfat.com

[illegible] ہزار [illegible] اجو ۱۹۶۶ء میں سوا تیرہ لاکھ ہو گئی [illegible] یہ جمہوریت دو بالکل علیحدہ حصوں سے [illegible] ہے: (۱) قفقاز کا پہاڑی سلسلہ اور (۲) بحیرۂ [illegible] کے اس طرف کے وسیع میدان جو شمال میں دریائے [illegible] Terek اور دریائے کما Kuma سے محدود [illegible] اور جنوب میں ایک طرف دریائے سمر اور دوسری طرف دریائے کُرا Kura کے ایک معاون دریا (اَلزَن Alazan) سے۔

[illegible] سے پہلے داغستان کا پہاڑی حصہ اور [illegible] کے قریب کا میدانی علاقہ کبھی بھی زیادہ [illegible] کے لیے کسی ایک قوم یا حکمران خاندان کے [illegible] اقتدار [illegible] نہیں ہوئے تھے۔ خود ساحلی میدان [illegible] سے دو حصوں میں منقسم ہو جاتا ہے، جو [illegible] کلومیٹر چوڑا ہے۔ اس کا جنوبی حصہ زیادہ تر [illegible] کی تہذیب یافتہ ریاستوں کے قبضے میں رہا، [illegible] شمالی حصہ جنوبی روس کی خانہ بدوش [illegible] کے قبضے میں تھا۔ تاریخی زمانے کے آغاز سے [illegible] پہاڑی حصے کی آبادی کی نسلی خصوصیات پر نہ تو [illegible] لوگوں نے کوئی اہم اثر ڈالا ہے، نہ شمال [illegible] روسی اقتدار کے قائم ہونے سے پہلے [illegible] کو مستقل طور پر [illegible] وقتاً فوقتاً یہ لوگ [illegible] حصوں پر قابض ہوتے رہے، [illegible] ان قوموں [illegible] سیاسی تعلق [illegible]

[illegible] کا جنوبی حصہ [illegible] حصے کے شمال میں [illegible] کے درمیان [illegible] چھوٹے چھوٹے قبیلے [illegible] Strabo [illegible] یا [illegible] ایران کو [illegible] ہوئے،

خانہ بدوش قبائل کے خلاف درۂ دربند کی محافظت کرنی پڑی۔ عرب فاتحین نے ان علاقوں کو جس حالت میں پایا اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ساسانی سلطنت کی ثقافت اور شاید مزدکی مذہب نے بھی آس پاس کے پہاڑی باشندوں پر کچھ اثر ڈالا تھا۔ ان ممالک کے بعض امرا ایرانی القاب سے ملقب تھے، مثلاً طبرسران شاہ، جو دربند کے مغرب میں ایک ضلع کا حاکم تھا۔ طبرسران میں مشہور زرہ ساز موسوم بہ زِرِیہ گران (فارسی لفظ زریہ، بمعنی چار آئینہ، سے) بھی رہتے تھے، جن کی رسوم تجہیز و تکفین کو عبدالحمید الاندلسی (تحفۃالالباب، طبع A. Ferrand، در JA، عدد ۲۰۷ (۱۹۲۵ء)، ص ۸۲ - ۸۳؛ نیز متن، در Barthold : *Zapiski Vostoč Otdel. Arkheol Obshčestva*، ۳ : ۱۰۴) اور بعض دوسرے لوگوں نے بیان کیا ہے۔ ان رسوم کی ابتدا بظاہر ایران کے مذہبی اثرات کا نتیجہ تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیت البانیا میں چوتھی اور پانچویں صدی میں پھیلنی شروع ہوئی اور وہاں سے داغستان کے میدانوں میں اور پہاڑی قبائل تک پہنچی۔

داغستان کے شمال میں عرب افواج کی کامیابی کے باوجود، بالخصوص جب خلیفۂ ہشام (۱۰۵ھ/۷۲۴ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) کے عہد میں مَسْلَمہ بن عبدالملک نے پہلی مرتبہ دربند میں ایک حد تک عرب اقتدار قائم کیا، اس شہر نے ساسانیوں کے دور کی طرح عربوں کے زمانے میں بھی ایک سرحدی قلعے کے طور پر اپنی اہمیت بہرصورت قائم رکھی۔ دوسرے مقامات کی طرح وہاں بھی عربوں کی فتح کے بعد عسایہ قبائل کے ساتھ تعلقات میں مزید گہرائی پیدا ہو گئی۔ یقیناً ہمہ باہمی روابط کے اسی احیا سے جن لوگوں نے سب سے پہلے فائدہ اٹھایا وہ عیسائی اور یہودی تھے؛ مسلمانوں کی باری بعد میں آئی۔ قبیلۂ خزر کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ انھوں نے رسمی طور پر [illegible] Sabak سوم (۱۷۶۹ تا ۲۰۳ء) کے زمانے میں

marfat.com

Marfat.com

عیسائیت قبول کی - ھارون الرشید (۱۷۰ھ/۷۸۶ء تا ۱۹۳ھ/۸۰۹ء) کے عہد میں یہودی اس قبیلے کے حاکم اور رؤسا کو اپنے مذہب کا پیرو بنانے میں کامیاب ہو گئے .

قومیت یا نسل کے اعتبار سے داغستان کی تقسیم اور اس ملک میں تینوں مذاهب کی اشاعت کے بارے میں چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی کے جغرافیہ‌نویس ہمیں صحیح معلومات مہیا کرتے ھیں - اس وقت عرب دربند کے علاوہ آس پاس کے قلعوں پر بھی قابض تھے، جو بقول المسعودی، (۲ : ۴۰) شہر سے صرف ایک فرسخ یا تین میل کے فاصلے پر واقع تھے - ایک مسلمان، جو دربند کے امیر عبدالملک کا خواہر زادہ تھا، طبرسران پر حکمران تھا - ابن رُسْتہ (طبع ڈخویہ، ص ۱۴۷ ببعد) بیان کرتا ھے کہ همسایہ سلطنت خَجران کا فرمانروا بیک وقت تینوں مذاهب کا پابند تھا : وہ جمعے کے دن مسلمانوں کے ساتھ نماز میں شریک ہوتا، ہفتے کے دن یہودیوں کی عبادت میں شرکت کرتا اور اتوار کے دن عبادت میں عیسائیوں کا ساتھ دیتا تھا - المسعودی (مُرُوج، ۲ : ۳۹) نے اس امیر کو مسلمان بتایا ھے - اس کے متعلق یہاں تک کہا جاتا تھا کہ اس نے ایک شجرۂ نسب بنوایا تھا، جس سے اس کا تعلق عرب نسل سے ظاہر ہوتا تھا، تاہم وہ اپنے ملک میں تنہا ایسا شخص تھا جو مشرّف بہ اسلام ہوا، البتہ شمال کی طرف اور آگے ایک مسلم بَرْزْبان (کذا، مرزبان؟) قبیلۂ گرج کے امیر کی حیثیت سے حکمران تھا . . . .

بظاہر عربوں نے جنوبی داغستان کے لوگوں کو لکز (Lezgians) کے نام سے موسوم کیا ھے، جن کی جغرافیائی سکونت کہیں بھی انھوں نے یقین سے ظاہر نہیں کی - بقول البلاذُری (طبع ڈخویہ D. Goeje، ص ۲۰۸) قبیلۂ لکَزْ کا علاقہ اس میدان میں واقع تھا جو سَمُرہ سے لے کر موجودہ داغستان کے جنوب میں شابیران تک پھیلا ہوا تھا - اس کے برعکس بقول المسعودی (مُرُوج، ۲ : ۵) قبیلۂ لَکْز کے افراد اس خطے کے بلند ترین پہاڑوں میں رہتے تھے- ان میں وہ "کافر" بھی شامل تھے جو شروان کے امیر کے ماتحت نہیں تھے - ابتدا میں روسیوں نے لَکْزوں کا نام شمالی علاقوں یا تاولی (از ترکی تاو، بمعنی پہاڑ) کے کوھستانیوں کے مقابلے میں صرف جنوبی داغستان کے قبائل کے لیے استعمال کیا .

آئندہ صدیوں میں اسلام کی ترقی کی رفتار داغستان میں بظاہر دھیمی رھی - ۳۵۴ھ/۹۶۵ء میں روسیوں نے الخَزَر کے اقتدار کو درہم برہم کر دیا - پھر خود اس ریاست کے جنوبی حصے کو جنگ کی تباہ کاریوں کا سامنا کرنا پڑا - بظاہر عیسائی الن Alans ایسے لوگ تھے جنھوں نے اس ہیجان سے فائدہ اٹھایا کیونکہ ان کی قلمرو چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی کے مقابلے میں مغول فتح کے وقت مشرق کی طرف بہت زیادہ دور تک پھیلی ہوئی تھی - بقول ابن الأثیر (۱۲ : ۲۵۲) ان ممالک میں مغول کی پہلی تاخت کے دوران ان کا مقابلہ در بند کے شمال میں سب سے پہلے قبیلۂ لکز کے افراد سے ہوا، جن میں اس وقت "مسلمان" اور غیر مسلم دونوں شامل تھے، پھر شمال ھی میں اور آگے بعض دوسرے نیم مسلم قبائل سے ہوا جو آوَر (Avars) قبائل کے آبا و اجداد تھے اور آخر میں وہ اَلَن قبائل سے دو چار ہوے - William of Rubruk کے بیان کے مطابق، جس نے نومبر ۱۲۵۴ء میں ان ممالک کی سیاحت کی تھی، یہاں کے پہاڑوں میں عیسائی الن آباد تھے اور "پہاڑوں اور سمندروں کے درمیان" عرب لکزی (Saracen Lezgians) یعنی مسلمان رہتے تھے، تاہم خود Rubruk نے در بند کے شمال میں صرف ایک دن کی مسافت پر واقع ایک قلعے کو الن کا قلعہ (Castellum Alanarum) کے نام سے موسوم کیا ھے - اس وقت تک مغول ان قبائل کو زیر کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے -

Marfat.com

ابھی یہ ضروری تھا کہ ان درّوں کی حفاظت فوج کے مخصوص دستوں کے سپرد کی جائے جن سے پہاڑوں میں سے میدان میں اترنے کا راستہ جاتا تھا تاکہ وسیع سبزہزاروں میں چرنے والے مویشیوں کے ریوڑ کوھستانیوں کی تاخت سے محفوظ رہیں (قب *Rubruk's* :Fr. M. Schmidt *Reise*، برلن ۱۸۸۵ء، ص ۸۳ ببعد) .

تیرھویں اور چودھویں صدی میں درّۂ دربند تک پھیلے ھوے خطے کے علاوہ اس شہر کے جنوب میں واقع علاقوں کا ایک حصہ بھی آلتون اردو کی سلطنت کا ایک جزو تھا ـ تیمور کی مہمات (۷۹۷ھ/۱۳۹۵ء ۷۹۸ھ/۱۳۹۶ء) کی تاریخ میں داغستان کے دو بڑے قبیلوں، یعنی قبیلۂ قیتاق (یا قیتاغ) اور قبیلۂ قازی قوموق (اب لَکز) کے نام پہلی مرتبہ اپنی موجود شکلوں میں ظاھر ھوتے ھیں ـ قیتاق کا علاقہ، جو درۂ دربند سے ملا ھوا تھا، تختمش کی سلطنت میں شامل تھا ـ شرف الدین یزدی (ظفرنامہ، مطبوعۂ ھند، ۱ : ۷۴۲ ببعد) قیتاق کے بارے میں لکھتا ھے کہ یہ لوگ لا مذھب یا بد کیش (اوھام پرست) ھیں، جس سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ وہ اس وقت تک دائرۂ اسلام میں داخل نہیں ھوے تھے ـ بقول باربرو (Barbaro (Ramusio: *Viaggi*، ۲ : ۱۰۹ الف) پندرھویں صدی عیسوی تک بھی قیتاق میں بہت سے یونانی ارمن یا رومن کیتھولک عیسائی تھے ـ اس کے برعکس قیتاق کا امیر خلیل بیگ، جس کا ذکر Afanasid Nikitin نے اپنی سیاحت (۱۴۶۶ء) کی سرگزشت میں کیا ھے، ایک اسلامی نام سے موسوم تھا .

قازی قوموق قبیلے کے لوگ مسلمان تھے اور انھیں ان کے گرد و پیش کے بیدین لوگوں کے خلاف اسلام کا علمبردار تصور کیا جاتا تھا ـ ان کا امیر شَوکَل کہلاتا تھا ـ قازی قوموق کے علاقے کے شمال میں اَشکُوجہ (موجودہ دَرغین) رھتے تھے، جو اس وقت تک مسلمان نہیں ھوے تھے ـ تیمور کی مہمات کے بیان میں شہر تَرقی کا ذکر بھی آیا ھے ـ قازی قوموق اور قیتاق کے درمیان، یعنی موجودہ علاقۂ کوبچی (Kabeci) میں زریہ گراں آباد تھے، جنھوں نے آھنگروں کے طور پر اپنی قدیم شہرت برقرار رکھی تھی اور اپنے ھاتھ کے بنائے ھوے زرہ بکتر فاتح کی نذر کیے تھے .

تیموری فتح اور عثمانی تسلّط (از ۸۶۵ھ/۱۴۶۱ء تا ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء) کے زمانے میں داغستان میں اسلام کو مزید فروغ حاصل ھوا ـ دسویں صدی ھجری / سولھویں صدی عیسوی کے آغاز سے داغستان کی بے دین آبادیاں مشرف بہ اسلام ھو گئیں ـ اسی دور میں دَرغنہ (اَشکُوجہ) کے لوگوں اور قیتاق کے قبیلے کے علاوہ بتدریج اھلِ آوَر نے اسلام قبول کر لیا؛ لیکن پندرھویں صدی کے پورے عرصے میں ان کے درمیان عیسائیت کا وجود بھی باقی رھا، بحالیکہ اَنْدی (Andis) اور ددو Didos قبیلے لامذھب ھی رھے ـ بیشتر زریہ گران (Kubačis) پندرھویں صدی میں مسلمان ھوے تھے، لیکن ان میں سے بعض ایسے بھی تھے جو اٹھارھویں صدی کے اختتام تک عیسائیت ھی کے پیرو رھے ـ تیموری دور کے بعد لکزوں نے بھی اسلام قبول کر لیا تھا ـ قبول اسلام اس زمانے میں داغستان کے تاریخی ارتقا کا واحد پہلو نہیں تھا بلکہ اس میں ھمیں جاگیرداری پر مبنی ریاستوں کی تشکیل کو بھی شامل کرنا چاھیے، جس نے داغستان کو ایک ایسا سیاسی نظام مہیا کر دیا جو انیسویں صدی عیسوی تک قائم رھا .

جاگیردارانہ ریاستیں، جو اس وقت ظہور میں آئیں یا جن کی نشو و نما اس زمانے میں ھوئی، دعوٰی کرتی رھی ھیں کہ ان کی ابتدا عربوں کی فتح سے ھوئی، لیکن ایسے دعاوی آج کل شدت سے معرض بحث میں ھیں .

تیمور کی مہمات کے بیان سے یہ صاف طور پر ظاھر ھوتا ھے کہ عثمانی ترکوں نے اپنے مختصر تسلط کے دوران داغستان کو جس حالت میں پایا اس کا آغاز

marfat.com

Marfat.com

نویں دسویں صدی ہجری/پندرھویں سولھویں صدی عیسوی سے ہوتا ہے ۔ مسلمان قبائل سب کے سب یہ دعوٰی کرتے ہیں کہ انھیں ابومسلم نے مشرف بہ اسلام کیا تھا اور ان کے امیروں کا یہ دعوٰی ہے کہ وہ ان والیوں کی اولاد ہیں جن کا تقرر اس نے داغستان میں کیا تھا ۔ "معصوم" کا لقب، جو طبرسران کے امیر نے اختیار کیا، عربی کا معروف لفظ معصم ہے اور اس طرح قیتاق اوسمی ("نامور" از اسم = نام) اور قازی قوموق کے شامخال کے لیے عربی اشتقاقات وضع کر لیے گئے ۔ شامخال کے لفظ کے بارے میں دعوٰی کیا گیا کہ یہ شام (ملک شام) سے مأخوذ ہے ۔ اس لفظ کے لیے ایک اور اصل بھی دریافت کرلی گئی، یعنی شاہ بعل ۔ یہ چیز غیرممکن نہیں ہے کہ اس قسم کے اشتقاقات نے بھی زیر بحث القاب کے تلفظ پر کچھ اثر ڈالا ہو ۔ بظاہر یہ امر محض اتفاق کا نتیجہ نہیں کہ قازی قوموق کے امیر کا لقب قدیم ترین روسی دستاویزوں میں بھی اس شکل (شیوقل یا شوقل) میں پایا جاتا ہے جو شرف الدین یزدی (ظفر نامہ) میں موجود ہے ۔ ظاہر ہے کہ ایرانیوں اور روسیوں نے ایک دوسرے کی تقلید کے بغیر شامخال کو بگاڑ کر شوقل نہیں بنایا ہوگا ۔ اس سے زیادہ قرین قیاس یہ ہے کہ اس لقب کی موجودہ شکل مذکورۂ بالا اشتقاق کے اثر سے وجود میں آئی ۔ شامخال کی رعایا، یعنی قازی قوموق، یہ دعوٰی کرتے تھے کہ ابومسلم کے زمانے میں وہ حامیان دین کے طور پر ممتاز تھے اور انھوں نے عربوں سے "غازی" یا فاتحین کا لقب حاصل کر لیا تھا ۔

تین بڑی جاگیری ریاستیں، یعنی قازی قوموق کی شامخالت، قیتاق کی اوسمیت، اور طبرسران کی معصومت، نویں ۔ دسویں صدی ہجری /پندرھویں ۔ سولھویں صدی عیسوی میں داغستان پر حاوی تھیں ۔

پہلا تاریخی قیتاق امیر، جس نے اوسمی کا لقب اختیار کیا، بظاہر احمد خان تھا ۔ اس کی وفات ۹۹۶ھ/ ۱۵۸۷ - ۱۵۸۸ء میں ہوئی ۔ اس کی بابت مشہور ہے کہ اس نے مجالیس نامی گاؤں کی تأسیس کی جہاں عوام کے نمائندے اپنے معاملات کے بارے میں مشورہ کرنے کے لیے جمع ہوتے تھے ۔ اس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس نے رائج العام قانون کے قواعد و ضوابط کو ایک دستور کی شکل میں یکجا کرنے کا حکم دیا جس کی پابندی کرنا ججوں یا قاضیوں کے لیے لازمی تھا ۔ یہ ایک ایسا اقدام تھا جسے آثار داغستان کے مصنف میرزا حسن آفندی نے ایک ("جسارت عظیمہ") تصور کیا ہے ۔

گیارھویں صدی کے وسط کے قریب (۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء) قیتاق قبیلے کے کچھ لوگ اپنے ہم قوموں سے علیحدہ ہو گئے اور جنوبی علاقوں کی طرف چلے گئے ۔ ان تارکین وطن کا سربراہ حسین خان سالیان اور کوبہ میں ایک نئی ریاست قائم کرنے میں کامیاب ہو گیا ۔ ترکی سیاح اولیا چلبی (سیاحت نامہ، ۲ : ۲۹۱ ببعد) نے ان تارکین وطن سے ۱۰۵۷ھ/۱۶۴۷ء میں شکی (موجودہ نُخَہ) اور شماخی کے درمیان ملاقات کی تھی ۔ اولیا چلبی کی مرتبہ فرہنگ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آج کل کی طرح قیتاق اس وقت لگزی (Lezgian) بلکہ مغول زبان بولتے تھے ۔

قبیلۂ قازی قوموق (موجودہ قبیلۂ لَکز) کے شامخال امیروں نے رفتہ رفتہ اپنی حکومت شمال مشرق کے پہاڑوں سے آگے ترکی علاقے (قمیق) کے اندر ساحل تک پھیلا دی ۔ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں یہ امیر معمولاً جاڑے کا موسم ساحلی میدان کے ایک گاؤں بیوناق (Bünük) میں اور موسم گرما ایک پہاڑی مقام کمغ میں بسر کرتے تھے ۔ ۹۸۶ھ/۱۵۷۸ء میں شامخال چوپان نے بیوناق میں وفات پائی، جس پر اس کے مقبوضات اس کے بیٹوں میں تقسیم ہو گئے ۔ قدرتی طور پر اس تقسیم سے خاندان کے اقتدار میں کمزوری پیدا ہوگئی ۔ قازی قوموق کے لوگوں نے،

Marfat.com

جو پہاڑوں میں رہتے تھے، بتدریج اپنے آپ کو حکمران خاندان سے مکمل طور پر آزاد کرنا شروع کر دیا۔ ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹-۱۶۴۰ء میں شامخال سرخائی میرزا کی وفات کے بعد شامخال امیر اپنے مستقر بیوناق یا تارخوف (ترقی) سے صرف ساحلی خطے پر حکومت کرتے تھے۔ بعد کے شامخال حکمرانوں میں سے کوئی بھی کمخ واپس نہیں آیا، جہاں شروع کے امیروں کے مزار اب بھی نظر آتے ہیں۔ اسی زمانے میں روسیوں نے استراخان پر قبضہ کرنے کے بعد شمالی قفقاز کے ممالک کو، جن میں داغستان بھی شامل تھا، اپنے تصرف میں لانے کی از سر نو کوشش کی۔ روسی فوج کا ایک دستہ شہزادہ خوف ووستینی (Khuvovos tini) کی سرکردگی میں تارخوف پر قبضہ کرنے اور قوی صو یا سُلق ندی پر ایک قلعہ تعمیر کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ تاہم زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ روسیوں کو شامخال کے بیٹوں نے شکست دے دی اور وہ دریاے سُلق کے پار ہٹنے پر مجبور ہو گئے۔ ۱۶۰۴ء میں Buturlin اور Pleshceev کی رہنمائی میں تارخوف کے خلاف ایک نیا حملہ پہلے سے بھی زیادہ ناکام رہا۔

عثمانی تصرّف اور رُوسی فتح کے درمیان کے دور کا امتیازی پہلو داغستان میں عربی ثقافت کی نشو و نما ہے، جو شامل کے عہد میں اپنے نصف النہار کو پہنچ گئی۔ سترھویں صدی عیسوی کے دوران داغستانی ممتاز دانشور شیخ صالح الیمنی (ولادت ۱۶۳۷ء، وفات بمقام مکہ ۱۶۹۶ء) کے گرد و پیش جمع ہو گئے۔ اس کا سب سے نامور شاگرد کُدتلی کا محمد موسیٰ تھا، جس نے داغستان میں اس کی تعلیمات کی اشاعت کی اور جو ۱۷۰۸ء میں حلب میں فوت ہوا۔ اٹھارھویں صدی عیسوی میں داغستانی طلبہ کی جماعتیں عربی زبان اور شریعت اسلامی سیکھنے کے لیے دمشق اور حلب گئیں۔ ثقافتی احیا کا یہ دور قانونی تنظیم کا دور بھی تھا، جس میں آوَر قبیلے کے اُمّہ خان کا ضابطہ اور قُستاق کے اوسمی خان کے قوانین مرتب ہوے۔

عربی زبان میں اسلامی ثقافت کے پھلنے پھولنے کے اس زمانے میں سیاسی سطح پر ایک لاقانونی انتشار بھی رونما ہو گیا، جبکہ داغستان بہت سے قبیلوں اور ایک دوسرے کی مد مقابل ریاستوں میں تقسیم ہو کر ترکی اور ایرانی اثر و رسوخ کے درمیان تذبذب کی حالت میں تھا اور باری باری کبھی ایک اور کبھی دوسرے کی طرف مائل ہوتا رہا۔ اس سیاسی انتشار نے داغستان کی کمزوری کو اور محکم کر دیا اور یہ صورت حال لامحالہ کسی بیرونی فاتح کے لیے ترغیب کا باعث بنی۔

سولھویں صدی سے لے کر تین طاقتیں، یعنی ایران، ترکی اور روس، داغستان پر تصرف کی دعویدار رہیں۔ ملکی امیر ان تینوں میں سے کبھی ایک اور کبھی دوسری سے اتحاد کر لیتے تھے۔ اس طرح کہیں انیسویں صدی میں جا کر بالآخر اس کشمکش کا اختتام روس کے حق میں ہوا۔

۹۸۶ھ/۱۵۷۸ء کے بعد طبرسران کے امیر نے شامخال اور اُوسمی کی طرح سلطانِ ترکیہ کی اطاعت قبول کر لی۔ پھر جب ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء میں شاہ عبّاس نے ان علاقوں میں ایرانی اقتدار کو بحال کر دیا تو اوسمی اس سے مل گیا، بحالیکہ شامخال ترکوں کا وفادار رہا۔ ۱۰۲۱ء میں جو صلحنامہ طے ہوا اس کی ایک شرط یہ تھی کہ شامخال اور باب عالی کے دیگر وفادار امرا ایران کی جانب سے کسی انتقامی کارروائی کا شکار نہ بنائے جائیں گے۔ ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء میں اُوسمی رستم خاں کے ترکوں سے جا ملا تو اس کے رقیب شامخال نے شاہ ایران کا التفات حاصل کر لیا، جس نے اس کے اعزازات کی توثیق کر دی۔ اسی قسم کے اعزاز و مناصب وہ اس سے قبل زار میکائل (Michael) سے حاصل کر چکا تھا (آثار داغستان، ص ۸۱)۔

جب شاہ حسین کی کمزور حکومت کے باعث صفوی سلطنت روبہ انحطاط ہو گئی تو داغستان خود ایرانی اقتدار

Marfat.com

کے خلاف ایک تحریک کا مرکز بن گیا۔ اس تحریک کا سربراہ چلاق سورخامی خانؒ تھا، جس نے اسی عرصے میں ایک نئی ریاست کی بنیاد ڈالی تھی۔ وہ اوسمی اور مدرس حاجی داؤد سے، جو ایک عوامی تحریک کا رہنما تھا، اتحاد کر کے ۱۱۲۴ھ/۱۷۱۲ء میں شماخی پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ پھر ان اتحادیوں نے ایک سفارتی وفد قسطنطینیہ بھیجا، جس نے ان کے لیے سلطان سے خلعت اور خطابات و اسناد کے علاوہ باب عالی کی رعایا میں شمار کیے جانے کی مخصوص عنایت حاصل کر لی۔ اسی زمانے میں روس کی مداخلت نے واقعات کا رخ بدل دیا۔ ہوا یہ کہ روس نے ایران کے خلاف ایک مہم روانہ کی اور ۱۷۲۲ء میں در بند پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد جلد ھی ان دوسرے صوبوں کو جو بحر خزر کے مغربی ساحل پر واقع تھے خود روس کی اطاعت قبول کرنی پڑی۔ ۱۷۲۴ء کے معاہدۂ تقسیم کی رو سے اس ساحل پر روسی حقوق کو باب عالی نے بھی تسلیم کر لیا۔

اس وقت کا روسی تصرف کچھ زیادہ دیرپا نہ رہا۔ نادر شاہ ایرانی سلطنت کی وحدت بحال کرنے میں کامیاب ہوگیا اور ۱۷۳۲ھ کے معاہدے کی رو سے روس نے اسے دریاے کرہ Kura کے جنوب میں واقع تمام ممالک اور ۱۷۳۵ء کے معاہدے کے تحت دریاے کرہ اور دریاے سلق کے درمیان کا علاقہ بھی واپس کر دیا؛ پھر جب روسی اس مہم کو ناکام بنانے میں کامیاب ہوگئے جو کریمیا کے تاتاریوں نے داغستان میں بھیجی تھی تو باب عالی نے بھی اپنے دعاوی ترک کر دیے۔ ۱۷۱۸ء میں شامخال عادل گرامی نے پیٹر اعظم سے وفاداری کا حلف اٹھایا تھا اور ۱۷۲۲ء کی مہم میں اس کی مدد کی تھی، تاہم بعد میں چونکہ اس نے روسیوں کے خلاف اقدام کیا اس لیے ۱۷۲۵ء میں اسے لیپ لینڈ Lapland میں جلا وطن کر دیا گیا اور شامخال کی امارت ختم کر دی گئی۔ نادر شاہ نے اس امارت کو بحال کیا اور اسے عادل گرامی کے بیٹے خاص پولاد خان کو دے دیا۔ پہاڑوں کے باشندے ادھر ادھر کے مسلسل حملوں، خصوصًا ۱۷۴۲ء اور ۱۷۴۴ء کے حملوں میں بھی آزاد رہے۔

۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء میں نادر شاہ کے قتل کے بعد نصف صدی تک ایران میں کوئی ایسی مضبوط حکومت نہ تھی جو اس سرحدی خطے میں اقتدار قائم رکھ سکے۔ خود سلطنت کے صوبوں کو داغستان کے امیروں کی تاخت و تاراج سے نہیں بچایا جا سکتا تھا...۔ پھر روسی ۱۷۳۵ء کے معاہدے کے باوجود داغستان میں دوبارہ اپنا اثر قائم کرنے لگے۔ سیاح Gomelin کو اوسمی کے علاقے میں گرفتار کیا گیا اور ۱۷۷۴ء میں وہ قتل کر دیا گیا اور ۱۷۷۵ء میں مادم Madem کے زیر کمان روسی فوج کا ایک دستہ آ پہنچا اور اس نے اس علاقے کو ویران کر دیا۔ ۱۷۸۴ء میں شامخال مرتضی علی دوبارہ روس سے جا ملا۔ ۱۷۸۵ء میں والی قفقاز کا عہدہ قائم ہو جانے سے ان ممالک پر روسی اقتدار مستحکم ہوگیا۔ ایک مذہبی تحریک، جو ترکی کے ایما سے وجود میں آئی تھی اور جس کی رہنمائی شیخ منصور کر رہا تھا، داغستان پر محض سطحی اثر ڈال سکی۔ بیشتر امیروں نے اس کی تائید کرنے سے انکار کر دیا۔

جب قاچار خاندان کے حکمران نے ایران کے صوبوں کو از سر نو ایک سلطنت کے اندر متحد کرنے میں کامیابی حاصل کر لی تو انھوں نے دوبارہ قفقاز کے علاقوں کو اپنی قلمرو میں شامل کرنے کی کوشش کی، لیکن اس مرتبہ روس اپنے دعاوی سے بغیر مقابلے کے دست بردار ہونے پر تیار نہ تھا، جیسا کہ اس نے نادر شاہ کے مقابلے میں کیا تھا۔ جنگ کا آغاز کیتھرین دوم کے عہد حکومت کے آخری سال یعنی ۱۷۹۶ء میں ہوا۔ دربند پر روسی قابض ہو گئے، لیکن اس کے بعد جلد ھی شہنشاہ پال Paul کے حکم سے اسے خالی کر دیا گیا۔ ۱۸۰۶ء میں روسیوں نے اس شہر پر

marfat.com
Marfat.com

دوبارہ قبضہ کر لیا اور اس طرح داغستان میں ایرانی اقتدار کا خاتمہ ہو گیا۔

روسیوں کے خلاف امیروں اور بالخصوص ان کی رعیت کی مزاحمت اس کے بعد بھی جاری رہی۔ ۱۸۱۸ء میں شامخال کے ماسوا داغستان کے تقریباً سب امیروں نے روسیوں کے خلاف اتحاد کر لیا اور اس بغاوت کو گورنر Yermolov بمشکل فرو کر سکا۔ قبیلۂ قیتاق کے اوسمی کا لقب ۱۸۱۹ء میں اور طبرسران کے معصوم کا لقب ۱۸۲۸ء میں منسوخ کر دیا گیا۔ ۱۸۳۰ء کے بعد جن امیروں کو باقی رہنے دیا گیا انھوں نے اپنے ساتھ روسی مشیروں کی موجودگی منظور کر لی۔ عوام، جنھیں ان کے مذہبی رہنماؤں نے کفار کے خلاف جہاد کے لیے ابھارا تھا، مزاحمت میں اپنے حکمرانوں کی نسبت زیادہ ثابت قدم رہے۔ اٹھارھویں صدی کے اختتام سے نقشبندیہ جماعت کے لوگوں نے داغستان میں نفوذ حاصل کر لیا تھا اور وہاں انھوں نے کامیابی سے اپنی تعلیمات کی اشاعت کی۔ ۱۸۳۰ء کے قریب اس جماعت کے رہنماؤں نے اَوَر قبیلے کے لوگوں میں ایک عام تحریک پیدا کر دی تھی، جس کا مقصد بیک وقت حکمران خاندان کی مخالفت، کفار کی مداخلت کا سدباب اور رسم و رواج کے مقابلے میں شریعت کی بحالی کی موافقت کرنا تھا۔ تحریک کا بڑا رہنما غازی محمد [رک بآن] تھا، جسے روسی کازی مُلّا کہتے تھے اور جس کی تعریف و توصیف اس کے شاگرد علوم عربیہ کے ایک بڑے ماہر کے طور پر کرتے تھے۔

۱۷ تا ۲۹ اکتوبر ۱۸۳۲ء کو روسی فوج کے ایک دستے نے غازی محمد کو گمری کے گاؤں میں گھیر کر ہلاک کر دیا۔ اس کا جانشین حمزہ بیگ [رک بآن] بھی ۱۸۳۴ء میں خُونزاق کے قریب فوت ہو گیا۔ تحریک کا تیسرا رہنما شامل [رک بآن] زیادہ خوش قسمت رہا۔ اپنے پیشرو حضرات سے علمیت میں کمتر ہوتے ہوئے بھی وہ اپنی انتظامی اور قائدانہ صفات کی بنا پر ان پر فوقیت رکھتا تھا۔ اس نے بیس سال تک پہاڑوں میں روسیوں کے خلاف جد و جہد جاری رکھی۔ ۱۸۴۳ اور ۱۸۴۴ء میں اس نے اپنی بڑی بڑی کامیابیاں حاصل کیں، جن کے نتیجے میں روسیوں کا تسلط صرف ساحل اور جنوبی علاقوں میں باقی رہ گیا۔ پہاڑوں کے اندر بہت سے روسی قلعے کوهستانیوں کے قبضے میں آ گئے تھے۔ ۱۸۴۹ء کے بعد شامل کا اقتدار دوبارہ پہاڑی خطے کے مغربی حصے تک محدود ہو گیا، لیکن اس نے مزید دس سال تک اپنی جد و جہد جاری رکھی۔

شامل کی معزولی کے بعد، جس نے ۲۵ اگست (۶ ستمبر) ۱۸۵۹ء کو شہزادہ بریاتنسکی Baryatinsky کی اطاعت قبول کر لی۔ روسیوں نے کچھ عرصے کے لیے اور امرا کا اقتدار بحال کر دیا، کیونکہ اس وقت انھیں یہی مناسب نظر آیا کہ امیروں اور اونچے طبقے کے لوگوں کا اقتدار مستحکم کر دیا جائے تاکہ ان کی مدد سے مذہبی رہنماؤں کے اثر و رسوخ کو محو کیا جا سکے؛ لیکن روسی حکام نے جلد ھی اس حکمت عملی کو ترک کر دیا، قبیلۂ اَوَر کے شاہی خاندان کو ۱۸۶۲ء میں بے دخل کر دیا گیا اور اس کے بعد جلد ھی دوسرے امیروں کو بھی یکے بعد دیگرے اپنی برائے نام حکمرانی سے دست بردار ہونا پڑا، جو ابھی تک انھیں میسر تھی۔ پھر داغستان میں وہ نظام قائم کر دیا گیا جو ۱۹۱۷ء کے انقلاب تک وہاں موجود تھا۔ ۱۸۷۷ء میں جنگ روس و ترکیہ کے دوران میں یہاں کے لوگوں نے دوبارہ لڑائی شروع کر دی۔ ۸ (۲۰) ستمبر کو اس نئی تحریک والے کمخ کے قلعے پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ قیتاق اور طبرسران میں پرانے حکمران خاندانوں کے اختلاف نے اوسمی اور معصوم کے لقب دوبارہ اختیار کر لیے، لیکن اس اثنا میں جنگ کا رخ روسیوں کے موافق ھو گیا اور انھوں نے جلد ھی اس

marfat.com
Marfat.com

ہنگامے کو فرو کر دیا۔

داغستان میں شدید خانہ جنگی کے بعد (۱۹۱۷ء تا ۱۹۲۰ء) ۱۹۲۰ء کے موسم خزاں میں سوویٹ حکومت قائم ہوئی۔ ۱۳ نومبر کو خود مختار سوویٹ اشتراکی جمہوریۂ داغستان کا اعلان کر دیا گیا، جس کا صدر مقام مخچ قلا قرار پایا۔

اس جمہوریہ کی آبادی اب مسلم اکثریت اور غیرمسلم نوآبادکاروں کی اقلیت پر مشتمل ہے، جس میں روسی، یوکرینی، یہودی، قدیم باشندے (داغ چُفُت) اور بعض نووارد (Ashkenazim) شامل ہیں۔

مسلم آبادی میں تین بڑے لسانی گروہ شامل ہیں:

۱- آئبیری قفقازی (Ibero-Caucasians)، یہ تین چھوٹے گروہوں میں منقسم ہیں، جو ایک دوسرے سے مختلف زبانیں بولتے ہیں:

آوار، آندی، ددو Avaro-Ando-Dido (قب آوار، آندی، ددو اور ارچی)۔ ۱۹۵۹ء میں ان کی آبادی پہاڑی داغستان کے شمالی حصے میں دو لاکھ اڑسٹھ ہزار تھی۔ اس میں آوار (یا خونزاق) لوگ، آٹھ چھوٹے آندی قبیلے (آندی خاص، اخوخ، بگولل، بوتلخ، گودوبیری (Godoberis)، چمَلل (Camalals)، کرتہ (Karatas)، اور تندی (Tindis)، جو آندی کے دریا قویسو (Kuysu) کی بلند وادی میں آباد ہیں، پانچ چھوٹے ددو Dido قبیلے (ددو خاص یا Bezeta ، Tzezes ، Ginukhs ، Khwarshis اور Khunzals) اور ارچی قبیلے کے لوگ شامل ہیں۔

آوار نے، جن کی زبان کو ادبی زبان کی حیثیت حاصل ہے، بعض دوسری قوموں کو اپنے گروہ میں شامل کر لیا ہے جن کی زبانیں احاطۂ تحریر میں نہیں آتی تھیں اور ان کے ساتھ مل کر انھوں نے ایک واحد آوار "قوم" کی شکل اختیار کر لی ہے۔

(ب) دارغین، لاق Darghino-Lak گروہ (قب دارغین، لاق، قیتاق، کُباچی)، جس کی تعداد ۱۹۵۹ء میں کوہستانی داغستان کے مغربی وسطی حصے میں دو لاکھ بالیس ہزار تھی، اور جس میں دارغن (سابق زمانے میں اَشکُوجہ)، لاق (سابقہ قاضی قُومُوخ) اور دو چھوٹے قبیلے قیتاق اور کُباچی (سابقہ زرِہ گران) شامل ہیں۔ دارغین اور لاق قبیلے کی زبانوں کو ادبی حیثیت حاصل ہے۔ قیتاق اور کُباچی قبیلے کو ایسی زبانیں میسر نہیں، آخر وہ دارغین قوم میں ضم ہو گئے۔

(ج) سَمُوری (Samurian) گروہ، جنوبی داغستان (قب لزگ، رتُل، طَبرسران، اور شاہ داغ، مالل) تعداد دو لاکھ اسی ہزار (۱۹۵۹ء میں)۔ اس گروہ میں دو قومیں شامل ہیں جن کی زبان ادبی ہے، یعنی لزگی (دو لاکھ تینیس ہزار) اور طبرسران (پینتیس ہزار)؛ نیز تین چھوٹے قبیلے بھی جو لزگ قوم میں ضم ہو رہے جا رہے ہیں۔ اَگُل (Agul، آٹھ ہزار)، رتُل (Rutul، سات ہزار)، اور زخُر (Tzakhur، چھ ہزار)۔ اس گروہ سے شاہ داغ کے پانچ قبیلے بھی منسلک ہیں (تعداد تقریباً پندرہ ہزار)، جن کا مسکن شمالی آذربیجان ہے (Budukh ، Djek ، Kriz ، Khaputz اور Khinalug)۔ ان پر ترکی کا بہت اثر پڑا ہے اور یہ آذری قوم میں ضم ہوتے جا رہے ہیں۔

۲- داغستان میں ترکوں کی نمائندگی آذری [illegible] کے لوگ کرتے ہیں، جو دربند کے ارد گرد کے [illegible] اور دریائے سَمُور کی نشیبی وادی میں آباد ہیں [illegible] قومیق [ترک بان] قبیلے کے لوگ، جن کی تعداد [illegible] میں ایک لاکھ پینتیس ہزار تھی [illegible] کے میدانوں میں جو دربند کے شمال سے [illegible] ترک Terek تک پھیلے ہوئے ہیں [illegible] نوگئی Nogay [ترک بان] قبیلے کے لوگ (تعداد [illegible]) ہیں، جو دریائے ترک اور [illegible] کے درمیان آباد ہیں۔ آذری قبیلے کی طرح [illegible] اور نوگئی قبیلے کے لوگوں کی بھی [illegible]

۳- ایرانی زبان بولنے [illegible]

[ترک تات] قبیلے کے لوگ [illegible]

Marfat.com

کے گرد و نواح میں کئی ہزار تھی، نیز میدانی گانووں میں رہنے والے پہاڑی یہودی یا داغ چُفُت (تقریباً بارہ ہزار)، جو مذہباً یہودی ہیں لیکن تاتی زبان بولتے ہیں۔

داغستان ایک ایسی جمہوریہ ہے جس میں بہت سی قوموں کے لوگ پائے جاتے ہیں۔ سوویٹ وفاقیہ میں یہی ایک ایسی جمہوریہ ہے جو کسی ایک قوم یا ایک غالب قومیت (narodnost) پر مبنی نہیں ہے۔ دستور کی شرائط (دفعہ ۷۸) کے مطابق اس جمہوریہ میں سرکاری طور پر منظور شدہ دس زبانیں ہیں: یعنی، آوار، دارغین، لاق، لزگ، طَبَرسَران، قُومیق، لوگای، آذری، تاتی (جسے یہودی اس کی یہودی شکل میں استعمال کرتے ہیں) اور روسی۔ یہ زبانیں ابتدائی مدارس میں ذریعۂ تعلیم ہیں۔ قدیم باشندوں کی زبانوں میں صرف آوار، دارغین، لاق اور قُومیق میں اخبار نکلتے ہیں۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہی چار قومیں آگے چل کر مرکز کشش بن جائیں گی اور یہ کہ بالآخر وہ دوسرے گروہوں کو جذب کر لیں گی۔

**مآخذ:** قفقاز پر عام تصانیف کے علاوہ روسی زبان میں داغستان سے متعلق بہت سی کتابیں موجود ہیں، مآخذ کی ایک فہرست (کتابوں اور مقالات کے ۱۳۳ نام) H. Carrère d' Encausse اور A. Bennigsen : *Une République soviétiqe musulmane : le Daghistān, aperçu démographique*، در *REI*، ۱۹۵۵ء، ص ۷ تا ۵۶ میں ملے گی اور ایک زیادہ مکمل شکل روسی تصنیف *Narodi Dagestana*، ماسکو Acad. Sc. ۱۹۵۵ء کے ساتھ منسلک ہے (۱۳۷ نام، جن میں سے اناسی انقلاب سے پہلے کی تصانیف کے اور اٹھاون ۱۹۱۸ء کے بعد کی تصانیف کے ہیں)۔ ترکی مآخذ کے لیے دیکھیے *JA* بذیل مادّہ (از مرزا بالا)۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے ان لوگوں سے متعلق مقالوں کے مآخذ، جن کا متن میں ذکر ہے۔

(A. Bennigsen و W. Barthold)

* **دام:** رک بہ سکہ۔

* **داماد:** فارسی لفظ، بمعنی بیٹی کا شوہر؛ جسے عثمانی سلاطین کی شہزادیوں کے شوہر بطور لقب استعمال کرتے تھے۔ ابتدائی سلاطین کے عہد میں حکمران خاندان کی شہزادیوں کی شادی وقتاً فوقتاً ایشیاے کوچک کے باجگزار سلطانوں (مثلاً قرمان اوغلو) کے ساتھ اور بعض صورتوں میں سلطان کے وزیروں اور سپہ سالاروں کے ساتھ ہوتی تھی۔ بُرسہ کے ایک بزرگ امیر سلطان کا معاملہ، جس نے بایزید اول کی ایک بیٹی سے شادی کی، نہ صرف اس زمانے کے لحاظ سے بلکہ بعد کے زمانوں کو دیکھتے ہوئے بھی منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ آگے چل کر وزیر اعظم، قپودان پاشا، ینی چری کے آغا بستانجی باشی اور دوسرے اعلٰی عہدے دار بھی سلاطین کے داماد بنے۔ ان میں سے زیادہ مشہور یہ ہیں: ابراہیم پاشا، سلیمان اول کا منظور نظر، رستم پاشا (مہر ماہ کا شوہر) صُقُلّو محمد پاشا (اسماء خان کا شوہر)، ابراہیم پاشا (محمد ثانی کا داماد) وغیرہ (دیکھیے Hammer : *GOR*، اشاریہ، بذیل مادّہ "سُلطانین")۔ ان میں سے بعض کو ان کے ہمعصروں اور مؤرخوں نے "داماد" کا لقب دیا ہے۔ یہ سلسلہ سلطنت عثمانیہ کے خاتمے تک جاری رہا (مثلاً داماد محمود پاشا، داماد فرید پاشا [رکّ بآں] وغیرہ)۔

شادی کی تقریبات بڑے تزک و احتشام سے منائی جاتی تھیں؛ ان کا ذکر عثمانی وقایع میں، نیز مغربی سیاحوں کے سیاحت ناموں میں بڑی تفصیل سے آیا ہے (دیکھیے Hammer : *GOR*، اشاریہ، بذیل مادّہ *Hochzeit und Vermählung*)۔ سلیمان اول نے جہیز کی رقم ایک لاکھ طلائی سکے (دکات)، اور خاصہ (شہزادیوں کا نان نفقہ) ایک ہزار سے ڈیڑھ ہزار نقرئی سکّے (اسپر) یومیہ مقرر کیا تھا (۱۶۰۸ء کا وینسی *Relazione*، در Barozzi-Berchet، ص ۷۲؛ Hammer، ۸ : ۲۱۱)۔ مزید برآں شہزادیوں کو ایک وسیع محل بھی جہیز

marfat.com
Marfat.com

میں دیا جاتا تھا ۔ سلیمان اوّل کے عہد تک دامادوں کو عموماً صوبوں کا والی بنا کر بھیج دیا جاتا تھا تاکہ وہ باب عالی کے معاملات میں ذاتی طور پر کوئی دخل نہ دے سکیں (Kočibey، طبع ۱۳۰۳ھ، ص ۹۴، ۹۷) ۔ پابندی یہ تھی کہ داماد کی اگر پہلی بیویاں ہوں تو انہیں طلاق دے دے اور پھر کوئی اور شادی نہ کرے (دیکھیے مذکورۂ بالا وینسی *Relazione*، ص ۱۰۳ ببعد اور Hammer، ۴ : ۱۰۳) ۔ داماد کی حیثیت بیوی کے غلام کی سی ہوتی اور ان کے تعلقات کی یہ نوعیت ان کے باہمی انداز تخاطب سے ظاہر ہوتی تھی (دیکھیے مذکورۂ بالا بیانات، ص ۷۲، ۱۰۴؛ de la mottraye : *Voyages*، ص ۳۳۸ ببعد؛ Hammer : *Staatsverfassung*، ۱ : ۴۷۶ تا ۴۸۴ = *GOR*، ۸ : ۲۱۱ تا ۲۱۳؛ C. White : *Three Years in Constantinople*، ۳ : ۱۸۰ ببعد) ۔ یہ روایت کہ ایسی شادیوں سے جو بچے پیدا ہوتے تھے انہیں پیدائش کے وقت مار دیا جاتا تھا (Eton : *Survey of the Turkish Empire*، طبع سوم، ص ۱۰۱؛ Hammer : *GOR*، ۴ : ۴۶۳) درست نہیں، قب جودت، ۶ : ۱۹۶ ببعد، *Relazioni*، موضع مذکور، ص ۱۸۱، ۳۷۲)؛ البتہ یہ بات درست ہے کہ قدیم زمانے میں انہیں تمام سرکاری عہدوں سے محروم رکھا جاتا تھا (*Relazioni*، ص ۱۸۱) .

**مآخذ** : ان کے علاوہ جو مقالے میں مذکور ہیں : (۱) اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : عثمانلی دولتین سرای تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۵ء؛ (۲) A. D. Alderson : *The Structure of the Ottoman Dynasty*، آوکسفرڈ ۱۹۵۶ء، ص ۹۷ تا ۹۸ ۔ مغول حکمرانوں کے دامادوں کا لقب "کُرِجن" (Küregen) تھا، اس کے لیے دیکھیے (۳) Djuwayni-Boyle، ص ۴۷۱، حاشیہ ۱۱؛ (۴) Cleaves و Mostaert : *Trois Documents Mongols*، در *HJAS*، ۱۸۵۲ء، ص ۴۳۳؛ اور (۵) مقالۂ "گور خان".

(J. H. MORDTMANN)

* **الداماد** : داماد، ایک فخریہ لقب، جو میر محمد باقر بن شمس الدین الحسینی استرآبادی کو دیا گیا ۔ بعض لوگ اسے امام فن مانتے ہیں اور المعلّم الثالث کہتے ہیں ۔ یاد رہے کہ معلّم ثانی الفارابی [رک بآں] کا لقب تھا ۔ بہرحال اس نے مختلف علوم کو مدون و منظم کیا ۔ داماد کا لقب اصل میں اس کے والد شمس الدین کو دیا گیا تھا، جو مشہور و معروف شیعہ عالم علی بن الحسین بن عبدالعلی کرکی کا، جو "محقّق ثانی" کے لقب سے مشہور تھا داماد تھا (براکلمان : تکملہ، ۲ : ۵۷۴) ۔ اس کے بعد اس کے فرزند کا بھی یہی لقب مشہور ہو گیا، جسے دامادی یا ابن الدّاماد کہتے ہیں، اور یہی زیادہ صحیح ہے .

میر داماد استرآباد میں پیدا ہوا ۔ بچپن کا زمانہ طوس میں گزارا ۔ اس کے بعد، غالباً ابتدائی تعلیم کے لیے اصفہان گیا، پھر وہاں سے مشہد پہنچا اور تمام عقلی و نقلی علوم حاصل کیے ۔ اس کے مشہور اساتذہ میں سے اس کے ماموں شیخ عبدالعلی بن علی (مجتحد) اور شیخ عزالدین حسین بن عبدالصمد عاملی، پدر شیخ بہائی، جو بعد میں میر داماد کا گہرا دوست بن گیا اور فخرالدین سماکی کا نام لیا جا سکتا ہے ۔ تحصیل علم سے فارغ ہونے کے بعد میر داماد نے فقہ، کلام، حکمت اور علوم طبیعی و غریبہ میں تبحر حاصل کیا اور اپنے ہمعصر علما پر سبقت لے گیا .

میر داماد کا سب سے اہم کام یہ ہے کہ اس نے فلسفے کو دین کے ساتھ تطبیق دی ہے، اگرچہ کلام، فقہ اور تفسیر میں بھی اس نے بڑی وقیع تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہیں ۔ اس نے علوم عقلیہ خصوصاً فلسفے کی تحصیل کو دوبارہ رونق بخشی ۔ ابن سینا کے فلسفے کو اشراقی رنگ دے کر اور اسلامی تعلیمات کے ساتھ مرتبط کرکے (شیعی نقطۂ نظر کے تحت) اسے نئی زندگی عطا کی ۔ فلسفے، کلام اور فقہ میں اس کی کتابوں سے علوم قدیمہ کے طلبہ ہمیشہ استفادہ کرتے رہے ہیں، گو

Marfat.com

ایران میں مُلّا صدرا کی کتابوں کے آگے وہ ماند پڑ گئی ہیں اور مُلّا صدرا کی تصانیف طلبہ کے لیے درسی کتابیں ہو گئی ہیں۔ برصغیر پاک و ہند کے مدارس میں میر داماد کی الافق المبین اور السبع الشِداد (متن میں چار جگہ مصنف نے اس کتاب کا نام السیرة المستقیم بھی لکھا ہے) پڑھائی جاتی ہیں۔ ۹۸۳ تا ۱۰۲۵ھ/۱۵۷۶ تا ۱۶۱۶ء، جو تقریباً چالیس سال کی مدت ہوتی ہے، میر داماد اصفہان میں تدریس و تالیف، فلسفہ و علم الکلام کے مباحثوں اور مذہبی مناظروں میں مشغول رہا، اور عہد صفوی کے مشہور علما میں شمار ہوا۔ اسے قرآن مجید کی قراءت کے ساتھ بڑا لگاؤ تھا۔ وہ اپنے اوقات زیادہ تر عبادت، تألیف اور تدریس میں گزارتا تھا۔

میر داماد ایک صاحب ذوق شاعر بھی تھا۔ تخلص اشراق کرتا تھا؛ اشعار کا خاصا مجموعہ اس نے اپنی یادگار چھوڑا ہے۔ اس کے بعض اشعار مجمع الفُصحاء، ریاض العارفین اور آتش کدہ میں درج ہیں۔ ایک دیوان بھی اس کی یادگار ہے، جس میں اس کے عربی اور فارسی اشعار درج ہیں اور اس کا نام مشرق الانوار ہے۔

تاریخ عالم آرائے عباسی میں، جو ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں، میر داماد کی (۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء میں) وفات سے پندرہ سال پہلے لکھی گئی تھی، میر داماد کا ذکر اس طرح کیا گیا ہے کہ وہ تمام علوم و فنون، خصوصاً فلسفے، علوم ادبیہ، ریاضیات، طب، فقہ، تفسیر اور حدیث میں ایک عالم متبحر ہے۔ اس کے علاوہ اس کی بارہ کتابوں کے نام مذکور ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ اس تاریخ کے لکھے جانے سے بہت پہلے میر داماد کا نام حکیم، عالم، مصنف کی حیثیت سے مسلّم ہو چکا تھا اور علم و فن میں اس کی شہرت پھیل چکی تھی۔

شاہ عباس اول (۹۹۶ تا ۱۰۳۹ھ/۱۵۸۷ تا ۱۶۲۹ء) اور اس کے جانشین شاہ صفی اول کے دربار میں میر داماد کو خاص احترام، رسوخ اور مرتبہ حاصل تھا۔ اس حالت میں وہ اپنے بعض ہمعصر علما اور درباریوں کی رقابت اور حسد سے دور رہتا تھا۔ اپنے دو مشہور ہمعصر دانشمند اور حکیم میر فندرسکی اور شیخ بہائی سے میل جول، رفاقت اور دوستی رکھتا تھا، خصوصاً شیخ بہاء الدین عاملی سے اُسے خاص محبت تھی۔ ایسی دوستی دو بزرگ عالموں کے درمیان بہت کم دیکھی گئی ہے جس کا ذکر ہر خاص و عام کی زبان پر ہو۔ میر نے بہت سے شاگردوں کو اپنی تربیت سے بہرہ مند کیا، جن میں سے بہت زیادہ مشہور یہ ہیں: صدر الدین شیرازی، جو متأخرین میں سب سے بڑا حکیم گزرا ہے اور کتاب اسفار کا مصنّف ہے؛ سید احمد علوی، جس نے کتاب شفا اور میر داماد کی چند تصنیفات کی شرح لکھی؛ مُلّا خلیل قزوینی، شارح اصول کافی؛ قطب الدین شکوری، جو فلسفے کی ایک مفصّل تاریخ اور چند دیگر رسائل حکمت کا مؤلف ہے؛ اور مشہور و معروف شاعر زلالی، جس نے مثنوی خیالی محمود و ایاز اور نظامی اور جامی کے نمونہ پر ہفت مثنوی لکھی۔

ایک لمبی عمر بسر کرنے کے بعد جو علم، حکمت اور دین کی خدمت میں صرف ہوئی، میر داماد نے ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء میں وفات پائی۔ اس وقت وہ عراق کے متبرک مقامات کی زیارت کے لیے نکلا ہوا تھا۔ نجف اور کربلا کے درمیان جاں بحق ہوا اور نجف میں دفن کیا گیا۔

میر کی یادگار کتابوں کی ایک اچھی خاصی تعداد باقی ہے، جن میں سے اکثر عربی میں اور کچھ فارسی میں ہیں۔ ان کی عبارت کی ساخت بہت پیچیدہ ہے، جس سے اس کا نام مشکل نویسی میں مشہور ہو گیا ہے؛ چنانچہ اس کی ایک کتاب الصراط المستقیم کے بارے میں ایک ایرانی شاعر کہتا ہے:

صراط المستقیم میر داماد
مسلمان نشنود کافر نبیناد

Marfat.com

(=میر داماد کی صراط المستقیم کو (خدا کرے) نہ کوئی مسلمان سنے نہ کوئی کافر دیکھے) ۔ براکلمان کی کتاب میں اس کی تالیفات کی ایک فہرست درج ہے اور ریحانۃ الادب میں اس کی اڑتالیس کتابیں ذکر کی گئی ہیں، لیکن پوری تحقیق کے باوجود اس کی تالیفات کی صحیح فہرست جو قابل وثوق ہو ہاتھ نہیں لگ سکی ۔ میر داماد کی قابل توجہ کتابوں میں سے ایک الأفق المبین ہے، جس میں وجود، زمان، حدوث و قدم کی بحث ہے؛ اس کی شرحیں بار بار لکھی گئیں اور ایران اور برصغیر پاکستان و ہند میں طالبان علم کی توجہ اس کی طرف بہت مبذول رہی ہے ۔ برصغیر پاکستان و ہند کے مشہور متکلّم مولوی فضل حق خیرآبادی کو اس کے پڑھانے کا خاص ملکہ حاصل تھا اور بحرالعلوم نے اس پر حواشی لکھے ہیں ۔ حکمت میں اس کی دوسری کتابوں میں سے، جو اس فن میں اس کی اہم ترین یادگار ہے، قبسات ہے ۔ اس کتاب میں زیادہ تر زمان اور حدوث عالم کے مسئلوں سے بحث کی گئی ہے اور اس کا سال تالیف ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ - ۱۶۲۵ء ہے ۔ اس کتاب کی کئی شرحیں لکھی گئی ہیں، جن میں سب سے زیادہ مشہور سید احمد علوی کی ہے ۔ اس کی ایک اور شرح محمد بن علی رضا بن آقا جانی کی ہے، جو بہت مفصل ہے اور اسلامی کتب حکمت کی سب سے زیادہ طویل کتاب سمجھی جاتی ہے ۔ میر داماد کی دیگر یادگار کتابیں حکمت اور علم کلام میں الحبل المتین، تقدیسات، شرح شفاء بوعلی سینا، شرح الاستبصار خواجہ نصیر، تقویم الایمان اور جذوات ہیں ۔ یہ آخری کتاب فارسی زبان میں ہے اور میر داماد نے اسے خاص طور پر شاہ عباس کے لیے تالیف کیا تھا ۔ اس میں بارہ جذوات کے اندر حکمت الٰہی کے دورے کی مبدء (شروع) سے لے کر معاد (آخر) تک کی تشریح ہے ۔ خاص کر قرآن مجید کی سورتوں کے شروع مقطعات کی تشریح کی گئی ہے اور قرآن مجید اور دین کے بعض باریک مسئلوں کی طرف توجہ دی گئی ہے ۔

میر داماد نے قرآن مجید کی ایک آیت کی تفسیر لکھی ہے جس کا نام امانت الٰہی ہے؛ ایک اور تفسیر فارسی زبان میں سدرۃ المنتہی نام کی بھی اس کی طرف منسوب ہے؛ ممکن ہے کہ وہ اس کے شاگرد اور داماد سید احمد علوی نے لکھی ہو ۔ اس نے کچھ کتابیں احادیث اور روایات میں بھی چھوڑی ہیں، جیسے الکافی پر حواشی، الفقیہ، الصحیفۃ اور الرواشح السماویۃ، جو احادیث امامیہ کی شرح ہے ۔ احکام فقہ میں بھی میر داماد نے اچھی خاصی تعداد میں رسالے لکھے ہیں، مثلاً شارع النجاۃ، فقہ اور اصول فقہ پر فارسی زبان میں، جس میں ایک مقدمہ، پانچ باب اور ایک خاتمہ ہے ۔ ایسے ہی اور کتابیں اور رسالے ہیں جن میں خاص خاص مسائل نکاح و مہر وغیرہ کے احکام بیان کیے گئے ہیں ۔

میر داماد خواجہ نصیرالدین طوسی اور ملا صدرا کے درمیانی زمانے کا بہت بڑا اسلامی حکیم (فلسفی) ہے اور حقیقت میں ملا صدرا کے فلسفے کے لیے زمین میر داماد ہی نے ہموار کی ہے ۔ میر داماد نے بوعلی سینا کے فلسفے پر اپنا رنگ چڑھایا اور بعض اشراقی اصولوں سے اس فلسفے کی تعبیر کی ۔ بہت سے مشکل اور باریک مسائل کے سمجھنے کے لیے تاویل کے قاعدے پر عمل کیا، اور اس کے ذریعے دین اور فلسفے کے حقائق کے درمیان تطبیق دی ۔ میر کے نزدیک باقی 'حکماے اشراقیہ کی طرح فلسفہ فقط نظری اور ذہنی چیز نہیں ہے، بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے جو انجام کار حکیم کو حقائق باطنی کا مشاہدہ کرا دیتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ میر داماد کا استدلالی اور منطقی فکر آخر کار باطنی تجربوں، اور اشراق مشاہدوں اور ملکوتی حالات کی طرف رہنمائی کرتا ہے، جن میں سے بعض کا ذکر اس کی بعض تحریرات مثلاً رسالہ الخلعیۃ میں آ گیا ہے ۔

میر داماد نے حکمت میں جو روش اختیار کی ہے

Marfat.com

اس میں دو نکتے بہت نمایاں ہیں اور انہیں سے اس طرز فکر کی تعیین کی جا سکتی ہے ۔ ان میں سے پہلا نکتہ مضامین فلسفیہ کی ترتیب بیانی ہے ۔ اکثر اسلامی کتب فلسفہ خواہ متقدمین کی ہوں یا متأخرین کی، شروع میں مسائل منطقیہ سے بحث کرتی ہیں، اس کے بعد طبیعیات کی باری آتی ہے پھر ریاضیات کی اور آخر میں الٰہیات پر کتاب ختم ہوتی ہے ۔ میر داماد نے اس مقررہ طریقے سے انحراف کیا اور اپنا الگ طریقہ نکالا اور مسائل فلسفیہ کے درمیان میں کوئی معین طریقہ اختیار نہیں کیا مثلاً کتاب قبسات میں، جو اس کی سب سے زیادہ مشہور حکمت و فلسفے کی کتاب ہے، دس قبس مندرجۂ ذیل ترتیب کے ساتھ ہیں :-

۱- حدوث کی انواع اور وجود کی قسمیں
۲- سبق ذاتی کی تین نوع
۳- "بعدیہ انفکاکیہ" دو نوع کی ہے
۴- کتاب الٰہی سے شواھد
۵- "طبائع مرسلہ" کس طرح وجود میں آئیں
۶- زمانے کا حرکت کے ساتھ اتصال
۷- "احتجاجات اقتضائیہ" کی تنقید
۸- اللہ سبحانہ کی قدرت کی تحقیق
۹- "جواھر عقلیہ" کے ثبوت کی دلائل
۱۰- قضا و قدر کے اسرار کے بارے میں قول فیصل

اس نمونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ مباحث کی ترتیب حکمت کی مشہور کتابوں مثلاً ابن سینا کی الشفاء اور ملا صدرا کی اسفار سے بالکل جداگانہ ہے اور یہی نکتہ ہے جس کی وجہ سے میر داماد کی تصانیف حکمت کی درسی کتابوں میں شامل نہ کی گئیں ۔

دوسرا نکتہ جس سے میر داماد کی فلسفیانہ روش متعین ہوتی ہے یہ ہے کہ وہ مسئلۂ زمان ، پیدائش مخلوقات کی کیفیت اور حدوث عالم کی طرف خاص توجہ دیتا ہے، یہاں تک کہ اپنے ہر رسالے اور کتاب میں ان کی طرف اشارہ کر جاتا ہے اور ان کے بارے میں دقیق بحثیں کرتا ہے اور آخر میں اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ عالم کے حادث ہونے کا نظریہ درست اور صحیح ہے ۔ اگرچہ اس نظریے کی طرف بعض اس سے پہلے فلسفیوں نے اشارہ کیا ہے لیکن میر داماد نے اسے کمال کو پہنچایا اور وہ اسی کے نام سے مشہور ہو گیا ۔

میر داماد حقیقت (واقعیت) کو تین مرحلوں میں تقسیم کرتا ہے : (۱) ذات باری تعالٰی کہ دراصل تمام حقائق کو محیط ہے ؛ (۲) اسما و صفات اور مثل افلاطونی یا ارباب الانواع ؛ (۳) عالم طبیعی یا موجودات جن کی حالت ہمیشہ بدلتی رہتی ہے ۔

ذات باری تعالٰی اور اس کے اسما و صفات میں، جو ہر لحاظ سے غیر متغیر اور ہمیشہ ایک حالت میں ہیں، ربط کا نام میر داماد "سرمد" رکھتا ہے ۔ مثل افلاطونی، (ارباب الانواع) اور اس موجودات عالم کے درمیان کہ ہر ایک اپنے اپنے رب النوع کا ظل (صنم) اور نقل (طلسم) ہے، رابطے کو کہ ان میں سے ایک ثابت اور دوسرا متغیّر ہے، دہر کہتا ہے اور آخر میں موجودات متغیر کے باہم علاقے کو زمان کے نام سے موسوم کرتا ہے ۔

چونکہ یہ عالم (خارجی) عالم مجردات اور مثل کے واسطے سے موجود ہوا ہے اس لیے اس کا حدوث دہری ہے زمانی نہیں ۔ یہ جہان کسی زمانے میں نہیں پیدا ہوا جو جہان سے پہلے موجود ہو، بلکہ اس سے پہلے دہری تھا جو طویل اور ممتد سلسلہ ہے جو اس کے عالم کے باہر اور اس سے بلند تر ہے ۔ لٰہذا مخلوقات عالم کا ظہور حدوث دہری، ابداع اور اختراع ہے، حدوث زمانی، وضع اور تکوین نہیں ۔ عالم زمانی اگرچہ اپنے مرتبے میں حقیقت کا حامل ہے، عدم کے اعتبار سے دہری سے پیچھے ہے ۔ وجہ یہ ہے کہ موجودات زمانی اگرچہ زمانے کے اندر متحقق اور

marfat.com

Marfat.com

موجود ھیں، لیکن اگر موجودات دہریہ سے ان کا تعلق نہ ہو تو ان میں وجود کا پتا بھی نہ ہو۔ عالم مجردات میں یہ وجود سے بے بہرہ ھیں؛ اسی طرح عالم دہری باعتبار سرمد عدم سے پیچھے ھے۔ وہ کہتا ھے کہ عالم سرمد، دہری کی علت اور دہری زمانے کی علت ھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سرمد تمام موجودات کی علة العلل ھے۔

میر داماد زیادہ تر تو مشائین کے عقائد کی پیروی کرتا ھے لیکن بہت سے مسائل میں اشراقیوں کا ہم خیال بھی ھے؛ مثلاً یہ اعتقاد کہ عقول کی تعداد دس پر منحصر نہیں؛ اور یہ کہ عالم ہورقلیا مجردات اور طبیعی اجسام کے درمیان برزخ ھے۔ اس نے اشراقیوں سے بعض اصطلاحات بھی اخذ کی ھیں، مثلاً نور اسپہبد [=نفس ناطقہ] اصل یہ ھے کہ میر داماد نے حکمت مشائی و اشراق اور دین اسلام میں تطبیق دینے کی کوشش کی ھے اور ملا صدرا کے مکتب فکر کے پیدا ہونے کی داغ بیل اسی نے ڈالی ھے، جس نے شرع، معرفت اور استدلال کے درمیان کامل اتفاق اور ہم آہنگی کا دعوی کیا ھے۔

**مآخذ:** یورپ کی زبانوں میں: (۱) براکلمان: تکملہ، ۲: ۵۷۹ تا ۵۸۰؛ (۲) E.G. Brown: *A Literary History of Persia*، کیمبرج ۱۹۲۴ء، ۴: ۲۵۶ تا ۲۵۷، ۴۰۶ تا ۴۰۷، ۴۲۶ تا ۴۲۹؛ (۳) H. Corbin: *"Confessions Entratigaes" de Mir Dâmâd* در *Mélanges Louis Massignon*، *Institut Français de Damas*، ۱۹۵۶ء، ص ۳۳۱ تا ۳۷۸؛ (۴) H. Corbin: *"Mir Dāmād et l'école théologigue d' Ispahan au XVII^e Siècle"* در *Etudes Carmé Litaines*، ۱۹۶۰ء، ص ۵۳ تا ۷۱؛ (۵) S.H. Nasr: *"The School of Ispahan"* در *History of Muslim Philsphy*، طبع ایم۔ایم شریف، Wiesbaden، ۲: ۹۰۴ تا ۹۳۲؛ (۶) Rieu: *Catalogue of Persian Mss. in British Museum*، ۲: ۸۳۵؛ کتب و مقالات عربی و فارسی: (۷) ابن معصوم: سلافة العصر، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ص ۴۸۵ تا ۴۸۷؛ (۸) اسکندر بک منشی: تاریخ عالم آرائے عباسی، تہران ۱۳۱۳-۱۳۱۴ھش، ص ۱۰۹ تا ۶۵۸؛ (۹) محمد باقر الخوانساری: روضات الجنات، تہران ۱۳۳۷ھش، ۱: ۱۱۴ تا ۱۱۶؛ (۱۰) فضل اللہ المحبی: خلاصة الأثر، قاہرہ ۱۲۸۱ھ، ۴: ۳۰۱ تا ۳۰۲؛ (۱۱) محمد بن صادق: نجوم السماء، لولکشور ۱۳۰۳ھ، ص ۳۶؛ (۱۲) اعجاز حسین الکنتوری: کشف الحجب والأستار عن أسماء الکتب والأسفار، کلکتہ ۱۳۳۰ھ (فہرست بنام محمد باقر بن محمد الحسینی الداماد)؛ (۱۳) فہرست کتابخانہ اہدائی آقای مشکوۃ محمد تقی دانش پژوہ، تہران ۱۳۳۲ھش، ۳: ۱۵۲؛ (۱۴) محمد بن سلیمان تنکابنی: قصص العلماء، تہران ۱۳۰۴ھش، ص ۱۴۵، ۲۳۸ تا ۲۴۰؛ (۱۵) عبد العزیز جواہر الکلام: رسالہ در فضیلت العلم و العلماء (مخطوطہ)؛ (۱۶) رضا قلی خان ہدایت: مجمع الفصحاء، تہران ۱۲۹۵ھش، ۷: ۲؛ (۱۷) لطف علی خان آذر: آتشکدہ، ۱۲۹۹ھش، ص ۱۵۹؛ (۱۸) رضا قلی خان ہدایت: ریاض العارفین، تہران ۱۳۰۵ھش، ص ۱۶۶ تا ۱۶۷؛ (۱۹) عباس قمی: الکنی و الالقاب، نجف ۱۳۷۶ھ، ۲: ۲۰۶ تا ۲۰۷؛ (۲۰) بخت آور خان: مرآة العالم (مخطوطہ)؛ (۲۱) محمد رضا بنلہ: زینت التواریخ، ورق ۵۵۳؛ (۲۲) احمد علی: ہفت آسمان، کلکتہ ۱۸۷۳ء؛ (۲۳) محمد محسن آغا بزرگ: الذریعة، نجف ۱۳۵۵ھ، ۲: ۲۶۱ و تحت اسامی کتب، میر داماد۔

(سید حسین نصر)

* **داماد فرید پاشا:** اصل نام محمد فرید بن حسن عزت تھا؛ یہ سلطنت عثمانیہ کے آخری وزرائے اعظم میں سے تھا اور "شورائے دولت" کا رکن تھا۔ ۱۸۵۳ء میں استانبول میں پیدا ہوا، کئی ادنی درجے کے سفارتی عہدوں پر بھی کام کیا۔ ۱۸۸۲ء میں عبدالحمید ثانی کی ہمشیرہ مدیحہ کے ساتھ شادی ہو جانے پر اسے "شورائے دولت" کا رکن اور عضو مجلس سنا (senator) مقرر کیا گیا، نیز پاشا کا لقب عطا ہوا۔ ۱۹۱۱ء میں "حریت و ائتلاف فرقسی" کا مؤسس مشترک ہونے کے

Marfat.com

علاوہ وہ اس کا صدر بھی بنا۔ عثمانیوں کی شکست کے بعد وہ اپنے برادر نسبتی محمد ششم کا وزیر اعظم مقرر ہوا (۴ مارچ تا ۲ اکتوبر ۱۹۱۹ء اور ۵ اپریل تا ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۰ء)۔ اس کی یہ حکمت عملی کہ فاتح طاقتوں کے ساتھ مصالحانہ رویہ رکھا جائے تاکہ ان سے صلح کی نرم شرائط حاصل کی جا سکیں ایسی ہی ناکام ثابت ہوئی جیسی کہ کمال (اتاترک) کے تحت آناطولی میں قومی تحریک مزاحمت کو دبانے میں اس کی کوششیں ناکام رہیں۔ قومی دباؤ کی وجہ سے اسے اکتوبر ۱۹۱۹ء میں استعفٰی دینا پڑا، لیکن اتحادیوں کی کمک سے استانبول پر قبضہ ہوا تو وہ پھر اس عہدے پر بحال ہو گیا۔ قوم پرستوں کے خلاف مشہور فتوٰی (جس پر "شیخ الاسلام" دُرّی زادہ عبداللہ کے دستخط تھے) شائع کرنے کی ذمے داری اس کی حکومت پر تھی۔ اس نے آناطولی میں قوم پرستوں کے خلاف فوج بھی بھیجی۔ ۱۰ اگست ۱۹۲۰ء کو اس کی مجلس وزرا نے سوروس Sèvres کے صلح نامے پر دستخط کر دیے، لیکن قوم پرستوں کی روز افزوں قوت نے جلد ہی اسے برخاست کرا دیا۔ ستمبر ۱۹۲۲ء میں وہ استانبول چھوڑ کر نیسہ Nice چلا گیا، جہاں ۶ اکتوبر ۱۹۲۳ء کو اس کا انتقال ہو گیا۔

**مآخذ**: محمود کمال اینال: *Osmanli deverinde son sadriazamlar*، استانبول ۱۹۴۰-۱۹۵۳ء، ص ۲۰۲۹ تا ۲۰۹۴؛ (۲) ملّی نو سال، ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۴ء، ص ۳۵۲؛ (۳) Tarik Z. Tunaya: *Türkiyede siyası partiler*، ۱۹۵۲ء، ص ۳۱۵، ۳۵۱ تا ۳۵۵؛ (۴) Ali Fuat Türkpgeldi: *Görüp isittiklerim*، بار دوم ۱۹۵۱ء؛ (۵) *WI*، ۱۹۲۸-۱۹۲۹ء، ص ۱ تا ۱۵۴؛ (۶) کمال (اتاتُرک): *Nutuk* (دیکھیے ۱۹۳۴ء کے ایڈیشن کا اشاریہ)؛ (۷) ابراهیم علاءالدین گوسا: ترک مشهورلری انسائیکلوپیدیسی، ۱۹۴۶ء، ص ۱۳۶۔

(D.A. Rustow)

**دامْغان**: تہران اور مشہد کو ملانے والی * شاہراہ اعظم پر ایک شہر، جو تہران سے تقریبًا تین سو چوالیس کیلومیٹر کے فاصلے پر مشرق کی جانب واقع ہے۔ یہ تہران اور مشہد کے درمیان ریل کا سٹیشن بھی ہے؛ بلندی ۱۱۱۵ میٹر اور آبادی (۱۹۵۰ء میں) ۹۹۰۰ تھی۔ اس شہر سے ایک کیلومیٹر کے فاصلے پر جنوب کی طرف ایک اونچا ٹیلا ہے جو تپہ حصار کہلاتا ہے۔ ۱۹۳۱ء میں پین سلوانیا Pennsylvania کی یونیورسٹی کے زیر اہتمام یہاں کھدائی ہوئی تو زمانۂ قبل تاریخ کی چیزوں کے علاوہ ساسانیوں کے ایک عہد کی عمارت بھی برآمد ہوئی، جس کے بچے کھچے حصے پر پلستر کیا ہوا تھا۔ یہاں مسلمانوں کے عہد کی قدیم ترین عمارت تاری خانہ ہے، جس کی تعمیر کی تاریخ تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی بتائی جاتی ہے۔ قیاس ہے کہ ایران کی باقی رہ جانے والی قدیم ترین مسجد یہی ہو۔ اس کے ملحق ایک مینار بھی ہے، جو پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کی تعمیر ہے۔ سلجوق عہد کے چند مقبروں کے گنبد بھی موجود ہیں؛ مثلاً پیر علمدار مورخۂ ۴۱۷ھ / ۱۰۲۶ء، چہل دختران، مورخۂ ۴۴۶ھ / ۱۰۵۴ء اور امام زادۂ جعفر۔ جامع مسجد کے مینار پر تاریخ ۵۰۰ھ/۱۱۰۶-۱۱۰۷ء مرقوم ہے۔

**مآخذ**: (۱) اقبال یغمائی: جغرافیای تاریخی دامغان، تہران ۱۳۲۶ھ/۱۹۴۷ء، ص ۳۶ ببعد؛ (۲) رهنمای ایران، تہران ۱۳۳۰ھ/۱۹۵۱ء، ص ۹۲؛ (۳) فرهنگ جغرافیای ایران، تہران ۱۳۳۰ھ/۱۹۵۱ء، ۳: ۱۱۶؛ [(۴) دائرة المعارف الاسلامیة، مصر، ۹: ۱۱۲ ببعد؛ (۵) الإصطخری، ص ۲۱۰، ۲۱۱؛ (۶) ابن حوقل، ص ۲۷۱؛ (۷) المقدسی، ص ۶۵۵؛ (۸) Ferrier: *Voyages*، ۱: ۱۳۳؛ (۹) Khanikof: *Ethnography*، ص ۴۳، ۴۷؛ (۱۰) نصرالدین شاہ: رحلة فی خراسان، ص ۱۷ ببعد، ۳۴ ببعد؛ (۱۱) Quatremére: *Histoire des Mongols*،

Marfat.com

۱ : ۲۷۸ ؛ (۱۲) Barbier de Meynord : *Dictionnaire*
*de la Perse*، ص ۲۲۳ ؛ (۱۳) G. Le Strange : *The*
*Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۳۶ ببعد ؛ (۱۴)
البستانی : دائرة المعارف ، بیروت ۱۸۸۴ء، ۷ : ۵۵۹].

(D.N. WILBER)

* **دانشگاه** : رک جامعه.

* **دانشمندیه** : ترکمانوں کا ایک خانوادہ، جس نے شمالی قاپادوکیه (Cappadocia) میں پانچویں صدی ہجری/ گیارھویں صدی عیسوی کے آخری ربع سے ۵۷۳ھ/۱۱۷۷-۱۱۷۸ء تک حکومت کی ۔ بانی خاندان امیر دانشمند قاپادوکیه (جنوب مغربی ایشیاے کوچک) میں اس بد نظمی کے عہد میں نمودار ہوا جو ۴۷۸ھ/ ۱۰۸۵ء میں سلیمان بن قُتلمِش سلجوق کی وفات کے فوراً بعد شروع ہوا اور پھر پہلی صلیبی جنگ میں اس نے نمایاں کردار ادا کیا ۔ جب پہلی صلیبی جنگ کے سلسلے میں دانشمند کا ذکر پہلی بار آیا ہے وہ اس وقت سبسطیه Sebastea، وادی یشیل ایرماق (قدیم نام ایریس Iris valley) مع توقات Eudoxias، قومانه ، آماسیه، قیصریه جدیده Neocaesarea ، اور کنغری Cangra پر قابض ہو چکا تھا ۔ انقرہ سے قیصریه کو جانے والے راستے پر اس کا قبضه تھا ۔ مشرق بحر اسود Pontic کے ساحلی شہر اسے خراج دیتے تھے اور اس کے فوجی دستے دور تک بحر اسود کے ساحلی علاقوں کو تاراج کرکے جارجیا اور ارمینیه میں یورشیں کر رہے تھے۔ اس کا ارادہ مَلَطْیه Melitene بھی فتح کرنے کا تھا ۔ اس وقت سلطان قلج ارسلان بن سلیمان نے مَلَطْیه کا محاصرہ کر لیا تھا اور اس کی مدافعت ارمنی گورنر گیبریل Gabriel کر رہا تھا ۔ اس موقع پر دانشمند وہاں آیا اور فریقین جنگ میں صلح کرادی ۔ پھر صلیبی نبرد آزماؤں نے ۴۹۰ھ/۱۰۹۷ء میں نکالیه (Nicaea) پر قبضه کر لیا تو اس کی کوششوں میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ۔ اس سال کے موسم گرما میں دانشمند نے دوسرے ترک امیروں کے ساتھ مل کر صلیبی نبرد آزماؤں پر حملوں میں حصه لیا ۔ رمضان ۴۹۳ھ/جولائی ۱۱۰۰ء میں صلیبیوں کا ایک قائد یعنی انطاکیه کا بوهموند Bohemund ملطیه کی مدد کے لیے، جسے اب دانشمند نے محصور کر لیا تھا ، روانه ہوا لیکن وہ خود امیر کے ہاتھوں گرفتار ہو گیا اور قیصریهٔ جدیده کے قلعے میں قید کر دیا گیا ۔ دوسرے سال فرینکو لمبارڈ صلیبی فوج بوهموند کو چھڑانے قاپادوکیه کے راستے جا رہی تھی که اسے بھی دانش مند نے شکست دی؛ اور اسی سال کے ماہ ستمبر میں اس نے صلیبیوں کے آخری لشکر کے قتل عام میں حصه لیا یه لشکر اکوی تانیه Aquitaine اور بویریا کی امدادی افواج پر مشتمل تھا ، جس کا قاپادوکیه میں ہراقلیه (Heraclea) کے مقام پر صفایا کر دیا گیا ۔ آئنده سال دانشمند تین سال کے محاصرے کے بعد ملطیه میں داخل ہوا اور اپنی کمال فیاضی کی بدولت یہاں کی مختلف النسل آبادی سے تحسین حاصل کی ۔ شعبان ۴۹۶ھ/مئی ۱۱۰۳ء میں دانشمند نے بوهموند کو رہا کر دیا اور اس سے اپنے مشترکه دشمنوں یعنی بوزنطیوں اور سلجوقیوں کے خلاف اتحاد کے عہد و پیمان کیے ، لیکن دانشمند کی وفات نے، جو ۴۹۷ھ/ ۱۱۰۴ء میں ہوئی ، بوهموند کو اس معاہدے سے مستفید ہونے کا موقع نه دیا اور قلج ارسلان کو موقع مل گیا که اپنے متوفی حریف کے علاقے کے ایک حصے اور شہر ملطیه پر قبضه جمائے ۔ دانشمند کا سب سے بڑا لڑکا امیر غازی اپنے باپ کا جانشین ہوا ۔ ۵۰۰ھ/۱۱۰۷ء میں قلج ارسلان فوت ہو گیا تو خاندانی مناقشات نے اس کے بیٹوں میں تفرقه ڈال دیا ۔ ان جھگڑوں میں غازی نے بھی حصه لیا اور اپنے داماد مسعود کو ۵۱۰ھ/۱۱۱۶ء میں قونیه پر قبضه کر لینے میں مدد دی ۔ بعد ازاں اس نے طغرل ارسلان اور والی ملطیه اور اس کے اتابک بلک کے ساتھ مل کر ۵۱۴ھ/ ۱۱۲۰ء میں امیر ارزنجان ، ابن منگجنک اور

Marfat.com

اس کے حلیف طربزون کے ڈیوک کو شکست دی، لیکن اس نے اپنے قیدی بِنگُجک کو، جو اس کا داماد بھی تھا، رہا کر دیا، جو اتحادیوں میں پھوٹ ڈالنے کا موجب ہوا ۔ ۵۱۸ھ/۱۱۲۴ء میں بلک کے انتقال پر امیر غازی نے ملطیہ پر دوبارہ قبضہ کر لیا ۔ مسعود اور اس کے بھائی ملک عرب، والی انقرہ قسطمونی کے مابین اس وقت لڑائی ہو رہی تھی۔ غازی نے اس میں مداخلت کی اور مؤخرالذکر کو شکست دی ۔ اور ۵۲۱ھ/۱۱۲۷ء میں اس سے قیصریہ اور انقرہ چھین لیے ۔ ملک عرب نے بوزنطی سے امداد کی درخواست کی، لیکن امیر غازی نے کنغری اور قسطمونی بھی فتح کیے اور قاپادوکیہ میں اپنا تسلط قائم کر لیا ۔ ۵۲۳ھ/۱۱۲۹ء میں ارمنی بادشاہ تھوروس Thoros کی موت پر امیر غازی نے کیلیکیا Cilicia میں مداخلت کی اور انطاکیہ کے رئیس بوھموند ثانی کو شکست دی، نیز ارمنی بادشاہ لیون Leon کو مطیع بنا لیا اور ادسہ Edessa کے کاؤنٹ کے علاقوں کو تاراج کر دیا ۔ پھر اس نے جون کومی نوسْ John Comenus کی طرف رجوع کیا، جس نے ۵۲۷ھ/۱۱۳۲-۱۱۳۳ء میں اس سے قسطمونی چھین لیا تھا ۔ امیر غازی، جس نے Isaac Comnenus کو پناہ دی تھی، اب اپنے بھائی کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا اور دوسرے ہی سال مذکورۂ بالا شہر پر دوبارہ قابض ہو گیا ۔ امیر غازی کی فتوحات کے صلے میں خلیفۃ المُسْتَرشد اور سلطان سَنْجر نے اسے "ملک" کا خطاب دیا؛ لیکن سفیر ملطیہ پہنچے ہی تھے کہ امیر فوت ہو گیا اور یہ اعزاز اس کے بیٹے محمد کو ۵۲۸ھ/۱۱۳۴ء میں ملا ۔ جون کومی نوس نے پھر جنگ چھیڑ دی اور ۵۲۹ھ/۱۱۳۵ء میں قسطمونی اور کنغری کو دوبارہ حاصل کر لیا، لیکن جونہیں وہ وہاں سے ہٹا، یہ دونوں شہر ایک بار پھر ترکوں کے قبضے میں آ گئے ۔ ملک محمد کے عہد حکومت کے نمایاں واقعات یہ ہیں کہ قیصر جون کومی نوس بار بار کیلیکیا اور بحر اسود کے ساحلی خطے میں ان قلعوں کو پھر سے چھین لینے کی کوششیں کرتا اور ناکام ہوتا رہا، جو خاندان دانشمندیہ کے قبضے میں تھے؛ دوسرے ملک محمد کی وہ تاختیں جو اس نے مَرْعَش کے کاؤنٹ کے علاقوں میں کیں ۔ ۵۳۶ھ/۱۱۴۱-۱۱۴۲ء میں ملک محمد کا قیصریہ میں انتقال ہوا، اب اس کے بھائی یاغی ارسلان والی سبسطیہ نے اپنے بھتیجے ذوالنون کی حق تلفی کرکے خود امیر ہونے کا اعلان کر دیا اور متوفی بھائی کی بیوہ سے شادی کر لی ۔ حکومت پر غاصبانہ قبضہ کر لینے سے اس نئے امیر نے خاندان دانشمندیہ کی "امارت" کو کمزور کر دیا جو آگے چل کر اس خانوادے کے خاتمے کا باعث ہوئی؛ کیونکہ ایک طرف تو ذوالنون نے قیصریہ پر قبضہ کر لیا اور دوسری طرف یاغی ارسلان کا بھائی عین الدولہ پہلے البستان پھر ملطیہ کا مالک بن بیٹھا ۔ اس طرح ایک ریاست کی اب تین حریف شاخیں ہو گئیں، جن کے حقوق کی بعض اوقات سلجوقی حمایت کرتے اور بعض اوقات مخالفت ۔ بہر کیف، جب تک یاغی ارسلان زندہ رہا، اس خانوادے کا نام قائم رہا ۔ اس امر کے باوجود کہ وہ اپنے خُسر مسعود اور بعد ازاں اپنے برادر نسبتی قلج ارسلان ثانی سے مسلسل لڑتا رہا ۔ قیصر Manuel، جس نے پہلے سلجوقیوں سے اتحاد کر لیا تھا، تاکہ دانشمندیوں کی بوزنطی علاقوں میں تاختوں کے روکنے کی راہ نکل آئے، اب اس نے قلج ارسلان ثانی کے خلاف ۵۵۳ھ/۱۱۵۸ء میں یاغی ارسلان کی حمایت کی اور ذوالنون پر اپنا تسلط جما لیا ۔ دوسرے سال کے نمایاں واقعات یہ ہیں کہ ایک طرف تو قلج ارسلان اور Manuel کے درمیان جنگی سرگرمیوں کا آغاز ہوا اور دوسری طرف بیک وقت حریف خاندانوں میں جنگ چھڑ گئی ۔ ۵۵۹ھ/۱۱۶۴ء میں یاغی ارسلان کی وفات سے اس گھرانے کے باہمی تنازعات زور پکڑ گئے، جن سے قلج ارسلان کو اس امارت کے تباہ کر دینے کا موقع ہاتھ آیا،

marfat.com
Marfat.com

باغی ارسلان کی بیوہ نے ذوالنون کے بھتیجے اسمٰعیل بن ابراہیم سے، جس کی عمر سوله برس کی تھی، شادی کر لی، یه دونوں ۵۶۷ھ/۱۱۷۲ء میں ایک انقلاب میں ہلاک ہو گئے اور ذوالنون کو سبسطیه سے بلا کر امیر بنا دیا گیا ۔ اب قلج ارسلان نے فوراً ہی اس پر حمله کر دیا ۔ لیکن ذوالنون کے خسر نورالدین اتابک دمشق کی مداخلت سے قلج ارسلان نے مجبور ہوکر ذوالنون سے چھینے ہوے علاقے واپس کر دیے ۔ لیکن ۵۶۹ھ/۱۱۷۴ء میں نورالدین کی وفات پر قلج ارسلان نے فوراً ہی سبسطیه، وادی یشیل ایرماق توقات، قومانه اور آماسیه پر قبضه کر لیا اور قیصریۂ جدیده کو محاصرے میں لینے کے لیے آگے بڑھا ۔ ذوالنون کو شکست ہوئی اور سلجوقیوں نے قیصریۂ جدیده پر قبضه کر لیا . . . ۔ ذوالنون کو ۵۷۰ھ/۱۱۷۵ء میں زہر دے کر ہلاک کر دیا گیا ۔ رہی ملطیه کی دانشمندیه شاخ، جو ابھی تک بچی ہوئی تھی، تو وہاں ذوالقرنین بن عین الدوله کی وفات (۵۵۷ھ/ ۱۱۶۶ء) پر اس کے تین بیٹوں کے درمیان نااتفاق کا دور دورہ رہا ۔ سب سے بڑے بھائی نصرالدین محمد کو ۵۶۵ھ/۱۱۷۰ء میں معزول کرکے اس کے بھائی فخرالدین قاسم کو تخت نشین کیا گیا، لیکن وہ ابھی بمشکل پندرہ سال کا ہوگا که اپنی شادی کے دن اسپ سواری کے ایک حادثے کا شکار ہوگیا ۔ اس کا جانشین تیسرا بھائی افریدون ہوا، مگر نصرالدین محمد نے ۵۷۰ھ/۱۱۷۵ء میں اس سے پھر شہر واپس لے لیا اور قلج ارسلان کی سیادت تسلیم کرکے تین سال تک حکومت کرتا رہا؛ لیکن ۵۷۳ھ/۱۱۷۷-۱۱۷۸ء میں سلجوقیوں نے ملطیه پر قبضه کر لیا اور اس طرح خاندان دانشمندیه کا خاتمه ہوگیا ۔

**مآخذ** : (۱) ادسه کا Matthew : *Chronicle*، مترجمۂ E. Dulaurier، پیرس ۱۸۵۸ء؛ (۲) مائکل شامی Michael the Syrian : *Chronicle*، مترجمۂ J.B. Chabot، جلد ۳؛ (۳) Anna Comnena، طبع B. Leib.، ۳ : ۱۸، ۷۶، ۲۰۰، ۲۰۱، ۲۱۰؛ (۴) Niketas Choniates، طبع بون Bonn، ص ۲۷، ۲۹، ۳۶، ۱۵۲، ۱۵۹؛ (۵) Kinnamos، طبع بون، ص ۱۳، ۱۵، ۱۶؛ (۶) صور کا William : *Receuil Hist. Crois. Hist. Occ. I.*، ۹ : ۳۹۶ تا ۳۹۷؛ (۷) Albert کا Aix : *Rec. Hist. Crois. Hist. occ.*، ۴ : ۵۲۴، ۵۲۵، ۵۲۶، ۵۶۷، ۵۷۳، ۵۷۶، ۵۸۱، ۶۱۱ تا ۶۱۴؛ (۸) ابن الاثیر (طبع ٹورن برگ)، ۱۰ : ۲۰۳، ۲۰۴، ۲۳۷ و ۱۱ : ۹، ۵۲، ۲۰۳ تا ۲۰۴، ۲۰۷، ۲۰۹، ۲۳۷، ۲۵۷ تا ۲۵۸؛ (۹) J. Laurent : *Sur les Emir Danichmendites jusqu'en 1104*، در *Mélanges Iorga*، پیرس ۱۹۳۳ء، ص ۴۹۹ تا ۵۰۶؛ (۱۰) Mükr. Halil Yinanc، مقاله *Danismendliler*، در اِ ا، ت؛ نیز (۱۱) *Türkiye Tarihi : Selpcuklular Devri*، استانبول ۱۹۴۴ء، ص ۸۹ تا ۱۰۳؛ (۱۲) I. Mélikoff : *La Geste de Melik Dānismend*، جلد ۱، پیرس ۱۹۶۰ء (دیکھیے مآخذ)؛ [(۱۳) البستانی : دائرة المعارف، بیروت ۱۸۸۳ء، ۷ : ۵۶۱ ببعد؛ (۱۴) دائرة المعارف الاسلامیه، مصر، ۹ : ۱۱۳ ببعد؛ (۱۵) A.D. Mordtmann، در *Zetischr. d. Deusch Morgenl ges*، ۳۰ : ۴۶۷ تا ۴۸۶؛ (۱۶) P. Casanova، در *Revue Numatique Francaise*، ۱۸۹۳ء].

(I. MELIKOFF)

* **دانق** : یا (داناق) دیکھیے سکّه .

⊛ **الدّانی** : ابوعمرو عثمان بن سعید بن عمر الاموی،* مالکی فقیه اور سب سے بڑھ کر قاری قرآن؛ ۳۷۱ھ/۹۸۱ - ۹۸۲ء میں قرطبه میں پیدا ہوے ۔ حج کرنے کے بعد انھوں نے ۳۹۷ھ/۱۰۰۶ - ۱۰۰۷ء اور ۳۹۹ھ/ ۱۰۰۸ - ۱۰۰۹ء کے درمیان کا زمانه قاہره میں گزارا ۔ اس کے بعد وہ قرطبه واپس گئے، لیکن بہت جلد انھیں وہاں سے جانا پڑا ۔ پہلے وہ المریه گئے اور بعد میں دانیه جہاں سے ان کا نسبی نام بنا پہنچے اور یہیں

Marfat.com

بود و باش اختیار کر لی اور ۴۴۴ھ/۱۰۵۳ء میں یہیں وفات پائی۔

ان کی ایک سو بیس تصانیف میں سے، جن کے نام انھوں نے ارجوزہ میں گنوائے ہیں، صرف دس موجود ہیں (دیکھیے براکلمان، ۱: ۴۰۷؛ تکملہ، ص ۷۱۹)؛ ان میں سے دو مسائل نحویہ سے بحث کرتی ہیں اور باقی قراءت کے فن سے تعلق رکھتی ہیں، جس میں الدانی نے خاص طور سے شہرت حاصل کی۔ ان کی زیادہ مشہور تصانیف یہ ہیں: کتاب المُقْنِع فی معرفة رسم مصاحف الامصار (دیکھیے S. de Sacy: *Notices et Extraits*، ۸: ۲۹۰) اور التیسیر فی القراءات السبع (طبع O. Pretzl، استانبول ۱۹۳۰ء)، جس کا ابن خلدون کے بیان کے مطابق، بڑی کثرت سے مطالعہ کیا جاتا تھا (مقدمہ، ۲: ۴۵۰)؛ المُحْکَم فی نقط المصاحف، حال ہی میں عزت حسن نے دمشق سے طبع کی ہے (۱۳۷۹ھ/۱۹۶۰ء)۔

**مآخذ**: (۱) وو، ت، طبع اول بذیل مادۂ الدانی، از محمد بن شنب؛ (۲) الضّبی: عدد ۱۱۸۵؛ (۳) ابن بَشْکُوال، عدد ۸۷۳؛ (۴) ابن خیر: فہرسہ، بمدد اشاریہ؛ (۵) المقّری: نفح الطیب، ۱: ۵۵۰؛ (۶) یاقوت، ۲: ۵۴۰؛ (۷) ابن فرحون: الدیباج، فاس ۱۳۱۶ھ، ص ۱۹۱؛ (۸) الذہبی: تذکرة الحُفّاظ، ۳: ۳۱۶؛ (۹) السیوطی: طبقات الحُفّاظ، ۱۴: ۱۵؛ (۱۰) Freytag: *Einleitung*، ص ۳۸۶؛ (۱۱) Wüstenfeld: *Geschichtsschreiber*، ص ۱۹۷؛ (۱۲) Amari: *Bibl. Ar. Sic*، ۲: ۵۷۹؛ (۱۳) Pons Boygues: *Ensayo*، عدد ۹۱؛ (۱۴) Nöldeke وغیرہ: *Gesch. des Qorâns*، ۳: ۲۱۴ ببعد؛ [(۱۵) ابو المحاسن ابن تغری بردی: النجوم الزاہرة فی ملوک مصر و القاہرة، ۵: ۵۴؛ (۱۶) غایة النہایة، ۱: ۵۰۳؛ (۱۷) طاش کبری زادہ: مفتاح السعادة و مصباح السیادة، ۱: ۳۸۶؛ (۱۸) براکلمان، ۱: ۵۱۶، و تکملہ، ۱: ۷۱۹؛ (۱۹) مرتضٰی زبیدی: تاج العروس، بذیل مادہ؛ (۲۰) C.L. Huart: *Littérature Arabe*، پیرس ۱۹۰۲ء، ص ۲۵۸ ببعد؛ (۲۴) وو، ع، ۹: ۱۱۶ ببعد؛ (۲۵) الزرکلی: الاعلام، ۴: ۳۳۶ ببعد]۔

(وو، لائڈن بار دوم [و ادارہ])

**دانیال**[۱] : [اسرائیلی روایات کے مطابق حضرت دانیال[۲] ان کے چار اکابر انبیا میں شمار ہوتے ہیں اور صحیفۂ دانیال عہد نامۂ قدیم کے صحیفوں میں شامل ہے۔ قرآن و حدیث میں کہیں ان کا بالصراحت ذکر نہیں آیا، البتہ عربی [تاریخی] روایات میں تورات کے دانیال نام کی دو شخصیتوں کے متعلق کچھ غیر مکمل بیان محفوظ ہے۔ ان میں سے ایک دانیال تو وہ عہد قدیم کا مرد دانا ہے جس کا صحیفہ حزقیل کے صحیفے کے بعد ہے۔ اور دوسرا دانیال وہ صاحب کشف و تعبیر جو بنی اسرائیل کی اسیری کے زمانے میں بابل میں رہتا تھا [ایک ہی شخصیت کے مختلف ادوار حیات تسلیم کرنے میں کوئی علمی استحالہ بظاہر نظر نہیں آتا]۔

دانیال نے کچھ مکاشفات دیکھے تھے، کیونکہ روایات سے مترشح ہوتا ہے کہ ایک کتاب جس میں اس قسم کی پیشگوئیاں مندرج تھیں اس تابوت سے دستیاب ہوئیں جس کے متعلق فرض کیا جاتا ہے کہ اس میں دانیال کی نعش تھی۔ [بقول البلاذری (: فتوح البلدان، ص ۳۷۸) حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ کو فتح سوس کے بعد وہاں کے قلعے سے دانیال نبی کی نعش ملی تو انھوں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ خلیفۂ ثانی کے حکم سے نئے کفن کے بعد دریا کا پانی بند کر کے اسے وسط دریا میں دفن کر دیا اور پھر پانی جاری کر دیا۔ اسی سلسلے میں البلاذری نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ بخت نصر حضرت دانیال کو قید کر کے بابل لے آیا تھا اور وہ وہیں فوت ہوئے تھے۔ اہل سوس کے ہاں قحط پڑا تو انھوں نے اہل بابل سے

marfat.com
Marfat.com

دانیال کی نعش عاریةً مانگ لی تاکہ ان کے ذریعے بارش حاصل کر سکیں ۔ اس طرح ان کی نعش اہل سوس کے پاس پہنچ گئی ۔

بنو اسرائیل کے مستقبل کے بارے میں رمزیہ خواب اور بعض خوابوں کی تعبیریں انھوں نے بیان کی ہیں (دیکھیے محمد جمیل احمد : انبیا قرآن، ۳ : ۵۲۹ تا ۵۳۰ ؛ البستانی : دائرة المعارف ، ۷ : ۵۷۰)] ۔

تاریخی روایات، میں دانیال میں بیان کیے ہوے ضمنی قصّے قدرے مختلف صورت میں محفوظ ہیں ۔

**مآخذ :** (۱) الیعقوبی ، ص ۷۰ ؛ (۲) الطبری، ۱ : ۶۴۷ ، ۶۵۲ ، ۶۵۴ تا ۶۶۵ ، ۶۶۸ تا ۷۱۷ ؛ (۳) المسعودی : مروج ، ۱ : ۱۱۷ ، ۱۲۰ و ۲ : ۱۱۵ ، ۱۲۸ ؛ (۴) منسوب به البلخی : البدء و التاریخ ، ۲ : ۱۵۶ ببعد ، ۱۴۴ ، ۱۶۵/۱۵۰ ببعد و ۳ : ۱۱۴ ببعد ، ۱۱۸ ببعد اور قب اشاریه ؛ (۵) الثعلبی : عرائس المجالس ، ص ۱۹۸ تا ۲۰۲ ؛ (۶) البیرونی : الآثار ، ص ۱۵ تا ۱۸/۱۷ تا ۲۰۰، ۳۰۲/۳۰۰ ۔ دانیال کے مقبرے اور تابوت کے لیے نیز دیکھیے : (۷) المقدسی ، ص ۴۱۷ (قب C. Cahen ، در Arabica ، ۱۹۵۹ء، ص ۲۸) ؛ (۸) الھروی : کتاب الزیارات ، طبع J. Sourdel-Thomine ، ص ۶۹ / ترجمه : Guide des lieux de pelerinage ، ص ۱۵۴ ، حاشیه ۴ (قب M. Schreiner ، در ZDMG ، ۵۳ : ۵۸ ببعد) اور (۹) وو لائڈن ، بار اول ، مقالۂ سوسن : ملحمات دانیال ، قب C. Levi Dellavida : Elenco ، ص ۹۸ ؛ نیز دیکھیے : (۱۰) R. Basset : Mille et un Contes ، ۳ : ۱۲۵ تا ۱۲۸ (B. Heller کے تبصرے در RE ، ۸۵ : ۱۴۴ ببعد) اور B. Heller : Encyclopaedia Judaica ، ۵ : ۷۷۳ ببعد؛ [(۱۱) وو ع ، مصر ، ۹ : ۱۱۸ ببعد؛ (۱۲) الثعلبی : قصص الانبیاء ، قاھره ۱۳۲۵ھ ، ص ۲۱۳ ببعد ؛ (۱۳) البستانی : دائرة المعارف ، بیروت ۱۸۸۴ء ، ۷ : ۵۶۹ ببعد؛ (۱۴) Jewish Encyclopaedia ، ۴ : ۴۳۰] ۔

(C. Vajda [و اداره])

* **دانیال :** مغل شہزادہ ، تاریخوں میں اسے سلطان دانیال کہا گیا ہے ۔ مغل شہنشاہ اکبر کا سب سے چھوٹا اور چہیتا بیٹا ؛ اجمیر میں ۲۲ جمادی الاولٰی ۹۷۹ھ/۲۲ ستمبر ۱۵۷۱ء کو پیدا ہوا ۔ ۱۰۰۸ھ/ ۱۵۹۹ء میں اسے دکن کا فوجی صوبےدار مقرر کیا گیا اور اس کے شہر احمد نگر کو (۱۰۰۹ھ/۱۶۰۱ء میں) فتح کر لینے کے بعد اکبر نے اسے اعزاز بخشا اور خاندیش کا صوبہ عطا کیا ، جسے اس کے نام پر "داندیش" موسوم کیا ۔ اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ مضبوط جسم کا خوبصورت آدمی تھا ، گھوڑوں کا شائق اور ہندوستانی نظمیں لکھنے کا سلیقہ رکھتا تھا ۔ ابوالفضل نے اکابر سلطنت کی فہرست (آئین اکبری ، ۱ : ۳) میں اسے ہفت ہزاری دکھایا ہے ۔ اس نے ہذیان خمری کے مرض سے برہان پور میں ۹ ذوالحجہ ۱۰۱۳ھ/۲۸ اپریل ۱۶۰۵ء کو انتقال کیا ۔

**مآخذ :** مقالۂ اکبر کے مآخذ .

(J. Burton-Page)

* **دانیه :** ہسپانوی میں دینیه Denia ، صوبہ القنت Alicante کے شمال مشرقی ضلع کا صدر مقام؛ یہ زمانۂ حال کے تین صوبوں میں، جو کبھی بَلَنْسِیه کی قدیم سلطنت کے اجزا تھے (قَشْتَلون ، بلنسیه ، القنت) سب سے زیادہ جنوبی صوبہ ہے ۔ یہ شہر اپنے پچاس ہزار باشندوں کے ساتھ خلیج بَلَنْسِیه (Sinus Sucronensis) کے جنوب مشرقی سرے پر، جبل قاعون (Mongo) کے شمال میں، جو دو ہزار ایک سو نوے فٹ بلند ہے، واقع ہے ۔ قدیم رأس آرت میزیم Promontorium Artemesium اور فَراریم Ferrarium یا تِنِبْریم Tenebrium ، موجودہ نام انتولیو Cabo de S. Antonio (یا S. Martin de la Nao) کے شمال میں ذانیہ لنگر انداز ہونے کی اچھی جگہ تھی، لہٰذا چھٹی صدی قبل مسیح میں مسلیه/ مارسیلیز یا منڈی امپوریاس (Emporium Ampurias) کے فوسیہ والوں نے یہاں کی پرانی بستی بسائی، جسے

Marfat.com

شروع میں τὸ Ἡμεροσκοπεῖον (سٹرابو Strabo)، یعنی "دن کا پہرے دار" Hemeroscopium کہتے تھے۔ پھر افیسوس Ephesus کو ارتِمِس دیوی کا مشہور مندر بالا حصار کی پہاڑی پر بنا تو اسے آرتمیزیّم Artemisium کہنے لگے ۔ اہلِ روما کے عہد میں دی آنہ دیوی سے منسوب کرکے دی آنیم Dianium (دی آنہ کا شہر) موسوم کیا گیا اور اس نے عربی میں دانیہ (ا،الہ کے ساتھ) کی صورت اختیار کی اور آخر میں ھسپالوی میں "دینیہ" Denia بن گیا ۔ اگرچہ اس کا اتحاد اہلِ روما سے تھا، لیکن چونکہ یہ ایک یونانی نوآبادی تھی، اس لیے قرطاجنہ والوں نے اس سے تعرض نہ کیا ۔ رومن سپہ سالار کیٹو Cato نے اس شہر کے نواح میں اہل ھسپانیہ پر ۱۹۵ء سے پہلے فتح حاصل کی تھی ۔ ھسپانیہ کو فتح کرنے والے سرٹوریس Sertorius کو اسی جگہ اپنا آخری مأوٰی اور ایک طاقتور بحری اڈا ملا تھا ۔ ایک بہت ھی قرین قیاس شہادت کے مطابق یہی جگہ تھی جہاں اسے ۷۳ء میں قتل کیا گیا ۔ سیزر نے اس شہر کو سزا دی، کیونکہ اس نے پومپی کا ساتھ دیا تھا ۔ بایں همه (Dianium Stipendiarium) یہ شہر سلطنت روما کے ماتحت نہایت خوش حال بلدیہ بن گیا، جیسا کہ ان کھدائیوں سے ظاہر ہے جو وہاں ہوئی ہیں ۔ یہ جلد ھی عیسائی بن گیا اور ساتویں صدی عیسوی میں وہاں اسقفی (bishapric) بنا دی گئی، جہاں کے چار بڑے راھب طلیطلہ کی مجالس کلیسیا میں حصہ لیتے تھے ۔ اس میں Severina کے قدیم عیسائی پچی کاری کیے ہوے مقبرے کا ایک ٹوٹا ہوا ٹکڑا اور اس سے بھی زیادہ پرانے آثار موجود ھیں، جو اس کے نئے دین کی تصدیق کرتے ھیں ۔ لیکن جب طارق نے ۹۳ھ/۷۱۲ء میں ملک فتح کیا تو درحقیقت عربوں کے عہد حکومت میں یہ شہر اپنی ترقی کی انتہا کو پہنچا (آبادی پچاس ہزار ۔ جتنی کہ اب ہے) ۔ اس کے برعکس ہم عربوں سے قبل اس کی آبادی سے ترک وطن اور قوطوں Goths کے عہد کے متعلق گویا کچھ نہیں جانتے ۔ دانیہ نے عبدالرحمٰن اول کے خلاف بغاوتوں میں کچھ نہ کچھ حصہ لینا شروع کیا تھا، لیکن ۴۰۳ھ/۱۰۱۲-۱۰۱۳ء میں سقوط خلافت کے بعد یہ حصہ خاصا زیادہ ھوگیا؛ جب کہ خانوادۂ عامریہ کے ابوالجیش مجاھد کا زمانہ آیا ۔ یہ مجاھد عبدالرحمٰن ابن المنصور (جسے مغربی مآخذ میں Musett یا Mugeto کہتے ھیں)، کا آزاد کیا ہوا غلام تھا ۔ شروع میں اس نے اور مشہور عالم خلیفہ المُعَیطی (۴۰۵ھ/۱۰۱۵ء تا ۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء) کی مدد سے دانیہ اور بالیارہ بارکی (Balearic) جزیروں [رَكَ بہ میورقہ] (۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء تا ۴۳۶ھ/۱۰۴۵ء) پر قبضہ کر لیا اور دوسرے ملوک الطوائف پر علم و فضل اور دولت کے لحاظ سے سبقت لے گیا ۔ اس نے اپنے ارد گرد علما جمع کیے ۔ وہ خود ایک ممتاز مفسر قرآن تھا ۔ اس زمانے میں دانیہ صوبۂ Levante اور اس کے ارد گرد کے علاقوں کا اھم ترین شہر تھا، جہاں قریب قریب بلا فصل سال کے ہر موسم میں کاشت ہوتی تھی اور وہ بہت دولت مند ھو گیا تھا ۔ دانیہ کی بادشاھی ریاست نیم جزیرئی تھی، الھذا بحری مستقر کے طور پر بھی اس نے بہت اھم کردار ادا کیا ۔ اس کی جہازی گودی ھی میں اس بیڑے کا زیادہ حصہ تعمیر ھوا تھا جس سے مجاھد بحری تاخت کا کام لیتا تھا ۔ جزائر بالیارہ پر قبضہ کر لینے کے بعد ۴۰۶ھ/۱۰۱۵ء میں اس نے سارڈینیہ پر چڑھائی کی تھی جو بہت مشہور ھوئی؛ کیونکہ ادھر تو اس کا بیٹا علی المعروف بہ اقبال الدولہ جرمنوں کے ھاتھوں گرفتار ھوا اور ادھر اس وقت عیسائی اتحادیوں نے مجاھد کو شکست دی، اس کا پیچھا کیا اور جزیرہ دوبارہ چھین لیا ۔ کئی برس کی قید کے بعد اقبال الدولہ تاوان دے کر رہا ھوا اور ۴۳۶ھ/۱۰۴۴ء میں اپنے باپ کا جانشین بنا ۔ اس نے ۴۶۸ھ/۱۰۷۶ء تک بتیس برس حکومت کی ۔ اس کی ماں

marfat.com
Marfat.com

عیسائی تھی ۔ اس کی تربیت قید میں ہوئی تھی ۔ وہ مسلمان تھا ۔ اس نے ۴۴۶ھ/ ۱۰۵۴ء تا ۴۴۷ھ/ ۱۰۵۵ء میں اناج سے بھرا ہوا ایک جہاز مصر بھیجا، جہاں سخت قحط پھیلا ہوا تھا ۔ جب اس کے برادر نسبتی المقتدر نے دانیہ کی طرف اپنی سرحدوں کو وسیع کرنا چاہا تو علی اس کی مزاحمت کرنے کے ناقابل تھا؛ اس کی رعایا نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور شہر کو المقتدر کے حوالے کر دیا، جس نے علی کو سرقسطہ بھیج دیا، جہاں ۴۷۴ھ/۱۰۸۱ - ۱۰۸۲ء میں وہ انتقال کر گیا ۔ المنذر دانیہ کی مملکت میں اپنے باپ المقتدر کا جانشین ہوا اور اس کا بیٹا سلیمان بنو ہیر کے زیر سیادت ۴۸۴ھ/ ۱۰۹۱ء تک حکومت کرتا رہا ۔ اس سال المرابطون نے المریہ پر قبضہ کیا تھا ۔ اسی کے ساتھ مرسیہ، جاتوا اور دانیہ چھین لیے اور یہ سارے کے سارے آگے چل کر الموحدون کے زیرِ نگیں آ گئے ۔ ۵۹۹ھ/۱۲۰۳ء کے موسمِ بہار میں الموحدون نے دانیہ کی بندرگاہ میں جنگی جہازوں کا ایک طاقتور دستہ اور بری فوج جمع کر لی ۔ یہ فوج میورقہ کے بنو غانیہ پر حملہ کرنے کے لیے راہ میں اِبزہ میں ٹھیر گئی اور اسی سال کے ستمبر میں اس نے پلمہ چھین لیا ۔ دانیہ پر اس وقت محمد بن اسحٰق حکومت کرتا تھا، جو اپنے باپ اسحٰق بن غانیہ کے بعد میورقہ کے تخت پر بیٹھا تھا، لیکن جیسے اس کے بھائیوں نے اس بنا پر تخت سے اتار دیا تھا کہ وہ الموحدون سے ملا ہوا ہے ۔ الموحد سلطان المنصور نے اپنی وصیت میں اس کی پر زور سفارش کی تھی ۔ ۶۴۱ھ/۱۲۴۴ء میں دانیہ آخرکار ارغون کے جیمز اول نے مسلمانوں سے لے لیا اور اس کے سرداروں میں سے ایک جرمن سردار کاروز Carroz نے اس کے علاقوں کی دوبارہ تقسیم کا بیڑا اٹھایا ۔ ۷۲۵ھ/ ۱۳۲۵ء میں اسے شہزادۂ پڈرو (Infanate Don Pedro) کو دے دیا گیا، جس کی نسل کے لوگ گندیا Gandia کے شاہی ڈیوک تھے، جنھوں نے ۱۳۵۶ء سے اس وقت تک یہاں حکومت کی جب کیتھولک بادشاہوں نے اسے ایک "مارکوئیسی" (یا نوابی ریاست) بنا دیا ۔ ۱۶۱۰ء میں فلپ سوم نے جب محنتی موروں کو جلا وطن کر دیا تو اس کی بھی بہت سی آبادی گھٹ گئی اور اس زمانے سے اس کی اہمیت جاتی رہی ۔ پھر بھی ھسپانیہ کی جنگ تخت نشینی میں دانیہ، جس کی بندرگاہ قلعہ بند تھی، آرچ ڈیوک کی طرف سے بڑی بےجگری سے لڑا ۔ اسے تین مرتبہ فلپ پنجم نے محاصرے میں لیا اور ۱۷۰۸ء میں فتح ہوا ۔ ۱۸۱۲-۱۸۱۳ء میں اس پر فرانسیسیوں کا قبضہ ہو گیا تھا ۔ دانیہ کا سب سے مشہور عرب عالم عظیم مفسر قرآن [اور ماہر قرأت] الدانی [رک بآن] ابو عمر عثمان بن سعید الاموی گزرا ہے ۔

**مآخذ**: (۱) Roque Chabas: *Historia de la Ciudad de Denia*، ۲ جلدیں، دانیہ ۱۸۷۴ - ۱۸۷۶ء؛ (۲) Madoz: *Dicc. geog-estadistico-histor.*، ۷: ۳۷ تا ۴۸؛ (۳) الادریسی: *Desc. de l'Afrique et de l'Espagne*، ص ۱۹۲؛ (۴) یاقوت: معجم البلدان، ۲: ۵۴۰ (اس میں بندرگاہ دانیہ کو السُّمّان کہا گیا ہے)؛ (۵) البُستانی: دائرۃ المعارف، ۷: ۵۲۷؛ (۶) مَراصِدُ الاطلاع، ۵: ۳۲۶؛ (۷) ابن الخطیب: اعمال الاعلام، ص ۲۵۰ تا ۲۵۴؛ (۸) *Les "Mémoires" du Roi Ziride Abd Allah*، در *al-And*، ۴/۱: ۳۲ تا ۴۴؛ (۹) عفیف ترک: *El-Reino de Zaragoza en el Siglo XI (V de la hégira)*، تحقیقی مقالہ، ص ۱۳۹ تا ۱۵۹؛ (۱۰) الحُلَل الموشیّة، ص ۶۲؛ (۱۱) F. Codera: *Tratado de Numismātica arābigo-espanola*، میڈرڈ ۱۸۷۹ء، ص ۱۷۳ تا ۱۸۱؛ (۱۲) F. Caballero Infante: *Estudio sobre las Monedas Arabes de Denia*، در *EL Archivo*، ج ۳، دانیہ ۱۸۸۹ء؛ (۱۳) A. Vives y Escudero: *Monedas de las dinastiās arābigo espanolas*، میڈرڈ ۱۸۹۳ء، ص ۲۱۲ تا ۲۲۱؛ [(۱۴) Dozy: *Histoire des Musulmans d' Espagne*، ۳: ۳۸، ۳۰۳؛ (۱۵)

Marfat.com

ابن خلدون، مطبوعہ بولاق، ۳ : ۱۶۳]؛ نیز رک بہ مجاهد.

([A. Huici Miranda و] C.F. Seybold)

⊗ **داؤد علیہ السلام :** اللہ تعالٰی کے اوالعزم پیغمبر، جو بنی اسرائیل کی ہدایت و رہنمائی کے لیے مبعوث ہوئے اور جن کا ذکر قرآن کریم میں سولہ مقامات پر نو سورتوں میں وارد ہوا ہے (قبّ النجّار، ص ۳۰۳ و سیوهاروی، ۲ : ۱۵۵)؛ آپ کا سلسلۂ نسب گیارہ پشتوں سے حضرت ابراهیمؑ سے جا ملتا ہے (البدایة والنهایة، ۲ : ۹؛ النجّار، ص ۳۰۳ و سیوهاروی، ۲ : ۱۵۴).

بنو اسرائیل کا جو لشکر طالوت کی قیادت میں جالوت کے خلاف برسر پیکار تھا اس میں ایک نوجوان بھی تھا، جو اصل میں باپ کی طرف سے اپنے بھائیوں کی خبرگیری کے لیے آیا تھا مگر جب اس نے جالوت کے مقابلے میں اسرائیلیوں کی پس و پیش کو دیکھا تو طالوت کی اجازت سے اس کے مقابلے میں کود پڑا اور جالوت کو قتل کر ڈالا (۲ [البقرة] : ۲۴۷ تا ۲۵۱؛ نیز قبّ النجار، ص ۳۰۵؛ الثعلبی، ص ۲۰۷)۔ یہ جری اور باهمت لوجوان حضرت داؤدؑ ھی تھے۔ بنو اسرائیل میں یہ رسم چلی آتی تھی کہ یہود کے خاندان (سِبْط) سے نبوت اور اِفرائیم کے خاندان (سبْط) سے سلطنت مختص تھی مگر قتل جالوت کے بعد اللہ تعالٰی نے حضرت داؤدؑ کو شہرت و عظمت کے ساتھ سلطنت اور حکمت (نبوّت) بھی عطا کر دی (۲ [البقرة] : ۲۵۱؛ البدایة والنهایة، ۲ تا ۱۰).

حضرت داؤد علیہ السلام پر اللہ تعالٰی نے جو خاص فضل اور انعام فرمایا تھا قرآن مجید نے اس کا خصوصی اہمیت کے ساتھ ذکر کیا ہے وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا (۳۴ [سبا] : ۱۰) یعنی هم نے اپنی جانب سے داؤد کو خاص فضیلت دی؛ ان انعامات خاصّه کی قرآن کریم نے تفصیل بھی بیان کی ہے : (۱) اللہ تعالٰی نے پہاڑوں اور پرندوں کو ان کا مطیع بنا دیا تھا، جو صبح و شام ان کے ساتھ اللہ تعالٰی کی حمد و ثنا بیان کرتے تھے (۳۴ [سبا] : ۱۰ ؛ ۳۸ [صٓ] : ۱۷ تا ۱۹) ۔ (۲) اللہ تعالٰی نے حضرت داؤدؑ اور ان کے بیٹے حضرت سلیمانؑ کو پرندوں کی بولیوں (مَنْطِقَ الطَّيْرِ) کی تعلیم اور فہم عطا کیا تھا (۲۷ [النمل] : ۱۷)۔ (۳) اللہ تعالٰی نے لوہے کو ان کے لیے موم کی طرح نرم کر دیا تھا اور وہ اسے جس طرح چاہتے موڑ لیتے تھے (۳۴ [سبا] : ۱۰؛ البدایة والنهایة، ۲ : ۱۱؛ النجّار، ص ۳۱۰)۔ (۴) اللہ تعالٰی نے انھیں زرہ سازی کا فن عطا کیا جس سے وہ اپنی روزی اپنے ہاتھ سے کماتے تھے، چنانچہ حدیث نبوی میں وارد ہوا ہے کہ "انسان کا بہترین رزق وہ ہے جو وہ اپنے ہاتھ سے کما کر کھائے اور اللہ کے نبی داؤد اپنے ہاتھ کی محنت سے اپنی روزی کماتے تھے (۲۱ [الانبیاء] : ۸۰؛ ۳۴ [سبا] : ۱۰، البدایة والنهایة، ۲ : ۱۱؛ البخاری، ۲ : ۵)۔ قرآن کریم میں اللہ تعالٰی نے انسانیت پر ایک نعمت و احسان کے طور پر یہ ذکر فرمایا ہے اور کہا ہے کہ "هم نے انھیں (داؤد کو) تمھارا ایسا لباس تیار کرنے کا فن سکھایا جو تمھیں شدت جنگ کے وقت محفوظ رکھتا ہے (۲۱ [الانبیاء] ۸۰؛ الکشّاف، ۳ : ۱۲۸)۔ اللہ تعالٰی نے سلطنت داؤدی کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے : وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ (۳۸ [صٓ] ۱۹) یعنی هم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کیا اور اللہ تعالٰی نے انھیں خلافت ارضی عطا کرکے لوگوں میں عدل و انصاف قائم کرنے کا حکم دیا (۳۸ [صٓ] : ۲۵)، چنانچہ مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو خدا نے ساری اقوام کے تمام خطوں کی حکومت عطا کی تھی جس میں شام، عراق، فلسطین اور جزیرۂ عرب کے بعض حصے بھی شامل تھے (البدایة والنهایة، ۲ : ۱۲؛ الثعلبی، ص ۲۱۲؛ سیوهاروی، ۲ : ۱۵۷)۔ (۶) خدا نے انھیں حکمت اور فصل الخطاب یعنی منصب نبوّت اور خطابت کی فصاحت اور صحیح فیصلے کی قوت بخشی تھی (۳۸ [صٓ] : ۱۹)۔ (۷)

marfat.com
Marfat.com

قرآن کریم نے جن کتب سماویہ کا ذکر کیا ہے ان میں زبور بھی ہے، جو اللہ تعالٰی نے داؤد علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی (۴ [النسآء] : ۱۶۳؛ ۱۷ [بنیٓ اسرآئیل] : ۵۷) اور اسی زبور میں اللہ تعالٰی نے ذکر کے بعد یہ لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث اس کے نیک بندے ہوں گے (۲۱ [الانبیآء] : ۱۰۵) اور ایک روایت کی رُو سے زبور، جو مواعظ و حِکَم کا مجموعہ تھا، رمضان میں نازل ہوئی تھی (البدایة والنهایة، ۲ : ۱۲)۔ (۸) زہد و عبادت میں اللہ تعالٰی نے انھیں انہماک بخشا تھا، جو انسانیت کے لیے ایک نمونہ قرار دیا گیا ہے، چنانچہ وہ نصف شب تک آرام کرتے، تہائی رات عبادت میں بسر کرتے اور ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے؛ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ کے نزدیک پسندیدہ نماز داؤد کی نماز ہے اور اللہ کے نزدیک پسندیدہ روزہ داؤد کا روزہ ہے (البدایة والنهایة، ۲ : ۱۰؛ الثعلبی، ص ۲۱۲)۔ (۹) حضرت داؤدؑ کو اللہ تعالٰی نے خوش گلو بنایا تھا، چنانچہ لَحن داؤدی ضرب المثل بن چکا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب ابو موسٰی اشعری کی شیریں آواز کو سنتے تو فرماتے کہ ابو موسٰی کو اللہ تعالٰی نے لحن داؤدی عطا فرمایا ہے (البدایة والنهایة، ۲ : ۱۱؛ الثعلبی، ص ۲۱۰؛ النجار، ص ۳۱۱)۔

قرآن کریم میں حضرت داؤد علیہ السلام کی ایک آزمائش کا بھی ذکر ہے (۳۸ [صٓ] : ۲۱ تا ۲۶)، جس کے مطابق دو شخص مقدمہ لے کر آئے ایک کی ننانوے دنبیاں تھیں اور دوسرے کی ایک دنبی تھی اور ننانوے والا وہ ایک بھی لینا چاہتا تھا۔ حضرت داؤدؑ نے مدعی کی بات سنتے ہی فیصلہ سنا دیا اور اس راہبری پر اللہ تعالٰی کے حضور سجدۂ شکر بجا لائے۔ اس سلسلے میں اسرائیلی خرافات کے زیر اثر عورت کا قصہ بیان ہوا ہے، لیکن وہ بہتان ہے؛ اسی لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کے قائلین کے لیے حد قذف کا اعلان فرمایا تھا (النجار، ص ۳۱۳؛ البدایة والنهایة، ۲ : ۱۳ ببعد؛ الثعلبی، ص ۲۱۳ ببعد)۔ قرآن کریم میں حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی کا ایک سبق آموز واقعہ یوں ذکر کیا ہے کہ ایک روز حضرت داؤدؑ فیصلہ کرنے کے لیے عدالت میں تشریف فرما تھے اور آپؑ کے فرزند حضرت سلیمٰنؑ بھی ان کے پاس موجود تھے، مقدمہ یہ در پیش تھا کہ کسی ریوڑ والے کی بھیڑوں نے رات کو کسی کی پکی ہوئی فصل کھا لی، حضرت داؤدؑ نے فیصلہ دیا کہ کھیت والے کا زبردست نقصان ہوا ہے اس لیے بھیڑیں بطور تاوان اس کے سپرد کر دی جائیں، مگر گیارہ سالہ سلیمٰنؑ نے مشورہ دیا کہ آپ اپنے فیصلے میں دونوں فریقوں کا خیال رکھیے۔ اس پر داؤدؑ نے کہا کہ تم فیصلہ دو، حضرت سلیمٰنؑ نے کہا کہ بھیڑیں کھیت والے کو دے دی جائیں وہ ان سے فائدہ اٹھائے اور کھیت بھیڑوں والے کو دیا جائے جو اس پر محنت کر کے اس حالت پر لے آئے جو برباد ہونے کے وقت تھی؛ چنانچہ حضرت داؤدؑ نے اس فیصلے سے اتفاق فرمایا (۲۱ [الانبیآء] : ۷۹)۔ مفسروں نے اس واقعے سے مقدمات پر نظرثانی اور قاضیوں کے آداب کے سلسلے میں کئی ایک مسائل استنباط کیے ہیں (ابن العربی المالکی الاندلسی : احکام القرآن، ص ۱۲۵۴؛ الکشاف، ۳ : ۱۲۸ ببعد)۔

**مآخذ** : (۱) البخاری؛ (۲) الطبری : تفسیر، قاہرہ ۱۳۲۱ھ، ۱ : ۵۵۴ ببعد؛ (۳) آلوسی : روح المعانی؛ (۴) الثعلبی : العرائس، قاہرہ ۱۲۹۲ھ؛ (۵) النجار : قصص الانبیاء، قاہرہ ۱۹۶۸ء؛ (۶) سیوہاروی : قصص القرآن، دہلی ۱۳۶۲ھ؛ (۷) نعمة اللہ الجزائری : قصص الانبیاء، نجف ۱۹۶۰ء؛ (۸) المسعودی : مروج الذهب، پیرس ۱۸۶۱ء؛ (۹) ابن کثیر الدمشقی : البدایة والنهایة، قاہرہ ۱۹۳۲ء؛ (۱۰) الزمخشری :

Marfat.com

الکشاف، قاهره ۱۹۴۶ء؛ (۱۱) ابن العربی المالکی الاندلسی: احکام القرآن، قاهره ۱۹۵۸ء؛ (۱۲) مفتاح کنوز السنة، بذیل ماده؛ (۱۳) القرطبی: الجامع الاحکام القرآن، قاهره ۱۹۳۵ء؛ (۱۴) ابوبکر الجصاص: احکام القرآن، قاهره ۱۳۳۵ھ.

(ظہور احمد اظہر)

* **داؤد بن عبدالله:** بن ادریس الفطانی یا الفطّانی (پٹنی [رک بان] سے نسبت، جو جزیرہ نماے ملایا کے شمال مشرقی ساحل پر واقع ہے)، ایک ملایاوی مصنف جو تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے نصف اول میں مکے میں رہتا تھا۔ یہ سلسلۂ شطّاریہ سے تعلق رکھتا تھا۔ اس نے چھوٹی چھوٹی عوامی کتابیں لکھیں نیز شافعی فقہ، دینیات اور سلفی تصوف پر مبسوط کتابیں لکھیں۔ یہ تمام تصنیفات عربی سے ملایاوی زبان میں ترجمہ ہو چکی ہیں اور یہ تراجم عبدالصمد الپلمبانی [رک بان] کے تراجم کی نسبت زیادہ لفظی ہیں، کیونکہ ان کا مقصد ان عوام الناس کو تعلیم دینا ہے جو سہولت اور روانی سے عربی نہیں پڑھ سکتے، مگر عربی زبان کے طرز بیان سے کسی حد تک واقف ہیں۔ اس کی سب سے پہلی تصنیف جس پر تاریخ درج ہے ۱۲۲۴ھ/۱۸۱۰ء میں اور آخری کتاب ۱۸۴۳ء میں مکمل ہوئی۔ اکثر تصنیفات مختلف عربی کتابوں سے مواد اکھٹا کرکے لکھی گئی ہیں، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کبھی کبھی وہ ایک ہی کتاب کا تتبع کرتا تھا، مثلاً اپنے الغزالی کی منهاج العابدین الی جنّة رب العالمین اور البهجة الوردیة فی عقائد اهل الجماعة السّنیة، کے ترجمے میں؛ مؤخرالذکر عبدالرحمٰن بن عبدالسلام الصفوری کی شرح بر احمد بن عبدالرحمٰن الجزائری: المنظومة فی التوحید (مکه ۱۳۳۱ھ؛ اس المنظومة کے سرورق پر غلطی سے اسے ابن الوردی سے منسوب کیا گیا ہے؛ المنظومة کا عربی متن تمام و کمال اس نسخے کے اندر آ گیا ہے) کا ملایاوی ترجمہ ہے۔ دوسری قابل ذکر کتاب کنزالمنن علی حکم ابی مدین ہے، جو ابومدین شعیب بن الحسین الاندلسی کے حکیمانہ اقوال کی ایک شرح (مکه ۱۳۲۸ھ؛ اقوال عربی میں نقل کیے گئے ہیں) کا ترجمہ ہے۔ قانون نکاح پر داؤد پٹنی کا ایک مقبول عام رسالہ سنگاپور میں ۱۲۸۷ھ میں پتھر پر چھاپا گیا اور چند سال بعد اس کے کچھ اور رسالے بمبئی میں چھاپے گئے۔ اس کی بڑی بڑی تصانیف مکے میں ۱۳۰۲ھ کے قریب قریب طبع ہوچکی تھیں اور ۱۳۲۸ھ سے آگے تک اس کے اخلاف نے، جو اس مقدس شہر میں ابھی تک آباد ہیں اس کی کچھ تصانیف دوبارہ طبع کیں اور بعض پہلی مرتبہ چھاپیں۔ داؤد پٹنی کی ملایاوی کتابوں کے مخطوطات کیمبرج (سکاٹ کا ذخیرہ)، جکارتا، لائڈن اور لنڈن (R. A. S) میں موجود ہیں، لیکن ان میں سے کوئی غیر مطبوعہ نہیں ہے۔

**مآخذ:** (۱) C. Snouck Hurgronje: *Mekka*، ۲: ۳۸۶؛ (۲) H.H. Juynboll: *Catalogus v. d. Mal. en Sund. hss. der Leidsche Univ. Bibl.*، ص ۲۷۶؛ (۳) Ph. S. van Ronkel: *Catalogus der Mal. hss. in het Museum v. h. Bat. Gen. v. K. en W.*، ص ۳۷۴، ۳۷۸، ۳۸۲، ۳۸۵، ۴۰۱؛ (۴) C.O. Blagden: *List of Malay books*، در *JRAS* ۱۸۹۹ء، ص ۱۲۵، عدد ۵۰؛ (۵) R. O. Winstedt: *A history of Malay literature*، در *JSBRAS*، ۱۷/۳، ۱۹۰۴ء: ۱۰۴.

(P. Voorhoeve)

* **داؤد بن علی بن خلف: الاصفہانی، ابوسلیمان،** فرقۂ ظاہریہ [رک بان]، جسے داؤدیہ بھی کہا جاتا ہے) کا امام فقہ۔ یہ اس گروہ کا انتہا پسند نمائندہ ہے جو عقل و استدلال کو بالکل چھوڑ کر فقط ظاہر قرآن مجید اور حدیث پر اعتماد کرتا ہے۔ داؤد نے ذاتی راے ہی کا انکار نہیں کیا، جیسے الشافعی [رک بان] نے کیا تھا، بلکہ جہاں تک اس کا بس چلا، باقاعدہ تمثیلی استدلال (قیاس) کو بھی، جسے الشافعی نے قبول کیا تھا اور

Marfat.com

اس کے قواعد مرتب کرنے کی کوشش کی تھی، رد کر دیا اور اپنا مسلک یہ مقرر کیا کہ قرآن حکیم اور حدیث کے صرف ظاہری یا لغوی معنی لینے چاہییں؛ اس نے اجماع کے تصور کو بھی صحابہؓ کے اتفاق راے تک محدود کر دیا اور کسی ایک ہی امام کی تقلید کو بھی، جو دیگر مذاہب فقہ میں ان دنوں عام ہوگئی تھی، رد کر دیا۔ ان تمام امور میں اس کا مسلک امام الشافعی اور ان کے مذہب فقہ کے صرف ایک پہلو کو اتمام و اکمال کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

داؤد کا گھرانا اصفہان کے قریب کے ایک گاؤں سے تعلق رکھتا تھا؛ وہ ۲۰۰-۲۰۲ھ/۸۱۵-۸۱۸ء میں کوفے میں پیدا ہوا۔ اس نے بصرے، بغداد اور نیشاپور کے مشہور اساتذہ سے حدیث پڑھی اور اس کے بعد بغداد میں سکونت اختیار کر لی، جہاں معلّم اور مفتی کی حیثیت سے اس کی بڑی قدر کی جانے لگی۔ اس کے تذکرہ نویس اس کے زھد و تقوٰی اور عجز و انکسار کی بڑی مدح کرتے ہیں، خاص فقہ میں اس کے اساتذہ کے نام معلوم نہیں۔ اس کا باپ حنفی تھا اور خود اسے امام الشافعیؒ کا ایک "متعصب" مقلّد قرار دیا گیا ہے اور یہ تعریف اس کے اپنے مسلک کی ابتدا اور اس کے بعد کے ارتقا دونوں سے مطابقت رکھتی ہے۔ مذھب شافعی کے علما کے تذکروں میں اسے ایک معزز مقام حاصل ہے۔

دینیات میں اس کی یہ راے بیان کی جاتی ہے کہ قرآن مجید، جو لوح محفوظ کے اندر موجود ہے، غیر مخلوق ہے باستثنا ان نقول کے جو وقتاً فوقتاً معرض وجود میں آتی رہتی ہیں۔ کہتے ہیں کہ امام احمدؒ بن حنبل نے اسی بنا پر اس سے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا۔

داؤد متعدد رسائل کا مصنف ہے (اس کی تصنیفات کی کم و بیش ہم عصر فہرست کتاب الفہرست میں دیکھیے)، جن میں سے بعض تو بہت ہی طویل تھے (جن کے ورق تین ہزار تک ہیں)۔ ان میں اصول شرح اور قانون موضوع کے تمام شعبے (فروع) درج ہیں۔ ان میں سے کوئی کتاب باقی نہیں رہی۔ اب ان کے عقیدے کی تفصیلی توضیحات ہمیں صرف متأخرین کی تصنیفات ہی میں مل سکتی ہیں (مثلاً السبکی اور خصوصیت کے ساتھ امام ابن حزم [رکّ بآن] اور "اختلاف" پر لکھی گئی بعض کتب میں)، لیکن یہ مصنفین داود اور اس کے اتباع کی راے میں ہر جگہ امتیاز نہیں کرتے۔ ایک حنبلی مصنف محمد الشطّی (۱۳۰۷ھ/۱۸۸۹-۱۸۹۰ء) نے دمشق کے مفتی محمود بن حمزہ الافندی الحمزاوی [م ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷-۱۸۸۸ء] کے ایما پر ان میں سے بہت سی آرا کو ایک جگہ جمع کیا اور ان کا موازنہ مشابہ حنبلی عقائد کے ساتھ کیا ہے (رسالة فی مسائل الامام داؤد الظاهری، دمشق ۱۳۳۰ھ)۔ مرور زمانہ سے ظاہریّہ مکتب فکر نابود ہوگیا اور یہی وجہ ہے کہ اجماع علما تعین کا کرتے وقت ظاهریہ فرقے اور ان کے امام داؤد کی آرا کا کوئی لحاظ نہیں کیا جاتا، اگرچہ بعض علماے شافعیہ، کم از کم نظریاتی اعتبار سے، ان کی بابت زیادہ مصالحانہ راے رکھتے ہیں (دیکھیے النووی اور زیادہ تفصیل کے لیے السبکی)۔ داؤد کا انتقال بغداد میں ۲۷۰ھ/۸۸۴ء میں ہوا اور وهیں اسے دفن کیا گیا۔ اس کا بیٹا محمد بن داؤد [رکّ بآن] ایک مشہور ادیب تھا۔

**مآخذ**: (۱) الفہرست، ۱: ۲۱۶ ببعد؛ (۲) تاریخ بغداد، ج ۸، عدد ۴۴۷۳؛ (۳) السمعانی، بذیل مادۂ الظاهری؛ (۴) ابن الجوزی: اَلْمُنْتَظَم، ۵/۲، عدد ۱۶۴؛ (۵) النووی: *Biographical Dictiorary*، طبع وُسْتنفیلٹ، ص ۲۳۶ ببعد؛ (۶) ابن خلّکان، بذیل مادّہ؛ (۷) الیافعی: مرآة الجنان، ۲: ۱۸۴ ببعد؛ (۸) السّبکی: طبقات الشافعیة، ۲: ۴۲ ببعد؛ (۹) وُسْتنفیلٹ: *'Der Imām el. Schāfi'i*، عدد ۴۶؛ (۱۰) ابن کثیر: البدایة و النهایة، ۱۱: ۴۷

Marfat.com

بعد (سال ۲۷۰)؛ (۱۱) ابن العماد : شذرات الذهب، ۲ : ۱۵۸ بعد؛ (۱۲) ابن تغری بردی، قاهرہ، ۳ : ۴۷ بعد (سال ۲۷۰)؛ (۱۳) Goldziher : *Die Ẓāhiriten*، ص ۲۷ بعد اور بمواضع کثیرہ (بنیادی تصنیف)؛ (۱۴) براکلمان، ۱ : ۱۹۴ بعد؛ (۱۵) وهی مصنف : تکمله، ۱ : ۳۱۲؛ (۱۶) Schacht : *Esquisse*، ص ۵۶ بعد.

(J. SCHACHT)

* **داود انطاکی :** رك به الانطاکی.

* **داود پاشا :** (۱۱۸۱ھ/۱۷۶۷ء تا ۱۲۶۷ھ/۱۸۵۱ء)، ترکی عراق کا آخری مملوک حکمران؛ سلیمان پاشا (اعظم) نے بغداد میں ایک گرجستانی غلام لڑکے کی حیثیت میں حاصل کیا - سلیمان پاشا کی بیٹی سے اس کی شادی، نیز اس کے حسن و جمال، علم و فضل اور نمائشی اتقا نے اس کے سرپرست کے تحت سرکاری ملازمت میں معتمد صیغۂ راز، خزانه دار، دفتر دار اور انجام کار ”کهیه“ کی حیثیت سے اس کی ترقی درجات میں مدد دی - زمانه سازی، تشدد اور مختلف قوتوں، کردوں، مملوکوں، دربار، عوام اور قبائل میں ماهرانه توازن کے قیام سے پچاس ساله داود نے ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۷ء میں منصب پاشائی کو اپنے لیے حاصل کر لیا اور اسے اپنے پیشرو (سعید پاشا) کے قتل اور بروقت فیاضی سے یقینی بنا لیا - اس نے پندرہ برس حکومت کی - اس نے ایک مضبوط قبائلی حکمت عملی اختیار کی، اچھا خاصا نظم و ضبط قائم رکھا، بدنام فتنه پرور یزیدیوں اور صحرائی عنزہ کی گوشمالی کی، کرد رؤسا کے لامتناهی مناقشات اور دھمکیوں پر نظر رکھی اور ایک خطرناک ایرانی حملے (۱۲۳۹ھ/۱۸۲۳ء) کو روکنے کی تدبیر کی - اس نے استانبول کے احکام کے تحت بغداد میں ینی‌چری سپاہ کو توڑ دیا اور نئی قسم کی رجمنٹیں بنائیں، انھیں مسلح کیا، اور وقفوں وقفوں پر بهت چوکسی سے بڑی آزادی سے تجارت اور بیوپار میں یورپ کے طریقوں کو نمایاں طور پر ابھرنے کا موقع دیا - اس نے رفاہ عامّه کی بهت سی تعمیرات کرائیں اور دربار و مصاحبین کو بڑے تزک و احتشام سے رکھا - حکومت ترکیه کے بدلتے هوے حالات میں اس کا زوال (۱۲۴۷ھ/۱۸۳۱ء) ناگزیر تھا - اس کا زوال فوری طور پر اس لیے هوا که اس نے حکام استانبول کی پے به پے حکم عدولی کی - ان کا قاصد (جو والی کی حیثیت سے اس کا جانشین هوا)، بغداد میں ایک تباہ کن سیلاب کے آنے اور لرزہ خیز طاعون کے پھوٹ پڑنے سے اسے بے‌دخل کرنے اور اس کی جگه لینے میں کامیاب هوا - داود کے گرفتار اور اسیر هو جانے کے باوجود اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا گیا - اسے یورپ اور ایشیا دونوں میں دوبارہ ترقی دے کر اهم عهدوں پر مامور کیا گیا - وہ سلطان کا بهت منظور نظر هوگیا اور ۱۲۶۱ھ/۱۸۴۵ء میں مدینهٔ منورہ میں روضة المبارک کا محافظ مقرر هوا - وہ غیر معمولی نشیب و فراز کی زندگی گزارنے کے بعد ۱۲۶۷ھ/۱۸۵۱ء میں انتقال کر گیا.

**مآخذ :** (۱) S H. Longrigg : *Four Centuries of Modern Iraq*، آوکسفرڈ ۱۹۲۵ء، ص ۲۳۳ تا ۲۷۴؛ مآخذ پر اضافیه (۳۲۵ بعد) عربی اور ترکی ماخذ (جزوی طور پر بشکل مخطوطه) اور یورپی سیاحوں کے لیے مخصوص هے؛ (۲) C. Huart : *Histoire de Bagdad dans les Temps Modernes*، پیرس ۱۹۰۱ء.

(S. H. LONGRIGG)

* **داود پاشا :** کوہِ لبنان کا پهلا عثمانی ”متصرف“ (گورنر) (۱۸۶۱ء تا ۱۸۶۸ء) - وہ ارمنی کیتھولک تھا - مارچ ۱۸۱۶ء میں قسطنطنیه میں پیدا هوا - اس نے اپنی زندگی کے ابتدائی سال ایک فرانسیسی خاندان کے ساتھ غلطه Galata میں گزارے - بعد میں اس نے ایک انگریز خاتون سے شادی کرلی، لیکن ”متصرف“ هونے سے پهلے اسے چھوڑ دیا - اس کی عوامی زندگی کا

marfat.com
Marfat.com

آغاز برلن کے عثمانی سفارت خانے سے وابستہ ہونے سے ہوا ، اس کے بعد اس نے وی انا میں عثمانی قونصل جنرل کی حیثیت سے کام کیا ۔ جب اسے پھر قسطنطینیہ میں تبدیل کر دیا گیا تو وہ وزارت داخلہ میں مختلف عہدوں پر فائز رہا ۔ ۱۸۵۷ء میں وہ سرکاری مطبوعات کا نگران اور اگلے ہی سال دفتر ٹیلیگراف کا مہتمم مقرر ہوا ، جہاں اس نے متعدد اصلاحات کیں ۔ اسی سال اس نے وزیر خارجہ فواد پاشا کی غیر ملکی قرضے کے لیے درخواست گزاری میں مدد کی ۔ آخر میں باب عالی نے دول یورپ کی رضامندی سے اُسے کوہ لبنان کا متصرّف مقرر کیا ۔ اُسے بیروت میں وزارت کے منصب پر بھیجا گیا ۔ اس نے اپنا صدر مقام دیرالقمر کو بنایا ، اور نئے نظم و نسق کی اس انداز سے تنظیم کی جو تمام متعلقہ گروہوں کے لیے قابل اطمینان تھا ۔ دیگر امور کے علاوہ اس نے کوہ لبنان کے جندارمہ کی تنظیم کی، سڑکیں اور پُل بنوائے ، متعدد مدارس قائم کیے اور اس کی دانشمندانہ حکومت نے جلد ہی لبنان میں امن و امان، نظم و ضبط اور خیر سگالی کو بحال کر دیا ۔ پہلے وہ تین برس کے لیے گورنر مقرر ہوا تھا، لیکن بعد میں اس کی میعاد میں مزید پانچ برس کی توسیع کی گئی ۔ تاہم اپنے عہدے کی دوسری میعاد میں اسے کوہستانی علاقے کے بعض روایتی رہنماؤں کی سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، جس کی بنا پر اسے ۱۸۶۸ء میں اپنی میعاد سے قبل مستعفی ہونے کا مشورہ دیا گیا ۔ بعد ازاں اس نے تعمیرات عامّہ کے وزیر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں اور اسے قرضے کی گفت و شنید کے لیے یورپ بھیجا گیا ۔ لیکن بعض وجوہ کی بنا پر باب عالی اس سے ناراض ہو گیا اور اس نے یورپ ہی میں رہنے کو ترجیح دی ۔ اس کا ۹ نومبر ۱۸۷۳ء، یا سجل عثمانی کی رو سے ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء میں بمقام بانیارٹیس Biarritz انتقال ہوا ۔

داؤد پاشا کے متعلق اس کے ایک ہمعصر نے لکھا ہے کہ وہ ایک قابل مدبر اور منتظم، ایک اچھا ماہر لسانیات اور علم کا دلدادہ تھا ؛ اس کے علاوہ وہ برلن کی سائنس اکادمی کا بھی رکن تھا ۔

**مآخذ** : (۱) بُطرُس البستانی : کتاب دائرة المعارف، ج ۷ ، بیروت ۱۸۸۳ء، ص ۵۷۶ تا ۵۷۷؛ (۲) شیخ سامی فرشری : قاموس الاعلام ، ج ۳ ، استانبول ۱۳۰۸ھ، ص ۲۱۱۱؛ (۳) سجل عثمانی ، ۴ : ۸۷۴؛ (۴) Jouplain : *La Question du Liban*، پیرس ۱۹۰۸ء، ص ۴۸۴؛ (۵) G. Vapereau : *Dictionnaire universel des contemporains*، پیرس ۱۸۸۰ء، ص ۵۰۷ .

(K.S. SALIBI)

* **داؤد پاشا** : قوجه، درویش، متوفی ۹۰۴ھ/ ۱۴۹۸ء عثمانی صدر اعظم ۔ وہ البانیہ کا باشندہ تھا ۔ دیوشرمہ کے ذریعے محلاتی مدرسے میں آیا ۔ ۸۷۶ھ/ ۱۴۷۲ء میں، اندلو کے بیلربے کی حیثیت سے وہ شہزادۂ مصطفی والی قونیہ کے تحت آق قویونلو یوسف مرزا کے خلاف لڑا ۔ ۸۷۸ھ/۱۴۷۳ء میں اتلک بلی Otluk-beli کے مقام پر اُوزون حسن [رک بآں] کے خلاف لڑائی میں ہراول دستے کی کمان اس کے ہاتھ تھی ۔ اس نے ۸۸۱ھ/ ۱۴۷۶ء کی مہم بغدن Boghdan میں اور البانیہ میں فوجی کارروائیوں میں، نیز اشکدرہ Ishkodra کے محاصرے (۸۸۳ھ/۱۴۷۸ء) میں روم ایلی کے بیلربے کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں ۔ بایزید دوم کی تخت نشینی کے بعد وہ وزیر مقرر ہوا اور کچھ عرصے کے بعد ۸۸۸ھ/ ۱۴۸۳ء میں صدر اعظم اسحٰق پاشا کا جانشین ہوا اور پندرہ برس تک اس عہدے پر فائز رہا ۔ اس دوران میں وہ صرف دو مہموں پر گیا : ۸۹۲ھ / ۱۴۸۷ء میں مملوکوں کے خلاف فوجی کارروائیوں میں ، اس نے ادانہ Adana اور ترسوس Tarsus پر دوبارہ قبضہ کر لیا، وارساقوں کو مطیع کیا؛ اور ۸۹۱ھ/۱۴۹۲ء کی مہم البانیہ میں Tepedelen کو سر کیا اور البانیہ کی

Marfat.com

فوجوں کو شکست دی (گو ایک مأخذ کی رو سے وہ شمال کی جانب سے ہنگری والوں کے امکانی حملے کے خلاف حفاظت کی خاطر اُسکُب Üsküb ھی میں رہا) ۔ اسے ۴ رجب ۹۰۲ھ/ ۸ مارچ ۱۴۹۷ء کو صدارت عظمٰی سے برطرف کیا گیا اور دِیمیتقہ میں رہنے کا حکم دیا گیا (اس کا سالانہ وظیفہ ۳ لاکھ اقچہ مقرر ھوا) ۔ اس کی معزولی کی وجہ یہ تھی کہ محمد دوم کے پوتے اق قوبونلو گودہ احمد بے کے تبریز کی طرف فرار کو داؤد پاشا کی غفلت پر محمول کیا گیا ۔ ۲ سال بعد ۴ ربیع الاول ۹۰۴ھ/ ۲۰ اکتوبر ۱۴۹۸ء کو اس کا انتقال ہوا اور اسے استانبول میں اس کی بنائی ہوئی مسجد کی محراب کے سامنے "تربۃ" میں دفن کیا گیا ۔

بیان کیا جاتا ھے کہ وہ ایک قابل اور راست باز، مدبّر اور علم کا مُربّی تھا ۔ خارجی حکمت عملی میں وہ وینس کی حمایت کرتا تھا ۔ وہ اپنے وقت کے متموّل ترین مدّبروں میں سے تھا: "رسم قسمت" جو اس کی جاگیر پر "قاضی عسکر" کو واجب الادا تھی، ۲۰ لاکھ اقچہ سے کم نہ تھی ۔ اس نے ایک محلّے میں، جو اس کے نام پر ھے، ایک مسجد تعمیر کروائی تھی ۔ یہ اب تک موجود ھے، اس کے ساتھ اس نے ایک عمارت، ایک چشمہ، ایک مکتب اور ایک مدرسہ بھی بنوایا تھا ۔ اس کے نام کا ایک "اِسکلِ" اور ایک قصر بھی ھے ۔ داؤد پاشا صحراسی، جس پر اب داؤد پاشا کی بارکیں کھڑی ھیں، صدیوں تک عثمانی فوج کا ایک مشہور پڑاؤ رہا ۔ اس کے بیٹوں مصطفٰی پاشا اور محمد بیگ کا ذکر مآخذ میں کیا گیا ھے ۔

**مآخذ:** (۱) *IA*، بذیل مادّہ (از I.H. Uzunçarsılı)؛ (۲) Hammer-Purgstall، *GOR*، ۲: ۳۰۹ ببعد و اشاریہ؛ (۳) Leunclavius: *Hist.*، ص ۶۴۴ ببعد؛ (۴) (۴) Kantemir: *Gesch. d. Osm. Reiches*، ص ۲۸؛ (۵) الشقائق النعمانیہ، حدیقۃ الوزراء، حدیقۃ الجوامع (بذیل مادہ ھا)؛ (۶) اس کے اوقاف کے لیے T. Gökbilgin: *Edirne ve Paşa Livasi*، استانبول ۱۹۵۲ء بمدد اشاریہ .

(M. Tayyib Gökbilgin)

**داؤد پاشا، قرا** (؟ — ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۳ء) *

عثمانی صدر اعظم ۔ اس کا سال پیدائش غیر یقینی ھے، لیکن ۱۶۱۲ء میں حاکمیہ کو جو "کیفیت نامہ" پیش کیا گیا، اس میں Simone Contarini نے، جو استانبول میں وینس کا سیاسی وکیل رہ چکا تھا، ایک داؤد پاشا کا ذکر کیا ھے ۔ اسے وہ کروئیشیائی Croat نسل کا بتاتا ھے، نیز یہ کہ اس وقت اس کی عمر تقریباً ۴۶ برس تھی ۔ لیکن عثمانی مأخذوں کے مطابق قرا داؤد پاشا بوزنیائی Bosnian نسل سے تھا ۔ اس کی تعلیم و تربیت محلّاتی مدارس میں ہوئی تھی، فارغ التحصیل ہو کو عہدۂ "چُقدار" (چُہدر) پر فائز ہوا تھا ۔ سلطان محمد سوم (۱۰۰۳ تا ۱۰۱۲ھ/۱۵۹۵ تا ۱۶۰۳ء) کے عہد حکومت میں قپیجی باشی مقرر ہوا اور بعد ازاں سلطان احمد (۱۰۱۲ تا ۱۰۲۶ھ/۱۶۰۳ تا ۱۶۱۷ء) کے عہد میں وہ ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۴ء میں رومِ ایلی کا بیگلر بیگ بنا دیا گیا ۔ اس کے بعد داؤد پاشا نے ایشیاے کوچک میں جلالی [رک بآں] باغیوں کے خلاف، نیز ۱۰۲۱ھ/۱۶۱۲ء میں ایران کے صفویوں کے خلاف اریوان کی مہم میں خدمات سرانجام دیں ۔ اس نے سلطان مصطفٰی اول (۱۰۲۶ تا ۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۷ تا ۱۶۱۸ء) کے پہلے دور حکومت میں تھوڑے سے عرصے کے لیے قپودان پاشا [رک بآں] کا عہدہ سنبھالا اور ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء میں پوستانیوں کے خلاف Choczim (حوتن) کی مہم میں وہ سلطان دوم (۱۰۲۷ تا ۱۰۳۱ھ/۱۶۱۸ تا ۱۶۲۲ء) کا ہم رکاب رہا ۔ داؤد پاشا کی شادی سلطان مصطفٰی کی سگی بہن سے ہوئی ۔ ماہ پیکر والدۂ سلطان (یعنی مصطفٰی اول کی والدہ) نے جب اس کا بیٹا مصطفٰی دوسری مرتبہ سلطان بنا (۱۰۳۱ تا ۱۰۳۲ھ/۱۶۲۲ تا ۱۶۲۳ء)، اپنے اثر و رسوخ کو کام میں لا کر دؤاد پاشا کو بتاریخ ۹ رجب ۱۰۳۱ھ/ ۲۰ مئی ۱۶۲۲ء صدارت عظمٰی کے

Marfat.com

بلند رتبے پر پہنچا دیا ۔ داؤد پاشا نے سلطان عثمانی دوم کو، جو اسی وقت تخت سے معزول ہوا تھا، فوراً قتل کرا دیا ۔ ۳ شعبان ۱۰۳۱ھ/۱۳ جون ۱۶۲۲ء کو داؤد پاشا صدر اعظم کے عہدے سے برطرف کر دیا گیا ۔ باب عالی میں سیاسی دھڑوں کی مناقشت کی وجہ سے آخرکار خود اسے ربیع الاول ۱۰۳۲ھ/جنوری ۱۶۲۳ء میں موت کی سزا دی گئی اور وہ استانبول میں مسجد مراد پاشا میں دفن ہوا ۔

**مآخذ :** (۱) پچوی : تاریخ، ج ۲، استانبول ۱۲۸۳ھ، ص ۳۸۶ بعد بمواضع کثیرہ؛ (۲) حاجی خلیفہ : فذلکہ، ج ۲، استانبول ۱۲۸۷ھ، ص ۱۹ بعد، بمواضع کثیرہ، ص ۳۳ تا ۳۴، ۳۶؛ (۳) نعیما : تاریخ، ج ۲، استانبول، ۱۲۸۳ھ، ص ۲۲۳ بعد، بمواضع کثیرہ، ۲۳۵ بعد، بمواضع کثیرہ، ۲۴۸ تا ۲۵۲ : (۴) *Ambassade en Turquie de Jean de Gontaut Biron, Baron de Salignac 1605-1610. Correspondance Diplomatique et Documents Inédits*، طبع Comte Théodore de Gontaut Biron، در *Archives Historiques de la Gascogne*، کراسہ ۱۹، پیرس ۱۸۸۹ء، ص ۹، ۱۱، ۱۸۶ : (۵) R. Knolles : *The Generall Historie of the Turkes ---- Together with the Lives and Conquests of the Othoman Kings and Emperours*، لنڈن ۱۶۳۹ : *A Continuation of the Turkish History from ---- 1620 until --- 1628. Collected out of the Papers and Dispatches of sir Thomas Rowe*، ص ۱۳۰۸، ۱۳۱۲، ۱۳۱۷ تا ۱۳۱۸ : (۶) S. Purchas : *Purchas His Pilgrimes*، ج ۸، گلاسگو ۱۹۰۵ء، ص ۳۳۳ تا ۳۵۹، بمواضع کثیرہ ("The Death of Sultan Osman") : (۷) *The Negotiations of Sir Thomas Rowe in his Embassy to the Ottoman Porte from the Year 1621 to 1628 inclusive*، طبع رچرڈسن (S. Richardson)، لنڈن ۱۷۴۰ء، ص ۲۲، ۴۷، ۵۱، ۱۲۵ تا ۱۲۶ : (۸) A. Galland : *La Mort du Sultan Osman, ou le Retablissement de Mustapha sur le Throsne, traduit d'un Manuscrit Turc ----*، پیرس ۱۶۷۸ء، ص ۱۳۳ تا ۱۳۵، ۱۶۶، ۱۶۹، ۱۷۱ تا ۱۷۲، ۱۹۳ تا ۱۹۵، ۱۹۶، ۱۹۹، ۲۰۱ تا ۲۰۲ : (۹) M. Steinschneider : *Die Geschichtsliteratur der Juden*، ج ۱، فرانکفرٹ ۱۹۰۵ء، فصل ۱۳۶ : (۱۰) M.A. Danon : *Contributions à l'histoire des Sultans Osman II et Mouçtafâ I*، در *JA*، onz. sér، ج ۱۴، پیرس ۱۹۱۹ء، ص ۶۹ بعد و ۲۴۳ بعد، بمواضع کثیرہ : (۱۱) *Le Relazioni degli Stati Europei lette al Senato dagli Ambasciatori Veneziani nel secolo decimosettimo*، طبع N. Barozzi و G. Berchet، سلسلہ V : *Turchia*، ج ۱، وینس ۱۸۶۶ء، ص ۱۳۲ (*Relazione di Simon Contarini ...*، ۱۶۱۲) و ۲۹۳ (Relazione ... del Bailo Cristoforo Valier، ۱۶۱۶) : (۱۲) E. de Hurmuzaki : *Documente privitóre la Istoria Românilor*، تکملہ ۱/۱، بخارسٹ ۱۸۸۶ء، ص ۱۹۷ بعد و ۲۰۰ بعد؛ (۱۳) Hammer Purgstall، ۳ : ۵۴۹، ۵۵۱ بعد، ۵۵۸ تا ۵۵۹، ۵۷۱ بعد؛ (۱۴) Zinkeisen، ۳ : ۷۴۹، ۷۵۰، ۷۵۴، ۷۶۰ : (۱۵) N. Jorga : *Geschichte des osmanischen Reiches*، ج ۳، Gotha ۱۹۱۰ء، ص ۴۳۵ بعد؛ (۱۶) I. H. Uzunçarşılı : عثمانلی تاریخی، ۳/۲، انقرہ ۱۹۵۴ء، ص ۳۷۵ تا ۳۷۶؛ (۱۷) عثمان زادہ احمد تائب : حدیقۃ الوزراء، استانبول ۱۲۷۱ھ، ص ۶۷ بعد؛ (۱۸) حسین بن اسمعیل : حدیقۃ الجوامع، استانبول ۱۲۸۱ھ، ۱ : ۲۰۳؛ (۱۹) قاموس الاعلام، ج ۳، استانبول ۱۳۰۸ھ، ص ۲۱۱۰ تا ۲۱۱۱؛ (۲۰) سجل عثمانی، ۲ : ۳۲۵؛ (۲۱) *IA*، بذیل مادۂ داؤد پاشا ۔

(V. J. PARRY)

* **داؤد پوترے :** اس قبیلے کی ایک حریف شاخ ہیں جس سے کلہوڑے بھی، جو کسی وقت سابق

Marfat.com

سندھ کے حکمران تھے، تعلق رکھتے ہیں۔ داؤد پوترے اور کلہوڑے دونوں اس بات کے مدعی ہیں کہ وہ ابوالفضل العبّاس بن عبدالمطلّب کی نسل سے ہیں۔ بہاول پور کی سابق ریاست، جو اب مغربی پاکستان میں مدغم ہو گئی ہے، کے حکمران داؤد پوتروں سے تعلق رکھتے ہیں اور اپنے ہم جد کلہوڑوں کے برعکس اپنے آپ کو عباسی کہلانے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ نجابت اور عالی نسبی کے متعلق ان کا دعوی معتبر ماخذوں سے حاصل شدہ ناقابل تردید معلومات کے بجائے محض روایت پر مبنی معلوم ہوتا ہے، جس کو حکمرانی اور اقتدار کی طویل مدت سے تقویت حاصل ہوئی ہے۔

وہ شجرہ‌ہائے نسب جو بعض مقامی فارسی تاریخوں مثلاً مرآۃ دولت عباسیہ اور جواہر عباسیہ میں مندرج ہیں، ناقص ہیں اور ان کے بغور معائنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاہی احکام پر عجلت سے تالیف کیے گئے ہیں۔ تاہم مآثر الامراء (۱ : ۸۲۵) ایسی زیادہ قدیم اور مستند تصانیف میں بعض حوالوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ داؤد پوترے اور کلہوڑے دونوں عام طور پر العبّاس [رک بآں] کی نسل سمجھے جاتے تھے۔

کلہوڑوں اور داؤد پوتروں کا مشترک جد امجد، جس کے متعلق تاریخ کو کچھ علم ہے، محمد چنّے خان خیال کیا جاتا ہے (اس کی مختلف شکلیں یہ ہیں، چینے خان، چینا خان، چنّی خان، جیہنہ عرف چینہ خان)۔ اس کے باپ قائم کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ غزنویوں کی برّصغیر پاک و ہند میں آمد سے بہت پہلے ۲۵۹ھ/۸۷۳ء کے قریب ایران سے کچھ مکران کے راستے سندھ میں ہجرت کر آیا تھا۔ لیکن یہ سنہ مشکوک بھی ہے اور غیر اغلب بھی۔ بیشتر تصانیف میں قائم کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اس کے بجائے میاں اُدھانا نامی ایک شخص کا ذکر ملتا ہے جس کے متعلق کہتے ہیں کہ اُس نے ایک شیخ کی زندگی گزاری اور اس کے بہت مرید تھے۔ اس کی پانچویں پشت میں کوئی تُھل خان (فتح اللہ خان؟) تھا، جس کا لڑکا بھلاّ خان (بہاء اللہ خان) چنّے خان کا باپ تھا۔ چنّے خان کے بعد اس کے بیٹے محمد مہدی اور داؤد خان اس کی جگہ قبیلے کے سردار بنے۔ مؤخرالذکر کو قرآن مجید کا ایک نسخہ، تسبیح اور مصلّٰی، جو اس کے باپ کی ملکیت تھا، ورثے میں ملا اور خاندانی تلوار اور باپ کا عمامہ محمد مہدی کے حصے میں آیا۔ محمد مہدی کی اولاد اس کے بیٹے ابراہیم عرف کلہوڑے خان کے نام پر کلہوڑا کہلانے لگی۔

خاندانی مناقشات کا نتیجہ یہ ہوا کہ داؤد خان اول اس جگہ کو خیر باد کہنے اور دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور ہو گیا۔ کہتے ہیں کہ اس نے شہر وانجی، جس کے آثار اب نہیں ملتے، ایک نئی بستی بسائی۔ اس کے بعد اس کا بیٹا محمود خان اور پوتا محمد خان قبیلے کے سردار ہوئے۔ جب محمد خان کے بیٹے داؤد خان ثانی کی سرداری کے زمانے میں قبیلے کی ، بڑھ گئی تو وہ اپنے علاقے کو وسیع کرنے کی ضرورت محسوس کرنے لگا۔ اس داؤد خان ثانی کی اولاد اور متعلّقین کو داؤد پوترا کہنے لگے، بلا لحاظ اس امر کے کہ آیا وہ اس کی نسل سے تھے یا اس سے محض روحانی یا دنیوی تعلق رکھتے تھے۔ اس سے اس امر کی وجہ سمجھ میں آ جاتی ہے کہ کیوں خالص سندھی اصل کے بعض خاندان جو زیادہ تر کپڑا بننے کا پیشہ اختیار کیے ہوئے ہیں اور مغربی پاکستان کے اضلاع شکار پور اور داؤد میں رہتے ہیں، ابھی تک فخر سے اپنے آپ کو داؤد پوترا کہتے ہیں۔ بعض غیر ملکی مصنفین (مثلاً R. F. Burton: *A History of Scinde*، لنڈن ۱۸۵۰ء، ص . ۱۴) کو، جو داؤد پوتروں کے حسب نسب سے پوری واقفیت نہیں رکھتے تھے، یہ یقین ہو گیا کہ داؤد پوترے بحیثیت قبیلہ مقامی اصل کے اور پیشے کے لحاظ سے جلاہے تھے۔ جو لوگ داؤد خان ثانی کے

Marfat.com

خاندان یا برادری سے تعلق نہیں رکھتے تھے، انھیں برابر کے افراد تسلیم کرکے داؤد پوتروں نے خاندان یا برادری میں آزاد شدہ غلاموں (موالی) کو شامل کر لینے کے دیرینہ عرب رواج کو از سر نو زندہ کیا ۔ چونکہ ان میں عربوں کے اس رواج کا عام ھونا بھی اُن کے عرب نسل و نژاد سے تعلق رکھنے کے دعوے کی تائید کرتا ھے ۔

داؤد خان ثانی کے جانشین آٹھ سردار ھوے، جن میں سے فقط بہادر خان ثانی قابل ذکر ھے ۔ اس کے متعلق کہا جاتا ھے کہ اس نے ۱۰۲۶ھ/۱۶۱۷ء میں شہر شکار پور کی بنیاد رکھی تھی ۔ ان تمام داؤد پوترا سرداروں کی تاریخ‌ھاے ولادت و وفات جو بانی خانوادۂ بہاولپور صادق محمد خان اول (۱۱۳۶ھ/۱۷۲۳ء تا ۱۱۵۹ھ/۱۷۴۶ء)، [رک بآں] کے پیش رو تھے، عملاً نا معلوم ھیں، ان میں سے کوئی بھی اتنا اھم نہ تھا کہ تاریخ میں اس کا حال قلمبند کیا جاتا ۔

ایک داؤد پوترا سردار مبارک خان اول نے مغل شہزادہ مُعزالدین کی، جو اورنگ زیب عالم گیر کا پوتا اور اس وقت ملتان [رک بآں] اور لاھور [رک بآں] کا صوبے دار تھا، ۱۱۱۴ھ/۱۷۰۲ء میں ڈیرہ غازی خان کے ایک طاقتور بلوچ قبیلے میرانی کی بغاوت کو کچلنے میں مدد کی ۔ اس عسکری امداد کے صلے میں شکار پور، بختیار پور اور خان پور کے شہر اُسے جاگیر میں عطا ھوے ۔ اس کے بعد شکار پور کا شہر اس کے خانوادے کا صدر مقام قرار پایا ۔ اس کا بیشتر وقت اپنے حریف کلھوڑا سردار یار محمد خان عرف خدا یار خان کے خلاف برادر کُشی کی لڑائیوں میں گزرا ۔ ایک ھفتے سے زیادہ عرصے تک گھمسان کی لڑائی ھوئی جس میں فریقین کا بھاری نقصان ھوا ۔ اُس زمانے کے احوال سے ظاھر ھے کہ داؤد پوتروں کا شدید نقصان ھوا اور انھیں صلح کی درخواست کرنی پڑی ۔ یہ محض دھڑا بندی اور ایک خاندانی چپقلش تھی جس نے واقعات کی آئندہ راہ کو متعین کیا ۔ ان حریف گروھوں کے درمیان بعد کے تصادمات سے اس لڑائی کا نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں کے جداگانہ حلقه‌ھاے اثر و اختیار میں علٰحدگی اور حد بندی عمل میں آئی ۔

داؤد پوترے آخری مرحلے میں کامیاب رھے، کیونکہ وہ بڑی دشواری سے فتح کیے ھوے مقبوضات کو محفوظ اور منظم و مستحکم بنانے کے اھل تھے، جبکہ ان کے حریف کلھوڑوں کو تالپوروں نے باھر نکال دیا جو خود انگریزوں کے مطیع ھو گئے، جب مؤخرالذکر نے ۱۸۴۲ء میں پنجاب کے الحاق اور چند روزہ سکھ حکومت کے سقوط سے سات برس پہلے سندھ پر قبضہ کیا ۔ مبارک خان اول ۱۱۳۶ھ/۱۷۲۳ء میں اپنے بیٹے صادق محمد خان عبّاسی اوّل کے حق میں تخت سے دست بردار ھو گیا اور تین برس بعد ۱۱۳۹ھ/۱۷۲۶ء میں اس کا انتقال ھو گیا ۔ صادق محمد خان ایک اولوالعزم حکمران تھا، چنانچہ اس نے سب سے پہلے اُچ [رک بآں] کا اور اس کے بعد مغل صوبۂ ملتان کے ایک حصے اور قلعہ ڈیراور کا الحاق کیا ۔ یہ قلعہ اس نے جیسلمیر کے راول اکھی(؟) سنگھ سے چھینا تھا، جس کے اجداد اس پر مدتوں قابض رہ چکے تھے ۔ ۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹ء میں جب نادر شاہ افشار نے ھندوستان پر حملہ کیا تو صادق محمد خان اول ڈیرہ غازی خان جا کر اس کی خدمت میں باریاب ھوا اور نواب کا خطاب حاصل کیا ۔ ان مقبوضات کے علاوہ جو اس نے بزور شمشیر حاصل کیے تھے، اسے سیوستان اور لاڑکانہ کے پرگنے عطا کیے گئے ۔

۱۱۵۹ھ/۱۷۴۶ء میں شکار پور پر، جو اس کا آبائی وطن تھا، اس کے حریف کلھوڑا سردار خدا یار خان نے حملہ کیا ۔ صادق محمد خان کو مقابلے میں جان سے ھاتھ دھونے پڑے اور محمد بہاول خان اول اس کا جانشین ھوا ۔ اس نے اگلے ھی سال بہاول پور سمیت کئی شہروں کی بنیاد رکھی ۔ اس شہر سے آخرکار یہ ریاست

Marfat.com

موسوم ہوئی ۔ بہاول خان اول ہی کے عہد میں ریاست عزت کی نگاہ سے دیکھی جانے لگی اور اس کے سیاسی مرتبے میں اضافہ ہوا ۔ اس نے آبپاشی کے لیے جو نہریں کھدوائیں، ان سے ریاست بہاول پور کے خشک علاقوں میں خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوا ۔ اس اثنا میں داؤد پوتروں کی قوت بدستور بڑھتی چلی گئی ۔ ۱۱۶۳ھ/ ۱۷۴۹ء میں بہاول خان اول کی وفات پر محمد مبارک خان ثانی کو داؤد پوتروں نے متفقہ طور پر اس کا جانشین منتخب کیا ۔ ۱۱۶۵ھ/۱۷۵۱ء میں درّانی افواج کے سالار اعلٰی جہان خان پوپلزئی نے ڈیرہ غازی خان کے پٹہ دار علی محمد خان خاکوانی کے ایما پر پہلے اُچ پر حملہ کیا پھر بہاول پور پر چڑھ آیا ۔ خان پور کے قریب گھمسان کا رن پڑا جس میں اس نے شکست کھائی ، چنانچہ بہاول پور میں مزید وسعت ہوئی ، ۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء میں جیسلمیر کے راول رائے سنگھ کو سرحدی قلعہ ڈیراور واپس کرنا پڑا جو پہلے امیر بہاول پور سے چھن گیا تھا ۔ دو سال بعد غلام شاہ کلہوڑا نے ، جو سندھ کا حکمران تھا اور ماضی میں کئی مرتبہ حکمران بہاول پور سے مدد لے چکا تھا، عین اس وقت ریاست پر حملہ بول دیا، جب احمد شاہ ابدالی [رک بہ آں] نے لشکر کشی کی ۔ اس نے اس افراتفری پر تکیہ کیا جو افغان بادشاہ کے حملے سے پھیلنے والی تھی ۔ غلام شاہ کی رضا جوئی کے لیے اس کے بھائی عطر خان کو ، جس نے اس کے خلاف ایک ناکام کوشش کے بعد بہاول پور میں پناہ لے رکھی تھی، اس کے حوالے کر دیا گیا ۔

۱۱۸۶ھ/۱۷۷۲ء میں محمد مبارک خان ثانی کے انتقال پر اس کا بھتیجا محمد جعفر خان اس کا جانشین ہوا ، جس نے ۱۲ برس کی عمر میں تخت نشینی کے وقت بہاول خان ثانی کا لقب اختیار کیا ۔ ۱۱۹۱ھ/۱۷۷۷ء میں ملتان سکھوں نے چھین لیا ۔ بہاول خان کو ۱۱۹۴ھ/ ۱۷۸۰ء میں شہنشاہ دہلی شاہ عالم ثانی نے خلعت سے سرفراز کیا اور رکن الدولہ ، نصرت جنگ اور حافظ الملک کے خطابات عطا کیے ۔ ۱۲۰۱ھ/ [بہ تصحیح ۱۷۸۶ء] تیمور شاہ درّانی نے نواب کی قلمرو پر حملہ کیا اور شہر بہاول پور پر قبضہ کر لیا ، اسے تاخت و تاراج کیا اور بعد میں جلا کر تباہ کر دیا ۔ دیراوڑ کا قلعہ بھی سر ہو گیا اور اس میں درانی لشکر متعین کر دیا گیا ۔ تیمور شاہ نواب کے بیٹے شہزادہ مبارک خان عباسی کو یرغمال کے طور پر اپنے ساتھ لے گیا اور پھر بہاول خان ثانی کو عملاً معزول کرکے مبارک خان کو حکمران بنا دیا ۔ تیمور شاہ سزا دینے میں اس قدر سخت تھا کہ وہ ان توپوں کو بھی کابل لے گیا جو بہاول پور میں اس کے ہاتھ لگی تھیں ۔ ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء تک بہاول خان ثانی درانیوں کا صفایا کرنے کی کارروائیوں میں مصروف رہا ۔ اس سے پہلے وہ شہزادہ مبارک خان کو بہاول پور واپس آنے پر نظر بند کر چکا تھا ۔

جب اس کے مقبوضات پر درّانی حملے کا خطرہ جاتا رہا تو وہ جارحانہ کارروائیوں پر اتر آیا اور نواحی علاقوں کا الحاق کرنے لگا ۔ اس کی ہوس ملک گیری نے اُچ کے مخدوم حامد گنج بخش (جو مخدوم جہانیاں جلال الدین بخاری [رک بآں] کی اولاد سے تھا) کے دل میں شبہات پیدا کر دیے ۔ اس نے ہمسایہ سرداروں کی کامل اعانت سے نواب کے خلاف ۱۲۱۴ھ/۱۷۹۹ء میں بغاوت کی اور اپنی گرفتاری کی کوششوں کو ناکام بنا دیا ۔ اس نے بیکانیر کے حکمران کو بھی ریاست پر حملے کے لیے اُکسایا، شہزادہ مبارک خان کو رہا کرایا اور اس کی نوابی کا اعلان کیا ۔ باغیوں اور ان کے حلیفوں سے چند سخت مقابلوں کے بعد شہزادہ عبداللہ خان (جو بعد میں نواب صادق محمد خان ثانی کے نام سے معروف ہوا) کے تحت ریاستی فوجیں امن بحال کرنے میں کامیاب ہو گئیں ۔ آزردہ خاطر مخدوم نے ، جس کا ریاست میں بڑا اثر و رسوخ تھا ، کابل کے شاہ شجاع الملک کے ایما پر ۱۲۲۱ھ/۱۸۰۶ء میں

Marfat.com

پھر بغاوت کر دی ۔ یہ کوشش بھی ناکام ہوئی اور دو برس بعد نواب نے برطانوی حکومت سے دوستانہ معاہدہ کر لیا ۔ اس کے بعد ریاست میں کامل امن و امان رہا ۔ لاہور ، دہلی ، ڈیرہ غازی خان اور ملتان وغیرہ کے لوگ جو سکھوں کی حکومت میں اور ہندوستان میں بدامنی کی وجہ سے خطرہ محسوس کرتے تھے ، نقل مکانی کرکے بہاول پور چلے آئے ۔

۱۸۰۵ء میں بہاول خان کی وفات پر ، اس کا بیٹا عبداللہ خان اپنے بڑے بھائی شہزادہ واحد بخش پر غلبہ حاصل کرکے باپ کا جانشین ہوا اور واحد بخش ہلاک کر دیا گیا ۔ جیسا کہ پہلے مذکور ہوا ، عبداللہ خان نے تخت نشینی کے وقت صادق محمد خان ثانی کا لقب اختیار کیا ۔ اس کے پندرہ سالہ دور حکومت کا بیشتر حصہ (اس کا انتقال ۱۸۲۵ء میں ہوا) یا تو امیران سندھ کے حملوں کو پسپا کرنے یا خود اپنے امرا کی بغاوتوں کو فرو کرنے یا اپنے مفتوحہ علاقوں کی مدافعت میں صرف ہوا ۔ اس کے عہد حکومت کے دیگر قابل ذکر واقعات میں سے ایک یہ ہے کہ ۱۲۳۴ھ/۱۸۱۸ء میں شاہ شجاع نے خود امیر کی مہیا کردہ فوجی امداد سے ڈیرہ غازی خان پر قبضہ کر لیا مگر دوسرے ہی سال لاہور کے حکمران رنجیت سنگھ نے اس سے یہ علاقہ چھین لیا لیکن بعد میں رنجیت سنگھ نے ڈیرہ غازی خان [دیکھیے ڈیرہ جات] اڑھائی لاکھ روپے کی سالانہ رقم کے عوض پھر امیر بہاول پور کے حوالے کر دیا ۔ اس کے جانشین رحیم یار خان الملقب به محمد بہاول خان ثالث (۱۸۲۵ تا ۱۸۵۲ء) کے عہد حکومت میں ڈیرہ غازی خان ، مظفر گڑھ اور ملتان ہمیشہ کے لیے بہاول پور کے تسلط سے نکل گئے ۔ کیونکہ یہ سب علاقہ ایک فرانسیسی فوجی طالع آزما جنرل وانشورا (Ventura) نے ۱۲۳۵ھ/ ۱۸۱۹ء میں اپنے سکھ آقا رنجیت سنگھ کے لیے فتح کر لیا ۔ نواب نے انتقام لینے کے لیے انگریزوں کو ، ملتان فتح کرنے کی غرض سے ، ۲۳۰۰۰ کا لشکر فراہم کیا جسے ہربرٹ ایڈورڈز نے ، جو بنّوں کا بانی تھا ، ۱۸۴۸ء میں سر کر لیا اور اس کا الحاق ایسٹ انڈیا کمپنی کے مقبوضات سے ہو گیا ۔

۱۸۵۲ء میں اس کے انتقال پر سعادت یار خان، الملقب به صادق محمد خان ثالث اس کا جانشین ہوا ۔ مؤخرالذکر کی رسم تاجپوشی مخدوم اُچ نے ادا کی ، جو حکمران خاندان اور ریاست کے سب سے طاقتور روحانی گروہ کے درمیان مصالحت کا خوشگوار نتیجہ تھا ۔ نواب کا رویہ اپنے بھائیوں کے ساتھ بہت سخت تھا ، جس کی وجہ سے سب سے بڑے بھائی شہزادہ حاجی خان نے اس کے خلاف بغاوت کر دی ۔ آخرکار صادق محمد خان کو معزول کرکے قلعہ دراوڑ کے ایک اناج کے گودام میں قید کر دیا گیا ۔ بعد میں اس کے لیے ایک قلیل سی رقم بطور وظیفہ مقرر کی گئی اور اسے لاہور جلا وطن کر دیا گیا جہاں وہ مدفون ہے ۔ حاجی خان نے فتح خان کا لقب اختیار کیا ، لیکن جلد ہی داؤد پوتروں کی تائید سے محروم ہو گیا جو اس کے خلاف مسلسل ناکام سازشوں میں مصروف رہے ۔ اس نے پانچ سال کی حکومت کے بعد ۱۸۵۸ء میں انتقال کیا ۔ اس کا جانشین رحیم یار خان الملقب به محمد بہاول خان چہارم (۱۸۵۸ تا ۱۸۶۶ء) ہوا ، جس کے عہد میں یوں تو کوئی قابل ذکر واقعہ نہ ہوا ، البتہ اندرونی فتنہ انگیزی اور خلفشار جاری رہا ؛ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُسے زہر دے کر ہلاک کر دیا گیا ۔ اس کے بعد اس کا خورد سال بیٹا صادق محمد خان چہارم تخت نشین ہوا ۔ جب وہ ۱۸۷۹ء میں بالغ ہو گیا تو برطانوی ہند کی حکومت نے اُسے حکمرانی کے اختیارات باضابطہ تفویض کر دیے ، کیونکہ یہ ریاست الحاق پنجاب کے وقت ۱۸۴۹ء میں برطانوی اقتدار اعلٰی کو تسلیم کر چکی تھی ۔ اس کی تخت نشینی کے فوراً بعد داؤد پوتروں نے بغاوت کر دی ، جو بہرحال

Marfat.com

سختی سے کچل دی گئی اور اس کے سرغنہ کو موت کی سزا دی گئی.

اس حکمران کی نابالغی کے زمانے میں ریاست کا انتظام چیف پولیٹکل افسر اور ایجنٹ لفٹینٹ گورنر پنجاب برائے امور بہاولپور کے ہاتھوں میں رہا ۔ وہ بہت ہی ہر دلعزیز حکمران تھا اور اسے ''صبح صادق'' کہتے تھے ۔ خانوادۂ بہلول پور کے اس ''شاہجہان'' نے متعدد خوبصورت محل تعمیر کرائے، جن کی تعمیر میں غیر ملکی اور مقامی معمار لگائے گئے . ان میں سے دو، صادق گڑھ محل اور نور محل، قابل ذکر ہیں.

۱۸۹۹ء میں مبارک خان الملقب به محمد بہاول خان پنجم اس کا جانشین ہوا جو سولہ برس کا تھا اور بہاول پور کا پہلا شہزادہ تھا جس نے ایچیسن کالج لاہور میں تعلیم حاصل کی ۔ وہ حج کے بعد مکۂ [معظمہ] سے واپس آ رہا تھا کہ عنفوان شباب میں عدن کے مقام پر ۱۹۰۷ء میں اس کا انتقال ہو گیا.

اس کا جانشین اس کا چھوٹا بیٹا صادق محمد خان پنجم (۱۹۰۷ تا ۱۹۵۶ء) ہوا، جو اس وقت صرف تین سال کا تھا. اس کی نابالغی کے زمانے میں ریاست کے امور کونسل آف ریجنسی سرانجام دیتی رہی، جس کا صدر مولوی سر رحیم بخش تھا ۔ وہ انبالے کے نزدیک ٹھسکا میرانجی (گراھم) کا باشندہ تھا ۔ اس کے عمدہ انتظام اور فلاح عامّہ کی فکر کی وجہ سے، جس میں پرہیز گاری اور فیاضی بھی شامل تھی، اس کی بہت قدر کی جاتی تھی ۔ ۱۹۴۷ء میں بہاول پور پاکستان میں شامل ہو گیا اور اس نے خاص طور پر خانمان برباد مہاجرین کو بسانے میں جو ان دنوں ہندوستان سے دھڑا دھڑ آ رہے تھے، نئی مملکت کی بہت مفید خدمت سرانجام دی ۔ ۱۹۵۶ء میں جب وحدت کی تشکیل ہوئی تو یہ ریاست مغربی پاکستان میں مُدغم ہو گئی اور اس کی جداگانہ حیثیت باقی نہ رہی.

**مآخذ**: (۱) دولت رائے: مرآة دولت عباسی، دہلی ۱۸۵۰ء (موزۂ بریطانیه کے مخطوطے سے بلحاظ مواد مختلف ہے، Rieu، ۳: ۹۵۱ الف)؛ (۲) محمد اعظم ہاشمی: جواهر عباسیه (مخطوطه)؛ (۳) جان محمد خان معروفانی: تاریخ بہاول خان' مخطوطۂ پنجاب یونیورسٹی لائبریری؛ (۴) اعظم ہاشمی: اقبال نامۂ سعادت آیات (مخطوطه)؛ (۵) گمنام مصنف: خلاصۂ تواریخ عباسیه (سید نوراللہ کی ایک تصنیف کا خلاصه جو مجھے دستیاب نہ ہو سکا)؛ (۶) شہامت علی: *The History of Bahawalpur* (پیر ابراہیم خان خویشگی قصوری، برطانوی ایجنٹ بہاول پور ۱۸۴۰ تا ۱۸۵۶ء کی ایک فارسی تالیف کا مختصر انگریزی ترجمه)؛ (۷) *Gazetteer of the Bahawalpur State*، لاہور، ۱۹۰۸ء؛ (۸) ایچ ۔ بی ایڈورڈز H. B. Edwards: *A year on the Punjab frontier in 1848 - 9*، لنڈن ۱۸۵۱ء: ۲: ۳۱۴، ۳۱۹، ۳۴۴، ۳۷۷؛ (۹) غلام رسول مہر: تاریخ سندھ (عہد کلہوڑا)، کراچی ۱۹۵۸ء: ۲، ۳۲، ۳۸ تا ۶۰، ۱۰۰ تا ۱۱۹ و مواضع کثیره؛ (۱۰) سیّد مراد شاه: تاریخ مراد (مخطوطه)؛ (۱۱) نذیر علی شاه: صادق نامه، لاہور ۱۹۵۹ء؛ (۱۲) عطا محمد شکاری: تازه نوائے معارک، کراچی ۱۹۶۰ء، اشاریه؛ (۱۳) ہتورام: تاریخ ڈیره غازی خان، لاہور ۱۸۷۵ء؛ (۱۴) وہی مصنف: تاریخ بلوچستان؛ (۱۵) حفیظ الرحمٰن: تاریخ بہاولپور؛ (۱۶) عزیز الرحمٰن: صبح صادق، طبع دوم، بہاولپور ۱۹۴۳ء؛ (۱۷) F. G. Goldsmid: *A Memoir on Shikarpur*، دستاویزات حکومت بمبئی؛ (۱۸) نیز دیکھیے مقالۂ بہاولپور، اور سی یو ایچیسن C. u. Aitchison: *A Collection of Treaties, Engagements and Sanads relating to India*، ج ۹، کلکته ۱۸۹۲ء.

(بزمی انصاری)

* **داؤد خاں کَرّانی**: شیر شاہ کے ماتحت والیِ بنگال سلیمان کَرّانی کا چھوٹا بیٹا تھا، جو بعد میں مطلق العنان ہو گیا؛ ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں افغان امرا

marfat.com
Marfat.com

نے اسے بنگال کے تخت پر بٹھایا ۔ انھوں نے اس کے بڑے بھائی بایزید کو معزول کر دیا تھا ۔ اس نے نشۂ قوت میں سرشار ہو کر مغل شہنشاہ اکبر سے سرتابی کی اور ۹۸۲ھ/۱۵۷۴ء میں غازی پور کی شاہی چوکی پر حملہ بول دیا ۔ منعم خان [رک باں، لائڈن طبع ۲] اس کے مقابلے کے لیے بھیجا گیا، جس نے اس کے دارالحکومت ٹانڈا پر قبضہ کرکے اسے اڑیسہ میں پسپا ہونے پر مجبور کر دیا ۔ داؤد خان نے تکاروئی [رک باں] (=مغل ماڑی) کی مشہور لڑائی میں جوابی حملہ کیا، لیکن مغلوں کی کمک پہنچ جانے پر اس نے صلح کی درخواست کی اور اکبر کو خراج ادا کیا، چنانچہ اسے اڑیسہ کا صوبہ اپنے پاس رکھنے کی اجازت مل گئی ۔ ۹۸۳ھ/۱۵۷۵ء میں منعم خان کا انتقال ہو گیا اور اس کے بعد جو ابتری پھیلی تو داؤد خان نے حملہ کرکے پھر بنگال پر قبضہ کر لیا ۔ ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء میں خان جہان اور ٹوڈرمل نے مغلوں کی طرف سے دوبارہ حملہ کیا؛ داؤد خان گرفتار ہو کر قتل ہوا اور بنگال بالآخر مغلوں کے ہاتھ آ گیا ۔

**مآخذ** : (۱) ابوالفضل علامی : اکبر نامہ، ۳ : ۲۲، ۰۷ تا ۷۳، ۹۳ بعد، ۱۱۸، بعد ۱۷۷ تا ۱۷۸؛ ترجمہ از بیورج (Beveridge)، ۳ : ۳۰ بعد، ۹۷ بعد، ۱۳۰ بعد، ۱۶۹ بعد، ۲۴۸ بعد؛ (۲) وہی مصنف : آئین اکبری، ترجمہ از براکمان، بار دوم، ص ۳۳۴، ۳۵۰، ۴۰۳، ۴۰۷، ۴۱۱ .

(J. Burton-Page)

* **داور** : رک بہ زمین داور، در باں، لائڈن، بار دوم .

* **داھومی** : (Dahomey) : ٹوگولینڈ اور نائیجیریا کے مابین ایک ۱۸۴ میل لمبا تنگ خطہ، خلیج گنی پر واقع قدیم ترین معروف ممالک میں سے ہے .

اس کا ساحلی علاقہ، جو نشیب میں واقع ہے، سمندری پانی کی چھوٹی چھوٹی جھیلوں سے گھرا ہوا ہے، بحالیکہ اس کا وسطی حصہ ایک سطح مرتفع اور ایک دوسرے سے جدا پہاڑوں پر مشتمل ہے ۔ شمالی حصہ نسبۃً بلند ہے ۔ اس کے آرپار آٹا کورا (Atacora) پہاڑوں کی ڈھلانیں ہیں، جن کی بلندی تقریباً آٹھ سو میٹر تک ہے ۔ جنوب میں خاص طور سے رطوبت زیادہ ہے اور یہاں کا درجۂ حرارت تقریباً یکساں رہتا ہے ۔ اگرچہ یہاں دو موسم بارش کے اور دو خشکی کے ہوتے ہیں .

داھومی کی آبادی جو تقریباً دو ملین (بیس لاکھ) نفوس کی ہے، بیشتر ذیل کے قبائل پر مشتمل ہے ۔ فون (Fon) (مرکزی خطہ)، گون (Goun) اور Yoruba (جنوب مشرق خطہ)، اجہ (Adja) (جنوب مغرب)، بریبہ (Bariba)، سومبا (Somba) اور فلانی (Fulani) (شمالی علاقہ) .

یہاں کا بڑا شہر کوٹونو (Cotonou) ہے (ستاسی ہزار باشندے)، اگرچہ پورٹونووو (Porto-Novo) ہمیشہ سے حکومت کا صدر مقام رہا ہے .

سترھویں صدی عیسوی میں یورپ کے لوگوں سے واسطہ پڑنے پر داھومی بردہ فروشی سے بالخصوص متأثر ہوا، جو اس کی بعض سلطنتوں اور نمایاں طور پر ابومی (Abomey) کی دولت مندی کو فروغ دینے میں ممد ہوئی ۔ یہ آخرالذکر ہی وہ سلطنت ہے جس نے فرانسیسی نفوذ (۱۸۹۲ء) کے خلاف سب سے زیادہ طویل اور شدید مزاحمت کا مظاہرہ کیا .

۱۸۹۹ء میں فرانسیسی مغربی افریقہ کے وفاق میں داخل ہو کر داھومی نے اس کی ترقی میں بڑا حصہ لیا ۔ یہ خدمت اس نے اپنے منتخب افراد کے ذریعے انجام دی جو نقل وطن کرکے دوسرے مختلف علاقوں میں جا بسے تھے ۔ سینیگال (Senegal) کی معیت میں یہ بھی ان ممالک میں سے ہے جنھوں نے سب سے پہلے سیاسی تحریکوں کی تشکیل کی جن کی قوت کا اظہار دوسری عالمگیر جنگ سے خاصا پہلے ہو گیا تھا.

اپنے ان بیشتر ہمسایہ ملکوں کی طرح جو خلیج

Marfat.com

[illegible] اور بینن (Benin) تمدن کی خصوصیات [illegible] ہوئے ہیں ' داہومی نے بھی ارواح پرستی (animism) [illegible] دو برقرار رکھا ہے جس [illegible] کا دار و مدار ہے ۔

[illegible] معاشرتی و مذہبی تنظیم، جہاں ارواح [illegible] تھا، کسی بیرونی عقیدے کے [illegible] رہی، اور صرف ابومی (Abomey) [illegible] کے بعد عیسائیت کی اشاعت کا آغاز ہوا ۔

اسلام کی اس ملک میں اشاعت آہستہ آہستہ ہوئی اور [illegible] زیادہ تعداد میں اس میں شامل نہ ہوئے [illegible] یہاں کے سردار اور کمتر درجے کے مقامی [illegible] صدی عیسوی کے اختتام سے پہلے کبھی [illegible] کرنے پر تیار نہیں ہوئے، نہ تو [illegible] داہومی کے قدیم قبائلی معاشروں، موسوم بہ [illegible] (Bomba) میں، اور نہ شمال مشرق علاقے کے [illegible] نظام رکھنے والے بریبا (Bariba) معاشروں [illegible] وہ کاروانی راستے، جہاں اسلامی کاروان [illegible] موجود ہیں، اسی ملک سے گزرتے تھے، [illegible] سلطنتوں ہی میں جو مطلق العنان [illegible] بادشاہ ان موروثی روایات کا [illegible] وہ اپنے آبا و اجداد کے اعزاز [illegible] رہتا تھا ۔

[illegible] کے نفوذ کا آغاز غالباً شمال مشرق سے ہو [illegible] صدی میں مالی (Mali) سلطنت [illegible] چھوٹی سی تجارتی نو آبادی اس علاقے میں قائم [illegible] سوکونو (Sokono) کہتے ہیں ۔ [illegible] سے گوان گرا (Gwangara) کہتے ہیں ۔ [illegible] کے سلسلے میں کولا (Kola) کے [illegible] کے لیے روانہ ہوتے [illegible] مصنوعات شمالی علاقے سے، [illegible] سے جنوب مغرب تک پہنچتی تھیں ، اور کولا کے اخروٹ تو شمالی داہومی کے راستے سے نائیجریا اور ہوزہ (Housa) کے علاقوں تک پہنچ جاتے تھے ۔ اس طرح جلد ہی چھوٹی چھوٹی سی مسلم نو آبادیاں موسوم بہ وانگرہ (Wangara) یا مارو Maro (داہومی میں) قائم ہو گئیں جو کچھ ہی عرصے کے بعد بڑھ کر اہم مرکز بن گئیں، جیسے کہ پراکو (Parakou)، جوگو (Djougou) یا کانڈی (Kandi) ۔

یہ غیر ملکی آبادیاں ان سرداروں کے زیر سایہ سکونت پذیر تھیں جن کے علاقوں میں سے کاروانی راستے گزرتے تھے ۔ ان بستیوں سے متعدد خاندانوں کی بنیاد پڑی اور اس طرح وہ یہاں اسلام کی اشاعت کا ذریعہ بن گئیں جو مقامی باشندوں سے شادیوں کے سہل طریقے کی بدولت بتدریج فروغ حاصل کرتا گیا ۔

بعد ازاں جب اہل مراکش نے سترھویں صدی عیسوی میں سونگھائی (Songhi) کی سلطنت کو فتح کر لیا تو سونگھائی مسلمانوں کا ایک گروہ جو دینڈی کہلاتے تھے، دریائے نائجر (Niger) کی طرف ہٹ گیا ۔ یہ لوگ غالباً موجودہ داہومی کے انتہائی شمالی حصے میں جا کر آباد ہو گئے اور انہوں نے اسلامی اثر و نفوذ کی دوسری لہر کی تشکیل کی ۔ تیسری لہر تقریباً اس وقت چلی جب فلانی چرواہے ملک میں داخل ہوئے اور اٹھارھویں صدی کے دوران میں داہومی کے تمام شمالی نصف حصے میں پھیل گئے ۔ اگرچہ ان کے مذہب میں ابھی تک ارواح پرستی کے اثرات کا رنگ موجود تھا ، تاہم انہوں نے اسلامی مرکز قائم کر لیا جس نے بہت سے سابق غلاموں کو جو گندو (Gando) کہلاتے تھے اور جن سے ان لوگوں کے مستقل تعلقات تھے، اپنا پیرو بنا لیا ۔

آخرکار اٹھارھویں صدی عیسوی کے آخری برسوں میں اسلام نے جنوب مشرق کے لوگوں کو بھی متأثر کیا اور داہومی کے موجودہ دارالسلطنت پورٹونووو

Marfat.com

(Porto-Novo) میں کچھ مسلم یوروبہ (Yoruba) تاجر آباد ہو گئے جو ایلوکن (Ilokin) اور موجودہ نائیجریا کے مغرب سے آئے تھے ۔ ان کی تعداد بسرعت بڑھتی گئی ۔ انہوں نے داہومی کے بعض یوروبہ خاندان کو مشرف بہ اسلام کر لیا ، اور بعض ان غلاموں کے اخلاف کو بھی ، جو برازیل سے واپس آ گئے تھے اور جن کے نام پرتگالی تھے ۔

اگرچہ صحیح اعداد و شمار مرتب کرنا دشوار ہے ، تاہم یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ داہومی کے کل اٹھارہ لاکھ باشندوں کی آبادی میں سے دو لاکھ تیس ہزار اور دو لاکھ چالیس ہزار کے درمیان مسلمان ہیں جن میں سے عملی طور پر صرف ایک لاکھ دیندار ہیں ۔

ان لوگوں میں سے بیشتر تیجانی ہیں ؛ نسبۃً معمر آدمیوں میں سے بالخصوص بعض سلسلۂ قادریہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ شمال میں کچھ لوگ ھمّلی ہیں، مذہب میں اس قریبی یگانگت کے باوجود عقیدے کے ذرا سے فرق نے بعض ان مسلمانوں کو جو یوروبہ اصل کے تھے ، شمالی علاقوں کے باشندوں (ہوزہ ، زرما ، فلانی ، دندی) کا مخالف بنا دیا جو اپنے مذہب پر زیادہ راسخ عقیدے کے ساتھ کاربند ہونے کے مدعی تھے ۔ مسلم داہومی کے یہ دو پہلو زیادہ تر پورٹونووو (مسلم یوروبہ) ، [= جنوبی نائیجریا کے مغربی صوبے کا علاقہ] اور پراکو (مسلم شمالی حصے) میں پائے جاتے ہیں اور یہی دو مقام جلد ہی اسلام کے دو بڑے مرکز بن گئے ، کیونکہ جوگو (Djougou) کی جگہ رفتہ رفتہ پراکو (Parakou) نے لے لی، جہاں کچھ تبلیغی تحریکیں پہلے ہی شروع ہو چکی تھیں، اور جہاں قرآن کے ایسے عالم اساتذہ جاگزین رہ چکے تھے جو اپنے دین کا جدید اور زیادہ حرکی تصور رکھتے تھے ۔

اس کا قوی امکان ہے کہ آئندہ برسوں میں مذہبی پیشوا اور امام زیادہ تر تعلیم یافتہ اور سربرآوردہ لوگوں میں سے منتخب کیے جایا کریں گے نہ کہ باعتبار وراثت ان خاندانوں میں سے، جن کا تعلق ارواح پرست سرداروں سے ہے ۔ اس سے اس بات کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ کیوں شمالی داہومی میں بالخصوص قرآنی مدارس قائم ہوئے ہیں، جہاں مذہبی علم و فضل کی ہمیشہ قدر و منزلت رہی ہے ۔

**مآخذ :** (۱) Akindele و Aguessy : *Le Dahomey*، پیرس ۱۹۵۵ء ؛ (۲) وہی مصنفین : *Contribution à l'étude de l'histoire de l'ancien royaume de Porto-Novo*، در *Mémoires IFAN*، ج ۲۵ ؛ (۳) d. Albeca : *Les établissements français du golfe du Benin*، پیرس ۱۸۸۹ء ؛ (۴) S. Berbain : *Le comptoir français de Juda au XVIII^e siècle*، در *Mémoires IFAN*، ج ۳ ؛ (۵) G. Brasseur و Brasseur Marion : *Porto Novo et sa palmeraie*، در *Memoires IFAN*، ج ۳۲ ؛ (۶) Brunet و Giethlen : *Dahomey et dépendances*، پیرس ۱۹۰۰ء ؛ (۷) A. Burton : *A mission to Gelele, King of Dahomey*، لنڈن ۱۸۶۴ء ؛ (۸) Desanti : *Du Dahomey au Benin Nigre*، پیرس ۱۹۴۵ء ؛ (۹) Ed. Dunglas : *Contribution à l'Histoire du Moyen-Dahomey*، ۳ جلدیں (*Études Dahoméennes*، ج ۱۹، ۲۰، ۲۱) پورٹونوو ؛ (۱۰) Ed. Foa : *Le Dahomey*، پیرس ۱۸۹۵ء ؛ (۱۱) R. Grivot : *Réactions dahoméennes*، پیرس ۱۹۴۵ء ؛ (۱۲) P. Hazoume : *Le pacte de sang au Dahomey*، پیرس ۱۹۳۷ء ؛ (۱۳) وہی مصنف : *Doguicimi*، پیرس ۱۹۳۸ء ؛ (۱۴) M.J. Herskovits : *Dahomè—an Ancient West African Kingdom*، نیویارک ۱۹۳۸ء ؛ (۱۵) M. Hubert : *Mission Scientifique au Dahomey*، پیرس ۱۹۰۸ء ؛ (۱۶) H. Le Herisse : *L'ancien royaume du Dahomey*، پیرس ۱۹۱۱ء ؛ (۱۷) J. Lombard : *Cotonou, ville africaine*, (*Études

Marfat.com

Dahoméennes ' ج ۱۰ ؛ (۱۸) B. Maupoil : La
géomancie à l'ancienne Côte des Esclaves ' پیرس
۱۹۴۳ء؛ (۱۹) P. Mercier : Carte ethno-démogra-
phique de l' Afrique Occidentale ' ج ۵ ' IFAN ڈکر
Dakar ؛ (۲۰) M. Quenum : Au pays des Fons '
پیرس ۱۹۳۸ ؛ (۲۱) Skertchly : Dahomè as it is '
لنڈن ۱۸۷۴ء؛ (۲۲) Cl. Tardits : Porto-Novo ' لنڈن
۱۹۵۸ء؛ (۲۳) P. Verger : Dieux d'Afrique ' پیرس؛
(۲۴) وہی مصنف : Notes sur le culte des Oricha et
Vodoun در Mémoires IFAN ' ج ۵ ؛ (۲۵) R.Cornevin:
Histoire des peuples de l'Afrique ' پیرس Vodoun '
noire ۱۹۶۰ء ' بمدد اشاریہ .

(J. Lombard)

* **دایی :** (Dayî) ایک ترکی لفظ بمعنی ماموں؛ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری عہدوں کے ظاہر کرنے کے لیے اس کا استعمال صرف الجزائر اور تونس کے سلطانی نائبوں کے لیے ہوا ۔ غالباً شروع میں یہ ایک قسم کا اعزازی لقب تھا (اسے لفظ "الپ" کے مماثل کہہ سکتے ہیں، جو قدیم ترک استعمال کرتے تھے) اور اس کا حاصل کرنا ضرور ایک مشکل کام رہا ہوگا، کیونکہ اس لقب کے پانے والے کو خطۂ بحیرۂ روم میں خشکی اور تری میں اپنی شجاعت و قوت کا ثبوت دینا پڑتا تھا (Pakalin ، ۱ : ۴۰۷ - ۴۰۸) ؛ مگر ان معنی میں اس لفظ کا رواج اس اساطیری کہانی سے تضاد رکھتا ہے جس میں مان لیا گیا ہے کہ بربروسّہ بھائیوں کے والد نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ خیر الدین (رکِ باں) کی اطاعت کریں کیونکہ "وہ تمہارا دایی" ہوگا (Venture de Paradis: Alger au XVIIIᵉ siècle ، در RA ' ۱۸۹۶ء، ص ۲۵۷).

اس اعزازی لقب کا ایک اور استعمال ینی چری رضا کار فوج کے زیریں درجے کو ظاہر کرنے کے لیے کیا جاتا تھا؛ تونس میں دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی میں یہ لقب اس فوج کے چالیس صیغوں کے سرداروں کو حاصل تھا ۔ ۱۵۹۱ء میں ان دایوں نے اپنے افراد میں سے ایک شخص کو فوج کا سپہ سالار منتخب کیا ۔ یہ صدر "دایی" کم سے کم ۱۵۹۴ء سے ولایت تونس میں نیابت سلطانی کے تمام اختیارات کا مالک ہو گیا ۔ اس کی اجازت سے بلربکی پاشا (یعنی اصل والی) اپنے عہدے پر قائم رہا، مگر اس کے اختیارات برائے نام رہ گئے (Pierre Dan : Histoire de la Barbarie et de ses Corsaires ، پیرس ۱۶۳۷ء، ص ۱۴۴ تا ۱۴۵) ۔ جب ۱۶۴۰ء میں حمودہ بن مراد برسر اقتدار آیا تو اس نے دایی کے لقب کو بدستور رہنے دیا، لیکن جس کو یہ لقب عطا ہوا وہ علاقے کی حکومت کا صدر نہ رہا تھا، گو اس کے بلند ترین افسروں میں سے اس کا شمار ہوتا ہو.

۱۷۰۵ء میں دایی کا لفظ ان القاب میں نہیں ملتا جو حسینی سلاطین عطا کیا کرتے تھے، تاہم تونس کے سرکاری حکام میں نویں درجے کا لقب مانا جاتا تھا، جیسا کہ محمد بیرام الخامس التونسی نے کہا ہے (صفوۃ الاعتبار، قاھرہ ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۵ء، ۲ : ۲ تا ۳) : یہ اٹھارھویں صدی کی متعدد سفارتی دستاویزات میں بھی پایا جاتا ہے، خصوصاً ان معاھدوں میں، جو تونس کے نائب سلطان اور فرانس کے درمیان ۱۶ دسمبر ۱۷۱۰ء، ۹ نومبر ۱۷۴۲ء اور ۴ Ventôse سال ۱۰ کو تحریر ہوئے ۔ اس وقت یہ لقب محکمۂ قضا کے ایک اعلٰی عدالتی حاکم کے معنی میں آتا تھا ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لقب انیسویں صدی کے وسط تک جاری رہا.

الجزائر میں ۱۶۷۱ء کے بعد جب "بربروسّہ برادران" (جنھیں اهل فرنگ بحری قزاق کہتے ہیں) نے آغاؤں کے اختیارات پر قبضہ جما لیا (دیکھیے مقالہ الجزائر، ۳ : ۸۷ ببعد) تو دایی کا لقب سلطانی ولایت کے صدر حاکم کو حاصل تھا ۔ سترھویں صدی کے شروع تک بھی جب Pierre Dan الجزائر میں تھا، تو صورت حال اس

marfat.com
Marfat.com

وقت یہ نہ تھی۔

پہلے پہل بربروسہ برادران کے طائفے نے دایی کا انتخاب کیا؛ ۱۶۸۹ء کے بعد فوجی سردار بھی دایی کا انتخاب کرنے لگے۔ ۱۶۷۱ء اور ۱۸۳۰ء کے درمیان تیس دایی یکے بعد دیگرے صاحب اقتدار ہوے۔ ضابطے کی رو سے تو ان کے اختیارات رضا کار فوج کے "دیوان" کے زیر نگرانی محدود تھے، مگر واقع میں اگر کوئی دایی طاقتور شخصیت والا ہوتا تو وہ اقتدار مطلق کا مالک ہو جاتا تھا۔

دایی الجزائر میں سکونت رکھتا تھا، ابتداءً قصر جَنِینَہ میں، جو اسی جگہ تھا جہاں اب اسقف اعظم (archbishop) کا محل واقع ہے۔ ۱۸۱۶ء کے بعد وہ اس قلعے میں رہنے لگا جو "قصبہ" کہلاتا ہے اور مسلم شہر پر سایہ فگن ہے۔ حکمران دایی کی نجی زندگی قاعدے کی سختی کے ساتھ پابند تھی: وہ اپنے گھر کے لوگوں سے الگ رہتا تھا، لیکن جمعرات کے دن کا پچھلا حصہ اور جمعرات اور جمعے کی درمیانی شب ذاتی مکان میں گزار سکتا تھا۔ اس کے محل میں عورتوں کا داخلہ ممنوع تھا اور کوئی عورت صرف سرکاری ہی طور پر باریاب ہو سکتی تھی۔ وہ اشیاے خور و نوش اور اس تنخواہ کا حقدار تھا جو سب سے زیادہ کسی پنی چری کو مل سکتی تھی البتہ اسے کثیر تعداد میں تحائف ملتے رہتے تھے، اور اس سے بعض دائیوں نے خاصی دولت جمع کر لی تھی۔ ان میں سے چودہ دایی غیر طبعی موت مارے گئے۔

**مآخذ**: دایی کے فرائض سے خصوصی تعلق رکھنے والے مقالات و کتب کا فقدان ہے؛ بعض متفرق معلومات ان مآخذ یا مطالعات سے دستیاب ہو سکتی ہیں جن کا تعلق الجزائر اور تیونس کی ترکی ولایتوں سے ہے۔

(R. LE TOURNEAU)

* **اَلدُّب**: رک بہ علم نجوم۔

* **اَلدَّبْدَبَہ**: شمال مشرق عرب میں ایک وسیع کنکریلا میدان، جو مشرق جانب میں قریب قریب سارا الشّق کے نشیب سے گھرا ہوا ہے (یہ نشیب سعودی عرب اور کویت کے درمیان غیر جانبدار علاقے کی مغربی سرحد ہے)۔ اس کے غربی جانب الباطن کی وادی ہے اور جنوب میں الوریعہ کی کنکریلی پہاڑی ہے۔ یہ میدان شمال کی جانب علاقۂ سعودی عرب سے شروع ہو کر شیخ کویت کی ریاست کے اندر تقریباً ۲۰ کیلومیٹر کے فاصلے تک پھیلتا چلا گیا ہے۔ اس کا رقبہ تقریباً ۳۰،۰۰۰ مربع کیلومیٹر ہے اور اپنی مضبوط اور تقریباً ہموار اور سپاٹ سطح کے اعتبار سے قابل ذکر ہے، جس میں کہیں کہیں چونے کے کنکر، سنگ مردہ اور آتشیں پتھر ملتے ہیں؛ جنھیں طبقات الارض کے جدید ترین دور میں وادی الرُّمَّۃ الباطن سے نکلنے والی نہروں نے وسطی اور مغربی عرب سے لا کر یہاں ڈال دیا ہے۔ خود الدبدبہ کا پانی باہر نہیں جاتا بلکہ اُتھلے گڑھوں میں، جن کی تہہ میں گادجمی ہوئی ہے، جمع ہو جاتا ہے (یہ گڑھے "خباری" کہلاتے ہیں، جس کا مفرد "خبراء" ہے)۔ الدبدبہ قدیم "دِیرہ" مُطَیر کا ایک حصہ ہے اور آج کل موسم سرما میں متعدد شمال مشرق قبائل کی پسندیدہ چراگاہ ہو گیا ہے۔ یہ میدان کبھی ہرن کے شکار کے لیے مشہور تھا۔ بعض بدوی "دِبْدِبہ" (جمع "دباداب") کے لفظ کا ہر چپٹی اور پختہ سطح والے علاقے پر اطلاق کرتے ہیں۔ اس لفظ کا تعلق قدیم ادبی لفظ "دَبدَبہ" سے ہے جو سخت زمین پر گھوڑوں کے ٹاپ کی نقارے کی سی آواز کے لیے آتا تھا۔

نقشے: (امریکی شعبۂ مساحت ارضیات (U. S. Geological Survey) اور عرب امریکی آئل کمپنی نے وزارت مال و معاشیات قومی، مملکت سعودی عرب اور امریکہ کے محکمۂ خارجہ کے مشترکہ انتظام کے تحت نقشوں کا ایک سلسلہ تیار کیا ہے: پیمانہ ۱ : ۵۰۰،۰۰۰ (جغرافیائی) : وادی الباطن،

Marfat.com

نقشہ I-203 B (۱۹۵۹ء) شمالی طُویق، نقشہ I - 207 B (۱۹۵۷ء) .

(J. MANDAVILLE)

* دُبْدُو : (جدید املا دِبْدَو Debdou ؛ عام تلفظ دبدو Dəbdu؛ نسلی اعتبار سے دبدوبی dəbdubi، جمع : دُباْدبہ) ، مشرق مراکش کا ایک چھوٹا سا قصبہ ، جو گیارہ سو میٹر کی بلندی پر ، واد دبدو کی ''وادی کے دائیں کنارے کے دامن میں'' واقع ہے ۔ یہ دریا اس وادی سے اسّی میٹرکی بلندی پر ایک عُمُودی چٹان میں سے نکلتا ہے ۔ اس کے قریب ہی ایک سطح مرتفع پر ایک قلعہ (قَصْبَہ، قَصَبَہ) ہے ، جس کی حفاظت کے لیے پہاڑ کے رُخ ایک کھائی موجود ہے۔ وادی کے بائیں جانب مُصلاّ نامی ایک نواحی گاؤں واقع ہے ۔ یہ شہر وجدہ Oujda کے عُمالہ (یعنی علاقۂ مذکور میں فرانسیسی زیر حمایت حکومت کے نظم و نسق) کے ماتحت ہے اور قبیلۂ اہل دبدو (جن کی تعداد ۱۹۳۶ء میں ۶۵۹۹ تھی) کا مرکز؛ لیکن اس کی اصل آبادی متعرب بربروں، عربوں اور ان یہودیوں پر مشتمل ہے جنھیں تعداد میں روز بروز کم ہونے کے باوجود ابھی تک اکثریت حاصل ہے (۱۹۳۶ء میں ۱۷۵۱ نفوس پر مشتمل آبادی میں ان کی تعداد ۹۱۷ تھی) ۔ شہر کے وسطی محلّے (مَلاّح Məllāḥ) میں جو یہودی رہتے ہیں، ان میں سے بعض بربری الاصل ہیں اور بعض اُن اندلسی یہودیوں کی نسل سے ہیں جو اندلس پر عیسائیوں کے دوبارہ قبضے کے زمانے میں وہاں سے نقل مکانی کرکے چلے آئے تھے ۔ فرانسیسی زیرحمایت ریاست کے قیام کے بعد یہودی تاجروں اور صنعت کاروں کا (جن میں زراعت پیشہ لوگوں کا شمار نہیں ہے) طبقہ کم ہو گیا ہے ، کیونکہ ان کے افراد بڑی تعداد میں مشرق مراکش کے نوزائیدہ مراکز (خاص طور پر مِسُور Missour) کی طرف چلے گئے ، تاہم انھوں نے اپنے آبائی شہر سے بڑے مستحکم روابط قائم رکھے ہیں .

تازہ Taza کو جانے والے راستے میں واقع ہونے اور سہرن Saharan قبائل کے قبضے میں آ جانے سے دبدو (جہاں ہر جمعرات کو بازار لگتا ہے) ہمیشہ سے خاصا اہم تجارتی مرکز رہا ہے ۔ اس کے نواحی اضلاع کی زرخیزی (انگور ، ثمردار درختوں ، گندم، جو وغیرہ) نے اسے زرعی مرکز بھی بنا دیا ہے.

دبدو یقیناً بہت قدیم زمانے میں بسایا گیا ہوگا ۔ ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی سے مراکش کی تاریخ میں اس کی اھمیت برابر برقرار رھی ہے ، جس کا سبب یہ ہے کہ فاس اور تلمسان کے درمیان ہونے کے باعث فوجی اعتبار سے اس کا محل وقوع بڑا اہم ہے اور اسی لیے یہ مختلف خانوادوں میں ایک مستقل وجہ نزاع بھی بنا رہا ہے ۔ عبدالحق (۵۹۲ تا ۶۱۴ھ/۱۱۹۶ تا ۱۲۱۸ء) کے ہاتھوں مرینی قبائل کے درمیان بٹوارے کے وقت یہ علاقہ بربر قبیلہ بنواُرتجن کے حصے میں آیا ، جنھیں تلمسان کے بنو عبدالواد [رک بآن] کی ریشہ دوانیوں کے خلاف فاس کے دفاع کا فرض سپرد ہوا تو انھوں نے اسے اپنی جاگیر کا صدر مقام بنا لیا ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ۷۶۶ھ/۱۳۶۴ - ۱۳۶۵ء میں اسے شاہ تلمسان نے تاخت و تاراج کیا ۔ بہر حال ۸۳۳ھ/۱۴۳۰ء کے قریب بنو ارتجن کا ایک سردار دبدو میں ایک چھوٹی سی ریاست قائم کرنے میں کامیاب ہو گیا ۔ یہاں کے حکمران بنو وطّاسہ سے بالکل آزاد و خود مختار رہے، بلکہ انھوں نے ۹۰۴ھ/۱۴۹۹ء میں تازہ پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بھی تیار کر لیا ۔ دبدو کی یہ چھوٹی سی ریاست بنو سعد کے دوسرے فرمانروا الغالب باللہ کے دور حکومت میں کہیں جا کر نیست و نا بود ہوئی ، جس نے ۹۷۰ھ/۱۵۶۳ء میں اپنا علاقہ پاشا کے حلقۂ اختیار میں دے دیا ۔ اس امر سے اس شہر کی تاریخ ، جو کچھ مبہم سی ہے ، عربوں اور بربروں کے مابین مقامی جھگڑوں تک محدود ہو کر رہ گئی ۔ بایں ہمہ اُنیسویں

marfat.com
Marfat.com

صدی عیسوی میں دبدو میں ایک خود مختار انتظامیہ قائم تھی ۔ مسلمان آبادی عامل تازہ کے زیر فرمان تھی ، جو ہر سال ٹیکس وصول کرنے کے لیے اپنا نائب یہاں بھیجتا تھا ؛ اس کے برعکس یہاں کے یہودی اپنے واجبات فاس الجدید کے پاشا کو ارسال کرتے تھے ۔ انیسویں صدی کے خاتمے پر مولای عبدالعزیز کے برسر اقتدار (۱۸۹۴ء) آنے کے بعد اور مدعی حکومت بوحمادة [رک بآن] کی بغاوت کے دوران میں بوحصیرة نامی ایک بربر نے خود مختار ہونے کی کوشش کی ، لیکن ۱۹۰۴ء میں دودو بن حیدہ نامی ایک یہودی کے اکسانے پر اس قصبے اور ضلع نے بوحمارة کی حمایت کی ؛ یہودی مذکور نے جو دبدو کا قائد مقرر کیا گیا تھا ، اپنے دشمنوں ، یعنی اندلسی الاصل یہودیوں سے انتقام لینے کے لیے اپنے منصب سے فائدہ اٹھایا ۔ فرانسیسی قبضہ ہونے پر یہاں کا امن و أمان بر قرار ہو گیا ۔ اس قبضے کا فیصلہ ایک فرانسیسی کے قتل کے سلسلے میں ۱۹۱۱ء میں ہوا تھا ۔

گزشتہ صدیوں کے دوران عرب اثر اور عربی زبان یہاں اس حد تک چھا گئی کہ بربر زبان اب نواحی پہاڑوں کے سوا کہیں بھی نہیں بولی جاتی ۔ یہودیوں کی بولی میں بعض دلچسپ خصوصیات نظر آتی ہیں (دیکھیے Ch. Pellat : *Nemrod et Abraham, dans le parler arabe des Juifs de Debdou*، در *Hespéris*، ۱۹۵۲ء، ص ۱ تا ۲۵).

**مآخذ :** (۱) ابن خلدون : العبر، مترجمهٔ de Slane، بمدد اشاریہ ؛ (۲) یحیٰی بن خلدون : بغیة الرّواد، طبع و ترجمه از A. Bel، الجزائر ۱۹۰۳ تا ۱۹۱۳ء، بمدد اشاریہ؛ (۳) Leo Africanus، ترجمه Épaulard، ۱ : ۲۹۹ تا ۳۰۲؛ (۴) Ch. de Foucauld : *Reconnaissance au Maroc*، ص ۲۴۸ ببعد ؛ (۵) Marmol : *L'Afrique*، ۲ : ۲۹۶ ؛ (۶) L. Massignon : *Le Maroc dans les Premières années du XVI^eme siècle*، الجزائر ۱۹۰۶ء، بمواضع کثیرہ؛ (۷) La Martinière و Lacroix : *Documents pour servir à l'étude du Nord-ouest africain*، ۱ : ۱۲۲ ببعد ؛ (۸) A. Bernard : *Les Confins algéro-marocains*، ص ۲۸ ببعد ؛ (۹) Nehlil : *Notice sur les tribus de la région de Debdou* ؛ (۱۰) N. Slousch : *Les Juifs de Debdou*، در *RMM*، جلد ۲۲ (۱۹۱۳ء)، ص ۲۲۱ تا ۲۶۹ ؛ (۱۱) L. Gentil : *l'amalat d' Oudjda*، در *La Géographie*، ۱۹۱۱ء، ص ۱۱ تا ۳۱، ۳۳۲ تا ۳۵۶؛ (۱۲) Desnottes و Célérier : *La vallée de Debdou*، در مجلّهٔ مذکور، ۱۹۲۸ء، ص ۳۳۷ تا ۳۵۷؛ (۱۳) L. Voinot : *De Taourirt à la Moulouya et à Debdou*، در مجلهٔ مذکور ۱۹۱۲ء، ص ۲۱ تا ۳۳؛ (۱۴) وہی مصنف : *Pèlerinages judéo-musulmans du Maroc*، پیرس ۱۹۴۸ء، ص ۹، ۱۰، ۳۲ تا ۳۴، ۷۶، ۹۳، ۹۷ ؛ (۱۵) آ، لائیڈن، بار اوّل، مقالہ از A. Cour (جس کی خاصی تلخیص کر دی گئی ہے) ؛ [(۱۶) ۱۹۹، ع، مصر، ۹ : ۱۳۲ تا ۱۳۷].

(ادارہ)

* **دبرونق :** رک بہ رغوسہ .

* **دبستانِ مذاہب :** فارسی کی ایک کتاب کا نام، جس میں مختلف مذہبوں کا بیان ہے اور خاص طور پر گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی میں ہندوستان کی مذہبی حالت بیان کی گئی ہے ۔ بیان الادیان (چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی) کے بعد مذہبوں کے متعلق فارسی میں جو کتابیں لکھی گئیں ان میں یہ سب سے زیادہ مکمل ہے بیان الادیان میں واقعات تو صحیح ہیں لیکن مختصر بہت ہیں ۔ تبصرة العوام بھی دبستان مذاہب سے پہلے کی ہے (ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی) اور شیعی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے ۔ دبستان مذاہب کے مآخذ جزوی طور پر مختلف مذاہب کے معتقدات کی قدیم کتابیں

Marfat.com

ھیں، لیکن بعض معلومات کی بنیاد وہ باتیں ھیں جو مصنف کو زبانی بتائی گئیں اور بعض خود مصنف کے اپنے مشاھدات کا نتیجہ ھیں ۔ بہت سے ابواب میں مصنف نے ان عربی کتابوں سے بھی استفادہ کیا ھے جو اس موضوع پر لکھی گئی ھیں ۔ کتاب میں سب سے پہلے پارسیوں کے مذھب کا پوری طرح جائزہ لیا گیا ھے ۔ اس کے بعد ھندو مذھب کا بیان ھے ۔ پھر تبتیوں، یہودیوں اور عیسائیوں کے متعلق چھوٹے چھوٹے ابواب کے بعد مصنف اسلام اور اس کے فرقوں سے بحث کرتا ھے ۔ سب سے آخر میں کچھ ابوابُ فلسفیوں (مشائین اور نو افلاطونیوں) اور صوفیہ سے متعلق ھیں ۔ ایک مدت تک غلطی سے یہ سمجھا جاتا رہا کہ دبستان مذاھب کا مصنف محسن فانی ھے؛ بعض مخطوطات میں اسے صرف ایک رباعی کا مصنف بتایا گیا ھے، جس کا حوالہ دیا گیا ھے (دیکھیے ترجمہ از Shea-Troyer، ۱ : ۳)؛ دبستان کا مصنف یقینا پارسی مذھب کا روشن خیال پیرو تھا اور ھمیں غالبًا ان مخطوطات کو معتبر ماننا پڑے گا جو سراج الدین محمدآرزو (اس کے تذکرے کی ایک عبارت) کے خیال سے متفق ھیں اور کہتے ھیں کہ اس کا مؤلف موبد شاہ یا ملاّ موبد ھے (نیز قب Ouseley :*Notices*، ص۱۸۲)۔ اتنی بات تو خود کتاب ھی سے ظاھر ھے کہ اس کا مصنف ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء سے کچھ پہلے ھندوستان میں پیدا ھوا اور جوانی ھی میں آگرے جا پہنچا؛ کچھ سال کشمیر اور لاھور میں گزارے؛ ایران (مشہد) بھی گیا اور مغربی اور جنوبی ھند سے کچھ واقفیت حاصل کی ۔ یہ یقینی بات ھے کہ دبستان ۱۰۶۳ اور ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۳-۱۶۵۷ء کے درمیان لکھی گئی ۔

مآخذ : (۱) دبستان مذاھب (کلکتہ ۱۲۲۴ھ/ ۱۸۰۹ء)؛ اس کتاب کے دیگر ایڈیشن تہران، بمبئی، لکھنؤ کے ہیں؛ (۲) *The Dabistan or school of manners*، مترجم David Shea و Anthony Troyer، پیرس ۱۸۴۳ء، ۳ جلد (ہر جگہ پر صحیح نہیں ہیں)؛ (۳) *JA*، ۱۸۶۵ء، ۶ : ۳۰۶ تا ۳۱۱؛ (۴) Rieu : *Cat. Persia Mss. of the British Museum*، ۱ : ۱۴۱ و ۳ : ۱۰۸۱ (مخطوطات کی دیگر فہرستوں کے علٰحدہ علٰحدہ ابواب کے قدیم تراجم کے مفید حوالجات دیے گئے ہیں)؛ (۵) Ethé : *Cat. of the Persian Mss. of the Indin Office Library*، جلد ۱، عدد ۱۳۶۹ (مخطوطات کی دیگر فہرستوں کے مفید حوالے)؛ [(۶) وآ، ع، مصر، ۹ : ۱۳۹].

(H. MASSÉ و J. HOROVITZ)

* **دبیر : مرزا سلامت علی، لکھنوی،** ایک اردو شاعر، جنھوں نے اپنی ساری زندگی شہداے کربلا کی شہادت پر انتہائی عقیدت مندانہ مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی کے لیے وقف کر دی تھی ۔ وہ مرزا غلام حسین کے بیٹے تھے، جن کے بارے میں کہا جاتا ھے کہ وہ ملا ھاشم شیرازی (برادر مشہور اھلی شیرازی، م ۹۳۴ھ/ ۱۵۲۷-۱۵۲۸ء) کے پوتے تھے ۔ سلامت علی محلۂ بلی ماران، دہلی میں ۱۱ جمادی الاولٰی ۱۲۱۸ھ/۲۹ اگست ۱۸۰۳ء کو پیدا ھوے اور بچپن ھی میں باپ کے ساتھ لکھنئو چلے آئے اور وھیں انھوں نے تعلیم حاصل کی ۔ شہر کے مشہور علما سے انھوں نے دینی و غیر دینی علوم (منقول و معقول) کی تمام متداولہ فارسی و عربی کتب نصاب پڑھیں؛ اٹھارہ برس کی عمر میں وہ فارغ التحصیل ھو چکے تھے ۔ شعر کہنے کا آغاز انھوں نے ابتدائی عمر (تقریباً ۱۲۳۰ھ یا ۱۲۳۲ھ) میں کر دیا تھا اور تحصیل علم کے ساتھ ساتھ میر مظفر حسین ضمیر کی نگرانی میں اسے جاری رکھا ۔ انھیں بہت جلد شہرت حاصل ھو گئی اور نوابان اودھ، ان کے خاندان کے افراد اور دربار کے امرا دبیر کو عزت و تحسین کی نظر سے دیکھنے لگے ۔ کم و بیش ساٹھ برس انھوں نے مرثیہ گوئی کی ۔ آخری دنوں میں وہ بصارت سے قریب قریب محروم ھو چکے تھے ۔ اس زمانے میں واجد علی شاہ کلکتے میں اپنی جلا وطنی کے ایام بسر کر رہے تھے، چنانچہ ان کے ایما پر مرزا علاج کے لیے غالباً ذوالحجہ

marfat.com
Marfat.com

۱۲۹۰ھ/جنوری ۱۸۷۴ء کے آخر میں کلکتے پہنچ گئے (حیات دبیر، ۱: ۹۹ ج) - (اودھ اخبار میں دبیر کے انتقال پر جو سلسلۂ مضامین نکلا تھا، اس میں لکھا ہے کہ کلکتے میں ۱۲۹۱ھ میں گئے تھے - دیکھیے معاصر، حصۂ اول، ص ۱۳۲ مقالہ بعنوان "مرگ دبیر" از قاضی عبدالودود) - امراض چشم کے ایک ماہر جرمن معالج نے جو کلکتے میں واجد علی شاہ کے ہاں مقیم تھا، ان کی آنکھوں کا کامیاب آپریشن کیا جس سے ان کی بصارت عود کر آئی - بعد ازاں وہ لکھنئو واپس آ گئے اور اپنی عمر کے بیشتر حصے کی طرح یہ زمانہ بھی یہیں بسر کیا - صرف ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں میں وہ کچھ عرصے کے لیے سیتا پور میں منتقل ہو گئے تھے - ۱۸۵۸ء میں وہ کانپور اور ۱۸۵۹ء میں عظیم آباد گئے - آخرالذکر شہر میں وہ دوبارہ ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء میں گئے - وہاں سے انجام کار لکھنئو واپس چلے آئے اور وہیں ۳۰ محرم ۱۲۹۲ھ/۸ مارچ ۱۸۷۵ء کو انتقال کر گئے - انھیں ان کے اپنے مکان میں دفن کیا گیا - یہ مکان اس گلی میں واقع ہے جو اب ان کے نام پر کوچۂ دبیر کہلاتی ہے - اسی کبرسنی میں انھوں نے محرومی بصارت اور جوان بیٹے اور بھائی کی موت سے صدمات اٹھائے.

بیان کیا جاتا ہے کہ دبیر ایک پرہیزگار، متقی، کریم النفس، مہمان نواز اور سنجیدہ و متین بزرگ تھے - بحیثیت شاعر وہ بہت پرگو تھے اور اچھے اشعار بڑی تیزی سے کہہ لیتے تھے - ان کا کلام بیشتر مراثی، سلام (ان کے لیے دیکھیے المیزان، ص ۴۸۵) اور رباعیات پر مشتمل ہے (حیات دبیر، ۱: ۲۰۱-۲۷۲) - شاعری کے اس میدان میں ان کے حریف ان کے معاصر میر انیس تھے، جن کا لکھنئو میں نام چمکنے سے بہت عرصہ پیشتر دبیر شہرت کے جھنڈے گاڑ چکے تھے - ان کی رقابت کی وجہ سے مداحین بھی دو حریف گروہوں میں بٹ گئے، جو ''دبیریے'' اور ''انیسیے'' کہلائے - ایسا ادب خاصی مقدار میں منظر عام پر آیا جس میں ان دونوں کا موازنہ کر کے ان کے کلام کے حسن و قبح پر روشنی ڈالی گئی تھی، مثلاً دیکھیے (۱) شبلی نعمانی: موازنۂ انیس و دبیر (آگرہ ۱۹۰۷ء)؛ (۲) سید نظیر الحسن فوق رضوی: المیزان (علی گڑھ، بدون تاریخ)، مظفر حسن ملک: مرزا دبیر مقالۂ دکتوری؛ (۳) مرزا محمد رضا معجز: تطہیر الاوساخ؛ (۴) میر افضل علی ضو: ردّ الموازنہ، وغیرہ وغیرہ.

جہاں جہاں انیس کی تعریف ان کی زبان کی سادگی، کلام کی روانی اور فصاحتِ بیان کے باعث کی جاتی ہے وہاں دبیر کو ایجاز، تازگیِ مضامین، صنائع و بدائع کے کثیر استعمال اور بینوں کے سبب سے سراہا جاتا ہے - عربی و فارسی کے عالم ہونے کی وجہ سے دبیر ان زبانوں کے ادب سے خوب فائدہ اٹھاتے تھے - چنانچہ انھوں نے اپنے کلام میں قرآن، حدیث، اور مقاتل وغیرہ کے متعلق تصانیف سے مواد لے کر شامل کیا. حیات دبیر، ۱: ۲۹۰ میں دونوں شعرا کا یوں موازنہ کیا گیا ہے کہ "میر فصیح و شیرین ہیں اور مرزا دقیق و نمکین" - بہر حال یہ ایک حقیقت ہے کہ انھیں دو شعرا کی کوششوں سے مرثیے کو اردو شاعری میں ایسا اہم مقام حاصل ہوا.

تصنیفات:

دبیر کی اکثر منظومات لتھو میں طبع ہو چکی ہیں، گو ابھی چند ایک غیر مطبوعہ ہیں - ان ایڈیشنوں میں سے جو الحاقات و اضافات کے باعث ناقص ہو چکے ہیں، مفصلۂ ذیل بھی ہیں: مثلاً (۱) دو جلدوں میں مراثی کا ایک ایڈیشن مطبع نول کشور میں چھپا (حیات دبیر: ۱: ۶۲۴)؛ (۲) دفتر ماتم، لکھنئو ۱۸۹۷ء؛ ۲۰ جلد؛ مندرجات کے تجزیے کے لیے دیکھیے حیات دبیر ۱: ۲۷۶ بعد. یہ مراثی ۱۸۵۷ء اور مابعد کے فسادات میں گم ہو گئے تھے اور آگے چل کر دوبارہ جمع کیے گئے؛ (۳) مراثی دبیر، طبع اودھ اخبار پریس، ۲ جلد؛ وہی کتاب، ۱: ۴۹۰؛ (۴) مرثیۂ مرزا دبیر، ۲ جلد،

Marfat.com

لکھنؤ ۱۸۷۵-۱۸۷۶ء، کانپور ۱۸۹۰-۱۸۹۹ء (آئندہ برسوں میں کئی ایڈیشن شائع ہوے)؛ (۵) مرثیہ‌ہاے مرزا دبیر، لکھنؤ ۱۸۸۲ء (آئندہ برسوں میں کئی ایڈیشن شائع ہوے)؛ (۶) اس کی یہ تصانیف بھی ہیں۔ ابواب المصائب، نثر میں ایک تصنیف، جو حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے سے متعلق ہے؛ اس کا مقابلہ شہید کربلا کی سرگزشت سے کیا گیا ہے، طبع یوسفی پریس دہلی (حیات دبیر، ۱: ۲۸۰)؛ (۷) رباعیات مرزا دبیر، لکھنؤ، بدون تاریخ، ۱۹۷ رباعیات۔ ان کا ایک نسبۃً مختصر مجموعہ بھی رباعیات انیس کے ساتھ آگرے سے شائع ہوا تھا۔

ابتدائے عمر میں مرزا نے غزلیات کے بھی تین دیوان مرتب کیے تھے لیکن بعد ازاں یا تو ضائع ہو گئے یا گم ہو گئے یا شاید شاعر نے انھیں اپنے کلام سے خارج کر دیا۔

**مآخذ**: متن میں مندرجہ حوالوں کے علاوہ: (۱) میر محسن علی: سراپا سخن، لکھنؤ ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء، ص ۱۰۸؛ (۲) میر صفدر حسین: شمس الضحیٰ، لکھنؤ ۱۲۹۸ھ/۱۸۸۰-۱۸۸۱ء؛ (۳) علی حسن خان: بزم سخن، آگرہ ۱۲۹۸ھ ص ۴۸؛ (۴) سید افضل حسین ثابت رضوی لکھنوی: حیات دبیر، لاہور، ج ۱، ۱۹۱۳ء، ج ۲، ۱۹۱۵ء؛ (۵) محمد حسین آزاد: آب حیات، لاہور ۱۸۸۳ء، ص ۵۵۰ تا ۵۶۲؛ (۶) رام بابو سکسینہ: *A History of Urdu Literature*، الہ آباد ۱۹۴۰ء، ص ۱۳۱ ببعد (اردو ترجمہ از مرزا محمد عسکری، لکھنؤ ۱۹۵۲ء، ص ۲۴۸ ببعد)؛ (۷) ابواللیث: لکھنؤ کا دبستان شاعری، لاہور، تقریباً ۱۹۵۵ء، ص ۶۹۰ ببعد؛ (۸) J. F. Blumhardt: *Cat. of Hind. Printed Books in the Br. Mus.*، لنڈن ۱۸۸۹ء، عمود ۷، ۸، ۳۰۸، تکملہ، لنڈن ۱۹۰۹ء، عمود ۱۲۱؛ (۹) المعاصر، پٹنہ ۱۹۵۱ء حصہ اول، ص ۱۳۲؛ (۱۰) عبدالحی: گل رعنا، اعظم گڑھ ۱۳۶۳ء، ۱۹۴۴ء۔

(محمد شفیع لاہوری)

**دُبَیس**: رک بہ مزیدی (خاندان)

**دبیق**: (دَبِقَہ اور دبقُو اس کی دوسری صورتیں ہیں) دمیاط کے بیرونی نواح میں ایک مقام، جو اعلٰی قسم کے بنے ہوے کپڑوں کے لیے مشہور تھا، جو یہاں سے تمام اسلامی سلطنت میں برآمد کیے جاتے تھے۔ دبیق کا محل وقوع اس سے زیادہ صحیح طور پر معین نہیں کیا جا سکتا۔ اس کا نام ان شہروں کے نام کے ساتھ ملتا ہے جو ناپید ہو چکے ہیں، جیسے شطا، تِنّیس یا تونہ جو غالباً جھیل منزالہ (Lake Menzāleh) کے جزیروں میں واقع تھے۔

دبیق میں سونے کی منبت کاری کے باریک کپڑے بنتے تھے اور فاطمیوں کے عہد میں یہاں بوقلمون کتان کے عمامے تیار ہوتے تھے، یہاں کے بنے ہوے کپڑے ایسے نفیس ہوتے تھے کہ ''دبیقی'' کا لفظ یہاں کے کپڑے کے لیے استعمال ہونے لگا اور اس کی شہرت اتنی بڑھی کہ ایک خاص وضع کا کپڑا دبیقی کہلانے لگا۔ دبیقی کم و بیش ہر جگہ مثلاً تنیس، دمیاط، مثلث دہانہ (the Delta)، اسیوط، بالائی مصر، یہاں تک کہ ایران اور کازرون میں بھی تیار ہونے لگا۔ دبیق میں تیار ہونے والے کپڑے کی نفاست آگے چل کر یقیناً کم ہو گئی ہوگی، اس لیے کہ ادریسی لکھتا ہے: اگرچہ یہ کپڑے بہت نفیس تھے، لیکن تنیس اور دمیاط کے کپڑوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ یہی نتیجہ اس سے پہلے ہی جدے کے چنگی خانہ کے حساب سے نکالا جا سکتا ہے جو المقدسی نے اپنی کتاب میں دیا ہے۔

اس وقت کپڑے کے تین ٹکڑے پائے جاتے ہیں: ایک عباسیوں کے دور کا اور دو فاطمیوں کے عہد کے، جن کی چھاپوں پر دبیق کا نام موجود ہے۔

ابن ممّاتی نے جگہ کا نام نہیں دیا ہے، دبیقی کپڑے کا ذکر البتہ اس کے یہاں موجود ہے۔

ابن دُقماق (۵: ۸۹) اور ابن جیعان (ص ۷۶؛ عبداللطیف: *Relation de l'Egypte*، ۶۳۸) صوبۂ غربیہ

Marfat.com

میں ایک جگہ کا ذکر کرتے ھیں ، جس کا نام دبیق ھے ، لیکن یہ وہ شہر نہیں ھو سکتا جو دمیاط کے قرب و جوار میں واقع تھا اور جس کا ان دونوں مصنفوں نے علحدہ علحدہ ذکر کیا ھے (ابن دقماق ، ۵ : ۷۸ ؛ ابن جیعان ، ص ۶۲ اور عبداللطیف ، ص ۶۳۰) .

محض فاصلے ھی کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ بھی ممکن نہیں کہ ھم قدیم دبیق اور آج کل کے دبیج کو ایک کہہ سکیں ، جو سنبلاوین کے جنوب میں بارہ کیلو میٹر کے فاصلے پر واقع ھے اور جو ھو سکتا ھے کہ وھی دبیق ھو جس کا ذکر ابن دقماق اور ابن جیعان نے کیا ھے .

**مآخذ** : (۱) Ya'Kūbī-Wiet، ص ۱۹۴ تا ۱۹۵؛ (۲) ابن خرّداذبہ، ص ۸۳؛ (۳) الادریسی: مغرب، ص ۱۸۶ تا ۱۸۷ ؛ (۴) ناصر خسرو ، ص ۱۴۱ ؛ (۵) اَلسمقدّسی ، ص ۵۴، ۱۰۴، ۱۹۳، ۴۴۳؛ (۶) ابن مَمّاتی، ص ۸۱؛ (۷) المقریزی ، طبع Weit، ۲ : ۸۴؛ ۳ : ۲۰۰، ۲۱۵؛ ۴ : ۸۲ (مع مآخذ کی ایک طویل فہرست کے) ، ۲۴۷؛ (۸) لسٹرینج Le Strange، ص ۲۹۴؛ (۹) Salmon : *Introduction à l'histoire de Bagdadh*، ص ۱۳۶، ۱۳۸، ۱۴۰؛ (۱۰) J. Maspero و Weit : *Matériaux pour servir à la géographie de l'Egypte*، ص ۱۷۸؛ (۱۱) R.B. Serjeant: *Islamic Textiles*، در *Ars Islamica*، ۱۳ : ۸۹، ۹۴، ۹۷، ۹۸، ۱۰۰؛ ۱۵ : ۷۶؛ (۱۲) Weit : *Tissus et Tapisseries* در *Syria*، ۱۶ : ۲۸۲ تا ۲۸۳؛ (۱۳) Kühnel : *Dated Tiraz Fabrics*، ص ۱۰۷ ؛ (۱۴) *RCEA*، ۳ : ۹۰۲؛ ۶ : ۲۰۳۳، ۲۱۷۵؛ [(۱۵) دائرۃ المعارف الاسلامیہ، مصر ، ۹ : ۱۴۲] .

(G. WIET)

* **ذبیل** : رک بہ دوین .

* **دُبّی** : (جسے عام طور پر دُبئی لکھا جاتا ھے)، ایک بندرگاہ (۲۵ درجے ۱۶ دقیقے شمالی اور ۵۵ درجے ۱۸ دقیقے شرق) اور ریاست بھی ، جس پر ایک شیخ کی حکومت ھے ۔ یہ عرب کے اس ساحل پر واقع ھے جس کی حد بندی عارضی صلح نامے کی رو سے عرب کی عارضی صلح کے ساحل (Trucial Coast) تک کی گئی تھی ، دبی کا شہر ایک بل کھاتی ھوئی کھاڑی (خَور) کے کنارے آباد ھے جو خشکی کے اندر تقریبًا آٹھ میل تک چلی گئی ھے ۔ شمال مشرق کنارے پر واقع کاروباری علاقے دَیْرہ اور جنوب مغربی کنارے پر آباد الشندغہ اور دُبّی خاص کے محلوں کے درمیان کشتیوں کے ذریعے آمد و رفت ھوتی ھے ۔ شہر کی سینتالیس ہزار نفوس کی آبادی میں غالب اکثریت عربوں کی ھے ، لیکن اس میں کچھ ایرانی ، ھندوستانی اور بلوچی بھی ھیں (Hay، ص ۱۱۴) اس ریاست کے عرب السودان ، المرر ، المزارِیْن ، آل بُوَمُہَیر ، الھوامِل ، القُمزان ، المحاربة ، السبایس اور آل بوفلاح قبائل پر مشتمل ھیں ۔ ان قبائلی گروھوں کے متعلق خیال کیا جاتا ھے کہ وہ علاقۂ خلیج فارس کے بنی یاس اور العناصر (دراصل ایک بدوی قبیلہ) کے افراد کا مجموعہ ھیں ۔ حکمران خاندان ، یعنی آل بوفلاسا ، قبیلۂ الرواشد سے تعلق رکھتا ھے اور یہاں کی اکثریت کی طرح مالکی مذھب کا پیرو ھے .

ریاستِ شیخ کی سرحدیں مکمل طور پر متعین نہیں کی گئی ھیں ، جبل العالی (جسے بعض اوقات الجُبَیل کہا جاتا ھے) اور خَور غناضۃ کے درمیان واقع آخری ساحلی مقام ، دبی اور ابو ظبی کے شیوخ کی ریاستوں کے درمیان خشکی کی سرحد ھے ۔ دبّی اور الشارقہ کے شیوخ کی ریاستوں کے درمیان خشکی کی سرحد دَیرہ کے عین شمال مشرق میں ختم ھو جاتی ھے : دو چھوٹے ساحلی گاؤں ام السُّقَیم اور جُمَیرۃ اور ان سے بڑا گاؤں حجرین پر ، جو وادی حتا کے پچاس میل اندر اور ریاست کے باقی علاقوں سے الگ تھلگ واقع ھے ، فرمانِ روائے دبّی کے زیر سیادت ھے ۔ یہاں کھجوروں

Marfat.com

کے درخت اگائے جاتے ہیں ، لیکن پانی کی شدید قلت ہے ۔

۱۲۱۳ - ۱۲۱۴ھ/۱۷۹۹ء سے قبل دبی کے متعلق بہت کم معلومات میسر ہیں۔ دستیاب شدہ مآخذ [Lorimer] میں پہلی مرتبہ اس کا ذکر اسی سنہ کے ذیل میں ملتا ہے ۔ انیسویں صدی کے پہلے تہائی حصے کے دوران میں دبّی ابو ظبی کے ماتحت سمجھا جاتا تھا ، البتہ اس میں سے ۱۲۴۱ھ/۱۸۲۵ء کے بعد کئی سال کی وہ مدت مستثنی ہے جب القواسم کے شیخ سلطان ابن صقر ، حاکم الشارقة ، نے یہاں کے عامل محمد بن ہزل بن زعل کی بہن سے شادی کرکے دبی تک اپنا اثر و رسوخ بڑھا لیا (*Selections* : India، ۲۴ : ۳۱۷) .

۱۲۴۹ھ/۱۸۳۳ء میں جب آل بوفلاسا کے تقریبًا آٹھ سو ارکان نے مکتوم بن بطی بن سہیل کی قیادت میں ابو ظبی کو چھوڑ کر دبّی کی نو آبادی کا انتظام سنبھالا ، (السالمی ، ص ۳۱) تو اسے ایک خود مختار ریاست کی حیثیت حاصل ہو گئی۔ اس ریاست کا نظم و نسق اپنے ہاتھ میں لینے کی خاطر پوری انیسویں صدی میں بلکہ بیسویں صدی کے آغاز تک القواسم اور بنی یاس کے درمیان کشمکش جاری رہی لیکن دبّی نے کبھی الشارقہ ، کبھی ابو ظبی اور بعض موقعوں پر عجمان اور ام القیّوین کی چھوٹی چھوٹی شیوخ کی ریاستوں سے معاہدے کر کے اپنی آزادی برقرار رکھی ۔ دبّی کی آبادی اور خوشحالی میں معتدبہ اضافہ ہوا جو زیادہ تر موتی نکالنے کے کاروبار اور درآمدی و برآمدی تجارت کا مرہون منت تھا .

دوسری عارضی صلح کی پابند ریاستوں (Trucial States) کی طرح دبّی نے ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء میں برطانیہ کے ساتھ معاہدۂ صلح اور ۱۲۵۱ھ/۱۸۳۵ءمین عارضی بحری معاہدے (جو بعد میں مستقل ہو گیا) پر دستخط کیے (دیکھیے مادّۂ ابو ظبی) ، ۱۳۰۹ھ/۱۸۹۲ء میں دبی کا حکمران اس بات پر رضا مند ہو گیا کہ وہ برطانیہ کی منظوری کے بغیر برطانیہ کے سوا کسی بیرونی ملک سے تعلقات استوار نہیں کرے گا اور ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۲ء میں اس نے یہ بات مان لی کہ وہ اپنے علاقے میں دریافت شدہ تیل کے حقوق حکومت برطانیہ کے مقرر کردہ آدمی کے سوا کسی دوسرے کو نہیں دے گا ۔ بیرون ساحل مراعات کے منافع میں برطانوی کمپنی *British Petroleum Exploration* (سابقہ D'Arcy Exploration Co. Ltd.) کا دو تہائی حصہ ہے اور فرانسیسی کمپنی Compagnei Francaise des Pétroles کا ایک تہائی ۔ عراق پٹرولیم کمپنی سے ایک ملحقہ ادارے Petroleum Development (Trucial Coast) Ltd. کو اندرون ساحل تیل کی مراعات حاصل ہیں ۔ یہاں ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء تک تیل دریافت نہیں ہوا تھا .

حورالشارقہ میں ریت بھر جانے اور لنگہ Linga [رک بآن] کے زوال کے باعث دبّی کو حالیہ خوشحالی نصیب ہوئی ہے ۔ یہاں موتی [اب ایک روبہ زوال صنعت] اور خشک مچھلی کی برآمد ہوتی ہے اور سامان خوراک ، کپڑا اور ہلکی مشینری درآمد کی جاتی ہے ۔ ایک ساحلی سڑک دبّی کو شمال میں نو میل کے فاصلے پر واقع الشارقہ اور جنوب میں ۸۰ میل دور قصبۂ ابوظبی سے ملاتی ہے ۔ اندرون ملک البّریمی اور مسقط کو ریگستانی پگڈنڈیاں جاتی ہیں .

حال ہی میں اس ریاست کے انتظامی اداروں کو وسعت دی گئی ہے ۔ اب ان میں مجلس بلدیہ (Municipal Council) ، انتظامیۂ گمرک (Custom Administration) ، عدلیہ اور تعلیم ، صحت ، تسجیل اراضی (Land Registration) اور آب رسانی کے محکموں کا اضافہ ہوا ہے ۔ شہر میں ایک ہسپتال ، لڑکوں کے لیے چار اور لڑکیوں کے لیے دو مدرسے ، سلسلہ تار و ٹیلیفون اور باقاعدہ ڈاک کا انتظام اور ایک چھوٹا سا ہوائی اڈا ہے ۔ ابوظبی کے سوا باقی تمام عارضی صلح کی پابند ریاستوں کے برطانوی پولیٹیکل ایجنٹ کے صدر دفاتر ۱۳۷۴ھ/۱۹۵۴ء میں الشارقة سے دبّی میں منتقل

Marfat.com

ہو گئے تھے آج کل (۱۹۶۲ء) شیخ راشد بن سعید بن مکتوم دبی کا فرمانروا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) مجلة العربی، عدد ۲۲، کویت، بابت ستمبر ۱۹۶۰ء ؛ (۲) محمد السالمی : نهضة الأعیان بحریة عمان، قاہرہ ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۱ء ؛ (۳) Admiralty : *A handbook of Arabia*، لندن ۱۹۱۶ - ۱۹۱۷ء ؛ (۴) *A collection of Treaties, engagements and sanads*، طبع C. Aitchison، ج ۱۱، دہلی ۱۹۳۳ء؛ (۵) India : *Selections from the records of the Bombay government*، n.s.، ج ۲۴، بمبئی ۱۸۵۶ء؛ (۶) Rupert Hay : *The Persian Gulf states*، واشنگٹن ۱۹۵۹ء ؛ (۷) J. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf, Oman and Central Arabia*، کلکتہ ۱۹۰۸ تا ۱۹۱۵ء؛ (۸) سعودی عرب : *Memorial of the government of Saudi Arabia*، [البریمی کا ثالثی فیصلہ]، ۱۹۵۵ء؛ (۹) *The Arab states of the Persian Gulf and south-east Arabia*، نشر شعبۂ حوالہ جات، مرکزی دفتر اطلاعات، لندن ۱۹۵۹ء؛ (۱۰) *Arbitration concerning Buraimi and the common frontier between Abu Dhabi and Saudi Arabia*، مطبوعۂ حکومت برطانیہ، ۱۹۵۵ء ۔

(PHEBE MARR)

* **دپلوماسیا** : رک بہ ایلچی، سفیر، معاہدہ ۔

* **دثینہ** : (قتبانی کتبوں میں [illegible])، جنوبی عرب کا ایک ضلع، جس کے شمال مغرب میں عوذلہ (رک بہ مقالہ عوذلی) اور مشرق میں عوالک (رک بہ مقالہ عوالق) کے اقطاع ہیں اور یہ ان کے درمیان واقع ہے ۔ یہ ضلع مغربی عدن کی حکومت کے اندر ہے اور اس کی آبادی تقریبا آٹھ ہزار ہے ۔ الهمدانی نے اس حصہ ملک کو "غائط" (=گیاہی صحرا) لکھا ہے اور اس کے بڑے حصے پر یہی لقب اب بھی صادق آتا ہے ۔ آب و ہوا خشک ہے اور صرف شمال مشرق حصے میں پیداوار ہوتی ہے، جو تمباکو، گندم اور جوار ہے ۔ دثینہ میں دو بڑے قبیلے آباد ہیں : اہل إسعیدی (- السعیدی) اور عُلَه (العُلَه : عُلَه الکَور اور عُلَه البحر) ۔ بڑا بازار الحافه ہے (جسے سوق اہل إسعیدی بھی کہتے ہیں)، زیادہ وسیع مفہوم میں دثینہ میں میاسر اور حسنہ قبائل کے ضلع بھی شامل ہیں ؛ یہیں شہر مودیہ بھی ہے (ام اودیہ --وادیاں)، جو ۱۹۴۴-۱۹۴۵ء سے حکومت کا صدر مقام ہے ۔

دثینہ بہت قدیم ملک ہے جس کا ذکر کتبات میں آتا ہے الهمدانی نے صفة جزیرة العرب میں اس کے بہت سے تفصیلی حالات لکھے ہیں ۔ اس زمانے میں اس کے اندر غالبًا وہ علاقہ بھی شامل تھا جو آج کل عوذلہ سے تعلق رکھتا ہے ۔ یہاں بنو اود سکونت پذیر تھے، جو بہت اچھی عربی بولتے تھے ۔ بڑی وادیاں یہ ہیں : مغربی دثینہ، الحار، تاران، الغمر، الحمیراء، المعوران، صحب، عرقان، مران، عزان اور ضرا ۔ کثیر بستیوں کے ناموں میں ان کا ذکر آیا ہے : آثرہ، الخنینہ، الموشح (جو کبھی دثینہ میں سب سے بڑا قصبہ تھا) وغیرہ ۔ بڑا پہاڑ الکور (کور عوذلہ) ایک زمانے میں دثینہ میں شامل تھا ؛ چھوٹی پہاڑیاں جبل اسود اور رالش ہیں ۔

کچھ اور جگہیں بھی ہیں جو دثینہ یا دفینہ کہلاتی ہیں۔ جغرافیہ نویس ایک قریے کا ذکر کرتے ہیں جو بصرے اور مکۂ معظمہ کے درمیان تھا اور جس کا نام عموماً الدفینہ قلم بند کیا گیا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) Ryckmans : *Les noms Propres*، ۱ : ۳۳۰؛ (۲) الهمدانی : جزیرہ (طبع Müller)، ص ۷۸، ۸۰، ۹۱ ببعد، ۹۶، ۱۲۵، ۱۳۴ ؛ (trad. Forrer)، ۱۰۲، ۱۲۶، ۱۳۱ ببعد، ۱۵۳ ببعد ؛ (۳) یاقوت : المعجم، ۲ : ۵۵۰؛ (۴) Sprenger : *Die alte Geographie Arabiens*، Berne ۱۸۷۵، ص ۸۱، ۱۸۷، ۲۷۵ ببعد ؛ (۵) H. v. Maltzan : *Reise nach Südarabien*، Brunswick ۱۸۷۳ء، ص ۲۶۹ تا ۲۷۴؛ (۶) C. Landberg در *Arabica*، ۱۸۹۷ء، ۴ : ۹ تا ۳۵؛ (۷) وہی مصنف : *Etudes sur les dialectes de l'Arabie méridionale*

Marfat.com

دثینہ، ۲ : ۱ تا ۳ (۱۹۰۵ تا ۱۹۱۳ء)، بمواضع کثیرہ؛ (۸) وہی مصنف: *Glossaire Daṭinois*، ج ۱ تا ۳ (۱۹۲۰ - ۱۹۴۲ء)، بمواضع کثیرہ؛ (۹) Doreen Ingrams: *A Survey of social and economic conditions in the Aden Protectorate*، Eritrea، ۱۹۴۹ء، ص ۲۷ تا ۳۴؛ (۱۰) v. Wissmann و Höfner: *Beiträge zur hist. Geographie de vorislam. Südarabien*، Wiesbaden ۱۹۵۳ء، ص ۶۰ ببعد، بمواضع کثیرہ - نقشہ: جنوبی عرب: عدن محمیہ لوح ۱، از v. Wissmann، ۱۹۵۷ء؛ پیمانہ ۱ : ۵,۰۰,۰۰۰ (مع دثینہ کے خاص خریطے کے ۱ : ۲,۵۰,۰۰۰)؛ [(۱۱) دائرۃ المعارف الاسلامیہ، مصر، ۹ : ۱۴۳؛ (۱۲) المکتبۃ الجغرافیۃ العربیۃ، طبع ڈ خویہ، ۳ : ۸۹ و ۵ : ۲۶ و ۶ : ۱۴۶، ۱۹۰].

(O. Löfgren)

* **دَجاجۃ**: [(ع) : واحد]، بمعنی گھریلو مرغی، اس کا اطلاق عرب لغات نویسوں کے قول کے مطابق نر اور مادہ دونوں پر کیا جا سکتا ہے - متبادل تلفظ دِجاجۃ اور دُجاجہ ہیں - زیادہ زمانۂ حال کے مقامی استعمال میں (قب Jayakar اور مَعلُوف) دجاجۃ البحر اور دِجاجۃ القُبّہ مچھلی کی بعض اقسام کو ظاہر کرتے ہیں [جمع: دِجاج، دَجاج، دُجُج، دَجَائِج دَجاجات].

اس جانور سے، جس کا ذکر عبرانی بائبل میں موجود نہیں، اھل عرب قبل اسلام کے زمانے سے واقف تھے - الجاحظ: (۲ : ۲۷۷ ببعد) کا بیان ہے کہ اسے بطور انعام شعرا کو ان کے ادبی کارناموں کے صلے میں دیا جاتا تھا - اسلامی شریعت میں اسے انسانی خوراک کے طور پر جائز قرار دیا گیا ہے، کیونکہ یہ دیکھا گیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھاتے تھے.

مرغی اور اس کے انڈوں کے بارے میں علم حیوانات سے متعلق عربی تحریروں میں جو مفصّل معلومات درج ھیں ان کا مأخذ جزوی طور پر ارسطو کی *Historia Animalium* کو قرار دیا جا سکتا ھے - مرغی شکاری جانوروں سے نہیں ڈرتی، بجز گیدڑ کے، کیونکہ ان دونوں کے درمیان ایک جبلّی مخاصمت پائی جاتی ھے - اسے رات کے وقت ڈر لگتا ھے، اور اس لیے وہ سونے کے لیے کوئی بلند جگہ تلاش کر لیتی ھے - اس میں شکار کرنے والے اور دانہ چگنے والے دونوں قسم کے پرندوں کے خواص یکساں طور پر پائے جاتے ھیں، کیونکہ وہ گوشت بھی کھاتی ھے اور اناج بھی - جاڑے کے دو مہینوں کے سوا سال بھر کے دوران میں مرغی زیادہ تر ایک انڈا روزانہ دیتی ھے (بقول النُّوَیری مصر میں پورے سال بغیر وقفے کے) - اگر وہ دن میں دو مرتبہ انڈا دے تو یہ اس کی عنقریب ھلاکت کی علامت ھوتی ھے - انڈے کی سفیدی سے چوزہ پیدا ھوتا ھے، بحالیکہ زردی جنین کے لیے غذا مہیا کرتی ھے - لمبوترے انڈوں سے مادہ چوزے پیدا ھوتے ھیں اور گول انڈوں سے نر - دھری زردی کے انڈوں سے دو چوزے پیدا ھوتے ھیں - اگر انڈوں پر بیٹھی ھوئی مرغی بادل کی گرج سن لے تو انڈے خراب ھو جاتے ھیں - اگر وہ بوڑھی اور کمزور ھو تو انڈوں میں زردی نہیں ھوتی اور ان سے بچے نہیں نکلتے- وہ مرغ سے جفت ھوے بغیر بھی [محض خوراک کے سہارے] انڈے دیتی ھے، لیکن اس قسم کے انڈوں سے بچے نہیں نکلتے - جب مرغیاں موٹی ھو جاتی ھیں تو وہ انڈے دینا موقوف کر دیتی ھیں.

[عربی] مآخذ کئی قسم کی مرغیوں کا ذکر کرتے ھیں اور ان کی کیفیت بیان کرتے ھیں، جن میں سے بعض جسامت میں بطخ کے برابر ھو جاتی ھیں - حیوانات اور ادویہ کے عرب ماھرین نے مرغی کے انڈوں، چربی، پتے، پوٹے، بیٹ وغیرہ کے بہت سے طبی استعمال بیان کیے ھیں، جن میں سے بعض کے مآخذ قدیم یونانی تحریریں ھیں - مرغی کے گوشت کو صحت مند خوراک

marfat.com

Marfat.com

سمجھا جاتا ہے، اگرچہ یہ کہا جاتا ہے کہ اس کا مسلسل استعمال نقرس اور بواسیر پیدا کرتا ہے؛ نیم پخت انڈے قوت باہ کو بڑھانے کے لیے خاص طور پر کارآمد سمجھے جاتے ہیں۔ مرغی کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر پر متعلقہ کتب میں بحث کی گئی ہے۔ عرب ہیئت دان ستاروں کے ایک مجموعے کو الدجاجہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں، جسے الطائر بھی کہا جاتا ہے۔

**مآخذ**: (۱) عبدالغنی النّابلُسی: تعطیر الانام، قاہرہ ۱۳۵۴ھ، ۱: ۲۲۰ بعد؛ (۲) الدمیری، بذیل مادّہ (ترجمہ Jayakar، ۱: ۷۶۶ بعد؛ (۳) داؤد الأنطاکی: تذکرہ، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۱: ۱۳۹؛ (۴) الجاحظ: الحیوان، طبع دوم، اشاریہ؛ (۵) ابن العوّام: فلاحۃ (ترجمہ Clément-Mullet)، ۲ ب: ۲۶۲ بعد؛ (۶) ابن قُتیبہ: عُیُون الأخبار، قاہرہ ۱۹۲۵ء-۱۹۳۰ء، ۲: ۷۱، ۹۲ (ترجمہ Kopf، ص ۴۴، ۶۸)؛ (۷) الابشیہی: المُستطرَف، باب ۶۲، بذیل مادّہ: (۸) القزوینی (Wüstenfeld)، ۱: ۴۱۳ بعد؛ (۹) المُستوفی القزوینی (Stephenson)، ص ۷۰ بعد؛ (۱۰) النُّویری: نہایة الارب، ۱۰: ۲۱۷ بعد؛ (۱۱) امین مَعْلُوف: معجم الحیوان، قاہرہ ۱۹۳۲ء، اشاریہ؛ (۱۲) وؔآ، ع ۹: ۱۴۴ بعد؛ (۱۳) البستانی: دائرۃ المعارف، بیروت ۱۸۸۴ھ بذیل مادّہ].

(L. Kopf)

⊕ **اَلدّجّال**: (ع) مادہ دَجل، صیغۂ مبالغہ، بمعنی حقیقت کو چھپانے والا، سب سے بڑا دھوکے باز اور چالباز (لسان العرب، زیر مادۂ دجل، اور ابن الأثیر، ۲: ۱۴)۔ مادۂ دجل کے اصل معنی ہیں: (۱) خلط (یعنی خَلْط مَلط کر دینا)؛ (۲) تَلْبِیس (شیطانی چالوں سے دوسروں کو دھوکے اور التباس میں ڈالنا)؛ (۳) تَمْوِیہ (ملمع سازی کرنا، حقیقت کو چھپانا)؛ (۴) کذب (جھوٹ بولنا اور غلط بیانی کرنا)؛ گویا دجّال میں یہ تمام اوصاف بد پائے جاتے ہیں۔ دجّال کی جمع دَجّالُون اور دجاجلہ آتی ہے (لسان العرب، مادۂ دجل؛ الفائق، ۱: ۳۸۶، ابن الأثیر، ۲: ۱۴).

اسلامی اصطلاح میں دجال سے مراد جھوٹا مسیح (اَلْمَسِیْحُ الدَّجّال) ہے اور اس کا دجل اس کی جادوگری اور کذب و فریب ہے (لسان العرب، مادہ دجل)۔ بقول ابن الأثیر (۲/۱۴) دجال وہ ہے جو آخری زمانے میں ظاہر ہوگا اور الوهیت کا دعوی کرے گا۔ ابن خالویہ کے نزدیک دجال کے مفہوم کی بہترین تشریح وہ ہے جو ابو عمرو نے کی ہے یعنی اَلْمُمَوِّہُ الْکَذّاب (حقیقت کو چھپانے والا سب سے بڑا جھوٹا انسان)۔ قب لسان العرب، مادہ دجل و ابن الأثیر ۲/۱۴ والفائق ۱/۳۸۶).

بقول ابن سیدہ مسیح دجال ایک یہودی ہوگا (لسان العرب، مادۂ دجل) اور شاہ رفیع الدین (ص ۸ بعد) کے بیان کے مطابق دجال کا خروج و ظہور علامات قیامت میں سے ہے۔ [احادیث میں بھی ایسا ہی مرقوم ہے (البخاری و مسلم)] اور زمانے کے لحاظ سے یہ امام مہدی کے ظہور کے بعد ظاہر ہوگا اور ان سے اس کا مقابلہ ہوگا۔ مکان کے لحاظ سے دجال کا ظہور اوّلاً عراق و شام کے درمیان ہوگا اور وہ نبوت کا دعوی کرے گا پھر وہ اصفہان کی طرف جائے گا جہاں وہ خدائی کا دعوی کرے گا اور ستر ہزار یہودی اس کی پیروی کریں گے (شاہ رفیع الدین، ص ۹ بعد؛ صحیح مسلم، ص ۲۲۵۲ و ۲۲۶۶)۔ دجال کا ظہور مشرق کے کسی علاقے سے ظاہر ہوگا (سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، باب ۳۳) جن میں خراسان اور اصفہان کا نام بھی آتا ہے (مسند احمد، ۱: ۴ تا ۷؛ ۳: ۲۲۴؛ ۶: ۷۵) اور اس کے ظہور سے پہلے بڑی قحط سالی ہوگی اور لوگوں کو سختی کا سامنا ہوگا (مسند احمد، ۶: ۱۲۵، ۴۵۳ بعد).

دجال کی علامات بھی احادیث میں بیان ہوئی ہیں مثلاً وہ کانا ہوگا اور اس کی آنکھ میں پھلی ہوگی جو سبز رنگ کے شیشے کی سی ہوگی معلوم ہوگی۔ ...

Marfat.com

[illegible] کی طرح گھونگریالے ہوں گے اور کلا [illegible] ہوگا اور اس کی پیشانی پر "کافر" لکھا ہوگا [illegible] البخاری، کتاب الانبیاء، باب ۳، [illegible] ۶۸، کتاب الفتن باب ۲۶، ۲۷؛ [illegible] ۲۲۴۸ ببعد؛ ابو داؤد طیالسی؛ مسند [illegible] ۲۵۳۲) ۔ دجال کے پاس ایک باغ [illegible] کا، اور آگ ہوگی جیسے دوزخ [illegible] اور اس کے ہاتھ سے خرق عادات [illegible] آسمان سے مینہ برسانا، درختوں [illegible] کو لوگوں کے مردہ ماں باپ [illegible] کے اندر سے اگالنا، اور یوں تیزی سے [illegible] ادھر جانا جس طرح ہوا پر بادل [illegible] وغیرہ (شاہ رفیع الدین، ص ۹ ببعد؛ [illegible] ۲۲۵۰ ببعد)۔

[illegible] پردازی کی مدت چالیس دن ہوگی؛ پہلا [illegible] کے برابر ہوگا، دوسرا دن ایک ماہ [illegible] ایک ہفتے کے برابر، اور باقی دن عام [illegible] ہوں گے (صحیح مسلم، ص ۲۲۵۲؛ [illegible] ص ۱۱)۔ دجال تمام دنیا پر فتح پالے گا [illegible] داخل نہیں ہو سکے گا (حوالۂ [illegible] جب مدینے کے قریب آئے گی [illegible] آئے گا جس کے باعث [illegible] لوگ خائف ہو کر نکلیں گے اور [illegible] گرفتار ہو جائیں گے ۔ اس وقت [illegible] بزرگ ہوں گے جو دجال کے مناظرے کے [illegible] سے دیکھنے پر کہیں گے کہ یہی [illegible] ہے جس کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ [illegible] ۔ دجال کے حکم سے انھیں آرے سے [illegible] ۔ پھر دجال اپنی شعبدہ بازی سے ان [illegible] کو جوڑ کر زندہ کرے گا تو پھر وہ کہیں [illegible] اب مجھے پہلے سے بھی زیادہ یقین ہو گیا [illegible] تو وہی دجال ہے ۔ دجال انھیں پھر قتل کرنے کی کوشش کرے گا مگر ناکام ہوگا۔ یہ بزرگ حضرت خضر علیہ السلام ہوں گے (صحیح مسلم، ص ۲۲۵٦؛ شاہ رفیع الدین، ص ۱۰)۔

دجال کے پیرو کاروں میں زیادہ تر یہودی، بد عقیدہ، منافق، کافر اور عورتیں ہوں گی (صحیح مسلم، ص ۲۲٦٦؛ مسند احمد، ۲/۶۷، ۳۳۸، ۲۲۴/۳، ۲۹۲، ٦/۵۷؛ سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، باب ۳۳؛ شاہ رفیع الدین، ص ۱۰ ببعد)۔

احادیث کی رو سے دجال کا دور حکومت اور فتنہ پردازی کا عرصہ چالیس دن یا چالیس برس ہوگا (سنن ابو داؤد، کتاب الملاحم، باب ۱۴؛ سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، باب ۳۳؛ مسند احمد، ۲: ٦٦؛ شاہ رفیع الدین، ص ۱۱)، اور اس کے بعد حضرت عیسی علیہ السلام دمشق کی جامع مسجد کے مشرقی منارے پر نازل ہوں گے جہاں امام مہدی اپنی فوج کے ساتھ موجود ہوں گے جن کی اقتدا میں حضرت عیسیٰ نماز پڑھیں گے اور ان کی قیادت میں شریک لشکر ہو کر لُدّ کے مقام پر اپنے ہاتھوں سے دجال کو قتل کر دیں گے (لُدّ بیت المقدس کے قریب ایک شہر ہے)۔ اس کے بعد اس کے متبعین، جو اکثر یہودی ہوں گے، ادھر ادھر پناہ کی تلاش میں بھاگیں گے مگر انھیں کہیں پناہ نہیں ملے گی ۔ دجال کے پیروکاروں میں اکثریت عورتوں کی ہوگی (مسند احمد، ۲: ٦۷)۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنۂ مسیح دجال سے بچنے کے لیے دعا بھی سکھائی ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں فتنۂ دجال سے پناہ مانگا کرتے تھے (البخاری، کتاب الفتن، باب ۲۶)۔

مآخذ: (۱) لسان العرب، بذیل مادۂ دجل؛ (۲) ابن الاثیر: النہایۃ، ۲: ۱۰۲، طبع المکتبۃ الخیریۃ قاہرہ؛ (۳) الزمخشری: الفائق، ۱: ۴۰۳، طبع قاہرہ ۱۹۴۵ء؛ (۴) مسلم: الجامع الصحیح، ج ۴، [کتاب الفتن، باب ذکر الدجال]، طبع محمد فؤاد عبدالباقی، قاہرہ ۱۹۵۵ء؛ (۵) ابو داؤد:

marfat.com
Marfat.com

سنن ابی داؤد ؛ (۶) ابن ماجه، سنن ؛ (۷) البستانی : دائرة المعارف، ۷ : ۲۴۴ ببعد، بیروت ۱۸۸۴ء ؛ (۸) المسعودی : مروج الذهب، ۴ : ۲۸ ؛ (۹) شاه رفیع الدین : علامات قیامت، کراچی ۱۹۴۷ء ؛ (۱۰) محمد احمد قادری : علامات قیامت، مطبوعۂ لاهور ؛ (۱۱) البخاری : الجامع الصحیح، کتاب الفتن، باب ۲۶، (ذکر الدجال)، و باب ۲۷ (لایدخل الدجال المدینة) ؛ (۱۲) مفتاح کنوز السنة، بذیل مادّه).

(ظهور احمد اظهر)

* **دِجْلَه** : عراق کے "دو دریاؤں" میں سے مشرق دریا کا نام (جسے همیشه ال کے بغیر هی لکھا جاتا ہے)، دجله سماری رسم الخط کے دِگلت کی جدید اور معرب شکل ہے ۔ تورات کی کتاب پیدائش میں اسی کو حِدِّقِل لکھا گیا ہے ۔

یه دریا (جدید ترکی میں دِقل نہری) سلسلۂ طارس Tourus کی جنوبی ڈھلانوں سے نکلتا ہے ۔ جھیل گلچوک کے جنوب اور جنوب مشرق میں اس کی بالائی شاخ ان سب معاونوں کے ساتھ جن سے اس کی ترکیب ہوئی دامن کوہ اور میدان کے ایک وسیع علاقے کے بیکار پانی کو بہا کر لے جاتی ہے ۔ عہد عباسیه کے صوبۂ جزیره کا شمالی حصه اسی علاقے پر مشتمل ہے جس میں عمید (جدید دیار بکر)، میا فارقین اور بہت سے دوسرے شہر آباد تھے ۔ اس کے دوسرے معاونوں میں جغرافیه نگار (ابن سراپیون، مقدسی، یاقوت)، نہرالکلاب (متبادل طور پر نہرالذئب)، وادی صلب، وادی ساتِیدَما اور وادی السَّرْبَط کا نام بھی لیتے ہیں؛ لیکن جنہیں اب موجوده معاونوں سے (ان کے ترکی ناموں کی شکل) بالخصوص ذوالقرنین سیو، امیرچے، پمک چے، بتمن سیو اور گرزن سیو میں یقینی طور پر متمائز نہیں کیا جا سکتا ۔ پھر جہاں یه دریا مشرق سے جنوب کی طرف مڑ گیا ہے یعنی موجوده تِل یا تِلّ (قرون وسطی میں تَلّ فافان) کے مقام پر بہتن چی مشرق سے بہتا ہوا اس میں آ ملا ہے اور جس سے دریاے دجله میں پانی کی مقدار کم از کم دوگنی ہو جاتی ہے ۔ یه دریا، جسے عرب جغرافیه نگاروں نے وادی الزَّرْم کہا ہے، ان اونچے اونچے پہاڑوں کے فالتو پانی کو جو جھیل وان کے جنوب میں واقع ہیں بہا لاتا ہے اور جن میں بِدلِیس (موجوده بتلیس) اور سِئرد (جدید سیرت) کے خطے بھی شامل ہیں ۔ ان کے مقام اتصال سے اوپر پچاس میل مغرب کی جانب حصن کَیفا (موجوده حَسَن کَیف) کا اہم شہر آباد ہے ۔

عرب جغرافیه نگاروں نے بہتن چی اور الزاب الاعظم کے دہانوں کے درمیان نہر بزنا، نہر بالُنانا (یا باسانُفا یا سفّان)، دریاے بُویار اور وادی دُوشه کا ذکر بھی بطور اس کے معاونوں کے کیا ہے، جنہیں موجوده پہاڑی نالوں میں شناخت کرنا غیر یقینی ہے ۔ آج کل یه دریا خابور الحسنیه (موجوده خابور) اور اس کے معاون اَطیزِل سو ہیں، جن کے ساتھ ساتھ ترکی عراق سرحد واقع ہے ۔ حسنیه کے شہر (غالبًا موجوده زخو) میں کبھی ایک مشہور پل تھا ۔ دریاے ابو مریا (موجوده وادی المُر جو دجله سے اسکی موصل، سابق بلد میں آ ملا ہے) یا بائیں کنارے کے متعدد سیلابی نالوں کے سواء خان بور کے جنوب میں الزاب الاعظم تک کوئی بڑا معاون اس میں نہیں ملتا، یعنی موصل (الموصل) ایسے بڑے شہر سے تیس میل اور آگے جو بجاے خود ایک ساسانی شہر تھا اور جسے بنی امیه کے ماتحت خوب خوب ترقی ہوئی ۔

دریاے الزاب الاعظم سے، جو کچھ تو کوه ہاے حَکّاری اور کچھ ان پہاڑوں سے نکلتا ہے جن سے ایرانی عراق سرحد کی تشکیل ہوتی ہے، دریاے دجله کے پانی میں بہت بڑا اضافه ہو جاتا ہے ۔ یہی کچھ هم الزاب الاصغر کے بارے میں کہه سکتے ہیں، جو ایران و عراق کے سرحدی خطے میں ایک وسیع قطعے کے فالتو پانی کو بہا کر، اس دریا سے کوئی ساٹھ میل دور جنوب

Marfat.com

میں، اس سے جا ملتا ہے ۔ الزاب الاعظم کے سنگھم کی تعیین قرون وسطٰی میں حدیثہ کے شہر سے ہوتی تھی اور الزاب الاصغر کی سِن سے، لیکن ان میں اب کوئی بھی باقی نہیں ۔ ان کے درمیانی علاقے میں اور کوئی معاون نہیں، یہ ہو سکتا ہے کہ جبل سِنْجار کی کسی ندی یا ندیوں میں جب بعض موقعوں پر سیلاب آتا ہے تو ان کا پانی قلعہ شَرْقَط کے قریب اس دریا میں مل جاتا ہو ۔

پھر جہاں یہ دریا جبل حَمْرِیْن کو الفتحه کے مقام پر کاٹ کر اپنا رستہ بناتا ہے اس سے آگے یوں معلوم ہوتا ہے جیسے تکْرِیْت یا اس سے کچھ پہلے وادی ثَرْثار (جس میں ہو سکتا ہے سیلاب کے بعض موسموں میں (مغربی) خابور کے آبی رقبے کا ، جس کا تعلق قدرتی طور پر زیادہ تر دریاے فرات سے ہے، پانی بہ آتا ہو) الحضر سے گذرتے ہوے اس میں آ گرتا ہے ۔ یاقوت نے تو اس علاقے میں ایک ایسی ندی کا بھی ذکر کیا جس سے فرات اور دجلہ میں باہم کشتی رانی بھی ہوتی تھی ۔ پھر وہ علاقے جن کا پانی تکریت سے اوپر دجلہ میں آ ملتا ہے سارا سال بارش ہی سے سیراب ہوتے ہیں ، لہٰذا وہاں خشک سالی کا خطر، تو ہے سیلابوں کا نہیں ؛ البتہ چرسوں (ڈولوں) کے ذریعے چونکہ پانی کو باہر کھینچنے کے لیے طرح طرح کی ترکیبوں (موجودہ کرد) سے کام لیا جاتا تھا لہٰذا دریا کے دونوں کناروں کے ساتھ ساتھ فصلوں کی کاشت یقینی ہو گئی تھی ۔ رہا وہ سلسلۂ انہار جس کا تعلق قرون وسطٰی (اور جزوًا اس سے بھی زیادہ قدیم زمانے) سے ہے سو اس کی ابتدا تکریت سے آگے چل کر ہوتی تھی ۔ نہر الاسحاق ، جو بلا شبہ چشموں کے پانی کی سیلابی ندی تھی اور جزوی طور پر اس پر قابو پایا ہوا تھا ، اس کے دائیں کنارے سے نکلتی تھی ۔ اس کا وہ پانی جو آبپاشی سے بچ رہتا ہے سامرا سے آگے پھر اس میں جا ملتا تھا ۔ نہر دُجَیْل بھی سامرا کے جنوب میں دجلے کے دائیں کنارے سے نکالی گئی تھی اور (کہا جاتا ہے کہ) کبھی کبھی دریاے فرات کی نہروں کے آخری حصوں کا پانی بھی اس میں شامل ہو جاتا تھا ۔ یہ نہر عُکْبرا کے جنوب میں مختلف مقامات پر دجلے سے آ ملتی تھی ۔ عہد عباسیہ میں اس دریا کا راستہ اس کی موجودہ گزرگاہ سے کوئی پانچ سے بارہ میل مغرب کی طرف واقع تھا ؛ سامرا سے جنوب میں ایک مقام سے لے کر بغداد سے کچھ دور شمال تک (یعنی تقریبًا ستر میل تک) جب قادِسِیّه ، العَلْث ، عُکْبَرا اور رشیدیه کے شہر اس کے ساتھ ساتھ آباد تھے آب پاشی کی کئی ایک سیلابی ندیاں بھی دریا کے اسی حصے سے نکالی گئی تھیں جنھیں آگے چل کر جب ایک حد تک یا پورے طور پر نظر انداز کر دیا گیا تو (شاید ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی میں) اس کا نام شُطَیْط ہو گیا ، یعنی ننھا دریا ۔

قاطُوْل ۔ تامَرّا ۔ نہروان کی عظیم آبی گذرگاہ کی ابتدا، جس کا تعلق اس دریا کے بائیں کنارے سے ہے ، شاید ساسانی عہد میں ہوئی اور ترقی شروع عباسی عہد میں، اصل دریا سے دُوْر کے قریب (سامرا سے پندرہ میل اوپر) نکالی گئی تھی ؛ یہ زیادہ سے زیادہ تیس میل تک اور تقریبًا اس کے متوازی بہتے ہوے (موجودہ) کوت العمارۃ (از منۂ متوسطہ کے ماذرایا) کے قریب پھر دجلے میں آ ملتی ہے ، مگر اس سے پہلے عُزَیم اور دِیالا کا پانی بھی ، جن کا خصوصاً دِیالا کا شمار آج کل دجلے کے اہم ترین معاونوں میں ہوتا ہے (وک بہ نہروان اور دِیالا) ، بائیں جانب سے اس میں داخل ہو کر کسی نہ کسی طرح صرف بھی ہو جاتا ہے ۔ سلسلۂ نہروان کی دائیں جانب سے جو اہم نہریں نکلتی تھیں ان میں ایک "خالص" (جو ابھی تک اس نام سے موجود ہے ، لیکن جس کا رخ بدل گیا ہے) تھی، دوسری "بِیْن" تھی ۔ یہی نہریں تھیں جن کے پانی سے بغداد کے شمالی علاقے میں گھنی کاشت ہوتی تھی،

Marfat.com

بلکه ایک حد تک خود شهر کے لیے پانی بھی مہیا هو جاتا تھا ۔

دریاے فرات کے اس علاقے (کم از کم بیس میل) اور وسطی عراق کے ذرا نشیب کے قرب کی وجه سے متعدد بڑی نہریں اس کا پانی لاتی ہوئی اس دریا سے نکلتی تھیں اور ان کا بچا کچھا پانی شهر بغداد اور ماذرایا کے درمیان کئی مقامات پر دجلے میں گراتی تھیں ۔ ان نہروں کی تفصیل یه ہے : نہر العیسٰی (تخمیناً نه که بعینه صَقلاویه)، صَرصار اور مَلِک (آج کل کی ابو غُریب اور رِضْوانیه سے مشابه)، کُوثا اور نِیل ؛ آخری نہرِ حِلّه (اور آثار بابل) سے کچھ پہلے نکلتی اور (موجوده) کُوت سے قدرے شمال میں دجلے سے جا ملتی تھی ۔ قرون وسطٰی میں ان نہروں، دریا کی اصل گزرگاہ اور اس کے متوازی سلسلۂ نہروان میں آبادی نسبۃً گنجان تھی اور بہتے ہوے پانی سے یا پانی کو باہر کھینچ کر کاشت کرتی تھی ۔

ماذرایا اس مقام کی نشاندہی کرتا تھا جہاں سے پہاڑ کی جانب اس دریا کی قرون وسطٰی اور زمانۂ حال کی گزرگاہوں میں زیادہ سے زیادہ فرق نمایاں تھا ۔ عہد عباسیه میں اس کی موجوده گزرگاہ کو، جس کا راسته آج کل کے عَلِی الغربی، قلعۂ صالح اور عَمارہ کے ساتھ ساتھ چلا گیا ہے، کوئی خاص اهمیت حاصل نه تھی یا (تا آنکه اس میں سیلاب نه آتا) یا یوں کہیے که اس کا وجود هی نه تھا ۔ اصل دریا (موجوده) دریاے حَیّی یا غَرّاف کی گذرگاہ کے نیچے یا اس کے محاذ میں قرون وسطٰی کے عظیم، لیکن اب ناپید، شهر واسط اور جہاں آج کل حَیّی، قلعۂ سِکْر اور شَطْرہ آباد هیں ان سے ہٹ کر بہتا تھا ۔ دریاے دجله کی موجوده گزرگاہ میں تبدیلی (جو غالباً زمانۂ قبل از اسلام میں بھی ہوتی رهتی تھی)، جس سے غَرّاف کو اگرچه نسبۃً بہت کم، بایں همه پانی کی اچھی خاصی مقدار مل جاتی تھی، عہد عباسیه اور اس کے بعد سے بتدریج ہوتی رهی اور (جیسا که یورپی سیاحوں کا بیان ہے) دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں اپنی انتہا کو پہنچ گئی ۔ عباسیوں کے عہد میں فرات کی طرح دجلے کا پانی بھی واسط سے تقریباً ساٹھ میل نیچے (البطائح کی) دلدلوں میں جتنا کچھ بھی آب پاشی سے بچ رهتا جا گرتا تھا ۔ یه ایک عظیم آبی رقبه ہے، موجوده جھیل حمار کے مماثل، لیکن وسعت میں کہیں بڑا ۔ عراق کے ان دونوں بڑے بڑے دریاؤں میں سیلاب آتا ہے تو اس کا سارا پانی یہیں بہ آتا ہے اور پھر ایک هی آبی گذرگاہ کے ذریعے، جسے قرون وسطٰی میں دجلة العَوْراء (یک چشم دجله) اور عصر حاضر میں شَطّ العرب کہا جاتا ہے، خلیج فارس میں جا گرتا ہے ۔ چنانچه قُرْنه، البطائح کے منبع سے کچھ آگے شط العوراء هی پر واقع تھا، جس کے بعد شہروں اور دیہات کا ایک سلسله شروع هو جاتا ہے ۔ پھر وه خشک زمین جو ان دو دریاؤں اور دریاے کارُون کی جمع شده گاد سے بنی تھی عہد عباسیه کے اوائل میں (موجوده) آبادان تک چلی گئی تھی، مگر پھر جب اس کا سلسله اور آگے بڑھا تو اس بندرگاہ کا وجود ختم هو گیا ۔ آب پاشی کی متعدد نہریں (بشمول ان کے جو بصرے تک گئی تھیں، مثلاً مَعْقِل اور اُبُلّه) اسی علاقے میں جو آج وسیع نخلستانوں اور دیہات سے پٹا پڑا ہے، دجلة العوراء سے نکالی گئی تھیں ۔ خلفا کے بحری جہاز اسی دلدل کے ذریعے واسط سے بھی کسی قدر آگے دجلے میں چلے آتے تھے ۔

پھر جیسا که اوپر بیان کیا گیا ہے، دریاے دجله نے اگرچه قرون وسطٰی سے اب تک ایک سے زیاده علاقوں میں اپنی گزرگاہ تبدیل کی ہے، اور گو هم اس کے نظام انہار کا تصور بھی کر سکتے هیں، کچھ اس عہد کے جغرافیه نویسوں اور کچھ اس کے آثار کی بدولت، بایں همه اس میں دوسری صدی ہجری/ آٹھویں صدی عیسوی اور ساتویں صدی ہجری/تیرھویں

Marfat.com

صدی عیسوی کے درمیانی عرصے میں مستقل تبدیلیاں ہوتی رہیں، یہاں تک کہ مؤخرالذکر کے وسط میں وہ مغول کے ہاتھوں تباہ و برباد ہو گیا ۔ پانی کے رخ اور بہاؤ، اس کی بندش اور نہروں میں اس کے اخراج کا معاملہ ہر صدی بدلتا رہا ۔ ان میں بیشتر موسمی سیلابی ندیاں تھیں بغیر کسی سر آبہ گاہ کے، اور معلوم ہوتا ہے ہر سال جو تباہ کن سیلاب آتے ان کی روک تھام کا کوئی انتظام نہیں تھا ۔ تاہم دجلے کی آب پاشی اور شمال کی بارانی فصلوں سے بلا شبہ اتنی آبادی کو خوراک مہیا ہو جاتی تھی جو آج کل کی آبادی سے شاید تین گناہ زیادہ تھی، اور جو شہروں اور دیہات کے جم غفیر میں رہتی تھی، جو اب فراموش ہو چکے ہیں ۔ ہولاگو خان (۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) کی لائی ہوئی تباہی کے بعد صدیوں کی بد نظمی، آلام و مصائب اور جمود سے حالات جس طرح بد سے بدتر ہوتے گئے ان میں یہ سارا دریائی نظام بگڑ کر سر تا سر بے قابو ہو گیا ۔ چنانچہ پھر اس مسئلے پر سنجیدگی سے چودھویں صدی ہجری/بیسویں صدی عیسوی میں غور ہوا ۔

جدید عراق حکومتوں کی مساعی صرف اس نظام آبپاشی پر مرکوز ہیں جن سے مقصد یہ ہے کہ دریا کی گزرگاہ مستقلاً ایک جگہ قائم رہے ، اور اردگرد کا علاقہ ، حتی کہ ایک حد تک بغداد بھی سال کے سال آنے والے اور حد درجہ تباہ کن سیلابوں سے محفوظ رہے، مزید یہ کہ گرمیوں میں آب پاشی کے لیے پانی کا ذخیرہ کر لیا جائے اس لیے کہ وسطی اور جنوبی عراق میں بجز ربیع کی فصل کے ، ساری کاشت کا دار و مدار انہیں نہروں پر ہے ۔ اس سلسلے میں کئی ایک بند آب تعمیر کیے گئے ہیں، بالخصوص کُوت کا بند ۱۳۵۷ھ/۱۹۳۸ء میں، جس سے دریاے حیّی (غرّاف) میں پانی کی مناسب رسد پہنچائی جاتی ہے ۔ اسی طرح کئی اور بند ، نیز طغیانی کے اخراج کے لیے متعدد انتظامات بڑے پیمانے پر کیے جا رہے ہیں، یا زیر تجویز ہیں، مثلاً الزاب الاکبر پر، نیز وادی ثرثار کو کام میں لاتے ہوئے ۔ البتہ اس دریا کی بلند اور نشیبی سطح میں پانی کے اخراج میں جو بہت زیادہ فرق ہے اور جو بغداد میں چھے ہزار سے سو مکعب میٹر فی سیکنڈ ، بدلتا رہتا ہے اور جس کی وجہ شمال میں برف کا موسمی پگھلاؤ اور سرما و گرما کی بارشیں ہیں، اور دریا کے طاس میں سیلاب کی عدم گنجائش کے باعث اس سے دجلے کو قابو میں رکھنا اور استعمال میں لانا خاص طور پر مشکل ہو گیا ہے ۔ رہی دجلے سے میکانکی پمپ کے ذریعے آبپاشی کی مزید اور اپنی جگہ پر اہم توسیع ، سو وہ ۱۳۴۶ھ/۱۹۲۷ء سے اس عہد کا نمایاں کارنامہ ہے ۔

دجلے میں معمولی یا ادنیٰ قسم کی مچھلیاں کثرت سے پائی جاتی ہیں ۔

موجودہ زمانے میں از منۂ قدیم اور قرون وسطی کی طرح، ہر طرح کی کشتیاں جیسی کہ ماضی سے آ رہی ہیں، مثلاً منڈھے ہوئے بیڑے جو موصل یا زاب اکبر و اصغر سے پانی کے بہاؤ کی سمت چلتے ہیں، رال سے لپی ہوئی ٹٹ بند ناویں، بادبانی کشتیاں اور ہر جسامت کے چپو سے چلنے والے ڈونگے استعمال میں آ رہے ہیں؛ جن میں ۱۲۵۶ھ/۱۸۴۰ء سے اب تک بغداد اور بصرہ (اور کبھی کبھی اور خطرناک طور پر بغداد اور موصل) کے درمیان دخانی جہازوں ، موٹر کشتیوں اور ناؤوں کا متواتر اضافہ ہوتا رہا ہے ۔ پھر عام مسافروں اور مال برداری کے لیے جہازوں کی آمد و رفت کے علاوہ، دخانی دریائی بیڑوں نے دونوں عالمگیر جنگوں میں بڑی قابل قدر خدمات انجام دیں ۔ بایں ہمہ اس دریا میں کشتی رانی کا معاملہ نہایت کٹھن ہے ۔ ریل کا سلسلہ، جس کا ابتدائی حصہ (بغداد تا سامرّا) جرمنوں نے تیار کیا تھا اور جو ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء میں آمد و رفت کے لیے کھولا گیا تھا ، اب دریا کے دائیں کنارے کے ساتھ ساتھ بغداد سے موصل تک

marfat.com
Marfat.com

چلا گیا ہے اور موصل سے شمال کی جانب اس کی ایک شاخ مغرب کی طرف مڑتے ہوے ترکی ریلوے سے مل جاتی ہے۔ بڑی بڑی سڑکیں، جو عہد عتیق کی پگڈنڈیوں کی جگہ بنی ہیں، دریا کے ساتھ ساتھ متعدد علاقوں میں چلی گئی ہیں۔ یہ دریا ترکی میں دیار بکر، سیرت، اور ماردین کے صوبوں سے گذرتا ہے اور عراق میں موصل، اِرْبِیْل، بغداد، کُوت العَمارہ، اور بصرے کے صوبوں سے۔

**مآخذ**: (۱) الاصطخری، ۱: ۷۲ تا ۷۷، ۹۰؛ (۲) ابن حوقل، ص ۱۳۸، ۱۶۲؛ (۳) المقدسی، ص ۲۰، ۱۲۳، ۱۳۶، ۱۴۴؛ (۴) ابن خرداذبہ، ص ۱۷۴؛ (۵) *B G A*، ۷: ۹۴، ۹۶؛ (۶) المسعودی: التنبیہ، ص ۵۲ بعد؛ (۷) ابن سراپیون، در *JRAS*، ۱۸۹۵ء، ص ۱ تا ۷۶، ۲۵۵ تا ۳۱۵؛ (۸) المسعودی: مُروج، ۱: ۲۲۳ تا ۲۳۰؛ (۹) یاقوت، ۲: ۵۵۱ بعد، ومواضع کثیرہ؛ (۱۰) ابوالفداء: تقویم، ص ۵۳ تا ۵۵؛ (۱۱) الدِّمشقی (طبع Mehren)، ص ۹۵ تا ۹۸؛ (۱۲) القزوینی (طبع وُستنفلْٹ)، ۱: ۱۷۸؛ (۱۳) Le Strange: *The Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۲۴ تا ۳۱؛ (۱۴) M. Streck: *Die alte Landschaft Babylonien*، لائڈن ۱۹۰۱ء؛ (۱۵) E. Herzfeld: *Memnon*، ۱: ۸۹ تا ۱۳۳، ۲۱۷ تا ۲۳۸؛ (۱۶) W. Willcocks: *The irrigation of Mesopotamia*، قاہرہ ۱۹۰۵ء؛ (۱۷) A. Sousa و J. D. Atkinson: *Iraq Irrigation handbook*، بغداد ۱۹۳۴ - ۱۹۳۶ء؛ (۱۸) M. Ionides: *The régime of the rivers Euphrates and Tigris*، لنڈن ۱۹۳۷ء؛ (۱۹) S. H. Longrigg: *Iraq 1900 to 1950*، لنڈن ۱۹۵۳ء؛ [(۲۰) دائرة المعارف الاسلامیة، مصر، ۹: ۱۳۸؛ (۲۱) Willcocks: *The Restoration of the Ancient Irrigation works on the Tigris*، قاہرہ ۱۹۰۱ء؛ (۲۲) البستانی: دائرة المعارف، بیروت ۱۸۸۳ء، ۷: ۶۴۳؛ (۲۳) Hommel: *Geogr. v. Gesch. des alten Orients*، ص ۲۶۳ تا ۲۹۸؛ (۲۴) Ritter: *Erdkunde*، ج ۹ تا ۱۱؛ (۲۵) Chensey: *The Exped. for the survey of the Revers Euphr. and Tigris*، ۱: ۱۳ تا ۶۲؛ (۲۶) Rich در *Records of the Bombay Government*، ج ۴۳، ۱۸۵۷ء؛ (۲۷) M. Von Oppenheim: *Vom Mittelmeer Zum Persischen Golf*، ۲: ۱۹۲ تا ۲۳۵، ۲۵۲ بعد، ۲۸۲ تا ۳۱۹؛ (۲۸) Sachan: *Am Euphrat V. Tigris*؛ (۲۹) Müller Simonis et Hynernat: *L' Armenic, le Kurdistan et la Mesopotamie*، ص ۳۲۳ تا ۳۸۹؛ (۳۰) Lehmann Houpt: *Armenien*، ۱: ۳۲۷ تا ۳۴۲؛ (۳۱) Sarre v. Hevzfeld: *Archäol. Reise im Euphrate-v. Tigris-Gebiet*، ج ۱]۔

([S. H. L. Ongrigg و] R. Hartmann)

* **دُجَیْل**: رک بہ کارون۔

* **دَحْشُور**: صوبۂ جیزہ میں ایک مقام، جو قاہرہ سے تقریباً چالیس کیلو میٹر جنوب کی طرف، دریاے نیل کی مغربی جانب صحرا کے کنارے پر واقع ہے۔ قدیم سلطنت کے ابتدائی خاندانوں کے زمانے کے بنے ہوے کچھ اہرام اور ایک قبرستان موجود ہے۔ فراعنہ کے عہد کے آثار قدیمہ کے یہاں موجود ہونے کا ذکر الہروی اور المقریزی نے کیا ہے، لیکن ان کی صحیح تفصیل بیان نہیں کی۔ ابو صالح نے لکھا ہے کہ یہاں ایک کلیسا اور اہم عیسائی خانقاہ بھی ہے۔ آج کل یہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جو کوئی اہمیت نہیں رکھتا، اس کا نام محض اس کے اہرام کی وجہ سے مشہور ہے۔

**مآخذ**: (۱) ابن مَمّاتی، ص ۱۳۸؛ (۲) الہَرَوی: زیارات، ص ۳۹؛ (۳) ابو صالح، ورق ۵۳؛ (۴) یاقوت، ۲: ۶۳۳؛ (۵) المقریزی، طبع Wiet، ۲: ۱۲۰ و ۳: ۳۹ و ۳: ۱۲۲؛ (۶) علی پاشا، ۱۱: ۶۴؛ (۷) Maspero و Wiet: *Matériaux pour servir à la géographie de l'Egypte*، ص ۹۴۔

(G. Wiet)

Marfat.com

* **دَحْلان :** سیّد احمد بن زینی جو انیسوین صدی عیسوی کے شروع کے قریب مکۂ معظمہ میں پیدا ہوے، ۱۲۸۸ھ/ ۱۸۷۱ء سے اپنے آبائی شہر میں شافعی جماعت کے مفتی اور شیخ العلما (مجلس علما کے صدر لہٰذا معلمین حرم کے سرگروہ) رہے۔ جب شریف اعظم عون الرفیق، ترکی نائب عثمان پاشا سے کسی مخالفت کی بنا پر مکۂ معظمہ کو چھوڑ کر مدینۂ منورہ چلے گئے تو دحلان نے بھی اِس اقدام میں ان کی تقلید کی، لیکن اس کے بعد جلد ھی سفر کی تھکن سے ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ - ۱۸۸۷ء میں وہ انتقال کر گئے ۔ اپنی زندگی کے آخری برسوں میں دحلان نے ایک مصنف کے طور پر خصوصیت سے بہت سرگرمی دکھائی ۔ انھوں نے نہ صرف ان روایتی اسلامی علوم کو اپنی تحریر کا موضوع بنایا جن کا مطالعہ ان کے زمانے میں مکۂ معظمہ میں کیا جاتا تھا، بلکہ بعض وقتی طور پر زیر بحث مسائل پر بھی متعدد رسائل لکھے، اور مکۂ معظمہ میں انیسویں صدی عیسوی میں تاریخ نویسی کے واحد نمائندہ بن گئے۔ روایتی موضوعات پر ان کی سب سے کامیاب تصانیف شرح الآجرومیّۃ اور السیرۃ النبویۃ [=السیرۃ الدَّحْلانیّۃ، یا] السیرۃ الزینیّۃ تھیں ، یہ دونوں متعدد بار طبع ہوتی رہیں ۔ ان کی تصنیف الدُّرر السَّنیۃ فِی الرَّدِّ عَلَی الوھابیۃ وھابیوں کے موافق و مخالف جوابی تصنیفوں اور ان تصنیفوں کے جوابات کے ایک سلسلے کی محرک بن گئی ۔ سلیمٰن آفندی کی مخالفت میں ان کے مناظرات، جو مکۂ معظمہ کے ان دو ترکی مد مقابل شیخوں میں سے ایک تھے جن کا انڈونیشیا کے نقشبندیوں کی قیادت کے لیے ایک دوسرے سے مقابلہ تھا، اور اسی طرح مکۂ معظمہ کے صاحب علم و فضل شیخ محمد حسَب اللہ کی مخالفت میں جو دانشوری میں شہرت کے اعتبار سے ان کے ھم پلہ تھے، ذاتی اغراض سے خالی نہ تھے ۔ تاریخ پر ان کی تصانیف میں الفتوحات الاسلامیّۃ جو مصنف کے زمانے تک کی مسلم فتوحات کی تاریخ ھے، سوڈان میں ھم عصر مہدوی خروج کے بارے میں مصنف کے نظریے پر روشنی ڈالنے کی بنا پر قابل ذکر ھے، اور ان کی تاریخ مکہ، خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلدالحرام، جو ۱۰۹۵ھ/۱۶۸۴ء تک السِّنْجاری کی تاریخ (براکلمان، ۲ : ۵۰۲) سے ایک مختصر اقتباس ھے، آئندہ دو صدیوں میں مکۂ معظمہ کے واقعات کے لیے ایک بہت قیمتی مأخذ ھے ، جن میں وھابیوں کا عروج، حجاز پر ان کی پہلی حکومت، ان کے خلاف "اشراف" کی جنگ، محمد علی پاشا کا ترکی حکومت کو بحال کرنا اور ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۸ء میں جدے کے فسادات شامل ھیں۔ بر سر حکومت اشراف کے خاندان سے دوستی کی بنا پر دحلان کو بہترین تحریری و زبانی معلومات تک رسائی حاصل تھی ۔ فتووں کا دینا بھی بلا شبہہ ان کے فرائض منصبی کا ایک اھم حصہ تھا اور ان کے بعض فیصلے شافعی مذھب کے مروجہ نصاب میں شامل کر لیے گئے ؛ تاھم اپنے آخری برسوں میں انھوں نے روز مرہ کا یہ کام ایک نائب یا امین الفتوٰی سید محمد سعید بابَصِیل کے سپرد کر دیا تھا (براکلمان، ۲ : ۶۵۰؛ تکملہ، ص ۸۱۱) ۔ Snouck Hurgronje نے ان کا ایک مفصل خاکہ پیش کیا ھے جو ان کی شخصیت اور پس منظر سے قریبی واقفیت پر مبنی ھے ۔

**مآخذ :** (۱) Snouck Hurgronje : *Verspr. Geschr.*، ۳ : ۶۵ تا ۱۲۲ (مع دو عدد اقتباس از خلاصۃ الکلام)؛ (۲) براکلمان، ۲ : ۴۹۹ بعد ؛ تکملہ، ۲ : ۸۱۱ بعد؛ (۳) عبدالحیّ الکتّانی : فہرس الفہارس، ۱ : ۲۹۰ تا ۲۹۲ ؛ (۴) سرکیس : معجم المطبوعات، ص ۹۹۰ تا ۹۹۲؛ [(۵) *Bijdr. t. d. Taal land en Volleenkunde van Neder L. Indie*، ۲ : ۳۴۴ تا ۴۰۵؛ (۶) دائرۃ المعارف الاسلامیۃ، مصر، ۹ : ۱۷۱ بعد ؛ (۷) خیر الدین الزرکلی : الاعلام، ۱ : ۱۲۵؛ (۸) نظم الدرر، مخطوطہ ؛ (۹) جرجی زیدان : تاریخ آداب اللغۃ العربیۃ، ۴ : ۲۸۸] .

(J. SCHACHT)

marfat.com

Marfat.com

* ⊗ **دِحْیَه** : بن خَلیفه [بن فَرْوَہ] الکلبی، رسول اکرم صلی اللہ علیه وسلم کے صحابی اور مالدار تاجر تھے ۔ ان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ بڑے حسین و جمیل تھے اور مدینۂ منورہ میں ان کے حسن و جمال کے چرچے تھے ۔ حضرت جبریل علیه السلام ان کی صورت اختیار کرکے نبی کریم صلی اللہ علیه وسلم کے پاس آیا کرتے تھے ۔

[کئی غزوات میں شرکت کی] غزوۂ یرموک میں فوج کے ایک چھوٹے دستے کی کمان ان کے ہاتھ میں تھی ۔ ۵ھ میں انھیں ہرقل کے پاس رسول کریم صلی اللہ علیه وسلم کا مکتوب گرامی پہنچانے کا کام سپرد کیا گیا تھا، جس میں ہرقل کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دی گئی تھی ۔ [اس وفد کے سلسلے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ حضرت دحیه الکلبی نے اپنا منصب بیان کرنے کے لیے اپنے آپ کو اللہ کے رسول کا پیغامبر اور ایلچی (رسُولُ رسُولِ اللہ) قرار دیا ۔ یہ خط بعض دوسرے خطوں کے ساتھ اب تک موجود ہے اور اس کی نقول بصورت فوٹو دستیاب ہیں اور اس کا مضمون بعینه وہ ہے جو صحیح بخاری میں درج ہے ۔ خط کا آغاز مِنْ محمدٍ رسُولِ اللہ سے کیا گیا تھا جو قیصر روم کے دربار میں ناپسند کیا گیا ۔ البته یه بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ شاہ روم ہرقل نے حسب دستور پادری (اُسْقُف) کو اپنے دربار میں طلب کر کے اسے خط سنایا تو پادری خط سن کر کہنے لگا کہ بخدا یہ اللہ کا وہی رسول ہے جس کے بارے میں حضرت عیسیٰؑ اور حضرت موسیٰؑ نے پیشگوئی کی تھی ۔ باین همه شاہ روم نے آپؐ کی رسالت کو تسلیم نہ کیا، کیوں کہ اسے ڈر تھا کہ اس کی حکومت چھن جائے گی اور رومی اسے قتل کر دیں گے (الذہبی: سیر اعلام النبلاء، ۲ : ۳۹۷)]۔

[آپ سے تین حدیثیں مروی ہیں (دیکھیے ابن حزم : اسماء الصحابة الرواة، در جوامع السیرة، ص ۲۹۲)]۔

**مآخذ** : (۱) الجاحظ : حیوان، ۱ : ۲۹۹ و ۶ : ۲۲۱ ؛ (۲) محمد بن حبیب : المُحَبَّر، ص ۶۵، ۷۵، ۹۰، ۹۳، ۱۲۱ ؛ (۳) ابن قُتَیبه : المعارف، ص ۱۱۴ ؛ (۴) ابن سعد : الطبقات، ۳/۱: ۱۷۳ و ۲/۳ : ۵۲ و ۲/۴ : ۱۸۴ تا ۱۸۵ و ۸ : ۳۶، ۱۱۴، ۱۱۵ ؛ (۵) الطبری، ص ۱۷۵ ببعد، ۱۷۴۱، ۲۰۹۳، ۲۱۵۴ و ۲ : ۱۸۳۶ و ۳ : ۲۳۴۹ ؛ (۶) ابن حنبل : المُسند، ۱ : ۲۶۲ و ۲ : ۱۰۷ ؛ (۷) ابن ہشام سیرة بمدد اشاریه؛ (۸) ابن عبدالبَرّ : الاستیعاب، بذیل مادّه؛ (۹) البکری : المُعجم، ص ۵۳۰ ؛ (۱۰) الاغانی، ۶ : ۹۵ ؛ (۱۱) النَّووی : التہذیب، ص ۲۳۹ تا ۲۴۰ ؛ (۱۲) ابن حجر : الاصابه، عدد ۲۳۹۰ ؛ (۱۳) Caetani : *Annali*، s.a. ۶ ؛ (۱۴) I. Goldziher : *Zâhiriten*، ۱۷۸ تا ۱۷۹ ؛ (۱۵) Buhl : *Das Leben Muhammeds*، ص ۲۴۵ ؛ (۱۶) *Gesch des Qor.*، ۱ : ۲۲ تا ۲۴، ۱۸۶ ؛ (۱۷) H. Lammens : *Moavia* Ier، ص ۲۹۲ تا ۲۹۳ ؛ (۱۸) Gaudefroy-Demombynes : *Mahomet*، پیرس ۱۹۵۷ء، ص ۷۴، ۱۸۰ ؛ (۱۹) محمد حمید اللہ *Le Prophète de l'Islam*، پیرس ۱۹۵۹ء، ۲ جلدیں، اشاریه (مع امدادی مآخذ)؛ [(۲۰) البلاذری : انساب الاشراف، در مخطوطۂ پیرس، ص ۳۰۰، [مطبوعۂ مصر، جلد ۱، بمدد اشاریه] ؛ (۲۱) السمعانی : الانساب، در مخطوطۂ پیرس، ص ۸۵ ؛ (۲۲) دائرة المعارف الاسلامیة، مصر، ۶ : ۱۷۰ ببعد ؛ (۲۳) الذہبی : سیر اعلام النبلاء، مصر ۱۹۵۷ء، ۲ : ۳۹۶ تا ۳۹۹، (۱۰۵، ۱۹۹ و ۳ : ۲۲۸) ؛ (۲۴) تہذیب ابن عساکر، ۵ : ۲۷۸ ؛ (۲۵) خیرالدین الزرکلی : الاعلام، ۳ : ۱۳ ؛ (۲۶) ابن حزم : جمہرة انساب العرب، مصر ۱۹۶۲ء، ص ۴۵۷ ؛ (۲۷) وہی مصنف : سیر اعلام النبلاء، ص ۲۹۲] .

(H. Lammens و H. Pellat [و اداره])

**دُخَان** : رکّ به تُتُن .

**اَلدُّخَان** : (ع جمع : اَدْخِنَة اور دَوَاخِن)، قرآن کریم کی ایک مکی سورت کا نام، مگر آیت ۱۵ کے بارے میں بعض اہلِ علم کا قول ہے کہ یہ مدینے میں نازل ہوئی (روح المعانی، ۲۵ : ۱۱۶ :

Marfat.com

البحر المحیط، ۸ : ۳۰؛ فتح البیان، ۸ : ۳۴۶؛ التفسیر المظہری، ۸ : ۳۶۷)۔ [عددِ تلاوت ۴۴، عدد نزول ۶۴ ہے] ۔ یہ سورۃ الزّخرف [رکّ بآں] کے بعد اور سورۃ الجاثیۃ سے قبل نازل ہوئی قب محمد بن شہاب الزہری : تنزیل القرآن، ص ۲۷، الکشاف، ۴ : ۲۶۹)۔ سورۃ الدُّخان سات حوامیم (رکّ بہ حٰمٓ) سورتوں میں سے پانچویں سورت ہے اور اس میں ۵۹ آیات اور تین رکوع ہیں (حوالۂ سابق؛ نیز روح المعانی، ۲۵ : ۱۱۶)۔ اس کا نام آیت ۱۰ (فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ =(اس دن کا انتظار کیجیے کہ آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو) سے مأخوذ ہے۔ مفسرین نے اس دخان سے مراد وہی دھواں لیا ہے جو حدیث نبوی کی رو سے قیامت کی دس علامات میں سے پہلی علامت ہے؛ ابن قتیبہ وغیرہ علمائے غریب القرآن سے منقول ہے کہ دخان شدت خوف اور قحط سالی کو بھی کہتے ہیں (تفصیل کے لیے دیکھیے تفسیر المراغی ۲۵ : ۱۲۱؛ فتح البیان، ۸ : ۳۴۶؛ روح المعانی، ۲۵ : ۱۱۶ : التفسیر المظہری، ۸ : ۳۶۹؛ تفسیر البحر المحیط، ۸ : ۳۰).

[صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ جب اہل مکہ شرارت میں بہت بڑھ گئے تو نبی اکرمؐ نے دعا فرمائی کہ الٰہی ان پر یوسفؑ کے عہد کی طرح کا قحط مسلط کر۔ اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور قریش مکہ قحط سالی میں مبتلا ہو گئے اہل مکہ کے لیے یہ زمانۂ قحط بڑی تکلیف اور مصیبت کا تھا، انھوں نے اس دوران میں ہڈیاں، اور مردار تک کھائے۔ حالت یہ تھی کہ کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو بھوک کی شدت کی وجہ سے اسے فضا میں ایک دھواں سا دکھائی دیتا تھا۔ آخر اہل مکہ کی طرف سے ابوسفیان مدینے میں نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور التجا کی کہ ہم لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے بارش کی دعا کیجیے، ہم ہلاک ہوگئے ہیں۔ اس موقع پر آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ الدخان کی آیات عدد دس سے ۱۵ تک تلاوت فرما کر دعا کی، تب بارش ہوئی اور قحط ختم ہوا۔ یہ قحط اس وقت شروع ہوا تھا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکّے ہی میں تھے اور آپ کے مدنی دور میں ختم ہوا.]

سورۃ الدخان کے مضامین اجمالاً یہ ہیں کہ سب سے پہلے نزول قرآن کا ذکر ہے کہ یہ کتاب ہدایت و رحمت با برکت رات (=لیلۃ القدر) میں نازل ہونا شروع ہوئی ]۔ پھر کفّار کو دُخان مُبین سے ڈرایا گیا ہے اور ساتھ ہی مسلسل مصائب کے باوجود کفّار کے عدمِ ایمان کا ذکر ہے، اس کے بعد حضرت موسیٰؑ اور فرعون کا قصّہ بیان کرکے کفّار کو عبرت دلائی گئی ہے کہ اہلِ ایمان ہمیشہ نجات پاتے ہیں اور کافر ہمیشہ ہلاکت سے دو چار ہوتے رہے ہیں، پھر مشرکین کے انکارِ بعثت کا ذکر کرکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت پر دلیل پیش کی گئی ہے اور سب سے آخر میں گنہگاروں و مجرموں کے لیے عذاب و مصائب اور متقی لوگوں کے لیے انعام و اعزاز کا ذکر کرکے ایک دفعہ پھر قرآن کریم کی حکمت بالغہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے (تفصیل کے لیے دیکھیے تفسیر المراغی، ۲۵ : ۱۳۹؛ فی ظلال القرآن، ۲۵ : ۱۰۶؛ [تفسیر مواہب الرحمٰن، جلد ۲۵]).

ابوبکرؒ ابن العربی الاندلسی نے احکام القرآن (۴ : ۱۶۷۸) میں بیان کیا ہے کہ سورۃ الدخان میں چار آیات (۲، ۲۳، ۴۳، ۴۴) ایسی ہیں جن سے آٹھ قسم کے مختلف شرعی احکام اور فقہی مسائل مستنبط ہوئے ہیں۔

اس سورت کے فضائل کے بارے میں کئی ایک اور احادیث وارد ہوئی ہیں۔ ایک مرتبہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے رات

Marfat.com

کے وقت سورہ "حٰمٓ الدُّخَان" کی تلاوت کی اس کے لیے ستر ہزار فرشتے دعاے مغفرت میں مشغول رہیں گے ۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جس نے جمعرات کو اس سورت کی تلاوت کی اللہ تعالٰی اس کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر کرے گا ۔ حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم اس سورت کو نماز میں پڑھا کرتے تھے (الکشاف، ۴ : ۲۸۳؛ روح المعانی، ۲۵ : ۱۱۰؛ فتح البیان، ۸ : ۳۴۱) .

**مآخذ** : (۱) ابن منظور : لسان العرب ' بذیل مادہ دخن ؛ (۲) الزہری : تنزیل القرآن ' بیروت ۱۹۶۳ء؛ (۳) ابو حیّان الغرناطی: تفسیر البحرالمحیط، ریاض' بلا تاریخ؛ (۴) ابن العربی : احکام القرآن ' قاہرہ ۱۹۵۸ء؛ (۵) ثناء اللہ پانی پتی : التفسیر المظہری' دکن، بلا تاریخ؛ (۶) الزمخشری : الکشاف ، بیروت بلا تاریخ ؛ (۷) البیضاوی : تفسیر؛ (۸) محمود الآلوسی : روح المعانی' قاہرہ بلا تاریخ؛ (۹) المراغی : تفسیر المراغی ، قاہرہ ۱۹۴۶ء ؛ (۱۰) صدیق حسن خان : فتح البیان ' قاہرہ بلا تاریخ ؛ (۱۱) سید قطب : فی ظلال القرآن ' بیروت ۱۹۶۸ء؛ (۱۲) [جمال الدین القاسمی : تفسیر القاسمی؛ (۱۳) سید امیر علی: مواہب الرحمٰن ' ج ۲۵ ' نولکشور] .

(ظہور اظہر [و ادارہ])

* **دَخِیل** : لغات (لسان العرب، تاج العروس وغیرہ) میں اس کے ایک تو عام معنی ہیں : "اندرونی، داخل، قریبی"، اور دو مخصوص معنی : (۱) مہمان ، جسے حفاظت کا یقین دلایا جائے ، (۲) اجنبی، راہی، مسافر، دوسری نسل کا آدمی ۔ مخصوص معنی میں سے پہلا تو عام صحرائی قانون کے دستور سے تعلق رکھتا ہے، جس کی رو سے ہر پناہ مانگنے والے شخص کو روایتی طریقوں کے مطابق پناہ کی ضمانت حاصل ہوتی ہے ۔ گو یہ تصور ہر زمانے میں موجود رہا ہے لیکن اسے کبھی اسلامی شریعت میں داخل نہیں کیا گیا ، جہاں اس مفہوم کو ادا کرنے والی کوئی اصطلاح موجود نہیں ۔ جب اس کا اطلاق عملی طور سے کیا جائے تو یہ دستور عملی مہمان نوازی کے پیچیدہ نظام کے عناصر پر مشتمل نظر آتا ہے، جس میں یہ بیک وقت راے عامّہ کے نقطۂ نظر سے "دخیل" کے حقوق اور گھروں میں پناہ گزینی کے ایک بہت قدیم قانون کا امتزاج موجود ہے، جس کی توثیق تمام سامی دنیا کے رواج کی بنا پر ہوتی ہے [رک بہ جِوار] ۔ اس ضمن میں خصوصیت کے ساتھ دیکھیے مفصل تجزیہ از A. Jaussen : *Coutumes des Arabes au pays de Moab*، پیرس ۱۹۴۸ء، ص ۲۰۲ تا ۲۲۰، اور اسی موضوع پر Burckhardt کی یادداشت در *Notes on the Bedouins*، لنڈن ۱۸۳۱ء، ۱ : ۳۲۹ تا ۳۳۸ ؛ نیز دیکھیے Layard : *Narrative of a second expedition to Assyria*، لنڈن ۱۸۶۷ء، باب ۶، ص ۱۳۹ تا ۱۶۲، اور *apud* : Caskel؛ Oppenheim : *Die Beduinen*، لائپزگ ۱۹۳۹ء، ۱ : ۲۹.

اس آخری معنی سے لسانیات کی ایک فنی اصطلاح کے طور پر کئی معنوں کا اشتقاق کیا گیا ہے، جنھیں ماہرین لغت متروک خیال کرتے ہیں ؛ ان میں سے خاص خاص معنی یہ ہیں : (۱) کسی غیر زبان کا لفظ جسے عربی نے مستعار لے لیا ہو، جیسے "درہم" ، اور (۲) علم عروض کی اصطلاح میں قافیے کے حرفوں میں سے وہ حرف متحرک جو 'روی' [رک بہ عروض] اور حرف تأسیس یعنی الف ساکن کے درمیان واقع ہو ، جیسے 'صابر' اور 'شاکر' میں 'ب' اور 'ک' ؛ دخیل کی پابندی لازم نہیں ۔ چنانچہ 'مائل' کا قافیہ 'دل' ہو سکتا ہے [رک بہ قافیہ].

(J. Lecerf)

* **دَدَل اَوْغلُو** : عاشق موسٰی اوغلو ولی، الیسویں صدی کا ترکی لوک گیت لکھنے والا شاعر (۱۷۹۰ء ؟ تا ۱۸۷۰ء ؟) افشار قبیلے سے تھا، جس کی جاے سکونت جنوبی آناطولی میں واقع کوہ طاوروس (=طوروس) میں تھی ۔ اس کا باپ بھی شاعر تھا اور اس نے بھی اپنا مخلص (تخلص) اپنے خاندان کے نام ہی سے اخذ کیا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ کچھ عرصے تک ددل اوغلو

Marfat.com

نے دیہات میں امام کی حیثیت سے اور قبائلی سرداروں کے منشی کے طور پر کام کیا ۔ اس کے قبیلے کے خلاف، جس نے جبری بھرتی یا لگان برداشت کرنے پر رضامند نہ ہونے کی وجہ سے بغاوت کر دی تھی، حکومت کی کارروائی کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے دیگر افشاریوں کے ساتھ سیواس کے صوبے میں عزیزیہ کے قریب واقع سندل نام گاؤں میں منتقل کر دیا گیا (۱۸۶۶-۱۸۶۸ء) ۔ اس بات کی تعیین دشوار ہے کہ یہ بیان کس حد تک حقیقت پر مبنی ہے کہ آخر عمر میں وہ چقور اووہ کے علاقے میں واپس آگیا تھا، اور ادنہ کے بازاروں میں اپنی نظمیں سنایا کرتا تھا ۔ اس کی نظمیں اس کی زندگی میں یکجا نہیں کی گئیں ۔ ان میں لوک شاعری کی سب بڑی اقسام موجود ھیں: مثلاً تورکو türkü، کوشمہ koshma، سمئی semai، ورسغی varsaghı اور دستان destān ۔ اس نے گنج عثمان کے قصے کو متعدد نظموں میں مقامی رنگ دے کر آراستہ و پیراستہ کیا اور اس کی دلکشی کو دوبالا کر دیا ۔ اس کی شاعری کا اسلوب تند و تیز اور جذباتی ہے، اور اس سے ایک بے دھڑک، منچلے راست باز اور حساس قبائلی کے پاکیزہ اور مخلصانہ جذبات کا اظہار ھوتا ھے ۔ اس کی نظموں کی عبارات سے اس معاشرے کی جنگجو ذھنیت اور بدویت کا اندازہ ھو سکتا ھے، جس میں وہ زندگی بسر کرتا تھا ۔ وہ ترکی رزمیہ، غزلیہ اور دیہاتی (pastoral) لوک شاعری اور داستان گوئی کے آخری زور دار نمائندوں میں سے تھا، جو دده قورقد Dede Korkud کی تصنیف کے وقت سے برابر چلی آ رھی تھی اور جس کی نمایاں مثالیں قوراوغلو Köroghlu اور قراجہ اوغلان Karadja oghlan ھیں ۔

**مآخذ**: (۱) جودت پاشا: تذاکیر (تذکرہ، ص ۲۶ تا ۳۰)، استانبول انقلاب کتبخانہ سی، بخط مصنف؛ (۲) وھی مصنف: معروضات، در *TOEM*، ص ۸۷ تا ۹۳، ۱۹۲۵ء؛ (۳) احمد شکری: دَدَل اوغلو، خلق بلگیسی مجموعہ سی، ج ۱، ۱۹۲۸ء؛ (۴) کو پرولو زادہ محمد فؤاد: اون یدنجی عصر ساز شاعرلرندن قایقجی قل مصطفی و گنج عثمان حکایہ سی، استانبول ۱۹۳۰ء؛ (۵) خالد بایری: خلق بلگیسی خبرلری، ۱۹۳۳ء؛ (۶) علی رضا: جنوب دہ ترکمان اویماقلری، انقرہ ۱۹۳۳ء؛ (۷) سعد الدین نزہت ارغون: ترک خلق ادبیاتی انتولوجی سی؛ (۸) طٰہ طوروس: دَدَل اوغلو، ادنہ ۱۹۴۰ء؛ (۹) جاھد اوزتلّی: قور اوغلو و ددل اوغلو، Varlık Yayinları، استانبول ۱۹۵۳ء؛ (۱۰) خالدہ ھوشکور: خلق ادبیاتندہ قہرمانلک تورکولری، استانبول یونیورسٹی لائبریری، امتحانی مقالہ ۱۱۲۸ (غیر مطبوعہ)؛ (۱۱) سمیحہ قراجہ بے: دَدَل اوغلو، استانبول یونیورسی لائبریری، امتحانی مقالہ ۱۷۵۲ (غیر مطبوعہ)۔

(A. Karahan)

* **دِدُو**: (=دیدو)، ایک قوم جو پانچ چھوٹی چھوٹی آئبیری قفقازی مسلمان قوموں پر مشتمل ھے اور جس کی مجموعی آبادی ۱۹۵۵ء کے تخمینے کی رو سے اٹھارہ ہزار کے قریب ھے ۔ نسلی اعتبار سے وہ آندی [رک بآن] اور آوار [رک بآن] قوموں سے ملتے جلتے ھیں اور گرجستان کی سرحد کے قریب وسطی داغستان کے اونچے اونچے اور دشوار گزار خطوں میں رھتے ھیں ۔

ان میں امتیاز کرنا ضروری ھے:

۱ - اصلی ددو (تسز تسنتہ)، جن کی تعداد ۷۰۰۰ کے لگ بھگ ھے اور اوری ۔ تسکلس کی بالائی حدود کے ساتھ ساتھ چھتیس اولوں awls میں منقسم ھیں۔

۲ - بزتہ (کپچی، کپچوئی، بشتے، غوللل)، ددو قوم کے سب سے زیادہ ترقی یافتہ لوگ (۱۹۲۶ء میں ۲۵۰۰ اور ۱۹۳۳ء میں ۲۵۸۰)، جو ضلع تلرتہ میں بزتہ، خوجر ۔ خوتہ اور تلدل میں آباد ھیں۔

۳ - خورشی (کون)، ۱۹۲۰ء میں ۱۵۶۱ اور ۱۹۳۳ء میں ۱۶۱۴ ۔ اوری تسکلس کی بالائی حدود میں پانچ اولوں میں آباد ھیں ۔

marfat.com
Marfat.com

۴۔ خُنزل (گُنزل، تکَهد، اِنزلی، اِنیسبہ، گُنزِب)، ۱۹۲۰ء میں ۷۹۹؛ ۱۹۳۳ء میں ۶۱۶؛ ضلع تلرتہ کے چار اولوں اور آوار قُوی صُو کی بالائی حدود میں تھے ۔

۵۔ کِنیخ، ان کی تعداد صرف چند سو ہے ۔

دِدو لوگ آوار کی دعوت پر مسلمان ہوے اور ان کی طرح شافعی المذهب سنی هیں ۔ هر دِدو نسل کی اپنی زبان ہے ۔ وہ لکھی نہیں جاتی، اس کا تعلق آئبیری قفقازی زبانوں کی داغستانی شاخ کے 'آوار ۔ الدو ۔ دِدو' گروہ سے ہے، لیکن عمومی لحاظ سے دِدو قوم میں دو زبانیں بولی جاتی هیں البتہ آوار ان کی ثقافتی زبان ہے۔

دِدو قوم کی جغرافیائی حدود نے اسے بیرونی اثرات سے محفوظ رکھا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ اندی کی نسبت آبائی رسم و رواج اور اسلامی روایات کے زیادہ پابند هیں، چنانچہ ان کے یہاں اوار کا اثر و رسوخ بھی بجز بزتہ کے، اس سے بہت کم ہے جتنا اندی قوم میں ۔ لہٰذا آوار قوم سے ان کا رابطہ بہت کم ہے ۔ روس کا لسانی اثر بھی مشکل هی سے نظر آتا ہے ۔

دِدو کی معیشت بھی وهی ہے جو شروع سے چلی آ رهی تھی : ان کی گزر اوقات خشک غذا کی پیداوار (مکئی، آلو) مرغزاروں کی بدلتی هوئی زمین، بز پروری پر اور ڈھلان در ڈھلان باغبانی پر ہے ۔ وہ دستکاری کے لیے مشہور هیں: سنار کا کام ددو اور بزتہ کے افراد کرتے هیں اور چمڑے کا کام خُنزل کے افراد ۔

**مآخذ** : (۱) A. Bennigsen و H. Carrére و d' Encausse : *Une République soviétique musulmane*، در *REI*، ۱۹۵۶ء؛ (۲) A.A. Bokarev : *Kratkie Svedeniya o yazikak Dagestana*، مخچ قلعہ Makhač-kal'a ۱۹۴۹ء؛ (۳) A. Dirr : *Materiali dlya izučeniya yazikov i narečiy andodidoyskoy gruppi*، در *Sbornik materialov dlya opisaniya mestnostey i plemen Kavkaza*، جلد ۴۰، تفلس ۱۹۰۹ء؛ (۴) I. V. Megelidze : *Zvukovoy sostav tseskogo (didoyskogo) yazika*، در *Yazik i mishlenie*، جلد ۶، ۷، ماسکو ۱۹۲۶ء ۔ نیز دیکھیے داغستان، اوار اور اندی کے مآخذ .

(CH. QUELQUEJAY)

* **دِدہ** : لفظی معنی "دادا" "جدّ امجد"، ایک تعظیمی اصطلاح جو درویش فرقوں کے سر براہ کے لیے "اتا" اور "بابا" کے بجاے مستعمل ہے ۔ غز قوم میں اس کے معنی "باپ" کے بھی تھے، جس کی تصدیق قدیم دیوان لغات الترک سے هوتی ہے (قب براکلمان C. Brockelmann : *Mitteltürkischer Wortschatz*، بوداپست و لائپزگ ۱۹۲۸ء بذیل dädä) ۔ مغربی ترکی زبان کی شجاعت کی داستانوں میں یہ اصطلاح رجزخوانوں کے لیے بھی استعمال هوتی ہے (یہاں بھی "اتا" کے مترادف کے طور پر) جیسے قورقوت آتا یا دِدہ قورقوت [رک بآں] ۔ قدیم آناطولی میں اسم معرفہ کے پہلے اس کے استعمال کے متعلق قب اسمعیل حقی اوزون چارشیلی : *Osmanlı teşkilâtına methal*، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۱۷۳ (جرمیان کی ایک بناے عمارت کی دستاویز میں "دده بالی") .

مولویہ درویش حلقوں میں اصل نام کے بعد "دِدہ" کثرت سے استعمال هوتا ہے اور اظہار ادب کے لیے استانبول اور آناطولی میں متعدد صاحب کرامت بزرگوں کے واسطے بولا جاتا ہے، جیسا کہ اولیا چلبی نے اطلاع دی ہے (قب اولیا افندی : *Travels*، ترجمہ از Hammer، ۱ : ۲، ۲۱، ۲۵؛ ۲ : ۹۷، ۲۱۳) .

ان معنوں کے ساتھ دِدہ فارسی زبان میں بھی پہنچ گیا ہے (دده جمع ددگان) (مقابلہ کیجیے F. Steingass : *Persian-English Dictionary*، لنڈن ۱۸۳۰ء، بذیل مادّہ) ۔ صفوی "طریقہ" کی اصطلاح میں "دَدہ" خدّام کی ایک چھوٹی سی جماعت پر دلالت کرتا تھا جو همیشہ مُرشد کی خدمت میں حاضر رهتے تھے (قب، تذکرۃ الملوک، ۱۲۵، حاشیہ ۴).

**مآخذ** : ان تصانیف کے علاوہ جو مقالے میں

Marfat.com

مذکور ہیں : (۱) J.T. Zenker : *Türkisch-Arabisch-Persisches Handwörterbuch* ، لائپزگ ۱۸۶۶ء ، بذیل مادّہ ؛ (۲) حسین قادری : *Türk lûgati* ، استانبول ۱۹۲۸ء ؛ (۳) Şeyh Süleyman Buhâri : لغت چغتائی و ترکی عثمانی ، استانبول ۱۹۲۸ء ؛ (۴) ابوحیّان : کتاب الادراک لِلسان الاتراک ، طبع A. Caferoğlu ؛ (۵) اِ آ ، ت ، ۳ : ۵۰۶ (Mecdud Mansuroğlu) ؛ [(۶) اَولیاء افندی : رحلات ، ترجمہ Hammer ، ۱ : ۲ ، ۲۱ ، ۲۵ و ۲ : ۹۷ ، ۲۱۳].

(FR. TAESCHNER)

* **دِدِہ آغاج** : (دِدِہ آغاج)، جسے اب الیگزنڈرو پولس Alexandropolis کہتے ہیں، تھریس کے بحرِ ایجہ کے ساحل کا شہر، جس کی بنیاد ۱۸۷۱ء میں بڑی روم ایلی ریلوے لائن کی شاخ کی تعمیر کے بعد ڈالی گئی۔ اس نے سمندر کے عقبی علاقے کی پیداوار کے نکاس کا راستہ ہونے کی وجہ سے سرعت سے ترقی کی، یہاں تک کہ ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۳ء میں اس نے ولایت ادرنہ کے ایک "سنجاق" ("مُتَصرِفلق") کے صدر مقام کی حیثیت سے دِیمتوقہ کی جگہ لے لی۔ ۱۸۹۴ء میں دِدِہ آغاج کا "سنجاق" دِدِہ آغاج، اِنز (Inos) اور سفرولو کی "قضایا" پر مشتمل تھا۔ دِدِہ آغاج کی قضا میں تین ناحیے : فرہ چِک، مکری اور سِمادِرک اور اکتالیس گاؤں تھے۔ یہ صورت حال ۱۹۱۲ - ۱۹۱۳ء کی جنگ بلقان تک رہی، جس کے نتیجے میں یہ علاقہ ہاتھ سے جاتا رہا۔ شہر میں دو مسجدیں تعمیر ہوئیں، ایک ۱۸۷۷ء میں محلۂ مصلح الدین میں اور دوسری عربی طرز پر، ۱۸۹۰ء میں محلۂ حمیدیہ میں، جس کے صحن میں متصرِّف طرب زُونلی حسین رُشدی پاشا دفن ہے۔ ۱۸۹۴ء میں دِدِہ آغاج میں کوئی پندرہ سو مکانات تھے۔ موضع فِرِایلیجلری میں غازی اوِرنُوس بیگ اور (قوجہ) داؤد پاشا [رک بآں] کی بنائی ہوئی عمارات تھیں۔

**مآخذ** : *Edirne Sālnāmesi* ، برائے ۱۳۱۰ اور ۱۳۱۷ھ ؛ (۲) علی جواد : ممالکِ عثمانیّینِن تاریخ و جغرافیہ لغات ، جلد ۱ ، استانبول ۱۳۱۳ھ ؛ (۳) بادی احمد : ریاض بلدۂ ادرنہ ، جلد ۳ (بایزید لائبریری ، استانبول) .

(M. TAYYIB GÖKBILGIN)

**دِدِہ سلطان** : ایک بڑے مذہبی متشدد شخص کا لقب، جس کا نام بورکلوجہ مصطفی تھا، اور جو سلطان محمد اول کے وقت میں آناطولی میں ممتاز حیثیت رکھتا تھا (مزید معلومات کے لیے رک بہ بدرالدین بن قاضی سماؤنہ) .

(FR. TAESCHNER)

* **دِدِہ قُورقُوت** : نثر کی بارہ کہانیوں کا ترکی مجموعہ، جس کے بیچ میں اشعار کے قطعات بھی ملے جلے ہیں۔ یہ غُز رزمیہ داستان کا قدیم ترین نمونہ ہے جو اب تک سلامت رہا ہے اور ترکی زبان کی ممتاز ترین یادگاروں میں سے ایک ہے۔ یہ کہانیاں ایک مرد دانا کے نام سے موسوم ہیں، جو ایک افسانوی کردار ہے اور ہر کہانی میں نمودار ہوتا ہے۔ وہ شعر گو مطرب ہے جو ہر ایک قصّے کو دوبارہ نظم کرتا اور گاتا ہے اور سب کو اپنی نیک دعائیں دیتا ہے۔ وہ بڑے زور سے شمنی عہد کے سخن گو ساحروں کی یاد دلاتا ہے۔ اس کتاب کا فقط ایک ہی مخطوطہ موجود ہے اور وہ ڈریسڈن Dresden میں ہے (H. O. Fleischer : *Catalogus codicum man. orientalium* ، عدد ۸۶)، جس کی نقل J. H. von Diez نے برلن لائبریری کے لیے کی تھی (A. Pertsch : *Die Hand. Verzeichnisse . . .* ، جلد ۶، عدد ۲۰۳) ۔ von Diez کی تصانیف (*Denkwürdigkeiten von Asien* ، جلد ۱، برلن - ہالے ۱۸۱۵ء، ص ۳۹۹ تا ۴۵۷) اور بارٹولڈ کی مصنفات *Zapiski Vostočnago Otdeleniya, Imp. Russ. Arkh. Obshčestva* ، جلد ۸، ۱۸۹۴ء، ص ۲۰۳ تا ۲۱۸، نیز جلد ۹، ۱۸۹۵ء، جلد ۱۱، ۱۸۹۸ء، جلد ۱۲، ۱۸۹۹ء، جلد ۱۵، ۱۹۰۴ء؛ جلد ۱۹، ۱۹۱۰ء)

marfat.com
Marfat.com

اور کلیسلی معلّم رفعت کے نسخے کی پہلی طباعت (کتاب دِدہ قورقوت علیٰ لسانِ طائفِ اُغوزان، استانبول ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۶ء) برلن کے منقول نسخے پر مبنی ہیں، جو ڈریسڈن کے نسخے سے براہ راست نقل لے کر پہلی دفعہ طبع ہوئی، اس پر Orhan Şaik Gökyay نے تاریخی مآخذ سے متعلق طویل مقدمہ بھی لکھا ہے (دیکھیے مآخذ) اور اس میں ڈریسڈن کے نسخے کی بعض تصحیحات کے ساتھ برلن کے نسخے سے بھی کام لیا گیا ہے۔

۱۹۵۰ء میں Ettore Rossi نے کتاب خانۂ ویٹیکن Vatican میں ایک دوسرا نا مکمل نسخہ دریافت کیا (*Un nuovo manoscritto del "Kitab-i Dede Qorqut"*، در *RSO*، ۲۵ (۱۹۵۰ء): ۳۴ تا ۴۳)، جس کا چربہ اس نے پوری کتاب کے اطالوی ترجمے اور پچانوے صفحے کے مقدمے کے ساتھ شائع کیا۔ ۱۹۵۸ء میں Muharrem Ergin نے کامل متن کی ایک نئی نقل اصلی مخطوطوں، چربوں اور مقدمۂ کتاب کے ساتھ شائع کی ہے۔ اس کی دوسری موعودہ جلد میں اشاریہ، شرحِ لغات اور حواشی ہوں گے۔ اس تصنیف نے آذربیجان میں بھی دلچسپی پیدا کر دی (نظریاتی بنیادوں پر تنقید کے لیے دیکھیے *Ost. Probleme*، جلد ۳، عدد ۳۵، ۱۹۵۱ء)۔ متن کتاب کی ایک طباعت باکو میں ۱۹۳۹ء میں ہوئی اور ایک روسی ترجمہ بھی ۱۹۵۰ء میں چھپا، جو بارٹولڈ کے مخطوطے پر مبنی ہے۔

۱۹۱۶ء میں کتاب کا مکمل متن شائع ہوا تو اس سے دده قورقوت کے مطالعے کو زبردست تحریک ہوئی اور اس وقت سے روز افزوں تعداد میں اہلِ علم اس تصنیف کے تاریخی، علمی، لسانی، نسلیاتی اور عوامی رسم و روایات کے متعلق بہت سے مسائل کی تشریح میں منہمک ہیں۔ مذکورۂ بالا مصنفین اور دیگر علما کی شاندار خدمات کے باوجود (جن میں M. F. Köprülü، A. Inan، P. N. Boratov، Faruk Sümer، Walter Ruben، Hamid Arash، M. F. Kirzioğlu، وغیرہ شامل ہیں) یہ مسائل ابھی متنازع فیہ چلے آتے ہیں اور اب تک تاریخ تالیف، اس کے مصنف، موجودہ متن کی اصل، اس کے سورماؤں اور مقامات کے ناموں وغیرہ کی حقیقت کے متعلق اختلاف رائے ہے۔ جہاں تک موجودہ تحقیق پہنچی ہے اس کی بنا پر ہم محتاط رہ کر اسی قدر کہہ سکتے ہیں کہ ان کہانیوں کو ایک نا معلوم مصنف نے غالباً نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں سنی سنائی روایات سے فراہم کیا اور انھیں جِلا دے کر مجموعہ مرتب کر دیا۔ اس کی کہانیاں زیادہ تر اوغز ترکوں کے ماثر پر مبنی دکھائی دیتی ہیں، جو وسط ایشیا میں ان کے اصلی وطن کی زندگی کے متعلق مشہور تھے؛ لیکن موجودہ متن میں یہ قصے شمال مشرقی آناطولی کے اوغز ترکی قبائل کی زندگی، اُن کے شہزادے بَیِنْدُر خان اور ان کے سردار سُلُورقازان بیگ، اس کی بیگم بُورلہ خاتون، اس کے لڑکے اُرُز اور اس کے رفقا کے کارناموں اور دوسرے ترک قبائل اور بحر اسود کے یونانیوں اور گرجستانیوں کے خلاف محاربات کا حال بیان کرتے ہیں۔ ان میں اسلامی ثقافت کا اثر کم اور سطحی سا ہے؛ اسلام سے پہلے کے عناصر بیان، اسلوب اور موضوعات میں آناطولی اور وسطی ایشیا کے عوامی ادب کے ساتھ گہری مشترکہ خصوصیات رکھتے ہیں۔ بعض کہانیاں (مثلاً بیرک) خفیف سی تبدیل شدہ صورت میں ترکی عوامی کہانیوں میں ابھی تک زندہ ہیں، اور دو کہانیاں (دِپہ گوز اور دِلی دُمْرُل) یونانی اساطیری کہانیوں (Cyclops اور Admetus) سے حیرت انگیز مشابہت رکھتی ہیں (قب C. Mundy: *Polyphemus aud Tepegöz*، در *BSOAS*، ۱۸ (۱۹۵۶ء): ۲۷۹ تا ۳۰۲)۔

Marfat.com

**مآخذ**: مندرجۂ ذیل تصانیف میں کتابیات کی مفصل فہرست دی گئی ہے: (۱) Orhan Saik Gökyay: *Dede Korkut*، استانبول ۱۹۳۸ء؛ (۲) Ettore Rossi: *Il Kitab-i-Dade Qorqut*، Vatican ۱۹۵۲ء؛ (۳) P.N. Boratav: *Korkut Ata*، در ااآت؛ (۴) وہی مصنّف: *Dede Korkut hikâyelerindeki tarihi olaylar ve Kitabin telif tarihi*، در *TM*، ۱۳ (۱۹۵۸ء): ۳۰ تا ۶۲؛ (۵) Muharrem Ergin: *Dede Korkut Kitabi*، ج ۱، *Giris-Metin-Facsimile*، انقرہ ۱۹۵۸ء؛ اس تصنیف کی زبان کے حالیہ مطالعے کے لیے دیکھیے (۶) E.M. Demircizade: *Kitabi Dede Korkud dastanlarinin dili*، باکو ۱۹۵۹ء (اس کتاب کا جرمن زبان میں شائع شدہ ترجمہ از J. Hein: *Das Buch des Dede Korkut*، Zurich ۱۹۵۸ء).

(FAHIR İZ)

* **دَر**: فارسی لفظ، بمعنی دروازہ یا پھاٹک، بہت سی ایرانی اور ترکی زبانوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ عربی کے "باب" کا مترادف ہے اور اسی طرح استعمال ہوتا ہے، مثلاً "درِ عالیہ"، "درِ دولت" اور ہندوستان میں "دربار"۔ "در" خاص مفہوم میں دربار شاہی کے لیے، یا وسعت دے کر سرکاری محکمے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ قبل از اسلام ایران میں اس سے یہی مفہوم لیا جاتا تھا۔ پہلوی میں اس کی بے قاعدہ املا "بَبَا" تھی [فرہنگ آنندراج، بذیل بَبا].

[**مآخذ**: (۱) فرہنگ آنندراج، بذیل مادّہ؛ (۲) Gibb: *History of Ottoman Poetry*، ۳: ۲۱۳؛ (۳) Dozy: *Supplement aux Dictionn. Arbes*، ۱: ۱۲۳، ۱۲۵؛ (۴) Lane: *Arabic-English lexicon*، ۱: ۲۷۲].

(R.N. FRYE)

* **در آہنین**: فارسی، بمعنی "لوہے کا دروازہ"؛ اسے "دَرِ بندِ آہنین" بھی کہتے ہیں۔ عربی شکل "باب الحدید" ہے، جسے پرانی ترکی میں تامر قپی کہتے تھے۔ یہ نام مشرق اسلامی دنیا میں کئی دروں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ سب سے مشہور درّہ، جسے در آہنین کہتے ہیں، ماوراء النہر کا ہے، جو بِے سُنْتو کے پہاڑوں میں دِر بِنت کے موجودہ گاؤں کے قریب، سمرقند اور ترمِذ کو ملانے والی قدیمی سڑک پر واقع ہے۔

شاید اس "درِ آہنین" کا قدیم ترین ذکر چینی سیاح ھیون سانگ Hsüan Tsang کے بیان میں ملتا ہے، جو ۶۳۰ء میں اس درے سے گزرا تھا۔ اس نے مجمل طور پر اس کا حال بیان کیا ہے۔ فارسی نام کے تحت اس درے کا سب سے پہلا ذکر الیعقوبی: البلدان، ص ۲۹۰، ۲۹۵، میں ملتا ہے۔ ازمنۂ مابعد میں اس درے کو ماوراء النہر اور بلخ کے تابع علاقوں کے درمیان سرحد خیال کیا جاتا تھا۔ اسلامی ادب میں اس درے کا ذکر کثرت سے آتا ہے، لیکن پہلا یورپی باشندہ، جس نے اس جگہ کو دیکھا، کلاویجو Clavijo تھا، جو یہاں سے ۱۴۰۴ء میں گزرا تھا۔ وہ ایک محصول خانے کا ذکر کرتا ہے، جہاں سے امیر تیمور محصول وصول کرتا تھا۔ اس درے کا ذکر شرف الدین یزدی: ظفر نامہ، طبع محمد إله داد، کلکتہ ۱۸۸۷ء، ۱ : ۴۹ اور بابُر نامہ، طبع بیوریج Beveridge، ص ۱۲۴، میں منگولی نام قالیہ (عربی رسم الخط قَہلغہ) کے تحت ملتا ہے۔ بعد میں اس درے کا نام بزُغالہ خانہ پڑ گیا، جس کا ذکر سب سے پہلے محمد وفا کرمینگی نے تحفة الخانی (مخطوطہ در سابق موزۂ ایشیائی، لینن گراڈ، ورق ۱۸۴ب، جس کا فہرست میں اندراج نہیں) میں محمد رحیم خان کی ۱۱۷۱ھ/۱۷۵۷ - ۱۷۵۸ء کی مہم کے بیان میں کیا ہے۔ آج کل ایک سڑک اس درے میں سے ہو کر گزرتی ہے، تاہم اب اس درے کی کوئی اہمیت نہیں رہی۔

**مآخذ**: (۱) T. Watters: *On Yuan Chwang's*

marfat.com

Marfat.com

*Travels in India*، لندن ۱۹۰۴ء، ۱ : ۱۰۰ تا ۱۰۲ ؛ (۲) الیعقوبی، طبع Wiet، ص ۱۰۵ ؛ (۳) نظام الدین شامی: ظفرنامہ، طبع F. Tauer، پراگ ۱۹۵۶ء، ۲ : ۲۵۲ (بذیل مادۂ "قہلغہ") ؛ (۴) Ruy Gonçalez de Clavijo : *Narrative of the Embassy to the Court of Timur*، مترجمۂ C. R. Markham، لندن ۱۸۵۹ء، ص ۱۲۲ ؛ [(۵) اُ اُ ع، بذیل مادۂ باب الحدید] .

(R. N. FRYE)

* **درا** : رک بہ دَرْعَہ .

* **دُراج** : یا دُراچ Drač، نیز دِیَرّچ Dirač و دُوَرّچ Durač: قدیم دیراخیوم Dyrrhachiam (ازمنۂ وسطی کی لاطینی زبان میں Duracium، اطالوی Durazzo اور البانوی Durrës) کا سلاف اور لہذا عثمانی نام ؛ جدید البانیہ کی سب سے بڑی بندرگاہ (۴۱ درجے ۱۸ دقیقے شمالی، ۱۹ درجے ۲۶ دقیقے مشرق) ۔ قدیم شہر کی بنیاد اپی دامنوس Epidamnus کے نام سے ایک تنگ پتھریلے جزیرہ نما (کسی زمانے میں جزیرہ) کے جنوبی سرے پر رکھی گئی تھی (نواح ۶۲۵ق م) ۔ یہ جزیرہ نما اس ساحلی میدان کے متوازی پھیلا ہوا ہے، جس کے ساتھ قدیم زمانے میں یہ شمال میں ایک ریتلے ٹیلے اور جنوب میں ایک پل کے ذریعے ملا ہوا تھا ۔ اس طرح گھری ہوئی یہ ساحلی جھیل گزشتہ صدیوں کے دوران میں بتدریج تنگ ہوتی چلی گئی ہے ۔ رومیوں کے دور میں اس جزیرے کی، جو اب (غالبًا الیری زبان میں جزیرہ نما کے نام کی رعایت سے) دیراخیوم Dyrrhachium [یا دوراخیوم] کے نام سے معروف ہے، تجارتی خوشحالی کے ساتھ ساتھ فوجی اعتبار سے بھی اس کی اهمیت میں بے پناہ اضافہ ہوگیا، کیونکہ یہ جزیرہ شاہراہ ایغناتیوس (Agnatia) کا نقطۂ آغاز تھا، جسے دراصل بریندیسی Brundisium سے ایک مختصر اور سہل سی بحری مسافت کے بعد شاہراہ آپیا (Appia) ھی کا مزید سلسلہ کہنا چاہیے اور جو اطالیہ اور بلاد مشرق کے درمیان اہم ترین فوجی راستہ تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ بوزنطی دور میں بھی سلطنت کے مغربی دروازے کی حیثیت سے دیراخیوم کی بڑی مضبوط قلعہ بندی کی گئی تھی .

۱۲۰۵ء کی تقسیم میں جب دیراخیوم وینس کے حصے میں آیا تو اس کے بعد حکمران بہت جلد بدلتے رہے، تا آنکہ ۱۳۹۲ء میں اسے یہاں کے مقامی خاندان تھوپیا نے وینس کے سپرد کر دیا کیونکہ عثمانیوں کے مقابلے میں وہ اب اس کا مزید دفاع کرنے کے قابل نہ رہا تھا، اھل وینس نے اس کا احاطہ تنگ کرکے نئے سرے سے فصیلیں تعمیر کیں ۔ علاوہ ازیں انھوں نے ساحلی جھیل کو صاف کرنے کی بڑی شد و مد سے کوشش کی تاکہ بندرگاہ میں بیٹھ جانے والی ریت اور ملیریا کا سدّباب کیا جائے، لیکن اس میں انھیں کامیابی نہ ہوئی ۔ ۱۴۶۷ء میں محمد ثانی کی البانوی مہم کے دوران دوراچو Durazzo، جسے یہاں کے دهشت زدہ باشندے قریب قریب خالی کر گئے تھے، ایک یقینی حملے کا شکار ہونے سے بچ گیا (دیکھیے F. Babinger : *Mahomet II le conquèrant et son temps*، پیرس ۱۹۵۴ء، ص ۳۱۱ تا ۳۱۳) ۔ اس کا خاتمہ کہیں ۱۵۰۱ء میں ہو سکا جب کہ یہاں کے گورنر کی عارضی غیر موجودگی میں قریبی علاقہ ایلبصان Elbasan کے سنجاق بے عیسٰی بیگ اوغلو محمد بیگ نے ۱۷ اگست کو اس پر شبخون مارا (سعد الدین، ۲ : ۱۱۳، ۱۱۴، جس نے ادریس بدلیسی کے معاصرانہ بیانات کا تتبع کیا ہے) ۔ اس کے بعد ذوراچو کا نظم و نسق ایلبصان کی ایک قضا کی حیثیت سے انجام پاتا رہا ۔ پرانے شہر کے جنوب مشرق میں اس کا رقبہ اور بھی کم کرکے (۶۰۰ × ۲۵۰ کیلومیٹر میں) اس کی فصیلیں دوبارہ تعمیر کی گئیں اور قدیم بالا حصار اس چار دیواری سے باہر رہ گیا.

آل عثمان کے زیر حکومت دوراچو کی گزشتہ اهمیت عملاً بالکل ختم ہوگئی اولیا [چلبی] (۱۰۷۰ھ) کے بیان کے مطابق یہ ڈیڑھ سو گھروں پر مشتمل

Marfat.com

ایک چھوٹا سا قصبه تھا ، جس میں صرف ایک مسجد تھی ، تاهم ازمنهٔ وسطٰی کی طرح یہاں نمک سازی کی صنعت خاصے اچھے پیمانے پر جاری تھی۔ تجارتی سرگرمیاں بھی قابل اعتنا تھیں اور ایک ویودہ‌لق voyvodalik کی حیثیت سے اس شہر کا انتظام ایک امین کے سپرد تھا، جو ایک قاضی کے ساتھ یہاں سے جنوب مشرق میں بیس کیلومیٹر کے فاصلے پر ایک نسبةً صحت افزا مقام قوایه میں سکونت پذیر تھا .

دوراچو کی موجودہ خوشحالی کا آغاز دوسری جنگ عظیم سے ذرا قبل ہوا تھا ۔ اٹلی نے یہاں ایک اول درجے کی بندرگاہ تعمیر کی ۔ آج کل یه ریل کے ذریعے تیرانه اور ایلبصان سے ملا ہوا ہے ۔ بندرگاہ اور تعطیلات گزارنے کی تفریح گاہ کی حیثیت سے یه کافی ترقی کر گیا ہے (آبادی : تیس ہزار) .

**مآخذ** : (۱) Pauly-Wissowa ‘ بذیل مادۂ Dyrrhachion (طبع Philippson) ؛ (۲) K. Jireček: *Die Lage und vergangeneit der Stadt Durazzo in Albanien*، در L. Von Thallòczy : *Illyrisch-Albanische Forschungen* ، ۱ (۱۹۱۶ء) : ۱۵۲ تا ۱۵۷ ؛ (۳) L. Heuzey : *Mission archéologique de Macédoine* ‘ پیرس ۱۸۷۶ء‘ ص ۳۴۹ تا ۳۹۲ و خاکه؛ (۴) اولیا چلبی: سیاحت نامه‘ ۸ : ۱۰۷ تا ۱۲۷ = ملخص ترجمه و حواشی‘ از F. Babinger‘ در *MSOS* ‘ ۳۳ (۱۹۳۰ء) : ۱۶۶ (مع مزید حواله جات)؛ (۵) H. Hecquard : *Histoire et description de la Haute Albanie ou Guégarie* ‘ پیرس ۱۸۵۸ء‘ ص ۲۵۸ تا ۲۶۳ ؛ (۶) Baedeker's *Dalmatien und die Adria* ‘ ۱۹۲۹ء‘ ص ۲۳۵ تا ۲۳۶ (از F. Babinger) ؛ (۷) *Enc. It.* ‘ بذیل ماده Durazzo؛ (۸) Albania ‘ طبع S. Skendi‘ لنڈن ۱۹۵۷ء ؛ (۹) (Albturist) *Guide d' Albanie*‘ تیرانه ۱۹۵۸ء‘ ص ۱۶۶ تا ۱۷۳ .

(V. L. Ménage)

* **دَرْب** : رک به المدینه و باب.

* **دَرْبُ الْاَرْبعین** : بلاد السودان کو شمال سے ملانے والے بڑے بڑے راستوں میں سے ایک راسته؛ اس کی وجه تسمیه یه ہے که اسے طے کرنے میں چالیس دن سفر کرنا ہوتا ہے ۔ براؤن W.G. Browne ہی ایک ایسا یورپی باشندہ ہے جس نے (۱۷۹۳ءمیں) کل راسته طے کیا تھا؛ اس نے اَسیُوط سے منتہائے جنوب کے قریب السُّوَینَه Sweini تک اٹھاون دن سفر میں لگائے تھے۔ محمد عمر التونسی نے ۱۸۰۳ء میں اسی فاصلے کو ساٹھ دن میں طے کیا تھا ۔ اَسیُوط سے شروع ہو کر یه راسته نخلستانِ "خارجه" تک جاتا تھا، جو عثمانی حکومت کی ایک بیرونی چوکی تھی ۔ وہاں سے صحرا کو پار کرکے راسته الشَّب تک پہنچتا تھا، جو ایک گھاٹ ہے اور جیسا که اس کے نام سے مترشح ہے اس میں (شبّ) پھٹکڑی پائی جاتی ہے ۔ اگلے نخلستان سَلیمه سے ایک شاخ، جو نوبیه کے علاقے میں دریائے نیل کی طرف مڑ گئی ہے ، "تیسرے آبشار" کے ذرا اُوپر مُوشُو کے مقام پر دریا تک پنہچ جاتی ہے، جو فنج کے علاقے کی سرحدی چوکی ہے ۔ اس راستے پر ۱۶۹۸ء میں Ch. J. Poncet نے سفر کیا تھا (دیکھیے اس کا مقاله *Voyage to Aethiopia*، طبع ولیم فاسٹر، در *The Red Sea and adjacent countries at the close of the seventeenth century*، مطبوعهٔ *Hak. Soc.*، سلسله ۲ ، عددسی، لنڈن ۱۹۴۹ء) ۔ سَلیمه سے دَرْب الاربعین کی اصل شاهراہ برابر صحرا صحرا چلتی ہوئی دار فُور کی سرحدی چوکی سُوَینه تک جاتی تھی، جہاں سلطان کی اجازت حاصل کرنے کے لیے کاروانوں کو روک لیا جاتا تھا ۔ پھر یه شاهراہ کُبَیْه (*Cobbé*، Browne) کے مقام پر ختم ہو جاتی تھی، جو سلطان کی اقامت گاہ الفاشر کے شمال مغرب میں تقریباً پینتیس میل پر واقع تھا ۔ کُبَیْه، جو اب ویران ہو چکا ہے، اٹھارھویں صدی اور انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں ایک اہم

marfat.com
Marfat.com

شہر تھا، جس میں زیادہ تر سوداگر آباد تھے، جن کی اکثریت نوبیہ سے نقل وطن کرکے آئی تھی۔ دَرب الاربعین مصر جانے کے لیے قافلۃ السُودان کا راستہ تھا، جو غلام، اونٹ، عاج، شتر مرغ کے پر اور گوند لاتا تھا اور دھات کی مصنوعات اور کپڑا لےکر لوٹتا تھا۔ انیسویں صدی کے دوران میں مشرق بلاد السودان میں سیاسی تبدیلیوں اور تجارتِ غلاماں میں انحطاط آ جانے کے نتیجے میں دَرب الاربعین کی اہمیت جاتی رہی اور اب فقط اس کے بعض حصے ہی گاھے گاھے استعمال ہوتے ہیں۔

**مآخذ**: (۱) W. G. Browne: *Travels in Africa, Egypt and Syria*، لنڈن ۱۷۹۹ء؛ (۲) محمد عمر التونسی: تشحیذ الاذہان بسیرت بلاد العرب و السودان، طبع سنگی، پیرس ۱۸۵۰ء، ص ۳۶ تا ۵۱؛ ترجمہ Perron: *Voyage au Darfour par le ckeykh Mohammed Ebn-Omar El-Tounsi*، پیرس ۱۸۴۵ء؛ (۳) W. B. K. Shaw: *Darb El Arba'in*، در *Sudan Notes and Records*، ۱۲/۱، ۱۹۲۹ء: ۶۳ تا ۷۱ (مع عکسی تصاویر).

(P. M. Holt)

* **دَرَبُکَّة**: گلدان کی شکل کا ڈھول، جس کا زیادہ چوڑا مُنہ جھلّی سے منڈھا ہوتا ہے اور نیچے کا منہ کھلا ہوتا ہے۔ اس کا پیٹا عموماً منقش یا کُھدے ہوے ظروف گلی کا ہوتا ہے، لیکن اس میں کندہ کاری اور چوبی یا دھات کی پچی کاری بھی ہوتی ہے۔ بجانے کے وقت اسے بازو کے نیچے سیدھا رکھتے اور انگلیوں سے بجاتے ہیں۔ اس نام کی مختلف علاقائی شکلیں ہیں: "دَرابُکّہ" (یا ضَرابُکّۃ)، "درابکّی" اور "دربوکہ"۔ ڈوزی Dozy اور براکمان Brockelmann اس لفظ کو سُریانی زبان کے "اَردَبکا" سے ماخوذ سمجھتے ہیں، لیکن فارسی کا "دُنبک" اور "تُنبک" زیادہ قرین قیاس ہے، گو لغت نویس غلطی سے مؤخر الذکر کو بین بتاتے ہیں۔ دَربُکّہ کا نام اور اس کی مختلف شکلیں بالکل جدید ہیں، گو "در بلۃ" (جو کاتب کی غلطی سے دربکۃ کے بجاے تحریر ہوا ہے) الف لیلۃ و لیلۃ میں مذکور ہے۔ اس کی ایک قسم قدیم مصر میں بھی پائی جاتی ہے۔ "دربّج"، کا ذکر المُفَضّل بن سَلَمہ (م ۳۱۸ھ / ۹۳۰ء) نے کیا ہے۔ گو اس نے غلطی سے یہ خیال کیا کہ وہ ایک قسم کا طنبور تھا، جیسا کہ بہت سے عربی لغت نویسوں کا خیال تھا، لیکن ہم المَیدانی (م ۵۱۸ھ / ۱۱۲۴ء) کی وجہ سے جانتے ہیں کہ وہ ایک ڈھول تھا۔ ابن مکرّم (م ۷۱۰ھ / ۱۳۱۱ء) کہتا ہے کہ اس کا صحیح تلفظ "دُرّیج" ہے اور یہ لفظ اپنی مختلف شکلوں کے ساتھ مغرب میں پایا جاتا ہے۔ "کریج" اور "کریح" جو المقّری میں آئے ہیں، وہ بلا شبہ "دریج" کی غلط خوانی ہے۔ الشَّقُندی (م ۶۲۸ھ / ۱۲۳۱ء) اس ڈھول کے لیے بربری نام "اکوال" استعمال کرتا ہے اور ابھی تک یہی نام مغرب میں مستعمل ہے، گو Höst اسے "اکوال" کہتا ہے، جبکہ یہ الجزائر میں "گلاّل" ہے۔ طرابلس میں "تَبْدّبہ" کے نام کا استعمال عام ہے اور مصر میں "طَبْلہ" کا.

**مآخذ**: (۱) وا، لائڈن بار اوّل، تکملہ، بذیل مادّۂ طبل، ص ۲۱۵ تا ۲۱۶؛ (۲) J. Robson: *Collection of Oriental writers on music*، ۴: ۱۳، Bearsden ۱۹۳۸ء؛ (۳) Farmer: *Studies in Oriental musical instruments*، سلسلۂ اوّل، ص ۸۶ تا ۸۷، لنڈن ۱۹۳۱ء؛ (۴) G. A. Villoteau: *Description de l' Égypte. État moderne*، ۱: ۹۹۶، پیرس ۱۸۱۳ء؛ (۵) E. W. Lane: *Modern Egyptians*، ص ۳۶۶ تا ۳۶۷، لنڈن ۱۸۶۰؛ (۶) A. Lavignac: *Encyclopédie de la Musique*، ۵: ۲۷۹۳، ۲۹۳۲، ۳۰۷۶، پیرس ۱۹۲۲ء؛ (۷) Delphin et Guin: *Notes sur la poésie et la musique arabes*، ص ۴۳ تا ۴۴، پیرس ۱۸۸۶ء؛ (۸)

Marfat.com

المقری : *Analectes*، ۱ : ۱۴۳، لائڈن ۱۹۵۵ - ۱۹۶۱ء؛ (۹) Höst : *Nachrichten von Marokos und Fes*، ص ۲۶۲، جدول (tab) ۱، ۳، ص ۹، کوپن ہیگن ۱۷۸۱ء؛ (۱۰) H. Hickmann : *La Daraboukkah*، در *BIÉ*، ۳۳ : ۲۲۹ تا ۲۳۵، قاهرة ۱۹۵۲ء - اس کے نمونے نیویارک (Crosby Brown، عدد ۳۳۵، ۳۳۵)، برسلز (Conservatoire، عدد ۱۱۲، ۳۳۰ تا ۳۳۴، ۶۸۰) اور پیرس (Conservatoire، عدد ۹۵۳ تا ۹۵۷؛ ۱۳۵۷) میں دکھائے جاتے ہیں؛ [(۱۱) ؟؟؟ع، مصر، ۹ : ۱۷۷ ببعد ؛ (۱۲) Bel : *La Population Musalmane de Tlemcen*، ص ۳۹] .

(H. G. FARMER)

* **دربند** : داغستان [رک بآن] کا ایک شہر، جسے عرب قرون وسطی میں باب الابواب [رک بآن] کہتے تھے - اس عنوان کے تحت اس کے فقط زمانۂ حال کے واقعات قلمبند کیے جائیں گے .

۱۷۲۲ سے ۱۷۳۵ء تک روس کے تحت رہنے کے بعد دربند پھر ایرانیوں کے قبضے میں آ گیا اور نادر شاہ نے کوشش کی کہ اس میں پچھلی سی شان و شوکت پھر پیدا ہو جائے، لیکن اس کی وفات کے بعد دربند کُوبہ کے خان، فتح علی کے ہاتھ چلا گیا - ۱۷۶۵ - ۱۷۹۶ء میں روس نے اس پر دوبارہ قبضہ کر کے جلدی ہی خالی کر دیا اور بالآخر ۲۱ جون / ۳ جولائی ۱۸۰۶ء کو پھر اس پر قبضہ کر لیا .

روس کے قبضے میں آنے کے بعد اس شہر کی قدیم جنگی اہمیت ختم ہو گئی - تاہم ماضی میں ایک مستحکم شہر کی حیثیت سے اس کی جو شان تھی اس کے آثار کو بڑی احتیاط سے محفوظ رکھا گیا ہے - ان دو دیواروں میں سے جن سے شہر اور قلعہ گِھرا ہوا تھا جنوبی دیوار کو زیادہ نقصان پہنچا ہے، جس کے آثار میں اب صرف چار دروازے اور تین برج باقی رہ گئے ھیں - اس کے مقابلے میں شمالی دیوار، جس میں آٹھ دروازے اور تیس برج ھیں، تقریبًا پوری کی پوری قائم ہے .

شہر کے شمال کی جانب عربوں کے زمانے کا قِرقلار کا مقبرہ واقع ہے، جو آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کا بنا ہوا ہے - قدیم جامع مسجد، سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی کی کچھ مسجدیں اور کچھ پرانی کاروان سرائیں اب بھی تقریبًا اپنی اصلی حالت میں موجود ھیں - شہر میں قدیم نظام آب‌پاشی کے جو آثار موجود ھیں وہ اس بات کے شاھد ھیں کہ اس شہر کی تہذیب بلحاظ تکنیک بہت ترقی یافتہ تھی.

قدیم مستحکم شہر نے اقتصادی حیثیت سے حیرت انگیز ترقی کی تھی - شہر کی زمین بہت زرخیز ہے (جس میں انگور اور دوسرے پھل بکثرت ہوتے ھیں). زمین کی نشیبی تہ میں پیڑولیم اور قدرتی گیس کثرت سے موجود ہے؛ سمندر کے قُرب کی وجہ سے یہ مچھلی کے شکار کی ایک اھم بندرگاہ بن گیا ہے اور ان باتوں کے علاوہ باکو—مَخچ—قلہ ریلوے یہاں سے ہو کر گذرتی ہے اور اس سے تجارتی سامان کے لانے لے جانے میں سہولت ہوتی ہے، نیز شہر میں غذائی صنعتوں کی کثرت ہے، جن میں مقامی پیداوار کی چیزوں سے کام لیا جاتا ہے .

**اس صدی کے شروع میں آبادی کے ستاون فی صد مسلمان تھے، اٹھارہ فی صد روسی، سولہ فی صد یہودی اور سات فی صد آرمینی - اس زمانے میں ایک طرف تو تِفلِس اور باکو کی بالشویک (بُلشفی) منظم انجمنوں کے زیر اثر اور دوسری طرف I. V. Maligine اور بعض دوسرے جلا وطنوں کے زیر اثر اشتراکی خیالات پھیل رہے تھے - دربند میں جن لوگوں نے سب سے پہلے شورش پھیلائی وہ روسی ریلوے کے کارکن تھے، جن کی سرگرمیاں ۱۹۰۵ء کے انقلاب میں واضح طور پر سامنے آئیں - دسمبر ۱۹۱۷ء میں اس شہر میں**

marfat.com
Marfat.com

سوویت اقتدار قائم ہوا اور فروری کے انقلاب کے وقت کارکنوں اور سپاہ کی سوویت تنظیم کے ہاتھ میں دے دیا گیا ۔ جولائی ۱۹۱۸ء سے مارچ ۱۹۲۰ء تک یہ شہر خانہ جنگی میں مبتلا رہا؛ طاقت مقامی قوم پرستوں کے ہاتھ میں تھی، جو بالشویکوں کا مقابلہ کر رہے تھے ۔ بالآخر بالشویکوں کو سرخ فوج سے درخواست کرنا پڑی کہ وہ وہاں اپنا تسلط جما لے ۔ جب سے داغستان کی حکومت جمہوریہ قائم ہوئی دربند اپنے ضلع کا صدر مقام ہو گیا ہے اور اہمیت کے لحاظ سے وہ جمہوریہ کا دوسرے درجے کا شہر ہے ۔ ۱۹۵۶ء میں اس کی آبادی اکتالیس ہزار آٹھ سو تھی۔

**مآخذ**: (۱) W. Barthold، در *Zapiski vost. otd. Imp. Russkago Arkh. Obshč*، xix، xi، ۵۲۳ ببعد؛ iv، xxi ببعد؛ (۲) وہی مصنف: *Derbend*، در وآ، بار اول: (۳) E. I. Kazubskiy: *Istoriya goroda Derbenta*، ۱۸۰۶-۱۹۰۶ء، تمیر خان شُرا Temir Khan Shura، ۱۹۰۶ء؛ (۴) عباس قلی آغا: گلستان ارم، باکو ۱۹۲۶ء؛ (۵) M. I. Artamonov: *Nastoyashčiy Derbent*، در *Archeologie soviétique*، ۱۹۴۶ء؛ (۶) N. B. Baklanov: *Pamyatniki Dagestana*، ۸: ۱، لین گراڈ ۱۹۵۵ء؛ نیز دیکھیے باب الابواب کے مآخذ؛ [(۷) البستانی: دائرة المعارف، بیروت ۱۸۸۳ء، ۷: ۶۵۲؛ (۸) دائرة المعارف الاسلامیة، مصر، ۹: ۱۷۸ تا ۱۹۰؛ (۹) Th. S. Bayeri: *Opuscula*، طبع Klotzuis، ہال ۱۷۷۰ء؛ (۱۰) E. Eichwald: *Reise auf dem caspischen Meere*، دو جلدوں میں؛ (۱۱) Berezin: *Pute Shestive Po Dagestanui Zakawkaryu* وغیرہ؛ (۱۲) B. Dorn: *Bericht Wissenschaftliche Reise in den Kanhasus; Beiträge Zur Geschichte der Kaukasichen länder Vnd Völker aus morgenländischen shriftslellern, betreffend das Kaspische Meer Und angrenzende länder, Caspia*؛ (۱۳) G. Le Strange: *The Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۱۸۰]۔

(H. Carrère D'Encausse)

**اَلدَّرْجِینی**: ابوالعباس احمد بن سعید بن * سُلیمٰن بن علی بن اِیْخَلَف، ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کا ایک اِباضی فقیہ، شاعر، مورخ اور اباضیوں کے متعلق تواریخی اور سوانحی تالیف طبقات المشائخ کا مؤلف ہے ۔ وہ علما کے ایک بربر اِباضی خاندان سے تعلق رکھتا تھا؛ یہ خاندان طرابلس الغرب (Tripolitania) میں جبل نفوسہ کے ایک مقام تَمیْجّار کا رہنے والا تھا ۔ الدرجینی کا جدّ الحاج اَیْخَلَف بن اِیْخَلَف النفوسی التمیْجاری، جو ایک ممتاز فقیہ تھا، جرید [رک بآن] میں نفطہ کے قرب و جوار میں رہتا تھا ۔ اِیْخَلَف کا بیٹا علی، جو چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں گزرا ہے، سوڈان کے ساتھ تجارت سے بسر اوقات کرتا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے ۵۷۵ھ/۱۱۷۹-۱۱۸۰ء میں اپنے ایک تجارتی سفر کے دوران میں مغربی سوڈان کی ریاست مالی کے کافر بادشاہ کو اِباضی مذہب کا حلقہ بگوش بنا لیا، لیکن یہ محض ایک اساطیری روایت ہے (قب J. Schacht، در *Travaux de l'Institut de Recherches Sahariennes*، ۱۱، ۱۹۵۴ء: ۲۱ ببعد) ۔ علی کا فرزند مشہور فقیہ سلیمٰن تھا، جو ابوالعباس کا دادا ہے ۔ وہ جرید میں کَنُومَہ کے مقام پر رہتا تھا؛ اُسے ولی اللہ خیال کیا جاتا تھا ۔ ابوالعباس کے باپ سعید نے، جو ایک ممتاز محدّث تھا، نفطہ کے قریب دَرْجِین السُّفلی الجدید میں سکونت اختیار کرلی ۔

ہم الدَّرْجینی کے متعلق کچھ زیادہ نہیں جانتے ۔ وہ یقیناً نو عمر ہی ہوگا جب ۶۱۶ھ/۱۲۱۹-۱۲۲۰ء میں اوارگلہ Ouargla گیا اور اس شہر کے اِباضی مشائخ سے تعلیم حاصل کرنے میں دو برس گزارے ۔ بعد ازاں وہ جرید واپس چلا گیا، جہاں ہم اُسے ۶۳۳ھ/۱۲۳۵-۱۲۳۶ء میں توزر Tozeur کے

Marfat.com

مقام پر تاریخی تحقیقات کرنے میں مصروف دیکھتے ہیں ۔ اس کے بعد وہ کچھ عرصہ جزیرۂ جَربَہ میں رہا ، جہاں "عزّابہ" (= اِباضی علما) اس کی بڑی قدر کرتے تھے ۔ انھیں کی درخواست پر اُسے طبقات المشائخ لکھنے کا خیال پیدا ہوا .

اس کتاب کے اسباب تالیف کے متعلق ابوالقاسم البرادی [رکّ بآں] کی کتاب الجواہر المُنتقات کچھ معلومات بہم پنچاتی ہے .

البرادی لکھتا ہے : "یہ ہیں وہ حالات جن کے تحت ابوالعباس نے اپنی کتاب تحریر کی ۔ الحاج عیسٰی بن زکریا اپنے ساتھ کئی تصانیف لے کر اِنھیں دنوں عمان سے پہنچا تھا . . . مشرق میں اس کے اِباضی بھائیوں نے اس سے کوئی ایسی کتاب بھیجنے کو کہا تھا جس میں سب سے پہلے اِباضیوں کی سوانح عمریاں اور مغربی اسلاف کے اوصاف مذکور ہوں ۔ الحاج عیسٰی نے فاضل "عزّابہ" سے مشورہ لیا، جو اس وقت جربہ میں پائے جاتے تھے اور انھیں ان کے مشرق ہم مذہبوں کی خواھش سے آگاہ کیا ۔ انھیں پہلے ابوزکریا کی کتاب کا خیال آیا ، لیکن وہ تسلیم کرتے تھے کہ یہ کتاب ہر حیثیت سے مکمل نہیں ہے اور اس کے مصنف کا طرز ، جو بربر زبان کا عادی تھا ، اور اس لیے عربی نحو کے قواعد اور اس کی اصطلاحات و محاورات کا پوری صحت سے استعمال نہیں کرتا تھا، اکثر جگہ ناقص ہے ۔ پھر انھیں دولت رستمیہ کی تاریخ اور قدیم علما کے فضائل پر ایک نئی کتاب تالیف کرانے کی سوچی ۔ ابوالعباس سے ' زیادہ کوئی شخص اس کام کو احسن طریق سے انجام دینے کے لیے موزوں نہ تھا اور یہ کام اسی کو سونپا گیا .

کتاب طبقات المشائخ کے فقط کچھ خطی نسخے ہی ملتے ہیں (چند Mzab میں اور ایک Z. Smogorzewski کے ذخیرے میں) ۔ یہ بالکل جدا دو حصوں پر مشتمل ہے ، جن میں سے پہلا حصہ تو کتاب اِلسِیرہ و اخبار الائمۃ (مؤلفۂ ابوزکریا یحیٰی بن ابی‌بکر الورْجلانی) کی یا کہنا چاہیے کہ اس کی تاریخ کے پہلے حصے کی بلفظہٖ نقل ہے ۔ اس میں اباضیوں کے شمالی افریقہ میں نفوذ کرنے کی ، اباضی امامت کے قیام کی اور خاندان بنو رستم کے اماموں کی تاریخ ، نیز اخیر میں مغربی نسل کے اباضہ علما کی چند سوانح عمریاں مندرج ہیں ۔ دوسرا حصہ ، جو الدرجینی کا تخلیقی کام ہے ، علما اور دیگر مشہور اباضیوں کے تذکروں کا مجموعہ ہے ، جو رواج کے مطابق بارہ طبقات میں منقسم ہے اور ہر طبقہ پچاس سالہ عہد پر حاوی ہے ۔ اس تصنیف کے پہلے چار طبقات پہلی صدی ھجری/ساتویں صدی عیسوی اور دوسری صدی ھجری/آٹھویں صدی عیسوی کے مشرق اباضی علما کے تذکروں پر مشتمل ہیں ۔ مصنف نے اس جگہ مغرب کی مشہور شخصیتوں کے تذکرے درج کرنا لا حاصل خیال کیا اور صرف ابوزکریا کی تالیف کے متعلقہ حصے کو نقل کر دیا ۔ گاہے گاہے ان مشرق علما کی سوانح عمریوں کے بہت قدیم ماخذ کا ذکر ہے ۔ دوسری طرف جو اس کے بعد آٹھ طبقات آتے ہیں وہ مغربی نسل کے اباضی مشائخ کی سوانح عمریوں تک محدود ہیں ۔ آخری چار طبقات میں اوارگلہ Ouargla اوئیدرغ Oued Righ اوئیدسوف Oued Souf، جرید اور جزیرۂ جربہ ھی کے اشخاص کا ذکر ہے، لہٰذا ان کی اہمیت مقامی سے زیادہ نہیں .

الدرجینی نے اپنی کتاب کے دوسرے حصے میں ماخذ کی بہت بڑی تعداد استعمال کی ہے، جن میں دیگر ماخذ کے علاوہ محبوب ابن الرحیل العیدی (دوسری صدی‌ھجری/آٹھویں‌صدی عیسوی) اور ابوالربیع سلیمان بن عبدالسلام الوسیانی چھٹی ھجری/بارھویں عیسوی کی تاریخ و رجال سے متعلق تصانیف ہیں ۔ اس نے اپنی کتاب میں بعض عجیب عبارات شامل کی ہیں ، جو اباضی تاریخ کے طالب علموں کے لیے گرانقدر ہیں، مثلاً "حلقہ" کی

marfat.com

Marfat.com

تشکیل کے متعلق قاعدے، جو اباضی علامہ ابو عبداللہ محمد بن بکر النفوسی (پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی) نے وضع کیے تھے اور وہ خطبہ جو مشہور اباضی سردار ابوحمزۃ الشاری (دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی) نے مدینے میں دیا تھا۔ کتاب طبقات المشائخ کی نفیس زبان شمالی افریقہ کی دوسری اباضی تصانیف سے فصاحت میں کہیں سبقت لے گئی ہے اور مصنف نے اپنے مغربی مآخذ کے اسالیب کی تصحیح کی ہے، جیسا کہ ابو زکریا کی تاریخ کے اصلی متن کا مقابلہ کرنے سے واضح ہو سکتا ہے۔

الدرجینی ایک "دیوان" اور منظوم خطوط کا بھی مصنف ہے؛ بحیثیت ایک فقیہ کے اس نے تقسیم وراثت کے متعدد مسائل کا تصفیہ کیا، جنھیں بعد ازاں الجیطالی [رک بآں] نے یکجا مرتب کیا۔

اس کی وفات کی تاریخ نامعلوم ہے، لیکن وہ بلاشبہہ ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے نصف ثانی میں ہوئی۔

**مآخذ**: (۱) ابوالفضل ابو القاسم بن ابراہیم البرّادی: کتاب الجواہر المنتقات، طبع سنگی، قاہرہ ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴-۱۸۸۵ء، ۲ : ۲۱۵ ببعد، ۲۱۹؛ (۲) ابوالعباس احمد بن سعید الشمّاخی: کتاب السیر، طبع سنگی، قاہرہ ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳-۱۸۸۴ء، ص ۱۶۴، ۱۷۸، ۳۵۴ تا ۳۶۴ و بمواضع کثیرہ؛ (۳) A. de C. Motylinski: *Bibliographie du Mzab. Les livres de la secte abadhite*، در *Bulletin de Correspondance Africaine*، ۳ (۱۸۸۵ء): ۲۹، ۳۸ تا ۴۴؛ (۴) براکلمان، ۱ : ۳۳۶ و تکملہ، ۱ : ۵۷۵؛ (۵) T. Lewicki: *Notice sur la chronique ibāḍite d'ad-Dargīnī*، در *RO*، ۱۳ (۱۹۳۶ء): ۱۴۶ تا ۱۷۲؛ (۶) J. Schacht: *Bibliothèques et manuscrits abadites*، در *RA*، C (۱۹۵۶ء): ۳۹۷۔

(T. Lewicki)

**دَرد**: (اردو کے مشہور صوفی شاعر) سیّد خواجہ میر بن خواجہ محمد ناصر عندلیب کا تخلص (فہرست بانکی پور مخطوطات فارسی، ۱۶ : ۸۵؛ پورا نام: نورالناصر خواجہ میر محمدی)؛ سلسلۂ نسب خواجہ بہاء الدین نقشبندی سے ہو کر امام حسن عسکری تک پہنچتا ہے۔ درد کے والد خواجہ ناصر عندلیب بھی صوفی با عمل اور فارسی کے مصنف اور شاعر تھے۔ نالۂ عندلیب انھیں کی تصنیف ہے، جو ۱۱۵۳ھ میں ختم ہوئی۔ اس میں قصے کے پیرائے میں معارف بلند اور مطالب عالیہ بیان ہوئے ہیں۔ درد بمقام دھلی ۱۱۳۳ھ - ۱۱۳۲ میں پیدا ہوئے (فہرست بانکی پور میں ۱۱۳۷ھ درج ہے، مگر یہ غلط ہے)؛ انتقال ۲۴ صفر ۱۱۹۹ھ کو بعمر ۶۸ سال ہوا اور اپنے خاندانی مدفن باغچۂ خواجہ میر درد میں دفن ہوئے۔ تفسیر، حدیث، تصوف اور دوسرے علوم رسمی کے علاوہ موسیقی میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ ہر مہینے کی دوسری اور چوبیسویں تاریخ کو ان کے ہاں محفل سماع منعقد ہوتی تھی، جس میں اکثر علما و مشائخ و امرا شرکت کرتے تھے۔ ان کے یہاں ایک مجلس مشاعرہ بھی منعقد ہوا کرتی تھی (دیکھیے نکات الشعرا، بذیل میر تقی میر)۔

انھائیس برس کی عمر میں لباس فقر پہن لیا؛ انتالیس برس کی عمر میں والد کے انتقال کے بعد مسند نشین ارشاد ہوئے۔ سلطنت دہلی کی تباہی اور قتل و غارت کے زمانے میں، جب دہلی کے اکثر بڑے بڑے شاعر اور اہل کمال گھر بار چھوڑ کر نکل گئے تھے، خواجہ میر درد ثابت قدمی سے اپنے تکیے میں بیٹھے رہے۔ ان کے اس ثبات نفس، توکل علی اللہ اور حوصلہ‌مندی سے (جو ان کی شخصیت کے اوصاف خاص ہیں) ان کی شاعری نے روح بھی متأثر ہوئی۔ تصانیف میں اردو اور فارسی دواوین کے علاوہ تصوف کی چند کتابیں شامل ہیں: اسرارالصلوٰۃ، نماز کے

Marfat.com

اسرار و برکات پر ایک رسالہ ، جو پندرہ سال کی عمر میں تصنیف ہوا ۔ واردات (۱۱۷۲ھ) ، جس میں ایک سو گیارہ عنوانوں میں تصوف کے رموز و معاملات بیان ہوے ہیں؛ ان واردات میں سے ہر ایک میں درد کی ایک یا دو رباعیات بھی ہیں، جن کی شرح کی گئی ہے ۔ ان کی تصنیف علم الکتاب (۱۱۷۹ھ / ۱۱۸۱ھ) واردات کی شرح ہے ۔ اس کے علاوہ آہ سرد ، نالۂ درد اور شمع محفل ہے (۱۱۹۹ھ)؛ ایک اور رسالہ درد دل بھی ہے ۔ غنا کی بحث میں بھی ایک کتاب لکھی (عبدالحی : گل رعنا ، ص ۱۷۲) ۔ ان کا دیوان فارسی نواب نورالحسن خاں بن نواب صدیق حسن خاں نے چھپوا دیا تھا ۔

خواجہ میر درد اردو کے ممتاز غزل گوؤں میں شمار ہوتے ہیں ۔ ان کا دیوان مختصر ہے ، مگر رطب و یابس سے پاک ہے (''دیوانش اگرچہ مختصر لیکن مثل کلام حافظ سراپا انتخاب''، رک بہ تذکرۂ میر حسن) ۔ ان کی غزل عموماً سات شعر یا نو شعر کی ہوتی ہے ۔ بحریں عام طور سے چھوٹی اور جیسا کہ آزاد نے آب حیات میں لکھا ہے کہ خیالات ان کے سنجیدہ اور متین تھے ۔ خواجہ میر درد کی شاعری کا بنیادی امتیاز یہ ہے کہ بقول آزاد ''تصوف جیسا انھوں نے لکھا، اردو میں آج تک کسی سے نہ ہوا'' (آب حیات ، بذیل درد)؛ مگر ان کی غزل کا خالص عاشقانہ اور مجازی رنگ بھی اپنے دور کے بڑے شعرا سے کسی طرح کم نہیں ۔ ان کی شاعری میں خلوص اور درد مندی کے علاوہ بصیرت و حکمت کے اعلٰی اسباق ملتے ہیں۔ ''درد کا دیوان اعلٰی واردات قلب اور روحانی ارتقا کا ایک سچا چربہ ہے'' (مضامین عظمت ، ص ۶۱) ۔ انھوں نے اپنی شاعری کے ذریعے برترین حقیقت کا کھوج لگانے کی کوشش کی ہے ۔ ان کے اشعار سچے جذبۂ محبت اور اثر و تاثیر سے لبریز ہیں۔ ان کے اشعار میں شکستہ دلی اور لطیف افسردگی ہے ، مگر حیات بخش افسردگی ، جس سے دل غم سے مغلوب نہیں ہو جاتا ، کیونکہ ان کے اشعار مایوسی کی جگہ دلوں میں تمنا اور آرزو کا جذبہ بیدار کرتے ہیں ۔ ان کی غزل میں صوفیانہ خیالات کے علاوہ مجازی عشق کے مضامین بھی موجود ہیں ، مگر انھوں نے پیرایۂ بیان ایسا رکھا ہے کہ اکثر غزلوں میں مجاز اور حقیقت دونوں طرح کے مفہوم شعر میں قائم رہتے ہیں ۔ مجاز و حقیقت کا یہ پیوند ان کی غزل کے انفرادی لب و لہجہ کی تعیین کرتا ہے ، چنانچہ ان کے استعارات و کنایات بھی اسی قسم کے ہیں (اس کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سید عبداللہ : بحث و نظر ، بذیل ''درد کی شاعری کا صوفیانہ لب و لہجہ'').

درد کی فارسی شاعری کی روح مضمون کے لحاظ سے ان کی اردو شاعری کے قریب ہے، مگر اس کا درجہ ان کی اردو شاعری سے کم تر ہے ۔ البتہ فارسی میں ان کی رباعیات پر تاثیر ہیں ۔

خواجہ میر درد کے شاگردوں میں بعض اچھے غزل گو شاعر شامل ہیں ، مثلاً قائم چاند پوری (مصنف مخزن نکات)، ہدایت اللہ ہدایت، حکیم ثناء اللہ فراق ، میر اثر (برادر خرد درد) ، میر محمدی بیدار وغیرہ ۔ ان میں میر اثر مختصر بحروں میں بہت اچھی غزل لکھ لیتے تھے ، مگر ان کی شہرت زیادہ تر ان کی مثنوی خواب و خیال کی وجہ سے ہے ۔ اس مثنوی کی ابتدا درد نے کی تھی ، مگر چند سو شعر کہہ کر لکھنا بند کر دیا ۔ میر اثر نے ان اشعار پر بنیاد رکھ کر مثنوی کو مکمل کر دیا ۔

**مآخذ** : (۱) شعرائے اردو کے عام تذکرے، مثلاً میر تقی: نکات الشعرا؛ (۲) قائم: مخزن نکات؛ (۳) میر حسن: تذکرۂ شعرائے اردو؛ ادب اور شاعری کی تاریخیں، مثلاً (۴) آزاد : آب حیات؛ (۵) عبدالحی: گل رعنا؛ (۶) عبدالسلام : شعر الہند ؛ (۷) یحیی تنہا : مرآۃ الشعراء، جلد اول ؛ (۸) سری رام : خم خانۂ جاوید ؛ (۹) رام بابو سکسینہ :

marfat.com
Marfat.com

تاریخ ادب اردو؛ (۱۰) کلیم الدین احمد: اردو شاعری پر ایک نظر؛ مقالات میں قابل ذکر (۱۱) حبیب الرحمٰن خان شروانی: مقدمۂ دیوانِ درد، سلسلۂ آصفیہ شمارہ ۳؛ (۱۲) مضامین عظمت اللہ خان (مضمون خواجہ میر درد)؛ (۱۳) سیّد ہاشمی فرید آبادی: خواجہ میردرد کے زمانے کی سیاسیات، در رسالۂ اردو، اپریل ۱۹۴۵ء؛ (۱۴) ا۔ د۔ نسیم: مقالہ ''درد'' (جو پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے) .

(سیّد محمد عبداللہ)

* **دردانیال**: رکّ بہ چناق قلعہ بوغازی .

* **دَرِدِستان**: کوہ ہندوکش اور کافرستان کے درمیان اس علاقے کا نام جو ۳۷ درجے عرض بلد شمالی، ۷۳ درجے طول بلد مشرق اور ۳۵ درجے عرض بلد شمالی، ۷۴ درجے طول بلد مشرق کے درمیان واقع ہے ۔ یہ ہندو دیو مالا کی ''دَرْد'' قوم کا علاقہ ہے ۔ زیادہ محدود معنی میں یہ علاقہ ''شینا'' بولنے والے علاقوں یعنی گلگت ، استور ، گُریز ، چِلاس ، ہُودر ، دَریل ، تَنگر وغیرہ پر مشتمل ہے ، یا اس علاقے پر جو اب یاغستان کہلاتا ہے ۔ زیادہ وسیع مفہوم میں ہُنزہ ، ناگر اور چترال [رکّ بآن] (اس حصے کے بشمول جو یاسین کہلاتا ہے) کی ریاستیں، جو اب پاکستان کے شمالی خطّوں کی تشکیل کرتی ہیں، دَرِدِستان پر مشتمل ہیں؛ وسیع ترین مفہوم میں یہ ان علاقوں پر مشتمل ہے جو بہت قریبی زمانے میں کافرستان کہلاتے تھے ۔ ہرودوتس Herodotus (۳ : ۱۰۲ تا ۱۰۵) پہلا مصنف ہے جو دردوں کے ملک کا حوالہ دیتا ہے اور ''موجودہ افغانستان کے قریب کشمیر کی سرحد پر اس کا مقام'' بتاتا ہے ، مگر وہ اس ملک کے ذکر میں ''درد'' کا نام استعمال نہیں کرتا ؛ البتہ Strabo (ج ۱۵) اور Pliny (*Natural History*، ج ۱۱) اس خطے کے باشندوں کو ''Derdae'' یا ''Dardae'' کہتا ہے ۔ سنسکرت مصنفین کے نزدیک درد ''دَرَدَہ'' ہیں ؛ یہ وہ خطہ ہے جہاں بدھ نے اپنے مبلغ اور بھکشو بھیجے ۔ کسی زمانے میں یہ خطے بدھ مت کا گڑھ تھے آج تک وہاں بدھ کے بہت سے آثار اور باقیات موجود ہیں ۔ درد ''ایک آزاد قوم ہے، جس نے چند برس ہوئے دَرَس Dras کو تاراج کیا ۔ ان کا وطن تین یا چار دن کی مسافت پر پہاڑوں میں ہے اور وہ ''پختو'' یا دَرْدِی زبان بولتے ہیں ۔ جن لوگوں کو وہ اپنے حملے میں قید کر لیتے ہیں انہیں غلام بنا کر فروخت کر دیتے ہیں'' (*'Voyage par Mir 'Izzetulla in 1812*، در Klaproth : *Magasin Asiatique*، ۲ : ۳ تا ۵) .

یہ عجیب بات ہے کہ دردوں کا کوئی مشترک نام نہیں ہے؛ ہر قبیلے کا، جو الگ وادی میں رہتا ہے، مختلف نام ہے اور وہ زیادہ تر ان علاقوں سے ماخوذ ہوتا ہے جہاں وہ بستے ہیں .

دردستان کا جو نام کل ملک کو لیٹنر Dr. G. W. Leitner نے اپنی سیاحت کے بعد ۱۸۶۶ء میں دیا تھا اس کی تاریخ اس کے مشمولہ علاقوں، یعنی ہنزہ، ناگر، چترال ، بلتستان کے حصّے ، لَداخ ، گلگت وغیرہ [رکّ بآنہا] کی تاریخ ہے ۔ دردوں کا، جو بذاتِ خود امن پسند قوم ہے، سب سے بڑا دشمن اپنے پہلے حکمران گلاب سنگھ کے زمانے کی کشمیر کی ڈوگرا ریاست تھی۔ اس نے دردوں کے خلاف کئی مہموں کی قیادت کی ۔ ۱۸۵۰ء میں سکھوں کا ایک بڑا لشکر چلاس کے خلاف بھیجا گیا، جسے ذلت آمیز شکست ہوئی ۔ اگلے سال بخشی ہری سنگھ اور دیوان ہری چند کے ماتحت دس ہزار کا لشکر قلعۂ چلاس کر تباہ کرنے اور کوھستانی قبائل کو، جو چلاسوں کی مدد کے لیے آئے تھے، منتشر کرنے میں کامیاب ہو گیا .

ہُنزہ اور ناگر کی دُور افتادہ ریاستوں کے متعلق یہ امر بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ انہوں نے کشمیر کی کبھی اطاعت قبول نہیں کی، اس کے سوا کہ کبھی کبھار مٹھی بھر سونے کا برادہ مہاراجا کو بھیج دیا کرتے تھے اور اس کے عوض میں قیمتی تحائف

Marfat.com

حاصل کرتے تھے ۔ جب کبھی کشمیر نے ان پر دست درازی کی کوشش کی ان دو ریاستوں نے کشمیر کو ایک سے زیادہ بار سزا دی ہے، لیکن خود وہ ڈوگرا ریاست کی دشمن نہیں رہیں۔

سارے دردستان کا مروجہ مذہب اسلام ہے ؛ ہنزہ ، ناگر اور چترال کے حصوں میں شیعہ مذہب کی ایک شکل ملتی ہے ، گو چترال میں سُنّی اکثریت میں ہیں ۔ مولائی ، جیسا کہ وہ اپنے آپ کو کہتے ہیں ، اچھے مسلمان (یعنی مومن) ہونے کا دعوی کرتے ہیں، اگرچہ ان کا میلان ساتویں شیعی امام کی طرف بہت قوی ہے ۔ بہر کیف وہ آغا خان کی بیعت میں ہیں ۔ مولائی (مزید رک بہ اسمٰعیلیہ) کتاب کلام پیر کی بڑی تعظیم و تکریم کرتے ہیں، جو فارسی زبان میں ہے اور جس کا ایک اڈیشن Ivanow نے (بمبئی ۱۹۳۵ء) شائع کیا تھا ۔

جب "مجاہدین" یعنی سید احمد بریلوی [رک بآن] کے متبعین کو لاہور کے سردار رنجیت سنگھ کے بیٹے کنور شیر سنگھ کی زیر سرکردگی سکھ فوج کے ہاتھوں ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۰ - ۱۸۳۱ء میں بالا کوٹ پر شکست ہوئی اور وہ تتر بتر ہوگئے تو یاغستان میں چمر قند باقی ماندہ "مجاہدین" کا مرکز بن گیا ۔ ان "مجاہدین" اور ان کی اولاد کی انقلابی اور [بعض دیگر] کارروائیوں کی بنا پر برطانوی ہند اور بعد ازآں پاکستان سے یاغستان میں داخلے کا انتظام "اجازت ناموں" کے ذریعے کر دیا گیا تھا، تاہم حکومت پاکستان نے یہ قاعدہ ۱۹۵۹ءمیں منسوخ کردیا ۔

**مآخذ** : (۱) G. W. Leitner : *Dardistan in 1866-1886 and 1893*، ووکنگ' بدون تاریخ ؛ (۲) وہی مصنف : *The Hunza and Nagyr Hand-Book*، کلکتہ ۱۸۸۹ و ۱۸۹۳ء ؛ (۳) وہی مصنف : *The Languages and races of Dardistan* (اس کتاب کے دوسرے حصے میں دردستان کی نباتات ، دریاؤں، پہاڑوں، لوگوں کے پیشوں وغیرہ پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے) ؛ (۴) وہی مصنف : مقالہ در *Asiatic Quarterly Review*، جنوری ۱۸۹۲ء؛ نیز رک بہ چترال، ہنزہ اور ناگر ؛ (۵) محمد علی قصوری : مشاہدات کابل و یاغستان، کراچی بدون تاریخ ۔

(بزمی انصاری)

* **دردلی** : ابراہیم، ترکی عوامی شاعر (۱۱۸۶ / ۱۷۷۲ء تا ۱۲۶۱ھ/ ۱۸۴۵ء) ۔ وہ بولی کے صوبے میں جنگلی علاقے کے ایک گاؤں شاھنلو میں پیدا ہوا ۔ اپنے باپ کی وفات کے بعد وہ قسمت آزمائی کے لیے استانبول چلا گیا، لیکن بہت جلد اسے اپنے علاقے میں واپس آنا پڑا ۔ اس کے بعد اس نے دس سال مصر میں گزارے اور آناطولی کے تمام علاقوں میں خوب سیاحت کی ۔ وہ اپنے عہد کے چوٹی کے مغنّی شاعروں میں شمار ہوا ۔ اس کے بعد محمود ثانی کے عہد میں وہ دوبارہ استانبول پہنچا اور ان قہوہ خانوں کی جو عوامی شاعروں کا مرکز تھے، ہر دلعزیز شخصیت بن گیا ۔ یہاں اس نے ترکی ٹوپی (Fez) پر اپنا ایک مشہور قصیدہ لکھا اور اس جدید ٹوپی کی، جو اس وقت نئی نئی رائج ہوئی تھی، بے حد تعریف کی ۔ کچھ مدت تک وہ دربار کی سرپرستی سے فیض یاب رہا، لیکن بعد میں شاہی التفات سے محروم ہو کر آناطولی چلا گیا ۔ کچھ عرصہ آوارہ گردی میں گزارا اور خودکشی کی کوشش میں ناکام رہ کر بالآخر انقرہ میں فوت ہوا ۔

اس نے جن نظموں میں عروض کی پابندی اور ایسے صاحب دیوان شاعروں خصوصاً فضولی [رک بآں] کی پیروی کی ہے ، جن کی زبان درشت اور کھری ہے، وہاں اس کی حیثیت ایک ناکام مقلد کی ہے ، لیکن جو نظمیں اس نے قدیم مروج قے میں لکھی ہیں وہ اگرچہ زبان اور اسلوب کے لحاظ سے ناقص ہیں تاہم اس کے آزادانہ اور لاابالی مزاج کی پُرخلوص صدائے بازگشت ہیں ۔ یہ نظمیں اس کے دائمی اور لاانتہا مصائب کا

marfat.com
Marfat.com

عکس ہیں، جن سے اسے اپنی پرآشوب زندگی میں برابر سابقہ رہا.

**مآخذ**: (۱) دیوان، طبع سنگی، ۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء]؛ (۲) احمد طلعت: *Aşik Derdli, Hayati-Diwani*، بولی Bolu ۱۹۲۸ء؛ (۳) M. F. Köprülü: *Türk sazşairleri Antolojisi*، ج ۱۲، استانبول ۱۹۳۰ء؛ (۴) Cahit Öztelli: *Derdli ve Seyrani*، استانبول ۱۹۵۳ء.

(Fahir Iz)

* **دِرِدَوَہ**: مشرق حبشہ میں برّی (سڑک اور ریل) اور ہوائی مواصلات کا مرکز اور تجارتی شہر ہے - ہرر [رک بآں] کے شمال مغربی جانب ۳۵ میل کے فاصلے پر واقع ہونے کے باعث دِرِدَوَہ مملکت حبشہ کے اس بڑے مسلم شہر کے حلقۂ ثقافت میں ہے - گمانِ غالب ہے کہ یہ نام صومالی لفظ دِر ضبو Dir-ḍabo "بمعنی دِر کی حد" سے مأخوذ ہے (دِر صومالی قبائل کے اس وفاق کا نام ہے جو دِرِدَوَہ اور جبوتی کے درمیان وسیع خشک علاقے میں آباد ہیں)، مگر یہ بھی ممکن ہے کہ امہری (حبشہ کی قدیم درباری اور امرا کی) زبان کے سانچے میں ڈھلی ہوئی نام کی یہ شکل اصل میں ایک عوامی اشتقاق پر دلالت کرتی ہو، جو امہری کلمہ دِرِدَوَہ ="غیر مزورعہ علاقے کی پہاڑی") سے مأخوذ ہے - دِرِدَوَہ کی موجودہ حیثیت اور اہمیت ادیس ابابا-و-جبوتی ریلوے کی مرہون منت ہے، جو دنکلی کے ویران میدان سے بلند ہوتی ہوئی دِرِدَوَہ میں پہنچتی ہے - یہ مقیم آبادی کا پہلا مرکز ہے اور بازوے کوہ کے کنارے پر چار ہزار فٹ سے ذرا کم ارتفاع پر واقع ہے - اس کی کُل آبادی میں (جو ایک اندازے کے مطابق تیس ہزار اور پچاس ہزار کے درمیان ہے) گلّس (Gallas)، صومالی، اطالوی، فرانسیسی، یونانی، بھارتی، پاکستانی اور عرب شامل ہیں - شہنشاہ لِج اِیاسو Lidj Iyasu نے پہلی عالمگیر جنگ کے دوران دِرِدَوَہ میں ایک مسجد تعمیر کی تھی- دوسری عالمگیر جنگ کے دوران حبشہ کے دوبارہ فتح ہو جانے کے بعد یہ شہر برطانوی محروسہ علاقوں کی انتظامیہ کا صدر مقام بن گیا - اس کے عقبی میدانی علاقے کی مسلمان آبادی کے رسم و رواج میں بوقلمونی پائی جاتی ہے اور شافعی مذہب کو عموماً زیادہ مقبولیت حاصل ہے.

**مآخذ**: (۱) *Guida dell' Africa Orientale Italiana*، Milan ۱۹۳۸ء، ص ۳۳۲ ببعد؛ (نقشہ شارع عام، ص ۳۳۵ و نقشہ رقبہ، ص ۳۳۸)؛ (۲) Reale Società Geografica Italiana: *L' Africa Orientale*، Bologna ۱۹۳۶ء (اشاریہ بذیل Dire Dawa)؛ (۳) Chamber of Commerce: *Guide Book of Ethiopia*، ادیس ابابا ۱۹۵۴ء (اشاریہ، بذیل Dire Dawa)؛ (۴) Lord Rennell of Rodd: *British Military administration of occupied territories in Africa*، 1941-1947، مطبوعۂ H. M. Stationery Office، ۱۹۴۸ء (اشاریہ، بذیل Dire Dawa)؛ (۵) J. S. Trimingham: *Islam in Ethiopia*، آوکسفرڈ ۱۹۵۲ء (اس علاقے میں اسلام کی عام خصوصیات کے لیے).

(E. Ullendorff)

* **دردی اور کافری زبانیں**: یہ نام ان متعدد زبانوں اور بولیوں کے لیے اب عام طور سے استعمال کیا جاتا ہے جو اپنی بہت سی خصوصیات میں انتہائی قدیم ہیں اور افغانستان، پاکستان اور کشمیر میں ہند آریائی لسانیاتی علاقے کے شمال مغربی کوہستانی گوشے میں بولی جاتی ہیں - کشمیری زبان کے سوا یہ بولیاں بولنے والوں کی تعداد کے لحاظ سے غیر اہم ہیں اور ان کی ایسی تحریریں بھی موجود نہیں جن سے ان کی دستاویزی تاریخ مرتب کی جا سکے.

کشمیری کے علاوہ باقی دوسری زبانوں اور بولیوں کی معلومات ہمیں صرف چھوٹی بڑی فرہنگوں اور صرف و نحو کے مختصر رسالوں وغیرہ سے حاصل

Marfat.com

ہوتی ہیں، جن میں سب سے پرانی تحریر تقریبًا ۱۸۳۰ء کی ہے ۔ ان زبانوں اور بولیوں کے لیے ایسی کتب صرف و نحو، فرہنگوں اور نظم و نثر کے مجموعوں کی جو تمام ضروریات کو پورا کر سکیں بہت کمی ہے ۔

ذیل کے بیان میں دائرۃ المعارف کی عام املائی روایات سے ہٹ کر دو علامتیں استعمال کی گئی ہیں: ṣ جو صاد کے لیے نہیں بلکہ مہموس قسم کے سقی 'س' کے لیے اختیار کی گئی ہے ۔ جو تالو کے وسط سے ادا ہوتا ہے؛ یعنی سخت کامی یا حنجری (retroflex) ہے ، دوسری علامت ṇ ہے جو حنجری نون بالغُنّہ کے لیے ہے ۔

دردی اور کافری زبانوں کی رَیگل تقریبی طبقہ بندی ذیل کے طریقے پر کی جا سکتی ہے:

۱- کافری لسانی طبقہ : (ا) کَتی (بَشگلی) زبان، جس کی دو خاص بولیاں ہیں اور جو شمالی نورستان (کافرستان) میں رِمگل، کُلّم کِتوی اور بشگل کی وادیوں میں بولی جاتی ہیں ؛ (ب) پرسُن (وسی - ویری؛ ویرن)، جس کا تکلمی علاقہ وادی کِتوی کے کَتی لوگوں اور بشگل والوں کے درمیان واقع ایک چھوٹی سی وادی میں ہے ؛ (ج) اَشکون بولی (اور اس کے ساتھ وامائی بولی)، جو وادی کَتی کے جنوب میں اَلنگر اور پیچ Peč دریاؤں کے درمیانی علاقے کی بولی ہے ؛ (د) وَے گَلی بولی (وَے اَلا)، پرسُن کے جنوب مشرق میں وادی وے گَل میں ایک اور ذرا مختلف بولی ، جو خاصی قابل توجہ ہے اور خاص طور سے گَمیری بولی، جو وَے گَل کے مشرق میں کَنَر کی طرف وادی ترے گَم میں بولی جاتی ہے ۔ یہ بولی عام وے گلی بولی سے بہت سی باتوں میں مختلف ہے ۔ کافری زبانیں یقینًا بہت قدیم زمانے سے الگ الگ وادیوں میں رائج رہی ہیں ۔ ان میں سے مذکورہ (ج) و (د) بمقابلۂ (ا) و (ب) بولیوں کے بیرونی اثرات کی زد میں زیادہ رہی ہیں اور مؤخرالذکر زبان میں ایسے زبردست صوتی تغیرات واقع ہوئے ہیں کہ وہ نزدیک ترین ہمسایوں کے لیے قابل فہم نہیں رہی ۔

۲- دردی زبانوں کا طبقہ : (ہ) کَلَشہ، جس کی دو بولیاں ہیں، جنھیں کَلَشن قبیلے کے لوگ بولتے ہیں، جو ابھی تک زیادہ تر بُت پرست ہیں ۔ ان بولیوں کا تکلمی علاقہ جنوبی چترال، خاص طور پر مغربی جانب کی وادیاں ہیں ؛ کَلَشہ سے قریبی رشتہ رکھنے والی بولی (و) خووار ہے، جو چترال کی سب سے بڑی زبان ہے اور کھو (رَک بہ چترال، ۲) قبیلے میں بہت کم لسانی اختلاف کے ساتھ بولی جاتی ہے ۔ خووار میں وَخی زبان سے اور ان ایرانی زبانوں سے جو ایرانی لسانیات کے وسطی مرحلے کی ہیں ، یعنی پہلوی وغیرہ سے (دیکھیے BSOS، ۸ : ۲۹۴)، بہت سے الفاظ دخیل الفاظ کے طور پر لے لیے گئے ہیں ۔ یہ دو زبانیں ہِندو کش کے علاقے میں ہند آریائی نفوذ کے اوّلین ہلّے کی نشان دہی کرتی ہیں ۔

۳- (ز) دَمیلی بولی چترال کی مشرق سمت میرخانی اور ارندو کے درمیان واقع وادی کے ایک گاؤں میں بولی جاتی ہے؛ اس میں کافری الفاظ بہت آ گئے ہیں اور اس کا (ح) بولی یعنی اس گَورباتی (نرساتی) بولی سے جو چترالی افغان سرحد کے دونوں طرف کُنَر دریا کے کنارے واقع چند دیہات میں بولی جاتی ہے ایک جغرافیائی قرب کے سوا کوئی اور تعلق نہیں ۔ عوامی روایت ہے کہ یہ بولی کئی سو برس پہلے سوات سے یہاں آئی تھی؛ (ط) کچھ اسی قسم کی بولیاں، جن کے باقی ماندہ آثار ذرا اور آگے جنوب میں پائے جاتے ہیں، یعنی دریاے پیچ کے کنارے لِنگلام میں (یہ بولی اب تقریبًا معدوم ہو چکی ہے) اور شُماشت میں، جو شمال مشرق پَشئی علاقے میں بولی جاتی ہے ۔

(۴) (ی) پشئی زبان، جس کی متعدد بولیاں ہیں جو ایک دوسری سے بہت مختلف ہیں اور مشرق میں دریاے کُنَر کے زیریں علاقے سے شروع ہو کر لَغمان سے ہوتے ہوئے دریاے پنجشیر کے کنارے کنارے گل بہار

marfat.com
Marfat.com

تک کے علاقے میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ان کے بولنے والوں کی تعداد کا تخمینہ گریئرسن Grierson کی *Linguistic Survey of India* میں ایک لاکھ درج کیا گیا ہے۔ پشئی زبان نگراھارا، لمپاکا اور کپشا کے ھندو اور بدھ تمدن کی قدیم زبانوں سے نکلی ہے اور اس زبان کی مشرق اور مغربی بولیوں کے درمیان الفاظ کے لحاظ سے نمایاں فرق ہے۔ پشئی سلسلے کی بولیوں کے چند اسماے عدد البیرونی کی تحقیق ماللہند میں آئے ہیں۔

(۵) (ک) بشکریک (گاوری/گاروی): دیر کے اوپر کی طرف بالائی پنج کورہ وادی میں اور وادی سوات کے دریاؤں کے ابتدائی بالائی علاقے میں تین دیہات کی بولی؛ (ل) توروالی: بشک کے نیچے واقع وادی سوات کے بالائی علاقے کی؛ (م) میّا، جس کے ساتھ کئی متعلقہ بولیاں شریک ہیں (کنیا والی، دبیری، چِلِس، گورو وغیرہ)، وادی سندھ کے علاقے میں بولی جاتی ہے جو شِنا زبان اور پشتو زبان کے علاقوں کے درمیان واقع ہے۔ میّا کو کوھستانی بھی کہتے ہیں، لیکن یہ نام مذکورہ بولیوں (ک) اور (ل) کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے اور بعض باتوں میں یہ زبان بولی (ع) کے قریب ہے؛ (ن) ووتاپوری (تقریباً معدوم) اور کتار قلائی، دریاے پیچ کے ساحلی اور قریبی علاقوں میں دریاے کُنَر کے زیریں جانب چِغہ سرائی کے اوپر کی طرف جو (ک) اور (ل) سے مربوط، لیکن ایک زیادہ عام لہندا بولی کی قسم کی ہے؛ (س) تراھی، جو جلال آباد کے جنوب مشرق میں چند دیہات میں بولی جاتی ہے۔ اس بولی کو آفریدیوں نے تراہ سے خارج کر دیا تھا اور شاید یہ بولیوں کے ایک ایسے سلسلے کی یادگار ہے جو کسی زمانے میں وھاں سے شروع ہو کر پشاور کے ضلع سے ہوتے ہوئے سوات اور دیر کے اندر تک پھیلا ہوا تھا.

(۶) (ع) شِنا زبان: اس کی کئی بولیاں ہیں، جو گلگت اور چلاس وغیرہ میں بولی جاتی ہیں اور جنوب کی طرف کشمیر میں گریز تک پھیلی ہوئی ہیں اور ان کا سلسلہ مشرق کی طرف بلتستان میں دراس اور داہ ھنو میں جا کر محدود اور منقطع ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے یہ سلسلہ لیہ سے آگے تک بھی جا پہنچا تھا؛ (ف) پھلورا بولی، مذکورہ (ع) بولی کی ایک قدیم شاخ ہے، جو چترال کے جنوب مشرقی علاقے میں چند دیہات میں بولی جاتی ہے۔ اس کی ایک ھم رشتہ ساوی بولی گورباتی کے جنوب میں بولی جاتی ہے؛ (ص) ڈُماکی، ھنزہ کی ڈوم اقوام کی بولی (یعنی گانے بجانے والوں اور لُہاروں کی)، جو بروشسکی بولتی ہیں، اس پر مذکورہ بولی (ف) کا اثر پڑا ہے، لیکن ذرا آگے کے جنوبی علاقے کی زبانوں کے ساتھ اس بولی کے مخلوط قسم کے رشتے ہیں.

(۷) (ق) کشمیری: وادی کشمیر کی زبان؛ اس کی ایک بولی کِشتواری ہے، جسے صحیح معنی میں ایک بولی کا درجہ دیا جا سکتا ہے۔ اس کے ساتھ دوسری بولیاں بھی ہیں، جن پر ڈوگری وغیرہ کا بہت زیادہ اثر ہے.

ان زبانوں کے تسمیے اور ان کی طبقہ بندی پر محققین نے بہت بحثیں کی ہیں۔ ای۔ کوھن E. Kuhn نے ایک اھم مقالے میں جو *Album Kern* (۱۸۸۲ء) میں شائع ہوا تھا، ان زبانوں اور بولیوں کو ایک محتاط جغرافیائی عنوان "ھندو کش کی بولیاں" کے تحت رکھا ہے۔ پشل Pischel نے '*Grammatik der Prakrit-Sprächen*' ص ۲۸، پر انھیں "دَرْدُو اور کافری بولیاں" کہا ہے اور اس عنوان میں لفظ دَرْد اُن وسیع معنوں میں استعمال کیا ہے جو لسانیات میں اس وقت سے مقبول رہا ہے۔ اس کا خیال تھا کہ یہ بولیاں پراکرت کی نام نہاد پِساچا بولی سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس نظریے کو گریئرسن Grierson نے مطبوعات کے ایک سلسلے میں آگے بڑھایا، لیکن اس کی تائید میں معقول لسانیاتی دلائل پیش نہیں کی گئیں۔ گریئرسن کا عقیدہ ہے کہ دَرْدی (یا "جدید پساچا") زبانیں ھند آریائی نہیں، بلکہ اُن میں متعدد ایرانی خصوصیات موجود ہیں اور یہ کہ ان بولیوں سے

Marfat.com

ہند ایرانی سلسلے کی ایک تیسری شاخ کی تشکیل ہوتی ہے ۔ گریئرسن دردی اور کافری زبانوں کی تقسیم اس طرح کرتا ہے : (ا) کافری لسانی طبقہ (= ۱، ۳، ۴ + (ہ) و (س)) ؛ (ب) کھووار (= (و)) ؛ (ج) دردی طبقہ (= ۵ ، ۶، ۷) ۔ اس کی یہ طبقہ بندی تازہ تالیفات میں مجموعی طور پر تسلیم کر لی گئی ہے ، مثلاً *Les langues du monde* کی طبع دوم، ۱۹۵۲ء، میں اسے مانا اور سراہا گیا ہے، اور محمد شہید اللہ کے مقالے *Indian Lingustics* میں بھی ، جو *Turner Jubilee volume* (۱۹۵۹ء، ۲ : ۱۱۷) میں شائع ہوا ہے ۔ لیکن دوسری طرف سٹین کونوف Sten Konow نے *JRAS*، ۱۹۱۱ء، ص ۱ ببعد، میں بشگلی (کتی) کی بعض ایسی خصوصیات کی طرف توجہ دلائی ہے جو بلاشبہہ غیرہندی ہیں اور یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ زبان ایرانی الاصل ہے ۔ اس نے گریئرسن سے اس بات میں اتفاق کیا ہے کہ اس پورے لسانی طبقے کو ہند آریائی سے الگ سمجھنا چاہیے ۔ آخر میں سکولڈ Skold (*ZDMG*، ۸۱، lxxiv) نے بحث کو یہاں تک پہنچایا ہے کہ حقیقی کافری لسانی طبقہ (۱) ہند ایرانی بھی قطعاً نہیں ہے، بلکہ ہند یورپی لسانی خاندان کی ایک الگ شاخ ہے ۔

خلط مبحث سے بچنے کے لیے کافری لسانی طبقہ (۱) اور باقی بولیوں (دردی، ۲ تا ۷) کے درمیان امتیاز قائم کرنا ضروری ہے ۔ مؤخر الذکر زبانیں مذکورہ بولی (ز) میں کافری زبان کے اختلاط کی بعض صورتوں کو چھوڑ کر اور مذکورہ بولیوں (ہ) اور (ح) میں چند شاذ حالتوں کے سوا ایسی صفات کی حامل قطعاً نہیں جن کا اخذ و اشتقاق قدیم ہند آریائی سے ثابت نہ کیا جا سکے ۔ ان بولیوں میں متعدد قدیم خصوصیات، جو بہت نمایاں ہیں ، محفوظ رہی ہیں اور یہ ایسی خصوصیات ہیں جو اکثر پراکرت بولیوں میں بہت پہلے سے معدوم ہو چکی تھیں، مثلاً سہ صوتی س، معمولی ش اور سقی یا سخت کامی ش(ṣ) کا باہمی امتیاز، یا مثلاً مغربی بولیوں میں قدیم ست اور شت کا تحفّظ ۔ مجہور حروف صامت میں ہائے مخلوط کی خفیف سی کیفیت کا بعض دردی بولیوں میں محفوظ نہ رہنا بعد کی چیز ہے اور ان بولیوں میں سے اکثر میں اس ہائے مخلوط کی کم از کم ایک خفیف سی کیفیت محفوظ رہی ہے ۔ کوئی ایک مشترک خصوصیت بھی ایسی نہیں جو دردی زبان کو مجموعی طور پر باقی ہند آریائی زبانوں سے ممیز قرار دیتی ہو اور خود دردی لسانی علاقے میں لسانیاتی جغرافیائی خطوط کا جو جال بچھا ہوا ہے وہ اکثر صورتوں میں تاریخی دلچسپی کی چیز ہے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قدیم مواصلاتی خطوط اور ساتھ ہی مواصلاتی موانع کیا تھے ۔ دردی ایک عام سا نام ہے جس سے متفرق ہند آریائی پہاڑی زبانوں کے ایک پورے گروہ کی بآسانی نشان دہی ہو جاتی ہے، حالانکہ یہ زبانیں ایک دوسرے سے بالکل الگ تھلگ رہی ہیں اور اس طرح منقطع رہنے کی یہ کیفیت بہت سی صورتوں میں پٹھان قبائل کے حملے سے اور بھی بڑھتی رہی ہے، چنانچہ یہ زبانیں ہند آریائی ”مدھیا دیش“ کے نئے تصرف کی بڑھتی ہوئی اثر اندازی سے کم و بیش محفوظ رہ کر اپنے ذاتی ارتقا میں آزاد رہی ہیں .

کافری لسانی سلسلے (۱) میں صورت حال بالکل مختلف رہی ہے، اگرچہ اس سلسلے کی زبانیں ہند آریائی (دردی) الفاظ اور ان کی ہیئتوں سے بہت زیادہ گرانبار رہی ہیں ۔ پھر بھی ان بولیوں میں کئی خصوصیات، جو مسلّم طور پر غیر ہندی ہیں، محفوظ چلی[1] آتی ہیں ۔ ان بولیوں میں مہموس اور مجہور حروف صامت میں ہائے مخلوط کی کیفیت کا کامل طور پر معدوم ہو جانا (جیسے کتی کا لفظ ’کُر‘ (=خر)؛ ’دُیوم‘ (=دھواں)؛ جنوبی کَلشہ میں ’خار‘، ’دھوم‘) ایک نہایت قدیم دور کی چیز قرار پائے گی، اس لیے کہ ہمیں ایسی مثالیں بھی ملتی ہیں جیسے کتی میں زِم (=برف)؛

marfat.com

Marfat.com

جار "مار ڈالنا"؟ دیکھیے سنسکرت: ھما؛ ھن؛ کتی (ل) زانی "جاننا"؟ جی "زِہ کمان" یہ آخری دونوں لفظ سنسکرت میں ج سے ھیں جس کے ساتھ ھای مخلوط نہیں ھے ۔ اس خصوصیت میں کافری زبان ایرانی زبان کی پیروی کرتی ھے بمقابلہ ھند آریائی کے، یعنی ھای مخلوط کی اصوات اور اُن اصوات کے درمیان جن میں اختلاط نہیں ھے، کافری زبان کوئی تمیز نہیں رکھتی، البتہ قدیم ھند یورپی کامی حروف صامت اور نرم کامی حروف صامت کے درمیان جو سخت کامی حروف بنا لیے گئے ھیں، امتیاز قائم رکھتی ھے لیکن دوسری نوعیت کی اکثر خصوصیات میں جیسے س کا تحفّظ کافری زبان ھند آریائی کے مطابق ھے؛ کافری ج (= تس) سنسکرت س کے مطابق، اوستائی س (جیسے کتی میں دُچ بمعنی "دس") ایک قدیم خصوصیت ھے اور اس سے بھی بڑھ کر دندانی س کا تحفّظ ھے جب کہ وہ 'او' آواز کے بعد آئے جیسے موسا بمعنی چوھا (فارسی موش)۔ کافری زبان کے لغوی ذخیرے میں بہت سے الفاظ ایسے ھیں جن کا سراغ ھند آریائی سے نہیں ملتا؛ ان میں سے بعض ایرانی زبان میں بھی نظر آتے ھیں، جیسے کَن وغیرہ "ھنسنا" (رک بہ فارسی خند)؛ وشپیک وغیرہ 'انگریزی 'wasp' رک ایرانی پامیری بولی یدغا میں ووفشیو؛ پرسُن یسے "پیٹی" رک اوستائی یاہ وغیرہ اس طرح کے دوسرے الفاظ صرف کافری میں ملتے ھیں اور ان کی چند مثالیں بعض ھمسایہ دردی بولیوں میں بھی ھیں.

اس لیے ھمیں یہ فرض کرنے کا حق پہنچتا ھے کہ ھند ایرانی کی ایک تیسری شاخ کا وجود بھی ھے جو مجموعی طور پر ھند آریائی سے ملتی جلتی ھے، لیکن ان لسانیاتی حد بندی خطوط (isoglosses) کی ایرانی سمت میں واقع ھے جو مجموعی طور پر ھند آریائی اور ایرانی کے درمیان حد فاصل قائم کرتے ھیں ۔ اس شاخ میں اس کی اپنی قدیم خصوصیات بھی محفوظ رھی تھیں؛ یہ شاخ دوسری شاخوں سے کسی بہت قدیم زمانے میں الگ ھوئی ھوگی ۔ آج کل کی کافری زبانیں اس اصل عمارت کے مٹے ھوے آثار کی گویا نمائندگی کرتی ھیں، اور اس عمارت کی تعمیر و تجدید خارجی (ھند آریائی) مسالے سے بڑی حد تک عمل میں آئی ھے، اس طرح کہ اس تعمیر و تجدید کے وقت قدیم اصل عمارت کا نقشہ ابھی نظر کے سامنے موجود تھا.

**مآخذ** . (مقالۂ چترال ' بھی دیکھیے) : نیز (۱)
*Beitr. Zur Kenntnis der Pašai-* : G. Buddruss
*Kamva-* :وھی مصنف (۲) :۱۹۵۹ء Wiesbaden '*Dialekte*
Munich '۱۹۵۹ء '*wali, Proben eines Maiyā Dialektes*
*Diesprache von Wotapūr* : وھی مصنف (۳) :۱۹۵۹ء
: T. Grahame Bailey (۴) :۱۹۶۰ء بون '*und Kaṭarqala*
(۵) :۱۹۲۴ء لنڈن '*Grammar of the Shina language*
(اس کا '*Linguistic Survey of India* : G.A. Grierson
حوالہ مقالۂ بالا میں *LSI* سے دیا گیا ھے ' ج ۸/۲ ' ۱۹۱۹ء
تک کے ماخذ سمیت : (۶) وھی مصنف : وھی کتاب '
*A. Dictionary of the* : وھی مصنف (۷) :(تراھی) ۱/۱
D.L.R. (۸) :۱۹۳۲ء کلکتہ '*Kashmiri Language*
'*Phonetics of the Gilgit dialect of Shina* : Lorimer
*The forms* : وھی مصنف (۹) :۱۹۲۴ء ' *JRAS* در
در ' *and nature of the transitive verb in Shina*
*The Conjugation* : وھی مصنف (۱۰) :ج ۳ '*BSOS*
*of the transitive verb in the principal dialects of*
*The* : وھی مصنف (۱۱) :۱۹۲۷ء ' *JRAS* ' *Shina*
(۱۲) :۱۹۳۹ء Nijmegen '*Dumāki language*
*Norsk Tidsskrift for* در ' G. Morgenstierne
(۱۳) :(ج ۲ اور ۷) Aṣkūn ' *Sprogvidnkapes*
Damēli : وھی مجلہ ' ج ۲ : (۱۵) Shumashti وھی مجلہ '
ج ۱۳ : (۱۶) Khowār ' وھی مجلہ ' ج ۳ : (۱۷)
Woṭapūri ' Gambiri 'Wāmāi (۱۸) :۱۵ : Prasun
S. E. Dardic (۲۰) : ج ۱۷ Waigali (۱۹) : ج ۱۶
(= کوھستانی) (مع F. Barth) ' ج ۱۸ : (۲۱) وھی مصنف :

Marfat.com

Ao، ج ۸ (Torwāli)؛ (۲۲) تراہی (وہی کتاب، ج ۱۲)؛ (۲۳) بش کریک Bashkarik ج ۱۸؛ (۱۴) وہی مصنف: *Det Norske Videnskaps-Akademi i Oslo, Skrifter, Hist. Filos. Klasse* (۱۹۴۰ء، ج ۵)؛ (۲۵) Phalūṛ (۱۹۵۰ء، ج ۱)؛ (۲۶) وہی مصنف: Gawār-Bāti *Indo-Iranian Frontier Languages : Pashai texts and vocabulary*، ۳ : ۲، ۳.

(G. MORGENSTIERNE)

* **دَردِیرِیّه** : سلسلۂ خلوتیّہ کی مصری شاخ کا نام نیز [رکّ بہ طریقہ].

* **الدُّر** : موتی۔ اس کی اصل کے بارے میں اساطیری افسانے ارسطو کی *Petrology* کے علاوہ بہت سے عرب مصنفین کے ہاں ملتے ہیں (دیکھیے مآخذ) . . . ان حکایات میں بعض حقائق بھی نظر آتے ہیں، مثلاً یہ کہ سیپ کا بالائی حصہ اگرچہ کھردرا اور ناصاف ہوتا ہے، تاہم الدر سے یہ ہموار اور چمکدار ہوتا ہے اور موتی اسی مادّے سے بنتا ہے جس کی تہہ اس کے اندرونی حصّے پر بچھی ہوتی ہے، یا یہ کہ موتی میں ایک کیڑا ہوتا ہے (اب یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ سیپ میں موتی اسی وقت بنتا ہے جب وہاں طفیلی کیڑے موجود ہوں).

المسعودی پہلا مصنف ہے جس نے بحر ہند کے مختلف مقامات میں موتیوں کی موجودگی کا ذکر کیا ہے۔ اس نے خلیج فارس سے موتی نکالنے کا حال بھی قلمبند کیا ہے۔ اس سلسلے میں اس نے مروج میں اپنی ایک سابق تصنیف کا حوالہ دیا ہے، جس کے مندرجات التفاشی سے مقتبس کتاب الاحجار، از یحیی بن ماسویہ، سے مأخوذ معلوم ہوتے ہیں۔ المسعودی کی رو سے موتی فقط بحیرۂ حبش کے ساحل پر خارک سے، خلیج فارس میں، نیز قطر، عمان اور سرندیپ سے نکالے جاتے تھے۔ اس نے بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے کہ کہ غوطہ خور کس طرح موتی نکالا کرتے تھے۔ اسی نوع کے بیانات ابن بطوطہ کے ہاں بھی نظر آتے ہیں، جو اس کے ذاتی مشاہدات پر مبنی ہیں.

جواہرات میں موتی کو بڑا اونچا مقام دیا جاتا ہے اور اس کا امتیازی وصف یہ ہے کہ یہ حیوانی ہے، ترابی نہیں۔ التفاشی نے موتیوں کے محاسن اور نقائص کا مفصل ذکر کیا ہے۔ الدمشقی بتاتا ہے کہ سیپ گھونگے کی ان تہوں میں سے کیسے حاصل کیا جاتا ہے جن سے اس کی ساخت ہوتی ہے.

موتی کے بعض نہایت سودمند طبی خواص بھی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ اختلاج قلب اور مالیخولیا میں مفید ہے، اعصاب کو مضبوط کرتا ہے، درد سر کو رفع کرتا ہے اور اسے پانی میں حل کر کے لگانے سے جذام بھی دور ہو جاتا ہے۔ عرق لیموں اور سرکے کی مدد سے انھیں حل کیا جا سکتا ہے.

مسلمان فرمانروا نہ صرف اس کی قیمت کی وجہ سے ان کی بہت قدر کرتے تھے (اکبر کے خزانے کے موتیوں کی اقسام اور ان کی قیمتوں کے بارے میں دیکھیے آئین اکبری، ج ۱، آئین اول) بلکہ اس لیے بھی کہ موتی پاکیزگی کی علامت ہے۔ اسلامی ہند میں خالص سنگ مرمر یا روغنی پتھر سے بنی ہوئی مسجد کو موتی مسجد کہتے تھے۔ قدیم ہندوؤں کے ہاں موتی کی پیدائش کے بارے میں یہ روایت ملتی ہے کہ ماہ اکتوبر میں جب آفتاب سماک الرامح (Arcturus، سنسکرت: سواتی) میں ہوتا ہے تو اس وقت اگر بارش کے کچھ قطرے سیپیوں کے اندر جا پڑیں تو ان سے موتی بن جاتے ہیں۔ [انھیں کی نقل میں] یہ روایت ہندوستانی مسلمانوں کی تصانیف میں بھی دیکھنے میں آتی ہیں.

**مآخذ** : (۱) *Das Steinbuch des Aristoteles* طبع Ruska، ص ۶۴، ۹۶، ۱۳۰؛ (۲) رسائل اخوان الصفا، مطبوعۂ بمبئی، ۲ : ۷۵؛ (۳) المسعودی: مروج، ۱ : ۳۲۸؛ (۴) الادریسی، طبع Jaubert، ۱ : ۱۵۷، ۳۷۷؛ (۵) ابن بطوطہ، ۲ : ۲۴۴ بعد؛ (۶) القزوینی:

marfat.com
Marfat.com

عجائب المخلوقات ، طبع Wüstenfeld ، ۱ : ۱۱۵ ، ۲۲۳؛ (۷) الدمشقی : *Kosmographie*، طبع Mehren ، ص ۷۷ وغیرہ ؛ (۸) التفاشی : ازہار الأفکار ، مترجمۂ Baineri Biscia، ص ۶ ؛ (۹) ابن البیطار ، در Leclerc : *Notices et extr.*، ۲۶/۱ : ۲۳۸؛ (۱۰) Clément-Mullet: *Essai sur la min. arabe*، در *JA*، سلسلۂ ششم، ۱۱ (۱۸۶۸ء) : ۱۶؛ (۱۱) M. Mokri : *La pêche des perles dans le golfe Persique*، در *JA*، ۳/۳۲۸ (۱۹۶۰ء) : ۳۸۱ تا ۳۹۷، جس میں ماخذ بھی دیے ہوے ہیں ؛ (۱۲) وہی مصنف : *Le symbole de la perle dans le folklore persan*، در کتاب مذکور، کراسہ ۴ : ص ۳۶۳ تا ۳۸۱؛ موتیوں کی تجارت کے لیے رک بہ تجارۃ .

(J. Ruska)

* **دُرّانی** : ایک افغان قبیلہ، جس کا نام پہلے ابدالی تھا ، پھر احمد شاہ دُرّانی نے اسے بدل کر دُرانی کر دیا (دیکھیے ابدالی، احمد شاہ، افغانستان) اس قبیلے کے لوگوں کو ھرات سے نادر شاہ نے منتقل کیا اور قندھار کے علاقے میں انھیں زمینیں عنایت کیں ۔ اس زمانے میں یہ خانہ بدوش چرواھے تھے ، مگر بارھویں صدی ھجری/اٹھارھویں صدی عیسوی میں انھوں نے زراعت کا پیشہاختیار کرنا شروع کر دیا ۔ ان کے وسیع مالی اور اقتصادی حقوق احمد شاہ اور تیمور شاہ کی حکومت میں بدستور قائم رہے بلکہ اور بھی بڑھا دیے گئے جب کہ دُرّانی قبیلہ شاھی حکومت کا سب سے بڑا حامی اور معاون بن گیا، اس زمانے میں انھوں نے اپنے زرعی مقبوضات ان اضلاع میں بھی بڑھا لیے جو قندھار سے زیادہ فاصلے پر تھے ، مثلاً زمین داور ، نیش ، تِرین ، اور اصل مزارعوں (تاجیک ، پارسیوان ، بلوچی، کاکڑ وغیرہ) کو زبردستی مستاجر یا اجیر بنا کر ان سے کام لیا ، جس طرح کہ یہ لوگ قندھار سے قریب تر علاقوں میں کرتے رہے تھے لیکن اٹھارھویں صدی کے آخری حصے میں ، اور بالخصوص جب کہ دارالسطنت قندھار سے کابل منتقل کر دیا گیا اور افغانوں کا دور دور پھیلنا بند ھو گیا ، مرکزی حکومت نے دُرّانی سرداروں کی طاقت گھٹانی شروع کر دی اور آمدنی بڑھانے کے لیے دُرّانیوں کو حکومت کی مالگزاری ادا کرنے میں حیلہ بہانہ کرنے سے روک دیا گیا۔ دُرّانیوں نے حکومت کے اس طرز عمل کے خلاف سخت احتجاج کیا اور یہی مقاومت اٹھارھویں صدی عیسوی کے آخر اور انیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں خانہ جنگیوں کا ایک باعث بنی، جس میں دُرّانیوں کا بڑا نقصان ھوا ۔ قندھار کے بارک زئی سرداروں کے عروج کے وقت (۱۲۳۳-۱۲۳۴ھ/۱۸۱۸ء تا ۱۲۵۵ھ / ۱۸۳۹ء اور ۱۲۵۹ھ / ۱۸۴۳ء تا ۱۲۷۲ھ / ۱۸۵۵ء) دُرّانی سرداروں کی طاقت اور بھی گھٹ گئی کیونکہ انھیں انتظامیہ اور فوجی عہدوں سے محروم کر دیا گیا ، نیز آبپاشی کے لگان اور اس پر حکومت کے اختیارات بتدریج بڑھتے چلے گئے ۔ یہی طرز عمل اس وقت بھی جاری رہا جب قندھار کو کابل کے علاقوں میں شامل کر دیا گیا ۔ قندھار سے فاصلہ جتنا زیادہ ھوتا جاتا، اتنا ھی یہ طرز عمل کم کامیاب نظر آتا تھا .

دُرّانی قبیلے کی شاخوں کی تقسیم کی بابت حال کی کوئی اطلاع نہیں ھے ، اور یہ فرض کر لیا گیا ھے کہ یہ نو آبادیوں کے اندر مدغم ھوتی چلی گئیں ۔ انیسویں صدی کے وسط تک جو وقیع زمانہ گزرا ھے اس کی بابت معلومات موجود ھیں ۔ الفنسٹن Elphinstone کے کہنے کے مطابق یہ قبیلہ براے نام دو شعبوں میں بٹا ھوا تھا (زیرک اور پنج پاؤ) ۔ اگرچہ قدیم زمانے ھی سے اس تقسیم کی کچھ اھمیت نہ تھی، اس کے سوا کہ نسل یا خاندان کو ظاھر کرے، شاخ زیرک کے لوگ زیادہ مقتدر اور مالدار تھے ۔ اس میں تین باوقعت خاندان تھے : پوپلزئی ، علیکو زئی اور بارک زئی ۔ کوئٹہ ۔ پشین کے ضلع میں سلسلۂ کوہ خواجہ امران

Marfat.com

کی شمالی ڈھلانوں پر جو اچک زئی بستے ہیں وہ بارک زئی کی ایک شاخ ہیں جس کی بابت فرض کر لیا گیا ہے کہ اسے احمد شاہ نے الگ کیا تھا۔ الفنسٹن کے بیان کے مطابق پنج پاو کے خاندان نور زئی، علی زئی، اسحٰق زئی، کھکانی اور مکو تھے ان میں سے آخری دو کی بابت کچھ یونہی سی اطلاع ہے اگرچہ قندھار کے ۱۸۵۷ء تک کے لگان کے اندراجات میں بھی ان کی الگ اور ممتاز ہستیاں نظر آتی ہیں۔ پنج پاو کے دوسرے خاندان زیادہ تر اور بھی آگے کے مغربی خطوں میں رہتے تھے۔ علی زئی زمینداور کے حاصلخیز صوبے میں تھے جہاں وہ انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں آ کر بس گئے تھے، اسحٰق زئی گرم سیر میں جو زیریں تر ہلمند کے اوپر ہے اور نور زئی جو دیگر قبیلوں سے زیادہ مدت تک خانہ بدوش زندگی بسر کرتے رہے، قندھار کے مختلف شمالی خطوں (نیش، ترین) میں گرم سیر کے اندر اور مغرب کی جانب فراہ اور ہرات میں بود و باش رکھتے تھے۔ زیرک کے خاندان قندھار کے زیادہ قریب تھے، اگرچہ ان کا میلان دوسرے خطوں کے اندر پھیل جانے کی طرف بھی تھا، مثلاً بارک زئی، جو در اصل وادی ارغسان میں، جو قندھار کے جنوب میں ہے، بستے تھے، ہلمند میں بھی آباد تھے اور پوپلزئی جو ترنک اور ارغسان کی زیریں‌تر وادی میں رہتے تھے، رفتہ رفتہ ترین اور قندھار کے شمال کے دیگر پہاڑی علاقوں میں بھی پہنچ گئے تھے۔ عایکو زئی وادی ترنک میں جلدک تک، جو غلزئیوں کے علاقے کی سرحدوں پر ہے، رہتے تھے اور مغرب میں ہلمند تک آباد تھے، یہ متفرق خاندان آگے چھوٹے چھوٹے گروھوں میں، جو ان کے ماتحت تھے، بٹے ہوئے تھے۔ پوپلزئیوں میں سدو زئی کا شاہی خاندان شامل تھا اور ممکن ہے کہ بامہ زئی بھی ان میں شامل ہو۔ یہ اندرونی گروہ خود بعض خاندانوں کی طرح کبھی مٹ بھی جاتے تھے یا ایک دوسرے میں مدغم ہو کر نئے گروہ بنا لیتے تھے۔

**مآخذ**: (۱) دیکھیے مقالۂ افغانستان، نیز واقعات درّانی، کانپور ۱۲۹۲ھ؛ (۲) M. Elphinstone: *Caubool*، لندن ۱۸۳۹ء؛ (۳) B. Dorn: *History of the Afghans*، لندن ۱۸۳۶ء؛ (۴) C. M. Macgregor: *Central Asia*، ج ۲ '*Afghanistan*'، کلکتہ ۱۸۷۱ء، بالخصوص ضمیمہ، ص ۳؛ (۵) H. Rawlinson: *Report on the Dooranees*....؛ (۶) Yu. V. Gankovski: *Imperiya Durrani*، ماسکو ۱۹۵۸ء۔

(M. E. YAPP)

⊗ **دَرّۂ خَیبر**: رک بہ خَیبر، درّہ۔

* **دُرّی زادہ**: اٹھارھویں/انیسویں صدی عیسوی کے عثمانلی علما کے ایک گھرانے کا خاندانی نام، جس کے پانچ افراد نے شیخ الاسلام [رک بآن] کا عہدہ کم از کم نو مختلف موقعوں پر ۱۷۳۴ء اور ۱۸۱۵ء کے درمیانی برسوں میں سنبھالا۔ ان میں سے پانچ مؤخرالذکر کا حال یہاں بیان کیا جا سکتا ہے جو حسب معمول قاضی استانبول، انادولو کے قاضی عسکر اور روم ایلی کے قاضی عسکر کے عہدوں سے رفتہ رفتہ ترقی کرتے کرتے ملتا تھا۔

(۱) دُرّی محمد افندی، یہ ایک شخص مسمی بہ الیاس کا بیٹا تھا، اس کی تاریخ اور مقام ولادت معلوم نہیں (سجل عثمانی میں جو بیان کیا گیا ہے کہ وہ القرہ کا باشندہ تھا غالباً "دوحہ" (Dewha) کو غلط پڑھنے کا نتیجہ ہے)۔ جب وہ دوسری دفعہ روم ایلی کا قاضی عسکر تھا تو اس وقت ۳ جمادی الآخرہ ۱۱۴۷ھ/۳۱ اکتوبر ۱۷۳۴ء کو پہلے عہدے دار اسحٰق افندی کی وفات کے بعد اسے شیخ الاسلام مقرر کیا گیا۔ شوال ۱۱۴۸ھ/فروری - مارچ ۱۷۳۶ء میں اس پر سکتے کا دورہ پڑا اور وہ ملازمت سے دست بردار ہونے پر مجبور ہو گیا، چنانچہ اسی سال

marfat.com
Marfat.com

ذوالحجہ/اپریل مئی میں وہ اپنے عہدے سے مستعفی ہوگیا - ۱۱۴۹ھ/۱۷۳۶-۱۷۳۷ء میں اپنے گھر پر بمقام اُسکودار اس نے وفات پائی اور قَراجَہ احمد کے مقبرے میں دفن کیا گیا (صُبحی، ورق ۶۳ ب، ۱۷ ب).

(۲) دُرّی زادہ مصطفٰی افندی: مذکورۂ بالا دُرّی کا فرزند تھا، جس کی ماں سابق قاضی عسکر عبدالقادر افندی کی دختر تھی- وہ ۱۱۱۴ھ/۱۷۰۲-۱۷۰۳ء میں پیدا ہوا - پہلے دو مرتبہ روم ایلی کا قاضی عسکر ہوا ، پھر ۲۱ شوال ۱۱۶۹ھ/۱۹ جولائی ۱۷۵۶ء کو شیخ الاسلام مقرر کیا گیا ، مگر دوسرے ہی سال ۲۸ جمادی الاولٰی (۱۸ فروری ۱۷۵۷ء) کو اسے اس عہدے سے معزول کر کے گیلی پولی میں جلاوطن کردیا گیا - دوسری بار اس عہدے پر اس کا تقرر ۵ شوال ۱۱۷۵ھ/۲۹ اپریل ۱۸۹۲ء سے ۲۴ ذوالقعدہ ۱۱۸۰ھ/۲۳ اپریل ۱۷۶۷ء تک رہا ; ۱۵ ذوالحجہ ۱۱۸۷ھ/۲۷ فروری ۱۷۷۴ء کو وہ تیسری بار پھر شیخ الاسلام مقرر کیا گیا - بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہو کر ۲۲ رجب ۱۱۸۸ھ/ ۲۸ ستمبر ۱۷۷۴ء کو اس نے کام چھوڑ دیا اور اسی سال ۷ ذوالحجہ/۸ فروری ۱۷۷۵ء کو وفات پائی - اس کی شادی سابق شیخ الاسلام پشماقجی زادہ عبداللہ افندی کی دختر سے ہوئی تھی، جو اولاد رسول میں سے ہونے کا مدعی تھا - اس بیوی کے بطن سے جو اولاد ہوئی وہ سید کے لقب سے سرفراز کی گئی - ۱۱۷۹ھ/۱۷۶۵-۱۷۶۶ء میں اس نے ینی قپی کی مسجد کو بحال کیا (حدیقة الجوامع ، ۱ : ۲۳۷) اور بظاہر اس نے ادرنہ قپی سی کے باہر لعلی زادہ کے فوارے کے قریب ایک خاندانی مقبرے کی بھی بنیاد رکھی - فقہ کی ایک کتاب دُرّۃ بیضاء بھی اس کی طرف منسوب کی گئی ہے (عثمانلی مؤلفلری، ۱: ۳۰۸) اور ایک عربی رسالے کا اس کا کیا ہوا ترجمہ طوپ قپی امانت خزینہ سی کے مجموعۂ مخطوطات میں پایا جاتا ہے (عدد ۱۳۰۸ واصف ، ۱ : ۸۳ الف ، ۹۱ الف، ۲۱۰ ب، ۲۹۰ الف و ۲: ۲۸۵ الف؛ جودت، ۱ : ۴۲، ۴۸).

(۳) دُرّی زادہ سید محمد عطاء اللہ افندی: مذکورۂ بالا دُرّی زادہ کا دوسرا فرزند - وہ ۱۱۴۲ھ/ ۱۷۲۹-۱۷۳۰ء میں پیدا ہوا - روم ایلی کے قاضی عسکر کا عہدہ دوبارہ سنبھالنے کے بعد ۱۷ جمادی الآخرہ ۱۱۹۷ھ/۲۰ مئی ۱۷۸۳ء کو وہ شیخ الاسلام مقرر کیا گیا اور ۲۰ جمادی الاولٰی ۱۱۹۹ھ/ ۳۱ مارچ ۱۷۸۵ء تک اس عہدے پر فائز رہا - اس وقت اس پر خلیل حامد پاشا کے ساتھ سازباز رکھنے کا شبہہ کیا گیا - یہ وزیر اس سازش میں شریک تھا جو سلطان عبدالحمید اول کو تخت سے اتارنے کے لیے کی گئی تھی ; اس بنا پر اسے اس کے عہدے سے بر طرف کر کے گیلی پولی بھیج دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی حکم جاری کیا گیا کہ وہ حج کو چلا جائے - بہرحال وہ گیلی پولی پہنچ کر تھوڑے ہی دن بعد کسی قسم کے استسقا کے عارضے میں مبتلا ہو کر فوت ہوگیا - اس کی وفات کی خبر استانبول میں ۶ رجب ۱۱۹۹ھ/ ۱۵ مئی ۱۷۸۵ء کو پہنچی (جودت : ۲ : ۷۱ ، ۳۰۹ ، ۳۱۷ ; اسمٰعیل حقی اوزون چار شیلی ، در *TM* ، ۵ (۱۹۳۵ء) : ۲۵۱، نے ایک افواہ کا ذکر کیا ہے کہ اسے زہر دیا گیا تھا) .

(۴) دُرّی زادہ سید محمد عارف افندی: مذکورۂ بالا دُرّی زادہ کا چھوٹا بھائی - وہ ۱۱۵۳ھ/۱۷۴۰-۱۷۴۱ء میں پیدا ہوا اور ۲۴ رمضان ۱۱۹۸ھ/ ۱۳- اگست ۱۷۸۴ء کو روم ایلی کے قاضی عسکر کے عہدے پر پہنچ گیا - ۱۷ شوال ۱۱۹۹ھ/۲۳ اگست ۱۷۸۵ء کو اسے شیخ الاسلام مقرر کیا گیا ، مگر ۱۰ ربیع الآخر ۱۲۰۰ھ/ ۱۰ فروری ۱۷۸۶ء کو اسے اس عہدے سے 'برطرف کر دیا گیا، کیونکہ وہ سیاسی کارروائیوں میں حصہ لیتا تھا - اس کے لیے حکم ہوا

Marfat.com

که حج کو چلا جائے۔ اس کے بعد اسے کوتاهیه میں جلا وطن کر کے زبردستی وهیں رکھا گیا۔ ۱۲۰۵ھ/ ۱۷۹۰-۱۷۹۱ء میں اسے واپس استانبول آنے کی اجازت مل گئی، جب که اس کے مخالف شیخ الاسلام حمیدی زادہ مصطفی افندی کو اس کے عهدے سے معزول کیا گیا اور ۲۲ ذوالقعدہ ۱۲۰۶ھ/۱۲ جولائی ۱۷۹۲ء کو اسے پھر مسند مشیخت پر بٹھا دیا گیا۔ جب نپولین نے مصر پر حمله کیا تو عارف افندی کو مصر کی جنگی تیاری میں کوتاهی کا ذمے دار قرار دے کر معزول کر دیا گیا اور اس کے عهدے پر ۱۸ ربیع الاول ۱۲۱۳ھ/۳۰ اگست ۱۷۹۸ء کو کسی اور کو مقرر کر دیا گیا۔ بورسه میں چند ماہ جلا وطن رهنے کے بعد وہ استانبول واپس آیا اور وهیں ۲ جمادی الاولی ۱۲۱۵ھ/۹ اکتوبر ۱۸۰۰ء کو وفات پائی اور اگری قپی میں دفن کیا گیا۔ اس کا ایک مجموعهٔ فتاوی، طوپ قپی سرائے، ینی لر، عدد ۳۰۴، میں موجود ھے؛ اور اسی کتب خانے میں اس کی ایک یاد داشت (عدد ۴۸۳) بھی ھے، جس میں اس نے ۱۲۰۹-۱۲۱۳ھ کے درمیان کے ان علما کی فهرست دی ھے جنهیں اس نے مقرر یا معزول کیا (جودت، ۲: ۲۹۲، ۳۳۱، ۳۴۷ و ۴: ۳۵۶ و ۵: ۱۸۱ و ۷: ۵۷، ۶۸، ۱۷۴).

(۵) دُرّی زادہ سید عبداللہ افندی: مذکورۂ بالا کا فرزند۔ اس کی تاریخ پیدائش قلمبند نهیں کی گئی۔ ابھی وہ نقیب الشریف اور روم ایلی کے قاضی عسکر کے عهدے کے لیے نامزدهی هوا تھا که ۳ شوال ۱۲۲۳ھ/۲۲ نومبر ۱۸۰۸ء کو اسے شیخ الاسلام مقرر کر دیا گیا اور وہ اس عهدے پر ۲۲ شعبان ۱۲۲۵ھ/ ۲۲ ستمبر ۱۸۱۰ء تک فائز رها۔ اسی عهدے پر اس کا دوسرا دور ۳۰ جمادی الاولی ۱۲۲۷ھ/۱۲ جون ۱۸۱۲ء سے شروع هو کر ۱۰ ربیع الآخر ۱۲۳۰ھ/۲۲ مارچ ۱۸۱۵ء تک رها۔ ۳ جمادی الاولی ۱۲۴۴ھ/۱۱ نومبر ۱۸۲۸ء اس نے وفات پائی اور قراجه احمد کے مقبرے میں اپنے پردادا کے قریب دفن کیا گیا (شانی زادہ، ۱: ۱۳۶، ۳۹۹ و ۲: ۱۱۴، ۲۳۹؛ لطفی افندی، ۲: ۱۵۳؛ خضر الیاس، ص ۸).

**مآخذ**: اس خاندان کے تقریباً چالیس ارکان، نے علمی مکاسب (اشغال) میں مختلف مراتب کے عهدے سنبھالے، تفصیلی حالات سجِلّ عثمانی کے ذیل کے حوالوں میں سے ڈھونڈ کر نکالے جا سکتے هیں، اگرچه اتنی احتیاط کے لیے اشارہ کر دینا یهاں ضروری ہے که کسی تفصیل کو اور خصوصًا تاریخوں کو قبول نه کرنا چاهیے جب تک که اس کی تائید کسی اور مأخذ سے نه هو جائے: ۱: ۲۳۶، ۳۹۹ و ۲: ۳۳۸ و ۳۹۶ و ۳: ۱۳۶، ۲۳۲، ۲۶۷، ۳۶۳، ۳۹۶، ۴۷۶ و ۴: ۷۵، ۴۴۴، ۵۸۶ (نور اللہ افندی)، ۶۲۷؛ (۲) مستقیم زادہ سلیمان سعد الدین افندی (مع تکمله جات منیب افندی اور رفعت افندی): دَوحة المشائخ، طبع سنگی، استانبول، بدون تاریخ ص ۹۱ (متن پُر از اغلاط)، ۱۰۰، ۱۰۸، ۱۰۹، ۱۲۲۔ ان کے فتاوی کے نمونے، جن کا ذکر اس مقالے میں کیا گیا ہے، علمیه سالنامه سی، استانبول ۱۳۳۴ھ، ص ۵۱۵، ۵۲۹، ۵۵۱، ۵۵۳، ۵۷۵، میں مل سکتے هیں؛ (۳) I. H. Danişmend: *Izahli Osmanli tarihi Kronolojisi*، ج ۴، استانبول ۱۹۶۱ء، بمدد اشاریه؛ (۴) اسمعیل حقی اوزون چارشیلی: عثمانلی تاریخی، ۴/۲، انقره ۱۹۵۹ء: ص ۴۷۲، ۴۸۴، ۵۰۱، ۵۰۲؛ (۵) F.E. Karatay: *Topkapi Sarayi Müzesi Kütüphanesi Türkçe yazmaler Kataloğu*، ۲ جلدیں، استانبول ۱۹۶۱ء۔ جن تصانیف کا مقالے میں ذکر کیا گیا ھے وہ یه هیں: (۶) محمد صبحی افندی: تاریخ، استانبول ۱۱۹۸ء؛ (۷) احمد و اصف افندی: تاریخ، ۲ جلدیں، استانبول ۱۲۱۹ھ؛ (۸) احمد جودت پاشا: تاریخ، ۱۲ جلدیں، استانبول ۱۲۷۰ تا ۱۳۰۱ھ؛ (۹) ایوان سرایلی حافظ حسین افندی:

marfat.com
Marfat.com

حدیقة الجوامع، ۲ جلدیں، استانبول ۱۲۸۱ھ؛ (۱۰) محمد عطاء اللہ شانی زادہ: تاریخ، ۴ جلدیں، استانبول ۱۲۹۰-۱۲۹۱ھ؛ (۱۱) احمد لطفی افندی: تاریخ، ۸ جلدیں، استانبول ۱۲۹۰ تا ۱۳۰۶ھ؛ (۱۲) خضر الیاس افندی: وقائع لطائف اندرون، استانبول ۱۲۷۶ھ۔

(J. R. Walsh)

* **دُرّی زادہ**: عبداللہ بے یا افندی (۱۸۶۹ تا ۱۹۲۳ء)، مملکت عثمانیہ کے آخری شیوخ الاسلام میں سے ایک، جو اپنے ان فتاوی کی وجہ سے مشہور ہے جن میں اس نے اس ترکی قومی تحریک کو جو مصطفٰی کمال (اتا ترک) کی قیادت میں جاری ہوئی تھی ناجائز قرار دیا ہے۔ وہ ایک دولتمند خاندان میں پیدا ہوا، جو سیّد ہونے کا مدعی تھا۔ اس خاندان کے بہت سے نرینہ افراد ''علمیّہ'' گروہ سے تعلق رکھتے تھے اور ان میں سے پانچ پہلے شیخ الاسلام کے عہدے سنبھال چکے تھے [دیکھیے اس سے پہلا مقالہ]؛ ان میں سے عبداللہ کا، جس کا ذکر سب سے آخر میں ہوا، فرزند پیر زادہ محمد افندی تھا جو ترقی کرکے روم ایلی کے قاضی عسکر کے عہدے پر پہنچ گیا تھا۔ یہی اس عبداللہ کا باپ ہے جس کا ذکر اس مقالے میں کیا گیا ہے۔

عبداللہ نے ابتدائی اور ثانوی تعلیم غیر مذہبی مدارس میں حاصل کی اور پھر مدرسۂ فاتح میں پڑھنے لگا اور وہاں اِگلِلی خُوجہ ابراہیم حَقّی افندی (م ۱۸۹۴ء) سے، جو اس وقت مشیخت کا نائب (مستشار) تھا، اجازہ (ڈپلوما) حاصل کیا۔ اولاً اسے ۱۸۸۳ء میں مدرس (ابتداے خارج) کا عہدہ ملا اور ۱۸۸۶ء میں وہ مشیخت سے منسلک ہو گیا، جہاں اس نے سلیمانیہ کے مدرس کا عہدہ حاصل کیا۔ ۱۸۹۷ء میں اس نے ''علمیہ'' خدمت چھوڑ دی، لیکن ۱۹۰۱ء میں وہ پھر شرعی تحقیقات کی مجلس (''مجلس تدقیقات شرعیہ'') میں بحیثیت رکن داخل ہو گیا اور آگے چل کر آناطولی کا قاضی عسکر مقرر ہوا۔ ۱۹۰۸ء کے انقلاب کے بعد اسے اس عہدے سے برطرف کر دیا گیا اور وہ تحریک ''اتحاد و ترقی'' [رک بان] کا مخالف بن گیا اور ہمہ تن شہری مشاغل میں مصروف ہو گیا۔ اسی وقت سے وہ ''بے'' کے لقب سے مشہور ہوا۔ ۱۹۱۸ء کی عارضی صلح کے بعد وہ اس مجلس کا نگران مقرر ہوا جو مذہبی کتابوں کی اشاعت کی نگرانی کے لیے مقرر کی گئی تھی۔ یکم فروری ۱۹۲۰ء کو وہ ''مشیخت'' کا نائب معتمد (مستشار) بنایا گیا اور ۳ اپریل کو داماد فرید [رک بان] کی کابینہ میں شیخ الاسلام ہو گیا۔ اس وقت ''اتحادیوں'' کو استانبول پر مزید طاقت کے ساتھ قبضہ کیے ہوئے تین ہفتے سے کچھ کم ہوئے تھے۔ شیخ الاسلام کی حیثیت سے ۱۱ اپریل ۱۹۲۰ء کو اس نے چار فتووں پر دستخط کیے؛ ان میں سب سے بڑا فتوٰی وہ تھا جس میں کمال کے معاونین کی بابت کہا گیا تھا کہ ''کچھ شہری لوگ ہیں جو ایکا کرکے اکٹھے ہو گئے ہیں اور جنھوں نے اپنے قائد (رہنما) خود چن لیے ہیں . . . . فریب دے کر . . . . وفادار شاہی رعایا کو . . . . دھوکا دے رہے ہیں اور بلا پروانۂ شاہی عوام میں سے سپاہی بھرتی کر رہے ہیں؛ اور اس مقصد کے لیے قانون شرعی اور اعلٰی حکام کی مخالفت کرتے ہوئے، کچھ مالی مطالبات اور محصول (ٹیکس) لوگوں پر عائد کر رہے ہیں، بظاہر اس بہانے سے کہ ان سپاہیوں کی خوراک اور پوشاک کا بندوبست کرنا ہے، لیکن در حقیقت متاع دنیا کی حرص کی وجہ سے . . . .''۔ دیگر خاص الزامات میں سے ان لوگوں کے خلاف ''غدر'' اور ''سلطنت سے بغاوت'' کا الزام بھی تھا اور انھیں باغی (بغاۃ، باغیلر) قرار دیا گیا تھا، جن کی سزا قانون شرعی کے مطابق یہ تھی کہ انھیں قتل کر دیا جائے ایک ایک کرکے یا گروہ کے گروہ (قتل و قِتالِلری مشروع و فرض اُولور)۔ اس فتوے کے تحت چھوٹے فتووں نے مسلمانوں کے لیے لازمی قرار دیا کہ سلطانی فرمان کی

Marfat.com

رو سے انھیں باغیوں کے خلاف ہتیار بند ہو کر کھڑا ہو جانا ضروری ہے ، اور اس کے خلاف کرنے والوں اور فوج سے نکل کر بھاگ جانے والوں کو (آخرت کے) عذاب دائمی سے ڈرایا گیا تھا اور کہا تھا کہ اس فرمان کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جو باغیوں سے لڑنے سے انکار کر دیں دنیا میں بھی سخت سزا دی جائے گی ۔

تھوڑی مدت کے لیے عبداللہ قائم مقام وزیر تعلیم بھی ہوا اور جب داماد فرید پاشا پیرس کی مجلس صلح میں شریک ہونے کے لیے گیا تو اس نے قائم مقام وزیر اعلٰی (صدر اعظم وکیلی) کی حیثیت سے اس کا کام بھی سنبھال لیا ، لیکن ۳۰ جولائی ۱۹۲۰ء کو جب نئی کابینہ بنی تو اس کا نام اس میں سے نکال دیا گیا ۔ ستمبر ۱۹۲۲ء میں قوم کے حامیوں کی قطعی فتح ہو گئی تو وہ ترکی کو چھوڑ کر رودس Rhodes چلا گیا اور پھر وہاں سے اٹلی ۔ ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ء کو وہ مکۂ معظمہ روانہ ہوا اور ۳۰ اپریل کو خانۂ کعبہ میں مناسک حج ادا کرتے ہوئے وفات پائی ۔ اگرچہ اس کی وفات صلحنامۂ لوزان پر دستخط کیے جانے سے پہلے ہی ہو چکی تھی، پھر بھی اس کا نام ان ڈیڑھ سو آدمیوں (Yüzellilikler) کی فہرست میں شامل تھا جنھیں عفو عام کی رعایات سے محروم کردیا گیا تھا.

مآخذ : (۱) سِجلِّ عثمانی ، ۴ : ۶۹۱ ؛ (۲) محمد ذکی پکان ، در *İslam Türk ansiklopedisi* ، ۲ : ۲۴۶ تا ۲۴۷ و در سِجلِّ عثمانی ذیلی (Türk Tarih Kurumu کے مجموعۂ مخطوطات میں) ؛ (۳) اسمٰعیل حامی دانشمند : *İzahlı Osmanlı kronolojisi* ، ۴ (۱۹۵۵ء) ، ۵۳۶ ببعد ؛ (۴) Galip Kemali Söylemezoğlu : *Başımıza gelenler* ، استانبول ۱۹۳۹ء ، ص ۲۱۹ ببعد ؛ (۵) فتاوی کے اصل متون کے لیے دیکھیے : تقویم وقائع ، عدد ۳۸۳۴ ، مورخۂ ۱۱ اپریل ۱۳۳۶ھ .

(Dankwart A. Rustow و Faik Resit Unat)

* دَرزو : رک بہ دراج Drač

* الدُّرزی : [= الدَّرزی]، [ابو عبداللہ] محمد بن اسمعیل، ان لوگوں کے حلقے کا ایک فرد جنھوں نے فرقۂ دُروز [رک بآں] کی بنیاد رکھی ۔ وہ عرب نہیں تھا اور دُروز کی مذہبی کتابوں میں اس کا نام نَشْتَکین لکھا ہے ۔ بقول النُّویری (جو اسے اَنُوش تکین کہتا ہے) وہ مخلوط ترکی نسل کا تھا اور بخارا سے آیا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ وہ ۴۰۷ - ۴۰۸ھ/۱۰۱۷ - ۱۰۱۸ء میں مصر آیا اور اسمعیلی "داعی" تھا [رک بہ داعی؛ اسمعیلیہ] ۔ وہ خلیفہ الحاکم کا بہت ہی منظور نظر تھا، یہاں تک کہ لوگ کہتے ہیں کہ اعلٰی عہدیداروں کو بھی اس کی نظر عنایت کا طلبگار ہونا پڑتا تھا ۔ ہو سکتا ہے کہ وہ ٹکسال میں ملازم رہا ہو حمزہ الزام دیتا ہے کہ اس نے سکّوں میں بدعنوالیاں کیں ۔ [اَلدَّرزِی، بمعنی خَیّاط، درزی، نیز درزیوں کی اولاد (تاج العروس)] .

اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ پہلا شخص تھا جس نے برملا الحاکم کی الوہیّت کا اعلان کیا ۔ اس پر یہ الزام بھی لگایا جاتا ہے (جس طرح دوسرے زندیقوں پر) کہ وہ عقیدۂ تناسخ اور شراب خوری اور نکاح محرّمات کی بابت "اِباحت" (antinomianism) کی تعلیم دیتا تھا، گو مؤخرالذکر کا بہت ہی کم امکان ہے ۔ یہ ممکن ہے کہ وہ اسمعیلی عقیدے کو مقبول عام بنانے کے لیے اسے ایسی صورت دیتا ہو جس کے خلاف داعی ہمیشہ خبردار کرتے رہتے تھے ۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے کلیدی رسالے کی تعلیم یہ تھی کہ (اللہ کی) روح، جو حضرت آدمؑ میں حلول کر گئی تھی ، [حضرت] علیؓ میں اور پھر (اماموں کے ذریعے) الحاکم میں منتقل ہوئی ہے ۔ ظاہر ہے یہ اسمعیلیت کے راسخ عقیدے کے خلاف ہے کہ (حضرت) علیؓ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اور امامت کو رسالت پر فوقیت دی جائے اور پھر

marfat.com
Marfat.com

خفیہ "تاویل" کو منظر عام پر لایا جائے اور غالباً "تنزیل" کی صحت برابر قائم رہنے سے انکار کر دیا جائے۔ اس قیاس کی وجہ یہ ہے کہ حمزہ کے خطوط کا شارح اس کے پیرووں کو "تاویلی" کہتا ہے، جن پر دُروز یہ الزام دھرتے ہیں کہ انھوں نے "تنزیل" کو بالکل مسترد کر دیا تھا ۔ حمزہ نے بذات خود الدّرزی کو یہ بات جتانا ضروری خیال کیا کہ باطنی صداقت اور اس کی ظاہری صورت ہمیشہ اکھٹی پائی جاتی ہیں ۔ وہ اُسے یہ الزام بھی دیتا ہے کہ اس نے الحاکم کی فقط انسانیت کو تو پہچانا ہے لیکن [نعوذ باللہ] اس کی الوھیّت کو نہیں، جو حمزہ کی نظر میں الحاکم کو [حضرت علیؓ کا] عین سمجھنے کا نتیجہ ہوگی.

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ الدّرزی نے الحاکم کے مدّاحوں میں سے، بظاہر خود الحاکم کی رضامندی سے، اپنے متعدد پیرو بنا لیے تھے ۔ حمزہ، جو کھلم کھلا الحاکم کی درگاہ میں افضلیت کا دعویدار تھا، الدّرزی کو نافرمان اور اپنی مرضی سے بے سوچے سمجھے کام کرنے والا خیال کرتا تھا؛ مثلاً (دَرَزی کا) صحابہ پر برسرِ عام تبرّا کہنا، اگرچہ اسے اس کے خلاف تنبیہ کی جا چکی تھی ۔ حمزہ نے اسے اپنی عقائد کی تصانیف دکھانے سے انکار کر دیا ۔ اس نے الدّرزی کے پہلے لقب "سیف الدین" پر اس کے رمزی معنی کی بنا پر اعتراض کیا اور جب الدّرزی نے اس کے بجاے "سیّدالھادیین" کا لقب اختیار کیا تو وہ اس سے اور بھی زیادہ برہم ہوا کیونکہ وہ حمزہ کے اپنے لقب "الھادی" سے بڑا تھا ۔ اس کا دعوٰی ہے کہ ایک وقت وہ بھی تھا جب الدّرزی کے متبّعین نے اس تحریک (: دروزیت) میں حمزہ کے دعاوی قیادت کو تسلیم کیا تھا، اور خود الدّرزی نے بھی ایسا کیا تھا، یعنی اس وقت جب حمزہ کے ایک کارکن علی بن احمد الحَبّال نے اسے اپنے مذھب کا معتقد بنا لیا تھا، مگر بعد میں الحبّال نے الدّرزی کی حمایت کی ۔

de Sacy کا خیال ہے کہ حمزہ اسے اپنی "ضد"، یعنی بحیثیت امام کے اپنا حریف خیال کرتا تھا، کیونکہ اسے خود ھی بطور امام آفاق کردار ادا کرنا مقصود تھا، لیکن الدّرزی کے بہت سے متبّعین نے، جن میں ممتاز ترین "داعی" البرذَعی ہے، شروع ھی سے حمزہ کو اس بنا پر مسترد کر دیا تھا کہ وہ الحاکم کا اجازت یافتہ نہیں تھا .

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ الدرزی نے غالباً ۴۰۸ھ/ ۱۰۱۷-۱۰۱۸ء میں الحاکم کی خفیہ (نہ کہ علانیہ) رضامندی سے، الحاکم کی الوھیت پر ایمان لانے کا علی الاعلان مطالبہ کیا۔ بقول سِبط ابن الجَوزی یہ مطالبہ اس نے قاھرہ کی بڑی مسجد جامع میں اپنا رسالہ پڑھنے کے ذریعے کیا ۔ اس سے متعدد بلوے ہوگئے، جنھوں نے حمزہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور بظاھر اس پوری تحریک کو لوگوں کی نظروں سے گرا دیا ۔ غالباً یہی بات تھی جس نے حمزہ کو مجبور کر دیا کہ وہ اپنی تبلیغ کو ۴۰۹ھ کے دوران میں ملتوی کر دے ۔ دُروزی بیانات رمزی ھیں اور دیگر بیانات میں کئی واقعات کو بظاھر خلط ملط کر دیا گیا ہے اور ان میں بلووں اور الدّرزی کی موت کو مبہم چھوڑ دیا ہے ۔ حمزہ کے خطوط، بابت ۴۱۰ھ/ ۱۰۱۹-۱۰۲۰ء، میں اس کی موت کسی گزشتہ واقعے کے طور پر مذکور معلوم ھوتی ہے ۔ دروزی شارح اسے ۴۱۰ھ میں بتاتا ہے اور بین السّطور اس کا یہ مطلب ہے کہ یہ خود حمزہ تھا جس نے الدّرزی اور دوسروں کو الحاکم کے سامنے مجرم قرار دیا اور الحاکم کے حکم سے اُسے مروا ڈالا ۔ اس کے بعد حمزہ نے اس کے مریدوں کو اپنا مرید بنانے کی کوشش کی اور وعدہ کیا کہ وہ بعض ان لوگوں کے لیے جو قید میں تھے الحاکم سے سفارش کرے گا .

سِبط ابن الجَوزی کے نزدیک الدّرزی الحاکم کے حکم سے چپکے سے شام چلا گیا تھا تاکہ وھاں تبلیغ

Marfat.com

کرے ، کیونکہ وهاں کے لوگ نئی باتوں کو قبول کر لیتے هیں - یه قول دُروزی فرقے کے ملک شام میں جگه بنا لینے کی ایک بعد از وقت توجیه معلوم هوتا هے، پھر اسی الدّرزی کا نام "دُرزی" (به ضمهٔ اوّل) کی صورت میں پورے "دُروزی" فرقے پر عائد کر دیا گیا ؛ غالبًا اس لیے نہیں که اسی نے سب سے پہلے ان اهل شام کا مذهب تبدیل کروایا (واقعه یه هے که مقامی روایت اس کام کو دوسروں کی طرف منسوب کرتی هے)، بلکه اس لیے که پوری تحریک شروع میں عوام کے دلوں میں اسی کے نام سے وابسته تھی - اسی وجه سے الانطاکی "دَرَزِیّه" کے نام کا اطلاق خود حمزه کے متّبعین پر کرتا هے - بعض اوقات یه خیال کیا جاتا هے که جو مخرب اخلاق تعلیمات یا بدکاریاں مابعد کے دُروز میں رائج تھیں، ان کی ابتدا کا سراغ الدّرزی تک پہنچتا هے، مگر اس کی تائید نہیں هوتی .

مآخذ : [(۱) کامل الغزی : نہر الذهب ' ۱ : ۲۱۳ ' حلب ۱۹۲۶ء؛ (۲) ابن تغری بردی: النجوم الزاهرة ' ۴ : ۱۸۳ ؛ (۳) المحبّی : خلاصة الاثر ' ۳ : ۲۶۸ ؛ (۴) ابراهیم الاسود : تنویر الاذهان ' ۲ : ۱۱۰ تا ۱۲۶ ' بیروت ۱۹۲۵ء ؛ (۵) بندلی جوزی : تاریخ الحرکات الفکریه فی الاسلام ' ۱ : ۸۹ تا ۱۲۱ ؛ (۶) کرد علی : خطط الشام ' ۶ : ۲۶۸ تا ۲۷۳ ]؛ حمزه کے خطوط میں به خصوصیت قابل لحاظ یه هیں : (۷) الغایة و النصیحة ؛ (۸) الرضا و التسلیم؛ (۹) الصبحة الکائنة؛ (۱۰) Silvestre de Sacy: *Religion des Druzes* ' میں بڑے بڑے حوالے ۱ : cccxci تا ccclxxxiii ' ۹۹ تا ۱۱۳ و ۲ : ۱۵۷ تا ۱۹۰ (و تصحیحات) میں هیں؛ نیز دیکھیے (۱۱) یحیٰی الانطاکی بسلسلهٔ Eutychius' در *Scriptores Arabici*' متن' سلسله ۳' ج ۷' حصهٔ دوم' طبع L. Cheikho' B. Carra de Vaux' و ایچ - زیّات' بیروت ۱۹۰۹ء' ص ۲۲۰ تا ۲۲۴ ؛ نیز رک به دروز' مع مآخذ.

(M. G. S. HODGSON)

* **دِرسم** : مشرق آناطولی کا ایک علاقه، جس کے شمال میں منظور طاغ (۳۱۸۸ میٹر) اور مرکن طاغ کے پہاڑی سلسلے، مغرب میں دریاے فرات کا شمالی منبع (قرهصُو)، جنوب میں فرات کا جنوبی منبع (مراد صُو) اور مشرق میں اس کا معاون دریا پیری صو واقع هے - یه علاقه زیاده تر کوهستانی هے اور اس کے باشندے (دیہاتی ضلعوں میں) کرد هیں - ایک زمانے میں درسم کا نام چمش کزک تھا (جو اس وقت دارالسلطنت تھا) اور یه ایالت دیار بکر کی ایک لِوا تھی - انیسویں صدی عیسوی میں درسِم کچھ مدت کے لیے ایک ولایت بن گیا، لیکن ۱۸۸۸ء میں اسے معمورة العزیز (خرپوت) کے تحت سنجاق بنا دیا گیا . اور اس کا صدر مقام خوزات هوا اور اووه جق ، چپش کزک چار سنجاق، مازگرد ، پرتِک، قوزیجان ، قزل کلیسا اور پاخ کی قضائیں اس میں شامل کر دی گئیں - جمهوریۂ ترکیه کی تنظیم نو کے زمانے میں درسم پھر ایک ولایت بن گیا اور اس کا نام تونجه‌لی [رک بآن] رکھ دیا گیا .

انیسویں صدی عیسوی کے اواخر میں دَرسِم کی سنجاق کے باشندوں کی تعداد ۶۳۴۳۰ تھی، جن میں ۱۵۴۶۰ سنّی ترک ، ۱۲۰۰۰ کُرد، ۲۷۸۰۰ قزلباش (شیعی)، ۷۵۶۰ گرجی اور ۶۱۰ پروٹسٹنٹ امریکی تھے .

**مآخذ** : (۱) کاتب چلبی : جهان نما ' ص ۴۲۹ ؛ (۲) V. Cuinet : *La Turquie d'Asie* ' پیرس ۱۸۹۲ء ' ۲ : ۳۸۴ ببعد ؛ (۳) سامی : قاموس الاعلام ؛ *Dictionnaire Universelle d'Histoire et de Géographie*) ' ج ۳ ' استانبول ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۱ء ' ص ۲۱۳۱ ببعد؛ (۴) Naşit Hakki Uluğ : *Derebeyi ve Dersim* ' انقره ۱۹۳۲ء .

(FR. TAESCHNER)

* **دَرشَن** : (نیز لسبةً کم صحیح دَرسَن)، سنسکرت لفظ دَرشنا (مادّه "درش" = "دیکھنا") به معنی

marfat.com

Marfat.com

دکھانا، جلوہ نما ہونا ، سے مأخوذ ہے ۔ اسی وجہ سے بادشاہ کے رسمی طور پر اپنی رعیت کے سامنے آنے کے لیے یہ لفظ استعمال کیا جاتا تھا ۔ ہندوؤں کے اس رواج کو مغل شہنشاہ اکبر نے اختیار کر لیا تھا (آئین اکبری ، ۱ : ۷۲) اور اس کے بعد اس کے قریبی جانشین بھی اس پر عمل کرتے رہے ۔ انگریز سیاح کوریت Coryat لکھتا ہے کہ آگرے میں جہانگیر دن میں تین مرتبہ لوگوں کو اپنی شکل دکھانے کے لیے جھروکے میں بیٹھا کرتا تھا ۔ ۱۰۶۷ھ/ ستمبر ۱۶۵۷ء کے اواخر میں شاہجہان اپنی بیماری کے زمانے میں جھروکے میں لوگوں کے سامنے نہ آ سکا تو اس کی موت کی افواہ پھیل گئی ۔ عالمگیر نے بھی درشن کی رسم کی شروع میں پیروی کی، مگر ۱۰۷۸ھ/۱۶۶۸ء میں اس میں بت پرستی کا شائبہ خیال کر کے اسے ترک کر دیا ۔

(J. BURTON PAGE)

* دَرْعَه : (شہر) رک بہ اَذْرِعات ۔

* دَرْعَه : یہ جنوبی مراکش کے ایک دریا کا نام ہے، جو اطلس کبرٰی کی جنوبی ڈھلانوں سے نکلتا اور جبل بانی کے جنوب میں بحر اوقیانوس میں جا گرتا ہے ۔ اسی نام کا مراکش کا ایک صوبہ بھی ہے ، جو دریاے مذکور کی گزرگاہ کے دونوں مزروعہ کناروں کے ساتھ ساتھ مقام آگدز Agdz سے دریا کے موڑ تک کوئی ۱۲۰ میل تک پھیلا ہوا ہے ۔

یہ صوبہ آٹھ اضلاع میں منقسم ہے ۔ شمال سے جنوب کی طرف ان اضلاع کے نام حسب ذیل ہیں : مزْگِتَة ، اَیت سَدْرت ، اَیت زَرِی ، تِنْزِلِن ، تِرنا ته ، فَزواته ، قَتَاوَة اور مُحَمَّد ۔

اس علاقے میں عموماً بربر زبان بولنے والے قبائل اور سیاہ فام لوگ آباد ہیں ۔ انھیں "عبید" (= صحرا اور زنگیوں کے ممالک سے لائے ہوے غلام) اور "حَراتین" میں تقسیم کر سکتے ہیں ۔ مؤخرالذکر کی جلد تو سیاہ ہے، لیکن ان کا ناک نقشہ حبشیوں جیسا نہیں ہے ۔ ان کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اس علاقے کے سب سے قدیم باشندے ہیں ۔ یہاں کچھ یہودی بھی ہیں، جو بظاہر بربر نسل کے ہیں ۔ کل آبادی ایک لاکھ سے زائد ہے ۔ یہ مقیم لوگ کم از کم ۱۹۳۲ء تک عربوں اور زیادہ تر بربروں کے ، جو نواحی پہاڑوں کے خانہ بدوش قبائل تھے ، مطیع رہے تاآنکہ درعہ فرانسیسیوں کے زیر حمایت حکومت کے تسلط میں آ گیا ۔

درعہ قدیم زمانے سے آباد ہے ۔ اس کی تاریخ یقیناً معرکہ‌خیز رہی ہوگی ، کیونکہ یہی ان علاقوں کے درمیان ایک زرخیز خطہ ہے جو تقریباً صحرائی ہیں ۔ اسلام کی اشاعت یہاں بانی فاس کی اولاد میں سے ایک شخص کے ہاتھوں تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے نصف اول میں ہوئی ۔ بعد ازآں چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے اواخر میں درعہ پر مَغْراوہ کا (جو زناتہ سے تعلق رکھتے تھے) تسلط ہوگیا ۔ مغراوہ سِجِلْماسہ میں آباد ہوگئے تھے ۔

دَرْعہ حقیقةً المرابطون کے زمانے میں تاریخی اہمیت کا حامل بنا، کیونکہ اس نے ان کے اوقیانوسی مراکش میں داخلے کے لیے ایک اگلی چوکی کا کام دیا ۔ پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی سے بعد تک درعہ اس مراکشی سلطنت کا ایک حصہ رہا جسے المرابطون نے اور پھر المُوَحِّدون اور بنو مرین نے قائم کیا تھا ۔ مَعْقِل عربوں کا عمل دخل وہاں ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے اواخر میں ہوا اور ان کا وہاں بہت قوی اثر پڑا ۔

دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں یہ صوبہ بنوسَعْد کے پہلے خانوادۂ شرفاء کے زیر تسلط آیا ۔ یہی وہ جگہ تھی جہاں سے سلطان احمد المنصور نے سوڈان کے خلاف (۱۵۹۱ء میں)

Marfat.com

اپنی مہم کا آغاز کیا۔ گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں جب گاو (Gao) اور ٹمبکٹو سے اس کی تجارت شروع ہوئی تو اس کی وجہ سے اس خطے کو کچھ عرصے کے لیے خوشحالی نصیب ہو گئی۔

دَرعہ پر علوی سلاطین کا پورا یا ادھورا قبضہ رہا اور وہ ایک اہم مذہبی برادری ناصریّین کا مرکز بن گیا، جو گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں "زاویۂ تَمقروت" کے لواح میں وسیع پیمانے پر پھیل گئی۔ اس خطے پر فرانسیسی فوجوں نے ۱۹۳۰ اور ۱۹۳۲ء کے درمیان قریب قریب بغیر لڑائی کے قبضہ کر لیا۔

آج کل یہ علاقہ، جس کی آبادی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی اور مفلوک الحال ہے، دارالبیضاء اور دیگر نئی شہروں کو بھاری تعداد میں مزدور مہیا کرتا ہے، کیونکہ اس کی اپنی زراعت جوں کی توں ہے اور روز افزوں آبادی کی کفالت نہیں کر سکتی۔ نقل مکانی عام طور پر عارضی ہوتی ہے اور اس کا تعلق یہاں کے موسم کے تغیر و تبدل اور زراعتی پیداوار کی کمی بیشی کے ساتھ ہوتا ہے (Naissance du prolétariat marocain، پیرس بدون تاریخ، ص ۶۷ تا ۶۹)۔

مآخذ: (۱) البکری: [کتاب المسالک والممالک] Descr. de l'Afrique sept.، مترجمۂ دیسلان، ص ۳۳۸، ۳۴۳؛ (۲) الادریسی، ص ۷۰ تا ۷۱؛ (۳) [الحسن الوزّان الزیاتی] Leo Africanus، مترجمۂ Épaulard، ۱ : ۳۰ تا ۳۲؛ ۲ : ۴۲۲ تا ۴۲۳؛ (۴) Marmol: De l'Afrique، مترجمۂ Perrot d'Ablancourt، پیرس ۱۶۶۷ء، ج ۳، باب ۹ ببعد؛ (۵) Rohelfs: Mein erster Aufenthalt in Marokko، Norden ۱۸۸۵ء؛ (۶) Ch de Foucauld: Reconnaissance au Maroc، پیرس ۱۸۸۸ء، ص ۲۰۸ تا ۲۱۱، ۲۸۵ تا ۲۹۵؛ (۷) H. de Castries: Notice sur la région de l'oued Draa، در Bull. Soc. Géogr.، پیرس، دسمبر ۱۸۸۰ء؛ (۸) de. Segonzac: Au coeur de l'Atlas، پیرس ۱۹۱۰ء؛ (۹) Dj. Jacques-Meunié: La nécropole de Foum le-Rjam, tumuli du Maroc présaharien، در Hesp.، ۴۵ (۱۹۵۸ء) : ۹۵ تا ۱۳۲؛ (۱۰) Ch. Allain و J. Meunie: La forteresse almoravide de Zagora، در Hesp.، ۴۳ (۱۹۵۶ء) : ۳۰۵ تا ۳۲۳؛ (۱۱) Villes et tribus de Maroc، ج ۹: Tribus berbères، ۲؛ و Districts et tribus de la haute vallée du Drac، از G. Spillmann، پیرس ۱۹۳۱ء، ص ۱ تا ۲۰۱؛ (۱۲) G. Spillmann: La zaouia de Tamgrout et les Nasiriyine، در Afr. Fr.، اگست۔ ستمبر ۱۹۳۸ء و Les Ait Atta du Sahara et la pacification du Haut dra، رباط ۱۹۳۶ء؛ (۱۳) F. de la Chapelle: Une cité de l'oued Dra sous le protectorat des nomades، در Hesp.، ج ۹ (۱۹۲۹ء)، ص ۲۹ تا ۴۲؛ (۱۴) Dj. Jacques-Meurié: Les oasis des Laktaoua et des Mehamid، در Hesp.، ۳۴ (۱۹۴۷ء) : ۳۹۷ تا ۴۲۹ و Hiérarchie sociale au Maroc présaharien، در Hesp.، ۴۵ (۱۹۵۸ء) : ۲۳۹ تا ۲۶۹۔

(R. LE TOURNEAU)

* **اَلدِّرْعِیَّۃ**: (یا اَلدَّرعِیَّۃ)، نجد میں ایک نخلستان، جو سعودی عرب کے دارالحکومت الریاض سے ۲۰ کیلومیٹر شمال مغرب میں واقع ہے اور ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۸ء تک آل سعود [رک بآن] کا صدر مقام رہا۔ حَنیفَۃ نام کی ایک ندی اس کے بالائی حصے میں سے گزر کر جنوب مشرق کی طرف بہتی ہے اور پھر بڑی آبادیوں کے پاس سے گزرتی ہوئی مشرق کی جانب مڑ جاتی ہے۔ اس کے اوپر کی طرف العِلْب اور العَوْدَۃ کی آبادیاں کھجور کے درختوں کے درمیان واقع ہیں۔ ان سے نیچے حنیفۃ کی معاون ندی البُلَیْدَۃ کے بالمقابل غُصَیبَۃ ہے، جو اب بالکل

marfat.com

Marfat.com

ویران ہے - حنیفه جهاں مشرق جانب مڑتی ہے وهاں اس کے بائیں کنارے کے ساتھ ساتھ آبادیوں کا ایک سلسله شروع هو جاتا ہے - انهیں میں البُجَیری ہے، جو شیخ محمد بن عبدالوهاب اور آل الشیخ کا وطن ہے - جس مقام پر شیخ عبادت کیا کرتے تھے وهاں اب ایک مسجد ہے اور اس کے قریب هی ان کی قبر ہے - ندی کے دائیں کنارے پر البجیری کے مقابل الطُّرَیْف کے ٹیکرے پر ان پرشکوه عمارتوں کے کهنڈر نظر آتے هیں جهاں ایک زمانے میں شاهان آل سعود رها کرتے تھے اور جو فلبی Philby کے الفاظ میں "ساری وهابی سرزمین میں سب سے عظیم الشان آثار هیں"- یه عمارتیں گارے سے بنی هیں، مگر ستون پتھر کے هیں، جن پر ایسے خوشنما اور نازک نقش و نگار بنے هیں جن کی مثال پورے نجد میں نہیں ملتی - الطُّرَیْف کی بلند ترین عمارت الدَّرِیشَه کا قلعه ہے - نخلستان سے جو سڑک قلعے کی جانب آتی ہے وه فیصل بن سعود کے نام پر درب فیصل کہلاتی ہے - شمالی چوٹی پر ایک محل مقصوره عمر بھی ابھی تک سلامت ہے اور اس کے قریب الطریف کی جامع مسجد ہے، جس کے اندر ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء میں امام عبدالعزیز کو قتل کر دیا گیا تھا - استداد زمانه نیز الطریف کے دامن میں ایک نئی آبادی کے بسنے کے باعث یه کهنڈر آهسته آهسته مٹتے جا رہے هیں .

نجد کے وقائع نگاروں کا بیان ہےکه الدرعیه کو ۸۵۰ھ/۱۴۴۶ء میں مانع بن ربیعه المریدی نے بسایا تھا جسےیه علاقه اس کے ایک رشتےدار ابن درع، رئیس حجر الیمامه، نے عطا کیا تھا - شروع شروع میں مانع اور اس کے اخلاف کا مرکز غصیبه رها، جو نسبةً زیاده مستحکم اور محفوظ مقام تھا - ۱۱۳۹ھ/۱۷۲۶ء میں یہاں محمد ابن سعود آل مُقرِن حکمران تھا، جو براهِ راست مانع کی اولاد میں سے تھا - ۱۱۵۷ھ/۱۷۴۴ء میں شیخ محمد ابن عبدالوهاب؆ اپنے آبائی وطن العُیَیْنه سے الدرعیه چلے آئے - شیخ اور محمد بن سعود نے عهد کیا که پورے عرب میں اسلام کو اس کی اصل صورت میں پھیلانے کے لیے مل کر کام کریں گے - شیخ کی روحانی قوت اور محمد بن سعود اور اس کے بیٹے عبدالعزیز اور پوتے سعود کی عسکری مهارت کے باعث تیرهویں صدی هجری/ انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں عملاً سارا عرب الدرعیه کے زیر اثر آ گیا - ابن بشر اور ولندیزی سیاح J. L. Reinaud (۱۷۹۹ء) نے اس زمانے میں الدرعیه کے مفصل حالات بیان کیے هیں .

۱۲۲۹ھ/۱۸۱۴ء میں عبداللہ بن سعود تخت نشین هوا - اس کے عهد میں ابراهیم پاشا نے مصر سے آ کر الدرعیه کا محاصره کر لیا، جو چھے ماه تک جاری رها - اس دوران میں گرد و نواح کے علاقے کو بڑی تباهی کا سامنا کرنا پڑا - ذوالقعده ۱۲۳۳ھ/ستمبر ۱۸۱۸ء میں ابراهیم کا الدرعیه پر قبضه هوگیا، جسے وه تباه و برباد کرکے واپس چلا گیا - آل سعود کے بهت سے افراد یا تو جنگ میں هلاک هوگئے یا گرفتار کرکے قاهره پهنچا دیے گئے - ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء میں مشاری بن سعود نے الدرعیه کی حکومت سنبھال لی - العیینه کے رئیس ابن معمر نے بھی اس کی بیعت کر لی، لیکن بهت جلد وه اس سے منحرف هوگیا - اس زمانے میں سعود اعظم کا ایک بھتیجا تُرکی بن عبداللہ ابراهیم پاشا کے پھندے سے نکل کر نجد میں آ گیا اور مشاری بن سعود کی حمایت کا اعلان کر دیا - مشاری کو مصری فوجوں نے گرفتار کر لیا اور ۱۲۳۶ھ/۱۸۲۱ء میں وه بحالت اسیری وفات پا گیا - ترکی نے انتقاماً ابن معمر کو مار ڈالا اور الدَّرْعِیّه پر قبضه کرکے الریاض میں بھی قدم جما لیے، تاهم مصری افواج نے اسے بهت جلد وهاں سے نکال دیا - ۱۸۲۱ء میں مصر کے نئے سپه سالار حسین بے نے الدرعیه کو صفحهٔ هستی سے مٹا دیا - ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۴ء میں ترکی نے ایک بار پھر قوت حاصل کر لی - اس نے الریاض پر حملے کرکے مصری فوج کو شکست دی اور اسے اپنا نیا دارالحکومت قرار دیا .

Marfat.com

۱۲۸۱ھ/۱۸۶۵ء میں خلیج فارس کا انگریز گورنر کرنل پیلی Pelly الریاض جاتے ہوے الدرعیہ سے گزرا تو اسے یہ جگہ بالکل ویران اور بے چراغ نظر آئی۔

**مآخذ**: (۱) حسین بن غنّام: روضة الافکار، بمبئی، بدون تاریخ؛ (۲) عثمان بن بشر: عنوان المجد، قاهره ۱۳۷۳ھ؛ (۳) von Zachs Monatliche Correspondenz، ۱۸۰۵ء [Reinaud کا سفر]؛ (۴) J.B.L.J. Rousseau: Description du pachalik de Bagdad، پیرس ۱۸۰۹ء؛ (۵) L. A. Corancez: Histoire des Wahabis، پیرس ۱۸۱۰ء؛ (۶) F. Mengin: Histoire de l'Égypte، پیرس ۱۸۲۳ء؛ (۷) G. Sadlier [Sadleir]: Diary of a journey across Arabia، بمبئی ۱۸۶۶ء؛ (۸) L. Pelly: Report on a journey to the Wahabee capital of Riyadh، بمبئی ۱۸۶۶ء؛ (۹) H. St. J. B. Philby: The heart of arabia، لنڈن ۱۹۲۲ء۔

(G. Rentz [تلخیص از اداره])

* **دَرْغن**: داغستان میں ایک مسلم آیبیری کاکیشیائی (Ibero-Caucasion) قوم، جو پہلے ماوراے بحر خزر کے میدانوں میں سکونت پذیر تھی پھر بارھویں صدی عیسوی میں اسے قُمیقوں نے، جو شمال سے آئے تھے، پہاڑوں کی جانب دھکیل دیا۔ ۱۹۲۶ء کی روسی مردم شماری کے مطابق دَرغنوں کی تعداد ۱۲۶۲۷۲ تھی جو ۱۹۵۴ء میں بڑھ کر ۱۵۸۰۰۰ ہوگئی۔ درغنی وسطی داغستان کے علاقوں میں دامن کوہ اور وسطِ کوہ کے علاقوں میں مجتمع ملتے ہیں اور سرگو قلعه، اَکوشه اور دَخَدیو Dakhdaev کے اضلاع میں آبادی کا بڑا حصه وهی هیں۔ وہ Levashi اور Tzudakhar کے اضلاع میں اَوار (Avars) اور لَک قوم (Laks) کے ساتھ اور قَیْتاق (مَجالیس) کے اضلاع میں قُمیقوں اور قَیْتاقوں کے ساتھ ملے جلے بھی رهتے هیں۔ وہ قَرہ بُدخکنت (گُبدن اور گُربکی کے awls)، Buinaksk (قدر، قَرمخی اور جَنگُربی کے awls)، اَکُل (اَمُخ اور چرخ کے awls اور گُنب Miamugi کے awls میں وہ منفرد جماعتوں کی حیثیت سے آباد هیں۔ آخر میں متعدد درغن Awls یا قبائل، ۱۹۴۴ء میں، ترک وطن کرکے شمالی داغستان کے ضلع شُرگت کے نیم صحرائی علاقے میں منتقل هوگئے۔

درغنوں کے متعلق قدیم ترین معلومات چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی کے عرب مؤرخوں نے دربند نامه میں دی تھیں۔ فتح عرب کے بعد قَیتاقوں کی اُسمی باجگذار ریاست درغنی علاقے کے جنوب مغربی حصے میں قائم هوگئی، جس کا صدر مقام قلعهٔ قریش موجوده قبیلهٔ قُبچی کے [علاقے کے] قریب تھا، جب که دیگر درغنی قبیلے قَزّی قَمق قوم کی لَک شمخالت کی محکوم ریاست میں پائے جاتے تھے۔ آٹھویں صدی هجری/چودھویں صدی عیسوی کے اختتام کے بعد شمخالت دَرغن کا علاقه قَیْتاق کی ریاست اُسمی کے، جو سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں اپنے اوج کمال کو پنچ گئی، اور آزاد خیلوں ("جماعة") کے درمیان منقسم هوگیا۔ جو متحده جماعتوں یا وفاقی ریاستوں کی شکل میں متحد هوگئے تھے ان کی تعداد اصلاً چار تھی: اَکُوشا، اَسَلاتَبن، مَخلاتَبن، خُورکلی تَبن؛ ان میں انیسویں صدی عسیوی کے اوائل میں چھے مزید خیلوں کو بزورِ شمشیر شامل کرلیا گیا تھا۔ وہ یه تھے: کبا دَرْگواه، کُتکَلا، سرگَلاتَبن، اُسمی دَرْگو، وَکَن دَرْگو اور چرخ۔ ان وفاقی قبائل کا نظم و نسق آخر میں اَکُوشَا کے قاضی کو سونپ دیا گیا تھا۔ یه قبائلی نظام انیسویں صدی عیسوی میں روسی فتح تک ان میں برقرار رها۔

درغنی زبان تین بولیوں میں منقسم هے: اَرخی (یا خُورکلی)، جسے سطح مرتفع کے گلّه بان بولتے هیں: تَزدَخر، جسے میدانوں میں رهنے والے اهل حرفه اور تاجر بولتے هیں، اور اَخُوشَا [یا اکوسا] جو دوسری دونوں بولیوں سے واضح طور پر متمیز هے اور ادبی زبان کی بنیاد کا کام دیتی هے، نیز اسے کُبچی اور قَیتاق

marfat.com
Marfat.com

بھی استعمال کرتے ھیں ۔ لیکن ترکی (قُمیق، آذری) اور روسی زبانوں کا اثر و نفوذ خاصا ھے اور درغنوں کی اکثریت دو زبانیں بولتی ھے ۔ ابتدائی سکولوں میں تعلیم دَرغِن میں دی جاتی ھے اور ثانوی مدارس میں صرف روسی زبان ھی ذریعۂ تعلیم ھے ۔ دَرغنی ادب حال ھی کی تخلیق ھے ؛ چنانچہ قدیم ترین تصنیفات انیسویں صدی عیسوی سے پہلے کی نہیں ھیں ۔ سوویٹ ادب کی ترجمانی فقط معدودے چند انشاء پرداز ھی کرتے ھیں ؛ ان میں سے معروف ترین رشید رشیدُوف Rashidov شاعر ھے ۔

بیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں درغنی ادبی زبان عربی حروف میں لکھی جانے لگی ۔ ۱۹۲۰ء میں ایک ترمیم شدہ عربی ابجد (جسے نیا "اَجِم" کہتے تھے اور جس میں تینتالیس حروف تھے) رائج کی گئی ۔ ۱۹۲۸ء میں اس کی جگہ لاطینی ابجد نے لے لی اور پھر اس کی جگہ ۱۹۳۸ء میں سریلی (Cyrillic=روسی) رسم الخط رائج کر دیا گیا ۔

۱۹۵۸ء میں آٹھ درغنی اخبارات شائع ھوتے تھے : ایک جمہوری جریدہ مَخچ قلعہ سے اور سات مفصل سے نکلتے تھے ۔

درغن شافعی مذہب کے سنی مسلمان ھیں، کُرُش اور مِسکِنجی کے دوقبیلوں (awls) کے علاقے مستثنیٰ ھیں، جن کے باشندے انقلاب کے وقت تک اثنا عشری شیعہ تھے ۔ ان میں اشاعت اسلام، جس کی ابتدا گیارھویں صدی عیسوی میں ھوئی تھی، سولھویں صدی عیسوی میں جا کر تکمیلی مراحل میں داخل ھو گئی، جب کہ یہودیت اور عیسائیت کے آخری نشانات ناپید ھو گئے ۔ پندرھویں صدی عیسوی تک بھی کم از کم کچھ دَرغنی غیر مسلم تھے، کیونکہ ظفر نامہ کا مصنف (۱ : ۷۷ ببعد) داغستان کے کافر قبائل میں، جنھوں نے امیر تیمور کا مقابلہ کیا تھا، "اَشکُجا" کا ذکر کرتا ھے (جسے اول اکوشا کا مرادف خیال کیا جا سکتا ھے) ۔

۱۹۱۷ء کے انقلاب تک دَرغنوں کے معاشرتی نظام کی شکل اصولاً یہ تھی کہ وہ تُخُم [تخوم] یعنی برادریوں میں منقسم تھے اور برادریاں جِنس یعنی جدّی خاندانوں پر مشتمل ھوتی تھیں ۔ گو انیسویں صدی عیسوی ھی میں تُخُم میں کوئی مالی یا معاشی اھمیت باقی نہیں رھی تاھم جو رسم و رواج اس کی بنا پر چلے آتے تھے آھستہ آھستہ مٹتے چلے گئے ۔

درغنوں میں تعددازدواج کی رسم ھمیشہ سے شاذ تھی اور خاندان ھی میں شادی کرنے کی رسم بھی انیسویں صدی عیسوی سے رو بہ انحطاط ھو گئی ۔ شادی کی رسوم قدیم روایات کے مطابق قائم رھیں، اگرچہ غیرمسلموں کے ساتھ شادی کرنا ایک مدت تک ناممکن تھا، لیکن ۱۹۱۷ء کے بعد سے روسیوں کے ساتھ شادی بیاہ نسبتاً عام ھوگیا ۔ پہلے زمانے میں اکثر دُلھن کو بھگا لے جانے کا بھی طریقہ تھا، خصوصاً ان لوگوں میں جو کَلِیم یعنی واجب الادا زر مہر ادا نہیں کر سکتے تھے، لیکن کلیم ابھی تک موجود ھے ۔

روسیوں نے جب دَرغنوں کو پہلے پہل ۱۸۱۹ء میں مغلوب کیا (فتح اکوشا) اور پھر دوسری بار پہلے پہل ۱۸۴۴ء میں ان پر غالب آئے تو انقلاب سے پہلے انھیں یہ خطرہ لاحق ھوگیا تھا کہ وہ اواروں اور قمیقوں دونوں میں بیک وقت جذب ھو جائیں گے ۔ سوویٹ حکام اس خیال سے ان کی قومیت کے تحفظ کا پختہ انتظام کرنا چاھتے تھے کہ وہ ایک یگانہ قوم تھے اور اپنی ادبی زبان رکھتے تھے ۔ انھوں نے اس بات کو پسند کیا کہ درغنوں کو دو چھوٹی چھوٹی ھمسایہ قوموں کے ساتھ مجتمع کر دیا جائے ۔ یہ ھمسایہ قومیں قیتاق اور اور کبیچ تھیں جنھیں خود معدوم ھو جانے کا خطرہ در پیش تھا ۔

دَرغِن میدانوں میں کاشتکاری اور پہاڑوں کے دامن میں باغبانی کرتے ھیں اور اپنی بھیڑوں، مویشیوں اور گھوڑوں کے گلّوں کو پہاڑوں کے گرمائی مرغزاروں

marfat.com
Marfat.com

میں لے جاتے ہیں ۔ کبجا جڑاؤ زیورات اور زرگری جیسی مقامی دستکاریوں کے لیے اور سُلیوکِنت Sulevkent کوزہ گری کے لیے مشہور ہیں ۔ صنعت و حرفت میں کوئی ترق نمایاں نہیں ۔ اکوشا، لیوشی اور تُزدَخر میں پھلوں کو محفوظ کرنے کے کارخانے ہیں .

مآخذ : (۱) Russko- : C. N. Abdoullaev 'darginskiy slovar' مخچ - قلعه ۱۹۵۰ء؛ (۲) Une : H. Carrère d' Encausse اور A. Bennigsen 'république soviétique : le Daghestan' در 'REI' ۱۹۵۵ء، ص ۶ تا ۵۶؛ (۳) Kratkie : A. A. Bokarev 'svedeniya o yazikakh Dagestana' مخچ - قلعہ ۱۹۴۹ء؛ (۴) Pamyatnaya Knižka : E.I. Kozubskiy 'Dagestanskoy oblasti' تِمرخان شُرا ۱۸۹۵ء؛ (۵) Yaziki : G. P. Serdučenko اور Meshčaninov 'Severnogo Kavkasa i Dagestana' ماسکو ۔ لینن گراڈ ۱۹۴۹ء؛ (۶) Ētnograficeskoe : Z. A. Nikol' skaya "Krasniy Par-tizan" opisanie darginskogo Kolkhoza در 'Sov. Etn.' ج ۲ (۱۹۵۰ء)؛ (۷) L. Žirkov : 'Grammatika darginskogo yazika' ماسکو ۱۹۲۶ء، ص ۱۰۳ - نیز رک بہ اوار ' داغستان' دربند .

(CH. QUELQUEJAY)

* دَرقاوہ : درقاوی نسبت کی جمع ، ایک دینی برادری، جو اٹھارھویں صدی عیسوی کے اواخر میں ایک ادریسی شریف مولای العربی الدّرقاوی نے شمالی مراکش میں قائم کی ۔ درقاوی کی وجہ تسمیہ کی بابت یہ خیال کیا گیا ہے کہ اس کے اجداد میں ایک شخص ابودَرقه کہلاتا تھا، جس کے معنی ہیں چمڑے کی ڈھال والا ۔ یہ ادریسی ایک اور ادریسی شریف علی بن عبدالرحمٰن الجمال کا فاس میں شاگرد رہا تھا جو صوفیه کے سلسلۂ شاذلیہ [رکّ بآن] کا مستند پیر تھا اور جس کے انتقال کے بعد ادریسی نے اسی کی تعلیم سے متاثر ہو کر یہ برادری قائم کی ۔ شروع میں اس کا مرکز زاویۂ بُوبَریح تھا، جو قبیلۂ بنو زَروال [کے علاقے] میں اود ورغه Oued Wargha ندّی کے دائیں کنارے پر واقع تھا ۔ پھر ۱۸۶۳ء کے بعد یہ مرکز زاویۂ اَمجُوط Amadjdjūṭ میں منتقل ہوگیا، جہاں وہ آج تک موجود ہے اور جہاں ہر سال ستمبر کے آخر میں اس برادری کے افراد سالانہ عرس ("موسم") مناتے ہیں ۔ اس موقع پر یہاں بہت سے زائرین آتے ہیں .

درقاوہ برادری سب سے زیادہ مراکش کے شمالی اور مشرق حصے میں اور الجزائر کے مغرب میں پھیلی ہوئی ہے ۔ مراکش میں خاص طور پر معاشرے کے ہر طبقے کے لوگ اِس کے ارادت مندوں میں موجود ہیں، جن میں شاہی شریفی خاندان بھی شامل ہے ، چنانچہ سلطان مولاے عبدالرحمٰن (۱۸۲۲ تا ۱۸۵۹ء) اور مولاے یوسف (۱۹۱۲ تا ۱۹۲۷ء) اسی سلسلے سے تعلق رکھتے تھے ۔ انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں الجزائر میں درقاوہ کی تعداد کا اندازہ ساڑھے چودہ ہزار لگایا گیا تھا اور مراکش میں یہ ۱۹۳۹ء میں تقریباً چونتیس ہزار کی تعداد میں تھے .

درقاوہ عقائد میں کلّیتاً راسخ الاعتقاد سنّی معلوم ہوتے ہیں ۔ وہ زیادہ زور اس پر دیتے کہ آدمی جہاں تک ہو سکے اپنی توجه ذات باری تعالٰی کی طرف مرکوز کر دے اور اللہ عزّ و جل کے ساتھ باطنی تواصل حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہے ۔ اس مقصد کے لیے لازم ہے کہ سالک بقدر امکان بہ کثرت ذکر کرے اور نماز پڑھے ، بالخصوص مجالس ذکر کے دوران جو سلسلے کے مقررہ مقامات پر باقاعدہ منعقد ہوتی رہتی ہیں ذکر الٰہی میں مصروف رہے ۔ یہ وقتی اجتماعات اس لیے ہوتے ہیں کہ اوراد و اذکار نیز صوفیانہ اشعار کے سننے اور رقص سے وجد کی کیفیت طاری ہو جائے ۔ ان مجالس کا بہت عمدہ بیان E. Dermenghem کے مقالے Essai sur la

Marfat.com

*mystique musulmane* میں ملے گا، جو اس نے ابن الفارض کے قصیدۂ خمریہ کے ترجمے (پیرس ۱۹۳۱ء، ص ۴۳، تعلیقہ ۱) کے مقدمے کے طور پر لکھا ہے ۔ اپنے آپ کو دنیا سے پوری طرح بے تعلق کرنے کے لیے بعض سالکانِ طریقت خانہ بدوشوں کی طرح جگہ جگہ گھومتے پھرتے ہیں ۔ ان کے ہاتھوں میں ایک عصا ہوتا ہے ۔ میلا کچیلا پھٹا پرانا لباس پہنتے ہیں اور سو دانوں کی تسبیح ان کے گلے میں ہوتی ہے ۔ تاہم ان کی اکثریت اس پر اکتفا کرتی ہے کہ جہاں تک ہو سکے دنیوی اشغال کی طرف کم سے کم توجہ کریں اور عوامی زندگی کی کسی شکل میں کوئی حصہ نہ لیں .

اس کے باوجود چند مواقع پر درقاوہ نے سیاسیات میں کچھ نہ کچھ حصہ لیا ، چنانچہ ان میں سے ایک ابن الشریف نے اوران Oran کے ترکی صوبے میں اچھی خاص شورش برپا کی ، جو کئی برس جاری رہی (۱۸۰۳ تا ۱۸۰۹ء) ۔ اگر مولاے سلیمان (۱۷۹۲ تا ۱۸۲۲ء) اعتدال پسند نہ ہوتا تو ممکن ہے کہ اس شورش کا انجام یہ ہوتا کہ مغربی الجزائر کا مراکش کے ساتھ الحاق ہو جاتا ۔ اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد درقاوہ کے متفرق گروہوں نے مولاے سلیمان کی حکومت کے آخری برسوں میں بربر قبائل کی بغاوت میں سرگرمی سے حصہ لیا ۔ اس سلسلے کے سرگروہ کو کچھ روز کے لیے قید بھی کر دیا گیا تھا ۔ مولاے سلیمان کی وفات کے بعد درقاوہ نے مراکش کی سیاسیات میں بمشکل ہی کوئی حصہ لیا ، یہاں تک کہ بیسویں صدی کے شروع کے پر آشوب زمانے میں بھی وہ الگ تھلگ رہے ۔ دوسری جانب ، فرانس کی الجزائر کی فتح کے پہلے چند برسوں میں انھوں نے کسی قدر سیاسیات میں حصہ لیا ، یعنی امیر عبدالقادر کی مخالفت کی ، جس پر یہ الزام قائم کیا گیا کہ وہ ڈِسمیشلز Desmichels (۱۸۳۴ء) اور تفنہ Tafna (۱۸۳۷ء) کے عہد ناموں کے بعد فرانس سے مل گیا تھا .

**مآخذ** : (۱) مولائی العربی الدرقاوی : رسائل ، طبع سنگ ، فاس ۱۳۱۸ھ/ ۱۹۰۰ - ۱۹۰۱ء ؛ (۲) محمد بن جعفر الکتّانی : سلوة الانفاس ، طبع سنگ ، فاس ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ - ۱۸۹۹ء ، بمواضع کثیرہ اور بالخصوص ۱ : ۱۷۶ ، ۲۶۷ ، ۳۵۸ ؛ (۳) ناصری : کتاب الاستقصاء ، قاہرہ ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ - ۱۸۹۵ء ، ۴ : ۱۴ ؛ (۴) زیّانی : ترجمان المعرب ، طبع Houdas ، پیرس ۱۸۸۶ء ، ص ۱۰۰ تا ۱۰۲ ؛ (۵) L. Rinn : *Marabouts et Khouan* ، الجزائر ۱۸۸۴ء ، ص ۲۳۱ تا ۲۶۴ ؛ (۶) O. Depont اور X. Coppoianl : *Les Confréries Musulmanes* ، الجزائر ۱۸۹۷ء ، ص ۵۰۳ ؛ (۷) A. Joly : *Étude sur les Chadeilias* ، الجزائر ۱۹۰۷ء ؛ (۸) G. Drague : *Esquisse d' Histoire Religieuse du Maroc* ، پیرس ، بدون تاریخ ، ص ۲۵۱ تا ۲۷۳ .

(R. Le Tourneau)

* **دُرکانی** : کُرچانی قبیلے کا ایک بلوچی خانوادہ ۔ دُرکانی ڈوڈائیوں کی نسل سے ہیں، جو راجپوتوں کا ایک قبیلہ تھا اور قدیم زمانے ہی میں بلوچیوں کی جتھے بندی میں شامل ہو گیا تھا ۔ دُرکانیوں کی نسل پہاڑی ہے اور وہ سلسلۂ کوہ سلیمان کے ایک پہاڑ دراغل میں آباد ہیں ۔ ان کی زبان بلوچی ہے .

(M. Longworth Dames)

* **دَرگاہ** : فارسی میں لغوی معنی ”دروازے کی جگہ“ ہے [رکّ به در] ایران میں عموماً شاہی دربار یا محل کے معنی میں مستعمل ہے [پاکستان و] ہند میں اس کا ایک مزید مخصوص مفہوم کسی پیر کے مزار یا مقبرے کا بھی ہے .

* **دِرِن** : رکّ به اطلس .

* **دِرنہ** : جدید تلفظ دِرنہ؛ برقہ (Cyrenaica) کے شمالی ساحل پر ایک شہر، جو آج کل اس علاقے

Marfat.com

میں بن غازی کے بعد سب سے اہم ہے ۔ یہ ایک چھوٹے سے میدان میں واقع ہے ، جو اسی نام کی ندی کے کناروں کے ساتھ ساتھ چلا گیا ہے ۔ اس کے جنوب میں الجبل الأخضر کی سطح مرتفع ہے اور مشرق اور مغرب کی جانب سمندر ہے ۔ سدارواں چشموں کی بدولت یہاں کھجوروں، (آٹھ ہزار) نارنگیوں اور دیگر میوہ دار درختوں کی خوب کثرت ہے ۔ درنہ کی بنیاد یونانیوں نے رکھی تھی، جنھوں نے اپنی ایک بستی اِس نواح میں بسائی تھی لیکن یہ تجارتی منڈی، جو دَرنِس Darnis کہلاتی تھی، "پولِس" (Polis = شہر) نہ بن سکی؛ چنانچہ اس کا شمار ان پانچ شہروں میں نہ تھا جو سکندر اعظم کے زمانے میں باہم حلیف بن گئے تھے اور جن کی وجہ سے اس علاقے کا نام Pentapolis (= پنج شہری) پڑا ۔ اس شہر کی ترقی غالبًا مصر کے بطلمیوسی بادشاہوں (Ptolemies) کے زمانے میں ہوئی ۔ ۹٦ ق م میں "پنج شہری" کی طرح درنہ پر بھی اہل روم کا قبضہ ہو گیا ۔ یہ قبضہ Ptolemy Apion کی وصیت کی رو سے ہوا تھا ۔ اس نے Ptolemy Physcon کے فیصلے کی تجدید کی تھی ، جو ۱۵۵ ق ۔ م میں موجود تھا (مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے Romanelli : *Cirenaica* ، ص ۱ تا ۲۴ ) ۔ مسلمانوں کے ہاتھوں پنج شہری (Pantapolis) کی فتح کے لیے رک بہ برقہ ۔ یاقوت کا بیان ہے کہ ۷٦ھ/۶۹۵ء (یا ۷۴ھ/۶۹۳ء؟) میں جب یونانی اس علاقے پر دوبارہ قبضہ کرنے کے خیال سے اس جگہ اترے تو یہاں کا عامل ابو شداد زہیر بن قیس البلوی ان کا مقابلہ کرنے کے لیے تیزی سے روانہ ہوا ، لیکن شہید ہو گیا ۔ یاقوت کا بیان ہے کہ اس کا مزار اور شہدا کی قبریں مشہور ہیں ۔ عربوں کے عہد میں درنہ ترقی نہ کر سکا ، چنانچہ عرب جغرافیہ نگاروں کے ہاں اس کا ذکر نہیں ملتا ۔ دراصل اس کی خوشحالی کا دار و مدار زراعت پر رہا تھا ۔ اس کی بندرگاہ برقہ کی دوسری بندرگاھوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی اور عرب فوجوں، تجارتی قافلوں اور زائرین کے عام راستے سے تقریبًا نوے کیلومیٹر کے فاصلے پر (عین الغزاله، التمیمی اور مخیلی کے) جنوب میں واقع تھی ۔ پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر میں جب شمالی افریقہ کے مختلف مقامات سے اندلسی پناہ گزین یہاں آ کر آباد ہونے لگے تو درنہ کے بھی دن پھرے ، کیونکہ ان میں سے بیشتر کاشتکار تھے ۔ سترھویں صدی عیسوی میں قاسم پاشا نے طرابلس سے قسطنطینیه واپس آتے ہوئے درنہ کے علاقے کی زرخیزی دیکھی تو باب عالی کی اجازت سے وهیں اهل اندلس کے درمیان سکونت اختیار کر لی ۔ کچھ دن بعد اس کے نائب کی درخواست پر تونس کے بے نے آٹھ سو مزید اندلسیوں کو تونس سے درنہ بھیج دیا (۱٦۳۸ء) ۔ العیّاشی (م ۱۰۹۱ھ / [۱٦۸۰ء]) اور ابن ناصر الدَّرعی (م ۱۱۲۹ھ/۱۷۱۷ء) کے سفرناموں سے پتا چلتا ہے کہ اندلسی ۱۰۴۰ھ / ۱٦۳۱ء کے قریب درنہ میں آ کر آباد ہوئے تھے اور قبل ازیں یہ شہر مدتوں ویران پڑا رہا تھا ۔ اس کی رونق بحال ہونا شروع ہوئی تھی کہ طرابلس کے دای (والی) محمد (۱۰۴۱ / ۱٦۳۲ء - ۱۰۵۹ھ / ۱٦۴۹ء) نے بن غازی (۱٦۳۸ء) اور اَوجِله پر (۱٦۴۰ء) فوج کشی کر دی ، کیونکہ وہ صحرا پار کی تجارت پر قابض رهنا چاھتا تھا اور طرابلس میں بیرونی اشخاص کا عمل دخل اسے پسند نہ تھا ۔ مزید برآں فزان اور بورنو سے بحرۂ روم کے ساحل پر جانے والے بعض تجارتی قافلے بھی اِسی نخلستان کے راستے گذرا کرتے تھے ۔ ۱٦۵٦ء میں یہ شہر محمد کے جانشین دای عثمان کے حملے سے ایک بار پھر ویران ہو گیا، کیونکہ باشندوں کی بہت بڑی تعداد ماری گئی اور بہت سے لوگ جلا وطن ہو گئے ؛ تاهم یہ شہر بہت جلد دوبارہ رونق پکڑ گیا ۔ محمد بن محمود کو ، جسے طرابلس کے پاشا نے یہاں کا عامل مقرر کیا تھا ، آج بھی بہت احترام سے یاد کیا

marfat.com
Marfat.com

جاتا ہے، کیونکہ اس نے سترھویں صدی عیسوی کے اختتام کے قریب آبپاشی کے نظام کی طرف توجہ کی اور بہت سے دوسرے رفاہ عام کے کام کیے (خصوصاً یہاں کی مسجد جامع تعمیر کی) - درنه کے لوگ اپنی جرأت اور سخت کوشی کے باعث ہر حکومت کے لیے پریشانی کا باعث ثابت ہوے، حتٰی کہ قره مانلی والیوں کے لیے بھی وہ درد سر بنے رہے - ۱۷۱۵ء میں احمد اول نے کوشش کی کہ بن غازی اور درنه کو ہمیشه کے لیے مطیع کر لیا جائے - ورثیلانی، جس نے ۱۱۷۹ھ / ۱۷۶۵ء تا ۱۱۸۱ھ / ۱۷۶۷ء میں یہاں کا سفر کیا تھا، اپنے رِحْلة (سفر نامے) میں بتاتا ہے کہ درنه اور مصراته کے باشندوں میں ہمیشه ٹھنی رہتی تھی اور صرف ایک بار قحط سالی کے باعث ان کی باہمی کشمکش ملتوی ہو گئی تھی - ڈیلا سیلا Della Cella نے بھی ایک وبائی طاعون کا ذکر کیا ہے، جس سے ۱۸۱۶ء میں آبادی سات ہزار گھٹ کر صرف پانچ سو رہ گئی تھی - ۱۸۰۵ء میں درنه کو ایک اچانک حملے سے سابقه پڑا - چار سو نفوس پر مشتمل بے قاعده فوج نے، جس کی مدد تین امریکی جہاز کر رہے تھے، اس پر بمباری کر کے قبضه کر لیا - قصه یه تھا که طرابلس کے پاشا یوسف قره مانلی کے چھاپه مار جہازوں نے امریکی جہازوں پر حمله کیا تھا اور جب امریکی جنگی بیڑے کا طرابلس پر براہ راست حمله ناکام رہا تو بربر میں امریکه کے بحری نمائندے ولیم ایٹن William Eaton نے پاشا کے بڑے بھائی احمد کو ساتھ ملا کر کوشش کی که مصر سے برقه کے راستے طرابلس پر چڑھائی کی جائے - بے قاعده فوج کا یه دسته ابھی درنه سے کچھ زیاده آگے نه بڑھا تھا که یوسف پاشا کے ساتھ صلح ہوگئی اور اس عجیب و غریب فوجی مہم کا خاتمه ہو گیا - ایک طویل مدت تک قره مانلی [ترک بان] حکومت کے ماتحت رہنے کے بعد ۱۸۳۵ء میں برقه ایک بار پھر براہِ راست حکومت قسطنطنیه کے زیر تسلط آ گیا اور آہسته آہسته یه قبضه مستحکم ہوتا چلا گیا - حکومت ترکیه کی یه انتہائی کوشش رہی که مرسه، سوسه اور درنه کے درمیانی علاقے کو آباد کیا جائے - لیبیا (طرابلس) پر قبضه کرنے کی غرض سے جب اٹلی نے ترکیه کے خلاف اعلان جنگ کیا (۲۹ ستمبر ۱۹۱۱ء) تو سب سے پہلے درنه کو بم باری کا نشانه بنایا (۳۰ ستمبر) اور اس پر قبضه کر لیا (۱۶ اکتوبر) - اس وقت اس شہر کی آبادی ساڑھے نو ہزار کے قریب تھی - پہلی عالمگیر جنگ کے دوران میں یه اٹلی ہی کے قبضے میں رہا، لیکن دوسری عالمگیر جنگ میں انجام کار انگریز اس پر قابض ہو گئے (جنوری ۱۹۴۳ء).

[آج کل درنه جمہوریۂ لیبیا میں شامل ہے -]

یہاں سنّوسیه کا صرف ایک زاویه ہے، حالانکه دوسرے طریقوں کے چوده زاویے موجود ہیں اور ان میں سے بعض ڈیڑھ سو سال کی طویل مدت سے قائم ہیں - یہاں کے گورستان میں سیدی بو منصور الفارسی کا مقبره ہے - وه ان ستّر غازیوں میں شامل تھے جو مذکورۂ بالا زہیر البلوی کی معیت میں شہید ہوئے تھے - دریا کے دائیں کنارے کے ساتھ ساتھ شہر کا جو حصه پھیلا ہوا ہے وه انھیں کے نام سے موسوم ہوگیا ہے - [اس کی موجوده آبادی چوراسی ہزار سے متجاوز ہے].

**مآخذ**: زمانۂ قدیم کے لیے دیکھیے (۱) J.P. Thrige: *Res Cyrenensium*، کوپن ہیگن ۱۸۲۸ء بار دوم، Verbania ۱۹۴۰ء (اطالوی ترجمه، Verbania ۱۹۴۰ء)؛ (۲) P. Romanelli: *La Cirenaica Romana*، Verbania ۱۹۴۳ء (یه مجلدات *Storia della Libia* میں شائع کی گئیں)؛ عرب جغرافیه نویسوں میں دیکھیے: (۳) یاقوت: معجم، بذیل ماده؛ عهد بربر کے واقعات کے لیے: (۴) C. Bergna: *Tripoli dal 1510 al 1850*، طرابلس ۱۹۲۵ء، ص ۱۲۳ ببعد، ۱۳۹؛ (۵) Ch. L. Feraud: *Annales Tripolitaines*، تونس ۱۹۲۷ء، ص ۱۰۰ تا

Marfat.com

۱۰۳، ۱۰۹ تا ۱۱۱، ۱۳۹، ۳۱۹ ببعد؛ (۶) E. Rossi : *La Cronaca araba tripolina di Ibn Galbun (sec. XVIII) tradotta e annotata*، Bologna ۱۹۲۶ء، ص ۱۰۱، ۱۱۶ ببعد، ۱۵۰؛ (۷) العیّاشی: الرحلة العیاشیّة، فاس ۱۳۱۶ھ، ۱ : ۱۰۸ ببعد (منقول در ورثیلانی، ص ۳۳۲)؛ (۸) ابن ناصر الدرعی: الرحلة الناصریة، فاس ۱۳۲۰ھ (منقول در ورثیلانی، ص ۶۰۹)؛ (۹) ورثیلانی: نزهة الانظار فی فضل علم التاریخ و الاخبار = الرحلة الورثیلانیه، الجزائر ۱۳۲۶ھ / ۱۹۰۸ء، ص ۶۰۸ ببعد؛ ۱۸۰۵ء میں درنہ پر امریکی قبضے کے لیے دیکھیے (۱۰) E. Dupuy : *Americains et Barbaresques (1776-1824)*، پیرس ۱۹۱۰ء، ص ۲۳۱ تا ۲۷۲؛ (۱۱) *Encyclopaedia Britannica*، بذیل William و Eaton؛ (۱۲) V.H. Serrano : *Libya, the New Arab Kingdom*، Ithaca ۱۹۵۶ء، ص ۱۲۷ تا ۱۳۱؛ اٹھارھویں صدی عیسوی کے یورپی سیاحوں کے لیے (۱۳) *Enciclopedia Italiana*، بذیل Cirenaica و Esplorazioni؛ (۱۴) A. Cervelli کے روزنامچۂ سیاحت سے اقتباس، در *Recueil de Voyages et Mémoires de la Sociéte de Géographie de Paris*، ج ۲، ۱۸۲۵ء؛ (۱۵) P. Della Cella : *Viaggio da Tripoli di Barberia alle frontiere occintali dell Egitto fatto nel 1817*، میلان ۱۸۲۶ء (بار اول جنیوا ۱۸۱۷ء)، ص ۱۶۵ تا ۱۷۰؛ ترکی تسلط کے زمانے کے اواخر کے لیے: (۱۶) Fr. Coro : *Settantasei anni di dominazione turca in Libia*، ۱۹۳۷ء، ص ۱۰۲؛ اطالوی عہد کے ماخذ کے لیے بھی دیکھیے *Enciclopedia Italiana*، بذیل مادہ Cirenaica؛ جدید دور کے لیے (۱۷) E. E. Evans-Pritchard : *The Sanusi of Cyrenaica*، اوکسفرڈ ۱۹۵۴ء، بعدد اشاریہ؛ (۱۸) N.A. Ziaden : *Sanusiyah, a study of a revivalist movement in Islam*، لائیڈن ۱۹۵۸ء، بعدد اشاریہ؛ (۱۹) وھی مصنف: برقه الدولة العربیة الثامنه، بیروت ۱۹۵۰ء، ص ۸، ببعد، ۱۸ ببعد؛ (۲۰) I.S. O. Playfair : *History of the Second World War, The Mediterranean and the Middle East*، ج ۱، لنڈن ۱۹۵۴ء، بعدد اشاریہ؛ (۲۱) E. Rossi : *Il Regno Unito della Libia*، در *O M*، ۳۱ (۱۹۵۱ء) ۱۵۷ تا ۱۷۴ نیز کتاب مذکور، ماخذ ص ۱۶۲ (۱)؛ (۲۲) درنہ کے علاقے کی سڑکوں کا نقشہ (۱ : ۳۰۰۰۰۰)، در *Bollettmo geografco del Governo della Cirenaica*، عدد ۹؛ (۲۳) *Servizio Guida d' Italta del Touring Club italiono*, *Studi possedimentie colonie*، میلان ۱۹۲۹ء، ص ۳۸۳ تا ۳۸۷ ۔

(L. VECCIA VOGLIERI)

* **اَلدُّرُوز**: واحد الدُّرْزی [اور الدَّرزی]؛ [رک بآن] شامی نسل کے لوگ، جو باطنی مذہب کے پیرو ہیں، جو اسمعیلیہ [رک بآں] عقائد پر مبنی ہے ۔ یہ لوگ اپنے آپ کو مُوَحِّدون (ایک (خدا) کے ماننے والے) کہتے ہیں ۔ ان کی تعداد (بیسویں صدی عیسوی کے وسط میں) دو لاکھ تھی ۔ یہ سُوریہ (شام) کے متفرق حصوں میں رہتے ہیں، بالخصوص جبال لبنان غربی، جبال شرق اور حوران میں؛ ان میں سے زیادہ تر زراعت پیشہ اور زمیندار لوگ ہیں۔

ان کے مذہب کا آغاز مصر کے فاطمی خلیفہ الحاکم [رک بآں] (۳۸۶ / ۹۹۶ تا ۴۱۱ھ/۱۰۲۱ء) کے عہد سلطنت کے آخری برسوں میں ہوا ۔ اسمٰعیلی شیعی عقیدہ کے مطابق، جو اس وقت مصر میں باقاعدہ حکومت کا مذہب قرار پایا تھا، الحاکم، بحیثیت امام، اسلام کا اللہ کی طرف سے مقرر شدہ با اختیار قیِّم (حارس) تھا، اور السانون میں اس کا مقام وہ تھا جو اصول کائناتی میں عقل الفعّال کا ہے اور وہ اسمٰعیلی مذہب کے پیشواؤں کا مسلّمہ سردار تھا ۔ الحاکم اپنی ذاتی زندگی اور مذہبی حکمت عملی دونوں میں ایک متلوّن مزاج فرمانروا ثابت ہوا، اور یکے بعد

Marfat.com

دیگرے اسمٰعیلیوں اور سنّیوں دونوں کے جذبات کو یکساں مجروح کرتا تھا ۔ اپنے آخری سالوں میں اس کی یہ خواہش تھی کہ اسے ایک لاھوتی شخصیت مانا جائے جس کا مرتبہ ان سب مرتبوں سے بلند تر ھے جو رسمی اسمٰعیلت اسے دے سکتی ھے ۔ اسمٰعیلیوں کی ایک خاصی تعداد فی الحقیقت اسے ایسا ھی سمجھتی تھی، اور بظاھر اس کی خفیہ رضامندی سے یہ لوگ اس دُھن میں لگ گئے کہ اس کے مریدوں کی خاص جماعت تیار کی جائے ۔ اُنھیں یہ توقع تھی کہ اس کا یہ مرتبہ عام طور پر مان لیا جائے گا ۔

ان لوگوں میں سے پہلا شخص جس پر عوام کی نظر پڑی الدَّرزِی [رکَ بآن] تھا ۔ یہ عجمی النسل تھا (جیسے کہ اُن کے کئی اور قائدین تھے)؛ اسی وجہ سے اس پوری تحریک کا نام الدَّرزِیّہ (یا الدُّرزِیّہ) پڑ گیا ۔ معلوم ھوتا ھے کہ اس نے الحاکم کے معتقدین کے رجحان کی ترجمانی اس قاعدے کے مطابق کی جو اسمٰعیلی الحاد کا متواتر موقف رھا ھے ۔ یہ قاعدہ "تاویل" (باطنی حقیقت) اور اس کے نمائندے یعنی امام، کو " تنزیل " (نص ظاھر) اور اس کے مبلّغ، یعنی رسول پر ترجیح دیتا ھے ۔ اس قاعدے کے مطابق اُس نے اس وقت کے امام الحاکم کو ایک مافوق الطبیعی درجہ دے دیا ، یعنی عقل کلّی کا اوتار، جو نظام کونیّہ میں سب سے بلند عقل ھے ، لیکن اس کی عوامی سرگرمیوں سے فسادات برپا ھونے لگے (۴۰۸ھ/۱۰۱۷-۱۰۱۸ء) جس کی وجہ سے الحاکم زیادہ محتاط رھنے پر مجبور ھو گیا ۔ ۴۱۰ھ میں الحاکم نے ایک اور قائد حمزہ بن علی [رکَ بآن] کو، جو ایران کے مقام سُوزَن کا رھنے والا تھا ، اپنی تائید سے سرفراز کیا اور اس نے حاکم کے مذھب کی دُرُوزی شکل مکمل طور پر معیّن کی ۔

حمزہ نے اپنی تبلیغ ۴۰۸ھ / ۱۰۱۷ء میں شروع کر دی تھی (اور یہی دروزی سنہ کا پہلا سال تھا ۔ اس کا دوسرا سال ۴۱۰ھ تھا ، جب کہ عام تبلیغ از سرِ نو شروع کی گئی)۔ اس نے دعوٰے کیا کہ وہ شروع ھی سے الحاکم کا مقرر کردہ اور مجاز واحد خطیب (نائب اسلام) ھے ۔ ۴۱۰ھ میں الدّرزی کی وفات کے بعد اس نے کوشش کی کہ ساری تحریک کو اپنے ھی حیطۂ اقتدا میں لے آئے ۔ بیّن طور پر اس کا عقیدہ الدّرزی سے کہیں زیادہ اچھوتا تھا ۔ عام اسمٰعیلی عقیدے کی طرح اس کا نظریہ بھی یہی تھا کہ کائنات کا صدور واحد سے ھے اور پھر اس کا مرجع بھی انسان کے باطنی علم کے راستے واحد ھی کی طرف ھے ، لیکن اس کی نرالی خصوصیت یہ تھی کہ وہ کائنات کے اندر اس واحد کو بلا واسطہ حاضر مانتا تھا اور بنا بریں وہ ثانوی صادرات کو نسبتاً کم اھمیت دیتا تھا ۔ اسی وجہ سے حمزہ نے اپنے پیرؤوں کا لقب کامل ترین "موحدین" رکھا تھا ۔

حمزہ کے نزدیک حاکم اب محض امام نہ تھا ، خواہ امام کے مفہوم کو کتنا ھی ارفع سمجھا جائے ۔ اب خود حمزہ امام تھا، یعنی انسانی رھنما ، اور اسی وجہ سے وہ العقل اُلکُلّی یعنی کائنات کا اولین مبدأ تھا اور حاکم خود وحدۃ قُصوٰی یعنی خالق اکبر کا جس نے عقل کو پیدا کیا ، اوتار تھا ، اور اسی وجہ سے خود کسی نام یا عھدے سے ماورا تھا ۔ یہاں تک کہ خیر و شر کے دائرے سے بھی باھر تھا ۔ اس کے مقابلے میں علی اور اسمٰعیلی امام بحیثیت امام ثانوی درجے کے افراد تھے (لیکن چونکہ واحد (حقیقی) ھمیشہ حاضر رھتا ھے، خواہ ظاھر نہ بھی ھو، اس لیے بعض آخری امام مع بعض متقدّم گمنام اشخاص کے بھی اپنے اپنے وقت میں واحد (حقیقی) کے اوتار تھے) ۔ الحاکم کے اندر واحد حقیقی شانِ یکتائی سے تاریخ (دائرہ زمان) میں موجود تھا ۔ اس کی زندگی کی متناقضی حرکات قادر مطلق کے افعال کا مظہر تھیں ، جس کے کسی فعل میں چونْ و چرا کی گنجایش نہیں ، اگرچہ اس کے ھر فعل کا مفہوم اُس کے امام یعنی عقل یا

Marfat.com

عقل کائنات حمزہ پر واضح تھا ۔ الحاکم خالق مطلق کا ”مقام“ حاضر تھا ؛ اس لیے انسان اس کی معرفت کی بدولت متقی اور مطّہر ہو سکتے تھے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حمزہ کی تعلیم صحیح معنوں میں اسمٰعیلیت کی غالی صورت نہ تھی گو اس میں غالی اسمٰعیلیت کے تصوّرات اور اصطلاحات سے کام لیا گیا تھا ۔ اس تعلیم کا تو یہ دعوٰے تھا کہ وہ ایک مستقل مذہب ہے جو سُنّی ”تنزیل“ اور اسمٰعیلی ”تاویل“ دونوں سے بالاتر ہے ۔

بظاہر حمزہ یہ توقع رکھتا تھا کہ الحاکم کی خلافت سے تاریخ کے مسیحی عروج کا زمانہ پلٹ آئے گا اور تمام لوگوں کو قدیم الہامی ادیان کے شعائر سے ، جن میں دین اسلام بھی شامل ہے ، روگردانی پر مجبور کر دے گا اور انھیں محض اس (خداوند) واحد کی بندگی پر لے آئے گا جو الحاکم کے روپ میں صاف طور پر ظاہر ہو گیا ہے ۔ الحاکم کے فیصلہ کن اقدام کے اہتمام کے طور پر حمزہ نے امام کی حیثیت سے الحاکم کے معتقدین کے حلقوں میں اس سچے اور صحیح عقیدے کی ترویج کے لیے خود اپنی جماعت منظّم کرنی شروع کر دی ۔ الحاکم اور خود حمزہ کی طرح اس جماعت کے اعضاء اصول کائنات کے اوتار (مجسمے) تھے ۔ ان میں پانچ بڑے کائناتی منصب یا حدود [= الحُدُود الخَمْسَة] تھے ، جو اسمٰعیلی علوم سے کسی قدر ترمیم شدہ شکل میں اخذ کیے گئے تھے: (۱) العَقل (= حمزہ[بن علی بن احمد])، شَطْنِیل کا مثیل، جو موجودہ تاریخی دور کے اندر ”حقیقی آدم“ ہے، جس میں ”الواحد“ کا نام البار مقرر ہے)، [دروزی کتب عقائد میں حمزہ کو ”العقل الکلی“، ”قائم الزمان“، ”الامام“، ”آیۃالتوحید“، ” آدم الکلی “ وغیرہ القاب سے یاد کیا گیا ہے] ؛ (۲) النّفس الکلّیہ، روح کائنات (=اسمٰعیل بن محمد التمیمی)؛ (۳) الکلمۃ (= محمد بن وهب القرشی)؛ (۴) السّابق یا جَناح اَیْمَن ، اسمٰعیلی مذہب میں اسے عقل کا ہم معنی مانا گیا تھا لیکن یہاں اس کا مرتبہ گرا دیا ہے (= سلامۃ بن عبدالوهاب) ؛ اور (۵) جناح اَیْسَر یا التّالی (=تابع)، اسمٰعیلی مذہب میں یہ ”نفس“ کا ہم پلہ ہے (= ابوالحسن علی بن احمد السَّمُوقی جسے بہاء الدین المُقْتنی کہتے ہیں)۔ ان پانچ بڑے عہدے داروں کے تحت کام کرنے والے یہ تھے : داعیوں اور مبلّغوں کی ایک تعداد ؛ مأذون ، جنھیں وعظ کہنے کی اجازت دی جاتی تھی ، اور اَلْمُکَاسِر، ترغیب دینے والے، جن کے اندر کائناتی الجدّ (کوشش) ، الفتح (کھولنا) اور الخیال شامل تھے [قب البستانی : دائرۃ المعارف ، بذیل مادہ الدروز؛ الزِرِکْلی نے الاعلام، بذیل مادّہ حمزہ بن علی (م ۴۳۳ھ / ۱۰۴۱ء) میں الحدود الخمسۃ کے بعد الحدود الثلاثہ یعنی الجِدّ (= ایوب بن علی)، الفَتْح (=رفاعۃ بن عبدالوارث) ؛ اور الخیال (= محسن بن علی) کا ذکر کیا ہے ۔ اس کے بعد الدُّعاۃ کا ذکر کرتے ہوے ان کے مراتب حسب ذیل ترتیب سے بیان کیے ہیں : (۱) الامام ، (۲) الحُجَّۃ ، (۳) الداعی، جس کی یہ اقسام بیان کی ہیں: داعی الدعاۃ ، الداعی المأذون اور المکاسر]۔ ان سب کے نیچے عام معتقدین تھے۔ (ان تمام درجوں میں کسی فرد کی شخصیت اور جسمیت کا اعتبار نہ ہوتا تھا، بلکہ اس کے اندر پوشیدہ غیر فانی قاعدہ اصل سمجھا جاتا تھا جس کے اوپر جسم محض ایک عارضی خول ہوتا تھا ؛ معمولی شخص کے اندر اس کا مطلب ہمیشہ ایک نیا جسم قبول کرتے رہنے والا نفس تھا) ۔ ان عہدے داروں میں سے کسی نہ کسی کے ساتھ بہت سے ایسے لقب یا تصّورات منسوب کر دیے جاتے تھے جو پیچیدہ اسمٰعیلی نظام میں متشکل ہو چکے تھے ۔ تاہم ان درجات اور مراتب کے باوجود ”الواحد“ کا بلا واسطہ ہر جگہ موجود ہونا سب سے پہلی چیز مانا جاتا تھا اور بعد کے دروزی مذہب میں یہی خیال قائم رہا ۔

ان سچی (اصلی) ’حدود‘ کے خلاف اور انھیں کی طرح الحاکم کی ، بحیثیت الواحد الاقصٰی کے،

marfat.com
Marfat.com

پیدا کردہ اشیا میں کاذب (جھوٹی) حدود کا ایک منظم سلسلہ تھا اور اصلی حدود کی طرح وہ بھی الحاکم کے زمانے کے آدمیوں میں جسمانی شکل میں، موجود تھا، مثلاً الحاکم کے اسمٰعیلی مأمورین کے اندر، قدیم مذاہب کے گمراہ کن اصول سکھانے والے مُعلّم۔ حشر نشر کے منظر کا مطلب دو فریقوں کے درمیان میدان جنگ کا برپا ہونا لیا جاتا تھا، جس میں ایک فریق حمزہ بحیثیت "قائم الزمان" (=وقت کا مالک) اور اس کے ساتھ صادق (سچی) حدود، جن کی تائید آخرکار الحاکم کھلم کھلا کرے گا، اور دوسرا اس کے مقابل فریق کے جھوٹے معلّمین، جنھیں الحاکم علانیہ معزول قرار دے گا۔ الحاکم کے نظام دینی کے پیروؤں کو، خواہ دَرزِی کے تحت یا حمزہ کے تحت بظاہر یہ فکر تھی کہ حوادث جلد سے جلد واقع ہوں اور اس غرض کے لیے وہ کھلم کھلا اعلان کرتے پھرتے تھے کہ قدیم مذاہب، سارے کے سارے جن میں اسلام کا قانون شریعت اور اس کی اسمٰعیلی باطنی تاویل شامل ہیں، باطل ہو چکے ہیں۔ اگرچہ حمزہ اوروں سے زیادہ محتاط تھا مگر رائج الوقت مذہب کی توہین و تحقیر علی الاعلان کی جاتی تھی۔ الحاکم کی خفیہ تائید اس (فتنے) کو حاصل تھی اور اسی بنا پر فسادات برپا ہوتے تھے۔ جدید مذہب کے پیروؤں کے خلاف، جو خود کو شریعت سے آزاد سمجھتے تھے، ہر قسم کی بڑی بڑی بدکاریوں کے الزامات عائد کیے جاتے تھے۔ الحاکم کا دینی مسلک اس روز افزوں سیاسی بحران کا بہت بڑا سبب معلوم ہوتا ہے جو الحاکمؒ کے آخری ایام میں رونما ہوا۔

جب ۴۱۱ھ / ۱۰۲۱ء کے اواخر میں الحاکم غائب ہو گیا تو حمزہ نے اعلان کیا کہ اس کا غائب ہونا اس غرض سے ہے کہ اپنے متّبعین کی آزمائش کرے اور وہ بہت جلد واپس آ کر اپنی پوری قوت کا اظہار کرے گا اور فتح کی تلوار خود حمزہ کے ہاتھوں میں دے دے گا۔ اس کے تھوڑے ہی دن بعد ۴۱۱ھ کے اواخر میں، حمزہ بھی یہ کہہ کر غائب ہو گیا کہ وہ الحاکم کے ساتھ ہی واپس آئے گا۔ اس کے بعد یہ مذہب زمانے کے اس دور میں داخل ہو گیا جو اثنا عشریوں کے اس دور سے ملتا جلتا ہے جسے الغَیْبَة الصغریٰ کہتے ہیں۔ اس زمانے میں فقط 'تالی' بہاء الدین المُقتنٰی رہ گیا جو غائب حمزہ اور اس کے وفادار پیروؤں کے درمیان کڑی کا کام دیتا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ الحاکم کے غائب ہونے کے بعد حاکم کے مذہب کی سرگرمیاں مصر میں رفتہ رفتہ گھٹتی گئیں، لیکن اس نے شام میں کاشتکاروں کی مسلسل بغاوتوں کے لیے ایک منظم نظریۂ حیات مہیا کر دیا۔ مبلّغین کی ایک خاصی تعداد نے وہاں اس مذہب میں لوگوں کو داخل کرنے کے لیے سرگرمی سے کام شروع کر دیا جن میں سے بعض کے نام لکھے ہوے موجود ہیں: اس تحریک نے بعض پہاڑی علاقوں پر اپنا اقتدار قائم کر لیا اور کہا جاتا ہے کہ اس کے پیروؤں نے وہاں کی مسجدیں منہدم کر دیں اور اپنا نیا نظام قانون قائم کر دیا، اور احتمال ہے کہ انھوں نے قدیم زمینداروں کو بے دخل کر کے آزاد کاشتکاروں کو ان کی جگہ بٹھا دیا۔ ۴۲۳ھ / ۱۰۳۲ء میں امیر انطاکیہ نے امیر حلب کی مدد سے جبل السُّمّاق میں ایک گروہ کی سر کوبی کی، جس میں حلب کے قرب و جوار کے کاشتکار جو وہاں جمع ہو گئے تھے، شامل تھے۔

اس ہیجان کے زمانے میں المقتنٰی نے اسکندریہ میں (المقتنٰی کو ۴۱۱ھ کے صرف آخری لمحے میں "تالی" مقرر کردیا گیا تھا) کوشش کی کہ اُس کا اور حمزہ کا اقتدار قائم رہے۔ ظاہر ہے کہ وہ مستور حمزہ کے ساتھ ملا ہوا تھا اور یمن سے اس کے اچانک ظاہر ہونے کی تیاری کر رہا تھا۔ اس نے جبل السُّمّاق کے شکست خوردہ باغیوں کی ہمت بڑھائی۔ اپنے مسلک کی تبلیغ کے سلسلے میں بہت سے خطوط لکھے، جن میں سے بعض میں شام میں بسنے والوں کے علاوہ اسمٰعیلی مذہب

Marfat.com

کے تمام ماننے والوں اور ان سے تعلق رکھنے والوں کو سندھ تک کے دور دراز علاقوں میں مخاطب کیا گیا تھا ۔ ان خطوط کا ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ دُرُوز کے صحیح اور مستند عقائد کی بنیاد قائم ہو گئی ۔ اسے ایک سے زیادہ مدعیانِ قیادت کے خلاف جد و جہد کرنا پڑی، جن میں سے ابن الکُردی، جس کی کمک پر سکّین نام ایک شخص تھا ، سب سے زیادہ نمایاں ہے ۔ ان مدعیوں میں سے بعض نے بہت وسیع پیمانے پر اخلاق آزادی دے رکھی تھی ، جسے وہ (المقتنٰی) خود بنظر حقارت دیکھتا تھا ۔ بہرحال جیسے جیسے زمانہ گزرتا گیا تحریک کمزور ہوتی چلی گئی، اور معلوم ہوتا ہے کہ شام کے کاشتکاروں کی بغاوت باہمی پھوٹ کی وجہ سے انتشار و ناکامی کی شکار ہو گئی ۔ آخر کار المقتنٰی نے تمام داعیوں کو برطرف کر دیا اور ۴۲۵ھ / ۱۰۳۴ء کے کچھ عرصہ بعد خود بھی اپنے وفادار مریدوں سے اسی طرح کنارہ کش ہو گیا جیسے حمزہ ہوا تھا ؛ پھر بھی ۴۳۴ھ / ۱۰۴۲ - ۱۰۴۳ء کی طویل مدت تک وہ ہر طرف خطوط ارسال کرتا رہا۔

المقتنٰی کے ہمت ہار دینے کے باوجود یہ تحریک جس حالت میں بھی آئندہ زندہ رہی اس کی بنیاد اسی کی کارگزاری تھی ۔ بعد کے آنے والے دُرُوز نے یہ مفروضہ قائم کر لیا کہ وہ المقتنٰی ہی تھا جس نے ایک سو گیارہ خطوط کا مجموعہ تالیف کیا ۔ ان میں سے بہت سے خطوط اس کے لکھے ہوئے تھے ، کچھ حمزہ کے اور کچھ اسمٰعیل التمیمی کے اور کچھ اجزاء الحاکم کی تصنیف تھے ۔ اس نے ان سب خطوط کو یکجا کر کے ایک مستند مذہبی کتاب کی شکل دے دی جو اسی وقت سے دُرُوز کی مقدّس کتاب مانی گئی ہے اور رسائل الحکمۃ کے نام سے موسوم ہے ۔ المقتنٰی کی کنارہ کشی کے وقت سے شامی دُرُوز میں حمزہ اور الحاکم کی آمد کے انتظار کا دور شروع ہوا ، جو اب تک قائم ہے اور جو اثنا عشریہ کی الغَیْبۃ الکُبرٰی سے مطابقت رکھتا ہے ۔

حمزہ کے مذہبی پیشواؤں کا مقرر کردہ نظام ، جس میں "داعیان" اور اس سے کمتر عہدے دار شامل تھے ، متروک ہو گیا اور "حدود" کی عدم موجودگی میں "کتاب قانون مقدس" رہنمائی کا کام دینے لگی ۔ اگرچہ المقتنٰی نے اپنے مذہب کی تبلیغ کو حتی الامکان جاری رکھنے پر بڑا زور دیا تھا ، لیکن اس کی گوشہ نشینی کے بعد مزید تبلیغ کا سلسلہ بند ہو گیا اور اس بات کی تعلیم دی جانے لگی کہ اس وقت سے کسی نئے آدمی کو "وحدانیت کی حقانیت" میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی جائے (اس ممانعت کی چند مستثنیات بھی ہیں) ۔ اس کے بعد دُرُوز ایک "در بند" فرقہ ہو گیا جس کے افراد اپنے قواعد و ضوابط کو صیغۂ راز میں رکھنے لگے ، جماعت سے باہر شادی کے رشتے کرنے پر ناک بھوں چڑھانے لگے ، مذہب کے قبول اور ردّ کی اجازت مسدود کردی گئی اور تا حدِّ امکان اپنی خود مختار حکومت ان کوھستانی معاقِل (محفوظ مقامات) میں قائم کر دی جس پر انھوں نے قبضہ کر رکھا تھا ۔ ان محفوظ مقامات میں سے وادی تَیم اللہ مشہور ہے، جو کوہ ھَرمن کے قریب ہے ۔ شام کے ان نو مذہب فَلّاحین نے جن کی قیادت حسب روایت قدیم عربی قبائل کے بعض خاندان کرتے تھے، آگے چل کر ایک ہم جنس قوم کی بنا ڈالی ، جن کے جسمانی خد و خال اور معاشری طریقے اوروں سے بالکل الگ تھے اور ان کے اپنے طبقۂ اشراف کے خاندان ان پر حکمران تھے ۔ اشراف کے یہ خاندان اپنی بے قید غارتگری ، اپنی بے حد مہمان نوازی اور اپنے سخت اخلاق نظم و ضبط کے لیے یکساں مشہور ہیں ۔ اخلاقی ضوابط ہی کے باعث وہ لوٹ مار میں ہاتھ آئی ہوئی عورتوں کی عصمت پر دست درازی نہیں کرتے اور بد چلنی کی صورت میں دُرُوزی عورتوں کے لیے رحم و کرم کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ مغربی لوگوں کے وہ طول طویل قیاسات بالکل بے بنیاد ہیں جن میں دُرُوز کو کسی غیر ملکی اصل، مثلاً فرانس

marfat.com
Marfat.com

یا ایران، سے منسوب کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔

اس خود مختار جماعتی اور محدود زندگی کی طویل مدت کے دوران میں ایک نیا مذہبی طریق عمل پیدا ہو گیا جو پیشوایان مذہب کی اس حکومت سے بہت مختلف تھا جو اب ختم ہو چکی تھی - ہمیں ایسے مصنفین کی خاصی تعداد معلوم ہے جنھوں نے عرفانی نظام کائنات اور مقدس دروزی تاریخ پر جو پہلے ہی سے حمزہ کی تحریروں میں کنایۃً موجود تھی، قلم اٹھایا ہے اور اسی طرح شارحین "کتاب قانون مقدس" بھی ہمارے پیش نظر ہیں، لیکن یہ معلوم نہیں کہ اس نئے طریقے نے اپنی مکمل شکل کب اختیار کی، اگرچہ غالب گمان یہ ہے کہ ایسا کم سے کم دُرُوزی معلم اخلاق عبداللہ التّنُوخی کے زمانے تک ہو چکا ہوگا (جس کے مزار کی دُرُوز اور مسیحی دونوں تعظیم کرتے ہیں) - عبداللہ التّنُوخی کی وفات ۸۸۵ھ/۱۴۸۰ء میں ہوئی - اس نئے طریقے کی رو سے دُرُوز دو گروہوں میں منقسم ہو گئے: (۱) عُقّال (مفرد: عاقِل = دانشمند)، جن کو مذہب کے حقائق سے آگاہ کر دیا گیا تھا؛ (۲) جُہّال (مفرد: جاھل؛ ناواقف)، جو جماعت میں شامل تھے لیکن حقائق مذہب سے متعارف نہ کیے گئے تھے - (اشراف کے وہ مشاہیر جنھیں ابھی حقائق سے واقف نہیں کیا گیا تھا، بحیثیت "امیر" وہ معمولی "جُہّال" سے ممتاز تھے) - ہر ایک عاقل بالغ دُرُوزی (مرد ہو یا عورت) واقف راز ہو سکتا تھا بشرطیکہ وہ متعدد آزمائشوں کے بعد اس کا اہل ثابت ہو چکا ہو، لیکن اس کے بعد اس کے لیے ضروری ہے کہ سنجیدہ مذہبی زندگی بسر کرے، باقاعدہ وظائف کا روزانہ ورد رکھے، تمام نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرے، جھوٹ سے، چوری سے اور انتقام لینے سے (جس میں باہمی جھگڑوں کی وجہ سے حملے کرنا داخل ہے) بچے اور ایسے ہی اور بُرے کاموں سے دور رہے - عُقّال کا دوسروں سے الگ اپنا ایک خاص لباس ہوتا ہے جس میں سفید عمامہ شامل ہے - جب تک کوئی شخص "جاھل" رہے، وہ اپنی نفسانی خواہشات کھل کر پوری کرنے کا مجاز ہے لیکن دُرُوز قوم کے اخلاقی قانون کی حدود کے اندر رہ کر، تاہم وہ روحانی مدراج کی امید نہیں رکھ سکتا؛ بہرحال اگر وہ اپنی موجودہ زندگی کے اندر باطنی حلقے میں بار نہ پاسکا تو بھی یہ امید کر سکتا ہے کہ اسے کسی دوسرے جنم میں اس کا ایک نیا موقع مل جائے گا۔

عُقّال میں سے جو زیادہ پرہیزگار یا فاضل ہو، اُسے قوم میں شیخ بنا کر خصوصی اختیارات دے دیے جاتے ہیں - معمولی "عُقّال" سے جن اخلاق کا مطالبہ کیا جاتا ہے ان کے علاوہ شیوخ کو اخلاقی حیثیت سے اور بھی زیادہ محتاط رہنا ضروری ہے - وہ کسی ایسی چیز کا استعمال نہیں کر سکتے جس کو مشتبہ طریقوں سے حاصل کیا گیا ہو، روزمرہ کے برتاؤ میں اُنھیں ہر قسم کی زیادتی سے بچنا چاہیے، سب کے ساتھ صلح اور میل جول سے رہنا چاہیے اور جہاں کہیں کوئی جھگڑا ہو اس کا تصفیہ کرانے کے لیے انھیں تیار رہنا چاہیے - دُرُوز کے ہر ضلعے میں ان شیوخ میں سے ایک شیخ جو کسی مخصوص خاندان سے چُنا جاتا ہے، سب سے بڑا مذہبی مقتدا مانا جاتا ہے اور رئیس متصوّر ہوتا ہے - شیوخ کی تعلیم و تربیت ایک خاص مدرسے میں ہوتی ہے؛ وہ اپنا بہت سا وقت مذہبی تصانیف کے نقل کرنے میں صرف کرتے ہیں بالخصوص "کتاب قانون مقدس" کی نقل میں؛ زیادہ دیندار شیوخ عموماً سب سے علیحدہ ہو کر "خلوتوں" میں جا بیٹھتے ہیں - یہ خلوت گاہیں لوگوں کی گذرگاہوں سے دُور مقامات میں بنائی گئی ہیں؛ کچھ ایسے بھی ہیں جو اسی گوشۂ تنہائی میں اپنی ساری زندگی بسر کر دیتے ہیں - "عاقل" کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی محنت سے گذر اوقات کرے، لیکن شیوخ "جُہّال" کی زکٰوۃ و صدقات کے صحیح حقدار ہیں - ان سے توقع رکھی جاتی ہے کہ وہ اپنے "جاھل" پڑوسیوں کو روحانی ہدایت کرتے رہیں، اور شادی

Marfat.com

اور موت کے موقع پر ان کی راهنمائی کریں .

هر شب جمعه کو انتہائی ساده معبدوں میں منعقد هونے والی مجلسوں میں سے بعض مجالس میں سارے عُقّال کا حاضر هونا ضروری هے ؛ لیکن "جُہّال" کو اُن میں سے صرف ان مجلسوں کے اندر آنے کی اجازت هے جن میں راز کی باتوں پر کم سے کم بحث هوتی هے اور جہاں صرف اخلاق مواعظ قدیم عربی زبان میں لکھے هوئے پڑھ کر سنائے جاتے هیں - پر اسرار دینی کتابوں کے پڑھنے کی صرف عُقّال کو اجازت هے اور صرف وهی خفیه مذهبی رسموں میں حصه بھی لے سکتے هیں، بلکه ان کا علم بھی صرف انہیں کو هوتا هے - بیرونی دنیا کا یه قیاس هے که دُرُوز کی خفیه رسوم میں کسی نه کسی طرح دهات کا بنا هوا بچھڑے کا ایک بت شامل هوتا هے جو یا تو "الحاکم" کی انسانی شخصیت کا مظهر هوتا هے یا ممکن هے حمزه کے دشمنوں کی بہیمت کا - (دُرُوز کے همسایوں نے ان پر اپنی خفیه مجالس میں بلا روک ٹوک رنگ رلیاں منانے کا الزام عائد کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا هے) .

حمزه اور المقتنی نے اسلام کے ارکان خمسه کی جگه سات احکام مقرر کیے هیں، اور یہی سات احکام هیں جو عُقّال کی اخلاقی تربیت کے اصول بن گئے هیں؛ اور کسی حد تک باقی دُرُوز کے لیے بھی یہی احکام سبعه اصول تربیت مانے جاتے هیں - سب سے بڑا حکم یه هے که جماعت کے افراد آپس میں همیشه سچ بولیں (یا کم از کم خاموشی اختیار کریں مگر کبھی خلافِ واقعه بات نه کہیں) - اس حکم میں سچ کے وه معنی مراد هیں جو "علم کلام" میں لیے جاتے هیں ؛ لیکن اپنے بچاؤ یا اپنے مذهب کی خاطر منکرین عقیده سے جھوٹ بولنا جائز هے - اس پہلے "حکم" میں ایسے اعمال مثلاً چوری ، بھی شامل هیں جن میں جھوٹ هی بولنا پڑتا هے - دوسرا حکم یه هے که ایک دوسرے کا بچاؤ اور ایک دوسرے کی مدد کریں - اس میں یه بھی مضمر هے که اس مقصد کے لیے هتیار اپنے ساتھ رکھیں - دیگر احکام یه هیں: تمام ادیان سابقه کو ترک کر دیں؛ منکروں سے کوئی میل جول نه رکھیں؛ اپنے "مولانا" (مولانا الحاکم کا بحیثیت الواحد عام لقب هے) کی یکتائی کو هر زمانے میں تسلیم کریں؛ جو کچھ وه کرے اس پر قانع رهیں ؛ اس کے تمام احکام برضا و رغبت بجا لائیں، خصوصاً وہ احکام جو "حدود" کی معرفت پہنچائے گئے هیں- حمزه نے اس کے علاوه "شریعة" ، عدل و انصاف اور شخصی حیثیت سے متعلق خاص احکام نافذ کیے هیں - ان احکام میں خاص طور پر زوجین کے درمیان شادی کے بعد مساویانه سلوک پر زور دیا گیا هے - بنا بریں زوجین میں سے کسی کی طرف سے طلاق کو جرم قرار دیا گیا هے جب تک که اس کی کوئی معقول وجه نه هو.

عام طور پر "جُہّال" کے عقائد کو "عُقّال" کی هدایات کے تحت رکھا گیا هے ، لیکن اس پر مذهبی تقیے کے قاعدے کا بہت بڑا اثر پڑا هے ، یعنی اپنے مذهب کو صیغۂ راز میں رکھنے کے لیے ایک دروزی ظاهری طور پر ان لوگوں کا مذهب اختیار کر سکتا هے جو اس وقت صاحب اقتدار هوں؛ دوسرے الفاظ میں وه عموماً سُنّی اسلام کا پیرو نظر آتا هے - دروز نے حنفی فقه کو اختیار کیا هے گو کسی قدر ترمیم کے ساتھ، مثلاً وصیت کے بارے میں غیر محدود اجازت دی گئی هے اور طلاق پر کچھ قیدیں لگا دی گئی هیں - دروز عید تو مناتے هیں لیکن حج نہیں کرتے اور نه رمضان کے روزے رکھتے هیں- بہت سے گھرانے ختنے کے رواجاً پابند هیں ، لیکن اسے مذهبی اهمیت نہیں دیتے - نماز جنازه میں وه اسلامی رسوم کی پابندی کر سکتے هیں، لیکن اس کا اصلی رکن تبریک شیوخ هے - دیگر عقائد رکھنے والے شامیوں کی طرح وه خِضر [رک بآن] کے مقبرے اور دوسرے انبیا اور اولیا کے مزاروں کی زیارت کے لیے جاتے هیں - ان سب باتوں

Marfat.com

کے باوجود جُہّال تک بھی اپنے عقیدۂ توحید سے واقف ہیں اور آزادی کے ساتھ اس کی بابت گفتگو کر سکتے ہیں۔ ان کے پاس خَلق اور حشر و نشر کی بابت ایک ترقی یافتہ عقیدہ موجود ہے جس کی بنیاد عُقّال کی تعلیم پر ہے۔ عرصۂ وجود میں ارواح کی تعداد معیّن ہے، اور موت کے بعد ہر روح ایک نیا جسم اختیار کر لیتی ہے (بشرطیکہ وہ کمال حاصل کرکے ستاروں کی دنیا میں نہ پہنچ جائے)؛ جو لوگ حمزہ کے زمانے میں ایمان لا چکے تھے ان کا دوسرا جنم دروز ہی کی شکل میں ہوگا، خواہ وہ شام میں ہو یا چین کی مفروضہ جماعت دُروز میں۔ مختلف جنموں میں سے گزرنے سے ہر روح کی مکمل اخلاقی آزمائش ہو جاتی ہے (بعض جُہّال یقین رکھتے ہیں کہ شریر لوگ گھٹیا جانوروں کا جنم لیتے ہیں)۔ انجام کار جب الحاکم اور حمزہ دوبارہ ظاہر ہوں گے اور تمام دنیا کو فتح کرکے اس میں عدل و انصاف کا دور قائم کریں گے تو وہ دُروز جنھوں نے اپنا رویہ درست رکھا ہے سارے بنی نوع انسان پر فرمانروا ہوں گے۔ پھر جو سب سے اچھے ہوں گے، وہ خدا سے نزدیک ترین جگہ میں سکونت پذیر ہوں گے۔ یہ وہ خیال ہے جس کو عُقّال، بہت سے اور خیالوں کی طرح، روحانی مفہوم میں لیتے ہیں۔

**مآخذ:** قانون دروز یورپ، امریکہ اور شام کے متعدد کتب خانوں میں مل سکتا ہے، اسی طرح دُروز کی دیگر تصنیفات بھی دستیاب ہو سکتی ہیں۔ "قانون" کا کچھ بیان اور اس کا کچھ ترجمہ (۱) Silvestre de Sacy کی اساسی تصنیف: *Exposè de la religion des Druzes*، ۲ جلدیں، پیرس ۱۸۳۸ء میں موجود ہے (کچھ اجزا کا ترجمہ از Philipp Wolff: *Die Drusen und ihre Vorläufer*، لائپزگ ۱۸۴۵ء)؛ نیز دیکھیے (۲) وہی مصنف: *Mémoire sur l'origine du culte que les Druzes rendent á la figure d'un veau*، در *Mémoires de l'institut royal, classe d'histoire*، ج ۳، ۱۸۱۸ء، ص ۷۰ ببعد؛ دُروز کے کچھ اجزا اور ان پر حواشی: (۳) Silvestre de Sacy: *Chrestomathie arabe*، ج ۲، پیرس ۱۸۲۶ء میں موجود ہیں۔ دروز کی دیگر تصنیفات ذیل کی کتابوں میں طبع کی گئی ہیں: (۴) Christian Seybold: *Die Drusenschrift*: کتاب النقط والدوائر: *Das Buch der Punkte und Kreise*، (۵) N. L. Kirchhain، لائپزگ ۱۹۰۲ء؛ (۶) Henri Guys: *Théogonie des Druzes*، پیرس ۱۸۶۳ء؛ (۷) Martin Sprengling: *The Berlin Druze lexicon*، در *American Journal of Semitic Languages*، ۵۶ (۱۹۳۹ء): ۳۸۸ تا ۴۱۳ و ۵۷ (۱۹۴۰ء)، ۷۵ ببعد (جس میں دُروز کے فلسفۂ کائنات کا بہت اچھا مطالعہ شامل ہے)؛ (۸) Rudolph Strothmann: *Drusen-Antwort auf Nuṣairī Angriff*، در *Isl*، ۲۵ (۱۹۳۹ء): ۲۶۹ تا ۲۸۱؛ (۹) Ernst von Döbeln: *Ein Traktat aus den Scriften der Drusen*، در *Monde Oriental*، ۳ (۱۹۰۹ء): ۸۹ تا ۱۲۶؛ (۱۰) J. Khalil و L. Ronzevalle: الرسالة القسطنطينية، *MFOB*، بیروت ۱۹۰۹ء، ۳: ۴۹۳ تا ۵۳۴۔ دُروز کا عام طریقۂ تعلیم مع سوال و جواب مختلف صورتوں میں طبع اور ترجمہ کیا گیا ہے، دیکھیے (۱۱) Eichhorn: *Repertorium für morgenländische und biblissche Literatur*، ج ۱۲ (۱۷۸۳ء)؛ (۱۲) Regnault: *Catéchisme à l'usage des Druses djahels*، در *Bull. de la Société de Géographie*، پیرس ۱۸۲۷ء، ۷: ۲۲ تا ۳۰۔ مذکورہ بالا کتابوں کے علاوہ ذیل کی کتاب سب سے اہم عام مطالعہ ہے: (۱۳) Narcisse Bouron: *Les Druzes, histoire du Liban et de la Montagne haouranaise*، پیرس ۱۹۳۰ء۔ ذیل کی کتاب بھی مفید ہے (۱۴) حنّا ابو راشد: جبل الدروز، قاہرہ ۱۹۲۵ء؛ (۱۵) Henri Guys: *La Nation druze, son histoire, sa religion, ses moeurs, et son état politique*، پیرس ۱۸۶۳ء، اکثر غیر محتاط ہے؛ ان کثیر

Marfat.com

سیاحوں میں سے جنھوں نے الدروز کی بابت لکھا ہے سب سے بہتر (۱۶) Max von Oppenheim : *Vom Mittelmeer zum Persischen Golf*، برلن ۱۸۹۹ء، ۱ : ۱۱۰ ببعد ؛ ذیل کی کتاب بھی بڑی دلچسپ ہے (۱۷) W.B. Seabrook : *Adventures in Arabia*، نیویارک ۱۹۲۷ء، باب ۹ ؛ دُرُوز کے جدید قانونی موقف کے لیے دیکھیے (۱۸) F. van den Steen de Jehay : *De la situation légale des sujets ottomans non-musulmans*، برسلز ۱۹۰۶ء ؛ (۱۹) J. N. D. Anderson : *Personal law of the Druze community*، در *WI*، ۱۹۵۲ء، ص ۱ ببعد، ۸۳ ببعد ؛ مخطوطات کے اندراجات کے لیے خاص طور پر دیکھیے (۲۰) Hans Wehr: *Zu den Schriften Ḥamzas im Drusenkanon*، در *ZDMG*، ۹۶ (۱۹۴۲ء) : ۱۸۷ تا ۲۰۷؛ نیز (۲۱) A.F.L. Beeston : *An ancient Druze manuscript*، در *Bodleian Library Record* ۵/۶ (اکتوبر ۱۹۵۶ء)؛ دیگر حوالوں کے لیے، بالخصوص سیاحوں کی تحقیقات کے لیے، دیکھیے ماخذ، در Bouron اور حواشی، در Philip K. Hitti : *The origins of the Druze People and religion*، نیویارک ۱۹۲۸ء (جس میں کچھ مترجم عبارات بھی شامل ہیں)؛ ان دونوں میں سے جو محذوف ہیں وہ یہ ہیں (۲۲) F. Tournebize: *Les Druzes*، در *Etudes des pères de la Compagnie de Jésus*، ۵ اکتوبر ۱۸۹۷ء ؛ (۲۳) B. J. Taylor : *La Syrie, la Palestine, et la Judèe*، پیرس ۱۸۵۵ء، ص ۳۵ تا ۴۰، ۷۶ تا ۸۳ ؛ (۲۴) Henri Aucapitaine : *Etude sur les Druzes*، در *Nouvelles Annales des Voyages*، ج ۶، فروری ۱۸۶۲ء ؛ *Magasin pittoresque*، ۱۸۴۱ء، ص ۳۶۷، و ۱۸۶۱ء، ص ۲۲۶ ؛ قدیم ترین زمانہ کے وقائع نگاروں کے لیے دیکھیے (۲۵) Silvestre de Sacy : *Exposè* (النویری : نہایۃالأرب)؛ (۲۶) محمد جعفری : انہج الطرائق؛ (۲۷) اَشْمُونِین کا Severus : *Life of Patriarch Zechariah*، (۲۸) ابن تغری بردی : النجوم الزاہرۃ (جس کی بنیاد سبط ابن الجوزی کی مرآۃ الزمان پر ہے)؛ (۲۹) جُرجِس المکین : تاریخ المسلمین - مؤخرالذکر کی بنیاد یحیٰی الانطاکی کے تکملہ Eutychius : *Scriptores Arabici* متن سلسلہ سوم ۷/۲، طبع L. Cheikho و B. Carra de Vaux و H. Zayyat بیروت ۱۹۰۹ء، ص ۲۲۰ ببعد پر ہے ؛ نیز دیکھیے (۳۰) ابن العدیم : تاریخ حلب، ص ۲۲۳؛ (۳۱) M.G.S. Hodgson: *Al-Darazī and Ḥamza in the origin of the Druze religion*، در *JAOS*، ۸۲ (۱۹۶۲ء) : ۵ تا ۲۰ .

(M. G. S. Hodgson)

### (۲) عہد عثمانی

جب عثمانی اور مملوکی فوجیں ۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء میں مَرْج دابق پر صف آرا ہوئیں تو دروز دونوں جانب سے اس میں شریک ہوئے - ملک کے جنوبی حصے کے بُحتری مملوکوں کی طرف سے لڑے اور شُوف کے مَعْنی دمشق کے نائب غزالی کے ساتھ مل کر ترکوں کے مدد گار بن گئے - ترکوں کے تحت دروز پر حکومت مقامی خاندانوں کے ذریعے عمل میں آتی تھی، جن میں سے آل تَنُوخ، مَعْنی (= بنو مَعْن)، بنو شہاب بالخصوص دونوں مؤخرالذکر، (جن کے شجرۂ نسب کے لیے دیکھیے Zambaur : ۱ : ۱۰۸ ببعد) سب سے زیادہ اہمیت رکھتے تھے - مَرج دابق کی جنگ میں بنو مَعْن کی قیادت امیر فخرالدین اول [رک بآں] کے ہاتھ میں تھی جس نے عین نازک وقت پر پہلو بدلا اور مملوکوں کے قانصُوہ الغوری سے دغا کر کے دمشق میں سلطان سلیم اول سے مل گیا - سلطان نے انعام میں اُسے جبل لبنان کے امیروں پر سردار اعلٰی بنا دیا اور آل تنوخ کی سیادت کو صَیدا اور صُور تک محدود کر دیا (Blau : *Zur Geschichte Syriens*، در *ZDMG*، ج ۸ (۱۸۵۴ء)، ص ۴۸۰ ببعد) - ۹۵۱ھ/۱۵۴۴ء میں بنومعن کی حکومت فخر الدین کے فرزند قور قماس کے ہاتھ آئی - ۹۹۲ھ/۱۵۸۴ء میں دُروز نے جب ترکوں پر حملے کیے تو قُور قماس

marfat.com

Marfat.com

کی سر زنش کے لیے والی مصر ابراہیم پاشا فوج لے کر گیا ۔ قُور قماز کے بیٹے امیر فخرالدین دوم [رک بآں] نے سیف اُوغلو یوسف پاشا ، والی طرابلس، کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ۔ ابتدا میں اُسے کچھ کامیابی نصیب ہوئی، مگر آخرکار اُسے الجبل کی طرف بھاگ جانے پر مجبور کر دیا گیا اور یہ اس وقت ہوا جب باغیوں کو ۱۰۱۶ھ/ ۱۶۰۷ء میں اس لڑائی میں جو قویوجی مراد پاشا اور جانبلاط اُوغلو [رک بہ جانبلاط] کے درمیان ہوئی، شکست دے دی گئی۔ جانبلاط اُوغلو کے خاندان کی اہمیت دروز میں اسی وقت سے شروع ہوئی ۔ ۱۰۱۸ھ/ ۱۶۰۹ء اور ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء کے درمیان جب والی دمشق حافظ پاشا نے خشکی کی طرف سے اور قپودان پاشا اوکوز محمد پاشا نے سمندر کی جانب سے ہلہ بول دیا تو دروز اتحاد ختم ہو گیا ۔ فخرالدین نے ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۸ء میں فلورنس کے ساتھ معاہدہ کر لیا اور پھر ۳۰ رجب ۱۰۲۲ھ/ ۱۵ ستمبر ۱۶۱۳ء کو اس معاہدے کے تحت مدد لینے کے لیے وہ اٹلی گیا اور ۱۰۲۷ھ/۱۶۱۸ء میں الجبل واپس پہنچا ۔ اس کی غیر حاضری میں مَعْنی حکومت کو برقرار رکھا گیا ، بالخصوص اس وجہ سے کہ اس کے جاسوس جو استانبول اور دمشق میں تھے، اسے عثمانی ترکوں کی جنگی کارروائیوں کے خطرے سے فوراً آگاہ کر دیتے تھے تاکہ ان کے مقابلے کے لیے تیاری کر لی جائے۔ اگرچہ ترک سلطان نے ایک فرمان کے مطابق ، جو ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۵ء میں جاری کیا گیا، فخرالدین کو حلب سے، یروشلم تک دروز کا امیر تسلیم کر لیا تھا (حیدر، ۱ : ۷۱۵) ، پھر بھی کوچک احمد پاشا ، جسے مراد رابع نے دمشق کا والی بنا دیا تھا، فخرالدین کو ہمیشہ تنگ کرتا رہتا تھا ۔ ۱۰۴۴ھ/ ۱۶۳۴ء میں دروز کو مغارۃ جَرزِین پر فیصلہ کن شکست دی گئی ۔ امیر اور اس کے بچوں میں سے تین کو گرفتار کر کے استانبول روانہ کر دیا گیا جہاں حسین بے کے سوا سب قتل کر دیے گئے۔

فخرالدین کی موت پر مَعْنیوں کے عروج کا خاتمہ ہو گیا ۔ اس کے بعد قیسی یمنی تنازع شروع ہوا۔ فخرالدین، مَعْنیوں کے عروج سے پہلے کے آل تنوخ کے حکمران خاندان کی طرح ایک یمنی قبیلے کا فرد تھا (جو ترکوں میں اقلی (سفید) کے لقب سے مشہور تھا، بحالیکہ قَیْسی قِزلی (سُرخ) کہلاتے تھے، قبّ فِندقلیلی محمدآغا: تاریخ ، استانبول ۱۹۲۸ء، ۱ : ۲۱۵؛ C. F. Volney : ۱ : ۳۱۴، حاشیہ ۱) ۔ امیر مَلحم؛ جو ۱۰۴۵ھ/۱۶۳۵ء میں اس کا جانشین ہوا ، قیسی قبیلے سے تھا اور اس کا مخالف امیر علی عَلَم‌الدین تھا ، جو یمنیوں کا نمائندہ تھا ۔ آپس کے تنازعات نے ترکیہ کو دخل اندازی کا موقع دیا ؛ چنانچہ ۱۰۶۱ھ/۱۶۵۱ء میں حسن پاشا والیِ طرابلس نے ایسا ھی کیا ۔ ۱۰۶۴ھ/۱۶۵۴ء میں امیر ملحم نے والی دمشق سے اتفاق کر کے اپنی حکومت صَفَد تک بڑھا لی ۔ مَلْحم نے ۱۰۶۹ھ/ ۱۶۵۹ء میں وفات پائی اور الجبل میں اس کا جانشین اس کا لڑکا امیر احمد ہوا ، جو مَعْنیوں کا آخری فرمانروا تھا ۔ اس کی وفات ۱۱۰۸ھ/ ۱۶۹۷ء میں ہوئی ۔ اس کے جانشین شہابی ہوئے ، جو قیسی قبیلے کے تھے۔ شہابیوں کو امیر احمد نے پناہ دی تھی اور انھیں ۱۰۷۰ھ/۱۶۶۰ء میں کو پرولو فاضل احمد پاشا والیِ دمشق کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا تھا ۔ اس بنا پر والی دمشق نے طرابلس کے والی کی مدد سے مَعْنیوں اور شہابیوں کی متّحدہ فوجوں کو کَسْروان پر شکست دی ۔ بعد میں مَعْنی اور شہابی آپس میں لڑ بیٹھے اور مَعْنیوں نے ۱۰۷۶ھ/ ۱۶۶۶ء میں الفُلفُل کے مقام پر فتح پائی جو دیرپا ثابت نہ ہوئی (ابن سَباطہ ، صالح بن یحیٰی ، ضمیمہ ۔ ص ۲۳۷) بہر حال امیر احمد کی وفات کے بعد الجبل کا جو سردار اعلیٰ ترکی حکام کی رضامندی سے چنا گیا، وہ رَاشیا کا شہابی امیربشیر بن حسین تھا۔ یمنیوں نے قیسی خاندان کو ہٹانے کی ناکام کوشش کی ، مثلاً فخرالدین ثانی کے بیٹے حسین نے دربار استانبول سے

Marfat.com

اس بات کا انتظام کرا لیا کہ بشیر کو حَصْبَیا کے امیروں کے خاندان کے لڑکے حیدر کا جو بارہ سال کا تھا، قائم مقام امیر مقرر کر دیا جائے۔ آگے چل کر اس کے مقامی حمایتیوں نے بشیر کو زہر دے دیا۔ لیکن جب حیدر اپنے حق کی بنا پر امیر ہوا تو اس نے عین دارا کی لڑائی میں یمنیوں کو شکست فاش دی، جس سے الجبل کے جاگیرداری نظام کی ساری شکل بدل گئی۔ اس کے بعد شہابیوں کی سیادت میں، جنھوں نے کوشش کر کے دروزوں اور مارونیوں کی باہمی کشمکش کی روک تھام کی، جانبلاط کی حکومت شُوف پر قائم ہوئی، ابواللمع نے مَتْن لے لیا اور شُوَیفات میں یمنی قبیلے کے ارسلان خاندان کو تَلَوُّق یمنیوں کے ساتھ شریک ہو کر حکومت کرنا پڑی۔ الجبل کو باہم ملائے رکھنے کے لیے شہابیوں کو ترک والیوں کی مدد کا سہارا لینا پڑا، جن کی دخل اندازی مقامی شیوخ کی تعداد میں اضافے کا باعث بنی؛ چنانچہ شیوخ کو امیر پر دباؤ ڈالنے کا موقع مل گیا۔ شیوخ خراج تو امیر ہی کو ادا کرتے تھے لیکن مجلس میں اس بات کا فیصلہ انھیں کے ہاتھ میں تھا کہ امن و امان بر قرار رکھا جائے یا جنگ شروع کی جائے۔ امیر حیدر نے ۱۱۴۴ھ / ۱۷۳۲ء میں شہابی دارالحکومت دَیْرالقمر میں وفات پائی۔ اس سے پہلے ۱۱۴۱ھ / ۱۷۲۹ء میں وہ اپنے بیٹے مَلْحَم کو تخت پر بٹھا کر خود سلطنت سے دست بردار ہو چکا تھا۔ مَلْحَم کی حکومت ۱۱۶۷ھ / ۱۷۵۴ء تک برقرار رہی۔ اس کے عہد حکومت میں بیروت کی بندرگاہ کو وہی اہمیت پھر حاصل ہوگئی جو فخرالدین کے وقت میں تھی اور وہ دَیْرالقمر کے بعد شہابیوں کا دوسرا دارالحکومت بن گیا۔ الجبل میں عیسائیت کا عموماً غلبہ ہو گیا اور مَلْحَم کے بہت سے بچے رومن کیتھولک مذہب کے پیرو بنا لیے گئے۔ ملحم اور اس کے جانشین عموماً اس کوشش میں رہے کہ مقامی مسلمانوں اور عیسائیوں میں توازن قائم رہے، چنانچہ جب ۱۱۷۱ھ / ۱۷۵۷ء میں یونانی بحری قزاقوں نے روسی جھنڈا لہراتے ہوئے بیروت پر حملہ کر دیا اور اس کا بدلہ لینے کے لیے مسلمانوں نے فرانسسکی خانقاہ پر حملہ کیا تو امیر کے حکم سے مسلمانوں کے دو سرغنے پھانسی دیے گئے۔

مَلْحَم کے بعد اس کے جانشین اس کے بھائی احمد (مؤرّخ احمد الشہابی کا باپ) اور منصور ہوئے۔ اگرچہ صَیْدا کے ترک والی نعمان پاشا نے امارت کے لیے قاسم بن عمر کو نامزد کیا تھا، لیکن اسے اس رقبے پر قناعت کرنا پڑی جو جَزّیْن کے اردگرد تھا۔ قاسم نے ۱۱۸۲ھ / ۱۷۶۸ء میں عیسائی ہوکر وفات پائی اور اس کا لڑکا بشیر بھی علانیہ عیسائی ہو گیا (Blau: کتاب مذکور، ص ۹۶؛ Lammens: *La Syrie*، بیروت ۱۹۲۱ء، ۲: ۱۰۰ ببعد)۔ بہرحال مذہب کی یہ انفرادی تبدیلیاں دروز کی اکثریت کو اپنا مذہب برقرار رکھنے میں تو مانع نہ ہوئیں، البتہ یہ ایسا واقعہ تھا جس نے آئندہ کے لیے مشکلات کا بیج بو دیا۔ منصور کو درویش پاشا والی صیدا نے ۱۱۸۴ھ/۱۷۷۰ء میں معزول کر دیا اور اس کی جگہ امیر یوسف کو مامور کیا۔ ۱۱۸۵ھ / ۱۷۷۱ء میں جب روسی بیڑے کو، جو Alexei Orlov کی زیر قیادت تھا، صَفَد اور عکّہ کے باغی حاکم ظاہر العمر نے اُکسایا کہ بیروت پر گولہ باری کرے تو منصور نے یہ کوشش کی کہ پچیس ہزار پیاسٹر دے کر صلح کرلے۔ اُدھر امیر یوسف نے ترکیہ سے کمک طلب کی، جس پر عثمان پاشا والی دمشق نے جزّار احمد پاشا کو روانہ کیا اور اس نے امیر یوسف کے نام پر بیروت پر قبضہ کر لیا۔ امیر یوسف اس ناپسندیدہ نائب حکمران کا چار ماہ تک محاصرہ کرنے کے بعد ۱۱۸۷ھ / ۱۷۷۳ء میں اسے بیروت سے نکال دینے میں کامیاب ہوگیا۔ اس میں اس نے روسی بیڑے کو قبرص سے بلا کر اس سے مدد حاصل کی۔ بہرحال جزّار احمد صَیْدا اور عکّہ میں بیٹھے بیٹھے الجبل کے شہابیوں پر برابر اپنا دباؤ ڈالتا رہا۔ خراج کی ادائیگی اور مصر سے نپولین کے حملے کے

Marfat.com

مقابلے میں ترکوں کی حکومت کے ساتھ وفاداری بھی بشیر ثانی کو اس دباؤ سے نجات نہ دلا سکی ۔ اگرچہ یوسف ضیاء پاشا نے، جو نپولین کے خلاف لڑنے والی ترک افواج کا سپہ سالار تھا، بشیر کو الجبل کا حاکم تسلیم کر لیا تھا ، پھر بھی جزّار احمد نے اس کو ان افواج کے ذریعے نکال دیا جن کے قائد امیر یوسف کے بیٹے حسین اور سعد الدین تھے اور جنھیں وہ بشیر کی جگہ تخت پر بٹھانا چاہتا تھا۔ بشیر نے برطانیہ کے امیر البحر سڈنی سمتھ کی پناہ لی اور وہ اسے اپنے عَلَم بردار جہاز میں بٹھا کر العریش لے گیا اور کچھ دن بعد الجبل واپس لے آیا ۔ جزّار احمد نے اس وقت اسی پر اکتفا کیا کہ بشیر کے بیٹوں کو بطور یرغمال اپنے پاس رکھے ۔ ۱۸۰۴ء میں جزّار پاشا کے انتقال کے بعد دُروز پر دباؤ کم ہوگیا۔ ۱۸۱۰ء میں جب وھابی دمشق پر چڑھائی کرنے والے تھے تو وھاں کے والی یوسف پاشا نے سلیمان پاشا کی، جو عکّہ کا سنجاق بیگ تھا، مدد طلب کی۔ اس نے موقع ملتے ھی دروز کو دمشق بلا لیا ۔ دروز نے یوسف کو وھاں سے نکال دینے پر اپنا زور صرف کیا اور پھر سلیمان پاشا کے جانشین عبداللہ پاشا نے انھیں بڑی مشکل سے وھاں سے ھٹا کر حوران میں دھکیلا ۔ لیکن الجبل سے بشیر کی غیر حاضری نے اس قدر ناراضگی پھیلائی کہ عبداللہ پاشا اور والیِ دمشق شیوخ کو اُسے واپس لبنان واپس بلا لینے کی اجازت دینے پر مجبور ہوگئے۔ اس کے بعد عبداللہ پاشا نے جب عکّہ میں ترکوں کے خلاف بغاوت کی ، تو بشیر اس کا حامی ھو گیا ۔ یہ دیکھ کر (عبداللہ پاشا) کے حریف شیخ جانبلاط نے عباس الشہابی کے امیر ھونے کا اعلان کر دیا ۔ اب بشیر اور اس کے بیٹوں کو مصر کے محمد علی کی پناہ لینا پڑی۔ بہت دن نہ گزرنے پائے تھے کہ بشیر پھر واپس آیا اور ۱۸۲۵ء میں جانبلاط کو مختارہ کی لڑائی میں شکست دی اور اس کو قتل کر دیا ۔ اگلے سال یونانی باغیوں کے جنگی بیڑے نے بیروت پر حملہ کر دیا ، جس کی وجہ سے مقامی عیسائیوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کے دوران میں بہت سے عیسائی وطن چھوڑ کر الجبل چلے آئے ۔ بشیر کے خلاف مسلمانوں کے جذبات اس پر اور بھی بھڑک اُٹھے کہ اس نے ملکی عیسائیوں کو الجبل میں بس جانے کی اجازت دی۔ ۱۸۳۰ء میں بشیر نے عبداللہ پاشا کی پھر مدد کی اور یہ اس لیے کہ نابلوس میں جو بغاوت اٹھ کھڑی ھوئی تھی اُسے دبایا جائے ۔ اس کے بعد اس نے ترکوں کے خلاف محمد علی کا ساتھ دیا اور ابراھیم پاشا کی فتوحات میں مدد دی ۔

(C. M. Shihabeddin Tekendağ)

۱۸۳۳ء کے معاهدۂ کُوتاھیہ کے بعد بشیر نے مصریوں کی مدد کرنے میں مقدور بھر کوشش کی اور اس کے بدلے میں لبنان کے لیے وسیع خود مختارانہ حکومت حاصل کر لی ۔ مصری حکومت پہلے پہل تو خوب پسند کی گئی ، بالخصوص اس وجہ سے کہ غیر مسلموں پر سے بعض ٹیکس اٹھا دیے گئے ، لیکن جب ابراھیم پاشا نے آتشی اسلحہ کے ضبط کرنے کی کوشش کی اور دُروز کو فوجی خدمت کے لیے بلا لیا تو مشکلات رونما ھوئیں ۔ ۱۸۳۵ء میں ابراھیم پاشا نے دَیرالقمر میں فوج متعین کر دی اور مقامی عیسائیوں سے ھتیار چھین کر جمع کرنا شروع کر دیے، مگر بعد میں اس کارروائی سے دُروز کو مستثنٰی کر دیا ۔ پھر ۱۸۳۷ء میں جب دُروز کو حَوران میں طلب کرنے کی کوشش شروع ھوئی تو دُروز نے بغاوت کر دی اور انتقاماً ابراھیم پاشا کے پیغام رسانوں کو قتل کر دیا ۔ حکومت ترکیہ نے دُروز کو بھڑکانے کی کوشش کی اور ان کے لیے ھتیار بھجوائے ۔ ابراھیم نے اس کا یہ بدلہ لیا کہ کُردوں کو اُکسایا اور ترکی جہازوں کے لیے شام کی بندرگاھیں بند کر دیں ۔ لَجا میں دُروزوں کی بغاوت پھوٹ پڑی ، مگر بشیر نے اپنے بَیت الدّین کے محل سے جہاں سے وہ مارونیوں پر اپنا گہرا اثر قائم رکھتا

Marfat.com

تھا، کوشش کی کہ بغاوت حَوران سے لبنان تک نہ پھیلنے پائے، جس میں وہ کامیاب ہوا، کیونکہ اسے یقین تھا کہ مصر کا مددگار فرانس ہے اور آخرکار مصریوں کی فتح ہو کر رہے گی۔ اُدھر جب ابراہیم پاشا نے پھر کوشش شروع کی کہ ہتیار ضبط کیے جائیں اور بیروت کی مصری فوجوں نے دیکھا کہ ان کا رسل و رسائل کا سلسلہ بند ہو گیا ہے تو لبنان میں عام بغاوت پھوٹ پڑی۔ اب کے اس میں مارونی بھی شامل تھے۔ ۱۴ اگست ۱۸۴۰ء کو برطانوی بحری افسر سر چارلس نیپیر Sir Charles Napier نے باغیوں کے ساتھ ربط و ضبط قائم کیا اور جب اس سے اگلے ماہ برطانیہ، آسٹریا اور ترکیہ کے جہاز باہم مل کر بیروت پر گولہ باری کر چکے تو اس کے بعد باغیوں کے لیے ہتیار مہیا کیے گئے۔ ابراہیم پاشا سے مدد پہنچنے کے انتظار میں بشیر دَیْرالقمر میں ٹھہرا رہا، مگر مدد نہ پہنچی۔ آخر بشیر نے سلطان کی اطاعت منظور کر لی؛ سلطان کی فوجیں اس وقت شام کو دوبارہ فتح کرنے کی تیاری کر رہی تھیں اور یہ لنڈن کے معاہدہ کا نتیجہ تھا۔ بشیر کے ذاتی تحفظ کی ضمانت دی گئی، تاہم اسے حکومت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ اس کے ایک رشتہ دار بشیر قاسم مَلْحَم کو بٹھا دیا گیا۔ مصر کے الجبل پر قابض ہو جانے سے ایک طرف تو وہاں کا جاگیرداری نظام درہم برہم ہو گیا اور دوسری جانب دروزوں اور مارونیوں کے درمیان مخالفت زور پکڑ گئی۔ بشیر قاسم کی حکومت کوئی ایک سال رہی۔ اسے صَیْدا کے مشیر سلیم پاشا سے دب کر رہنا پڑا، جس کا دارالحکومت بدل کر بیروت کر دیا گیا تھا اور جس نے امیر کو صلاح مشورہ دینے کے لیے مختلف فرقوں کی ایک مجلس شوریٰ بنا دی تھی۔ ٹیکس کی اصلاح (مصریوں نے الجبل میں ٹیکس ۳٦۵۰ سے ٦۵۰۰ کیسوں (purses) تک بڑھا دیے اور پھر گھٹا کر ۳۵۰۰ کر دیے) اور معاوضے کے مسئلے پر فرقہ‌دارانہ ناچاقی پیدا ہو گئی۔ پہلا فساد بَعْقَلِین میں ہوا، جس کے بعد دَیْرالقمر میں بہت سے مکانوں اور دکانوں کو آگ لگا دی گئی۔ کسی قدر امن اس وقت بحال ہوا جب دروزی بخت آزما شہاب اَلعُریان کو، جو والی دمشق کی خدمت میں تھا، زبردستی زَحْلہ سے دَیْرالقمر بھیجا گیا۔ ان واقعات سے باہر بڑی بے چینی پھیل گئی اور غیر ممالک میں ترکی انتظام حکومت کی بابت بہت سی شکائتیں پیدا ہو گئیں۔ حکومت ترکیہ نے اس پر بشیر قاسم کو حکومت سے برطرف کر دیا اور الجبل کا انتظام براہ راست سرعسکر نُوری پاشا کے ہاتھ میں دے دیا، جس نے اپنی پیادہ فوج کے افسروں میں سے ایک افسر میر لِوا عمر پاشا کو امارت کی گدی پر بٹھا دیا۔ بیرونی ممالک کی پیہم ناراضگیوں نے مجبور کیا کہ کوئی قدم اٹھایا جائے۔ چنانچہ ۱۸۴۲ء میں سلیم بے کو حالات کی چھان بین کے لیے بیروت بھیجا گیا، مگر اس نے یہ اطلاع بھیجی کہ حالت اطمینان بخش ہے اور یہ کہ یہاں کوئی دروز یا مارونی امیر مقرر کرنا ناممکن ہے۔ اس اطلاع پر باب عالی کے غیر ملکی سفیروں نے یقین نہیں کیا۔ اس دوران میں نئے حوادث کی اطلاع پہنچی، جس کے بعد اَسْعد مُخْلص پاشا کو صَیْدا کا مشیر مقرر کیا گیا اور اس کے بیروت پہنچ جانے کے بعد سرعسکر کے نصب العین کے پورے ہو جانے کا اعلان کر دیا گیا۔ اسعد پاشا نے دو قائم مقام مقرر کیے: ایک بیت ابی اللّامع سے حیدر مارونی اور ایک بیت ارسلان سے میر احمد دروزی؛ علاوہ ازیں جُبَیْل کے شمالی اضلاع کو الجبل سے الگ کر کے طرابلس میں شامل کر دیا۔ ۱۸۴۵ء میں اس سے بھی زیادہ شورشیں ہوئیں جب اسعد پاشا کی جگہ والیِ حلب وِجِیْہی پاشا کو مقرر کیا گیا۔ ان خونریز حوادث میں وہ حملہ شامل تھا جو مارونیوں نے مَتن کے دُروز پر کیا اور وہ حملے بھی جو دُروز نے آبی اور سُلَیما کی خانقاہوں پر کیے، جنھیں آگ لگا دی گئی۔ اس کے بعد آپس میں ایک دوسرے پر ان حوادث کے الزامات

marfat.com
Marfat.com

لگائے جانے لگے ۔ فرانسیسیوں نے وجیہی پاشا پر الزام لگایا کہ وہ دروز کا طرفدار ہے ۔ خود فرانسیسیوں پر یہ الزام لگایا گیا کہ انھوں نے مارونیوں کو بھڑکایا تھا ۔ اس کے بعد ایک اور وفد وزیر خارجہ شکیب افندی کے تحت تحقیق حال کے لیے روانہ ہوا۔ شکیب افندی نے سب سے پہلے یہ مطالبہ کیا کہ سارے ہتیار حکومت کے سپرد کر دیے جائیں ۔ اس حکم کی مخالفت کی گئی اور اس سے مزید پیچیدگیاں پیدا ہو گئیں ۔ جنوری ۱۸۴۶ء میں "فریق" (ڈویژنل جنرل) امین پاشا کو سفیر بنا کر بھیجا گیا ۔ اس نے جدید انتظام قائم کرنے میں شکیب افندی کی مدد کی اور جون ۱۸۴۶ء میں اس کے ساتھ ہی واپس چلا آیا۔ شکیب افندی کی اصلاحات میں قائم مقاموں کو رہنے دیا گیا جنھیں ایک مخلوط مجلس شوریٰ صلاح و مشورہ دیتی تھی اور جن گانووں میں ملی جلی آبادی تھی وہاں سے خاص نمایندے (وکیل) منتخب کیے گئے ۔ دونوں قائم مقاموں کا مشاہرہ ساڑھے بارہ ہزار پیاسٹر مقرر ہوا ۔ ان کا تقرر اور برطرفی براہ راست سلطان کے ہاتھ میں تھی؛ نیز قرار پایا کہ سلطان اس ضمن میں صیدا کے مشیر کے مشورے سے فرمان صادر کرے گا ۔ مجالس حکومت کو قضا، انتظامیہ اور مالیات کے اختیارات تفویض کیے گئے۔ اس طرح ۱۸۴۷ء کے اوائل میں انتظام کو پائیداری نصیب ہوئی، اگرچہ بعض شورہ پشت دروز سرداروں کو مملکت سے نکالنے میں ناکامی کی وجہ سے کچھ مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ۔ دونوں فریقوں میں ٹیکسوں کو حصہ رسدی بانٹ دیا گیا : مارونیوں سے ۱۹۹۴ کیسے (purses) اور دروز سے ۱۵۰۶ کیسے ادا کرنے کو کہا گیا .

یہ امن و امان ۱۸۵۶ء تک قائم رہا ۔ ۱۸۵۶ء کے "خط ھمایوں" کی وجہ سے، جس میں غیر مسلم رعایا کے ساتھ مراعات کا وعدہ کیا گیا تھا، مسلمانوں اور عیسائیوں میں رقابت عام ہو گئی ۔ خرابیوں کی پہلی علامتیں ۱۸۵۹ء میں رونما ہوئیں ۔ دوسرے ہی سال دروز اور مارونی کھلم کھلا ایک دوسرے سے دست و گریبان ہو گئے ۔ اس پر خورشید پاشا نے دونوں قضاؤں کی درمیانی سرحد پر فوجیں متعین کر دیں، لیکن اس اقدام سے بھی ۱۸۶۰ء کا بڑا فساد نہ رک سکا ۔ ماہ مئی میں دروز نے متن کے چند گانووں پر حملہ کر دیا اور ان میں آگ لگا دی؛ جون میں ان کے ساتھ حوران کے دروز بھی آملے، جن کا قائد اسمٰعیل اطرش تھا (الجبل کے دروز کی قیادت بالخصوص سعید جانبلاط اور خطّار احمد کے ہاتھ میں تھی)۔ صوبے کی مجلس عمومی نے فوج بھیجنے کے بارے میں والی کی تجویز مسترد کر دی۔ ادھر دروز نے حاصبیا کے قصر حکومت کے مدافعین کو مغلوب کر کے مقامی عیسائیوں کا قتل عام کر دیا ۔ اسی نوع کی زیادتیوں کی اطلاع راشیا، بعلبک (جہاں آل حرکوبین نے مقامی حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا)، زحلہ اور دیرالقمر سے موصول ہوئی ۔ ان شورشوں کو دبانے کے لیے حکومت عثمانیہ نے وزیر خارجہ فواد پاشا کو روانہ کیا اور اس کو بوقت ضرورت مکمل اختیارات استعمال کرنے کی اجازت دی ۔ [اس کے پہنچتے ہی دمشق میں مقامی باشندوں اور عیسائیوں کے درمیان خونریز فسادات شروع ہو گئے، جن میں دروز اور بدویوں نے مقامی عوام کی مدد کی]۔ اس اثنا میں خورشید پاشا نے دروز اور مارونیوں کے درمیان عارضی طور پر لڑائی بند کرا دی تھی، جسے فواد پاشا نے پسند نہ کیا، اس وجہ سے کہ اس سے محکمہ قضا کی کارروائیوں میں خلل واقع ہوتا تھا، تاہم وہ اسے کھلم کھلا رد بھی نہیں کر سکتا تھا کیونکہ خوف تھا کہ خونریزی پھر شروع ہو جائے گی ۔ اس موقع پر فرانس نے براہ راست دخل دیا اور پانچ ہزار فوج خشکی پر اتار دی اور رائے ظاہر کی کہ دروز کو الجبل سے بالکل نکال دیا جائے۔ فواد پاشا نے کامیابی کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا اور وہ اس طرح کہ دروز کے مجرم سرغنوں کے خلاف سختی کے ساتھ قدم اٹھایا، ان کا

Marfat.com

پیچھا کر کے انھیں گرفتار کر لیا اور ان پر مختارہ میں فوجی عدالت کے سامنے مقدمہ چلا کر ان میں سے بعض کو سزاے موت کا حکم سنا دیا گیا ۔ اس نے دمشق میں بھی سخت تادیبی کارروائی کی اور وہاں کے والی احمد پاشا کو گرفتار کر کے استانبول بھیج دیا تاکہ اس کے خلاف عدالتی کارروائی کی جائے، اور خورشید پاشا کو بھی بیروت سے نکال دیا ۔ ان تدابیر کی بدولت اس کا امکان پیدا ہوگیا کہ الجبل سے فرانس کی فوجوں کو واپس بلا لیا جائے گا ۔ ۹ جون ۱۸۶۱ء کو ایک عہد نامے پر دستخط ہوے، جس کی رو سے الجبل کو بیروت اور دمشق کی ولایتوں سے مکمل طور پر الگ کر کے عیسائی "متصرف" کے تحت رکھ دیا گیا، مگر اس ایک عیسائی کے لیے ضلع سے باہر کا ہونا لازمی تھا ۔ اس متصرف کو مشورہ دینے کے لیے دونوں فرقوں میں سے ایک ایک وکیل لیا گیا ۔ مرکز میں ایک انتظامی مجلس مقرر کی گئی اور جدید قضاؤں میں بھی ایک ایک انتظامی مجلس بنا دی گئی؛ مخلوط پولیس کا ایک دستہ بھی مرتب کیا گیا ۔ غیرملکی سفارتوں کے اشارے سے ایک ارمن کیتھولک داؤد پاشا کو متصرف مقرر کیا گیا، جس نے یہ عہدہ پانچ سال تک سنبھالے رکھا ۔ اس کے بعد اس کی جگہ ایک عرب عیسائی فرانکو پاشا مقرر ہوا ۔ داؤد پاشا نے دُروز کے لیے بہت سے مدرسے کھولے ۔ اسی طرح ہی مارونی دیہات میں بھی مدارس جاری کیے ۔ دُروز اس کے جانشین کے عہد میں برابر ترقی کرتے رہے، لیکن حوران کے دُروز میں بدامنی جاری رہی؛ ان کے ساتھ لبنان سے بھاگے ہوئے لوگ بھی آ کر مل گئے اور اب جبل حوران کا نام جبل دُروز پڑ گیا ۔ یہاں دُروز پر خاندان اَطْرَش نے اقتدار حاصل کر لیا، اس لیے کہ ۱۸۶۰ء کے حوادث میں اسمٰعیل اَطْرَش نے بہت بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا ۔ ۱۸۷۹ء میں اسمٰعیل کے فرزند ابراہیم نے سُوَیْداء پر حملہ کر دیا، جو جبل حوران کا دارالحکومت تھا ۔ جب دمشق کا والی اس کے خلاف تادیبی حملہ کرنے اٹھا تو دُروز نے بڑی سختی سے اس کا مقابلہ کیا؛ آخر ۱۸۸۰ء میں فریقین کے مابین ایک عارضی صلح نامہ طے ہو گیا ۔ جب ابراہیم کے فرزند شبلی کو عثمانی عہدے داروں نے دَرْعہ میں قید کر دیا، جس کا سبب بڑی حد تک اقتصادی اور معاشرتی ہنگاموں کا برپا ہونا تھا، تو ایک جھگڑا کھڑا ہو گیا ۔ دُروز پھر کمر بستہ ہو گئے اور مجبوراً شبلی کو قید سے رہا کر دیا گیا ۔ شبلی کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا، لیکن ۱۸۹۳ء میں دُروز نے شورش کر کے پھر اسے چھڑا لیا، اس سال وہ بنو فَجْر سے ساز باز کر کے اپنے پیرو کاروں کو قُبَیلہ رواله پر چڑھا لے گیا تھا ۔ ان آفتوں کے دوران بہت سے دروز خاندان جلاوطن کر کے اناطولی بھیج دیے گئے، لیکن بعد میں انھیں پھر وطن واپس آنے کی اجازت مل گئی اور اس کے ساتھ ہی دُروز کو فوجی خدمات کے لیے بھرتی کرنے کی تجاویز ترک کر دی گئیں ۔

اس تمام مدت کے دوران لبنان کے دُروز امن کے ساتھ خاموش بیٹھے رہے، یہاں تک کہ ۱۸۹۷ء میں انھوں نے شکایت کی کہ مارونیوں کی چیرہ دستی مسلسل بڑھتی چلی جا رہی ہے اور مطالبہ کیا کہ اگر مارونی اس بات میں کامیاب ہو جائیں کہ شوف کی قضا سے، جو تنہا مسلم قضا تھی، چار ناحیوں کو الگ کر دیا جائے تو مَتْن کے دس ہزار دُروز کے لیے ایک جداگانہ قضا بنا دی جائے ۔ ۱۹۰۸ء میں ترک نوجوانوں کے انقلاب کے بعد دُروز کے خلاف کارروائی سامی پاشا کے سپرد کر دی گئی ۔ سامی پاشا نے فوجی حکومت کے نفاذ کا اعلان کر دیا اور پھر دروز کے سرداروں کو دمشق بلا بھیجا، جہاں ان میں سے بہت سے قتل کر دیے گئے ۔ بایں همه درزو کی مقاومت ۱۹۱۱ء تک جاری رہی ۔ جب پہلی عالمی جنگ شروع ہوئی تو تمام معاہدات ختم ہو گئے،

marfat.com
Marfat.com

ساتھ ھی لبنان کی خود مختاری بھی جاتی رھی اور
اسمٰعیل حقّی بےکو خود مختار "متصرف" بنا دیا گیا۔
اس کے بعد دُروز کے مطالبات بے محل ھو گئے۔ دوران
جنگ میں جمال پاشا نے کچھ دُروز سرداروں کو بیت المقدس
میں بطور "مہمان" رکھا۔ اسی جنگ کے زمانے میں
دروز کا سردار یحیٰی الاطرش، جس پر جمال پاشا
نے فرانسیسیوں کے ساتھ ساز باز رکھنے کا الزام لگایا
تھا (خاطرات، استانبول ۱۳۳۹ھ، ص ۱۷۹)،
فوت ھو گیا اور اس کا فرزند سلیم اس کا جانشین ھوا۔
جمال پاشا نے اطرش خاندان کے دو افراد نسیب اور
عبدالغفار کی خدمات کو سراھا، لیکن اس کا ایک تیسرا
فرد سلطان، جس کے باپ کو سامی پاشا نے قتل کرا
دیا تھا، ترکوں کا مخالف ھو گیا اور وہ پہلا دروز
سردار تھا جو ۲ اکتوبر ۱۹۱۸ء کو اتحادی فوجوں
کے ساتھ دمشق میں داخل ھوا۔

(M. Tayyib Gökbilgin)

* **الدُّرُوع** : (= دِرعی)، ایک بڑا غافری قبیلہ، جس
کے افراد زیادہ تر خانہ بدوش اِباضی [خوارج] ھیں،
جو عُمان اور جنوب مشرق عرب کے چٹیل میدان اور
دامن کوہ میں بودوباش رکھتے ھیں۔ ان کا "دِیْرہ"
وادی الصّفا، نیز تَنعُم میں آلِ بوشامِس غافری اور الظّاھرہ
میں بنو قِتَب کی اراضی سے شروع ھو کر میدانِ سیح
الدروع کے آر پار جنوب مشرق کی طرف وادی حَلْفِین اور
آل وَھِیْبَہ کے قبیلۂ ھناوی کے علاقے تک پھیلتا چلا گیا
ھے۔ یہ علاقہ حمراء الدُّرُوع اور اندرون عُمان کے
کوھستان سے منفصل حصّوں (جن میں عِزّ اور اِدَم کے
گِرد مرتکز غافری اَلجِلْیَہ کا شمال مغربی (گھرا ھوا
علاقہ پایا جاتا ھے) سے لے کر جنوب میں اَلحقْف (الحِقْف) کے
ناھموار ضلع اور "جِدّۃ الحراسیس" کے چٹیل میدان تک
اور جنوب مغرب میں اَلربع الخالی [رَکّ بِآن] کے صحرا
تک پھیلا ھوا ھے؛ مؤخرالذکر کے زیریں سرحدی علاقے
(اَلوِطاء) میں اُمّ السمیم کے سبخہ اور رملات (quicksands)
شامل ھیں۔

قبیلے کا بڑا مرکز عِبرِی کے جنوب میں تقریباً پندرہ
کیلومیٹر کے فاصلے پر تَنعُم کا گاؤں ھے۔ یہ شیخ کے
کے تحت قبیلہ المحامید اور المقاردۃ کا "مَقیز" (= موسم
گرما گزارنے کا مقام؛ جمع مقاییز) ھے جن کے تقریباً ایک
سو مستقل بسنے والے آدمی کھجوروں کے باغوں کی دیکھ
بھال کرتے ھیں۔ المحامید اور الدَّبابِنَہ کے نخلستان،
السُّلیف میں بھی ھیں، جو تَنعُم کے شمال مشرق اور عِبری
کے جنوب مشرق میں ھے۔ علاوہ ازیں المحامید کے باغات
عِبری میں بھی ھیں۔ دوسرے گروہ اپنے باغوں کے گرد
گرما گزارتے ھیں جو اَلمَعْمُور (الدروع کا معمور)، الحَبّی،
قِل، مَدِری، بِساہ، یَبرِین، طَیْمِسہ اور ادم میں ھیں۔

گو الدُّرُوع کا بڑا تجارتی مرکز عِبری ھے مگر وہ
دیگر اندرونی منڈیوں میں بھی آتے جاتے ھیں، جن
میں نزوٰا، بَہلاء اور اَدَم کی منڈیاں شامل ھیں۔
کبھی کبھی وہ دُبیّ تک نکل جاتے ھیں، جو خلیج فارس
میں ھے بلکہ الخابُور اور مسقط تک بھی، جو خلیج عُمان
میں ھیں، جا پہنچتے ھیں۔ ان کی خاص قابل فروخت
چیزیں حسب ذیل ھیں: مویشی: اونٹ، بکریاں اور
بھیڑیں؛ دستی مصنوعات: رسیاں، جہاز کی رسیاں،
چٹائیاں (سِمۃ، جمع سمیم)، ٹوکرے وغیرہ، جو چھوٹی
کھجور (palmetto) کی طرح کے سَعف (پتوں؛ عمان میں
اسے غضف کہتے ھیں) سے بنائے جاتے ھیں اور بھیڑ کی
اُون کے قالین، جن کی نفاست میں الدُّرُوع کا آل
حکمان سے مقابلہ رھتا ھے؛ چوبی پیداوار: لکڑی کا
کوئلہ (سخّام)، جو سَمُر اور غاف کو سُلگا کر بنایا جاتا
ھے۔ یہ درخت ان متعدد ندیوں کے ساتھ ساتھ اُگتے ھیں
جو اس چٹیل میدان کو جنوب مغرب کی طرف قطع کرتی
ھیں؛ معدنیات: گندھک، قارۃ الکِبریت سے نکلی ھوئی،
جو جانوروں کی کھجلی دور کرنے اور بارود بنانے
کے کام آتی ھے؛ نمک، جو قارۃ الکبریت، قارۃ المِلح
اور نمک کی کانوں، جو اُمّ السَّمیم کے مشرق

Marfat.com

کنارے پر واقع سبخہ سے حاصل ہوتا ہے .
مشہور عُمانی اونٹوں میں سے الدُّروع تین امتیازی نسلوں کی پرورش کرتا ہے : بنات عُصَیفر، بنات خَبار اور بنات حُمْرَہ ۔ نمک کی کانوں میں شیوخ کی عام نگرانی میں کام ہوتا ہے، لیکن وہ ان کی ملکیت نہیں ہیں ۔ بہترین نمک قارۃ الکبریت سے حاصل ہوتا ہے، جسے قارۃ العُرَیشہ بھی کہتے ہیں ۔ ام السَّمیم کی سرحد پر کمتر خالص نمک کی کانوں میں سے (جہاں کھدائی زیادہ محفوظ ہے اور ان میں وہ مُہلک حوادث نہیں واقع ہوتے جو دونوں قاروں میں ہوتے ہیں) نمک کی سِلّیاں کاٹی جاتی ہیں، جو چار مِل کر ایک اونٹ کا بار بنتی ہیں ، اور جن سے حاصل شدہ منافع ایک سے لے کر دو ماریا تھیریسا Maria Theresa ڈالر کے درمیان گھٹتا بڑھتا رہتا ہے ۔ قیمت گرمیوں میں زیادہ بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس موسم میں کان کی کھدائی گرمی اور پانی سے فاصلے پر ہونے کی وجہ سے بہت دشوار ہو جاتی ہے ۔ پانی حاصل کرنے کے لیے قریب ترین دریا ، مُوَیہ الرّاکہ اور العُبَیلہ اونٹوں کے ذریعے ایک دن سے زیادہ کی مسافت پر واقع ہے .

چونکہ الدُّروع عام طور پر "الرّبع الخالی" کے وسیع ریتلے میدان سے بچتے ہیں ، بنا بریں کوئی معقول وجہ نہیں کہ وہ ام السّدیم سے گزر کر سفر کریں جس کی ریگ رواں میں ، عوام کے بیانات کے مطابق ، بے خبر مسافر ، چروا ہے اور لٹیرے اور ان کے جانور دھنس کر غائب ہو جاتے ہیں ۔ "عیال خَرَس" اور "المحامید" کے افراد کی بابت کہا جاتا ہے کہ وہ ایسے محفوظ راستوں سے واقف ہیں جو اس کے اندرونی مہلک میدان سے گزرکر شمال سے جنوب کی طرف جاتے ہیں، لیکن پھر بھی وہ خود شاذ و نادر ہی اس کو قطع کرنے کی ہمت کرتے ہیں .

قدرت نے انہیں جو ذرائع عطا کیے ہیں، ان سے تجارتی منافع کمانے کے باوجود الدّروع میں کوئی پیشہور سوداگر نہیں ۔ وہ بنیادی طور پر ایک خانہ بدوش قبیلہ ہے ۔ وہ دور دور تک دلیرانہ چھاپے مارنے میں مشہور ہیں اور قبائلی جنگوں میں حصہ لینے میں بھی شہرت رکھتے ہیں .

الدّروع کی اکثریت اباضی ہے ، لیکن المقارِدَہ کا بڑا حصہ اور المحامید کے چھوٹے مگر حکمران گھرانے کے بیشتر لوگ سُنّی ہیں ۔ اس قبیلے کی اصل معلوم نہیں ۔ ان کے نام کی آل دِرع کے نام سے مماثلت ، جو آل سعود کے رشتہ دار ہیں اور پہلے وادی حنیفہ میں رہتے تھے اور جن کے نام پر آل سعود کے پہلے دارالسلطنت کا نام الدرعِیّہ رکھا گیا تھا ، غالباً کوئی اہمیت نہیں رکھتی ۔ جنوبی عرب کی ایک مشہور عام روایت یہ ہے کہ الدّروع کی وہی اصل ہے جو قبیلہ المناهیل کی ہے، یعنی وہ بھی بنی (یا اهل) الظَنّہ سے ہیں ۔ ان کے ناموں میں ماؤں کے نام کا ذکر پایا جاتا ہے، یعنی فلاں بن فُلانۃ ؛ ہو سکتا ہے کہ یہ ان کے جنوبی الاصل ہونے کی علامت ہو .

الدُّروع کے علاقے میں رہنے والے دیگر گروہوں میں سب سے زیادہ دلچسپ وہ گروہ ہے جو العِفار (رَکّ بآن) کے تقریباً چالیس افراد سے مل کر بنا ہے ۔ قبیلۂ العِفار اصل میں مغربی ظُفار کے علاقۂ حَبرَوت سے آیا ہے اور وہیں ان کے اکثر لوگ اب تک رہتے ہیں ۔ العِفار سُنّی اور هناوی ہیں، مگر انہیں درعی اور دیگر غافری علاقوں میں اجنبیوں کی حفاظت اور رهنمائی کرنے کا امتیاز حاصل ہے ۔ ان کے سرداروں کی بہت قدر و منزلت کی جاتی ہے ۔ آل (یا عیال) خُمَیس کو، جو وادی سَیفَم میں گھومتے رہتے ہیں اور حمراء الدّروع اور الجبل الاخضر کی وادیوں کے پڑوس میں رہتے ہیں اور جن کے مردوں کی تعداد کئی سو تک پہنچتی ہے، درعی الاصل بتایا جاتا ہے، مگر آج کل انہیں ایک جداگانہ قبیلہ خیال کیا جاتا ہے ۔ دیگر گروہ جو الدّروع سے نکلے ہیں، الشرقیہ اور باطنہ میں بود و باش رکھتے ہیں .

Marfat.com

سب سے بڑے شیخ کو التِّیمہ کہتے ہیں ۔ اُن گروہوں یا فرقوں کے جو المحامید کے علاوہ ہیں سرداروں کو شیخ کا لقب دیا جاتا ہے، مگر ان کا عام طور پر لقب رشید (جمع رُشَداء) ہے .

**مآخذ :** (۱) J. G. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf, 'Omān, and Central Arabia*، ج ۱، کلکتہ ۱۹۰۸ء تا ۱۹۱۵ء؛ (۲) Admiralty : *A Handbook of Arabia*، ج ۲، لنڈن ۱۹۱۶ تا ۱۹۱۷ء؛ (۳) S.B. Miles : *The Countries and Tribes of the Persian Gulf*، ج ۲، لنڈن ۱۹۱۹ء؛ ( ) Wilfred Thesiger : *Across the Empty Quarter*، در GJ، ۱۱۱ : ۱ تا ۳ شائع شدہ جولائی ۱۹۴۸ء، ص ۱ تا ۲۱؛ (۵) وہی مصنف : *Desert Borderlands of Oman*، در GJ، ۱۱۶ : ۴ تا ۶، ۱۹۵۰ء، ۱۳۷ تا ۱۷۱؛ (۶) وہی مصنف : *Arabian Sands*، لنڈن اور نیویارک ۱۹۵۹ء؛ (۷) Arabian American Oil Company, Relations Department, Research Division : *Oman and the southern shore of the Persian Gulf*، قاهرہ ۱۹۵۲ء (انگریزی اور عربی میں).

(C. D. MATTHEWS)

⊗ **دَرْویش :** [(ف) ۔ اس لفظ کی اصل کے بارے میں اختلاف ہے ۔ بعض کے نزدیک در + وش یا واش یا وش =گداگر ؛ دروازوں پر جانے والا ؛ بھیک مانگنے والا - بعض اسے در آویز قرار دے کر مخفف دَرویز اور پھر مبدل بہ درویش بمعنی دریوزہ گر کہتے ہیں۔ فرہنگ انند راج کی رو سے درویش دُریوش کا جزوی قلب ہے جو دریوز (=گدائی) میں مبدل ہوا ۔ غیاث اللغات کی رو سے دُرْوش = موتی کی طرح کا = خدا رسیدہ آدمی، لیکن اس توجیہ کی کوئی سند نہیں دی .

بہرحال درویش کی اصل کچھ بھی ہو، کسی وجہ سے درویش میں با خدا آدمی ہونے اور بے نیاز یا بے برگ و نوا ہونے کا مفہوم پایا جاتا ہے ۔ اس کا اطلاق وضع و عادات پر بھی ہوتا ہے ۔ سعدی نے لکھا ہے :

حاجت بہ کلاہ بَرکی داشتنت نیست
درویش صفت باش و کلاہ تتری دار

یہ لفظ فارسی کے علاوہ ترکی اور اردو میں بھی تقریبًا انھیں معنوں میں استعمال ہوتا ہے مگر تاریخ کے ایک خاص مرحلے میں درویش اورگدا ہم معنی الفاظ ہو کر رہ جاتے ہیں، جس طرح عربی لفظ فقیر(ج فقرا) گداگر اور بے نوا کے معنوں میں عام طور سے استعمال ہو رہا ہے .

عمومًا درویش کسی سلسلۂ طریقت سے متعلق کسی ایسے شخص کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے جو کسی شیخ کے زیر تربیت، کسی خانقاہ یا تکیے سے متوسل ہو۔ الجزائر اور مراکش میں اسی وسیع تر مفہوم میں "اخوان" استعمال ہوتا ہے ۔ اس کے لیے مزید معلومات کے لیے رکّ بہ تصوّف، طریقہ، فقر .

**مآخذ :** متن میں آ گئے ہیں ۔ نیز مقالہ درویش در آ، لائڈن جدید.

[اداره]

* **درویش پاشا :** (۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء؟)، جس کا ذکر مؤرخ پیچوی نے درویش حسن پاشا کے نام سے کیا ہے (۲ : ۱۳۲)، ہرزی گووینا کے موضع موستر Mostar میں پیدا ہوا اور ترک سلطان سلیم ثانی (۹۷۴ھ تا ۹۸۲ھ/۱۵۶۶ تا ۱۵۷۴ء) کے زمانے میں قصر شاہی کی ملازمت میں داخل ہوا اور وہاں دوران تعلیم میں ادب و شعر سے اس کے شغف اور لیاقت کا اظہار ہوا۔ سلطان مراد ثالث کے عہد (۹۸۲ تا ۱۰۰۳ھ/ ۱۵۷۴ تا ۱۵۹۵ء) میں وہ شاہی بازدار (طوغانجی) مقرر ہوا اور اس نے سلطان کی خدمت میں قصیدے اور غزلیں پیش کر کے اس کا قرب حاصل کیا۔ مراد ثالث ہی کے حکم سے اس نے شاعر بنّائی کے شاهنامہ کا فارسی نظم سے ترکی نظم میں ترجمہ کیا اور اس کا نام مُراد نامہ رکھا ۔ درویش آغا ترقی پا کر طوغانجی باشی

Marfat.com

بن گیا، اور پچوی کے بیان کے مطابق (۲ : ۱۳۲) سلطان کے قپو کتخدا کے طور پر خدمات انجام دیں - پچوی، (موضع مذکور) اسے ایک پختہ کار شاعر (شاعر متین) کہتا ہے اور لکھتا ہے کہ اُسے ذاتی اوصاف حمیدہ اور علم میں بڑے سے بڑے عالم کا ہم پلہ کہا جا سکتا ہے - ممکن ہے کہ وہ محمد ثالث کے عہد (۱۰۰۳ تا ۱۰۱۲ھ/۱۵۹۵ تا ۱۶۰۳ء) تک محل شاہی کی خدمت میں رہا ہو - ۱۰۰۱ تا ۱۰۱۵ھ/۱۵۹۳ تا ۱۶۰۶ء کے دوران میں جب آسٹریا کے ہیپس برگز (Hapsburgs) اور ترکوں میں جنگ ہو رہی تھی، درویش پاشا کو ۱۰۰۷ھ / ۱۵۹۹ء میں ہنگری کے قلعہ استونی بلگراڈ Istoni Belgrad (Stuhlweissenburg) کے بچاؤ کا حکم دیا گیا تھا - اس زمانے میں وہ بوسنہ کا بیگلر بیگ تھا - درویش پاشا نے بوسنہ کے بیگلر بیگ ہی کی حیثیت سے ۱۰۱۱ھ / ۱۶۰۲ء میں قلعہ استونی بلگراڈ کے دوبارہ فتح کرنے میں ترکوں کی مدد کی، جسے شاہی فوجوں نے ایک سال پہلے ۱۰۱۰ھ / ۱۶۰۱ء میں فتح کر لیا تھا - ۱۰۱۱ھ / ۱۶۰۲ء میں اسے بوسنہ کی بیگلر بیگی سے علٰحدہ کر دیا اور یہ عہدہ دِلی حسن پاشا کو دے دیا گیا جو اس وقت تک ایشیاے کوچک میں جلالی باغیوں کا ایک قائد تھا - درویش پاشا ہنگری کے محاذ پر متعین رہا اور ۱۰۱۲ھ / ۱۶۰۳ء کی جنگ میں لڑا، لیکن ۴ صفر ۱۰۱۲ھ/ ۱۴ جولائی ۱۶۰۳ء کو پسٹ (Pest) کے قریب لڑائی میں مارا گیا.

**مآخذ :** (۱) پچوی : تاریخ، استانبول ۱۲۸۱ تا ۱۲۸۳ھ، ۲ : ۱۳۲، ۲۲۸، ۲۲۹، ۲۷۱ ببعد؛ (۲) حاجی خلیفہ : فذلکہ، استانبول ۱۲۸۶ تا ۱۲۸۷ھ، ۱ : ۱۲۶، ۱۷۹، ۱۹۸؛ (۳) نعیما : تاریخ، استانبول ۱۲۸۱ تا ۱۲۸۳ھ، ۱ : ۲۲۶، ۲۲۷، ۲۹۸، ۳۳۰، ۳۳۱؛ (۴) اولیا چلبی : سیاحت نامہ، ج ۶، استانبول ۱۳۱۸ھ، ص ۲۱۱ ببعد؛ (۵) ہیمر پرگشٹال Hammer-Purgstall : Histoire، ۷ : ۵۵۷ و ۸ : ۳۵؛ (۶) Wissenschaftliche Mittheilungen aus Bosnien und der Hercegovina، ج ۱، ویانا ۱۸۹۳ء، ص ۵۱۱؛ (۷) سجل عثمانی، ۲ : ۳۲۹؛ (۸) سعد الدین نزہت ارگون Sâdeddin Nüzhet Ergun : Türk Şâirleri، ۳ : ۱۱۴۲ ببعد؛ (۹) İA، بذیل مادہ درویش پاشا (M. Cavid Baysun).

(V. J. Parry)

**درویش پاشا :** (۱۰۱۵ھ / ۱۶۰۶ء؟) ترکی * وزیر اعظم، جو بوسنہ کا رہنے والا تھا . وہ بستانجیوں کی فوجی پلٹن میں ملازم رہا اور اس پلٹن کا کتخدا ہوا اور پھر والدہ سلطان کی توجہ سے ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۴ء میں بستانجی باشی بنا دیا گیا - ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء میں جب احمد اول بورسہ گیا تو درویش پاشا کو استانبول کا نظم ونسق درویش پاشا کے سپرد کر گیا - رمضان ۱۰۱۴ھ/جنوری ۱۶۰۲ء میں اُسے وزیر کا درجہ دے کر قپودان پاشا بنا دیا گیا، اور صفر ۱۰۱۵ھ/جون ۱۶۰۶ء میں وہ وزیر اعظم ہو گیا - لیکن وہ اس عہدے پر بہت کم مدت رہ سکا، اس لیے کہ اتنی تیزی سے وزیر اعظم کے منصب تک پہنچنے کے دوران میں اس نے جن بہت سے لوگوں کو اپنا دشمن بنا لیا تھا اُنھوں نے سلطان کو اس کی طرف سے اس قدر بد گمان کر دیا کہ اس نے شعبان ۱۰۱۵ھ/دسمبر ۱۶۰۶ء میں اُسے قتل کروا دیا - ترکی وقائع نگار درویش پاشا کو تُند مزاج، بے انصاف اور نا اہل شخص بتاتے ہیں، لیکن استانبول کا انگریزی سفیر للّو Lello اس کے بارے میں بہت اچھی راے رکھتا ہے اور لکھتا ہے کہ وہ اُن تمام وزراے اعظم میں جن سے میں واقف ہوں سب سے "زیادہ صاحب عزم اور ماہر سیاست" تھا.

**مآخذ :** (۱) پچوی Peçewi : تاریخ، استانبول ۱۲۸۱ تا ۱۲۸۳ھ، ۲ : ۲۹۳، ۲۹۴، ۳۱۶، ۳۱۹، ۳۲۲، ۳۲۴ تا ۳۲۹، ۳۵۴؛ (۲) حاجی خلیفہ : فذلکہ، استانبول ۱۲۸۶ تا ۱۲۸۷ھ، ۱ : ۲۵۱، ۲۷۱، ۲۷۵ تا ۲۸۲، ۲۸۸؛

Marfat.com

(۳) نعیما : تاریخ، استانبول ۱۲۸۱ تا ۱۲۸۳ھ، ۱ : ۲۰۷، ۳۳۳، ۳۴۴ تا ۳۵۳ بمواضع کثیرہ اور ۲ : ۱۵۷ ؛ (۴) The Report of Lello, Third English Ambassador *to the Sublime Porte*، طبع O. Burian (Ankara Üni-versites Dil ve Tarih-Coğrafya Fakültesi Yayinları عدد ۸۳)، انقرہ ۱۹۵۲ء، ص ۲۳ تا ۲۷، ۲۹ تا ۳۲؛ (۵) *Ambassade de Jean de Gontaut Biron. Correspondance Diplomatique et Documents Inédits 1605-1616*، طبع Comte Thédore de Gontaut Biron، در *Archives historiques de la Gascogne*، کراسہ ۱۹، پیرس ۱۸۸۹ء، ص ۶، ۷، ۲۱، ۲۵ تا ۲۸، ۳۳، ۵۰، ۵۱، ۵۵، ۵۷، ۶۰، ۶۳، ۶۶، ۷۱، ۷۸ تا ۸۴، بمواضع کثیرہ، ۸۸، ۹۰، ۹۳ تا ۱۱۰ بمواضع کثیرہ، ۱۲۷؛ (۶) Hammer-Purgstall : *Histoire*، ۸ : ۶۸، ۹۲، ۹۵ تا ۱۰۳، بمواضع کثیرہ، ۱۸۲؛ (۷) آئی ۔ ایچ ۔ اوزون چارشیلی : *Osmanlı Tarihi* (Türk Tarih Kurumu Yayınlarından، ج ۳، سلسلہ شمارہ ۱۶/۲)، ج ۳، لوحہ ۲، ص ۳۶۲ تا ۳۶۳؛ (۸) عثمان زادہ تائب : حدیقۃ الوزراء، استانبول ۱۲۷۱ھ، ص ۵۰ ببعد؛ (۹) سجّل عثمانی، ۲ : ۳۲۹؛ (۱۰) سامی : قاموس الاعلام، ج ۳، استانبول ۱۳۰۸ھ، ص ۲۱۳۶؛ (۱۱) *IA*، بذیل مادّہ درویش پاشا (M. Cavid Baysun).

(V. J. Parry)

* **درویش محمد پاشا** : (تقریباً ۹۹۳ ؟ تا ۱۰۶۵ھ/۱۵۸۵؟ تا ۱۶۵۵ء)، ترکی وزیراعظم جو اصل کے اعتبار سے چرکس (Circassian) تھا ۔ سلطان مراد رابع (۱۰۳۲ تا ۱۰۴۹ھ/۱۶۲۳ تا ۱۶۴۰ء) کے وزیراعظم طبانی یسّی محمد پاشا (۱۰۴۱ تا ۱۰۴۶ھ/ ۱۶۳۲ تا ۱۶۳۷ء) کے کتخدا کی حیثیت سے اس نے ۱۰۴۴-۱۰۴۵ھ/ ۱۶۳۵ء میں اِریوان کی جنگی مہم میں، جو ایران کے صفویوں کے خلاف تھی، حصہ لیا اور اس کے بعد شام کا بیگلر بیگ ہو گیا، اور ابن جُمعہ کے بیان کے مطابق ۱۰۴۶ھ/۱۶۳۶ - ۱۶۳۷ء تک اس منصب پر فائز رہا ۔ جب مراد رابع نے ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء میں بغداد پر چڑھائی کی تو وہ دیار بکر کا بیگلر بیگ تھا، لیکن ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء میں بغداد کا بیگلر بیگ ہو گیا اور اس کے کچھ ہی عرصے بعد وزیر بنا دیا گیا ۔ درویش محمد پاشا بغداد میں تین سال رہا ۔ اس کے بعد کے زمانے میں وہ حلب، اَندلو [اناطولی]، سِلِسٹریا اور بوسنہ کا بیگلر بیگ رہا ۔ ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء میں جب درویش پاشا کو دوسری بار سِلِسٹریا میں تعینات کیا گیا تو ایک اور خدمت بھی اس کے سپرد کی گئی، یعنی اسے چناق قلعۂ بوغازی (درۂ دانیال) کی برّی مدافعانہ فوج کا افسر اعالی بنا دیا گیا تا کہ وہ وینس کی بحری فوج کو بوغاز سے ہٹا دے، جس نے ۱۰۵۵ھ/ ۱۶۴۵ء میں شروع ہونے والی کریٹ [اقریطش] کی جنگ میں اس وقت تک درۂ دانیال کو بند کر رکھا تھا ۔ درویش محمد پاشا نے یہ مہم جمادی الاولیٰ/مئی ۱۶۴۹ء میں کامیابی کے ساتھ سر کی ۔ اس کے بعد ۱۰۶۱ھ/ ۱۶۵۱ء میں وہ دوبارہ اندلو کا بیگلر بیگ مقرر ہوا اور اس وقت بورسہ کی حفاظت کا کام بھی اس کے سپرد ہوا جسے ایشیاے کوچک کے جلالی باغیوں کی تاخت کا خطرہ درپیش تھا ۔ درویش محمد پاشا ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء میں قپودان پاشا بنایا گیا اور پھر ربیع الاول ۱۰۶۳ھ/ مارچ ۱۶۵۳ء میں وزیر اعظم مقرر ہوا اور ذوالحجہ ۱۰۶۴ھ/اکتوبر ۱۶۵۴ء تک اس منصب پر فائز رہا، اور اسی سال فالج میں مبتلا ہو جانے کی وجہ سے اس عہدے سے ہٹا دیا گیا ۔ درویش محمد پاشا کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اپنے زمانے کے تمام ترک اکابر میں سب سے زیادہ دولتمند تھا ۔ اس نے ۵ ربیع الاول ۱۰۶۵ھ/۱۳ جنوری ۱۶۵۵ء کو وفات پائی اور استانبول میں چنبرلی طاش کے مقام پر عتیق علی پاشا کی مسجد سے ملحقہ مقبرے میں دفن ہوا ۔

**مآخذ** : (۱) پیچوی : تاریخ، استانبول ۱۲۸۱ تا

Marfat.com

۱۱۸۱ھ، ص [illegible] (۲) عبدالعزیز قراچہ لبی زادہ: روضۃ الابرار، استانبول ۱۲۴۸ھ، ص ۵۹۱، ۵۹۲، ۵۹۹،
[illegible] (۱) حاجی خلیفہ: فذلکہ، استانبول ۱۲۸۶ -
[illegible]: ۱۶۰، ۱۸۵، ۱۸۶، ۱۹۰ تا ۲۰۱ بمواضع
[illegible] ۱۱۵، ۱۱۸ بمواضع کثیرہ، ۳۲۵، ۳۴۳،
[illegible] ۱۸۱، ۱۸۵ تا ۲۹۰، (۵) نعیما: تاریخ، استانبول
[illegible]: ۲۰۰، ۲۹۲، ۲۹۵، ۳۵۰، ۳۵۱،
[illegible] ۴۲۹، ۴۳۱، ۴۳۲، ۴۴۲ تا
[illegible] ۲۲۷، ۲۲۸، ۳۸۰،
[illegible] ۱۵۱، ۱۶۲، ۱۶۳، ۲۰۸،
[illegible] بمواضع کثیرہ، ۳۰۴،
[illegible] تا ۴۴۴؛ اور ۶: ۲۲،
[illegible] (۷) Hammer Purgstall، Histoire، ۹: ۳۲۴،
[illegible] اور ۱۰: ۲۴، ۱۳۱، ۲۱۴،
[illegible] تا ۲۲۲ بمواضع کثیرہ، ۳۴۰،
[illegible] بمواضع کثیرہ، ۳۵۷، ۳۹۰، ۳۹۱؛ (۶)
S. H. Longrigg، Four centuries of modern Iraq
اوکسفرڈ ۱۹۲۵ء، ص [illegible]، ۱۰۹؛ (۷) H. Laoust: Les
Gouverneurs de Damas sous les Mamlouks et les
premiers Ottomans (658-1156/1260-1744) Traduc-
tion des Annales d'Ibn Tulun et d'Ibn Cum'a،
Institut Français de Damas، دمشق ۱۹۵۲ء، ص
[illegible]: I.H. Uzunçarşılı
Osmanlı Tarihi (Türk Tarih Kurumu Yayın-
ları) [illegible] انقرہ ۱۹۵۴ء،
[illegible] عثمان زادہ تائب: حدیقۃ الوزراء،
[illegible] سجل عثمانی، ۴:
[illegible] قاموس الاعلام، ج ۵، استانبول ۱۳۱۴ھ،
[illegible] IA، بذیل مادہ درویش محمد پاشا
(M. Cavid Baysun)

(V. J. Parry)

* درویش محمد پاشا: (۱۱۴۲ تا ۱۱۹۱ھ/ ۱۷۳۰ تا ۱۷۷۷ء)، ترکی وزیر اعظم، یاغلقچی (روغنی کپڑے کا سوداگر) قدری آغا کا فرزند، ۱۱۴۲ھ/۱۷۳۰ء میں استانبول میں پیدا ہوا (یہ کہنا کہ وہ ۱۱۴۶ھ/ ۱۷۳۳-۱۷۳۴ء میں پیدا ہوا، غالباً صحیح نہیں)۔ درویش محمد افندی سرکاری ملازمت میں دفتر دار (خزانچی) بہجت افندی کے معاون مُہر بردار کی حیثیت سے داخل ہوا۔ اس کے بعد وہ علی الترتیب نائلی عبداللہ پاشا، سلاحدار علی پاشا اور سعید محمد پاشا کا دوات دار (سیکرٹری یا مہتمم اخراجات) رہا، پھر ترقی پاکر دفتردار کیسہ داری (خزانے کی نقدی کا ذمے دار) ہوا اور پھر ۱۱۸۱ھ/۱۷۶۸ء کی فوجی مہم کے دوران میں محرر مالیہ (مالیہ تذکرہ جیسی) ہو گیا۔ ۲۲ ذوالقعدہ ۱۱۸۵ھ/۲۶ فروری ۱۷۷۲ء کو جب فوج نے شُمنو (Shumen) میں پڑاؤ ڈال رکھا تھا تو اسے فوج کے پہلے ڈویژن (شِق) کا دفتر دار مقرر کیا گیا۔ اگرچہ جب فوج استانبول واپس آئی، وہ اس عہدے سے دست بردار ہو گیا، لیکن ۶ رمضان ۱۱۸۸ھ/۲۵ نومبر ۱۷۷۴ء کو اُسے پھر اسی عہدے پر متعین کر دیا گیا۔ ۳ صفر ۱۱۸۹ھ/ ۵ اپریل ۱۷۷۵ء کو وہ وزیراعظم کا مہتمم خرج (کتخدا) مقرر ہوا اور بالآخر ۷ جمادی الاولی ۱۱۸۹ھ/ ۶ جولائی ۱۷۷۵ء کو اُسے وزیراعظم بنا دیا گیا۔

کوچوک قینارجہ کے صلح نامے کے بعد جو زمانہ آیا، اس میں اس نے وہ سب اقتدار حاصل کر لیا جو [سلطان] عبدالحمید اول اپنے وزرائے اعظم کو دینے کا عادی تھا اور بجای اس نقصان کی تلافی کی کوشش کرنے کے، جو سلطنت کو جنگ کے زمانے میں پہنچا تھا اپنی ذاتی عیش اور آسایش کے حصول میں مصروف ہو گیا۔ مملکت کے معاملات کی طرف سے اس کی بے توجہی اور اس کے متعلق طرح طرح کی افواہیں پھیلنے کا یہ نتیجہ نکلا کہ اُسے ۸ شوال ۱۱۹۰ھ/ ۲۰ دسمبر ۱۷۷۶ء کو وزیراعظم کے عہدے سے معزول کر دیا گیا اور جلاوطن کرکے گیلی بولی بھیج دیا گیا، لیکن ۴ محرم ۱۱۹۱ھ

marfat.com
Marfat.com

۱۰ فروری ۱۷۷۷ء کو اُسے خانیۂ Canea (در اقریطش) کا والی مقرر کر دیا گیا، مگر وہ اپنے بحری سفر کے دوران میں بیمار پڑ گیا اور اس نے ساقز (Chios) میں وفات پائی اور ابراہیم پاشا کی مسجد میں دفن کر دیا گیا ۔ درویش محمد پاشا خاموش طبیعت کا آدمی تھا اور گو اس کی ملکی خدمات ایسی نہیں کہ انھیں قابل اعتنا سمجھا جائے تاہم اس نے استانبول (اضلاع ایوب اور اسکودار)، بُرُسہ اور مصر میں کچھ دینی عمارتیں تعمیر کرائیں یا ان کی مرمت کرائی ۔ اس بات سے کہ یہ سب عمارتیں تکیے (خانقاہیں) ہیں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا میلان صوفیوں کی طرف تھا ۔

**مآخذ :** (۱) واصف : تاریخ (استانبول ۱۲۱۹ھ)، ۲ : ۱۹۷ ببعد؛ (۲) جودت پاشا : تاریخ (استانبول ۱۳۰۹ھ)، ۲ : ۱۱، ۲۴، ۴۹ ببعد، ۷۰ و ۳ : ۲۳۶؛ (۳) احمد جاوید : ملحقات حدیقة الوزراء (جو حدیقة الوزراء کے ساتھ طبع کی گئی)، استانبول ۱۲۷۱ھ، ص ۲۷ ببعد .

(اا، ترکی)

* **درویش محمد پاشا :** (۱۱۷۸ھ/۱۷۶۵ء تا ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء) ترکی وزیراعظم، رستم آغا کا فرزند، جو موره (Peloponesus) کے موضع اناپولی (Nauplion) کا رہنے والا تھا ۔ اس نے وزیراعظم احمد پاشا کے (جو در اصل خود بھی موره ہی کا باشندہ تھا) مُہردار کی حیثیت سے تربیت پائی اور پھر اس کی توجّہ سے میر میران (پاشا درجه دوم) اور سنجاق بای مقرر ہؤا ۔ آگے چل کر وہ حمید کی لواء کا محصّل اور ۱۲۳۲ھ/۱۸۱۷ء میں خداوندگار، اِسکی شہر اور توجه ایلی کا مُتَصرِّف (وزیر یا پاشا کے منصب کے ساتھ) مقرر ہوا ۔ مملکت کا سب سے زیادہ با اثر عہدیدار حالت افندی اس وقت یہ چاہتا تھا کہ وزیراعظم کوئی کمزور شخص ہو۔ اس نے سلطان محمود ثانی کو مشورہ دیا کہ درویش محمد پاشا کو وزیراعظم بنا دے، چنانچہ ۲۷ صفر ۱۲۳۳ھ/۶ جنوری ۱۸۱۸ء کو اُسے وزیراعظم مقرر کر دیا گیا ۔ دو سال تک وہ اس عہدے پر فائز رہا، لیکن اس مدت میں وہ کوئی اثر و اقتدار قائم نہ کر سکا، یہاں تک کہ استانبول میں امن و امان قائم کرنے میں بھی ناکام رہا، اس لیے کہ وہ مُفسد سرغنوں کے ساتھ سختی کرنے کی بجائے ان کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا ۔ اگرچہ اس کا یہ طرز عمل اعلی عہدے داروں اور خصوصاً حالت افندی کے منشا کے عین مطابق تھا، لیکن سلطان نے اس کی کمزوری کا اندازہ لگا لیا ۔ بایں همه عہدے کا وقار برقرار رکھنے کے لیے اُسے کچھ دن تک اس کے منصب پر برقرار رکھا گیا، لیکن بالآخر ۱۹ ربیع الاول ۱۲۳۵ھ/۵ جنوری ۱۸۲۰ء کو اُسے معزول کرکے گیلی پولی میں جلاوطن کر دیا گیا ۔ اس کے باوجود ۱۱ ربیع الآخر ۱۲۳۶ھ/۱۶ جنوری ۱۸۲۱ء کو اسے دمشق کا والی مقرر کیا گیا اور نابلُس کی لواء کے انتظام کے ساتھ ساتھ امیرالحج کے فرائض بھی اس کے سپرد کردیے گئے ۔ اسی حیثیت سے اس نے صَیدا (Sidon) کے والی عبداللہ پاشا سے جنگ کی اور باب عالی کے حکم سے اُسے عکّه (Acre) میں محصور کر لیا، لیکن اس کے بعد جب عبداللہ پاشا کو معاف کر دیا گیا تو درویش محمد پاشا کو بدل کر آناطولی کی ایالت (صوبے) میں بھیج دیا گیا، جہاں اس کے داماد حمدی بے کے ظالمانہ طرزعمل کی وجہ سے کوتاهیه (Cotyleaum) کے لوگوں کو شکایات پیدا ہو گئیں ۔ اس پر درویش محمد پاشا کو معزول کر دیا گیا اور اس سے وزیر کا عہدہ چھین کر اُسے افیون قره حصار میں جلاوطن کر دیا گیا، جہاں سے اس کی درخواست پر اُسے بُرُسه بھیج دیا گیا ۔ ربیع الاول ۱۲۵۳ھ/ جون ۱۸۳۷ء میں اُسے شیخ الحرم (والی مدینه) مقرر کیا گیا، لیکن وہاں جاتے ہوئے اسی سال رمضان/دسمبر میں یَنْبُع مقام پر اس نے وفات پائی ۔

درویش محمد پاشا کمزور اور نرم دل آدمی تھا اور ترکی وزراے اعظم میں اُسے سب سے بے اثر وزیراعظم

Marfat.com

بتایا جاتا ہے ۔ برسہ اور استانبول میں بعض دینی کام اس کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں ۔

مآخذ : (۱) شانی زادہ عطا اللہ افندی : تاریخ (استانبول ۱۲۹۰ - ۱۲۹۱ھ) ، ۲ : ۳۰۳، ۳۳۱، ۳۵۶ ببعد و ۳ : ۸۸ ببعد، ۱۴۹؛ (۲) جودت پاشا : تاریخ (استانبول ۱۳۰۱ھ)، ۱۱ : ۳۸، ۴۲، ۸۰ و ۱۲۹۸ : ۲۳، ۸۳ ببعد، ۱۲۵؛ (۳) لطفی افندی : تاریخ (استانبول ۱۳۰۲ھ)، ۵ : ۸۸ ببعد؛ (۴) رفعت افندی : وردالحدائق (طبع سنگی)، استانبول ص ۱۵ ۔

(M. CAVID BAYSUN)

* دِرہ بیگی : (= درہ بے)، ترکی لقب، جو عام طور سے ایشیاے کوچک کے ان حکمرانوں کو دیا جاتا تھا جنھوں بارھویں صدی ھجری/اٹھارھویں صدی عیسوی میں اپنے نے آپ کو استانبول کی مرکزی حکومت ترکیہ سے تقریباً آزاد کر لیا تھا ۔ ترک مؤرخ انھیں عموماً مُتغَلِّبہ (=غاصبین) کے نام سے یاد کرتے ہیں اور جہاں کہیں نرم الفاظ استعمال کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو انھیں "خاندان" (=بڑے گھرانے) کہتے ہیں ۔ درہ بے بالآخر ایسے باجگزار فرمانروا بن گئے جو خود مختار اور موروثی ریاستوں پر حکمرانی کرتے تھے ۔ جنگ کے دنوں میں وہ اپنی فوجیں لے کر ، عثمانی لشکر میں ، جو بڑی حد تک انھیں جاگیرداروں اور رئیسوں کی فوجوں سے مرکب ہوتا تھا، شامل ہو جاتے تھے ۔ اگرچہ بظاہر یہ دکھانے کے لیے کہ وہ سرکاری عاملوں کے نمائندے ہیں، اُنھیں مُحصّل اور مُتسلّم جیسے خطابات دے دیے جاتے تھے ، لیکن حقیقت میں وہ اپنے اپنے علاقوں کے مستقل اور آزاد حاکم تھے ۔ آناطولی کے یہ درہ بے اُن غاصب پاشاؤں سے مختلف تھے جنھوں نے دوسرے صوبوں میں ایسی ہی خود مختاری حاصل کر لی تھی ۔ ان کی جڑیں مقامی طور پر بہت گہری اور مضبوط تھیں اور وہ مقامی باشندوں کی وفاداری پر پورا اعتماد کر سکتے تھے ۔

پاشاؤں کی طرح انھیں یہ فکر نہیں ہوتی تھی کہ وہ اپنے اقتدار کے مختصر زمانے میں زیادہ سے زیادہ روپیہ وصول کر لیں، چنانچہ وہ ایسی تعمیری حکمت عملی پر کار بند تھے جو رعایا کے لیے (جس میں مسلم اور غیر مسلم کا کوئی امتیاز نہ ہوتا تھا) فلاح و تحفظ اور تجارتی ترقی کا ذریعہ بن سکے ۔ سیاح ان کی حکومتوں کی اچھائی کی گواہی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رعایا اُنھیں بہت عزیز رکھتی تھی ۔ باب عالی کسی نہ کسی حد تک ان کے اقتدار کو تسلیم کرنے پر مجبور تھا اور ان کے خلاف تادیبی کارروائی صرف اس وقت کی جاتی تھی جب وہ کھلم کھلا بغاوت کر دیں ۔ جنگ روس و ترکیہ (۱۱۸۲ھ/ ۱۷۶۸ء تا ۱۱۸۸ھ/ ۱۷۷۴ء) میں درہ بیوں کو کئی مواقع حاصل ہوئے اور اُن کے نظام کو آناطولی کے بہت بڑے حصے میں پھیلنے میں مدد ملی ۔ اُنیسویں صدی عیسوی کے شروع میں صرف قرہ مان اور آنادولو کی دو ایالتیں ایسی تھیں جو براہ راست استانبول کے مقرر کردہ گورنروں کے ماتحت تھیں ۔ سلیم ثالث کے عہد میں درہ بے اپنی قوت کے انتہائی عروج پر پہنچ گئے ، یہاں تک کہ شاہی دربار اور دارالسلطنت سے متعلق امور میں بھی ان کا عمل دخل خاصا بڑھ گیا ۔ ان میں سے بعض نے ، جن میں قَرہ عثمان اُوغلو اور چپان اُوغلو زیادہ پیش پیش تھے ، سلیم ثالث کی اصلاحات کی حمایت کی ، لیکن ان کے مدِّ مقابل جانیکلی نے بڑی شد و مد سے ان کی مخالفت کی ۔ ایک طرف تو اصلاح پسندوں اور ان کے مخالفوں کی کشمکش کو باج گذار سرداروں کی باھمی رقابت سمجھ لیا گیا اور دوسری طرف مرکزی اور مشرقی آناطولی میں چپان اوغلو اور جانیکلی کے باھمی تصادم نے بظاہر سلطان کے نئے فرمان [رک بہ نظام جدید] سے پیدا ہونے والی مخالفت کی صورت اختیار کر لی ۔ درہ بیوں نے اپنے

marfat.com
Marfat.com

علاقوں میں جہاں جہاں نئے فرمان کو جاری کیا بظاہر اپنی اغراض اور اپنے نفع کے پیش نظر کیا اور حکومت کے روپے کو اپنی مسلّح فوج کو مضبوط بنانے پر صرف کیا (دره بیوں کے نظام جدید کے غلط استعمال اور اس کے اندر غلط کاریوں کے لیے دیکھیے : عاصم ، ۱ : ۱۱۱ تا ۱۱۳؛ قب آق چوره Akçura ، ص ۱۴۰؛ Miller ، ص ۱۰۰ تا ۱۰۱).

بڑے بڑے دره بیوں نے ۱۸۰۷ تا ۱۸۰۸ء کی سیاسی کشمکش میں خاصا اہم کردار ادا کیا اور بَیرق دار مصطفٰی پاشا کی فتح نے ان کی قوت کو اور مستحکم بنادیا - وزیر اعظم ہونے کے بعد اس نے جو کام کیے ان میں سے ایک یہ تھا کہ اس نے استانبول میں ایک بڑا دربار منعقد کیا اور اس میں اس نے مملکت بھر کے مختلف قسم کے اکابر کو شرکت کی دعوت دی - آناطولی سے بڑے بڑے دره‌بیوں نے اپنے اپنے مسلّح ماتحتوں کی بھاری فوجوں کے ساتھ شرکت کی اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُنہوں نے دربار کی کارروائی میں نمایاں حصہ لیا - ایک "سنداتفاق" کے ذریعے پہلی مرتبہ ان کے حقوق ، مراعات اور خود مختاری کی توضیح و تصدیق ہوئی (شانی زاده ، ۱:۶۶ تا ۷۳؛ جودت: تاریخ، بار دوم، ۹ : ۳ تا ۷ ، ۲۷۸ تا ۲۸۳؛ اوزون چارشیلی : *Alemadar* ص ۱۳۸ تا ۱۴۴؛ Miller ، ص ۲۸۳ تا ۲۹۱ - "سند اتفاق" کے متعلق مزید دیکھیے A. Selçuk Özçelik در *Istanbul Univ-Hukuk Fak Mec* ، ۲۴ (۱۹۵۹ء) : ۱ تا ۱۲).

سلطان محمود ثانی نے ، جسے اُنیسویں صدی عیسوی کے شروع میں ، اس معاہدے کی رو سے باج گذار سرداروں کے حقوق و مراعات تسلیم کرنے پڑے تھے ، انھیں ختم کر دینے کا تہیہ کر لیا تھا ؛ انیسویں صدی عیسوی میں اس کے لیے اس طرح کے اموقع مہیا ہو گئے - جب ۱۸۱۲ء میں روس کی جنگ ختم ہوئی تو وہ صوبوں پر مرکزی حکومت کا اقتدار قائم کرنے کی طرف متوجہ ہوا اور پَے در پَے متعدد سیاسی، فوجی اور انتظامی اقدامات کے ذریعے اس نے باغی پاشاؤں اور خود مختار دره بیوں کے اقتدار کا خاتمہ کر دیا اور ان کی جگہ استانبول سے سرکاری عہدے دار مقرر کر کے بھیج دیے (ایک ہم عصر مغربی مبصر کے تأثرات کے لیے دیکھیے : A. Slade : *Record of travels in Turkey, Greece ete* ، لنڈن ۱۸۳۲ء ، ۱ : ۲۱۵ ببعد) - مرکزی اقتدار کو بڑھانے کا کام اس کے جانشینوں کے زمانے میں بھی جاری رہا - اس سلسلے کی سب سے آخری فوجی کارروائی ۱۵۶۶ء کی مہم تھی ، جو ضلع چقور اووه کے باقی مانده دره‌بیوں ، مثلاً منِمنِدجی اوغاو ، کوکیلی اوغلو اور قوزان کے قوزان اوغلو کومطیع کرنے کے لیے روانہ کی گئی (جودت : معروضات، در *TTEM* ، ۱۴ ، ۱۹۲۶ء / ۹۱ : ۱۱۷ ببعد) - اگرچہ دره بیوں کی خود مختار ریاستوں کا خاتمہ ہوگیا، لیکن دره بے کا لفظ ترکی سیاست کی ایک اصطلاح بن گیا ، جو بڑے پیمانے کے موروثی زمینداروں کے لیے مخصوص ہو گئی ، بالخصوص جنوبی اور مشرقی ترکیہ میں ، جو اپنے کاشتکاروں پر نیم باج گذاری اقتدار رکھتے تھے (مثال کے طور پر دیکھیے K.H. Karpat کے ملاحظات در *Social themes in contemporary Turkish literature* ، در *MEJ* ، ۱۹۶۰ء ، ص ۳۴ تا ۳۵).

دره بیوں کے زیاده مشہور گھرانے حسب ذیل تھے

(۱) آیدین ، منسا اور برغمه کے قره عثمان اوغلو : یہ صارو خان اور آیدین کی سنجاقوں پر حکومت کرتے تھے اور ان کا اقتدار دریاے مندرس بیوک سے لے کر بحیرۂ مرمره کے ساحل تک پھیلا ہوا تھا [رک به قره عثمان اوغلو] .

(۲) بوزوق کے چپان (چپار ، جبّار) اوغلو : جو نسلاً ترکمانی تھے اور عملاً قره عثمان اوغلو کے

Marfat.com

همعصر تھے ، ان کی حکومت بوزوق یوزغاد ، قیصری، اماسیه، انقره ، اور نیگده کی سنجاقوں پر تھی اور اپنے اقتدار کے عروج کے زمانے میں وہ طرسوس پر بھی حکومت کرتے تھے - ان کے خاندان کا پہلا شخص، جس کا نام معلوم ہے، احمد پاشا ہے، جو بوزوق کا متصرف تھا - اسے ۱۱۷۸ھ/ ۱۷۶۴-۱۷۶۵ء میں مرکزی حکومت کے حکم سے معزول کیا گیا (واصف، ۱ : ۲۳۳ ببعد ، ۲۶۸) - اس کے بعد اس کا بیٹا مصطفٰی اس کا جانشین ہوا، جسے اس کے حفاظتی دستے نے ۱۱۹۶ھ/ ۱۷۸۱ء میں قتل کر دیا (جودت : تاریخ ، ۲ : ۱۷۱ تا ۱۷۲) - اس کے بعد اس کا بھائی سلیمان بے اس کا جانشین ہوا ، جو چپان اوغلو کی سب سے طاقتور شخصیت ہے اور جس نے سلیم ثالث ، مصطفٰی رابع اور محمود ثانی کے عہد میں کچھ اہم کام انجام دیے - ۱۲۲۹ھ/ ۱۸۱۴ء میں اس کی وفات کے بعد اس کا علاقه مرکزی حکومت کے قبضے میں آ گیا - اس خاندان کے لوگ سلاطین کے عہد میں گورنر اور فوجی جرنیل ایسے بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہے - ان میں سے ایک چپان زاده آغا افندی (۱۸۳۲ تا ۱۸۸۵ء) تھا ، جس نے ترکی صحافت کی ترقی میں ایک قائد کا کردار ادا کیا [رک به جریده] - اس خاندان کا ایک اور شخص جنگ آزادی کے زمانے میں حزب ملّی کے مخالف گروه کا قائد تھا - ان کا نام ایک ترکی کہاوت میں مشہور چلا آتا ہے، جس کا مفہوم ہے پوشیده اور غیر متوقع رکاوٹ [یه کہاوت یوں ہے که : "ایشی قورجالمه آلتی طرف بر چپان اوغلو چیقار" ="کسی کام کو کریدا جائے تو نیچے سے چپان اوغلو نکل آتا ہے"؛ مطلب یه ہے که کوئی غیر متوقع دشواری پیش آ جاتی ہے] .

(۳) طربزون اور اس کے قریب و جوار میں جانیک کے علی پاشا کا خاندان : اس خاندان کے بانی جانیکلی [حاجی] علی پاشا [رک بآں] کے جانشین اس کے دو بیٹے مِقداد احمد پاشا (جسے ۱۲۰۶ھ/ ۱۷۹۱-۱۷۹۲ء میں پھانسی دی گئی) اور حسین بطّال پاشا (م ۱۲۱۵ھ / ۱۸۰۱ء) ہوئے- بطّال پہلے قپوجی باشی ، والی حلب اور والی دمشق کے عہدوں پر فائز رہنے کے بعد ۱۲۰۲ھ/ ۱۷۸۷ - ۱۷۸۸ء میں طربزون کا گورنر ہوا - ۱۲۰۱ھ/۱۷۸۷ء میں اس نے روس کے خلاف ترک فوجوں کی قیادت کی، لیکن ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۰ء میں شکست کھا کر اسیر ہوا - بطال پاشْنسک کا شہر اس کے نام کی یادگار ہے- ایک عرصے تک معتوب رہنے کے بعد ۱۲۱۳ھ/ ۱۷۹۸ - ۱۷۹۹ء میں، روس کی سفارش پر اُسے پھر سرکاری ملازمت مل گئی- اس کے بڑے بیٹے خیرالدین راغب پاشا کو، جو افیون قره حصار کا گورنر تھا، ۱۲۰۶ھ/۱۷۹۱-۱۷۹۲ء میں معزول کرکے پھانسی دے دی گئی اور اس کے ساتھ ھی جانیکلیوں کا خود مختارانه سیاسی اقتدار ختم ہو گیا - یه خاندان سلیم ثالث کی فوجی اصلاحات کا مخالف تھا، جن کی ان کے حریف خاندانوں چپان اوغلو اور قره عثمان اوغلو نے حمایت کی تھی - حسین بطّال کا چھوٹا لڑکا ان اصلاحات کی مخالفت میں زور شور سے سرگرم رہا تھا اور ۱۸۰۵ سے ۱۸۰۷ء تک وہ روس میں جلا وطن رہا - ۱۸۰۷ء میں وہ پھر ترکیه واپس آیا اور مصطفٰی رابع کی مختصر رجعت پسندانه حکومت کے دوران میں وزیراعظم کے قائم مقام کے عہدے پر فائز رہا - چند ماه کے بعد محمود ثانی نے اسے عہدے سے برطرف کرکے قتل کرا دیا.

یه تین خاندان درہ بیوں کے سب سے زیاده اہم خاندان تھے ، جنھوں نے علی الترتیب مغربی، وسطی اور مشرق اناطولی پر حکومت کی - ان سے کم اہم خاندانوں میں ذیل کے خاندانوں کا ذکر کیا جا سکتا ہے : قوش آطه سی (اسقاله نووه Scala Nuova،

Marfat.com

نزد افسوس (=افس، Ephesus) کا الیاس اوغلو، جو اٹھارھویں صدی عیسوی کے تقریباً وسط میں مِنْتِشا کی سنجاق بُودروم کی جنوبی سرحد تک حکومت کرتا تھا؛ کوچک علی اوغلو، جو پیاس میں حکومت کرتا تھا اور تھوڑے دن تک ادنہ [رک باں] پر بھی حاکم رہا، اور ییلانلی اوغلو، جو اسپارتہ اور اگردِیر میں اور آنطالیہ کے علاقے میں تھا .

**مآخذ:** عثمانی وقائع نویسوں نے درہ بیوں کی طرف کچھ توجہ کی ھے، لیکن ان کا رجحان یہ ھے کہ ان کی خود مختارانہ روش پر اچٹی سی نظر ڈالیں اور انھیں ترکیہ کی مرکزی حکومت (= باب عالی) کا اھل کار ظاھر کریں۔ ان کی بابت زیادہ حقیقی اطلاعات مغربی مآخذ میں، خاص طور پر سیاسی امور اور سفارتی معاملات کے وقائع ناموں میں، نیز سیاحوں اور ماھرین آثارقدیمہ کے ھاں ملیں گی۔ ان کی کمی، بالخصوص ناموں اور تاریخوں کے متعلق، متعدد مقامی کتبوں سے پوری کی جا سکتی ھے ۔ حال کی ترکی تصانیف میں درہ بیوں کی طرف کچھ توجہ نظر آتی ھے (جیسے M. Çagatay Uluçay کے Manisa پر اھم مطالعات) ، پھر بھی یہ موضوع ابھی تک تفصیلی جانچ پڑتال کا محتاج ھے ۔

قرہ عثمان اوغلو کے لیے دیکھیے (۱) Kgl. Museum : *Altertümer von Pergamon*، برلن ۱۸۸۵ء، ۱ : ۸۴ تا ۹۱ ؛ (۲) F. W. Hasluck : *Christianity and Islam under the Sultans*، اوکسفرڈ ۱۹۲۹ء، ۲ : ۵۹۷ تا ۶۰۳؛ (۳) Ç. Uluçay : *Karaosmanoğul-larina ait hazi Vesikalar*، در *Tarih Vesiklari*، ۱۹۴۲-۱۹۴۳ء، ۲ : ۱۹۳ تا ۲۰۷، ۳۰۰ تا ۳۰۸، ۴۲۴ تا ۴۴۰؛ (۴) وهی مصنف: *Manisa Ünlüleri*، Manisa ۱۹۴۶ء، ص ۵۴ تا ۶۲؛ چپان اوغلو کے لیے دیکھیے (۵) J. Macdonald Kinneir : *Journey through Asia Minor ...*، لنڈن ۱۸۱۸ء، ص ۸۴ ببعد؛ (۶) Georges Perrot : *Souvenirs d'un voyage en Asie Mineure*، پیرس ۱۸۶۴ء، ص ۳۸۶ ببعد؛ جانیکلی پر دیکھیے (۷) جودت: تاریخ، بار دوم، ۳ : ۱۴۴ ببعد و ۴: ۲۹ ببعد و ۵: ۱۳۳ ببعد، ۲۵۴ ببعد؛ الیاس اوغلو پر دیکھیے (۸) P. Wittek : *Das Fürstentum Mentesche*، استانبول ۱۹۳۴ء، ص ۱۰۹ تا ۱۱۰؛ عمومی معلومات کے لیے دیکھیے (۹) Yusuf Akçura : *Osmanli Develetinin Dağilma Devri*، استانبول ۱۹۴۰ء؛ (۱۰) اسمٰعیل حقی اوزون چار شیلی: علمدار مصطفٰی پاشا، استانبول ۱۹۴۲ء؛ (۱۱) وهی مصنف: عثمانلی تاریخی، انقرہ ۱۹۵۶ء، ۴/۱: ۳۱۸ تا ۳۱۹، ۳۳۶ تا ۳۳۷، ۶۱۲ تا ۶۱۵؛ (۱۲) A.F. Miller : *Mustafa Pasha Bayraktar*، ماسکو ۱۹۴۷ء؛ (۱۳) Gibb-Bowen، ۱/۱ : ۱۹۳ ببعد؛ (۱۴) B. Lewis : *The Emergence of Modern Turkey*، لنڈن ۱۹۶۱ء، ص ۳۸، ۴۷، ۴۴۱ تا ۴۴۲ .

(B. Lewis و J. H. Mordtmann)

* **دِرْهَم:** وزن کے ایک پیمانے کا نام ، جو یونانی لفظ δραχμή سے ماخوذ ھے ۔ روایتی طور پر درھم کَیْل یا شرعی کا وزن متوسط حجم کے ۵۰ یا ۶۰ چھلکے والے شعیرہ [=جو] یا حَبّہ [=دانہ] کے برابر ھوتا تھا اور نظری طور پر چھے دانِق پر منقسم تھا؛ دانِق مختلف طور پر ۸ یا ۱۰ شعیرہ کے برابر شمار ھوتا تھا ۔ عالم اسلام کے مختلف حصوں میں اور مختلف زمانوں میں درھم کے وزن اور عربوں کے دیگر اوزان سے اس کی نسبت کی روایات اتنی کثیر اور متضاد ھیں کہ یہاں ان کا خلاصہ نہیں دیا جا سکتا ۔ اس کے لیے قارئین کو اس قسم کی تصانیف دیکھنے کا مشورہ دیا جاتا ھے، جیسے Grohmann : *Einführung* اور Sauvaire : *Matériaux* (دیکھیے مآخذ، بذیل دینار) ۔ روایتی درھم کے وزن کو جدید اعشاری نظام کے گراموں کے مطابق متعین کرنے کی کوششیں مختلف اعداد کی صورت میں انجام پذیر ھوئی ھیں، جن میں سے اکثر غالباً غلط ھیں، دیکھیے W. Hinz : *Islamische Masse u. Gewichte*، در *Hand-buch der Orientalistik, Ergänzungsband I* ، جلد اول، لائڈن

Marfat.com

۱۹۵۵ء، ص ۲ ببعد)، جہاں انیسویں اور بیسویں صدی عیسوی کی مختلف ممالک میں [درہم کی] قانونی تعریفیں بھی ملیں گی ۔ اگرچہ اکثر مسلم ممالک نے اعشاری نظام سرکاری طور پر اختیار کر لیا ہے ، پھر بھی درہم اور دوسرے روایتی پیمانے مختلف کاروباروں میں بے قاعدگی سے ابھی تک استعمال کیے جاتے ھیں۔ موجودہ مصر میں درہم کا وزن ۳٫۱۲ گرام متعین کیا گیا ہے؛ سنار کے ۱۹۵۳ء کے دو اصلی پیتل کے درہم علی الترتیب ۳٫۱۳۲۲ اور ۳٫۱۳۳۵ گرام ھیں.

(۲) عربوں کے مالی نظام کا چاندی کا سکّہ ، جو ابتدائے اسلام سے مغلیہ عہد تک رائج رہا .

قدیم ترین عربی درہم (بَغْلی) یزدجرد ثالث ، ھُرمُز رابع اور (زیادہ تر) خسرو ثانی کے [عہد کے] ساسانی درہم کی نقل ہوتے تھے۔ ساسانی شبیہیں رہنے دی گئیں، لیکن حاشیے پر کوفی خط میں کلمۂ طیبہ کا اضافہ کر دیا گیا ؛ چند سکّوں پر خلیفہ (معاویہ اور عبدالملک) کا نام اور اکثر پر والی صوبہ کا نام، ٹکسال کا مختصر نام اور ھجری اور اس کے مطابق یزد جردی یا مابعد یزد جردی سال (سب کے سب پہلوی حروف میں) کندہ ہوتے تھے ۔ تقریباً ۷۲ھ/۶۹۱-۶۹۲ء میں (*American Numismatics Society Museum Notes*، ۷، ۱۹۵۷ء: ۱۹۱) اور اس کے چند سال بعد تک قدیم ٹھپے میں آزمائشی طور پر کچھ تغیرات کیے گئے، جن میں مزید کوفی خط کے کلمات کا مزید استعمال اور شبیہوں میں جدّت شامل ہے، جو اسلامی مذاق سے زیادہ مطابقت رکھتی تھی ، لیکن ۷۹ھ/۶۹۸-۶۹۹ء میں عبدالملک کی مالی اصلاحات نے درہم کی کایا پلٹ دی ، جو اس وقت سے دینار کی طرح (سوا چند مستثنیات کے) بالکل لوحی ہو گیا تھا ۔ اس اصلاح کے بعد پہلے پہل تو درہم پر کسی کا نام نہیں ہوتا تھا، مگر آگے چل کر دوسری اور تیسری صدی ھجری کے دوران میں والیوں ، ولیعہدوں ، خلفا وغیرہ کے ناموں کا اضافہ کیا جانے لگا۔ ٹکسال کے نام اور سکّے کی تاریخ کا ھمیشہ الفاظ میں اندراج ہوتا تھا ۔ اموی عہد میں درہم کی خاص ٹکسالیں سابقہ ساسانی شہروں یا انتظامی مرکزوں میں تھیں، لیکن چاندی کے سکے دمشق، شمالی افریقہ اور ھسپانیہ میں بھی ضرب کیے جاتے تھے ۔ واسط، جس کی بنیاد ۸۴ھ/۷۰۳-۷۰۴ء میں رکھی گئی ، اموی ٹکسالوں میں سب سے کثیر درہم بنانے والی ٹکسال معلوم ہوتی ہے اور یہ ممکن ہے کہ چاندی کے سکّے ڈھالنے کے سرکاری انتظام کا صدر مقام اسی شہر میں ہو اور درہم کے ٹھپّے بھی یہیں بنائے جاتے ہوں .

مختلف خود مختار خالدانوں کی حکومتوں میں چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی کے اختتام تک درہم کی عام شکل و صورت میں زیادہ تغیر و تبدل نہیں ہوا ۔ اتنا ضرور ہوا کہ فاطمی سکوں پر رسمی کامے متحد المرکز دائروں میں لکھے جاتے تھے۔ اس کے بعد ایک زمانہ ایسا آیا کہ مشرقی ممالک میں چاندی کا کال پڑ گیا ۔ اس زمانے میں چاندی کے سکے نسبةً بہت ھی معمولی تعداد میں مضروب ہوئے (دیکھیے R.P.Blake، در *Harvard Journal of Asiatic Studies*، ۱۹۳۷ء، ص ۲۹۱ ، جہاں اس کا تذکرہ تو کیا گیا ہے مگر کما حقہ اس کی تحقیق نہیں کی گئی) ۔ پھر جب ساتویں صدی ھجری/تیرھویں صدی عیسوی کے درمیان مغول کی طاقت کو عروج حاصل ہوا تو درہم اور اس سے دہری تہری قیمت کے سکے بہت بڑی مقدار میں بننے شروع ہو گئے، جن کی شکل صورت قدیم سکّوں سے مختلف تھی ۔ متأخر فاطمیوں کے "درہم ورق"، ایوبیوں کے "درہم ناصری" اور "کاملی" اور مملوکوں کے درھموں کے لیے دیکھیے P. Balog ، در *BIE*، ج ۳۳ ، ۱۹۵۰ تا ۱۹۵۱ء اور v. Schrötter ، بذیل مادۂ درہم ۔ المغرب میں ھسپانیہ کی اموی سلطنت کے زوال کے ساتھ درہم کی قدر گھٹ گئی ۔ مُرابطون کے زمانے میں درہم کسی قدر بدلی ہوئی شکل میں بحال ہوا اور موحّدون کے زمانہ

marfat.com

Marfat.com

میں اس کے طرز اور وزن میں پورا پورا تغیر واقع ہو گیا ۔ وہ ایک چوکور (مربع) درهم بن گیا، جس کی عیسائیوں نے بھی فرانس میں (*millares* کے نام سے) نقل کی ۔ درہم کی بناوٹ اور مآخذ کی معلومات کے لیے دیکھیے *The numismatic history of late* : H. W. Hazard *medieval North Africa* ، نیویارک ۱۹۵۲ء.

کلاسیکی (قدیم) عربی درهم کے وزن کے بارے میں (غیر مطبوعہ) بیانات ظاہر کرتے ہیں کہ خسرو ثانی کے زمانے کے زیادہ چلنے والے ساسانی درہم کا وزن ۱۱ء۴ اور ۱۵ء۴ گرام کے درمیان تھا۔ عربی ساسانی درهم یقیناً اس سے ہلکا تھا اور اس کا وزن تقریباً ۳ء۹۸ گرام تھا ۔ ۷۹ھ کی اصلاحات کے بعد بالکل ایک جدید معیار قائم کیا گیا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے بعد سے لے کر تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی تک ، جب کہ اوزان نہایت مغالطہ آمیز ہونے لگتے تھے ، درہم کا زیادہ سے زیادہ وزن برابر ۲ء۹۱ اور ۲ء۹۵ کے درمیان رہا (A.N.S. *Museum Notes*، ج ۹ ، ۱۹۶۰ء، دیکھیے مآخذ) ۔ تصحیح شدہ رقم کے گھٹنے کا خیال رکھتے ہوئے ۲ء۹۷ تھی اور یہ بالکل اس نظری رقم کے برابر ہے، جس کی بنا (قدیم معیاری) عربی ضابطہ پر تھی، جس میں درہم کا وزن مثقال (دینار) کا $\frac{۷}{۱۰}$ مقرر ہے ، یعنی $\frac{۷}{۱۰}$ × ۴ء۲۵ = ۲ء۹۷ (رَکَ بہ دینار) ۔ درہم کے زُجاجی اوزان اس وزن سے تھوڑے سے کم ہیں اور ان کی ایک خاص قسم سے ثابت ہوتا ہے کہ مصر میں ۱۳ ''خروبہ'' وزن کے بھی درہم تھے، جن کا وزن اس سے بھی کم تھا .

دینار اور درہم کی شرح تبادلہ مختلف زمانوں اور مملکت کے مختلف حصوں میں بہت زیادہ فرق کے ساتھ گھٹتی بڑھتی رہتی تھی ۔ فقہا ذکر کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانے میں ایک دینار کے ۱۰ (یا ۱۲) درہم ملتے تھے ۔ اس کے بعد اس بات کی بکثرت شہادت ملتی ہے کہ کبھی کبھی درہم اتنا گر جاتا تھا کہ دینار کے ۱۵ ، ۲۰ ، ۳۰ یہاں تک کہ ۵۰ درہم تک مل جاتے تھے (دیکھیے کثیر التعداد متون کے اقتباسات، جو Lane Poole نے *NC*، ۱۸۸۴ء میں اور Grohmann نے *Einführung* ، وغیرہ میں دیے ہیں ۔ P. Grierson (کتاب مذکور ، بذیل دینار) نے سونے چاندی کے ٹکسالی اور بازاری نرخ کے تناسب کی اقتصادی بنیادوں کو بوزنطیوں اور عربوں کے باہمی تعلقات کو خاص طور پر ملحوظ رکھ کر واضح کرنے کی کوشش کی ہے .

طرز نقش اور اقتصاد دونوں لحاظ سے درہم نے بوزنطیہ اور مغرب پر بڑا قوی اثر ڈالا تھا ۔ آٹھویں صدی عیسوی کے دوسرے ربع میں بوزنطی ''miliaresion'' ایک زمانۂ دراز کے بعد، جس کے دوران میں قسطنطینیہ میں کوئی چاندی کا سکہ ضرب نہیں ہوا ، جاری کیا گیا ۔ یہ صاف طور پر درہم کو دیکھ کر ہی جاری ہوا تھا اور آٹھویں اور نویں صدی عیسوی کے بہت سے 'miliaresia' تو فی الواقع عرب درہم کے قالب ہی میں ڈھالے گئے تھے ۔ اس بات پر یقین کرنے کی بھی وجہ ہے کہ خانوادۂ Carolingian کے denier یا دینار کی وضع قطع بھی درہم ہی کے اثر سے متعین ہوئی ہو گی ۔ مشرق خلافت کے تحت ممالک اور روس ، مشرق یورپ ، سکنڈے نیویا اور بالٹک کے علاقوں کے درمیان ہونے والی تجارت میں عرب کی چاندی جس عظیم اہمیت کی حامل تھی وہ ان بے شمار درہموں اور ان کے ٹکڑوں سے بخوبی ثابت ہو چکی ہے جو ان علاقوں میں ڈھیر کے ڈھیر دستیاب ہوئے ہیں اور جن پر ۸۰۷ء اور ۱۱۰۰ء کے درمیان کی تاریخیں چار واضح ادوار دکھاتی ہیں (جامع اختصارات اور مآخذ کی پوری فہرست U.S.L. Welin ، در *Kulturhistorisk Leksikon*

Marfat.com

for nordisk middelalder، ج ۱، کوپن ہیگن ۱۹۵۶ء، بذیل مادہ Arabisk mynt، میں موجود ہیں)۔ ان علاقوں سے کمتر تعداد میں انگلستان اور فرانس میں بھی درہم پائے گئے ہیں (دیکھیے J. Duplessy، در Rev. Numismatique، ۱۹۵۶ء، ص ۱۰۱)۔

پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کے آغاز سے کھوٹی چاندی (billon) اور تانبے کے سکے مختلف حکمران خاندانوں نے ضرب کرنے شروع کر دیے (مثلاً آل بویہ، قراخانی، خوارزم شاہ وغیرہ)۔ ارتقی حکمرانوں کے بڑے بڑے موٹے درہم (سکوں کی فہرستوں میں "Urtukids") اور ایسے ہی زنگیوں اور ایوبیوں کے سکے موجود ہیں، جن کے منقش نمونے قدیم یونانی، رومی، ساسانی، بوزنطی اور دیگر سکوں کی نقل ہیں اور جن پر کبھی کبھی قدیم اسلامی نقوش دکھائی دیتے ہیں۔ ایک بہت ہی غیرمعمولی اور عجیب بات ہے جس کی ابھی تک کوئی خاطر خواہ تشریح نہیں ہوئی اور جو مزید مطالعے کا مستحق ہے (سب سے بہتر پیرس، موزۂ برطانیہ اور استانبول کی فہرستوں میں؛ نیز S. Lane Poole: Coins of the Urtuki Turkumans، لنڈن ۱۸۷۵ء، مرتبہ مارسڈن کی؛ نیز دیکھیے J. Karabacek، در Num. Zeitschr.، ۱۸۶۹ء، ص ۲۶۵)۔

مآخذ: علاوہ ان مآخذ کے جو دینار کے ذیل میں درج کیے گئے ہیں اور ان کے جن کا اس مقالہ میں ذکر کیا گیا ہے، دیکھیے: (۱) F. v. Schrötter در R. Vasmer: Wörterbuch der Münzkunde، برلن و لائپزگ ۱۹۳۰ء، بذیل مادہ Dirhem (جس میں مآخذ کی قابل قدر فہرست دی گئی ہے)؛ (۲) J. Walker: A Catalogue of the Arab-Sassanian Coins: A Cat. of the Muhammadan Coins in the British Museum، ج ۱، لنڈن ۱۹۴۱ء؛ (۳) U. S. L. Welin در Kulturhistorisk Leksikon for nordisk middelalder، ج ۳ (کوپن ہیگن ۱۹۵۹ء)، بذیل مادہ Dirhem؛ (۴) G. C. Miles: Byzantine miliaresion and Arab dirhem: Some notes on their relationship، در American Numismatic Society Musem Notes، (۱۹۶۰ء): ۱۸۹ تا ۲۱۸؛ (۵) وہی مصنف: The Iconography of Umayyad Coinage، در Ars Orientalis، ج ۳ (۱۹۵۹ء)، جدید فہرست مآخذ؛ (۶) وہی مصنف: "Trésor de dirhems du IX<sup></sup>e siecle"، در Mémoires de la Mission Archéologique en Iran، ۳۷ (۱۹۶۰ء): ۶۷ تا ۱۴۵ (سُوسہ سے دریافت شدہ درہموں کے ایک بڑے ڈھیر کا بالتفصیل مطالعہ)؛ [(۷) J. Karabaček: Über Mohammedanische Vicariat-smünzen und Kupfer-drachmen، در Wiener Num. Zeitschr، ۱۸۶۹ء؛ (۸) E. Zambaur: Orientalische Münzen in Nord-und Osteuropa، در Monasblatt. Num. Ges. Wien، ۱۹۰۲ء؛ (۹) J. A. Decourdemanche: Étude métrologique et nomismatique sur les Misqâls et Derhems Arabes، ۱۹۰۸ء؛ (۱۰) اُآ، ع، بذیل مادہ]۔

(G. C. Miles)

* **دَری**: فارسی زبان کا لفظ، بمعنی درباری (زبان)، مشتق از "در" [رک بآں] ۔ عرب مصنفین مثلاً المقدسی (ص ۳۳۵)، یاقوت (۲: ۹۲۵) اور [ابن ندیم:] الفہرست (ص ۱۹) کے ہاں دری زبان (نیز "فارسی دری") کو (ساسانی) دربار کی بول چال اور خط و کتابت کی زبان بتایا گیا ہے ۔ یہ سرکاری اور ادبی زبان بھی تھی ۔ اسلامی حکومت کے تین سو برس بعد اسے ایران میں عربی رسم الخط میں لکھا جانے لگا اور وہ "فارسی" یا "پارسی نو" کہلانے لگی ۔ اس واقعے نے کہ نئے فارسی ادب نے سیاسی وجوہ کی بنا پر ایران میں طاہریوں، صفاریوں اور سامانیوں کی حکومتیں قائم ہونے سے خراسان اور ماوراء النہر میں جنم لیا اور ترقی کی، کچھ مشکلات پیدا کر دی ہیں ۔ [اثر دری جیسا کہ بہار

Marfat.com

کا خیال ہے قرن سوم کے اواخر میں مروج تھی اور مکاتبات و رسائل اس زبان میں موجود تھے جو سوءاتفاق سے ہم تک نہیں پہنچے ۔ فارسیٔ دری کی قدیم ترین کتابیں جو دستیاب ہیں، وہ چوتھی صدی سے اوپر کی نہیں (دیکھیے بہار : سبک شناسی، ج ۲، ص ج طبع امیر کبیر، ۱۳۳۷ ش) ۔ حاشیے میں یہ بھی لکھا ہے کہ عربی کی قدیم کتابوں مثلاً الطبری، عیون الاخبار، الاغانی اور کتب جاحظ وغیرہ میں بلہجہ دری فارسی کے جملے ضبط کیے گئے ہیں جو قرن سوم سے اوپر کے زمانے کے ہیں] .

یہ زبان بنیادی طور پر مغربی ایران کی بولی تھی، اسی لیے صوبۂ فارس کے نام پر، اس کا نام فارسی پڑا ۔ اگر پہلے سے نہیں تو اسلامی عہد میں یقیناً شستہ دری زبان، پہلوی کتابوں کی دقیق لفاظی سے، جسے زیادہ تر زردشتی موبد زندہ رکھے ہوے تھے، دور ہوتی چلی گئی ۔ مغول کی فتح ایران کے زمانے تک دری کی اصطلاح متروک ہو چکی تھی .


**مآخذ :** 'Persidskiy dari- : E. Bertels (۱)
'SE 'tadzikskiy جلد ۳، ۱۹۵۰ء، ص ۵۵ تا ۶۶؛ (۲)
Die Wiedergeburt Persiens um die : R. N. Frye
' Jahrtausendwende در 'Isl. جلد ۳۵، ۱۹۶۰ء
ص ۴۳، مزید لٹریچر کے لیے : [(۳) Cl. Huart : 'Jour As
سلسلہ ۸، ج ۱۱، ۱۸۸۸ء، ص ۲۹۸ ببعد؛ (۴) Zeitschr
'd. Deutsch Morgenl. Ges جلد ۵۱ (۱۸۹۸ء)، ص۱۹۶:
(۵) F. Justi : Zeitschr. d. Deutsch. Morgenl. Ges.
ج ۳۵، ۱۸۸۱ء، ص ۳۲۷ : (۶) Anquetil-Duperron :
'Mémoires de l' Academie des Inscriptions ج ۳۱،
۱۷۶۸ء، ص ۴۱۰؛ (۷) E.G. Browne : 'A year amongst
'the Persians ص۱۸۷؛ (۸) وھی مصنف 'Literary History
'of Persia ۱ : ۲۶؛ (۹) دائرۃ المعارف الاسلامیہ، قاھرہ،
بذیل مادہ :(۹) بہار : سبک شناسی، ج ۲، دیباچہ ص ج ] .


(R. N. FRYE)

## دریا بیگی :

**دریا بیگی :** دریا بای یعنی افسر بحریہ، ایک خطاب جو مملکت عثمانیہ میں بحری بیڑے کے بعض سرداروں کو دیا جاتا تھا ۔ نویں صدی ھجری/پندرھویں صدی عیسوی میں دریا بای یا "دِنزِگلیپولی" (deniz-beye) کا خطاب کبھی کبھی گلیپولی کے افسر جنگ کے لیے استعمال کیا جاتا تھا [رک بہ gelebolu] جس کو سنجاق بای کا درجہ حاصل تھا اور وھی اس وقت تک اعلٰی امیر بحریہ بھی ھوتا تھا، جب تک قپودان پاشا [رک بآں] کا عہدہ قائم نہیں ھوا تھا۔ دسویں صدی ھجری/ سولھویں صدی عیسوی میں قپودان پاشا امیرالبحر ھونے کے علاوہ اس ایالت (صوبہ) کا والی بھی ھوتا تھا جو بندر گاھوں اور جزیروں کے ایک مجموعہ سے مل کر قائم کی گئی تھی [رک بہ جزائر بحر سفید] ۔ یہ صوبہ بھی اور صوبوں کی طرح سنجاقوں میں منقسم تھا جن کے حاکم بجاے سنجاق بای کے دریابای کہلاتے تھے ۔ ان کے اور ان کے ماتحت عمّال نیز فوجی سرداروں کے پاس زمین اور جاگیریں ھوتی تھیں ۔ سنجاق کے ان بحری حاکموں کا فرض تھا کہ بیڑے کی خدمات انجام دیں اور اپنے اپنے سنجاق کو اھمیت کے مطابق ایک، دو، یا تین جہاز، ان کا عملہ، اور ساز و سامان مہیا کریں۔ ان کی جاگیروں کا انتظام ایک محکمے کے سپرد تھا جو "دریا قلمی" یعنی بحری محکمہ کہلاتا تھا۔ اور منسوخات [رک بآں] کے معاملات بھی یہی طے کرتا تھا ۔ دریا بای کا تقرر عموماً مدۃ العمر کے لیے ھوتا تھا جو وراثۃً ان کے فرزندوں کو منتقل ھو جاتا تھا ۔ ان کے جہاز اصلی (شاھی) بیڑے کے معاون ھوتے تھے.


**مآخذ :** (۱) Marsigli : Etat militaire de
'l' Empire Ottoman ج ۱، The Hague، ۱۷۳۲ء، ص
۱۴۴ تا ۱۴۵؛ (۲) M. D'Ohsson : Tableau général de
'l'Empire othoman ج ۷، پیرس ۱۸۲۴ء، ص ۴۲۴؛
(۳) Hammer-Purgstall : 'Staatsverfassung ۲:
۲۵۲ تا ۲۵۳؛ (۴) اسمٰعیل حقی اوزون چار شیلی : Osmanli


Marfat.com

*devletinin merkez ve bahriye teşkilâtı*، انقرہ ۱۹۴۸ء، ص ۴۲۱، ۴۲۲، ۴۲۳؛ (۵) Gibb-Bowen: ۱/۱: ۱۰۲.
(B. Lewis)

* **دریائی شاہی** : رک بہ اُرمیا .

* **دُرَید بن الصِّمَّہ** : ایک قدیم عربی شاعر اور بنو جُشم بن معاویہ کا سردار، تقریبا ۵۳۰ء میں پیدا ہوا - قدیم عرب کی ایک نمایاں شخصیت ہے .

اس کا باپ معاویہ بن الحارث تھا جو الصِّمَّہ کہلاتا تھا اور بنو جُشم بن معاویہ کا قائد تھا جو قبیلۂ ہوازن [بن منصور بن عکرمہ بن خصفۃ] سے تعلق رکھتے تھے اور مکے اور طائف کے درمیان رہتے تھے - مذہبی یگانگت اور باہمی اقتصادی اور معاشرتی تعلقات کے باوجود مکے اور طائف کے لوگوں میں قدیم رقابت اور مزاحمت چلی آتی تھی جو ان بدوی قبائل میں بھی سرایت کر گئی تھی جو مکے اور طائف کے بیچ میں رہتے تھے - اس مخالفت کے باعث اکثر باہم جنگ ہوتی رہتی تھی؛ ان جنگوں کا سلسلہ حروب الفجار کے نام سے موسوم ہے .

دُرَید بن الصِّمَّہ نے ان لڑائیوں میں حصہ نہیں لیا - اس کی کچھ ذاتی وجوہ تھیں جن کی بنیاد قبائل کِنانہ سے اس کے تعلقات پر تھی ، اگرچہ اس سے پہلے وہ خود کِنانہ کے خلاف لڑ چکا تھا اور اس کے باپ نے حرب الفجار میں بڑا اہم کردار ادا کیا تھا .

لیکن دوسری طرف اس نے ہَوازِن اور غَطَفان کی لڑائیوں میں بڑا اہم حصہ لیا اور اس کے دو بھائی عبدیَغُوث اور عبداللہ انہیں جنگوں میں مارے گئے؛ خاص طور پر عبداللہ کے مارے جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ دشمنی اور لڑائیاں نئے سرے سے جاری ہو گئیں اور ان میں بنو جُشَم کے قبیلے نے پھر نمایاں حصہ لیا ، درید بن الصِّمَّہ اپنا فرض سمجھتا تھا کہ بھائی کے قتل کا بدلہ لے ، چنانچہ اس نے یہ فرض غَطَفان پر متعدد حملے کرنے کی صورت میں ادا کیا .

دُرید کے ساتھ بنو سُلَیم کے دوستانہ تعلقات تھے، اس نے نوجوان شاعرہ الخَنْساء [رک بآں] سے شادی کرنے کی درخواست کی ، لیکن الخَنْساء نے انکار کر دیا کیونکہ درید عمر رسیدہ ہو چکا تھا؛ اگرچہ اس کے رشتے دار چاہتے تھے کہ ایسے با اثر سردار کی دوستی اُن کے ساتھ قائم رہے - بہر حال الخَنْساء کے انکار سے اس کے بھائیوں معاویہ اور صخر کے ساتھ دُرید کے دوستانہ تعلقات میں کوئی خلل نہ آیا .

فتح مکہ کے بعد جب ہوازن ، ثَقِیف اور اُن کا حلیف قبیلہ نَصْر (جن کا سردار مالک بن عَوف تھا) اہل اسلام کے خلاف لڑنے اٹھ کھڑے ہوے تو بوڑھے دُرَید بن الصِّمَّہ کو پالکی میں ڈال کر لائے تا کہ وہ اپنے جنگی تجربات سے ان قبائل کو فائدہ پہنچائے - لڑائی شروع ہونے ھی والی تھی کہ اس نے مالک بن عوف سے اس بات پر بحث کی کہ قبیلے کی عورتوں ، بچوں اور مویشیوں کو کہاں ٹھکانا دیا جائے گا ، کیونکہ وہ ان سب کو لڑائی کے میدان سے دور رکھنا چاہتا تھا .

**فتح مکہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم بنو ہوازن سے جنگ کرنے روانہ ہوے، دونوں لشکروں کے مابین حُنَین میں مقابلہ ہوا - شروع میں قبائل نے اچانک یلغار کر کے مسلمانوں کو پریشان کیا ، [لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی استقامت و پامردی اور ہمت و استقلال کے باعث مسلمان سنبھل گئے اور اس بہادری سے لڑے کہ بدوی شکست کھا کر تتر بتر ہو گئے -] بہت سا مال غنیمت مسلمان مجاہدین کے ہاتھ لگا - دُرَید بن الصِّمَّہ لڑائی کے دوران میں رَبِیعَہ بن رُفَیْع السُّلَمی کے ہاتھ سے مارا گیا - جب وہ مرا تو بہت سن رسیدہ ہو چکا تھا اور اس کی عمر سو سال کے لگ بھگ پہنچ چکی تھی .**

الاغانی (۹ : ۲) میں دُرید بن الصِّمَّہ کو

Marfat.com

بہادر شہسوار اور صف اول کا شاعر (= شاعر فَحل) تسلیم کیا گیا ہے۔ محمد بن سَلّام الجُمَحی نے اُسے عرب کے چوٹی کے شعرا میں اول مرتبہ دیا ہے۔ عربوں کے نزدیک وہ سب سے بڑا شہسوار شاعر تھا۔ الاَصْمعی بھی اسے بڑا شخص سمجھتا ہے (فُحُولة الشعراء در ZDMG، ۶۵ : ۴۹۸، سطر ۲۰)۔

اس کے قصائد میں، جو بَدَوِیّت کا نمونہ ہیں لڑائی کا بیان، محبت اور دوستی کا اظہار، مرثیہ اور مَدح سب کچھ ملتا ہے؛ اس شخص میں وہ سب خوبیاں اور نقائص موجود تھے جو عربوں کے خصائص میں سے ہیں۔

[اس نے عروض کی بحروں میں سے زیادہ تر وافر اور طویل استعمال کی ہیں۔ نیز بسیط، متقارب رجز، کامل اور رمل بھی اس کے ہاں پائی جاتی ہیں۔ ابن منظور نے لسان العرب میں تقریباً پینتیس جگہ دُرَید کے اشعار سے استشہاد کیا ہے (دیکھیے عبدالقیوم : فہارس لسان العرب، ۱ : ۹۴)]۔

**مآخذ :** (۱) الاغانی، ۹ : ۲ تا ۲۰، نیز دیکھیے *Tables*، ص ۳۳۲؛ (۲) ابن قتیبه : کتاب الشعر : ص ۱۹۷، ۲۱۹، ۴۷۰ تا ۴۷۳؛ (۳) خِزانة الادب، ۱ : ۱۲۵ و ۲ : ۱۲۱، ۳۲۴ و ۳ : ۱۶۶ و ۴ : ۱۴۸، ۴۴۴ تا ۴۴۷، ۵۱۳، ۵۱۶؛ اس کے کچھ قصائد البکری : مُعْجم؛ سیرة عنتر؛ العقد؛ الاصمعیّات؛ الکامل؛ حماسة البحتری؛ حماسة ابی تمام، لسان العرب، تاج العروس اور دیگر مجموعوں میں بھی پائے جاتے ہیں؛ (۴) R. Růžička : *Duraid ben As-simma, obraz středního Hidžāzu na úsvitě islamu*، پریگ Prague ۱۹۲۵ء - ۱۹۳۰ء، حصه ۳، ج ۲، در *Rozpravy České akademie a umění věd*، جلد ۳، عدد ۶۱، ۶۲، مضامین دیکھیے *Aro*، ۱۹، ۱۹۵۱ء، عدد ۱ تا ۲، ص ۹۹ تا ۱۰۰؛ [(۵) البستانی : دائرة المعارف، بیروت ۱۸۸۳ء، ۷ : ۶۸۳ ببعد؛ (۶) الروض الانف، ص ۲۸۷؛ (۷) السیوطی : شرح الشواهد، ص ۳۱۷؛ (۸) التبریزی، ۲ : ۱۵۶؛ (۹) ابن حبیب : المُحبر، حیدر آباد دکن ۱۹۴۲ء، ص ۲۹۸ تا ۲۹۹؛ (۱۰) الطبری، ۱ : ۱۲۵۵ تا ۱۲۵۷؛ (۱۱) Caussin de Percevall : *Essai*، ۲ : ۵۳۹ ببعد، و ۵۴۲ ببعد؛ (۱۲) خیرالدین الزرکلی : الاعلام، ۳ : ۱۶ ببعد؛ (۱۳) المرزبانی : معجم الشعراء، ۱۹۶۰ء، ص ۳۱۲ ببعد؛ (۱۴) براکلمان: تکمله، ۱ : ۹۳۸؛ (۱۵) عمر فرّوخ : تاریخ الجاهلیة، بیروت ۱۹۶۴ء، ص ۶۴؛ (۱۶) ابن حزم الاندلسی : جمهرة انساب العرب، مصر ۱۹۶۲ء، ص ۲۷۰؛ (۱۷) شیخو : الشعراء النصرانیه، بیروت ۱۸۹۰ء، ۵ : ۷۵۲ ببعد؛ (۱۸) ابو حاتم السجستانی : المعمرین، ص ۲۱ تا ۲۲؛ (۱۹) ابن دُرید : الاشتقاق، ص ۱۷۷ ببعد؛ (۲۰) ابو عبیدالبکری : اللآلی، ص ۳۹ ببعد؛ (۲۱) الآمدی : المؤتلف و المختلف، ص ۱۱۴؛ (۲۲) النّووی : تهذیب الاسماء و اللغات، الطباعة المنیریه، ۱/۱ : ۱۸۵؛ (۲۴) احمد امین : فجر الاسلام، قاهره ۱۹۶۵، ص ۸۶؛ (۲۵) المرزوق : شرح دیوان الحماسة، قاهره ۱۹۵۱، ۲ : ۸۱۲ ببعد؛ (۲۶) سیرت ابن هشام ص ۸۴۱ تا ۸۴۲، گوٹنگن]۔

(K. Petráček)

* **دَزا :** رک به تُبُوّ (= تُوبُو)۔

* **دِزفُول :** اسی نام کے ایک ضلعے (شہرستان) کا صدر مقام، ایران کے چھٹے اُستان (= خوزستان) میں ۳۲ درجے، ۲۳ ثانیے شمالی عرض بلد اور ۴۸ درجے، ۴۳ ثانیے مشرق طول بلد (گرین وچ) میں آبِ دِز یا دِزفول رُود کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔ یه ندی جو بُروجِرد کے نواح سے نکلتی ہے، بندِ قیرِ (عسکر مکرم، [رک باں]) کے مقام پر قارون [رک باں] میں جا ملتی ہے۔ یه شہر، جو سطح سمندر سے دو سو میٹر اونچا ہے اور مرکب چٹانوں کے اوپر آباد ہے؛ اس کے بہت سے باشندوں نے اس پتھریلی ٹیکرے میں اپنے مکانوں کے نیچے تہہ خانے ("سرداب") بنا لیے ہیں، جن میں وہ موسم گرما میں گرمی سے بچنے

Marfat.com

کے لیے اقامت اختیار کرتے ہیں ۔ دِزْ فُول (فارسی میں "دِزْپول" = حصاری پل) کا نام اس حصار کے نام پر پڑا ہے جو وہاں ندی کے مشہور پل کی حفاظت کے لیے تعمیر ہوا تھا ۔ اس پل کے پائے شُوشْتر [رک بآں] کے زیادہ مشہور پل کی طرح بلاشبہہ ساسانی عہد کے ہیں، محرابیں اور بالائی عمارت بعد کے زمانے کی ہے ۔ ان کی مرمت بار بار ہوئی ہے ۔ بقول المُسْتَوفی (۷۴۰ھ/ ۱۳۳۹ - ۱۳۴۰ء) اس پل کی ۴۲ محرابیں تھیں، جب کہ علی یَزْدی (۸۲۸ھ/۱۴۲۴ - ۱۴۲۵ء) نے لکھا ہے کہ اس کی ۲۸ بڑی اور ۲۷ چھوٹی محرابیں تھیں، یعنی کل ۵۵ ۔ (ان مصنفوں نے بلاشبہہ پایوں کے اوپر امدادی طاقچوں کو محرابیں خیال کیا، جنھیں پل کے ڈھانچے پر سخت طغیانی کے وقت دباؤ کم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا) ۔

دِزفولُ کا نام چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی سے پہلے مستعمل نہیں تھا ۔ اس سے پہلے اسے اَنْدا٘ل مِشْک یا اَنْدا مِشْک کہتے تھے ۔ (اب یہ نام ایک قصبے کا ہے جو ٹرانس ایرانین ریلوے پر دِزْ فول کے شمال میں گیارہ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے) ۔ قدیم تر عرب جغرافیہ نویسوں نے اس قصبے کو کئی ناموں سے موسوم کیا ہے، مثلاً قَصْرُ الرُّوناش، قَنْطَرۃ الروم (رومی پل)، قنطرۃ الرُّوْد (دریا کا پل) اور قنطرۃ الزاب ۔ زاب بار بار دریا کے نام کے طور پر آتا ہے، یہ سامی زبانوں میں זוב (بمعنی بہنا) استعمال ہوتا ہے ۔

پروکوپی اس Procopius نے اپنی تصنیف *Caesareensis* (کتاب اول، ۵ : ۷ تا ۲۸، ۹ و ۲۹) میں ایک " گمنام قلعے " (τὸ τῆς Λήθης φρούριον) کا دلچسپ حال بیان کیا ہے، جو ایران میں کسی پوشیدہ جگہ پر واقع تھا، جہاں اونچے درجے کے لوگوں کو قید کیا جاتا تھا ؛ اس کے متعلق بات کرنے کی سزا موت تھی ۔ Procopius، عرب اور ایرانی مصنفین میں سے جس جس نے اس قلعے کا ذکر کیا ہے، اس کا صحیح محل وقوع بیان نہیں کیا، لیکن ارمنی ماخذ کی رو سے یہ اَنداِمِشْن میں تھا، جسے H. Hübschmann نے اپنی *Armenische Grammatik*، لائپزگ ۱۸۹۷ء، ص ۱۹)، میں اَندا مِشک یعنی دِزْ فُول ہی میں متعین کیا ہے ۔

شوشتر کی طرح دِزْ فُول بھی اپنے ھمسایہ شہر جُنْدیْشاپور [رک بآں] کے سامنے ایک طویل عرصے تک ماند پڑا رہا ۔ بعد ازاں جب جندیشا پور ویران ہوا تو دِزْ فُول زیادہ خوشحال ہو گیا، لیکن جب ساسانیوں کا حیرت انگیز نظام آبپاشی مرمت نہ ہونے کے باعث خراب ہو گیا تو اسے اور اس کے نواحی ضلعے کو نقصان پہنچا ۔ گو دِزْ فُول مغول کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچ گیا تھا لیکن بعد ازاں یہ ایلخانوں کی حکومت کا مطیع ہو گیا ۔ ۱۳۹۳ء میں اس نے تیمور کی کوئی مزاحمت نہیں کی ۔ کہا جاتا ہے کہ تیمور کی اطاعت قبول کرنے کے تھوڑے دن بعد ہی اَرْدبِیْل کے شیخ صفی [رک بآں] کا پوتا خواجہ علی دِزْ فُول آیا اور اس نے اپنی کرامت سے آبِ دِزْ کی روانی کو عارضی طور پر بند کرکے اس کے باشندوں کو شیعہ بنا لیا ۔ نادر شاہ [رک بآں] کئی موقعوں پر دِزْ فُول آیا، اس نے اسے لُرُوں (Lurs) سے محفوظ رکھنے کے لیے ایک قلعہ تعمیر کیا، جسے دِزِ شاہ کہتے تھے اور وہ شمال مشرق جانب چند میل پر تھا ۔

فتح علی شاہ [رک بآں] کے ایک بیٹے محمد علی میرزا نے اس مشہور پل کو انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں مرمت کیا تھا، لیکن ۱۸۳۲ء کے غیر معمولی شدید سیلاب اس کے ان حصوں کو بہا لے گئے جنھیں بڑی احتیاط سے دوبارہ بنایا گیا تھا ۔ یہی زمانہ تھا جب نیل کی کاشت قرب و جوار میں وسیع پیمانے پر شروع کی گئی ۔ نیل افراط سے تیار ہونے لگا، یہاں تک کہ بیرونی رنگوں کی درآمد نے

marfat.com
Marfat.com

اس صنعت کو غیر منفعت بخش بنا دیا ۔ دِزْ فُول نرسل کے قلموں کے لیے بھی مشہور تھا ، جنھیں مدت دراز تک مشرق میں بہترین خیال کیا جاتا تھا اور وہ دور دراز ملکوں تک بھیجے جاتے تھے ۔ اس صنعت کے لیےخام مال نام نہاد البَطِیْحه [رَکَ بآں] یعنی دریاے دجله اور فرات کے نشیبی حصوں کی دلدلوں میں نرسل کے غیر مختتم نیستان مہیا کرتے تھے۔

۱۸۳۱ء اور بعد کے سال میں شوشتر میں طاعون اور ہیضه کی شدید وباؤں کے پھوٹ پڑنے سے اس کی جگه دِزْ فُول تھوڑے عرصے کے لیے خوزستان کا صدر مقام بن گیا ۔ انیسویں صدی عیسوی کے وسط کے قریب Loftus نے دِزْ فُول کی آبادی کا تخمینه پندره اور اٹھاره ہزار کے قریب لگایا تھا، جو تمام کے تمام مسلمان تھے، بجز تیس کے قریب مندی (Mandaean) خاندانوں کے ۔ Wells نے ۱۸۸۳ء میں اس کی مجموعی آبادی بیس ہزار بتائی ہے اور Herzfeld نے ۱۹۰۷ء میں اس کا اندازه فقط پندره ہزار لگایا ، جس میں ایرانی کُرد ، لُر اور عرب شامل تھے ۔ آج کل (۱۹۶۲ء میں) یه آبادی تقریباً پچاس ہزار ہے ۔ اس کے بیشتر باشندے شوشتر کے باشندوں کی طرح سیّد ہیں ۔ شہر میں کوئی پینتیس مسجدیں اور کثیر تعداد میں اولیا کے مزار ہیں۔ رُوبَنْد کے مضافات میں سلطان حسین کا روضه ہے، جو سوس میں نبی دانیال[۴] کے روضے سےگہری مشابہت رکھتا ہے ۔

حال ہی میں آبِ دِز کے پُل کی وسیع پیمانے پر مرمت کی گئی ہے ، اس کام کے سلسلے میں متعدد پرانی محرابوں کی جگه پورے عرض کی تین جدید محرابیں بنائی گئی ہیں ۔

جب آبِ دِز کے پار ایک بڑا بند، جو ۱۹۵۹ء تک شہر کے شمال مشرق میں باره میل دور ایک گھاٹی میں زیر تعمیر تھا ، پایۂ تکمیل کو پہنچے گا تو اس سے دِزْفُول اور نواحی علاقے کو بلاشبهه بڑا فائده ہوگا ، کیوں که یه نه صرف ایک وسیع رقبے کی آبپاشی کے لیے کافی پانی فراہم کرے گا، بلکه شمالی اور وسطی خوزستان کو وسیع پیمانے پر بجلی بھی مہیا کرے گا ۔

**مآخذ** : (۱) BGA، مواضع کثیره : (۲) یاقوت، ۱ : ۲۷۳(بذیل ماده اندامش)، ۳ : ۱۱۱ (بذیل ماده قصر روناش)؛ (۳) Sir W. Ouseley : *Travels in the various countries of the East*، لنڈن ۱۸۱۹ء، ۱ : ۳۵۸ ببعد؛ (۴) Sir A. H. Layard : *Description of the province of Khuzistan*، در *JRGS*، لنڈن ۱۸۴۶ء، ص ۵۶ تا ۶۳؛ (۵) W. K. Loftus : *Travels and researches in Chaldaea and Susiana*، لنڈن ۱۸۵۷ء، ص ۳۱۰ تا ۳۱۳، لنڈن ۱۸۴۶ء، ص ۵۶ تا ۶۳؛ (۶) وہی مصنف : *Early adventures in Persia, Susiana and Babylonia*، لنڈن ۱۸۸۷ء، ۲ : ۲۹۳؛ (۷) Sir A. H. Houtum-Schindler، در *ZGErdk. Berl.*، ۱۸۷۹ء، ص ۳۸ ببعد؛ (۸) H. L. Wells : *Surveying tours in Southern Persia*، در *Proceedings of the Roy. Geograph. Society*، ۱۸۸۳ء؛ (۹) J. Dieulafoy : *La Perse, la Chaldée et la Susiane*، پیرس ۱۸۸۷ء، ص ۶۴۷ تا ۶۵۲؛ (۱۰) E. Herzfeld، در Petermann's : *Geograph Mitteil.*، ۱۹۰۷ء، ص ۷۳ تا ۷۵؛ (۱۱) رَزْمارا و نُوتاش : فرہنگ جغرافیائی ایران، ۶ : ۱۶۱؛ (۱۲) L. Lockhart : *Persian Cities*، لنڈن ۱۹۵۹ء، باب ۲۰؛ [(۱۳) دائرة المعارف الاسلامیة، قاهره، بذیل ماده؛ (۱۴) G. Le Strange : *The lands of the Eastern Caliphate*، ۱۹۰۵ء، ص ۲۳۳، ۲۳۸ تا ۲۳۹؛ (۱۵) *Djihan numa Geographia Orient*، لاطینی ترجمه از M. Norberg، ۱۸۱۸ء، ۱ : ۳۳۲؛ (۱۶) Ritter : *Erdkunde*، ۸ : ۳۹ و ۹ : ۱۶۳، ۱۷۰، ۱۹۳ تا ۱۹۵، ۳۲۲؛ (۱۷) Spiegel : *Eranische Altertumskunde*، ... ۱۸۷۱ء : ص ۱۱۰، ۳۷۵؛ (۱۸) de Morgan :

Marfat.com

*Mission Scientif en Perse, Etud. Geogr*' ۲ : ۲۶۳ تا ۲۶۵ ' ۳۱۶ ؛ (۱۹) البستانی : دائرة المعارف ' بیروت ۱۸۸۳ء' ۷ : ۶۸۶]).

(L. LOCKHART)

(٭) **دساسی :** بیرن سلوستر دساسی Baron silvestre de sacy ، فرانس کا ایک مشہور اور ممتاز مستشرق ، عربی اور فارسی زبانوں میں اچھی دستگاہ حاصل کی اور عہد حاضر میں فرانس کے عربی دبستان کی بنیاد ڈالی ۔ ۱۷۵۸ء میں پیرس میں پیدا ہوا اور اس کی عمر ابھی سات سال کی تھی کہ سایۂ پدری سر سے اٹھ گیا ۔ بے سروسامانی کے باوجود دساسی نے مشرقی زبانوں، خصوصاً عربی اور فارسی کی تحصیل کی اور مشرقی علوم میں ایسا غیر معمولی تبحّر حاصل کیا کہ اپنے ہم عصروں میں امام المستشرقین تسلیم کیا گیا ۔

۱۷۷۸ء میں فرانس کے شاہ لوئی ہژدھم نے آٹھ علما کی ایک کمیٹی مقرر کی اور شاہی کتب خانے میں مشرقی زبانوں کے جو مخطوطات محفوظ تھے انھیں ان کی اشاعت پر مامور کیا ۔ اس کمیٹی کا ایک رکن دساسی بھی تھا ۔ ۱۷۹۵ء میں فرانس کی انقلابی حکومت نے پیرس میں مشرقی زبانوں کی تعلیم کے لیے ایک مدرسہ قائم کیا جو Ecole des Langues Orientale کے نام سے آج تک جاری ہے ۔ دساسی اس مدرسے میں عربی کا پہلا استاد مقرر ہوا اور جب اس نے عربی کا درس شروع کیا اور موزوں درسی کتابوں کی کمی محسوس کی تو اس نے طلبہ کے لیے عربی زبان کی مستند کتابوں کے اقتباسات کا ایک مجموعہ اَلتُّحفة السَّنِیَّة فی علم العَرَبِیَّة کے نام سے دو جلدوں میں ۱۷۹۹ء میں شائع کیا ، جو درسی اغراض کے لیے اس قدر مفید اور مقبول ثابت ہوا کہ ترمیم و اضافہ کے بعد ۱۸۰۴ء میں دوبارہ طبع ہوا اور دیگر مغربی ملکوں میں بھی مروّج ہوا ۔ عربی صرف و نحو کی تعلیم کے لیے بھی دساسی نے اسی قسم کا ایک اور مجموعہ اَنِیسُ الْمُفِید لِلطَّالِبِ الْمُستَفِید کے نام سے مرتب کیا ۔ ان درسی کتابوں کے علاوہ اس نے مقامات حریری ، کَلِیْلَة و دِمنة اور الفیّة ابن مالک کو بھی شائع کیا ۔ ان کتابوں کی اشاعت سے فرانس میں عربی زبان کے درس و مطالعہ نے بڑا فروغ پایا ۔ اور ۱۸۱۳ء میں فرانس کی حکومت نے دساسی کو اس کی نمایاں علمی خدمات کے صلے میں بیرن Baron کا خطاب عطا کیا ۔

دساسی نے ۱۸۱۹ء میں شیخ فریدالدین عطار کا پند نامہ فرانسیسی ترجمے کے ساتھ شائع کیا اور اس کی ابتدا میں فارسی زبان میں ایک مقدمہ بھی لکھا ۔ اس مقدمے کی فصیح و بلیغ عبارت سے ثابت ہوتا ہے کہ دساسی کو عربی کے علاوہ فارسی پر بھی خوب عبور حاصل تھا ۔

اپنے احباب اور تلامذہ کی شرکت سے دساسی نے ۱۸۲۲ء میں ایشیاٹک سوسائٹی Société Asiatique کی بنیاد ڈالی اور دساسی ہی کو اس سوسائٹی کا پہلا صدر منتخب کیا گیا ۔ اس سوسائٹی نے ایک علمی مجلّہ بھی جاری کیا جو آج تک *Journal Asiatique* کے نام سے شائع ہو رہا ہے ۔ دساسی کے بہت سے مضامین اور مقالات اسی رسالہ میں طبع ہوئے یورپ میں بَرْدِیات (Papyri) کے مطالعے کا آغاز بھی دساسی ہی کی بدولت ہوا ۔ اس نے جو قرطاس شائع کیے وہ ۱۸۲۵ء میں مصر میں سقارہ کے قریب دیر ابو برمیسن سے دستیاب ہوئے تھے ۔

بیرن دساسی نے اپنی تعلیم و تدریس، تحقیق و تدقیق اور تصنیف و تالیف سے فرانس میں عربی علوم کے موجودہ دبستان کی بنیاد ڈالی ۔ اس کے حلقہ درس سے بہت سے نامور مستشرقین مثلاً Flügel, Freytag, Ahlwardt, Quatremere, Tornberg, Kosegarten, De Slane, Fleischer اور Reinaud پیدا ہوئے جنھوں نے اپنے اپنے مرکزوں میں اپنے نامور استاد کی علمی

Marfat.com

روایات کو جاری رکھا ـ علم و فضل کی بنا پر دساسی کو ملک بھر میں بہت عزت و تکریم کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ فرانسیسی قوم نے دساسی کو بہت سے اعزاز بخشے ، دساسی کی قدر و منزلت وطن تک ھی محدود نہ تھی ، جرمنی اور روس کے شہنشاہ بھی مشرقی علوم کی تنظیم و ترویج کے بارے میں اس سے مشورہ لیتے تھے، چنانچہ دساسی کے ایما پر یورپ کے متعدد ملکوں میں مشرقی زبانوں کی تعلیم اور مشرقی علوم کی تحقیق کے لیے ادارے قائم ہوے اور اس کے مشورے سے وھاں لائق اساتذہ کا تقرر عمل میں آیا .

بیرن دساسی نے ۲۱ فروری ۱۸۳۸ء کو پیرس میں اسّی سال کی عمر میں وفات پائی .

**مآخذ :** (۱) ابوالقاسم سحاب: فرہنگ خاور شناسان، ص ۳۰۳ تا ۳۱۲، تہران؛ (۲) نجیب العقیقی: المستشرقون، ۱ : ۱۷۹ تا ۱۸۲، قاہرہ ۱۹۶۴ء؛ (۳) M. Réinaud : *Notice sur M. le Baron silvestre de Sacy lue a la séance de la société Asiatique* در *le 25 Juin 1938*، پیرس ۱۸۳۸ء؛ (۴) Fück : *J. Arabischen Studien in Europa*، ص ۱۴۰ تا ۱۵۷، لائپزگ ۱۹۵۵ء؛ (۵) عنایت اللہ : در *Islamc Culture*، ۱۲ (۱۹۳۸ء) : ۲۴۱ تا ۲۴۲ .

(شیخ عنایت اللہ)

* **دَسْتان :** رک بہ حَماسہ

* **دستاویزات :** سیاسی (Diplomatic) تحریرات دست آویز (ف) ، عربی میں وثیقہ جمع وثائق .

۱ـ قدیم عربی

(۱) عربی دستاویزات پر نسبۃً کم کام ہوا ہے۔کام کا مواد بہت بکھرا ہوا ہے اور ابھی صحیح معنوں میں مرتّب و مدّون نہیں ہوا ـ تاہم کچھ عرصے سے عربی دستاویزات سے اعتنا ہونے لگا ہے ـ متعدد دستاویزات شائع ہو چکی ہیں اور عہد اسلام کی ابتدائی صدیوں کے بردی مخطوطات کی ترتیب و طباعت سے ہماری معلومات میں معتدبہ اضافہ ہوا ہے ـ لہٰذا اسے محض حسن اتفاق نہیں سمجھنا چاہیے کہ ایک ماہر بردیات گرومن Grohmann نے عربی دستاویزات نویسی کو منظم کرنے کے سلسلے میں خاصا بنیادی کام کر لیا ہے اور اب توقع کی جا سکتی ہے کہ مزید مخطوطات کی طباعت سے اس کام کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی ـ یہ بات خاص طور سے بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ ہمارے پاس اتنے قدیم زمانے کی دستاویزات کے اصل نسخے موجود ہیں ، بالخصوص اس صورت میں کہ بعد کی صدیوں کی عربی دستاویزات اتنی تعداد میں نہیں ملتیں ـ ابھی ماضی قریب میں [دستاویزات کے] چند مجموعے منظر عام پر آئے ہیں اور یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس طرح کا مزید مواد دستیاب ہو جائے گا ـ مجموعہ ہائے جنزہ (Geniza) اور کوہ سینا پر صومعہ سینٹ کیتھرائن میں متعدد اہم عربی دستاویزات ملی ہیں ، اور عہد ممالیک کی دستاویزیں اطالیہ اور ہسپانیہ کے دفتر خانوں میں محفوظ ہیں .

دبیروں کے لیے لکھے ہوے عربی دستور العمل بھی، جو خاصی بڑی تعداد میں محفوظ ہیں، اس مواد میں شامل ہیں، جس پر عربی دستاویز نویسی کے باقاعدہ علم کی بنیاد رکھی گئی ہے ـ یہ دستورالعمل کچھ تو وہ نظری توضیحات و ہدایات ہیں جو کاتبوں کے لیے لکھی گئی ہیں اور بعض کی حیثیت متن میں عملی نمونوں کی ہے ، جن میں بالعموم نہ کوئی نام آتا ہے نہ تاریخ ـ بظاہر اس بات کا فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ یہ متون کس حد تک مستند ہیں یا یوں کہیے کہ یہ کس حد تک اعلیٰ دستاویزات پر مبنی ہیں۔ اس قسم کے دستورالعمل رفتہ رفتہ تہذیب و تکمیل کی منزلوں سے گزرتے گئے تا آنکہ عہد ممالیک میں انھوں نے دائرہ معارف کی حیثیت اختیار

Marfat.com

کر لی، جیسا کہ القلقشندی : صُبحُ الأعشی سے معلوم ہوتا ہے ۔ اس جلیل القدر تصنیف کو مطالعہ دستاویزات کے سلسلے میں ایک بنیادی ماخذ کا درجہ حاصل ہے اور اسی لیے اس کے مصنف کو عربی وثائق نویسی کے ممتاز ترین متقدمین میں سے تصور کرنا چاہیے ، گو یہ بتانا مشکل ہے کہ القلقشندی نے جو عبارتیں درج کی ہیں ان کی اصل کس حد تک اس کی نظر سے گزری تھی ۔ البتہ ہمیں یہ معلوم ہے کہ اس کی رسائی دفترخانوں تک تھی اور اس زمانے میں آج کے مقابلے میں کہیں زیادہ متون محفوظ تھے ۔ قدیم تر متون کے بارے میں ہم زیادہ وثوق سے کچھ نہیں کہہ سکتے ۔ غالبًا القلقشندی نے اپنی کتاب کی بنیاد زیادہ تر ادبی ماخذ پر رکھی تھی ، جن میں سے بعض کے نام بھی اس نے دیے ہیں ، لیکن ہمیں یہ توقع ہرگز نہیں کرنی چاہیے کہ اس نے انہیں خاص تنقیدی نظر سے دیکھا ہو گا .

Bresslau کی ترتیب و تقسیم کی بنیاد پر ذیل میں ایک جائزہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ نسبةً واضح اور مکمل تصویر سامنے آ سکے .

(۲) دستاویزات کی ترتیب و تحریر : سب سے پہلے افتاحیہ یا تمہید، متن اور خاتمہ ۔ (الف) افتتاحیہ یا تمہید کو طراز اور اِفتتاح کہا گیا ہے ۔ عربی کے بردی مخطوطات میں تمہید کے لیے طراز کا لفظ استعمال کیا گیا ہے ۔ شروع شروع میں طرازیں دو زبانوں میں لکھی جاتی تھیں ، یونانی عربی میں ، پھر عربی یونانی میں ، اور بالآخر صرف عربی میں ۔ ان کے الفاظ میں خاصا تنوع ملتا ہے ۔ گرومن Grohmann نے بہت زیادہ مواد شائع کیا ہے ، اس کی غرض و غایت بظاہر یہ ہے کہ دستاویز کو مستند و معتبر بنا کر پیش کیا جائے ، لیکن جہاں تک عربی دستاویزات کی صحت کا تعلق ہے ، ایسا کرنا بے معنی ہے ۔ چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی سے اسے بالکل ترک کر دیا گیا اور اب طراز کی اصطلاح صرف کپڑوں پر نام لکھنے کے مفہوم میں استعمال ہوتی ہے ، القلقشندی اس اصطلاح کے صرف اسی مفہوم سے آشنا ہے ، چنانچہ وہ دستاویزات کی ابتدا کے لیے [طراز کا استعمال نہیں کرتا]، افتتاح کی اصطلاح استعمال کرتا ہے، مثلاً افتتاح الکتب اور افتتاح المکاتبة ۔ اس افتتاح کے مختلف اجزاء کو وہ فَوَاتِح کہتا ہے، جو یہ ہیں : بسملہ (بسم اللہ)، حمدلہ (الحمد للہ)، تَشَہُّد، صَلْوَلَہ (درود و صلاۃ)، سلام اور بَعْدِیّہ (اَمَّابَعْدُ) ان میں سے ہر اصطلاح کی اپنی تاریخ ہے ، کہا جاتا ہے کہ درود و صلاۃ کا استعمال ۷۹۱ء میں شروع ہوا .

عُنْوان بھی افتتاح کا جز ہے ۔ پہلے یہ مِنْ فُلانٍ اِلٰی فُلانٍ یا بِفُلانٍ مِن فُلانٍ کی صورت میں ملتا تھا اور یہیں سے اس نے اگلے مراحل طے کیے ۔ القلقشندی نے اس کی پندرہ مختلف صورتوں کا ذکر کیا ہے ۔ عنوان میں کاتب کے اسم و لقب کو تَرجَمة کہا جاتا تھا ، جو سادہ اَخُوہُ یا وَلَدُہٗ سے بڑھ کر المملوک الناصری وغیرہ تک جا پہنچا ۔ اس بات کی بھی شہادت ملتی ہے کہ مُرسل کے لیے تَفْدِیَہ کی اصطلاح بھی استعمال ہوتی تھی ، جس نے قدیم جَعَلَنِی اللّٰہُ فِداکَ (مجھے خدا تم پر فدا کرے!) سے شروع ہو کر متعدد عبوری صورتوں سے گزرتے ہوئے دور عباسیہ تک پہنچتے پہنچتے یہ صورت اختیار کر لی ۔ مکتوب الیہ کے لیے جو دعائیہ الفاظ استعمال کیے جاتے تھے اور جنہیں دعا کہا جاتا تھا ، انہیں بے حد اہمیت دی جاتی تھی ۔ اس کی صورتیں اور بھی زیادہ مختلف اور متنوع تھیں ۔ دور بنو اُمیہ میں دعائیہ الفاظ کی حیثیت قطعی غیر نمایاں تھی، لیکن بنو عباس کے عہد تک پہنچتے پہنچتے اس نے ایک باقاعدہ نظام مراتب کی صورت اختیار کر لی ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کاتبوں نے اَدْعِیَة کی فہرستیں خاصے ابتدائی زمانے میں مرتب کر لی تھیں اور جب دور فاطمی اور دور ممالیک میں

marfat.com
Marfat.com

مختلف مناصب کے مابین زیادہ سے زیادہ امتیاز روا رکھا جانے لگا اور ہر لقب کے لیے ایک خاص دعا مخصوص ہونے لگی تو ادعیہ یا دعائیہ کلمات میں بھی زیادہ سے زیادہ تفصیل سے کام لیا جانے لگا۔

مختلف ذاتی نام (الاسماء والکُنٰی، اَلقاب، نُعُوت) خاصے ارتقائی مراحل سے گزرے ھیں ۔ دستاویزات کی تشریح کے سلسلے میں ظاھر ھے کہ ان اسماء وغیرہ سے تعلق رکھنے والی تفصیلات بڑی اھمیت رکھتی ھیں ۔ القلقشندی کی مذکورہ بالا کتاب کا تیسرا مقالہ اسی بحث سے مخصوص ھے اور اس سلسلے میں اس نے جو معلومات فراھم کی ھیں وہ بہت مفصل ھیں ۔ ان سے معلوم ھوتا ھے کہ ناموں کے لکھنے کی روایت کا ارتقاء بتدریج پیچیدہ سے پیچید تر ھوتا گیا ۔ عہد بنو امیہ میں اسم اور کُنیت کو کافی سمجھا جاتا تھا، لیکن بنو عباس کے دور حکومت میں ''لقب'' اور "نعت" کا بھی رواج ھو گیا ۔ ممالیک کے زمانے میں فی الواقع بہت سی اصطلاحات استعمال میں آ گئیں، چنانچہ اس کی تصدیق القلقشندی کی فہرستوں سے ھوتی ھے، جن میں ایک سو باون "القاب" اور تین سو بہتر "نعوت" درج ھیں اور ان کی توثیق Caetani : *Onomasticon* سے کی جا سکتی ھے ۔

(ب) اصل عبارت کے لیے "متن" کی اصطلاح استعمال ھوتی ھے ۔ مکتوبات میں اسے مَابَیْنَ السَّلَامَیْن بھی کہا گیا ھے، کیونکہ اس کا آغاز سلام سے اور اختتام بھی سلام پر ھوتا ھے ۔ متن فاعلی یا مفعولی دونوں میں سے کسی بھی صورت میں لکھا جا سکتا ھے (مفعولی، مثلاً ھٰذامَا .....)۔ متن کے مختلف حصوں کے لیے علیحدہ علیحدہ اصطلاحات مقرر تھیں، مثلاً تقرر ناموں میں اسناد سے مراد مخصوص طور پر یہ الفاظ ھیں: اَنْ یُّعْہَدَ اَلَیْه وغیرہ ۔ وَصِیَّة سے مراد وہ حصہ ھے جس میں نام زد فرد کے فرائض بالتفصیل درج ھوتے تھے ۔ اس قسم کی تفصیلات بہت اھم ھیں کیونکہ ان سے سرکاری ملازمین کے فرائض اور ان کے اخلاق منصبی کا پتا چلتا ھے اور نسبةً غیر معروف مناصب پر بھی روشنی پڑتی ھے ۔

(ج) اختتامی آداب میں حسب ذیل چیزیں شامل ھیں: "خَوَاتِم": اسْتِثْنَا = انشاء اللہ تعالٰی، تحریر میں یہ اکثر یک جا آتے ھیں، لیکن بعض مستند علما کے نزدیک انھیں الگ الگ سطروں میں لکھنا چاھیے؛ "تاریخ": بعض اوقات محذوف ھوتی ھے اور اس پر علیحدہ بحث کی ضرورت ھے (دیکھیے ذیل میں شق ۴ ب)؛ "عَلَامَة" = یعنی دستاویز لکھنے والے کے دستخط، بالعموم اسے حفظ مراتب کو قطعاً نظرانداز کرتے ھوے "رِجلُ غُراب" (= کوے کا پاؤں) سے موسوم کیا جاتا تھا، عموماً الطُّومارالکامل (= طویل عبارت) میں؛ اِخْوانیات میں "علامة" حاشیے پر ھوتا تھا ۔ القلقشندی کے اختتامی کلمات مثال کے طور پر ''حسب المَرْسُوم الشرِیْف'' اور ''بالْاِشارَة العالِیَة الوزِیْرِیَّة'' ھوتے تھے ۔ حَمْدَلَة، صَلْوَلَة، حَسْبَلَة اور اسی طرح کے دوسرے اختتامی کلمات مذھبی ھیں ۔ ان میں 'حر' کو بھی شامل کیا جا سکتا ھے، جس کا مفہوم القلقشندی کی سمجھ میں نہیں آیا اور اس لیے اس کے متعلق اس کا بیان یہ ھے کہ وہ دوسرا حَسْبَلَة یا محض بھرتی کا لفظ ھے (غالباً زیادہ صحیح طور پر حرف ح کے تحت وہ محض ایک علامت امتیاز ھے)۔

۳ ۔ دستاویزات کی اقسام: گروھمان Grohmann نے عربی دستاویزات کی صف بندی بھی اسی طریق پر کرنے کی کوشش کی ھے جس طرح یورپی دستاویزات کی جاتی ھے، مثلاً: قانونی مافیہ کے ساتھ اور ان کے بغیر؛ سرکاری اور نجی دستاویزات؛ تنسیخی اور غیر تنسیخی دستاویزات؛ فرامین؛ اسناد؛ شہادت اور تجارت سے متعلق دستاویزات وغیرہ ۔ عربوں نے بھی (خصوصاً القلقشندی نے) دستاویزات کی صف بندی

Marfat.com

اسی طرح بڑی وضاحت سے کی ہے ۔

الف ۔ حسب ذیل عام اصطلاحات ہیں : کتاب، وَثِیْقَة ، صَکّ، سَنَد ، حُجّة، سِجِلّ، ظَہِیْر ۔ "کتاب" کی صراحت اکثر اوقات اسی قسم کے لاحقوں سا تھ کی جاتی ہے، جیسے کتابُ الْاَنشاء ، کتاب النکاح ، کتاب الطلاق ، کتاب الاِعْتماد وغیرہ ۔ اس کا نسبةً محدود مفہوم دوسروں کے ساتھ وابستہ کیا جاتا تھا، لیکن فاطمی "سجل" کو اور اہل مغرب والے "ظہیر" کو ترجیح دیتے تھے۔

ب ۔ شروع شروع میں سرکاری دستاویزات کو بھی محض کُتُب کہا جاتا تھا ، اگرچہ ابتدائی عہد میں کُتُب عامّة یا مُطْلَقات اور کُتُب خاصّة میں امتیاز کیا جاتا تھا اور مضامین کی نوعیت کے اعتبار سے ان کی مزید تقسیم کتاب الایمان ، کتاب الاوقاف ، کتاب الملوک، کتاب السجلّ، وغیرہ میں کی جاتی تھی اور دوسروں کی تقسیم ان کے مافیہ کے مطابق کی جاتی تھی ۔ چونکہ "کتب" کا لفظ "سرکاری دستاویزات" کے لیے استعمال کیا جاتا تھا اس لیے یہ بڑے وسیع مفہوم کا حامل ہوگیا ۔ نتیجةً امور حکومت سے متعلق جن خطوط کا تبادلہ کیا جاتا تھا انھیں دورِ بنو عباس میں مکاتبات اور متعلقہ عملۂ وزارت کو، دیوان المکاتبات کہا جاتا تھا ۔ مصر میں بنو فاطمہ ، آل ایوب اور ممالیک کے دوران حکومت میں بھی اس کا استعمال عام تھا ۔ "رسائل" اور "دیوان الرسائل" کی اصطلاحیں رائج تھیں ۔ "مُراسلات" اور "تَرَسُّل" کے الفاظ بھی استعمال ہوتے تھے ، لیکن بظاہر وہ زیادہ عام نہیں تھے ۔ اِنشاء اور مُنْشآت کے الفاظ بھی استعمال ہوتے تھے ، چنانچہ عہد بنو عباس میں لوگ دیوان الْاِنْشاء کے نام سے واقف ہو چکے تھے، لیکن آگے چل کر ، بالخصوص فاطمیین اور ممالیک کے دور حکومت میں، یہ عملۂ وزارت کے لیے ایک عام اصطلاح بن گئی (قبَ شق ٦ ، سطور ذیل) ۔

ج ۔ تقرر نامے : "ولایات" =القلقشندی نے اپنے پانچویں مقالے میں مناصب پر اس عنوان کے تحت بڑی تفصیل سے بحث کی ہے ۔ بہر حال مرکب اصطلاحات بالعموم زیادہ مستعمل تھیں ، مثلاً ولایت العَہْد ، ولایت الدیوان ، ولایت الحِسْبَہ ، ولایت القاهرہ وغیرہ ۔ مثال کے طور پر "نُسْخَةُ سجلّ بولَایَةِ القاهرة" جیسی اصطلاح بھی ملتی ہے۔ "تَوْلِیَةَ" حق تقرر کو کہتے ہیں ، لیکن دور ممالیک میں یہ حق صرف شام کے عاملوں کو حاصل تھا، مصر کے عاملوں کو نہیں ۔ تقرر کے مختلف مدارج کے لیے حسب ذیل اصطلاحات ، کم از کم ممالیک کے عہد میں ، ان عام اصطلاحات کے مقابلے میں زیادہ رائج تھیں : بَیْعَة ، عَہد ، تَقْلِید ، تَفْوِیض ، مَرْسُوم ، تَوْقِیع، مَنْشُور۔ ان میں سے ہر اصطلاح کی ایک تاریخ ہے ۔

(الف) بَیْعَة [رکَ بان] = خلیفہ کی اطاعت اور وفاداری کا حلف و اقرار ۔ فاطمیوں کے عہد میں اسے خاص طور پر اہم سمجھا جاتا تھا، چنانچہ دارالخلافت میں اس کی رودادیں ضبط تحریر میں لائی جاتیں اور صوبوں میں بھیجی جاتی تھیں ، جہاں صوبے کا عامل رعایا سے بیعت (حلف وفاداری) لیتا تھا ۔

(ب) عَہْد = عام معنوں میں اس کا مفہوم تھا معاهده، لیکن یہاں خاص طور پر خلیفہ اور اس کے جانشین یا کسی سلطان کے مابین معاهده مراد لیا جاتا تھا ۔ اسی طرح آگے چل کر اس سے سلطان اور اس کے جانشین یا سلطان اور چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے فرمانرواؤں کے مابین معاهده مراد لیا جانے لگا ۔ القلقشندی نے ان سب کی صنف بندی تقرر ناموں کے طور پر کی ہے ۔ اس کی حتمی رائے یہ ہے کہ پہلی دو قسم کے معاهدوں کا سراغ عہد نبویؐ تک پہنچتا ہے ، لیکن دوسری قسم کے معاهدوں کو وہ ارتقائی صورتیں قرار دیتا ہے، جو نورالدین کی وفات کے بعد ایوبیوں کے تحت ظہور پذیر ہوئیں ۔

(ج) عہد =سرکاری ملازمین کے تقرر ناموں

marfat.com
Marfat.com

میں ایک اعلیٰ درجے کا پروانہ بھی ہوتا تھا ، جسے عَہْد کہتے تھے - اِس کا تعلق اعلیٰ عہدیداروں کے تقرر سے ہوتا تھا - فاطمیوں کے بعد یہ مروج نہیں رہا.

(د) تَقْلِیْد - یہ اصطلاح اعلیٰ عہدیداروں ، مثلاً وزیروں اور قاضیوں کے لیے بکثرت مستعمل تھی ، البتہ دور ممالیک میں اس کا استعمال خاص الخاص اعلیٰ عہدیداروں کے لیے محدود ہو گیا (جن میں سے ایک کاتب السِّر، یعنی پرائیویٹ سیکرٹری بھی تھا) .

(ہ) تَفْوِیض کا اطلاق قاضی القُضَاۃ پر ہوتا تھا، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ اصطلاح صرف دور ممالیک میں مستعمل تھی - ممکن ہے کہ اس کا استعمال شہاب الدین بن فضل اللہ (؟) نے شروع کیا ہو .

(و) مَرْسُوم کی اصطلاح فوجی ملازمین کے لیے مستعمل تھی اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کا رواج بھی صرف دور ممالیک ہی میں رہا - شہاب الدین بن فضل اللہ کے نزدیک اس سے مراد وہ معمولی دستاویزات ہیں جن کا تقررات سے کوئی تعلق نہ تھا (ان میں سے اہم مَرْسُوم پر بَسْمَلَہ لکھی ہوتی تھی اور کم اہم دستاویزات، مثلاً اجازت ناموں پر اس کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی تھی) ، لیکن القلقشندی نے اہم اور عام مراسیم میں یوں امتیاز کیا ہے کہ مُکَبَّرۃ محافظ قلعہ اور اوسط درجے کا فوجی منصب رکھنے کے لیے اور مُصَغَّرۃ ادنیٰ مناصب کے لیے مخصوص تھا - مؤخر الذکر کا استعمال شاذ ہی ملتا ہے (غالباً اس لیے کہ انہیں بالعموم منشور دیا جاتا تھا) .

(ز) تَوْقِیْع =شروع شروع میں تو اس سے فرمانروا کے دستخط مراد تھے، جو دیوان المُکَاتَبات پر ثبت کیے جاتے تھے (اس کے برعکس علامۃ ایک قسم کا مقولہ (motto) ہوتا تھا ، جسے فرمانروا دستاویز کے نیچے دستخطوں کی طرح اپنے قلم سے رقم کرتا تھا) - تَوْقِیع عَلَی القصص غالبًا اسی سے نکلا ہوگا - آگے چل کر توقیع کا لفظ پروانۂ تقرر کے لیے بھی استعمال ہونے لگا - شروع شروع میں یہ اصطلاح ہر ایک کے لیے (چنانچہ ابن فضل اللہ اور غالبًا آل ایوب کا بھی اس سلسلے میں نام لیا جا سکتا ہے)، لیکن آگے چل کر صرف ادنیٰ درجے کے ملازموں کے لیے اور القلقشندی کے بیان کے مطابق "مُتَعَمِّمِین" کے چوتھے اور ادنیٰ ترین طبقے کے لیے استعمال ہونے لگی .

(ح) مَنْشُور = ابتدائی صدیوں میں یہ ایک اجازت نامہ تھا جو مصری کسانوں میں اراضی ترک کرنے کے روز افزوں رجحان کو روکنے کے لیے جاری کیا گیا تھا - بنو عباس کے عہد میں اس سے جاگیر کے عطیات مراد تھے - بنو فاطمہ کے عہد میں اسے تقرر کے بعض پروانوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا - سلاطین آل ایوب کے دور میں اس سے نسبةً عام تقرر اور ممالیک کے عہد حکومت میں محض جاگیر کا عطیہ مراد لیا جانے لگا ، جو حجم اور تحریر کے اعتبار سے مختلف ہوتا تھا - عبارت مختصر اور واضح ہوتی تھی - اس میں نہ تو کسی کی ہدایات (وصایا) ہوتی تھیں نہ سلطان کے دستخط ، البتہ کبھی کبھی اس کی پیشانی پر ایک طرح کا طُغْرٰی بنا دیا جاتا تھا .

د- عہد نامے : اس سلسلے میں عَہْد ، عَقْد اور میثاق کی اصطلاحات قدیم ترین دور ، حتّٰی کہ قرآن مجید کے دور نزول میں بھی، ملتی ہیں اور ہر زمانے میں مروج رہی ہیں - عہد [رکّ باں] خاص طور پر سیاسی نوعیت کے لیے مستعمل تھا - عقد (رک باں) معاشرتی معاہدوں کے لیے استعمال ہوتا تھا، جس کی صراحت کے لیے اکثر مضاف الیہ لگا دیا جاتا تھا، مثلاً عَقْدُ النکاح، عَقْدُالذِّمّۃ ، عَقْدُالصُّلْح - میثاق کا استعمال کم نظر آتا ہے - القلقشندی نے اس اصطلاح کا ذکر نہیں کیا ، البتہ ابن فضل اللہ کی التعریف میں مَوَاثِیق اور مواثقۃ کا ذکر آیا ہے - القلقشندی نے جنگ بندی کے معاہدے کے لیے ھُدْنَۃ اور مُہَادَنَۃ کی اصطلاحیں لکھی ہیں اور بنو عباس اور ممالیک کے عہد کی مثالیں پیش کی

Marfat.com

هیں ۔ اس نے اس قاعدے پر خاص طور پر توجه دی ہے جس کے مطابق حلف اٹھایا جاتا تھا ۔ وہ کہتا ہے که کچھ عرصے سے اس قسم کے معاهدوں کا رواج نہیں رہا ۔ وہ مُوادعه ، مُسالمه ، مُقاضاہ اور مُواصفه کی اصطلاحات کا ذکر بھی کرتا ہے ، لیکن غالباً یه بہت کم مستعمل تھیں ۔ اسی طرح کسی ایک فریق یا دونوں فریقوں کی طرف سے کسی معاهدے کو کالعدم کر دینے کے لیے فَسْخ اور مُفَاسَخَه کی اصطلاحات کا استعمال بکثرت ملتا ہے ۔ مزید معلومات کے لیے رک به شروط .

ہ۔ زیادہ تر تجارتی نوعیت کی دستاویزات : ان میں صرف جاگیروں کے عطیے (دیکھیے ج (ہ)، سطور بالا) اور سالانه محاصل کے تصفیے هی نہیں بلکه مُسامَحات اور تَرْخانیّات بھی شامل هیں ۔ اول الذکر کا تعلق محاصل میں رعایت سے ہے اور غالباً ان کا اجراء ممالیک کے عہد هی میں هوا ۔ انهیں عِظام (بڑے) اور صِغار (چھوٹے) میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ، جو علی الترتیب سلطان اور عامل کی طرف سے جاری هوتی تھیں ۔ منسوخ شدہ محاصل کو مُکُوس، جہات، مُسْتَقْبَحه ، مُنْکَرات اور بَوَاق (واجب الادا محاصل کا بقایا) کہتے تھے ۔ ان میں سے بعض تو تاجروں اور ان کے مال کے لیے جائز متصور هوتے تھے اور بعض صرف مخصوص رقوم کے لیے ۔ ترفالیات سے مراد وہ رعایات تھیں جن کی رو سے معمر ملازمین ریاست کو محاصل سے مستثنٰی قرار دیا جاتا تھا اور بعض صورتوں میں ان کی معینه تنخواہ (=مَعْلُوم) مقرر کر دی جاتی تھی ۔ جہاں تک فوج کا تعلق ہے ان دستاویزات کو مَرْسُوم کہا جاتا تھا اور باقی کو توقیع .

و۔ زیادہ تر فقہی (شرعی) نوعیت کی دستاویزات: ان کا اصطلاحی نام اَمان [رک بان] ہے ۔ اس کی رو سے کسی پورے کے پورے قبیلے یا بعض افراد کو (بالخصوص دارالسلام میں رهنے والے غیر ملکی باشندوں کو) امن سے رهنے کی ضمانت دی جاتی تھی ۔ آگے چل کر ان میں وہ مسلمان بھی شامل کر لیے گئے جن کی طرف سے حملے کا خطرہ لاحق رهتا تھا ، اور بالخصوص وہ جو اطاعت سے منحرف هو جاتے تھے تا که اگر ممکن هو تو انهیں دوبارہ حلقۂ اطاعت میں شامل کیا جا سکے ۔ دیوان کا بیشتر کام اس قسم کی دستاویزات کو ضبط تحریر میں لانے تک محدود هو کر رہ گیا تھا ۔ القلقشندی نے هر دو قسم کی دستاویزات کا سراغ عہد نبویؐ میں لگانے کی کوشش کی ہے اور بنو امیه ، بنو عباس ، بنو فاطمه اور ممالیک کے ادوار حکومت سے ان کی مثالیں پیش کی هیں ۔ بعض دستاویزات میں مستأمن کی کسی عرضی کا حواله بھی ملتا ہے (مثلاً اِنَّکَ ذَکَرْتَ رَغْبَتَکَ)، لیکن باقی دستاویزات میں نہیں .

یَرْلِیْغ =فَرْمان، جس کا استعمال ترکوں نے وسیع پیمانے پر کیا اور یه اصطلاح ممالیک کے دور میں سفیروں کی آمد و رفت کے باعث مصر تک پہنچ گئی ؛ لیکن وهاں اس کے معنی محدود تھے اور اس سے صرف وہ اجازت نامے مراد تھے جو غیر ملکی سفیروں کو دیے جاتے تھے .

اِطلاقات : وہ دستاویزات تھیں جن میں سابقه فرمانرواؤں کے فیصلوں کی از سرِ نو توثیق کی جاتی تھی ؛ تاهم بعض اوقات انهیں محض تَوْقِیع کہا جاتا تھا ۔ القلقشندی نے جن لین متنوں کا حواله دیا ہے ان میں فاطمیین کے اس اعلان کا اضافه کر لینا چاهیے جو انهوں نے ۴۱۵ھ/۱۰۲۴ء میں کیا تھا (طبع Grohmann، در RSO، ص ۳۲، ۱۹۶۱ء) .

دَفْن : (یعنی گناهوں کو دفن کر دینا) کہا جاتا ہے که یه اصطلاح زمانه قبل از اسلام کے عربوں میں مستعمل تھی، لیکن معلوم هوتا ہے که بعدازاں متروک هو گئی (غالباً امان [رک بان] نے اس کی جگه لے لی) [رک به] ذُنُوب، دَفْن .

Marfat.com

تقالید حکمیہ : یہ وقتاً فوقتاً قاضیوں کے لیے لکھی جاتی تھیں ۔ یہ تقرر یا تو اسناد کی صورت میں عمل میں لائے جاتے تھے یا محض مکاتبات کی صورت میں.

اِسجالات العدالہ ، گواہوں کی نیک چلنی کے صداقت نامے : یہ مخطوطات بردی کی صورت میں بھی ملتے ہیں اور بعدازاں ممالیک کے دور تک بھی ۔ اس کے آخر میں قاضی اپنے ہاتھ سے عَلامۃ ، تاریخ اور حَسْبلۃ لکھتا تھا اور کاتب اس پر اپنی شہادت ثبت کرتے تھے .

التوقیع علی القَصَص ، یعنی کھلی عدالت میں پیش ہونے والی درخواستوں پر فیصلے : کہتے ہیں کہ ساسانیوں کےعہد میں بھی اس کا رواج تھا ۔ ظہورِ اسلام کے بعد بنو امیہ کے دور میں بھی یہ جاری رہا ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ہارون الرشید کے عہد میں حقِ توقیع یحیی البرمکی کو منتقل کر دیا گیا تھا ۔ والیانِ مصر بھی اس حق کو استعمال کرتے تھے، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آل طولون کے بعد اس کا رواج ختم ہوگیا اور اس کی تجدید فاطمیوں کے عہد میں ہوئی ۔ فیصلہ فوری طور پر کر دیا جاتا تھا ، جسے ''صَاحِبُ القَلَم الرَّقِیْق'' عرضی کی پشت پر تحریر کر دیتا تھا ۔ پھر سر براہِ دیوان کی طرف سے ہدایت (تعیین) مل جانے کے بعد ''صَاحِبُ القَلَم الْجَلِیْل'' اس فیصلے کی پوری پوری تعمیل کرتا تھا ۔ فیصلے کا حق سر براہ دیوان الانشاء کو حاصل تھا، حتّٰی کہ عہد ممالیک میں بھی یہی دستور رہا ۔ سلطان خود عدالت میں صدر نشین ہوتا تھا ۔ القلقشندی نے درخواست گزارنے کے چھے مختلف طریقے بیان کیے ہیں ۔ یہ توقیع اس قدر مقبول ہوئی کہ لوگ پیشۂ کتابت کے لیے توقیع کی اصطلاح استعمال کرنے لگے اور خود کاتبوں کو مُوَقِّعُوْن کہنے لگے .

عَقْدُالنِّکاح ، یعنی شادی کے معاہدے : یہ وہ قانونی دستاویزات تھیں جن میں معاشی تفصیلات کو خاص اہمیت حاصل تھی (حوائج العُرْس ، نُسْخَۃ صَداق) ، تاہم مساوات کے اقرار ، بقایا مہر کی ادائیگی کے وعدے اور طلاق کی صورت میں تمام دعاوی سے دست برداری وغیرہ کو بھی ویسا ہی اہم سمجھا جاتا تھا .

فتوٰی : اگرچہ مفتی میں بعض خصوصیات کا ہونا ضروری سمجھا جاتا تھا ، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ فتوٰی کی کوئی باضابطہ اور معین صورت موجود نہیں تھی۔ بہرحال فتاوٰی کےمعتدد مجموعوں کے مطالعے سے ایک مروجہ صورت ضرور سامنے آتی ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ ان میں ایک خاص قسم کے اختصار اور ایجاز کو ملحوظ رکھا جاتا تھا .

وَقْفِیّہ ، یعنی دستاویزِ وَقْف : اس کا سراغ بھی عہد نبوی میں ملتا ہے ۔ وکلاء نے اس کے مضمون اور طرز عبارت کے بارے میں قواعد و ضوابط مرتب کیے ہیں ۔ اس قسم کی تمام دستاویزات میں وَقَفْتُ (=میں نے وقف کیا)، حَبَسْتُ (=میں نے وقف کیا) اور سَبَّلْتُ (=میں نے وقف کیا) کے الفاظ کے علاوہ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اسے نہ تو بیع کیا جا سکتا ہے نہ ہبہ اور نہ ترکے کے طور پر دیا جا سکتا ہے ۔ اس طرح کی عبارتیں، اصل مسودوں کی صورت میں، کتابوں میں اور پتھروں پر کھدی ہوئی محفوظ ہیں۔ زیادہ تعداد میں اوقاف معاشی صورت حال پر مضر اثرات ڈالتے تھے ، لٰہذا حکومت نے اس کا حل یہ نکالا کہ انہیں وسیع پیمانے پر بحق سرکار ضبط کرنا شروع کر دیا ۔ زمانۂ حال میں بھی انہیں وزارت اوقاف کی نگرانی میں ضبط کر لیا جاتا ہے .

وَصِیّۃ ، یعنی آخری خواہش، عہد نامہ، میراث : فقہ میں اس کی جزئیات پوری تفصیل سے درج ہیں ۔ اس میں کسی طرح کی پابندی نہیں ، لیکن دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے .

وصایا دینیّہ : یہ مُرَصَّع عبارت کی طویل دستاویزات تھیں جنھیں اسلامی احکام و توانین کی وضاحت کے لیے

Marfat.com

منبر سے پڑھ کر سنایا جاتا تھا ۔ فاطمیوں کے زوال کے بعد جب مسلک اہل السنة و الجماعت کا احیاء ہوا تو ان کی اہمیت خاص طور پر بڑھ گئی ؛ علاوہ ازیں المغرب میں بھی ان کی موجودگی کا پتا چلتا ہے ۔

یَمِیْن (قسم) : بیعت لینے کی رسم میں حلف کو بڑی اہمیت حاصل تھی اور ایمان البَیْعَة کو ، جسے الحجّاج نے رواج دیا ، بالخصوص بہت محفوظ سمجھا جاتا تھا ۔ فاطمیوں نے خاص طور پر ، اس امر کے پیش نظر کہ ان کی رعایا ایک مختلف مذہب سے تعلق رکھتی تھی ، ان قسموں کو بڑے منظم طریق سے وسعت دی ۔ زمانۂ مابعد میں بھی جب [دو فریق] کوئی معاہدہ کرتے تھے ، یا کوئی شخص کسی منصب پر فائز ہوتا تھا ، یا کوئی پیشہ اختیار کرتا تھا تو حلف اٹھانے کو بہت اہمیت دی جاتی تھی ۔

عُمْرَة : یہ وہ دستاویزات ہیں جو ان زائرینِ بیت اللہ کے لیے جو وہاں عمرہ ادا کرتے تھے تیار کی جاتی تھیں ؛ لیکن یہ بہت شاذ ملتی ہیں ۔

اِجازات : علماء اور مصنفین کی طرف سے بسا اوقات جاری ہوتی تھیں ، مثلاً فُتیٰ ، تَدْرِیْس ، رِوَایَة ۔ اکثر و بیشتر یہ بڑی تقیطع کے فَرْخَةُ الشامی کی صورت میں ہوتی تھیں ۔

مُلَطَّفات : یہ فاطمیوں کی طرف سے اس وقت ارسال کی جاتی تھیں جب کسی صوبے کا عامل اپنا منصب سنبھالتا تھا یا کسی کو اعزاز (خلعة ، تشاریف) عطا کیا جاتا تھا ۔ نامۂ تقرر یا تحائف کے ساتھ جو خطوط بھیجے جاتے تھے ان کے لیے بھی ملاطفة کا لفظ استعمال ہوتا تھا ۔

تَذْکِرة : یہ وہ فرامین تھے جو اعلٰی عہدیداروں ، سفیروں اور قلعوں کے کمانداروں کے نام صادر کیے جاتے تھے ۔ ان کا تعلق زیادہ تر آمدنی اور اخراجات سے ہوتا تھا ۔

تَقْرِیْظ : اس کے کے ذریعے کتابوں یا منظومات (کے مطالعے) کی سفارش کی جاتی تھی ؛ یہ کبھی کبھی معرض تحریر میں آتی تھیں ۔

۴ ۔ دستاویزات کا انتقال و اِضْعاف (=نقل نویسی) :
اس میں کوئی سبھہ نہیں کہ عرب مسودے ، اصل اور نقل (نسخہ) میں امتیاز کرتے تھے ۔ ایک لائق نقل کرنے والا (ناسخ) ترقی کرکے منشی کے درجے تک پہنچ سکتا تھا (الصُولی ، ص ۱۱۸) ۔ ابن الصَیرفی (ص ۱۴۲) لکھتا ہے کہ نسخہ تیار کرنے کا پیشہ اہم ہوتا تھا ۔ اُس نے مُبَیِّض (=صاف نسخہ لکھنے والا) کا بھی ذکر کیا ہے ۔ نقول پر نُسِخَ یا نُسِخَت (=لکھا گیا ہے) اور اصل کی طرح ان کی تصدیق بھی "صَحَّ" کے قلم سے ہو سکتی تھی ۔ ان نسخوں کو محفوظ کر لیا جاتا تھا اور انشاء کے بعض مجموعے اور منتخبات غالباً انھیں مسودوں اور نسخوں کے مجموعوں سے مرتب کیے گئے ہیں ۔

کتب تاریخ میں مسودات کی نقول کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں ۔ محمد حمید اللہ نے کم از کم ۲۶۹ ایسی دستاویزات جمع کی ہیں جو ۶۵۲ء سے قبل کے زمانے کی ہیں (*Documents sur la diplomatie musulmane à l'époque du Prophète et des khalifes orthodoxes* : Suivi de : *Corpus des traités et lettres diplomatiques de l'Islam* ، پیرس ۱۹۳۵ء ؛ نیز عربی میں : اَلْوَثائق السیاسِیّة فِی العہد النبوی والخِلافَة الرَّاشِدَة) ؛ لیکن اس امر کا ان دستاویزات کے مستند ہونے کے حل طلب مسئلے سے کوئی تعلق نہیں ۔

۵ ۔ محافظ خانے : قدیم مشرق اور یونانی مصر میں بھی اصل اور نسخوں کو محافظ خانوں میں حفاظت سے رکھنے کا رواج تھا ، لہٰذا یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ عرب بھی قدیم زمانے ہی میں اس دستور سے واقف تھے ؛ چنانچہ بعض مخطوطات بَرْدی کی پشت پر ان کا مختصر خلاصہ ملتا ہے تاکہ بسہولت انھیں جمع کیا جا سکے اور ان کا حوالہ تلاش کرنے میں زحمت نہ ہو ؛ لیکن وہاں کسی مرکزی محافظ خانے کی موجودگی

marfat.com
Marfat.com

کا سراغ نہیں ملتا، جیسا کہ یونانی عہد میں ملتا ہے۔ ۱۹۲۰ء میں بارٹولڈ Barthold نے اس موضوع پر قلم اٹھایا تھا کہ اسلامی مشرق میں دستاویزات کو محفوظ رکھنے کی کیا صورت تھی (*Arkhivnie Kursi*، ج ۱، پیٹروگراڈ ۱۹۲۰ء؛ دیکھیے *Islamica*، ۳ : ۱۴۵)۔ شاید یہ قیاس قابل قبول ہو کہ ہارون الرشید اور اس کے بیٹوں، امین اور مأمون کے مابین ۱۸۶ھ/۸۰۲ء میں معاہدے کی جو دستاویزات لکھی گئی تھیں وہ خانۂ کعبہ میں لٹکانے کے لیے مکّۂ معظمہ بھیج دی گئی تھیں اور یوں گویا انھیں اس مقدس مقام پر رکھ کر ایک طرح کے محافظ خانے کے اندر محفوظ کر دیا گیا تھا؛ [گو حقیقت یہ ہے کہ اس میں دستاویز کی اہمیت کو اس کی حفاظت کے مقابلے میں زیادہ اہمیت حاصل تھی]۔

عہد فاطمیین میں باقاعدہ محافظ خانہ ہوتا تھا اور ابن الصُیرفی (قانون، ص ۱۴۲) مہتمم محافظ خانہ کے لیے خازن [رکَ بآن] کی اصطلاح استعمال کرتا اور اس کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ اس نے بغداد کے محافظ خانے الخَزانۃ العُظمٰی کی تعریف کی ہے اور اُسے ایک مثالی نمونہ قرار دیا ہے۔ خازن کا فرض منصبی یہ تھا کہ آنے والی دستاویزات کے اصل نسخوں اور باہر جانے والی دستاویزات کی نقول کو ماہانہ ترتیب کے ساتھ علٰحدہ علٰحدہ مسلوں میں ان پر عنوانات لکھ کر مرتب کرے (اِضْبارَۃٌ یُکْتَبُ عَلَیْہا بِطَاقَۃٌ)۔ عہد ممالیک میں اس دستور میں کسی حد تک کمی آ گئی اور ایسے بھی دور آئے جب کاتبُ السِّر کے دَوادار کو خازن کے فرائض سرانجام دینے کے لیے کافی سمجھ لیا گیا۔

۶۔ دیوان : (الف) یہ بات یقین کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے بھی کوئی دیوان قائم کیا تھا جہاں فرمانروایان عالم کے نام آپ کے شہرۂ آفاق مکتوبات معرض تحریر میں آئے، البتہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے کاتبوں کی مکمل فہرست موجود ہے، جس میں خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی بھی شامل ہیں۔ ایک روایت کی رو سے بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے اس قسم کا پہلا محکمہ قائم کیا اور اسے دیوان [رکَ بآن] کا نام دیا۔ اس لفظ کا تعلق قدیم فارسی دیوان بلکہ آشوری دِپ dep سے قائم کیا جا سکتا ہے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ ایرانی انتظامیہ کے ساتھ کسی حد تک اس کی مماثلت موجود ہے؛ تاہم معلوم ہوتا ہے کہ یہ دیوان مالی اور فوجی امور کے لیے قائم کیا گیا تھا اور صحیح معنوں میں اسے دیوان حکومت قرار نہیں دیا جا سکتا۔

(ب) دَور بنو اُمیّہ میں عربی زبان کو سرکاری زبان کا وہ درجہ مل گیا جو قبل ازیں بلادِ مشرق میں فارسی اور بلادِ مغرب میں یونانی کو حاصل تھا۔ مشرق میں الحجّاج اور مغرب میں عبدالملک نے تَحْوِیلُ الدِّیْوان اِلَی الْعَرَبِیَّۃ پر عملدرآمد شروع کر دیا۔ ۸۲ھ/۷۰۱ء میں دَیْرالجَماجِم [رکَ بآن] کے قریب جنگ میں تمام دیوانوں کا جل کر خاکستر ہوجانا یقیناً ایک تباہ کن حادثہ تھا۔ اس کے علاوہ ہمیں اموی دیوانوں کے متعلق بہت کم معلومات حاصل ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ امیرمعاویہؓ کے زمانے میں جب ایک بار جعلسازی کی کوشش کی گئی تو دستاویزات پر مہریں لگانے کا ایک خاص شعبہ دیوان الخاتَم قائم کر دیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ولید بن عبدالملک نے بعض اِختراعات کیں، چنانچہ بردی کاغذ نسبۃً بہتر تیار ہونے لگا اور خط زیادہ خوشنما ہوگیا؛ تاہم حضرت عمر بن عبدالعزیز نے دیگر امور کی طرح اس سلسلے میں بھی متقدمین ھی کی پیروی کو روا رکھا۔ کہا جاتا ہے کہ بنو اُمیّہ ھی کے دور حکومت میں اَلتَّوقِیعُ عَلَی الْقِصَص، یعنی کھلی عدالت میں خلیفہ کے مقدمات سننے اور فیصلے صادر کرنے کا دستور شروع ہوا۔ ان موقعوں پر خطّاط خلیفہ کے فیصلوں کو ضبطِ تحریر میں لا کر محفوظ کر لیتے تھے۔ عبدالحمید بن یحیٰی [رکَ بآن] اموی دور کا

Marfat.com

مشہور ترین خطّاط تھا اور سلیمان کے عہد خلافت سے اس خاندان کے خاتمے تک سرگرم کار رہا ۔ پتا چلتا ہے کہ اس نے فن خطّاطی کی ضرورت میں ہیئت اور مافیہ، دونوں کے اعتبار سے اضافہ کیا ؛ لیکن جو نگارشات اس سے منسوب کی جاتی ہیں وہ سب کی سب مستند قرار نہیں دی جا سکتیں ۔

(ج) عہد بنو عباس کے دیوان : معلوم ہوتا ہے کہ بنو عباس نے اموی نظم و نسق کی بہت سی باتوں کو اختیار نہیں کیا تھا ۔ انھوں نے بالکل نیا نظام رائج کیا، جس میں ایرانی اثرات، جو عہد بنو امیّہ میں دبے دبے تھے، پوری طرح منظر عام پر آ گئے ۔ "کاتب" کو وزیر کہنے لگے اور دیوان حکومت کو دیوان الرسائل یا دیوان الانشاء ۔ اس کی تنظیم اور طریق کار کے بارے میں ہمیں بہت کم بیانات (بالخصوص ابن عَبْدُوس الجَہْشیاری اور المَقْریزی کے) ملتے ہیں ۔ بعض نئی باتیں البرامکہ سے منسوب کی جاتی ہیں ، مثلاً بیان کیا جاتا ہے کہ خالد بن برمک نے طومار (=صُحُف مُدَرَّجة) کے بجائے چرمی بہی کھاتوں (="دفاتر من الجلود") کو رواج دیا اور یحییٰ بن خالد نے جیسے ایک روایت کی رو سے ہارون الرشید نے توقیع القِصَص کا حق عطا کر دیا تھا، بَسْمَلَة کو وسعت دے کر اس میں تَصْلِیَة بھی شامل کر دیا ۔ جعفر بن یحییٰ کی توقیعات کے نسخے لکھے اور جمع کیے گئے اور ان کا مطالعہ تبحر و علمیت کے نمونوں کے طور پر کیا جاتا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ المہدی نے یہ حکم دیا تھا کہ کاتبوں کو ہر جمعرات کی تعطیل ہوگی ۔ المُستَعصِم کے عہد تک یہ حکم برقرار رہا، پھر اس روز بھی کاروبار جاری رہنے لگا ۔ دورِ بنی عباس کے مشہور کاتب اور وزیر حسب ذیل تھے : ابن مُقْلَه (م ۳۲۸ھ/۹۴۰ء)، ابن العمید (م ۳۶۰ھ/۹۷۰ - ۹۷۱ء) اور ابو اسحٰق الصابی (م ۳۸۴ھ / ۹۹۴ء) ۔ بہت سی اختراعات کا سراغ انہیں افراد تک لگایا جا سکتا ہے ۔ لوگ مندرجۂ ذیل فقرے کو نقل کیا کرتے تھے : فُتِحَت الرسائل بَعبْد الحمید و خُتِمَتْ بابن العَمِید (مکتوب نویسی عبدالحمید سے شروع ہوئی اور ابن الحمید پر ختم ہوئی) ۔ آخر عہد عباسیہ کے دیوان الرسائل کے نظام کار کے بارے میں بہت کم معلومات ملتی ہیں ۔ اس کے باوجود مصر اور دوسرے ملکوں کے دیوانوں میں اسی طریق کی پیروی کی گئی ۔

(د) مصر میں دیوان : بردیات قدیم ترین عہد کے اصل مآخذ ہیں ، اور گروہمان Grohmann نے *From the World of Arabic papyri*' ص ۱۴۴ ببعد، میں انھیں کی بنا پر صوبوں کے نظم و نسق کو بیان کرنے کی کوشش کی ۔ اس میں شک نہیں کہ اس وقت مصر میں کوئی سرکاری دیوان موجود نہیں تھا ، البتہ صوبوں کے لیے ایک دیوان قائم تھا، جس کا کام دارالخلافت کے ساتھ تبادلۂ مراسلات تھا ۔ اتفاق سے فاتح مصر حضرت عَمْرو بن العاص (م نواح ۴۳ھ/۶۶۳ء) کی ایک مہر کا نقش محفوظ رہ گیا ہے اور قُرّۃ بن شَریک (م ۹۶ھ/۷۱۴ء) کے متعدد مکتوبات بھی مل گئے ، ہیں جن سے دیوان کا سا اسلوب جھلکتا ہے ۔

۲۵۸ھ/۸۷۲ء میں جب احمد بن طُولون خود مختار ہوا تو نظم و نسق کی عام ترقی کے سلسلے میں اس نے بغداد کے نمونے کا ایک دیوان الانشاء قائم کیا ۔ اس کا پہلا مہتمم ابن عَبْدکان تھا ۔ اس کی بعض دستاویزات نے خاصی شہرت پائی ۔ ابن الدّایَہ (م ۳۴۰ھ/ ۹۵۱ء) اور عبدالحمید بن یحییٰ کی نسل سے تعلق رکھنے والے خانوادۂ بنو المُہاجر کے چار بھائی اس کے دوسرے کاتب تھے ۔

مصر اور کسی غیر اسلامی ملک کے درمیان مراسلات کے تبادلے کے بارے میں پہلا بیان آلِ اِخْشِید کے زمانے سے تعلق رکھتا ہے، یعنی جب محمد بن طُغج (۳۲۳ھ/۹۳۵ء تا ۳۳۵ھ/۹۴۶ء) نے بوزنطی شریک شہنشاہ روما نوس Romanus اول کو خط لکھنے کا ارادہ کیا تو اس نے کئی کاتبوں کو اپنا اپنا مسودہ پیش

marfat.com
Marfat.com

کرنے کا حکم دیا اور تجبِرمی کا مسودہ پسند کیا ۔

فاطمی دیوان کے بارے میں نسبتّہ زیادہ معلومات ملتی ہیں، جس کے لیے ہم ابن الصَّیرفی کے مرہون منت ہیں۔ اس کی تصنیف قانون دیوان الرسائل عملاً دیوان پر ایک رسالہ ہے اور وہ وزیر الأفضل (۴۸۷ تا ۵۱۵ھ/ ۱۰۹۴ تا ۱۱۲۱ء) کے نام معنون ہے ۔ ایک دیباچے کے بعد اس کتاب میں جو مندرجات آئے ہیں انھیں ایک دیوان کا دستورالعمل کہا جا سکتا ہے ۔ اگر حقیقّتہ اسے جامۂ عمل پہنایا بھی گیا ہو تو مندرجۂ ذیل سوالات کے جواب نہیں ملتے: اس سے پہلے دیوان کی کیا شکل و صورت تھی؟ اپنی تجاویز مرتب کرتے وقت اس کے پیش نظر کون سا نمونہ تھا؟ کیا یہ خود اس کے غوروفکر کا نتیجہ تھیں یا بغداد اور بوزنطیہ سے مأخوذ تھیں ؟ ابن الصیرفی سے ہمیں ان سرکاری ملازمین کے فرائض کی بہت سی تفصیلات کا پتا چلتا ہے جو دیوان میں ملازم تھے اور جسے وہ دیوان الرسائل ، نیز دیوان المکاتَبات اور (اپنی مؤخر تصنیف الاشارۃ اِلٰی مَن نَالَ رُتبَۃَ الوِزَارۃِ میں) دیوان الإنشاء لکھتا ہے۔ اس نے اہلکاروں کی بارہ مختلف اقسام بیان کی ہیں : (۱) مہتمم (رئیس، مُتولّی، صاحب)؛ (۲) ایک کاتب یا دَبِیر فرمانرواؤں کو مکتوبات لکھنے (مُکاتبت الملوک) کے لیے ؛ (۳) شکایات کا فیصلہ کرنے کے لیے (التوقیعات فی رِقَاع المظالم)، جس کے ماتحت دو کاتب ہوتے تھے (صاحب القلم الدقیق اور صاحب القلم الجلیل)؛ (۴) ایک کاتب نامزدگیوں اور سرکاری اعلانات (إنشاءات کے لیے ؛ (۵) ایک کاتب ملک کے اہم افراد خصوصاً صوبوں کے عاملوں کو مراسلات لکھنے کے لیے ؛ (۶) ایک کاتب عطاے خلعت و خطاب (= مناشِیر) کے لیے ؛ (۷) ایک مُبَیِّض؛ (۸) ایک نقل نویس یا ناسخ؛ (۹) ایک تذاکر، یعنی نمونوں کے مجلد متون کا محافظ ؛ (۱۰) ایک خازن، یعنی مہتمم محافظ خانہ ؛ (۱۱) ایک حاجب یا محافظ ؛ (۱۲) ایک مترجم، جس سے صرف ضرورت کے وقت ہی مشورہ طلب کیا جاتا تھا۔ اس اعتبار سے دیوان کے شعبے حسب ذیل تھے: سرکاری دستاویزات ، تقرّرات ، مقدمات کے فیصلے اور کبھی کبھی لکھی جانے والی دستاویزات، مثلاً اہم واقعات کے اعلانات (اَلْکُتُب فِی الحَوادِث اِلکبار و المُہِمّات) ، اجازت نامے (امانات)، قسموں اور حلفوں کے متون (کُتُبُ الأَیمان وَ الْقَسامَات)، وغیرہ ۔

ہمیں ایسا کوئی خاص متن نہیں ملتا جس سے سلاطین آل ایوب کے عہد کے دیوان الرسائل کے بارے میں معلومات حاصل ہو سکیں ، لیکن چند تفصیلات رسائل القاضی الفاضل میں اور ابن مَمّاتی ، النابُلسی اور ابن شِیث کے ہاں مل جاتی ہیں۔ القاضی الفاضل نے بتایا ہے کہ اسے دیوان الانشاء ہیں بڑے سخت امتحان کے بعد داخلہ ملا تھا ۔ اس نے دیوان میں گروہ بندیوں اور سازشوں کا حال لکھا ہے ۔ ابن شیث نے صوبۂ شام کی صورت حال کا ذکر کیا ہے اور دستاویزات کے اسلوب پر خاص توجہ دی ہے۔ مرسل کے "ترجمۃ" کا مفصل بیان ملتا ہے ؛ دُعا، نُعوت اور عُنوان کے علاوہ دیگر دیوانوں کے ساتھ شرکت کار کا ذکر بھی تفصیل سے کیا گیا ہے ۔

ہمارے مفصل ترین مأخذ کا آغاز عہد ممالیک سے یعنی شہاب الدین بن فضل اللہ (م ۷۴۹ھ/۱۳۴۸-۱۳۴۹ء): التّعریف بالمُصطَلح الشّریف (تین شرحوں ، تَثْقِیف، عرف اور لطائف کے ساتھ) سے ہوتا ہے ۔ اس سلسلے میں القلقشندی (م ۸۲۱ھ/۱۴۱۸ء) کا جلیل القدر دائرۂ معارف صُبح الاعشٰی (مع مختصر ضوء الصُّبح) بہت ممتاز ہے۔ عہد ممالیک کے اواخر کی تصنیفات میں سے ہمارے پاس دیوان الانشاء کا مخطوطۂ پیرس اور خلیل الظاھری (م۸۷۲ھ/۱۴۶۸ء) کی زُبْدَۃ کشف الممالیک موجود ہے ۔ القلقشندی کو بالخصوص اس لیے بنیادی مأخذ قرار دیا جانا چاہیے کہ اس نے خاصی تاریخی تحقیق کے بعد ابتدائی ارتقاء کا [illegible] پیش کیا ہے ؛

Marfat.com

لہذا اس کی تصنیف کو عربی دستاویز کا پیش رو سمجھنا چاہیے ۔ دیوان الانشاء کے رئیسوں میں بنو عبدالظاہر اور بنو فضل اللہ کے خانوادوں نے بڑی شہرت پائی اور ان کے مراتب برابر بلند ہوتے رہے ۔ کاتب السّر کا لقب قلاوون کے عہد میں مروج ہوا اور ناصر محمد بن قلاوون کے دور حکومت میں رئیس دیوان الانشاء کو توقیع علی القصص کا منصب اور وزیر پر تقدم حاصل ہوگیا ۔ اس عہدے کی اہمیت بڑھ جانے سے ملازمین کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگیا ۔ اعلٰی درجے کے عہدے داروں کے لیے کاتب الدّست اور ادنٰی درجے کے عہدیداروں کے لیے کاتب الدّرج کے لقب استعمال ہونے لگے ۔ اگرچہ ان کی تعداد تو بڑھ گئی لیکن عوام کی نظروں میں ان کی توقیر گھٹ گئی ۔ رئیس دیوان آہستہ آہستہ سرکاری ڈاک اور اخبار رسانی کے انتظام کو اپنے تحت اختیار لانے میں کامیاب ہوگیا ۔

فرائض و اختیارات کی حدود یہاں بھی وہی تھیں جو فاطمیوں کے دور میں تھیں ، لیکن ان میں وسعت اور امتیاز پیدا ہوگیا ۔ اس زمانے میں دنیا کے تمام معلومہ حصوں کے ساتھ روابط پیدا ہونے کے باعث غیر ملکی خط و کتابت میں بالخصوص بہت زیادہ اضافہ ہوگیا ۔ غیر ملکی زبانوں اور ترجمانوں کو اہمیت حاصل ہوئی ۔ جوں جوں مراتب ، القاب اور خطابات میں اضافہ ہوا ، صوبوں کے ساتھ تبادلۂ مراسلات میں پیچیدگیاں پیدا ہوتی چلی گئیں ۔ عہدوں (یا ولایات) کی تعداد بھی بڑھی اور وہ مزید تحریری کام کا تقاضا کرنے لگے ؛ چنانچہ اب عہدے داروں کے پانچ مختلف مدارج قائم ہوگئے (دیکھیے سطور بالا ، ج ۳) ۔ تمام وقتی دستاویزات ، مثلاً معاهدوں ، امانتوں ، قسموں اور معانی کے اعلانوں وغیرہ کی طرح توقیعات القصص بھی جاری رہیں ۔

۵۔ مصر کے مقابلے میں دیگر عرب ممالک ، مثلاً المغرب اور الاندلس کے دیوانوں کے بارے میں ہماری معلومات بہت مختصر ہیں ۔ یہاں اصطلاح ظَہِیر کا اطلاق عام طور پر تمام دستاویزات پر کیا جاتا تھا ۔ ابن الخطیب (م - ۷۷۶ھ/۱۳۷۴ء) نے اپنی تصنیف ریحانۃ الکُتّاب کے باعث شہرت پائی ، جس کا القلقشندی نے کثرت سے حوالہ دیا ہے ، دیکھیے نیچے فصل ۲ ۔

۷۔ دستاویزات کی اہمیت بطورِ شہادت : فقہ اسلامی کی رُو سے صرف وہی ثبوت قابل قبول ہے جو گواہوں کے ذریعے پیش کیا جائے اور محض تحریری شہادت کو اصولی طور پر رد کر دیا جاتا ہے ۔ بہرحال جہاں تک قانون کے عملی اطلاق کا تعلق ہے دستاویزات کو بہت اہمیّت حاصل رہی ۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ عرب میں زمانۂ قبل از اسلام میں بھی معاهدے لکھے جاتے تھے ۔ بلاد مشرق میں مہر یا خاتم کا سراغ بہت قدیم زمانے سے ملتا ہے اور اسے عربی دستاویزات میں توثیق کا ایک اہم ذریعہ سمجھا جاتا تھا ۔ یورپ کی طرح یہاں دستخطوں نے مہر کی جگہ نہیں لی بلکہ یہاں دستاویز پر دستخط ثبت ہونے کی صورت میں بھی اسے اس وقت تک مستند نہیں سمجھا جاتا تھا جب تک اس پر مہر نہ لگی ہو ۔ کہا جاتا ہے کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پاس ایک چاندی کی مہر تھی ، جس پر کلمۂ "محمّد رسول اللہؐ" کندہ تھا ۔ قدیم ترین محفوظ مہر حضرت عمرو بن العاصؓ کی ہے ۔

۸۔ دستاویزات کا ارتقاء : عربی دستاویزات میں عرضداشتیں (قِصَص) اور ابتدائی امور بھی ملتے ہیں ۔ عرضداشتیں ظاہر ہیں کہ فیصلوں یا توقیعات سے مقدم ہوتی تھیں کیونکہ انہیں کی بنا پر فیصلے صادر کیے جاتے تھے ۔ توقیع کا اصل متن بالعموم مختصر ہوتا تھا اور اس میں صرف مطالب کی بات کہی جاتی تھی ؛ چنانچہ اس میں قصص کا ذکر مشکل ہی سے ہو سکتا تھا ۔ اسی طرح فتوٰی بھی کسی تفتیش کے بعد ہی دیا جاتا تھا اور اس میں صورت حال کو کم و بیش صراحت

Marfat.com

کے ساتھ معین الفاظ میں بیان کیا جاتا تھا اور نام محذوف ہوتے تھے ۔ معاهدے طویل گفت و شنید کے بعد ضبط تحریر میں آتے تھے، لیکن معاهدے کے اصل متن میں ان مبادیات کا ذکر نہیں ہوتا تھا .

۹۔ طریق کار، توثیق اور مدارج توثیق : یورپی دستاویزات کے جو نو مدارج توثیق ہمیں معلوم ہیں ، عربی دستاویزات میں ان میں سے ابھی تک صرف چند ایک کا سراغ ملا ہے ۔ ابن الصَیرفی (ص ۱۰۸ ببعد) نے نظرثانی اور درستی کے لیے مقابلہ اور اصلاح کی اصطلاحات کا ذکر کیا ہے ۔ فرمالروا کے ساتھ مشورے کے دوران میں رئیس دیوان جواب میں لکھے جانے والے صرف بنیادی نکات کی طرف اشارہ کر دیتا تھا ، لیکن اصل جواب متعلقہ کاتب (سیکرٹری) تحریر کرتا تھا ۔ اس کے بعد وہ اس جواب کا مقابلہ خلاصے کے ساتھ کرتا ؛ اگر ضرورت محسوس ہوتی تو فروگذاشتوں اور فیصلوں کی اصلاح کرتا (ایک خاص اصلاح دینے والے: مُتَصفِّح کا ذکر بھی ملتا ہے) اور پھر مکمل جواب فرمالروا کی خدمت میں دستخط کے لیے پیش ہوتا، جو اپنے دستخط (عَلَامة) ثبت کر دیتا ۔ پتا (عنوان) ہمیشہ رئیس دیوان ہی لکھتا تھا، جو اس بات کا واضح ثبوت ہوتا کہ وہ مضمون سے واقف اور اس کی ذمے داری قبول کرتا ہے۔ اور اس پر عملدرآمد کرانے کے لیے دستاویز "تعیین" کی متقاضی ہوتی تھی، یعنی اُسے عملی جامہ پہنانے کی ذمہ داری کس پر عائد ہوگی ۔ اس کا خلاصہ قِصَّة کی پشت پر درج کیا جاتا تھا ؛ یہ تعیین رئیس دیوان اپنے ہاتھ سے رقم کرتا تھا ۔ جس کاتب کو فیصلے پر عمل درآمد کرانے کا حکم دیا جاتا تھا ، اس کے مرتبے کے مطابق مختلف کلمات وغیرہ استعمال کیے جاتے تھے، مثلاً یُکْتَب بِذَالِکَ یا لِیُکْتَب بِذَالِکَ (=یہ لکھا جانا چاہیے) (دیکھیے القلقشندی، ۶ : ۲۱۰) ۔ ظاہر ہے کہ صاف نسخے کی نفاست اور صفائی پر بے حد توجہ صرف کی جاتی تھی اور اس کام کے لیے فاطمیوں نے ایک خاص مُبَیِّض مقرر کر رکھا تھا جس پر ہر قسم کی دستاویزات کی ذمے داری ہوتی تھی (دیکھیے ابن الصَیرفی، ص ۱۳۳ ببعد) ۔ اس بات کی وضاحت کہیں نہیں ملی کہ یہ صاف نسخہ فرمانروا کے سامنے پڑھ کر سنایا جاتا تھا، یا اس کے حوالے کر دیا جاتا تھا .

۱۰. شفیع اور شاهد : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت دین اسلام میں مشہور ہے، مگر شفاعت کا لفظ غیر دینی نوعیت کی سفارش پر بھی استعمال ہوتا ہے ، مثلاً فرمالروا کی خدمت میں عرضداشت پیش کرنے یا کسی مقروض کی ضمانت دیتے وقت ۔ القلقشندی (۹ : ۱۲۴) نے ابتدائی اور مؤخر زمانے کے متون کے نمونے دیے ہیں اور ایک "امان" نقل کیا ہے (۱۳ : ۳۲۸) جس میں شفیع کا حوالہ ان الفاظ میں آیا ہے : إِنَّ محمد ابنَ المُسَیَّب سَئَلَ فِی امْرِکُمْ و ذَکَرَ رَغْبَتَکُم فی الْخِدْمَة ۔ (=محمد بن المسیب نے تمھارے بارے میں سوال کیا اور خدمت کے لیے تمھاری رغبت کا ذکر کیا) .

۱۱. کاتبوں کے لیے نمونۂ دستاویزات: یورپ میں رومۂ قدیم کے زمانے سے قرون وسطٰی کے آخر تک ہمیشہ دستاویزات کے لیے ایک معین قسم کی عبارت استعمال ہوتی رہی ۔ پہلی صدی کی بعض عربی بردیات ملتی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مراسلات اور دستاویزات ایک خاص طرز و عبارت میں لکھے جاتے تھے؛ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ان کے بعض نمونے رائج تھے، اگرچہ اب وہ محفوظ نہیں رہے ۔ بعد کے زمانے کی عربی خطوط نویسی جسے انشاء کہا جاتا ہے، ادب کی ایک جداگانہ صنف ہے ۔ اس میں تین اقسام متمیز کی جا سکتی ہیں : (۱) نمولوں کے مجموعے؛ (۲) طرز بیان اور تحریری دستاویزات کے متعلق رسائل جو یورپ کی artes یا summae dictaminis سے مشابہ ہیں ؛ (۳) دونوں کا مرکب، یعنی اصول مع نظری شرحوں کے، یا نظری رسائل مع عملی مثالوں کے ۔ یہ ان رسالوں سے ملتے جلتے ہیں جو یورپ میں بارھویں صدی

Marfat.com

کے بعد سے ملتے ہیں۔ متعدد (پچاس سے زیادہ) عربی کتب انشاء میں سے اہم ترین غالبًا حسب ذیل ہیں: الصولی (م ۳۳۵ھ/۹۴۶ء): أدب الکُتّاب (قسم دوم)؛ ابواسحٰق الصابی (م ۳۸۴ھ/۹۹۴ء): رسائل (قسم اول)؛ ابن الصیرفی (م ۵۴۲ھ/۱۱۴۷ء): قانون دیوان الرسائل (قسم دوم)؛ القاضی الفاضل (م ۵۹۶ھ/۱۲۰۰ء): رسائل (قسم اول)؛ شہاب الدین بن فضل اللہ (م ۷۴۹ھ/۱۳۴۸-۱۳۴۹ء): التعریف بالمُصطلَح الشریف (قسم سوم)؛ القلقشندی (م ۸۲۱ھ/۱۴۱۸ء) صبح الأعشی فی صناعۃ الانشا (قسم سوم)۔ مبادیات کے سلسلے میں غالبًا ان اکارشات کا ذکر کیا جا سکتا ہے جو إطلاقات کے نام سے مشہور ہیں اور جن سے گزشتہ فرمانرواؤں کے فیصلوں کی توثیق کی جاتی تھی۔

۱۲. نقول: یورپ میں تو اصل کے مطابق سرکاری نقلوں یا نسخوں کی کئی مثالیں ملتی ہیں لیکن مجھے اس قسم کی عربی نقول کا علم نہیں، گو ان کی موجودگی کے قیاس کے اسباب یہاں بھی موجود تھے، مثلاً اصل کا گم ہو جانا یا کسی نئے فرمانروا کا بر سر حکومت آنا؛ عربی میں غیر قانونی نقول یا جعلسازی کی مثالیں بھی ملتی ہیں۔ الصُّولی (۱۴۳) کے ہاں قدیم زمانے کی ایک جعلسازی کا تذکرہ ملتا ہے کہ کس طرح مِئَةُ اَلْفٍ کو مِئَتَیْ اَلْفٍ کر دیا گیا؛ چنانچہ یہی وجہ تھی کہ بنو اُمیّہ نے دیوان الخاتم قائم کیا۔ القلقشندی (۱۳: ۱۰۴) نے تمیم الداری کے حوالے عطیۂ اراضی کی دستاویز کے بارے میں لکھا ہے۔ شہاب الدین بن فضل اللہ (مسالک، ۱: ۱۷۳) نے دعوے کیا ہے کہ اس نے اس کی اصل دیکھی تھی، لیکن اسے زیادہ سے زیادہ ایک جعلی دستاویز کہا جا سکتا ہے۔ جو دستاویزات نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے منسوب ہیں اُنھیں حمید اللہ نے مستند تسلیم کیا ہے؛ [اس سلسلے میں محدثین کے ہاں مفصل بحث ملتی ہے]۔ جعلی بردیات کے بارے میں قب Grohmann : *Chrestomathie*، ص ۳۵۔

۱۳. دستاویزات کی زبان: اگرچہ قرون وسطٰی میں لاطینی زبان کے ارتقاء پر بڑا سیر حاصل تحقیقی کام ہوا ہے، لیکن اس کے مقابلے میں کلاسیکی قرون وسطٰی کی زبان سے لے کر موجودہ ادبی زبان تک عربی کے ارتقاء کا محض ایک عمومی سا خاکہ ہمارے سامنے آیا ہے (رک بہ عربیّہ)۔ دستاویزات کی تحویل کے سلسلے میں یہ ارتقا بے حد اہمیت رکھتا ہے۔ اس کی ایک مخصوص شاخ نثر مقفّی یا مُسجّع ہے، جس پر زکی مبارک کے رسائل (*La prose arabe au 4e siècle de l'hégire*، مقالۂ تحقیقی، پیرس ۱۹۳۱ء) کے علاوہ دیکھیے عربی میں النثر الفنّی فی القرن الرابع، ۲ جلد، ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳-۱۹۳۴ء) شاہد ہیں۔ دوسری اصناف کی طرح دستاویزات میں سجع اپنے نقطۂ کمال پر دور ممالیک میں پہنچی۔ دستاویزات کی زبان میں جو عامیانہ اور بازاری الفاظ ملتے ہیں اُن سے ایک نیا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ اس طرح کی زبان کا سراغ مخطوطات پیرس میں بھی ملتا ہے اور اسی وجہ سے آگے چل کر کاتب بار بار غلطیوں کا ارتکاب کرتے رہے۔ الصُّولی (ص ۱۲۹) اور القلقشندی (۱: ۱۴۸ ببعد) کے ہاں اس کا ذکر تفصیل سے آیا ہے۔

۱۴. تاریخ: یورپ کی طرح [عربی میں بھی] تاریخ کے سلسلے میں گوناگوں مسائل ہمارے سامنے آتے ہیں۔ عام ہجری تاریخیں بھی متعدد امکانات کی حامل ہیں، مثال کے طور پر راتوں اور دنوں، تہوار کے دنوں اور مہینے کے مختلف حصوں وغیرہ کی رو سے تاریخیں ڈالنا؛ لیکن القلقشندی (۶: ۲۳۴ ببعد) نے کم از کم اُنّیس قدیم تقویموں اور ایک نئی تقویم، یعنی یزد جرد کی تقویم، کا ذکر کیا ہے، ان میں سے بیشتر کی اہمیت زیادہ نہیں۔ صرف عیسوی اور قبطی سن کثرت سے آتے ہیں۔ ایک خاص مشکل محاصل کے

marfat.com
Marfat.com

سلسلے میں قمری اور شمسی سال (سَنۃ ہلالیہ و خراجیّہ) کے درمیان مطابقت پیدا کرنے میں پیش آتی ہے؛ دور بنی عباس جیسے قدیم زمانے ہی میں ضرورت پیش آنے پر "فی تحویل السنة" کے موضوع پر خصوصی دستاویزات لکھی گئیں [رک بہ تاریخ].

۱۵- کتابت کا سامان : بَرْدی مخطوطات کے ماہرین نے سامان کتابت پر بڑا سیر حاصل کام کیا ہے۔ اس ضمن میں جدید ترین تحقیق گروہمان Grohmann کی ہے (*Chrestomathie*، ص ۶۳ ببعد)۔ عام معمولی سامان (گیارھویں صدی تک پیپرس، چمڑا، کاغذ) کے علاوہ ایسی چیزیں بھی تھیں جو کبھی کبھار استعمال ہوتی تھیں، مثلاً کپڑا (بالخصوص عَقْد النکاح کے لیے)، لکڑی، پتھر، لاکھ، ہڈی اور ٹھیکری، سائز (قَطْع، الصُّولی کے ہاں مقدار) میں بڑا اختلاف پایا جاتا تھا۔ انواع اوراق کی قیمتوں کے سلسلے میں بھی یہی صورت تھی۔ القلقشندی نے روشنائی (حِبْر مِداد) کی کئی قسمیں لکھی ہیں [نیز ابن السید البطلیوسی (م ۵۲۱ھ) نے الاقتضاب فی شرح ادب الکُتّاب (ص ۷ ببعد) میں سامان خط و کتابت، اقسام کاغذ وقلم وغیرہ پر مفید اور تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے؛ رک بہ جلد، کاغذ، قرطاس، رقّ، وَرَق].

۱۶- دستاویزات کا خط : اگرچہ اس موضوع پر Moritz، Tisserand، Cheikho اور دوسروں نے بہت سا بنیادی کام کیا ہے، تا ہم عربی خط کی کوئی مکمل عالمانہ تاریخ نہیں ملتی (قب خط)۔ Grohmann نے پیپرس کے خط کی تحقیق کی ہے (Chrestomathie، ص ۸۸ تا ۱۰۳)۔ جہاں تک مؤخر دستاویزات کا تعلق ہے بلا تاریخ اوراق کے زمانے کا قریبی اندازہ لگانے کے لیے خط کی مختلف انواع کی امتیازی خصوصیات، اعراب کا استعمال اور امتیازی علامات کا علم کافی ہے۔ دستاویزات پر بعض عبارتیں، اعداد، یادداشتیں، وغیرہ اکثر اختصار کی صورت اور شکستہ خط میں ملتی ہیں، جسے مختصر نویسی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ Grohmann (*Chrestomathie*، ص ۸۳) نے سامان کتابت پر بحث کی ہے اور القلقشندی (۲ : ۴۳۰) نے کم از کم سترہ اصطلاحات کی فہرست دی ہے، لیکن چونکہ ان کی تصویریں نہیں بنائی گئیں اس لیے ان کا صحیح مفہوم سمجھنا مشکل ہے۔ خفیہ تحریروں (codes) اور رمزیہ زبان کی بھی ہمیشہ کچھ نہ کچھ اہمیت رہی ہوگی، جیسا کہ الصولی (ص ۱۸۶، ترجمة) اور القلقشندی (۹ : ۲۲۹، تَعْمِیَة، بعدازاں حَلّ الرُّمُوز) سے ظاہر ہے۔ یہ چیزیں بردی مخطوطات تک میں موجود ہیں (Grohmann : *Chrestomathie*، ص ۱۰۳ ب).

۱۷- مہر لگانا : الصُّولی (ص ۱۳۹) اور القلقشندی (۳ : ۲۷۳) کو تو مُہر یا خاتم سے دلچسپی تھی ہی، لیکن ہامر Hammer کے زمانے سے یورپ میں بھی عربی مہروں کی شکل و صورت اور استعمال کے بارے میں خاصی دلچسپی پیدا ہو چلی ہے۔ Grohmann کے خیال کے مطابق (*Chrestomathie*، ص ۱۲۹ ببعد) مہر لگانے کی مختلف غایتوں کا بھی امتیاز ذہن میں رکھنا ضروری ہے، یعنی توثیق کے لیے دستخط کے بجائے مہر لگانا، شناخت اور تصدیق کے لیے مہر لگانا، گواہوں کی طرف سے مہر لگانا [رک بہ خاتم].

**مآخذ** : عربی بردیات پر معلومات کے وسیع ذخیرے کے بارے میں غالباً بہترین تصنیف (۱) A. Grohmann : *Einführung und Chrestomathie zur arabischen Papyruskunde*، ۱۹۵۵ء، ج ۳ تا ۷، ہے؛ قب نیز (۲) *Die Papyri und die Urkundenlehre*، ص ۱۰۷ تا ۱۳۰؛ عربی تصنیفات : (۳) الصُّولی : اَدَب الکُتّاب، طبع محمد بَہْجة الاثری، قاہرہ ۱۳۴۱ھ؛ (۴) ابن الصَّیرفی : قانون دیوان الرسائل، طبع علی بَہْجة، قاہرہ ۱۹۰۵ء؛ (۵) شہاب الدین بن فضل اللہ : اَلتَّعریف بالمُصْطَلَح الشریف، قاہرہ ۱۳۱۲ھ؛ (۶) القلقشندی : صُبْح الاعشیٰ فی صناعة الانشاء،

Marfat.com

دستاویزات

ج ۱ تا ۳، القاہرہ ۱۳۳۱ھ/۱۹۱۳ء تا ۱۳۳۸ھ/۱۹۱۹ء؛ (۷) W. Björkman : *Beiträge zur Geschichte der Staatkanzlei im islamischen Ägypten*، ھیمبرگ ۱۹۲۸ء، ص ۸۷ تا ۱۷۷، بمدد اشاریہ؛ دستاویزات کی قدیم تر مطبوعات از S. de Sacy، Amari، Cusa، de sousa، Remiro، Ribera، وغیرہ کو (۸) G. Gabrieli : *Manuale*، ص ۲۵۵ تا ۳۸۸، میں جمع کر دیا گیا ہے۔ جدید مطبوعات کے بارے میں قب (۹) H. R. Roemer : *Über Urkunden zur Geschichte Ägyptens und Persiens in islamischer Zeit*، در *ZDMG*، ۱۰۷ (۱۹۵۷ء): ۵۱۹ تا ۵۳۸ (اس میں فاطمی و مملوک دستاویزات کو طبع کرنے کے بارے میں [حکومت] مصر کے منصوبے کا ذکر بھی ہے)؛ (۱۰) A. Grohmann و Pahor Labib : *Ein fatimidenerlass vom Jahre* ۴۱۵ھ/۱۰۲۴ء، در *R. SO*، ۳۲ (۱۹۵۷ء): ۶۴۱ تا ۶۵۴ (جس میں *Monomenta diplomatica arabica* کے منصوبوں کا ذکر ہے)؛ (۱۱) J. Wansbrough : *A Mamluk letter of 877/1473*، در *BSOAS*، ۲۴/۲ (۱۹۶۱ء): ۲۰۰ تا ۲۱۳؛ (۱۲) S. D. Goitein : *The Cairo Geniza as a source for the history of Muslim civilization*، در *Stud. Islam*، ۳ (۱۹۵۵ء): ۷۵ تا ۹۲؛ (۱۳) الشّیّال G. E. El Shayyal : مجموعۃ الوثائق الفاطمیہ، ج ۱، القاہرہ ۱۹۵۸ء؛ (۱۴) حسن الباشا : الألقاب الاسلامیّہ، قاہرہ ۱۹۳۷ء؛ مزید رک بہ دفتر؛ سجل؛ توقیع؛ وغیرہ؛ (۱۵) ابن قتیبہ : ادبُ الکاتب؛ (۱۶) صُبحی الصالح : النُظُم الاسلامیۃ، بیروت ۱۳۸۵ھ؛ (۱۷) ابن السید البَطَلْیَوسی : الاقتضاب فی شرح ادب الکُتّاب، بیروت ۱۹۰۰ء؛ (۱۷) ابن ہشام : السیرۃ النبویہ، القاہرۃ ۱۹۳۳ء؛ (۱۸) احمد حسن الزیات : تاریخ الادب العربی، القاہرۃ ۱۹۶۲ء؛ (۱۹) ابن الأبّار : اِعتابُ الکُتّاب، مطبوعۂ دمشق۔

(W. Björkman)

## ۲۔ المغرب

دستاویزات کی ظاہری خصوصیات (ترتیب عبارت، کاغذ کا رنگ، خط کی قسم وغیرہ) نیز طرز و انتخاب عبارات میں المغرب کی دستاویزات مشرق ممالک کے مقابلے میں سادگی کی حامل ہیں۔

لیکن اس سلسلے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مراکش کے المُوَحّدون نے ایک قلمی علامت توثیق کو رواج دیا۔ اسے عَلَامَۃ کہتے تھے اور یہ "وَالحَمدُ للہ وَحدَہ" کے نیازمندانہ کلمے پر مشتمل تھی۔ یہ عبارت جلی حروف میں بڑی لفاست سے کندہ ہوتی تھی۔ آخری لفظ میں حروف ہ اور د مربوط ہوتے تھے اور آخر میں اختتامی سِجِّل آتا تھا (دیکھیے سطور زیرین)۔ یہ علامت توثیق بعد میں دستاویز کی پیشانی پر اس چوڑی پٹی پر لکھی جاتی تھی جسے کاتب بَسْمَلَۃ اور تَصْلِیَۃ کے نیچے اس لیے خالی چھوڑ دیتا تھا کہ علامت اسی کا نتیجہ متصور ہوتی تھی۔

یہ کلمہ عقیدۂ توحید کا حامل ہے اور قیاس ہے کہ مہدی بن تُومَرت نے اسے اپنی بعض توقیعات میں استعمال کیا ہوگا؛ لیکن یہ بات یقینی ہے کہ اس کے جانشین عبدالمؤمن نے اسے اپنے مشہور رسالۃ الفصول میں استعمال کیا (دیکھیے Elévi-Provençal: *Documents inédits d' histoire almohade*، عربی متن، ص ۱۳)۔ القرطاس (فاس ۱۳۰۵ء، ص ۱۴۵) کی رو سے دراصل یعقوب المنصور (۵۸۰/۱۱۸۴ء تا ۵۹۵ھ/۱۱۹۹ء) نے اس عبارت کو پہلی بار بطور (علامۃ) اختیار کیا اور اسے اپنے ہاتھ سے لکھا۔ حقیقت یہی ہے کہ پہلی بار اسی فرمانروا کے عہد میں الموحدون کے دینار (رک بہ Lavoix، *Espagne et Cat mon mus Afrique*، ص ۲۰۳ تا ۳۰۸) پر سابقہ عبارت اَلحَمدُ للہِ رَبِّ العٰلَمِین کی جگہ یہ عبارت بطور علامت کندہ ہونی شروع ہوئی۔

افریقیہ کے الموحد حَفصی فرمانرواؤں نے اس

marfat.com
Marfat.com

عبارت میں "والشُّکرُللّٰہ" کے الفاظ کا اضافہ کیا ۔ آگے چل کر غرناطہ کے بنو نصر نے "وَلَا غَالِبَ الّا اللّٰہُ" (=صرف اللہ ہی غالب آنے والا ہے) کی عبارت اختیار کی ۔ عین ممکن ہے کہ اس کے پس منظر میں اپنے جد امجد نَصْر کی، جس کے نام پر یہ خاندان مشہور ہوا ، یادگار قائم کرنے کا جذبہ کارفرما ہو ۔ علاوہ بریں ان کے پہلے فرمانروا نے الغالب باللّٰہ کا لقب اختیار کیا تھا ۔

بنو حفص اور بنو نصر کی یہ دونوں خاندانی علامات ان کے سکوں اور بعض آثار پر بھی ملتی ہیں۔

شروع شروع میں خود فرمانروا اپنے ہاتھ سے یہ علامت رقم کرتا تھا ، لیکن بعد ازاں یہ ذمہ داری ایک بہت اعلٰی اور معتمد عہدیدار (جسے ایک طرح کا وزیر یا مہر بردار کہنا چاہیے) کے سپرد کر دی گئی ۔ اسے 'صاحب العَلَامَة' کہا جاتا تھا ۔ اکثر اوقات اس عہدے پر کسی بہت ممتاز عالم کو مقرر کیا جاتا تھا ، چنانچہ تونس میں ابن الآبّار [رک بآں] اور ابن خَلْدون [رک بآں] اس منصب پر فائز رہے ۔ توثیق طلب دستاویزات کی اہمیت کے اعتبار سے اس پر علامۃ کبرٰی یا علامۃ صغرٰی ثبت کی جاتی تھی ۔ یہ علامات دو مختلف درجوں کے وزراء کے سپرد کی جاتی تھیں ۔

مراکش میں بنو سعد کی حکومت کے خاتمے تک الموحدون کے حَمْدَلَہ کا استعمال بطور علامۃ جاری رہا ، لیکن اس کی تحریر نے بڑی فنکارانہ صورت اختیار کرلی اور بالآخر طغرائی نقش و نگار کی صورت میں لکھی جانے لگی ، جس کا پڑھا جانا بھی مشکل تھا ۔ ممکن ہے کہ یہ ترکی طغرٰی [رک بآں] کی نقل ہو ۔ بنی سعد کی انتہائی فنکارانہ علامۃ، جسے ایک لحاظ سے ان کے خاندانی نشان کی حیثیت حاصل ہوگئی تھی ، ان کی بندوقوں پر ، ان کے بعض سکوں پر اور ان کے محلات کے نقش و نگار پر ملتی ہے ۔ بنو سعد کی حکومت کے آخری برسوں میں قلمی 'علامۃ' کے علاوہ ایسی بیضوی مہر کا استعمال بھی ہونے لگا تھا جس پر 'علامۃ' کندہ تھی اور اسے روشنائی سے لگایا جاتا تھا ۔

ان کے جانشین مراکشی خانوادے، یعنی علویوں نے الموحدون کی علامۃ کا استعمال، خواہ وہ قلمی تحریر کی صورت میں ہو یا مہر کی صورت میں، قطعاً ترک کر دیا ۔ اب توثیق کا واحد نشان یہ تھا کہ ایک مُدَوَّر مہر (تابع) روشنائی سے ثبت کر دی جاتی تھی، جو دستاویز کی اہمیت کے اعتبار سے چھوٹی بڑی ہوتی تھی اور حَمْدَلَہ اور تَصْلِیَة کے درمیان خالی جگہ میں لگائی جاتی تھی ۔

المغرب کی دستاویزات کی ایک اور قابل ذکر خاص بات یہ ہے کہ جہاں دستاویز کا متن ختم ہوتا تھا وہاں ایک اختتامی نشان تاریخ کے عین بعد لگایا جاتا تھا، جو حرف 'ہ' پر مشتمل ہوتا تھا ۔ اس کا آخری سرا دائیں جانب مڑا ہوا ہوتا تھا ۔ اسے بے معنی نہیں سمجھنا چاہیے ۔ دراصل یہ لفظ "انتہا" کی اختصار شدہ صورت تھی ۔ بہرحال اسے اس توقیع کی اختصارشدہ صورت نہیں سمجھنی چاہیے جسے فرمانروا اپنے قلم سے مراعات و عطیات کی اسناد کے خاتمے پر تحریر کرتا تھا، یعنی صَحَّ ھٰذا یا صحیحٌ ذالکَ (=یہ مستند ہے) ۔

یہاں اس بات کا ذکر بھی ضروری ہے کہ بنو وطاس اور بنو سعد کے زمانے کی بعض دستاویزات پر تاریخیں یونانی اعداد میں درج ہیں ۔ یہی بات ان کے بعض سکوں میں بھی ملتی ہے ۔ علاوہ ازیں بنو سعد کے سلطان احمد المنصور نے ایک رمزی تحریر بھی استعمال کی تھی ۔

المغرب کی دستاویزات کی بڑی بڑی اقسام حسب ذیل ہیں : (۱) ظہیر (کتاب ظہیر کے لیے ، جمع : ظہائر؛ مراکش کی مقامی بولی میں ضہیر، جمع : ضواہر) یہ ایک سند تھی جس کی رو سے کسی جاگیر وغیرہ یا محاصل ، مالیانہ اور بیگار کی م

Marfat.com

عطا کی جاتی تھی اور بالخصوص شرفا یا مرابطون کے حق میں ہوتی تھی؛ (۲) تنفذہ، وہ سند تھی جس کی رو سے عمر بھر کے لیے کسی کا وظیفہ مقرر کیا جاتا تھا یا ایسی جائداد کا حق استفادہ عطا کیا جاتا تھا جو شاہی ملکیت ہو۔ دستاویزات کی یہ دو مخصوص اقسام صَکّ بھی کہلاتی ہیں؛ (۳) رسالۃ یا براءۃ (مقامی بولی میں بَرا)، کسی جماعت کے نام ایک مراسلہ ہوتا تھا، جس کے ذریعے کسی اہم واقعہ کا اعلان کیا جاتا تھا (نئے عامل کا تقرر، دشمن یا باغیوں پر فتحیابی وغیرہ) یا اس کا مقصد اسے نصیحت یا تنبیہ کرنا ہوتا تھا۔ یہ سرکاری مراسلات عموماً جمعہ کے روز مسجد میں منبر سے پڑھ کر سنائے جاتے تھے۔ مراکش کے بہت سے علوی سلاطین نے، جن میں سیدی محمد بن عبداللہ اور مولای سلیمان بن محمد بھی شامل ہیں، اس قسم کے مراسلات لکھنے پر مستقل شہرت حاصل کی؛ (۴) بَیْعَۃ، عہد وفاداری، جو عمائد اور نئے فرمانروا کے مابین طے پاتا تھا۔

**مآخذ**: (۱) ابن خَلدُون: مقدمۃ، بولاق ۱۲۷۴ھ، ص ۱۲۰ تا ۱۲۹ و مترجمۂ de Slane: *Prolégomènes*، ۱: xxxi و ۲: ۲۶، ۶۳؛ (۲) Rabino: *Contribution à l'histoire des Saadiens*، در *Archives berbères*، ۳ (۱۹۲۰ء): ۱؛ (۳) H. de Castries: *Les signes de validation des chérifs saadiens*، در *Hespéris*، ۱ (۱۹۲۱ء): ۲۳۱؛ (۴) E. Tisserant و G. Wiet: *Une lettre de l'almohade Murtaḍā au pape Innocent IV*، در *Hespéris*، ۶ (۱۹۲۶ء): ۲۷؛ (۵) E. Lévi-Provençal: *Un recueil de lettres officielles almohades*، در *Hespéris*، ۲۸ (۱۹۴۱ء): ۱- مؤخر الذکر تین مقالات کے متن اور حواشی ایک بنیادی مآخذ کا کام دیتے ہیں۔ اس کے تتمے کے طور پر (۶) S. de Sacy: *Mémoires d' histoire et de littérature orientales*، پیرس ۱۸۳۲ء، ص ۱۱۹، ۱۴۹، کا اضافہ کر لینا چاہیے؛ (۷) G.S. Colin: *Contribution à l'étude des relations diplomatiques entre les Muslmans d'occident et l'Egypte*، در *Mélanges Maspero*، ۳: ۱۹۷، قاہرہ ۱۹۳۵ء؛ (۸) وہی مصنف: *Note sur le système cryptographique du Sultan Aḥmad al-Manṣūr*، در *Hespéris*، ۷ (۱۹۲۷ء): ۲۲۱؛ (۹) L. Di Giacomo: *Une poétesse grenadine du temps des Almohades*، در *Hespéris*، ۳۴ (۱۹۴۷ء): ۳۳ تا ۶۵؛ (۱۰) R. Brunschvig: *La Berbérie orientale sous les Ḥafṣides*، ۲: ۶۱؛ (۱۱) Cusa: *I Diplomi greci ed arabi di Sicilia*، Palermo ۱۸۶۸ء؛ (۱۲) عبداللہ اکنون: *Rasā'il Sa'diyya Cartas de historia de los Saadies*، تطوان ۱۳۷۳ھ/۱۹۵۴ء؛ (۱۳) M. Nehlil: *Lettres Chérifiennes*، مراکش کے خاندان علویہ کی ایک سو اٹھائیس سرکاری دستاویزات کا مجموعہ، نقل مطابق اصل، پیرس ۱۹۱۵ء؛ (۱۴) *Sources Inédites de l'histoire du Maroc*، ایک مجموعہ، جس میں متعدد مراکشی سرکاری دستاویزات نقل مطابق اصل اور عکس کی صورت میں موجود ہیں۔

(G. S. Colin)

## ۳۔ ایران

ایرانی دستاویزات کی ابتدا اس زمانے سے ہوتی ہے جب ایران کے علاقے میں ترکوں کی ریاستیں قائم ہوئیں۔ طاہری اور سامانی خاندانوں کے بادشاہ اگرچہ بہت سی باتوں میں ایرانی تہذیب سے متأثر تھے لیکن ان کے "دیوان" [=دفتر] میں عربی زبان ہی وسیلۂ اظہار رہی اور فارسی کو ("درباری زبان" کی حیثیت سے [رک بہ دری]) رواج دینے کی کوششیں [فوری طور سے] کامیاب نہیں ہوئیں۔ محمود غزلوی (۳۸۹ تا ۴۲۱ھ/۹۹۹ تا ۱۰۳۰ء) نے اپنے زمانے میں فارسی کو دفتری زبان بنانے کا اعلان کیا اور اس طرح دیوان میں اس کا رواج شروع ہوا۔ یہی صورت حال سلجوق بادشاہوں کے عہد میں رونما ہوئی

marfat.com
Marfat.com

(دیکھیے B. Spuler : *Iran*، ص ۲۴۵ تا ۲۴۶)۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ عربی دستاویزات نے کہاں تک فارسی دستاویزوں کے لیے نمونے کا کام دیا ، البتہ اس قدیم زمانے میں بھی گہرے عربی اثرات کا سراغ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے ۔ سلطان غزنہ اور دربار خلافت کے باہمی روابط کا تقاضا تھا کہ دستاویزات کا ترجمہ فارسی سے عربی میں اور عربی سے فارسی میں کیا جائے ۔ علاوہ ازیں یہاں بعض ترک عناصر بھی موجود تھے جن میں ایلخانی بادشاہوں کے دور حکومت میں مغول اور ترکوں کی آمد سے خاصا اضافہ ہوا اور صدیوں تک دستاویزات اور دیگر مراسلہ نگاری کی ہیئت ان سے متاثر رہی ۔

دستاویزات کی اقسام : فارسی دستاویزات بڑی حد تک عربی دستاویزات سے ملتی جلتی ہیں ۔ دستاویزوں کی متعدد اقسام ہیں : بعض دستاویزات سے کسی امر کی تصدیق ہوتی ہے اور بعض کی رو سے کوئی فرمان صادر ہوتا ہے ۔ پہلی قسم کی دستاویزات میں قانونی معاہدے اور تصدیق نامے شامل ہیں ، جن پر گواہوں کی مہر اور توثیق ثبت ہوتی ہے ، مثلاً قَبَالَہ (خریداری کا معاہدہ جس کی توثیق کوئی قاضی یا منصف کرتا ہے)، تمسُّک (فرد حساب، ہنڈی یا رسید)، عقدنامہ یا نکاح نامہ ، وکالت نامہ ، بیع شرط نامچہ (فروخت کا معاہدہ) ، وصیت نامہ، وقف نامہ (کار خیر کے لیے کسی ادارے کا قیام) ۔ ان دستاویزات (سِجِلّاتِ شرعیہ) کا تعلق بنیادی طور پر شرعی قانون نافذ کرنے والے احکام سے ہے ۔ ان کے برعکس جو دستاویزات سرکاری احکام پر مشتمل ہوتی تھیں ان کا مکمل اختیار صرف ارکان حکومت کو حاصل ہوتا تھا۔ انھیں بادشاہ یا اس کے نائبین جاری کرتے تھے، جو دیوان میں تحریر کیے جاتے تھے ۔ اصولی طور پر بادشاہ کی ہر منشا کے اظہار کے لیے سرکاری دستاویز (فرمان) مل سکتا ہے ۔ عملی اعتبار سے ان دستاویزات کو حسب ذیل انواع میں تقسیم کیا جا سکتا ہے : تقرر یا عطیات کے فرامین (اَقطاع ، دور مغول و مابعد مغول : سُیورغال؛ مُسَلَّمی : محاصل کی معافی ؛ تِیُول : سرکاری خدمت کے صلے میں دی گئی جاگیر ؛ وظیفہ : مذہبی عطیات، جو اوقاف یا سرکاری خزانے سے دیے جاتے تھے؛ خلعت کا عطیہ، وغیرہ) عہد نامے، پاسپورٹ، فرمانروا کے قانونی فیصلے اور صوبیداروں اور دیگر عہدے داروں کے نام عمومی نوعیت کے احکام ۔ عہدِ سلاجقہ تک بظاہر مصطلحات میں پختگی پیدا نہیں ہوئی تھی ۔ فرمان کے علاوہ ایک اور اصطلاح جو کثرت سے استعمال ہوتی ہے ، مَنْشور (جمع : مَنَاشِیر) ہے، جو متعدد قسم کی دستاویزات کے لیے رائج تھی ۔ ان کے علاوہ تَقْلید ، تفویض ، تسلیم ، مثال (جمع، امثلہ) اور مَنْشُور تَقْلید یا تفویض کی اصطلاحیں بھی ملتی ہیں ، دیکھیے : Rieu : *Cat. Pers. Mss in the Brit. Mus.*، لنڈن ۱۸۷۹ء، ۱ : ۳۸۹ ؛ Ethé : *Cat. Pers. Mss in the Ind. off. Library*، ۱ : ۱۱۳۱ ؛ منتجب الدین بَدِیع اَتابک الْجُوینی: عَتَبةُ الکَتَبه، بمواضع کثیرہ) ۔ ایک اصطلاح "نشان" عہد تیموریہ میں ملتی ہے (دیکھیے Roemer: *Staatsschreiben der Timuridenzeit*، Wiesbaden ۱۹۵۲ء، بمواضع کثیرہ)، جو سترھویں صدی عیسوی تک مستعمل رہی (دیکھیے Chardin : *Voyages du Chevalier Chardin en Perse*، طبع Langlès ، پیرس ۱۸۱۱ء، ۲ : ۹۷) ۔ "نشان" ہی کی مترادف اصلاح "مکتوب" ہے ، جو عہد تیموریہ میں وقتاً فوقتاً مستعمل رہی (نظام الدین شامی : ظفر نامہ ، طبع F. Tauer ، ۲ : ۲۶۴، بمدد اشاریہ)۔ فرمان کو حکم (حافظ اَبرو، طبع Tauer : *Cinque opuscules* ، ص ۸۳، بمدد اشاریہ)، توقیع (فی‌الاصل صرف فرمانروا کے دستخط کے لیے اور بعدازاں اس کی مہر کے لیے بھی (دیکھیے نیچے) یا مثال (شامی، طبع Tauer، ۲ : ۲۹۹) بھی کہا جاتا تھا ۔ مغول عہدے کا نام یَرلیغ مفرد طور پر یا

Marfat.com

حُکم یَرلیغ مرکب صورت میں پندرھویں صدی عیسوی کے خاتمے تک مستعمل رہا (شامی،طبع Tauer، ۲: ۲۷۴)۔ نویں ـ دسویں صدی ہجری/پندرھویں ـ سولھویں صدی عیسوی میں مندرجات کے اعتبار سے نہیں، بلکہ افتتاحی کلمات کے فرق کی بنیاد پر بھی ایک تقسیم ملتی ہے : مثلاً پَرْوانَچْہ اور حکم ، جن کی عبارت پُرشکوہ اور سنجیدہ ہوتی تھی۔ ان کے برعکس سادہ تر دستاویزات"رقم" کہلاتی ہیں (دیکھیے H. Busse : *Untersuchungen zum islamischen Kanzleiwesen an Hand turkmenischer and safawidischer Urkunden* ، قاہرہ ۱۹۵۹ء، ۱: ۶۷)۔ ماتحت حکام کے احکام کو اب واضح طور پر "مثال" کہتے ہیں (مثال دیوان الصدارۃ؛ Papazyan، عدد ۱۷، ۹۷۰/۱۵۶۲ء)۔ عہد قاچار میں ان عہدوں کے ناموں کا انحصار احکام جاری کرنے والے حکام پر ہوتا تھا۔ "فرمان"صرف شاہ کے حکم کو کہتے تھے اور شاہی نسل کے صوبیداروں کے احکام کو حکم (دیکھیے Greenfield : *Die Verfassung des persischen Staates*،برلن ۱۹۰۴ء، ص ۱۱۵)، لیکن نسبۃً کم سرکاری زبان میں تقریباً سب کی سب مذکورۂ بالا اصطلاحات مستعمل نظر آتی ہیں (دیکھیے S. Beck : *Persische Konversationsgrammatik* ، ہائیڈل برگ ۱۹۱۴ء، ۲ : ۲۱۱ ببعد)۔

زیادہ غور سے دیکھا جائے تو عہدناموں اور فرمانوں کو ان خطوط (مکتوب یا مراسلے) سے مُتَمَیَّز کیا جا سکتا ہے ، جو داخلی یا خارجی مسائل سے متعلق ہوتے ہیں ـ سابق الذکر دستاویزات کی طرح ان کی بھی سرکاری طور پر توثیق کی جاتی ہے اور ان کی ایک معیّنہ خارجی اور داخلی صورت ہوتی ہے ، البتہ ان کی عبارت قانونی نوعیت کی نہیں ہوتی ـ مثال کے طور پر ان مکتوبات کو دیکھیے جن کے ذریعے دوستانہ تعلقات کی توثیق کی جاتی ہے (اِخْوانیّات) ـ ہر موقعے کے لیے ایک مخصوص اسلوب عبارت ہوتا ہے، مثلاً تہنیت نامہ (اَدْعِیّات) ، تَعزیت نامہ ، وغیرہ ـ نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی تک کی غیر ملکی خط و کتابت میں، جو مغول طرز پر مبنی تھی ،کسی حد تک فرمان کی شان باقی رہی، لیکن صفویوں کے عہد، یعنی گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی میں، اس میں تبدیلی رونما ہونے لگی ـ قانونی مندرجات کی بنا پر سُنُوْر نامے (مثالیں اُوغْلُو حَیْدَر : اَنشاءَ میں، نیز دیکھیے Rieu، ۱: ۳۹۰) طرز عبارت میں فرامین سے قریب آتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں ـ یہی بات سفیروں کو دی جانے والی اسناد سفارت کے متعلق کہی جا سکتی ہے ـ بادشاہ کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے (دست خطّ ھمایُوں یا مبارک) مکاتیب کو جن کا مرتبہ سب سے اُونچا سمجھا جاتا تھا ، دستاویزات اور دوسری نگارشات کے درمیان جگہ دی جاتی ہے ـ ان مکاتیب کے مضمون میں بادشاہ کے فرمان کی عمل درآمد سے لے کر خفیہ احکام تک کی چیزیں شامل ہوتی تھیں ـ

ایرانی دیوان کی نو سو سال کی تاریخ کے دوران میں،یعنی زمانۂ حال تک، دستاویزات و نگارشات کی داخلی ساخت میں مشکل ھی سے کوئی تبدیلی پیدا ہوئی ہوگی۔ دستاویز کا آغاز مناجات سے ہوتا ہے اور اکثر اس کے ساتھ کلمات عبودیت اَلْحُکْمُ لِلّٰہ (=حکم صرف اللہ کا ہے) اور اَلْمُلْکُ لِلّٰہ=ملک صرف اللہ کا ہے) شامل کر دیے جاتے ہیں ، افتتاح الٰہیں کلمات ، نیز کلمات اعلان پر مشتمل ہوتا ہے ـ اس کے بعد دستاویز کا اہم ترین حصّہ، یعنی فیصلہ شروع ہوتا ہے ـ ابتدائی حصے،یعنی طراز و افتتاح میں دستاویز کی غایت عام الفاظ میں (جن کی نوعیت اکثر مذہبی ہوتی ہے) بیان کر دی جاتی ہے ـ اس ضمن میں دستاویز کو قرآنی نظائر و آیات سے زینت دی جاتی ہے اور خطیبانہ انداز بیان اختیار کیا جاتا ہے ـ دستاویز کے دوسرے حصّوں کے مقابلے میں، جن میں بڑی حد تک مقررہ تراکیب کی پابندی ضروری سمجھی جاتی ہے، اس حصے کی تحریر میں انشا پرداز کو اپنی ادبی صلاحیت کے اظہار کی آزادی ہوتی ہے، لیکن اس فن کا اظہار اصل

marfat.com
Marfat.com

دستاویزات کی بہ نسبت کتب انشاء میں زیاد واضح نظر آتا ہے ۔ دوسرا بیانیہ حصہ اصل مقدمے اور زیادہ تر مدعی کی عرضداشت کے خلاصے پر مشتمل ہوتا ہے، البتہ توثیق کرنے والی دستاویزات میں مجوزہ حکم یا مسئلۂ زیر بحث کے اعتبار سے متعدد احکام کلیتّہ یا ان کے اہم ترین حصے شامل کر دیے جاتے ہیں ۔ بیانیہ حصّے ہی میں پہلی بار مکتوب الیہ کا نام و لقب آتا ہے ۔ یہاں اس کا ذکر صیغۂ غائب میں اور بعدازاں صرف مذکور ، مزبور ، مشارٌ الیہ یا مومٰی الیہ ایسے الفاظ سے کیا جاتا ہے ۔ مکمل القاب، پناہ ، دستگاہ ، نظام وغیرہ کے ادبی مرکبات سے کئی کئی سطور پر پھیل جاتے ہیں ۔ اعلان کی عبارت (مثلاً فرزندان و وزراء بدانند کہ . . . .) ابتدائی یا بیانیہ حصے سے قبل آتی ہے، لیکن اسے حذف بھی کیا جا سکتا ہے ۔ ابتدائی حصہ بسا اوقات کلمۂ اَمّابَعدؔ پر ختم ہوتا ہے ۔

دستاویز کے اصل حصے میں بادشاہ کا فصیلہ ہوتا ہے ۔ حکام کے تقرر اور عطیات کے احکام میں تاریخ تقرر، عہدے کا نام یا عطیے کے کی وجوہ کو زیادہ تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے ، البتہ دوسرے فرمانوں میں فیصلہ یا حکم براہ راست تحریر کر دیا جاتا ہے ۔ فیصلے میں یا تو فعل معروف کا استعمال ہوتا ہے (دوسرے الفاظ میں بادشاہ اپنے بارے میں صیغۂ جمع متکلم استعمال کرتا ہے (مقرر فرمودیم و ارزانی داشتیم) یا فعل مجہول کا (مقرر فرموده شد کہ)۔ سترھویں ۔ اٹھارھویں صدی عیسوی کی اِکّا دُکّا عبارتوں میں صیغۂ واحد متکلّم کا استعمال بھی نظر آتا ہے : شاہ بابم ، جدّ بزرگوارم (دعائیہ کلمات کے ساتھ) ۔ بیانیہ حصے سے فیصلے کی طرف آتے ہوئے بعض مخصوص کلمات استعمال کیے جاتے ہیں، مثلاً "بناءً علیہ"، "بنابرایں"، "لہٰذا" یا "می باید کہ"۔ تقرر یا عطیات کے احکام کی صورت میں فیصلے کے ساتھ ساتھ مکتوب الیہ، عہدیداروں یا اشخاص متعلقہ کے نام ہدایات بھی درج کی جاتی ہیں، جنھیں عموماً، "سبیل و طریق" کہا جاتا ہے ۔ کلمات اعلان کے مقابلے میں،جہاں اعلیٰ ترین عہدیداروں کے نام سب سے اوپر درج ہوتے تھے ، یہاں اُن کا نام آخر میں لکھا جاتا ہے ۔ حساب داروں (مُستَوفیان) کو ہدایت دی جاتی تھی کہ وہ دستاویز کو درج رجسٹر کریں۔ آخر میں بعض صورتوں میں ایک امتناعی حکم شامل ہوتا تھا ، جس کی رُو سے تجدید کی سالانہ درخواست کی ممانعت کی جاتی تھی اور یہ ہدایت لکھی ہوتی تھی کہ اس کا اطلاق اس قسم کے تمام مقدمات پر کیا جائے ۔ مناجات کے علاوہ فیصلے سے قبل اور اس کے بعد لکھے جانے والے حصے حذف ہو سکتے تھے۔ اس صورت میں دستاویز صرف فیصلے پر مشتمل ہوتی تھی ۔ تاہم بسااوقات دستاویز کی ترتیب یوں ہوتی تھی : بیانیہ حصّہ ، فیصلہ ، اور خاتمہ (تاریخ وغیرہ) ۔ اس صورت میں پورا متن "چون" (بیانیہ حصے کی ابتداء) اور "بنابریں" (فیصلے کا آغاز) کے درمیان آجاتا تھا۔ بیانیہ حصے میں یا فیصلے میں سیاق عبارت کے ذریعے دستاویز کو درج رجسٹر کرنے کی ہدایت بھی دی جاتی تھی ۔ یہ ہدابت اگر دستاویز کی پشت (ظَہر، ضِمن) پر لکھی جاتی تو متن میں اشارہ کر دیا جاتا تھا .

دستاویز کو ایسی عبارت پر ختم کیا جاتا تھا جس میں مہر ثبت کیے جانے کا حوالہ موجود ہوتا اور اسلامی تاریخ درج کر دی جاتی : "کُتِبَ فِی، (=لکھا گیا) (تا زمان رشیدالدین ، طبع Jahn ، *GMS* ، n.s. ، ۱۴ : ۲۲۲) یا "تحریراً فی" (=تحریر کیا گیا)۔ مہینے کا دن عربی نیز فارسی اعداد میں لکھنا دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی میں بالکل متروک ہوگیا ۔کبھی کبھی ہفتے کے دن کا ایرانی نام بھی لکھ دیا جاتا ہے (Papazyan، عدد ۱۸ ، ۹۷۷ھ/ ۱۹۵۰ء)۔ مہینے کے پہلے دن کو غُرّہ اور آخری کو سَلخ کہتے ہیں۔ مہینوں کے نام ان کی صفات کے ساتھ آتے ہیں: محرم الحرام، رمضان المبارک، وغیرہ۔ سال شروع شروع میں عربی حروف میں لکھا جا۔ تھا، لیکن دسویں صدی ہجری/سولھویں صا ی عیسوی

Marfat.com

سے اس کے بجائے عربی اعداد لکھے جانے لگے ۔ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی تک ہجری سال کے ساتھ اس کے مطابق animal cycle کا سال بھی درج ہوتا تھا، جو فیصلے میں زمانۂ مابعد میں بھی (ہجری سال کے ساتھ) مندرجہ تاریخوں کے حوالے سے مستعمل رہا ۔ نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی تک تاریخ کے بعد اس مقام کا نام بھی لکھا جاتا جہاں سے حکم جاری ہوتا تھا : بمقام ، بمدینۃ یا بدارالسلطنۃ۔ چند مستثنیات سے قطع نظر یہ طرز آگے چل کر متروک ہوگیا ۔ ترکمانی دستاویزات تاریخ اور مقام کے نام کے بعد ایک دعائیہ عبارت درج ہوتی تھی : رَبِّی اِختِم بِالْخَیر وَ الْاِ قْبالَ (=میرے رب! بھلائی اور اقبالمندی کے ساتھ خاتمہ فرما؛ دیکھیے Busse : *Untersuchungen* ، عدد ۲)۔ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں یہ عبارت دائیں حاشیے پر لکھی جانے لگی اور مختصر ہو کر خُتِم بالخَیر یا خُتِم رہ گئی اور آگے چل کر بالکل محذوف ہو گئی ۔ اسی طرح نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے خاتمے اور دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے آغاز تک متن کے عین نیچے اور عموداً اس کاتب اور ان عہدیداروں کا حوالہ دیا جاتا تھا جنھوں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہوتا، مثلاً پروانچۂ اشرف اعلٰی ، بہ رسالہ (نام) بہ وقوف (نام) ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کی ابتدا سے یہ حوالہ مختلف صورتوں میں دستاویز کی پشت پر ملنے لگتا ہے (دیکھیے سطور ذیل).

دستاویزات کی داخلی ہیئت کی بہ نسبت ان کی خارجیت میں زیادہ تبدیلیاں آئیں ۔ ترمیم کے زمانے کو سرسری طور پر حسب ذیل ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے : ماقبل مغول، مغول، تیموریہ، ترکمانیہ ، صفویہ ۔ چودھویں صدی ہجری / بیسویں صدی عیسوی تک ۔ طغریٰ [رک بآں] کا استعمال سلاجقہ اور سلاطین خوارزم نے کیا (عتبۃ الکتبۃ میں ایک "وزیر طغریٰ" کا ذکر آتا ہے، عدد ۱۶؛ خوارزم کے لیے دیکھیے النسوی : سیرت السلطان جلال الدین منکوبردی، طبع حافظ احمد حمدی، قاہرہ ۱۹۵۳ء، ص ۳۲۳)۔ یہاں طغریٰ صرف فرمانروا کے نام اور لقب پر مشتمل ہوتا تھا، لیکن دور مغول میں نام کے بعد بہادر کے اضافے (۷۱۹ھ کے بعد، دیکھیے Spuler، *Mongolen*، بار دوم، ص ۲۶۷ تا ۲۷۱) کے علاوہ آگہ منّو tige manu (فرمانے از ما) بھی بڑھا دیا گیا ۔ تیموری دستاویزات میں ترکی ترجمے میں یہ عبارت آتی ہے تیمور گورگان سُوز و مُوز (دیکھیے Fekete : *Arbeiten der grusinischen Orient-alistik auf dem Gebeit der türkischen und persischen Paläographie und die Frage der Formel sözümüz* در *AO Hung.*، ۷ (۱۹۵۷ء)/۱ : ۱۴) ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی میں پورے ترکمانی دور کی خاص دستاویزات پر طغریٰ اسی صورت میں درج ہوتا رہا ۔ علاوہ ازیں خوانین بخارا اور جنوبی روس کے آلتون اردو کے ہاں بھی اس کا استعمال جاری رہا (دیکھیے Fekete : وہی کتاب ، ص ۱۴)۔ آق قویونلو کی دستاویزات پر طغریٰ کے ساتھ تمغے کا نشان بھی ثبت کیا جاتا تھا، جو ان کے سکّوں پر بھی نظر آتا ہے (دیکھیے Hinz : *Irans Aufsteige zum Nationalstaat im fünfzehnten Jahrhundert*، برلن و لائپزگ ۱۹۳۶ء، ص ۱۰۶ و تصویر بالمقابل ص ۱۰۴) ۔ متن کی ابتدائی سطروں کو حاشیے سے ذرا ہٹا کر لکھنا اور (مشرق بعید کے بالواسطہ اثر کے ماتحت) نئی سطر کے آغاز میں نمایاں طور پر بادشاہ کا نام اور لفظ یرلیغ درج کرنا ایغور کا دستور تھا، جسے اختیار کرکے مغول نے دنیائے اسلام میں ایک نئی بات کو رواج دیا (دیکھیے Busse : *Die Entwicklung der Staaturkunde in Zentralasien und Persien von den Mongolen bis zu den Safawiden*، در *Akten des xxiv. Internationnalen Orientalisten-kongresses München*،

marfat.com

Marfat.com

Wiesbaden، ۱۹۵۹ء، ص ۲۷۳ تا ۳۷۴)۔ یہ رواج معمولی تبدیلیوں کے ساتھ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی تک کی طغرٰی دار دستاویزات میں بھی ملتا ہے۔ اس سے اس کا استعمال دوسری دستاویزات میں بھی عام ہوا ۔ شاہ اسمٰعیل اول صفوی کے عہد حکومت (۱۵۰۱ تا ۱۵۲۴ء) میں بعض دستاویزات سے طغرٰی غائب ہوگیا ۔ البتہ متن کی پہلی دو سطروں کو بدستور حاشیہ چھوڑ کر لکھتے رہے ۔ مہر، جو پہلے دستاویز کے نچلے حصے میں لگائی جاتی تھی، اب اس کی پیشانی پر ثبت ہونے لگی (جہاں یہ اب بھی "تاج" Crest کی صورت میں نظر آتی ہے) ۔ صفوی خاندان کے دوسرے بادشاہ طہماسپ اول کے عہد (۱۵۲۴ تا ۱۵۷۶ء) میں یہ نئی تبدیلی رونما ہوئی کہ طغرٰی، جسے رئیس دیوان‌الانشاء (منشی الممالک) رقم کرتا تھا، اب سرخ اور سنہری روشنائی میں لکھا جانے لگا اور اس کے ساتھ افتتاحی کلمات دو صورتوں میں تحریر ہونے لگے (اور پہلی دو سطروں کو حاشیہ چھوڑ کر لکھنے کا دستور ختم ہو گیا) : "فرمان همایون شد" یا "فرمان همایون شرف نفاذ یافت"۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے آغاز میں ایک نئی عبارت : "حکم جہان مطاع شد" کا اضافہ ہو گیا (جسے وقائع نویس = مجلس نویس یا وزیر چپ سیاہ روشنائی سے تحریر کرتا تھا) ۔ دیوان بیگی کی دستاویزات میں یہی عبارت سرخ روشنائی سے لکھی جاتی تھی (دیکھیے تذکرۃ الملوک ، طبع و ترجمہ منورسکی، لنڈن ۱۹۴۳ء، ورق ۲۱ ب، ۲۴ ب، ۳۰ الف)۔ شاہی خاندان کے ارکان کی طرف سے صادر ہونے والی دستاویزات کے طغرٰی میں ایک اور فرق بھی رونما ہونے لگا تھا (پہلی مثال Papazyan شمارہ ۳، ۸۶۶ھ/۱۴۶۲ء میں) اور وہ یہ کہ سُوز وسُوز کی جگہ کلمہ سوزُوم (میرا حکم) دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی تک ملتا ہے (دیکھیے *Pulūridz*، شمارہ ۷، ۱۵۹۱ء)۔ علاوہ ازیں دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں صوبیداروں کی دستاویزات میں عبارت "امر عالی شد" مع طغرٰی، جس میں کلمہ سوزُوم شامل ہوتا تھا (*Puluridze*، شمارہ ۲۶، ۱۰۵۱ھ/۱۶۴۲ء)، ملتی ہے اور گیارھویں صدی ہجری/ سترھویں صدی عیسوی "مقرر لست کہ . . ." عہد اسمٰعیل ثانی (۱۵۷۶ تا ۱۵۷۷ء) میں بعض احکام میں عبارت "اَمر دیوان اشرف اعلٰی" استعمال ہوتی تھی ۔ (Papazyan، شمارہ ۱۹، ۹۸۴ھ/ ۱۵۷۶ تا ۱۵۷۷ء) ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے دوران اور بارھویں صدی ہجری/اٹھارھویں صدی عیسوی کے آغاز میں مرکزی حکومت کے حکام کی دستاویزات پر شاہی مہر ثبت ہوتی تھی، البتہ افتتاحی کلمات محذوف ہوتے تھے (دیکھیے Busse : *Untersuchungen*، ص ۶۵) ۔ بادشاہ کے مراسلات میں یہ بات آج بھی نظر آتی ہے ۔ ان مراسلات کی ابتداء مکتوب الیہ کے نام اور لقب ہی سے ہو جاتی ہے ۔ صفویوں کے بعد کے زمانے میں مختلف قسم کی دستاویزات میں مختلف عبارتوں کا استعمال جاری رہا ۔ افشاریوں کے فرامین میں عبارت "فرمان همایون شد" بدستور لکھی جاتی تھی البتہ ان کے ساتھ کلمہ بعَون اللہ تعالٰی (اللہ کی مدد سے) (بعد ازاں اَعوذ باللہ تعالٰی) کا اضافہ ہوگیا ۔ اس عبارت کے حروف کے شوشوں کو بڑے فن کارانہ انداز سے موڑ دیا جاتا تھا ۔ قاچاری دستاویزات میں "حکم جہان مطاع" مع "الملک للہ تعالٰی" لکھاجاتا تھا۔ مظفرالدین شاہ (۱۸۹۶ تا ۱۹۰۷ء) کے فرامین میں ایک بار پھر "فرمان همایون شد" کی عبارت دیکھنے میں آتی ہے (دیکھیے Beck : کتاب مذکور، ۲ ، ۳۴۲ تا ۳۴۳ نقل مطابق اصل) ۔ طغرٰی بدستور سنہری روشنائی میں لکھا جاتا رہا ۔ عبارت "حکم جہاں مطاع شد" آخری افشار بادشاہوں کے ہاں نیز بعض زندی دستاویزات میں بھی ملتی ہے، جہاں وہی سادہ اسلوب برقرار رکھا گیا ہے ۔ نادر شاہ کی تاجپوشی کے بعد جو فرمان (۸ مارچ

Marfat.com

۱۶۳۶ - ۱۷۳۲ء؛ برائے نام بادشاہ عباس سوم صفوی، ۱۷۳۲ تا ۱۷۳۶ء تھا) جاری ہوئے ان میں عبارت "فرمان عالی شد" (مع بعون . . .) اسی خاص انداز میں لکھی ہوئی ملتی ہے جس کا ذکر اوپر آ چکا ہے - ۱۷۳۶ء کے بعد سے "فرمان عالی شد"، کے بجائے "فرمان همایون شد" لکھا جانے لگا - عبارت "فرمان عالی شد" (اضافوں کے بغیر اور سادہ صورت میں) کریم خان زند (۱۷۵۰ تا ۱۷۹۶ء) کی دستاویزات میں بھی نظر آتی ہے، جو اسماعیل سوم صفوی کی برائے نام بادشاہت کے زمانے میں حکومت کے اصلی اختیارات کا مالک تھا - اس کے پیش رو بختیاری سردار علی مردان خان نے، کہ وہ بھی ایک "بے ضابطہ" بادشاہ تھا، اختتامی عبارت "حکم والا شد" کو (کسی اضافے کے بغیر) اختیار کیا - یہاں ایک ایسے دستور کی طرف میلان ظاہر ہونے لگا جو عہد قاچار میں پوری طرح رائج ہوا؛ یعنی شاہی خاندان سے تعلق رکھنے والے صوبیدار عبارت "حکم والا شد" تحریر کرتے تھے اور ان کے مقابلے میں دیگر صوبیداروں کے لیے ضروری تھا کہ "حکم عالی شد" تحریر کریں (یہ دستور دور صفویہ ہی سے شروع ہو چکا تھا، دیکھیے سید الانشاء، تہران ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء؛ Beck: کتاب مذکور، ۱ : ۱۵۳، ۵۵۴) - جدید شاہی فرامین (جن میں یورپی اثرات نمایاں ہیں) کی ترتیب حسب ذیل ہے: شاہی نشان (شیر و خورشید)، "فرمان مطاع مبارک"، "اعلحضرت همایون شاهنشاهی"، "بتائیدات خداوند متعال، ما — پہلوی شاهنشاه ایران - مُہر - یہاں قدیم عبارتوں کے مختلف حصے یکجا کر دیے گئے ہیں.

رسوم الخط اور لوازم کتابت: اصلی دستاویزات کے فقدان کی بنا پر یہ بتانا ممکن نہیں کہ سلجوقوں کے دیوان الانشاء میں کس قسم کے رسوم الخط استعمال ہوتے تھے - طغری جلی قلم (دیکھیے Spuler: *Iran*، ص ۳۶۲) سے لکھا جاتا تھا - قیاس ہے کہ آخری دور بنی عباس میں جو مختلف قسم کے رسوم الخط رائج ہوئے (دیکھیے الفہرست، طبع فلوگل، ص ۴ ببعد) اور ان کی نشوونما پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے دیوان الانشاء میں جاری رہی - قدیم ترین فارسی دستاویزات کا جو ٹکڑا دستیاب ہوا ہے وہ ایک بیع نامہ ہے (دیکھیے Margoliouth، در *G R A S*، ۱۹۰۳ء، ص ۷۶۱ ببعد) - اس سے خط تعلیق کی طرف رجحان کا پتہ چلتا ہے، جو آگے چل کر عام طور پر رائج ہوا - ایلخانیوں کی مغول دستاویزات بلاشبہ اویغور رسم الخط ہی میں لکھی جاتی تھیں، جو نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی تک تیموریوں کی ترکی دستاویزات میں مستعمل رہا، البتہ ان میں بین السطور کی عبارت عربی رسم الخط میں نقل کر دی جاتی تھی (دیکھیے Kurat : *Topkapi sarayi yarlik vebitikler*، استانبول ۱۹۴۰ء، ص ۱۹۵ ببعد : ابوسعید کا ایک فرمان مورخہ ۸۷۳ھ/۱۴۶۸ء) - دور مابعد مغول کے دیوانوں میں خط تَعْلِیْق پوری طرح مروج ہو چکا تھا اگرچہ بعض حصے (مُناجات، طُغْری) وقتاً فوقتاً خط ثُلث میں لکھے جاتے تھے - دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں خط نستعلیق استعمال ہونے لگا، گو خط شکستہ بھی استعمال میں آتا رہا - آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے خط تعلیق میں خط شکستہ کی جانب بڑھنے کا رجحان نظر آتا ہے، جو گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی میں جا کر اپنی خالص صورت میں منظر عام پر آیا.

جہاں تک لوازم کتابت کا تعلق ہے شروع ہی سے غالباً کاغذ سے کام لیا جاتا تھا، جس نے تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی تک مشرق قریب میں ایک ملکی صنعت کی حیثیت اختیار کر لی تھی - نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی ہی سے دوسری اسلامی ریاستوں کی طرح یہاں بھی یورپ سے کاغذ آنے لگا - Chadrin (*Vayages*، ۴ : ۲۷۱ ببعد) اس بات کی

marfat.com
Marfat.com

شہادت دیتا ہے کہ کم از کم گیارھویں صدی ہجری/ سترھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں کاغذ ایران میں درآمد ہوتا تھا ۔ اعلٰی اقسام کا کاغذ بلخ ، بخارا اور سمرقند سے آتا تھا ۔ دستاویز کے کاغذ کا عرض مختلف اور پندرہ سے تیس میٹر تک ہوتا تھا ۔ بعض دستاویزات کئی میٹر لمبی ہوا کرتی تھیں (مثلاً Busse، شمارہ ۳، ۲۶۳ سینٹی میٹر) ۔ یہ متعدد اوراق پر مشتمل ہوتی تھیں جنھیں آپس میں جوڑ لیا جاتا تھا ۔

مغول دستاویزات کی مختلف رنگ دار روشنائیوں (سرخ اور سنہری) سے اعلٰے درجے کی آرائش کی جاتی تھی ۔ ان حصوں میں ان کا بطور خاص استعمال ہوتا جنھیں نمایاں کرنا مقصود ہوتا تھا ۔ گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کی طغرٰی والی دستاویزات میں بھی یہی بات نظر آتی ہے ۔ ان میں بالخصوص مناجات ، دعائیہ عبارات ، تمغا (آق قویونلو کے فرامین میں) قرآنی آیات اور دائیں حاشیے میں لکھے جانے والے الفاظ کے لیے سنہری روشنائی استعمال کی جاتی تھی ۔ افتتاحی عبارات والی دستاویزات میں سنہری اور سرخ روشنائی بکثرت استعمال ہوتی تھی، البتہ اس سے وہ دستاویزیں مستثنٰے ہیں جن میں عبارت "حکم جہان مطاع شد" درج ہوتی تھی ۔ یہ دستاویزات سر تا سر سیاہ روشنائی سے تحریر ہوتی تھیں ۔ صوبائی حکام کی جانب سے صادر ہونے والی دستاویزات میں بھی رنگ دار روشنائی کا استعمال ختم کر دیا گیا تھا ۔ لکھتے وقت پیشانی اور دائیں جانب خاصا بڑا حاشیہ چھوڑا جاتا تھا ۔ بالخصوص ابتدائی دور میں سطور بائیں جانب ذرا بلندی کی طرف جاتی تھیں، کبھی کبھی سطر کے آخری لفظ کو کھینچ کر کاغذ کے بائیں کنارے تک بڑھا دیا جاتا تھا تاکہ اس میں کسی اور لفظ کا اضافہ نہ کیا جا سکے ۔ نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے خاتمے تک فیصلے کی عبارت کا آغاز خاص طور پر جلی حروف کی صورت میں نمایاں کیا جاتا تھا (دیکھیے Busse، شمارہ ۳) ۔ جو مکتوبات غیر ملکی فرمانرواؤں کے نام لکھے جاتے تھے ان میں مکتوب الیہ کا نام متن کے اوپر درج ہوتا تھا ۔ متن میں جہاں یہ نام مقصود ہوتے (القاب کے اندراج کے بعد) اس مقام کی نشان دہی کے لیے تھوڑی سی جگہ خالی چھوڑ دی جاتی تھی ۔

مُہریں : شروع شروع میں ، دستاویزات ونگارشات کی (سوائے ان کے جن پر مُہر ثبت ہوتی) تصدیق فرمانروا کی توقیع یا دستخط سے کی جاتی تھی ۔ معلوم ہوتا ہے ابتدائی زمانے ھی میں اس کی جگہ محض مُہر نے لے لی ہوگی ۔ بہر طور دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں توقیع سے مُہر ھی مراد لی جاتی تھی ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی تک توقیع کی جگہ مُہر کے لفظ نے نہیں لی تھی (حالانکہ اس کا استعمال اس سے بہت پہلے شروع ہو جانا چاہیے تھا) ۔ شاہ اسمٰعیل نے اپنے فرامین میں کلمہ "ہواللّٰہ العادل" شامل کر لیا (papazyan، شمارہ ۱۹، ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ - ۱۵۷۷ء) لیکن اسے ایک استثنا سمجھنا چاہیے ۔ دور قاچار تک مُہر کے ساتھ شاہ کے تصدیقی دستخط (طغرٰی) کو ضروری نہیں سمجھا جاتا تھا (دیکھیے Greenfield : کتاب مذکور، ص ۱۹۷؛ eck : کتاب مذکور، نقل مطابق اصل : صحؐ پہلی سطر کے نیچے) ۔ بادشاہ کی مُہر ابتداءً دستاویز کے نچلے حصے پر ثبت کی جاتی تھی ، مغول کی مربع مُہر چسپاں شدہ اوراق کے جوڑوں پر بھی ثبت کی جاتی تھی تاکہ بعد میں کوئی اور ورق نہ شامل کیا جا سکے ، البتہ نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی میں مُہر صرف دستاویز کے نچلے ھی حصے میں نظر آتی ہے (دیکھیے Kurat: کتاب مذکور، ص ۹۱) ۔ دور صفویہ کے ابتدائی دنوں میں بادشاہ اور مرکزی حکومت کے فرامین میں مُہر دستاویزات کی پیشانی پر طغرٰی کی جگہ لگائی جاتی تھی ۔ صوبیداروں کے فرامین میں ، جن پر "حکم عالی شد" کا طغرٰی درج ہوتا تھا ،

marfat.com
Marfat.com

مُہر نچلے حصے ہی میں ثبت ہوتی تھی ، البتہ جو صوبیدار شاہزادے ہوتے ، وہ اپنی مُہریں طغری کے دائیں جانب (عثمانی وزراء کے پنجہ کی طرح) لگاتے - مکتوبات پر مہر پشت کی جانب لگائی جاتی تھی (دیکھیے *A choronicle of the Farmelites in Persia and the papel mission of the XVIIth and XVIIIth Centuries* ، ۲ جلد ، لنڈن ۱۹۳۹ء ، عکسی تصویر ، بالمقابل ص ۹۵ ، ج ۱ میں)- مغول بادشاہوں کے دیوان میں حکومت کے مختلف امور سے متعلقہ دستاویزات پر مختلف رنگوں کی مہریں لگائی جاتی تھیں ، مثلاً نیلی ، سرخ (یا سنہری) ، سبز اور سیاہ (دیکھیے Spuler : *Mongolen* ، ص ۲۹۳ ، مربع مہر کے لیے)- جس سے تیموری بادشاہ بھی کسی حد تک کام لیتے تھے اور سنہری روشنائی استعمال ہوتی تھی - آگے چل کر تمام مہریں سیاہ روشنائی سے لگائی جانے لگیں - مربع مُہروں کے علاوہ (غازان خان نے حکومت کے مختلف شعبوں کے لیے مختلف مہروں کو رواج دیا تھا ، دیکھیے رشیدالدین ، طبع Jahn ، ص ۲۹۲)- تیموری خاندان کے بادشاہ گول مہریں استعمال کرتے تھے ، جو اکثر صورتوں میں دستاویزات کی پیشانی پر لگائی جاتی تھیں (دیکھیے J. Deny : *Un soyurgal du Timouride shah Rukh en écriture ouigure* ، در *JA* ، ۲۴۵ (۱۹۵۷ء) : ۲۵۳ تا ۲۶۶) - مختلف قسم کی دستاویزات کے لیے مختلف مہروں کے استعمال کا دستور ، جس کا رجحان شاہ اسمٰعیل اول کے عہد میں نظر آتا ہے ، آخر دور صفویہ میں پایۂ تکمل کو پہنچ گیا - بڑی مہریں مہر شرف نفاذ یا مہر همایون) "فرمان همایون شرف نفاذ یافت" اور "فرمان همایون شد" کی افتتاحی عبارات والی دستاویزات پر ثبت ہوتی تھیں اور چھوٹی مہریں "مہر انگشتر آفتاب آثار" یا مہر انگشتری "حکم جہان مطاع شد" والی عبارت پر - بڑی مہروں پر کندہ عبارت جزوی طور پر دوازدہ امام کے اسمائے مبارک پر مشتمل ہوتی اور چھوٹی مہروں پر صرف بادشاہ کا نام اور اکثر اس کے ساتھ لقب ہوتا "بندۂ شاہ ولایت"- Chardin نے ایک مربع مہر کا ذکر کیا ہے (لوح ۳۱، ۵ و ۹ : ۱۶۳)- بڑی مہریں گول ہوتی تھیں (کبھی کبھی ان کا بالائی بڑھا ہؤا حصہ چھت کی شکل کا ہوتا تھا) اور چھوٹی مہریں مستطیل یا ڈھال کی شکل کی (الواح، در Rabinodi : Borgomale *Coins, medals and seals of the shah of Iran* ، ۱۵۰۰ تا ۱۹۴۱ء ، مقام طباعت ندارد ، ۱۹۴۵ء ، لوح ۳) - آگے چل کر بادشاہ کی مہریں زیادہ تر مستطیل بننے لگیں، جن کا بالائی زائد حصہ چھت کی سی شکل کا ہوتا تھا - ۱۱۵۹ھ/۱۷۴۶ء ہی سے مہروں پر "شیر و خورشید" کا نقش نظر آنے لگتا ہے (Chubua، شمارہ ۴۷) بڑی (مستطیل، زائد حصوں والی) اور چھوٹی (بیضوی) مہریں دورِ قاچار تک بھی ملتی ہیں (الواح در Rabino : کتاب مذکور ، ص ۴) - دور صفویہ کے صوبیداروں کی مہریں بیشتر مستطیل یا بیضوی ہوتی تھیں (اکا دکا مثالیں گول مہروں کی بھی ملتی ہیں) اور ان پر کندہ عبارت عہدیدار کے نام اور کسی مذہبی نشان (کلمے) پر مشتمل ہوتی تھی- آگے چل کر ان میں کچھ زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی - صفوی بادشاہوں کے دور میں شاہی حکام ایک خاص مدور مہر دیوان (مُہر مسوّدۂ دیوانِ اعلیٰ) استعمال کرتے تھے - شروع شروع میں مہر کو مہر بردار کی حفاظت میں رکھا جاتا تھا لیکن صفوی دور کے ابتدائی ایام میں اس کی حفاظت افسران حرم کے سپرد کر دی گئی (دیکھیے Roemer : *Der Niedergang Irans nach dem Tode Ism'ils des Grausamen* ، ۱۵۷۷ تا ۱۵۸۱ء، Würzburg ۱۹۳۹ء، ص ۴۴)- دور صفویہ کے آخر تک یہ انہیں کی سپردگی میں رہی - مہر لگانے کا اصل کام وہ عہدیدار انجام دیتے تھے جن کا لقب دوات دار [ترک به دوا دار] ہوتا تھا- مہر بردار صرف پشت کی جانب ایک چھوٹی سی مہر لگا دیتے تھے (دیکھیے تذکرۃ الملوک ، طبع منورسکی ، ورق ۱۴ الف بعد) .

marfat.com
Marfat.com

مکتوب الیہ کے پاس پہنچانے سے قبل دستاویزات مالی انتظامیہ کے مختلف شعبوں (دفتر خانۂ همایون اعلٰی) میں بھیجی جاتی تھیں جہاں اعلٰی عہدیدار توقیعات اور مہریں لگانے اور دوسرے ملازمین مُہر و خط کے ذریعے ان دستاویزات کا مختلف رجسٹروں میں اندراج ہو جانے کی توثیق کرتے تھے (اس کی ایک اور صورت مثال کے طور پر عثمانی حکومت میں ملتی ہے جہاں یہ ملاحظات مسودے پر تحریر ہوتے تھے ان کی حیثیت محض دفتری حواشی کی ہوا کرتی تھی: Feketē : *Die siyaqat-schrift in der türkischen Finanzverwaltung*، ج ۱، بوداپست ۱۹۵۵ء، ص ۶۷، ۶۸، حاشیہ ۲)۔ توقیعات اور حواشی کا اندراج، مثلاً بنی فاطمہ کے عہد میں، آخری سطور کے درمیان کیا جاتا تھا (دیکھیے Grohmann در *RSO*، ۳۲، ۱۹۵۷ء: ۶۴۱ تا ۶۵۴) لیکن ایران میں یہ پہلے پہل دستاویز کی پشت پر اور متن کے عموداً ہوتا تھا۔ ایلخانی دستاویزات میں بھی یہی صورت دیکھنے میں آتی ہے (دیکھیے Cleaves در *HJAS*، ۱۴، ۱۹۵۱ء: ۴۹۳ تا ۵۲۶)۔ اس سلسلے میں غازان خان نے لازمی ہدایات درج کرنے کا دستور بھی شروع کیا (دیکھیے رشید الدین، طبع Jahn، ص ۲۹۱ تا ۲۹۶) مُہروں اور حاشیوں کا ایک سلسلہ تیموری (دیکھیے Deny، کتاب مذکور)، ترکمانی اور ابتدائی صفوی دستاویزات (دیکھیے Busse : *untersuchungen*، ص ۷۷ ببعد) میں بھی ملتا ہے۔ گیارھویں صدی هجری/سترھویں صدی عیسوی کے آغاز میں ایک قطعی ضابطہ نافذ ہوا جس پر دور قاچار کے آخر تک عمل درآمد ہوتا رہا۔ توقیعات ایک مذہبی کلمے مثلاً توکّلتُ عَلَی اللہِ (میں نے اللہ پر بھروسا کیا) پر مشتمل ہوتی تھیں اور حواشی کے اندراج میں مسئلے کی نوعیت کا حوالہ بھی دیا جاتا تھا مثلاً "ثُبِتَ دَفْتَرِ تَوجِیہِ دِیوانِ اعلٰی شد" (اس کا اندراج دیوان اعلٰی کے باہر بھیجی جانے والی دستاویزات کے رجسٹر میں کر دیا جاتا) یا محض صَحَّ (درست) لکھ دیا جاتا تھا۔ آخر دور صفویہ میں تمام دستاویزات پر تعلیقات اور مُہر وزیر اعظم (اعتماد الدولہ)، صدر اور ارکان دولت سے متعلقہ دوسرے عہدیدار، مثلاً قُورچی باشی اور قُلّر آقاسی ثبت کرتے تھے۔ ہر عہدیدار ان دستاویزات پر جن کا تعلق اس کے دائرۂ اختیار میں ہوتا، مہریں لگاتا تھا۔ اس کے برعکس حواشی کے اندراج اور مہریں لگانے کا کام مستوفی الممالک (یا۔ خاصّہ)، لشکر نویس، صاحب توجیہ، ناظر دفتر خانۂ اعلٰی، داروغہ دفتر خانۂ اعلٰی اور دوسرے اہلکاروں کے سپرد تھا۔ عہدیداران سلطنت (سرکار ممالک) کے حواشی، اندراج ملازمین شاہی (سرکار خاصۂ شریفہ) کے حواشی سے مختلف ہوتے تھے: مثلاً "بہ نظر رسید" (عہدیداران سلطنت) "ثَبْتِ دفْترِ نظارت شد" (ملازمین شاہی) دفترخانہ میں درج ہونے والی (ارقام دفتری) دستاویزات کے برخلاف بعض دستاویزات کا وہاں اندراج نہیں ہوتا تھا (ارقام بیاضی) کیوں کہ یا تو ان کا تعلق مالی انتظامیہ سے نہیں تھا یا انہیں خفیہ رکھا جانا مقصود ہوتا تھا (دیکھیے تذکرۃ الملوک، ورق ۴۳ب اور Busse : *Untersuchungen*، ص ۹۷).

دستاویز تیار کرنے کا کام یا تو بادشاہ یا کوئی اور عہدیدار براہ راست، یا بالواسطہ تحریری طور پر دیوان کے سپرد کرتا تھا۔ اصل کارروائی کا اندراج دستاویز میں ہوتا تھا۔ دور مغول میں بھی یہی طریق رائج تھا (دیکھیے Hinz : *Die Resala-yi Falakiyyā des Abdollah ibn Muhammad ibn Kiyā ʻal-Māzandarani* wiesbaden ۱۹۵۲ء، ورق ۱۴۴ و ببعد)، دسویں صدی هجری/سولھویں صدی عیسوی تک ترکمانی دستاویزات میں اس تفصیل کا اندراج سامنے کی جانب کنارے کے نچلے حصے میں کیا جاتا تھا (دیکھیے سطور بالا)، لیکن گیارھویں صدی هجری/سترھویں صدی عیسوی کے آغاز سے یہ اندراج پشت

Marfat.com

پر ہونے لگا : اگر بادشاہ کا زبانی حکم براہ راست ملتا تو عبارت کے الفاظ یہ ہوتے "بالمُشافَۃ العَلِیَّۃ العالیۃ" ورنہ "هُوحَسْبَ الأمرِالاعلیٰ" درج کیا جاتا ۔ دوسری صورت میں رابطے کا نام اس عبارت کے نیچے لکھا جاتا "قرار نوشتہ . . ." اس صورت میں کہ درمیانی شخص وزیر اعظم ہوتا ، بصورت دیگر "برسالہ" لکھا جاتا ۔ جب دستاویز کی تیاری کا حکم وزیراعظم یا کسی اور عہدیدار کی طرف سے صادر ہوتا تو حَسْبَ الأمرِ الأعلیٰ کی عبارت خذف کر دی جاتی (دیکھیے Busse : *Untersuchungen* ، ص ۵۹ ببعد) معلوم ہوتا ہے کہ صفوی دور کے بعد سے ان تفصیلات کا اندراج متروک ہوگیا ۔ جب ضابطے کی ان سب کارروائیوں کی پڑتال کر لی جاتی تو دستاویز کو اس طرح تہہ کر لیا جاتا کہ لکھا ہوا حصہ اندر کی طرف ہو جاتا ۔ غیر ملکی بادشاہوں کے نام کے خطوط زربفت کے پرتکلف غلافوں میں رکھ کر بھیجے جاتے تھے ۔ ان غلافوں پر ایک خاص مہر لگا دی جاتی تاکہ کوئی غیر متعلقہ شخص انھیں کھول نہ سکے ۔

ابتدائی زمانے میں دستاویزات شاہی دیوان (دار الانشاء، دیوان الرسائل) میں منشی الممالک کے زیر نگرانی مرتب ہوتی تھیں، گیارھویں صدی ھجری/ سترھویں صدی عیسوی سے "حکم جہان مطاع شد" کی (سیاہ روشنائی سے لکھے ہوئے)طغری والی دستاویزات وقائع نویس کے دیوان میں لکھی جانے لگیں جو غیر ملکی فرمانرواؤں کے نام خطوط کی تیاری کا بھی ذمے دار ہوتا تھا ۔ اس سلسلے میں ایک اور تقسیم نظر آتی ہے، یعنی سرکار ممالک کے لیے اور سرکار خاصۂ شریفہ کے لیے ۔ امور سلطنت سے متعلقہ دستاویزات (معہ طغری : فرمان همایون شرف نفاذ یافت یا فرمان همایون شد) منشی الممالک تیار کرتا تھا اور سرکار خاصۂ شریفہ کی دستاویزات وقائع نویس ۔ ان دو بالمختیار عہدیداروں کے علاوہ دفتر خانہ کے جداگانہ شعبوں کو بھی دستاویزات کی تیاری کا اختیار دے دیا جاتا تھا ۔ مثال کے طور پر دور صفویہ میں یہ اختیار لشکر نویس کو نیز قُلّرآقاسی ، توپچی باشی تُفَنگ باشی اور دوسرے حکام کے کاتبوں کو بھی حاصل تھا ۔ ان دستاویزات میں کوئی طغری نہیں ہوتا تھا ۔ صوبائی حکام کے اپنے دیوان تھے۔ مذھبی دستاویزات کی نوعیت بالکل جداگانہ تھی ۔کم اھم مواقع پر اگرچہ دوسرے ضابطوں کا خیال رکھا جاتا تھا (مہر، طغری) تاھم فیصلہ عرضداشت کے بالائی حاشیے پر درج کر دیا جاتا تھا ۔ ماتحت اهکاروں کے ضمنی حواشی اور اضافے نویں صدی ھجری/پندرھویں صدی عیسوی تک بین السطور لکھے جاتے تھے لیکن اس کے بعد دائیں حاشیے پر تحریر ہونے لگے (عبارت: مقرر است کہ . . . اور مہر کے ساتھ) ۔ مذھبی فرامین میں اگر ضرورت ہوتی تو بادشاہ اپنے ہاتھ سے اضافے (حاشیہ بخطّ مبارک) کر دیتا تھا ۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا، دیوان میں فارسی کے شعبے کے علاوہ غیر ملکی زبانوں کا شعبہ شاہان غزنہ کے عہد ھی میں قائم ہو چکا تھا ۔ اسی سلسلے میں اگر ان اقوام کی تعداد پر نظر ڈالی جائے جن کے ساتھ خط و کتابت کی جاتی تھی، تو ایلخانی دیوان خاص طور پر جامع دکھائی دیتا ہے ۔ (دیکھیے Hinz : *Die persische* در *Geheimkanzlei im Mittelalter west-östliche* Abhandlungen ، wiesbaden ، ۱۹۵۴ء ، ص ۳۳۵) شاہان تیموریہ عثمانی سلاطین کے ساتھ خط و کتابت کچھ عربی میں اور کچھ مشرقی ترکی میں کیا کرتے تھے (Rieu ، ۱ : ۳۸۹ ؛ Kurat : کتاب مذکور، ص ۱۹۵ ببعد) اور صفوی بادشاہ عثملی ترکی میں (دیکھیے Fekete : *Iran Sahlarinin iki türkçe mektubu* در 'Tm ، ۵ ، ۱۹۳۵ء : ۲۶۹ تا ۲۷۳) دور قاچار کے دیوان میں فرانسیسی کو بنیادی غیر ملکی زبان کا مرتبہ حاصل ہو گیا اور ابھی تک وہ اسی درجے پر فائز ہے ۔ اصل معاہدات اور توثیقات کو ان کے موقع

marfat.com
Marfat.com

اجراء کے اعتبار سے متمیز کیا جا سکتا ہے ۔ موروثی منصب داروں اور جاگیرداروں کی وفات، نیز حکومت میں تبدیلی آ جانے کے موقع پر توثیق کی ضرورت پیش آتی تھی ۔ اکثر دستاویزات کے خاتمے پر امتناعی عبارت: ''تجدید کے لیے ہر سال درخواست نہیں دی جائے گی'' اغلب ہے کہ بہ نظر احتیاط درج کی جاتی تھی، عملاً سالانہ تجدید کا دستور عام نہیں ہوتا تھا ۔ عملی سہولتوں کے پیش نظر دستاویزات کے مالک ان کی تصدیق شدہ نقلیں جاری کر سکتے تھے جو اصل جیسی ہی مستند تصور کی جاتی تھیں ۔ جن فرامین کا تعلق لوگوں کے بڑے بڑے گروہوں یا رعایا کے کسی پورے فرقے سے ہوتا تھا، انھیں سرکاری عمارات و مقامات پر چسپاں کر دیا جاتا تھا (دیکھیے Hinz / Barthold : *Die persische Inschrift an der Mauer der Manücehr Moschee zu Ani* در *Z D M G* ۱۰۱، ۱۹۵۱ء، ۲۴۱ تا ۲۶۹؛ Hinz : *steuerinschriften aus dem mittelalterlichen Vorderen Orient* در *Belleten*، ۱۲، ۱۹۴۹ء: ۷۴۵ تا ۷۶۹ ۔

جو قدیم ترین دستاویزات محفوظ ہیں وہ دور ایلخانیہ کی ہیں (یہ زیادہ تر یورپ کے بادشاہوں کے نام مغول فرمانرواؤں کے مراسلے ہیں) آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی اور نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کی کچھ ایرانی دستاویزات ایران (اور اس کی سرحدی ریاستوں) میں اور یورپ کے محافظ خانوں اور عجائب گھروں میں محفوظ ہیں صرف دور صفویہ اور زمانۂ مابعد کی دستاویزات کثیر تعداد میں ملتی ہیں ۔ اسی سلسلے میں گرجستانی دستاویزات (M. chubua : *Persidskie firmani i ukazi*، *Muzeya Gruzii*، ج ۱، Tbilisi، ۱۹۴۹ء؛ اور V. S. Puturidze : *Gruzino-persidskie istoriceskie dokumenti*، Tbilisi، ۱۹۵۵ء) اور ارمنی ماخذ (.A.D Papazyan : *Persidskie dokumenti matenadarana*، ۲ جلد، اریوان ۱۹۵۶ء تا ۱۹۶۰ء) خاص طور پر بہت جامع ہیں، صفوی دستاویزات(جن میں دو ترکمانی بھی ہیں) کا ایک چھوٹا سا مجموعہ برٹش میوزیم میں ملتا ہے (Rieu : *suppl*، ص ۲۵۲ تا ۲۶۰)، جس کا بیشتر حصہ Busse : *Untersuchungen* میں طبع ہو چکا ہے)۔ اِکاڈُکا دستاویزات اور مکتوبات وٹیکن Vatican میں *A Chronicle of the Carmelites in Persia*، ضمیمہ B؛ اور اطالوی محافظ خانوں میں (دیکھیے F. Gabrieli : *Relazioni tra lo scià 'Abbas e i Granduchi di Toscana Ferdinando I e Cosimo II* در *Rend*، *Lin*، ۱۹۴۹ء، پولینڈ میں (H. S. Szapszal : *Wyobrazenia swietych muzulmanskich*، Wilna ۱۹۳۴ء، ص ۳۶ تا ۳۸) سویڈن میں (دیکھیے K. V. Zettersteen : *Türkische tatarische und persische Urkunden im schwedischen Reichsarchiv*، Uppsala ۱۹۴۵ء) آسٹریا میں (وی آنا) اور جرمنی میں بھی (ڈریسڈن، دیکھیے Fekete : *Iran Sahlarinin......*) موجود ہیں ۔ ایران میں چھوٹے بڑے مجموعے نجی ذخیروں میں محفوظ ہیں ۔ یہ تہران (حسین شاہ شاہانی؛ محمود فرہاد معتمد خان؛ ملک) اور تبریز (محمد و حسین آقا نَخْجُوانی) میں دیکھے جا سکتے ہیں ۔ دوسرے مجموعے عجائب خانۂ آثار قدیمہ تہران اصفہان کے چہل ستون، جُلفای جدید کے ارمنی کیسا اور کتاب خانۂ آستانۂ مشہد میں محفوظ ہیں، جرمنی میں دستاویزات کا ایک چھوٹا سا مجموعہ ہے جسے ۱۹۳۸ء تا ۱۹۳۹ء میں Wilhelm Eilers (Würzburg) نے ایران میں مرتب کیا تھا (اصل دستاویزات نیز کتبات کی نقول) اور اب Hans R. Roemer (Mainz) کی ملکیت ہیں ۔ مؤخرالذکر نے دو مقالات میں وہ تمام معلومات یکجا کر دی ہیں جو ۱۹۵۷ء تک مہیا ہو سکی تھیں : *Vorschläge für die sammlung von Urkunden zur islamischen Geschichte Persiens*، در *ZDMG*، ۱۰۴، ۱۹۵۴ء: ۳۶۲ تا ۳۷۰، اور

Marfat.com

Über urkunden zur Geschichte Agyptens und Persiens in islamischer zeit، در ZDMG، ۱۰۷، ۱۹۵۷ء : ۵۱۹ تا ۵۳۸ ۔

مآخذ : (۱) V. Minorsky : Some early documents in Persian، در JRAS، ۱۹۴۲ء، ص ۱۸۱ تا ۱۹۴، ۱۹۴۳ء، ص ۸۶ تا ۹۹؛ (۲) A. Mostaert و F. W. Cleaves : Trois documents mongols des Archives secrètes vaticanes، در HJAS، ج ۱۵، ۱۹۵۲ء، ص ۴۱۹ تا ۵۰۶ ؛ (۳) F. W. Cleaves : The Mongolian documents in the Musée de Teheran در HJAS، ج ۱۶، ۱۹۵۳ء، ص ۱ تا ۱۰۷؛ (۴) P. Wittek : Ankarada bir ilhani kitabesi، در THITM، ج ۱، ۱۹۳۱ء، ص ۱۶۱ تا ۱۶۴؛ (۵) V. Minorsky : A soyūrghal of Qāsim b. Jahāngīr Aq - qoyunlu 903/1498، در BSOS، ج ۹، ۱۹۳۷ء، ص ۹۲۶ تا ۹۶۰؛ (۶) وہی مصنف : A Mongol decree of 720/1320 to the family of Shaikh Zāhid در BSOAS، ج ۱۶، ۱۹۵۴ء، ص ۵۱۵ تا ۵۲۷؛ (۷) Ann K. S. Lambton : The administration of Sanjar's empire as illustrated in the 'Atabat al-kataba، در BSOAS، ج ۲۰، ۱۹۵۷ء ص ۳۶۷ تا ۳۸۰ ؛ (۸) محمود میر آفتاب : دستور الکاتب فی تعیین المراتب، Ph. D کے لیے تحقیقی مقالہ، گوٹنجن ۱۹۵۶ء؛ (۹) Arşiv Kilavuzu، طبع مجلس منتظمہ موزۂ طوپ قپی‌سرای، ۲ کرّاسے، استانبول ۱۹۳۸ تا ۱۹۴۰ء؛ (۱۰) J. Aubin : Note sur quelques documents Aq-qoyunlu، در Mélanges L. Massignon، ۱۹۵۶ء، ص ۱۲۳ تا ۱۴۷؛ (۱۱) وہی مصنف : Note préliminaire sur les archives du Takya du Tschima Rud، تہران ۱۹۵۵ء؛ (۱۲) خان ملک : Un ferman d' Abu Nasr Hasan Bahadur، در آثار ایران، ج ۲، ۱۹۳۷ تا ۱۹۳۹ء، ص ۲۰۳ تا ۲۰۶؛ (۱۳) W. Hinz : Zwei Steuerbefreiungsurkunden، در Documenta islamica inedita، برلن ۱۹۵۲ء، ص ۲۱۱ تا ۲۲۰؛ (۱۴) H. Horst : Ein Immunitätsdiplom Schah Muhammad Khudābandās vom Jahre 989/1581، در ZDMG، ج ۱۰۵، ۱۹۵۵ء، ص ۲۸۹ تا ۲۹۷؛ (۱۵) وہی مصنف : Zwei Erlasse šāh Tahmāsaps I، در ZDMG، ج ۱۱۰، ۱۹۶۱ء، ص ۳۰۱ تا ۳۰۹؛ (۱۶) Ann K. S. Lambton : Two Ṣafavid soyūrghāls، در BSOAS، ج ۱۴، ۱۹۵۲ء، ص ۴۴ تا ۵۴؛ (۱۷) Khanikoff : Lettre de M. Khanikoff à M Dorn ۱۶ ستبر ۱۸۵۶ء، در Melanges Asiatiques، سینٹ پیٹرز برگ، ج ۳، ۱۸۵۷ء، ص ۷۰ تا ۷۴ (آخر دور صفویہ کی دستاویز)؛ (۱۸) C. Speelman : Journal der Reis van de Gezant der O. J. Companie Joan Cunaeus near Perzie in 1651-1652، طبع A. Hotz، ایمسٹرڈم ۱۹۰۸ء (متعدد دستاویزات لفظی ترجمے کی صورت میں)؛ (۱۹) محمود فرہاد معتمد : تاریخ روابط سیاسی ایران و عثمانی، تہران، تاریخ ندارد (متعدد قاچاری دستخط ہای ہمایون کے چربے)؛ (۲۰) H. L. Robino di Borgo-male : Une lettre familière de Fath Ali chah در RMM، ج ۴۰ تا ۴۱، ۱۹۲۰ء، ص ۱۳۱ تا ۱۳۵؛ (۲۱) محمد حسن خان : مرآۃ البلدان ناصری، ۴ جلدیں، تہران ۱۲۹۴ھ (تقریباً ۷۰ دستاویزات کا متن) : (۲۲) وہی مصنف : کتاب تاریخ منتظم ناصری، ۲ جلدیں، تہران ۱۲۹۸ تا ۱۲۹۹ ش (تقریباً ۳۰ دستاویزات جن میں ۱۲ دور صفویہ کی ہیں) زیادہ مفصل بیان کے لیے دیکھیے: (۲۳) H. Busse : Persische Diplomatik im Überblick Ergebnisse und Probleme، در Isl، ج ۳۷، ۱۹۶۲ء۔

(H. Busse)

### ۴۔ سلطنت عثمانیہ

ترکیہ میں دستاویزات کے آغاز کا سراغ سلطنت عثمانیہ کے ابتدائی ایام یعنی آٹھویں صدی ہجری/

marfat.com
Marfat.com

چودھویں صدی عیسوی تک لگایا جا سکتا ہے ۔ اس کا نظام ایشائی ترکوں کے لائے ہوئے ان نمونوں پر مبنی تھا جن کا ارتقا وسط ایشائی ریاستوں میں ہوا ، چنانچہ اس کے طرز میں اویغوری اور چینی روایات کا امتزاج تھا ۔ دوسری طرف اس کی تنظیم زیادہ‌تر یوروپی اور بالخصوص بوزنطی سلطنت کے قائم کردہ طریق کار پر ہوئی ۔ تاتاری، یعنی آلتون اردو اور قریم کے مغول کی دستاویزات میں بڑی حد تک وسط ایشیائی نمونوں کی تقلید کی جاتی تھی اور ان میں اویغوری اور بالواسط طور پر چینی دستاویزات کے اثرات نمایاں تھے ۔ اس امر کی شہادت سولھویں صدی عیسوی سے سترھویں صدی عیسوی تک کی ان ایرانی دستاویزات سے ملتی ہے جن پر سوز و موز کا عنوان قائم ہے (دیکھیے L. Fekete : *Arbeite der grusinischen Orientalistik auf dem Gebiete der türkischen und persischen Palaeographie und die Frage der Formel "sözümüz"* در *A O Hung*، ۷، ۱ : ۱۹۵۷ء) ۔ پندرھویں صدی سے ترکی دستاویزات کے محض چند ایک مقررہ نمونے ہیں جو پندرھویں صدی سے یکساں صورت میں مروج چلے آ رہے ہیں (دیکھیے F.Kraelitz Greifen-horst، در *SbAK Wien* ۱۹۲۱ء و *TOEM*، ج ۲۸ و P. Wittek، در *WZKM*، ۱۹۵۷ء) ۔ دستاویزات، جنھیں عموماً اوراق اور وثیقہ کہا جاتا تھا، باب عالی کے دیوان الانشاء سے جاری کی جاتی تھیں ۔ سلطان یا وزراء کی طرف سے ہونے والے اعلانات کی اہم دستاویزات کا اجرا بے لک یا بے لک قلمی کے دفتر سے ہوتا تھا، جو باب عالی کے صدر دیوان کا ایک خاص شعبہ اور قبل ازیں دیوان ہمایوں قلمی کے نام سے معروف تھا ۔ بیشتر دستایزات پر کاتب، ناسخ اور بے لک جی (مہتمم دیوان) اپنے اپنے دستخط کرتے تھے ۔ پھر انھیں رئیس افندی کے پاس اس کی مہر (رسید) ثبت کرنے کے لیے بھیج دیا جاتا تھا ۔ زیادہ اہم معاهدوں کی جانچ پڑتال "نشان جی" کرتا تھا ۔ ان پر اس کے طغریٰ کا ہونا ضروری تھا ۔ دیوان تکویل میں تقرر ناموں، فرامین اور اسناد سفارت جیسی دستاویزات کی تجدید یا تصدیق کی جاتی تھی ۔ تذکرہ نام کی دستاویزات "بویوق تذکرہ جی" کے دفتر سے جاری ہوتی تھیں اور مالیات سے متعلق دستاویزیں "دفتردار" کے محرر تیار کرتے تھے ۔ دارالحکومت کے علاوہ صوبوں میں بھی چھوٹے درجے کے عہدے داروں کے اپنے کاتب ہوتے تھے اور انھیں اپنی دستاویزات کے اجراء کا اختیار حاصل تھا (دیکھیے J. Hammer : *Staatsverfassung und Staatsverwaltung des osman. Reichs*، وی انا ۱۸۱۵ء؛ اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : عثمانلی دولتی تشکیلاتی، ۱۹۴۵ء؛ نیز رک بہ بیلک .

دستاویزات کی دو بڑی اقسام تھیں ۔ پہلی قسم کی دستاویزات اعلانات اور پیغامات پر مشتمل ہوتی تھیں، مثلاً سلطان کے فرامین عام موسوم بہ نامہ = مکتوب، کتاب، یزی، بتی، توقیع ۔ سب سے زیادہ باضابطہ وہ شاہی اعلانات ہوتے تھے جنھیں "خطِ ہمایوں" کہتے تھے ۔ ان اصطلاحات کا مفہوم کبھی معین نہیں رہا ۔ اکثر اوقات ایک ہی دستاویز مختلف ناموں سے موسوم ہوتی رہی ہے ۔ یہی حال دوسری قسم کی مختلف دستاویزات کا ہے جو احکام و فرامین و قوانین سے متعلق ہوتی تھیں، مثلاً فرمان، امر، حکم بیورلدی [رک بآن] ؛ نیز رک بہ ا ۔ ح ۔ اوزون چارشیلی : بیورلدی، در بلتن، ۵/۱۹، ۱۹۴۱ء اور تقرر نامے (برات) ۔ اہم‌ترین سرکاری دستاویزات کے نام مرکب ہوتے تھے، مثلاً عہد نامہ، ملک نامہ (یاتملیک نامہ)، صلح نامہ ۔ ایک اور قسم کی دستاویزات کو نشان (سرکاری کاغذات، اسناد، پروانے وغیرہ)، منشور (کسی عہدے یا منصب پر تقرر کی دستاویز)، مثال اور عرض حال وغیرہ کہا جاتا ہے ۔ بعض اوقات دستاویزات کے نام بڑے جامع اور معنی خیز ہوتے تھے، مثلاً نشان شریف عالی شان، فرمان بشارت عنوان وغیرہ ۔ یہ نام صرف ان دستاویزات کے لیے مخصوص تھے جنھیں خود سلطان یا اس کے اعلیٰ ترین اہلکار اور سرکاری دفاتر کے محرر

Marfat.com

جاری کرتے تھے ۔ ان کے علاوہ ایسے احکام بھی ہوتے تھے جنھیں ادنٰے درجے کے اہلکار جاری کرتے تھے، جیسے تذکرہ، تلخیص، تحریر، دفتر، وغیرہ ۔ ان کے مقابلے میں غیر ملکی سفارتوں کے ارکان جو اسناد اور پروانے ترکی حکومت کے سامنے پیش کرتے تھے انھیں "تقریر" کہا جاتا تھا ۔ دستاویزات کی ایک اور قسم وہ تھی جو مذہبی حکام (بالخصوص شیخ الاسلام) جاری کرتے تھے، عرف عام میں انھیں فتوٰی کہتے تھے اور ان کا تعلق تنازعات و اختلافات کے فیصلوں سے ہوتا تھا ۔

بحیثیت مجموعی ترکی دستاویزات اور یورپی دستاویزات میں بہت مشابہت نظر آتی ہے؛ عین ممکن ہے کہ ہیئت اور طرز کے اعتبار سے یہ بوزنطی دستاویزات کے چربے ہوں ۔ ترکی دستاویزات دو حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہیں: پہلا حصہ (ابتدائی اور اختتامی عبارتیں) آداب و رسوم پر اور وسطی حصہ اصل متن پر مشتمل ہوتا ہے ۔ بعض باتیں ہر ترکی دستاویز میں ملتی ہیں : ارکان : (۱) دعوت ، یعنی مناجات جو ایسی عبارت پر مشتمل ہوتی ہے جس میں والی (ربّ) کا نام شامل ہوتا ہے ، اس میں ھُوَ جیسے سادہ ترین کلمے سے طویل ترین القاب تک استعمال ہو سکتے ہیں (Fr. Kraelitz : *Osmanische Urkunden in türkischer Sprache*، در *SbAK Wien*، ۱۹۲۱ء، میں اس کی متعدد مثالیں دی ہوئی ہیں)۔ ابتدائی عبارت کے بعد کسی قدر دائیں جانب تھوڑی سی خالی جگہ چھوڑی ہوئی ہوتی ہے (صرف سلطان کی جانب سے جاری شدہ دستاویزات میں) جس کے نیچے (۲) طغرٰی، یعنی سلطان کی امتیازی علامت یا نشان درج کیا جاتا ہے، جسے نشان ہمایوں، توقیع یا علامت بھی کہتے ہیں، ہر سلطان کی علامت مختلف نمونے کی ہوتی ہے ۔ نشان سلطان، سلطان کے نام اور جملہ القاب و دیگر امتیازات اور عبارت "مظفر دائما" پر مشتمل ہوتا ہے ۔ اس کے چاروں طرف ایک آرائشی حاشیہ ہوتا ہے جس کی شکل اور نمونہ ہمیشہ یکساں رہتا ہے ۔ طغرٰی ایک محرر بڑی احتیاط سے تیار اور درج کرتا تھا جو اسی کام کے لیے مخصوص ہوتا تھا اور طغرٰی کش کہلاتا تھا ۔ طغرٰی رنگین بنایا جاتا تھا، اس کی اصل کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا (دیکھیے اوزون چارشیلی ، در بلتن، ج ۵، ۱۹۴۱ء؛ P. Wittek در *Byzantion*، ج ۱۸، ۱۹۴۸ء اور ج ۲۰، ۱۹۵٦ء؛ F. Kraelitz-Greifenhorst در *MOG*، ج ۱؛ F. Babinger : *Sarre-Festschrift*، ۱۹۲۵ء؛ P. Miyatev : *Tugrite na osmanskite sultani ot XV-XX wek*، در *Godischnik na plovdivska narodna biblioteka i muzei*، *1937—1939*، صوفیہ ۱۹۴۰ء؛ E. Kühnel : *Die osmanische Tughra*، Wiesbaden ۱۹۵۵ء؛ نیز رک بہ طغرٰی) ۔ اعلٰی عہدیداروں کی طرف سے جاری کردہ دستاویزات پر طغرٰی کے بجائے ایک اور علامت پنچہ درج ہوا کرتی تھی ۔ اسے دستاویز کے شروع میں نہیں بلکہ اس کے دائیں یا بائیں حاشیے پر یا طومار کے نچلے حصے میں ثبت کیا جاتا تھا ۔ بعض اوقات اسے اِمضاء اور غلطی سے طغرٰی بھی کہتے تھے (F. Kraelitz-Griefenhorst : *Studien zur osmanischen Urkundenlehre*، ج ۱: *Die Handfeste (Pençe) der osmanischen Wesire*، در *MOG*، ج ۲)۔ (۳) "عنوان" یعنی اس شخص کا لقب جس کی طرف سے مکتوب لکھا جا رہا ہو ۔ دستاویزات سلطانی میں القاب بالخصوص بہت لمبے چوڑے ہوتے تھے اور اس سلسلے میں رسوم و آداب کا بے حد لحاظ رکھا جاتا تھا اور اس کی عبارت حسب دستور "بن کہ" سے شروع ہوتی تھی (دیکھیے Orgun Zarif : *Tuğralarda el muzaffer da'ima duasi ve Sah unvani*، *Türk Tarih, arkeol. ve etnogr dergisi*، استانبول ۱۹۴۹ء)۔ (۴) پتا یا مکتوب الیہ کے القاب، جو اہم دستاویزات میں خصوصاً بہت طویل ہوا کرتے تھے اور ان کی عبارت کا آغاز "بن کی" یا "حالا" سے

marfat.com
Marfat.com

ہوتا تھا ۔ نام اور القاب کے علاوہ (جہاں تک مسیحی فرمانرواؤں کا تعلق ہے) بعض ایسی عبارتیں بھی لکھی جاتی تھیں جو عرصے سے مروج تھیں ، مثلاً "مسیح کے شاہان عالی کا نمونۂ کامل"، "امت مسیح[۳] کے عمائدین ذی شان کا نمونہ" وغیرہ۔ مکتوب الیہ کے نام کے بعد (۵) دعا آتی تھی، مثلاً ایک مختصر سی عبارت میں لکھنے والے کی نیک خواہشات کا اظہار ہوتا تھا جسے یورپی دستاویزات میں مندرجہ آداب و تسلیمات کا مترادف سمجھنا چاہیے ۔ اگر مکتوب الیہ مسلمان ہوتا تو اس عبارت میں دعائے خیر و برکت ہوتی اور اس کی حفاظت کے لیے اللہ تعالٰی سے التجا کی جاتی ۔ اگر خط کسی مسیحی کے نام ہوتا تو اس عبارت میں کنایۃً یہ توقع بھی ظاہر کی جاتی تھی کہ اس کا خاتمہ اسلام پر ہو ، مثلاً خُتِمَتْ عواقبہ بالخیر ، دیکھیے J. Ostrup: *Orientalske Hoflighedsformler*، کوپن ہیگن ۱۹۲۷ء، ص ۸۵ تا ۸۸ (جرمن ترجمہ *Orientalische Höflichkeit*، لائپزگ ۱۹۲۹ء) ۔ آداب و القاب کے ابتدائی حصے کا خاتمہ دعا پر ہوتا تھا ۔ اصل متن کی طرف گریز ایک مخصوص عبارت سے ہوتا تھا مثلاً "جب یہ تحریر آپ کے ہاتھ میں پہنچے تو واضح ہو کہ ۔ ۔ ۔" اس کے بعد (۶) نقل ابلاغ یا تصریح، یعنی خط یا دستاویز کا اصل متن لکھا جاتا تھا ، جس میں اس تحریر کے لکھے جانے کی وجوہ اور سابقہ عطیات اور مراسلات کا ذکر کیا جاتا ۔ بعض اوقات اس کا آغاز "ارنک"، یعنی معافی اور اعتذار سے ہوتا جس میں کبھی کبھی کوئی قرآنی آیت یا ضرب المثل بھی شامل کی جاتی ۔ غیر ملکی فرمانرواؤں کو بھیجی جانے والی دستاویزات میں بیانیہ حصے اور عبارت مابعد یعنی (۷) "فیصلے" میں کوئی تمیز نہیں کی جاتی تھی، جس کے ابتدائی الفاظ حُکم یا اَمر ہوتے تھے ۔ اس عبارت میں اپنے فیصلے یا ارادے کا اظہار کیا جاتا تھا، جس پر زور دینے کے لیے لفظ تاکید کا استعمال ہوتا تھا اور "شویلہ بیلہ بنر" جیسی عبارت کا اضافہ کر دیا جاتا تھا جس کے ساتھ (حکام اعلٰی سے متعلق) لعنت یعنی عدول حکمی کی صورت میں سزا کی دھمکی بھی درج کر دی جاتی تھی ۔ اس کے بعد ایک (۸) عبارت تصدیق آتی تھی ، جسے یورپی corroboratio کے مترادف قرار دیا جا سکتا ہے ، مثلاً "بتی تحقیق بِلُوب اعتماد قِلَہ بنر"۔ (۹) تاریخ، ایک عربی عبارت کی صورت میں درج کی جاتی تھی، مثلاً تحریراً فی ۔ اس کے بعد مہینے کا عشرہ، مہینے کا نام اور سال تحریر کیا جاتا تھا ۔ اعداد حروف میں بلا اعراب لکھے جاتے تھے ۔ عموماً مہینوں کے نام ان کے صفاتی لاحقوں کے ساتھ آتے تھے ، جیسے رمضان شریف ۔ دن کے نام کے بجائے بالعموم عشرۂ ماہ درج کیا جاتا تھا ۔ پہلے عشرے کو اوائل ، دوسرے کو اواسط اور تیسرے کو اواخر کہتے تھے ۔ مہینے کا پہلا دن غُرّہ ، آخری سَلْخ اور وسط ماہ مُنتصف کہلاتا تھا ۔ کسی مہینے کا نام لکھتے وقت اس کی اختصار شدہ صورت تحریر ہوتی تھی ۔ خط سیاقت میں لکھی جانے والی دستاویزات میں اسی اصول کی پابندی ہوتی تھی ۔ اختصار شدہ صورتوں سے سال کے رُبعوں کے نام بنائے جاتے تھے (پہلا ربع موشیر ، دوسرا رجج ، تیسرا رشن اور چوتھا لذ ہے)، دیکھیے J. H. Mordtmann، در *ISL*، ج ۹ ؛ Kraelitz و Greifenhorst ، در *ISL*، ج ۸ ؛ J. Mayr : *Islamische Zeitrechnungen*، در *MSOS*، ج ۳۰ ، ۱۹۲۰ء ؛ H. Šabanović: *Izrazi evail, ewasit i evahir u datama turskih spomenika*، در *Prilozi za Orijentalnu filologiju*، ج ۱ ، ۱۹۵۰ء ؛ (۱۰) مقام اشاعت یا مقام اعلان تاریخ کے بعد درج ہوتا ہے اور یہاں وہی علم عبارت "بمقام ۔ ۔ ۔ ۔" لکھی جاتی ہے ۔ پھر شہر کا نام (بعض اوقات ایک موزوں اسم صفت کے ساتھ) تحریر کیا جاتا ہے اور اکثر اس کی کیفیت بھی بیان ہوتی ہے ۔ اگر دستاویز سفر کے

Marfat.com
Marfat.com

دوران میں یا پڑاؤ پر لکھی گئی ہو تو کلمہ بیورت استعمال کیا جاتا ہے ۔ آخر میں (۱۱) مہر یا خاتم ثبت ہوتی ہے ، جس سے دستاویز کی تصدیق مقصود ہوتی ہے ۔ مہر چینی روشنائی سے نم‌دار کاغذ پر لگائی جاتی ہے جو مختلف سائزوں اور قطعوں کی ہوتی ہے ، گول، بیضوی ، مربع، کثیرالاضلاع وغیرہ اور اس پر کندہ عبارت، کاتب کے نام، مذہبی کلمات اور تزئینات پر مشتمل ہوتی ہے (دیکھیے اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی ، در بلتن ، ج ۴ ، ۱۹۴۰ء؛ نیز [رک بہ مہر] ۔ تحریر کے سامنے کے صفحے پر یا اس کی پشت پر اسے مستند اور مصدقہ قرار دینے کے لیے دیوان انشاء کے عہدیدار مختلف تصدیقی عبارات مثلاً صحہ (=صحیح) درج کرتے ہیں ۔ اکثر اوقات بعض اصطلاحات کی اختصار شدہ صورتیں بھی دیکھنے میں آتی ہیں ، مثلاً م بمعنی مرقوم اور لہ بجائے اللہ وغیرہ ۔

عام طور پر ترکی محافظ خانے کی دستاویزات مقامی زبان (ترکی) میں تحریر کی جاتی تھیں لیکن ایسی دستاویزیں بھی ملتی ہیں جو یونانی، قدیم سلافی (سریلی Cyrillic رسم الخط میں) اور ہنگروی میں ہیں اور ان پر اصلی طغریٰ یا پنچہ ثبت ہوتا ہے ۔ بعض جگہ ترکی متن کے ساتھ اطالوی، پولش وغیرہ میں ترجمہ بھی منسلک ہوتا ہے یا اس متن کو لاطینی، یونانی اور ارمنی حروف میں لکھ دیا جاتا ہے ۔ قازان خانیوں اور آلتون اردو کی دستاویزات، جو پندرھویں صدی عیسوی میں سلاطین کو ارسال کی گئی تھیں، اویغور زبان میں تحریر ہوتی تھیں ۔ ان میں وسط ایشیائی دستاویزات کی خصوصیات ملتی ہیں ۔

ترکیہ کی سیاسی حکمت عملی کے باعث زیادہ رسمی اور باضابطہ دستاویزات لکھنے کا اسلوب رائج ہوا ۔ ہر سطر کا بایاں سرا اوپر کی جانب گولائی کی صورت میں مڑ جاتا تھا جس سے خمدار سرے والی تلوار کی سی شکل بن جاتی تھی ۔ آرائش میں زیادہ باریکی پیدا کرنے کے لیے ہر سطر کا آخری حرف بیضوی صورت میں لکھا جاتا تھا (عموماً نون، راء یا تاء)۔ رسم الخط دیوانی استعمال کیا جاتا تھا جسے توقیع بھی کہتے ہیں اور اس کی مختلف صورتیں مستعمل تھیں [رک بہ خط]۔ بسا اوقات مناجات ثلث میں لکھی جاتی تھی اور باقی متن دیوانی حروف میں ۔ جن دستاویزات پر ادنیٰ درجے کے عہدیداروں کے دستخط ہوتے تھے وہ خط نسخی اور دیوانی میں لکھی جاتی تھیں (دیکھیے Mahmut Yazır : *Eski yazilari okuma anahtarı* ، استانبول ۱۹۴۲ء) ۔ مالیات سے متعلق دستاویزات حروف سیاقت میں لکھی جاتی تھیں، جن کا پڑھنا بہت مشکل ہے (دیکھیے L. Fekete : *Die Siyāqat-Schrift in der türkischen Finanzverwaltung* ، ج ۱ و ۲، بوداپست ۱۹۵۵ء؛ N. Popov : *Paleografski osobenosti na čislitelnite imena v pismoto siyakat* ، صوفیہ ۱۹۵۵ء) ۔

سرکاری دستاویزات بالعموم دائیں جانب خاصا چوڑا حاشیہ (کنار) چھوڑ کر لکھی جاتی تھیں اس پر ملاحظات حواشی (درکنار)، یعنی وہ اہم نکات لکھے جاتے تھے جن پر جواب کا متن مبنی ہوتا تھا ۔

لکھنے کے لیے بالعموم سیاہ چینی روشنائی استعمال کی جاتی تھی بعض اوقات سیاہی سے لکھے ہوئے حروف پر سنہری ریت (آلتن ریگ یا رہ) بکھیر دی جاتی تھی۔

دستاویزات کے لیے آبی نشان والا مومی کاغذ استعمال ہوتا تھا جو اکثر اطالیہ سے درآمد کیا جاتا تھا (دیکھیے F. Babinger ، در *OM*، ج ۱۱، ۱۹۳۱ء) ۔ کاغذ کے اوراق لمبوترے، مستطیل شکل کے، تقریباً ۵۰ سینٹی میٹر لمبے اور ۲۰ سینٹی میٹر چوڑے ہوتے تھے ۔ سلطانی مراسلات اور بین الاقوامی معاہدے بعض اوقات کئی کئی میٹر لمبے ہوتے تھے ۔ عام طور پر دستاویزات کو چوڑائی کی طرف سے چنٹ ڈال کر تہہ کیا جاتا تھا ۔ چنانچہ جب اس کی تہہ کھولی جاتی تو رسمی آداب و القاب والا افتتاحی حصہ سب سے پہلے نظر کے سامنے

marfat.com
Marfat.com

آتا ۔ زیادہ لمبی دستاویزات طومار کی صورت میں لپیٹی جاتیں ۔ ہر ایک دستاویز ریشمی غلاف (کِیْسَہ) میں رکھی جاتی جسے اوپر سے کس کر باندھ دیا جاتا ۔ کاغذ کی ایک پرچی باہر کی طرف نکلی ہوئی ہوتی، جس پر پتا یا "قَلَق" تحریر ہوتا ۔

نقول (صُورت) تیار ہونے کے بعد فائلوں (مُنْشآت) میں سی کر یکجا کر دی جاتی تھیں ۔ ان پر صرف متن تحریر ہوتا تھا اور کسی قسم کے حواشی، آراء، طغرا یا ٹکٹ ثبت نہیں ہوتے تھے ۔ عام طور پر دائیں حاشیے پر متن کی ابتدائی سطور کے بالکل قریب اس مطلب کی ایک قانونی عبارت (بالعموم) عربی میں تحریر ہوتی تھی کہ نقل اصل کے عین مطابق ہے؛ اسے اِمضاء یا توقیع قاضی کہا جاتا تھا (دیکھیے F. Kraelitz-Greifenhorst : *Legalisierungsformeln in Abschriften osmanischer kaiserlicher Erlässe und Handschreiben*، در *MOG*، ج ۲، ۱۹۲۶ء)۔ یہ بتانے کے لیے کہ یہ محض نقل ہے اور اصل نہیں، یزیلیجک، گوندریلہ جق، ارسال اولونن جیسے کلمات استعمال ہوتے تھے ۔ دستاویزات کے رجسٹر رکھے جاتے تھے جن میں نقول یا خلاصوں کی قسم کے جو اندراجات ہوتے، انھیں دفتر یا سِجِلّ کہتے تھے ۔

ترکی سرکاری و سیاسی دستاویزات کے اسلوب اور اصطلاحی زبان کا ارتقاء سترھویں صدی عیسوی تک جاری رہا تا آنکہ ان کی صورت متعین ہو کر ان میں یکسانی پیدا ہوگئی ۔ انیسویں صدی عیسوی کی تحریر بالکل مطبوعہ نظر آتی ہے ۔ ترکی دستاویزات کے اسلوب و زبان کا اثر کسی حد تک کریمیا کے مغول کے مختلف رسم و رواج پر پڑا ۔ اسی طرح ایران میں دستاویز نویسی بھی اس سے متأثر ہوئی ۔ ایرانی بادشاہ کے رئیس دیوان الانشاء کے دفتر سے مرسلہ متعدد مکتوبات ترکی میں لکھے گئے تھے (دیکھیے L. Fekete، در تورکیات مجموعہ سی، ج ۵، ۱۹۳۶ء) .

دستاویزات کی نقول اور وصول شدہ مراسلات مخصوص دفاتر میں محفوظ رکھے جاتے تھے ۔ انھیں دفاتر نے آگے چل کر محافظ خانوں کی صورت اختیار کر لی (رک بہ باش وکالت ارشوی و F. Bajraktarević : *Ciavni Carigradski arhivi i ispisi iz niega* در *Prilozi za orijentalnu filologiju i istoriju jugosl naroda*، ج ۶ و ۷، سراجیوو ۱۹۵۸ء) .

متعدد ترکی دستاویزات ان ممالک میں محفوظ ہیں جو کسی زمانے میں سلطنت ترکیہ کا حصہ تھے، مثلاً مصر (دیکھیے J. Deny : *Sommaire des Archives turques du caire*، قاہرہ ۱۹۳۰ء)، تونس (دیکھیے R. Mantran، در *Les Cahiers de Tunisie*، ۱۹۵۷ء، ص ۳۴۱ ببعد)؛ بلغاریہ (دیکھیے V. Todorov - Hindalov، در *Godischnik na Narodna Biblioteka*، صوفیہ ۱۹۲۳ء؛ P. Mutafčiev، در *Mitteilungen des deutsch. wissenschaft. Instituts in Sofia*، صوفیہ ۱۹۴۳ء؛ P. Miyatev، در *Levéltáari Közlemények*، ۱۹۳۶ء؛ B. Nedkov در *Istoričaki Pregled*، ۱۰/۲، ۱۹۵۴ء)؛ یوگوسلاویہ، دیکھیے F. Giese، در *Festschrift Jacob* : G. Elezoič *Turski izvori za istoriju Jugoslavena*، بلغراد ۱۹۳۲ء؛ H. Šabanović : *Turski diplomatički izvori*، در *Prilozi za orijentolnu filologiju*، ج ۱، سراجیوو ۱۹۵۰ء؛ R. Muderizović : *Turski dokumenti v dubrovackom archivu* در *Glasnik Zem. Muz*، سراجیوو ۱۹۳۸ء، ج ۵؛ رومانیہ (دیکھیے M. Guboglu : *Documentele turçesti din arhivele Statului*، بخارسٹ ۱۹۵۷ء)۔ یونان میں یہ دستاویزات نسبۃً کم تعداد میں ہیں (دیکھیے E. Rossi، در *OM*، ج ۲۱، ۱۹۴۱ء)۔ ان دستاویزات کی بہت بڑی تعداد سفارتی ذرائع سے مال غنیمت کے طور پر یا تجارتی تعلقات کے ذریعے غیر ملکی مجموعوں میں پہنچی ہے، خاص طور پر ان ممالک کے ذخیرے بہت باثروت ہیں

Marfat.com

جن کے ترکی کے ساتھ بہت قریبی سیاسی یا کسی اور طرح کے روابط رہے ہیں، مثلاً آسٹریا (دیکھیے F. Zsinka، در KCA، ج ۱)؛ جرمنی (برلن اور ڈرسڈن کے مجموعوں کے بارے میں دیکھیے L. Fekete، در *Levéltári Közlémenyek*، ۱۹۲۸ - ۱۹۲۹)؛ ہنگری و پولینڈ (دیکھیے E. Zawaliński، در RO، ج ۱۳، ۱۹۳۸ء اور Z. Abrahamowicz: *Przeglad Orient*، ۱۹۵۴ء، ص ۲)؛ اٹلی (دیکھیے A. Bombaci، در RSO، ج ۱۸، ۱۹۳۹ء و L. Fekete: ج ۲۳، ۱۹۳۹ء، در *Levéltári Közlémenyek*، ۱۹۲۶ء)؛ اور سوویٹ یونین ۔ متعدد دستاویزات مندرجۂ ذیل ممالک میں بھی ملتی تھیں: (دیکھیے K. V. Zetterstéen: *Türkische, tatarische und persische Urkunden im schwedischen Reichsarachiv*، اپسلا ۱۹۴۵ء)؛ ڈنمارک (دیکھیے H. Duda: *Mitteil. d. Instit. f. Oesterreich. Geschichtsforschung*، ج ۵۸، ۱۹۵۰ء)؛ برطانیہ (دیکھیے P. Wittek: *The Turkish documentsts in Hakluyt's 'Voyages'*، در *Bull. of Inst. of Hist. Research*، ج ۱۹، ۱۹۴۲ء اور A.N. Kurat: *Türkiye Ingiliz devlet arşivinde . . . tarihine ait bazı malzemeye ait*، در *AÜDTCFD*، ۱۹۴۹ء)؛ اور چیکوسلوویکیہ وغیرہ (دیکھیے مآخذ از J. Reychman و A. Zajaczkowski: *Zarys dyplomatyki osmańsko-tureckiej*، وارسا ۱۹۵۵ء، انگریزی ایڈیشن زیر طبع) ۔ کئی مجموعوں کی صنف بندی ہونا باقی ہے ۔ آج کل چند ایک کی فہرست تیار کی جا رہی ہے ۔

مطبوعہ ترکی دستاویزات کے مکمل‌ترین اور جامع‌ترین مآخذ کے لیے دیکھیے A. Zajaczkowski و J. Reychman: (انگریزی ایڈیشن)؛ L. Fekete نے ترکی دستاویزات کی پہلی کتاب نصاب: *Bevezetés a hodoltság török diplomatikájába*، بوڈاپسٹ ۱۹۲۶ء، شائع کی، اس میں ایک "تعارف" اور اس کے بعد دستاویزات کی عکسی تصاویر کا ایک سلسلہ شامل ہے ۔ "تعارف" میں تاریخ دستاویز نویسی کے اس مخصوص میدان میں تحقیقات کی ترقی سے متعلق بڑی قیمتی معلومات شامل ہیں ۔

۱۹۵۵ء میں ایک کتاب نصاب A. Zajaczkowski و Jan Reychman نے وارسا سے شائع کی: *An outline history of Ottoman Turkish Diplomatic (Zarys dyplomatyki osmańsko-tureckiej)* ۔ اس کتاب کا ایک انگریزی ترجمہ بعنوان *A manual ot Ottoman Turkish Diplomatics*، جس میں خاصے اضافے بھی کیے گئے تھے ۔ ۱۹۵۸ء میں ایک رومانوی عالم M. Guboglu نے ایک نئی کتاب شائع کی: *Paleografia, și diplomatica turco-osmană*، بخارسٹ ۱۹۵۹ء، جس میں "چربوں" کے علاوہ رومانوی محافظ خانوں سے حاصل کردہ دو سو تین ترکی دستاویزات شامل ہیں ۔ اس کتاب میں مصنف نے ترکی دستاویز نویسی اور دستاویزات کے موضوع پر نئی اور مفید معلومات درج کی ہیں ۔

**مآخذ:** مذکورۂ بالا تصنیفات کے علاوہ دیکھیے (۱) F. Babinger: *Das Archiv des Bosniaken Osman Pascha*، برلن ۱۹۳۱ء؛ (۲) L. Fekete: *L'Édition des chartes turques et ses problèmes*، در *Körösi Csoma, Arch.*، ج ۱، ۱۹۳۹ء؛ (۳) G. Jacob: *Türkisches Hilfsbuch*، ج ۱، برلن ۱۹۱۷ء؛ (۴) H. Scheel: *Die Schreiben der türkischen Sultane an die preuss. Könige*، برلن ۱۹۳۰ء؛ (۵) *Tarih Vesikaları*، انقرہ ۱۹۴۱ء تا ۱۹۵۸ء؛ (۶) P. Wittek: *Zu einigen frühosmanischen Urkunden*، ج ۱ تا ۴: در *WZKM*، ج ۵۳ تا ۵۶ (۱۹۵۷ء تا ۱۹۶۰ء)؛ (۷) L. Fekete: *A török oklevelek nyelvezete és formáséртéke*، در *Levéltári Közlemények*، ج ۳، ۱۹۲۵ء؛ نیز رک بہ باش وکالت آرشیوی، برات، یلق، بیورلدی، دفتر، دارالمحفوظات العمومیہ، خط، مہر، سجل، طغرا، وثیقہ.

(A. Zajaczkowski و J. Reychman)

marfat.com

Marfat.com

* دَسْتَجِرد، (ف)، دستگرد کی معرّب شکل ہے ۔ ساسانی مملکت کی کئی بستیوں کا نام تھا، رک بہ دَسْکَرَہ ۔

⊗ دُسْتُور : رک بہ قانون اساسی ۔

⊗ الدَّسْتُور : رک بہ دفتر ۔

* دَسْکَرَہ : عراق کے حسب ذیل چار مقامات کا نام : (۱) بغداد کے شمال مشرق میں دیالی ندّی پر ایک شہر؛ (۲) بغداد کے مغرب میں ضلع نہرالملک کا ایک گاؤں؛ (۳) بغداد کے جنوب میں جبل (Djabbul) کے قریب ایک گاؤں؛ (۴) خوزستان کا ایک گاؤں (دیکھیے یاقوت، ۲ : ۵۷۵؛ مراصد، ۱ : ۴۰۲؛ دیکھیے المقدسی : ۲۶)۔ دسکرہ پہلوی کے لفظ دست کرتہ (dastakarta) سے معرب ہے ۔ فارسی جدید میں اسے دَسْتَجِرْد [رک باں] کہتے ہیں ۔ اس کے معنی ہیں مقام، گاؤں، شہر یا صرف مسطّح میدان (دیکھیے Herzfeld : *Geschichte der Stadt Samarra*، ہیمبرگ ۱۹۴۸ء، ص ۴۴؛ J. Markwart : *A catalogue of the provincial Capital of Eranshahr*، روم ۱۹۳۱ء، ص ۵۹؛ الجوالیقی : المعرب، ص ۶۷؛ A. Geiger، در *WZKM*، جلد ۴۲، ۱۹۳۵ء، ص ۱۲۴؛ ادّی شیر : الالفاظ الفارسیّہ المعربہ، ص ۶۴؛ Vullers : *Lexicon Persico-Lat.*، ۱ : ۸۷۱ تا ۸۷۲، ۸۷۸ (بذیل مادّہہاے دسکرۃ، دستکار، دست کرتہ؛ Fleischer در Levy : *Chaldaeisches Wörterb.*، ۲ : ۵۷۷ contra) ۲ : ۴۳۰ و؛ Perles : *Etymol. Studien*، ص ۸۳؛ H. Hübschmann : *Armenische Grammatik*، ۱۸۹۷ء، ص ۱۳۵؛ یاقوت، ۲ : ۵۷۵) ۔

سب سے زیادہ معروف دسکرہ (۱) ہے جو بغداد کے مشرق میں ڈاک کی سڑک پر بغداد سے ۱۶ فرسنگ (تقریباً ۸۸ کیلومیٹر) کے فاصلے پر (ابن خُرّداذبہ، ص ۱۸-۱۹) ٹھیک ۳۴ درجے عرض بلد شمالی کے پر واقع ہے ۔ یہ شہر ساسانی دَسْتَجِرْد [رک باں] کا معمولی سا قائم مقام ہے؛ یہ غالبًا پہلے صرف کاروانوں کی ایک منزل تھا، پھر ترقی کرکے ایک اہم قصبہ بن گیا ۔ اس کا تعلق ہرمزد اول (۲۷۲ تا ۲۷۳ء) سے بھی رہا، جس نے غالبًا اس کی دوبارہ تعمیر کی (دیکھیے یاقوت : ۵، ۵۷۵ اور حمزۃ الاصفہانی) ۔ خسرو پرویز سے بھی (۵۹۰ تا ۶۰۸ء) اسے نسبت ہے جس نے اسے اپنی مستقل قیام گاہ بنایا ۔ اسی وجہ سے اس کا نام دسکرۃ الملک (=بادشاہ کا دسکرہ) ہو گیا تھا (Herzfeld : سامرّا، ص ۴۴؛ ابن‌الاثیر : الکامل، ۱ : ۳۴۸، ۳۶۳) ۔ ۶۲۸ء میں ہرقل (Heraclius) نے اسے تباہ کر کے کھنڈر بنا دیا ۔ اس کے چند سال بعد عربوں کی فتوحات شروع ہوگئیں ۔

اسلامی عہد میں دسکرۃ (یا دسکرۃ الملک) ایک زرعی ضلع (=طُسّوج) "آستان شاذ قباذ" کا صدر مقام اور **خراسان کی سڑک پر کاروانوں کی** خاصی اہم منزل **تھا (ابن خُرّداذبہ، ص ۱۳، ۴۱؛** الیعقوبی: البلدان، ص ۲۷۰) **۔ اسلام کی ابتدائی تاریخ میں** دسکرہ خارجیوں کا ایک مستحکم مرکز بن گیا (ابن الاثیر : الکامل، ۳ : ۲۹۰، ۳۱۳؛ الطبری، ۱ : ۳۳۱۰، ۳۳۸۸؛ ۲ : ۸۹۰، ۸۹۶؛ تیسری صدی ہجری/نویں عیسوی تک اس شہر سے خارجیوں کا تعلق رہا، کتاب مذکور، ۳ : ۱۶۸۹ تا ۱۶۹۰، ۲۱۰۸) ۔

دسکرہ نے ایک گاؤں یا چھوٹے قصبے کی حالت سے رفتہ رفتہ ترقی کی اور تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی میں ایک خاصا متمول اور خوشحال مقام ہوگیا تھا (دیکھیے قُدامہ : الخراج، ص ۲۳۸ جہاں دسکرہ کے طسّوج (ضلع) کے مالی محاصل کا بیان ہے)۔ ابن رُستہ نے دسکرہ کو ایک بڑا شہر قرار دیا ہے (ص۱۶۳)۔ الاصطخری (۳۱۸تا۳۲۱ھ/۹۳۰ تا ۹۳۳ء) اور ابن حوقل (تقریباً ۳۶۷ھ/۹۷۷ء) اس کو بارونق

شہر بیان کرتے ہیں جس کے اردگرد کھجوروں کے جھنڈ کے جھنڈ اور بہ کثرت مزروعہ اراضی ہے۔ وہ یہاں کی گڑھی کا بھی ذکر کرتے ہیں جسے غالباً عربوں نے بنایا تھا (الاصطخری، ص۸۷؛ ابن حوقل، ۱ : ۲۴۶)، لیکن المقدسی (۳۷۵ھ / ۹۸۵ء) نے اسے ایک چھوٹا سا قصبہ پایا تھا جس میں ایک لمبا بازار تھا (ص ۱۲۱، قب ص ۵۳) ۔ ساتویں صدی ھجری/تیرھویں صدی عیسوی میں دسکرہ کی رونق کم ہوگئی ۔ یاقوت مراصد، کی پیروی کرتے ہوے اسے محض ایک چھوٹا سا گاؤں لکھتا ہے (یاقوت، ۲ : ۵۷۵ ؛ دیکھیے ۳ : ۲۲۷ ؛ مراصد، ۱ : ۴۰۲) ۔ یہ معلوم نہیں کہ دسکرہ کب اجڑا ۔

عرب جغرافیادان قدیم دستجرد کے کھنڈر دیکھ کر متأثر ہوتے تھے ۔ یعقوبی (البلدان، ص ۲۷۰) یہاں کے قدیم شاہان ایران کی قابل دید عمارتوں کا ذکر کرتا ہے اور ابن رستہ (ص۱۶۴) ایک ساسانی محل کا، جس کے گرد بلند و بالا دیوار تھی ۔

'دستجرد ۔ دسکرہ' کے کھنڈر آج کل شہربان کے جنوب میں تقریباً ۹ میل کے فاصلے پر دیالی کی بائیں جانب دکھائی دیتے ہیں (Herzfeld نے ۱۹۰۵ء میں ان کا ذکر کیا تھا)۔ مسلم عہد کے دسکرہ کے کھنڈر اِسکِی بغداد کہلاتے ہیں ۔ یہ تقریباً نصف میل مربّع کا رقبہ گھیرے ہو ہیں جن کے گرد مدوّر برجوں والی فصیل بنی ہوئی ہے ۔

**مآخذ:** علاوہ ان مآخذ کے جو متن مقالہ میں بیان کیے گئے دیکھیے (۱) یاقوت: المشترک، طبع وسٹنفلٹ Wüstenfeld، ص ۱۷۹؛ (۲) ابن دُلف : الرسالة الثانية، طبع و ترجمہ از V. Minorsky، قاہرہ ۱۹۵۵ء؛ (۳) Le Strange، ص ۶۲، نیز ۸۰، ۴۸؛ (۴) Ritter : *Erdkunde*، ۹ : ۴۴۵، ۵۰۰ تا ۵۱۰ ۔

(A. A. Duri)

* **الدُّسُوقی** : (=الدّسوقی) ، برہان الدین ابراہیم بن ابی المجد عبدالعزیز [بن قریش بن محمد] معروف بہ ابو العَینَین ، بانی سلسلۂ دسوقیّہ جسے برہانیّہ یا بُرھامیّہ بھی کہتے ہیں اور جس کے پیرو عموماً براھمہ کہلاتے ہیں ۔ اغلب یہ ہے کہ ان کی ولادت قریۂ مرقُس میں جو زیریں مصر کے ضلع غربیہ میں ہے، ۶۳۳ھ/۱۲۲۵ء میں ہوئی، جیسا کہ الشعرانی نے لواقح میں کہا ہے (مگر المقریزی : کتاب السلوک میں سال پیدائش ۶۴۴ھ/۱۲۴۶ء دیا گیا ہے اور حسن بن علی شامّہ ، جس نے الدسوقی کی حزب کی شرح لکھی ہے، ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء بتاتا ہے) ۔ الدسوقی نے اپنی عمر کا زیادہ حصہ اپنے قریب کے ایک گاؤں دسُوق کے گرد و نواح میں گزارا ، اور وہیں ۴۳ سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی اور وہیں دفن ہوے۔ ان کے والد (جو مرقس میں مدفون ہیں) ایک مشہور مقامی ولی تھے اور ان کے نانا ابوالفتح الواسطی ضلع غربیہ میں رفاعی فرقے کے سربرآوردہ خلیفہ اور امام تھے (الشعرانی : واقح، ۱ : ۱۷۶) ۔ بہ ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ واسطی نے اپنے ایک شاگرد محمد بن ہارون کے ساتھ (وہی کتاب، ج ۲ : ۳) جو ممکن ہے کہ ابراہیم کے والد کا مد مقابل ہو، مل کر، پہلے پہل اس افسانے کی ابتدا کی کہ ابراہیم مادرزاد ولی ہے کیونکہ اس نے پیدا ہوتے ہی رمضان کے شروع ہونے کی شہادت دی اس طرح کہ شعبان کے آخری دن پیدا ہوا اور دوسرے دن ماں کا دودھ نہیں پیا ۔ فقہ شافعی کا مختصر مطالعہ کرنے کے بعد ابراہیم صوفی بن گئے ۔ انہوں نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی اور ان کی وفات کے بعد ان کے جانشین ان کے بھائی شیخ موسیٰ ہوے ۔

ان کی تصانیف یہ ہیں: الجواھر (جس کے طویل اقتباسات الشعرانی کی لواقح میں دیے گئے ہیں) جو زیادہ‌تر مبتدیوں کے لیے ہدایات اور عملی احکام کا مجموعہ ہے ؛ الجوھرة میں ان کی کرامات کا بیان ہے ؛ اور الحقائق میں وہ مناجاتیں درج ہیں جو

marfat.com
Marfat.com

انهوں نے اللہ سے کیں ۔ ابراهیم چند قصیدوں کے مصنف بهی هیں جن میں سے دو لواقح میں نقل کیے گئے هیں (نیز دیکھیں دارالکتب، قاهره، فهرست تصوف، عدد ۳۱۹ مجامیع) اور انهوں نے ایک صلوٰۃ اور ایک حزب بهی لکھی هے ۔ ان کی سب سے بڑی کتاب الجواهر هے جس میں حقیقت اور شریعت کے درمیان محکم دلائل سے تطبیق دی گئی هے ۔ (ان کا کہنا هے کہ) صرف غلبۂ حال کے وقت شریعت کی پیروی ساقط هو جاتی هے ۔ صفاے باطن کتاب کا اصل موضوع هے ۔ شریعت کی پیروی فقط زبانی اقرار نہیں هے ۔ اسی طرح تصوف ظاهری لباس اور زاویه نشینی کا نام نہیں هے ۔ یہاں باطنی کام ("عمل جوّانی") کو دیکھا جاتا هے، کیونکہ انسان کا اصلی خلوت کدہ اس کا دل هے، ولی کو اللہ کے ساتھ گہرا تعلق هوتا هے، وہ اللہ کے ساتھ "متّصل" هے، اس کے لیے لازم هے کہ اللہ کی کامل اطاعت بجا لائے۔ صوفی کے لیے حقیقی راستہ محبت، تسلیم (=ولی کا خدا پر کامل اعتماد) اور "ذَبْح النفس" (=نفس کشی) کا هے ۔ جوهره میں جو کرامات گنوائی گئی هیں، اگرچه مبالغه آمیز هیں، لیکن اس زمانے کے لحاظ سے وہ کوئی غیر معمولی باتیں نہیں ۔ حقائق میں ابراهیم کی ایک پر اثر دعا درج هے جو انهوں نے اللہ سے کی: وہ یه کہ "یا اللہ میرا جسم اتنا بڑا کر دے کہ سارا جهنم اس میں بهر جائے تاکہ باقی تمام انسان اس سے بچ جائیں"۔ یه واضح هے کہ ابراهیم نے کسی اور صوفی سے "بیعت" نہیں کی ۔ جوهرة میں وہ بیان کرتے هیں که سات سال کی عمر هی میں وہ باستثناے شیخ عبدالقادر (جیلانی)، باقی تمام اولیا سے رتبے میں بڑھ گئے تهے، (اس سے انهوں نے اس بات کی توثیق کر دی کہ وہ رفاعی اور بدوی کی پیروی سے آزاد هیں)، مگر آگے چل کر وہ بیان کرتے هیں که ایک آسمانی تقریب میں اللہ نے انهیں حکم دیا کہ وہ تمام اولیا کو "خِرْقه" عطا کرے اور فرمایا که "اے ابراهیم تو ان سب کے اوپر "نقیب" هے ۔ اس تقریب میں وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیه و سلّم کے پهلو میں تهے اور شیخ عبدالقادر ان کے پیچھے اور الرفاعی شیخ عبدالقادر کے پیچھے تهے ۔

المقریزی نے ابراهیم کا بہت هی مختصر ذکر کیا هے (کتاب السلوک، ج ۱ : ۷۳۹) اور ابن ایاس (۲ : ۲۲۸) ایک شخص خیرالدین ابوالکرم (م ۸۹۰ھ/۱۴۸۵ء) پر، جو خلفاے دسوقیه میں سے هیں، راے زنی کرتے هوے فقط اتنا کہتا هے که "لابأس به" (اس میں کوئی بات قابل اعتراض نہیں) ۔ قایتبای ابراهیم کی بہت تعظیم و تکریم کیا کرتا تها، کیونکہ وہ ۸۸۴ھ/۱۴۷۹ء میں ان کی خانقاہ کی زیارت کے لیے گیا (وهی کتاب، ۲ : ۱۸۹) ۔ اور اس عمارت کی توسیع کی (مبارک : الخطط، ۱۱ : ۷)۔ الشعرانی نے لواقح ۱ : ۱۴۳ تا ۱۵۸) میں ابراهیم کے لیے اتنی زیادہ جگه وقف کی هے که اور کسی بزرگ کو اتنی جگه نہیں دی (اس میں زیادہ‌تر الجواهر کے اقتباسات هیں) اور ممکن هے که الدسوق کے نام کی دوبارہ شهرت یہیں سے شروع هوئی هو۔ ۱۱۶۸ھ/۱۷۵۴ء میں حسن بن علی شمّه نے ابراهیم کے حزب کی سب سے پهلی شرح لکھی اور اس کا نام مسرّة العینین بشرح حزب ابی العینین رکھا (قاهره، فهرست تصوف، ۱۸۴ مجامیع اور سرکیس، ۷۶۲)۔علی بن احمد الصیرفی نے کشف الغمّة مختصر الشیخ حسن شمّة کے نام سے اس کی تلخیص کی (وهی کتاب، عدد ۲۰۹۷)۔ اس حزب کی ایک اور شرح محمد البَنہی کی هے (وهی کتاب، ۲۵۹۴) اور ایک غیر معروف شخص عبدالحی نے ۱۲۷۱ھ/۱۸۶۲ء میں الدسوق کی کتاب الصلوٰة کی شرح لکھی تهی (وهی کتاب،۲۵۹۳)۔ معلوم ایسا هوتا هے که ابراهیم کی شهرت بڑی حد تک اس کی حزب پر مبنی هے جو مرادیں بر لانے، جنّات کے بهگانے اور عموماً شفا بخشی اور حفظ و امان

Marfat.com

کی تاثیر رکھنے میں مشہور ہے - البہی نے لکھا ہے کہ اٹھارھویں صدی عیسوی کے مشہور مصری بزرگ محمد الحفنی اس حزب کا ورد رکھتے تھے، جو عام طور پر صبح اور مغرب کی نمازوں کے بعد پڑھی جاتی تھی - الجبرتی (۴ : ۱۷۶) نے لکھا ہے کہ "برھانیہ، رفاعیہ، قادریہ اور احمدیہ چاروں کے چاروں "اصحاب العَشائر" (عرس والے) ھیں - ان سلسلوں کے چاروں بانی اکثر چار "اَقْیان" کے لقب سے یاد کیے جاتے ھیں - الدسوق کے مولد کی مکمل کیفیت علی مبارک (الخطط، ۱۱ : ۷) نے لکھی ہے - قبطی مہینوں برمودہ، توبہ اور مسرا میں علی الترتیب تین عرس منائے جاتے تھے - ان میں سے دوسرا اور تیسرا آٹھ آٹھ دن تک منایا جاتا لیکن تیسرا "مولد الکبیر" ھوتا تھا - خدیو اسمعیل نے الدسوق کے مزار کی توسیع کی اور ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء میں اسمعیل کے فرزند ابراھیم پاشا نے اس کو نئے غلاف (= کِسْوَہ) سے آراستہ کیا - السنوسی اپنی کتاب سلسبیل المعین میں اس سلسلے کی جسے وہ برھانیہ کے نام سے موسوم کرتا ہے، خصوصیات گنواتا ہے جو حسب ذیل ھیں : الذکر الجہری، مجاھدات نفس کشی اور "یا دائم" کا ورد.

**مآخذ** : (۱) [متن میں مذکورہ کتب کے علاوہ] محمد البُلْقِیْنِی : طبقات الشیخ احمد الشرنوبی، قاہرہ ۱۲۸۰ھ؛ (۲) صالح بن مہدی : العَلَم الشامخ، قاہرہ ۱۳۲۸ھ، ص ۴۷۶؛ (۳) توفیق الطویل : التصوف فی مصر، قاہرہ ۱۹۴۶ء، بمواضع کثیرہ؛ (۴) A. Le Chatelier : *Lès Confréries musulmanes*، پیرس ۱۸۸۷ء، ص ۱۹۰؛ (۵) Lane : *Modern Egyptians*، ۱ : ۳۰۳ تا ۳۰۷.

(ولید خالدی)

* **الدَّسُوقی** : ابراھیم بن محمد بن عبدالرحمٰن، ایک مشہور صوفی، ۸۳۳ھ/ ۱۴۲۹ء میں پیدا ھوے اور شعبان ۹۱۹ھ / اکتوبر ۱۵۱۳ء میں دمشق میں وفات پائی، دعاؤں کے مجموعوں (وِرد، حزب) کے مصنف ھیں.

**مآخذ** : (۱) ابن العماد : شذرات، سال ۹۱۹؛ (۲) براکلمان، ۲ : ۱۵۳؛ تکملہ، ۲ : ۱۵۳.

(C. Brockelmann)

**الدسوقی** : السید ابراھیم بن ابراھیم (عبدالغفار)، * صوفی ابراھیم الدسوق [رک بہ الدسوق برھان الدین] (جدید) کے بھائی موسیٰ کی اولاد میں سے تھا - وہ ۱۲۲۶ھ/ ۱۸۱۱ء میں ایک مفلس گھرانے میں پیدا ھوا جو مالکی مسلک کا پیرو تھا - ابتدائی تعلیم اپنے وطن دسوق میں حاصل کر کے جامع الازھر کے نامور شیوخ کے حلقۂ درس میں شریک ھوا، جن میں مشہور شیخ محمد علیش مالکی (م ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۲ء) بھی تھے - اس کے بعد خود تھوڑے دن الازھر میں مدرس رھا، پھر ۱۲۴۸ھ/ ۱۸۳۲ء میں سرکاری ملازمت کے منسلک ھو گیا - چونکہ علم اللسان سے خوب واقف تھا اس لیے اُسے اعلٰی مدارس میں پڑھائی جانے والی درسی کتابوں کے مصحح کا عہدہ مل گیا اور پھر خدیو اسمعیل پاشا کے عہد میں بولاق کے سرکاری مطبع کا باش مصحح (یعنی صدر مصحح) مقرر کیا گیا - کچھ عرصے تک سرکاری جریدہ الوقائع المصریہ کا مدیر معاون بھی رھا - اس نے ۱۳۰۰ھ/ ۱۸۸۳ء میں وفات پائی - اس تالیف میں اس کے تذکرے کے استحقاق کا باعث یہ امر بھی ہے کہ جب لین E. W. Lane، قاہرہ میں دوبارہ جا کر فرسنل Fresnel کے ھاں مقیم ھوا تو فرسنل کی سفارش پر Lane کی مدّالقاموس (*Arabic English Lexicon*) کی تیاری اور اس کے لیے مواد جمع کرنے کے کام پر معتمد علیہ معاون کی حیثیت سے الدسوقی کو مقرر کیا گیا، اور اس نے کئی سال تک اس خدمت کو انجام دیا - چنانچہ لین نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں اس کی خدمات کا بڑے زور دار الفاظ میں اعتراف کیا ہے اور اس کی علمی لیاقت کی شہادت دی ہے - Lane کے انگلستان واپس چلے جانے کے بعد بھی الدسوقی عربی کتابوں سے اقتباسات بھیج بھیج کر اس کی مدد کرتا رھا (مقدمہ،

marfat.com
Marfat.com

۱ : xxii، xxiii) ۔ ھمارے پاس ایک تذکرہ موجود ہے جو الدسوق نے سابق مصری وزیر علی مبارک کی قاموسی تصنیف کے لیے سجع میں لکھا تھا ۔ اس تذکرے میں وہ لین کے ساتھ اپنی ملاقات، لین کی شخصیت، قاھرہ میں اس کے رھن سہن اور طرز زندگی، اور وھاں کے مسلمانوں سے میل ملاقات پر اپنے تأثرات بیان کرتا ہے (ان مسلمانوں میں شیخ احمد بھی شامل ھیں، جن کا نام *Manners and Customs of the Modern Egyptians* کے مقدمہ کی بدولت ھمیشہ زندہ رہے گا) ۔ پھر لین کی عربی محاورہ میں منفرد مہارت (گویا کہ وہ ایک عدنانی یا ایک قحطانی عرب تھا)، دونوں کامل کر ائمۂ عربی لغت کی تصانیف کا مطالعہ اور اس مواد سے لغات میں استفادہ کرنے کے طریقے، اور لین کی اپنے عرب مددگاروں پر شفقت کی۔ پوری تفصیل تحریر کی ہے ۔ الدسوق کا یہ مقالہ عربی زبان کے انگریز فاضل کے سوانح حیات کے لیے بڑی اھمیت رکھتا ہے .

**مآخذ :** (۱) علی مبارک : الخطط الجدیدة لمصر القاھرہ ومدنھا و بلادھا القدیمة و الشھیرة، بولاق ۱۳۰۵ھ، ۱۱ : ۹ تا ۱۳؛ (۲) S. Lane-Poole : *Life of E. W. Lane*، ص ۱۱۷، بعد؛ [(۳) جمال الدین الشیال : تاریخ الترجمة والحرکة الثقافیة فی عصر محمد علی، مصر ۱۹۵۱ء، ص ۱۸۲].

(I. Goldziher) ۔

* **دُشْمَنْزِیار :** رک بہ کاکُوْیہ (بنو) .

* **دُعا :** [ع، جمع: اَدْعِیَة]، [دَعَا یَدْعُو دُعَاءً و دَعْوٰی، لغوی معنی بلانا، پکارنا، منسوب کرنا، نام رکھنا جیسے دَعَوْتُ اِبْنِی زَیْدًا (=میں نے اپنے بیٹے کا نام زید رکھا)، عبادت کرنا اور مدد طلب کرنے کے معنوں میں بھی استعمال ھوتا ہے (دیکھیے لسان العرب، تاج العروس، اور المفردات، بذیل مادّہ) ۔ دعا کا اصطلاحی معنی اللہ تعالٰی سے استمداد و استغاثہ ہے، اپنے یا کسی کے حق میں (ل)، یا کسی کے خلاف (علٰی) ۔ اللہ تعالٰی سے دعا تین طرح سے ھوتی ہے : (۱) اس کی توحید بیان کرنا اور اس کی حمد و ثنا کرنا، جیسے کہ کہا جائے یا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، اور جیسے رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ؛ (۲) اللہ تعالٰی سے عفو و رحمت ایسی چیزیں طلب کرنا جن سے اس کا قرب حاصل ھو، جیسے اَللّٰھُمَّ اغْفِرلَنَا؛ (۳) دنیا کی بھلائی کی درخواست کرنا، جیسے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی مَالًا وَّ وَلَدًا (ابو اسحاق کا قول، در لسان العرب، بذیل مادّہ) ۔ تہلیل و تحمید کو بھی دعا کہا جاتا ہے کیونکہ یہ بھی اللہ تعالٰی سے جزا حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے، جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے : اذا شَغَلَ عَبْدِیْ ثَنَاؤُہٗ عَلَیَّ عَنْ مَسْئَلَتِی اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ ۔ دَعْوٰی بھی دعا کے معنی میں استعمال ھوتا ہے، جیسے وَ اٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (۱۰ [یونس] : ۱۰) .

[قرآن مجید میں لفظ دعا تقریبًا ان جملہ معانی میں (تسمیہ کے سوا) استعمال ھوا ہے : بلانا، پکارنا، جیسے لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَآءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا (۲۴ [النور] : ۶۳)؛ منسوب کرنا، جیسے اُدْعُوْھُمْ لِاٰبَآئِھِمْ ھُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰہِ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَھُمْ فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ وَ مَوَالِیْکُمْ (۳۳ [الاحزاب] : ۵). عبادت کرنا، جیسے اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ عِبَادٌ اَمْثَالُکُمْ فَادْعُوْھُمْ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لَکُمْ (۷ [الاعراف] : ۱۹۴)؛ استمداد و استغاثہ، جیسے وَادْعُوْا شُھَدَآءَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (۲ [البقرة] : ۲۳)؛ اللہ تعالٰی سے استمداد و استغاثہ، جیسے قَالُوْا یٰمُوْسَی ادْعُ لَنَا رَبَّکَ بِمَا عَھِدَ عِنْدَکَ (۷ [الاعراف] : ۱۳۴)] .

ایسی متعدد احادیث ھیں جن میں دعا کا ذکر پایا جاتا ہے [اور جن میں اس کی فضیلت و اھمیت کو واضح کیا گیا ہے] ۔ امام الغزالیؒ نے إحیاء علوم الدین (قاھرہ ۱۳۵۲ھ)، ۱ : ۳۷۳ تا ۳۷۸ میں اس قسم کی کئی احادیث کا ذکر کیا ہے [جیسے ابو ھریرہؓ

Marfat.com

سے روایت ہے : "لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ الدُّعَاءِ ؛ النعمان بن بشیر سے روایت ہے : اِنَّ الدُّعَاءَ ھُوَ الْعِبَادَۃُ؛ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ؛ سَلُوا اللّٰہَ تعالٰی مِنْ فَضْلِہٖ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُحِبُّ اَنْ یُّسْاَلَ وَ اَفْضَلُ الْعِبَادَۃِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ] ۔ [خود باری تعالٰی نے اپنے بندوں کو دعوت دی ہے کہ اس سے دعا کریں، جیسے اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (۷ [الاعراف] : ۵۵)، وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَہَنَّمَ دٰخِرِیْنَ (۴۰ [غافر] : ۶۰) اور وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ (۲ [البقرۃ] : ۱۸۶) ۔ لیکن قضاے حوائج کے لیے کسی غیر اللہ سے دعا نہیں کرنی چاہیے، فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰہِ اَحَدًا (۷۲ [الجن] : ۱۸)، بلکہ صرف اللہ تعالٰی ھی سے دعا کرنی چاہیے، کیونکہ سب سے بڑا گمراہ وھی ہے جو اللہ تعالٰی کو چھوڑ کر کسی سے استمداد کرے (۴۶ [الاحقاف] : ۵) ۔ البتہ کافروں کی دعا بے اثر اور بے سود رھتی ہے (۱۳ [الرّعد] : ۱۴؛ ۴۰ [المؤمن]: ۵۰) اور جن باطل معبودوں سے وہ دعا کرتے ھیں وہ ان کی دعا میں سے کچھ نہیں سن پاتے (۳۵ [فاطر] : ۱۴) ۔ ایک تنقیدی تجزیے میں دعا کے معانی میں صلوٰۃ، ذکر [رک بآں] حزب اور ورد کا ذکر بکثرت آتا ہے ۔ دل میں کی جانے والی عبادت کا مفہوم کسی حد تک ذکر اور فکر [کی اصطلاحات] سے ادا کیا جا سکتا ہے ۔ دعا میں ھمیشہ ایک باضابطہ استدعا کا تصور شامل ھوتا ہے، چاہے یہ دعاے خیر ھو یا دعاے بد۔ حالات کے مطابق دعا (خدا سے استدعا کرنا) کئی طرح کی ھو سکتی ہے ۔ بنابریں دعا کا ترجمہ ذاتی التجا کرنا بھی جائز ہے، (دیکھیے ابن تیمیہؒ: فتاوٰی، قاھرہ ۱۳۲۶ھ، ۱ : ۱۷۱؛ مترجمہ Laoust : *Essai sur les doctrines sociales et politiques de Takī-d-Dīn Aḥmad b. Taimīya*، قاھرہ ۱۹۳۹ء، ص ۳۲۸ تا ۳۲۹؛ جہاں ابن تیمیہؒ نے کہا ہے کہ تلاوت قرآن حکیم سے صلوٰۃ افضل ہے، اور تلاوت قرآن حکیم ذکر سے افضل ہے اور ذکر انفرادی دعا سے افضل ہے) مزید برآں یہ اجتماعی قدر و قیمت اور قومی پہلو کی بھی حاصل ھو سکتی ہے ۔ دعا کے لیے الفاظ کے انتخاب میں انسان آزاد ہے، لیکن اکثر و بیشتر وہ دعائیں پڑھی جاتی ھیں جو متون قرآن حکیم و حدیث میں موجود ھیں ۔ [علماے کرام نے قرآنی دعاؤں کو ادعیۃ القرآن ایسی کتابوں میں جمع کر دیا ہے اور مأثورہ دعاؤں کو الگ رسائل و کتب میں، مثلاً ابن السنی الدّینوری: عَمَلُ الْیَوْمِ وَ اللَّیْلَۃِ، حیدر آباد دکن ۱۳۱۵ھ؛ ابن تیمیہ : جوامع الکلم الطیب فی الادعیۃ والاذکار، ابن الجزری الدّمشقی : اَلْحِصْنُ الْحَصِیْنُ مِنْ کَلَامِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ، چاپ سنگی مصر ۱۲۷۷ھ، بولاق ۱۳۲۰ھ؛ مُلّا عَلی القاری : الحزبُ الاَعْظَم وَالوِرْدُ الْاَفْخَم لِانْتِسَابِہٖ وَ اِسْتِنَادِہٖ اِلَی الرَّسُوْلِ الاکرم، چاپ سنگی آستانہ ۱۲۶۲ھ، بولاق ۱۳۰۰ھ و ۱۳۰۷ھ، اور چاپ سنگی مکہ ۱۳۰۷ھ؛ السیوطی: عمل الیوم و اللیل؛ اردو تراجم کے ساتھ بھی مسنون دعاؤں کی کئی کتابیں موجود ھیں، مثلاً پیارے رسول کی پیاری دعائیں، مکتبہ سلفیہ لاھور اور مولانا اشرف علی تھانوی مناجات مقبول] .

جن رسائل میں دعا کی ہدایت و تلقین کی گئی ہے، اور خاص طور پر صوفیہ کے رسائل میں، ان میں دعا کے لیے لازمی شرائط اور اس کے ضوابط و آداب کا بیان ضروری سمجھا جاتا ہے ۔ ان شرائط و ضوابط کا مقصد یہ ہے کہ درگاہ الٰہی میں اجابت دعا کی زیادہ سے زیادہ ضمانت دلائی جائے، الباجوری : حاشیہ .... علی جوھرۃ التوحید، (قاھرہ ۱۳۵۳ھ/۱۹۳۴ء، ص ۹۰ تا ۹۱) میں شرائط دعا کا ذکر یوں آیا ہے : اکل (=رزق) حلال؛ اجابت دعا پر مکمل یقین رکھتے ہوئے دعا کرنا ؛ دوران دعا میں ذھنی یکسوئی ،

marfat.com
Marfat.com

کسی گناہ، خونی قرابت‌داروں کے مابین دشمنی یا کسی مسلمان کے مفاد کو نقصان پہنچانے کے لیے دعا نہ مانگنا، اور آخر میں یہ کہ کسی ناممکن کام کے لیے دعا نہ مانگنا، کیونکہ ایسا کرنا خدا کے حضور میں سوء ادب ہے .

(ب) دعا کے آداب : بہترین وقت کا انتخاب جو الباجوری کے نزدیک سجود، اقامت یا دوران اذان کا وقت ہے؛ دعا کی قبولیت کی شرائط میں سے ہے کہ باوضوہوکر دو رکعت ادا کرنے کے بعد اعتراف گناہ اور احساس ندامت کے ساتھ دعا کی جائے؛ قبلہ رخ ہونا، ہاتھ اٹھانا، دعا کے آغاز، وسط اور خاتمے پر خدا کی حمدوثنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلّم پر درود پڑھنا [آداب دعا میں شامل ہے].

بعض صورتوں میں جب دعا کا مقصد امّت کی عام فلاح و بہبود ہو تو یہ دعا ایک مسلّمہ مذہبی رسم کی شکل اختیار کر لیتی ہے - اس کی نمایاں ترین مثال صلٰوۃ [نماز] استسقاء (بارش کے لیے دعا) ہے؛ اس مقصد کے لیے دعا سے پہلے دو رکعت نماز [رکّ بہ صلٰوۃ] اور دو خطبے نیز چادر کو الٹنے کی رسمّ کا ادا کرنا ضروری ہے، میّت کے لیے دعا کے بھی متعدد آداب مقرّر ہیں [اور یہ بھی نماز (صلٰوۃ) کی شکل میں ہوتی ہے] .

دعا کو پر اثر بنانے کے لیے یہ شرائط اور آداب ملحوظ رکھے جاتے ہیں - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ الفاظ کی تاثیر بڑھانے کے لیے شرعی طہارت اور [ہاتھ اٹھانے کے ساتھ تضرع و الحاح] بھی ضروری ہے - یہ آخری نکتہ بحث طلب ہے؛ جن تصنیفات میں اکثر و بیشتر مواقع پر دعا کی تلقین کی گئی ہے ان میں وضو اور ہاتھ اٹھانے پر زور دیا جاتا ہے، اس کے لیے وہ اس حدیث کا سہارا لیتے ہیں کہ : "حضور نے دعا میں ہاتھ اٹھانے سے پہلے وضو کیا" (البخاری، مغازی، ۲ : ۵۵)، لیکن النسائیؒ اور احمد بن حنبلؒ (۲ : ۳۴۳) صرف صلٰوۃ (دعاے) استسقاء میں ہاتھ اٹھانے کے قائل ہیں .

اسلامی عبادات میں اس بات پر اصرار ہے کہ دعا کو خیر و بہبود بالخصوص امّت مسلمہ کی بہبود کے لیے نیز خود اپنی اور دوسروں کی روحانی بہبود کے لیے دعاے خیر کے طور پر ملحوظ رکھا جانا چاہیے - اہل السنۃ اور اہل تشیّع کی کتب عبادات میں اچھی اچھی دعاؤں کی کمی نہیں ہے، حنابلہ کی مقبول عام عبادات میں اکثر دعا کا ذکر ملتا ہے؛ مختلف فرقوں کی کتابوں میں بھی حزب و ورد کے کلمات میں دعا کی آمیزش نظر آتی ہے - اس صورت میں یہ ایک ذاتی استدعاے خیر یا استدعاے بد کی بہ نسبت ایک ایسی دعا بن جاتی ہے جس میں رحمت خداوندی پر بھروسا کیا گیا ہو- اس طرح اگر اسماے حُسنٰی کا ورد بالتکرار کیا جائے تو ذکر کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے یا پھر دعا کی صورت اختیار کر لیتا ہے کیونکہ ذات باری کا ہر نام اور ہر صفت دعا گو کی کسی ضرورت سے تعلق رکھتی ہے اور یوں اظہار مدّعا ہو جاتا ہے - اس سلسلے میں دیکھیے اس موضوع پر گزشتہ صدی میں محمد علی خان البخاری کی مخصوص کتاب منحۃ السّرلہ فی شرح الدّعا ((طبع حیدرآباد)، ۱۳۳۷ھ) - دعا خدا کے حضور میں ایک روحانی امنگ کے مترادف بن جاتی ہے .

(۲) فلسفہ اور علم کلام میں پیدا شدہ مسائل .

فلسفۂ یونان کے زیر اثر مسلم فلاسفہ اور متکّلمین نے اجابت دعا سے متعلق کئی مسائل پیدا کر دیے - ہر دبستانِ فکر اور ہر مصنف نے اپنے نظریات کے مطابق اس کے مختلف جوابات دیے ہیں - یہاں اس کی تین نمایاں مثالیں پیش کی جاتی ہیں (دوسرے مصنّفین کے علاوہ الباجوری نے علم کلام کے اصولوں کا ایک خلاصہ دیا ہے، دیکھیے حوالہ مذکورہ) :

(الف) معتزلہ دعا کی افادیت کے منکر ہیں،

Marfat.com

کیونکہ ان کے نزدیک دُعا سے ذات الٰہیہ کی کامل ماورائیت میں فرق آ جاتا ہے ۔ فی الحقیقت انسان خود اپنے افعال کا خالق ہے، لہٰذا اسے اپنی مہمات و حوائج میں تائید ایزدی طلب کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ افعال انسانی خود اپنے نتائج کے حامل ہوتے ھیں ۔ یوں جب اللہ تعالٰی نے قرآن حکیم میں اپنے بندوں کو اپنے حضور مستدعی ہونے کے لیے ارشاد فرمایا ہے تو دراصل اس سے مقصود ذات باری کی حمد و ثنا ہے اور جب بندوں سے ان کی دعائیں سننے کا وعدہ کرتا ہے تو یہ کسی نیک عمل کا اجرِ محض ہوتا ہے جس کی وہ انھیں ضمانت دیتا ہے ۔

(ب) دوسری طرف اشعریّہ کا علمِ کلام، جو مطلق اور آزاد ارادۂ الٰہی پر مرتکز ہے، دُعا کی قدر و قیمت کا قائل ہے ۔ [ان کے ھاں] نمازِ جنازہ کی حیثیت ایک دُعا کی ہے جس میں اللہ تعالٰی سے مغفرت کی التجا کی جاتی ہے، بشرطیکہ یہ اس کی رضا ہو ۔ مزید برآں اشاعرہ نے بد دُعا کا پہلو بھی فراموش نہیں کیا ہے ۔ جو اگر کسی جائز سبب کی بنا پر بد دُعا مانگی جائے تو ان لوگوں کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے جن کا بُرا چاھا جاتا ہے ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث مروی ہے کہ "مظلوم کی دعا قبول ہوتی ہے خواہ وہ کافر ھی کیوں نہ ہو" ۔ بعض اوقات دعا بعینہٖ اور فوری طور پر قبول ہو جاتی ہے؛ بعض اوقات قدرے تاخیر سے، جس کا سبب صرف اللہ ھی جانتا ہے، اور بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہم دُعا میں جس چیز کے طالب ہوتے ھیں اس کے بجائے اللہ تعالٰی ہمیں کچھ اور عطا کر دیتا ہے اور یہ بات ہمارے لیے زیادہ سودمند ہوتی ہے ۔

اشعریہ دُعا کو مسلّمہ طور پر "خیر" سمجھتے ھیں اور یہ اس بات کا بدیہی ثبوت ہے کہ ان کا اختیار بشری اور دوسرے ثانوی اسباب سے انکار، اور اس کی بنا پر رضائے الٰہی کے سامنے جو مکمل سرِ تسلیم خم کرنا پڑتا ہے اسے کسی طرح بھی عقیدۂ جبر قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ ضمناً یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ اشعری رسائل میں یہ مسئلہ بڑی وضاحت سے اٹھایا گیا ہے کہ دعائے مقبول اور قضائے الٰہی یا قدر میں کیسے موافقت پیدا کی جا سکتی ہے ۔

اس مسئلے کے جواب میں عموماً قضائے "مُبْرَم" اور قضائے "مُعلّق" (مشروط) میں خطِ امتیاز کھینچا جاتا ہے ۔ مؤخرالذکر صورت یہ ہے کہ اس امر کا فیصلہ کہ کوئی واقعہ ظہور پذیر ہو یا نہ ہو ذات باری تعالٰی کی طرف سے دُعا کے امر واقعہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے اور یوں دعا اپنی نوبت پر مشیّت الٰہی کے طے کردہ اسباب میں داخل ہو جاتی ہے ۔ قضائے مبرم کی صورت میں دُعا مشیت الٰہی میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کر سکتی ۔ اس شخص کو بہر حال تائیدِ الٰہی نصیب ہو گی جو دُعا کرے گا اور یہ دُعا بہر حال اپنا مطلوبہ مقصد حاصل کر کے رہےگی ۔ اور اجابت دُعا کے اسباب و حالات کو "قضائے مُعلّق" میں شامل کر لیا جائے گا ۔

(ج) فلاسفہ نے بالکل مختلف اصولوں کے تحت، لیکن اسی قسم کے اندازِ فکر کے ذریعے دعا کو منطقی طور پر اپنے عالمگیر عقیدۂ جبر میں شامل کر لیا ہے ۔ اس موضوع پر ابن سینا نے کئی موقعوں پر بحث کی ہے (مثلاً النّجاۃ، طبع بار دوم ۱۳۵۷ھ/۱۹۳۸ء، ص ۲۹۹ تا ۳۰۳؛ معنی الزیارۃ اور رسالۃ فی ماھیۃ الصلوٰۃ، طبع A.F. Mehren، لائڈن ۱۸۹۴ء) ۔ دعائے مستجاب دعا عالمِ ارضی کی ترتیب اور عالمِ سماوی کے اسباب کی موافقت کا نتیجہ ہوتی ہے ۔ جب ہم دعا کے ذریعے تائیدِ الٰہی کے طلب گار ہوتے ھیں تو (ہماری یہ دعا) قوانینِ کائنات کے مطابق کرہھائے سماوی کی خیالی صورتوں پر ایک مادی ھجوم کی طرح امڈ کر اس طرح ٹھوس اثرات مترتب کرتی ہے جس طرح انسانی تخیل اس کے اپنے جسم پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ مزید برآں

marfat.com
Marfat.com

انھیں کرہ سماوی نے انسانوں کی دعا کے بارے میں صلاح دی اور پھر یہ صلاح عالمگیر سلسلۂ اسباب و علل میں اپنی جگہ بنا لیتی ہے ۔ اس وقت یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ درحقیقت ان اسباب کے باہمی تعامل کا نتیجہ ہے کہ دعا قبول ہوتی ہے ۔ ابن سینا کے قول کے مطابق دعا ہی کرہ سماوی کے ساتھ انسان کا بلا واسطہ رابطہ استوار کرتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ دعائیں جو خاص طور پر بارش، اور ایسی ہی دوسری باتوں کے لیے مانگی جائیں بڑی افادیت کی حامل ہوتی ہیں (النجاۃ، ص ۳۰۱؛ دیکھیے L. Gardet : *La pensée religieuse d' Avicenne*، پیرس ۱۹۵۱ء، ص ۱۳۵ تا ۱۳۷) .

دعا کا عقلی جواز پیش کرنے کی جو متعدد کوششیں کی گئیں وہ اس امر کی شہادت دیتی ہیں کہ مسلمانوں کی مذہبی زندگی میں دُعا کی بڑی اہمیّت ہے ۔ جہاں تک متّقی مسلمانوں کا تعلق ہے ان کے نزدیک دعا انسان اور کرہ سماوی کے درمیان رابطہ نہیں بنتی بلکہ اصل رابطہ براہِ راست دعا کرنے والے اور خدا کے درمیان ہے ۔ اس سے یہ معروف تصور مکمل ہوتا ہے بلکہ بسا اوقات رفیع‌تر ہوتا ہے کہ اسم کو مسمّٰی پر قدرت حاصل ہوتی ہے [یعنی دُعا کرنے والا اللہ تعالٰی سے خطاب اپنی حاجت کی نسبت سے کرے، اگر شفا مطلوب ہو تو کہے یا شافی، اگر رزق مطلوب ہو تو کہے یا رزّاق، حاجت سے متعلق صفت کے ساتھ خطاب کرنا دعا کی استجابت پر اثر انداز ہوتا ہے ؛ چنانچہ اکثر دعاؤں میں اس بات کو ملحوظ رکھا گیا ہے،مثلاً رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (۲۳ [المؤمنون]: ۱۱۸)؛ فَاغْفِرْلَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ (۷ [الاعراف] : ۱۵۵)؛ وَارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (۵ [المائدۃ] : ۱۱۴)؛ اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ اِلاَّ شِفَاءُكَ] .

**مآخذ** : متن مقالہ میں مذکور ہیں؛ [نیز مفتاح کنوز السنۃ، بذیل مادہ الدعاء] .

(L. GARDET [و ادارہ]) .

**دُعَان** : رک بہ دَوْعَن.

* **دِعْبِل** : عہد عبّاسی کے شاعر ابو علی [یا ابو جعفر] * محمد [یا حسن یا عبدالرحمٰن] بن علی [بن عبداللہ] بن رزین الخُزاعی کا تخلّص ۔ یہ شاعر ۱۴۸ھ/ ۷۶۵ء میں پیدا ہوا، اور ۲۴۶ھ / ۸۶۰ء میں فوت ہوا ۔ اس کی جاے پیدائش یقینی طور پر معلوم نہیں؛ شہر کوفہ اور شہر قرقیسیہ اس کی جاے پیدائش بتائے گئے ہیں ۔ کتاب الاغانی میں دیے ہوے حالات کے مطابق اس نے اپنی جوانی کا زمانہ کوفہ میں گزارا، اور جہاں سے اسے اپنی فتنہ‌پردازی کے باعث فرار ہونا پڑا ۔ دعبل نے شعرگوئی کی مشق مسلم بن الولید [رک بآن] کی شاگردی میں شروع کی، اور جلد ہی شاعری میں بڑا نام پیدا کر لیا، جس کی شہادت خَلَف الْاَحمر (م ۱۸۰ھ/۷۹۶ء) اور مروان بن ابی حفصہ (م ۱۸۱ھ/ ۷۹۷ء) کے ساتھ اس کے تعلقات سے ملتی ہے ۔ ہارون الرشید (م ۱۹۳ھ / ۸۰۹ء) کے دربار میں باریابی کی سب سے زیادہ مُرجّح تاریخ ۷۹۵ء و ۸۰۹ء کے درمیان ہے ۔ [طخارستان کے شہر سمنجان اور بعد ازاں اسوان مصر کا والی بھی رہا] .

چونکہ اس کا میلان شیعیت کی طرف تھا اور حضرت علی الرضا [رک بآن] کی مدح‌سرائی میں شہرت پائی تھی، اس لیے وہ عموماً خلفاے عباسی پر، ہارون سے لے کر متوکّل تک، چوٹ کرتا ہے ۔ تاہم ظاہر ایسا ہوتا ہے کہ دعبل کی مدح سرائی کا محرّک حصول زر بھی ہوتا تھا؛ چنانچہ ہمیں اس کے قصائد ان خلفا کی تعریف میں بھی ملتے ہیں ۔ اگرچہ دعبل ہجوگوئی اور مدحیہ قصائد کے لیے مشہور ہے، ہجو میں مغلّظات تک سے نہیں چُوکتا، لیکن وہ لطیف جذبات کے اظہار اور فطری مناظر کی تصویرکشی کی صلاحیت بھی رکھتا ہے ۔ اس کا سادہ اور براہِ راست اسلوبِ بیان اسی صفت کا حامل

Marfat.com

بلکہ اس کی مزید شہادت ہے جو ابتدائی عبّاسی عہد کی خصوصیت ہوگئی تھی ۔

ابن رشیق [رکّ باں] اس کو ابو نواس [رکّ باں] کے طبقے میں شمار کرتا ہے اور البُحتری [رکّ باں] اُسے مسلم بن الولید سے بلند مرتبہ دیتا ہے ۔ ابوتمّام [رکّ باں] کے ساتھ دعبل کی چشمک، محض شعر و ادب کی وجہ سے نہ تھی، بلکہ اس میں سیاست اور مذہب کو بھی دخل تھا، اس لیے کہ ابوتمام شیعیوں کے ساتھ سرد مہری سے پیش آتا تھا اور شمالی عربوں کا حامی تھا؛ چنانچہ انھیں وجوہات کی بنا پر دعبل نے ابو تمّام کو اپنی کتاب طبقات الشعراء میں جگہ نہیں دی ۔

دعبل کی کتاب طبقات الشعراء، جس کی تکمیل ۲۳۱ھ/ ۸۴۶ء کے بعد ہوئی اور جس کے اقتباسات نویں صدی عیسوی سے لے کر سترھویں صدی عیسوی تک کی تصنیفات میں پیش کیے جاتے رہے ہیں، تاریخ ادبِ عربی میں ایک مقام رکھتی ہے کیونکہ یہ [محمد بن سلّام] الجُمحی (م ۲۳۰ھ/ ۸۴۵ء) کی طبقات [الشعراء] اور ابن قُتیبہ (م ۲۷۶ھ / ۸۸۹ء) کی کتاب الشعر کی درمیانی کڑی ہے ۔ علاوہ بریں دعبل چونکہ عہدِ اسلامی کے چھوٹے شاعروں کے ساتھ خاص دلچسپی رکھتا تھا، جن میں ہارون الرشید، عبداللہ بن الزّیات (م ۲۳۳ھ / ۸۴۷ء) اور احمد بن ابی دواد (م ۲۴۰ھ / ۸۵۴ء) کی قسم کے شعراء شامل ہیں، اس لیے اس کی تصنیف اُن "جدید شعرا" کی محافظ سمجھی جا سکتی ہے جو ابن قُتَیْبہ کی کتاب الشعر کے شعراء سے ماقبل تھے ۔ [ابن الندیم نے اپنی الفہرست میں طبقات الشعراء کے ساتھ دعبل کے دیوان کا بھی ذکر کیا ہے، لیکن اب اس کے چند طویل قصائد کے سوا اور کچھ نہیں ملتا ۔ ان قصائد میں دعبل کا قصیدہ تائیہ در مدح اہلِ بیت اور سات سو اشعار پر مشتمل ایک طویل قصیدہ در مدح اہلِ یمن خاص طور پر قابل ذکر ہیں]۔

**مآخذ** : (۱) براکلمان، ۱ : ۷۸، تکملہ، ۱ : ۱۲۱ تا ۱۲۲، [تعریب ۲ : ۳۹ تا ۴۱]؛ (۲) الفہرست، ص ۱۶۱؛ (۳) الاغانی، ۱۸ : ۲۹ تا ۶۰؛ (۴) ابن قتیبہ : الشعر (ڈخویہ)، ص ۵۹۳ تا ۵۴۱؛ (۵) تاریخ بغداد، ۸ : ۳۸۲ تا ۳۸۵، ۲ : ۳۳۰، ۴ : ۱۴۳؛ (۶) ابن الجرّاح : الورقہ، قاہرہ ۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۳ء، ص ۱۷، ۱۲۳؛ (۷) ابن المعتز : طبقات الشعراء المُحْدَثِین، طبع A. Eghbal، لنڈن ۱۹۳۹ء، سلسلہ جدید یادگار گب، ج ۱۳)، ص ۱۲۴ تا ۱۲۷؛ (۸) المسعودی: مروج، بمدد اشاریہ؛ (۹) المرزُبانی: مُعجم، قاہرہ ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء، ص ۲۴۴؛ (۱۰) الآمدی: المؤتلف، قاہرہ ۱۳۵۴ھ / ۱۹۳۵ء، ص ۱۶۸؛ (۱۱) ابن رشیق : العُمدہ، قاہرہ ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء، ج ۱ : ۶۴؛ (۱۲) ابن حجر : الاصابۃ، قاہرہ ۱۳۵۸ھ / ۱۹۳۹ء، ۲ : ۱۰۲؛ (۱۳) وہی مصنف : لسان المیزان، ۲ : ۴۳۰ تا ۴۳۲؛ [(۱۴) ابن حزم : جمہرۃ انساب العرب، ص ۳۱۲؛ (۱۵) ابن عساکر: تاریخ دمشق ۵ : ۲۲۷ تا ۲۴۲؛ (۱۶) الیافعی : مرآۃ الجنان، ۲ : ۱۴۵؛ (۱۷) ابن العماد : شذرات الذہب، ۲ : ۱۱۱؛ (۱۸) عبّاس محمود العقّاد : مراجعات فی الادب و الفنون، ۱۴۶ تا ۱۵۳؛ (۱۹) وہی مصنف : الفصول، ۸۹؛ (۲۰) احمد فرید رفاعی : عصرالمأمون، ۳ : ۲۵۵ تا ۲۶۴]۔

(L. ZOLONDEK [و ادارہ])

* **دَعْوَۃ** : (ع)، اس کی جمع دَعَوات، مادّہ دع و (بقول بعض دع ی) پکارنا، بُلانا؛ اس کے اصلی معنی پکار اور بلاوا ہیں [دعاء، دعوٰی اور دعوۃ ہم معنی الفاظ ہیں] ۔ قرآن [مجید]، (۳۰ [الروم]: ۲۵) میں اس کو قیامت کے دن مُردوں کے قبروں سے اٹھنے کے لیے پکار کے لیے استعمال کیا گیا ہے ۔ اس کے معنی کھانے پر بلانے کے بھی ہیں، اور پھر مہمانوں کے ساتھ کھانے، یعنی ولیمہ کے لیے، بھی مستعمل ہوا ہے : البخاری، کتاب النکاح، ۷۱، ۷۴؛ لسان العرب، ۱۸ : ۲۸۵ ۔ اس کے معنی اللہ سے درخواست، دعا اور نذر و نیاز کے بھی ہیں [اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ (۲ [البقرۃ] : ۱۸۶) یہاں قرآن مجید نے

marfat.com
Marfat.com

یعنی دعا اور پکار استعمال کیا ہے]؛ البخاری، کتاب الدّعوات، آغاز و باب ۲۶؛ کتاب الوضوء، باب ۶۹؛ کتاب الانبیاء، باب ۹ (دعاے ابراہیم[ع])؛ دیکھیے قرآن مجید، ۲ [البقرة] : ۱۲۴ تا ۱۲۹)، باب ۴۰ (دعاے سلیمان[ع]؛ نیز دیکھیے ۳۸ [ص] : ۳۵؛ ۱۰ [یونس]: ۸۹؛ ۱۴ [ابرٰهیم]: ۴۴؛ ۴۰ [المؤمن] : ۴۹ و ۵۰ [الطبری: تفسیر، ص ۲۳، ۳۵، میں لفظ دعا سے اس کی شرح کی گئی ہے]) - "دعوة المظلوم" (یعنی مظلوم اور ستم رسیدہ کی پکار) ہمیشہ اللہ تعالٰی کے پاس پہنچتی ہے : البخاری، کتاب المظالم، باب ۹ (قبّ کتاب الجهاد، ۱۸۰) - ایک مسلمان کی دعوة [=دعا] اپنے مسلمان بھائی کے حق میں ہمیشہ مقبول ہے : مسلم، کتاب الذکر و الدعاء، ۸۸ - ہر قسم کے عہد یا منّت کو بھی دعوة کہا گیا ہے (مثلاً المسعودی : مروج : ۷ : ۳۶۱؛ ابن المعتز : رسائل، قاہرہ ۱۳۶۵ھ، ص ۵۳ : دعوة بالشّفاء) - اس کا مفہوم بد دعا یا لعنت بھی ہو سکتا ہے - علاوہ ازیں یہ لفظ دعوٰی کے ہم معنی میں بھی آ سکتا ہے، جس کا مطلب عدالت میں فریاد، مقدمہ اور قانونی چارہ جوئی ہے .

مذہبی مفہوم میں "دعوة" وہ پیغام ہے جو اللہ نے اپنے رسولوں کے توسّط سے انسان کو دیا ہے کہ دین حق (یعنی اسلام) کو سچا مانو : [لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ (۱۳ [الرعد] : ۱۴)]؛ نیز دیکھیے ۱۴ [ابرٰهیم] : ۴۴، ۵۲]؛ ہر نبی کا دین اسلام رہا ہے : اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (۳ [اٰل عمرٰن] :۱۹) اور ہر نبی کی اپنی ایک دعوة ہے (دیکھیے S. Guyard : *Fragments relatifs à la doctrine des Ismaéliens*، در *Not. et Extr.*، ۲۲ (۱۸۷۴ء) : ۱۹۳؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۳۹۳، ۳۱؛ قبّ Hodgson: *The Order of Assassins*، ۱۹۵۵ء، ص ۲۰۰ ببعد)، حضرت محمد صلی اللہ علیہ و سلّم کی بعثت کا مقصد اس دعوت کی تجدید تھی [جو از ابتدا انبیاے کرام دیتے چلے آئے تھے] - یہی دعوة الاسلام یا دعوة الرسول ہے - آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم نے دعوت اسلام کے لیے حکمت اور موعظۂ حسنہ کو ذریعہ بنایا اور اسی کا آپ[ع] کو حکم ملا تھا : اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ (۱۶ [النّحل] : ۱۲۵).

[یہ بھی امر واقعی ہے کہ] جھوٹے مدعیان نبوت نے بھی اپنی تبلیغ کو دعوة کا نام دیا ہے، خواہ یہ علانیہ ہو یا خفیہ؛ دیکھیے مثلاً الجاحظ : کتاب التربیع، طبع Pellat، ص ۵۷ - [یہ بطور تنزل معنی ہے] - زیادہ سے زیادہ توسیع کی صورت میں لفظ دعوة میں پیغام انبیا کی جملہ محتویات، مذہبی قانون وغیرہ بھی شامل کیے جا سکتے ہیں - دینی سیاست میں دعوة یہ ہے کہ جمہور کو کسی خاص شخص یا خاندان کی، جو مسلمانوں کی "اِمامت" کا دعوٰی کرتا ہو، طرف داری اور تائید پر آمادہ کیا جائے، یعنی مسلمانوں سے اس کے دینی اور دنیوی اقتدار کو منوایا جائے . . .، جس کا آخر میں مقصد یہ نکلتا ہے کہ توحید کی بنا پر ایک مثالی حکومت الٰہیّہ قائم کی جائے یا اسے بحال کیا جائے - غرض "دعوة" نئی امامت یا حکومت قائم کرنے کے ذریعوں میں سے ایک ذریعہ ہے، جیسا کہ ابن خلدون اپنے مقدمہ، (۲ : ۱۱۱، ۱۱۸ و انگریزی ترجمہ از روزنتھال Rosenthal، ۲ : ۱۲۱، ۱۲۹) میں بیان کرتا ہے - عباسی دعوة اسی قسم کی تھی، جو دراصل آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کے خاندان کے کسی فرد کے حق میں راے کی تنظیم تھی؛ اس میں کسی خاص شخص کا نام نہیں لیا جاتا تھا بلکہ تحریک کی بنیاد "الرّضا مِنْ آلِ محمد" یعنی خاندان نبوی کے ایک تسلیم کردہ شخص پر تھی، لیکن جب محمد بن الحنیفه کے وارث نے اپنے حقوق محمد بن علی العباسی کی طرف منتقل کر دیے تو عباسیوں نے اس تحریک سے فائدہ اٹھایا - اسی کو دعوة بنی هاشم یا دعوة بنی العباس کہتے ہیں (الطبری، ۲ : ۱۳۶۷)؛

Marfat.com

ابن ابی طاهر طیفور، ص ۲۸۸)۔ "صاحب الدعوة" وہ شخص ہے جس کے نام پر تحریک چلائی جائے، لیکن اس لفظ کا اطلاق اس شخص پر بھی ہوتا ہے جو فی الواقع تنظیم کا سربراہ ہو، چنانچہ ابومسلم [خراسانی] کو "صاحب دعوة بنی ہاشم" کہا جاتا ہے (الطبری، ۳: ۱۲۹) ۔ یہ تحریک ان پیغام‌رسانوں کے ذریعہ چلائی جاتی تھی جو دل و جان سے اس مقصد کے حامی تھے اور جنھیں "دَاعی" (جمع : دُعَاة) اور کبھی کبھی "نقیب" (جمع نُقَباء) بھی کہا جاتا تھا ۔

اسی طریقے سے علویوں کی "دعوة" کا ذکر بھی آتا ہے، جنھیں عباسی ستاتے تھے اور جنھوں نے بھاگ کر طبرستان اور دَیلم میں پناہ لی ۔ وہاں انھوں نے اپنے حقوقِ امامت منوا کر ایک ریاست بھی قائم کر لی، جو تھوڑے ہی دن چلی (ابن خلدون : مقدمہ، ۲ : ۱۲۲؛ انگریزی ترجمہ از Rosenthal، ۲ : ۱۳۳) ۔ ایسی ہی الموحدون کی "دَعْوة" بھی ہے (کتاب مذکور، ۲ : ۱۲۳؛ Rosenthal، ۲: ۱۳۴) ۔ ہر ایک قسمت آزما، جسے الٰہامی قوتوں کا دعوٰی اور اقتدار حاصل کرنے کی آرزو ہوتی، اسی قسم کی تدبیریں کام میں لاتا تھا اور اپنی "دَعْوة" الگ رکھتا تھا (دیکھیے محولۂ بالا کتابیں) .

لفظ دعوة قرمطی اسمٰعیلی تحریک [رک بہ اسمٰعیلیہ] کے لیے بہت مشہور ہے ۔ اس تحریک کا پہلا اثر شام اور عراق عرب کی قرمطی بغاوت (۲۸۹ھ / ۹۰۲ء تا ۲۹۴ھ / ۹۰۷ء) کی شکل میں ظاہر ہوا (دیکھیے الطبری، ۳ : ۲۲۱۸ ببعد) اور آگے چل کر اس کے تحت شمالی افریقہ میں فاطمی خاندان کی حکومت قائم ہوئی ۔ اس تحریک سے لفظ دعوت کے ایک مخصوص معنی پیدا ہو گئے، جس کا منشا شیعیوں کے عقیدے میں یہ ہے کہ یہ دعوة آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کی دعوة کا تکملہ ہے ۔ اسمٰعیلیہ کے نزدیک یہ دعوت ہمیشہ جاری رہے گی اور امام اس کی تجدید کرے گا] ۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے Ivanow : *The Rise of the Fatimids*؛ نیز دیکھیے سیدنا علی بن محمد: تاج العقائد، مقالہ ۶۵، در Ivanow: *A creed of the Faitimids*؛ نیز الشہرستانی، قاہرہ ۱۳۴۷ھ، ۲: ۲۶ .

شروع شروع میں اسمٰعیلی تبلیغ خفیہ طور پر ہوتی رہی ۔ یہی طریقہ تھا جس سے یمن اور شمالی افریقہ میں کام جاری رہا (دیکھیے B. Lewis : *The origins of Ismā'īlism*، ص ۱۹، ۵۲، ۳۷ وغیرہ) اور مغرب میں اسی کے تحت مہدی عبیداللہ کے داعی نے اپنے آقا سے اقتدار حاصل کیا ۔ ابوحنیفۃ النّعمان کی کتاب کا نام، جس میں انھوں نے یمن اور شمالی افریقہ میں فاطمی دعوت کے آغاز اور المغرب میں ان کی سلطنت کے قیام کا حال بیان کیا ہے، کتاب افتتاح الدعوة و ابتداء الدولة ہے ۔ جب امام کافی طاقتور اور ایک ریاست کا سردار ہو گیا تو اس نے علانیّہ اپنی دَعْوة شروع کر دی ("اظہر دَعْوَتَہ" : ابن خلدون : مقدمہ، ۱ : ۳۶۳ و مترجمۂ روزنتھال، ۱ : ۴۲۳) ۔ عباسیّوں کی سلطنت قائم ہو جانے کے بعد ان کی دعوة تو موتوف ہو گئی تھی، لیکن فاطمیوں کی دعوة ان کی ریاست قائم ہو جانے پر ختم نہیں ہوئی بلکہ اس کے برخلاف مصر میں ان کا اقتدار مستحکم ہو جانے کے بعد سے ان کی دعوة منظم ہو گئی اور زیادہ وسیع پیمانے پر جاری کی گئی ۔ یہ دعوة فاطمیوں کے مقبوضہ علاقوں میں اور جہاں جہاں ان کے عقائد کو تسلیم کر لیا گیا تھا کھلم کھلا ہوتی تھی، لیکن دیگر مقامات میں خفیہ طریقے سے جاری تھی، البتہ جو علاقے ان کی طرف مائل ہوتے وہاں علانیہ کی جاتی تھی (جیسے کہ داعی المؤیّد فی الدین نے ابو کالیجار البویہی کو دعوت دی، دیکھیے سیرۃ مؤیدیہ، طبع محمد کامل حسین، قاہرہ ۱۹۴۹ء، ص ۴۳ ببعد) ۔ ہر ایک داعی کو ایک مخصوص علاقہ تفویض کیا جاتا تھا، جسے

marfat.com
Marfat.com

"جزیرہ" کہتے تھے (اس کی وجہ تسمیہ اور ان علاقوں کی بابت دیکھیے Ivanow : *Rise*، ص ۲۰؛ محمد کامل حسین: فی ادب مصر الفاطمیہ، قاہرہ ۱۹۵۰ء، ص ۱۹) - ایران میں یہ دعوت "دعوۃ مصریان" کے نام سے مشہور تھی، جو اس کے مصری الاصل ہونے کی یاد دلاتی تھی (Ivanow : *Rise*، ص ۱۴۰) - خالص سیاسی پہلو سے یہ دَعْوۃ وہ لوگ بھی دے سکتے تھے جو اس کے ساتھ فقط ہمدردی رکھتے تھے، لیکن اصول و عقائد کے لحاظ سے اس کی اشاعت داعیوں کا کام تھا، جن کے سربراہ "داعی الدّعاۃ" کا صدر مقام قاہرہ میں تھا اور اس کے فرائض کا نام بھی "دَعْوۃ" تھا (القلقشندی: صبح الاعشٰی، ۱۰ : ۴۳۴) - علی العموم اس کا سیاسی مقصد مسلمانوں کو اس بات کا یقین دلانا تھا کہ فقط امام، جسے "اللہ کی مدد" حاصل ہو اور جو "اسرار نبوی" کا محافظ ہو، وہی نوع انسان کی صحیح ہدایت کر سکتا ہے، نیز یہ کہ سوا فاطمی خاندان کے، جو اسمٰعیل بن جعفر الصادق کی اولاد ہیں، باقی تمام حکومت کرنے والے غاصب اور ناجائز حاکم ہیں جو اپنی سیاست کی وجہ سے بگڑے ہوے اور دین کے مقدّس‌ترین فرائض سے غافل ہیں - الفاظ "قیام (اقامۃ) الدعوۃ الہادیہ" سے صاف ظاہر ہے کہ اماموں کا فرض، جو انھوں نے اپنے ذمے لیا تھا، بنی نوع انسان کو سیدھے راستے پر ڈالنا تھا اور اسی پر ان کے سارے داعی زور دیتے تھے - مثال کے طور پر یہ جملہ ان خطوط میں دیکھا جاتا ہے جو فاطمی خلیفہ المُستنصر نے یمن کے صُلَیحی خاندان کی ملکہ کو لکھے؛ یہ ملکہ اسی فاطمی عقیدے کی تھی (رسائل المستنصر، طبع عبد المُنعم ماجد، قاہرہ ۱۹۵۴ء، عدد ۳۶، ص ۱۵۷)؛ نیز یہی جملہ داعیوں کے تقرر کی اسناد میں ملتا ہے (القلقشندی : صبح، ۹ : ۱۹ و ۱۰ : ۴۳۴ ببعد) اور اسمٰعیلی خَلف میں پایا جاتا ہے (شہاب الدین العُمری: التعریف، ص ۱۵۸؛

قب B. Lewis : *The origins . . .*، ص ۳۹ تا ۶۰ و عربی ترجمہ، ص ۱۳۱؛ نیز در *BSOAS*، ۱۲ (۱۹۴۸ء) : ۵۹۷ تا ۵۹۸) - علاوہ بریں M. Canard: *L' impérialisme des Fāṭimides et leur propagande*، در *AIEO*، الجزائر، ج ۳ (۱۹۴۲ء - ۱۹۴۷ء) - ان طریقوں کی کیفیت لکھتا ہے جو فاطمی داعی اس خاندان کے دعووں کی تائید میں اور اس کے مخصوص فضائل ثابت کرنے کے لیے اور اس کے بوزنطی یا اموی یا عبّاسی دشمنوں کو بدنام اور کمزور کرنے کے لیے اختیار کرتے تھے .

ان کے پروپیگنڈے کے اندر یہ بھی داخل تھا کہ نئے مرید بنائیں اور انھیں تعلیم دیں - حقیقت میں ان کا مذہب سیاسی، دینی، فقہی اور فلسفی عقائد کا مجموعہ تھا، جس کا ان کے نزدیک ایک خفیہ (باطنی) پہلو بھی ہے (اسی بنا پر اس فرقے کا نام باطنیہ [رک باں] ہوا - ابن خلدون (۱ : ۳۶۳ و ترجمۂ روزنتھال، ۱: ۴۱۳) نے اس کی وجہ تسمیہ بیان کرنے میں غلطی کی ہے اس نے باطن سے امام کا چھپا ہوا ہونا (=ستر) مراد لیا ہے)، جس کی بنیاد قرآن مجید اور احکام اسلام کے مجازی معانی پر ہے - یہ معانی مؤمنین کے دانشوروں (=اولیا) کے لیے مخصوص ہیں اور اس کے برعکس ایک دوسرا پہلو ظاہری معنی کا ہے، جو ان لوگوں کے لیے ہیں جن سے فقط امام کی اطاعت مطلوب ہے کہ وہ اس اطاعت کے لوازم (دیکھیے ابو حنیفہ النّعمان : کتاب الہِمّۃ) نیز مذہبی فرائض ادا کرتے رہیں - عقائد کی تبلیغ اور تعلیم دونوں ساتھ ساتھ چلتے تھے اور فرقے کی مخصوص شرعی عقائد یا حکمت کی تعلیم کے بھی تبلیغی مقاصد تھے- اس کی تفصیل اس تقریر ہی سے واضح ہوسکتی ہے جو جامعۃ الازہر میں بہت پہلے، یعنی ۳۸۵ھ/۹۹۵ء میں، فقہ فاطمی پر کی گئی تھی اور جس کے سننے والے حاضرین کی فہرست اسما بھی موجود ہے؛ نیز دوسری تقریر سے، جو وزیر ابن کِلّس نے اپنے گھر میں

Marfat.com

ک؛ یحیٰی بن سعید : *Patr. Or.*، ۲۳/۳ : ۳۳۳ (۲۲۶)۔ ۳۸۵ھ/۹۹۵ء میں "علمِ اہلِ بیت" کے موضوع پر قاضی محمد بن النعمان کے خطبات سننے کے لیے شاہی محل میں جم غفیر اکھٹا ہوگیا ؛ گیارہ آدمی بھیڑ میں کچلے گئے اور ہلاک ہوگئے ۔ ۳۹۵ھ/۱۰۰۵ء میں خلیفہ الحاکم نے لوگوں کو مجبور کیا کہ "دَعوۃ میں داخل ہوں"، جس کا مطلب یہ تھا کہ قاضی القضاۃ عبدالعزیز بن محمد بن النّعمان کے خطبے سننے کے لیے حاضر ہوں ۔ اس نے محل کے اندر خطبہ دینے کے لیے مختلف دنوں میں مختلف مجلسوں کا انتظام کیا تھا ، جن میں سے بعض مردوں کے لیے اور بعض خواتین کے لیے مخصوص تھیں اور بعض میں فقط اعیان و عمائد شامل ہوتے تھے ۔ ان مجلسوں میں بھی اتنی بھیڑ ہوتی تھی کہ لوگ دب کر مر جاتے تھے ۔ دوسرے ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ رئیس الدعاۃ محل کے ایک حصے میں (جسے المُحَوَّل کہتے تھے) دعوۃ کے جلسوں کا اہتمام کرتا تھا ؛ یہ جلسے "مجالس الحکمة" کہلاتے تھے۔ اس کی خاص مجلس المحوّل میں ہوتی تھی، جہاں اس کی ایک خاص کرسی (کرسی الدعوۃ) ہوتی تھی ۔ وہ ان لوگوں سے جو فاطمی مذہب میں نئے داخل ہوتے تھے حلف لیتا تھا اور حاضرین مجلس (النجوٰی) اُسے چالدی پیش کرتے تھے ۔ خطبات کی تیاری میں بڑی احتیاط سے کام لیا جاتا تھا اور وہ پڑھے جانے سے پہلے خلیفہ کے سامنے پیش کیے جاتے تھے ۔ ان خطبات کی تیاری میں اس کے وہ نقیب اور سرکاری فقیہ اسے مدد دیتے تھے جو دارالعلم یا دارالحکمة [رک بآں] میں پڑھاتے تھے (اسے ۳۹۵ھ/۱۰۰۵ء الحاکم نے قائم کیا تھا اور یہ ایک قسم کی یونیورسٹی تھی ۔ اس میں ایک کتاب خانہ بھی تھا) ۔ جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے، مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ مجلسیں منعقد کی جاتی تھیں ۔ ابن الطُّوَیر (۵۲۵ھ/۱۱۳۱ء تا ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء) کے مطابق مردوں کے لیے مجلسیں محل کے بڑے کمرے (الایوان الکبیر) میں اور عورتوں کے لیے مجاس الداعی میں منعقد ہوتی تھیں ۔ دوسری جانب المُسَبّحی (۳۶۶ھ/۹۷۷ء تا ۴۲۰ھ/۱۰۲۹ء) نے پانچ مختلف مجلسیں گنوائی ہیں : ایک اولیا کے لیے، ایک عمائدینِ حکومت اور محل کے چیدہ عہدہ داروں کے لیے، ایک عوام الناس اور اندرون ملک سے آنے والے زائرین کے لیے ، ایک عورتوں کے لیے (جامع الازہر میں) اور ایک محل کی عورتوں کے لیے (ان تمام جزئیات کے لیے دیکھیے المقریزی ، ۱ : ۳۴۱ تا ۳۴۲ و ۲ : ۳۹۰ تا ۳۹۱) ۔ القلقشندی (۳ : ۴۸۷) کے مطابق رئیس الدُّعاۃ کی فقہی مجلسیں منعقد ہونے کی جگہ "دارالعلم" تھی اور وہیں مذہب میں نئے شامل ہونے والوں سے حلف لیا جاتا تھا، لیکن یہ پورے وثوق کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ مذہبی اور فرقے کے عقائد کے متعلق خطبات بھی اسی جگہ دیے جاتے تھے (کامل حسین : فی ادب مصرالفاطمیہ ، قاہرہ ۱۹۵۰ء، ص ۳۲) ۔ اس کا علم ہمیں اتفاقی طور پر ہوا کہ امیر رضوان (م ۵۰۷ھ/۱۱۱۳ء) کے زمانے میں حلب میں ایک دارالدعوۃ تھا (ابن الشِّحنہ ، ص ۲۷؛ کمال الدین ابن العدیم، در *Rec. Hist. Cr. Or.*، ۳ : ۵۸۹ تا ۵۹۰؛ ابن تغری بردی: النجوم الزاهرة، قاہرہ، ۵: ۲۰۵، ۵۰۷).

ہمارے پاس اس طریق کار کا مفصل بیان موجود ہے جس سے اسمٰعیلی داعی اپنے فلسفیانہ مذہبی نظریات کی طرف نئے لوگوں کو راغب کرتے تھے ۔ ان میں وہ نوافلاطونی نظریۂ اشراق؛ دلیتا اور امامت کے دوائر کے تصورات اور اپنے دعاوی کے ثبوت کے لیے قرآن مجید اور قوانین شرعی کی من مانی تاویلات پیش کرتے اور جس مذہب کا آدمی دیکھتے اُسے مائل کرنے کے لیے اس کے مناسب حال مختلف طریقے اختیار کرتے تھے ۔ اس بیان کے مطابق جو المقریزی ، ۱ : ۳۹۱ بعد ، اور اس سے بھی زیادہ

marfat.com
Marfat.com

تفصیل کے ساتھ النُّوَیری : (ترجمہ در S. de Sacy : *Expose de la religion des Druzes*، جلد ۱، مقدمہ) میں موجود ہے، نیے مرید (المدعو) کا سلوک نو مدارج کی تعلیم و تربیت کے بغیر مکمل نہیں ہوتا تھا اور اس تعلیم کا ہر ایک درجہ دعوۃ کہلاتا تھا - یہ تنظیم اسمٰعیلی مسلک کے مبیّنہ بانی عبداللہ بن میمون القدّاح سے منسوب کی جاتی تھی - اس سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ وہ اپنے عقیدے کے اسرار کس طرح بتدریج نو آموز کے آگے "تاویل" اور "تاویل التاویل" کے ذریعہ کھولتا تھا (اس آخری تعبیر کے لیے دیکھیے المسعودی : تنبیہ، ص ۳۹۵، ترجمہ، ص ۵۰۱، اور قب Goldziher : *Vorlesungen*، بار دوم، ص ۲۴۶ ؛ فرانسیسی ترجمہ، ص ۲۰۶) - Ivanow نے متعدّد مقامات پر *An Ismailitic Work by Naṣīrud-dīn Ṭusī*، در *JRAS*، ۱۹۳۱ء، ص ۵۳۴؛ *The Organization of the Fatimid propaganda*، در *JBBRAS*، ۱۵ (۱۹۳۹ء) : ۱۱-، اور *Rise*، ص ۱۳۳ در باب *The Myth of 'Abdu'l lahb. Maymūn al-Qaddāḥ*، اس بیان پر اعتراض کیا ہے کہ اسمٰعیلی مسلک میں نیے داخل ہونے والوں کو نو مدارج یا مراتب کی تعلیم دی جاتی تھی اور اس طرح رفتہ رفتہ انہیں واقف اسرار کیا جاتا تھا - اس کی رائے کے مطابق اس جماعت "حدود الدین" کی غلط تعبیر کی گئی ہے جو فاطمی پیشوایان مذہب کی ایک قسم تھی (اس طرز تعبیر کے لیے دیکھیے Ivanow : *Organization*، ص ۸ اور ایک حاشیہ در M. Canard کے ترجمۂ سیرۃ جوذر، ص ۲ د) - نیے مریدوں کی تعلیم کے ان نو درجوں کا قدیم طریق سے تعلق ہے اور نہ جدید طریق سے، اس کا کوئی نشان نہ خود اس فرقہ کی کتابوں میں ملتا ہے اور نہ مناظروں کی کتابوں میں کہیں دیکھنے میں آتا ہے ؛ اسی طرح وہ اس فرقے اور فری میسنز Freemasons کی تعلیم گاھوں اور خفیہ رسوم کی تعلیم میں مشابہت کا انکار کرتا ہے - تاہم اس بات کو باور کر لینا مشکل ہے کہ اوپر کا بیان محض اختراع ہے - نو مدارج المقریزی اور النُّوَیری سے پہلے ھی سُنّی مآخذ کے ذریعے معلوم تھے، اگرچہ ان مآخذ میں یہ اسمٰعیلی سلوک کے نو درجے یا "مراتب" نہیں، بلکہ وہ مرحلے بتائے گئے ہیں جن سے (عام لوگوں کو) مذہب سے رفتہ رفتہ بالکل ہٹا دیتے تھے، ہر درجے کا ایک الگ نام رکھا گیا ہے جو استعمال میں آنے والے منطقی یا نفسیاتی طریقے کے مطابق ہوتا تھا۔ البغدادی: (الفَرق بین الفِرق، طبع قاہرہ ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء، ص ۲۷۹ ببعد) نے ان درجات (مراتب) کے نام حسب ذیل دیے ہیں : تفرّس، تأنیس، تشکیک، تعلیق، ربط، تدلیس، تأسیس۔ اس کے بعد حلفوں (ایمان) کی نوبت آتی ہے اور اس کے بعد مکمل ترک (خَلْع) کا درجہ ہے (نیز دیکھیے الغزالی : کتاب فضائح الباطنیہ؛ Goldziher : *Streitschrift des G. gegen die Bāṭinijja Sekte*، ۴ - اور ص ۴ ببعد، اور محمد کامل حسین : فی ادب . . . ص ۹ ببعد) .

یہ مسئلہ ابھی تک قابلِ تحقیق ہے کہ اسمٰعیلی تبلیغ اور بحث کے مختلف طریقوں کی پوری ترتیب و تکمیل کا زمانہ کیا تھا - اسے اس قدر پیچھے بمشکل ھی لے جایا جا سکتا ہے کہ اسمٰعیلی فرقے کے ابتدائی ایام سے جا ملے - النُّوَیری اور المقریزی نے جو خاکہ پیش کیا ہے وہ اس زمانے کے بعد کا معلوم ہوتا ہے .

لفظ دَعْوۃ کا مفہوم صرف ترغیب اور تبلیغ ھی نہیں ہے، [اس کے بہت سے اور معنی بھی ہیں]: فاطمیہ کے نزدیک اس کا مفہوم عقیدہ، مذہب، امت، فرقہ، امام کے طرفداروں کی جماعت وغیرہ بھی ہے- Ivanow : *Organization*، ص ۱۸ تا ۱۹ نے لکھا ہے کہ دعوۃ کا مفہوم حلقۂ اطاعت، سلطنت، خاندان شاھی بھی لیا گیا ہے - ابن حوقل کہتا ہے (ص ... تا ...) کہ "سر زمین مغرب امیرالمؤمنین المعز لدین اللہ کے حلقۂ دعوت میں اندر ہے" اور (ص ...) "کرمان باشندگی

Marfat.com

مغرب کی دعوۃ میں ہے"۔ ابو حنیفہ النّعمان کی کتاب الھمّۃ، باب ۷ میں "مَنْ شَمَلَتْ دعوۃ الامام" خلیفہ کی ساری رعایا کو ظاہر کرتا ہے ۔ سیرت جودھر (ترجمہ، ص ۴۵، قب Ivanow : *Rise*، ج ۹) میں "شیوخ الدعوۃ" کی ترکیب مجموعی طور پر "شیوخ الدولۃ" کے مترادف ہے ۔ انھیں معنوں میں شاہی خاندان کے واسطے اس کے استعمال کے لیے نیز دیکھیے الاصطخری، ص ۳۶ س ۴ ۔ اور ۲۹۶ س ۴؛ "سوادُ دَعوۃ بنی العباس" عبّاسی خاندان کا سیاہ رنگ (*BGA*، ۴ : ۲۳۶) المقریزی : سلوک، ۱ : ۱۸۔ آخر میں ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ دعوۃ کا مفہوم وہبی اِباضیوں کے ہاں مذہب بھی لیا گیا ہے جو اپنے آپ کو اہل المذہب یا اہل الدعوۃ کہتے ہیں (T. Lewicki : *La répartition gégraphique des groupements ibāḍites dans l'Afrique du nord au Moyen Age*، در *RO*، ج ۲۱، ۱۹۵۷ء) ۔

۴۸۷ھ/۱۰۹۴ء میں المستنصر کی وفات کے بعد، جب اس کے فرزند مُستعلی کی جانشینی کا اس کے دوسرے فرزند نِزار کے مقابلے میں اعلان کیا گیا، تو اسمٰعیلی فرقے میں تفرقہ پڑ گیا ۔ اسمٰعیلیوں کے ایک گروہ نے مُستعلی کو جانشین ماننے سے انکار کر دیا، اس وقت سے اس فرقے کے دو گروہ ہو گئے، مستعلوی اور نزاری ۔ پہلا گروہ "الدعوۃ القدیمۃ" اور دوسرا "الدعوۃ الجدیدۃ" کہلایا ۔ یہ تفرقہ ہمیشہ کے لیے قائم ہو گیا ۔ جب مُستعلی کے فرزند آمِر کو نزاریوں نے ۵۲۴ھ/۱۱۳۰ء میں قتل کر دیا تو اس نے مرنے سے قبل اپنا حقِ سلطنت اپنے چچیرے بھائی عبدالمجید کو، جو آگے چل کر حافظ کہلایا، تفویض کر دیا، کیونکہ اس کا اپنا لڑکا طیّب کمسن تھا ۔ اس کے بعد طیّب غائب ہو گیا یا "ستر" میں داخل ہو گیا ۔ دعوۃ قدیمہ کا دوسرا نام "دعوۃ الطّیبیّۃ" بھی ہو گیا اور یمن میں اسے دوام حاصل ہو گیا، جہاں کی صُلَیحی ملکہ نے دعوۃ کو امام الطّیب کے نام سے پھیلایا ۔ یہی دعوۃ قدیمہ یا مستعلیہ یا طیّبی دعوۃ ہے، جس کے پاک و ہند کے بوہرے آج کل پیرو ہیں ۔ دعوۃ جدیدہ یا نزاری دعوۃ کی شہرت حسن بن صباح اور حشیشین (Assassins) کی بدولت ہوئی ۔ اس کے پیرو آج کل خوجے ہیں ۔ اسمٰعیلی دعوۃ کی ان دو شاخوں کی بابت دیکھیے ابن خلدون، ۱ : ۳۶۳؛ روزنتھال، ۱ : ۴۱۳؛ الشہرستانی، طبع Cureton، ص ۱۴۷، ۱۵۰ تا ۱۵۲، (مطبوعہ قاہرہ ۱۳۴۷ھ)، ۲ : ۲۶، ۲۸ تا ۳۱؛ Hodgson : *The Order of Assassins*، بمدد اشاریہ ۔ شام کے نزاریوں یا حشیشیوں کو فدائیوں بھی کہا جاتا ہے، جنھوں نے اپنے قلعوں کی بدولت صلیبی جنگوں میں اہم حصہ لیا ۔ ۶۷۱ھ/۱۲۷۸ء میں انھیں مملوک سلطان بیبرس نے مغلوب کر لیا ۔ پھر بھی وہ متعدّد مقامات پر بدستور قابض رہے ۔ اس وقت ان کا لقب "الطائفۃ الاسمٰعیلیۃ بقلاع الدعوۃ" مشہور ہو گیا ۔ وہ خود اپنے آپ کو "اصحاب الدعوۃ الھادیۃ"، یا "مجاھدون" کہتے تھے ۔ قاہرہ سے مقرّر کردہ ایک اتابک ان پر حاکم ہوتا تھا (دیکھیے القلقشندی، ۱ : ۱۲۲؛ ۴ : ۱۲۶، ۲۳۵، ۳۰۹؛ ۹ : ۲۵۴) ۔ موجودہ دور میں اسلامی تبلیغ اور مبلّغین کے دبستان کے لیے، جسے رشید رضا نے قاہرہ کے قریب جزیرۂ روضہ میں قائم کیا اور جس کا نام "دار الدعوۃ و الارشاد" (مرکز تبلیغ و ھدایت) رکھا، دیکھیے Goldziher : *Richtungen*، ص ۳۴۳ تا ۳۴۴؛ [نیز دیکھیے دعوت و عزیمت، در ابوالکلام آزاد : الہلال اور دوسری تحریریں نیز رک بہ اسمٰعیلیہ، باطنیہ، بوہرہ، خوجہ، فاطمیین، قرامطہ] ۔

**مآخذ** : متنِ مقالہ میں مذکور مآخذ کے علاوہ دیکھیے (۱) De Goeje : *Mémoire sur les Carmathes du Bahrain et les Fatimides*، ص ۱۶، بعد، ۲۳ بعد، ۲۷ بعد؛ (۲) Casanova : *La doctrine secrète des Fatimides d'Egypte*، در *BIFAO*، ج ۱۸، ۱۹۲۱ء؛ (۳) حسین ایف الہمدانی : *The history of the Ismā'ili*

marfat.com
Marfat.com

Da'wat and its literature during the last Phase of the Fāṭimid Empire، در JRAS، ۱۹۳۲ء، ص ۱۲۶ تا ۱۳۶؛ (۴) المجالس المستنصریة، طبع کامل حسین، قاهره ۱۹۴۶ء، مقدمه؛ (۵) احمد حمیدالدین الکرمانی: راحت العقل، طبع کامل حسین اور مصطفٰی حلمی، قاهره ۱۹۵۲ء، مقدمه؛ (۶) کامل حسین : فی ادب مصر الفاطمیة، قاهره ۱۹۵۰ء، ص ۱۹ بعد؛ (۷) Ivanow : Brief survey of the evolution of Ismailism، ۱۹۵۲ء؛ (۸) A. M. Magued : Institutions et Cérémonial des Fatimides، قاهره ۱۹۵۳ - ۱۹۵۵ء، ۱ : ۱۷۷ بعد؛ (۹) مصطفٰی غالب : تاریخ الدعوة الاسمٰعیلیة، دمشق ۱۹۵۳ء (اس سے استفاده نہیں کیا گیا)؛ (۱۰) Bayard Dodge : Ismāiliyyah and the origins of the Fatimids، در The Muslim World، اکتوبر ۱۹۵۹ء، ص ۲۹۹ تا ۳۰۰؛ (۱۱) B. Lewis : The origins of Ismā'ilism، کیمبرج ۱۹۴۰ء، عربی ترجمه Kh. A. Jallu اور J. M. Rajab، قاهره ۱۹۴۷ء نے کیا (دیکھیے ص ۱۶۴ بعد اور مواضع کثیره).

(M. CANARD)

* **دعوٰی** : [ع، جمع دَعَاوِی، دَعَاوٰی]، قانونی چاره جوئی [لغوی معنی وه قول جس سے انسان کسی شخص کے مقابلے میں اپنا حق ثابت کرے ۔ اقرار اس کا عکس ہے، یعنی اپنے خلاف کسی غیر کے حق کو ماننا ۔ فقها کی اصطلاح میں دعوٰی سے مراد قاضی یا حَکَم (ثالث) کے سامنے کسی شخص کا کسی دوسرے شخص کے مقابلے میں اور اس غیر شخص کی موجودگی میں اپنے حق کی اطلاع کرنا ۔ اگر یه اطلاع قاضی یا حکم کے سامنے اور اس غیر شخص کی موجودگی میں نه هو تو اسے دعوٰی نہیں کہا جائے گا ۔ اصل کی نیابت ولی، وصی یا وکیل کر سکتا ہے (التهانوی: کشّاف اصطلاحات الفنون، بذیل مادّهٔ دعوٰی)] ۔ ایک مشہور ضابطے کے مطابق اس کی تعریف یه کی گئی ہے :

"قاضی (حاکم عدالت) کے سامنے کسی شخص کا دوسرے شخص کے مقابلے میں اپنے حق کا مطالبه (مَجلّة الاحکام العدلیّة، دفعه ۱۶۱۳) ۔ اسی طرح اس مقدمے کو بھی جو فیصله کے لیے کسی ثالث (حَکَم) کے سامنے پیش کیا جائے دعوٰی کہتے ہیں ۔ نالش کرنے والا مُدّعی اور اس کا مقابل مُدّعٰی علیه کہلاتا ہے، مطالبه کا مقصد مدعٰی کہلاتا ہے، جس کے لیے زیاده رائج نام "مدعٰی به" ہے، اگرچه بعض مصنّفین کے نزدیک یه زیاده صحیح نہیں [مدعی اور مدعٰی علیه کی یه تعریفیں بھی کی جاتی ہیں : مدعی وه فریق ہے جو اگر چاہے تو دعوٰی سے دستبردار هو سکتا ہے اور مدعٰی علیه وه فریق ہے جو محض اپنی خوشی سے دعوٰی کے چلنے کو روک نہیں سکتا (هدایة، ۳: کتاب الدعوٰی : ۱۸۵) ۔ مدعی وه هوتا ہے جس کی بات اثباتِ حق پر مشتمل هو اور مدعٰی علیه وه هوتا ہے جس کی بات نفی پر مشتمل هو ۔ مدعی سے مراد وه شخص جو غیر ظاهر (ظاهری حالت کے برعکس) کا مطالبه کرتا ہے اور مدعٰی علیه سے مراد وه شخص جو ظاهر کو متمسّک ہے ۔ مدعی وه فریق ہے جو اپنے دعوے کو ثابت کیے بغیر کامیاب نہیں هو سکتا اور مدعٰی علیه وه فریق ہے جس کے حق میں بغیر شہادت پیش کیے فیصله صادر هو سکتا ہے (التهانوی ؛ هدایة)۔ امام محمدؒ کے نزدیک مدعٰی علیه وه فریق ہے جو دعوٰی سے منکر هو [عبدالرحیم : The Principles of Muhammanden Jurisprudence، لاهور ۱۹۵۸ء، ص ۳۶۶؛ نیز اردو ترجمه] ۔ مقدمے کے فریق، اگر دونوں طرف ایک ایک هوں تو خَصمان، اور زیاده هوں تو خُصوم یا خُصَمَا (یعنی مقدمے میں ایک دوسرے کے حریف، مخالفین) کہلاتے ہیں (واحد : خَصم)، یوں کہنا چاهیے که عملاً ایک دوسرے فریق کا خَصم ہے ۔ فریقین کا باهمی اختلاف "خُصومة" کہلاتا ہے (اس کے اور مترادف، الفاظ جو اتنے

Marfat.com

اصطلاحی نہیں، نزاع، منازعۃ اور تنازع ہیں) .

دعوٰی کے لفظ میں دو باہم جھگڑنے والے فریقوں کا تصور اس کے مفہوم سے اس حاکم عدالت کی ایسی کارروائی کو خارج کر دینا ہے جس کے ذریعے وہ اپنی منصبی حیثیت کی بنا پر اپنے کچھ اختیارات استعمال کرتا ہے، مثلاً وہ اقدامات جو وہ عوام کی بہبود کی حفاظت کے لیے کرتا ہے .

بہرحال ہر ایسے مقدمے میں جس کے اندر عملِ نزاع کے تین لازمی عناصر کام کر رہے ہوتے ہیں ایک دعوٰی ضرور ہوتا ہے، خواہ اس قاضی کی جس کے سامنے مقدمہ پیش کیا گیا ہے حیثیت اور مقصد زیرِ بحث کی نوعیت کچھ بھی ہو .

الغرض دعوٰی کا وجود ذیل کی صورتوں میں متحقق ہوتا ہے : اس مقدمہ میں جس میں کوئی فرد جسے رنج یا نقصان پہنچا ہو رنج یا نقصان پہنچانے والے کے خلاف استغاثہ دائر کرے - جس میں قصاص [رک باں] کے اِجرا کا یا دیت [رک باں] دلوانے کا مطالبہ ہو؛ (۲) ان مقدمات میں جہاں مختلف حدود شرعیہ [رک بہ حد] کے ماتحت کسی مظلوم کے کُلّی یا یا جزوی نقصان کی تلافی کے لیے ظالم کو عدالت میں طلب کیا جائے، جیسے سرقہ یا زنا کی صورت میں ہوتا ہے؛ (۳) فرائضِ منصبی کے تحت فوجداری مقدموں میں جہاں ضرر رسیدہ کو واسطہ بنا کر، یا "حِسبۃ" [رک بہ] کے اختیارات کے بموجب، جس میں تحفّظِ عوام مدّنظر ہوتا ہے، کارروائی کی جائے، یہ کارروائی اس اصول پر مبنی ہوتی ہے کہ شخصی شکایات کے علاوہ ہر مسلمان اس شخص کے خلاف چارہ جوئی کا مجاز ہے جس نے قانون شکنی کا ارتکاب کیا ہو اور (۴) اخیر میں ان مقدمات میں جو مظالم کی غیر معمولی کارروائی کے مطابق دائر کیے جائیں .

صحتِ دعوٰی، یعنی دعوٰی کو صحیح ماننے کے لیے چند شرائط درکار ہوتی ہیں [مثلاً] مدعٰی‌بہ کی پوری پوری تعیین، [اگر مدعٰی‌بہ عدالت میں موجود ہے تو اس کی طرف اشارہ کافی ہے اگر موجود نہ ہو تو اس کی توصیف و تعریف، اور اس کی قیمت بیان کرنا ضروری ہے]، فریقین مقدمہ کا شخص ہونا اور ان کی قابلیّت معلوم ہونا ضروری ہے - جس شخص میں قانون کے سمجھنے کی عام قابلیّت نہ ہو، لیکن اس میں امتیاز کرنے کی صلاحیت ہو، وہ قانونی چارہ جوئی کر سکتا ہے، مگر ایسا کرنے کے لیے اس سرپرست [ولی] یا قاضی کی اجازت اس کے لیے ضروری ہے [اس طرح نابالغ یا مجنون کے خلاف مقدمہ اس کے ولی کے توسّط ہی سے چلایا جا سکتا ہے] - اصلی چارہ‌جوئی میں ضروری ہے کہ فریق مخالف متنازع فیہ شے پر حقیقۃً قابض (صاحبُ الید) ہو [صحت دعوٰی کے شرائط کی بابت دیکھیے، مثلاً مجلۃ الاحکام العدلیّۃ، دفعہ ۱۶۶ ببعد] - جس صورت میں دعوٰی دائر کرتے وقت جملہ شروط مکمل نہ ہوں تو انہیں دعوٰی دائر کرنے کے بعد مکمل کیا جا سکتا ہے - اس تکمیل کا اصطلاحی نام "تصحیح الخصومۃ" ہے - یہ تکمیل صرف مدعٰی کی درخواست پر یا قاضی کے حکم پر کی جا سکتی ہے.

مقدمہ‌میں فریقین خود بالاصالۃ بھی پیش ہو سکتے ہیں اور اپنے بجائے اپنا مختار بھی بھیج سکتے ہیں - یہ مختار فریق مقدمہ کا خود مقرّر کردہ وکیل بھی ہو سکتا ہے یا جو اہلیّت نہیں رکھتے ان کا حسبِ اقتضاے قانون وصی یا ولی بھی ہو سکتا ہے - جو چیزیں عوام الناس کے استعمال کے لیے آزاد ہیں، مثلاً سمندر کا پانی یا شاہراہ عام، ان میں ہر شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے حق استعمال کی محافظت کے لیے قانونی چارہ جوئی کرے - اگر محدود اور معیّن گروہوں کے درمیان باہم نزاع ہو، مثلاً ایک گاؤں کا دوسرے گاؤں سے مشترک چیزوں، جیسے جنگل "چراگاہ" وغیرہ، کے استعمال کے بابت جھگڑا ہو تو ایک گروہ کا کوئی فرد، سارے گروہ کی طرف سے بحیثیت مدعی یا مدعٰی‌علیہ

marfat.com
Marfat.com

قانونی چارہ جوئی کر سکتا ہے، بشرطیکہ اس گروہ کے افراد کی تعداد غیر محدود ہو (قوم غیر محصور)؛ عام رائے کے مطابق "غیر محصور گروہ" وہ ہوتا ہے جس کے افراد کی تعداد ایک سو سے زیادہ ہو۔

بعض جاگیروں کی صورت میں، جیسے کہ اوقاف، جنھیں قانوناً ایک مستقل حیثیت حاصل ہے، قانونی کارروائی میں خاص نمائندے پیش ہوتے ہیں - یہی حکم منقسم شدہ میراث کا بھی ہے - اصولاً ہر وارث سارے ورثا کی طرف سے مدعی یا مدعٰی علیہ ہو سکتا ہے، [دعوٰی ثابت ہونے پر تمام ورثا اس سے متمتع ہوتے ہیں - اور مقدمہ ہارنے کی صورت میں باقی ورثا کو یہ حق نہیں ہوتا کہ وہ مدعی سے مطالبہ کریں کہ وہ اپنا دعوٰی ہر ایک وارث کے مقابلے میں اس کے حصّہ کے لحاظ سے ثابت کرے، البتہ وہ فیصلہ کے متعلق مرافعہ کرنے کے مجاز ہوں گے - اگر کسی خاص جائداد میں چند شرکا ہوں لیکن ان کی حیثیت ورثا کی نہ ہو تو اس جائداد کی بابت دعوٰی میں ایک شریک باقی شرکا کی طرف سے بحیثیت مدعٰی علیہ جواب دینے کا مجاز نہیں، لیکن اگر دعوٰی صرف اسی کے خلاف ہے تو بلحاظ اس کے حصّے کے اس کے خلاف فیصلہ صادر ہوگا] - دعوٰی ایسی عدالت میں دائر کیا جا سکتا ہے جو اس علاقے میں واقع ہو جہاں مدعٰی علیہ کی مستقل یا عارضی سکونت ہے - املاک غیر منقولہ کے بارے میں بھی یہ ضابطہ اسی طرح قابلِ عمل ہے، لیکن مالکی مذہب میں یہ روا رکھا گیا ہے کہ غیر منقولہ املاک سے متعلق اس جگہ کی عدالت میں جہاں وہ جائداد واقع ہے مقدمہ دائر کیا جائے - جب ایک ہی مقام پر متعدّد قاضی موجود ہوں، یا جہاں ایک عام قاضی ہو اور ایک ایسا قاضی ہو جسے فوجیوں کے مقدّمات سننے کے لیے مقرّر کیا گیا ہو (قاضی عسکر [رک بآں]) تو عدالت مجاز کو پسند کرنے کا اختیار مدعٰی علیہ کو ہے؛ تاہم عدالت کے مجاز ہونے کے متعلّق قواعد قطعی نوعیت کے نہیں، فریقین کی باہم رضامندی سے انھیں نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

فریقین کا حاضر ہونا مقدّمہ کی کارروائی کے لیے اصولاً ضروری شرط ہے، اسلامی قانون کے تحت کوئی فیصلہ غیر حاضری کی حالت میں نہیں ہو سکتا۔ مزید برآں حاضری سے بچنے والے مدعٰی علیہ کو حاضر ہونے پر مجبور کرنے کے مختلف طریقے مقرّر ہیں۔ انتہائی اقدام کے طور پر قاضی مدعٰی علیہ کے بجائے اس کا ایک سرکاری نمائندہ مقرّر کرے گا۔

ایک دوسرے نظام میں، جو بالخصوص [مالکی اور] شافعی مسالک اور شیعی قانون میں مروّج ہے، یہ رائے پائی جاتی ہے کہ جب دعوٰی میں مدعٰی علیہ کا نام اور دیگر کوائف موجود ہوں تو پھر صحتِ دعوٰی کے لیے اس کی حاضری ضروری شرط نہیں؛ مقدمے کی کارروائی اس کی غیر حاضری میں بھی حسبِ معمول کی جائے گی اور اس وجہ سے اسے "یک طرفہ کارروائی" قرار نہیں دیا جائے گا اور جو فیصلہ صادر کیا جائے گا وہ ویسا ہی جائز اور صحیح ہوگا جیسا کہ مدعٰی علیہ کی حاضری کی صورت میں ہوتا۔

اصولاً مقدّمہ کی کارروائی زبانی ہوتی ہے۔ ہر چند کہ فریقین کو اپنے دلائل تحریری طور پر پیش کرنے کی اجازت ہے تاہم جب تک کہ فریق مقدمہ حاکم کے سامنے اس کے صحیح ہونے کا زبانی اقرار نہ کر لے اس کے تحریری بیان کو سند نہ مانا جائے گا۔

کسی دعوٰی کے جواب اور ردّ کے لیے اصطلاح "دفع" استعمال کی جاتی ہے - پھر اس لفظ کو وسعت دے کر ہر جواب کو، جو ایک فریق اپنے مقابل فریق کے کسی مخالف استدلال کو ردّ کرنے کے لیے دے، "دفع" کہنے لگے۔

دعوٰی کا بارِ ثبوت مدعی پر ہوتا ہے [البیّنۃ علی المدّعی، رک بہ البیّنۃ]۔ قانونی ثبوت کے طریقے یہ ہیں: اقبال یا اقرار، گواہی (شہادت)، حلف

Marfat.com

(یمین)، طرزِ تحریر (خط) اور قانونی قرائن .

[اثبات دعوٰی کے لیے سب سے زیادہ قوی دلیل مدعیٰ علیه کا اقرار ہے، یعنی مدعیٰ علیه اس بات کو تسلیم کر لے جس کا دعوٰی کیا گیا ہے ۔ مُقِر اپنے اقرار سے پابند ہو جاتا ہے، لیکن صحّتِ اقرار کے لیے ضروری ہے کہ مُقِر بالغ اور عاقل ہو اور اس پر کسی قسم کا جبر نہ کیا جائے، نیز یہ کہ غیر کے خلاف اقرار معتبر نہیں ہوتا، یعنی اقرار کا اثر صرف اقرار کرنے والے تک محدود ہوتا ہے، بخلاف شہادت کے کہ وہ غیر پر بھی اثر انداز ہوتی ہے (البیّنةُ حجةٌ متعدیةٌ، و الاقرارُ حجةٌ قاصرةٌ) ۔ اقرار کے موصوف ہونے کی صورت میں یہ مسئله مختلف فیه ہے کہ آیا ایسا اقرار قابلِ تجزیه ہے یا نہیں، مثلاً قرضے کے دعوٰی میں اگر مدعیٰ علیه یه اقرار کرے کہ اس نے قرضه تو لیا تھا لیکن وہ میعادی ہے تو اس صورت میں احناف اور مالکیّه کے نزدیک اقرار کا تجزیه کیا جائے گا، یعنی قرضے کی حدّ تک تو اس کا اقرار معتبر ہوگا، لیکن باقی کا ثبوت اس سے طلب کیا جائے گا ۔ حنابله اور مذہبِ ظاہری کے پیرووں کے خیال میں اقرار قابلِ تجزیه نہیں ۔ شوافع کے اس مسئله کے بارے میں دو اقوال ملتے ہیں ۔ امام غزالی کی رائے میں اگر مدعی علیه میعادی قرضه کا اقرار کرے تو اقرار قابلِ تجزیّه نه ہوگا اور اگر قرضه کے اقرار کے ساتھ اس کے ادا کر چکنے کا بھی دعوٰی کرے تو اقرار کا تجزیّه کیا جائے گا .

جب مدعیٰ علیه قرضه لے تو وہ حقوقُ العباد میں اپنے اقرار سے انحراف نہیں کر سکتا، لیکن ان جرائم میں جن کی سزائیں اللہ تعالیٰ نے مقرر کر دی ہیں وہ جمہور فقہا (باستثنائے ظاہریون) کے نزدیک انحراف کر سکتا ہے .

اثبات دعوٰی کی تیسری دلیل قسم (یمین) ہے ۔ اگر مدعی شہادت (بیّنة) پیش نه کر سکے تو وہ مدعیٰ علیه سے قسم لینے کا مجاز ہے، لیکن قسم فوجداری مقدمات میں جائز نہیں ۔ اگر مدعیٰ علیه اپنے بری الذّمه ہونے کی قسم کھا لے تو مدعی کا دعوٰی خارج کر دیا جائے گا ۔ اس پر تمام فقہا متّفق ہیں، لیکن اس مسئلے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ مدعیٰ علیه سے قسم لینے کے بعد مدعی گواہی پیش کر سکتا ہے یا نہیں ۔ امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ بن حنبل کے نزدیک شہادت قبول ہوگی کیونکہ شہادت اصل ہے اور قسم اس کی قائم مقام ہے ۔ امام مالک کے نزدیک اس کی گواہی قسم لینے کے بعد قابلِ قبول ہوگی بشرطیکه اسے قسم لینے سے قبل یه علم نه ہو که اس کے پاس گواہ موجود ہے ۔ مذہبِ ظاہری کے مقلّدین کے نزدیک قسم لینے کے بعد مدعی کی گواہی قابلِ قبول نه ہوگی ۔ اگر مدعیٰ علیه قسم کھانے سے انکار کر دے تو اس صورت میں احناف اور امام احمدؒ بن حنبل کی ایک روایت کے مطابق فیصله اس کے خلاف صادر کر دیا جائے گا اور مدعی سے قسم نہیں لی جائے گی کیونکه البیّنةُ علی المدّعی و الیمینُ علیٰ مَن اَنکر ۔ باقی ائمه اور امام احمدؒ بن حنبل کی دوسری روایت کے مطابق مدعی سے بھی قسم لی جائے گی ۔ مذہب ظاہری کے مقلّدین اور ابن ابی لیلٰی کے نزدیک مدعیٰ علیه کو قسم کھانے پر مجبور کیا جائے گا، یعنی اسے مجبور کیا جائے گا کہ یا تو اپنے بری الذّمه ہونے کی قسم کھائے یا اقرار کرے .

مجلة الاحکام العدلیة، (دفعه ۱۷۷۷) میں البیّنةُ علی المدعی کے قاعدے میں ایک استثنا بھی دیا ہے؛ چنانچه وہاں لکھا ہے الامینُ مصدقٌ بیمینه، یعنی اگر مستودع یه دعوٰی کرے که اس نے مودِع کو امانت واپس کر دی ہے اور مودِع وصول پانے سے انکار کرے تو مستودع کی قسم معتبر ہوگی اور اس سے اس دعوٰی کے ثبوت میں شہادت طلب نه کی جائے گی ۔ تمام فقہا نے (باستثنائے مالکیه) اس استثنا کو تسلیم کیا ہے ۔ مالکیه اس استثنا کو صرف اسی صورت میں تسلیم کرتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

جب مودَع نے بغیر گواہوں کے امانت رکھوائی ہو، بصورت دیگر مستودع پر بار ثبوت ہوگا (صبحی محمصانی: فلسفة التشریع فی الاسلام، بار دوم، ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۲ء، ص ۲۲۷؛ اقرار اور یمین کے لیے دیکھیے وہی مصنف: کتاب مذکور، ص ۲۳۰ تا ۲۳۲ و ۲۴۹ تا ۲۵۵ نیز اردو ترجمہ)].

شہادت کی ایک خاص شکل تَواتُر ہے۔ تواتُر کے معنیٰ یہ ہیں کہ کثیر التّعداد اَشخاص گواہی دیں (ایک عام مسلّمہ رائے کے مطابق اور یہ تعداد اتنی بڑی ہو جس سے عقلی طور پر فریب اور جھوٹ کا اِمکان زائل ہو جائے۔ تواتر کی صورت میں یہ ضروری نہیں کہ گواہی کی سخت شرطوں کا اعتبار کیا جائے، مثلاً یہ کہ گواہ کو شخصی طور پر اس واقعہ کا علم ہو جس کی وہ گواہی دے رہا ہے، یا یہ کہ وہ اخلاقاً ثقہ ہو (عدل [رکّ باں] سے متصف ہو) باوجود اس کے تواتر، سوائے اقبال (اقرار) کے، تمام طریقِ اِثبات سے افضل ہے۔

اثبات دعوٰی کے لیے تحریر (=خط) بجاے خود کوئی وقعت نہیں رکھتی؛ یہ اسی وقت صحیح طریقِ ثبوت ہوگی جب معتبر گواہ اس کی زبانی تصدیق بھی کر دیں۔ جب مدعی کے ساتھ مدعٰی علیہ خود بخود حاضر نہ ہو تو اس میں اختلاف ہے کہ آیا صرف مدعی کی حاضری سے اور دعوٰی پیش کر دینے سے دعوٰی صحیح قرار دیا جائے گا اور مقدّمے کی کارروائی شروع کر دی جائے گی یا یہ کہ کارروائی شروع کرنے کا اور مدعٰی علیہ کے نام لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا جب تک کہ قاضی پہلے تفتیش کر کے اس کا اطمینان نہ کر لے کہ مقدمے کی کارروائی شروع کرنے کے لیے کم سے کم واضح اور ظاہر وجوہ موجود ہیں۔

اثبات دعوٰی کا اصول ایک شرعی اصول ہے، ان معنوں میں کہ جب دعوٰی کا ایسا ثبوت بہم پہنچا دیا جائے جو قانونی تقاضوں کو پورا کرتا ہو اور ان واقعات کے مخالف نہ ہو جن پر دعوٰی کا دار و مدار ہے تو قاضی کو مقدمے کا فیصلہ اس ثبوت کے مطابق کرنا پڑے گا، خواہ اس کا اپنا دلی یقین کچھ ہی ہو۔ بنابریں فیصلہ کی حسب ذیل صورتیں ہوں گی: ایسے مقدمے میں جہاں فریقین، جن میں سے ہر ایک کسی چیز کے واحد مالک ہونے کا دعوٰی کرتا ہے، اپنے اپنے دعوے کے ثبوت میں باقاعدہ قابلِ قبول دلائل پیش کر دیں تو قاضی کا فرض ہوگا کہ یہ فیصلہ کر دے کہ یہ دونوں اس چیز میں برابر کے حصّہ دار مالک ہیں، یا ایک راے یہ بھی ہے کہ ایسی صورت میں قرعہ اندازی ضروری ہو جائے گی اور جس کے نام قرعہ نکلے گا اسے اس چیز کا مالک قرار دیا جائے گا (مگر یہ فریقین کی رضامندی سے ہوگا).

[قاضی القضاۃ کی عدالت میں مرافعہ کے لیے گنجائش ملتی ہے، لہٰذا عدالتوں کے درجات اور مرافعہ اسلام میں روا ہیں]، لیکن اس ضابطے کی دو اہم مستثنیات ہیں: اوّل تو جس علاقے میں یا جس زمانے میں "مظالم" کی بابت باضابطہ کارروائی کرنے کا انتظام ہو، ہر شخص جسے یہ گمان ہو کہ باقاعدہ سرکاری محکموں میں اس کے ساتھ بے انصافی ہوئی ہے، وہ اس کی تلافی کا مطالبہ اس طرح کر سکتا ہے کہ خود سلطان کے حضور میں ایک درخواست پیش کرے؛ دوسرے یہ کہ مقدمہ اسی قاضی کے پاس دوبارہ دائر کر دیا جائے، یا پہلے فیصلہ کرنے والے قاضی کے جانشین کے پاس یا فی الواقع کسی قاضی کے پاس جو دیگر وجوہ سے سماعت کا مجاز ہو، تاکہ وہ نئے سرے سے مقدّمے کا فیصلہ کرے۔ مستند فقہا کا اس راے پر اتّفاق ہے کہ ایک فیصلے کے خلاف کارروائی ہو سکتی ہے اور مناسب حالات کے اندر وہ واپس لیا جا سکتا یا منسوخ کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اس میں کسی مسلّمہ ضابطۂ قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہو.

سلطنتِ عثمانیہ میں قانونِ اسلام کے آخری، رحلے

Marfat.com

میں جو صورت تھی وہ اس مجموعۂ قوانین سے ظاہر ہوتی ہے جسے ۱۸۷۰ اور ۱۸۷۷ء میں مجلۃ الاحکام العدلیۃ کے نام سے شائع کیا گیا - اس مجموعۂ قوانین میں دعوے کے قدیم طریقے کی بعض جزئیات میں ترمیم کی گئی، جس میں خاص طور پر قابلِ لحاظ امر یہ ہے کہ تحریر یا وصیت نامے کا بجائے خود اثبات دعوٰی کے سلسلے میں مؤثر ہونا تسلیم کیا گیا (دفعہ ۱۷۳٦)، نیز نزاع فیصلہ شدہ (res Judicata) کا اصول مانا گیا (دفعہ ۱۸۳۷) - اور یہ کہ فریق مقابل کی غیر حاضری میں کارروائی کی صورت کیا ہونی چاہیے (دفعہ ۱۸۳۳ ببعد) - ان ترمیمات کے ساتھ ساتھ عدالتی نظام کی بھی یورپ کے نمونہ کے مطابق تجدید ہوتی رہی، جس کی بنیاد قاضیوں کی مشترکہ عدالت (bench)، اور عدالتوں کے درجاتی نظام پر رکھی گئی اور محکمۂ عدالت میں مرافعہ (=اپیل) کرنے کے طریقے رائج کیے گئے.

**مآخذ**: (۱) کتب فقہ میں ''باب الدعوٰی''؛ (۲) ابن عبدالرحمٰن: رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ [مصر ۱۳۷۹ھ/ ۱۹٦۰ء، ص ۳۱۷ تا ۳۲۸]؛ (۳) مجلۃ، دفعہ ۱٦۱۳ ببعد؛ (۴) Querry : *Recueil de lois concernant les musulmans schyites*، پیرس ۱۸۷۷ء، ۲ : ۳۸۵ ببعد؛ (۵) T. W. Juynboll : *Handbuch des islamischen Gesetzes*، لائڈن ۱۹۱۰ء، ص ۳۱۳ ببعد؛ (٦) L.Milliot : *Introduction à l'étude du droit musulman*، پیرس ۱۹۵۳ء، ص ٦۸۳ ببعد؛ (۷) M. Morand : *Études de droit musulman algérien*، الجزائر ۱۹۱۰ء، ص ۳۱۳ ببعد؛ (۸) E. Tyan : *Histoire de l'organisation Judiciaire en pays d'islam*، ج ۲، Lyons ۱۹۴۳ء، ص ۲۱ ببعد، ۱۳۱ ببعد، ۳۹۰ ببعد، ۴۷۷ ببعد؛ (۹) وهی مصنف : *La procédure du defaut en droit musulman*، در *Stud. Isl.*، ۱۹۵۷ء، ص ۱۱۵ ببعد؛ (۱۰) التهانوی : کشاف اصطلاحات الفنون، بذیل مادہ؛ (۱۱) البستانی : دائرۃ المعارف، بذیل مادہ؛ (۱۲) صبحی محمصانی : فلسفۃ التشریع فی الاسلام، بار دوم، ۱۳۷۱ھ/ ۱۹۵۲ء، ص ۲۲۳ تا ۲٦۱، اردو ترجمہ از مولوی محمد احمد رضوی، لاہور بدون تاریخ، ص ۲۵۳ تا ۳۰۲؛ (۱۳) عبدالرحیم : *The Principles of Muhammadan Jurisprudence*، لاہور ۱۹۵۸ء، ص ۳٦۴ تا ۳۸۲، اردو ترجمہ از مولوی مسعود علی، ص ۴۰٦ تا ۴۳۰].

(E. TYAN [و ادارہ])

## دُفّار : رکّ بہ ظَفّار.

## دَفْتَر : (ف) تاگے سے سیا ہوا یا مجلّد کتابچہ،

یا رجسٹر، زیادہ محدود یا خاص معنوں میں حساب لکھنے یا خطوط کا اندراج کرنے کی کتاب، جو انتظامی اداروں میں استعمال ہوتی ہے - اس لفظ کا اصل مأخذ یونانی لفظ διφθέρα بمعنی ''کھال'' ہے، اور اس لیے اس کے معنی لکھائی کے لیے تیار کردہ کھال بھی ہیں - یہ لفظ چرمی کاغذ یا زیادہ عمومی طور پر لکھائی کے سامان کے مفہوم میں قدیم یونانی زبان میں پہلے ہی سے مستعمل تھا، پانچویں صدی قبل مسیح میں. ہیروڈوٹس (Herodotus، ۵ : ۵۸) بیان کرتا ہے کہ اس کے اپنے زمانے کے بعض غیر مہذب لوگوں کی طرح آئی اونیوں (Ionians) بھی پہلے زمانے میں کھالوں پر لکھا کرتے تھے اور اصطلاح کھال (diphthera) کا اطلاق اس وقت تک بھی اوراق بردی (papyrus) پر کیا کرتے تھے - چوتھی [صدی میں] Ctesias (در *Diodorus siculus*، ۲ : ۳۲، قب A. Christensen: *Heltedigtning og Fortaellingslitteratur hos Iranerne i Oldtiden*، کوپن ہیگن ۱۹۳۵ء، ص ۹۹ ببعد) نے قدرے غیرمحتاط طور پر دعوٰی کیا ہے کہ اس کی کہانیاں غالباً ایران کی شاہی دستاویزات پر مبنی ہیں - یہ لفظ قبل اسلام بلکہ زمانۂ قبل مسیح کی یہودی - آرامی تحریروں میں بھی پایا جاتا ہے (V. Gardthausen : *Griechische Paläographie*، بار دوم، لائپزگ ۱۹۱۱ء، ۱ : ۹۱ ببعد؛ M. Jastrow : *A Dictionary of the Targumim*,

etc.، بار دوم، نیو یارک ۱۹۲۶ء، ص ۳۰۳ ببعد) ۔ اس لفظ کو ایک ایرانی اصل [دیپ] بمعنی "لکھنا" سے (جو دبیر، دیوان میں بھی پائی جاتی ہے) اخذ کرنے کی کوششیں معقول معلوم نہیں ہوتیں؛ لیکن دوسری طرف عرب مصنّفین کی شہادت کے پیشِ نظر، گمان یہ ہے کہ [اس کی اصل کچھ ہو] یہ لفظ فارسی کے ذریعے عربی زبان میں پہنچا ۔

۱ ۔ زمانۂ قدیم (کلاسیکی) : ابتدائی عہد اسلامی میں دفتر کی اصطلاح بظاہر کتاب یا کتابچے کی مجتمع شکل کے لیے استعمال کی جاتی تھی، برخلاف لپٹے ہوئے کاغذوں یا متفرق اوراق کے ۔ شروع میں اس کا استعمال کاغذ کے دستوں یا کاپیوں پر کیا جاتا تھا، خصوصاً ان اوراق پر جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ بعض احادیث کے جمع کرنے والے اپنے حافظے کی مدد کے لیے اپنے پاس رکھتے تھے؛ بعد میں جب زیادہ ضخامت کے مخطوطات وجود میں آ گئے تو اُن پر بھی اس کا اطلاق ہونے لگا (N. Abbott : *Studies in Arabic Literary Papyri*، ۱، شکاگو ۱۹۵۷ء: ۲۱ تا ۲۴)؛ قب Goldziher : *Muh. St.*، ۲ : ۵۰ تا ۵۲، ۱۸۰ تا ۱۸۱) ۔ پہلی صدی ہجری کے ذاتی کتب خانوں اور اسناد کے مجموعوں کے بارے میں جو روایتیں ہیں، انہیں احتیاط سے پرکھنے کی ضرورت ہے، قب J. Schacht کی توضیحات کُرَیب کے کتاب خانے کی ساختہ روایت کے بارے میں در *On Mūsā b. 'Uqba's Kitāb al-Maghāzi*، *AO*، ۲۱، ۱۹۵۳ء: ۲۹۶ تا ۲۹۷ ۔ عربی کے قدیم ترین اوراق بَرْدی (papyri) کے بارے میں دیکھیے A. Grohmann : *The Value of Arabic Papyri*، در *Proc. of the Royal Soc. of Hist. Studies*، ۱، قاہرہ ۱۹۵۱ء: ۴۳ ببعد).

سب سے پہلے دیوان دفاتر (record office) کی تأسیس بالعموم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منسوب کی جاتی ہے، جنھوں نے فوجیوں کی حاضری اور تنخواہ کا نظام قائم کیا [رک بہ دیوان] ۔ اس نظام کی ابتدائی شکل معلوم نہیں، لیکن کچھ ہی عرصے بعد اس کے تحت اندراجات غالبًا اوراق بَرْدی (papyrus) پر کیے جانے لگے تھے، جو فتح مصر کے بعد خلافت کے انتظامی محکموں میں لکھائی کے لیے عام طور پر استعمال ہونے لگا تھا ۔ اوراق بَرْدی سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصر میں زمین، آبادی اور لگان کے بارے میں یادداشتیں رکھی جاتی تھیں ۔ جو دستاویزیں اب تک باقی ہیں ان میں کاغذ کے دستوں کے ساتھ لپٹے ہوئے کاغذ اور منتشر اوراق شامل ہیں، اگرچہ بظاہر موخرالذکر شکل عام تھی، اور مقابلةً بعد کے زمانے تک عربی میں کوئی کاغذ کا دستہ نظر نہیں آتا (دیکھیے A. Grohmann : *New Discoveries in Arabic Papyri*، *An Arabic Tax-Account Book*، *BIE*، ۳۲، ۱۹۵۱ء : ۱۵۹ تا ۱۷۰) ۔ معلوم ہوتا ہے کہ عام طور پر اموی خلفا بوزنطی دفتری معمولات پر کاربند رہے ۔ وہ اپنی یادداشتوں کے لیے اوراق بَرْدی استعمال کرتے تھے جو کتابی شکل کے لیے موزوں نہ تھے ۔ تاہم ایک اور دفتری روایت بھی موجود تھی ۔ یہ صاف ظاہر ہے کہ ساسانی حکمران اپنے نظم و نسق کے لیے درآمد کیے ہوئے مصری اوراق کی فراہمی پر انحصار نہیں کر سکتے تھے، چنانچہ وہ لکھنے کے لیے مختلف قسم کی تیار کی ہوئی کھالیں بھی کام میں لاتے تھے (قب ابن النّدیم : الفہرست، ص ۲۱) ۔ حسن القُمّی کے قول کی رُو سے جس نے المدائنی کی سند سے الھمدانی کا حوالہ دیا ہے (تاریخ قُم، ص ۸۱)، ساسانی شہنشاہ قباد Kobad نے حُلوان میں زمین کے لگان کا ایک دفتر قائم کر رکھا تھا ۔ اس کی تصدیق بالواسطہ الیعقوبی کے اس بیان سے ہوتی ہے (تاریخ، ۲ : ۲۵۸) جو امیر معاویہؓ کے زمانے میں حلوان سے ساسانی شاہی زمینوں کی فہرستیں حاصل کرنے کے بارے میں ہے (A. K. S. Lambton : *Landlord and Peasant in Persia*، لنڈن ۱۹۵۳ء، ص ۱۵، حاشیہ ۱) ۔ ممکن ہے کہ

Marfat.com

نسبةً شروع کے دور ھی میں بعض فوجی رجسٹر — کم از کم سابق ایرانی صوبوں میں — کتابی شکل میں آ چکے ھوں ۔ البَلاذُری (فتوح، ص ۴۵۰، قاهره ۱۹۰۱ء، ص ۴۵۵) نے لکھا ھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بنو عدی سے کہا : "اگر دفتر تم پر ختم (یُطْبَق) ھو جائے"، اور وہ اس کے مفہوم کی وضاحت یوں کرتا ھے: "اگر تمھارے نام رجسٹر کے آخر میں لکھے جائیں"۔ ابومسلم نے ۱۲۹ھ/[۷۴۶ء-۷۴۷ء] میں خراسان میں اپنے پیروؤں کی تنخواہ کا جو رجسٹر بنایا تھا، اسے خلاف معمول دیوان کے بجاے دفتر کہا گیا ھے (الطبری، ۲ : ۱۹۵۷ تا ۱۹۶۹ء)، مزید دیکھیے N. Fries: *Das Heerwesen der Araber zur Zeit der Omaijaden*، ۱۹۲۱ء، ص ۹؛ W. Hoenerbach: *Zur Heeresverwaltung der Abbasiden, Isl.*، ۲۹، ۱۹۴۹ - ۱۹۵۰ء: ۲۶۳).

دفتری روایت کے مطابق خالد بن بَرْمک پہلا شخص ھے جس نے السَّفّاح کے عہدِ حکومت میں کتاب یا رجسٹر کو مرکزی نظم و نسق میں داخل کیا ۔ اس وقت تک، بقول جہشیاری ورق ۴۵ ب؛ (مطبوعه قاهره، ص ۸۹) دواوین کو صُحُف (منتشر اوراق) میں محفوظ کیا جاتا تھا ۔ خالد نے سب سے پہلے انھیں دفاتر کی شکل میں مرتّب کیا ۔ المَقْرِیْزی (الخِطط، ۱ : ۹۱) اس میں اضافه کرتے ھوے کہتا ھے کہ صُحُف مُدْرَجه (لپٹے ھوے اوراق بَرْدی؟ قب القَلْقَشَنْدی : صُبح، ۱ : ۴۲۳ — أَدْراج مِن کاغذٍ و رَقٍّ) کی جگه جو اب تک مستعمل تھے، دفاتر میں الجُلُود — جلدی کاغذ کے دفتر — استعمال میں لائے گئے۔ کہا جاتا ھے کہ ھارون الرشید کے عہد میں خالد کے پوتے جعفر بن یحیی برمکی نے کاغذ کے استعمال کی ابتدا کی ۔ اس بیان میں کچھ مبالغه بھی شامل ھے ۔ ایک واقعے سے جس کا ذکر جہشیاری نے کیا ھے، (ورق ۹۷ ب؛ مطبوعه قاهره، ص ۱۳۸) یه ظاهر ھوتا ھے که المنصور کے عہد تک بھی سرکاری محکموں میں زیادہ‌تر اوراق بَرْدی مستعمل تھے اور مصر سے ان کی بہم‌رسانی کا خاص خیال رکھا جاتا تھا ۔ ھارون الرشید کے زمانے میں بھی ان کا استعمال جاری رھا، یہاں تک که المعتصم کے بعد کے زمانے میں مصری کاریگروں کی مدد سے سامرّا میں اوراق بَرْدی کا ایک کارخانه قائم کرنے کی ناکام کوشش کی گئی (W. Björkman: *Beiträge zur Geschichte der Staatskanzlei im islamischen Ägypten*، هیمبرگ ۱۹۲۸ء، ص ۷؛ A. Grohmann: *From the World of Arabic Papyri*، قاهره ۱۹۵۲ء، ص ۴۳ ببعد، ۴۵ ببعد، ۵۲؛ *Corpus Papyrorum Raineri Archiducis Austriae*، ج ۳، *Series Arabica*، طبع A. Grohmann: I/i، *Allegemeine Einführung in die Arabischen Papyri*، وی انا ۱۹۲۴ء، ص ۳۲ ببعد، ۴۵ ببعد وغیره) ۔ تاهم بحیثیت مجموعی یه صحیح ھے که عبّاسی خاندان کے بر سر حکومت آنے کے وقت سے لے کر سرکاری دواوین میں دستاویزوں اور حساب کتاب رکھنے کے لیے کتابی شکل کے دفتر کا استعمال عام طور پر ھونے لگا تھا ۔ نویں صدی سے لے کر آئنده عام طور پر کاغذ کا رواج ھو جانے سے اس کے استعمال کو مزید تائید اور توسیع حاصل ھو گئی اور اس وقت سے دفتر کی اصطلاح زیادہ‌تر نظم و نسق سے متعلق رجسٹروں اور دستاویزوں کے مجموعوں کے لیے مخصوص ھوئی ۔ دفاتر کے نظام کو بظاهر سب سے پہلے ایران اور عراق میں فروغ دیا گیا ۔ مصر میں چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی تک اوراق بَرْدی کا استعمال جاری رھا، لیکن دفتر کی مشرق شکل بظاهر کاغذ کے عام طور پر رائج ھونے سے پہلے ھی اختیار کر لی گئی تھی ۔ کاغذ کے دستوں کی شکل میں اوراق بردی کے حساب ناموں کے جو نمونے اب تک موجود ھیں (جن کی کیفیت A. Grohmann: *New Discoveries* ... نے بیان کیا ھے، اور وھی مصنف : ... *New Discoveries*، *BIE*، II، ۳۵،

marfat.com
Marfat.com

۱۹۵۲ - ۱۹۵۳ء: ۱۵۹ تا ۱۶۹) وہ دفاتر کی کیفیت کے بارے میں ان بیانات سے خاصی قریبی مطابقت رکھتے ہیں جو مشرقی ماخذ کی تحریروں میں ملتے ہیں، (دیکھیے نیچے) ۔ مصر سے دفتر کا رواج مغربی اسلامی دنیا تک پہنچ گیا ۔ ۳۷۳ھ/[۹۸۳ء] میں المقدسی (ص ۲۳۹) کو یہ چیز قابل ذکر معلوم ہوئی کہ اندلس کے باشندوں کے پاس جو حساب نامے اور اس طرح قرآن مجید کے جو نسخے موجود تھے وہ چرمی کاغذوں پر لکھے ہوئے تھے (لکھائی کے سامان کے بارے میں مزید دیکھیے جِلد، کاغِذ، قِرطاس، رِقّ، ورق).

دفتر کی اقسام :

حکومت کی اداری تنظیمات میں وسعت پیدا ہو جانے کے ساتھ دفاتر کی نگہداشت ایک ایسا کام ہوگیا جس کے لیے مخصوص صلاحیت اور علمیت کی ضرورت تھی اور اس طرح بہت سے مختلف قسم کے دفاتر وجود میں آ گئے ۔ ملکی نظم و نسق سے متعلق کسی اسلامی ادارے کی دستاویزات اور دفاتر کے بارے میں سب سے پہلا مرتب بیان جو ہمارے علم میں ہے، وہ محمد بن احمد الخوارزمی کا چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے آخر کا ہے ۔ اس میں اس نے مندرجۂ ذیل دفاتر شمار کیے ہیں :

(۱) قانون الخَراج : بنیادی جائزہ، جس کے مطابق خراج وصول کیا جاتا ہے .

(۲) الاوارَج : آوارہ کا معرّب، جس کا مفہوم ہے "منتقل کیا ہوا"؛ ان قرضوں کو ظاہر کرتا ہے جو قانون کی رُو سے افراد کے ذمّے ہوں اور نیز ان اقساط کو جو ان کے بیباق ہونے تک ادا کی گئیں ۔ (اوارج پر دیکھیے تذکرة المُلوک، طبع V. Minorsky، لنڈن ۱۹۴۳ء، ص ۱۴۴، جس کی ترمیم W. Hinz : *Rechnungswesen*، ص ۱۲۰ ببعد کی روشنی میں کرنی چاہیے).

(۳) الرُوزنامج : روزنامچہ، جو رقوم ادا کی گئیں اور جو وصول ہوئیں ان کا روزانہ اندراج .

(۴) الختْمہ : آمد خرچ کا حساب ہر ماہ جَہبَذ [رَکَ بآں] پیش کرتا ہے .

(۵) الختمة الجامعة : سالانہ حساب .

(۶) التأریخ : جمع کا دفتر جو ان ابواب (اقسام مصارف) کو پیش کرتا ہے جنھیں مجموعی طور پر دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ان کی ترتیب میں جمع کی سہولت ملحوظ رکھی جاتی ہے، بشمولیت موازین، جو رقوم ادا کی جائیں، ان کی رسیدیں بھی اس دفتر میں درج کی جاتی ہیں .

(۷) العَرِیْضة: تفریق کا دفتر، ان ابواب کے لیے جن میں دو رقموں کا فرق دکھانے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اسے تین جدولوں (عمودوں) کی صورت میں مرتّب کیا جاتا ہے ۔ اور حاصل تفریق تیسری جدول (عمود) میں ہوتا ہے ۔ یہی شکل اس عریضے کی ہوتی ہے جو اصلی اور ترمیم‌شدہ رقموں کے درمیان فرق ظاہر کرتا ہے ۔ بحالیکہ مؤخّرالذکر بالعموم نسبةً چھوٹا ہوتا ہے، یعنی تخمینے اور جو رقمیں فی الواقع موصول ہوئیں اس میں درج ہوتی ہیں ۔ اصلی اور استخراج کا بظاہر یہی مفہوم ہے نہ کہ آمدنی اور خرچ، جیسا کہ جودت اور اُوزون چارشیلی نے فرض کیا ہے ۔ ترمیم کے مفہوم میں استخراج پر قب اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : مدخل، ص ۲۷۸ اور Hinz : *Rechnungswesen*، ص ۱۸، اصل پر قب الماوردی : الاحکام السلطانیہ، طبع Enger، ص ۳۷۳؛ مطبوعۂ قاہرہ، ص ۲۰۹ ۔ اصطلاح، دفاترِ اصل و استخراج آناطولی کے سلجوقی عہد کے ایک متن میں پائی جاتی ہے، O. Turan : ترکیہ سلجوقلری حقندہ رسمی وثیقہ‌لر، انقرہ ۱۹۵۸ء، متن ص ۲۶ ۔ یہ جدا جدا پہلے اور دوسرے عمودوں میں درج کیے جاتے ہیں، بحالیکہ ان کے درمیان جو فرق ہے اسے تیسرے عمود میں دکھایا جاتا ہے ۔ آخری میزانیں تینوں عمودوں میں سے ہر ایک کے نیچے دکھائی جاتی ہیں .

Marfat.com

(۸) البَرَاءَة [رَکَ بَاں]: لگان ادا کرنے والوں کو جَہبذ [رَکَ بَاں] یا خازن کی طرف سے دی ہوئی رسید (یہ واضح نہیں کہ الخوارزمی کی مراد نقلوں اور رسیدوں کے دفتر سے ہے یا وہ براءۃ کا ذکر محض ایک دستاویز کے طور پر کر رہا ہے).

(۹) المُوافَقَہ و الجماعۃ: جامع حساب و کتاب (حساب جامع) جسے کوئی عامل اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے پر پیش کرتا ہے ۔ اگر اس کی تصدیق اس افسر کی جانب سے ہو جاتی ہے جس کے سامنے وہ اسے پیش کرتا ہے تو اسے مواقَقَہ کہا جاتا ہے، اگر ان میں اختلاف ہو تو یہ محاسبہ کہلاتا ہے .

فوج کے محکمے (دیوان الجَیْش) کا ذکر کرتے ہوئے الخوارزمی یہ فہرست دیتا ہے :

(۱۰) الجریدۃ السُّوداء: جو ہر ایک کمان کے لیے ہر سال مرتّب کیا جاتا ہے ۔ اس میں سپاہیوں کے نام مع ان کے حسب نسب، (اصل و نسل)، حلیہ، راشن، تنخواہ وغیرہ لکھے جاتے ہیں ۔ یہ اس دیوان کا بنیادی مرکزی رجسٹر ہوتا ہے .

(۱۱) رُجْعَۃ : ایک حکم نامہ (حساب)، جسے بخشی (مُعطِی) دُور کے علاقوں میں متعیّنہ افواج کے لیے تنخواہ کے اجرا (طمع) کے بارے میں بحوالۂ دیوان صادر کرتا ہے .

(۱۲) الرَّجعۃ الجامعۃ : مجموعی حکم نامۂ جسے فوج کی تنخواہ، راشن وغیرہ کے ہر ایک عام اجرا (طمع) کے لیے دیوان الجیش کے سر براہ نے صادر کیا ہو.

(۱۳) الصَّکّ: ایک فہرست (عمل، قب Dozy : *Suppl.*، ۲ : ۱۷۵) جو تنخواہ کے اجرا کے لیے درکار ہوتی ہے، اس میں ان لوگوں کے نام مع اعداد و رقوم درج ہوتے ہیں جنھیں کوئی رقم دی گئی ہو ۔ ادائی کی سند کے لیے اس پر سلطان کے دستخط ثبت ہوتے ہیں ۔ خچّر والوں اور ساربانوں سے کرایہ پر کام لینے کے لیے بھی اس فہرست کی ضرورت ہوتی ہے .

(۱۴) المؤامَرۃ: ان احکام کی فہرست جو "طمع" کے نفاذ کے دوران میں جاری کیے جاتے ہیں، جس کے آخر میں اجازت کے طور پر سلطان کے دستخط ہوتے ہیں ۔ اس قسم کا مؤامرہ ہر ایک دیوان تیار کرتا ہے .

(۱۵) الِاسْتِقرار: اس سامان کی فہرست جو اجراء اور ادائی کے بعد باقی رہ جاتا ہے .

(۱۶) المُواصَفۃ: ایک فہرست (عمل) جو رَدّ و بدل (تبادلوں، موقوفیوں، اموات اور ترقیوں) کے احوال و اسباب کی وضاحت کرتی ہے .

(۱۷) الجَریدۃُ المُسَجَّلۃ : سربمہر دفتر، سِجِلّ (مُہر) وہ خط ہے جو کسی ایلچی یا قاصد کو اس بات کا مجاز کرنے کے لیے دیا جاتا ہے کہ وہ منزلِ مقصود پر پہنچ کر کسی بھی عامل سے اپنے سفر کے مصارف وصول کرے ۔ کسی قاضی کا مرتّب کردہ عدالتی فیصلہ (مَحضَر) بھی سجلّ کہلاتا ہے .

(۱۸) الفِہْرِسْت: دیوان کی فہرستوں اور رجسٹروں کے بارے میں معلومات کا مخزن .

(۱۹) الدُّسْتُور: "جماعۃ" کی نقل جو مسودے سے تیار کی جاتی ہے .

آخر میں الخوارزمی تین دفاتر کے نام بتاتا ہے، جنھیں عراق کے کاتب استعمال کرتے تھے، وہ (طبع مذکور کے مطابق) درج ذیل ہیں : (۱) الانجیذج؛ (۲) الاوشنج؛ (۳) الدروزن .

ان میں سے نمبر ۳ کی وضاحت پیمایش زمین کے جائزے (مساحۃ) کے دفتر کے طور پر کی گئی ہے ۔ (الخوارزمی : مفاتیح العلوم، طبع Van Vloten، ص ۵۴ تا ۵۸؛ دیکھیے Mez : *Renaissance*، ص ۱۰۳، انگریزی ترجمہ ص ۱۰۹ ؛ تاہم اس ترجمے میں Mez کا مطلب کچھ زیادہ واضح نہیں کیا گیا ۔ ترکی کے سرکاری محکموں کے تجربے کی روشنی میں اہم ۔ جودت نے الخوارزمی کے متن کا ایک مختصر ترجمہ (دفتر، ص ۸۸ تا ۹۱) ترکی زبان میں کیا تھا ۔ اسمٰعیل حقی

marfat.com
Marfat.com

اُوزون چارشیلی کا مرتّب کردہ ایک اور قدرے زیادہ روان ترکی اختصار بھی ہے، یعنی عثمانلی دولتی تشکیلاتنہ مدخل، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۷۹ تا ۸۰ ۔ مؤخّرالذکر کا ترجمہ جرمن زبان میں B. Spuler نے کیا ہے، بہ عنوان *Iran in früh-islamischer Zeit*، Wiesbaden ۱۹۵۲ء، ص ۳۳۸، حاشیہ ۱ ۔

اغلب یہ ہے کہ الخوارزمی کے بیان کا دراصل عباسی دواوین سے اس قدر تعلّق نہیں جتنا سامانی دواوین سے ہے، تاہم تقریبًا یقینی طور پر اس کا اطلاق بہت حد تک عبّاسی نظم و نسق پر بھی کیا جا سکتا ہے، اور اس کے بیشتر بیانات کی تصدیق ایران اور عراق کے مؤرخین کے ضمنی حوالوں سے ہو جاتی ہے ۔

الخوارزمی کے دفاتر دو بڑے مجموعوں میں منقسم ہیں : مالی اور فوجی، جن پر اب جدا جدا غور کیا جا سکتا ہے ۔

مالی دفاتر : دیوانِ خراج کا سب سے اہمّ دفتر القانون ہے،جو زمین اور لگان کے قابل فصلوں کے جائزے پر مشتمل ہوتا ہے (الماوَردِی : الاحکام السلطانیة، طبع Enger، ص ۳۰۷، طبع قاهره، ص ۲۰۷ میں اصطلاح قانون کا مفہوم یہی معلوم ہوتا ہے) ۔ یہ دفتر لگان عائد کرنے اور وصول کرنے کے کام میں ایک بنیادی حیثیت رکھتا تھا، اور اس طرح اس دیوان کی سرگرمیوں کے لیے اہمّ‌ترین ذریعہ تھا ۔ اصطلاحِ قانون، جسے پہلے ہی الخوارزمی یونانی سے معرّب (یونانیة معرّبة) تسلیم کر چکا ہے، زیادہ تر عراق اور مشرق میں مستعمل تھی، اور تیرھویں اور چودھویں صدی تک بھی اس کا استعمال جاری رہا تھا جبکہ اس سے مراد ایک قسم کا ارضی و مالی جائزہ تھا (V. Minorsky اور M. Minovi : *Nasir al-Din Tūsī on Finance*، BSOAS، ج ۱۰، ۱۹۴۰ء، ص ۷٦۱، ۷۷۳، ۷۸۱ ؛ Hinz : *Rechnungswesen*، ص ۱۳۴ ببعد)۔ بعد کے زمانے میں اس مفہوم میں قانون کی اصطلاح بظاہر متروک ہو گئی تھی اور اس کی جگہ دوسری اصطلاحات نے لے لی تھی ۔ مصر میں اصطلاح مکّلفہ زمین کے جائزے سے متعلق دفاتر کے لیے استعمال کی جاتی تھی، جنھیں ایک 'ماسح' [پٹواری] تیار کرتا تھا اور جن کی ترتیب دیہات کے مطابق ہوتی تھی (Grohmann : *New Discoveries . . .*، ص ۱٦۳) ۔ المَقْریزی: الخِطَط : ۱ : ۸۲) کے مطابق مصر میں ہر تیس سال بعد نیا جائزہ لیا جاتا تھا ۔ (اوراق بَرْدی پر لکھے ہوئے لگان کے مصری دفاتر کے نمونوں کے لیے دیکھیے A. Dietrich: *Arabische Papyri*، لائپزگ ۱۹۳۷ء، ص ۸۱ ببعد، (نیز دیکھیے دفترِ خاقانی، مِساحہ، روک،تحریر اور تپّو).

روزنامج یا روزنامچہ کا ذکر ایک حکایت میں آتا ہے، جو یحیی بن خالد البرمکی کے زمانے سے منسوب ہے ۔ اصطلاحات اور تسمیات کے لیے عربی کا انحصار فارسی پر ہونے کے بارے میں ایک ایرانی ایک عرب پر یوں طنز کرتا ہے "تمھارے کھانا پکانے، پینے پلانے، یہاں تک کہ تمھارے دواوین سے متعلق الفاظ کا انحصار بھی فارسی پر ہے" ۔ آخرالذکر سے متعلق الفاظ کی مثال میں وہ روزنامج کا حوالہ دیتا ہے (محمد بن یحیی الصُّولی : ادب الکاتب، قاهره ۱۳۴۱ھ، ص ۱۹۳ ۔ مِسْکَوَیْہ کی ایک عبارتِ اس چیز پر روشنی پڑتی ہے کہ چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی کے اوائل میں بغداد میں روزنامج کو خزانے میں کیونکر رکھا جاتا تھا ۔ وہ بتاتا ہے کہ ۳۱۵ھ / ۹۲۷ء میں وزیر علی بن عیسی نے ابراھیم بن ایوب (خزانے کا ایک عیسائی مہتمم جسے آئندہ سال میں دیوان الجہبذة کا افسر اعلٰی مقرر کر دیا گیا ۔ عریب : صلتہ تاریخ الطبری، ص ۱۳۵ ۔ نیز اس کے بارے میں دیکھیے الصُّولی: اخبار الرّاضی، ص ۱۹۹ ؛ ھلال الصابی: تحفتہ الامراء فی تاریخ الوزراء ص ۱۳٦، ۲۷۹، ۲۹٦) کو یہ خدمت تفویض کی تا کہ وہ اسے مالی معاملات سے آگاہ کرتا رہے، خزانچی (صاحب بیت المال) کو

marfat.com
Marfat.com

روزانہ مصارف کے بارے میں ہدایات دے اور اسے ہر ہفتے روزنامجات پیش کرنے کا مکلّف بنائے، تاکہ اسے جلد ہی معلوم ہو جائے کہ کیا ادا کیا گیا، کتنا وصول ہوا اور بقایا کیا تھا (ما حلّ وَمَا قبض وَ مَا بقی) [ کذا فی الاصل، لیکن بظاہر ماحلّ وَمَا قُبِض وَمَا بَقِیَ، زیادہ صحیح ہوگا] - اس سے پہلے حساب تیار کرنے کا دستورالعمل یہ رہا تھا کہ ایک ماہالہ گوشوارہ دیوان کے سامنے آئندہ مہینے کے وسط میں پیش کیا جاتا تھا تجارب الامم، طبع Amedroz، ۲ : ۱۵۱ تا ۱۵۲).

اسی تصنیف کے دو اور بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ خزانے کے جس افسر کا کام خَتْمہ تیار کرنا تھا، وہ جِہْبِذ کہلاتا تھا (کتاب مذکور، ص ۱۵۵ و ۱٦۳ - D. S. Margoliouth نے مِسْکَوَیْہ کا جو انگریزی ترجمہ کیا ہے، اس میں وہ ان عبارتوں کا اصطلاحی مفہوم واضح کرنے سے قاصر رہا ہے). المقتدر کے عہد کی دو دستاویزوں سے، جن کا حوالہ تاریخ قُم میں دیا گیا ہے، یہ واضح ہوتا ہے کہ قم اور فارس میں روزنامج سے کیا کام لیا جاتا تھا. یہاں روزنامج محرّر (کاتب) جِہْبِذ سے الگ ہے اور وہ ایک سرکاری عہدیدار ہے - اس کا کام خراج کے سلسلے میں موصولہ رقوم کا اندراج اور ان کی رسیدیں دینا ہے، جو براءۃ [رک بآں] کہلاتی ہیں، اور جہبذ کی کارگزاریوں کا ایک طرح سے محاسبہ کرتا ہے (تاریخ قم، ص ۱۴۹ ببعد؛ دیکھیے Ann. K.S. Lambton : *An Account of the tarikh-i-Qumn*، *BSOAS*، ج ۱۲، ۱۹۴۸ء، ص ۵۹۵؛ C. Cahen : *Quelques problèmes économiques et fiscaux de l'Iraq Buyide* ...، *AIEO*، ج ۱۰، ۱۹۵۲ء، ص ۳۵۵؛ روزنامج پر مزید دیکھیے F. Lokkegaard : *Islamic Taxation In the Classic Period*، کوپن ہیگن ۱۹۵۰ء، ص ۱۴۹، ۱۵۹) - مصر کے ایوبی عہد میں ابن المَمّاتی بدستور سابق روزنامج اور خَتْمہ کی تیاری کو جِہْبِذ کے فرائض منصبی میں شامل کرتا ہے (دیکھیے کتاب قوانین الدّواوین، طبع A.S. Atiya، قاہرہ ۱۹۴۳ء، ص ۳۰۴) - مصر میں روزنامج کی مثالوں کے لیے دیکھیے : Grohmann : *New Discoveries* ...؛ ان سے حساب کتاب کا جو طریق کار مترشح ہوتا ہے، اس کے لیے دیکھیے : C. Leyerer : *Die Verrechnung und Verwaltung* ...؛ نیز دیکھیے حساب اور محاسبہ.

عبّاسی دواوین میں جو دفاتر مستعمل تھے، اُن کے بارے میں متعدّد حوالے مِسْکَوَیہ، ھلال الصابی اور دیگر مصنفین کی تحریروں میں ملیں گے جو خاص طور پر ملکی نظم و نسق سے متعلق معاملات میں دلچسپی رکھتے ہیں - سلطنت کے حسابات کے پیمانے اور پیش کرنے کے طریقے سے متعلق کچھ اندازہ شاہی مداخل و مخارج کے ان چند منفرد اوراقِ میزان سے ہو سکتا ہے جنھیں مورخین نے محفوظ کر رکھا ہے - ان میں سے قدیم ترین جو ہارون الرشید کے زمانے کا ہے، جہشیاری (ورق ۱۷۹ الف، ۱۸۲ ب، مطبوعہ ص ۲۸۱) نے، اور ایک مختلف بیان کی صورت میں ابن خلدون (مقدمہ، ۱ : ۳۲۱ تا ۳۲۴ - Rosenthal، ۱ : ۳٦۱ تا ۳٦۵) نے محفوظ رکھا ہے - (نیز دیکھیے : R. Levy : *The Social Structure of Islam*، کیمبرج ۱۹۵۷ء، ص ۳۱۷ تا ۳۲۰، [۳۰٦ھ/۹۱۸ء] کا ایک میزانیہ ہلال (الوزراء، ص ۱۱ ۲) نے دیا ہے اور اس کا تجزیہ، مع دیگر مآخذ کے A. von Kremer : *Über das Einnahmebudget des Abbasiden-Reiches*، Denkschrift d. Phil. hist. Kl. d. Wiener Ak.، ج ۳٦، ۱۸۸۸ء، ص ۲۸۳ تا ۳٦۲ نے پیش کیا ہے - چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں فرمانروا کی شخصی آمدنی (بیت المال الخاص) کی تفصیل مسکویہ نے دی ہے (Mez، ص ۱۱۵ تا ۱۱٦؛ نیز دیکھیے بیت المال).

فوجی دفاتر: فوجی سپاہیوں کی حاضری کے کاغذات

marfat.com
Marfat.com

اسلامی سلطنت کے آغاز سے ہی وجود میں آ گئے، تھے تاہم یہ قبائلی دفتر فوج کی ان باقاعدہ فہرستوں سے بالکل مختلف نوعیت کے تھے جن کی کیفیت الخوارزمی نے بیان کی ہے ۔ ممکن ہے کہ ابو مسلم پہلا شخص ہو جس نے سپاہیوں کا دفتر مرتّب کیا لیکن یہ دستور العمل عبّاسیوں کے عہد میں یقیناً عام ہو گیا تھا ۔ الخوارزمی کے حواشی کے علاوہ دیوان الجیش سے متعلّق فوجی فہرستوں کے بارے میں ایک زیادہ مفصّل بیان قدامہ کی کتاب الخراج اور فن حرب پر بعد کے ایک گمنام رسالے میں موجود ہے (ترجمہ : وسٹینفلٹ ، در *Das Heerwesen der Muhammedaner* ، گوٹنجن Gottingen ۱۸۸۰ء، ص ۱ تا ۷ ۔ ان دونوں کا، علاوہ دیگر شہادتوں کے، تنقیدی مطالعہ W. Hoenerbach نے کیا ہے : *Zur Heeresverwaltung* ...، ص۲۶۹ ببعد، نیز دیکھیے عطاء) ۔ اسی قسم کی فہرستیں مصر میں فاطمی خلفاء کے دیوان الجیش اور دیوان الرواتب (فوج کا دیوان اور تنخواہ کا دیوان) میں رکھی جاتی تھیں (القلقشندی : صبح الأعشٰی، ۴ : ۴۹۲ تا ۴۹۳ =وسٹینفلٹ : *Die Geographie und Verwaltung von Ägypten*، گوٹنجن ۱۸۷۹ء، ص ۱۹۰ تا ۱۹۱) ۔ فوجی فہرستوں کے لیے عام اصطلاح جَریدہ تھی ۔

سفارتی دفتر: الخوارزمی کا بیان مالیات و اعداد و شمار سے متعلق دفاتر، مال گزاری اور تنخواہ کے دواوین، حساب کتاب، اشیاء کی گنتی، اور اس قسم کی دوسری چیزوں تک محدود ہے ۔ ان کے علاوہ مکتوبات کے مجموعے اور دیگر سفارتی دفاتر بھی ہوتے تھے ، جو دواوین رسائل میں مستعمل تھے ۔ فاطمی دیوان الرسائل میں اس قسم کے جو کاغذات رکھے جاتے تھے ان کی کیفیت مصری کاتب ابن الصّیرفی (۴۶۳ھ/ ۱۰۷۰ء تا ۵۴۲ھ/۱۱۴۷ء) نے بیان کی ہے ۔ اپنی تصنیف قانون دیوان الرسائل (طبع علی بہجت، قاہرہ ۱۹۰۵ء)، ص ۱۳۷ تا ۱۴۱، فرانسیسی ترجمہ از H. Massé، در *BIFAO*، ج ۱۱، ۱۹۱۴ء، ص ۱۰۴ تا ۱۰۸؛ دیکھیے القَلْقَشَنْدی : صبح الاعشٰی : ۱ : ۱۳۳ تا ۱۳۵، جس میں یہ دفاتر قدرے مختلف ترتیب سے درج ہیں، اور Björkman : *Beiträge*، ص ۲۴ تا ۲۵) کی بارھویں فصل میں وہ ان دفاتر اور یادداشت کے کاغذات (تذکرہ؛ Massé نے اس کا ترجمہ "Bulletin" کیا ہے) کی جانب توجہ مبذول کراتا ہے جن کا رکھنا اس دیوان میں ضروری ہے نیز ان کے نگران کی صفات کا بھی ذکر کرتا ہے ۔ اس کے بیان کے مطابق ان کی دیکھ بھال دیوان کے اہم ترین کاموں میں سے ہے ۔ محافظ دفتر کے لیے لازمی ہے کہ وہ قابل اعتماد، جفا کش، محنتی اور کام سے دلچسپی رکھنے والا ہو اور اسے مندرجہ ذیل تذکرے اور دفاتر اُس کی تحویل میں ہونے چاہییں :

۱ ۔ ان اہم معاملات (مہمّات الاُمور) کی یادداشتیں (تذاکیر) جو خط و کتابت میں زیر بحث آ چکے ہیں اور جن کا حوالہ دینے کی آئندہ ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ یہ یادداشتیں (تذاکیر) حوالہ کے کاغذات کے دستوں (اَضابیر ، Massé اس کا ترجمہ "dossier" کرتا ہے) کے مقابلے میں سہل الوصول ہوتے ہیں، لہٰذا جو بھی خطوط وصول ہوں ان سب کو جواب دیے جانے کے بعد مسجِّل (Registrar) کے پاس بھیج دینا ضروری ہے، جو ان پر غور کرے گا اور جو کچھ اس کی اپنی یادداشت کے لیے ضروری ہوگا، اسے درج کر لے گا اور اگر اس کا کوئی جواب بھیجا گیا ہو تو ساتھ ہی اس کو بھی درج کرے گا ۔ وہ ہر ایک معاملے (صَفْقَہ) کے لیے کچھ اوراق، ایک موزوں عنوان کے ساتھ، مخصوص کر دے گا ۔ پھر وہ آنے والے خطوط کو درج کرے گا، یہ لکھے گا کہ وہ کہاں سے آئے، کس تاریخ کو پہنچے ، ان کے مضامین کیا ہیں، نیز یہ کہ ان کا کیا جواب دیا گیا اور بصورت دیگر اگر کوئی جواب نہیں بھیجا گیا ، تو یہ بات بھی لکھ لی جائے گی ۔ وہ یہ

Marfat.com

اندراجات سال کے خاتمے تک جاری رکھے گا اور اس کے بعد ایک نیا تذکرہ شروع کر دے گا۔

۲ - باہر بھیجے جانے والے خطوط میں متضمن اہم احکام (اَوَامِر) کی یادداشت رقم کی جاتی ہے جس میں ان خطوط کے موصولہ جوابوں کے مضامین اور ان کے وصول ہونے کی تاریخیں بھی درج ہوتی ہیں - یہ اس کے تیقّن کے لیے کیا جاتا ہے کہ احکام کی جانب سے بے توجہی نہیں برتی جاتی اور انھیں بغیر جواب دیے نہیں چھوڑا جاتا۔

۳ - ایک دفتر جو متفرّق قسم کے خطوط اور اسناد میں مختلف سرکاری افسروں اور منصب داروں، نیز غیر ملکی حکمرانوں اور باہر کے دیگر خط و کتابت کرنے والوں کے القاب و آداب (دعاء) وغیرہ کی صحیح شکلیں پیش کرتا ہے - ہر ایک منصب یا عہدے (خِدْمة) کے لیے ایک جدا ورق (الورقه المُفْردة) ہونا چاہیے جس پر اس شخص کا نام، اس کا لقب اور اس کے لیے مخصوص دعا لکھی ہوتی ہے - تبدیلیوں اور تبادلوں کے اندراج کی جانب خاص توجہ ضروری ہے۔

۴ - اہم واقعات (الحوادث العظیمه) کا دفتر۔

۵- رسمی لباس (تشریفات) اور اعزازی خلعتوں کی خصوصیات کی وضاحت، جو بوقتِ ضرورت ان کی تیاری میں کام آ سکے - اس ضمن میں یہ بتانا چاہیے کہ ان کی تیاری کے لیے کیا رقوم دی گئیں، اور سلائی کی تفصیلات اور قیمتوں کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔

۶- سال، مہینے اور دن کے مطابق، موصول ہونے والے خطوط کی فہرست، جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ خط کہاں سے آئے، کس تاریخ کو ملے، اور ساتھ ان کا خلاصه، یا ضرورت ہو تو متن کی نقل بھی اس میں درج ہوتی ہے۔

۷- ایسی ہی ایک فہرست باہر بھیجے جانے والے خطوط کے لیے۔

۸- اسناد، اعزازی مناصب، پروانہای راهداری وغیرہ کی فہرست - یہ ماہ بماہ تیار ہونی چاہیے، سال بسال یکجا کی جانی چاہیے، اور ہر نئے سال پر از سرنو شروع ہونی چاہیے۔

آخر میں ابن الصَّیرفی ان خطوط کے عربی تراجم کی ضرورت کا ذکر کرتا ہے جو غیر ملکی رسم الخط جیسے کہ ارمنی، یونانی یا افرنجی (Frankish) میں موصول ہوں۔

القَلْقَشَنْدی کے بیان کے مطابق صبح الاعشٰی، ۱: ۱۳۹، دیکھیے Björkman : *Beiträge*، ص ۳۹) یہ فاطمی دفاتر بالعموم آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کے اختتام تک قاہرہ کے دیوان الرّسائل میں بدستور سابق مستعمل تھے - یہ صاف ظاہر ہے کہ دیوان الرسائل سے متعلق دفاتر اور دستاویزات کے اس نظام کی ابتدا خلافت کے مشرق ممالک میں ہوئی اور وہاں یہ کسی نہ کسی شکل میں قرونِ وسطٰی کے دوران میں باقی رہا - اس کی بعد کی نشوونما کو ترکی مُہِمّهٔ دفتری، احکامِ دفتری، توجیہاتِ دفتری، تشریفاتجی قلمهٔ دفتری کی شکل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

۱۱- ترکی و منگول عہد : وسط ایشیا کے وسیع میدانوں کی رہنے والی ترک و منگول اقوام کے دورِ اقتدار میں حکومت اور نظم و نسق کے بیشتر دیگر شعبوں کی طرح دفتری دستورِ عمل میں بھی نمایاں تبدیلیاں پیدا ہوئیں - ممکن ہے کہ ان میں سے بعض تبدیلیاں چینی اثرات کا نتیجہ ہوں، جو اویغور، قراخطائی اور سب سے بڑھ کر منگولوں کی ایشیائی سلطنت کے ذریعے پہنچے - یہ بات قرینِ قیاس ہے کہ دفاتر کا نظام ایک حد تک مشرق ایشیا کی مثالوں سے متاثر ہوا ہو (مثال کے طور پر دیکھیے الجُوَینی، ۱: ۲۳ تا ۲۵ =Boyle، ۱: ۳۲ تا ۳۴ اور رشید الدین: جامع التواریخ، طبع Blochet، ص ۳۹ تا ۴۰؛ ۵۶ تا ۵۷؛ پیکن Pekin کے دفاتر کے بارے میں دیکھیے کتاب مذکور، ص ۴۸۳)، لیکن اس پورے مسئلے کے متعلق مزید تحقیقات کی ضرورت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عظیم سلجوق حکمرانوں کے عہد میں تنظیم نو کی کچھ شہادت ملتی ہے، لیکن اِس کے باوجود ان کی سلطنت کے، نیز سلجوق آناطولی اور ایوبی مصر کے دفترداروں اور کتاب داروں نے بظاہر سابقہ دور کے بہت سے طور طریقوں کو برقرار رکھا ۔ جو کچھ بھی جدّت نظر آتی ہے وہ بظاہر طریق کار سے متعلق باتوں، بالخصوص اعداد و شمار کی معلومات کے جمع کرنے اور پیش کرنے میں ہے ۔ ترکی سلطنت کے دفتری دستورِ عمل کا کسی قدر اندازہ ابن بی‌بی : الاوامر العَلائیّة، عکسی طبع انقرہ ۱۹۵۶ء، طبع N. Lugal و A. S. Erzi جزو ۱؛ انقرہ ۱۹۳۷ء؛ اختصار Houtsma : *Recueil*، ج ۴؛ جرمن ترجمہ H.W. Duda، کوپن ہیگن ۱۹۵۹ء؛ ترکی ترجمہ از یازیجی اوغلو، Houtsma : *Recueil*، ج ۳ سے کیا جا سکتا ہے ۔ دفاتر دیوانِ اعلٰی میں رکھے جاتے تھے۔ جن میں زمین اور لگان سے متعلّق امور درج ہوتے تھے ۔ جب نئے علاقے فتح ہوتے تھے یا دوبارہ حاصل کیے جاتے تھے، تو نئی پیمائش عمل میں آتی تھی (ابن بی‌بی، ص ۱۴۶؛ انطالیہ، ص ۱۵۳ تا ۱۵۴؛ Sinop، ص ۴۲۸، اَخلاط) ۔ یازیجی اوغلو کا ایک اضافہ (Recueil، ۳ : ۱۰۵؛ ابن بی‌بی میں موجود نہیں) سے یہ منکشف ہوتا ہے کہ عزّالدین کیکاؤس کے دورِ حکومت میں صاحب دیوان کا عہدہ اور مالی دفاتر (اِموال دفاتر) کی نگہداشت خواجہ بدرالدین الخراسانی کے سپرد کی گئی ، جو بلادِ روم من خطّاطی، بلاغت، انشاء، سیاقت اور حساب رک بابِ میں یکتا تھا ۔ اس کے ساتھ ہی خواجہ فخرالدین علی التبریزی کو انشاء اور مکتوبات کی خدمت تفویض کی گئی اور دیوانِ وزارت کے بارہ دفاتر میں سے ہر ایک کسی ماہرِ فن (استاد) کی تحویل میں دے دیا گیا ۔ ایک اور موقع پر امیر عارض کا عہدہ شمس‌الدین کو عطا ہوا، یہ بھی انشاء اور سیاقت میں ماہر تھا (ابن بی‌بی، ص ۱۲۷) ۔ یازیجی اوغلو اس کی مزید وضاحت کرتے ہوے کہتا ہے کہ اس عہدے میں فوجی دفاتر (چری دفتری، Recueil، ۳ : ۱۰۹) ۔ سنجر نے دیوان العرض سے متعاق جو تقرّریاں کیں ان کے لیے دیکھیے کتاب عَتَبَة الکَتَبَة، طبع محمد قزوینی و عباس اقبال، تہران ۱۳۲۹ھ، ص ۳۹ تا ۴۰، ۶۲ تا ۷۳) کی نگرانی شامل تھی ۔ اس تصنیف کی ایک اور عبارت (Recueil، ۳ : ۲۱۰) میں چوبیس دفتروں کا ذکر ہے، بارہ زمین اور مالگزاری سے متعلق دیوانِ وزارت میں اور بارہ سپاہیوں کی فہرستوں، تنخواہ اور جاگیروں سے متعلق دیوانِ عارض میں تھے ۔ یازیجی اوغلو نے ایک نظم نقل کی ہے (ص ۲۵۴ تا ۲۵۵)، جس میں یہی اعداد دُہرائے گئے ہیں، لیکن چونکہ اس نظم میں انھیں اوغوز روایت میں بار بار آنے والے عدد بارہ سے منسلک کر دیا گیا ہے اس لیے ان کا مستند ہونا مشتبہ ہو جاتا ہے ۔ یہی نظم زمینوں کے اندراج کے بارے میں مکمل معلومات مہیّا کرنے کا بھی دعوٰی رکھتی ہے (جودت، ص ۹۱ تا ۹۳).

ایلخانی عہد سے پہلی مرتبہ ہمیں ملکی سرکاری حساب و کتاب پر مفصّل رسائل ملتے ہیں ۔ دو اہم تصنیفیں، فلک علای التبریزی کا سعادت نامہ (مؤلفہ ۷۰۷ھ/۱۳۰۷ء)، اور عبداللہ بن محمد بن کیا المازندرانی کا رسالۂ فلکیّہ (تقریباً ۷۶۷ھ/[۱۳۶۵ - ۱۳۶۶ء]) ذکی ولیدی [طوغان] کی دریافت ہیں اور اس نے ان کا تجزیہ کیا ہے (مغللر دورندہ اندلولن اقتصادی وضیعتی *THITM* ج ۱، ۱۹۳۱ء، ص ۱ تا ۴۲) ۔ ایک مختصر تیموری رسالہ جو تقریباً ۸۴۵ھ/۱۴۴۱ء میں ہرات میں لکھا گیا تھا عدنان ارزی نے دریافت کیا تھا (W. Hinz : *Ein orientalisches Handelsunternehmen im 15 Jahrhundert, Welt des Orients*، ۱۹۴۹ء، ص ۳۱۳ تا ۳۴۰ اور ایک مکمّل میزانیہ (جامع الحساب) مؤرّخہ ۷۳۸ھ/۱۳۳۷-۱۳۳۸ء ذکی ولیدی طوغان کی دریافت ہے ۔ پہلے دو کا تفصیلی مطالعہ W. Hinz :

نے کیا ہے (*Das Rechnungswesen*) اور ان میں سے دوسرے کی ایک تنقیدی طبع بھی اس کی کاوش کا نتیجہ ہے (*Die Reselä-ye Falakiyyä*، Wiesbaden ۱۹۵۲ء)۔ ان تصانیف سے حساب و کتاب رکھنے کے ایک نظام کا انکشاف ہوتا ہے، جو ذیل کے دفاتر پر مبنی ہے:

۱. روزنامہ: روزانہ حساب کی کتاب معرّب شکل روزنامچ، یہ دفتر تعلیق بھی کہلاتا ہے۔

۲. دفتر آوارجہ: رجسٹر نقدی (cash-book)، جو خزانے میں موجودہ رقوم کی میزان پیش کرتا ہے۔

۳. دفتر توجیہات: ادا کردہ رقوم کا دفتر۔

۴. دفتر تحویلات: دفتر ماسبق کی ایک شاخ، جو سامان کی فراہمی اور سرکاری اداروں اور مہموں کو چلانے کے مصارف سے تعلق رکھتا ہے۔

۵. دفتر مُفردات: میزان دفتر، جو آمدنی اور خرچ کو جدا جدا شہروں، ضلعوں اور صوبوں کے مطابق پیش کرتا ہے۔

٦. جامع الحساب: حساب کی جامع کتاب، جس سے سالانہ مالی اطلاعات تیار کی جاتی تھیں۔

۷. قانون: زمین کی پیمائش اور لگان کے تخمینے کی کتاب یا سلطنت کے بندوبستِ اراضی کی یادداشت۔

(ان دفاتر پر اور نیز دستور العمل اور اصطلاحات میں ردّ و بدل کے بارے میں پوری بحث کے لیے دیکھیے Hinz: *Rechnungswesen*، ص ۱۱۳ تا ۱۳۷)۔

مابعد منگول ریاستیں: بہت سے دیگر معاملات کی طرح دفتری طور طریقوں میں بھی مابعد منگول عہد کی مسلمان ریاستیں بظاہر بہت حد تک ایلخانی حکمرانوں کی پیروی کرتی رہیں، چنانچہ ان طور طریقوں میں سے بعض کا استعمال دور دراز ممالک مثلاً مملوک قاہرہ، عثمانلی استانبول اور مغول دہلی تک ہوتا تھا۔ ان میں سے صرف ایک، یعنی عثمانلی سلطنت نے دفاتر کا ایک ایسا مجموعہ چھوڑا ہے جو آج تک باقی ہے، اگرچہ کچھ منفرد دفتر دوسرے ممالک سے بھی دستیاب ہوے ہیں۔ عثمانلی دفاتر دوسری جگہ زیر بحث آ چکے ہیں (دیکھیے باش وکالت آرشوی، دفتر خاقانی، سیاسی، مہمّہ دفتری، سِجل وغیرہ)، لہٰذا ان کے متعلق یہاں کسی بیان کی ضرورت نہیں، یورپ، ایشیا اور افریقہ کے سابق عثمانلی علاقوں سے بھی متعدد دفاتر دستیاب ہوے ہیں۔ ان کی مادی شکل کے بارے میں دیکھیے L. Fekete: *Die Siyaqat-Schrift*، ۱: ۷۰۔

**مآخذ**: (۱) عام بحث کے لیے دیکھیے۔ جودت کا مقالہ مطبوعہ، در معلّم ایم۔ جودتن حیاتی اثرلری و کتبخانہ سی از عثمان ارگین، استانبول ۱۹۳۷ء، ضمیمہ ص ۹۹ تا ۹٦، جو بدقسمتی سے نامکمل ہے؛ (۲) مالی دفاتر کے لیے دیکھیے C. Leyerer: *Studien zum Rechnungswesen der arabischen Steuerämter*، *Aro*، ج ۱۲، ۱۹۳۱ء، ص ۸۵ تا ۱۱۲؛ (۳) وہی مصنّف: *Die Verrechnung und Verwaltung von Steuern im islämischen Ägypten*، *N. F. ZDMG*، ص ۲۸، ۱۹۵۳ء، ص ۴۰ تا ۹۹؛ (۴) W. Hinz: *Das Rechnungswesen orientalischer Reichsfinanz-ämter im Mittelalter*, *Isl.*، ج ۲۹، ۱۹۵۰ء، ص ۱ تا ۲۹، ۱۱۳ تا ۱۳۱؛ (۵) فوجی دفاتر کے لیے دیکھیے W. Hoenerbach: *Zur Heeresverwaltung der Abbasiden*، رسالہ مذکور، ص ۲۵۷ تا ۲۹۰؛ (٦) عثمانلی مالی دفاتر کے لیے دیکھیے L. Fekete: *Die Siyaqat Schrift in der türkischen Finanzverwaltung*، ج ۱، بوڈاپسٹ ۱۹۵۵ء، ص ٦۷ تا ۱۱۰؛ (۷) قاضی کے دفاتر کے لیے دیکھیے خالد اون گان: انقرہ تک، ۱ نومرلی شرعیہ سجلّی، انقرہ ۱۹۵۸ء؛ اور J. Kabrda: *Les anciens registres turcs des Cadis de Sofia et de Vidin*، *Aro*، ج ۱۹، ۱۹۵۱ء، ص ۳۲۹ تا ۳۹۲؛ (۹) صفوی ایران کے لیے دیکھیے V. Minorsky: تذکرۃ الملوک، لنڈن ۱۹۴۳ء؛ (۱۰) وسطی ایشیا پر دیکھیے M. Yuldashev: *The State Archives of XIX century feudal Khiva*، در *Papers by the Soviet Delegation at the xxiv*

marfat.com
Marfat.com

*International Congress of Orientalists, Iranian, Armenian and Central Asian Studies*، ماسکو ۱۹۵۴ء، ص ۲۲۱ تا ۲۳۰؛ بعض دفاتر پورے طبع ہو چکے ہیں - قدیم ترین عثمانی جائزے کا دفتر H. Inalcik نے طبع کیا تھا، بنام ہجری ۸۳۵ تاریخی صورتی دفتر سنجاق آروانید، انقرہ ۱۹۵۴ء؛ گرجستان Georgia کا ایک عثمانلی دفترِ جائزہ S. Jikia نے طبع کیا تھا، بعنوان *Gurjistanis viliaethis didi davthari*، دفتر مفصّلِ ولایت گرجستان، ولایت گرجستان کا بڑا دفتر، ج ۱، ترکی متن، ج ۲، گرجی ترجمہ : *Izdatel'stvo Akademii Nauk Gruzinskoy SSR*، تفلیس، ۱۹۴۱ء تا ۱۹۴۷ء .

(B. Lewis)

* **دفترِ امینی :** ایک لقب جو سلطنت عثمانیہ میں دفتر خاقانی [رک بآں] کے ناظم کو دیا جاتا تھا .

* **دفتر خاقانی :** اُن دفاتر کا مجموعہ جن میں اس پیمائش کے نتائج درج کیے جاتے تھے، جو عثمانی دور میں گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے شروع تک ایک قدیم انتظامی و مالی دستور کے مطابق ہر تیس یا چالیس سال بعد عمل میں آتی تھی .

شاہی دفاتر یا دفتر خاقانی شروع میں سلطنت کے دیہاتوں اور شہروں کے بالغ ذکور کی فہرست پر مشتمل ہوتے تھے اور اس میں ان لوگوں کے ناموں اور ولدیت کے ساتھ ساتھ ان کی قانونی حیثیت، جس معاشی اور معاشرتی طبقے سے وہ تعلق رکھتے تھے، اس کے مطابق ان کے حقوق و استحقاقات، اور جو زمینیں ان کے پاس تھیں، ان کی حدود کے بارے میں معلومات مہیا کی جاتی تھیں .

ان دفاتر میں زمین کے استعمال کی شکل (کھیت، پھلوں کے باغیچے، انگور کے باغات، دھان کے کھیت وغیرہ)، چکیوں کی تعداد، بھیڑوں اور شہد کی مکھیوں کے چھتوں کے متعلق بھی بہت سی معلومات ہوتی ہیں جن سے یہ بھی منکشف ہوتا ہے کہ ان کی اندازا کتنے اسپر (aspers، ترکی کا چاندی کا سکہ) قیمت ہے .

تاہم ان دفاتر میں مندرجہ مالیہ سے متعلق معلومات اس زرعی فہرست تک محدود نہیں ہوتیں - ان میں ماہی گیری کے مقامات اور معدنیات کی کانوں کا بھی حوالہ موجود ہے اور اسی طرح محاصل چنگی، میلوں، منڈیوں اور ترازو گھروں سے آمدنی کے بارے میں اور ساتھ ہی ان کے وقوع کی جگہوں، ان کے قواعد و ضوابط، اور کاروبار کی کیفیت اور کمیّت کے متعلق بھی معلومات درج ہیں .

دفتر خاقانی کی جانب رجوع کرنے سے ہم ملک کے محاصل کی سرکاری زمینوں، فوجی جاگیروں، اوقاف اور نجی جائیدادوں (مُلک) کے درمیان تقسیم کے بارے میں بھی صحیح اندازہ کر سکتے ہیں - فی الواقع یہ دفاتر ایک ایسے جائزے پر مشتمل ہیں، جو ہر زرعی زمین کی ملکیت کی شکل، ان تبدیلیوں کی اجمالی کیفیت کے ساتھ پیش کرتا ہے، جو اس میں یکے بعد دیگرے واقع ہوئیں .

ان دفاتر کی تالیف کا سبب سلطنت کی انتظامی تنظیم تھی - زیادہ تر عثمانی عہدیدار- شہری اور فوجی—دونوں، اپنی تنخواہیں مرکزی حکومت کے میزانیے سے حاصل نہیں کرتے تھے،لیکن اس کے عوض میں انھیں اپنے طور پر کسی مقررہ علاقے پر لگان عائد کرنے کی اجازت دی جاتی تھی؛ چنانچہ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے شروع میں صرف "تیماروں" (جاگیروں) پر تصرف رکھنے والوں کو، جن کی تعداد بڑھ کر تقریبًا پینتیس ہزار تک پہنچ گئی تھی، ان لگانوں کا نصف سے زیادہ حصہ ملتا تھا، جو سلطنت کی سر زمین پر عائد تھے- مزید برآں یہ تناسب پوری سترھویں صدی عیسوی کے دوران میں بڑھتا رہا اور ساتھ ہی تیمارداروں (جاگیرداروں) کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا گیا .

اس نظام کو کامیابی سے عمل میں لانے کے لیے سلطنت کے محاصل کے مختلف ذرائع کی ہر ایک تفصیل

marfat.com
Marfat.com

کی معرفت اور کسی معیّن دور میں ان کی تبدیلوں کی سلسلہ وار پیروی ایک لازمی امر تھا ۔ اس طرح یہ اندازہ کرنا ممکن تھا کہ کیا تنخواہیں، جن کی رقوم دفاتر میں درج ہوتی تھیں، اور اقطاع (عطائی جاگیر) کے کاغذات براتِ [رک بآں])، جن کا اجرا ان سے مستفید ہونے والوں کے لیے کیا جاتا تھا، ان لگانوں سے مطابقت رکھتے ہیں جو فی الواقع عائد کیے جاتے ہیں ۔ توسیع کے دور میں، جب کہ آبادی اور سلطنت کے وسائل میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا، اکثر و بیشتر ہونے والے جائزے سلطنت کے محاصل میں ہمیشہ نئی فاضل مقداروں کی نشان دہی کرتے تھے، لیکن گیارھویں صدی ہجری/ سترھویں صدی عیسوی اور اس کے بعد کے زمانے میں ملکی معاملات میں بدنظمی کی وجہ سے مرکزی حکومت کو ان جائزوں پر عمل درآمد کرنے کے لیے ضروری اختیار حاصل نہ رہا ۔ علاوہ ازیں تیماروں کے نظام میں خلل پیدا ہونے کی وجہ سے ان اقدامات کا فائدہ بھی موہوم ہو گیا ۔

ان مفصل دفاتر کے علاوہ، جن میں جائزوں کے نتائج ترتیب وار درج کیے جاتے تھے، کچھ معاون دفتر بھی درکار ہوتے تھے، جو تیماروں کی تقسیم میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کو ضبط کرنے میں کام آتے تھے، جس کی وجہ سے ان اضافوں اور ترمیموں کو درج کر لیا جاتا تھا جن کا شامل کرنا "مفصل دفاتر" میں ضروری ہو جاتا تھا ۔ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے شروع میں جو نظام رائج تھا اس کے لیے دو بلکہ تین قسم کے معاون دفاتر استعمال کیے جاتے تھے ۔

۱ - دفترِ اجمال یا "فہرست بالاختصار": یہ مفصل دفتر پر مبنی ایک مختصر سا دفتر ہوتا تھا، جس میں باشندوں کے نام مذکور نہیں ہوتے تھے، اور محض محاصل کو ہر ایک "وحدت" کے لیے مجموعی رقوم کے طور پر پیش کر دیا جاتا تھا ۔ دفترِ اجمال میں کسی ایک سنجاق کی ہر قسم کی ملکیّت درج ہو سکتی تھی، لیکن عام طور پر وہ ایک یا دو قسموں تک محدود ہوتا تھا؛ چنانچہ تیماروں، یعنی تیمارداروں کی فہرستیں مع ان کے محاصل کے بارے میں مختصر بیانات کے رکھی جاتی تھیں نیز شاہی اراضی اور جاگیروں کی بھی فہرستیں بھی ۔

۲ - دفترِ دردست یا "تغیّرات کا دفتر" : یہ دفتر ان دیہاتوں یا شہروں کی فہرست پر مشتمل ہوتا تھا، جو فوجی جاگیروں کے مرکزی حصّے کی تشکیل کرتے تھے ۔ ان سے وہ تبدیلیاں سامنے آتی ہیں جو ہر جاگیر میں یکے بعد دیگرے واقع ہوئی تھیں، اور اس کو دیکھ کر عمّال بآسانی یہ معلوم کرسکتے تھے کہ کون سی جاگیریں لاوارث ہونے کی وجہ سے حکومت کے قبضے میں آگئیں، یا ان پر اب کوئی متصرّف نہیں رہا ۔

۳- دفتر روزنامچ یا "روزمرہ کی کتاب"، جس میں حسب موقع عطائی جاگیر کے ان کاغذات (برات) کی نقل درج کر لی جاتی تھی جن کا اجرا نئے جاگیرداروں کے حق میں ہوتا تھا ۔

ہر مرتبہ جب کوئی نیا جائزہ لیا جاتا تو پرانے دفاتر کو نئے دفاتر سے بدل دیا جاتا اور انھیں دفتر خانے کے پرانے کاغذات میں رکھوا دیا جاتا تھا ۔ ایک مستقر سے دوسرے مستقر کو منتقل کیے جانے کے دوران میں پرانے دفتر کا بیشتر حصّہ کھو جاتا یا تلف ہو جاتا تھا، تاہم باش وکالت آرشوی واقع استانبول میں تقریباً ایک ہزار دفتر باقی ہیں اور علاوہ ان کے بعض ترکی اور غیر ملکی محافظ خانوں اور کتب خانوں میں چند دفتر موجود ہیں ۔ ان دفاتر میں سے بعض ایسے ہیں جو سلطان مراد ثانی (۸۲۴ھ / ۱۴۲۱ء تا ۸۵۵ھ/ ۱۴۵۱ء) اور سلطان محمد ثانی فاتح (۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء تا ۸۸۶ھ/ ۱۴۸۱ء) کے عہد کے ہیں اور جن میں اس عہد سے پہلے کے جائزوں کا حوالہ ملتا ہے ۔

پیمائش اور زمین سے متعلق دفتر خانے واقع انقرہ کے پرانے کاغذات کے شعبے میں ایسے دفاتر کا ایک مکمل مجموعہ موجود ہے، جو سلطان سلیم ثانی (۹۷۴

marfat.com
Marfat.com

تا ۹۸۲ھ/۱۵۶۶ تا ۱۵۷۴ء) اور سلطان مراد ثالث (۹۸۲ تا ۱۰۰۳ھ/۱۵۷۴ تا ۱۵۹۵ء) کے عہدِ حکومت کے آخری جائزوں سے متعلّق ہے ۔ ان دفاتر میں ان جائزوں کے نتائج کا اضافہ کر دیا گیا ہے جو ایسے صوبوں مثلاً اقریطش Crete میں عمل میں آئے، جو بعد میں فتح ہوا یا جیسے کہ موریا Morea جسے اہل وینس Venetians سے دوبارہ حاصل کیا گیا ۔ آج تک بھی مقدمات میں بعض نادر موقعوں پر اس مجموعے سے استفادہ کیا جاتا ہے ۔

اس مجموعے میں "مفصل دفاتر" کی تعداد ۴۲۵، "مختصر فہرستوں" (اجمال) کی ۱۱۶، "تغیرات کے دفاتر" (دِردِمت) کی ۱۶۹ اور "روزانہ دفاتر" (روزنامچہ) کی ۱۳۶۳ جلدیں ہیں ۔ "مفصل دفاتر" میں سے ہر ایک میں تقریباً ۳۰۰ صفحات ہیں جن کا عرض ۱۵ سینٹی میٹر اور طول ۴۲ سینٹی میٹر ہے ۔

تین صدیوں سے زائد عرصے کے دوران میں، جو آخری جائزے سے لے کر اب تک گزر چکا ہے، جب کبھی نئے اوقاف کے وجود میں آنے پر بعض زمینوں کی قانونی حیثیت میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کو درج کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو ایسے ہر موقع پر ان کاغذات میں ترمیم کر کے انھیں وقت کے مطابق کر دیا گیا ۔ اس واقعہ سے ان دفاتر کی قدر و قیمت میں اور اضافہ ہو جاتا ہے کہ ان میں بعض عدالتی فیصلے درج کیے گئے ہیں جو جاگیردار افراد کے حق میں کیے گئے تھے اور جن کا تعلق گانوں اور چراگاہوں کی حدود سے متعلق مقدمات سے ہے ۔ پھر بھی یہ سمجھنا غلط ہوگا کہ دفتر خانے کے طے کردہ سب معاملات کو ان دستاویزوں میں جگہ دی گئی ہے ۔

بعض مصنفین نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ دفترِ خاقانی اراضی کا دفتر ہے ۔ لیکن شاہی زمینوں (اراضی میریّہ) کے نظام میں کاشت کار کبھی بھی اس زمین کا مالک نہیں ہوتا تھا، جو محض اتفاقاً اس کے تصرّف میں ہوتی تھی، اور اس لیے وہ اس کا حقِ ملکیّت فروخت نہیں کر سکتا تھا ۔ یہ صحیح ہے کہ وہ اپنی زیر کاشت زمین کے حقِ تصرف کو منتقل کر سکتا تھا، لیکن اس کارروائی کو جو مقامی زمیندار (سپاہی) کی زیر نگرانی اور اس کی اجازت سے عمل میں آتی تھی، شاہی دفاتر میں اندراج کا موضوع نہیں بنایا جاتا تھا ۔ دفتر اراضی انیسویں صدی عیسوی کے وسط میں جا کر ترکی میں اس اصطلاح کے موجودہ مفہوم میں قائم کیا گیا .

**مآخذ:** (۱) Ö. L. Barkan: *Les grands recensements de la population et du territoire de l'Empire Ottoman*، در *Revue de la Faculté des Sciences Economiques de l'Université d'Istanbul*، ج ۲، ۱۹۴۰ء، ص ۲۱ تا ۲۴، ۱۶۸ تا ۱۷۹؛ (۲) وہی مصنف: *Essai sur les données statistiques des registres de recensements dans l'Empire Ottoman aux XVème et XVIème siècles*، *JESHO*، ج ۱، حصہ ۱، ۱۹۵۷ء؛ (۳) B. Lewis: *The Ottoman Archives as a Source for the History of the Arab lands*، *JRAS*، ۱۹۵۱ء، ص ۱۳۹ تا ۱۵۵؛ (۴) وہی مصنف: *Studies in the Ottoman Archives*، *BSOAS*، ج ۱۶، حصّہ ۳، ۱۹۵۴ء، ص ۴۶۹ تا ۵۰۱؛ (۵) H. Inalcık، ہجری ۸۳۵ تاریخی صورتِ دفتر سنجاق آرونید، انقرہ ۱۹۵۴ء؛ (۶) آئی۔ایچ۔ اوزون چارشیلی: عثمانلی دولتن مرکز و بحریہ تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۸ء، ص ۹۵ تا ۱۱۰؛ (۷) L. Fekete: *Die Siyāqat-Schrift in der türkischen Finanzverwaltung*، بوڈاپسٹ، ۱۹۵۵ء؛ نیز دیکھیے، باش وکالت آرشیوی، دفتر، تحریر، تپو .

(Ö. L. BARKAN)

* **دفتر دار:** ترکی میں دِفتردار (defterdār)، دفتر [رک بآں] کا رکھنے والا، محکمہ مال کے اعلٰی افسر کے لیے عثمانی اصطلاح جو مشرق اسلامی دنیا کی اصطلاح مُستَوفی [رک بآں] سے مطابقت رکھتی ہے ۔ القلقشندی کے قول کے مطابق (صُبح، ۳ : ۴۸۵،

Marfat.com

۴۹۴، ۵۲۵، ۵۲۶) صاحب الدفتر کا لقب فاطمی نظم و نسق میں اس افسر کے لیے پہلے ہی سے موجود تھا جو دفتر المجلس، یعنی حساب و محاسبہ کے دفتر کا مہتمم ہوتا تھا ۔ لقب دفتر خوان — دفتر پڑھنے والا، سلطان صلاح الدین کے وقت میں دکھائی دیتا ہے (*Three Biographies from Kamāl ad-Dīn* : B. Lewis) در فؤاد کوپرولو ارمغانی، استانبول ۱۹۵۳ء، ص ۳۴۳)، اور اسلامی مغرب میں دوبارہ مستعمل ہوا (المقّری : *Analectes*، ۱ : ۶۶۰) ۔ لقب دفتردار کی ابتدا بظاہر ایلخانوں کے ساتھ ہوئی جنھوں نے دفاتر مرتّب کرنے اور ان کی نگرانی کرنے کے لیے دفتردار دیوان ممالک یا دفتردار ممالک کا تقرر کیا (اوزون چارشیلی : مدخل، ص ۲۲۹ تا ۲۳۰)؛ کوپرولو: *Bizans*، ص ۲۰۴ تا ۲۰۵؛ Hammer : *Geschichte der Goldenen Horde*، Pest ۱۸۴۰ء، ص ۴۹۷ تا ۵۰۱) .

نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی اور اس کے بعد کے ترکی قانون ناموں سے سلطنت عثمانیہ میں دفتر دار کے عہدے کا ارتقا ظاہر ہوتا ہے ۔ سلطان محمد ثانی کے قانون نامے میں سردفتردار پہلے ہی سے ایک اونچے درجے کا ملازم ہوتا تھا جو وزیراعظم کی عام نگرانی کے ماتحت سلطانی مالیات کا ذمے دار افسر (وکیل) ہوتا تھا (قانون نامۂ آل عثمان، *TOEM* ضمیمہ، استانبول ۱۳۳۰ھ، ص ۱۰) ۔ اس کا نام وزیراعظم کے نام کے فوراً بعد آتا تھا اور رتبے کے لحاظ سے وہ اس کے مقابلے کا تھا ۔ دیوان میں اس کی نشست وزیر اعظم اور دو قاضیانِ عسکر کے فوراً بعد ہوتی تھی، اور ان کی طرح اسے بھی اپنے دائرہ اختیار کے اندر فرامین جاری کرنے کا حق حاصل تھا ۔ اسے سلطان سے ملاقات کرنے کا ذاتی حق بھی حاصل تھا، جو اسے خوش آمدید کہنے کے لیے کھڑا ہوجاتا تھا (کتاب مذکور، ص ۱۰ تا ۱۱، ۱۶ تا ۱۷، ۲۳ تا ۲۵) ۔ اس کے فرائض منصبی میں محاصل و مخارج کی ایک سالانہ روئداد یا میزانیہ پیش کرنا شامل تھا جس کے صِلے میں اس کو ایک خلعت عطا کی جاتی تھی ۔ اس کی خدمات کا معاوضہ یا تو چھ لاکھ اسپر aspers کی مالیّت کی جاگیر خاص [رک بآں] ہوتی تھی یا ڈیڑھ لاکھ اسپر سے لے کر دو لاکھ چالیس ہزار اسپر تک، شاہی خزانے سے سالانہ وظیفہ (سالیانہ) ۔ اس کے علاوہ دفتردار جاگیر "خاص" کے تمام عطیات کی رجسٹری فیس (حق امضاء) کے حقدار ہوتے تھے، بحساب ایک ہزار اسپر فی بار (یوک =ایک لاکھ اسپر) خواہ یہ عطیہ بطور اجارے کے ہو یا بطور سپردگی (التزام یا امانت)؛ نیز جو نقد رقمیں سرکاری خزانے میں داخل کی جائیں ان پر ۲۲ اسپر فی ہزار کے حساب سے "جمع کرنے" کا معاوضہ (کسر میزان) اور شاہی زمینوں سے بطور عشر میں اکھٹی کی ہوئی پیداوار میں اس جنس کا ایک حصّہ بھی ان کے حقوق میں شامل تھا ۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے پر انھیں اسّی ہزار اسپر کی پنشن ملتی تھی (کتاب مذکور، ص ۲۸ تا ۲۹) ۔ سر دفتردار (باش دفتردار) کمتر درجے کے افسرانِ مال کے نظام مراتب کی صدارت کرتا تھا ۔ اول صف میں معمولی افسرانِ مال (مال دفتردار) بیٹھتے تھے؛ ان سے نیچے ان کے معاون (دفتر کتخداسی) اور ان کے ماتحت تیمار کے دفتردار (تیمار دفترداری) ۔ ان سب کے لیے ترقی کا ایک مسلّمہ و معینّہ زینہ تھا ۔

بایزید ثانی کے وقت سے باش دفتردار کا تعلّق زیادہ‌تر روم‌ایلی سے تھا اور وہ روم‌ایلی دفتردار کے نام سے بھی معروف تھا ۔ ایک اور دفتردار، یعنی آنَدلُو دفتردار آناطولی کے محاصل سے متعلّق معاملات کے لیے مقرّر کیا گیا تھا ۔ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں زیادہ دور کے ایشیائی صوبوں کی دیکھ بھال کے لیے دفتردار کا ایک اور دیوان حلب میں قائم کیا گیا تھا، اس کا سربراہ دفتردارِ عرب و عجم کہلاتا تھا ۔ اس دیوان کی بعد میں اس

marfat.com
Marfat.com

طرح ذیلی تقسیم ھوئی کہ دیار بکر، ارزروم، دمشق، حلب، طرابلس اور دوسرے مقامات میں جدا جدا دیوان قائم کیے گئے - سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں استانبول کے لیے ایک علٰحدہ دیوان قائم کیا گیا، اور پھر اس صدی کے آخر میں ایک اور دیوان ڈینیوب کے Danubian صوبوں کے لیے - یہ آخری دفتردار صرف ایک قلیل مدّت تک رہا - تین بڑے دیوان پہلی، دوسری اور تیسری قسمت کہلانے لگے (شق اول، ثانی، ثالث) یعنی روم ایلی، آناطولی اور نسبةً دُور کے صوبے - سلیم الثالث نے ایک چوتھی شقّ طرزِ جدید کی فوج کے میزانیے سے متعلق معاملات کے لیے قائم کی [دیکھیے نظامِ جدید] - یہ شق مؤخرالذکر کے ساتھ منسوخ کر دی گئی - ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۸ء میں منصب دفتردار کا نام بدل کر وزارت مال (مالیّہ) کر دیا گیا، لیکن دفتردار کی اصطلاح مالیات کے صوبائی مدیران مال کے لیے مستعمل رھی .

**مآخذ** : (۱) محمد ذکی: تشکیلات عتیقه ده دفتردار، TTEM، پندرھواں سال، ۱۹۲۶ء، ص ۹۶ تا ۱۰۲، ۲۳۴ تا ۲۴۴؛ (۲) کوپرولوزاده م - فؤاد: بیزانس مؤسسلرینک عثمانلی مؤسسلرینه تاثیری حقنده بعضی ملاحظه لر، THITM، ج ۱، ۱۹۳۱ء، ص ۲۰۱ تا ۲۰۵ (=م - فؤاد کوپرولو: *Alcune Osservazioni intorno all'influenza delle Istituzioni bizantine sulle Istituzioni ottomane*، روم ۱۹۵۳ء، ص ۴۴ تا ۴۸)؛ (۳) Pakalin، بذیل مادّه؛ (۴) Gibb-Bowen، بمدد اشاریه؛ (۵) Hammer-Purgstall، بمدد اشاریه؛ (۶) *IA* بذیلِ مادّه (از اوزون چارشیلی) .

(B. Lewis)

* **دِفْرِنگی** : رک به دِوْرِنگی.

* **دَف** : (جدید تلفّظ دَفّ، جس کا سلسله ابوعبیده [م تقریباً ۸۲۵ء] تک پہنچتا ھے) طنبورے یا ڈھولک کی جنس کے تمام سازوں کا عام نام ھے، گو کبھی کبھی یہ ایک خاص قسم کے لیے استعمال کیا جاتا ھے - اسلامی روایت کے مطابق اس کا مُوجد تُبَل بن لَمَک تھا (المسعودی : مروج، ۸ : ۸۸) - ایک حکایت یہ بھی ھے کہ اس ساز کو پہلے پہل حضرت سلیمانؑ اور بلقیس کی شادی کی رات بجایا گیا تھا (اولیا چلبی، ۱ / ۲ : ۲۲۶) - اَلْمُفَضّل بن سَلَمه (م ۹۲۰ء) کہتا ھے کہ یہ عربی الاصل ھے (ورق ۲۰) اور ابن ایاس (م تقریباً ۱۵۲۴ء) اپنی کتاب بدائع الزھور میں لکھتا ھے کہ بنی اسرائیل نے اپنے سونے کے بچھڑے کے آگے جو ساز بجایا تھا وہ دُفّ ھی تھا - یقینی طور پر یہ لفظ عبرانی "toph" کا مساوی ٹھیرایا جا سکتا ھے اور شاید اشوری adapa کے بھی مساوی قرار پائے - ایک یہودی سَعْدیه (م ۹۴۲ء) toph کا ترجمه دُفّ ھی کرتا ھے - گول اور چوکھونٹی، دونوں قسم کی شکل کا یہ ساز ھمیں قدیم سامی صنعت میں ملتا ھے (Rawlinson : *Five Great Monarchies*، ۱ : ۵۳۵؛ Perrot-Chipiez : *Hist. de l'art*، ۳ : ۴۵۱؛ Heuzey : *Figurines antiques*، لوحه ۴، ص ۴)، اور قدیم مصر میں بھی پایا جاتا ھے (Wilkinson : *Manners and Customs of the Ancient Egyptians*، ۱ : ۴۴۳، شکل ۲۲۰) .

مسلمانوں کے طنبورے سات مختلف نمونوں میں تقسیم کیے جا سکتے ھیں : ۱- چوکھونٹی شکل؛ ۲- ساده گول شکل؛ ۳- گول تار کے جال والا؛ ۴- گول جھنکار دار تھالیوں والا؛ ۵- گول جھنکاردار چھلّوں والا؛ ۶- گول چھوٹی گھنٹیوں والا؛ ۷- گول جس میں جالی اور جھنکار کی تھالیاں دونوں ھوتی ھیں .

(۱) آج کل کا چوکھونٹی شکل کا طنبوره دونوں طرف سے کھال سے منڈھا ھوتا ھے جس کے نیچے دونوں طرف یا ایک طرف تار کے حلقے (اوتار) پھیلے ھوتے ھیں - المُطَرِّزی [م ۶۱۰ھ/۱۲۱۳ء] کہتا ھے کہ چوکھونٹے اور گول دونوں قسم کے طنبوروں کو دُفّ کہتے تھے - چھٹی صدی عیسوی کے قدیم زمانے میں ھم جابر بن

Marfat.com

متبنّی شاعر کے کلام میں دُفّ کا ذکر پاتے ہیں اور غالباً یہ ایک چوکھونٹا ساز تھا ۔ کشفُ الہُموم کا مصنّف کہتا ہے کہ اسلام سے پہلے کا طنبورہ (طارالجاھلی) اُس کے زمانے کے گول مصری طنبورہ (دفّ المصری) سے مختلف تھا (ورق ۱۹۳) ۔ اسلامی دور کا پہلا نامور مُغنّی طُویس ایک چوکور طنبورہ (دُفِ مربّع) بجایا کرتا تھا (الاغانی، ۴ : ۱۷۰)۔ مدینے کے معززین اسلام کی پہلی صدی میں چوکھونٹا ساز پسند کرتے تھے (المُفضّل بن سلمہ، ورق ۱۱) ۔ یہ ہمیں معلوم ہے کہ شامی بھی اسی قسم کا ساز استعمال کرتے تھے کیونکہ عہد عتیق کے سریانی نسخے میں اس لفظ کا ترجمہ rᵉbhi'a (=چوکھونٹا)، کیا گیا ہے (خروج، باب ۱۵، آیة ۲۰؛ Judith، باب ۳، آیة ۷) ۔ آج کل یہ شکل عرب، شام، مصر اور ایرن میں متروک ہوگئی ہے لیکن مغرب میں مل سکتی ہے ۔ اس کے نمونوں کے لیے دیکھیے Christianowitsch، ص ۳۲، لوحہ ۱۱ جس میں اسے دَفّ کہا گیا اور Höst، ص ۲۶۲، جدول xxxi . ۱۱، جس میں اسے bandair کہا گیا ہے ۔ اس کے اصل نمونے برسلز Brussels میں موجود ہیں، عدد ۳۳۹، ۳۴۰ (Mahillon، ۱ : ۴۰۰) اور نیویارک میں بھی پائے جاتے ہیں، عدد ۳۹۲، ۱۳۱۶ (*Catalogue*، ۲ : ۸۲؛ ۴ : ۵۰) .

(۲) گول شکل : اس کا نام بھی دُفّ تھا (المُطّرزی) اور کہا جاتا ہے کہ اس شکل کا ساز جس میں جھنکاردار تھالیاں یا گھنٹیاں نہ ہوں 'جائز' شمار ہوتا تھا (اولیا چلبی، ۱/۲ : ۲۲۶) ۔ غالبًا یہی ہے جسے زمانۂ قبل از اسلام اور ابتدائی زمانۂ اسلام میں مَزہر یا مِزہر کہتے تھے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ عربی لغت نویس کہتے ہیں کہ مِزہر ایک عُود (lute) ہوتا تھا اور اس تعریف کی موسیقی پر لکھنے والے عربی مصنّفوں سے بھی تائید ہوتی ہے (العقدالفرید، ۳: ۱۸۶؛ المُفضّل ابن سَلَمة، ورق ۷ ب؛ کتاب الاِمتاع والاِنتفاع، ورق ۱۳؛ المسعودی : مروج ، ۸ : ۹۳)، لیکن یہ بات بے حد مشتبہ ہے کہ مِزہر یا مَزہر عُود کی قسم تھی ۔ یہ غلطی غالبًا اس وجہ سے ہوئی کہ ایک قدیم لغت نویس نے یہ لکھ دیا تھا کہ "مِزہر عُود کی طرح کا ایک آلۂ موسیقی ہے" (دیکھیے الفیُّومی : مصباح)، جس سے مراد یہ تھی کہ عُود کی طرح مِزہر بھی ایک آلۂ موسیقی ہے ۔ گیارھویں صدی کی ایک کتاب *Glossarium Latino-Arabicum* میں مَزہر (ص ۵۶۲) یا مِزہر (ص ۵۰۸) کو Tinfannum (=*tympanum*) کے مطابق قرار دیا گیا ہے ۔ آج کل بھی ساز کی یہ قسم ترکیہ (Lavignac، ص ۳۰۲۳) اور فلسطین (*ZDPV*، ۱ : ۶۴، لوحہ ۸) میں ملتی ہے ۔ مصر کے مزہر میں چھنچھناتے ہوئے چھلّے لگے ہوتے ہیں .

(۳) جالی والی گول شکل : یہ بالکل سابق الذکر قسم کا ساز ہے، لیکن اس میں سرے کے اندر تار کا جال بچھا ہوا ہوتا ہے ۔ ہم وثوق کے ساتھ نہیں بتا سکتے کہ اسلام کے ابتدائی زمانے میں اس کا نام کیا تھا، لیکن غالبًا یہ وہی آلہ ہے جسے اس کے چھلنی کی طرح گول ہونے کی وجہ سے غِربال کہتے تھے ۔ الصّغانی (م تقریبًا ۱۲۶۱-۱۲۶۲ء) کہتا ہے کہ حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ و سلّم نے اپنے مندرجۂ ذیل ارشاد میں جس دائرے کی طرف اشارہ کیا ہے وہ اسی قسم کا ہے: [اَعْلِنُوْا ھٰذَا النِّکاحَ، وَاضْرِبُوْا عَلَیْہِ بِالْغِرْبالِ] "اپنی شادی کا اعلان کرو اور اس کے لیے دائرہ (غِربال) بجاؤ" (ابن ماجه : سُنَن ، کتاب النکاح، باب ۲۰)؛ اس حدیث کے دیگر طرق روایت میں اس آلے کو دُفّ کہا گیا ہے [حدیث کے ضعیف یا موضوع ہونے سے قطع نظر، بعض شارحین حدیث کے نزدیک غربال سے مراد دُفّ ہے] ۔ جدید الجزائر میں اس قسم کے آلۂ موسیقی کے لیے لفظ بَنْدَیر یا بَنْدیر مستعمل ہے؛ یہ بظاہر گوتھک لفظ pandero سے مستعار ہے، جو ایک آلۂ موسیقی کا نام تھا اور ھسپانیہ میں مسلمانوں کی آمد سے پہلے استعمال کیا جاتا تھا، اس کا اشبیلیہ کے Isidore

marfat.com
Marfat.com

نے ذکر کیا ہے۔ تندیر عموماً دوسری اقسام، جیسے دُفّ، مِزہر اور طار، سے بڑا ہوتا ہے، اگرچہ کشف الہُموم میں ہم یہ پڑھتے ہیں کہ 'دائرے' مختلف نمونوں کے بنائے جاتے تھے اور "ان کا حجم طارِ کبیر سے لے کر گھٹتے گھٹتے "غربال دقیق" تک پہنچ جاتا تھا"۔ مصری آلۂ موسیقی کے لیے دیکھیے Villoteau (ص ۹۸۸) اور الجزائر کے لیے دیکھیے Christian-owitsch (ص ۳۱، لوحہ ۹)، Delpbin et Guin (ص ۳۷) اور Lavignac (۲۹۳۱)۔ بقول Höst (ص ۲۶۱، لوحہ ۳۱، ۶) مراکش میں اس کا نام ضِیف تھا۔ ان کے اصلی نمونے برسلز، عدد ۳۰۸، ۳۰۹، (Mahillon، ۱ : ۳۹۳ تا ۴۰۰) اور نیویارک، عدد ۳۵۲، (*Catalogue*، ۳ : ۵۰) میں مل سکتے ہیں۔

(۴) چھنچھناتی تھالیوں والی گول شکل : یہ (۲) کے مشابہ ہے، لیکن اس میں چند جوڑے جھانجھر کی تھالیوں (صُنُوج) کے زائد لگا دیے جاتے ہیں، جو ساز کے کناروں میں بنے ہوے سوراخوں میں لگے ہوتے ہیں۔ یہی وہ آلہ ہے جسے طار کہتے ہیں۔ اگرچہ کشف الہُموم کا مصنّف اس نام کو بہ نسبت دُفّ کے زیادہ قدیم بتاتا ہے، تاہم ہمارے پاس اس کا اب تک کوئی قوی ثبوت موجود نہیں ہے۔ یمن میں طار کا وجود بارھویں صدی میں پایا جاتا تھا (*Yaman* : Kay، ص ۵۳)، چنانچہ تیرھویں صدی کی کتاب *Vocabulista in Arabico* میں یہ لفظ بشکل طَرّ (Tinpanum = Ṭarr) دیا ہوا ہے۔ Kaempfer نے دُفّ کے نام سے ایرانی آلے کی تصویر کھینچی ہے (ص ۷۴۱، تصویر ۷) اور Niebuhr نے اس کا ایک عربی نمونہ پیش کیا ہے، جس کا نام اس نے دُفّ بتایا ہے (ج ۱، لوحہ ۲۶)۔ Host (ص ۲۶۱، لوحہ ۳۱) مراکشی آلے کا خاکہ پیش کرتا ہے، جو تیرھویں صدی میں مستعمل تھا اور اس کا نام تِرّ (Tirr) بتاتا ہے۔ الجزائر میں اس کو طار کہتے ہیں (Delphin et Guin، ص ۴۲؛ تذکرۃ النّسیان، ص ۹۳؛ Lavignac، ۲۸۴۴)، اور اس کا ایک خاکہ Christianowitsch (لوحہ ۱۰) نے دیا ہے۔ مصری طار کو Villoteau (۱ : ۹۹۸) اور Lane (باب ۱۸) نے بیان کیا ہے اور نقشہ دیا ہے اور اس کے صحیح نمونے برسلز، عدد ۳۱۲ تا ۳۱۵ (Mahillon، ۱ : ۳۹۴ تا ۳۹۵) اور نیویارک، عدد ۳۵۵، ۳۱۹، ۱۳۵۹ (*Catalogue*، ۳ : ۵۱) میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ مصر میں اس سے ذرا چھوٹے نمونے کو رِقّ کا نام دیا گیا تھا (Villoteau، ۱ : ۹۸۹)، جو کسی طرح سے جدید نام نہیں ہے (کشف الہُموم، ورق ۱۹۳ ب)۔ برسلز میں اس کے نمونے موجود ہیں، دیکھیے عدد ۳۱۶ تا ۳۱۷ (Mahillon، ۱ : ۳۹۵).

(۵) چھنچھناتے چھلّوں والی گول شکل : یہ سابق الذکر ساز سے ملتا جلتا ہے، لیکن اس میں جھنکار پیدا کرنے والے چھلّے (جَلاجِل) زیادہ ہوتے ہیں۔ انھیں اسی جگہ پھنسا دیا جاتا ہے جہاں سابق الذکر ساز میں تھالیاں لگائی ہوتی ہیں۔ Villoteau کے زمانے میں اسے مصر میں مِزْہر کہتے تھے، لیکن ایران میں ایک صدی بعد جو ساز ملتا ہے اسے Kampfer دائرہ کا نام دیتا ہے (ص ۷۴۱، سطر ۸)۔

(۶) چھوٹی چھوٹی گھنٹیوں والی گول شکل : یہ سابق الذکر ہی کے مشابہ ہے، لیکن گھنٹیوں کو کناروں پر بنے ہوے سوراخوں میں لگانے کے بجائے اندر کی جانب لٹکایا جاتا ہے۔ یہ چھوٹی چھوٹی گھنٹیاں (=اجراس، جرس کی جمع)، جو اکثر کُرے کی شکل کی اور sonnettes کے مشابہ ہوتی ہیں، کبھی کبھی اس کے کناروں کے اندرونی جانب لگی ہوئی دھات یا لکڑی کی سلاخ میں پرو دی جاتی ہیں۔ یہ آلہ ایران اور ترکستان میں مقبول ہے، جہاں اسے عموماً دائرہ کہتے ہیں۔ سترھویں صدی کا ایک ایسا آلہ Kaempfer نے دکھایا ہے (ص ۷۴۲، سطر ۸)۔ جدید آلے کے لیے دیکھیے Lavignac (ص ۳۰۷۶)۔

Marfat.com

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ دائرہ اور دُف ہر قسم کی ڈھولک یا طنبور کے نام ہوگئے ہیں، حالانکہ دائرہ کا نام صرف گول شکل کے آلے کے لیے مخصوص ہونا چاہیے۔

(۷) گول شکل ِ جس میں جالی اور جھانجھر دونوں ہوں : المغرب میں اس ساز کا نام شُکشاک ہے (Delphin و Guin، ص ۳۸، ۶۵؛ Lavignac، ۲۹۳۲ و ۲۹۴۴)، لیکن بعض علاقوں میں اس نمونے کو طبیلہ کہتے ہیں ۔ مصر میں Villoteau کے کہنے کے مطابق یہی بَنْدیر ہے ۔

اگر ڈھول (طبل) کو مسلمانوں کی موسیقی کے رزمیہ رنگ کا حامل کہا جائے، جیسا کہ ایک دفعہ Doughty نے کہا تھا، تو ڈھولک یا طنبورہ میں بزمیہ رنگ ملےگا ۔ یہ صحیح ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں طنبورہ بوقت جنگ بڑی بوڑھیوں اور گانے والی چھوکریوں (قَینات) کے ہاتھ میں ہوتا تھا اور کبھی کبھی، جیسا کہ یہودی قبیلوں کا دستور تھا، اس کے ساتھ بانسری (مِزمار) بھی ہوتی تھی (الاغانی، ۲ : ۱۷۲)، لیکن مجلسی زندگی میں بھی بلا شبہہ یہی آلہ نمایاں طور پر استعمال کیا جاتا تھا (السیوطی : مزہِر، ۲ : ۲۳۶)، جیساکہ بہت سی حدیثوں سے ظاہر ہوتا ہے ۔ فنی موسیقی میں تال سُر (ایقاعات، اصول، ضروب) قائم رکھنے کے لیے طُنبورہ کو اہم ترین ساز کی حیثیت حاصل رہی ہے ۔

"دُف" فارسی میں دَف یا دَپ، کُردی میں دَفِک، البانوی اور بوسنوی میں دِف، ہسپانوی اور پرتگالی میں اَدُف (adufe) ہو گیا ۔ "دائرہ" قفقازی میں دھَرِہ dahare، سرویا اور البانیا میں دَیرِہ daire اور ہندوستان میں دارا dara بنا [آج کل اردو یا ہندوستانی میں "دائرہ" ہی بولا جاتا ہے، بمعنی، ڈفلی، چنگ] ۔ طار کی شکل پولینڈ کی بولی میں Tur اور سواحلی میں atari ہوگئی ۔ طنبورہ کا یورپ میں عام رواج ہسپانیہ کے مسلمان موروں کے ذریعے ہوا اور ایک مدت تک طنبورۂ باسک (tambour de Basque) کے نام سے مشہور رہا، کیونکہ ہسپانوی مسلمانوں کی تہذیب یورپ میں باسک کے خطے ہی کے راستہ سے نفوذ کرتی تھی ۔ تقریباً پندرھویں صدی عیسوی میں اس کا رواج یورپ میں متروک ہوگیا تھا، لیکن اٹھارھویں صدی عیسوی میں ترکوں یا ینی چریوں کی موسیقی کا شوق بہت بڑھا تو اسے بھی یورپ والوں نے اسی موسیقی کا جزو ہونے کی حیثیت سے دوبارہ اختیار کیا ۔

**مآخذ :** (۱) Farmer : *History of Arabian Music to the xiiith Century*، ۱۹۲۹ء؛ (۲) وہی مصنف: *Studies in Oriental Musical Instruments*، ۱۹۳۱ء؛ (۳) Sachs : *Reallexikon der Musikinstrumente*، ۱۹۱۳ء؛ (۴) Fétis : *Histoire générale de la musique*، ۱۸۶۹-۱۸۷۶ء؛ (۵) Christianowitsch : *Esquisse historique de la musique arabe*، ۱۸۶۳ء؛ (۶) Delphin و Guin : *Notes sur la Poésie et la musique arabes dans le Maghreb algérien*، ۱۸۸۶ء؛ (۷) Advielle : *La musique chez les Persans en 1885*، ۱۸۸۵ء؛ (۸) Höst : *Nachrichten von Marokos und Fes*، ۱۷۸۱ء؛ (۹) Kaempfer : *Amoenitatum exoticarum . . .*، ۱۷۱۲ء؛ (۱۰) المفضل بن سلمہ : کتاب الملاھی، قاہرہ، مخطوطہ، ورق ۵۳۳؛ (۱۱) کشف الھموم، مخطوطہ، ورق ۱؛ (۱۲) کتاب الاغانی (طبع بولاق)؛ (۱۳) Mahillon : *Catalogue . . . du Musée Instrumental du Conservatoire Royal de Musique*، بار دوم؛ (۱۴) *Catalogue of the Crosby Brown Collection of Musical Instruments*، نیویارک؛ (۱۵) اولیا چلبی : *Narrative of Travels . . . by Evliya Efendi*، ۱۸۳۶ء؛ (۱۶) ابن عبد ربہ : العقدالفرید، قاہرہ ۱۸۸۷ - ۱۸۸۸ء : (۱۷) کتاب الامتاع و الانتفاع، Madrid، مخطوطہ، عدد ۶۰۳؛ (۱۸) Toderini : *Letteratura Turchesca*، ۱۷۸۷ء؛ (۱۹) Lavignac :

marfat.com
Marfat.com

*Encyclopédie de la musique*، ج ۵، ۱۹۲۲ء: (۲۰) Villoteau، *Description de l'Égypte*، ج ۱: (۲۱) *Glossarium Latino-Arabicum*، طبع Seybold : (۲۲) Niebuhr : *Voyage en Arabie*، ۱۷۷۶ء: (۲۳) فطرت : اوزبک کلاسک موسیقاسی، تاشقند ۱۹۲۷ء: (۲۴) Mironov : *Pesni Fergani Bukhari i Khivi*، تاشقند ۱۹۳۱ء: (۲۵) Belaiev : *Musikalnie instrumenti uzbekistana*، ماسکو ۱۹۳۳ء: (۲۶) کامل الخلعی : کتاب الموسیقی الشرق، قاهره ۱۳۲۲ھ؛ [نیز رک به ایقاع].

(H. G. FARMER)

* **دفن الذنوب :** رک به ذنوب.

* **الدقاق :** ابوعبداللہ، ایک مراکشی صوفی، جو سجلماسه میں پیدا ہوا۔ وہ اور ابوعبداللہ محمد بن عمرالاصم (جو ۵۴۲ھ/۱۱۴۷ء میں قتل ہو گیا تھا) صوفیوں کے ان چھوٹے حلقوں میں سے ایک حلقے سے تعلق رکھتے تھے جنھیں عام طور پر حکومت پسند نہیں کرتی تھی۔ ابوعبداللہ اس سے پہلے فاس کے مقام پر اپنے بعض رفیقوں کے ساتھ، جن میں سے ایک الدقاق بھی تھا اور جسے بعد میں تاشفین بن علی المروی کے حکم سے رہا کر دیا گیا تھا، قید رہ چکا تھا۔

کسی کو نہ تو اس صوفی کی تاریخ پیدائش معلوم ہے نہ تاریخ وفات، تاہم یہ بات وثوق کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے وسط میں وہ فاس میں صوفی کی حیثیت سے معروف ہو چکا تھا، جہاں اس کے "احوال" نے ابن العریف اور ابن برجان کو اس پر مہربان کر دیا تھا۔ ان دونوں کا انتقال ۵۳۶ھ/۱۱۴۱ء میں ہوا۔

اگر ہم التادلی کی شہادت کو صحیح تسلیم کریں تو الدقاق کبھی سجلماسه اور کبھی فاس میں رہتا رہا۔ فاس ھی میں اس کی ملاقات ابومدین سے اس وقت ہوئی جب مؤخرالذکر تحصیل علم کے سلسلے میں ابوالحسن بن حرزہم سے المحاسبی کی الرعایة اور ابن غالب سے الترمذی کی سنن پڑھ رہا تھا۔ الدقاق اور ابوالسلاوی نامی ایک شخص نے اسے تصوف کی طرف مائل کیا (التشوف، ص ۳۱۹)۔ الدقاق چونکہ ابومدین کے اساتذہ میں سے تھا اس لیے اس کا نام محو نہیں ہو سکا۔

الدقاق نے ایک تارک الدنیا کی طرح زندگی بسر کی اور اس کی یہ خصوصیت دوسری تمام باتوں سے زیادہ نمایاں ہے کہ وہ عالم سے زیادہ صوفی تھا۔ اس نے جس انداز سے اپنے زہد و اتقا کا دعوی کیا ہے اور اس کے تسلیم کیے جانے پر جس مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا ہے اس کا ہمارے دلوں پر کوئی خوش گوار اثر نہیں پڑتا۔ الدقاق کا انتقال فاس میں ہوا۔ A. Bel کے بیان کے مطابق اس کی وفات زیادہ سے زیادہ چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے آخری ربع میں ہوئی۔ وہ باب الجیسه کے قبرستان میں دفن ہے۔

**مآخذ :** (۱) A. Bel : *Sidi Bou Medyan et son maître Ed-Daqqâq à Fès*، در *Mélanges René Basset*، پیرس ۱۹۲۳ء، ۱ : ۳۱ ببعد؛ (۲) التادلی : التشوف الی [معرفة] رجال التصوف، طبع A. Faure، الرباط ۱۹۵۸ء.

(A. FAURE)

* **دقوقاء :** (یا دقوق)، سلطنت عباسیه کے صوبۂ جزیره میں کرکوک سے کوئی پچیس میل جنوب مشرق میں ایک چھوٹا سا قصبه، جو شاهراه موصل -o- بغداد پر واقع تھا۔ اس قصبے کا ذکر بعد کے عرب جغرافیا نویسوں نے کیا ہے۔ اندازہ ہے کہ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی میں یہ قصبه ترقی کرکے شہر بن گیا تھا، اگرچه مشہور وہ کبھی نہیں ہوا۔ قرون وسطی کی کچھ خشتی عمارتوں کے آثار اور ایک مینار یہاں اب بھی موجود ہے۔ زمانۂ مابعد میں (نویں صدی ھجری/پندرھویں صدی عیسوی یا اس سے ذرا پہلے سے) اس کا نام "طووق" یا "طاوق" ہو گیا اور اس کا موجودہ نام بھی یہی ہے۔ یه صحت افزا اور سرسبز و شاداب مقام پہاڑوں کی ترائی

Marfat.com

کے عین مغرب میں ہموار سطح پر ایک چوڑے چشمے طاؤق چای کے ساتھ واقع ہے، جو گرمی کے موسم میں تو محض رستا رہتا ہے، لیکن سردیوں کی برسات کے بعد اس میں سخت سیلاب آ جاتا ہے ۔ یہ پہلے دریاے عُظَیم میں جا کر گرتا ہے اور پھر وہاں سے دریاے دجلہ میں مل جاتا ہے، لیکن جب نہروان کی بڑی نہر موجود تھی تو اس میں جا ملتا تھا ۔ جدید عراق میں طاؤق، جس میں کوئی دو ہزار کُردی اور ترکستانی زبان بولنے والے آباد ہیں، اب ایک "ناحیہ" کا صدر مقام ہے ۔ شہر کا انداز تھوڑا بہت مغربی ہے اور یہ قرب و جوار کے کرد قبیلوں (داؤدیہ اور کا ئی) اور ترکمان دیہاتیوں کے لیے زرعی اور تجارتی منڈی ہے ۔ طاؤق چای پر جدید قسم کے پل بنائے گئے ہیں اور عراق ریلوے کی لائن اور پختہ سڑک ان پر سے ہو کر گزرتی ہے ۔ حضرت زین العابدین رض بن حضرت امام حسین علیہ السّلام کا مزار یہاں سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر ہے .

**مآخذ** : (۱) Le Strange، ص۹۲، اور عرب اسناد جو وہاں مرقوم ہیں: (۲) عبدالرزاق الحسنی : العراق قدیمًا وحدیثًا، سدوم ۱۳۶۷ھ/ ۱۹۴۸ء، ص ۱۹۷؛ راقم کے اپنے مشاہدات .

(S. H. LONGRIGG)

* **دَقَہْلِیّہ** : طاس نیل کے مشرق علاقے میں مصر کا ایک صوبہ ۔ یہ نام دَقَہْلَہ نام کے ایک گاؤں سے منسوب ہے جو قبطی نام تُکَہْلی (Tkehli) کا معرّب ہے ۔ یہ گاؤں دِمیرہ اور دِمیاط کے درمیان واقع تھا اور دِمیاط کے مقابلے میں دمیرہ سے زیادہ قریب تھا ۔ ایک زمانے میں یہ اپنے کاغذسازی کے کارخانے کی وجہ سے مشہور تھا، لیکن آج کل ایک گمنام سا گاؤں ہے .

یہ صوبہ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے اواخر میں قائم کیا گیا اور آج تک اپنے حدود میں تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ باقی ہے ۔ آج کل یہ دریاے نیل کی شاخ دمیتہ کے مشرق کنارے پر بسا ہوا ہے اور نیل کی یہی شاخ اس کی مغربی سرحد بناتی ہے جو صوبۂ شرقیہ کے جنوب مشرق پر جا کر ختم ہو جاتی ہے .

**مآخذ** : (۱) ابن خرّداذبہ، ص ۸۲؛ (۲) قدامہ، ص۴۸؛ (۳) علی پاشا، ۱۱ : ۱۷؛ (۴) Maspero اور Wiet: *Materiaux pour servir á la gêographie de l'Ēgypte*، ص ۹۰، ۱۸۶ تا ۱۹۱ .

(G. WIET)

* **دَقیقی** : ابو منصور محمد بن احمد (یا محمد بن محمد بن احمد)، ایرانی شاعر، جس نے فارسی زبان میں پہلی قومی رزمیّہ نظم لکھی ۔ اس کی جاے پیدائش غیر یقینی ہے (طوس، بخارا، بلخ یا سمرقند) ۔ وہ ۳۱۸ اور ۳۲۹ھ/ ۹۳۰ اور ۹۴۰ء کے درمیان پیدا ہوا، اس لیے کہ جب وہ امراے چغانیان کا اور پھر سامانی امیر منصور بن نوح (۳۵۰ تا ۳۶۶ھ/ ۹۶۱ تا ۹۷۶ء) کا قصیدہ گو تھا، تو اس کی عمر کم از کم بیس سال تھی ۔ علاوہ ازیں، فردوسی، جس نے اس کے بعد شاہنامہ کی تصنیف کا سلسلہ جاری رکھا، کہتا ہے کہ جب اس نے امیر نوح [ثانی] بن منصور (۳۶۶ تا ۳۸۷ھ/ ۹۷۶ تا ۹۹۷ء) کی خواہش پر یہ کام شروع کیا تو دقیقی نوجوان تھا، اس لیے گویا دقیقی اس سلطان کے عہد سے پہلے مرا نہیں تھا اور فردوسی نے شاہنامہ کی تصنیف کا کام تقریبًا ۳۷۰ھ/ ۹۸۰ء میں دوبارہ اس وقت شروع کیا جب اس کے پیشرو (دقیقی) کو اس کے ایک غلام نے قتل کر دیا تھا .

شعرا کے تذکروں (لباب الالباب، مجمع الفصحاء، ترجمان البلاغۃ وغیرہ) میں بعض غزلیہ اشعار اور قطعے ایسے ملتے ہیں جو دقیقی کی شاعرانہ صلاحیت، اس کے لطیف و نازک شاعرانہ مزاج اور اس کے آسان اور عام فہم طرز کے شاہد ہیں؛ لیکن وہ تصنیف جس نے اسے بقاے دوام بخشی ہے شاہنامہ کا ایک حصہ ہے (تقریبًا ایک ہزار اشعار جو اس کے جانشین فردوسی

marfat.com
Marfat.com

نے اپنی نظم میں شامل کیے ھیں)۔ دقیقی کے اس منظوم حصے میں شاہ گشتاسپ کے عہد حکومت، زردشت کے ظہور اور اس کے کارناموں اور ان کے تورانی دشمنوں کے خلاف جنگ کے حالات بیان کیے گئے ھیں .

اگرچہ دقیقی کا نام مسلمانوں کا سا ھے، اس کی ایک رباعی اور بعض دوسری نظموں سے ظاہر ہوتا ھے کہ وہ عقیدے کے اعتبار سے زردشتی تھا؛ لیکن سوال یہ ھے کہ کیا وہ دل سے زردشتی تھا ؟ اگر وہ سچے دل سے مسلمان تھا تو کیا اسے اپنے شاھنامہ میں، جس کے لکھنے کا کام اس نے سامانی امیر جیسے انتہائی راسخ العقیدہ مسلمان کے حکم سے شروع کیا تھا، زردشتی مذھب کے عروج اور اس کی بھڑکائی ہوئی جنگ کی کھلم کھلا تعریف کرنی چاھیے تھی ؟ بہرکیف اگر یہ بات یقینی نہیں تو اغلب ضرور ھے کہ اس نے یہ واقعہ اس لیے منتخب کیا کہ اس کے پاس ایتکار زریران (=یادگار زریر) کا ایک نسخہ موجود تھا ۔ یہ منظوم کتاب ساسانی عہد کی ھے اور پہلوی میں لکھی ہوئی ھے (جیسا کہ E. Benveniste نے بیان کیا ھے) ۔ دقیقی براہِ راست اسی سے متأثر ہوا ۔ اگر ہم دقیقی کی ان نظموں کو پیش نظر رکھیں اور اپنے اسلوب اور بحر کے اعتبار سے رزمیہ کہی جا سکتی ھیں جو تذکروں میں منتشر صورت میں ملتی ھیں، تو یہ خیال ہوتا ھے کہ اس نے شاید شاھنامہ کے دوسرے حصوں کو بھی نظم کیا ہو.

دقیقی کے جو اشعار باقی رہ گئے ھیں، ان سے ظاہر ہوتا ھے کہ اسے بیانیہ، رندانہ، یا عاشقانہ اسالیب کے مطابق اپنے تأثرات کو بدلنے کی حیرت انگیز استعداد حاصل تھی ۔ فارسی کے تذکروں اور لغات میں اس کے جو متعدد اشعار نقل کیے گئے ھیں، ان سے ثابت ہوتا ھے کہ اسے اپنی شاعری کے مختصر سے دور ھی میں شہرت دوام حاصل ہو گئی تھی ۔ بلاشبہہ شاھنامہ میں اس کے اشعار کی شمولیت نہ صرف بلند پایہ ہونے کے لحاظ سے اھمیت رکھتی ھے بلکہ اس لحاظ سے بھی کہ اس سے ایران کی اس عظیم قومی نظم کے مآخذ پر روشنی پڑتی ھے .

**مآخذ :** (۱) فردوسی : شاھنامہ، طبع و ترجمہ از J. Mohl، ۴ : ۳۵۸ تا ۴۳۰ (=۴ : ۲۸۷ ببعد؛ طبع Vullers-Landauer، ۳ : ۱۴۹۵ تا ۱۷۳۷؛ طبع تہران ۱۹۳۴ - ۱۹۳۵ء (نشر Beroukhim)، ج ۶؛ (۲) E. Benveniste : *Le Mémorial de Zarēr*، در *JA*, ج ۲۲، ۱۹۳۲ء، عدد ۲، ص ۲۴۵ ببعد؛ (۳) غزلیات : G. Lazard : *Les premiers poèmes persans*، تنقیدی طبع، مع حواشی، ترجمہ اور مآخذ؛ [(۴) براؤن E.G. Browne: *A Literary History of Persia*، ۱ : ۴۵۹ تا ۴۶۲ و بمدد اشاریہ؛ (۵) رضازادہ شفق : تاریخ ادبیات ایران، تہران ۱۳۴۲، ص ۵۰ تا ۵۲، بمدد اشاریہ؛ (۶) حسین فریود: تاریخ ادبیات ایران و تاریخ شعراء، بار دوازدھم ۱۳۴۲ھ، ص ۹۳ تا ۹۵؛ (۷) سلیم نیساری : تاریخ ادبیات ایران، بار پنجم، تہران ۱۳۳۴ھ ش، ۱ : ۲۸ تا ۲۹؛ (۸) جلال الدین ھمائی : تاریخ ادبیات ایران، بار دوم، تہران ۱۳۴۰ھ ش، بمدد اشاریہ؛ (۹) ذبیح اللہ صفا : تاریخ ادبیات در ایران، ج ۱، ۱۳۳۸ھ ش] .

(Cl. Huart و H. Massé)

* **دگزلی :** رک بہ دنزلی.

* **دُکّالہ :** مراکشی قبائل کا ایک وفاق، جس نے فرانس کے زیر حمایت ایک خود مختار ریاست تشکیل کی تھی ۔ جب مراکش کو آزادی مل گئی تو یہ علاقہ دارالبیضاء کے صوبے سے ملحق کر دیا گیا ۔ اب یہ "الجدیدہ" کے حلقہ (مَزگَن) کے ایک حصے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا ۔ قبیلۂ غرب کے بعض فریقوں کا بھی یہی نام ھے .

البکری دُکّالہ کا ذکر نہیں کرتا، مگر الادریسی اور اس کے ھم خیال ابن خَلدون (عِبَر) اور آگے چل کر الحسن بن محمد الوزّان الزیاتی Leo Africanus اس وفاق کے لیے ایک وسیع رقبہ معین کرتے ھیں،

Marfat.com

جس میں تقریباً وہ تکونی شکل کا رقبہ شامل ہے جو دریاے اُم الربیع، دریاے تِنصف اور بحراوقیانوس کے ساحل کے مابین واقع ہے۔ بارھویں صدی عیسوی سے مراکش کے ایک بڑے دروازے کو بھی دُکّالہ کا نام دیا گیا ہے۔ روایت سے پتا چلتا ہے کہ اس وفاق میں چھے قبیلے شامل تھے: رِگرَنہ، ہَزمیرہ، بنو دُغوغ، بنو ماگر، مُشتَریّہ اور صنہاجہ۔ اس فہرست سے اس تضاد کا حل بھی نکل آتا ہے، جسے ابن خلدون پہلے ہی ظاہر کر چکا ہے، جس کی رُو سے دُکّالہ کبھی مَصامِدہ کا (پہلے پانچ قبیلے تو یقیناً اس کا حصہ تھے) اور کبھی صنہاجہ [رکَ بآں] کا حصہ سمجھا جاتا تھا۔ یہ دونوں قبیلے بربر نسل کے تھے۔ انھیں ایک اور بربر قبیلے تامسنا کے ساتھ، جو اب معدوم ہو چکا ہے، منسلک کرنا مشکل ہے۔ یہ وفاق ان حوادث سے جو الموحدون کی بدولت رونما ہوے، بچ نہ سکا۔ ان حوادث کا نتیجہ یہ ہوا کہ مراکش کے علاقے میں عرب قبیلے داخل ہوگئے اور کچھ دن بعد قبیلۂ حاحہ اور قبیلۂ بنومَعقِل کو ان کے اپنے علاقے میں واپس دھکیل دیا گیا۔ جنوب میں فقط رِگراگہ قبیلہ صحیح سالم بچ سکا، مگر اس سے پہلے تاریخی لحاظ سے اس نے بھی اپنا اہم کردار ادا کیا۔ اِس کے "سات درویشوں کے افسانے" نے مذہبی وقائع کی تمام کتابوں میں جگہ حاصل کر لی: جب ان کو ظہور اسلام کا علم ہوا تو یہ ساتوں کے ساتوں درویش مکّہ پہنچے اور انھوں نے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم سے بربر زبان میں باتیں کیں۔ ان کے مزارات کی، جو جبل الحدید میں ہیں، آج تک تعظیم و تکریم ہوتی ہے۔ دُکّالہ کے نام کی اب کوئی نسلی اہمیت نہیں ہے: اس سے آج کل قبائل عرب یا پورے طور پر عرب کے زیر اثر قبائل مراد لیے جاتے ہیں۔ یہ قبائل ایک ہی جگہ مستقل طور پر مقیم ہیں اور اگرچہ ان میں سے کچھ ابھی تک خیموں میں رہتے ہیں، لیکن یہ طرز سکونت عملی وجوہ کی بنا پر ہے، خانہ بدوشوں کی سی زندگی بسر کرنے کے خیال سے نہیں۔ اس علاقے کا اقتصادی مستقبل امید افزا ہے، بشرطیکہ امفوٹ بند (Imfout dam)، جو ۱۹۵۰ء میں تیار ہو چکا تھا، ترقیاتی منصوبے طے شدہ خاکے کے مطابق تکمیل پاتے رہیں۔ دُکّالہ اور پرتگالیوں کے باہمی تعلقات کی بابت رکَ بہ اَزمُور اور اس سے بڑھ کر الجدیدہ.

**مآخذ:** (۱) ضروری معلومات M. Michaux-Bellaire: *Reg. des Dukkala*، ج ۱، در *Villes et Tribus du Maroc*، ج ۱۰، پیرس ۱۹۳۲ء میں دی گئی ہیں؛ نیز دیکھیے (۲) P. Lancre: *Rep. alph. des Conf. de tribus, des tribus de la zone franç. de l'emp. chér*، دارالبیضاء ۱۹۳۹ء؛ (۳) H. Terrasse: *Histoire du Maroc*؛ (۴) ابن زیدان: إتحاف أعلام الناس (۵ جلدیں، ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۳ء) اور (۵) محمد بن احمد القانوقی: آسفی....، قاہرہ ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۴ء.

(G. DEVERDUN)

* **دِکّۃ یا دِکّۃُ المُبلّغ:** نماز جمعہ (یا نماز عیدین) کے موقع پر مسجد میں کسی بلند آواز نمازی کو "مبلّغ" [=مکبّر] کے فرائض سونپے جاتے ہیں۔ نماز کے دوران میں وہ بلند آواز سے امام کے بعض کلمات [تکبیریں وغیرہ] دھراتا جاتا ہے تا کہ تمام نمازی انھیں سن سکیں۔ بڑی بڑی ممتاز مسجدوں میں وہ ایک دِکّہ پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ دِکّہ ایک چبوترے کو کہتے ہیں، جو عام طور پر ستونوں پر دو یا تین میٹر بلند بنایا جاتا ہے اور یہ مسجد کے مسقّف حصے میں محراب اور صحن کے درمیان ہوتا ہے۔ قاہرہ میں ایسے متعدد چبوترے پائے گئے ہیں جن کی تاریخ معلوم نہیں۔ سب سے قدیم چبوترہ، جس پر "د - ک - ۃ" حروف کندہ ہیں، سلطان قایت بے کے زمانے (نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر) سے تعلق رکھتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عہد عثمانی کی مساجد کے دِکّے منبر کی شکل کے ہیں اور محراب کے بالمقابل دیوار کے ساتھ بنے ہوے ہیں - آج کل مبلّغ کی آواز کو بلند کرنے کے لیے آلۂ مکبّرالصوت استعمال ہوتا ہے .

دِکّۃ کو "کرسی السّورۃ" سے خلط ملط نہیں کرنا چاہیے، جو ایسی نشست کو کہتے ہیں جہاں قاری دو زانوں ہو کر بیٹھ جاتا ہے - دِکّہ کی اصطلاح ایک قسم کی چوبی چوکی کے لیے بھی آتی ہے، جو عام دنیاوی کاموں میں استعمال ہوتی ہے .

**مآخذ :** (۱) Van Berchem، در *CIA*، *Egypte*، بمدد اشاریہ .

(J. Jomier)

* **دَکَّن :** یہ لفظ سنسکرت کے لفظ "دَکْشِن" (dakshina) سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں دائیں (ہاتھ)، یعنی جنوب، اس لیے کہ سمتوں کی تعیین طلوع آفتاب کے تعلق سے کی جاتی تھی - شمالی ہندوستان کو جنوبی ہندوستان سے جدا کرنے والے روایتی خط کی تشکیل کوہ وندھیاچل کے جنوب مغربی سمت کے بڑھے ہوے حصوں اور اس کے اس سلسلے سے ہوتی ہے جسے ست پڑا کہتے ہیں - اس خط کے جنوب میں جزیرہ نماے ہندوستان کا جو حصہ واقع ہے، اس کی مزید تقسیم عموماً اس طرح کی جاتی ہے : (۱) دکن خاص، جو تنگ بھدرہ تک پھیلا ہوا ہے اور (۲) جنوبی ہند، جو اس جزیرہ‌نما کے انتہائی جنوبی نقطے تک چلا گیا ہے - طبعی لحاظ سے بھی ان دونوں حصوں کی حیثیت دو علٰحدہ علٰحدہ وحدتوں کی ہے، اس لیے کہ جزیرہ نماے دکن کی تشکیل لاوا سے بنی ہوئی اس وسیع سطح مرتفع سے ہوئی ہے جو گوداوری اور کرشنا کے طاسوں سے چند میل دور مغرب میں ایک مقام سے آہستہ آہستہ بلند ہوتی ہے اور مغربی گھاٹوں تک پہنچتے پہنچتے یکایک ختم ہو جاتی ہے، چنانچہ وہ علاقہ جو تنگ بھدرہ کے جنوب میں واقع ہے اور بندرگاہ گوا کو چھوتا ہے، اپنی ایک منفرد اور واضح خصوصیت رکھتا ہے؛ لٰہذا دکن خاص کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ وہ پانچ حصوں پر مشتمل ہے : (۱) مغربی حصہ، جس کے اردگرد سمندر اور مغربی گھاٹ ہیں، جسے "دیش" کہتے ہیں - یہی مرہٹوں کا اصلی وطن ہے، یہ حصہ گھاٹوں کے آگے تک چلا گیا ہے اور اس میں وہ کل علاقہ شامل ہے جس کے بڑے شہر احمدنگر اور پونا ہیں؛ (۲) وہ علاقہ جسے قرون وسطٰی میں برار کہتے تھے اور جو اب اپنے قدیم نام وِدربھہ سے معروف ہے اور اس کا اہم شہر ناگپور ہے؛ (۳) مرتھ وادہ، قدیم ریاست حیدر آباد کا وہ حصہ جہاں مرہٹی بولی جاتی ہے اور جس کا مرکزی مقام اورنگ آباد ہے؛ (۴) تِلنْگانہ، جہاں کی آبادی کے ایک بہت بڑے حصے کی مادری زبان تِلیگو ہے - اس علاقے کا تاریخی اور ثقافتی مرکز حیدرآباد ہے؛ (۵) جنوب مغربی علاقہ، جس میں زیادہ‌تر کَنڈِگا آباد ہیں - اس علاقے کا سب سے بڑا شہر بیجاپور ہے .

اگر رام اور راون کی مشہور دیومالائی جنگ کو نظر انداز کر بھی دیں تو یہ بات یقینی ہے کہ یہاں آریائی تمدّن موریا حکومت کے خاتمے تک پوری طرح پھیل چکا تھا - موریاؤں کے زوال سے آندھروں کے عروج تک جنھوں نے دکن کی پوری سطح مرتفع پر پانچ سو برس تک حکومت کی، کوئی خاص بات قابل بیان نہیں - ان کے علاوہ ہمیں تاریخوں میں ناگرجنا کونڈہ کے اِکْشوکوں، برار کے وَکاتکوں، بدامی اور کلیانی کے مغربی چالوکیوں، ملکھید کے راشٹر کوٹوں، وِنگی کے مشرقی چالوکیوں، دیوگری کے یادَووں اور وارنگل کے کاکَتیوں کا ذکر بھی ملتا ہے، جو مسلمانوں کی فتح سے قبل کی صدیوں میں دکن کے مختلف حصوں میں حکومت کرتے رہے .

شمال کے مسلمانوں سے دکن کا پہلا سابقہ ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء میں اس وقت ہوا جب دھلی کے سلطان جلال‌الدین فیروز خلجی کے بھتیجے علاء الدین نے

Marfat.com

دیوگری [رک بہ دولت آباد] پر چڑھائی کی اور یادوں کے راجا رامچندر کو خراج دینے پر مجبور کیا، لیکن اس کی ریاست کا، جو مرہٹوں کے بیشتر علاقے میں پھیلی ہوئی تھی، ۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء میں پہلی مرتبہ سلطنت دہلی کے ساتھ الحاق ہوا۔ سلطان محمد بن تغلق نے وارنگل کے کاکتیوں کے مقبوضات کو اپنی سلطنت میں شامل کرنے کے علاوہ جنوبی ہندوستان کے ایک بڑے حصے کو بھی اس کے ساتھ ملحق کر لیا اور دیوگری کو اپنا دوسرا دارالسلطنت بنا کر اس کا نام دولت آباد رکھا؛ تاہم وہ اپنی وسیع سلطنت کا انتظام مؤثر طریقے سے نہ کر سکا اور ۷۴۶ھ/۱۳۴۵ء میں اس کے دکنی امرا ("امیران صدہ") نے اس کے خلاف بغاوت کر دی اور اسمعیل مُخ کو دکن کا پہلا آزاد مسلمان حکمران منتخب کیا۔ ۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء میں اس کی جگہ ظفر خان بادشاہ ہوا اور اس نے علاء الدین حسن بہمن شاہ کا لقب اختیار کیا اور یوں گویا اس نے بہمنی سلطنت [رک بہ بہمنی] کی بنیاد رکھی۔ بہمنیوں نے اپنی سلطنت کو سمندر کے ایک ساحل سے لے کر دوسرے ساحل تک پورے دکن میں پھیلایا اور پہلے احسن آباد گلبرگہ [رک بہ گلبرگہ] اور بعد ازاں محمد آباد بیدر [رک بہ بیدر] کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ پندرھویں صدی عیسوی کے آخر اور سولھویں صدی عیسوی کے شروع میں بہمنی صوبوں کے والی پہلے خود مختار اور پھر آزاد ہو گئے، اور آخر کار دکن احمد نگر، بیجاپور، برار، بیدر اور گولکنڈہ کی پانچ حکومتوں میں تقسیم ہو گیا، جہاں علی الترتیب نظام شاہی، عادل شاہی، عماد شاہی، برید شاہی اور قطب شاہی خاندان حکمران ہوے۔ برار اور بیدر تو کچھ ہی عرصے بعد احمد نگر میں شامل ہو گئے۔ پھر احمد نگر شاہ جہان کے عہد حکومت میں ۱۰۴۲ھ/۱۶۳۳ء میں سلطنت دہلی کا حصہ بن گیا۔ بیجاپور اور گولکنڈہ کے خاتمے کی باری ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء اور ۱۰۹۸ھ/۱۶۸۷ء میں آئی جب کہ اورنگ زیب عالمگیر نے ان دونوں حکومتوں کو اپنی وسیع سلطنت میں شامل کر لیا؛ لیکن دکن میں مرہٹوں کے مسلسل حملوں نے مغل حکومت کو مستحکم نہیں ہونے دیا۔ مرہٹوں نے شیواجی کے تحت ۱۰۸۵ھ/۱۶۷۴ء میں اپنی ایک علحدہ حکومت قائم کر لی اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شہنشاہ کو اپنی مہموں کی قیادت اورنگ آباد میں رہ کر کرنی پڑی، جہاں ۱۱۱۹ھ/۱۷۰۷ء میں اس کا انتقال ہوا۔ دکن کی تاریخ میں دوسری اہم تاریخ ۱۱۳۶ھ/۱۷۲۴ء ہے، جب نظام الملک آصف جاہ [رک باں] نے مبارز خان کو شکر کھیڑہ کے مقام پر شکست دے کر پورے دکن پر قبضہ جما لیا۔ آصف جاہی خالدان نے پہلے اورنگ آباد اور پھر حیدرآباد [رک باں] سے دکن پر بڑے مؤثر طریقے سے حکومت کی، لیکن ۱۹۴۸ء میں حکومت ہند نے اسے بھارت میں مدغم کر لیا۔ نظام دکن سر میر عثمان علی خان آصف جاہ ہفتم کو بھارت کے صدر نے راج پرمکھ یا ریاست کا آئینی سربراہ بنا دیا۔ وہ ۱۹۵۶ء تک اس حیثیت سے کام کرتے رہے جب کہ ریاست حیدرآباد کو لسانی اعتبار سے تقسیم کر کے آندھرا، بمبئی اور میسور کے صوبوں میں شامل کر دیا گیا۔

**مآخذ**: (۱) آر۔ جی بھنڈارکر: *Early History of the Dekkan down to the Mahomedan Conquest*، بار دوم، بمبئی ۱۸۹۵ء؛ (۲) ایس۔ کے۔ آئنگر: *South India and her Muhammadan Invaders*، لنڈن ۱۹۲۱ء؛ (۳) J. S. King: *History of the Bahmani Dynasty*، لنڈن ۱۹۰۰ء؛ (۴) شروانی: *The Bahmanis of the Deccan, an Objective Study*، حیدرآباد، بدون تاریخ؛ (۵) J.D.B. Gribble: *History of the Deccan*، ج ۱، لنڈن ۱۹۳۶ء؛ (۶) یوسف حسین خان: نظام الملک

marfat.com
Marfat.com

آصف جاہ اوّل، منگلور ۱۹۳۶ء .

(ہارون خاں شروانی)

* **دکنی** : (دکھنی) رک بہ اُردو .

* **دُکَین الرّاجز** : دو شاعروں کا نام، جنھیں ابن قُتَیبہ نے ملتبس کر دیا ہے (الشعر [و الشّعراء]، طبع شاکر، ص ۵۹۲ تا ۵۹۵) نیز ان مصنّفوں نے بھی جنھوں نے اُس سے نقل کیا ہے، یا اس سے استفادہ کیا ہے، یعنی ابن عبد ربّہ : العقد، طبع ۱۳۴۶ھ/۱۹۲۸ء، ص ۲۰۲ تا ۲۰۳؛ الاغانی، ۸ : ۱۵۵ و طبع بیروت، ۹ : ۲۵۲ تا ۲۵۳؛ C.A. Nallino : *Litt.* (جس کی M. Nallino نے ایک حاشیے میں تصحیح کی ہے) .

(۱) دُکَین بن رجاء الفُقَیمی (م ۱۰۵ھ/۷۲۳ - ۷۲۴ء) : مصعب بن الزبیرؓ کی مدح میں ایک قصیدے کے علاوہ (جو بحر رجز میں ہے) اپنے گھوڑے کی تعریف میں اس کا ایک ارجوزہ بھی محفوظ ہے جو الولید بن عبدالملک کے حکم سے ہونے والی گھڑ دوڑ میں جیتا تھا (دیکھیے یاقوت، ۱۱ : ۱۱۳ تا ۱۱۷؛ ابن عساکر، ۵ : ۲۷۳ تا ۲۷۹) محفوظ ھیں .

(۲) دُکَین بن سعید الدّارمی (م ۱۰۹ھ/۷۲۷ - ۷۲۸ء)، جس کے لیے درحقیقت ابن قتیبہ نے اپنا مقالہ بعنوان دُکَین الرّاجز وقف کیا ہے؛ نیز دیکھیے ابن عساکر : وھی کتاب؛ یاقوت، ۱۱ : ۱۱۷ تا ۱۱۹ - اس نے حضرت عمرؓ بن عبدالعزیز کی شان میں ایک مدحیّہ قصیدہ اس موقع پر لکھا تھا جب وہ مدینۂ منورہ کے والی مقرر کیے گئے (۸۷ھ/۷۰۶ء) اور اس پر آپ سے بیش بہا انعام دینے کے علاوہ مزید وعدے بھی کیے گئے ایسے شاید حضرت عمر بن عبدالعزیز کا تقرب بھی نصیب ہوا - جب وہ خلیفہ ہوگئے تو دُکَین ان سے ملاقات کے لیے گیا اور انھیں ان کے وعدے یاد دلائے اور مزید انعام حاصل کیا - اسی دُکَین کی طرف یہ بیت منسوب کیا گیا ہے :

"[اذا المرءُ لم یدنس من اللؤم عرضُہ

فکل رداءٍ یرتدیہ جمیل]

یعنی جب تک آدمی اپنی عزت پر بد اعمالی کا دھبہ نہ لگائے تو جو لباس بھی وہ پہنے خوب صورت ہے". بہر صورت یہی شعر سَمْوال کے مشہور لامیے کے شروع میں بھی ملتا ہے (فؤاد بستانی: المجانی الحدیثہ، ۱ : ۳۴۵). اس دُکَین کو دُکَین ابن سعید (سعد) الخثعمی (المزنی) سے، جو صحابۂ کرامؓ میں سے ھیں، ملتبس نہیں کرنا چاھیے (دیکھیے ابن حجر : الاصابۃ، عدد ۲۴۰۱) .

**مآخذ** : مقالہ کے اندر دیے گئے ھیں .

(CH. PELLAT)

**دکھن** : رک بہ دکن . *

* **دِگلال** : مغربی ارٹریا Eritrea اور مشرقی سوڈان کے ضلع اَگوردات Agordat کے قبائلی گروہ بنی عامر کے موروثی حکمران کا لقب؛ وہ امراء کے لبتاب Nabtab طبقے یا ذات کا رکن اعلٰی بھی ہے، جنھیں بنی عامر کی ہر شاخ میں بعض ایسے تاریخی اسباب کی بنا پر جن کی توضیح اب ناممکن ہے، برتری کا درجہ حاصل ہے - خیال کیا جاتا ہے کہ یہ لقب شاید افواج الاصل ہے اور غالباً ان ایام کی یادگار ہے جب یہ قبیلہ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی اور گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی میں سِنّار کے مسلم فونج خاندان کا وقتاً فوقتاً باجگزار رہا، جس کا تعلق وادی نیل سے تھا - دِگلال کے عہدے کی علامات میں سے مخمل کی ایک انوکھی طرز کی تکونی ٹوپی بھی شامل ہے .

**مآخذ** : (۱) A. Pollera : *Le Popolazioni indigene dell' Eritrea*، Bologna ۱۹۳۵ء؛ (۲) S. F. Nadel : برطانوی فوجی نظم و نسق کے لیے *Races and tribes of Eritrea*، اسمارا ۱۹۴۴ء؛ (۳) S. H. Longrigg : *Short history of Eritrea*، اوکسفرڈ ۱۹۴۵ء؛ [(۴) وو لائڈن، بار دوم، بذیل مادہ].

(S. H. LONGRIGG)

* **دلاور پاشا** : (۱۰۳۱ - ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۲ء)، عثمانی وزیراعظم، جو نسلاً کروٹ Croat تھا - اس نے

قصر سلطانی کی ملازمت میں چاشنی گیر باشی کے درجے تک ترقی کی، بعد ازآں وہ قبرص کا، پھر ذوالحجہ ۱۰۲۲ھ/جنوری ۱۶۱۴ء میں بغداد کا بیگلربیگی مقرر ہوا۔ دیار بکر کے بیگلربیگی کا عہدہ اُسے ۱۰۲۴ھ/ ۱۶۱۵ء میں عطا ہوا۔ اس نے ایران کے صفویوں کے خلاف ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء کی جنگ اریوان میں حصّہ لیا۔ اس کی بعد کی زندگی ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء تک کسی قدر تاریکی میں ہے۔ عثمانی وقائع (دیکھیے پچوی، ۲ : ۳۶۶؛ حاجی خلیفہ، ۱ : ۳۹۲؛ نعیما، ۲ : ۱۶۶) میں مذکور ہے کہ مصطفٰی پاشا نامی ایک شخص، جو عثمانیوں اور صفویوں کی جنگ (۱۰۲۴ تا ۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۵ تا ۱۶۱۸ء) کے آخری معرکوں میں میدانِ کارزار میں کام آیا تھا، اپنی موت کے وقت، جو ۱۰۲۷ھ/۱۶۱۸ء میں ہوئی، دیار بکر کا بیگلر بیگی تھا۔ وینس کے ایک اطلاع نامے ("relazione")، مؤرخہ جولائی ۱۶۲۰ء، میں دلاور پاشا کی دیار بکر کے بیگلربیگی کے عہدے سے برطرفی کا ذکر ہے، اور یہ کہ وہ عہدہ اب "Silidar del Re" کو دے دیا گیا ہے (دیکھیے Hammer-Purgstall، ۸: ۲۶۷)۔ دلاور پاشا نے ایک دفعہ اور دیار بکر کے بیگلربیگی کی حیثیت سے (دیکھیے حاجی خلیفہ، ۱ : ۴۰۶؛ نعیما، ۲ : ۱۹۴) پولستانیوں کے خلاف ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء کی جنگ خوتِن (Chorzim) میں حصّہ لیا۔ یہ یکم ذوالقعدہ ۱۰۳۰ھ/۱۷ ستمبر ۱۶۲۱ء کا واقعہ ہے کہ سلطان عثمان ثانی (۱۰۲۷ تا ۱۰۳۱ھ/۱۶۱۸ تا ۱۶۲۲ء) نے دورانِ جنگ میں دلاور پاشا کو وزارت عُظمٰی پر فائز کیا، لیکن اس کے اس عہدے کی مدت بہت مختصر تھی۔ ۸ رجب ۱۰۳۱ھ/۱۹ مئی ۱۶۲۲ء میں وہ ینی چریوں کی اس بغاوت میں مارا گیا جو عثمان ثانی کی معزولی اور موت پر منتج ہوئی تھی۔ دلاور پاشا نے الرّھا اور بیرہ جِک کے درمیان چارملک کے مقام پر ایک بڑی "خان" (=سرای) تعمیر کرائی، اور دوسری "خان" سیدی غازی (سیّد غازی) کے مقام پر بنوائی، جو سلطان مراد چہارم (۱۰۳۲ تا ۱۰۴۹ھ/۱۶۲۳ تا ۱۶۴۰ء) کے زمانے تک پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکی۔

**مآخذ** : (۱) پچوی : تاریخ، ۲ : ۳۶۸، ۳۷۸، ۳۸۲، ۳۸۳؛ (۲) قرہ چلبی زادہ : روضۃ الابرار، ص ۵۳۴، ۵۳۶، ۵۳۷، ۵۳۹؛ (۳) حاجی خلیفہ : فذلکہ، ۱ : ۳۷۵، ۳۹۳، ۴۰۶، ۴۰۷، ۴۱۰، ۴۱۱ و ۲ : ۱، ۸، ۱۰ تا ۱۶ (بمواضع کثیرہ)، ۳۱ ؛ (۴) صولاق زادہ : تاریخ، ص ۷۰۲ تا ۷۱۴، بمواضع کثیرہ؛ (۵) نعیما : تاریخ، ۲ : ۱۳۲، ۱۶۸، ۱۹۳، ۲۰۱ تا ۲۱۹، بمواضع کثیرہ؛ (۶) نظمی زادہ : گلشن خلفاء، استانبول ۱۱۴۳ھ، ۲۶۶ ب؛ (۷) ایم۔ سرت اوغلی : تُقی تریحی، در Belleten، ۱۹۴۷ء، ۱۱ : ۴۸۹ تا ۵۱۴، بمواضع کثیرہ؛ (۸) فریدون : منشآت السلاطین، ۲ : ۴۲۹ ببعد؛ (۹) M. A. Danon : *Contributions à l'histoire des Sultans Osman II et Mouçtafa I*، در *JA*، سلسلہ جدید، پیرس ۱۹۱۹ء، ۱۴ : ۶۹ ببعد، ۲۴۳ ببعد، بمواضع کثیرہ؛ (۱۰) A. Galland : *La mort du Sultan Osman ou le retablissement de Mustapha sur le throsne, traduit d'un manuscrit Turc* . . .، پیرس ۱۶۷۸ء، ص ۲۹، ۳۵، ۴۱، ۶۰، ۷۹، ۸۲، ۸۵، ۹۸، ۱۰۴، ۱۰۵، ۱۱۷؛ (۱۱) M. Steinschneider : *Die Geschichtsliteratur der Juden*، ج ۱، فرنکفرٹ ۱۹۰۵ء، فصل ۱۳۶؛ (۱۲) S. Purchas : *Purchas his Pilgrimes*، گلاسگو ۱۹۰۵ء، ۸ : ۳۴۳ تا ۳۵۹، بمواضع کثیرہ ("سلطان عثمان کی موت")؛ (۱۳) R. Knolles : *The Generall Historie of the Turkes... together with the Lives and Conquests of the Othaman Kings and Emperours : A Continuation of the Turkish History from .... 1620 untill ... 1628. Collected out of the Papers and Dispatches of Sir Thomas Rowe* ......، لنڈن ۱۶۳۸ء، ص ۱۴۰۶ تا ۱۴۱۸، بمواضع کثیرہ؛ (۱۴) *The Negotiations of Sir Thomas Roe in his Embassy to the*

marfat.com
Marfat.com

*Ottoman Porte from the Year 1621 to 1628 inclusive*، طبع رچرڈ سن S. Richardson، لنڈن ۱۸۳۰ء، ص ۲۳ تا ۵۱، بمواضع کثیرہ؛ (۱۵) Hammer-Purgstall : *Histoire*، ۸ : ۲۱۳، ۲۴۲، ۲۴۳، ۲۶۷، ۲۷۸، ۲۸۱ تا ۲۹۱ (بمواضع کثیرہ)، ۲۹۸، ۳۰۲؛ (۱۶) Zinkeisen، ۳ : ۷۴۴ تا ۷۹۴، بمواضع کثیرہ؛ (۱۷) N. Jorga : *Geschichte des osmanischen Reiches*، گوتھا ۱۹۱۰ء، ۳ : ۴۴۳؛ (۱۸) اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : عثمانلی تاریخی، انقرہ ۱۹۵۴ء، ۳/۲ : ۳۷۵؛ (۱۹) عثمان زادہ احمد تائب : حدیقۃ الوزراء، ص ۳۱؛ (۲۰) سامی : قاموس الاعلام، استانبول ۱۳۰۸ھ، ۳ : ۲۱۵۱؛ (۲۱) سجل عثمانی، ۲ : ۳۳۹؛ (۲۲) *IA*، بذیل مادّہ دلاور پاشا (از M. Tayyib Gökbilgin).

(V. J. Parry)

* **دلاور خان :** سلطنت مالوہ [رک باں] کا بانی، جس کا اصلی نام حسن تھا (فرشتہ، طبع نولکشور، ۲ : ۲۳۴)، یا حسین (فرشتہ، ترجمہ Briggs، ۴ : ۱۷۰؛ نیز دیکھیے یزدانی : Mandu)، یا عمید شاہ داؤد (تُوزک جہانگیری، ترجمہ Rogers و Beveridge، ۲ : ۴۰۷)، جو دھار کی جامع مسجد (= لاٹ مسجد) کے کتبوں پر مبنی ہے، دیکھیے ظفر حسن : *Inscriptions of Dhar and Māndū*، در *EIM*، ۱۹۰۹ تا ۱۹۱۰ء، ص ۱۱ تا ۱۲ و لوحہ ۳ و ۴)۔ جس کی شہادت اس امر سے بھی ملتی ہے کہ وہ معزالدّین محمد بن سام شہاب الدّین غوری کی صلبی اولاد میں سے تھا اور یہ عقیدہ اس حقیقت میں بھی جھلکتا ہے کہ اس کے اور اس کی اولاد کے نام کے ساتھ عموماً خالدانی نام غُوری استعمال ہوتا ہے۔ [جیسا کہ طبقات ناصری اور دیگر مآخذ میں صراحت کی گئی ہے، سلطان معزالدّین غوری کے کوئی نرینہ اولاد نہ تھی۔ غوری ایک بڑا خاندان تھا اور غور کے سبھی رہنے والوں کے لیے یہ نسبت استعمال ہو سکتی ہے، لہٰذا مقالہ نگار کا یہ قیاس صحیح نہیں ہے]۔ فیروز تغلق کے عہد حکومت میں اسے ایک خطاب اور منصب عطا کیا گیا تھا۔ دھار میں شیخ کمال الدّین مالوی کے مزار کے احاطے سے سنگِ مزار کا ایک کتبہ دستیاب ہوا ہے، جس سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ ۷۹۵ھ/۱۳۹۲-۱۳۹۳ء میں دلاور خان مالوے کا والی تھا۔ اس کے دلاور خان کا لقب اختیار کرنے کی صحیح تاریخ معلوم نہیں، لیکن اغلب یہی ہے کہ یہ وہ خطاب تھا جسے فیروز شاہ تغلق نے اُسے عطا کیا اور اسی کے بیٹے محمّد شاہ نے اسے مالوے کا صوبے دار مقرّر کیا تھا (حیرت ہے کہ محولۂ بالا کتبے میں اس زمانے کے فرمانروا کا نام محمود شاہ مذکور ہے)۔

جب ۸۰۱ھ/۱۳۹۸ء میں تیمور نے ہندوستان پر حملہ کیا تو دلاور خان نے مفرور تغلق بادشاہ ناصرالدین محمود شاہ کو بلا توقف حفاظت و پناہ دی۔ اس بدنصیب بادشاہ سے دلاور خان کے تعلقِ خاطر اور وفاداری کی وجہ سے اس کا جاہ طلب بیٹا الپ خان (بعد ازاں ہوشنگ غوری [رک باں]) ناراض ہو گیا اور اس نے اپنے باپ کے پناہ گزین آقا کی اطاعت گزاری کو پسند نہ کیا، بلکہ مانڈو [رک باں] میں منتقل ہو گیا، جہاں اُس نے قلعے کی عمارتوں کا انتظام دُرست کیا اور انھیں مستحکم بنایا۔ محمود تغلق جب ۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء میں دہلی روانہ ہوا تو دلاور خان نے، جس نے ۷۹۵ھ/۱۳۹۲ء ہی سے مالیہ کی فاضل رقوم کا دہلی بھیجنا بند کر دیا تھا، اپنے بیٹے الپ خان کے بہت زیادہ اُکسانے پر اپنی آزادی کا اعلان کر دیا (دیکھیے Briggs : *Ferishta*، ۴ : ۱۶۹)۔ بہر حال دلاور خان اپنی خود مختاری کے ثمر سے لطف اندوز ہونے کے لیے زیادہ دیر تک زندہ نہ رہا اور ۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء میں دفعۃً انتقال کر گیا۔ اس کی اچانک موت سے یہ شبہہ، جس میں بعض اعلٰی مرتبت سپہ سالار بھی شریک تھے، پیدا ہو گیا کہ اُسے اُس کے جاہ طلب بیٹے نے زہر دیا ہے،

Marfat.com

چنانچہ گجرات کی همسایه سلطنت کے حکمران مظفر شاہ اول کا بھی عرصے تک یہی خیال رہا اور آخرکار اسی شبہے نے اُسے اپنے دوست اور حلیف کا بدلہ لینے کی نیت سے مالوہ پر حملہ کرنے پر آمادہ کیا ۔ جہانگیر نے (توزک جہانگیری، طبع لاہور، ص ۲۳۱) دھار کی کی جامع مسجد کی تعمیر کی جو تاریخ دی ہے، یعنی هشت صد و هفتاد (۸۷۰ھ)، وہ بظاہر اس کتبے کی ایک سطر کی غلط قراءت پر مبنی ہے جو محوّلہ بالا مسجد کے مشرق دروازہ پر ہے؛ وجہ یہ ہے کہ دلاور خان ۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء میں انتقال کر چکا تھا ۔ شمالی دروازے پر جو کتبہ ہے (EIM، ۱۹۰۹ تا ۱۹۱۰ء، ۱۲ و لوحه ۱۴) اس میں سن تعمیر رجب سبع و ثمانی مائة (۸۰۷ھ) درج ہے ۔ دلاور خان کی دیگر عمارتیں یہ ہیں : مانڈو کے مقام پر ایک مسجد، جو اس کے نام سے معروف ہے (کتبہ مؤرخه ۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء) اور اس قلعے کا تاراپور دروازہ (۸۰۹ھ/۱۴۰۶ء کا کتبہ، وہی کتاب، ۱۹ و لوحه ۷/۲) ؛ اگرچہ مؤخرالذکر اس کی تعمیر کو دلاور خان سے منسوب کرتا ہے، لیکن قرینه سے ظاہر ہے کہ یہ اس کی موت کے بعد اس دروازے کی تکمیل کی تاریخ ہے ۔

**مآخذ** : (۱) محمد هادی کامور خان : هفت گلشن (مخطوطه)، فصل ۳؛ (۲) فرشته : گلشن ابراهیمی، طبع نولکشور، ۲ : ۲۳۴؛ (۳) توزک جهانگیری، انگریزی ترجمه Rogers و Beveridge، لنڈن ۱۹۰۹ء، ۲ : ۴۰۷ ببعد؛ (۴) E. Barnes : *Dhar and Mandu*، در *JBBRAS*، ۱۹۰۰ تا ۱۹۰۳ء، ۲۱ : ۳۳۹ تا ۳۹۱، بمواضع کثیره؛ (۵) J. Fergusson : *History of Indian and Eastern Architecture*، لنڈن ۱۹۱۰ء، ص ۵۳۱؛ (۶) یزدانی G. Yazdani : *Mandū : the City of Joy*، آکسفرڈ ۱۹۲۹ء؛ (۷) امیر احمد علوی: شاهان مالوه، لکھنؤ بدون تاریخ، ص ۱۴ تا ۱۷؛ نیز رک به دھار؛ مالوه، مانڈو .

(بزمی انصاری)

**دَلْتاوَہ** : مرکزی عراق میں دیالا کی لوا میں واقع * خالص کی "قضا" کا صدر مقام، جو ۴۴ درجے ۳۰ ثانیے مشرق، ۳۳ درجے ۵۰ ثانیے شمال میں واقع ہے ۔ اس شہر کی آبادی، جو تمام کی تمام مکین عراق عربوں پر مشتمل ہے اور جن میں شیعیوں کی تعداد سنّیوں سے زیادہ ہے، ۱۳۶۶ھ/۱۹۴۷ء میں دس ہزار تھی ۔ پوری "قضا" کی آبادی ستّر ہزار تھی ۔ اس کے ماتحت جو دو "ناحیے" ہیں ان کے نام خان بنی سَعْد اور منصوریّه (سابق دَلی عبّاس) ہیں ۔ عراق علماء کے نزدیک دلتاوہ اپنے اصل نام دولت آباد کی بگڑی ہوئی صورت ہے ۔

**مآخذ** : (۱) عبدالرزّاق الحسنی : العراقُ قدیْمًا و حدیثًا، صیدا (Sidon) ۱۳۶۶ھ/۱۹۴۷ء .

(S. H. Longrigg)

**دُلْدُل** : نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم کے * خاکستری رنگ کے خچر کا نام، جو آپ کو مُقوقِس [رک بآں] نے بطور هدیه بھیجا تھا اور اسی کے ساتھ ایک گدھا بھی، جو یَعْفُور یا عُفَیر کہلاتا تھا، ارسال کیا تھا ۔ دُلدُل نے آپؐ کے غزوات میں آپ کی سواری کا کام دیا ۔ یہ آپؐ کی وفات کے بعد بھی زنده تھا اور ینبوع میں اس قدر سن رسیده اور بے دندان ہو کر مرا کہ اُسے کھلانے کے لیے جَو اس کے مُنه میں ڈالنا پڑتے تھے ۔ شیعی روایات کی رو سے جنگ جمل میں حضرت علیؓ اسی پر سوار تھے [رک به الجَمَل] اور صِفّین میں بھی آپ نے اسی پر سواری کی تھی ۔ چونکہ عربی میں دُلدُل سیہه یا خارپشت کو کہتے ہیں اس لیے ممکن ہے کہ یہ نام اس کی چال کی وجه سے پڑ گیا ہو؛ لیکن یه قیاس یقینی نہیں ۔ نبی اکرم صلّی اللہ علیه و سلّم کے گھوڑوں کے ناموں کی بابت دیکھیے G. Levi Della Vida : *Les "livres des chevaux"*، لائڈن ۱۹۲۸ء، ص ۸، ۵۱ ؛ آپ کی اونٹنیوں، العَضباء اور القصواء، کے لیے دیکھیے الجاحظ : الحیوان، بمدد اشاریه .

**مآخذ** : (۱) الجاحظ : البغال، طبع Pellat، قاهره

marfat.com
Marfat.com

۱۹۵۵ء، ص ۲۱؛ (۲) محمد بن حبیب : المُحَبَّر، ص ۷۶؛ (۳) الطّبری، ۱ : ۱۷۸۳ء؛ (۴) المسعودی : مُرُوج، ۴ : ۳۱۷، ۳۵۶، ۳۶۹؛ (۵) ابن الاثیر، ۲: ۲۳۸؛ (۶) النّووی، ص ۶۴؛ (۷) الدّمیری، بذیل مادّہ؛ (۸) تاج العروس، بذیل مادّہ؛ (۹) لسان العرب، بذیل مادّہ.

(CL. HUART و CH. PELLAT).

* **دِلْسِز** : ترکی میں بمعنی، بے زبان؛ سلاطین عثمانیہ کے محل کے اندر کام کرنے والے بہرے گونگے ملازموں کا نام، جنھوں نے کچھ عرصے کے لیے باب عالی میں بھی خدمات سرانجام دیں ۔ اسی مفہوم میں انھیں فارسی لفظ "بے زبان" سے بھی موسوم کرتے تھے ۔ وہ محمد ثانی کے عہد سے سلطنت کے خاتمے تک محل میں موجود رہے ۔ ان کی تعداد کے متعلق معلومات میں اختلاف ہے ۔ بقول عطاء تین سے پانچ تک دلسز ہر ایوان (=قوغش) سے متعلق ہوتے تھے؛ Rycaut ان کی تعداد "تقریباً چالیس" بتاتا ہے ۔ مصطفی ثانی (م ۱۱۱۵ھ/۱۷۰۳ء) کے وقت کی ایک دستاویز میں، جس کا حوالہ اوزون چارشیلی نے دیا ہے اور جو محل کے ملازمین میں کپڑے کی تقسیم سے متعلق ہے، لکھا ہے کہ ہر حرم سرا میں ایک "بے زبان"، شاہی خلوت خانے ("خاص اوطہ") میں دو "بے زبان" اور ایک بونا (جیجی)، ایوانِ خزانہ (خزینہ قوغش) میں اور ایک بے زبان سردار، ایک بونا سردار، چھے "بے زبان" اور دو بونے، ایوان لشکر کشی ("سِفرلی قوغش")میں ایک "بے زبان" سردار، ایک بونا سردار اور دس "بے زبان" ہوتے تھے .

"بے زبانوں" کو تنخواہ اور پنشن ملتی تھی اور ان کی خاص وردیاں اور درباری لباس ہوتے تھے۔ ان کے سرداروں کو "باش دِلْسِز"(= بے زبان سردار) کہتے تھے، گو وہ پیدایشی گونگے بہرے ہوتے تھے، لیکن کہا جاتا تھا کہ عقل و فہم رکھتے تھے اور ان کی اشاروں پر مبنی ایک خاصی جامع زبان تھی، جس کے ذریعے وہ آپس میں ایک دوسرے سے بات کرتے اور اپنے افسروں کے احکام وصول کرتے تھے ۔ بقول Bon ان میں بہت سے لکھ سکتے تھے "اور وہ بھی سمجھ بوجھ کر اچھی طرح سے"۔ ان کے فرائض میں پاسبانی اور خدمت گزاری، نیز بہت ھی زیادہ خفیہ امور، بشمول سزاے قتل میں پیغام رسانی اور سفارت کے کام شامل تھے .

**مآخذ** : (۱) تاریخ عطاء، ۱ : ۱۷۱ تا ۱۷۲، ۲۸۳؛ (۲) Robert Withers : *A description of the Grand Seignor's seraglio* (adapted from Ottaviano Bon, *Il serraglio del gransignore* [1608])، *Purchas his Pilgrims*، ج ۲، ۲/۲، لنڈن ۱۶۲۵ء، (بارِ دیگر، گلاسکو ۱۹۰۵ء، ج ۹)، باب ۷ (نیز طبع J. Greaves، لنڈن ۱۶۵۰ء، ۱۶۵۳ء، ۱۷۳۷ء)؛ (۳) P. Rycaut : *History of the Present State of the Ottoman Empire*، بار چہارم، لنڈن ۱۶۷۵ء، باب ۸، ص ۶۱ تا ۶۲؛ (۴) D' Ohsson : *Tableau général de l'Empire othoman*، پیرس ۱۸۲۴ء، ۷ : ۴۵؛ (۵) Hammer-Purgstall : *Staatsverfassung*، ۲ : ۵۷؛ (۶) Gibb-Bowen، ۱/۱ : ۸۰؛ (۷) اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : عثمانلی دولتنین ساری تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۵ء، ص ۳۰۰؛ (۸) Pakalın، ۱ : ۲۳۷۔ عثمانی دربار کے متعلق متعدد مغربی رودادوں میں ان گونگے بہروں کے حالات اور تصاویر ہیں .

(B. LEWIS)

* **الدَّلَفی** : تیسری صدی ھجری/نویں صدی عیسوی کا ایک اہم قبیلہ، جس کی مقبوضہ اراضی ان کے ایک پورے ضلع پر مشتمل تھی، جو "اَلْاَیْغارَیْن"(دو اقطاع) کہلاتا تھا اور الجبل میں نہاوند کے مشرق میں ہَمَدان اور اِصفہان کے درمیان واقع تھا ۔ عیسٰی بن ادریس اس قبیلے کا بانی تھا، جس نے شاھراھوں پر لوٹ مار کر کے اتنی دولت جمع کر لی کہ آخرکار الکَرَج میں ایک مضبوط قلعہ بنا کر غارت گری چھوڑ دی ۔ اسی قلعے کو اس کے فرزند

Marfat.com

اور جانشین القاسم بن عیسٰی العِجلی نے، جو اَبوُدُلَف کے نام سے معروف ہے، خانوادۂ دُلَفی کی اساس کے لیے استعمال کیا ۔

ابودُلَف ایک شیعی اور بڑا تعلیم یافتہ آدمی، پسندیدہ شاعر، عظیم سپہ سالار اور لائق رهنما تھا۔ اس کا وقار اتنا تھا کہ اگرچہ اس نے علویوں کا پُرجوش طرف‌دار ہونے کے باعث المامون کے خلاف فوج کشی بھی کی تھی لیکن المامون نے اُسے معاف کر دیا اور اپنے درباریوں میں شامل کر لیا (رک به القاسم) ۔ اپنی افواج کی مدد سے اس نے بابک الخُرّمی [رک بآں] (۲۲۲ھ/۸۳۶-۸۳۷ء) کی بغاوت کو کچلنے میں اہم کردار ادا کیا اور اس کے اخلاف نے، جو دُلَفی کہلائے، خلیفۂ وقت کے تحت اس کے طرف‌دار ہو کر خدمات انجام دیں اور خلافت کی بہت سی فوجی مہمات میں حصہ لے کر اس کے وفادار حمایتی ہونے کا ثبوت دیا۔ ابودُلَف اور اس کے پوتے احمد نے علی الترتیب خلیفہ المستعصم اور المعتضد کے عہد میں بحیثیت سپہ سالار خاص طور پر نام پیدا کیا ۔ ان کا خاندان تقریباً پورے طور پر خود مختار تھا اور کوئی ستر سال فرمانروائی کرتا رہا؛ ان کو جاگیر دائمی طور پر عطا ہوگئی تھی اور دُلَفی ایک معیّن سالانہ خراج خلیفہ کو دیا کرتے تھے، نیز ان کے اوپر اور کوئی ٹیکس عائد نہ کیا جاتا تھا اور وہ سکّہ بھی اپنا ھی چلاتے تھے ۔

دُلَفیوں کا دارالحکومت الکَرَج، کسی قدر بلندی پر بسایا گیا تھا اور ایک زرخیز علاقے کے وسط میں ایک اہم مقام پر واقع تھا، جس کی سالانہ پیداوار اکتیس لاکھ درهم کی قیمت کی هوتی تھی ۔ ابودُلَف نے شہر کو تقریباً دو فرسخ تک پھیلا دیا تھا اور اس میں پختہ اینٹوں کے اچھے بنے ہوئے مکانات تھے، دو منڈیاں تھیں اور متعدّد حمام تھے ۔

۲۲۵ھ/۸۳۹ - ۸۴۰ء میں ابودُلَف کی وفات کے بعد اس کی اولاد اس ریاست پر حکمرانی کرتی رهی؛ شروع میں اس کا بیٹا عبدالعزیز تخت پر بیٹھا، جو ۲۵۲ھ/۸۶۶ء میں خلیفہ المعتضد کے تحت الرّے کا گورنر بھی رہا تھا (م ۲۶۰ھ/۸۷۳ - ۸۷۴ء)؛ پھر بہ تسلسل اس کے پوتے، دُلَف (م ۲۶۵ھ/۸۷۸-۸۷۹ء)، احمد (م ۲۸۰ھ / ۸۹۳ - ۸۹۴ء)، عمر (م ۲۸۳ھ/ ۸۹۶-۸۹۷ء) اور الحارث المعروف به ابو لیلٰی تخت حکومت کے مالک ہوتے رہے ۔ یہ سب خلیفۂ وقت کے وفادار رہے ۔

الحارث ۲۸۴ھ / ۸۹۷-۸۹۸ء کی لڑائی میں ایک حادثے کا شکار ہو کر مرا ۔ المسعودی کے بیان کے مطابق، جس گھوڑے پر وہ سوار تھا اس کو گرا دیا گیا اور اس کی اپنی برہنہ تلوار، جو اس کے کندھے پر تھی، اس کے بدن میں گھس گئی جس سے کاری زخم لگا اور وہ مرگیا ۔ اس کے مرنے کے ساتھ ھی دُلَفیوں کی حکومت اور ان کا خاندان دونوں ختم ہو گئے اور ان کی اراضی مرکزی حکومت کے قبضے میں چلی گئی ۔

**مآخذ** : (۱) الطبری، ج ۳؛ (۲) المسعودی : مروج، بمدد اشاریه، بذیل مادّه؛ (۳) Schwarz : *Iran*، ۵: ۵۷۳ ببعد؛ (۴) Le Strange، ص ۱۹۷ تا ۱۹۸؛ (۵) ابن خلّکان، ترجمه de Slane، ۲ : ۵۰۲ تا ۵۰۷؛ (۶) Meynard : *Dictionnaire géographique*، ص ۴۷۸ تا ۴۷۹؛ (۷) یاقوت، ۲ : ۸۳۲؛ (۸) ابن خُرّداذبه، ص ۴۳؛ (۹) Zambaur، ص ۱۹۹، ۴۴؛ (۱۰) Ritter : *Die Geheimnisse der Wortkunst (Asrār al-Balāgha) des Abdalqāhir al-Curcānī*، در Bibl. Isl.، ۱۹۵۹ء، ۱۹ : ۴۴ (حاشیه) ۔

(E. MARIN)

* **الدلفین** : رک به نجوم ۔

* **دلّال** : (عربی) ''گماشته''؛ دلّال کے لفظی معنی ''رهنما'' کے ہیں اور یہ ''بیع‌ساز''، ''سنسل'' کے لیے عربی کا عام لفظ ہے ۔ تاج العروس میں ''سمسار''

marfat.com
Marfat.com

کے متعلق یہ لکھا ہے : "یہ وہ شخص ہے جسے عام طور سے "دلّال" کہتے ہیں؛ یہ شخص خریدار کو بتاتا ہے کہ اس کی مطلوبہ چیزیں کہاں دستیاب ہو سکتی ہیں اور بائع (بیچنے والے) کو بتاتا ہے کہ اچھے سے اچھے دام کس طرح وصول کیے جا سکتے ہیں" - عربی مآخذ سے دلالوں کی اصل کا بہت کم پتا چلتا ہے جو اقتصادی معاملات میں ہمیشہ سے بہت اہمیت رکھتے چلے آئے ہیں - دلّال بوزنطی کے μεσίτης کا ہم معنی تھا - چونکہ اس ضمن میں کوئی باقاعدہ مطالعہ نہیں ہوا اس لیے جو معلومات إدھر اُدھر سے فراہم کی گئی ہیں انہیں یہاں بیان کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے - فقہ کی کتابیں دلّالوں کو بد دیانتی کے ان طریقوں سے محفوظ رہنے کی ہدایت کرتی ہیں جو کاروبار میں عام طور سے رائج ہیں (ابن الحاجّ : کتاب المَدخَل، ۳ : ۷۵) - حقیقت یہ ہے کہ دلّال عموماً خریداروں سے وہ مال خریدنے کی سفارش کرتے تھے جسے وہ گھٹیا سمجھتے تھے اور ہمیشہ خریداروں کے مقابلے میں بیچنے والوں کی طرفداری کرتے تھے - ان کے پیشے کو ایک طرح کی سرکاری حیثیت حاصل ہوتی تھی اور اس پیشے کو "دلالۃ" کہتے تھے - الدلّال کا لفظ قدیم زمانے میں ایک لقب کی حیثیت سے استعمال ہوتا تھا (تاج العَروس) - فاطمی خلفاء کے عہد میں بعض چیزیں صرف دلّالوں کے ذریعے فروخت ہو سکتی تھیں (المقدسی، ص ۲۱۳، س ۶) - دو فیصد رقم جو قدیم زمانے سے دستوری کے طور پر دلّالوں کو دی جاتی تھی اس پر مملوکوں کے عہد میں محصول عائد کر دیا گیا - اس طرح دلّال کا آدھا نفع اس سے چھن گیا، چنانچہ اس نے اپنا یہ نقصان گاہکوں کے سر ڈال دیا - دلّال کے اس عمل کے لیے "نصف السَّمسَرۃ" کی اصطلاح رائج ہوگئی (المَقریزی : خِطَط، ۱ : ۸۹، س د) - اس سے تقریباً ملتی جلتی رسم شمالی شام میں بھی موجود تھی (قب Sobernheim، در *Corpus Inscriptionum Arabicarum*، ج ۲، عدد ۵ د اور وہ بیان جو C. H. Becker نے *Isl.*، ۱ : ۱۰۰ میں دیا ہے)- بڑے بڑے سودے بحری دفاترِ محاصل میں طے پاتے تھے- وہاں دلّال اس موقع پر جب لین دین فرنگیوں سے ہوتا تھا مترجم کے فرائض بھی انجام دیتا تھا - تجارتی معاهدوں میں واضح طور پران دلّالوں اور ترجمانوں کے معاوضے کی صراحت کر دی جاتی تھی (Amari : *Diplomi Arabi*، ص ۱۰۶، ۲۰۳) - اس قسم کے سودوں کے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے دیکھیے Heyd : *Levantehandel*، ج ۱- مغربی بحیرۂ روم میں اس موضوع کی تفصیلات کے لیے de Mas Latrie : *Traités de paix et de commerce*، پیرس ۱۸۶۶ء، ص ۱۸۹، کا مطالعہ کرنا چاہیے- آگے چل کر دلّالی کے معاملات کو مغرب نے اپنی اجارہداری بنا لیا (قب Schaube : *Handelsgeschichte der romanischen Völker des Mittelmeergebeites*، ص ۷۶۱) .

لیکن بلادِ مشرق میں لوگ صرف غیر ملکیوں سے تجارت کرتے وقت ہی نہیں بلکہ اپنے کارو بار میں بھی دلّال سے کام لیتے تھے (مثلاً دیکھیے عہد عثمانی میں دلّالی کے محاصل کے متعلق تفصیلات در B. Lewis : *Studies in the Ottoman Archives*، ۱، در *BSOAS*، ۱۹۵۴ء، ۱۶ : ۴۹۵ ببعد) - علاوہ بریں دلّال اپنی ذاتی حیثیت میں بھی تجارت کرتے تھے، مثلاً وہ پرانے کپڑے بیچا کرتے تھے (*Description de l'Egypte Etat moderne*، ۱۸ / ۲ : ۳۲۱) - دلّال کا لفظ اس سوداگر کے لیے بھی استعمال ہوتا تھا جوگدڑی بازار میں نیلامی کا کام انجام دیتا تھا اور اس سے بھی زیادہ اس کا اطلاق اس شخص پر ہوتا تھا جو چھوٹے چھوٹے سودوں میں دلال کی حیثیت سے کام کرتا تھا - ان دلّالوں کے طرز زندگی کی تفصیلات Lane نے اپنی کتاب *Manners and Customs of the modern Egyptians*، بار پنجم، ۲ : ۱۳ میں بہت اچھی طرح بیان کی ہیں - عورتوں کے متعلق بھی کہا گیا ہے کہ وہ دلّالی کا کام کرتی

Marfat.com

تھیں۔ انھیں دلّالہ کہتے تھے اور ان کی رسائی اونچے درجے کے حرموں تک تھی (Lane : کتاب مذکور، ۱ : ۰۰۰ . ۲، ۲۳۹، ۲۲۳)۔ لفظ دلّال کے دوسرے مفاہیم کے لیے قب ڈوزی : تکملہ، بذیل مادّہ .

۲- عہد اسلامی کے المغرب میں دلّال خصوصیت کے ساتھ اس درمیانی شخص کو کہتے ھیں جو اجرت یا معاوضہ لے کر لوگوں کی اُن چیزوں کو عام نیلام کے ذریعے بیچتا ہے جو وہ اس کے سپرد کر دیں۔ بڑے بڑے شہروں میں دلالوں کی ایک خاص برادری یا جماعت ھوتی ہے، جس کی نگرانی ایک "امین" کرتا ہے اور دلّالوں سے ضامن ھونے کا وعدہ لیتا ہے۔ ان لوگوں کا تعلق زیادہ‌تر ان چیزوں کی دلالی سے ھوتا تھا جو مختلف طرح کے کاریگر دوکانداروں کے ھاتھ بیچتے تھے، مثلاً جوتے، مقامی طور پر بنا ھوا کپڑا، قالین، زیور وغیرہ۔ اس کے علاوہ صنعتی خام مال، جیسے کھالیں (خام یا دباغت شدہ)، اون (خام یا تاگا)، اور وہ اشیاء جو بڑی مقدار میں بکتی ھیں، مثلاً تیل، مکّھن، شہد، مقامی صابون، حنا، انڈے، پھل اور سبزیاں، سواری اور بار برداری کے مویشی، گھر کا ساز و سامان، کتابیں اور پرانے کپڑے بھی ان کے کاروبار کی حدّ میں شامل ھوتے تھے۔ فرانس کے زیر حمایت آنے سے قبل مراکش میں دلّال غلاموں اور کنیزوں کی خرید و فروخت کا کام بھی کرتے تھے .

یہ لفظ فارسی اور ترکی (تِلّال) میں اور ترکی سے پھر کئی بلقانی زبانوں (جدید یونانی : tellàles) میں داخل ھو گیا ہے۔ دلّال (غرناطہ میں دِلّیل) کے علاوہ ھسپانوی عربی میں لفظ سَوّاق بھی استعمال ھوتا تھا .

المغرب میں آج کل دلّال کا لفظ برّاح، بمعنی مُنادِ شہر اور "سِمسار" (رک بآں) بمعنی تجارتی، ایجنٹ، سے بالکل مختلف معنوں میں استعمال ھوتا ہے. بڑے بڑے شہروں میں "دلّالۃ" (مؤنث) کے معنی عورتوں کے لباس کی تجارت کرنے والی "عورت کے ھیں، جو امیروں کے گھروں میں جا کر زنانہ ملبوسات، کپڑے اور زیورات بیچتی ہے، [نیز اس کے بُرے معنی بھی ھیں] .

**مآخذ** : (۱) Le Tourneau : *Fès avant le protectorat*، ۱۹۴۹ء، ص ۳۰۶ تا ۳۱۴؛ (۲) Kampffmeyer : *Texte aus Fes*، ص ۱۳؛ (۳) وھی مصنف: *Weitere Texte aus Fes und Tanger*، ص ۱۷ .

(G. S. Colin)

⊗ **دِلّی** : رک بہ دھلی .

* **الدَّلو** : رک بہ نجوم .

* **دُلُوک** : عرب مصنفین نے یہ نام اس مقام کو دیا ہے جو آناطولی اور شام کی سرحد پر، نہر کَرزِین کی بالائی وادی میں (کُرد طاغ) Anti-Taurus کے دامن میں عَین تاب کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ زمانِ قدیم میں اسے Doliche کہتے تھے جو ایک "سامی دیوتا کی، جس کا نام یونانی - رومی عہد میں Zeus Dolichenos ھوگیا، پرستش کی وجہ سے مشہور تھا۔ یہاں جرمانیقہ، نیکبولی اور زوغما جانے والے راستے باھم ملتے تھے۔ اسے عیاض بن غانم نے فتح کر لیا تھا اور وہ ان قلعوں میں سے ایک تھا جو اسلام کے قدیم ترین ایام سے بوزنطیوں کے خلاف سرحد کی حفاظت کے کام آتے تھے (قب قصیدۂ عَدِی بن الرّقاع، در یاقوت، ۲ : ۵۸۳، اور نولدیکہ کا ملاحظہ، در ZDMG، ۴۴: ۷۰۰)؛ پہلے یہ جُندِ قِنّسرین میں شامل تھا اور جب ھارون الرشید نے عواصم [رک بآں] کا ضلع بنایا تو اسے بھی اس میں شامل کر دیا گیا۔ جب حمدانیوں اور بوزنطیوں کے درمیان سیف الدّولہ اور ابو فراس کے زمانے میں لڑائیاں ھوئیں تو دُلُوک نے بھی ان میں حصہ لیا اور بوزنطیوں نے اسے ۳۵۱ھ/۹۶۲ء میں فتح کیا (ابن الاثیر ۸ : ۴۰۳)، یعنی اسی سال جس میں ابو فراس [رک بآں] گرفتار ھوا تھا۔ اس زمانے میں اس قلعے کو ایک اھم کاریز کے ذریعے پانی

marfat.com
Marfat.com

پہنچایا جاتا تھا اور یہ میووں کے باغات سے گھرا ہوا تھا ۔ صلیبی جنگوں کے دوران میں یہ (Tulupe کے نام سے) الرُّھا (Edessa) کے صوبے کے ایک اُسقف کی جاے قیام رہا اور بہت سے معرکے یہاں ہوے ۔ ۵۵۰ھ/ ۱۱۵۵ء میں جب نورالدین کی افواج نے عَیْن تاب [رک بآن] کی فتح کے تھوڑے ہی عرصے کے بعد اس پر دوبارہ قبضہ کیا تو دُلُوک کی حیثیت بہت گر چکی تھی، اس کا قلعہ کھنڈر ہو گیا تھا اور یہ ایک معمولی گاؤں سے زیادہ نہ رہا تھا ۔

قدیم نام ابھی تک دُلُوک کُوی Dülükköy کے نام میں محفوظ ہے ، جو شام کی سرحد کے قریب ایک ترکی گاؤں ہے؛ نیز یہ تِلّ دُلُوک کے نام میں بھی موجود ہے، جو اس مقام کے جنوب میں واقع ہے اور جہاں اب ایک والی کی یادگار تعمیر کر دی گئی ہے ۔

**مآخذ :** (۱) Fr. Cumont : *Études syriennes*، پیرس ۱۹۱۷ء، ص ۱۷۳ تا ۱۷۷؛ (۲) وہی مصنف : *Syria*، ۱، ۱۹۲۰ء : ۱۸۹ ؛ (۳) P. Merlat : *Jupiter Dolichenus*، پیرس ۱۹۶۰ء، ص ۱ تا ۵؛ (۴) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۴۷۲؛ (۵) M. Canard : *Histoire de la dynastie des H'amdanides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ص ۲۳۲؛ (۶) Cl. Cahen : *La Syrie du nord à l'époque des Croisades*، پیرس ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریہ، بالخصوص ص ۱۲۵ ؛ ۳۲۰ ؛ (۷) R. Grousset : *Histoire des Croisades*، ۳ جلدیں، پیرس ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۶ء، بمدد اشاریہ؛ (۸) Le. Strange : *Palestine*، ص ۳۹، ۳۸۶ تا ۳۸۷، ۴۳۸؛ (۹) البلاذُری : فتوح، ص ۱۳۲؛ (۱۰) ابن خُرَّداذبہ، ص ۷۵، ۹۷؛ (۱۱) قُدامہ، ص ۲۵۴؛ (۱۲) الیعقوبی ، طبع Wiet، ص ۲۳۰؛ (۱۳) یاقوت، ۳ : ۲، ۴۷، ۵۹۲؛ (۱۴) ابن الشِحْنہ: الدُّرالمنتخب، ص ۲۲۴؛ (۱۵) ابن العدیم : تاریخ حلب، طبع S. Dahan، بمدد اشاریہ؛ (۱۶) [illegible]، بمدد اشاریہ؛ (۱۷) ابن واصل : مُفَرِّج الکروب، طبع الشَّیّال، ۱ : ۱۲۵؛ (۱۸) ابو شامہ : کتاب الروضتین، مطبوعۂ قاہرہ، ۱ : ۷۶ (=طبع حلمی احمد، قاہرہ ۱۹۵۶ء، ۱/۱: ۱۹۲ تا ۱۹۳).

(D. Sourdel)

* **دِلْوِینہ :** البانیا میں ایک سنجاق بے کا سابق صدر مقام؛ عہد عثمانیہ میں دِلْوِینہ (ترکی اور البانوی میں اسی طرح ہے؛ یونانی میں Δέλβινον، Delvinon) ولایتِ روم ایلی کی ایک سنجاق تھی ۔ یہ مقام سطح سمندر سے ۷۰۰ فٹ اونچا اور بحر آئی اونین Ionian کے ساحل سے تقریباً ساڑھے دس میل دور ہے ۔ اس میں صرف ایک ہی بازار ہے، جو زیتون، لیموں اور انار کے درختوں کے مابین واقع ہے ۔ اس سے اوپر کسی قدیم، شاید بوزنطی قلعے کے کھنڈر چھائے ہوے ہیں ۔ ۱۹۴۰ء سے پہلے یہاں کے باشندوں کی تعداد تقریباً تین ہزار تھی، جن میں سے دو تہائی مسلمان اور بقیہ قدیم یونانی کلیسا کے پیرو عیسائی، نیز چند ایک (تقریباً ۴۰) یہودی تھے ۔ ان کی گزر اوقات مویشیوں کی پرورش، ماہی گیری، زیتون کی کاشت اور خوردہ فروشی پر تھی ۔ اپنی ہم نام سنجاق کے اِس مرکزی شہر دلوینہ میں متعدد مساجد اور یونانی کلیساے قدیم کے گرجا موجود ہیں ۔ زمانۂ سابق میں اسے اس آبادی کے حملوں کے خلاف اچھی طرح سے قلعہ‌بند کر دیا گیا تھا جو ترکانِ عثمانی کے زیر حکومت عموماً غیر مطمئن رہتی تھی ۔

دِلوینہ، جو پہلے یونان کے قبضے میں تھا، ۱۹۱۳ء میں البانیا کی نو قائم شدہ ریاست کے اندر آ گیا؛ قب L. von Thallóczy : *Illyrisch-albanische Forschungen*، میونخ ولائپزگ ۱۹۱۶ء، ۱ : ۳۶۰ (دلوینہ در ۱۸۴۷ء) و ۲ : ۲۴۰ (البانیا کو دیا جانا)؛ Edith P. Strickney : *Southern Albania 1912-1923*، Stanford ۱۹۲۶ء، بمواضع کثیرہ ۔

**مآخذ :** (۱) *Rumeli und Bosna geographisch beschrieben von Mustafa Ben Abdalla Hadschi*

Marfat.com

*Chalfa*، مترجمهٔ J. Von Hammer، وی‌انا ۱۸۱۲ء، ص ۱۳۰ (جہاں دلوینه کے غلط ہجے دیے ہیں)؛ (۲) M. F. Thielen : *Die europäische Türkey*، وی‌انا ۱۸۲۸ء، ص ۵۸ ببعد؛ (۳) Fr. Babinger، در Karl Baedeker : *Dalmation und die Adria* ، لائپزگ ۱۹۲۹ء، ص ۲۵۰؛ سیاحوں نے دلوینه کی شاذ ہی کبھی سیاحت کی اور اس کا حال لکھا ، تاہم دیکھیے: (۴) W. Leake : *Travels in Northern Greece*، ج ۱، لنڈن ۱۸۳۵ء؛ نیز وہ اہم بیانات جو (۵) سامی : قاموس الاعلام، استانبول ۱۳۰۸ھ / [۱۸۹۰ء]، ۳ : ۲۱۵۳، میں دلوینه کے متعلق ۱۸۹۰ء تک کی مفصل معلومات کے ساتھ ملتے ہیں؛ سترھویں صدی عیسوی کے لیے اہم ترین مآخذ (۶) اولیا چلبی : سیاحت نامه، ۸ : ۶۶۸ ببعد، ہے؛ پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر میں البانیا کی آبادی نے عثمانیوں کی جو مخالفت کی تھی، اس کے لیے دیکھیے (۷) Fr. Babinger : *Das Ende der Arianiten*، در *SBBayr. Ak.*، Phil.-hist.Kl، ۱۹۶۰ء کراسه ۴، ص ۱۹ ببعد و مآخذ، جو زیادہ تر مخطوطے ہیں؛ دلوینه طاس کے لیے قب (۸) H. Louis : *Albanien. Eine Landeskunde*، سٹٹگارٹ ۱۹۲۷ء، ص ۹ ببعد، بالخصوص ۱۰۲؛ مزید رک به آرناودلق .

(Fr. Babinger)

* دِلِہِمّه : رک به ذُوالہِمّة .

* دِلی : ترکی میں اسم صفت، بمعنی سرپھرا، من چلا، شجاع، تندخو وغیرہ - سلطنت عثمانیه میں دِلی گھڑ سواروں کا ایک گروہ تھا، جس کی تشکیل اصل میں بلقان (روم ایلی [رک بآں]) میں نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر یا دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں ہوئی - اگرچه بعد ازاں سرکاری طور پر ان کے حقیقی نام کو ترک کرکے انھیں "دِلیل" (رہنما) کہنے لگے؛ تاہم عوام میں وہ زمانۂ حال تک بدستور اپنے اصل نام ہی سے پکارے جاتے تھے .

"دِلیوں" کی بھرتی کچھ تو ترکوں سے اور کچھ اقوام بلقان، مثلاً اہل بوسنه ، کروٹ اور سرب سے کی جاتی تھی- شروع میں وہ سرحدی بیگوں اور روم ایلی کے (بیگلربیگی [رک بآں] (بیلربای) کے ذاتی دستوں میں نجی حیثیت سے رکھے جاتے تھے اور اپنے غیر معمولی حوصلے اور تہوّر کی وجه سے دِلی، یعنی سرپھرے، کہلاتے تھے - امیر المؤمنین حضرت عمرؓ ان کے اوجاقوں (یعنی جمعیتوں) کے سرپرست خیال کیے جاتے تھے- ان کا قول "یازیلان کلیر باشه" [=لکھا ہوا آتا ہے سر پر] تھا، یعنی جو قسمت میں لکھا ہے ہو کر رہے گا.

دِلی نیمچوں، مجوّف ڈھالوں، نیزوں اور زین سے بندھے ہوے گرزوں (بوز طوغان) سے مسلّح ہوتے تھے - وہ چرخ یا چیتے ایسے درندوں کی کھالوں کی بڑی بڑی ٹوپیاں پہنتے تھے، جن کے کناروں پر عقاب کے پر لگے ہوتے تھے - ان کی ڈھالیں بھی ایسے ہی پروں سے مزیّن ہوتی تھیں - ان کا لباس اور گھوڑوں کی پاکھر، شیروں، چیتوں اور لومڑیوں کی کھال کی اور چست پاجامے ریچھوں یا بھیڑیوں کی کھال کے بنے ہوتے تھے، جن کا بالوں والا رخ سامنے رکھتے تھے - ان کے پنڈلیوں تک لانبے مہمیزدار جوتوں کے پنجے نوکدار ہوتے تھے اور ایڑی اونچی ہوتی تھی؛ انھیں سرحدلیق، یعنی سرحدی جوتے ، کہتے تھے - ان کے گھوڑے طاقت اور قوت برداشت کے لیے مشہور تھے - وہ ان بیلربایوں یا بیگوں سے مقررہ تنخواہ پاتے تھے جن کی وہ ملازمت کرتے تھے- جلال زادہ [illegible] چلبی اپنی کتاب طبقات الممالک فی درجات المسالک میں سمندرہ کے بیگ یحیی پاشا زادہ بالی بے کے دلیوں کا ذکر مہاک Mohacz کی مہم کے سلسلے میں کرتا ہے اور ان کے لباس کا حال بیان کرتا ہے - دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی کے پہلے نصف میں یحیی پاشا زادہ بالی بے اور محمد بے اور بوسنه کے سنجاق بای غازی خسرو کے

marfat.com
Marfat.com

دلیوں کے لشکر بلقان میں مشہور تھے ۔ خسرو بیگ کے پاس دیگر افواج کے علاوہ دس ہزار دلی تھے ۔

دلیوں کی سوار فوج کی تنظیم بعد میں آناطولی میں پھیل گئی، جہاں دلی، وزیروں اور بیلربایوں کے خدم و حشم میں شمار ہوتے تھے ۔ دلیوں کا لباس بارھویں صدی ہجری/اٹھارھویں صدی عیسوی میں تبدیل ہوگیا ۔ اس زمانے میں وہ نلکی نما لمبی ٹوپیاں، جو کوئی چھبیس انچ لمبی اور سیاہ قراقلی کی بنی ہوتی تھیں، پہنے نظر آتے تھے، ان کے اردگرد پگڑی بندھی ہوتی تھی ۔

پچاس سے ساٹھ تک دلیوں کا ایک فوجی دستہ بنتا تھا (ایک "بیرق"، یعنی جھنڈے تلے) ۔ اس قسم کے چند دستوں کی قیادت "دلی باشی" کرتا تھا ۔ نئے بھرتی ہونے والے جوان کو آغا [رک بآں] کے خدم و حشم میں شامل کر دیا جاتا تھا؛ اوجاق (=جمعیت) کے طور طریق سیکھ لینے اور اپنی قابلیت ثابت کرنے کے بعد وہ دین اور ملک کی خدمت کرنے اور لڑائی میں ثابت قدم رہنے کی قسم کھاتا تھا۔ اس تقریب کے اختتام پر، جس میں دعائیں بھی مانگی جاتی تھیں، اسے "آغا چراغی" (=آغا کا شاگرد) بنایا جاتا اور دلی کی کلاہ باقاعدہ طور پر اس کے سر پر رکھی جاتی تھی ۔ اپنی قسم کو توڑ دینے، "اوجاق" کے قواعد پر پوری طرح عمل نہ کر سکنے یا میدان جنگ چھوڑ کر بھاگ جانے والے دلی کو خارج کر دیا جاتا، اور اس سے کلاہ چھین لی جاتی تھی ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے وسط میں بقول Rycaut ایک دلی کا روزینہ بارہ سے پندرہ آقچہ تک ہوتا تھا ۔ Marsigli، جو کچھ بعد کا مصنف ہے، کہتا ہے کہ دلیوں کو صرف اس وقت تنخواہ ملتی تھی جب وہ لڑائی پر ہوتے تھے ۔

دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں دلیوں نے حکومت کی خوب خدمات انجام دیں، لیکن بعد میں دوسری فوجی جمعیتوں کی طرح ان میں بھی نظم و ضبط قائم نہ رہا ۔ دلی جب اپنے سرپرست سے محروم ہو جاتے (یا تو اس والی کی برطرفی کی وجہ سے جس کے وہ ملازم تھے اور یا اپنی موقوفی کے نتیجے میں) تو اپنے لیے کسی نئے سرپرست کی تلاش میں مارے مارے پھرتے اور اس زمانے میں دیہاتوں پر چھاپے مارتے رہتے تھے ۔ بارھویں صدی ہجری/ اٹھارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں ان کی تاختیں کوتاھیہ اور قونیہ کے علاقوں میں مرتکز ہو گئی تھیں۔ قوجہ باشی نام کا ایک "دلی باشی" ایک بہت بڑے گروہ کا سرخیل ہوگیا اواخر صدی میں وہ کوتاھیہ میں بہت بدنام تھا؛ ادھر ایک اور "دلی باشی" اسمٰعیل نے ۱۸۰۱ء میں قونیہ کے خطے میں دھشت پھیلا رکھی تھی ۔ ۱۸۰۳ء میں (فوج کے) نظام جدید کے خلاف قونیہ میں جو بغاوت رونما ہوئی، اس میں اسمٰعیل نے باغیوں کی مدد کی اور قونیہ میں داخل ہو کر اس نے قاضی عبدالرحمٰن پاشا کو قید کر دیا، جو قونیہ کا والی مقرر ہوا تھا ۔

دلیوں کا فتنہ و فساد بارھویں صدی ہجری / اٹھارھویں صدی عیسوی کے اواخر اور تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں انتہا کو پہنچ گیا اور وہ آناطولی کے لوگوں کے لیے سخت مصیبت کا باعث بن گئے۔ یہی وجہ تھی کہ وزیراعظم یوسف ضیا پاشا اپنی مصر کی مہم سے واپسی پر حلب میں یہ فیصلہ کرنے پر آمادہ ہوگیا کہ دلیوں کو دوبارہ منظم کیا جائے۔ اس نے ان میں سے بعض کو تو بغداد بھجوا دیا، لیکن ان میں سے جو اس کے خدم و حشم میں تھے، انہیں برخاست کرنے کے بجائے استانبول لے جا کر اشقودر کی چھاؤنی میں رکھ لیا ۔ روم ایلی کے فرقہ پرور گرجی عثمان پاشا کے کثیر التعداد دلیوں کو بھی استانبول لایا گیا اور انہیں داؤد پاشا کی چھاؤنی میں ٹھیرایا گیا ۔ بعد ازاں استانبول میں تمام دلیوں کو، جن کے دو سو دستے ("بیرق") تھے، بغداد بھیج دیا گیا ۔

Marfat.com

۱۸۲۹ء کی جنگ روس و ترکیہ کے بعد دو ہزار دلی، جن کی قیادت اٹھارہ دلی باشیوں اور ایک ھایطہ باشی (=مسلح گروہ کا سرخیل) کے ھاتھ میں تھی، آناطولی میں داخل ہو گئے اور قونیہ کے خطے میں جمع ہو کر انھوں نے پھر رہزنی اختیار کرنے کی کوشش کی؛ مگر سلطان محمود ثانی، جو اپنی اصلاحات کو عملی جامہ پہنانے کا عزم کر چکا تھا، ان کا خاتمہ کرنے میں کامیاب ہو گیا ۔ ان کے کچھ بقیۃ السیف افراد مصر اور شام کی طرف بھاگ گئے؛ جو پیچھے رہ گئے اور جنھوں نے ملک میں بسنے کے احکام کی خلاف‌ورزی کی، انھیں قرمان کے والی اسد پاشا نے شکست دی ۔

(İ. H. UZUNCARSILI)

**دِلی اُورمان:** ایک ضلع کا تاریخی نام، جس کا بیشتر حصہ شمال مشرقی بلغاریا اور بقیہ رومانیا میں ہے؛ لیکن یہ چونکہ اصطلاح عوامی ہے، اس لیے اس کے صحیح حدود نہیں بتائے جاسکتے۔ اس کا اطلاق عموماً ایک مثلث نما علاقے پر ہوتا ہے، جس کا نقطۂ راس تو شہر رُسچُک ہے اور جس کے دونوں بازو دریاے ڈینیوب اور رُسچُک ــ وارنہ ریلوے سے بنتے ہیں ۔ قاعدے کا خط قدرے غیر متعیّن ہے اور بحراسود کے ساحل سے کسی قدر فاصلے پر چلا گیا ہے ۔ شمال مشرق میں دلی اورمان کی حد بندی دبروجہ سے اور جنوب میں توزلوک Tuzluk اور گرلووو Gerlovo کے بلغاروی صوبوں سے ہوتی ہے۔ دلی اورمان میں اہم ترین مقامات بلغاریا کے علاقے میں بال بونار Balbunar، کمانلر Kemanlar اور رازگراڈ Razgrad ہیں اور رومانیا میں اکادینلر Akkadinlar اور کُرت بونار Kurtbunar کے شہر ہیں ۔

دلی اورمان کا نام ترکی الاصل ہے اور اس کے معنی خودرو جنگل، قدیم جنگل کے سے ہیں ۔ یہ علاقہ واقعی کسی زمانے میں قدیم جنگل سے ڈھکا ہوا تھا، جس کے خاصے بڑے قطعے ابھی تک باقی ہیں۔ جنگلوں کا ہونا اس ضلع کی وہ خصوصیت ہے جو اسے دبروجہ کے مسطح اور بے شجر علاقے سے نمایاں طور پر متمیز کرتی ہے ۔

دریاے ڈینیوب کے بائیں کنارے کا علاقہ بھی، جہاں افلاق (Wallachia) کے میدان میں دریاے آلوتہ Aluta اور ویڈہ Vede کے دہانوں کے درمیان ضلع تلہ‌اورمن Teleorman واقع ہے، اسی نام سے موسوم ہو چکا ہے (C. Jireček: *Einige Bemerkungen über die Überreste der petschenegen und Kumanen, sowie die Völkerschaften der sogenannten Gagauzi und Surguči im heutigen Bulgarien*، در *Sitzungsber d. K. böhmischen Gesellschaft der Wiss.*, *Philos.-gesch. Klasse*، ۱۸۸۹ء، ص ۱۱ ۔ بقول Jireček اس نام کا اطلاق پہلے اس تمام پہاڑی جنگل والے علاقے پر ہوتا تھا جو جنوبی مالدیویا Maldavia اور مشرقی افلاق میں کوہستان کارپتھئین Carpathians کے سامنے پھیلا ہوا ہے ۔ Tomaschek لکھتا ہے کہ بارھویں صدی کے ایک بوزنطی مصنف John Kinnamos کے ہاں ایک مقام کا بگڑا ہوا نام ملتا ہے، جو یہی تلہ‌اورمن ہے ۔ اگر اس کی راے درست ہے تو پھر دلی‌اورمان عثمانی ترکوں سے پہلے کا نام ہوگا، جو شمالی ترکوں کی کسی قدیم‌تر نقل مکانی کے ذریعے آیا ہے ۔

دلی اورمان میں صرف ایک نسل پہلے تک ترکوں کی آبادی کا غلبہ تھا، لیکن انیسویں صدی کے وسط سے بلغاریا کے آبادکار بتدریج بڑھتے جا رہے ہیں۔ باایں ہمہ ترک اب بھی آبادی کا ایک قابل اعتنا حصہ ہیں، چنانچہ ترکی زبان ہر جگہ سننے میں آتی ہے اور یہی حال توزلوک اور گرلووو صوبوں کا ہے جو اس کے متصل جنوب میں ہیں ۔

دلی اورمان عہد عثمانی میں ہر قسم کے سیاسی اور مذہبی پناہ گزینوں کا ملجا تھا، لہٰذا اس میں ابھی تک طرح طرح کے فرقے پائے جاتے ہیں۔ یہی جگہ تھی

marfat.com
Marfat.com

جہاں سے شیخ بدرالدّین نے ۸۱۹ھ / ۱۴۱۶ء میں اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا آغاز کیا تھا (F. Babinger : Schejch Bedr ed-Din, der Sohn des Richters von Simaw، در Isl.، ج ۹، ۱۹۲۱ء، ص ۶۰) ۔ کئی ادوار میں مختلف تعلیمات نے، جو عام طور پر شیعیت سے متاثر تھیں، یہاں پناہ لی ہے ۔ دلی اورمان میں (حضرت) علی رض کے پیرووں کے خاصے بڑے باقی ماندہ گروہ آج تک موجود ہیں، جو یہاں علوی یا قزلباش کہلاتے ہیں ۔ بظاہر ان کا صدر مقام کمانلر (کمال کی جمع، جس میں دونوں لاموں کی آوازوں کو ایک خاص طریقے پر مختلف کر دیا گیا ہے) کا چھوٹا سا شہر تھا، جس کے قرب و جوار میں بکتاشی ولی دمیر بابا کی مشہور، مگر اب غیرآباد خانقاہ ہے (F. Babinger : Das Bektaschi-Kloster Demir Baba، در MSOSAs.، ج ۳۴، ۱۹۳۱ء؛ Babinger میری توجہ اولیا چلبی : سیاحت نامہ، ۵ : ۵۷۹ کی طرف مبذول کراتا ہے جہاں ایک جگہ دمیر بابا کو حاجی بکتاش کا مرید بتایا گیا ہے) ۔ شمن Shumen واقع شمال مشرق بلغاریا کے بکتاشی شاعر دردلی کاتب گیارھویں صدی ھجری / سترھویں صدی عیسوی کی اس خانقاہ کی تعریف میں ایک چھوٹی سی نظم "نفیس" ہے (سعدالدّین نزہت : بیکتاشی شاعرلری، استانبول ۱۹۳۰ء، ص ۵۵ ببعد) ۔

شہر کی ایک نمایاں خصوصیت پہلوانوں کی کشتیاں ہیں جو بظاہر بکتاش ولیوں کی پرستش سے متعلق ہیں اور دلی اورمان کی ترکی آبادی کی دل پسند تفریح کا سامان ہیں ۔ یہ علاقہ جس کے متعلق تحقیق و تفتیش بہت کم ہوئی ہے، بلاشبہ نہ صرف ترکوں کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں کے لیے بلکہ اسلامیات کے طلبہ کے لیے بھی تحقیق کا بہت دلچسپ میدان ہے ۔

**مآخذ** : متن میں مندرجہ حوالوں کے علاوہ (۱) F. Kanitz : *Donau-Bulgarien und der Balkan*، ج ۳، لائپزگ ۱۸۷۹ء (پورے اشاریوں کے ساتھ)؛ (۲) C. Jireček : *Das Fürstenthum Bulgarien*، پریگ ۔ ویانا ۔ لائپزگ ۱۸۹۱ء (اشاریہ جات)؛ (۳) W. Stubenrauch : *Kulturgeographie des Deli-Orman*، در *Berliner Geographische Arbeiten*، کرّاسہ ۳، ۱۹۳۳ء (مکمل حوالوں کے ساتھ)—آبادی کے مسئلے پر : (۴) L. Miletič : *Staroto bilgarsko naselenije v severoiztočna Bilgaraija*، صوفیہ ۱۹۰۲ء؛ (۵) S.S. Bobčev : *Za deliormanskitĕ Turci i za Kizilbasite*، در *Sbornik na Bilgarskata Akademija na Naukitĕ*، ج ۳۲، ۱۹۲۹ء — زبان کے مسئلے پر : (۶) D. G. Gadžanov، دو مختصر تبصرے در *Anzeiger der philos.-hist. Kl. d. k. Akad. d. Wiss, in Wien*، سال ۱۹۱۱ء، عدد ۵ و سال ۱۹۱۲ء، عدد ۳؛ (۷) T. Kowalski : *Compte rendu de l'excursion dialectologique en Dobroudja, faite du 10 septembre au 1er octobre 1937*، در *Bull. Intern. Acad. Polon. Philolog.*، ۱۹۳۸ء، ۱/۳ : ۷ تا ۱۲؛ (۸) وھی مصنف : *Les éléments ethniques turcs de la Dobroudja*، در *RO*، ج ۱۴، ۱۹۳۹ء، ص ۶۶ تا ۸۰؛ (۹) J. Eckmann : *Razgard Türk ağzı, Türk Dili ve Edebiyatı hakkında araştirmalar*، استانبول ۱۹۵۳ء، ص ۱ تا ۲۵؛ (۱۰) P. Wittek : *Les Gagaouzes = Les gens de Kaykaus*، در *RO*، ج ۱۷، ۱۹۵۳ء، ص ۱۲ تا ۳۴؛ (۱۱) J. Németh : *Zur Einteilung der türkischen Mundarten Bulgariens*، صوفیہ ۱۹۵۶ء؛ (۱۲) A. Caferoğlu : *Die anatolische und rumelische Dialekte*، در *Philologiae Turcicae Fundamenta*، ج ۱، ۱۹۵۹ء، ص ۲۳۹ تا ۲۶۰؛ (۱۳) G. Doerfer : *Das Gagausische*، کتاب مذکور، ص ۲۶۰ تا ۲۷۱؛ (۱۴) I. Conea اور I. Donat : *Contribution à l'étude de la toponymie pétchénègue-comane de la Plaine Roumaine du Bas-Danube*، در *Contributions*

Marfat.com

*Onomastiques*، بخارسٹ ۱۹۵۸ء، ص ۱۳۹ تا ۱۶۷۔
(J. Reychmann - T. Kowalski اور
(A. Zajaczkowski

* **دلیل** : رک بہ قیاس ۔

* **دُلَیم** : عراق کا ایک بڑا سنّی قبیلہ جو دریاے فرات پر فلوجہ کے بالکل نیچے سے لے کر القائم تک آباد ہے ۔ ان لوگوں کا دعوٰی ہے کہ پانچ صدی پہلے ان کے آبا و اجداد کا اصلی وطن دُلَیمیّات تھا، جو نجد کے علاقے میں تھا، لیکن یہ محض اساطیری خیال ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ قبیلہ مخلوط قبیلوں کے بہت سے مختلف حصوں اور بے قبیلہ کاشتکاروں کا ایک مجموعہ ہے؛ اس کے کچھ افراد الجزیرۃ میں خانہ بدوش زندگی بسر کرتے ہیں اور دریا کی طرف فقط اپریل سے ستمبر تک رہنے کے لیے آتے ہیں ۔ ان کی بڑی اکثریت عراق کسانوں کے غریبانہ معیار زندگی کے مطابق زمین کاشت کر کے زندگی بسر کرتی ہے ۔ یہ لوگ فرات سے پانی بھر بھر کر زمین کی آبیاری کرتے ہیں یا پھر اس سے جاری کی ہوئی نہروں سے (جن میں سے صَقلاوِیّہ سب سے مشہور ہے) آبپاشی کرتے ہیں اور اپنی بھیڑوں اور اونٹوں کے ریوڑ اپنے ہی قبیلے کی شاخوں کے چرواھوں کے حوالے کر دیتے ہیں ۔ یہ گروہ مویشیوں کی پرداخت کے ماہر ہوتے ہیں، عانَہ، راوَہ، حدیثَہ اور فلُّوجہ کی آبادیوں میں ایک جگہ بسنے والے دیلم کے بعض عناصر بھی شامل ہیں ۔ دُلَیم قبیلہ خود بہت سے حصوں اور شاخوں میں بٹا ہوا ہے جن کے باھمی روابط کا دار و مدار ان کے سربرآوردہ شیوخ کی شخصیت اور ان کے آپس کے میل ملاپ پر ہے ۔ دُلَیم قبیلے کے بہت سے افراد اس تیل کمپنی میں کام کرتے ہیں جس کے تیل کے نل ان کے علاقے سے، حدیثہ کے قرب و جوار میں سے ہوکر گزرتے ہیں اور کچھ ھِیت کے زفت (bitumen) کے مخازن میں کام سے لگے ہوے ہیں ۔ اس قبیلے کا الجزیرۃ کے شمّر سے پرانا عناد اور صحراے شام کے عنزہ سے قدیم دوستانہ روایۃً مشہور چلا آتا ہے؛ تاہم قبائلی فساد ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء سے بہت کم اور شاذ و نادر ہی ہوا ہے اور دُلَیم اپنے دو یا زیادہ نامور شیوخ کی سعی مشکور کی بدولت (بالخصوص علی سلیمانی)، عراق کے بڑے بڑے قبیلوں کے بہتر اور خوش اطوار قبائل میں سے ایک ہے ۔ ترکوں کے عہد میں بغداد تا حلب کی شاھراہ میں مسافروں پر ان کی چیرہ دستیوں کی وجہ سے حکومت کو کچھ تعزیری اقدامات کرنا پڑے؛ بالخصوص ۱۹۱۰ء میں ناظم پاشا کی جانب سے، اور اسی وجہ سے فوجی چوکیوں کا اور خانات (سراؤں) کا ایک سلسلہ بارھویں صدی ھجری/انیسویں صدی عیسوی میں قائم کیا گیا ۔ اس قبیلے کے علاقے پر ۱۹۱۷ء میں برطانیہ کا اقتدار قائم ہوا اور ۱۹۲۰ء کے پریشان کن سال میں جو باغیانہ تحریک اُٹھی وہ اس قبیلے کے صرف ایک حصے تک ہی محدود رہی، اس وقت سے مستقل آبادکاری اور خوش حالی میں ترقی ہوئی ہے ۔

عراق کے "دلیم لِواء" (صوبے) کا نام اسی قبیلے کے نام پر رکھا گیا ہے (اس کی آبادی ۱۹۴۷ء میں ۱۹۳۰۰۰ تھی)، جس میں عانَہ، فلُّوجہ اور رَمادی کے "قضاء" شامل ہیں اور رَمادی اس کا صدر مقام ہے ۔

(S. H. Longrigg)

* **دَماوَنْد** : شمالی ایران کے سرحدی پہاڑوں کی سب سے اونچی چوٹی [دیکھیے البُرز] جو ۳۶ درجے عرض بلد شمالی سے کسی قدر نیچے کی طرف اور تہران سے تقریباً پچاس میل شمال مشرق کی جانب واقع ہے ۔ ڈی مارگن de Morgan کے بیان کے مطابق یہ پہاڑ ریہنہ Rehna کی سطح مرتفع سے اُٹھتا ہے اور ۱۳۰۰۰ فٹ کی بلندی تک چلا جاتا ہے ۔ اس کی بلندی کے متعلق لوگوں کے اندازے الگ الگ ہیں ۔ ٹامسن Thomson کے نزدیک اس کی بلندی ۲۱۰۰۰ فٹ ہے (جو یقیناً حد سے زیادہ ہے)، ڈی مارگن کا اندازہ ۲۰۲۶۰ فٹ ہے ۔ ہوتم شنڈلر Houtum Schindler کے اندازے کے مطابق یہ بلندی ۱۹۶۴۶ فٹ ہے ۔ سون ھیڈن

marfat.com
Marfat.com

Sven Hedin کا قیاس ۱۸۱۸۷ فٹ ہے اور Stieler کی *Handatlas* (۱۹۱۰ء) کے سب سے آخری اڈیشن میں اس کی بلندی ۱۸۸۳۰ فٹ بتائی گئی ہے۔ اس کی چوٹی جو ہمیشہ برف سے ڈھکی اور تقریبًا ہر وقت بادلوں میں گھری رہتی ہے، کئی دن کی مسافت کے فاصلے سے نظر آتی ہے، جیسا کہ یاقوت نے اپنے مشاہدے کی رُو سے لکھا ہے۔ صاف موسم میں جب مطلع روشن ہو تو ملگونوف Melgunof کے بیان کے مطابق یہ بحرخزر سے بھی نظر آتی ہے، جو اس سے ۲۶۰ ورسٹ versts (۱۶۲ میل) سے زیادہ فاصلے پر ہے۔ اس سلسلے میں قزوینی کے بیانات مبالغہ آمیز ھیں لیکن یہ بات یقینی ہے کہ دَمَاوَنْد کی اُونچی چوٹیوں کا سلسلہ مازندران (زمانۂ وسطٰی کا طبرستان) کی تمام ساحلی زمینوں پر چھایا ہوا ہے۔

ایران کی قدیم تاریخ میں دماوند پیش دادی اور کیانی حکمرانوں کی افسانوی تاریخ کے ساتھ منسلک ہے۔ آج تک بھی مازندران کے لوگ ان مقامات کی نشاندھی کرتے ھیں جہاں جمشید، فریدوں، سام، زال، رستم اور دوسرے مشہور سورماؤں نے، جنھیں شاھنامہ نے جاودانی بنا دیا ہے، اپنے حیرت انگیز کارنامے دکھائے۔ دماوند ھی کو مشہور افسانوی طائر سیمرغ کا مسکن بتایا گیا ہے۔ زمانۂ قدیم ھی سے ظالم بادشاہ ضحّاک (قدیم ایرانی میں دہاکا۔ نیز بیوراسپ) کا قید خانہ بھی یہیں بتایا جاتا ہے۔ روایات میں موجود ہے کہ فریدوں (قدیم ایرانی میں Qraētaona) نے ضحاک کو اس پہاڑ کی چوٹی پر ایک غار میں بند کر دیا تھا۔ مقامی عوام کا اعتقاد ہے کہ وہ ظالم بادشاہ آج تک زندہ ہے اور اس غار میں رہتا ہے۔ اس پہاڑ کے اندر سے کبھی کبھی جو بھاری آوازیں سنائی دیتی ھیں، ان کے خیال میں وہ اسی کے کراہنے کی آوازیں ھیں اور وہ بخارات اور دھواں جو پہاڑ کی سطح کی درزوں اور چشموں سے نکلتا دکھائی دیتا ہے اس کے سانس ھیں۔ ظاہر ہے کہ یہ افواھیں دماوند کی آتش فشانی خصوصیتوں کی بنا پر عام ھوئی ھیں۔ ایک اور کہانی میں ہے کہ صَخْر نامی دیو بھی، جسے سلیمان علیہ السلام نے قید کیا تھا، کوہ دماوند میں بند ہے۔ چونکہ ایران میں دماوند ھی سب سے اونچا پہاڑ ہے اس لیے ایرانیوں کا خیال ہے کہ سفینۂ نوح طوفان کے بعد یہاں آ کر ٹھیرا تھا۔ دماوند سے متعلق بے شمار افسانوں کے سلسلے میں دیکھیے یاقوت، ۲ : ۶۰۶، ۶۱۰؛ قزوینی؛ Melgunof، ص ۲۲ ببعد؛ Grünbaum در *ZDMG*، ۳۱ : ۲۳۸ تا ۲۳۹۔

اس سے پہلے دماوند کی ڈھلانوں پر اور اس کی وادی میں بہت سے مستحکم اور قلعہ بند مقامات تھے۔ آج کل سب سے اہم مقام ایک چھوٹا سا قصبہ ہے جسے اس پہاڑ کے نام پر دماوند کہتے ھیں۔ یہ قصبہ پہاڑ کی جنوب مغربی سمت میں بڑھی ھوئی شاخوں پر واقع ہے۔

دماوند کا نام فارسی اور عربی مآخذ میں مختلف شکلوں میں آیا ہے۔ فارسی میں دنباوند (Vullers : Lex. Persico-Lat.، ۱ : ۹۰۷ ب)۔ دماوند (کتاب مذکور ۹۰۷ ب)، دِیماوند (وھی کتاب ۵۵۹ ب) اور دِیمووند (کتاب مذکور، ۹۵۶ ب)؛ عربی میں دُنباوند، دُباوند، دُماوند۔ اس نام کی قدیم ترین شکل دُنباوند معلوم ھوتی ہے اور آج کل کی معمولی بول چال میں دَمَاوَنْد (دِماوِنْد) مستعمل ہے۔ اس نام کے لکھنے کے مختلف طریقوں کے متعلق دیکھیے Quatremère : *Hist. des Mongols*، ص ۲۰۰ ببعد۔ ابوالفداء، طبع Fleischer، *Hist. Anteislamica*، لائپزگ ۱۸۳۱ء، ص ۲۱۳ ببعد، ۲۳۲ - H. Hübschmann : *Armanische Grammatik*، لائپزگ ۱۸۹۷ء، ص ۱۷۔

**مآخذ** : (۱) *BGA*، بمواضع کثیرہ؛ (۲) یاقوت، ۲: ۵۴۴، ۵۸۵، ۶۰۶ ببعد؛ (۳) القزوینی: *Kosmographie*، طبع وُسٹنفلٹ، ۱ : ۸۲، ۱۵۸ ببعد ۱۹۸؛ (۴) مراصد الاطلاع، طبع Juynboll، ۱ : ۳۸۸، ۳۰۸، ج ۵ : ۳۲۹، ۴۳۲، ۴۸۳؛ (۵) Quartremère : *Hist. des Mongols*،

Marfat.com

ص ۲۰۰ ببعد؛ (۶) Le Strange، ص ۳۷۱؛ (۷) K. Ritter: *Erdkunde*، ۸ : ۱۰، ۵۰۲ تا ۵۰۵، ۵۵۰ تا ۵۷۰؛ (۸) Fr. Spiegel : *Eranische Altertumskunde*، لائپزگ ۱۸۷۱ء، ۱ : ۷۰؛ (۹) W. Ouseley : *Travels in var countries of the East*، لنڈن ۱۸۱۹ء ببعد، ۳ : ۳۲۶ تا ۳۳۴؛ (۱۰) W. Taylor Thomson در *JRGeog. S*، ج ۸، ۱۸۳۸ء، ص ۱۰۹ ببعد؛ (۱۱) Hommaire de Hell: *Voy. en Turquie et en Perse*، پیرس ۱۸۵۴ء ببعد، جس کے ساتھ *Historical Atlas* لگی ہوئی ہے، لوحہ ۷۴، ۷۶ الف؛ (۱۲) Th. Kotschy در *Petermann's Geogr. Mitteil.*، ۱۸۵۹ء، ص ۴۹ ببعد؛ (۱۳) J. E. Polak : *Persien*، لائپزگ، ۱۸۶۵ء، ۱: ۳۱۳، ۳۱۵، ۳۴۹؛ ج ۲: ۱۳۶، ۱۷۸، ۲۲۹؛ (۱۴) G. Melgunof : *Das südl. Ufer des Kasp. Meeres*، لائپزگ ۱۸۶۸ء، ص ۲۱ تا ۲۷، ۵۲، ۱۳۹، ۱۸۳؛ (۱۵) F.v. Call-Rosenberg : *Das Lārthal bei Teherān u. der Demāwend*، در *Mitteil. der Geog. Ges. in Wien*، N.F.، ج ۹، ۱۸۷۶ء، ص ۱۱۳ تا ۱۴۲؛ (۱۶) G. Napier کا بیان در *Alpine Journal*، ۱۸۷۷ء، ص ۲۶۲ تا ۲۶۵، اور در *Petermann's Geogr. Mitteil*، ۱۸۷۷ء، ص ۴۳۴؛ (۱۷) Tietze : *Der Vulkan Demāwend in Persien* در *Jahrb. der k. k. geolog. Reichsanst*، وی انا ۱۸۷۷ء، ج ۲۷؛ (۱۸) de Morgan : *Mission scientif. en Perse. Étud. géograph*، ج ۱، پیرس ۱۸۹۴ء، ص ۱۱۵، ۱۲۰ تا ۱۳۳ - مع مناظر برجستہ؛ (۱۹) Sven Hedin : *Der Demāwend* در *Verh. der Ges. f. Erdkunde* (برلن)، ۱۹ : ۳۰۴ تا ۳۲۲؛ (۲۰) Sarre در *ZG Erdk. Birl.*، ۱۹۰۲ء، ص ۱۰۰ ببعد؛ (۲۱) مسعود میہان : جغرافیای مفصّل ایران، تہران، ۱۳۱۰ھ / ۱۹۳۲ء، اشاریہ بہ ذیل مادّۂ؛ (۲۲) فردوسی : شاہنامہ، طبع اور ترجمہ J. Mohl، ۱۸۷۸ء، ج ۷، اشاریہ بہ ذیل مادّۂ دماوند، ضحاک؛ (۲۳) H. Massé : *Croyances et contumes persans*، اشاریہ ج ۲، بہ ذیل مادّۂ دماوند .

(M. Streck)

**دِمِتوقہ** : رک بہ دِیمتوقہ . *

**اَلدَّمرداشی** : [=الدّمورطاشی]، احمد، بارھویں * صدی ھجری / اٹھارھویں صدی عیسوی کا ایک مصری مؤرخ - اس کی زندگی کے متعلق اس سے زیادہ کچھ معلوم نہیں کہ وہ قاہرہ میں دستۂ (رجمنٹ) عَزَبان میں کتخدا کے عہدے پر مأمور تھا - ھو سکتا ھے کہ وہ روزنامچی حسن اِفندی الدمرداشی کا رشتے دار ھو، جو گیارھویں صدی ھجری/ سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں مشہور ھوا اور جس کے کارناموں کا اسے پورا علم تھا - اس کی تاریخی تصنیف الدُّرّة المُصانة فی اخبارالکنانۃ، ۱۰۹۹ھ/۱۶۸۸ء تا ۱۱۶۹ھ/۱۷۵۵ء کے احوال پر مشتمل ھے - اس سے پتا چلتا ھے کہ وہ عربی نہیں جانتا تھا اس لیے کہ اس کی عبارتوں کا مطلب کہیں تو اُلجھ جاتا ھے اور کہیں مبہم ھو جاتا ھے - اس کے باوجود کتاب اوّل تو اس لیے قابل قدر ھے کہ اس میں قاہرہ کے حالات کا مفصل بیان موجود ھے اور دوسرے اس لیے کہ ترکی عہد کے مصر کے حالات پر یہ واحد کتاب ھے جو ایک اعلٰی فوجی افسر نے لکھی ھے؛ برٹش میوزیم اور بوڈلین کے مخطوطات واقعات اور عبارات کے لحاظ سے ایک دوسرے سے بہت مختلف ھیں - برٹش میوزیم کا مخطوطہ اس لحاظ سے منفرد حیثیت رکھتا ھے کہ اس میں مصنف کا نام درج ھے - الدُّرّة کا کوئی نسخہ الجَبَرْتی کی عجائب الآثار کا ماخذ معلوم ھوتا ھے؛ مثلاً ذوالفقاریہ اور قاسمیہ فرقوں کی ابتدا کی دوسری کہانی جو الجَبَرْتی کی کتاب میں دی ھے وہ اور گیارھویں صدی ھجری کے اوائل کے سنجاق بیگوں Sandjakbegs کی جو فہرست اس میں دی گئی ھے الدرة سے بہت قریبی مشابہت رکھتی ھے (الجبرتی : ۱ : ۲۳ - ۲۴؛ BM. Or، عدد ۱۰۷۳، ورق ۵ الف تا ۶ ب؛ مخطوطۂ بوڈلین Bruce، عدد ۴۳، ورق

marfat.com
Marfat.com

۲ الف تا (۳ الف).

(P. M. Holt)

* **دِمَشْق** : دِمَشْق الشّام یا محض الشّام (لاطینی: Damascus، فرانسیسی : Damas)، شام کا سب سے بڑا شہر [اور الجمہوریة العربیة السُّوریة کا دارالحکومت]، جو ۳۶ درجے ۱۸ دقیقے طول بلد مشرق اور ۳۳ درجے ۳۰ دقیقے عرض بلد شمالی کے درمیان واقع ہے، یعنی قریب قریب اسی عرض بلد پر جس پر بغداد اور فاس ہیں۔ یہ سطح سمندر سے تقریباً سات سو میٹر بلند، صحرا کی حد پر اور لبنان شرقیہ کے سلسلۂ کوہ کی ایک مشرق پہاڑی جَبَل قاسیُون کے دامن میں آباد ہے؛ مشرق اور شمال مشرق میں دریاے فرات تک ایک نیم صحرائی میدان پھیلا ہوا ہے، جو جنوب کی جانب عرب میں مدغم ہو جاتا ہے.

شہر بحیرۂ روم سے کم و بیش ایک سو کیلومیٹر کے فاصلے پر جبل لبنان و جبل شرقی (لبنان) کے عقب میں ہے۔ یہ پہاڑ دہری سدّ کا کام دیتے ہیں اور تین ہزار میٹر تک بلند ہیں، لہٰذا سمندر کی ہوائیں اور بادل اس تک نہیں پہنچتے۔ ابتداءً یہی گمان گزرتا ہے کہ اس کا تعلق صحرا سے ہوگا۔ اس کے موسموں میں بڑا فرق پایا جاتا ہے۔ موسم سرما بہت مختصر ہوتا ہے، جس کے دوران میں کبھی کبھار برف پڑ جاتی ہے۔ بارش دسمبر، جنوری اور فروری کے مہینوں میں ہوتی ہے، جن میں سے مؤخرالذکر مہینہ بالخصوص مرطوب ہے؛ لیکن یہاں کی بارشوں کو کسی طرح بھی وافر نہیں کہا جا سکتا (حقیقت یہ ہے کہ یہاں اڑھائی سو سے تین سو ملی میٹر تک بارش ہوتی ہے اور اس کے مقابلے میں بیروت [رک باں] میں ۸۵۰ سے ۹۳۰ ملی میٹر تک) موسم بہار مختصر ہوتا ہے، دفعۃً آتی ہے اور اواخر مارچ اور اوائل اپریل میں محض چند ہفتوں تک رہتا ہے۔ اس کے بعد شدید گرمی آ جاتی ہے۔ مئی سے نومبر تک موسم قطعًا خشک رہتا ہے۔ روزانہ درجۂ حرارت سائے میں ۳۵ درجے سنٹی گریڈ سے بڑھ جاتا ہے۔ آنکھیں چندھیا دینے والی روشنی آدمی کو سائے کی تلاش پر مجبور کر دیتی ہے۔ نومبر کے آخر میں پہلی موسلا دھار بارش پتوں پر جمی ہوئی ریت دھو ڈالتی ہے۔ یہ یہاں کا موسم خزاں ہے، مگر اس نیم صحرائی قسم کی آب و ہوا میں خلاف توقع نباتات خاصی افراط سے ہوتی ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اتنے عرصے تک ہوتی ہیں کہ جانوروں اور انسانوں کی ضرورت پوری ہو جائے۔ یہ وہ قطعہ ہے جہاں اس علاقے کا واحد دائمی چشمہ بَرَدٰی [رک باں] پہاڑ کے پہلو سے نکل کر، صحرا میں جذب ہو جانے سے پیشتر، میدان میں داخل ہوتا ہے۔ اس چشمے کے پانی کو کام میں لانے کے لیے بڑی ذہانت سے آبپاشی کا ایک مصنوعی نظام تیار کیا گیا ہے۔ اس طرح اپنی ضروریات کے لیے ایک موزوں گوشۂ زمین گویا صحرا سے لے لیا گیا ہے! یہی نہیں بلکہ اسے ایشیا کے اس حصے کا زرخیزترین علاقہ الغُوطة [رک باں] بنا دیا گیا ہے، جسے مسلمانوں کی روایات میں تین ارضی بہشتوں میں شمار کیا جاتا ہے (دوسری دو بہشتیں سمرقند اور الأُبُلّة بتائی جاتی ہیں، ابن عساکر : تاریخ، ص ۱۶۹)۔ یہی وجہ ہے کہ صحرا اور پہاڑوں کے درمیان اس کے محل وقوع، زمین کی زرخیزی اور پانی کی فراوانی کے باعث انسانی آبادی ایسے وسیع پیمانے پر یہاں کی پیداوار سے بہرہ ور ہوئی کہ ابتداے تاریخ سے لے کر اب تک اسے صدر مقام کا درجہ حاصل رہا ہے.

شہر اور سمندر کے درمیان وسائل حمل و نقل کی دقتوں کی وجہ سے اہل دمشق کو اندرون ملک کی طرف متوجہ ہونا پڑا۔ مغربی پہاڑوں کی بدولت محفوظ ہونے، پانی کی بہترین بہم رسانی اور شام میں سے شمالاً جنوباً گزرنے والی شاہراہ کے کنارے ایک زرخیز نخلستان کے وسط میں واقع ہونے کی بنا پر یہ شہر بدویوں کے لیے منڈی اور فرات سے نیل تک سفر کرنے والے قافلوں کے لیے پڑاؤ کا کام دیتا رہا۔ لوگوں کی لگاتار آمد و رفت

Marfat.com
Marfat.com

اور سامان کی مسلسل درآمد و برآمد کی وجہ سے یہاں کی چہل پہل کسی بڑی بحری بندرگاہ سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھی - صحرا کے بالمقابل واقع ہونے کے باعث اس پر کئی بار حملے ہوئے لیکن یہ مکمل طور پر تباہ و برباد کبھی نہیں ہوا، چنانچہ اپنے غیر متغیر پس منظر کی بنا پر دمشق ہمارے سامنے کئی ہزار سال کی تاریخ کی شہادت پیش کرتا ہے۔

ہمیں ٹھیک ٹھیک علم نہیں کہ تاریخ کے کس دور میں دمشق کی بنیاد رکھی گئی - بہر حال ۱۹۵۰ء میں دمشق کے جنوب مشرق میں تلّ الصالحیّۃ کے مقام پر جو کھدائیاں ہوئیں، ان سے یہاں چار ہزار سال قبل مسیح تک ایک شہری مرکز ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ جب ہم برنجی دور تک استعمال ہونے والے ابتدائی اور نامکمل اوزاروں کو دیکھتے اور ان کا مقابلہ (یہاں کے) پیچیدہ نظام آب پاشی سے کرتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ دو ہزار سال ق-م کے وسط میں اس شہر کی خوشحالی ایک بڑے طویل اور سست رفتار تمدنی ارتقا کا نتیجہ ہوگی۔

تلّ الاَمرنۃ کی الواح میں اس کا تذکرہ آنے سے گویا دمشق کی تاریخ کا آغاز ہوتا ہے - اس کا نام ان شہروں کے ضمن میں آتا ہے جنھیں فرعون تھتموسس (Thutmoses) سوم نے، جو کچھ مدت کے لیے شام پر قابض ہوگیا تھا، پندرھویں صدی ق-م میں فتح کیا تھا۔ [تل الامرنہ کے کتبوں میں اس کا نام دِمشْکا Dimashka درج ہے - رامیسس ثانی کے کتبوں میں یہ نام دَرمیسک Darmesek کی شکل میں ملتا ہے]۔

گیارھویں صدی ق-م میں دمشق سر زمین آرَم کا بارونق صدرمقام تھا، جس کا حوالہ حضرت ابراہیمؑ کے قصے میں ملتا ہے (کتاب مقدس، التکوین، ۱۰: ۲۲ و ۱۴: ۱۵)؛ حتی کہ آج بھی مسلمان دمشق کے شمال میں مقام برزہ کی مسجد ابراہیمؑ کو مقدس سمجھتے ہیں، جو بروے روایت حضرت ابراہیمؑ کا مقام ولادت تھا - معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانے میں آرامیوں نے اس شہر کا "جالی نما" نقشہ تیار کیا، جس کے بازار بخط مستقیم ایک دوسرے کو قطع کرکے چوراہے بناتے تھے - یہ نقشہ دو ہزار سال ق-م کے بابل اور آشور کے مشابہ تھا - دمشق کا شہر اپنے نہری نظام کی تیاری کے لیے آرامیوں ہی کا مرہون منت تھا۔ ہمیں کتاب مقدس (الملوک الثانی، باب ۵) میں نعمان الابرص کے قصے سے پتا چلتا ہے کہ دسویں صدی ق-م میں نہر اباۃ، بَرَدٰی کے ساتھ ساتھ بہتی تھی اور نہر ثوری، جس کا نام آرامی ہے اور جو جبل قاسیون کی ڈھلانوں کے ساتھ ساتھ کھو دی گئی تھی، اس علاقے کو سیراب کرتی تھی جو شہر کے شمال اور شمال مشرق میں واقع ہے - اسے اس نخلستان کی زرعی معیشت میں بڑی اہمیت حاصل رہی۔

یہ شہر حضرت داؤدؑ کے ہاتھوں فتح ہوا (الملوک الثانی، ۸ : ۵ و ۶)، لیکن حضرت سلیمانؑ کے عہد میں دمشق کے بادشاہ نے شمال کے شاہان آشور اور جنوب کے ملوک اسرائیل کے خلاف جنگ میں کامیابی حاصل کی - ۷۳۲ ق-م میں تگ‌لت‌پلیزر (Tigletpilezer) سوم کے آشوری لشکر نے دمشق کی بادشاہت کا خاتمہ کر دیا - انھوں نے شہر پر قبضہ کرکے معبد اور محل کو لوٹ لیا، جس کا کچھ سامان ۱۹۳۰ء میں بالائی عراق عجم کے علاقے کی کھدائی سے نکلا ہے - اس دور میں شہر مذکور کی تاریخ کے لیے، جہاں تک اس پر آٹھویں صدی قبل مسیح میں آشوریوں، ساتویں صدی میں بابلیوں، چھٹی صدی میں ہخامنشیوں، چوتھی صدی میں یونانیوں اور پہلی صدی ق-م میں بوزنطیوں کے یکے بعد دیگرے قبضہ کرنے کا تعلق ہے، دیکھیے K. Wulzinger و C. Watzinger : *Damascus*، ج ۱: *Die Antike stadt*؛ نیز مقالات از J. Benzinger، در *Pauly Wissowa*، ۴ : ۲۰۴۲ تا ۲۰۴۸؛ Jalabert، در *Dictionnaire d'archéologie chrétienne et de liturgie* طبع Cabrol و Leclercq، مادّۂ Damas، ۴ (۱۹۲۰ء) : عمود ۱۱۹ تا ۱۴۶؛ R. Janin، در *Dictionnaire d'histoire et de*

marfat.com
Marfat.com

*géographie ecclésiastiques*، طبع Aubert و E. van Cauwenbergh، ۱۴ (۱۹۵۷ء) : ۳۲ تا ۴۷۔

۳۳۳ ق۔م میں سکندر اعظم نے دمشق فتح کیا؛ یہ ایک بڑی اہم تاریخ ہے ۔ اس کے معنی یہ تھے کہ ۱۴ھ/۶۳۵ء میں عربوں کی فتح تک کئی صدیوں کے لیے دمشق ہخامنشیوں کے ہاتھ سے نکل کر مغرب کے زیر اثر آ گیا ۔ یونانی عہد حکومت کو تین ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے : پہلے تو تیسری صدی ق۔م میں ایک بطلیموسی Ptolemaic سلطنت کی بنیاد رکھی گئی، پھر کیزی کوس Cyzicus کے سلوقی Seleucid فرمانروا انطیاکوس Antiochus نہم نے اسے دارالحکومت بنا کر اس کا درجہ بلند کیا (۱۱۱ ق۔م) اور بالآخر ۹۰ ق۔م کے لگ بھگ دیمتریوس Demitrius سوم کے عہد میں یہاں ایک جدید یونانی نوآبادی قائم ہوئی ۔ سلوقی دارالحکومت کی حیثیت سے دمشق کو ایک بار پھر اہمیت حاصل ہوگئی اور وہ یونانیوں کی شہری منصوبہ بندی کے مطابق ترقی کرنے لگا ۔ آرامی بستی وہ تھی جہاں کا مندر نویں صدی ق ۔ م سے شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی پر چھایا رہا تھا ۔ اب اس کے پہلو میں ایک دوسرا دمشق ابھرا ۔ جب ایک ہی مقام پر ایک دوسرے سے بالکل مختلف نوعیت کی دو تہذیبیں ساتھ رہنے پر مجبور ہو جائیں تو عموماً ایسی ہی دورنگی ظہور میں آتی ہے ۔ یونانیوں کی شہری تعمیرات کے اسلوب کے بعض عناصر نمودار ہونے لگے، مثلاً بازاروں کے دورویہ محرابی چھت، جن کا سراغ مسجد اُمویّہ کے مشرق میں ملتا ہے، یا گزرگاہ عام، جس کی یاد زُقاق البلّحَة سے، جو اب تک موجود ہے، تازہ ہوتی ہے، یا ۱۰۰×۵۰ میٹر کے مقررہ رقبے کے مکانات پر مشتمل چھوٹے چھوٹے محلّے، جن میں مکانوں کے طویل‌تر حصوں کی سمت شمالاً جنوباً رکھی جاتی تھی ۔

۸۵ قبل مسیح میں یہ شہر پہلی بار نبطیوں کے قبضے میں آیا، جو "یونان پسند" (the Philhellene) ارتیاس Artias الثالث کے عہد میں الرقیم (Petra) سے وارد ہوے تھے ۔ ان نوواردوں نے یونانی شہر کے مشرق میں ایک نیا محلّہ بسایا، جسے قرون وسطٰی کے عرب مؤرخ النّبیطُون کے نام سے یاد کرتے تھے ۔ علاوہ بریں انھوں نے جَبَل قاسیُون کی ڈھلانوں پر نہر ثوری کے اُوپر ایک نہر کھودی، جو عہد بنی امیّہ میں دوبارہ بنائی گئی اور نہر یزید کے نام سے مشہور ہوئی ۔

۶۴ قبل مسیح میں پومپی Pompey نے شام کے رومی سلطنت کا ایک صوبہ ہونے کا اعلان کیا، لیکن دمشق اس کا صدر مقام نہیں تھا بلکہ نمائندگان شہنشاہ نے انطاکیہ میں اپنا مستقر بنایا ۔ ۳۷ سے ۵۴ء تک بعہد ارتیاس الرابع فیلو پاتور Aretas IV philopator دربار روم کی رضامندی سے نبطی دوسری بار دمشق کے مالک بنے ۔ یہ اسی دور کا واقعہ ہے کہ ساؤل Saul، جو آگے چل کر پولوس St. Paul کے نام سے مشہور ہوا، مسیحیوں کا کھوج لگاتا شہر کی بڑی یہودی بستی میں پہنچا مگر انیاس Ananias کے ہاتھ پر خود دین مسیحی قبول کر لیا ۔ انیاس کا قدیم عبادت خانہ ۱۹۲۱ء میں کھود کر نکال لیا گیا اور اب تک محفوظ ہے ۔ قیصر ہیڈرین Hadrian کے عہد (دوسری صدی عیسوی کے آغاز) میں دمشق کو صدر مقام کا درجہ دیا گیا سپٹیمس سیوروس Saptimus Severus اور کارکلّا Caracalla نے یہاں بہت سی سرکاری عمارتیں تیار کرائیں اور ۲۲۲ء کے بعد الیگزانڈر سیوروس Alexander Severus نے اسے ایک رومی نو آبادی بنا دیا ۔

سلطنت روم نے دمشق کو داخلی امن و امان اور باقاعدہ نظم و نسق دیا، جس کے باعث یہاں ایسی خوشحالی پیدا ہوگئی کہ دیکھ کر حیرت ہوتی تھی ۔ اقتصادی طور پر روز بروز ترقی پذیر رجحانات کے باعث شہر میں لوگوں اور سامان کی ایسی ریل پیل ہوگئی کہ جلد ہی شہر کی حدود تنگ محسوس ہونے لگیں؛ چنانچہ رومیوں نے تعمیر شہر کے ایک نئے منصوبے

Marfat.com

کو چلایا اور قدیم آرامی بستی کو یونانی بستی کے ساتھ ملا دیا، جس سے ایک نیا شہر منظر عام پر ابھر آیا ۔ حکومت نے اپنی توجہ زیادہ تر عام ضرورت کے منصوبوں پر مبذول رکھی، مثلاً فصیل شہر اور مزید پانی کی بہم رسانی کے لیے اضافی نہروں کی تعمیر ۔

بَرَدٰی کے دائیں کنارے ۷۵۰ × ۱۵۰۰ میٹر کے رقبے میں فصیلیں تعمیر کی گئیں تا کہ یہاں کے باشندے بدوبوں کی لوٹ مار سے محفوظ رہ سکیں ۔ شمال مشرقی گوشے میں ایک قلعہ نما بُرج کی تعمیر سے فصیل کو مزید استحکام حاصل ہوگیا تھا ۔ پورا شہر ایک وسیع مستطیل نظر آتا تھا، جس کے سات دروازے تھے : شرق میں باب شرقی، جنوب میں باب کَیْسان اور باب الصغیر، مغرب میں باب الجابیۃ اور شمال میں باب الفرادیس (= باغوں کا دروازہ)، باب الجِنِیق اور باب تُوما (Thomas)۔ ان فصیلوں اور دروازوں کے بڑے بڑے آثار آج بھی نظر آتے ہیں ۔ آبادی میں اضافے کے باعث کاریز ("القنوات") بنانے کی ضرورت محسوس ہوئی تاکہ لوگوں کو پینے کا پانی فراہم کیا جائے۔ یہ اب تک کام دے رہی ہے ۔ چوک کے جنوب میں نئے مکانوں کی تعمیر سے نوواردوں کے لیے جائے سکونت کی تلاش کا مسئلہ حل ہوگیا۔ شہر کی ایک نئی خصوصیت یہ تھی کہ یہاں دو وسیع سڑکیں ایسی بنائی گئیں جن کے دونوں جانب ستونوں کی قطاریں تھیں ۔ ان میں سے ایک اہم شارع عام پچیس میٹر چوڑی تھی۔ اس کے دونوں جانب محرابی چھت تھی۔ یہ شہر کو شرقاً غرباً قطع کرکے باب شرقی کو باب جابیہ سے ملاتی تھی اور رومی شہروں کی شارعِ کبیر (decumanus) سے مشابہ تھی ۔ یہ سڑک اب سوقِ مدحت پاشا کہلاتی ہے اور غیرملکی [مصنف] اسے [عہد نامۂ جدید، اعمال الرسل، ۹ : ۱۱ کے ایک کنائے کی بنیاد پر اسے "الزُقاق المستقیم" (=سیدھا راستہ) کے نام سے یاد کرتے ہیں ۔ اس کے بیچوں بیچ رومیوں کے [زمانے میں] تین محرابی دروازے قائم تھے، جن میں سے ایک اب بھی موجود ہے ؛ اس کے جنوب میں ایک چھوٹے سے نصف دائرے کی شکل میں "تَلّ" ہے، جسے ایک ترچھی گلی پہلو سے قطع کرتی ہوئی گزرتی ہے ۔ یہ تلّ یا ٹیلہ قدیم رُومی تماشا گہ کا محل وقوع تھا ۔ دوسری ستونوں والی سڑک وہ قدیم راستہ تھا جو مندر اور مقام اجتماع (agora) کو آپس میں ملاتا تھا۔ اسے رُومیوں نے کُھلی عدالت گہ (forum) میں بدل دیا ۔ مندر مشتری دیوتا دمشقی (Jupiter of the Damascenes) سے منسوب تھا جو کہ ھداد (Hadad) یعنی طوفان کے دیوتا کا جانشین تھا ۔ کئی موقعوں پر بالخصوص دوسری اور تیسری صدی عیسوی میں اسے جزوی طور پر از سرنو تعمیر کیا گیا اور اس میں تبدیلیاں کی گئیں ۔ احاطے (peribolus) کا ایک حصّہ، جس کے کونوں پر واقع دو برج اب مسجد کے میناروں کی بنیاد کا کام دیتے ہیں، مسجد جامع کی بیرونی دیوار کے اندر آ گیا ہے ۔ مندر کے مشرقی دروازے (propylaea) مسجد جامع کے مشرقی جانب موجودہ جَیْرون میں اور مغربی دروازے، جوکہ سائبانوں سے مزین تھے، مسجد کے مغربی جانب باب البرِید میں دیکھے جا سکتے ہیں ۔ آخری بات یہ معلوم ہے کہ گول میدان (سرکس circus)، جس نے غالبًا کھیلوں کے میدان (stadium) کی جگہ لے لی تھی، وھاں واقع تھا جہاں اب باب الفرادیس کے باھر گورستان کے شمال میں، جس سے رومی عہد کے سنگی تابوت برآمد ہوئے ہیں، 'خیابان بغداد' ہے ۔

قرون وسطٰی کے عربی اعلام کی چند اور شکلوں میں بھی رومی اضلاع کی یاد باقی رہ گئی ہے؛ مثلاً الدِّیْماس قدیم (demosion) کے مطابق ہے؛ 'القُورَنق' سے furnace یا مٹی کے برتن پکانے کی بھٹی ذھن میں آتی ہے اور النُّسقار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سڑک کے خاتمے پر جو المستقیم کہلاتی ہے، کسی زمانے میں لوھے کی بھٹی تھی، جہاں سوّے (fusca) بنائے اور بیچے جاتے تھے ۔

marfat.com
Marfat.com

یہ امر یقینی ہے کہ بہت سے قدیم آثار زمین کے نیچے دب کر معدوم ہو چکے ہوں گے، جس کی سطح رومی عہد سے لے کر اب تک بعض مقامات پر چار میٹر سے زیادہ بلند ہو چکی ہے؛ لیکن شہر کے نقشے میں، جو تیسری صدی عیسوی میں اسے بساتے وقت تیار ہوا تھا، مسلمانوں کی آمد تک مشکل ہی سے کوئی ردّ و بدل ہوا ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ رومی شہر ہی نے از منہ وسطی کے شہر کے لیے ایک ڈھانچے کا کام دیا تھا .

رومیوں کی جگہ بوزنطیوں نے سنبھالی - ۳۹۵ء میں تیودوسیوس Theodosius کی وفات کے بعد شام سلطنت شرقیہ کا ایک حصہ بن گیا ۔ جب دمشق بوزنطی سلطنت کا سرحدی شہر بنا تو یہاں اهل کلیسا کی صورت میں ایک نیا شہری عنصر نمودار ہوا ۔ سب سے پہلے مشتری (Jupiter) کا مندر از سر نو تعمیر کر کے اسے گرجا کی شکل دی گئی اور اسے قدّیس یوحنّا [حضرت یحییٰؑ] اصطباغی (Baptist) کے نام سے منسوب کیا گیا ۔ حضرت یحییٰؑ ابن حضرت ذکریاؑ کا سر ایک (دخمے ته خانے =crypt) میں ابھی تک محفوظ ہے جو اب مسجد جامع میں واقع ہے اور اس کی مسیحی اور مسلمان یکساں طور پر تعظیم و احترام کرتے ہیں ۔ جہاں کسی زمانے میں ولیه مریم کا کلیسا واقع تھا وہاں اب کلیساے شرق کے بطریق اعظم کا مرکز قائم ہے .

غسّانیوں کے ضعف اور چھٹی صدی عیسوی کی ایرانی جنگوں نے دمشق کی اقتصادی حالت تباہ کر کے رکھ دی ۔ ۶۱۲ء میں خسرو ثانی کی سپاہ نے دمشق پر قبضہ کر لیا جس کے باشندوں میں کثرت یعقوبی مونوفیزی monophysite فرقے کے عیسائیوں کی تھی [جو حضرت مسیح کے اتحاد باللہ کے قائل] اور بوزنطی فرقۂ ملکی Melkites کے مخالف تھے ۔ چونکہ ساسانیوں کا یہاں خیر مقدم ہوا تھا اس لیے انہوں نے اس شہر میں ویسی لوٹ مار نہیں کی جیسی کہ آگے چل کر بیت المقدس میں کی (۶۱۴ء) - ۶۲۷ء میں ایرانی شہنشاہ کی وفات پر شہر خالی کر دیا گیا اور اگلے سال ہرقل شام میں واپس آ گیا .

فتح اسلامی : اول تو غسّانی امارت (phylarchate) کے خاتمے اور دوم ایرانیوں کی تباہی کے باعث ظاہر ہے کہ حجازی عربوں کے لیے شام فتح کرنا مشکل نہ رہا تھا ۔ ہر سال عرب اپنی فوجی مہمات کے سلسلے میں بوزنطی سرحد پار کر جاتے تھے ۔ جمادی الاولٰی ۱۳ھ/جولائی ۶۳۴ء میں حضرت خالدؓ بن الولید کے لشکر نے فلسطین کا علاقه طے کر لیا اور شمال کی جانب جولان کے راستے کے ساتھ ساتھ بڑھتے گئے ۔ محرم ۱۴ھ/ مارچ ۶۳۵ء میں دمشق کی طرف جانے سے قبل بوزنطیوں نے الصَّنَمین کے شمال میں مَرْج الصُّفَّر میں کچھ مزاحمت کی ۔ چند روز بعد مسلمان شہر کے دروازوں کے سامنے پہنچ گئے ۔ حضرت خالدؓ بن الولید نے اپنا فوجی پڑاؤ شہر کے شمال مشرقی جانب قائم کیا ۔ ایک قدیم روایت کی رُو سے ان کا مستقر باب تُوما کے باہر بتایا جاتا ہے، جہاں کہ اب شیخ رَسْلان کا مقبرہ ہے ۔ [شہر کی] ناکہ بندی کر لی گئی تا کہ ان بوزنطی دستوں کے ساتھ جنھیں پسپا کر کے دمشق میں محصور کر لیا گیا تھا کوئی فوج شمال سے آ کر نہ مل سکے ۔ چونکہ اهل دمشق بوزنطی حکومت کو ناپسند کرتے تھے لہٰذا ان کے زعما کی ایک جماعت نے، جس میں وہاں کا اُسقف و ناظم اعلٰی اور قدّیس یوحنّا الدّمشقی کا باپ منصور بن سَرجُوْن بھی شامل تھا، باشندگان شہر کو غیر ضروری کشت و خون سے بچانے کے لیے گفت و شنید شروع کر دی ۔ رجب ۱۴ھ/ ستمبر ۶۳۵ء میں باب شرق کو مسلمانوں کے واسطے کھول دیا گیا اور بوزنطی دستے شمال کی طرف ہٹ گئے۔ تسخیر شہر کے بارے میں کئی روایات ملتی ہیں۔ مشہورترین روایت ابن عساکر (تاریخ، ۱ : ۲۳ تا ۲۴) کی ہے جس کی رُو سے حضرت خالدؓ ابن الولید شمشیر بدست لڑتے ہوئے باب شرق سے اور دوسری طرف حضرت ابو عُبیداللہؓ باشندگان شہر

Marfat.com

کو امان دینے کے بعد باب‌الجابیۃ سے داخل ہوے اور دونوں سپہ سالار کنیسہ کے وسط میں ایک دوسرے سے ملے۔ ایک اور روایت البَلاذُری (فتوح، ص ۱۲۰ تا ۱۳۰) کی ہے جس کا بیان ہے کہ حضرت خالدؓ نے باب شرقی پر شہر کا اقرار اطاعت قبول کیا اور [حضرت] ابو عبیدہؓ باب الجابیۃ سے بزورِ شمشیر داخل ہوے؛ دونوں سپہ سالاروں کی ملاقات البَرِیْص کے مقام پر شارعِ المعروف بہ المستقیم کے وسط میں کلیساے المَقْسلّات کے قریب ہوئی (ابن عساکر: تاریخ، ۱ : ۱۳۰)۔ کائتانی Caetani نے ۱۴ھ میں حضرت ابوعبیدہؓ کی شام میں عدم موجودگی ثابت کر کے ان روایات کی صحت باطل کر دی ہے۔ Lammens (MFOB، ۳ : ۲۵۵) نے ان کی صحت کو ثابت کرنے کی کوشش میں حضرت ابو عبیدہؓ کی جگہ یزیدؓ بن سفیان کا نام تجویز کیا ہے۔ بہر صورت Lammens نے شہر کے منقسم ہو جانے کو غیر اغلب بتایا ہے۔ یہ روایت بہت بعد کے زمانے میں صلیبی جنگوں کے دوران میں وجود میں آئی تھی۔

مسلمانوں نے عیسائیوں کو ان کی املاک یعنی اراضی، مکانات اور گرجاؤں کی حفاظت کی ضمانت دی . . .

۱۵ھ / ۶۳۶ء کے موسم بہار میں ہرقل کے بھائی تیودورس Theodorus کے زیرِ قیادت ایک لشکر دمشق کی طرف بڑھا۔ حضرت خالدؓ بن الولید نے شہر خالی کر دیا اور طَبَرِیّۃ کے مشرق میں یَرمُوک کے قریب مورچہ آرا ہونے سے قبل الجابیہ کے مقام پر از سر نو فوج کو مرتّب کیا۔ اس میدان میں ۱۲ رجب ۱۵ھ/ ۲۰ اگست ۶۳۶ء کو حضرت خالدؓ نے بوزنطی فوج کو راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور کیا۔ وہ خود اس کامیابی کے بعد مدینۂ منورہ چلے گئے، لہٰذا اس بار شام اور دمشق کی فتح کا سہرا حضرت ابوعبیدہؓ بن الجرّاح کے سر رہا۔ ۲ ذوالقعدۃ/۱۵ دسمبر ۶۳۶ء میں اہلِ دمشق نے دوبارہ ہتیار ڈال دیے اور اسلامی مملکت سے اس کا حتمی طور پر الحاق کر لیا گیا۔

دمشق کا سقوط ایک ایسا واقعہ تھا جس کی اہمیت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اس فتح نے مغرب کی تقریباً ہزار سالہ سیادت کا خاتمہ کر دیا۔ اس کے بعد سے یہ شہر پھر سامی حلقۂ اثر میں آ گیا اور اس کا رُخ از سرِ نو صحرا اور مشرق کی طرف پھر گیا۔ اہل دمشق زبان اور ثقافت کے اعتبار سے سامی، حضرت مسیح کے اتحاد باللہ کے قائل اور یونانی (بولنے والے) کلیساے مشرق کے مخالف تھے۔ انھوں نے فاتحین کا دلی مسرت سے خیر مقدم کیا۔ علاوہ بریں وہ اپنے آپ کو باعتبار نسل و زبان اور مذہب بوزنطیوں کی بہ نسبت ان سے نزدیک‌تر محسوس کرتے تھے۔ خود اسلام کی نسبت ان کا خیال تھا کہ وہ اسلام سے بہت زیادہ قریب ہیں اور انھیں توقع تھی کہ وہ مسلمانوں کے زیر حکومت زیادہ آزادانہ زندگی بسر کر سکیں گے۔ دوسرے شہروں سے کہیں زیادہ دمشق کے حالات عرب اور یونانی ثقافت کے امتزاج کے لیے سازگار معلوم ہوتے تھے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہاں کی آبادی کا، جو بیشتر آرامی زبان بولنے والوں پر مشتمل تھی، بہت ہی قلیل حصّہ یونانی ثقافت قبول کر سکا تھا۔ جہاں تک نظم و نسق کا تعلق ہے بوزنطیوں کے مسلمہ اصولوں پر عمل درآمد جاری رہا البتہ مذہبی مناقشے پیدا ہو گئے؛ ان سے بھی اسلامی الٰہیات کی تشکیل میں مدد ملی۔ باہم شیر و شکر ہونے کا اثر (نصاریٰ کی توقع کے) بالکل برعکس ہوا بلکہ مسلمانوں کی فتح کا مثبت نتیجہ اشاعت اسلام نکلا اور نصف صدی کے اندر اندر حکومت نے اسلام کی زبان عربی کو بطور سرکاری زبان رائج کر دیا۔

خلیفۃ المسلمین حضرت عمرؓ نے یزید بن ابی سفیان کو شہر کا والی نامزد کیا۔ فاتحین میں سے ممتاز ترین افراد بوزنطیوں کے خالی کردہ مکانوں میں مقیم ہو گئے (ابن عساکر: تاریخ، ۱۳ : ۱۳۳ تا ۱۴۴)۔ [عرب کے] بادیہ نشینوں کو اس شہر نے مسحور کر لیا

marfat.com
Marfat.com

تھا ۔ وہ [قرآنی اشارات کی بنا پر] اسے "جنتِ ارضی" کے نام سے یاد کرتے تھے، لیکن جگہ اور اس سے بھی زیادہ چراگاہوں کی قلت کی وجہ سے وہ الجابیہ کی چھاؤنی ہی میں مقیم رہے ۔ بہت جلد دمشق کو ایک مقدس شہر کا درجہ بھی حاصل ہو گیا کیونکہ روایات کی روشنی میں یہاں ان مقامات کا سراغ لگ گیا جنھیں انبیاے سابقین نے شہرت عطا کی تھی، چنانچہ زائرین کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا ۔ زیادہ تر لوگ جَبَل قاسیون میں کہف آدم یعنی کہف "دم" (Blood)، جہاں روایت کی رو سے ہابیل کا قتل ہوا تھا، یا کہف جبریل[ع] میں جایا کرتے تھے ۔ برزہ Berzé میں حضرت ابراہیم[ع] کے مقام ولادت کی بڑی تعظیم و تکریم کی جاتی تھی ۔ خیال تھا کہ حضرت موسیٰ[ع] بن عمران کا مقبرہ وہاں واقع ہے جہاں اب محلۂ قَدَم آباد ہے ۔ حضرت مسیح عیسیٰ[ع] بن مریم[ع] کا نام ان انبیا کے زمرے میں لیا جاتا تھا جنھوں نے اپنی تشریف آوری سے اِس شہر کو عزت بخشی تھی ۔ یہ بھی کہا جاتا تھا کہ آپ [یہاں] ایک پُر سکون ٹیلے ("ربوہ") پر قیام فرما ہوئے تھے (اِلٰی رَبْوَۃٍ ذاتِ قرارٍ ۲۳ : [المؤمنون] ۵۰) اور دنیا کے خاتمے کے قریب دجّال سے لڑنے کے لیے سفید منیار پر، جسے کبھی تو باب شرقی کا منیار قرار دیا جاتا تھا اور کبھی مسجد جامع کا مشرقی منیار (مأذنۃ عیسیٰ[ع])، نزول اجلال فرمائیں گے ۔

بنو امیّہ: ۱۸ھ/۶۳۹ء میں یزید[رض] بن ابی سفیان کا بعارضۂ طاعون انتقال ہوا ۔ ان کی جگہ جند دمشق کی قیادت ان کے بھائی حضرت معاویہ[رض] کے ہاتھ میں آئی ۔ ۳۶ھ/۶۵۶ء میں حضرت علی[رض] کی شہادت کے بعد امیر معاویہ[رض] خلیفہ منتخب ہوے اور انھوں نے الجابیہ سے ترک سکونت کر کے دمشق میں اقامت اختیار کر لی ۔ اس نئے درالحکومت کو درجۂ کمال تک پہنچانا بنو امیّہ کا کار نامہ تھا ۔ ایک صدی تک یہ خلافت کے مرکزی صوبے کا مدنی مرکز رہا اور اسے ایک ایسی سلطنت کے قلب کی حیثیت حاصل رہی جس کا شمار دنیا کی عظیم ترین سلطنتوں میں ہوتا ہے ۔

شروع شروع میں فاتحین کے تسلّط سے شہر کی زندگی میں کوئی تغیر رُونما نہیں ہوا کیونکہ مسلمانوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر تھی ۔ عربیت کا رنگ غالب آنے کا عمل بڑا سست روتھا، چنانچہ خلیفہ عبدالملک کے عہد تک دربار خلافت پر عیسائی چھائے رہے ۔ اسی عہد میں مسلمان رعایا کی تعداد میں اضافے کے باعث ایک ردِّ عمل ہوا، جس کی بنا پر نظم و نسق کی سرکاری زبان یعنی یونانی کی جگہ عربی نے لے لی ۔ اس خاندان خلافت کے ابتدائی دور میں نظم و ضبط، خوشحالی اور رواداری عام تھی لیکن آگے چل کر خانہ‌جنگیوں نے سخت ابتری ڈال دی، جو بنی امیہ کی حکومت کے خاتمے پر منتج ہوئی ۔ شہر دمشق میں بھی جھگڑے فساد برپا ہونے لگے، آتش زنی کی وارداتوں میں اضافہ ہونے لگا، حتّٰی کہ جب مروان ثانی ۱۲۷ھ/۷۴۴ء میں اپنے نئے دارالخلافہ حرّان میں تخت نشین ہوا تو دمشق کی فصیل تک منہدم ہو چکی تھی ۔

شہر کے نقشے (میں بوزنطی عہد کے بعد) حکومت کی تبدیلی کا سراغ دو عمارتوں کی تعمیر میں ملتا تھا جو ایک دوسرے سے ملحق تھیں، یعنی قصر خلافت اور مسجد، لیکن ان سے شہر کے عام نقشے میں کوئی تغیر رونما نہیں ہوا ۔ [امیر] معاویہ[رض] نے تو قدیم احاطے (peribolus) کے جنوب مشرق میں، جہاں آج کل سونے چاندی کے زیورات بنانے والوں کا بازار ہے، بوزنطی والیوں کی قیام گاہ کو نئے سرے سے تعمیر کرنے ہی پر اکتفا کیا ۔ یہ [قصر] "الخضْرا" کے نام سے موسوم ہوا ۔ دراصل یہ نام سرکاری عمارتوں کے ایک مجموعے کو دیا گیا ہوگا جس کی مثال ہمیں قسطنطینیہ اور آگے چل کر بغداد میں بھی ملتی ہے ۔ محل کے پہلو میں دارالخیْل واقع تھا، جو سفیروں کے اقامت خانے کا کام دیتا تھا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ دورِ عبّاسیہ میں اسے زندان میں تبدیل

marfat.com

Marfat.com

کر دیا گیا تھا ۔ پانی کی بہم رسانی کا انتظام بہتر بنانے کے لیے یزید الاوّل نے جَبَل قاسیُون کی ڈھلانوں پر، نہر توری کے پرے ایک لبطی نہر از سرنو کھدوائی ۔ اسے نہر یزید کا نام دیا گیا اور آج بھی یہ اسی نام سے مشہور ہے ۔ خلیفہ عبدالملک بن مروان کے بیٹے الحجّاج نے باب الجابیہ کے مغرب میں فصیلِ شہر کے باہر ایک محل تعمیر کرایا جس کی یاد قائم رکھنے کے لیے آج ایک محلّہ قصر الحجّاج کے نام سے موسوم ہے ۔

اسلامی فن تعمیر کے اوّلین اور عظیم ترین شاہکاروں میں جامع مسجد اموی کی تعمیر کا سہرا خلیفہ الولیدالاوّل کے سر ہے ۔

عہد عباسیّہ : نئے خلیفہ ابوالعباس السفّاح کے چچا عبداللہ بن علی نے خاندان بنو اُمیّہ کا خاتمہ کرنے کے بعد رمضان ۱۳۲ھ/اپریل ۷۵۰ء میں دمشق فتح کیا اور وہ اس کا پہلا عباسی والی مقرر ہوا ۔ اموی عمارتیں تباہ و برباد کر دی گئیں، دفاعی انتظامات توڑ دیے گئے اور مقبروں کی بے حُرمتی کی گئی۔ جہاں تک اس شہر کا تعلق ہے، ایک تاریک دور کا آغاز ہو گیا ۔ اس کی حیثیت ایک صوبائی شہر کی سی رہ گئی اور خلافت نے اپنا صدر مقام عراق میں قائم کیا ۔ شام کے دارالحکومت میں اندر ہی اندر بغاوت کی آگ سُلگتی رہی ۔ المہدی کے عہد (۱۵۶ھ/ ۷۷۳ء تا ۱۶۸ھ / ۷۸۵ء) میں بنوقیس اور یمنیوں کے باہمی تصادم نے حکومت سے سرکشی کی صورت اختیار کرلی، جس کی قیادت السُّفیانی نام ایک اموی مدّعی کے ہاتھ میں تھی اور بنوقیس اس کے معاون تھے، لیکن یہ بغاوت ناکام رہی ۔ ہارون الرشید کے دورِ خلافت میں حکومت بغداد کے خلاف بغاوت کی تحریک زیادہ وسیع بنیادوں پر شروع ہوئی ۔ ۱۸۰ھ/۷۹۶ء عبّاسی خلیفہ نے جعفر البرمکی کی سپہ سالاری میں ایک تادیبی مہم روانہ کی مگر امن و انتظام صرف عارضی طور پر قائم کیا جا سکا اور عباسی خلفا کے احکام کی برابر تحقیر کی جاتی رہی ۔ امن و امان قائم کرنے کے لیے خلیفہ المامون پہلی بار ۲۱۵ھ/۸۳۰ء میں یہاں آیا، لیکن شورشیں جاری رہیں ۔ ۲۱۸ھ/۸۳۳ء میں، یعنی جس سال اس نے وفات پائی، وہ دوسری بار پھر آیا ۔ ۲۴۰ھ/ ۸۵۴ء میں ایک خونریز بغاوت دمشق کے عبّاسی والی کی ہلاکت پر منتج ہوئی مگر لشکرِ خلافت امن قائم کرنے میں کامیاب ہوگیا ۔ چار سال بعد خلیفہ المتوکّل نے اپنا دارالخلافۃ شامی صدر مقام میں تبدیل کرنے کی کوشش کی لیکن وہاں وہ صرف اڑتیس یوم قیام کرنے کے بعد سامرّا واپس چلا گیا ۔

۲۵۴ھ / ۸۶۸ء میں بُخارا کے ترک احمد بن طولُون [رک بآں] کو خلیفہ نے، جس کا وہ محض برائے نام باجگزار تھا، مصر کا والی مقرر کیا ۔ اس نے دیکھا کہ زنج کی مسلسل و متواتر بغاوتوں سے خلافت بہت کمزور ہو چکی ہے، چنانچہ اس کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ۲۶۴ھ/۸۷۸ء میں اس نے دمشق پر قبضہ کر لیا ۔ ۲۷۰ھ/۸۸۴ء میں اس کا بیٹا خُمارَوَیْہ [رک بآں] اس کا جانشین ہوا اور مصر و شام پر اپنی فرمانروائی برقرار رکھنے کے لیے خلیفہ کو سالانہ خراج ادا کرتا رہا ۔ ذوالحجّہ ۲۸۲ھ/ فروری ۸۹۶ء میں اسے دمشق میں قتل کر دیا گیا ۔ بنو طولُون کی حکومت ہی کے آخری سالوں میں قرامطہ [رک بآں] شام میں نمودار ہوئے اور ان کی وجہ سے سیاسی و معاشرتی شورشوں کے مرکزوں میں اضافہ ہو گیا ۔ بنو طولُون کے زوال اور قرامطہ کی روز افزوں سرگرمیوں نے، جو دمشق کا محاصرہ کر لینے کی حد تک جا پہنچی تھیں، خلیفہ کو وہاں فوجیں دستے بھیجنے پڑے، جنھوں نے ۲۸۹ھ/۹۰۲ء میں قرامطہ کو ہتیار ڈالنے اور محاصرہ اٹھانے پر مجبور کر دیا ۔ دمشق کے عامل طُغج بن جُفّ نے، جو ایک ماوراء النّہری ترک تھا، عباسی سپہ سالار محمّد بن سلیمان کے ساتھ بلادقت رشتۂ اتحاد ایک بار پھر استوار کر لیا اور

marfat.com
Marfat.com

بطور انعام اسے خلیفہ نے مصر کا والی مقرر کر دیا ۔ اس ولایت میں اس کے بیٹے محمد نے ۳۲۶ھ/۹۳۸ء میں خاندان اِخشیدیہ [رک باں] کی بنیاد رکھی ؛ اسی لیے خانوادۂ شاہی نے بنو عباس کی براے نام سیادت قبول کر لی اور حمدانیوں کے مقابلے میں دمشق کا دفاع کرنے کے لیے بڑھا ۔ ۳۳۳ھ/۹۴۵ء میں ایک معاہدہ ہوگیا، جس کی رو سے اخشیدی اس شہر پر قابض ہوگئے اور اس کے عوض انھوں نے فرمانروایانِ حلب کو خراج دینا منظور کر لیا ۔ جب ۳۳۴ھ/۹۴۶ء میں بمقام دمشق محمّد الاخشیدی وفات پا گیا تو وہاں اور قاہرہ دونوں جگہ ابتری پھیل گئی .

بنو فاطمہ [رک باں] ۳۵۷ھ/۹۶۸ء میں خاندان اِخشیدیّہ کے قاہرہ میں جانشین ہوے ۔ ان کے پہلے مصر اور پھر شام میں برسراقتدار آنے سے ایک شیعی خلافت قائم ہوگئی، جو خلافت بغداد کی دشمن تھی ۔ گیارھویں صدی کے شروع میں شہر دمشق کو بہت سی مشکلات کا سامنا رہا ۔ حمدانی شمال سے دباؤ ڈال رہے تھے اور فاطمی جنوب سے ۔ بوزنطی اقدامات، قرمطی سرگرمیاں اور ترکمانی حملے ان پر مستزاد تھے ۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ شہر پر قرامطہ کا قبضہ ہو گیا، لیکن ۳۵۹ھ/۹۷۰ء میں فاطمیوں نے انھیں نکال باہر کیا، اگرچہ اس میں شہر کو خاصی آتش زدگی اور تباہی کا سامنا کرنا پڑا ۔ بنو فاطمہ کے تسلط سے شہر کے حالات بدتر ہو گئے، کیونکہ شہر کی حکومتِ قاہرہ کے تنخواہ دار مغربی سپاہیوں نے وہاں کے باشندوں کو بہت تنگ کیا ۔ غرض یہ ساری صدی ابتری اور انحطاط کا زمانہ تھی ۔ بعض اوقات فسادات سخت مصیبت کا سبب ہو جاتے تھے ۔ چونکہ بیشتر مکانات کچی اینٹوں کے بنے ہوے تھے اور ان کی چھتوں اور پیل پایوں میں پاپلر poplar کی لکڑی لگائی گئی تھی، اور کسی بھی آتش زدگی کے سنگین نتائج ہو سکتے تھے، چنانچہ ۴۶۱ھ/۱۰۶۹ء میں یہی ہوا؛ اہلِ دمشق اور بربری سپاہیوں کے درمیان جھگڑے سے آگ لگی اور مسجد جامع اور شہر کو شدید نقصان پہنچا .

ترکی حکومت : ایک ترکمان سردار آتسز بن اُوَک [رک باں]، جو بنو فاطمہ کا تنخواہ دار ملازم تھا، ان کا ساتھ چھوڑ کر بطور خود دمشق پر قابض ہوگیا اور اس طرح ۴۶۸ھ/۱۰۷۶ء میں مصریوں کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا ۔ چونکہ اسے اپنے سابق آقاؤں سے خطرہ تھا لہٰذا آتسز نے بڑی عجلت سے قلعے کے استحکامات درست کیے اور ملک شاہ [رک باں] کے ساتھ، جس سے اس نے مدد طلب کی، اتّحاد قائم کرنے کے لیے کوشاں ہوا ۔ سلجوقی سلطان نے اس کے جواب میں دمشق اپنے بھائی تُتُش [رک باں] کو جاگیر میں دے دیا ۔ مؤخّرالذکر ۴۷۱ھ / ۱۰۷۹ء میں دمشق پہنچا اور وہاں نئے سرے سے امن و امان قائم کر کے آتسز کو موت کے گھاٹ اتار کر اس سے چھٹکارا حاصل کیا ۔ تشدّد کا دور جاری رہا ۔ ۴۷۶ھ/۱۰۸۳ء میں مُسلم بن قُرَیش نے شہر کا محاصرہ کر لیا مگر اسے فاطمیوں کی طرف سے متوقع کمک نہ پہنچ سکی اور تُتُش شہر کو محاصرے سے آزاد کرانے میں کامیاب ہوگیا ۔ تُتُش ۴۸۸ھ/۱۰۹۵ء میں اپنے بھتیجے بَرکیارُوق [رک باں] کے خلاف لڑتا ہوا مارا گیا ۔ اس کے بیٹوں نے اس کی ریاست آپس میں تقسیم کر لی ۔ رِضوان نے حلب، اور دُقاق نے دمشق کی حکومت سنبھالی ۔ مؤخرالذکر نے کاروبار سلطنت کی باگ ڈور اپنے ترک اتابک ظہیرالدین طُغتکین کے ہاتھ میں دے دی ۔ چنانچہ اس زمانے سے وہی دمشق کا حقیقی حکمران نظر آتا ہے ۔ اس کی سیاسی حیثیت بہت مخدوش تھی کیونکہ مصر کے فاطمی اور سلاجقۂ بغداد اس کے مخالف تھے اور ۴۹۰ھ/۱۰۹۷ء سے افرنگی (Franks) بھی اسی صف میں شامل ہوگئے تھے .

دُقاق کی وفات (رمضان ۴۹۷ھ/جون ۱۱۰۴ء)

Marfat.com

کے بعد تُغتِکین کم سِن تُتُش الثانی کے نام پر حکومت کرتا رہا، لیکن تتش الثانی جلد ھی وفات پا گیا ۔ اب اتابک دمشق کا واحد مالک تھا، چنانچہ ۵۴۹ھ/ ۱۱۵۴ء میں نُورالدّین کی آمد تک اس کا خاندان بُوریہ [رک بآں] یہاں برسر اقتدار رہا ۔ تُغتکین کے عہد حکومت میں، جو رُبع صدی تک جاری رہا، شہر نے اخلاق اور معاشی دونوں اعتبار سے نمایاں ترقی کی ۔ صفر ۵۲۲ھ / فروری ۱۱۲۸ء میں اس کی رحلت پر اس کا بیٹا تاج الملوک بُوری اس کا جانشین قرار پایا ۔ فرقۂ باطنیّہ [رک بآں] نے ۵۰۷ھ/۱۱۱۳ء ھی میں امیر مَودُود کو قتل کر کے دمشق میں اپنے موجود ہونے کا احساس دلا دیا تھا ۔ اب انھوں نے دمشقی وزیر ابو علی الطّاھر المَزدقانی کی اعانت پاکر اپنی سرگرمیاں دو چند کر دیں ۔ ۵۲۳ھ / ۱۱۲۹ء میں بُوری نے اس وزیر کو مروا ڈالا ۔ یہ گویا قتل عام کا اشارہ تھا، چنانچہ باشندگان شہر نے بے قابو ہو کر کئی سو باطنی موت کے گھاٹ اُتار دیے ۔ جو لوگ باقی بچے اُنھوں نے بھی اپنا انتقام لینے میں تساھل نہیں برتا، چنانچہ تاج الملوک بُوری ۵۲۵ھ/۱۱۳۱ء میں اقدام قتل کا ھدف بنا اور ایک سال بعد رجب ۵۲۶ھ/مئی - جون ۱۱۳۲ء میں اپنے زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا ۔ اس کے دو جانشین بھی یکے بعد دیگرے قتل کر دیے گیے ۔ ان میں سے اسمٰعیل تو ۵۲۹ھ/ ۱۱۳۵ء میں خود اپنی ماں کے اور دوسرا شہاب الدّین محمود ۵۳۳ھ/۱۱۳۹ء میں اپنے دشمنوں کے ھاتھ سے مارا گیا ۔

۵۳۴ھ / ۱۱۴۰ء میں قائدین عسکر نو عمر ابو سعید اَبَق مُجیرالدّین کو برسر حکومت لے آئے، جس نے زمامِ اقتدار اپنے اتابک معین الدّین اُنُر کے سپرد کر دی ۔ دس برس بعد اتابک کی وفات پر اَبَق نے خود حکومت کا کاروبار سنبھالا لیکن نور الدّین کی سرپرستی قبول کرنے پر مجبور ہو گیا، جس نے آخر میں اسے دمشق سے بھگا دیا ۔

بُوریہ کی حالت ناقابل رشک تھی ۔ چونکہ انھیں سند حکومت خلیفہ بغداد سے ملی تھی اس لیے فاطمیوں کے زیرِ تسلّط ملک مصر کو جانے والے راستے کی سرحدی چوکی کا دفاع ان کے فرائض میں شامل تھا ۔ دوسری طرف ان کے لیے غلّے کی بہم رسانی کا انحصار حَوران اور بِقَمة کے دو علاقوں پر تھا، جنھیں بیت المقدس کی لاطینی حکومت سے حملے کا خطرہ لاحق رھتا تھا اور بعض اوقات ان کے لیے افرنگیوں کے ساتھ گفت و شنید کرنا ناگزیز ھوجاتا تھا ۔ ادھر اپنے اس رویّے کے متعلق خلافت بغداد کے سامنے جواب دہ بھی ھونا پڑتا تھا ۔ ۵۲۴ھ / ۱۱۳۰ء کے آغاز سے دمشق کو ایک نیا خطرہ لاحق ھونے لگا ۔ یہ خطرہ زنگیوں کی جانب سے تھا، جو اس وقت حَلَب کے مالک بن گئے تھے ۔ ان سے عہدہ برآ ھونے کے لیے بُوریوں نے ایک سے زیادہ موقعوں پر افرنگیوں کی امداد حاصل کی، لیکن چونکہ ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں خود افرنگیوں نے دمشق پر حملہ کر دیا، اس لیے ان سے آئندہ معاھدات کرنے کا امکان باقی نہ رہا ۔ شہر کو حال ھی میں اقتصادی خوشحالی دوبارہ نصیب ھوئی تھی، اسے برقرار رکھنے کے لیے مجبوراً بُوریوں کو نئے اتحادیوں کی جستجو ھوئی ۔

تُغتِکین کے ھاتھوں امن و امان کی بحالی سے قبل دمشق تین صدیوں تک بد نظمی کا سامنا کر چکا تھا ۔ چند روزہ والیوں اور ان کے گماشتوں کی من مانی حکومت کے پنجے میں پھنس کر شہر کی آبادی ایک عجیب دھشت اور مصیبت کے دور سے گزرتی رھی تھی، اسے اپنی حفاظت کا خیال ھر وقت دامن گیر رھتا تھا ۔ اسی کے پیش نظر شہر کے گلی کوچے ایک مخصوص نقشے کے مطابق بنائے گئے ۔ اھل دمشق ایسے لوگوں کے درمیان زندگی بسر کرنا چاھتے تھے جن سے وہ بخوبی واقف ھوں اور جو ایک دوسرے کو اچھی طرح سے جانتے ھوں،

marfat.com
Marfat.com

اور ایسے لوگوں کے قریب ہوں جن کا رہن سہن ان سے ملتا جلتا ہو ۔ یہی وہ نقطۂ نظر تھا جسے سامنے رکھ کر ان کی اجتماعی زندگی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ۔

شہر کا نقشہ، جس میں رومیوں کے زمانے سے بہت کم تبدیلی رونما ہوئی تھی، چوتھی صدی ہجری / [بہ تصحیح دسویں] صدی عیسوی سے متعدد علاقوں میں بٹ کر رہ گیا جن کا ایک دوسرے سے کوئی واسطہ اور تعلق نہ تھا ۔ ہر محلّہ (حَارة) اپنی دیوار اور دروازوں کے اندر مورچہ بند اور بجائے خود چھوٹے پیمانے پر ایک شہر بن جانے پر مجبور ہوا، جس میں شہری آبادی کے تمام لوازم موجود ہوں، جیسے مسجد، حمّام، ذخیرۂ آب "تالع"، عوامی تنور خانے، اور چھوٹا سا بازار (سُوَیْقة) جس میں نانبائیوں کی دکانیں ہوں ۔ ہر محلّے کا اپنا شیخ اور فوجی دستہ (اَحْداث) [رَکَبان] الگ الگ ہوتا تھا ۔

قدیم شہر کی اس تقسیم کے ساتھ ساتھ مذہبی بنیاد پر لوگوں کی ایک دوسرے سے مکمل علٰحدگی بھی عمل میں آ گئی، کیونکہ ہر فرقے کا شہر میں اپنا علٰحدہ محلّہ تھا ۔ مسلمان مغرب میں قلعے اور مسجد جامع کے قریب رہتے تھے، عیسائی شمال مشرق میں اور یہودی جنوب مشرق کے حصے میں تھے ۔ شہر کی ظاہری ہیئت یکسر تبدیل ہو گئی، مکانات کے دروازے براہ راست گلی کوچوں میں نہیں کھلتے تھے ۔ شہر کی قدیم سڑکوں کے ساتھ ساتھ گلیاں (دَرْب) بن گئیں، جو اپنے اپنے محلّے کے شارع عام کا کام دیتی تھیں اور ان کے دونوں سروں کو بھاری دروازوں سے بند کر دیا جاتا تھا ۔ یہ گلیاں آگے چل کر گلیاروں (زُقاق) یا سربستہ راستوں میں بٹ جاتی تھیں ۔

بایں ہمہ ابھی تک شہر میں چند چیزیں ایسی موجود تھیں جن سے باہمی اتحاد و اشتراک کا پتا چلتا تھا ۔ ان میں سے ایک تو بیرونی مورچہ بند فصیل تھی جس سے پورے شہر کا دفاع ہوتا تھا؛ پھر جامع مسجد الاموی تھی، جو شہر کے دینی و سیاسی مرکز کا کام دیتی تھی اور یہیں سرکاری احکام کا اعلان ہوتا اور وہ منظرِ عام پر لائے جاتے تھے، اور آخری چیز یہاں کے سُوق تھے جہاں محتسب کے زیر نگرانی اجناس اور ضروری مصنوعات کی بہم رسانی ہوتی تھی ۔ کاروبار تجارت انھیں مقامات پر ہوتا رہا جو رومیوں کے قدیم زمانے سے اس مقصد کے لیے مقرر تھے ۔ ایک تجارتی علاقہ تو اس شارع کبیر پر واقع تھا جس کے دونوں جانب محرابی چھتّے تھے اور دوسرا ستونوں والے راستے پر جو مسجد جامع کے مشرق میں پرانی عبادت گاہ کے بڑے چورا ہے (agora) کو جاتا تھا ۔ یہ شاہراہیں مکمل طور پر بدل چکی تھیں ۔ چھتّوں پر دکانیں بن گئی تھیں، خود گذرگاہوں پر سایبان لگا کر عارضی دکانیں قائم کر لی گئی تھیں اور ہر کاروباری علاقے میں بازاروں (اسواق) کا ایک جال بھول بھلیّوں کی طرح بچھ گیا تھا ۔ قدیم رومی شارع کبیر (Decumanus) کا ایک مرکز دارالبطّیخ تھا، جو دراصل بغداد کے دارالبطّیخ کی طرح پھلوں کی منڈی تھی ۔ اس کے مقابلے میں قدیم چوراہے (agora) کے قریب ہی قیصریوں میں بڑی آمد و رفت رہتی تھی ۔ ان مسقّف احاطہ بند منڈیوں میں، شہری باسلیقوں (basilicas) کی طرح، جواہرات، کارچوبی کپڑوں، قالینوں اور سمور جیسی قیمتی چیزوں کی تجارت ہوتی تھی ۔

جب تُغتگین کے عہد حکومت میں امن بحال ہو گیا تو نئے محلّے آباد ہونے لگے، مثلاً العُقَیْبة شمال میں، شُغُور جنوب میں اور قصر الحجّاج جنوب مغرب میں ۔ شہر کے دروازوں پر دباغت کے کارخانے تھے جن میں چمڑے کا کام کرنے والوں کے لیے خام مواد تیار کیا جاتا تھا، کاغذ بنانے کے دو کارخانے نویں صدی کے اوائل سے چل رہے تھے اور کئی پن چکیاں تھیں جن میں مختلف چکنی چیزیں پیسی جاتی تھیں ۔

بُوریوں سے قبل کے عہد کی جو واحد یادگار

Marfat.com

اب تک باقی رہی ہے وہ بیت المال کا قُبّہ ہے جو مسجد جامع میں خلیفہ المہدی کے ایک عامل نے ۱۶۱ھ/۷۷۸ء میں تعمیر کرایا تھا ۔

دُقاق کے دورِ حکومت میں شہر کا قدیم ترین شفاخانہ مسجد جامع کے مغرب میں تعمیر ہوا تھا؛ اسی طرح وہیں ۴۹۱ھ/۱۰۹۸ء میں پہلا مدرسہ الصّادِریّۃ حنفیوں کے لیے بنایا گیا تھا ۔

کسی زمانے میں دمشق کی اولین خانقاہ طاروسیہ میں دُقاق اور اس کی والدہ صَفْوَۃ الملک کے مقبرے موجود تھے لیکن اس خانقاہ کے آخری آثار ۱۹۳۸ء میں معدوم ہو گئے ۔ بُوریوں کی حکومت میں علمی سرگرمیوں اور سنّیوں کی تبلیغ نے دمشق میں فروغ پایا ۔ شافعیوں نے اپنا پہلا مدرسہ امینیّۃ ۵۱۴ھ/۱۱۲۰ء میں قائم کیا تھا ۔ لیکن حنبلیوں کا پہلا مدرسہ شرقیہ ۵۳۶ھ/۱۱۴۲ء سے پہلے تعمیر نہیں ہوا تھا ۔ جب نورالدّین نے دمشق فتح کیا تو اس وقت سات مدرسے قائم تھے لیکن ان میں سے کسی کا تعلق امام مالکؒ کے مذہب سے نہ تھا ۔

دمشق نورالدّین کے عہد میں : ۵۴۹ھ/۱۱۵۴ء میں نورالدّین کی آمد سے شہر کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ۔ دمشق میں اقامت گزیں ہو کر اس بادشاہ نے، جو پہلے ہی سے حلب کا فرمانروا بن چکا تھا، کلیسیا cilicia کے دامن کوہ سے لے کر جلیل (Galilee) کے پہاڑوں تک پورے شام کے اتحاد کو پکا کر دیا ۔ بنو امیہ کے دور کے بعد پہلی بار دمشق پھر ایک وسیع، متحد اور خود مختار اسلامی ریاست کا دارالحکومت بنا ۔ نورالدّین کی سیاست کی بدولت شہر میں خود اس کے اپنے کردار کی چھاپ لگ گئی، اور دمشق کو فاطمی ملاحدہ اور کافر افرنجیوں کے مقابلے میں راسخ اسلامی عقائد رکھنے والوں کے لیے پشت و پناہ کی حیثیت حاصل ہوگئی، مذہبی جوش و خروش اس زمانے میں ایک بار پھر عود کر آیا جس کا واحد مقصد یہ تھا کہ سُنّی عقائد کو غلبہ نصیب ہو، اور تمام کوششیں جہاد [رک بآں] پر مرکوز ہو گئیں ۔ دمشق اہل سنت والجماعت کا مرکز بن گیا ۔ کثیر التعداد نئی مذہبی عمارات، مساجد اور مدارس کی تعمیر سے اس کی شہرت میں اضافہ ہوا اور اس دور میں عسکری اہمیت اور مذہبی وقار دونوں کے اعتبار سے اسے اپنی حیثیت مل گئی ۔

عسکری نقطۂ نظر سے دفاعی استحکامات کا منصوبہ بڑی احتیاط سے بنایا اور عمل میں لایا گیا ۔ فصیل شہر کو مستحکم کیا گیا ۔ نئے برج تعمیر ہوے، جن میں سے ایک آج بھی باب الصغیر کے جنوب میں موجود ہے ۔ بعض دروازوں، مثلاً باب شرقی اور باب الجابیہ کو زیادہ مضبوط بنانے پر اکتفا کیا گیا ، لیکن دوسرے دروازوں (باب الصغیر اور باب السلام) میں دُہرے پھاٹک لگوائے گئے ۔ فصیل شہر کی شمالی دیوار کا ایک حصہ بردٰی کے دائیں کنارے تک بڑھا دیا گیا اور یہاں ایک نیا دروازہ باب‌الفرج قلعے کی شرقی سمت تعمیر ہوا ۔ اس کے برعکس باب کَیْسان، جو جنوبی جانب تھا، تیغا کر دیا گیا ۔

نورالدّین نے قلعے کے اندر بھی تعمیرات کیں، چنانچہ باب‌الجدید کو مستحکم کیا اور ایک وسیع مسجد تعمیر کرائی ۔ علاوہ بریں دو وسیع قطعات اراضی شہر کی عسکری سرگرمیوں کے پیش نظر رسالے کی تربیت اور فوج کی قواعد کے لیے مخصوص کیے گئے یعنی میدان الأخضر شہر کے مغرب میں اور میدان الخصٰی جنوب میں ۔

مذہبی اور علمی سرگرمیاں ترقی کے بلند مراحل طے کرنے لگیں ۔ اس سلسلے میں دو خاندان یعنی شافعی المذہب بنو عساکر اور حنبلی المذہب بنو قُدامہ بہت ممتاز ہوے ۔ یہ لوگ ابتداءً ۵۵۶ھ/۱۱۶۱ء میں، اس علاقے سے آئے تھے جو فصیل شہر کے باہر کوہ قاسیون کی ڈھلانوں پر واقع تھا اور آج کل صالحیہ کے نام سے مشہور ہے ۔ عبادت گھروں کی تعداد میں

marfat.com
Marfat.com

بہت اضافہ ہوا، خود نور الدّین نے کئی مساجد کو درست یا تعمیر کرایا ۔ سُنّی عقائد اور احادیث کی نشر و اشاعت میں خاص طور سے بڑی محنت اور کوشش سے کام لیا گیا اور نورالدّین نے حدیث کی تعلیم دینے کے لیے پہلا مدرسہ دارالحدیث جاری کیا ۔ اس چھوٹے سے مدرسے کے اب صرف کھنڈر باقی رہ گئے ہیں ۔ اس کا پہلا معلم شافعی مؤرخ ابن عساکر تھا ۔ کئی اور نئے مدرسے بھی تعمیر ہوے، جن میں سے بیشتر شافعی یا حنفی مسلک سے متعلق تھے ۔ یہی وہ زمانہ تھا جب مدرسة الصالحیه بننا شروع ہوا، جسے صلاح الدّین نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا ۔ العادلیّه [جہاں اب عرب اکادیمی قائم ہے] کے عظیم مدرسے کی تعمیر کی ابتدا کا سہرا نورالدین کے سر ہے ۔ اس کی تعمیر کا آغاز ۵۶۷ھ / ۱۱۷۱ء میں ہوا اور نصف صدی بعد ۶۱۹ھ / ۱۲۲۲ء میں جا کر اس کی تکمیل ہوئی ۔

ایک اور نیا ادارہ دارالعدل بھی نور الدّین کا مرہون منّت ہے ۔ یہی آگے چل کر دارالسّعادہ کے نام سے مشہور ہوا ۔ یہ انصاف کی عدالت عالیہ اس عمارت میں قائم تھی جو قلعے کے جنوب میں ہے ۔ مساوات کے تقاضوں کے پیش نظر یہاں بادشاہ کے حکم سے چاروں مذاہب کے نمائندے قاضی القضاۃ کے پہلو میں بیٹھتے تھے ۔

دمشقی عمارات میں نئی نئی شکلیں نمودار ہوئیں، جن سے عراق کا اثر ظاہر ہوتا تھا؛ خاص طور پر گنبد قابل ذکر ہے، جسے باہر کی جانب سے منقّب (honey-comb) بنایا جاتا تھا ۔ یہ نمونہ نور الدّین کے مقبرے اور اس سے ملحق مدرسے کے گنبد میں، جو ۵۶۷ھ/ ۱۱۷۱ء میں تعمیر ہوا، اور مارستان کے باب الدّاخله کے قُبّے پر ملتا ہے، مؤخرالذکر کے پھاٹک کی طاقچوں سے تزئین کی گئی ہے ۔ نور الدّین ہی نے اس شفاخانے ("مارستان") کی تعمیر کی، جسے اسلامی فن تعمیر کی تاریخ میں اہم ترین حیثیت حاصل ہے؛ اور مقصد یہ تھا کہ یہ علم طب کی درسگاہ کا کام بھی دے ۔ بارھویں صدی عیسوی میں دمشق کی یادگار عمارتوں کی صحیح فہرست ابن عساکر نے اپنی تاریخ مدینة دمشق کے دیباچے میں، جو مقامی جغرافیے سے متعلّق ہے، دے دی ہے ۔ نورالدّین کے عہد کے آخر میں مساجد کی تعداد بڑھ کر فصیل شہر کے اندر دو سو بیالیس اور باہر ایک سو اٹھتر ہو گئی تھی ۔

دَور ایُّوبیه : ۵۶۹ھ/۱۱۷۴ء میں نورالدّین کی وفات پر اس کا بیٹا الملک الصّالح اسمٰعیل، جس کا اتابک امیر شمس الدّوله ابن المُقدّم تھا، اپنے باپ کی جگه تخت نشین ہوا ۔ دمشق میں، جہاں اس زمانے سے جب کہ صلاح الدّین [رک بآن] کا والد ایُّوب وہاں کا عامل تھا، ایّوبیوں کے حامیوں کی ایک طاقتور جماعت موجود تھی؛ اب اُمرا طرح طرح کے منصوبے باندھنے لگے ۔ نو عمر بادشاہ حلب بھیج دیا گیا اور شہر کا مختار ابن المقدم رہ گیا ۔ اپنی حکومت کے استحکام کی خاطر اس امیر نے افرنگیوں سے ہنگامی صلح نامہ طے کیا مگر اس سے آبادی کے ایک حصے کی رائے اس کے سخت خلاف ہو گئی ۔ صلاح الدّین کے گماشتوں نے اسے حامی اسلام کی حیثیت سے پیش کر کے اہل دمشق کو اپنا ہم نوا بنا لیا ۔ صلاح الدین نے، جو کسی زمانے میں نور الدّین کا کُرد باجگذار تھا، جہاد کا عَلم بلند کیا اور ۵۷۱ھ/۱۱۷۶ءمیں دمشق میں داخل ہوگیا ۔ اگلے چند برسوں میں معرکۂ کار زار متواتر گرم رہا ۔ یہ تیسری صلیبی جنگ کا زمانہ تھا ۔ مسلمانوں کے دل میں بس یہی تمنا تھی کہ کسی طرح افرنگیوں کو واپس سمندر کی طرف دھکیل دیں ۔ آخر ۵۸۳ھ/ ۱۱۸۷ء میں فتح حطّین [رک بآن] کے بعد لشکر اسلام بیت المقدس میں واپس پہنچنے کے قابل ہو گیا ۔ صلیبیوں کے ساتھ صلح کر لینے کے چند ماہ بعد خاندان ایوبیه [رک بآن] کے بانی صلاح الدّین نے ۲۷ صفر ۵۸۹ھ/ ۴ مارچ ۱۱۹۳ء کو دمشق میں وفات پائی ۔

Marfat.com

تدفین پہلے تو قلعے کے اندر عمل میں لائی گئی، لیکن بعد ازاں میت کو مسجد جامع کے شمالی جانب مدرسة العزیزیه میں منتقل کر کے باقاعدہ مرقد بنا دیا گیا۔ سلطان موصوف کی وفات کے بعد اس کے دو بیٹوں اور بھائی کے درمیان شدید جنگ چھڑ گئی۔ الافضل [رک باں] چاہتا تھا کہ دمشق پر، جو ۵۸۲ھ/۱۱۸۶ء میں اُسے باپ کی طرف سے بطور جاگیر ملا تھا، اپنا قبضہ برقرار رکھے، لیکن ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء میں اس کے چچا العادل نے اسے وہاں سے بھگا دیا اور اپنے [دوسرے] بھتیجے العزیز کی حکومت تسلیم کر لی، جو قاہرہ میں صلاح الدّین کا وارث قرار پایا تھا۔ تین برس بعد العزیز بھی وفات پا گیا اور طویل تنازعات کے بعد بالآخر ۵۹۷ھ/ ۱۲۰۰ء میں العادل کو خاندان ایوبیه کا سربراہ تسلیم کر لیا گیا۔ صلاح الدین کے اس روحانی وارث کے زیرِ حکومت اعلٰی نظم و نسق اور سیاسی امن و اطمینان کا دور شروع ہوا۔ اس زمانے سے قاہرہ سلطنت کا صدر مقام ہو گیا تھا، لیکن دمشق کو بدستور اہم سیاسی، عسکری اور معاشی مرکز کی حیثیت حاصل رہی۔ العادل نے ۶۱۵ھ/ ۱۲۱۸ء میں دمشق کے نزدیک وفات پائی اور مدرسة العادلیّه میں مدفون ہوا۔ الملک المعظّم عیسٰی نے، جو ۵۹۷ھ/ ۱۲۰۰ء سے شام میں اپنے والد کا نائب تھا اور جس نے ۶۰۴ھ/ ۱۲۰۷ء میں یہ صوبہ جاگیر میں پایا تھا، دمشق میں اپنی خود مختاری قائم رکھنے کی کوشش کی، لیکن سیاسی زندگی کے نشیب و فراز اور جوڑ توڑ سے مجبور ہو کر وہ ۶۲۳ھ/۱۲۲۶ء کے شروع میں خوارزم شاہ جلال الدّین [رک باں] کا نام خطبے میں پڑھوانے لگا اور یوں شہر دمشق پر خوارزم شاہ کی براے نام سیادت قائم ہو گئی۔ ۶۲۴ھ/ ۱۲۲۷ء میں المعظّم کی وفات پر اس کا بیٹا الملک الناصر داؤد اپنے اتابک عزالدّین ایبک کے زیر ولایت وارث تخت ہوا۔ اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد امیر الاشرف دیار مضر سے آ پہنچا اور اپنے بھتیجے داؤد کو برطرف کر کے ۶۲۵ھ/ ۱۲۲۸ء میں دمشق کی حکومت پر قابض ہو گیا۔

الکامل کی وفات پر، جو ۶۳۵ھ/ ۱۲۳۸ء میں العادل کی جگہ قاہرہ میں تخت نشین ہوا، دورِ زوال کا آغاز ہو گیا تھا۔ بھائیوں کے درمیان از سر نو لڑائیاں شروع ہو گئیں۔ الملک الصالح اسمٰعیل دمشق پر قابض رہنے کی خاطر اپنے بھتیجے الصّالح ایّوب والی مصر کے مقابلے میں افرنگیوں کے ساتھ مل گیا۔ ۶۴۳ھ/ ۱۲۴۵ء میں ایّوب نے خوارزمیوں کی مدد سے اس پر فتح پائی اور ایک بار پھر دمشق حکومت قاہرہ کے تحت آ گیا۔ ایوب نے ۶۴۶ھ/۱۲۴۸ء میں وفات پائی۔ اس کا بیٹا تُوران شاہ لا پتہ ہو گیا اور اغلباً چند ماہ بعد قتل کر دیا گیا، اور ۶۴۸ھ/ ۱۲۵۰ء میں فرمانرواے حلب الملک الناصر یوسف نے دمشق پر قبضہ کر لیا۔ وہ یہاں کا آخری ایوّبی بادشاہ تھا۔ مغول کا خطرہ اب بالکل سر پر منڈلانے لگا تھا، ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء میں بغداد کا سقوط ہوا اور دو سال نہ گزرنے پائے تھے کہ شامی دارالحکومت کی بھی باری آ گئی۔

اس میں شک نہیں کہ نورالدّین کے برسر حکومت آ جانے سے دمشق کا احیاء شروع ہو گیا تھا، لیکن صلاح الدّین کے عہد حکومت کے حالات ایسے تھے کہ شہر کی ترقی کی رفتار سست رہی۔

دورِ ایّوبیه میں جب دمشق پھر ایک بادشاہ کا دارالحکومت قرار پایا تو دوبارہ ترقی کا آغاز ہوا۔ آبادی میں اضافے اور اس اضافے کی وجہ سے نئے نئے وسائل دولت کی فراہمی سے یہاں کی عام معاشی زندگی پر بھی خوشگوار اثر پڑا، جو اس لیے اور بھی نمایاں ہوا کہ العادل اور اس کے جانشینوں کے پُرسکون دور نے بڑی پُر امن فضا پیدا کر دی تھی۔ ان معاشی سرگرمیوں میں ترقی کے ساتھ ساتھ تجارتی روابط بھی بڑھنے لگے۔ اس زمانے سے دمشق میں اطالوی تاجروں کی باقاعدہ آمد کا آغاز ہو گیا۔ صنعت و حرفت میں پھر ترقی شروع ہوئی؛ یہاں

marfat.com
Marfat.com

کی ریشمی زربفت کی شہرت بدستور قائم رہی ، سادہ یا کوفت کاری کے مِسی برتن، ملمع کی ہوئی شیشے کی اشیا اور برّے کی دباغت شدہ کھالوں کی بڑی مانگ تھی ۔ اسواق یا منڈیوں میں بے حد چہل پہل رہتی تھی، شہر میں قیصریوں کے ساتھ ساتھ بنے ہوے گوداموں (فَنْدقوں) کی تعداد میں بہت اضافہ ہوگیا اور دارالوکالۃ نے ، جو تجارتی شراکتوں کی ذخیرہ گاہ تھی، بڑی اہمیّت حاصل کر لی ۔

افراد خاندان کی خواہش تخت و تاج، نیز افرنگیوں کے خطرے کی روک تھام کو مضبوط کرنے کے لیے اور اپنے دفاعی نظام کو عسکری فنون کی جدید ترین ترقیوں کے مطابق بنانے کی غرض سے آل ایّوب نے دمشق کی فصیل اور قلعے میں تبدیلیاں اور اصلاحیں کیں ۔ فصیل کی مضبوطی کا کام محض بڑے دروازوں ھی پر ھوا ۔ ۶۰۳ھ/۱۲۰۷ء میں المعظّم عیسٰی نے باب مشرق اور باب الصّغیر کو مستحکم کیا ؛ الناصر داؤد نے ۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء میں باب تُوما دوبارہ بنوایا ؛ باب الفَرج ۶۳۶ھ/۱۲۳۹ء میں ازسر نو بنایا گیا اور آخرالامر الصّالح ایّوب نے ۶۴۱ھ/۱۲۴۳ء میں باب السّلام کو اس طرح ایک نئی صورت دی کہ اس کے ساتھ ایک مربعّ بُرج کا اضافہ کر دیا جو آج بھی فصیل کے شمال مشرق گوشے پر نظر آتا ھے ۔ قلعے کی مکمّل طور پر از سر نو تعمیر ھوئی ۔ یہ کام جس پر دس برس صرف ھوے، ۶۰۳ھ/۱۲۰۷ء میں شروع کیا گیا تھا ۔ قلعے کے اندر سلطان کی سکونت کے لیے ایک نیا محل تعمیر کیا گیا ؛ اس کے ایک کمرے کے اندر تخت رکھا جاتا تھا ؛ نئی عمارتیں بنا کر اُن میں فوجی دفاتر اور دیوانی محکمے قائم کیے گئے ۔ موجودہ زمانے تک جو انتظامات چلے آتے ھیں، ان کی ابتدا اسی دور میں ھوئی تھی ۔ اگرچہ مغول نے قلعے کو نذر آتش کرکے منہدم کر دیا تھا، تاہم ساتویں / تیرھویں صدی کے بُرجوں میں سے دو ابھی تک اپنی اصل حالت میں قائم ھیں ۔

عام خوشحالی کی بدولت آلِ ایّوب نے علما اور مصنفین کی ایسی دریا دلی سے سر پرستی کی جس کی مثال نہیں ملتی ۔ اس زمانے میں دمشق مسلمانوں کی ثقافتی زندگی ھی کا نہیں بلکہ دین مبین کا حصن حصین بھی تھا ۔ اس خاندان کے طریق عمل میں تبلیغی رجحانات کا اظہار اس سے ھوتا ھے کہ اس کے سربراھوں نے سلجوقوں اور زنگیوں کے نقش قدم پر چلتے ھوے دین اسلام اور اس کے مسلّمہ عقائد کی تبلیغ و اشاعت کی حتی الامکان حوصلہ افزائی کی ۔ غیر عسکری تعمیرات کو بھی اس دور میں بہت فروغ ھوا ۔ شہزادیاں اور شہزادے، امرا اور عمائدین اور عمال حکومت مقدس عمارتوں کی تعمیر میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرنے لگے اور ایک قلیل مدت میں دمشق مدارس کا شہر بن گیا ۔ ان کی تعداد، جو ابن جُبَیر نے ۵۸۴ھ/۱۱۸۸ء میں بیس بتائی ھے، ایک ھی صدی میں اس سے چوگنی ھوگئی تھی (ایوبی مدارس کے بارے میں دیکھیے Herzfeld در *Ars Islamica*، ۱۱ - ۱۲ : ۱ تا ۷۱) ۔ اس زمانے سے مساجد کی طرح مدرسے بھی اکثر اوقات مع اپنے درسی اور معلّمین و متعلّمین کے رھنے کے کمروں کے اپنے بانی کے مقبرے سے ملحق بنائے جانے لگے (مثال کے لیے دیکھیے العادلّیہ اور المعظّمیہ) ۔ اسی زمانے میں "مقبرہ" مدرسوں سے مربوط ھونے کی وجہ سے دمشق میں ایک مخصوص قسم کی "تُرْبَۃ" منظر عام پر آنے لگی ۔ یہ مقبرہ (تربۃ) ایک مربّع کمرے پر مشتمل ھوتا تھا جس کی دیواریں استرکاری کے نقوش سے مزیّن ھوتی تھیں ۔ اس کے اُوپر چار نیم دائرہ طاقچے اور چار مسطّح طاقچے جنھیں متناسب فاصلوں پر رکھا جاتا تھا، مل کر ایک ھشت پہلو صورت اختیار کر لیتے تھے ۔ اس کے اوپر یکساں عرض و طول کے سولہ طاقچوں سے ڈھول نما سطح تیار کرتے جس پر ایک شانزدہ پہلو گنبد تعمیر ھوتا تھا ۔ مربّع عمارت پر گنبد بنانے کی یہ ایک مخصوص صورت تھی ۔ اس کی اولین مثال، جس

Marfat.com

کی تاریخ ہمیں معلوم ہے، مقبرۂ زین الدّین ہے، جو ۵۶۷ھ/۱۱۷۲ء میں تعمیر ہوا تھا ۔ اس قسم کی جو یادگار عمارتیں آج بھی سلامت ہیں، ان میں حسب ذیل چھٹی/ بارھویں صدی کی ہیں : تربۃ البدری، مدرسۃ النجمیۃ، مدرسۃ العزیزیۃ، جہاں صلاح الدّین کا مقبرہ واقع ہے، اور مقبرۂ ابن سلامۃ ، جو ۶۱۳ھ/۱۲۱۶ء میں تعمیر ہوا ۔ ایوّبی فن تعمیر کی ممتاز ترین خصوصیت اس کا حسن تناسب ہے ۔ ان عمارتوں کی روکاریں ترا شیدہ پتھر کے موزوں چوکوں سے بنائی گئی ہیں ۔ ان میں سنگ بسل (Basalt) اور چونے کے پتھر یکے بعد دیگرے لگا کر آرائش کی ایک خوبصورت شکل نکالی گئی ہے ۔ اس کی سب سے عمدہ مثال مدرسۂ قلیجیّہ ہے، جو ۶۵۱ھ/ ۱۲۵۳ء میں مکمّل ہوا ۔ گنبدوں کا حجم ایسا ہے کہ وہ شہری عمارات کے پس منظر کا ایک طبعی حصہ بن گئے ہیں ۔

ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کا شمار دمشق کے زرّیں ادوار میں ہوتا ہے ۔ دمشق ایک بار پھر سیاسی، تجارتی، صنعتی، عسکری، علمی اور مذہبی مرکز بن گیا ۔ جو عمارتیں اس شہر کے لیے ابھی تک باعث زینت ہیں، ان میں سے بیشتر اسی دور میں تعمیر ہوئی تھیں ۔

دورِ ممالیک(۶۵۸ھ/۱۲۶۰ءتا۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء):

جب ربیع الاول ۶۵۸ھ/مارچ ۱۲۶۰ء میں ہلاکو کی فوجیں دمشق میں داخل ہوئیں تو اس شہر کی تاریخ یکسر بدل گئی ۔ یہاں کا عامل فرار ہونے پر مجبور ہو گیا، محافظ دستوں کو جنوب کی جانب پسپا ہونا پڑا اور یہاں کا فرمانروا الملک الناصر اور اس کے بچے قید کر لیے گئے ۔ خاندان ایوبیہ ختم ہوگیا ۔ حملہ آور فوجوں کی پیش قدمی عَین جالُوت [رک باں] کے مقام پر روکی گئی، جہاں مملوکوں نے امیر قوطوز اور امیر بیبرس کی سپہ سالاری میں مغول کو راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ۔ اس پر انھوں نے دمشق خالی کر دیا، جس کا قبضہ قیمری کے طاقتور کُرد خاندان نے سلطان مصر کی فوج کے حوالے کر دیا ۔ شہر کے عیسائی اپنے اس رویّے کی بدولت جو انھوں نے مغول کے ساتھ روا رکھا تھا، کسی قدر انتقامی کارروائی کا شکار ہوے ۔ اب دمشق کی جگہ قاہرہ نے لے لی، جہاں ۶۵۶ھ/ ۱۲۵۸ء سے ایک براے نام خلافت چلی آ رہی تھی ۔ دمشق سیاسی اعتبار سے مصر کا ماتحت صوبہ ہو کر رہ گیا ۔

بایں ہمہ یہ شہر صوبۂ شام یا دوسرے الفاظ میں مَملَکۃ یا نیابۃ الدّمشق کا اہم ترین شہر متصور ہوتا تھا (اس کی انتظامیہ کے لیے دیکھیے Gaudefroy Demombynes: *La Syrie à l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۱۳۵ تا ۲۰۱) ۔ پہلے جلیل القدر مملوک سلطان الملک النّاصر بَیبَرس [رک باں] نے دمشق پر خاص توجّہ مبذول کی اور اپنے عہد حکومت (۶۵۸ھ/ ۱۲۶۰ء تا ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء) کے دوران میں اکثر وہاں جاتا رہا ۔ اس نے قلعے کو از سر نو درست کیا، کیونکہ شہر میں ورود سلطانی کے موقع پر یہی شاہی فرود گاہ بنتا تھا ۔ اس میں ٹکسال، سلاح خانہ، فوجی ضروریات کا گودام، خوراک کی ذخیرہ گاہیں، ایک چکی اور چند دکانیں بھی تھیں (دیکھیے J. Sauvaget: *La Citadelle de Damas*، در *Syria*، ۱۱ (۱۹۳۰ء) : ۵۰ تا ۹۰، ۲۱۶ تا ۲۴۱) ۔

بَیبرس نے میدان الاَخضر میں، جو شہر کے مغرب میں واقع تھا، ایک محل تعمیر کرایا جس میں سیاہ اور ہلکے بادامی رنگ کے ردّے جمائے گئے تھے ۔ یہ مشہور قصر ابلق تھا جس کے نمونے پر آئندہ سلطان محمد بن قلاوون نے قاہرہ میں محل بنوایا ۔ چند صدیوں کے بعد دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں ترک سلطان سلیمان نے اسی عمارت کی جگہ پر ایک "تکیہ" یا خانقاہ بنوا دی ۔ ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء میں بَیبرس نے قصر مذکور میں وفات پائی اور اپنے بیٹے الملک السّعید

marfat.com
Marfat.com

کے حکم کے مطابق مدرسۃ الظّاہریہ میں، جہاں آج کل کتب خانۂ ملی واقع ہے، دفن ہوا ۔ اس کے سترہ سالہ طویل عہد حکومت میں دمشق میں صرف چار عامل مقرر ہوے، لیکن اس کی وفات کے بعد شہر کو سیاسی بے چینی کے ایک طویل دور سے گزرنا پڑا، جس کے دوران میں وقتاً فوقتاً بغاوتیں بھی برپا ہوتی رہیں ۔

سلطنت میں دوسرا سب سے اہم شہر دمشق ہی رہا ۔ اس کے والی کے منصب پر بالعموم حلب کی نیابت سے آنے والے کسی ممتاز مملوک کو مقرر کیا جاتا تھا۔ قلعے میں ایک عامل کی موجودگی سے والی دمشق اور سلطان کے درمیان کسی مقابلے یا رقابت کا امکان معدوم ہوگیا تھا ۔ بالفاظ دیگر اب یہاں کے عامل دو ہوتے تھے، ایک تو نائب شہر، جسے پروانۂ تقرر سلطان کی جانب سے عطا ہوتا تھا اور جو قلعے کے جنوب میں دارالسّعادۃ میں رہتا اور وہیں دربار لگاتا تھا؛ اور دوسرا نائب قلعہ، جسے ایک خصوصی مرتبہ حاصل تھا اور جو سلطان کا ذاتی نمائندہ تصور کیا جاتا تھا ۔ ان دونوں حاکموں اوران کے اپنے اپنے طبقوں کے امرا کے درمیان مسلسل رقابتیں سلطان کی سیادت برقرار رہنے کی کافی ضمانت تھیں ۔ جب کبھی قاہرہ میں سلطان کی تبدیلی عمل میں آتی تو بالعموم والی دمشق بغاوت کا عَلَم بلند کر دیتا ۔ چنانچہ جب بَیبَرس کا بیٹا السّعید تخت سے معزول کیا گیا اور سلطان الملک المنصور قلاؤُون [رکّ بآں] نے اس کی جگہ سنبھالی تو یہاں کے والی سنقورالاشقر نے اس کی حکومت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ۔ امرا کی اعانت اور مشہور عالم مؤرّخ، قاضی القضاۃ ابن خَلّکان کے ایک فتوے سے تقویت پا کر سنقور نے قلعے پر قبضہ کر لیا اور حاکم قلعہ لَجِین [لاچین] کو گرفتار کر کے جمادی الآخرۃ ۶۷۷ھ/اکتوبر۔ نومبر ۱۲۷۸ء میں اپنے سلطان ہونے کا اعلان کر دیا ۔ اس نے اپنے نام کا خطبہ پڑھوانا شروع کیا، تا آنکہ بعض دمشقی دستوں کے اختلاف کی بدولت صفر ۶۷۹ھ/ جون ۱۲۸۰ء میں قلاؤُون کی فوجوں نے اس پر فتح پائی اور سنقور الرّحبہ کی طرف بھاگ گیا، جو دریاے فرات کے کنارے واقع ہے ۔ لَجِین کو، جو اب آزاد ہو چکا تھا، شہر کا والی مقرر کر دیا گیا ۔ ہر نیا سلطان اکثر والیوں کو تبدیل کر دینے کا فیصلہ کیا کرتا تھا ؛ چنانچہ الملک العادل کَتبُغا کی تخت نشینی کے موقع پر عزّالدین ایبک کو ۶۹۵ھ/۱۲۹۶ء میں اس عہدے سے سبکدوش کر دیا گیا، اوراس کی جگہ سلطان نے شجاع الدّین اَجرلُو کو نامزد کیا ۔ کَتبُغا کی معزولی کے بعد، جسے قلعۂ دمشق میں قید کر دیا گیا تھا، لَجِین نے، جو سلطان بن گیا تھا، ۶۹۶ھ/۱۲۹۷ء میں سیف الدین قپچاق کو والی مقرر کیا ۔ مؤخرالذکر نے اپنی خدمات شاہ غازان [رکّ بآں] کے سامنے پیش کر دیں اور جب شاہ مذکور نے شام پر یلغار کی تو اس نے اس کی رفاقت اختیار کی ۔ ۶۹۹ھ/۱۳۰۰ء میں مغول لشکر دمشق میں داخل ہوا ۔ اس نے مسجد جامع پر قبضہ کر لیا مگر قلعے کو تسخیر کرنے میں ناکام رہا جہاں مملوکوں نے مورچہ بندی کرلی تھی۔ ان دونوں مرکزوں کے درمیان شہر کا جو علاقہ تھا اُسے شدید نقصان پہنچا اور نورالدّین کا [تعمیر کردہ] دارالحدیث بھی اس کی زد میں آ گیا ۔ جب مغول نے شہر کو چھوڑا تو قپچاق مصر گیا اور ایک بار پھر نئے سلطان الملک النّاصر محمد بن قلاؤُون کے ساتھ مل گیا ۔ ۷۰۲ھ/۱۳۰۳ء میں مغول کی جانب سے ایک نیا خطرہ شہر پر منڈلانے لگا تھا، لیکن اِن کی پیشقدمی روک دی گئی۔ ۷۱۲ھ/۱۳۱۲ء کے اوائل سے محمد بن قلاؤُون کے تیسرے دور حکومت میں تَنکِز دمشق کا والی مقرر ہوا ۔ وہ صحیح معنوں میں حکومت کی صلاحیت رکھتا تھا اور اُس کے اقتدار کو امراے شام نے تسلیم کر لیا ۔ وہ نہ صرف براے نام بلکہ در حقیقت شام کا نائب السّلطان تھا ۔ اس نے یہاں سلطان کا وقار قائم رکھا۔ جس کی نمائندگی کا فرض اس

Marfat.com
Marfat.com

نے ربع صدی سے زیادہ مدت تک انجام دیا ۔ اس زمانے میں دمشق کو جو خوشحالی نصیب ہوئی اس کے باعث علمی و فکری سرگرمیوں نے بڑا فروغ پایا ۔ یہ مصلح اسلام ابن تَیْمیہ اور مؤرخ الصَّفَدی کا زمانہ تھا ۔ ۷۱۷ھ/ ۱۳۱۷ء میں تَنْکِز نے وہ مسجد تعمیر کی جس کے احاطے کے باہر آگے چل کر اس کا مقبرہ تیار ہوا ۔ چند برس بعد اس نے دمشق کی جامع کبیر کی بھی مرمت کروائی ۔ آخرالامر ۷۳۹ھ/۱۳۳۹ء میں اس نے ایک دارالحدیث کی بنیاد رکھی ۔ نئے سلطان الملک ابوبکر کی تخت نشینی پر دفعةً وہ عتاب سلطانی کا مورد بن گیا ۔ چنانچہ ذوالحجّہ ۷۴۰ھ / جون ۱۳۴۰ء میں وہ گرفتار ہو کر سکندریہ میں قید کر دیا گیا جہاں وہ زہر خورانی سے فوت ہوا ۔

۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء [بہ تصحیح ۱۳۳۰ء] سے ۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲ء تک وہ زمانہ تھا جب ابن بطوطہ اسلامی بلاد مشرق کی سیاحت کر رہا تھا ۔ اس دوران میں بارہ بحری سلاطین یکے بعد دیگرے قاہرہ کے تخت پر بیٹھے اور درجن بھر والی، نائب شہر کے عہدے پر فائز ہوے ۔ ان میں سے چند ایک کئی دفعہ شہر کی تقدیر کے مالک رہے ۔ یہ ایک مسلسل کشاکش کا زمانہ تھا جو کسی نہ کسی کی آرزوے ملک و دولت کے باعث جاری رہتی تھی اور "زُعر" کی دراز دستی اسے اور بھی ہوا دیتی تھی، کیونکہ یہ شہری سپاہ، جس کا اصل مقصد شہر کا دفاع تھا، اپنے فرائض منصبی کو نظر انداز کر کے شہری آبادی کو دہشت زدہ کرتی رہتی تھی اور اکثر اوقات اس کی کوئی روک تھام بھی نہ ہوتی تھی ۔

۷۸۴ھ/۱۳۸۲ء [بہ تصحیح ۱۳۳۴ء] میں بَرقُوق [رَکَ بآں] کی تخت نشینی سے چرکسی (Circassian) سلاطین کا ایک نیا خاندان بر سر اقتدار آ گیا جسے برجیہ بھی کہا جاتا ہے ۔

۷۹۱ھ / ۱۳۸۹ء میں چند ہفتوں کے لیے دمشق حلب کے ایک والی یَلْبُغہ [=ییل بوغا] النّاصری کے قبضے میں چلا گیا، جو سلطان مصر سے باغی ہو گیا تھا ۔ شام پر قبضہ کر لینے کے بعد وہ دمشق کی فصیل سے گزر کر شہر میں داخل ہوا اور برقوق کی بھیجی ہوئی ایک فوج کو شکست فاش دے کر مصر کی جانب بڑھا ۔ اب کے خود اس نے شکست کھائی لیکن شعبان ۷۹۲ھ / جولائی ۔ اگست ۱۳۹۰ء میں ہم اسے ایک بار پھر والی دمشق کے عہدے پر فائز دیکھتے ہیں ۔

اگرچہ بَرْقُوق کو تیمور کی پیش قدمی کی اطلاع مل چکی تھی تاہم اسے اپنے ملک کے دفاع کو مزید مستحکم کرنے کی فرصت نہ ملی اور ۸۰۱ھ/ ۱۳۹۹ء میں وفات پا گیا ۔ دمشق میں سیف الدّین تَنْبک نے، جو یہاں ۷۹۵ھ/ ۱۳۹۳ء سے حکومت کر رہا تھا، نئے سلطان فَرَج کے خلاف بغاوت کر دی اور مصر پر چڑھائی کرنے چلا ۔ غزّہ کے قریب اسے شکست ہوئی، وہ گرفتار ہوا اور دمشق میں موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ۔ امرا کی باہمی رقابتوں نے شام کو پارہ پارہ کر دیا تھا چنانچہ اس پر تیمور کا قبضہ بڑی آسانی سے ہو گیا ۔ مغل سپہ سالار بڑھتے بڑھتے دمشق تک آ پہنچا اور یہیں شہر کے قریب اس کے پڑاؤ میں جا کر ابن خَلْدون نے تیمور سے ملاقات کی جو تاریخ میں یادگار ہے ۔ سلطان فَرَج، جو برقوق کے بھتیجے امیر سُوْدُن کی مدد پر آیا تھا، اپنے ساتھیوں کے مسلسل ساتھ چھوڑ دینے کے باعث واپس جانے پر مجبور ہوا ۔ شہر [دمشق] کی (تیموری) تسخیر کے بعد لوٹ مار کی عام اجازت مل گئی تھی ۔ قلعہ ایک ماہ تک مقابلے میں ڈٹا رہا ۔ آتش زنی کی کئی وارداتوں سے شدید نقصان پہنچا اور بہت سے افراد جان سے گئے ۔ اس آفت سے جامع کبیر تک نہ بچ سکی اور نہ دارالسّعادۃ محفوظ رہا ۔ ۸۰۳ھ /۱۴۰۱ء میں تیمور دمشق سے رخصت ہوا مگر یہاں کے تمام

marfat.com
Marfat.com

باقی ماندہ باہنر معماروں اور کاریگروں کو اپنے ساتھ سمرقند لے گیا۔ وسیع پیمانے پر آبادی کا یہ انخلا شہر کی تاریخ کے عظیم ترین حادثات میں شمار ہوتا ہے۔ مغول کی رخصت کے بعد امیر تغری بردی الظاہری اس تباہ شدہ شہر کا، جو اپنی دولت اور آبادی سے محروم ہو چکا تھا، عامل بنا۔ علاقے میں دم نہ رہا تھا اور اسے ہزاروں مشکلات کا سامنا تھا۔ بارے دو بادشاہوں کے طویل عہد حکومت نے دمشق کو اپنے کھنڈروں سے ابھرنے کا موقع دیا۔ ہمارا مطلب سلطان برس بائے (۸۲۵ھ/ ۱۴۲۲ء تا ۸۴۱ھ/۱۴۳۸ء) اور اس سے بھی زیادہ اہم قائت بائے [ڑک بآں] کے عہد سے ہے جو ۸۷۲ھ/۱۴۶۸ء سے ۹۰۱ھ/۱۴۹۵ء تک جاری رہا اور ملک میں امن و سکون کا ایک طویل دور لانے کا باعث بنا۔ علاوہ بریں ۱۶ شعبان اور ۱۰ رمضان ۸۸۲ھ / ۲۳ نومبر اور ۱۶ دسمبر ۱۴۷۷ء کے مابین یہ سلطان خود دمشق آیا۔ اس زمانے میں یہاں کا عامل امیر قجمس تھا۔

سیاسی ہنگاموں کی وجہ سے ایک طرف حکومت کے محاصل میں زبردست کمی واقع ہو گئی تھی اور دوسری جانب اس کے اخراجات حد سے بڑھ گئے تھے۔ میزانیہ کو متوازن کرنے کے لیے حکومت وقت مزید محصول لگانے پر مجبور تھی، جس سے رعایا کی مالی پریشانیوں میں اضافہ ہونا ناگزیر تھا۔ اس سے نئے سیاسی ہنگامے پرورش پاتے، جن کو فرو کرنے کے لیے حکومت بعض اوقات تشدد کرنے پر مجبور ہو جاتی۔ اس صورت حال کا بالآخر خاتمہ قانصوہ الغوری (۹۰۵ھ/ ۱۵۰۰ء تا ۹۲۲ھ / ۱۵۱۶ء) کا عہد حکومت آنے ہی سے ہوا۔ اس آخری مملوک سلطان کو آل عثمان کے مقابلے میں، جنھوں نے شام پر حملہ کر دیا تھا، اپنا دفاع کرنا پڑا۔ وہ رمضان ۹۲۲ھ/وسط اکتوبر ۱۵۱۶ء میں جنگ میں مارا گیا اور سلطان سلیم اول کی فوجیں دمشق میں داخل ہو گئیں۔

یہ عجیب اجتماع ضدین ہے کہ شہر میں عمارتوں کی ایک بہت بڑی تعداد اسی المناک دور میں تیار ہوئی۔ ممالیک کی زندگی کا نہج کچھ ایسا تھا کہ اپنے مستقبل کے بارے میں وہ وثوق سے کچھ بھی نہیں کہہ سکتے تھے، مگر انھوں نے اپنے لیے کم از کم آخری آرام گاہوں کا بندوبست ضرور کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اگرچہ انھوں نے بہت کم مدارس تعمیر کیے لیکن مقبروں اور مقبرہ مسجدوں کی تعداد میں بہت اضافہ ہو گیا۔

اس عہد کے فن میں کہیں کہیں جدت نظر آتی ہے، کیونکہ یہ نیا حکمران خانوادہ اسلامی فنی روایات کو بہت عزیز رکھتا تھا۔ اپنے اوائل عہد میں ممالیک نے ایوبی اسلوب کے مطابق عمارتیں بنوائیں۔ مدرسۃ الظّاہریّہ، جو اب کتب خانۂ ملی ہے اور جہاں بیبرس کا مقبرہ واقع ہے، در اصل الاقیقی کا گھر تھا، جہاں صلاح الدّین کا والد ایوب مقیم رہا تھا۔ ۶۷۶ھ/ ۱۲۷۷ء میں اس کے اندر جو تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں وہ ایک گنبد اور ایک شش پہلو دروازے کے اضافے تک محدود رہیں۔

دہرے مقبرے کو نئی طرز کی واحد عمارت کہا جا سکتا ہے۔ سلطان کتبغا کا پرانا مقبرہ، جو ۶۹۵ھ/ ۱۲۹۶ء میں تعمیر ہوا تھا، دمشق میں اس طرز کی پہلی مثال تھا۔

۷۴۷ھ/ ۱۳۴۶ء میں یلبغا نے، جو ان دنوں شہر کا عامل تھا، ایک عمارت ایک سابقہ مسجد کی جائے وقوع پر بنوائی، جس کا نقشہ اسے مسجد جامع کو دیکھ کر سوجھا تھا۔ موجودہ میدان المرجہ کے نواح میں یہی وہ مسجد تھی جہاں پر نیا عامل شہر میں رعب داب کے ساتھ داخل ہونے سے قبل خلعت زیب تن کیا کرتا تھا۔

صنّاعی کا زوال، جس کے آثار آٹھویں صدی ہجری/

Marfat.com

چودھویں صدی عیسوی کے دوران میں واضح تر ہونے لگے تھے، نویں صدی ہجری کے اوائل میں تیمور کی غارت گری کے بعد پوری طرح منظر عام پر آ گیا۔ اب ہر چیز ظاہری ہیئت پر قربان کی جانے لگی ۔ بڑی بڑی عمارتیں محض نمائشی آرائش کے لیے بنائی جاتی تھیں اِس ذوق خوشنمائی کا اظہار ان میناروں میں ہوا جن کی لاٹھیں کثیر الاضلاع بنائی جاتی تھیں اور اُوپر بہت سے جھرو کے اور توڑے یعنی آگے بڑھے ہوے چھجّے تیار کیے جاتے تھے اور ان کی کثرت اور یک رخّے منظر سے پورے شہر کا فضائی نظارہ یکسر بدل گیا ۔ اس کی پہلی مثال جامع ھشام کا منیار تھا، جو ۸۳۰ھ / ۱۴۲۷ء میں تعمیر ہوا ۔ رنگ برنگ کی روکاریں بہت مقبول ہو گئیں بلکہ ان میں ترصیع بھی کی جانے لگی ۔ مسجد الصَّبُونیّة، جو ۸۶۸ھ/ ۱۴۶۴ء میں مکمل ہوئی اور سیبے کا مقبرہ مدرسہ، جو جامع الخَراطِین کے نام سے مشہور ہے اور نویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے ابتدائی برسوں میں تعمیر ہوا، آخری مملوک فرمانرواؤں کے عہد میں فن تعمیر کے زوال کی دو ممتاز مثالیں ہیں .

یہ امر قابل ذکر ہے کہ بیشتر مملوک یادگاریں فصیل شہر سے باھر تعمیر ہوئیں، فصیل شہر کے اندر گنجائش باقی نہیں رہی تھی اور شہر گویا چھلک پڑا تھا، وجہ اس کی وھی اجتماع اضداد سمجھیے کہ "اس المناک دور میں اقتصادی سرگرمیوں کو انتہائی فروغ حاصل ہوا تھا" ۔ پچھلی چند صدیوں میں وہ تمام صنعت و حرفت جس کی ترقی سلاطین کی سرپرستی کی مرھون منت تھی، اب اس کے فروغ کا انحصار فوجی امرا پر تھا ، جو امیرانہ ٹھاٹھ سے زندگی گزارنا کرتے تھے ۔ دمشق حَوران کے غلّے کی ایک بہت بڑی منڈی توتھاھی، اب وہ ایک بڑا صنعتی شہر بھی بن گیا اور اس نے سامان تعیش اوراسلحہ کی صنعت میں خصوصیت حاصل کر لی ۔ کاروبار کی ترقی منڈیوں ("اسواق") کی نئی توسیعات سے نمایاں ہوتی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ مختلف تجارتی علاقے اپنے گاھکوں کی اقسام کے اعتبار سے ایک دوسرے سے بالکل الگ الگ ہوتے جاتے تھے ۔ ایک نیا محلّہ تحت قلعہ، شہر کے شمال مغرب میں قلعے کے نیچے آباد ہو گیا، سُوق الخیل میں، جس کا کھلا میدان بدستور عسکری زندگی کا مرکز رہا، بہت سے کاریگر آ رہے، جن کے گاھکوں کا تعلق بنیادی طور پر فوج سے تھا اور جنھوں نے اندرون شہر میں اپنی دکانیں دوسرے کاریگروں کے حوالے کر دی تھیں ۔ پھلوں اور سبزیوں کا تھوک بیوپار بھی بیرون شہر منتقل ہو گیا ۔ اَلعُقَیبہ میں، جہاں امرا اور ان کے ارکانِ جُند رہتے تھے، ایک نیا دارالبطّیخ قائم ہوا ۔

نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے وسط میں ایک اقتصادی بحران کے اولیں آثار ظاھر ہونے لگے ۔ سرکاری خزانہ خالی ہو چکا تھا اور اس کا کاروبار صرف دفع الوقتی کی تدبیروں سے چل رہا تھا، لیکن جیسا کہ Ludovico de Varthema (*Itinerario*، ج ۵ تا ۷)، جو ۹۰۷ھ / ۱۵۱۲ء میں دمشق آیا تھا، اور اس جیسے دوسرے سیّاحوں کے بیانات سے ظاھر ہوتا ہے، تجارت کی گرم بازاری ابھی تک جاری تھی ۔ یورپ اور اسلامی ممالکِ مشرق کے درمیانِ زوردار تجارت سے شہر کو بڑا فائدہ پہنچا ۔ یورپ سے تاجر بکثرت یہاں آتے تھے اور خوب کاروبار کرتے تھے، لیکن وہ اھل دمشق سے، جو خود بیلیے تاجر تھے، کسی قسم کی تجارتی اجارہ داری حاصل نہ کر سکے ۔ یہ سوداگر سب سے بڑھ کر فلانڈرز Flanders کا کپڑا تھے اور ریشمی زربفت، تانبے کے کونت کاری یہاں لاتے کے برتن، مینا کیا ہوا شیشے کا سامان لاد کر یہاں سے رخصت ہو جاتے تھے ۔ راس امید کا بحری راستہ دریافت ہو جانے کے بعد بھی اس کے اثرات فوری طور پر

marfat.com
Marfat.com

محسوس نہیں ہوے ۔ آل عثمان کی آمد کے قریب تجارت کی گرم بازاری میں کمی آجانے کا اصل باعث محاصل کی زیادتی ھی سمجھنا چاھیے ۔

دور آل عثمان (۹۲۲ھ / ۱۵۱۶ء تا ۱۲۴۶ھ/ ۱۸۳۱ء) : ۲۵ رجب ۹۲۲ھ/۲۴ اگست ۱۵۱۶ء کو ترکی لشکر نے حلب کے قریب مرج دابق کے مقام پر ممالیک کے رسالے کو میدان جنگ سے بھگا دیا ۔ اس فتح کا سہرا ان کے اعلٰی تربیت یافتہ رسالے اور برتر قسم کے توپ خانے کے سر ھے ۔ چونکہ مقامی حکام (نائبین) کی اکثریت ترکوں کے ساتھ آ ملی تھی، لہٰذا اس کامیابی کے بعد پورے شام کو بہت جلد فتح کر لینا سلطان سلیم اول کے لیے آسان ھو گیا ۔ دمشق کی طرف سے عملاً کسی مزاحمت کا سامنا نہیں ھوا، کیونکہ ممالیک کا حفاظتی دستہ وھاں سے پسپا ھو گیا ۔ یکم رمضان ۹۲۲ھ/ ۲۸ ستمبر ۱۵۱۶ء کو سلطان شہر میں داخل ھوا ۔ تین ماہ بعد غزّہ کے قریب ممالیک کے ان دستوں کو شکست ھوئی جو مصر کے دفاع پر مامور تھے ۔ شام کی امدادی افواج کا سپہ سالار جنبردی الغزالی اپنی فوج سمیت سلطان سے مل گیا اور اسے والی دمشق کے عہدے پر واپس جانے کی اجازت دے دی گئی جس پر آخری مملوک سلطان قانصوہ الغوری نے اسے نامزد کیا تھا ۔

آل عثمان کی آمد کو اھل دمشق نے ایک مقامی واقعے سے زیادہ حیثیت نہیں دی ۔ ان کے نزدیک یہ کوئی انقلابی واقعہ نہ تھا، جو کسی نئے دور کا پیش خیمہ ثابت ھوتا ۔ ان کے خیال میں تو صرف آقا بدلے تھے ۔ پہلے قاھرہ کے مملوک حاکم تھے اب ان کی جگہ غیر ملکیوں کے ایک اور ذی اقتدار گروہ یعنی ینی چری نے ترکی سے آ کر حکومت سنبھال لی، لیکن کچھ زیادہ مدت نہ گزرنے پائی تھی کہ طبقۂ امرا کی طرف سے مخالفت شروع ھوئی ۔ جنبردی نے وہ تمام عناصر اپنے گرد جمع کر لیے جو ترکوں کے خلاف تھے ۔

۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء میں سلیم اول کی وفات پر والی دمشق نے سلطان سلیمان کی حکومت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، اپنی خود مختاری کا اعلان کیا اور قلعے پر قابض ھو گیا ۔ جنبردی طرابلس، شام، حمص اور حماۃ کو اپنے مقبوضات میں شامل کر کے حلب کی طرف بڑھا اور اس کا محاصرہ کر لیا، مگر ناکام رہا اور واپس دمشق آ گیا ۔ سلیمان نے [اسے کچلنے کے لیے] فوج روانہ کی، جس نے شام کی سرحد عبور کر لی اور جنگ قابون میں جو دمشق کے شمال میں ھے، ۱۷ صفر ۹۲۷ھ / ۲۷ جنوری ۱۵۲۱ء کو والی شام مارا گیا ۔ اس کے بعد ترکی سپاہ نے جس تشدّد اور سختی کا مظاھرہ کیا اس سے دمشق اور اس کے نواح میں دھشت بیٹھ گئی ۔ شہر کے ایک تہائی حصّے کو ینی چریوں کے ھاتوں نقصان پہنچا ۔

سلیمان کے عہد حکومت میں سیاسی نظام تبدیل ھو گیا اور انتظامیہ میں باقاعدگی کے آثار ظاھر ھوے ۔ ۹۳۲ھ/۱۵۲۵-۱۵۲۶ء میں آل عثمان نے دمشق کی اراضی، آبادی اور محاصل کا پہلا جائزہ لیا (دیکھیے دفتر خاقانی و B. Lewis : *The Ottoman Archives as a source of the history of the Arab Lands*، در *JRAS*، ۱۹۵۱ء، ص ۱۵۳ و ۱۵۴، جہاں دمشق سے متعلق دفاتر کی فہرست دی گئی ھے) ۔ دمشق کا مرتبہ اس وسیع و عریض سلطنت میں، جس پر ترک سلطان کا ظلّ عثمانی چھایا ھوا تھا، ایک معمولی پاشالیق سے زیادہ نہ تھا ۔ دمشق کے شہر کو ایک صدی تک مصر کے چرکسی فرمانرواؤں کے عہد میں سیاسی جوڑ توڑ کا مرکز ھونے کا جو امتیاز حاصل رہا تھا وہ اس سے بھی اب یقیناً محروم ھو گیا ۔ مختلف پاشا یکے بعد دیگرے اور جلد جلد یہاں کی حکومت پر مأمور ھوتے رھے ۔ ایک قاضی اور ایک مہتمم مالیات ان کا معاون ھوتا تھا، لیکن اسے حفاظتی فوج پر کوئی اختیار نہیں تھا ۔ ۹۲۳ھ/ ۱۵۱۷ء اور ۱۱۰۳ھ/۱۶۷۹ء [بہ تصیح ۱۶۹۱ء]

Marfat.com

کے درمیان کے زمانے میں دمشق پر ایک سو تینتیس والیوں نے حکومت کی ۔ ان کے ناموں کی ایک فہرست اور عہد حکومت کا بیان *Les gouverneurs* : H. Laoust *de Damas sous les Mamelouks et les premiers Ottomans*، دمشق ۱۹۵۲ء، میں ملے گا ۔

بارھویں صدی ھجری کے اوائل/سترھویں صدی عیسوی کے اواخر میں پوری سلطنت میں نئے خیالات چھا گئے ۔ سلاطین اپنے اختیارات کھو بیٹھے اور حرم سرائے (Seraglio) میں ھی رھنے لگے ۔ سلطنت عثمانیہ کی حدود سمٹنے لگیں، لیکن اب بھی یہ اتنی وسیع تھیں کہ دمشق دشمن سے محفوظ رھا ۔ البتہ اس زمانے میں یہاں کی آبادی اندرونی آفتوں سے دو چار ہوئی ۔ سرکاری عہدے مستأجری پر دیے جانے لگے ۔ یہ مستأجر یا ٹھیکے دار اور بالخصوص والی اپنے منصب کے حصول پر صرف کی ہوئی رقم جلد از جلد وصول کرنے کے خواھاں ہوتے اور عوام پر دباؤ ڈالتے تھے ۔ رشوت ستانی عام ہو گئی اور قواعد و ضوابط سے انحراف معمول بن گیا ۔ بایں ھمہ ایک خاص حد تک دمشق کی خوشحالی قائم رھی ۔ یہ دو باتوں کی مرھون منت تھی یعنی تجارت اور حج کعبہ ۔

اس سے بہت قبل یعنی ۹۴۲ھ/۱۵۳۵ء ھی میں فرانس نے باب عالی سے ایک معاهدۂ امتیازات خصوصی طے کر لیا تھا جس کی رو سے ترکی بندرگاھیں فرانسیسی تاجروں کے لیے کھل گئی تھیں اور وہ بحیرۂ روم کے تمام مشرقی ممالک میں تجارت کر سکتے تھے ۔ گرانبار محاصل، سرکاری اهلکاروں کی بد سلوکی، اور بعض اوقات عدم تحفظ کے باوجود بیرونی تجارت بہت منفعت بخش تھی اور سیاسی واقعات اطراف سلطنت میں تجارت کی گرم بازاری میں کبھی حائل نہ ہو سکے تھے ۔ شام کے دوسرے اقطاع کی طرح دمشق میں بھی مقامی عیسائی فرنگیوں اور حکومت ترکی کے اهلکاروں نیز یہاں کے باشندوں کے درمیان واسطے کا کام دیتے تھے ۔ اهل دمشق ایسی عربی بولتے تھے جس میں گزشتہ چار صدی کے دوران میں ترکی کے بہت سے الفاظ دخیل ہو گئے تھے ۔ تاجروں کی کثرت سے آمد و رفت کی بدولت کئی "خانیں" (سرائیں) تعمیر ہو گئیں جو غیر ملکی تاجروں کے لیے ہوٹلوں، صرافے اور گوداموں کا کام دیتی تھیں ۔ قدیم ترین، خانوں مثلاً "خان الحریر" کا، تعمیری نقشہ ملک شام کے مروجہ نقشے ھی کے مطابق ھے، اسے ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں درویش پاشا نے تعمیر کرایا تھا اور ابھی تک سلامت ھے، اِس میں ایک صحن، جو عموماً مربّع ہوتا ھے، اس کے چاروں طرف ایک محرابی دالان جس میں دکانوں اور اصطبلوں کے دروازے کھلتے ھیں اور اس کی بالائی منزل سکونت کے لیے مخصوص ہوتی ھے ۔ یقیناً وینسی (Venetian) فُنْدُق کی شکل بھی یہی ہو گی جو دمشق میں ۱۵۳۳ء کے بعد ظہور میں آئی تھی ۔ اٹھارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں اس نقشے میں اصلاح کی گئی ۔ وسطی صحن کا رقبہ کم کرکے اس پر گنبد بنا دیے گئے ۔ اس طرح سامان تجارت موسمی خرابیوں سے محفوظ ہو گیا ۔ یہ نئی قسم کی عمارت صرف دمشق سے مخصوص تھی ۔ آج بھی "خان سلیمان پاشا" موجود ھے، جس کی تعمیر ۱۱۴۴ھ/۱۷۳۲ء میں ہوئی تھی ۔ اس کے وسطی صحن پر دو بڑے بڑے گنبد بنے ھیں ۔ اس سلسلے کی اهم ترین عمارت "خان اسعد پاشا" ھے جو ۱۱۶۵ھ/۱۷۵۲ء میں تعمیر ہوئی ۔ یہ آج بھی قائم ھے اور یہاں کاروبار ہوتا ھے ۔ فن تعمیر کا یہ شاھکار ایک وسیع و عریض مربع صحن پر مشتمل ھے ۔ اس کے اُوپر آٹھ چھوٹے چھوٹے گنبد بنے ھیں، جن کے وسط میں ایک بڑا گنبد سنگ مرمر کے چار ستونوں پر قائم ھے ۔

یورپ کے ساتھ تجارت ولایت دمشق کی بندرگاھوں سے ہوتی تھی جن میں سے اهم ترین صیدا تھی ۔

چونکہ عثمانی سلاطین نے مقامات مقدسہ کی حفاظت کی ذمّے داری [خادم الحرمین] بھی سنبھال لی تھی اس لیے انھوں نے حج کعبہ کے بارے میں خاص دلچسپی کا

marfat.com
Marfat.com

اظہار کیا اور حج، دمشق کی آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ بن گیا - حضری علاقے میں "دَرْب الحجّ" [شاہراہ حجّاج] کی آخری منزل ہونے کے باعث اس شہر میں ہر سال سلطنت کے شمالی علاقوں سے آنے والے حجاج ہزاروں کی تعداد میں جمع ہوتے تھے - اس سالانہ اجتماع سے تجارتی کاروبار میں بہت ترقی ہوئی - صحرا کو عبور کرنے کی تیاریوں کے سلسلے میں حجاج اس جگہ اپنے قیام سے فائدہ اُٹھاتے تھے - یہاں وہ بار برادری اور سواری کے لیے جانور، راہ میں قیام کے لیے خیمے اور تین ماہ کی ضروریات کے لیے خوراک خریدتے تھے - وقت مقررہ پر پاشاے دمشق، جسے امیرالحجّ کا لائق رشک لقب حاصل ہوتا تھا، سرکاری قافلے کی قیادت کرتا اور محمل لے کر، فوج کی حفاظت میں، مقامات مقدسہ کی طرف روانہ ہو جاتا - واپسی کے سفر میں بھی دمشق پہلا اہم شہر ہوتا تھا چنانچہ یہاں حجاج عرب سے خرید کر لایا ہوا سامان، مثلاً قہوہ اور افریقہ کے حبشی غلام فروخت کر دیتے تھے ۔

باب اللہ سے گزرتے ہی، جو شہر کے انتہائی جنوبی سرے پر واقع تھا، قافلے تین کیلومیٹر کا فاصلہ میدان کے علاقے میں طے کرتے، جس میں غلے کے گودام اور ممالیک کے مقبرے یکے بعد دیگرے مسلسل بنے ہوتے تھے- جنوب کی طرف آمد و رفت کے باعث باب جابیہ کے باہر فصیل کے قریب بھی ایک نیا محلّہ آباد ہوگیا تھا - یہاں قافلے قیام کرتے تھے - وہ اپنی خوراک اور ضروریات کا سامان (قریبی) منڈیوں سے خریدتے جہاں زین سازوں اور لُہاروں کے ساتھ ساتھ نوادر فروشوں نے بھی اپنی دکانیں قائم کر لی تھیں - اس محلے کا نام السنانیّہ اس جامع مسجد کی وجہ سے پڑا جو صدر اعظم سنان پاشا، والی دمشق نے ۹۹۴ھ / ۱۵۸۶ء اور ۹۹۹ھ / ۱۵۹۱ء کے مابین تعمیر کرائی تھی - اس کا مینار، جس پر سبز رنگ کی روغنی اینٹیں لگی ہیں، دور دور سے نظر آتا ہے - اس مسجد کی تعمیر سے بھی چند برس قبل ۹۸۱ھ/۱۵۷۴ء میں درویش پاشا نے ایک بڑی مسجد اس محلے کے شمال میں بنوائی تھی جس کی خوبصورت چینی ٹائلیں قابل تعریف ہیں- آرائش کا یہ انداز آل عثمان کے ساتھ یہاں پہنچا اور یوں استانبولی فن کا پودا سر زمین دمشق میں یک لخت لگا دیا گیا - شہر میں فن تعمیر کے اعتبار سے ایک نیا اسلوب بھی منظر عام پر آنے لگا - ہماری مراد ترکی مسجد سے ہے، جس کا نقشہ کچھ یوں ہوتا تھا کہ ایک وسیع و عریض مربع ایوان، اس کے اوپر گول تکونوں (pendentives) پر قائم ایک نیم کروی گنبد، سامنے کی جانب مسقّف پیش دروازہ اورگوشوں میں ایک یا ایک سے زیادہ گول مینار جن کی چوٹی پر گُل گیرنما کاس ہوتے تھے -ُدمشق میں اس طرح کی عمارت کی پہلی مثال وہ مسجد تھی جو قصر الاَبْلَق کے محل وقوع پر سلطان سلیمان قانونی نے سنان معمار کے نقشے کے مطابق ۹۶۲ھ / ۱۵۵۵ء میں تعمیر کرائی - حقیقت میں یہ مسجد بہت سی عمارات کا حصہ تھی جو آج بھی تکیۂ سلیمانیہ کے نام سے معروف ہیں - نماز کے بڑے دالان کا اگلا کمانچہ ایک وسیع صحن کی جنوبی سمت میں کھلتا تھا - اس کے مشرق اور مغربی جانب حجروں کی قطاریں تھیں، جن کے سامنے ستون دار پیش دالان تھا - شمال کی طرف حجروں کے ایک مجموعے میں مطبخ اور طعام خانے واقع تھے، لیکن ۱۹۵۷ء سے ان میں فوجی عجائب خانے کی اشیا محفوظ کر دی گئی ہیں - دینی سرگرمیوں کے بارونق مراکز محلّۃ الصالحیہ کے مدرسۂ عُمریہ نیز محی الدین [ابن] العربی کے مقبرے کے آس پاس قائم ہوگئے تھے جہاں ۹۵۹ھ / ۱۵۵۲ء میں سلطان سلیم اول نے ایک لنگر خانہ بنوا دیا تھا کہ اس شہرۂ آفاق صوفی کے مقبرے کی زیارت کے لیے آنے والے غُربا کو مفت کھانا تقسیم کیا جائے - اسی طرح کا مرکز تکیہ مَوْبویّہ میں بھی قائم ہوا، جو ۹۹۳ھ/۱۵۸۵ء میں اھل وجد و حال

Marfat.com

درویشوں کے لیے مسجد تنکز کے مغرب میں تعمیر کیا گیا تھا ۔ یہ بات کہ مذکورۂ بالا بڑی بڑی مذہبی عمارتیں عثمانلی عہد میں بیرون شہر تعمیر ہوئیں اس امر پر دال ہے کہ اب جامع مسجد الاموی مسلمانوں کے اجتماع کا واحد مرکز نہیں رہی تھی، اور اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ شہر اپنی قدیم حدود سے باہر پھیل گیا تھا ۔

عہد جدید میں توپوں کے فروغ سے دمشق کے پرانے دفاعی استحکامات فرسودہ ہو کر رہ گئے ۔ دوسری طرف اس امن و امان کی بدولت جو سلطنت کے گوشے گوشے میں قائم تھا فصیلوں کی اہمیت باقی نہ رہی اور ان پر سکونتی مکانات بکثرت بننے لگے اور خندقیں، جن سے گھوڑے کا کام لیا جاتا تھا، کوڑے کرکٹ سے پاٹ دی گئیں ۔

شہر پناہ کے اندر آخری مملوک فرمانرواؤں کے دستور کے مطابق کوچوں کے پختہ فرش، صفائی اور روشنی وہاں کے صاحبان خانہ کے خرچ پر ہوتی تھی ۔ جہاں ایک طرف لوگوں کی خدا ترسی سے بہبود عامہ کے لیے سبیلیں، مدرسے اور زاویے تعمیر ہوئے، وہاں ایسے آدمی بھی تھے جو ان کے بجائے قہوہ خانوں کو پسند کرتے تھے، چنانچہ ان کی تعداد میں بڑا اضافہ ہوا اور ان کا شمار بھی عام اجتماع کے مقامات میں ہونے لگا ۔ اندرون شہر میں "خانوں" یعنی سراؤں کے علاوہ جو واحد قابل ذکر عمارت بنی وہ ایک محل ہے، جسے یہاں کے والی اسعد پاشا الاعظم نے مسجد جامع کے جنوب مشرق جانب ۱۱۶۲ھ / ۱۷۴۹ء میں تعمیر کرایا تھا ۔ اس محل کی سب عمارتیں اٹھارھویں صدی کے شامی مکانات کی ترتیب کے مطابق بنائی گئی ہیں، البتہ اس میں ایک سلاملیق [دیوان خانہ] اور ایک حرملیق [زنانخانہ] کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جنھیں ترکی اسلوب کے مطابق چوبی کام سے مزین کیا گیا ہے ۔ آج کل اس محل میں نسلیات (ethnography) اور عوامی فنون کا قومی عجائب خانہ ہے ۔

**دور حاضر (۱۸۳۱ تا ۱۹۲۰ء)** : دمشق میں جو گزشتہ کئی صدیوں تک سیاسی واقعات کے بڑے دھارے سے الگ تھلگ رہا تھا، ۱۸۳۲ اور ۱۸۴۰ء کے دوران مصری تسلط کی بدولت فارغ البالی پیدا ہو گئی ۔ ۱۸۳۲ء میں محمد علی کے بیٹے ابراہیم پاشا نے فلسطین کا علاقہ عبور کر کے دمشق پر قبضہ کر لیا، جہاں اس کی آمد سے قبل عثمانی حکومت کے خلاف بغاوتیں برپا ہو چکی تھیں ۔ شہریوں نے ابراہیم کی افواج کی اعانت کی، جنھوں نے حمص کے قریب عثمانی لشکر کو بھگا دیا اور پھر جولائی کے آخر میں حلب کے قریب اسے ایک اور شکست دی اور کوہ طوروس Taurus کے پار دھکیل دیا ۔

مصری حکومت دس برس تک قائم رہی ۔ اس نے یورپیوں کو واپس آنے کی اجازت دے دی، جنھیں اب تک شہر کے اندر مغربی لباس میں آنے کی ممانعت تھی اور کئی قسم کے دوسرے رسوم و آداب کا سامنا کرنا پڑتا تھا ۔ ۱۸۳۳ء کے موسم بہار میں سلطان نے شام کی نیابت محمد علی کے حوالے کر دی اور ابراہیم پاشا اپنے والد کے نام پر یہاں حکومت کرنے لگا ۔ اس زمانے سے غیر ملکی نمائندے یہاں آ کر مقیم ہونے لگے ۔ ابراہیم پاشا مذہبی اعتبار سے بہت وسیع الخیال اور روا دار تھا ۔ اس نے دمشق میں ایک دارالعلوم قائم کیا، جہاں چھے سو کے قریب باوردی طلبہ فوجی اور عام دونوں طرح کی تعلیم حاصل کرتے تھے ۔ کئی عمارتیں سرکاری دفتر بنیں اور اس سلسلے میں بعض قدیم یادگاروں کو بھی قربان کر دیا گیا، مثلاً تنکزیہ کو ایک فوجی مدرسے میں بدل دیا گیا، جو یہاں ۱۹۳۲ء کے بعد تک جاری رہا ۔ والی دمشق کے لیے ایک نئی قیام گاہ سرایل Sérail تیار ہوئی ۔ یہ عمارت، جو فصیل شہر کے باہر باب الحدید کے بالمقابل تعمیر ہوئی تھی، رومی کاریز کے قریب ایک نئے

marfat.com
Marfat.com

محلّے، القنوات، کے ظہور میں آنے کا باعث بنی۔ دارالسعادة اور الاصْطَبل کی عمارتیں، جہاں ممالیک کے زمانے سے ایک چھوٹا سا چڑیا گھر قائم تھا ایک فوجی صدر دفتر کی صورت میں بدل دی گئیں جس کا وجود ۱۹۱۷ء میں کہیں جا کر ختم ہوا۔ شہر کے اسی علاقے میں بارونق دکانیں ایک ہی جگہ سوق الْاَروام میں واقع تھیں۔ *five years* : J. L. Porter *in Damascus*، ۲ جلد، لنڈن ۱۸۵۵ء، میں انیسویں صدی عیسوی کے وسطی زمانے کے دمشق کی بڑی دلچسپ کیفیت ملتی ہے۔ ۱۸۴۰ء میں نظم و امن قائم کرنے کے بعد ابراہیم پاشا نے اصلاح کی طرف پہلا قدم اٹھایا (رکّ بہ بلدیہ، مجاس) اور ایک خود مختار اور مرکزی حکومت کے قیام کی تجویز پیش کی۔ اہل یورپ محمد علی کے عزائم کے مخالف تھے اور سب سے بڑھ کر پامرسٹن تھا؛ چنانچہ جبری فوجی بھرتی کے باعث جو بے چینی شہر میں پھیلی اس سے فائدہ اُٹھا کر اُنھوں نے عوام کو ابراہیم پاشا کے خلاف بھڑکا دیا، جو دمشق خالی کر جانے پر مجبور ہو گیا۔ اس کے اصلاحی اقدام کی تجدید نہ ہوئی اور دمشق ایک بار پھر آل عثمان کے زیر تسلّط آ گیا۔ پھر فرقہ دارانہ فسادات نے یہاں کی پُر سکون زندگی کو قدرے درہم برہم کر ڈالا۔ لبنان کے جنوب میں رہنے والے مارونیوں اور دُروزیوں کے درمیان جھگڑے ہونے لگے۔ دمشق میں رائے عامّہ کو بھڑکایا گیا اور ۱۲ جولائی ۱۸۶۰ء کو مسلمانوں اور عیسائیوں میں خونریز تصادم ہوا۔ اس خونریزی کے دوران میں امیر عبدالقادر نے جو الجزائر سے جلا وطن ہو کر یہاں آئے ہوئے تھے، بیچ میں پڑ کر کئی سو انسانی نفوس کو ہلاکت سے بچا لیا۔ اس فساد کے برپا کرنے والوں کو سلطان نے شدید سزائیں دیں اور اسی سانحے سے برانگیختہ ہو کر اگست ۱۸۶۰ء کے آخر میں نپولین سوم کی بھیجی ہوئی افواج شام کے ساحل پر اُتر گئیں۔

اس دَور کی ابتدا ہی سے یورپی اثرات شہر کی ثقافت اور معاشیات کے شعبوں میں ظاہر ہونے لگے تھے۔ مختلف مذہبی فرقوں کے غیر ملکی مدارس اپنی حکومتوں کی اعانت کی بدولت ترقی کرتے رہے۔ ۱۷۷۵ء سے لزاری (Lazarist) فرقے کے پادری بڑی سرگرمی سے ایک مدرسۂ عالیہ چلا رہے تھے اور ۱۸۵۳ء سے ایک پروٹسٹنٹ تبلیغی ادارہ کام کر رہا تھا۔ ۱۸۶۰ء کے بعد نئے نئے ادارے قائم ہونے لگے، مثلاً برطانوی شامی تبلیغی ادارہ اور عیسوی فرقے (Jesuists) کا کالج (۱۸۷۲ء)، تعلیم نسواں کا کام Sisters of charity (عیسائی راہبات) نے سنبھال رکھا تھا۔ مدحت پاشا نے سرکاری طور پر تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کی جسے آئندہ جاری نہ رکھا گیا۔ اس زمانے میں صحیح معنوں میں علمی و فکری مرکز قاہرہ تھا اور دمشق میں قاہرہ ہی کے اخبارات المُقتطَف اور المُقطَّم پڑھے جاتے تھے۔ دمشق میں مرتّب اور طبع ہونے والا عربی زبان کا پہلا اخبار الشّام کہیں ۱۸۹۷ء میں جا کر شائع ہونا شروع ہوا۔ بہر حال رفتہ رفتہ دارالحکومت شام عرب قومیت کے مراکز میں شمار ہونے لگا۔ اُنیسویں صدی کے ربع آخر میں شام کے دوسرے شہروں کی طرح یہاں بھی خفیہ انقلابی جماعتیں سرگرم کار تھیں اور عوام کو وقتاً فوقتاً بغاوت پر اُکساتی رہتی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ مدحت پاشا، جو ۱۸۷۶ء کے حریت پسندانہ آئین کا مصنف تھا، جب ۱۸۷۸ء میں والی دمشق بنا تو ان تحریکوں کی حمایت کرتا رہا۔ اس جلیل القدر مصلح کے پیش نظر ڈیڑھ لاکھ کی آبادی پر مشتمل شہر کا نظم و نسق تھا اور اس نے یہاں ایسے مفید کام کیے جو مستقل نوعیت کے تھے۔ اس کی اصلاحات کا تعلق زیادہ‌تر عوام کے حفظان صحت اور آمد و رفت کے ذرائع سے تھا۔ گاڑیاں چل نکلنے سے قدیم شہر کا پرانا نظام آمد و رفت ناکافی اور غیر موزوں ہو کر رہ گیا تھا۔ والی موصوف نے 'بازاروں' میں تنگ گلیوں کی جگہ زیادہ

Marfat.com

چوڑے بازار بنوائے۔ شارع موسوم بہ مستقیم کے مغربی حصے کو مزید فراخ کرا کے اس پر لوہے کی نالی دار چادر کی چھت ڈلوا دی، موجودہ زمانے کا سُوقِ مدحت پاشا یہی ہے ۔ قلعے کے جنوب میں جو خندق تھی اُسے پاٹ دیا گیا اور اس پر نئے سوق آباد ہوگئے۔ اسی طرح باب الحدید کو مسجد جامع سے ملانے والی سڑک کو شروع سے آخر تک اتنا وسیع کر دیا گیا کہ اس پر گاڑیوں کی دو طرفہ آمد و رفت ہو سکے۔ اس کا نام سوق حمیدیہ رکھا گیا ۔ شہر کے مغرب میں المَرْجة یعنی سبزہ زار کے آس پاس جو خالی قطعے پڑے تھے، وہاں نئی عمارتیں تعمیر کی گئیں ۔ یہ عمارتیں ایک نئی سرائے، انتظامیہ کے دفتر، فوجی عملے کے صدر دفتر، دارالبلدیہ، عدالتوں، ایک ڈاک خانے اور سپاہیوں کی بارکوں پر مشتمل تھیں ۔ حمیدیہ بارکیں، جنھیں ۱۹۴۵ء کے بعد نئے ساز و سامان سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا، آجکل جامعہ کی مرکزی عمارت کا کام دیتی ہیں ۔ باب توما کے عیسائی محلّے میں عالیشان مکانات تعمیر ہوے جہاں یورپی سفیروں، پادریوں اور تاجروں وغیرہ نے سکونت اختیار کی ۔ اس کے برعکس قدیم شہر غیر آباد ہونے لگا۔ اب مغربی جانب القنوات اور سُویقات اور شمال مغربی جانب سَرُوجة اور العُقَیْبة کی مضافاتی بستیوں کے درمیان کوئی خالی قطعۂ اراضی باقی نہیں رہا ۔ الصّالحیّہ میں کُردوں اور اقریطش (کریٹ) کے تارک الوطن مسلمانوں کی ایک نئی بستی قائم ہو گئی اور اس کا نام المہاجرین پڑ گیا ۔ جبل قاسیون کی ڈھلانوں پر اس بستی کا محل وقوع ترکوں کے امرا کو ایسا پسند آیا کہ انھوں نے وہاں بڑے خوبصورت مکانات بنوائے، جو باغات سے گھرے ہوے تھے ۔ اس زمانے میں بیرونی دنیا کے ساتھ تعلقات میں مزید سہولتیں پیدا ہوئیں، اور ان دو لوکاندوں [=ریستوراں restaurants] کے علاوہ جو ۱۸۶۰ء سے قبل سے موجود تھے، غیر ملکیوں کے لیے نئے ہوٹل بن گئے۔ ۱۸۶۳ء کے بعد غیر ملکی باشندے بیروت سے دمشق تک ڈاک گاڑی سے اس نئی سڑک پر سفر کرنے لگے جسے فرانسیسی ٹھیکیداروں نے تعمیر کیا تھا ۔ ذرائع آمد و رفت میں مزید ترقی اس وقت ہوئی جب ایک فرانسیسی کمپنی نے بیروت، دمشق، اور حوران کے درمیان ریل جاری کر دی ۔ بعدازاں رَیّاق سے اس کی ایک شاخ شمال کی طرف حمص اور حَلَب تک پنہچ گئی ۔ اس کے بعد عزت پاشا العَبِیْد کو، جو شام کا باشندہ اور سلطان کا دبیر دوم تھا، یہ خیال سُوجھا کہ سفر حج کو آسان بنانے کے لیے دمشق اور مدینۂ منورہ کے درمیان ریل جاری کی جائے ۔ انھیں دنوں سلطان اور قیصر ولیم ثانی کے درمیان، جو ۱۸۹۸ء کے موسم سرما میں دمشق آیا تھا، دوستانہ تعلقات کا آغاز ہوگیا تھا، چنانچہ اس ریلوے لائن کی تعمیر کا کام جرمنوں کے سپرد کر دیا گیا ۔ چھوٹی لائن کی حجاز ریلوے کا افتتاح ۱۹۰۸ء میں ہوا ۔ حجاج، جو قبل ازیں قافلوں کی صورت میں مدینۂ منورہ چالیس روز میں پہنچتے تھے، اب وہاں پانچ دن میں پہنچنے لگے ۔ اسی سال فوجی افسروں کی ایک تحریک سے مجبور ہو کر سلطان نے وہ آئین بحال کر دیا جو گزشتہ اکتیس برس سے معطل پڑا تھا ۔ اس کے بعد پھر تھوڑا ہی عرصہ گزرنے پایا تھا کہ عبدالحمید ثانی کو معزول کر دیا گیا ۔ اس خبر کا دمشق میں بڑی مسّرت سے خیر مقدم کیا گیا۔ لوگوں نے وسیع پیمانے پر مظاہرے کیے، اور آتش بازی چھوڑی گئی، لیکن ان کی مسرت بہت دنوں قائم نہ رہ سکی ۔ حریت کا وہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکا جس کی امید پر کُرد علی نے اپنا مجلہ المُقْتَبِس، جسے تین سال قبل قاہرہ سے بطور روزنامہ جاری کیا تھا، دمشق میں منتقل کر لیا تھا۔ ۱۹۰۹ء میں حکومت عثمانیہ نے اسے خلاف قانون قرار دے کر بند کر دیا اور عرب قوم پرستوں نے خفیہ جماعتوں کی صورت میں منظم ہونا شروع کر دیا ۔

۱۹۱۴ء میں اعلان جنگ ہوا تو دمشق کو اس

کے بہت بُرے نتائج بھگتنے پڑے ۔ اس سال کے آخر میں جمال پاشا شام، لبنان اور فلسطین کا نائب السلطنت اور عثمانی جَیش چہارم کا سپہ سالار مقرر ہوا، جس کا مستقر اعلٰی دمشق تھا ۔ بہت جلد یہ شہر جرمن اور ترک افواج کا مرکز اور منطقۂ سویز پر لشکر کشی کرنے کے لیے چھاؤنی بن گیا ۔ جمال پاشا نے جلد ھی ثابت کر دیا کہ وہ اوسط درجے کا سپہ سالار لیکن نہایت مستعد ناظم ہے ۔ اسے توقع تھی کہ وہ اھل دمشق کو ترکوں کی حمایت پر آمادہ کر لے گا لیکن چند ھی روز بعد اسے اپنے اس خیال کو ترک کرنا پڑا ۔ دمشق ھی وہ شہر تھا، جہاں اپریل ۱۹۱۵ء میں، البَکری خاندان کے حلقے میں، شریف مکّہ حسین کا بیٹا امیر فیصل عرب بغاوت کے منصوبے کا حامی بنایا گیا ۔ وہ اسی زمانے میں خفیہ انجمنوں الفتَات اور العَہْد کے ارکان سے ملا ۔ مئی کے آخر میں فیصل قسطنطینیہ سے واپس آیا اور انگریزوں کی مشارکت سے ترکوں کے خلاف جنگ کا ایک منصوبہ تیار کرنے میں حصہ لیا ۔ بالآخر وہ مشہور "میثاق دمشق" طے ھوا جس کی رو سے برطانیہ سے عربوں کی آزادی تسلیم کرنے اور (یورپی) امتیازات خصوصی ختم کر دینے کا مطالبہ کیا گیا ۔ جنوری ۱۹۱۶ء میں فیصل ایک بار پھر دمشق میں موجود تھا اور ۶ مئی کو بھی وھیں مقیم تھا جب جمال پاشا کے حکم سے عرب بغاوت کے اکیس حامیوں کو پھانسی دی گئی ۔ آج بھی یہ سانحہ "یوم شہداء" کے رنگ میں ھر سال منایا جاتا ہے ۔ ۱۰ جون کو حجاز میں بغاوت برپا ھو گئی، جہاں شریف حسین نے 'سلطان عرب' ھونے کا اعلان کر دیا ۔ دمشق سے ترکی افواج کا انخلاء ۳۰ ستمبر ۱۹۱۸ء کو عمل میں آیا ۔ یکم اکتوبر کو اتحادی فوجیں، جن میں امیر فیصل کے دستے بھی شامل تھے، شہر میں داخل ھو گئیں ۔ شام کی مجلس ملّی کا قیام عمل میں لانے کے لیے مئی ۱۹۱۹ء میں انتخابات ھوے اور جون میں اس مجلس نے پیرس کی صلح کانفرنس کے وہ فیصلے مسترد کر دیے جو انتداب (mandate) کے بارے میں وھاں کیے گئے تھے ۔ ۱۰ دسمبر کو ایک قومی شامی حکومت تشکیل پذیر ھوئی ۔ ۷ مارچ ۱۹۲۰ء کو مجلس ملّی نے شام کی آزادی کا اعلان کر دیا اور فیصل کو بادشاہ منتخب کر لیا ۔ [Sykes-Picat معاھدے کے مطابق جو خفیہ طور پر انگلینڈ، فرانس، روس کے درمیان ھوا شام کو فرانس کے زیر حمایت دے دینے کا فیصلہ کیا گیا] ۔ اپریل ۱۹۲۰ء میں معاھدۂ سان ریمو San-Remo کی رُو سے فرانس کو 'جمعیة اقوام' کے نمائندے کی حیثیت سے شام پر انتداب کا حق مل گیا، لیکن اس فیصلے سے دمشق اور شام کے دوسرے بڑے شہروں میں سخت بے چینی پھیل گئی ۔ مجلس ملّی نے ۱۰ جولائی کو حالت محاصرہ کا اعلان اور جبری بھرتی کا قانون نافذ کیا، لیکن ۱۴ جولائی کو جب جمہوریۂ فرانس کے ھائی کمشنر جنرل گورا Gouraud نے فیصل کو آخری انتباہ (الٹی میٹم) دیا تو اس نے تمام شرائط تسلیم کر لیں ۔ دمشق میں عوامی شورش زور پکڑ گئی ۔ ۲۰ جولائی کو عرب فوج نے عوام کے ایک بہت بڑے جلسے کو زبردستی منتشر کیا ۔ معاھدے کی شرائط پر عمل کرانے کے لیے فرانسیسی فوجیں شام بھیجی گئیں ۔ ۲۴ جولائی کو مَیسَلُون میں جنگ چھڑ گئی اور ۲۵ جولائی کو فرانسیسی شہر میں داخل ھو گئے ۔ شاہ فیصل کو ملک چھوڑنا پڑا اور اقتدار ھائی کمشنر کے ھاتھ میں منتقل ھو گیا ۔ اب واقعی انتداب کا دور آ گیا تھا ۔ [تفریق ڈالو اور حکومت کرو کے مطابق فرانس نے اپنے زیر انتداب شامی علاقے کو دو حصوں میں تقسیم کر کے حکومت کرنا شروع کر دی] ۔

موجودہ دور : دور انتداب کی خصوصیت یہ تھی کہ انتدابی قوت کے خلاف مخاصمت کے مظاھرے ھوتے رہے جو کبھی تو ھڑتالوں اور کبھی تشدد آمیز بلووں کی صورت اختیار کرتے تھے ۔

اس سلسلے میں شدیدترین مظاھر ۱۹۲۵ء میں

Marfat.com

جبل دُروز میں امیر سلطان الاطرش کے زیر قیادت ہوا، جس میں مخالفین دمشق پر قابض ہوگئے ۔ اگست کے آخر میں مخالفوں کو جو مضافات شہر میں وارد ہو چکے تھے، پسپا کر دیا گیا ۔ اہل شہر نے اس وقت تک ان کی کھلم کھلا حمایت نہیں کی جب تک وہ دوسری بار وہاں نہیں آ گئے۔ ۸ اکتوبر ۱۹۲۵ء کو شہر میں سخت فساد برپا ہو گیا جس کے پیش نظر ۱۸ اکتوبر کو جنرل سریل Sarrail نے شہر پر گولہ باری کی ۔ اپریل ۱۹۲۶ء میں غوطہ اور شہر میں ایک اور بغاوت کو کچلنے کے لیے دوبارہ گولہ باری کی گئی، لیکن امن و امان آئندہ موسم خزاں تک بحال نہ ہو سکا ۔

۱۹۲۶ء کے بعد سے شہر مغربی نقطۂ نظر سے خوب ترقی کرنے لگا ۔ الصّالحیہ اور قدیم شہر کے درمیان جو غیر ترقی یافتہ محلّے تھے، وہاں بڑی تیزی سے تعمیرات ابھرنے لگیں اور اس زمانے سے الجِسر، العَرنُوس اور الشُّہداء نام کے مضافات میں یورپی جن کی تعداد روز بروز بڑھ رہی تھی، اور شامی کسی قومی غیریت کا لحاظ کیے بغیر پہلو بہ پہلو آباد ہونے لگے۔ باب تُوما کے عیسائی قصّاع کے نئے محلّے میں آباد ہونے کے لیے زیادہ سے زیادہ تعداد میں اندرونِ شہر سے باہر آ گئے ۔ شہری عمارتوں میں ترتیب اور یکسانی پیدا کرنے کے لیے ۱۹۲۹ء شہری منصوبہ بندی کے فرانسیسی ماہر Danger نے آئندہ بننے والے شہر کا ایک مربوط اور متوازن نقشہ تیار کیا اور مشہور ماہر تعمیرات Michel Écochard کے سپرد یہ کام کیا گیا کہ وہ حکومت شام کے سرکاری محکموں کے تعاون سے اسے عملی جامہ پہنائے۔ نئی سڑکیں بنائی گئیں، جن میں سے بیشتر کے دونوں طرف درختوں کی قطاریں تھیں اور نَیراب کا قدیم علاقہ ابورُمّانۃ کے سکونتی محلّے میں تبدیل ہو گیا اور مغرب کی جانب پھیلتا گیا ۔ قدیم شہر کی شمالی سمت خیابان بغداد اور جبل قاسیون کے درمیان اور شمال میں حلب کو جانے والی سڑک کی سمت نئی مضافاتی بستیاں بن گئیں ۔ آبادی میں اضافے اور عوام کے حفظان صحت کے پیش نظر ۱۹۳۲ء کے اوائل میں پینے کا پانی خاص نلوں کے ذریعے عَین فیجَة کے طاقتور چشمے سے لایا گیا جو وادی بَرَدٰی میں واقع ہے ۔ [تقریبًا دس برس شامیوں کی جدوجہد کے بعد آخر فرانسیسی انہیں آزادی دینے پر رضا مند ہوگئے] ۔

پہلی عالمگیر جنگ کی بہ نسبت دوسری جنگ میں دمشق نے بہت کم نقصان اُٹھایا ۔ [۲۱] جون ۱۹۴۱ء میں برطانوی [آسڑیلین، ہندوستانی] اور آزاد فرانسیسی دستے شام میں داخل ہوے ۔ ۱۶ ستمبر ۱۹۴۱ء کو جنرل Catroun نے اس کی آزادی کا اعلان کر دیا [اور تاج الدین اس کے پہلے صدر بنائے گئے] لیکن کوئی آئینی زندگی اگست ۱۹۴۳ء سے قبل شروع نہ ہو سکی تا آنکہ [اگست ۱۹۴۵ء کو] شکری القُوَّتلی کا انتخاب بطور صدر جمہوریۂ شام عمل میں آیا ۔ ۱۲ اپریل ۱۹۴۵ء کو شام اقوام متحدہ کا رکن بن گیا [اور ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۵ء کو اس نے آزاد رکن کی حیثیت سے شرکت کی] تو انتداب کا خاتمہ ہو گیا لیکن فرانس اور شام کے باھمی تعلقات میں ایک نیا کھچاؤ محسوس ہونے لگا ۔ اس کی انتہا یہ ہوئی کہ ۲۹ مئی ۱۹۴۵ء کو دمشق پر فرانسیسی فوج نے گولہ‌باری کی ۔ برطانیہ نے امن بحال کرنے کے لیے فوج سے دخل اندازی کی ۔ چند ماہ بعد [اپریل ۱۹۴۶ء کو] غیر ملکی افواج بالآخر شام کی سر زمین سے رخصت ہوگئیں ۔

۱۹۴۹ء سے ۱۹۵۴ء تک کئی بار حکومت میں فوجی انقلابات آئے ۔ ۱۹۵۵ء میں شکری القُوَّتلی ایک بار پھر صدر جمہوریہ بنا اور ۱۹۵۶ء سے اتحاد مصر و شام کی گفت و شنید شروع ہو گئی ۔ [فروری] ۱۹۵۸ء میں 'جمہوریۂ متحدۂ عرب' کی تشکیل کے اعلان سے دمشق شمالی علاقے کا صدر مقام قرار پایا، لیکن ۲۸ ستمبر ۱۹۶۱ء کے فوجی انقلاب سے [ناظم القدسی کے زیر اقتدار] وہ دوبارہ جمہوریۂ عرب شام کا دارالحکومت

marfat.com
Marfat.com

بن گیا ۔ [۸ مارچ ۱۹۶۳ء کو وہاں پھر انقلاب آیا اور جنرل امین الحافظ پریزیڈنسی کونسل کے صدر مقرر ہوے] ۔

شہر دمشق کا نظم و نسق ایک مجلس بلدیہ کے ہاتھ میں ہے، ۱۹۵۵ء میں اس کی آبادی ۴۰۸۸۰۰ نفوس پر مشتمل تھی جس میں ۹۰ فی صد سنّی مسلمان تھے ۔ ان کے علاوہ کُرد، دروزی اور اسریکی گروہ خاصی اہم تعداد میں یہاں پائے جاتے ہیں ۔

متعدد ثقافتی اداروں کے باعث دمشق کا شمار اول درجے کے علمی مراکز میں ہوتا ہے ۔ جون ۱۹۱۹ء میں محمد علی کُرد کی تجویز پر مشہور عرب اکادمی (المَجْمع العلمی العربی) کی بنیاد رکھی گئی تھی جو مدرسة العادلیه میں قائم ہے ۔ اس کے بالمقابل مدرسة الظاهریّة میں کتب خانۂ ملّی ہے، جس میں آٹھ ہزار سے زیادہ مخطوطات موجود ہیں ۔ جامعۂ سوریه، جس کی ابتدا ایک مدرسۂ طب (۱۹۰۳ء) اور ایک مدرسۂ قانون (۱۹۱۲ء) سے ہوئی تھی، ۱۵ جون ۱۹۲۳ء کو قائم کی گئی ۔ ۱۹۶۰ء میں یہاں تقریباً دس ہزار طلبه زیر تعلیم تھے اور یه چھے شعبوں (faculties) میں منقسم تھی ۔ شام کے قومی عجائب خانے (Museum) کی بنیاد ۱۹۲۱ء میں رکھی گئی اور ۱۹۳۸ء سے اس کی اشیا ایسے مکانات میں فراہم کی گئیں جو خاص طور پر قیمتی مجموعوں کو محفوظ رکھنے کے لیے بنائے گئے تھے مثلاً Palmyra (تدمر)، Doura Europos (دورۂ یوروپوس)، Rás Shamra (راس شمْرة) اور Mari (ماری کے کمرے)۔ شام کی اشیاے قدیمه کی نظامت عمومی (Direction général des antiquités de Syrie) کا دفتر، جو ۱۹۲۱ء میں قائم کیا گیا تھا، اسی عمارت میں ہے ۔ کتابوں کی بہت سی دکانیں، کوئی درجن بھر سینما، ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی نشرگاہیں، ان سب کی بدولت دمشق ایک بڑا جدید شہر دکھائی دیتا ہے ۔ یه وسائل حمل و نقل کا ایک اہم مرکز ہے، ریل کے ذریعے دمشق، عمان اور آگے کے علاقے کے ساتھ مربوط ہے ۔ عقبه، دمشق اور حمص کو ملانے والی لائن اور اس کی شاخوں (D. H. P.) کا آخری سٹیشن ہے ۔ یہاں موٹر کے ذریعے سفر کرنے کے قابل سڑکیں بیروت ۔۔ و ۔۔ بغداد ۔۔ و ۔۔ الموصل نیز بیت المقدس ۔۔ و ۔۔ عمان ۔۔ و ۔۔ بیروت ہیں اور اس کا درجۂ دوم کا فضائی مستقر مزّة میں واقع ہے ۔ حَوران کے غلے کی سب سے بڑی منڈی اور غُوطه کے کسانوں اور بدویوں کو خوراک و سامان مہیا کرنے کا مرکز بھی دمشق ہے ۔ ان بازاروں میں غیر ملکی مصنوعات ہی نہیں بلکه دیہاتیوں کی ضروریات کے مطابق خاص طور پر تیار کی ہوئی چیزیں بھی ملتی ہیں ۔ یہاں کاریگروں کے ایک طبقے کو آرائشی سامان تیار کرنے میں خاص مہارت حاصل ہے، مثلاً چوبی مرصع کاری، سیپیوں سے پچّی کاری، ریشمی زر بفت کی صنعت اور تانبے کے برتنوں پر کنده کاری یا بھرت کرنا ۔ لکڑی کے خرادیے اور شیشه گر بھی اپنے کاروبار میں مصروف رہتے ہیں ۔

۱۹۲۶ء میں صنعت کے تحفظ کے لیے جو اقدامات کیے گئے ان سے اس میدان میں نمایاں طور پر ترقی نظر آتی ہے ۔ چنانچه یکے بعد دیگرے ایک کپڑے کا کارخانه (۱۹۲۹ء)، دمّر میں ایک سیمنٹ تیار کرنے کا کارخانه (۱۹۳۰ء) اور مربّی اچار بنانے کا کارخانه (۱۹۳۲ء) قائم ہوے ۔ ۱۹۳۷ء میں جدید طرز کے سوت کاتنے کے کارخانے جاری ہوے ۔ ۱۹۳۹ء تک مجموعی طور پر اسّی کارخانے قائم ہو چکے تھے جو ڈیڑھ ہزار پیشوں کی نمائندگی کرتے تھے ۔ ۱۹۴۵ء میں شیشے کا ایک بہت بڑا کارخانه شہر کے جنوب میں قَدَم کے مقام پر قائم ہوا ۔ مشرقی علاقے میں چمڑے کی دباغت اور رنگنے کے کئی کارخانوں میں یہاں کا صدیوں پرانا کام جاری ہے ۔ ۱۹۵۴ء سے ہر سال موسم گرما کے ختم ہونے پر ایک اہم بین الاقوامی نمائش بردی کے کناروں پر لگتی ہے؛ دمشق کو مشرق قریب

marfat.com
Marfat.com

کے عرب ممالک کا ایک عظیم تجارتی و صنعتی مرکز بنانے میں اس نمائش کا بھی حصہ ہے ۔

[ملک کی دو یونیورسٹیوں میں سے ایک دمشق میں ہے جس کی بنیاد ۱۹۲۳ء میں رکھی گئی تھی؛ دوسری حلب میں ہے اور ۱۹۶۰ء میں قائم ہوئی تھی۔ ۱۹۶۳ء میں دمشق یونیورسٹی کے طلبہ کی تعداد پندرہ ہزار تھی]۔

**مآخذ** : متن میں مندرجہ حوالوں کے علاوہ :

(ا) جغرافیے پر : (۱) R. Thoumin : *Géographie humaine de la Syrie Centrale*، Tours ۱۹۳۶ء، ص ۲۳۷ تا ۲۵۹؛ (۲) Ch. Combier : *La climatologie de la Syrie et du Liban*، در *Revue Géogr. Phys. et Géol. Dynam.*، ۶ (۱۹۳۳ء) : ۳۱۹ ببعد؛ (۳) R. Tresse : *L'irrigation dans la Ghouta de Damas*، در *REI*، ۱۹۲۹ء، ص ۴۵۹ تا ۵۷۶؛ (۴) R. Thoumin : *Notes sur l'aménagement et la distribution des eaux à Damas et dans sa Ghouta*، در *BEO*، ج ۴ (۱۹۳۶ء)، ص ۱ تا ۲۶ : — (ب) عربی متون : (۵) الرَّبَعی : کتاب فضائل الشام والدّمشق، طبع ص ۔ مُنَجِّد، *RAAD*، ۱۹۵۱ء؛ (۶) ابن عساکر : تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۱، طبع مُنَجِّد، *RAAD*، ۱۹۵۱ء؛ (۷) عبدالقادر بَدران : تہذیب تاریخ دمشق لابن عساکر، ۷ جلدیں، دمشق ۱۹۱۱-۱۹۲۹ء؛ (۸) ابن شدّاد: الاَعلاق اظطیرۃ (*Description de Damas*)، طبع S. Dahan، *PIFD*، ۱۹۵۶ء؛ (۹) یُوسف بن عبدالهادی : ثمارالمقاصد فی ذکر المساجد، طبع اسْعَد طَلَس، *PIFD*، ۱۹۴۳ء؛ (۱۰) النُّعَیمی : الدارس فی تاریخ المَدارس، طبع جَعْفَر الحَسَنی، ۲ جلدیں، *RAAD*، ۱۹۴۸ تا ۱۹۵۱ء؛ (۱۱) محمد کُرد علی : خطط الشام، ۶ جلدیں، (مطبوعۂ دمشق) ۱۹۲۵ تا ۱۹۲۹ء؛ (۱۲) یاقوت : مُعجم البُلدان، بذیل مادّۂ دمشق؛ (۱۳) ابن القلانسی: ذیل تاریخ دمشق، طبع Amedroz، لائڈن ۱۹۰۸ء؛ (۱۴) الهَرَوی : کتاب الزیارات، طبع J. Sourdel-Thomine، *PIFD*، دمشق ۱۹۵۷ء ص ۱۰ تا ۱۶ (ترجمہ وهی مصنف، *PIFD*، دمشق ۱۹۵۷ء، ص ۳۲ تا ۴۰)—(ج) تراجم و عام تصانیف : (۱۵) G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۲۲۴ تا ۲۷۳؛ (۱۶) ابن جُبیر: الرحلۃ، ترجمۂ M. Gaudefory-Demombynes، ۳ جلدیں، پیرس ۱۹۴۹ تا ۱۹۵۶ء؛ (۱۷) ابن بطوطه: الرحلۃ، ترجمۂ گب H. A. R. Gibb، کیمبرج ۱۹۵۸ء، ۱ : ۱۱۸ تا ۱۵۷؛ (۱۸) H.A.R. Gibb : *The Damascus chronicle of the Crusades*، لنڈن ۱۹۳۲ء؛ (۱۹) R. Le Tourneau : *Damas de 1075 à 1154*، *PIFD*، ۱۹۵۰ء؛ (۲۰) M Gaudefroy-Demombynes : *La Syrie à l'époque des Mamelouks*، *BAH*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۱۳۵ تا ۲۰۱، ۳۱۲ تا ۳۳۸؛ (۲۱) H. Lammens : *La Syrie, précis historique*، بیروت ۱۹۲۱ء؛ (۲۲) *Sovremenaya Siriya*، شائع کردہ A.N.S.S.R.، ماسکو ۱۹۵۸ء؛ (۲۳) P. Hitti : *Syria, a short history*، لنڈن ۱۹۵۹ء؛ (۲۴) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، *BAH*، ج ۴، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۲۹۱ تا ۳۲۲؛ (۲۵) R. Mantran اور J. Sauvaget : *Règlements fiscaux ottomans relatifs aux provinces syriennes*، *PIFD*، ۱۹۵۱ء، ص ۳ تا ۴۳؛ (۲۶) Cl. Cahen : *Mouvements populaires et autonomisme urbain dans l'Asie Musulmane du Moyen Age*، در *Arabica*، ۵ (۱۹۵۸ء) : ۲۲۵، ۲۵۰؛ ۶ (۱۹۵۹ء) : ۲۵ تا ۲۶، ۲۳۳ تا ۲۶۵ ؛ (د) شهر اور اس کی یادگاروں کے بارے میں تصنیفات : (۲۷) H. Sauvaire : *La description de Damas*، در *JA*، سلسلۂ سوم ۳ تا ۷، ۱۸۹۴ تا ۱۸۹۶ء، Index général از E. Ouéchek، *PIFD*، ۱۹۵۴ء؛ (۲۸) K. Wulzinger اور C. Watzinger : *Damaskus, i, Die antike Stadt, ii Die islamische Stadt*، ۲ جلدیں، برلن ۱۹۲۱ تا ۱۹۲۴ء؛ (۲۹) J. Sauvaget : *Le plan antique de Damas*،

marfat.com
Marfat.com

در *Syria*، ج ۲۶ (۱۹۴۹ء)، ص ۳۱۳ تا ۳۵۸؛ (۳۰) وهی مصنف : *Monuments historiques de Damas*، بیروت ۱۹۳۲ء؛ (۳۱) وهی مصنف : *Esquisse d'une histoire de la ville de Damas*، در *REI*، ۱۹۳۴ء، ص ۴۲۲ تا ۴۸۰؛ (۳۲) K. A. C. Creswell : *A short account of early Muslim architecture*، لندن ۱۹۵۹ء، ص ۹۰ ببعد؛ (۳۳) *Monuments ayyoubides de Damas*، *PIFD*، دمشق ۱۹۳۸ تا ۱۹۵۰ء، ۴ کراسے از J. Sauvaget، M. Écochard اور J. Sourdel-Thomine ؛ (۳۴) M. Écochard و Ch. le Coeur : *Les Bains de Damas*، ۲ جلدیں، *PIFD*، ۱۹۴۲ تا ۱۹۴۳ء؛ (۳۵) E. Herzfeld : *Damascus : studies in architecture* در *Ars Islamica*، ۹ : ۱ تا ۵۳؛ ۱۰ : ۱۳ تا ۷۰، ۱۱ تا ۱۲ : ۱ تا ۷۱؛ ۱۳ تا ۱۴ : ۱۱۸ تا ۱۳۸ (دیکھیے J. Sauvaget : ... *Notes*، در *Syria*، ۲۴ : ۲۱۱ تا ۲۲۸)؛ (۳۶) J. Sourdel Thomine : *Les anciens Lieux de pélerinage damascains d'apres les sources arabes*، در *BEO*، ۱۴ : ۶۵ تا ۸۵؛ (۳۷) H. S. Fink : *The Rôle of Damascus in the history of the Crusades*، در *MW*، ج ۴۹ (۱۹۵۹ء)، ص ۴۱ تا ۵۳؛ (۳۸) N. Elisséeff : *Les monuments de Nūr ad-Dīn*، در *BEO*، ۱۳ : ۵ تا ۴۳؛ (۳۹) وهی مصنف : *Corporations de Damas sous Nūr al-Dīn*، در *Arabica*، ج ۳ (۱۹۵۹ء)، ص ۶۱ تا ۷۹؛ [(۴۰) *World Muslim Gazetteer*، کراچی ۱۹۶۴ء، بذیل مادہ Syria؛ (۴۱) The Statesman year Book، ۱۹۶۹ تا ۱۹۷۰ء .

(N. Elisséeff)

* **الدِمَشْقی** : شمس الدّین ابو عبداللہ محمدّ بن ابی طالب الانصاری الصّوفی ، المعروف بہ ابن شیخ حِطّین، ایک کتاب کائنات اور دوسری تصانیف کا مصنف ۔ وہ الرَّبْوَۃ کا شیخ اور امام تھا جس کے بارے میں ابن بطّوطۃ نے لکھا ہے کہ دمشق کے قریب ایک خوشگوار مقام ہے ۔ آج کل یہ الصّالحیّہ کے مضافات میں شامل ہے ۔ الدّمشقی نے بمقام صَفَد ۷۲۷ھ/ ۱۳۲۷ء میں وفات پائی ۔ اس کی مشہور ترین تصنیف نُخْبَۃُ الدهر فی عجائب البَرّ و البَحر ہے، جو وسیع ترین معنوں میں جغرافیے سے متعلق ہے اور بہت حد تک القزوینی کی عجائب المَخلوقات سے ملتی جلتی ہے ۔ اگرچہ مصنف کا نقطۂ نظر نمایاں طور پر غیر تنقیدی ہے، تاهم اس کتاب میں بہت سی ایسی معلومات موجود هیں جو کہیں اور نہیں ملتیں ۔ الدمشقی کی ایک اور کتاب المقامات الفَلْسَفیۃ و التّرجمات الصّوفیّہ ہے جو نسبۃً کم معروف لیکن اس کے ساتھ ھی خاصی دلچسپ ہے (رک بہ براؤن E.G. Browne : *Handlist of the Muhammadan Mss. preserved in the library of the University of Cambridge*، ص ۲۱۷ و ۲۱۸ ، شمارہ ۱۱۰۲) ۔ یہ کتاب پچاس "مقامات" پر مشتمل ہے جن سے طبیعیات، ریاضیات اور الٰہیات کی ایک دائرۃ المعارف مرتب ہو گئی ہے ۔ یہ مقامات ابو عبداللہ الاوّاب کی سند پر ابو القاسم التوّاب کی زبان سے روایت کیے گئے هیں۔ الدّمشقی نے اسلام کی حمایت میں بھی ایک تصنیف اپنی یادگار چھوڑی ہے، یعنی جوابُ رسالۃِ اهلِ جزیرۃِ قُبْرص، جس میں تصوف کی جھلک نظر آتی ہے دیکھیے E. Fritch : *Islam u. Christentum im Mittelalter*، Breslaus ۱۹۳۰ء، ص ۳۳ تا ۳۶) ۔ اس کی ایک اور تصنیف الرسالۃ (یا باختلاف نسخہ : السّیاسۃ) فی علم الفراسۃ (قاهرہ ۱۳۰۰ھ) چھپ چکی ہے؛ لیکن محاسن التّجارۃ (قاهرہ ۱۳۱۸ھ) ، جسے براکلمان نے شمس الدین سے منسوب کیا ہے (صحیح نام : کتاب الاشارۃ الی محاسن التجارۃ، ترجمہ H. Ritter در *Islam*، ج ۷، ۱۹۱۷ء، ص ۱ تا ۹۱)، دراصل ابوالفضل جعفر بن علی الدّمَشْقی کی تصنیف ہے .

**مآخذ :** (۱) A. F. Mehren : *Cosmographie de Chems-ed Din Abou Abdallah Mohammed ed-Dimichqui*، عربی متن ، سینٹ پٹرزبرگ ۱۸۶۶ء، ترجمہ

Marfat.com

، *Manual de la Cosmographie du Moyen Age*
کوپن ہیگن ۱۸۷۴ء؛ (۲) براکلمان، ۲ : ۱۳۰، تکملہ ۲ :
۱۶۱، *GAL*، طبع دوم ۲ : ۱۶۱ .

(ڈنلپ D.M. DUNLOP)

* **الدّمام** : خلیج فارس کی ایک بندرگاہ اور سعودی عرب کے صوبۂ شرقیہ کا صدر مقام ۔ پہلے یہ ایک برج نما قلعے کا نام تھا جو ۲۶ درجے ۲۷ دقیقے ۵۶ ثانیے عرض بلد شمالی اور ۵۰ درجے ۶ دقیقے ۶ ثانیے طول بلد شرقی میں ساحل بحر کے قریب ایک مسطّح پہاڑی پر جو آج کل کے شہر کے شمالی جانب ہے، واقع تھا ۔ یہ تو معلوم نہیں کہ یہ قلعہ کب اور کیسے بنا لیکن اس کی عمارت کے بقیہ آثار جو ۱۹۵۷ء میں چھوٹے جہازوں کی لنگرگاہ بنانے کی غرض سے منہدم کر دیے گئے تھے، جلاھمہ کے معروف سمندری کپتان رَحْمۃ بن جابر [رکّ باں] کے زمانے کے معلوم ہوتے ہیں ۔ ابن جابر نے ۱۸۰۹ء میں آل سعود سے اتحاد کرکے الدّمام میں ایک قلعہ تعمیر کیا تھا لیکن جب اُس نے اُن سے منحرف ہوکر البحرین پر حملہ کر دیا تو ۱۲۳۱ھ/ ۱۸۱۶ء میں سعودیوں نے اس قلعے کو تباہ کر دیا ۔ دو سال بعد اس نے القَطِیف پر قبضہ کرنے میں ابرآھیم پاشا کی ترکی مصری فوجوں کی مدد کی اور الدّمام پر دوبارہ قابض ہوگیا ۔ اس نے قلعے کو فوراً از سر نو تعمیر کیا اور یہ قلعہ اپنے ضمنی استحکامات اور ملحقہ ساحل کی دیہاتی آبادی سمیت البحرین کے آل خلیفہ کے خلاف اس کی بحری کارروائیوں کا مرکز بن گیا ۔ ۱۲۴۲ھ/ ۱۸۲۶ء میں جب رحمۃ بن جابر بحرین کے محاصرہ کرنے والے بیڑے سے لڑتا ہوا مارا گیا تو آل خلیفہ اور بنی خالد نے الدّمام پر قبضہ کر لیا ۔ اس کے بعد سترہ سال تک الدّمام البحرین کے قبضے میں رہا ۔ اس زمانے میں آل خلیفہ نے بنی خالد کی شاخ عمّائر اور بنی ھاجر کے لوگوں کو الدّمام میں بسنے کی اجازت دے دی ۔ ۱۲۵۹ھ/۱۸۴۳ء میں جب عبداللہ آل خلیفہ کو اس کے بھتیجے کے بیٹے محمد نے الدّمام سے نکال دیا تو خشکی کی طرف سے سعودی فوج یہاں داخل ہوگئی اور سمندر کی طرف سے البحرین کے بیڑے نے اسے آ گھیرا؛ فیصل بن ترکی آل سعود نے ۱۲۶۰ھ/۱۸۴۴ء میں قلعے پر قبضہ جما لیا ۔ اس سے بِشْر بن رحمۃ بن جابر کو سخت مایوسی ہوئی، اس لیے کہ اس نے اس امید پر حملے میں شرکت کی تھی کہ اسے اس کی آبائی ریاست پھر مل جائے گی ۔ ۱۲۶۰ھ/۱۸۵۲ء میں آل سعود کا محمد آل خلیفہ سے جھگڑا ہوگیا اور آل سعود نے الدّمام میں فرزندان عبداللہ کو دوبارہ برسراقتدار کر دیا ۔ جلاوطنوں نے البحرین پر پھر قبضہ کرنے کی کوشش کی ۔ اس پر برطانیہ نے آل سعود سے اُنہیں البحرین سے نکال دینے کا مطالبہ کیا ۔ جب آل سعود نے یہ مطالبہ پورا نہ کیا تو ۱۲۷۸ھ/۱۸۶۱ء میں سمندر سے تھوڑی سی گولہ باری کرکے برطانیہ نے خود انہیں وہاں سے نکال دیا ۔ ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء میں الدّمام کی محافظ فوج نے برطانوی بحری فوج کو پسپا کر دیا ۔ برطانیہ کی فوج چاہتی تھی کہ قلعے کو برباد کرکے اس واقعے کا انتقام لے جو عمّان کے مقام صُور میں پیش آیا تھا ۔ ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۱ء میں ترکی کی حملہ آور فوج نے جو مشرقی عرب کے ایک بڑے حصے پر قابض ہو چکی تھی، الدمام پر بھی قبضہ کر لیا ۔ ترکی انتظام کے تحت قلعے کی کوئی مرمت اور دیکھ بھال نہ کی گئی اورالدمام گھٹتے گھٹتے ماھی گیروں کی ایک چھوٹی سی بستی ہو کر رہ گیا جس کا ذکر کبھی کبھی بنی ھاجر کے ساتھ ان کی بحری ڈاکہ زنی میں آجاتا تھا ۔ ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء میں لوریمر (Lorimer) نے اسے ایک کھنڈر بتایا ہے جو کس‌مپرسی کی حالت میں پڑا ہے ۔ عبدالعزیز آل سعود نے جب ۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۳ء میں الحَسا کو فتح کیا تو الدّمام پھر سعودی حکومت میں شامل ہوگیا ۔ موجودہ شہر الدّمام کی بنیاد قبیلۂ الدّواسر (رکّ باں) کے لوگوں نے رکھی جو ۱۳۴۱ھ/ ۱۹۲۳ء میں اپنے آپ کو برطانیہ کے انتقام سے محفوظ

marfat.com
Marfat.com

رکھنے کے لیے البحرین سے بھاگے تھے - بیس سال تک الدمام ماہی گیروں کا ایک گمنام گاؤں رہا - ۱۳۵۷ھ/۱۹۳۸ء میں کیلیفورنیا اریبین سٹنڈرڈ آئل کمپنی California Arabian Standard Oil Company نے (جو اب اریبین امریکن آئل کمپنی Arabian American Oil Company ہے) قریب کے ایک مقام الظّہران [رک بآں] میں تیل دریافت کیا جو اس بلند مقام پر واقع تھا جو برج دمام کہلاتا تھا - الدّمام نے اس وقت سے ترقی کرنا شروع کی جب ۱۳۶۵ھ/۱۹۴۶ء میں اسے جدید طرز کی گہری سمندری بندرگاہ بنایا گیا اور یہاں سے ایک ریل دارالحکومت الرّیاض جانے لگی - یہ بندرگاہ جو اینٹ اور پتھر کے ایک پایے (pierhead) پر مشتمل ہے جسے خشکی سے لکڑی کے ۱۰٫۷ کیلومیٹر لمبے پل کے ذریعے ملا دیا گیا ہے، ۱۳۶۹ھ/۱۹۵۰ء میں کھولی گئی تھی اور بعد ازآں اسے زیادہ وسیع کر دیا گیا ہے - ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۳ء میں صوبۂ شرقیہ کا صدر مقام الھُفُوف سے جو الحسا کے نخلستان میں واقع ہے، الدّمام میں منتقل کر دیا گیا - اس وقت سے الدمام تیزی سے ترقی کر رہا ہے - اب یہاں شہری زندگی کی مختلف سہولتیں مہیا ہوگئی ہیں اور چھوٹے پیمانے پر تجارت اور صنعت و حرفت بھی شروع ہوگئی ہے - ۱۹۶۰ء میں اس شہر کی آبادی کا اندازہ پنتیس ہزار لگایا گیا تھا ۔

**مآخذ :** (۱) محمد النبہانی: التحفة النبہانیہ، قاہرہ ۱۳۴۲ھ؛ (۲) عثمان ابن بشر : عنوان المجد، قاہرہ ۱۳۷۳ھ؛ (۳) J. G. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf*، کلکتہ ۱۹۰۸ء تا ۱۹۱۵ء؛ (۴) H. St. J. B. Philby : *Sa'udi Arabia*، لندن ۱۹۵۵ء .

(H. W. ALTER)

* **دَمْنات :** (=دِمْنات، دِمْنَت)، بربروں کا ایک چھوٹا سا شہر جو مراکش میں اطلس اعظم کے کنارے پر شہر مراکش کے مشرق جانب ایک سو بیس کیلومیٹر کے فاصلے پر نو سو ساٹھ میٹر اونچی ایک چھوٹی سی پہاڑی پر واقع ہے - یہاں سے اوید تسّوت Oued Tassawt کی حاصل خیز وادی (جو اور لوبیا) سامنے دکھائی دیتی ہے - اس پہاڑی کی ڈھلانیں زیتون کے درختوں اور انگور کی بیلوں سے ڈھکی ہوئی ہیں ۔

الحسن بن محمد بن الوزان الزیاتی (Leo Africanus) نے لکھا ہے کہ دمنات میں کئی علماے حدیث و فقہ موجود تھے، جن میں علی بن سلیمان الدمناتی (البجمعوی : ۱۲۳۴ھ تا ۱۳۰۶ھ) کا نام باسانی لیا جا سکتا ہے [جس نے کتب حدیث کی شروح اور حواشی کی طرف بالخصوص توجہ کی]، مثلاً سنن ابی داؤد کی مختصر شرح لکھی ہے جس کا نام درجات مرقاة الصعود إلی سنن ابی داؤد ہے اور جو ۱۲۸۵ھ اور ۱۹۲۸ء میں قاہرہ میں طبع ہو چکی ہے؛ [نیز ۱۲۹۴ھ میں صحیح البخاری کا حاشیہ روح التوشیح (طبع قاہرہ ۱۲۹۸ھ) لکھا؛ وشی الدیباج علی صحیح مسلم بن الحجاج (طبع ۱۲۹۹ھ)؛ جامع الترمذی کی شرح نفع قوت المغتذی علی جامع الترمذی (طبع ۱۲۸۹ھ)، نور مصباح الزجاجة علی سنن ابن ماجة، (طبع ۱۲۹۹ھ) وغیرہ تصانیف یادگار چھوڑی ہیں].

**مآخذ :** (۱) P. Flammand : *Les communautés israélites au Sud-Marocain*، دار البیضاء ۱۹۵۹ء؛ (۲) L. Voinot : *Pélerinages judéo-musulmans au Maroc*، در *IHEM*، Notes et Documents، ج ۴، پیرس ۱۹۴۸ء؛ ص ۲۵ ببعد، ۱۹۰۶ تا ۱۹۱۱؛ (۳) E. Doutté : *Missions au Maroc : En tribu*، پیرس ۱۹۱۳ء، ص ۲۰۲۶ تا ۲۱۷؛ (۴) *Textes Berb. en dial. de la l'Atlas marocain*، (در Ecole des Lettres d. Alger، ج ۳۶)، پیرس ۱۹۰۸-۱۹۰۹ء؛ (۵) E. Laoust : *Étude sur Le dialecte berbère des Ntifa*، پیرس ۱۹۱۸ء؛ [(۶) سرکیس : معجم المطبوعات العربیة، عمود ۵۲۷ تا ۵۲۸؛ (۷) عمر رضا کحالہ : معجم المؤلفین، ۷ : ۱۰۳ (مع مآخذ)؛ (۸)

Marfat.com

الزرکلی : الاعلام، ۵ : ۱۰۳]

(CH. PELLOT [و ادارہ])

* **دمنت** : رک بہ دمنات

* **دَمَنْہُور** : یہ نام قدیم مصری زبان کے لفظ تِمَنْہور سے لے لیا گیا ہے ، جس کے معنی ہیں حورس Horus کا شہر - یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ اس نام کے بہت سے شہر ملتے ہیں جو تقریباً سب کے سب دریاے نیل کے طاس میں واقع ہیں - (۱) دَمَنْہور الشہید یعنی "شہید کا" دَمَنْہور، یاقوت کے زمانے تک بھی اس کا یہی نام تھا اور اس نے یہی نام لکھا بھی ہے؛ بعد میں اس گاؤں کا نام دَمَنْہور شُبرا ہو گیا، لیکن یہ نام المقدّسی کے علم میں پہلے ہی سے تھا - ابن مَمّاتی اسے فقط دَمَنْہور لکھتا ہے ، ان دونوں ناموں میں اجزا کی ترتیب کبھی اُلٹ جاتی ہے - چنانچہ بعض مصنّفین نے اُسے شُبرا دَمَنْہور لکھا ہے یہاں تک کہ بعض نے اسے شبرا شہید بھی لکھا ہے - اس قسم کے تغیّرات مصر میں اکثر نظر آتے ہیں، خاص کر اس صورت میں جب ایک نام کے کئی مقاموں کو باہم الگ الگ کرنا ہوتا ہے - شُبرا کو شُبرا الخیمہ یا شُبرا الخیام بھی کہہ دیتے ہیں یعنی خیموں کا شبرا .

اس مقام پر کبھی عیسائیوں کا ایک تابوت تھا جس میں کسی شہید کی ھڈیاں دفن تویں - ۸ بَشَنْز (۳ مئی) کو ھر سال اس گاؤں میں عام تعطیل منائی جاتی تھی اور لوگ اس تابوت کو ساتھ لے کر جلوس کی شکل میں دریاے نیل تک جاتے تھے جہاں وہ تابوت دریا میں پھینک دیا جاتا تھا - ان کا عقیدہ تھا کہ اس طرح دریا میں پانی زیادہ مقدار میں آئے گا - یہ بات یقینی ہے کہ ۷۰۲ھ/ ۱۳۰۲ء میں اس دن زیادہ شراب پینے اور دعوتیں کرنے کی ممانعت کر دی گئی تھی - یہ رواج ۷۳۸ھ/ ۱۳۳۸ء میں دوبارہ شروع ہو گیا، لیکن ۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء میں اسے قطعی طور پر بند کر دیا گیا اور تبرکات کو جلا دیا گیا -

**مآخذ** : (۱) ابو صالح، ورق ۵۴؛ (۲) ابن مَمّاتی، ص ۱۳۷؛ (۳) المقدّسی، ص ۵۴، ۱۹۳، ۲۰۶؛ (۴) یاقوت، ۲ : ۶۰۱؛ (۴) ابن دُقماق، ۵ : ۳۶؛ (۵) المقریزی، طبع Wiet، ۱ : ۲۹۲ تا ۲۹۶؛ (۶) وہی مصنّف : السلوک : ۱ : ۹۳۱ (مترجمۂ Quatremére، ج ۲ب، ص ۲۱۳)؛ (۷) ابن تغری بردی، (طبع قاہرہ)، ۸ : ۲۰۲ تا ۲۰۳؛ (۸) ابن جیعان، ص ۷؛ (۹) Quatremére : *Mémoires sur l'Egypte*، ۱ : ۳۶۰؛ (۱۰) Amelineau : *Geographie de l'Egypte*، ص ۱۱۳ تا ۱۱۵ (اس سے باحتیاط کام لینا چاہیے)؛ (۱۱) J. Maspero اور G. Wiet : *Matériaux*، ص ۱۰۸ تا ۱۱۰، ۲۱۷) .

(۲) صوبۂ بحیرہ کا صدر مقام جو بوزنطی عہد میں ہرموپولس پروا (Hermopolis Parva) کہلاتا تھا - نام چونکہ قدیم ہے اس لیے اسے مسلمانوں کی تخلیق نہیں کہہ سکتے ، لیکن عرب فتوحات سے پہلے کی قدیم تاریخوں میں اس کا ذکر کہیں نہیں ملتا - یہاں کا مشہور مقام قرطسہ ہے اور یہی ایک نام ہے جس سے قدیم مصنّفین واقف تھے؛ انہوں نے اسے ایک کورہ کا صدر مقام بتایا ہے .

اس کا قدیم ترین ذکر ابن مَمّاتی کے یہاں ملتا ہے جو اسے دَمَنْہورالوحش کہتا ہے - ابن جُبیر اور یاقوت اس میں سے ہو کر گذرے تھے - وہ اسے اوسط درجے کا شہر بتاتے ہیں، جو فصیل سے گھرا ہوا تھا - ابن مَمّاتی ایک نہر کا بھی ذکر کرتا ہے جو شہر کے نام پر بحر دَمَنْہور کہلاتی تھی - سلطان برقوق نے اس کی قلعہ بندی دوبارہ درست کرائی تاکہ بدویوں کے حملوں کی موثر طریقے پر روک تھام ہو سکے - علاوہ بریں اس شہر کو ۷۰۲ھ/۱۳۰۲ء میں زلزلے سے بھی سخت نقصان پہنچ چکا تھا - دَمَنْہور کی اہمیت بڑھتی رہی، اور ابن دقماق کے بیان کے مطابق اس میں ایک جامع مسجد، متعدد مدارس، کاروان سرائیں

marfat.com
Marfat.com

اور چھتی ہوئی منڈیاں بھی تھیں ۔ اس زمانے میں یہ فقط صوبۂ بحیرہ کا صدر مقام ہی نہیں تھا بلکہ ایک مملوک افسر اعلیٰ کی اقامت گاہ بھی تھا، جس کا اقتدار پورے طاس پر تھا ۔ ڈاک کی جو سڑک صحرا کے کنارے کنارے قاہرہ سے اسکندریہ جاتی تھی ، یہ مقام اس کی ایک منزل گاہ تھا اور یہاں پیغام رسان کبوتروں کا اڈا بھی تھا ۔ Sonnini کے بیان کے مطابق یہ شہر تو بڑا تھا لیکن اس کی تعمیر بہت بھرے انداز سے ہوئی تھی ۔ یہاں کے تقریباً سارے مکان یا تو کچے ہیں یا ناقص اینٹوں کے بنے ہوئے تھے ۔ یہ کپاس کی تجارت کا مرکز ہے جو فراخ اور وسیع میدانوں سے جو اس کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہیں، اکھٹی کرکے وہاں لائی جاتی ہے ۔

۳۰ اپریل ۱۷۹۹ء کو مہدی احمد کی فوجوں نے یہاں ایک فرانسیسی دستے کو تہہ تیغ کیا اور اس کے بڑے خوفناک نتائج برآمد ہوے ۔

دَمَنْهُور آج کل آبادی کے لحاظ سے بڑا گنجان شہر ہے، قاہرہ سے اسکندریہ جانے والی ریل بھی یہاں ٹھیرتی ہے اور یہاں سے بہت سے دوسرے مقامات کو بھی ریلیں جاتی ہیں ۔

**مآخذ :** (۱) ابن عبدالحکم، ص ۸۳؛ (۲) Synaxaire *Patrologia Orientalis*، ۱۷ : ۵۶۵، ۱۱۰۷؛ (۳) الادریسی : المغرب، ص ۱۶۰؛ (۴) ابن مَمّاتی، ص ۱۶۹، ۲۲۶ تا ۲۲۷؛ (۵) ابن جُبیر، ص ۴۴ (ترجمہ Gaudefroy-Demombynes، ص ۵۴)؛ (۶) یاقوت، ۲ : ۶۰۱؛ (۷) ابن فُرات، ۹ : ۸۶؛ (۸) ابن دُقماق، ۵ : ۱۰۱؛ (۹) القلقشندی، ۳ : ۳۰۶، ۱۴ : ۳۷۶ (مترجمۂ وستینفلٹ، ص ۱۱۱)؛ (۱۰) المقریزی : السلوک، ۱ : ۹۴۴ (مترجمۂ Quatrémere، ۲/ب، ۲۱۶)؛ (۱۱) الظاهری، ص ۳۵، ۱۱۷، ۱۱۹ (مترجمۂ Venture de Paradis، ص ۵۵، ۱۹۷، ۲۰۱)؛ (۱۲) ابن تَغری بِردی، (طبع قاهره) ۱۱ : ۲۹۱، ۱۲ : ۱۱۳ تا ۱۱۴؛ (۱۳) ابن جیعان، ص ۱۱۶؛ (۱۴) Quatrémere : *Mémoires sur l'Égypte*، ۱ : ۳۶۱ تا ۳۶۳؛ (۱۵) Dehérain : *Histoire de la Nation Égyptienne*، ۵ : ۴۳۶؛ (۱۶) J. Maspero اور Wiet : *Matériaux*، ص ۱۳۶ تا ۱۳۷، ۱۷۵، ۱۷۸ تا ۱۸۰، ۱۸۱ تا ۱۸۳، ۱۸۵، ۱۹۴ ۔

اسی نام کے دیگر مقامات جغرافیائی فہرست میں درج ہیں لیکن ان کا کچھ حال بتایا نہیں گیا ۔

**مآخذ :** المقدّسی : ص ۵۵؛ ابن مَمّاتی، ص ۱۳۴ - ۱۳۵؛ ابن دقماق، ۵ : ۸۹؛ ابن جیعان، ص ۷۸ .

(G. Wiet)

* **دِمْیاط :** (Damietta)، مصرِ زیریں کا ایک شہر، جو دریاے نیل کی مشرقی شاخ پر اس کے دھانے کے قریب واقع ہے ۔ دمیاط کو، جو فتح اسلام سے پہلے ایک اهم شہر تھا، مقداد رضؓ بن الاسود کی قیادت میں ایک فوج نے تسخیر کیا جسے عمروؓ بن العاص نے بھیجا تھا ۔ مسلمانوں کے قبضے میں آنے کے بعد اس شہر کو بار بار بحری حملوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ یہ حملے پہلے بوزنطیوں کی طرف سے ہوے اور پھر صلیبیوں کی طرف سے ۔ ذوالحجه ۲۳۸ھ / جون ۸۵۳ء میں ایک حملے کے بعد المتوکل نے بحیرۂ روم کے ساحل کی مورچہ بندی کے ایک عام منصوبے کے مطابق دمیاط کے مقام پر ایک قلعہ تعمیر کرنے کا حکم دیا ۔ بنو فاطمه کے خاتمے پر اور آل ایوب کی حکومت کے دوران فرنگیوں اور مسلمانوں کی باهمی جنگوں میں دمیاط کو کلید مصر کی حیثیت سے خصوصی اهمّیت حاصل رهی ۔ جب صلاح الدّین ایوبی وزیر مصر تھا، فرنگیوں نے امالرک (Amalric) اوّل، فرمانرواے بیت المقدس کی کمان میں دمیاط کا محاصرہ کر لیا، لیکن ربیع الاول ۵۶۵ھ/دسمبر ۱۱۶۹ء میں انهیں پسپا کر دیا گیا ۔ دمیاط دوبارہ پھر اهم فوجی مہمّوں کا مرکز بنا ۔ ۶۱۵ھ/۱۲۱۸ء تا ۶۱۸ھ / ۱۲۲۱ء کی عظیم صلیبی سہم کے دوران میں صلیبی اس شہر پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہوگئے (دیکھیے Hans. L. Gotts-

Marfat.com

*Al-Malik al-Kāmil von Egypten und seine* ::chalk *Zeit*، Wiesbaden، ۱۹۵۸ء، ص ۵۸ تا ۶۰، ۷۶ تا ۸۸، ۱۰۰ تا ۱۱۵) لیکن بالآخر الملک الکامل نے انھیں هتیار ڈال دینے پر مجبور کر دیا ۔ صفر ۶۴۷ھ/جون ۱۲۴۹ء میں ملک الصالح کی وفات سے کچھ هی عرصه پہلے لوئی Louis نہم نے دمیاط فتح کر لیا لیکن بعد ازاں لوئی کے سپر انداز هونے پر یہاں مسلمانوں کا قبضه بحال هو گیا ۔ بحری ممالیک نے که ان دنوں مصر کا حکمران طبقه انھیں پر مشتمل تھا، دمیاط کی عسکری اهمیت ختم کر دینے کا فیصله کر لیا ۔ چنانچه ۶۴۸ھ/۱۲۵۰-۱۲۵۱ء میں مسجد کے سوا فصیل اور سارے کا سارا شہر منہدم کر دیا گیا اور ۶۵۹ھ/۱۲۶۰-۱۲۶۱ء میں بیبرس کے حکم سے دریا کا دہانه سمندر کی جانب جانے والے جہازوں پر بند کر دیا گیا ۔ اس میں شک نہیں که دمیاط کی بربادی وهاں کی کپڑے کی صنعت کے معدوم هو جانے کا باعث بنی لیکن بہت جلد پرانے قصبے کے جنوب میں ایک نیا شہر وجود میں آ گیا جو پرانے نام هی سے مشہور هوا ۔ دور ممالیک اور عہد آل عثمان میں دمیاط کو مقام جلاوطنی کی حیثیت حاصل رهی ۔ ربیع الاول ۱۲۱۸ھ/جولائی ۱۸۰۳ء میں مصر کے عثمانی نائب السلطنت محمد خسرو پاشا کو البانوی فوجیوں کی ایک بغاوت کے سبب سے قلعه سے نکلنا پڑا، اور اس نے دمیاط کے مقام پر، جہاں وہ محصور هو گیا تھا، اس فوج کے سامنے هتیار ڈال دیے جس کی کمان محمد علی اور مملوکوں کا امیرالامرا عثمان بک البرذیسی کر رهے تھے ۔

**مآخذ**: ضروری معلومات (۱) المقریزی: الـمواعظ، طبع Wiet، ۲/۳۰۰: ۳۷ تا ۸۰؛ (۲) علی مبارک: الخطط الجدیدۃ، ۱۱: ۳۶ تا ۵۷ (جہاں زیادہ تر المقریزی هی کے بیانات نقل کر دیے گئے هیں) میں موجود هیں ـ مکمل مآخذ کے لیے دیکھیے (۳) Maspero-Wiet: *Matériaux*، ص ۹۰ تا ۹۳ ۔

(P. M. HOLT)

**الدِّمیاطی البَنّاء**: احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن عبدالغنی الدمیاطی المعروف به البنّاء، اگرچه وہ مصر زیریں میں مقامی طور پر درویشوں کے سلسلۂ نقشبندیه کے رکن رکین کی حیثیت سے مشہور تھا، لیکن اس کی اصلی شہرت اس کی تصنیف إتحاف فضلاء البَشر کے باعث ہے، جو قرّاء اربع عشرۃ کی مختلف قرآنی قراءتوں کے بارے میں هے ۔ الدمیاطی دمیاط میں پیدا هوا ۔ وهاں اس نے مقامی اساتذہ سے وهی تعلیم حاصل کی جو اس زمانے میں عام مسلمان لڑکے پاتے تھے تا آنکه اسے قاهرہ جانے کا موقع ملا جہاں اس نے المُزاحی اور شبراملسی سے علم القراءت، حدیث اور شافعی فقه پڑھی، اور الاجهوری، الشویری، القلیوبی اور المیمونی جیسے کاملان فن سے بھی استفادہ کیا ۔ اپنی تعلیم ختم کر لینے کے بعد وہ فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے مکۂ معظمه گیا جہاں اس نے الکورانی سے علم حدیث حاصل کیا ۔ دمیاط میں واپس آ جانے کے بعد الدمیاطی نے اپنی کتاب اتحاف شائع کی جسے وہ بظاهر اپنے قیام حجاز کے دوران تصنیف کر رها تھا ۔ اس کتاب میں اس نے ابن مُحَیْصِن المکّی، الیزیدی البصری اور الاعمش الکوفی نیز ان قرّاء عشرۃ کی قراءتیں جمع کیں جن کا عام طور پر زیادہ مطالعه کیا جاتا ہے اور اس میں علم قراءت پر ایک نہایت فاضلانه مقاله بطور مقدمه شامل کیا ۔ الدمیاطی نے مشهور کتاب السیرۃ الحلبیۃ کا ایک جلد میں ملخص بھی تیار کیا اور ایک رساله الذخائر المہمّات روز قیامت سے پہلے ظہور میں آنے والی نشانیوں کے بارے میں لکھا ۔ پھر اس نے دوسری بار حج کیا اور حرمین شریفین کی زیارت کے بعد یمن کا سفر اختیار کیا، جہاں شیخ احمد بن عجیل کے کہنے پر وہ سلسلۂ نقشبندیه میں منسلک هو گیا ۔ مصر واپس آ کر اس نے عزبۃ البرج کے ساحلی گاؤں میں سکونت اختیار کی اور ایک مرابط (تارک الدنیا درویش) کی زندگی بسر کرنے لگا ۔ الدمیاطی جب تیسری بار حج

marfat.com
Marfat.com

کرنے گیا تو مدینۂ منورہ میں محرم ۱۱۱۷ھ/اپریل - مئی ۱۷۰۵ء میں وفات پا گیا اور البقیع میں سپرد خاک ہوا - اتحاف کے علاوہ، جو قسطنطینیہ میں ۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸ - ۱۸۶۹ء میں اور قاہرہ میں ۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ - ۱۹۰۰ء میں چھپی تھی، اس نے قراءت قرآن کے بارے میں چھوٹی چھوٹی کتابیں بھی لکھی تھیں جن کے قلمی نسخے اب تک باقی ہیں - علاوہ بریں امام الحرمین کی تصنیف الورقات پر المحلّی کی شرح کا ایک حاشیہ بھی الدمیاطی نے لکھا تھا، جو قاہرہ میں ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵ - ۱۸۸۶ء اور بار دوم ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۳ - ۱۹۱۴ء میں طبع ہو چکا ہے۔

**مآخذ :** (۱) الجبرتی : عجائب الآثار، ۱ : ۸۹، ۹۰، منقول در علی پاشا مبارک : الخطط الجدیدۃ، ۹ : ۵۶؛ (۲) سرکیس : معجم المطبوعات العربیہ، عمود ۸۸۵؛ (۳) براکلمان، ۲ : ۳۲۷ و تکملہ، ۲ : ۴۵۳ .

(A. Jeffery)

* **الدِّمْیاطی :** عَبْدالمُؤمن بن خَلَف شَرَف الدّین التُّونی الدِّمْیاطی الشافعی، ایک محدّث، جو ۶۱۳ھ/ ۱۲۱۷ء میں دمیاط اور تنّیس کے درمیانی جزیرے تونا میں پیدا ہوا - اپنی زندگی کے آخری ایام میں وہ منصوریّہ میں اور قاہرہ کے مدرسۃ الظاہریّہ میں معلم تھا اور یہیں ۷۰۵ھ/۱۳۰۶ء میں اس نے وفات پائی - براکلمان کی دی ہوئی فہرست تصانیف کے علاوہ (جس میں A. Dietrich کے حالیہ مطالعے *Abdalmu'min b. Xalaf ad-Dimyati'nin bir muhācirūn listesi*، در شرقیات مجموعہ سی، ۳ (۱۹۵۹ء) : ۱۲۵ تا ۱۵۵، کا بھی اضافہ کر لینا چاہیے) الدمیاطی نے معجم شیوخ کے نام سے ایک لغت اسناد بھی تصنیف کی ہے - زمانۂ مابعد کے مؤرخوں اور سوانح نگاروں نے اکثر اس کتاب کے حوالے دیے ہیں اور اس سے استفادہ کیا ہے - آج یہ کتاب اپنے ایک واحد نامکمل نسخے کی صورت میں موجود ہے (کتاب خانۂ احمدیہ، تونس، ص ۹۱۱ تا ۹۱۲)، جو مکمل تصنیف کے ۱۲۵۰ میں سے ۱۱۸۵ مندرجات پر مشتمل ہے اور جس کی کتابت خود مصنف نے کرائی تھی - اس تصنیف میں وہ احادیث اور دیگر متون شامل ہیں جو الدمیاطی نے ۶۳۶ھ/ ۱۲۳۸ء اور ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء کے مابین مصر، حرمین شریفین، شام، الجزیرۃ اور عراق کے متعدد سفروں کے دوران میں اکٹھے کیے تھے - یہ تمام چیزیں، نیز کئی اسناد قراءت، جو ان کے ساتھ شامل ہیں، G. Vajda کے ایک تحقیقی مقالے کا موضوع بنیں گی - اپنی تصنیفات سے قطع نظر الدمیاطی ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کی آخری تہائی میں حدیث کا اہم‌ترین راوی تصور کیا جاتا تھا .

**مآخذ :** (۱) براکلمان، بار دوم، ۲ : ۸۸ و تکملہ، ۲ : ۶۹ : (۲) الدرر الکامنۃ، ۲ : ۴۱۷، عدد ۲۵۲۵) ؛ (۳) ابن رفیع : منتخب المختار، طبع العزّاوی، ص ۱۲۰ تا ۱۲۲، عدد ۱۰۳ ؛ الدمیاطی بحیثیت راوی حدیث کے بارے میں نیز دیکھیے (۴) Ahlwardt : *Verzeichniss..................Berlin*، عدد ۹۶۴۸ (۹ : ۱۹۳ ببعد)؛(۵) G. Vajda: *Les certificats de lecture*...، ص ۱۲؛ (۶) احمد آتش، در *RIMA*، ۱۹۵۸ء، ۴/۱ : ۱۴ .

(G. Vajda)

**الدِمْیاطی :** نور الدّین، یا اَصِیْل الدّین ؛ اس کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات کے بارے میں معلومات یقینی نہیں ہیں، لیکن اتنی بات کم و بیش وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ اس کا زمانہ ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے اواخر سے پہلے کا نہیں ہے - وہ اسماے باری تعالٰی کی تشریح میں ایک قصیدۂ لامیّہ کا مصنف تھا (رک بہ الاسماء‌الحسنٰی؛ ذکر) - مشہور ہے کہ اس قصیدے کے ہر شعر میں پراسرار خصوصیات پائی جاتی ہیں اور اس کی شرحوں میں، جو بکثرت لکھی گئی ہیں، انھیں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے (مشہورترین شرح مراکشی

Marfat.com

صوفی احمد البرنوسی زرّوق، م ۸۹۹ھ/۱۴۹۳ء کی ہے) - خاص طور پر شمالی افریقہ کے نیم خواندہ عوام کے اوراد و وظائف میں قصیدۂ دمیاطیہ کو خاصا بلند مقام حاصل ہے - ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۱ء میں اس کا ترجمہ عثمانی ترکی میں ابراھیم بن محمد صالح القادری القسطمونی الاستانبولی نے کیا تھا، جو اگلے سال کئی تقریظوں اور عربی متن کے ساتھ استانبول میں فرائدالّلآلی فی بیان اسماءالمتعالی کے نام سے طبع ھوا - اسی نوع کی ایک اور تصنیف الدمیاطی سے منسوب ہے، جس کا ایک حصہ مع شرح ایک مخطوطے کی صورت میں کتاب خانۂ ملّی، پیرس (عربی، عدد ۱۰۰۵، ورق ۱۳۸ تا ۱۳۹) میں محفوظ ہے - اس کی ایک نقل، جو عوامی زبان سے مبرّا نہیں، محمود ھمزۃ الدمیاطی نے لکھی تھی (جو الاستغفار الاسماء فی نظم اسماء اللّٰہ الحسنٰی کے نام سے بولاق ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء میں بدیع المقال کے ضمیمے کے طور پر طبع ھوئی تھی .

**مآخذ :** (۱) J. Goldzihr، در *Orientalische Studien* ...... Nöldeke، ۱ : ۳۱۷ تا ۳۲۰ ؛ (۲) E. Dhutté : *Magie et Religion en Afrique du Nord*، ص ۱۹۹ تا ۲۱۱ ؛ (۳) G. Levi Della Vida : *Elenco*، ص ۵۵ تا ۶۶؛ (۴) براکلمان : تکملہ، ۲ : ۳۶۱ حاشیہ .

(G. VAJDA)

* **دِمِیر بَاش :** لفظی معنی "لوہے کی انی"؛ دفتر، دکان، کھیت وغیرہ سے تعلق رکھنے والے قابل انتقال اثاثے اور ساز و سامان کے لیے ایک ترکی اصطلاح - عثمانی ترکوں کے محاورے میں اس کا اطلاق عموماً ان اشیا پر ھوتا تھا جو حکومت کی ملکیت ھوتی تھیں، خاص طور پر اس سے مراد سرکاری دفاتر کے فرش و فروش، ساز و سامان اور مستقل لوازمات ھوتے تھے، جو کسی مستقل ادارے سے متعلق ھوتے تھے۔ لفظ "دمیر باش" کے معنی ضدی اور مستقل مزاج کے بھی آتے ھیں اور عموماً یہ کہا جاتا ہے کہ اسی مفہوم میں اس لفظ کا اطلاق ترکوں نے سویڈن کے بادشاہ چارلس دوازدھم پر کیا تھا - ممکن ہے کہ یہ عرفی نام اس کے ترکی سرکاری دفاتر میں چکر لگاتے رھنے پر ایک طنزیہ تنقید ھو .

**مآخذ :** (۱) *BSLP*، ۱۹۶۰ء/ ۱۹۶۱ء، ج ۳۳.

(ادارہ [وا]، لائڈن، بار دوم).

* **دَمِیر قپو :** (یا دَمِیر قپی) [=تامر قپو، تمیر قپو]، رک بہ درآھنین .

* **الدَّمِیری :** محمد بن موسٰی بن عیسٰی کمال الدین، ۷۴۲ھ/۱۳۴۱ء کے اوائل میں قاھرہ میں پیدا ھوا (اس کی خود نوشت تحریر کے مطابق، جسے السخاوی نے الضوء الّامع، ۱۰ : ۵۹ میں نقل کیا ہے) اور وھیں ۸۰۸ھ / ۱۴۰۵ء میں وفات پائی۔ بعض مآخذ میں اس کی تاریخ پیدائش اس کے بعد کی بتائی گئی ہے(۷۴۵ھ/۱۳۴۴ء یا ۷۵۰ھ/۱۳۴۹ء)، لیکن یہ تاریخیں اس کی زندگی کی بعض تفصیلات سے مطابقت نہیں رکھتیں - اس کی نسبت دو چھوٹے چھوٹے گانووں کے ناموں سے مأخوذ ہے، جن میں سے ھر ایک کا نام دَمِیرہ ہے اور دونوں سمنّود کے قریب طاس میں واقع ھیں .

شروع میں وہ اپنے آبائی شہر میں درزی کے کام سے کسب معاش کرتا رھا - بعد ازاں اس نے پیشہ ور عالم دین بننے کا فیصلہ کیا اور تحصیل علم کے لیے مشہور شافعی عالم بہاءالدین السبکی [رک بآں] کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا اور اس کے دامن علم سے وہ کئی سال تک وابستہ رھا۔ اس کے علاوہ اس نے جمال الدین الاسنوی (براکلمان، ۲ : ۹۰ و تکملہ، ۲ : ۱۰۷)، ابن العقیل، جو الفیہ ابن مالک کا مشہور شارح ہے (براکلمان، ۱ : ۱۰۸ و تکملہ، ۲ : ۱۰۴)، برھان الدین القیراطی (براکلمان، ۲ : ۱۵ و تکملہ، ۲ : ۷) اور دیگر علما سے بھی درس لیا۔ اس کے سیرت نگار لکھتے ھیں کہ اسے فقہ، علوم حدیث، تفسیر، عربی علم اللسان اور معانی و بیان میں بڑی

marfat.com
Marfat.com

مہارت تھی ۔ اس کا کم سن ہمعصر المقریزی [رک بآں] اپنی کتاب العقود میں اس کا ذکر محبت اور تحسین کے ساتھ کرتا ہے ۔

جب الدمیری کو متداول علوم اسلامیہ کی تدریس اورفتوے دینے کی اجازت مل گئی تو وہ بعض دینی درسگاہوں اور خانقاہوں سے وابستہ رہا (الازہر، جامعہ الظاہر، مدرسۂ ابن البقری، قبۂ بیبرس دوم وغیرہ)، جہاں وہ درس و تدریس اور وعظ و ارشاد میں مصروف رہا اور حصہ رسدی اپنا وقت مختلف مدارس کے لیے وقف کرتا رہا ۔ وہ تصوف کے اس مسلک سے وابستہ تھا جس کی تاسیس خانقاہ صالحیہ (جو پہلے دارسعیدالسعداء کہلاتی تھی؛ قب علی مبارک: ۴ : ۱۰۲؛ المقریزی : خطط، بولاق، ۱۲۷۰ھ، ۲ : ۴۱۵)میں ہوئی تھی ۔ الدمیری اپنی زاہدانہ زندگی کی وجہ سے مشہور تھا اور لوگ اسے صاحب کرامات سمجھتے تھے ۔ نوجوانی میں تو وہ کھانے پینے کا حد سے زیادہ شوقین تھا، لیکن بعد میں اس نے تقریباً ہمیشہ روزہ رکھنے کو اپنی عادت بنا لیا تھا ۔ وہ اپنا وقت نمازوں میں گزارتا اور شب بیداری کرتا ۔ ۷۶۲ھ/ ۱۳۶۱ء اور ۷۹۹ھ/ ۱۳۹۷ء کے درمیان اس نے چھے حج کیے ۔ مکے اور مدینے کے دوران قیام میں اس نے مختلف مقامی علما و فضلا سے تعلیم کی تکمیل کی اور درس فتاوی سے بھی عوام کو مستفید کیا ۔ اس نے دو شادیاں کیں ۔ اپنے آخری حج کے بعد وہ اپنی وفات تک قاہرہ میں رہا ۔ وفات کے بعد اسے جامعۂ سعیدالسعداء کے قریب صوفیوں کے قبرستان میں دفن کیا گیا (قب علی مبارک، ۴ : ۱۰۲ ببعد).

مصنف کی حیثیت سے الدّمیری اپنی کتاب حیٰوۃ الحیوان کی وجہ سے مشہور ہے، جو علم الحیوانات کا دائرۃ المعارف ہے ۔ اسی کتاب کی بدولت مشرق اور مغرب دونوں میں اس کی شہرت ہوئی ۔ اس کتاب کے دیباچے میں اس نے لکھا ہے کہ اس نے یہ کتاب کسی فطری میلان کی بنا پر نہیں لکھی بلکہ اس کا مقصد ان غلط خیالات کی اصلاح تھا جو جانوروں کے متعلق عموماً پڑھے لکھے لوگوں میں بھی عام تھے ۔ اس کتاب کا مسودہ اس نے ۷۷۳ھ/۱۳۷۱ - ۱۳۷۲ء میں تیار کر لیا تھا ۔ اس کی حیثیت عربی میں محض علم الحیوانات کی ایک مختصر تصنیف ہی کی نہیں بلکہ وہ مسلم عوام کی متداول روایات و عقائد کا مخزن بھی ہے، جس کا حال جزئی طور پر J. de Somogyi نے اپنی علمی تحقیقات میں لکھا ہے ۔ مصنف نے اپنے بیان کو اصل موضوع، یعنی محض حیوانات ہی تک محدود نہیں رکھا بلکہ بڑی تفصیل کے ساتھ ہر اس چیز کا حال لکھ دیا ہے جو جانوروں کے متعلق کسی طرح بھی کہی گئی ہو ۔ علاوہ بریں وہ اپنا اصل موضوع چھوڑ کر دوسرے مباحث کی طرف بھی متوجہ ہو جاتا ہے، جن میں سب سے نمایاں اور اہم تاریخ خلفاء کا جائزہ ہے اور یہ اس کی پوری کتاب کا تقریباً تیرھواں حصہ ہے ۔

اس کتاب کے مقالات حروف تہجی کی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کیے گئے ہیں اور ترتیب میں حیوانات کے ناموں کے پہلے حروف کو پیش نظر رکھا گیا ہے ۔ ہر مقالے میں مندرجۂ ذیل مطالب سے بحث کی گئی ہے : (۱) ہر حیوان کے نام کے لسانی پہلو؛ (۲) حیوان اور اس کی عادات کی تفصیل ؛ (۳) حدیث کی کتابوں میں حیوانات کا ذکر ؛ (۴) بحیثیت غذا مختلف حیوانات کے حلال یا حرام ہونے کے متعلق مختلف مذاہب کی رائے ؛ (۵) حیوانات کے نام سے تعلق رکھنے والی ضرب الامثال ؛ (۶) ہر حیوان کے اعضا اور اجزا کے طبی اور دیگر خواص؛ (۷) مختلف حیوانات کے خواب میں دکھائی دینے کی تعبیر ۔ کتاب میں ۱۰۶۹ مقالے ہیں ۔ ان مقالوں میں جن مختلف جانوروں کا ذکر کیا گیا ہے جن میں براق بھی شامل ہے ۔ جانوروں کی تعداد مقالات کی تعداد سے بہت کم ہے کیونکہ ایک ہی جانور کا ذکر مختلف ناموں کے تحت بار بار آتا ہے ۔ مصنف چونکہ طبیعات کا ماہر نہیں اس لیے اس نے کسی طرح کی تنقید کیے بغیر جانوروں کے ذکر میں

Marfat.com

وھمی اور خیالی باتوں کو بھی جگہ دی ھے۔ اس نے جانوروں کے متعلق ان تمام معلومات کو جن کی حیثیت روایتی ھے ایک ترتیب کے ساتھ جمع کرکے دوسروں تک پہنچا دیا ھے اور ان معلومات کی بنیاد سینکڑوں مآخذ پر رکھی ھے۔ ان مآخذ کا تجزیہ J. de Somogyi نے کیا ھےگو یہ تجزیہ اطمینان بخش نہیں۔ یہ کتاب تین منقح نسخوں میں ملتی ھے: ایک مفصل، ایک مختصر اور ایک متوسط۔ مطول نسخہ مشرق میں تیرہ بار طبع ھو چکا ھے (ان اشاعتوں کے علاوہ جن کا ذکر براکلمان نے کیا ھے یہ کتاب قاھرہ میں ۱۳۱۵-۱۳۱۶ھ، ۱۳۲۱-۱۳۲۲ھ، ۱۳۵۳ھ میں بھی چھپی تھی) اِس کتاب کی تنقیدی طباعت کا ھنوز انتظار ھے۔ اس کے متعدد خلاصے اور اقتباسات بھی مرتب کیے گئے ھیں۔ علاوہ بریں سترھویں صدی کا ایک فارسی ترجمہ اور قریبی زمانے کا ایک ترکی ترجمہ بھی ملتا ھے۔ Jayakar کا انگریزی ترجمہ مقالۂ ابو نواس تک ھے (جو پوری کتاب کا تقریبًا تین چوتھائی ھے) اور لسانی نقطۂ نظر سے قابل اطمینان نہیں۔

الدمیری کی دیگر تصانیف میں سے اس وقت صرف تین موجود ھیں (دیکھیے براکلمان)۔ اس کی آخری تصنیف الاباجہ، ابن ماجہ (رک بآں) کی نصف سنن کی شرح ھے لیکن الدمیری اپنی وفات سے پہلے اس کا صاف نسخہ تیار نہیں کر سکا تھا۔

مآخذ: (۱) علی مبارک: الخطط الجدیدۃ، ۱۱: ۵۹؛ (۲) براکلمان، ۲: ۱۳۷ ببعد و تکملۃ، ۲: ۱۷۰ ببعد و ۳: ۱۲۶۰؛ (۳) الدمیری: حیاۃ الحیوان، عربی سے ترجمہ از A. S. G. Jayakar، لنڈن و بمبئی ۱۹۰۶ء تا ۱۹۰۸ء، دیباچہ؛ (۴) حاجی خلیفہ، ۱: ۶۹۶ ببعد و طبع Flügel، بمدد اشاریہ، ص ۱۱۲۷، عدد ۴۷۵۹؛ (۵) ابن العماد: شذرات، بذیل ۸۰۸ھ؛ (۶) السخاوی: الضوء اللامع، ۱۰: ۵۹ ببعد؛ (۷) Sarton: Introduction to the History of Science، ۳/ب: ۱۱۶۸ ببعد، ۱۲۱۴، ۱۳۲۶، ۱۶۳۹؛ (۸) الشوکانی: البدر الطالع، ۲: ۲۷۲؛ (۹) J. de Somogyi: Index des sources de la Ḥayāt al-Ḥayawān ad-Damīrī، در JA، جولائی-ستمبر ۱۹۲۸ء، ص ۵ ببعد، جس کا دار و مدار محض طبع قاھرہ ۱۲۸۴ھ پر ھے؛ (۱۰) وھی مصنف: Biblical Figures in ad-Damīrī's Ḥayāt-Ḥayawān، در Dissert. in honorem E. Mahler، ۱۹۳۷ء، ص ۲۶۳ ببعد؛ (۱۱) وھی مصنف: ad-Damīrī's Hayat al-Hayawan، در Osiris، ج ۹ (۱۹۵۰ء)، ص ۳۳ ببعد؛ (۱۲) وھی مصنف: ad-Damīrī Ḥayāt al-Ḥayawānja (بزبان ھنگروی)، در Sem. St. in Memory of I. Löw، ۱۹۴۷ء، ص ۱۲۳ ببعد؛ (۱۳) وھی مصنف: Chess and Backgammon in ad-Damīrī's Ḥayāt al Ḥayawān, Et. or à la mém. de P. Hirschler، ۱۹۵۰ء، ص ۱۰۱ ببعد؛ (۱۴) وھی مصنف: Medicine in ad-Damīrī's Hayat-al-Ḥayawan، در JSS، ۲ (۱۹۵۷ء): ۶۲ ببعد؛ (۱۵) وھی مصنف: The Interpretation of Dreams in ad-Damīrī's Ḥayāt al-Ḥayawān، در JRAS، ۱۹۴۰ء، ص ۱ ببعد؛ (۱۶) Die Chalifengeschichte in Damīrī's "Ḥayāt Ḥal-ayawân"، در Isl.، ۱۸ (۱۹۲۹ء): ۱۵۴ ببعد؛ (۱۷) وھی مصنف: A History of the Caliphate in the Ḥayāt al-Hayawān of ad-Damīrī، در BSOS، ۸ (۱۹۳۵ تا ۱۹۳۷ء): ۱۴۳ ببعد؛ (۱۸) E. Wiedemann: Beitr. z. Gesch. d. Naturw.، ۵۴: ۲۳۳ ببعد؛ (۱۹) H. A. Winkler: Eine Zusammenstellung christlicher Geschichten im Artikel über das Schwein in Damiri's Tierbuch، در Isl.، ۱۸ (۱۹۲۹ء): ۲۸۵ ببعد۔

(L. KOPF)

* دَنَاقِل، دَنَاقِلہ: رک بہ دنقلی۔

* ذِیب: رک بہ نجوم۔

* دُنْباوَنْد: رک بہ دماوند۔

* دُنْبُلی: رک بہ کُرد۔

marfat.com
Marfat.com

* **دِنْدان** : ابو جعفر احمد بن حسین کا لقب، جو تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی کا ایک شیعی محدّث تھا ۔ اس کا والد ایک معتبر راوی تھا، جس نے امام علی الرضاؑ، امام محمد الجوادؑ اور امام علی الہادیؑ سے احادیث روایت کی ہیں ۔ وہ دراصل کوفے کا باشندہ تھا اور وہ کچھ مدت اہواز میں بھی رہا اور وہیں اس کے ہاں دندان کی ولادت ہوئی ۔ دِنْدان نے بھی اپنے والد کے شیوخ کی سند پر احادیث روایت کی ہیں، لیکن چونکہ وہ غُلاۃ میں سے متصور ہوتا تھا اس لیے بطور راویِ حدیث اس کی ذات قابل گرفت سمجھی جاتی رہی ہے ۔ دندان نے کئی کتابیں تصنیف کی ہیں، جن میں کتاب الاحتجاج، کتاب الانبیاء، کتاب المثالب اور کتاب المختصر فی الدعوات شامل ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے کوئی کتاب بھی محفوظ نہیں رہ سکی ۔ وہ قمّ میں فوت ہوا اور وہیں سپرد خاک ہوا ۔

یہ معلومات بارہ شیعی تالیفات میں ملتی ہیں، جو علما اور ان کی کتابوں کے بارے میں ہیں (مثلاً *Tusys List of Shy'ah Books*، طبع شپرنگر و عبدالحق، کلکتہ ۱۸۵۳ء، ص ۲۶؛ ابن شہر آشوب : معالم العلماء، طبع اقبال، تہران ۱۹۳۴ء، ص ۱۰؛ استرآبادی : منہاج المقال، تہران ۱۳۰۷ھ، ص ۴۱) ۔ دندان کے غالی عقائد پر ان سنّی مآخذ میں بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے جو اسمٰعیلیوں کے اصل و ابتدا کے بارے میں ہیں (الفہرست، ص ۱۸۸؛ البغدادی: فرق، ص ۲۶۶، مترجمۂ A. S. Halkin : *Moslem schisms and sects*، تل ابیب ۱۹۳۵ء، ص ۱۰۸؛ المقریزی، طبع قاترمیر، در *JA*، ۱۸۳۶ء، ص ۱۳۲، وغیرہ) ۔ ان کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ دندان نے عبداللہ بن میمون [رکّ بآں] کے ساتھ مل کر اس فرقے کی بنیاد رکھی تھی ۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے اسمٰعیلی عقائد کی تشکیل و تبلیغ میں عملی حصہ لیا اور دعوت کے مالی پہلو کو مستحکم کرنے کی غرض سے بڑی بڑی رقمیں فراہم کیں ۔ بروے الفہرست وہ احمد ابن عبدالعزیز بن ابی دلف (م ۲۸۰ھ/۸۹۳ء) [رکّ بآں] کا دبیر تھا ۔ اس کا نام اور شجرۂ نسب ان مآخذ میں مختلف طریقوں سے بگاڑا گیا ہے، تاہم قابل شناخت ہے ۔ اس کے دادا کا نام مختلف تصحیفات کے ساتھ "چہار لختان" ملتا ہے، جو لازماً اس کا عرف ہوگا ۔ ابوالمعالی (بیان الادیان، طبع اقبال، ص ۳۶، مترجمۂ Masse، در *RHR*، ۱۹۲۶ء، ص ۵۷) نے چہار لختان کو باطنی فرقے کی بنیاد رکھنے میں دندان اور عبداللہ بن میمون کا شریک کار قرار دیا ہے اور بتایا ہے کہ اس جماعت میں سرمایہ لگانے والا وہی شخص تھا ۔

شیعی مآخذ میں ان سے کہیں بہتر معلومات دستیاب ہوتی ہیں ۔ ان کی رو سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ دندان تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی میں زندہ تھا؛ لہٰذا وہ ابن ابی دلف کا دبیر تو ہو سکتا ہے لیکن یہ غیر ممکن ہے کہ وہ عبداللہ بن میمون کا معین و مددگار ہو کیونکہ مؤخرالذکر دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی میں زندہ تھا اور اسی صدی میں فوت ہوا تھا ۔ بایں ہمہ ممکن ہے کہ اس نے اسمٰعیلیہ کی ابتدائی تاریخ کی تشکیل میں کچھ حصہ لیا ہو، لیکن یہاں یہ امر قابل توجہ ہے کہ اِسمٰعیلیوں کے ہاں نہ تو اس کا نام کہیں ملتا ہے، نہ اس کی کسی تصنیف کا ذکر آیا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) M. J. De Goeje : *Mémoire sur les Carmathes........*، بار دوم، لائڈن ۱۸۸۶ء، ص ۱۵؛ (۲) L. Massignon : *Esquisse d'une bibliographie Carmathe*، در *A volume of Oriental Studies presented to E. G. Browne*، کیمبرج ۱۹۲۲ء، ص ۳۳۱؛ (۳) B. Lewis : *The origins of Ismā'īlism*، کیمبرج ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریہ؛ (۴) S.M. Stern : *Abu'l-Qasim al-Busti and his refutation of Isma'ilism*، در

Marfat.com

*JRAS*، ۱۹۶۱ء، ص ۲۸ تا ۲۹ .

(B. Lewis)

* **دِنِزلی** : (=دگزلی،دِنیزلی)،جنوب مغربی آناطولی میں اسی نام کی ولایت کا سب سے بڑا شہر ، جو ایک زرخیز میدان میں واقع اور ازمنۂ قدیم سے آباد ہے۔ چودھویں صدی عیسوی میں دنزلی نے لادیق (قدیم زمانے کا Laodiceia ad Lycum) کی جگہ لے لی ، جس کے کھنڈر اسکی میں گنجلی کے ریلوے سٹیشن کے نزدیک ، دنزلی سے نو کیلومیٹر کے فاصلے پر، دریاے بیوک مند رس کی معاون ندّی چوروک صُو کے کنارے ابھی تک باقی ہیں۔ تیسری صدی ق - م میں اسے سلیوکسی خاندان کے انطاکیوس Antiochus ثانی نے قدیم دیوس پولس Diospolis (Pliny، ۵ : ۱۰۵) کی جگہ پر تعمیر کرایا تھا اور تجارتی راستوں کا ایک اہم مقام اتصال تھا۔ رومیوں کے زمانے میں اس کا شمار فرجیہ Phrygia کے بڑے بڑے شہروں میں ہوتا تھا (Strabo، ۱۲ : ۵۷۸)۔ گیارھویں صدی عیسوی کے اواخر تک لاودیکیا (Laodicaea) بوزنطی علاقہ رہا، لیکن بعد ازاں یہ کمنینی (Comneni) خاندان اور سلجوق ترکوں کے مابین متنازع فیہ بن گیا ، چنانچہ سلاجقہ نے کئی دفعہ اس پر قبضہ کیا۔ الکسیوس Alexis اول نے اسے ۴۹۱ھ / ۱۰۹۸ء میں ان سے چھین لیا اور عارضی طور پر وہ اس کے ہاتھ میں رہا (Anna Comnena، طبع Leib، ۳ : ۲۷)۔ ۵۱۳ھ/۱۱۱۹ء میں جون کمنینوس John Comnenus نے اس پر دوبارہ قبضہ کیا اور اسے مستحکم کر دیا (.Cinn، ص ۵ ؛ Nicetas، ص ۱۷)۔ گو ترکی قبائل نے، جو قریب قریب انھیں ایام میں اس ضلع میں آباد ہوے تھے، ۵۵۳ھ/۱۱۵۸ء اور ۵۸۵ھ/۱۱۸۹ء میں اسے تاراج کیا، تاہم وہ ۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء تک بوزنطیوں ہی کے ہاتھوں میں رہا (.Cinn، ص ۱۹۸ ؛ Nicetas، ص ۱۶۳، ۵۲۳) تاآنکہ اس تاریخ کو تھیوڈور لاسکاریس Theodore Lascaris لاودیکیا اور چوناس Chonae (موجودہ خوناس) کو مانویل موروزومیس Manuel Mavrozomes کے حوالے کر دینے پر مجبور ہوگیا، جو غیاث الدین کیخسرو اول کا خسر تھا (Nicetas، ص ۸۳۲؛ ہوتسما Houtsma : *Rec. de textes rel. à l'hist. des Seldj.*، ۳: ۶۶ تا ۶۷ و ۴ : ۲۶)؛ تاہم ۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء میں عزالدین کیکاؤس ثانی نے یہ شہر میخائیل پلیولو جوس Michael Palaeologus کو دے دیا، تاکہ وہ اس سے اپنے بھائی رکن الدین اور مؤخرالذکر کے حلیف مغول کے خلاف امداد حاصل کر سکے ؛ لیکن مختصر سی یونانی محافظ فوج زیادہ دیر تک مدافعت نہ کر سکی (Acropolitus، ص ۱۵۳ تا ۱۵۴) اور دو سال بعد یہ شہر ایک بار پھر ترکمانوں کے ہاتھوں میں چلا گیا۔ تقریباً اسی زمانے میں مشرق دستاویزات میں لادیق کے ساتھ ساتھ سب سے پہلے طونزلو کا ذکر آتا ہے ؛ یہ نام بعد میں تبدیل ہو کر دنزلی ہوگیا اور چودھویں صدی عیسوی میں اس نے لادیق کی جگہ لے لی۔ ۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء میں اس ضلع کے ترکمان سردار محمد بیگ نے (جسے اسی نام کے قرامانی سردار کے ساتھ جو ۶۷۵ھ/۱۲۷۷ء میں فوت ہوا اور محمد بیگ ایدین اوغلو کے ساتھ، جو ۷۳۴ھ/۱۳۳۴ء میں فوت ہوا،خلط ملط نہیں کرنا چاہیے) عزالدین کیکاؤس کے خلاف بغاوت کر دی اور اس ضلع کو فتح کر لیا۔ پھر سلجوقی سلطان کی اطاعت سے انکار کرکے اس نے ہولاگو سے طونزلو ، خوناس (Honaz) اور طالمانی (Dalaman) کے شہروں کی باقاعدہ تحویل کے لیے فرمان کی درخواست کی۔ اس طرح دنزلی کی پہلی ترکمان ریاست کی بنیاد رکھی گئی، لیکن یہ چند روزہ ثابت ہوئی۔ ۶۶۰ھ/۱۲۶۲ء میں رکن الدّین کی درخواست پر ہولاگو نے محمد بیگ کے خلاف چڑھائی کر دی۔ محمد بیگ نے شکست کھائی اور موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ اس کا داماد علی بیگ علاقے کے ترکمانوں کا سردار بن گیا،

marfat.com
Marfat.com

لیکن لادیق اور خوناس کے شہر ان مقبوضات میں شامل کر دیے گئے جو ۶۶۹ھ/ ۱۲۷۱ء میں وزیر فخرالدین علی کے بیٹوں کو عطا ہوے تھے ۔ اس میں شک نہیں کہ علی بیگ نے محض دوبارہ آزادی حاصل کرنے ہی کے لیے ۶۷۵ھ/۱۲۷۷ء میں جمْری اور محمد قرامانی کی بغاوت میں حصہ لیا تھا، لیکن اس نے سلطان کی فوج کے ہاتھوں شکست کھائی اور مارا گیا ۔ بہر کیف مرکزی حکومت کی کمزوری کے نتیجے میں طونزلو ۔ لادیق کا خطہ گرمیان کے ترکمان امیروں کے ہاتھ آ گیا، جنھوں نے تیرھویں صدی عیسوی کے آخری ربع میں کوتاھیہ کے شہر پر قبضہ کرتے ہی اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا ۔ العمری اور ابن بطوطہ کے بیانات کی رو سے، جنھوں نے ۷۳۰ھ/۱۳۳۰ء اور ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء میں اس شہر کی سیاحت کی، طونزلو اور نواحی علاقہ اس وقت گرمیان خاندان کے ایک امیر ینبج [=اینانج] بیگ کے قبضے میں تھا ۔ بہر حال یہ شہر، گو اب بھی خوشحال تھا، منتشہ کے ترکمان امیروں کی فتوحات کی وجہ سے اپنی قدر کھو چکا تھا، جنھوں نے تیرھویں صدی عیسوی کے اواخر میں کاریہ Caria کے ساحلی علاقے پر قبضہ کر لیا ۔ طونزلو، جس کے متعلق منتشہ کے امیروں اور گرمیان کے درمیان تنازع تھا، نتیجةً سرحدی چوکی کے طور پر اپنی حیثیت کھو بیٹھا اور وہ پھر کسی اہم ریاست کا مرکز نہ بن سکا ۔ ۷۹۲ھ/۱۳۹۰ء میں طونزلو ۔ لادیق کا ضلع بھی اسی وقت گرمیان کی امارت کی حیثیت سے سلطنت عثمانیہ کو واپس مل گیا ۔ تیمور نے طونزلو عارضی طور پر گرمیان کو واپس کر دیا ؛ وہ ۱۴۰۲ء کے موسم خزاں میں وہاں ٹھیرا ۔ بایزید ثانی کے عہد حکومت میں اس کا ایک فرزند اس شہر میں مقیم رہا ۔ ان دنوں وہ ایک لواء کا ، جو اناطولیہ کی ایالت کے ساتھ ملحق تھی، سب سے بڑا شہر تھا ۔ سترھویں صدی میں اس کا درجہ گھٹا کر اسے قضاء بنا دیا اور کوتاھیہ کی سنجاق کے ساتھ ملا دیا گیا ۔ یہی زمانہ تھا جب طونزلو کے نام کی جگہ دنزلی نے لے لی، چنانچہ اسی نام سے اس شہر کا ذکر اولیا چلبی اور کاتب چلبی کے بیانات میں آیا ہے ۔ ان سیاحوں کے قول کے مطابق دنزلی اس وقت چوبیس محلوں میں منقسم تھا اور اس میں سات مسجدیں تھیں ؛ ایک چھوٹا سا قلعہ بازار کی حفاظت کرتا تھا اور لوگ اصل شہر سے باہر باغوں اور کھیتوں میں مکان بنا کر رہتے تھے ۔ یہی صورت حال آج کل بھی پائی جاتی ہے اور انیسویں صدی عیسوی کے یورپی سیاحوں کے بیانات کے خلاف یہ صورت اس خوفناک زلزلے کا نتیجہ نہیں جو ۱۷۰۲ء میں اس شہر میں آیا تھا اور جس میں بارہ ہزار جانیں تلف ہوگئی تھیں ۔ اگرچہ دنزلی کو دوبارہ وہ اہمیت حاصل نہیں ہو سکی جو اسے قرون وسطٰی میں حاصل تھی، لیکن جب سے جمھوریہ قائم ہوئی ہے یہ ایک دفعہ پھر روز بروز خوشحال ہو رہا ہے ۔ ۱۸۹۱ء میں ایک ریلوے لائن بچھائی گئی جس نے دنزلی کو براہ گنجلی، ازمیر ۔ اگردیر لائن کے ساتھ ملا دیا ۔ دنزلی، جو انیسویں صدی عیسوی کے اواخر میں سنجاق کا صدر مقام اور ولایت ایدین سے منسلک تھا ، قیام جمھوریہ کے بعد ولایت دنزلی کا صدر مقام بن گیا ۔ [اس کی] آبادی ۱۹۴۰ء میں ۱۹۴۶۱ باشندوں پر مشتمل تھی (جب کہ ۱۹۲۷ء میں ۱۵۸۷۷ تھی) ۔ دنزلی میں اب ایک سرکاری ثانوی مدرسہ ہے اور یہ زراعتی پیداوار (پھل، اناج ، تمباکو، کپاس، تل اور پوست کے بیج)، نیز دستی صنعتوں (چمڑا رنگنے، کپڑا بننے اور قالین بافی) کا مرکز ہے ۔ قدیم شہروں کے آثار نے بھی، جو اس علاقے میں بکھرے پڑے ہیں (Laodicaea، Hierapolis، Hydrela، Kolossai، Chonae کے کھنڈر)، اسے سیاحت کا ایک اہم مرکز بنا دیا ہے ۔

**مآخذ :** (۱) ہوتسما Houtsma : *Recueil* ، ۳ : ۶۶ تا ۶۷ و ۴ : ۲۶، ۲۸۸ تا ۲۸۹، ۳۰۸، ۳۳۳؛ (۲) العمری، در *Not. et. Ext. des MSS de la Bibl. Nat.*،

Marfat.com

۱۳ : ۳۵۸ تا ۳۵۹؛ (۳) ابن بطوطه، طبع Defrémery و Sanguinetti، ۲ : ۲۷۰ تا ۲۷۷؛ (۴) اولیا چلبی : سیاحت نامه، استانبول ۱۹۳۵ء، ۹ : ۱۹۲ تا ۱۹۵؛ (۵) کاتب چلبی : جهان نما، طبع ابراهیم متفرقه، استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء، ص ۶۳۴؛ (۶) Pauly-Wissowa، ج۱۲، بذیل مادۂ Laodikeia؛ (۷) ریمزے W. M. Ramsay : The cities and bishoprics of Phrygia، آوکسفرڈ ۱۸۹۵ء، ۱ : ۳۲ تا ۸۳؛ (۸) V. Cuinet : La Turquie d'Asie، پیرس ۱۸۹۴ء، ۳ : ۶۱۴ تا ۶۲۸؛ (۹) A. Philippson : Reisen und Forschungen im Westlichen Kleinasien، گوتھا Gotha، ۱۹۱۳ء، ۴ : ۶۷ تا ۷۰، ۸۵ تا ۱۰۷؛ (۱۰) اوزون چار شیلی : کتاب لر، استانبول ۱۹۲۹ء، ۲ : ۱۸۱ تا ۲۰۹؛ (۱۱) Cl. Cahen : Notes pour l'histoire des Turcomans d' Asie Mineure، در JA، ۲۳۹ (۱۹۵۱ء) : ۳۳۵ تا ۳۴۰؛ (۱۲) Besim Darkot، در ااِ، ت، ج۳، بذیل مادۂ دنزلی .

(I. MÉLIKOFF)

* **دُنغُزلُم** : رک بہ دِنزلی .

* **دُنْقُلَه** : (عربی)، Dongola؛ [متبادل شکل :] دنقلا؛ متروک اشکال : دُمقُلہ اور دَمقَلہ ؛ نوبیا میں دو شہروں کا نام اور زیادہ عمومیت کے ساتھ اس ساحلی خطے کا نام جس کا انحصار ان دو شہروں پر ہے۔ یہ سارا علاقہ موجودہ جمہوریۂ سوڈان میں واقع ہے ۔ دنقلہ کے مستعرب نوبی لوگ دناقلہ کہلاتے ہیں ۔ ان کا یہ نام قبیلے کی نسبت سے نہیں بلکہ علاقے کی نسبت سے ہے .

(۱) دُنْقلة العَجُوز (قدیم دنقلہ) دریاے نیل کے دائیں کنارے اس جگہ واقع ہے جہاں عہد قبل اسلام کا شہر اور ، سیحی سلطنت کا دارالحکومت المَقُرّہ آباد تھا ۔ ۳۱ھ/۶۵۲ء میں اسلامی] لشکر نے عبداللہ بن سعد بن ابی سَرح [رک بآں] کی زیر سر کردگی اس شہر کا محاصرہ کیا تھا، لیکن ایک معاہدہ (بَقْت [رک بآں]) طے پاجانے کے بعد یہ محاصرہ اٹھا لیا گیا ۔ اس معاہدے کے نتیجے میں نُوبیا اور مصر کے درمیان چھے صدیوں تک کے لیے باضابطہ طور پر تعلقات استوار ہو گئے ۔ ازمنۂ وسطٰی کے دنقلہ کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ اس شہر کے گرد فصیل تھی اور اس میں بہت سے گرجے، بڑے بڑے مکانات اور کشادہ سڑکیں تھیں۔ سرخ اینٹوں سے بنے ہوے گنبدوں والا قصر شاہی ۳۹۲ھ/۱۰۰۲ء میں تعمیر ہوا تھا ۔ مسیحی نُوبیا کے مکمل زوال کے بعد دنقلہ ایک اسلامی شہر بن گیا ۔ یہاں کی مسجد میں ۱۶ ربیع الاول ۷۱۷ھ/مئی ۱۳۱۷ء کا لکھا ہوا ایک عربی کتبہ موجود ہے ۔ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں فُنْج [رک بآں] کا وفاقی نظام قائم ہونے پر دُنقلہ ایک ماتحت سلطان (مَکّ) کے صدر مقام کی حیثیت سے دوبارہ منظر عام پر آیا ۔ شمال میں اس کا حلقۂ اختیار [دریاے نیل کے] تیسرے آبشار (Third Cataract) تک بڑھ گیا تھا ۔ یہ جگہ فُنْج سلطنتوں اور برابرہ [رک بآں] کے مابین حد فاصل تھی، جو عثمانی سیادت کو تسلیم کر چکے تھے۔ گیارھویں صدی ھجری/سترھویں صدی عیسوی کے اواخر میں شَیقیّة وفاق کے عروج کے بعد شمال سے جنوب کو جانے والی شاہراہیں دنقلہ کے علاقے سے ایک طرف ھٹ کر گزرتی تھیں ۔ آخری دنوں میں یہ علاقہ شیقیہ اور جدید دُنقلہ میں پناہ لینے والے مالیک دونوں کی ترک تازیوں کی آماجگاہ بن گیا تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کے چھوٹے چھوٹے حکمرانوں نے اسمٰعیل کامل پاشا کی ترک مصری افواج کا خیر مقدم کیا ، جس نے ۱۲۳۶ھ/۱۸۲۰ء میں ان غارت گر فوجی اشراف کی حکومتوں کو کچل دیا .

(۲) دُنْقلہ جدید (العُرضی، یعنی اردو، بمعنی لشکر گاہ)، جو آج کل اس خطے کا اھم ترین شہر ہے، اس جگہ آباد ہوا جہاں ۱۲۲۶ھ/۱۸۱۱ء میں محمد علی پاشا کی گرفت سے بچ نکلنے والے مملوکوں نے اپنی بستی

marfat.com
Marfat.com

بسا لی تھی۔ آگے چل کر دنقلۂ جدید ایک کاشف (بعد ازاں مدیر=گورنر) کا صدر مقام اور صوبۂ دنقلہ کا دارالحکومت ہوگیا۔ ۱۸۸۶ء اور ۱۸۹۶ء کے مابین یہاں سہدوی فوجی گورنر (عمّال: واحد: عامل) حکومت کرتے رہے۔ ۱۸۹۶ء میں کِچنر کی سہم دنقلہ کا صوبے کی از سرنو تسخیر پر گہرا اثر پڑا۔ اس وقت یہ مقام اپنی انفرادی حیثیت کھو چکا تھا کیونکہ مشترک حکومت (Condominium) کے دور میں اسے وادی حَلفا اور بَربَر [رَکَ باں] میں مدغم کر کے شمالی صوبہ بنا دیا گیا تھا۔

**مآخذ**: ازمنۂ وسطی کے منتشر بلکہ سرسری حوالوں کی فہرست کے لیے دیکھیے (۱) میسپرو Maspero و وائٹ Wiet : *Metériaux*، ص ۹۰؛ نیز (۲) کرافورڈ O. G. S. Crawford : *The Fung Kingdom of Sennar*، گلوسٹر Gloucester ۱۹۵۱ء، بالخصوص ص ۳۳ تا ۳۶؛ ۱۶۹۸ء میں قدیم دُنقلہ کی کیفیت کے لیے دیکھیے (۳) Ch. J. Poncet: *A voyage to Ethopia*، لنڈن ۱۷۰۹ء، نیز اس کتاب کی اشاعت ثانی، طبع فوسٹر Sir William Foster، بعنوان *The Red Sea and adjacent countries at the close of Seventeenth century*، (Hakluyt Society، سلسلۂ دوم، عدد C)، لنڈن ۱۹۴۹ء، ص ۹۹ تا ۱۰۰؛ (۴) ۱۸۲۱ء میں اس کا ذکر L.M.A. Linant de Bollefonds : *Journal d'um voyage à Méroé*، طبع M. Shinnie، خرطوم ۱۸۵۲ء، ص ۳۲ تا ۳۴، میں آیا ہے؛ (۵) سہدوی دور کی سرکاری مراسلت، جو خرطوم میں حکومت سوداں کے محافظ خانے میں محفوظ ہے۔

(P. M. Holt)

* **دَنقَلی**: (جمع دناقل)، ایک قبیلہ، جو بحیرۂ احمر کے مغربی ساحل پر زُولہ (۳۹ درجے ۱۵ دقیقے مشرق، ۱۵ درجے ۱۰ دقیقے شمال) کے نواح سے لے کر فرانسیسی صومالیہ تک آباد ہوا ہے اور اندرون ملک کی سخت گرم اور ویران سر زمین میں حبشہ کی سب سے بڑی پہاڑی ڈھلان کے دامن تک دسّیہ سے عَصّاب جانے والی سڑک کے دونوں طرف پھیلا ہوا ہے۔ اس قبیلے کے لوگ زیادہ ترخانہ‌بدوش ہیں، لیکن سب کے سب نہیں، کیونکہ ان میں مویشی پالنے والے بعض ایسے گروہ بھی ہیں جنھوں نے ساحل اور اندرونی علاقے میں متعدد نیم مستقل بستیاں اور چند بڑے دیہات بسا رکھے ہیں، جہاں معدودے چند لوگ کاشتکاری بھی کرتے ہیں۔ ان کے دوسرے پیشے ماہی گیری اور کانوں سے نمک نکالنا ہیں۔ بڑے بڑے مستقل دیہات میں آج کل منڈیاں اور پولیس کی چوکیاں قائم ہیں اور ان کی صدیوں کی مکمل علٰحدگی اب بتدریج ختم ہوتی جا رہی ہے۔ معیار زندگی عام طور پر بہت ہی زیادہ پست ہے اور یہ غیرمعمولی موسمی شدتوں اور (ماضی میں) حبشہ کے پہاڑی علاقوں کی طرف سے بے رحمانہ اور مسلسل یلغاروں کا نتیجہ ہے۔ دَنقلی کے لوگوں کی فطرت شکی، متلوّن اور وحشیانہ خیال کی جاتی ہے۔ یورپ والوں نے اول اول عَصّاب کو مرکز بنا کر حالات معلوم کرنے کی کوششیں کیں تو ان پر قاتلانہ حملے کیے گئے اور Müntzinger (۱۸۷۵ء)، Giuletti (۱۸۸۱ء) یا Bianchi (۱۸۸۴ء) کی فرنگی سہموں سے، جو اس غرض سے بھیجی گئی تھیں، کوئی شخص زندہ بچ کر نہ آیا۔

دناقل حامی نسل کے نمائندے معلوم ہوتے ہیں، جن میں قدیم زمانے میں عرب، صومالی اور دیگر نسلیں بکثرت مدغم ہوگئیں۔ اصل نسل کے متعلق ان کی اپنی کہانیاں سب کی سب اساطیری ہیں، لیکن ان سے مُبہم طور پر بیرونی حملوں اور معاشرتی تبدیلوں کا پتا چلتا ہے، نیز اس صورت حال کی وجہ معلوم ہو جاتی ہے جو ارِتریا اور شمالی حبشہ میں بھی کم و بیش موجود تھیں، یعنی ایک نسبۃً چھوٹی حکمران جماعت رتیے، آزادی اور معاشی اعتبار سے ایک بڑی لیکن نیم غلام جماعت پر فوقیت رکھتی ہے اور پھر ان دونوں کا فرق قوم کو مزید

Marfat.com

برادریوں اور ذیلی قبیلوں میں تقسیم کر دیتا ہے، جن پر دناقل مشتمل ہیں۔ یہ لوگ ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵ء اور ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۲ء کے مابین ارتریا (یعنی اطالوی اور برطانوی علاقے) اور حکومت حبشہ میں بٹ گئے۔ ان میں کبھی کوئی سیاسی وحدت نہ تھی اور نہ اس کا کوئی نشان ہی ملتا ہے۔ ان میں باھمی میل جول بھی صرف اسی قدر ہے جتنا ایک مشترکہ بولی، مشترکہ مذہب اور معاشی زندگی کی یکسانی کی بنا پر ہو سکتا ہے۔ فقط ایک ہی حکمران سلطان آوسہ، جو سردو میں رہتا تھا، ایسا ہوا ہے جس کا چھوٹے گروہ یا ذیلی قبیلے کے علاوہ اوروں میں بھی احترام کیا جاتا تھا۔ ۱۹۵۴ء میں دناقل کی تعداد غالباً پچاس ہزار سے اسّی ہزار تک تھی۔

دنقلی زبان کو، جسے عَفر بھی کہتے ہیں، جنوبی حامی گروہ کی کسی زیریں شاخ کی ایک بولی قرار دے سکتے ہیں۔ یہ (زُولہ کے مغرب اور جنوب میں سطح مرتفع پر رہنے والے قبائل کی) سَہو زبان سے بہت ملتی جُلتی ہے، اور اس کا صومالی بولیوں سے بھی رشتہ ہے۔

مآخذ: (۱) M. Nesbitt: *La Dankalia esplo-rata*، فلورنس ۱۹۳۰ء؛ (۲) O. Dante: *La Dankalia Settentrionale*، اسمارہ ۱۹۰۹ء؛ (۳) A. Pollera: *Le Popolazioni indigene dell' Eritrea*، Bologna ۱۹۳۵ء؛ (۴) برطانوی عسکری انتظامیہ ارتریہ (بواسطۂ S. F. Nadel): *Races and Tribes of Eritrea*، اسمارہ ۱۹۴۳ء؛ (۵) D. Buxton: *Travels in Ethiopia*، لنڈن ۱۹۴۹ء۔

(S. H. Longrigg)

* دِنگن: (دُونگن، تُنگن)، چینی مسلمانوں کا نام، رک بہ چین؛ ترک؛ ترکستان۔

* دِنّی: (دِنّیہ) جمہوریۂ سوڈان کا ایک شہر، جو ٹمبکٹو سے ۳۶۰ کیلومیٹر جنوب مغرب میں اور سکو سے ۲۰۰ کیلومیٹر مشرق شمال مشرق میں ۱۳ درجے ۵۵ دقیقے طول بلد شمالی اور ۴ درجے ۳۳ دقیقے عرض بلد غربی (گرینچ) پر سطح سمندر سے ۲۷۸ میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔

دِنّی کا (جسے اکثر غلطی سے دجنہ لکھا جاتا ہے) اشتقاق نامعلوم ہے، لیکن شاید یہ دائنہ (Dianna) =چھوٹا دِیَہ ہو (دیَہ ایک قدیم سوڈانی شہر ہے، ۷ کیلومیٹر شمال مغربی جانب)۔ دنّی کا ذکر اول اول Genoese Malfante نے ۱۴۴۷ء میں، بذیل Geni، کیا تھا۔

دنّی دریاے نائجر اور دریاے بنی کے سیلابی علاقے میں مؤخرالذکر کے بائیں کنارے سے ۵ میل پر واقع ہے اور ایک نہر کے ذریعے، جس میں جہاز رانی ہوتی ہے، اسے دریا سے ملا دیا گیا ہے۔ اس کی تعمیر ریتلی مٹی کی ایک پہاڑی پر ہوئی، جو سیلاب کی زد میں تو نہیں آتی لیکن چاروں طرف سے پانی میں گھری رہتی ہے، خصوصاً سیلاب کے موسم میں، جو عموماً اگست سے فروری تک رہتا ہے اور جس میں یہاں آمد و رفت آسان ہو جاتی ہے، اس لیے کہ دریاے نائجر اور بنی کے درمیان قابل جہاز رانی نہروں کا جال بچھا ہوا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ اھم اور بکثرت استعمال ہونے والی نہر کُوکَرُو ہے۔ خشک موسم میں الراس شہر اور اس کے آس پاس کے ضلعوں میں کچی سڑکوں کے ذریعے آمد و رفت ہوتی ہے، جن پر موٹر گاڑیاں بھی چل سکتی ہیں۔

یہ معلوم نہیں اس شہر کی بنیاد کب رکھی گئی۔ تاریخ السودان، بترجمۂ Houdas، ص ۲۳، میں مذکور ہے کہ پہلی بستی زبرو میں قائم ہوئی اور شہر کی بنیاد ۱۵۰ھ/۷۶۷ء کے لگ بھگ رکھی گئی اور باشندے ۵۰۰ھ/۱۱۰۶ء کے قریب مشرف بہ اسلام ہوے؛ لیکن غالب گمان یہ ہے کہ یہ شہر آگے چل کر آباد ہوا ہوگا۔ M. Delafosse کے نزدیک ۶۴۸ھ/۱۲۵۰ء میں اور نونو (the Nono)، یعنی سوننکہ Soninke تاجروں نے آباد کیا۔ وہ کہتا ہے کہ باشندے غالباً

marfat.com
Marfat.com

. . . ۱۳۰۰/۷۰۰ء کے لگ بھگ مسلمان ہوے . . . .
[مزید تفصیل کے لیے دیکھیے 1، لائڈن، بار دوم، بذیل مقالہ].

**مآخذ:** (۱) P. de Cenival و Th. Monod: *Description de la Côte d'Afrique de ceuta au Sénégal par valentim Fernandes (1506-7)*، پیرس ۱۹۳۸ء؛ (۲) تاریخ الفتّاش، مترجمۂ O. Houdas و M. Delafosse، پیرس ۱۹۱۳ء؛ (۳) تاریخ السودان، مترجمۂ O. Houdas، پیرس ۱۹۰۰ء؛ (۴) Leo Africanus: *Description de l'Afrique*، ترجمه از Épaulard، پیرس ۱۹۵۶ء، ۲: ۴۶۴ تا ۴۶۵؛ (۵) R. Caillié: *Journal d'un voyage à Tombouctou et à Dienne dans l'Afrique centrale*، پیرس ۱۸۳۰ء، ج ۲، باب ۱۸؛ (۶) *Reisen und Entdeckungen in Nord und Zentral Afrika in 1849-1855*، Gotha ۱۸۵۷ - ۱۸۵۸ء، ج ۴؛ (۷) F. Dubois: *Tombouctou la mystérieuse*، پیرس ۱۸۹۶ء، باب ۵ تا ۶؛ (۸) Ch. Monteil: *Monographie de Djénné*، Tulle ۱۹۰۳ء؛ (۹) A. H. Ba و J. Daget: *L' Empire du Macina* ج ۱ (۱۸۱۸ء - ۱۸۵۳ء)، IFAN، بماکو ۱۹۵۵ء.

(R. Mauny [تلخیص از ادارہ])

⊗ **الدُّنیا:** (ع) مادہ د ن و سے دنٰی یدنُو دُنُوًّا: اَدْنٰی بھی اسی سے ہے۔ لسان میں ہے: الدُّنیا . . . اسم لہذہ الحیاۃ لِبُعد الآخرۃ عنہا والسَّماءُ الدنیا لقُربِہا من ساکنی الارض۔ امام راغب کی مفردات میں ہے کہ دُنُوّ کے معنی قریب ہونے کے ہیں اور یہ قرب ذاتی، حکمی، مکانی اور زمانی بھی ہو سکتا ہے اور بلحاظ مقام اور مرتبہ بھی۔ لفظ ادنٰی کبھی بمعنی اصغر آتا ہے؛ اس صورت میں یہ اکبر کے بالمقابل استعمال ہوتا ہے۔ کبھی ادنٰی بمعنی ارذل استعمال ہوتا ہے۔ اس وقت اس کا استعمال خیر کے مقابلے میں ہوتا ہے؛ کبھی بمعنی اول استعمال ہوتا ہے اور آخر کے مقابل میں بولا جاتا ہے۔ کبھی ادنٰی بھی آخر میں آتا ہے اور اقصی کے بالمقابل استعمال ہوتا ہے۔

قرآن مجید میں یہ لفظ ایک سو پندرہ مرتبہ آیا ہے اور اکثر آخرۃ [رَکَ بآن] کے مقابلے پر آیا ہے۔ کبھی کبھی یہ لفظ حیاۃ سے مل کر ترکیب (حیٰوۃ الدنیا) کی صورت میں آتا ہے اور سماء الدُّنیا کی ترکیب بھی ایک سے زائد مرتبہ استعمال ہوئی ہے، جس کے معنی ہیں سب سے نیچے کا آسمان۔ کائناتی لحاظ سے دنیا وہ ہے جو گردش لیل و نہار کے اندر محدود ہے، آسمان اس کے اوپر سایہ کیے ہوے ہے اور زمین اسے تھامے ہوے ہے۔ یہ عالم الشہادۃ ہے، جسے آنکھ دیکھ سکتی ہے، اگرچہ اس کا ایک باطن بھی ہے جس کا عالم خدا ہے (عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ، ۲۳ [المؤمنون]: ۹۲)۔ قرآن مجید کی آیات سے دو نتیجے بآسانی نکلتے ہیں: اول یہ کہ قرآن کی رُو سے دنیا اور آخرۃ دونوں کائنات کی حقیقت میں شامل ہیں اور ایک مؤمن سے یہ توقع ہے کہ ان دونوں کی فلاح و سعادت کے لیے کوشاں ہو۔ خدا پرستی اور دین داری، دنیوی معیشت اور ترقی کے خلاف نہیں، اس لیے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً (۲ [البقرہ]: ۲۰۱) کی دعا سکھائی گئی ہے، جس میں دنیا و آخرۃ دونوں کے کمالات کے حصول کی التجا کی گئی ہے۔ حج کے احکام کے سلسلے میں حکم ہوا: . . . . . لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلاً مِّنْ رَّبِّکُمْ [= . . . . اس میں تمھارے لیے کوئی گناہ نہیں کہ (اعمال حج کے ساتھ) تم اپنے پروردگار کے فضل کی بھی تلاش میں رہو (یعنی کاروبار تجارت کا بھی مشغلہ رکھو)، البتہ ایسا نہ کرنا چاہیے کہ کاروبار دنیوی کے انہماک کی وجہ سے حج کے اوقات و اعمال سے بے پروا ہو جاؤ. . .] (۲ [البقرہ]: ۱۹۸)؛ لیکن اس امر کی ممانعت ہے کہ صرف دنیا (اسی زندگی) کو عین مقصود سمجھ لیا جائے اور آخرت کا انکار یا اس سے قطع نظر ہو جائے:

Marfat.com

اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ (۹ [التوبة] : ۳۸) = کیا تم آخرة کے مقابلے میں حیاة دنیوی کو پسند کرنے لگے ہو (ترجیح دیتے ہو) ؛ نیز ۱۶ [النحل] : ۱۰۷؛ ۵۳ [النجم] : ۲۹؛ ۷۹ [النازعات] : ۳۸؛ ۸۷ [الاعلٰی] : ۱۶) - ان سب آیتوں میں اس دنیاداری کی مذمت کی گئی ہے جسے آخرة کے مقابلے میں ترجیح دی گئی ہو.

ان ارشادات ربانی سے معلوم ہوا کہ دین اسلام دنیا کا مخالف نہیں بلکہ اس دنیا پرستی کا مخالف ہے جو انسان کو خدا پرستی، نیکی اور جزا و سزا کے عقیدے سے غافل کر دیتی ہے - انسان کی اس ذہنی و قلبی حالت کو قرآن مجید نے ناپسند کیا ہے اور اس قسم کی دنیا طلبی اور نفع پرستی سے حاصل کی ہوئی دولت اور متاع کو متاع الغرور (فریب، غرور، بے ثبات اور گمراہی) قرار دیا ہے : وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (۳ [آل عمران] : ۱۸۵ و ۵۷ [الحدید] : ۲۰) ؛ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وَ لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا (۴ [النسآء] : ۷۷)؛ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا (۶ [الانعام] : ۷۰)؛ نیز دیکھیے ۶ [الانعام] ۱۳۰؛ ۷ [الاعراف] : ۳۲، ۵۱ - قرآن مجید میں قبیح دنیا داری کو جن وجوہ سے مذموم قرار دیا گیا ہے ان کی فہرست اس آیت میں موجود ہے : اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ (۵۷ [الحدید] : ۲۰ = جان لو کہ حیاة دنیا (جو آخرة کے تصور کے بغیر اور جزا سزا کے خیال کے بغیر ہو) لہو و لعب سے زیادہ کچھ نہیں، اور نمائش اور تفاخر ہی اس کا کل مقصد ہے - ان حوالوں سے ظاہر ہوا کہ اسلام کا تصور دنیا فقط یہ ہے کہ یہ بھی حقیقت ہے، مگر آخرت کے عقیدے کے بغیر (جس کے ساتھ عمل صالح لازم ہے) یہ ناقص ہی نہیں، موجب فساد و تباہی ہے.

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ دنیا کا حصول ایک اخلاق اصول کا طلبگار ہے، اسی لیے ایسی دنیا طلبی کے ساتھ قرآن مجید نے حَسَنَةٌ کا لفظ استعمال کیا ہے - حسنة کے معنی میں خوش حالی، اطمینان اور نیکی تینوں چیزیں شامل ہیں - حسنة کے تصور سے یہ بھی مترشح ہے کہ اس سے وہ قباحتیں خارج ہونگی جن کا ذکر اوپر آچکا ہے، یعنی زینة، تفاخر اور لہو و لعب (بے مقصدیت)۔ ظاہر ہے کہ دنیا داری کا یہ رنگ اچھے معاشرے کے لیے ایک تمدنی مصیبت ہے، نیز باعث فساد اور موجب عدم توازن ہے - اس میں شبہہ نہیں کہ مال اور اولاد (المال والبنون) اور بیوی بچے حیات دنیوی کی زینت (رونق اور زَهْرَةَ الحیاة الدنیا) ہیں، لیکن اگر صرف یہی ہو تو زندگی بے جہت ہو جاتی ہے - دنیا کا یہی تصور آنحضرت صلی اللہ علیه و آلہ وسلّم اور ان کی پیروی میں صحابہ رضؓ اور ائمۂ تابعینؒ نے پیش کیا - اس امر کے ثبوت میں کہ عملی طور پر مسلمانوں میں یہ عقیدہ رچا بسا ہوا تھا یہ ثبوت کافی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیه و آلہ وسلّم، صحابہؓ، تابعینؒ اور بعد کے زمانوں میں مسلمانوں نے وسیع فتوحات ملکی کے ساتھ غیر معمولی اور قابل فخر علمی کارنامے انجام دیے اور زندگی کے عمل کو ایک کار خیر سمجھ کر تسخیر و انکشاف کو اپنی حد تک درجۂ کمال تک پہنچا دیا.

دوسری تیسری صدی ہجری میں زہد و تصوف کے کچھ مسلک ظہور میں آئے، جن کے زیر اثر ترکِ دنیا اور ترکِ سعی کی تلقین ہوئی، لیکن یہ انتہا پسند صوفیوں اور زاہدوں کا مسلک تھا - جن معتدل صوفیہ کی نظر روح شریعت پر رہی، انھوں نے بری دنیاداری سے بچنے کی تلقین کرنے کے ساتھ ساتھ کسب معاش اور سعی و عمل کو ضروری قرار دیا ہے.

علی ہجویریؒ نے کشف المحجوب میں باب فقر میں اس مسئلے پر طویل بحث کی ہے اور مختلف آرا دی ہیں - ان میں یہ قول بھی درج کیا ہے : "فقیر نہ آن بود کہ دستش از متاع و زاد خالی بود، بلکہ فقیر آن بود کہ طبعش از مراد خیال خالی بود".

marfat.com
Marfat.com

بعض لوگ اصحاب صُفّہ کی موجودگی سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ اسلام نے فقر (یعنی کسب معاش کے لیے ترکِ سعی) کو پسندیدہ قرار دیا ہے، لیکن یہ صحیح نہیں ۔ اصحاب صُفّہ صحابہ کی کثیر جماعت کے مقابلے میں ایک مختصر سا گروہ تھا اور اسے بھی بے کار اور تارک الدنیا کہنا غلط ہے کیونکہ یہ گروہ خدمات دینی کے لیے وقف تھا، جس کی معاشی ذمے داری امت پر تھی ۔ یہ بزرگ وقتًا فوقتًا سعی معاش کے علاوہ خدا کے دین کی خدمت بھی کرتے تھے اور یہ سعی کی اشرف صورت ہے ۔ امام غزالیؒ نے احیاء علوم الدین اور کیمیاے سعادت وغیرہ میں دنیا کے موضوع پر مفید بحث کی ہے ۔ انھوں نے لکھا ہے کہ دنیا کو اس لیے یہ نام دیا گیا ہے کہ یہ مرگ کے قریب کی منزل ہے ۔ دنیا کا مقصد زاد آخرت ہے (الدّنیا مزرعة الآخرة) ۔ ان کا یہ قول قابل توجہ ہے : "باین مذمت کہ دنیا را کردہ آمد گمان مبر کہ ہرچہ در دنیا ست مذموم است بلکہ در دنیا چیزھا ست کہ آن نہ از دنیاست، چہ علم و عمل در دنیا ست و نہ از دنیا ۔ مذموم دنیا آن باشد کہ مقصود ازان نہ کار دین بود بلکہ وے سبب غفلت و بطر و قرار گرفتن دل بود درین عالم (کیمیاے سعادت، فصل حقیقت دنیا) .

الغزالیؒ کے بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا اور تن کی ذمے داری (تعہد) خود اعلٰی مقاصد اور آخرت کے لیے بھی لازمی ہے ، لیکن یہ حقیقت ان کے یہاں بلکہ پورے اسلامی ادب میں شدّ و مد سے نمایاں کی گئی ہے کہ " تعہد او بقدر حاجت کند" اور یہ اس لیے کہ اسلام میں زندگی کا اصل نصب العین مقاصد عالیہ کی پیش رفت ہے، تن پروری غرض اصلی نہیں ۔ اس میں شبہہ نہیں کہ اسلامی ادبیات میں بعض اوقات بے تعلقی اور ترک اسباب پر زور دیا گیا ہے ۔ اول تو یہ رجحان صوفیہ کے بعض انتہا پسند گروہوں کا ہے، جو بعض غیر اسلامی صوفیانہ تصورات سے متأثر ہوے؛

دوم یہ تاریخ کے بعض پر آشوب ادوار کے درد ناک واقعات (مثلاً حملۂ تاتار اور تیموز کی یلغاروں) کی وجہ سے بطور ایک ردّ عمل کے نمایاں ہوا ۔ ایک ایسا دور جس میں سیاست نے برادر کشی اور اخلاق باختگی کا روپ دھار لیا ہو اس میں زندگی کے اس گھناؤنے کاروبار کے خلاف طبائع میں بیزاری کا پیدا ہونا امر قدرتی ہے .

اس کے باوجود اکابر علما و حکما نے زندگی کو ایک معرکۂ عمل قرار دیا ہے اور اس سے فرار کا سبق نہیں سکھایا ۔ ابن خلدون نے اپنے مقدمے میں دنیا کو آخرت کی تجربہ گاہ قرار دے کر اس میں حسن زندگی کو انسان کا فطری تقاضا اور اس کا کمال ظاہر کیا ہے اور حضارت کو شرف انسانی کی علامت قرار دیا ہے ۔ امام ماوردی نے اپنی کتاب الاحکام السلطانیہ کا آغاز ان الفاظ میں کیا ہے : الامامة موضوعة لخلافة النبوة فی حراسة الدین و سیاسة الدنیا . . . . .

صوفیہ میں سے رومیؒ نے دنیا کی تشریح کرتے ہوے کہا ہے :

چیست دنیا از خدا غافل بُدن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

متأخرین میں سے شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے حجة اللہ البالغة میں بھی بحث ارتفاقات کے ضمن میں کی ہے اور ارتفاقات اربعہ سے ان کی مراد وہ چار درجے ہیں جن سے انسانی تمدن گزرتا ہے ۔ اس سلسلے میں انھوں نے لکھا ہے کہ کسی بھی پیغمبر نے رہبانیت کی تعلیم نہیں دی (اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا یہ قول تو مشہور ہے : لا رهبانیة فی الاسلام) ۔ وہ لکھتے ہیں : "اللہ تعالٰی کی خوشنودی اس سے حاصل نہیں ہوتی کہ آدمی ارتفاق ثالث (یعنی تمدن کے معاملاتی حصے میں بعض طبائع کی خود غرضی اور فساد) سے بیزار ہو کر اس سے علٰحدگی اختیار کر لے ۔ جنھوں نے لوگوں سے میل جول رکھنے اور خیر و شر میں ان کے

Marfat.com

شریک حال رهنے سے قطعاً علیحدگی اختیار کر کے پہاڑوں کی کھوؤں اور خانقاهوں کے تنگ و تاریک حجروں میں جا کر پناہ لی اور وحشیانہ زندگی بسر کرنا انھوں نے اختیار کر لیا ان کی یہ ادا حق سبحانہٗ تعالٰی کے هاں هرگز پسندیدہ نہیں" (اردو ترجمہ، از مولانا عبدالرحیم، ۱ : ۵۲۰)۔ اس کے ساتھ هی شاہ صاحب[۳] نے یہ لکھا هے کہ "ارتفاقات کے ایسے نظام کو بھی اللہ تعالٰی پسند نہیں فرماتا جس کا مقصد خوشحالی کی زندگی بسر کرنے کو منتہاے کمال (یعنی عیش پرستی) تک پہنچانا هو"۔ ان کے نزدیک تمام پیغمبروں کی تعلیم یہ هے کہ ارتفاقات کو باقی رکھ کر خدا کی یاد کو مناسب طریقے سے اس میں شامل کر دیں؛ دنیاوی معاملات میں بھی احکام و آداب شرعیہ کی پابندی کی تاکید کریں۔ صالح دنیا داری عیش پرستی سے مختلف شے هے۔

دنیوی زندگی کو آخرت سے وابستہ کرنے کی حکمت انھوں نے یہ بتائی هے کہ اعمال انسانی کے لیے ایک ایسا اخلاقی معیار مہیا هو جائے جو مثالی هو۔ اعمال بہر حال ایک مقصد کے تابع هیں اور مقصد اخلاقی هونا چاهیے تاکہ دنیا کا نظام مکمل طور پر چل سکے۔ جزا و سزا دنیا میں بھی مل سکتی هے؛ مگر هو سکتا هے کہ دنیا میں کوئی شخص جزا سے محروم رہ جائے، یا سزا سے بچ جائے، اس لیے آخرت سے بھی اسے وابستہ کر دیا هے تاکہ یقینی هو جائے۔ ابن مسکویہ اور امام غزالی کی طرح شاہ صاحب نے سعادت کو دنیوی زندگی کا نصب العین قرار دیا هے۔ دور آخر کے اسلامی ادبوں یا اسلام کے متعلق مستشرقین کی کتابوں میں دین و دنیا کی تقابلی بحث سابقہ ادوار کے مقابلے میں کچھ زیادہ آئی هے۔ اس کا سبب یہ هے کہ آخری صدیوں میں مختلف اسلامی ممالک میں تصوف کے بعض ایسے مسلک زور پکڑ گئے تھے جو ترک دنیا پر زور دیتے تھے، یا افلاطونی حکمت کے تحت شدید داخلیت نے نفوذ حاصل کر لیا تھا، جس پر اقبال نے (اور سرسیّد نے بھی) بڑی کڑی تنقید کی هے اور اس کے ساتھ کم کوشی اور تقدیر پرستی کے غلط تصور پر بھی لے دے کی هے۔ اس دور میں مغرب کی مادیت (Materialism) اور دنیویت (Secularism) کے نظریات بھی ایک چیلنج کے طور پر سامنے آئے۔ ان سے نئے مصنفوں کا ایک طبقہ متأثر بھی هوا، چنانچہ ترکیہ، مصر، شام اور هندوستان میں ایک مؤثر اقلیت دین اور دنیا (اور ضمناً مذهب اور سیاست) کو جدا جدا شعبے قرار دینے لگی؛ لیکن روایت سے وابستہ دینی نقادوں اور مفکروں کی اکثریت اس پر قائم هے کہ اسلام میں دین اور دنیا دونوں ایک کلّی حقیقت کے طور پر یک جا هیں اور دونوں ایک عظیم مقصد کے تحت لازمی هیں۔ ان نقادوں میں شبلی، اقبال، ابوالکلام، سلیمان ندوی، ابوالاعلٰی مودودی وغیرہ شامل هیں۔ علماے عرب میں مفتی محمد عبدہٗ، الاستاذ عبدالعزیز شاویش، رشید رضا، سیّد قطب شهید وغیرہ نے اسی خیال کا اظہار کیا هے [لیز رک به الآخرة].

**مآخذ :** متن میں مذکور کتابوں کے علاوہ (۱) غزالی : احیاء علوم الدین (مطبوعہ ۱۳۱۲ھ)، ص ۳، ۵۴، ۱۰۸؛ (۲) الابشیهی : المستطرف، آخری باب؛ (۳) اقبال : *Reconstruction of Religous Thought*؛ (۴) خلیفہ عبدالحکیم : *Islamic Ideology*؛ (۵) سید قطب شهید : اسلام کا نظام عدل اجتماعی (اردو ترجمہ)۔

(اداره)

**دُنَیْسَر :** بالائی عراق عرب میں، قرون وسطٰی کا ایک تباہ شدہ شہر (جو موجودہ ترکیہ کی سرحد کے اندر)، ماردین سے ۲۰ کیلومیٹر جنوب مغرب میں خابور کے ایک معاون دریا پر واقع هے۔ اس کی جگہ کی نشاندهی آج کل ایک کردی گاؤں کوچ حصار سے هوتی هے، جسے مغربی وقائع نگاروں نے کوسَر لکھا هے۔ دُنَیْسَر پہلے زمانے کا ایک قلعہ تھا عموماً اسے اور

marfat.com
Marfat.com

Dio Cassius کے *Adenystrai* کو ایک ہی مقام قرار دیا ہے، لیکن عہد اسلامی کے ابتدائی برسوں میں یہ کسی اہم مقام کی حیثیت سے مذکور نہیں؛ چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں کہیں جا کر اس کا نام ابن حوقل کے ایک مخطوطے میں نظر آتا ہے، جہاں اسے ایک منڈی کا مقام بتایا گیا ہے ۔ آگے چل کر ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی میں شہر دُنَیْسَر ایک تجارتی، زرعی اور علمی مرکز بن گیا، جس کی خوشحالی کی شہادت اَرْتُقی فرمانرواؤں کے حکم سے بنائی ہوئی عمارتیں دے رہی ہیں، مثلاً مسجدیں اور مدرسے، جن کے آثار آج تک باقی ہیں ۔ یہ شہر ایک وسیع میدان پر پھیلا ہوا تھا، جس کے گرد کوئی دیوار نہ تھی اور یہ ایک نالے کے پہلو میں واقع تھا، جسے ایک سنگی پل کے ذریعے عبور کیا جاتا تھا ۔ ابن جُبَیْر اس کے متعلق کہتا ہے : "یہ شہر پھولوں اور سبزیوں نباتات) کے باغات سے گھرا ہوا تھا اور آس پاس کے علاقے کے باشندے اس کی طرف کھنچے چلے آتے تھے ۔ جمعے سے اتوار تک یہاں ایک عوامی میلا لگا کرتا تھا" ۔ آگے چل کر دُنَیْسَر کا مرتبہ گر گیا اور وہ ماردین کا طفیلی ہو کر رہ گیا ۔

**مآخذ** : (۱) Pauly-Wissowa، بذیل مادّہ Adenystrai؛ (۲) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۴۹۳؛ (۳) Le Strange، ص ۹۶؛ (۴) A. Gabriel : *Voyages archéologiques dans la Turquie orientale*، پیرس ۱۹۴۰ء، ص ۴۵ تا ۵۳؛ (۵) ابن حوقل، در *BGA*، ۲ : ۱۵۱، حاشیہ ؛ (۶) ابن جُبَیر: رحلۃ، طبع ڈخویہ، ص ۲۴۰ تا ۲۴۲ و مترجمۂ Gaudefroy Demombynes، ص ۲۷۷ تا ۲۷۸؛ (۷) یاقوت، ۲ : ۶۱۲؛ علماے دُنَیْسَر کے لیے دیکھیے فرہنگ؛ (۸) براکلمان، ۱ : ۳۰۶ (۳۳۳) و تکملہ، ۱ : ۵۶۹ ۔

(D. SOURDEL)

— **دُنیویت** : (Secularism) رک بہ الدُّنیا ۔ ⊗

**دِنیہ** : (رک بہ دانیہ) ۔ *

**دَوا** : رک بہ اَدْوِیہ ۔ *

**دوآب** : (ف) لفظی معنی : دو دریا ـ برصغیر⊗ * پاک و ہند میں اس کا [اصطلاحی طور پر] اطلاق اس علاقے پر ہوتا ہے جو دو ساتھ ساتھ بہنے والے [اور آگے جا کر باہم مل جانے والے] دریاؤں کے درمیان واقع ہو، بالخصوص اس زرخیز علاقے پر جو اُتّر پردیش (بھارت) میں دریاے جمنا اور گنگا کے درمیان ہے ۔ پنجاب کے پانچ دریاؤں کے درمیان لمبوتری شکل کے جو قطعات بن گئے ہیں انھیں بھی دوآب [یا دوآبہ] کہتے ہیں، مثلاً ستلج اور بیاس کے درمیان بست دوآب (یا دوآبۂ بست جالندھر)، بیاس اور راوی کے درمیان باری دوآب، راوی اور چناب کے درمیان رچنا دوآب، چناب اور جہلم کے درمیان چج (یا چِچ) دوآب اور جہلم اور سندھ کے درمیان سندھ ساگر دوآب ۔ کہا جاتا ہے کہ ان دوآبوں کے نام شہنشاہ اکبر [رک باں] نے رکھے تھے (آئین اکبری، مترجمۂ H. S. Jerret، ۲ : ۳۱۵ ببعد) ۔ جنوبی ہند میں سب سے مشہور دوآب رائچور دوآب ہے، جو دریاے کِسْتْنا (کرشنا) اور تُنگبھدرا کے درمیان واقع ہے ۔ یہ دونوں دریا وجیا نگر کی ہندو ریاست اور دکن کی اسلامی ریاستوں کے درمیان ایک غیر مستقل سرحد کا کام دیتے تھے ۔

**مآخذ** : [(۱) آئین اکبری، حصۂ دوم، آئین سیزدھم، بذیل صوبۂ لاہور؛ (۲) کنہیا لال : تاریخ پنجاب، لاہور ۱۲۹۸ھ؛ (۳) مفتی غلام سرور : تاریخ مخزن پنجاب، مطبع نولکشور ۱۸۷۷ء؛ (۴) سید محمد لطیف : تاریخ پنجاب مع حالات شہر لاہور، لاہور ۱۸۸۸ء؛ (۵) سجان راے : خلاصۃ التواریخ، طبع ظفر حسن، دھلی ۱۹۱۸ء؛ (۵) A. Cunningham : *The Ancient Geography of India*، لندن ۱۸۷۱ء؛ (۶) H.K. Trevaskis : *The Land of the Five Rivers*، مطبوعۂ آوکسفرڈ

Marfat.com

یونیورسٹی پریس ۱۹۲۸ء؛ (۷) W. H. Moreland : *The Agrarian System of Moslem India*، کیمبرج ۱۹۲۹ء؛ (۸) محمد اکبر : *Punjab under the Mughals*، لاہور ۱۹۴۸ء؛ مزید مآخذ کے لیے رک بہ پاکستان؛ پنجاب.

(C. COLLIN DAVIES [و ادارہ])

* **دوات دار :** (=دوادار، نیز دُویدار اور امیر دوات)، سرکاری روشنائی کے ذخیرے کا منصب دار و محافظ ۔ دوات عباسیوں کے عہد میں وزیر کے عہدے کا خصوصی نشان ۔ دوادار کا عہدہ سلجوقیوں نے قائم کیا اور اس عہدے پر انتظامی صیغے کے ملازم فائز رہے ۔ سلطان بیبرس نے یہ عہدہ ایک ملوک امیر عشرہ کو منتقل کر دیا ۔ بحری ممالیک کی حکومت میں "دوادار" کا شمار با وقعت امرا میں نہ تھا، البتہ چرکسی بادشاہوں کے تحت دوا دار سلطنت کے اہم امرا میں شمار ہونے لگا اور اسے "دوا دار کبیر" کا لقب دیا گیا، جس کے تحت چند اور دوا دار ہوتے تھے ۔ دوا دار کا عہدہ سلطنت کے سات اہم عہدوں میں سے ایک شمار ہوتا تھا ۔ رأس نوبہ اور اور دوا دار کبیر کا پانچویں اور چھٹے درجے کے لیے مقابلہ رہتا تھا اور یہ درجے کبھی ایک اور کبھی دوسرے کے ہاتھ آ جاتے تھے ۔ بعض دوا دار سلطان کے درجے تک بھی پہنچے ۔ مملوکوں کے عہد کے اواخر میں دوا داروں کے فرائض میں یہ فیصلہ کرنا بھی شامل تھا کہ جنگی مہمات میں حلقے کے کون سے افراد شامل ہونے کے قابل ہیں (رک بہ حلقہ)؛ علاوہ بریں وہ بالائی مصر کا باقاعدہ دورہ کرتا تھا اور کبھی کبھی جبل نابلُس، الشرقیہ اور الغربیہ کے صوبوں میں بھی جاتا تھا تاکہ وہاں کے محصولات اور فصلیں جمع کرے۔ یہ دورے بڑی دھوم دھام کے ساتھ ہوتے تھے۔ ہمارے مآخذ میں ان پر طویل بحثیں کی گئی ہیں۔ ان دوروں میں مقامی آبادی کے ساتھ ظلم و ستم کا برتاؤ بھی ہوتا تھا۔ عہد ممالیک کے اختتام کے قریب دوا داروں کو بڑا اقتدار حاصل ہو گیا تھا، مثلاً امیر یشبک دوا دار کے فرائض ادا کرنے کے علاوہ امیر سلاح، وزیر، اُستادار، کاشف الکُشّاف (انسپکٹر جنرل)، مدیر المملکۃ اور رأس المیسرہ بھی ہوتا تھا: اس سے پہلے کسی مملوک کے پاس اتنے زیادہ عہدے جمع نہ ہوے تھے بالکل یہی عہدے دوا دار طُومان بای نے بھی سنبھالے ہوے تھے، جو بعد میں سلطان ہو گیا ۔ عثمانی اور صفوی ممالیک میں دوادار (جو دِوتّار اور دوات دار کہلاتے تھے) دفتر وزارت میں صرف کاتبوں کی خدمات انجام دیتے تھے .

**مآخذ :** (۱) اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : عثمانلی دولتی تشکیلاتنه مدخل، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۹۱، ۹۶ و بمدد اشاریہ؛ (۲) D. Ayalon : *Studies on the structure of the Mamluk army*، در *BSOAS*، ۱۶ (۱۹۵۴ء) : ۶۲ تا ۶۳، ۶۸ تا ۶۹ .

(D. AYALON)

* **دَوار :** بدوی عربوں کا پڑاؤ، جس میں خیمے دائرے کی طرح یا بیضوی شکل میں اس طرح لگائے جاتے ہیں کہ بیچ کی خالی جگہ (مراح) کے گرد ایک قسم کا احاطہ بن جاتا ہے، جس کے اندر مویشی رات بسر کرتے ہیں ۔ پڑاؤ ڈالنے کا یہ بہت پرانا طریقہ آج کل بھی مشرق بدویوں میں (شمالی شام، عراق عرب) نیز شمالی افریقہ کے تمام خانہ بدوشوں یا نیم خانہ بدوشوں میں رائج ہے ۔ اس پڑاؤ کو جو دوار نام دیا گیا ہے وہ قرون وسطی کے بعض سیاحوں اور جغرافیہ نویسوں کی تحریروں میں موجود ہے ۔ مشرق میں اس لفظ کی صحیح شکل دَوار یا (بسکون 'د') دْوار اور مغرب میں اس کی شکل دُوار یا دَوّار (جمع "دواور") ہے ۔ ان خیموں کی تعداد، جن سے دوار بنتا ہے، بہت مختلف بھی ہو سکتی ہے؛ کبھی یہ کئی سو بھی ہوتے ہیں اور کبھی دس سے زیادہ نہیں ہوتے ۔ بہت سے مختلف النوع اسباب

marfat.com
Marfat.com

ھیں جن کی وجہ سے بدویوں کا ایک ھی گروہ چھوٹے دواروں میں بٹ جاتا ھے، جو کچھ اھمیت نہیں رکھتے، یا پھر باھم مل کر خاصے بڑے بڑے دوار بن جاتے ھیں۔ یہ اسباب اس قسم کے ھوتے ھیں، مثلاً چراگاھوں کی کثرت یا کمیابی، امن و امان یا بدامنی وغیرہ۔ یوں تو دوار کی اصطلاح ایسے پڑاووں کے لیے بمنزلۂ اسم جنس ھو گئی ھے، لیکن کم اھمیت اور چھوٹا درجہ رکھنے والے پڑاووں کے لیے مختلف علاقوں کی بولی میں اس کے نام الگ الگ ھیں ، مثلاً رَسْم، حلّہ، نَزْلَہ، فَرِیق وغیرہ۔ الجزائر کی سرکاری اصطلاح میں لفظ "دوئر" کے وہ معنی نہیں رھے جو اصلی اور ابتدائی تھے بلکہ اس سے مراد ایک ایسا انتظامی حلقہ لیا جاتا ھے — خواہ یہ خانہ بدوشوں کا ھو یا مستقل باشندوں کا — جو ایک ھی سردار، قائد یا شیخ کے تحت ھو۔ عہد اسلامی کے ھسپانیہ میں لفظ دوار سے لوگ واقف تھے۔ Vocabulista (طبع Schiaparelli) میں اسے مفہوم کے اعتبار سے اطالوی لفظ ''mansio'' کا مرادف قرار دیا گیا ھے ، لیکن مزید تشریح نہیں کی گئی۔ موجودہ زبان میں ادوار aduar کے معنی خانہ بدوشوں (=جپسیوں) کے پڑاؤ کے ھو گئے ھیں .

**مآخذ :** (۱) Dozy : *Supplément aux Dictio-naires Arabes*، ۱ : ۳۷۴؛ مشرق بدویوں کے دوار کی بابت دیکھیے : (۲) Burckhardt : *Voyages en Arabie* (فرانسیسی ترجمہ)، ۳ : ۲۴ ؛ (۳) von Oppenheim : *Vom Mittelmeer zum Persischen Golf*، ۲ : ۴۴؛ (۴) A. Musil : *Arabia Petaraea*، ۳ : ۱۳۰ تا ۱۳۱ و شکل ۱۸۰ ؛ مغربی عربوں کے دوار کی بابت دیکھیے : (۵) Delphin : *Recueil de Textes Pour l'Étude de l'Arabe Parlé*، ص ۲۸۴ ؛ (۶) A. Bernard و N. Lacroix: *L'évolution du nomadisme en Algérie*، ص ۲۷۶ بعد؛ (۷) Urquhart : *Pillars of Hercules*، ۱: ۲۵۴؛ (۸) *Archives Marocaines*، ۳ : ۱۰۵، ۱۰۶؛ (۹) Loubignac : *Textes Arabes des Zaër*، ص ۱۲۹، ۲۱۵، ۳۰۴؛ (۱۰) Marmal : *Descripcion general de Africa*، ج ۱، باب ۲۴، ورق ۳۶ چپ .

(G. S. COLIN و W. MARCAIS)

**دُوارِکا :** (دْوارْکا)، بھارت کے صوبۂ گجرات کے ضلع اوکھا منڈل کا ایک شہر، جو جزیرہ نمائے کاٹھیاواڑ کے شمال مغرب میں، گومتی ندی کے کنارے، ۲۲ درجے ۱۵ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۶۹ درجے ۱ دقیقہ طول بلد شرقی پر واقع ھے۔ اسے دوارَوتی اور جگت بھی کہتے ھیں۔ یہ ھندووں کا ایک متبرک مقام ھے کیونکہ اس کا تعلق سری کرشن سے بتایا جاتا ھے۔ اس کے کچھ قدیم تاریخی حالات ھندو اساطیر میں ملتے ھیں۔ روایت ھے کہ سری کرشن نے اوکھا منڈل فتح کر کے اپنا دارالحکومت دوارکا میں قائم کیا تھا۔ یہاں کا مشہور مندر دوارکا ناتھ (یا ترلوک سُندر) ان کے پرپوتے وَجْرنابھ نے تعمیر کرایا تھا اور اس کا شمار بھارت کے انتہائی متبرک "استھانوں" میں ھوتا ھے (ھندو دور کے مفصل حالات کے لیے دیکھیے *Gazetteer of the Bombay Presidency*، ج ۸) .

اسلامی دور کی تاریخ میں دوارکا پر مسلمانوں کے مندرجۂ ذیل حملوں کا ذکر ملتا ھے :

(۱) ۸۷۷-۸۷۸ھ/۱۴۷۲-۱۴۷۳ء میں گجرات کے سلطان محمود شاہ بیگڑہ نے دوارکا پر حملہ کر کے اسے تباہ و برباد کر دیا، کیونکہ اوکھا منڈل کے بحری قزاقوں کے ھاتھوں حجاج کا راستہ بہت غیرمحفوظ ھوگیا تھا اور انھوں نے نامور فاضل مولانا محمود سمرقندی سے بدسلوکی کی تھی۔ اس وقت دوارکا پر وادھل خاندان کا راجا بھیم حکومت کرتا تھا (تاریخ فرشتہ، مترجمۂ Briggs، ۴ : ۵۹ ببعد).

(۲) ۹۳۴ھ / ۱۵۲۷-۱۵۲۸ء میں دوارکا کے ھندو راجا پر سورٹھ کے صوبیدار ملک اسحٰق نے حملہ کیا (مرآۃ سکندری، مترجمۂ فضل اللہ لطف اللہ فریدی،

Marfat.com

مطبوعہ ایجوکیشن سوسائٹی پریس؛ عبداللہ محمد بن عمر، طبع ڈینی سن راس E. Denison Ross : *Arabic* *History of Gujrat*، ص ۱۱۷، ۱۵۰).

(۳) ۱۰۰۰-۱۰۰۱ھ / ۱۵۹۱-۱۵۹۲ء میں گجرات کے معزول سلطان "مظفر سوم نے فرار ہو کر دوارکا میں پناہ لی ۔ اس کے تعاقب میں خان اعظم مرزا عزیز کوکلتاش نے شاہی فوج روانہ کی، جس نے دوارکا پر بلا مزاحمت قبضہ کر لیا (مرآۃ احمدی؛ مرآۃ سکندری؛ اکبر نامہ)؛

(۴) ۱۱۱۷ھ / ۱۷۰۵-۱۷۰۶ء میں شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے یہ اطلاع پا کر کہ دوارکا کی مغل چوکی پر حملہ ہو گیا ہے، فرمان جاری کیا کہ باغیوں کی سرکوبی کی جائے اور وھاں کے مندر کو مسمار کر کے مسجد تعمیر کر دی جائے؛ تاہم یہ روایت درست معلوم نہیں ہوتی کیونکہ اس کی تائید میں کوئی تاریخی شہادت دستیاب نہیں (J. Burton-Page، در *BSOAS*، ج ۲۰).

انیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں دوارکا بحری قزاقوں کی ایک بدنام آماجگاہ تھا، جن کی سرگرمیوں کے باعث سندھ سے دیو تک بحیرۂ عرب کا ساحل کسی تاجر کے لیے محفوظ نہیں رہا تھا ۔ ان کا قلع قمع کرنے کے لیے بڑودے کے انگریز ریذیڈنٹ نے فوج روانہ کی، جس نے ۱۸۱۶ء میں دوارکا پر قبضہ کر لیا ۔ انگریزوں نے یہ علاقہ مہاراجہ بڑودہ کے حوالے کر دیا، لیکن مقامی آبادی کو یہ انتظام پسند نہ آیا ، چنانچہ آئندہ پچاس ساٹھ برس کے دوران گائیکواڑ کا تسلط ختم کرنے کے لیے یہاں کئی بار بغاوت ہوئی اور انگریزوں کو یہاں بار بار فوجی مہمات بھیجنی پڑیں ۔ بالآخر ۱۸۷۳ء میں شورش پسند عناصر پر پوری طرح قابو پا لیا گیا ۔ ۱۸۹۸ء میں یہاں کی آبادی ساڑھے چار ہزار کے قریب تھی .

برصغیر پاک و ھند میں برطانوی حکومت کے خاتمے کے بعد بھارتی حکومت نے دوارکا میں ایک زبردست فوجی اڈا قائم کر لیا ۔ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ پاکستان و بھارت میں یہاں کا قلعہ عسکری نقطۂ نظر سے بڑی اھمیت کا حامل تھا، کیونکہ یہاں ایک انتہائی طاقتور راڈر سٹیشن لگا ہوا تھا ، جس سے اس علاقے میں پاکستانی فضائیہ کی نقل و حرکت بہت محدود ہو کر رہ گئی ۔ علاوہ ازیں کراچی اور پاکستان کے دوسرے شہروں پر بمباری کے لیے بھارتی طیارے بھی یہیں سے پرواز کرتے تھے ۔ سات اور آٹھ ستمبر کی درمیانی شب پاکستانی بحریہ کے چند جہازوں نے جنگی جہاز عالمگیر کے زیر قیادت دوارکا پر حملہ کیا اور اپنی بمباری سے دوارکا کا قلعہ مع راڈر سٹیشن بالکل تباہ کر دیا .

**مآخذ** : (۱) *Gazetteer of the Bombay Presidency*، ج ۸ (کاٹھیاواڑ)، بمبئی ۱۸۸۴ء، ص ۵۸ ببعد؛ (۲) J. Burton-Page، بذیل مادہ، در وآ ۲، لائڈن، بار دوم؛ (۳) وھی مصنف : *Aziz and the Sack of Dvārkā*، در *BSOAS*، ۲۰ (۱۹۵۷ء) : ۱۳۵ ببعد، جس میں مزید مآخذ بھی درج ھیں؛ (۴) اسرار زیدی : شکست در شکست، لاھور ۱۹۶۷ء .

[ادارہ]

* **دَوارو** : جنوبی حبشہ (Ethiopia) کی ایک مسلم تجارتی ریاست ۔ ایک تنگ سی لمبی پٹی کی شکل کا یہ علاقہ بالی کے متصل جانب مشرق واقع تھا اور اس میں ھرر Harar کا عظیم اسلامی مرکز تھا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی حد جنوب کی طرف ویبی شیبلّہ Webi Shabelle تک پہنچتی تھی اور شمال میں دناقل Danākil کے نشیبی علاقے کے کنارے تک، جہاں اس کی اور بالی کی سرحدیں ریاست اِفات سے جا ملتی تھیں ۔ بہر حال اتنی بات صاف ہے کہ کم سے کم کچھ زمانے تک ۔ اور بلاد الحبشہ کے بادشاہ عامدہ صیّون Āmda Ṣyon اوّل کے عہد حکومت ھی میں ۔ دوارو نام کا ایک جداگانہ قطعہ دریاے ھَوَش (Hawas) زیریں کے شمالی جانب پھیلا ہوا تھا اور اس میں موجودہ سلطنت

marfat.com
Marfat.com

آوسہ Awssa کا ایک حصہ بھی شامل تھا ۔ دوارو کا ذکر حبشہ کے وقائع ناموں میں پہلے پہل عامدہ صُیُون اول کے عہد (۱۳۱۲ء تا ۱۳۴۲ء) میں آیا ہے ۔ حبشہ کی دیگر مسلم ریاستوں کی طرح دوارو بھی اپنے الگ بادشاہ کے زیر حکومت تھا (جسے "تاریخ عامدہ صیون"، مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ، عدد Or. ۸۲۱ ، ورق ۳۴، میں "مکوانن makuannen" کہا گیا ہے)، جو شاہ حبشہ کا باجگزار تھا۔ عامدہ صُیُون کے عہد حکومت میں شاہ ہایدارا Haydara نے بغاوت کر دی اور آدَل کے باغی لوگوں سے مل گیا؛ مگر اس ریاست کو فتح کر لیا گیا اور وہ ۱۵۴۸ء کے بعد تک حبشہ کی باج گزار رہی جب کہ گالا ودی ووس Galawdewos کے تحت فنوئل Fanu'al یہاں کا والی تھا۔ العُمری کے بیان کے مطابق گو اس کا طول فقط پانچ دن کی اور عرض صرف دو دن کی مسافت کے برابر تھا، پھربھی اس ریاست کی فوج بڑی اور طاقتور تھی؛ یہاں کے باشندے حنفی مسلمان تھے۔ المقریزی نے العمری کے بیان کو دہرایا ہے ۔ اومو Omo ندی کے مغرب میں سِدما قوم کی چھوٹی سی ریاست کُلّو Kullo کا بھی مقامی نام دوارو ہو گیا تھا، جس کی وجہ یہ تھی کہ حبشہ اور احمدگران میں جب لڑائی ہو رہی تھی (۱۵۲۷ تا ۱۵۴۲ء) تو دوارو کے پناہ گزینوں نے اس علاقے میں اپنی بستی قائم کر لی تھی، ورنہ کلو اور دوارو میں اور کوئی تعلق نہ تھا ۔

**مآخذ** : Perruchon : *Histoire des guerres d' 'Amda Şyon*، در *JA*، ۱۸۸۹ء، ص ۲۷۱ تا ۳۶۳، ۳۸۱ تا ۳۹۴؛ (۲) I. Guidi : *Le canzoni geez-amarina*، ۱۸۸۹ء، عدد ۸ و ۱۰؛ (۳) Perruchon : *Les Chroniques de Zar'a Ya'eqôb et de Ba'eda Mâryâm*، پیرس ۱۸۹۳ء؛ (۴) العمری : مسالک الابصار، مترجمۂ Gaudefroy-Demombynes، پیرس ۱۹۲۷ء؛ (۵) المقریزی، طبع F. T. Rinck، لائڈن ۱۷۹۰ء؛ (۶) Beckingham و Huntingford : *Some Records of Ethiopia, 1593-1646*، لنڈن ۱۹۵۴ء .

(G. W. B. HUNTINGFORD)

**دوازدہ امام** : رک بہ اثنا عشریہ .

* **الدَّوَاسر** : واحد : دَوسَری) ایک بڑا قبیلہ ، * جس کا مرکز وسطی عرب ہے ۔ الدواسر اس کی ممتاز خصوصیات یہ ہیں: ان میں سے اکثر لوگ عرب سے باہر دور دور تک پھیل گئے؛ انھوں نے ایسے علاقوں میں جو ان کے اصل وطن سے بہت دور تھے اپنی مساعی میں کامیابی حاصل کی ؛ جو لوگ مستقل طور پر جگہ جگہ آباد ہوے انھوں نے اپنے قبیلے سے غیر معمولی تعلق اور عصبیت برابر قائم رکھی اور وہ اپنے بدوی آبا و اجداد کے طور طریقے سے نہیں ہٹے .

قبیلے کی اصل و نسل خواہ کچھ ہی ہو، الدواسر کا نام شروع ہی سے جنوبی نجد کی وادی الدواسر (جو ان اطراف کے تمام آباد اضلاع کی بہ نسبت الربع الخالی سے قریب ترین خطہ ہے) کے ساتھ اور الافلاج [رک بآں] کے ساتھ منسلک چلا آتا ہے ۔ اگرچہ وہ ترک وطن کر کے شمال اور مشرق کی جانب جاتے رہے ، تاہم دواسر (مہاجر یا وہ لوگ جو اپنے قدیم وطن کو چھوڑنا نہیں چاہتے تھے) جنوب و مغرب میں مارب کے قریب رغوان میں اور حجاز کے کوہستان الخرمہ میں پائے جاتے ہیں ۔ الافلاج کے شمال میں دواسر اضلاع الخَرج (جہاں کے بڑے شہر الدّلَم میں دوسروں کی نسبت ان کی تعداد بہت زیادہ ہے) ، العارض، المحمل اور سُدَیر میں بکثرت موجود ہیں ۔ ان شہروں میں، جہاں حال کی صدیوں میں دواسر قبیلے کے لوگ حاکم یا قاضی بنے یا ممتاز شہریوں کی حیثیت میں مشہور ہوے؛ ضلع المحمل کے قصبات البیر اور ثادق اور سُدَیر کے قصبات المَجمَعہ، جلاجل، العَودہ اور الغاط شامل ہیں (ابن بشیر ، ۲: ۱۳۲ تا ۱۴۴، نے حُرَیملا کے ایک مشہور دواسر قاضی کا تذکرہ لکھا ہے) ۔ دواسر الزِلفی میں، جو القصیم کی سرحد پر ہے، بود و باش رکھتے ہیں، مگر اس سے آگے

Marfat.com

شمال کی طرف زیادہ تعداد میں نہیں بڑھے ۔

دواسر میں سُدیریوں کا خاندان (السُّدارۃ) ان کے لیے باعث فخر ہوا ہے ۔ ان کا نام السُّدیری اس لیے ہوا کہ وہ تقریباً چار صدیوں سے سُدَیر کی بستی الغاط میں رہتے تھے ۔ تیرھویں صدی ھجری/اُنیسویں صدی عیسوی میں احمد بن محمد السُّدیری آل سُعُود کا ایک مشہور و معروف نائب تھا ۔ اس کی اولاد کے تعلقات اس وقت سے آل سعود کے ساتھ بہت گہرے چلے آ رہے ہیں ۔ اسی کی ایک بیٹی شاہ عبدالعزیز [ابن سعود] (م ۱۳۷۳ھ/۱۹۵۳ء) کی والدہ تھی ۔ اس کی ایک پرپوتی کے بطن سے اس بادشاہ کے سات بیٹے ہوئے، جن میں سے دو (فہد اور سلطان) ۱۳۷۹ھ / ۱۹۶۰ء میں سعودی عرب کی حکومت کے وزیر تھے ۔ ۱۳۶۹ھ/ ۱۹۵۰ء میں سدارہ خاندان کے تیرہ افراد سعودی عرب میں کسی نہ کسی صوبے یا ضلع کے حاکم تھے ؛ اسی سدارہ خاندان کی بدولت دواسر مملکت سعودی کے کونے کونے میں پہنچ گئے ۔

خلیج فارس پر دواسر نجد سے براستۂ بحرین آئے اور وہاں اپنے نئے قصبے الدَّمام [رک بآں] اور الخُبَر بسائے، جن میں وہ خوب پھول پھل رہے ہیں ۔ دوسرے دواسر بحرین اور قَطَر میں بود و باش رکھتے ہیں ۔ کچھ ان میں سے بحرین سے ایرانی ساحل کی طرف ھجرت کر گئے ہیں ۔ ان کے کچھ لوگ قَطَر سے جزیرۂ دَلْما میں چلے گئے ہیں ۔ عراق کے الدر دواسر الزُّبَیر میں ہیں اور شطّ العرب کا ایک قطعہ ضلع دواسر کہلاتا ہے اور وہاں کے دریائی جزیروں کا نام بھی یہی ہو گیا ہے ۔

اس قبیلے کے دو بڑے حصے ہیں : عیال زائد اور تغالبہ، جو ابتدا میں ایک دوسرے سے بالکل الگ تھے ۔ ان میں سے کوئی بھی اپنے مورث اعلٰی کا نام "دوسر" (=قوی اونٹ) نہیں بتاتا، گو ادبیات عالیہ میں ایک قبائلی نام کے طور پر دوسر کا ذکر آیا ہے ۔ اس کی جمع "دواسر" عموماً ترکیب "الدیاسر" (جو کبھی کبھی بیچ میں ایک لام بڑھا کر "الدَّل یاسر" آتا ہے) سے ماخوذ ہے، مگر اس کا مفہوم اور اطلاق غیر واضح ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) حمد بن لَعبُون، تاریخ، مکہ ۱۳۵۷ھ؛ (۲) احمد بن فضل اللہ : التعریف، قاہرہ ۱۳۱۲ھ؛ (۳) عثمان بن بشر : عنوان المجد، قاہرہ ۱۳۷۳ھ؛ (۴) ابراہیم بن عیسٰی : عقدالدرد، قاہرہ ۱۹۵۴-۱۹۵۵ء؛ (۵) J. G. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf*، کلکتہ ۱۹۰۸ تا ۱۹۱۵ء؛ (۶) H. St. J. B. Philby : *The Heart of Arabia*، لنڈن ۱۹۲۲ء؛ (۷) وہی مصنف : *Arabian Jubilee*، لنڈن ۱۹۵۲ء؛ (۸) وہی مصنف : *Arabian Highlands*، Ithaca (نیویارک) ۱۹۵۲ء؛ (۹) Max Freiherr von Oppenheim و Werner Caskel : *Die Beduinen*، ج ۳، Wiest baden ۱۹۵۲ء؛ نیز وہ اطلاعات جو اس قبیلے کے افراد سے اور فضلاے سعودی عرب سے ہاتھ لگیں ۔

(G. Rentz)

* **دوائر** : دائرہ کی جمع؛ الجزائر میں خاندانوں کے اس گروہ کو کہتے ہیں جو کسی مقامی سردار کی خدمت گزاری اور ذات سے وابستہ ہو ۔ فرانس کی فتح سے پہلے دوائر (مقامی تلفظ دوائر) خاص طور پر ان چار قبائلی گروہوں کا نام تھا جو اُورن کے جنوب مغرب میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے اور شہر کے بے (=حاکم) کے ملازم تھے، اگرچہ ان کے علاوہ اور دوائر بھی تھے، جیسے تِتّری Tittri میں ۔ ان کی تنظیم رضا کار فوج (Militia) کی طرح کی جاتی تھی ۔ ان کا گزارہ اس زمین کی پیداوار پر تھا جو سلطنت ترکیہ نے ان کی تحویل میں دے دی تھی ، نیز اس منافع پر جو بے قابو یا مالیہ نہ دینے والے قبائل کے خلاف تادیبی مہمات سے حاصل ہوتا تھا ۔ ان کے پڑوسی زَمالہ بھی اسی طرح کی خدمات انجام دیتے تھے ۔

فرانس کی فتح کے بعد پتا لگا کہ مقامی روایات میں ان گروہوں کے افراد کو اُن فوجیوں کی اولاد قرار

marfat.com
Marfat.com

دیا جاتا تھا جنھیں مولای اسمٰعیل سلطان مراکو ترکوں سے جنگ کرنے کے لیے ۱۷۰۱ء میں اس علاقے میں لایا تھا ۔ لڑائی میں ترکوں سے شکست کھا کر بہت سے مراکشی سپاہی ترکوں کی ملازمت میں داخل ہو گئے اور انھوں نے مل کر اپنا ایک قبیلہ "مخزن" بنا لیا جو دو مقامی خاندانوں کے زیر قیادت تھا ۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے وا لائڈن بار دوم بذیل مادّہ .

**مآخذ** : (۱) گمنام مصنف *Douair et Zmala*، اوران Oran ۱۸۸۳ء؛ (۲) Pellissier de Raynaud : *Annales algériennes*، ۳ جلدیں، پیرس اور الجزائر ۱۸۵۴ء، بمواضع کثیرہ؛ (۳) W. Ezterhazy : *Notice sur le Maghzen d'Oran*، الجزائر ۱۸۳۸ء اور *De la Domination Turque dans l'ancienne Régence d'Alger*، پیرس ۱۸۴۰ء، ص ۲۶۶ ببعد؛ (۴) Desmichels : *Oran sous la Commandement du général Desmichels*، پیرس ۱۸۳۵ء، بمواضع کثیرہ؛ (۵) الناصری : کتاب الاستقصاء، قاہرہ ۱۳۱۲ھ، ۴ : ۱۸۴ تا ۱۹۲؛ (۶) M. Emerit : *L'Algérie à l'Époque d'Abdal-Kader*، پیرس ۱۹۵۱ء؛ (۷) R. Tinthoin : *Colonisation et Evolution des Genres de Vie dans la Région Ouest d'Oran de 1830 à 1885*، اوران ۱۹۴۷ء بمواضع کثیرہ .

(A Cour-[R. Le Tourneau])

* **دوبروجه** : ایک سطح مرتفع، جو شمال میں دریاے ڈینیوب اور دریاے لوم Lom کے درمیان واقع ہے اور جس کے مشرق میں بحر اسود اور جنوب میں دریاے پروجسکه Prowa dijska یا کوہستان بلقان ہے ۔ اس علاقے میں دلی ارمان کو مشرق کے صحرائی خطے دبرجه کیری سے متمائز کیا گیا ہے، جسے دبرجه خاص خیال کیا جاتا ہے ۔ اس کا جدید نام دبرجه میں الی سے مأخوذ ہے (جیسے ایدن، ایدن الی سے)، جس کے ترکی میں معنی دبرجه کی سر زمین ہے، دبروثچ (جیسے کرلوئز سے کرلفجه) (قب *susmanoseli* در نشری : جہان نما، طبع Fr. Taeschner، لائپزگ ۱۹۵۱ء، (ص ۶۶، ۶۸) ۔ نشری میں دبروثچ کے بیٹے ینکو یا اونکو کا نام دبرجه اوغلو، مذکور ہے .

**مآخذ** : (۱) *Basvekalet* استانبول، محافظ خانے، *Tapu Defterleri*، عدد ۳۰۴، ۴۸۳، ۷۳۲؛ (۲) *Tapu ve Kadastro Um. Md.*، انقرہ، قیود قدیمہ، عدد ۳۹۷، ۳۹۸، ۳۹۹؛ (۳) I. Bromberg : *Toponymical and historical miscellanies on mediaeval dobrudja, Bessarabia and Moldo-Wallachia*، در *Byzantion*، ۱۲ : ۱۵۱ تا ۲۰۷، ۴۵۹ تا ۴۷۵؛ ۱۳ : ۹ تا ۷۲؛ (۴) N. Bănescu : *La question du Paristrion*، در *Byzantion*، ج ۸ (۱۹۳۳ء)؛ (۵) P. Mutafčiev : *Dobrudja*، صوفیہ ۱۹۴۷ء (بزبان بلغاروی)؛ (۶) *La Dobrudja*، طبع Acad. Roumaine، بخارسٹ ۱۹۳۸ء؛ (۷) Müstecib H. Fazil (ülküsal) : *Dobruca ve Turkler*، Köstence ۱۹۴۰ء؛ (۸) C. Jireček : *Geschichte der Bulgaren*، پریگ ۱۸۷۶ء؛ (۹) N. Lorga : *Hist. des Roumains*، ج ۱ تا ۱۰، بخارسٹ ۱۹۳۶ء تا ۱۹۳۹ء؛ (۱۰) P. Wittek : *Yazījioghlu Ali on the Christian Turks of the Dobruja*، در *BSOAS*، ج ۱۴ (۱۹۵۲ء)، ص ۶۳۹ تا ۶۶۸؛ (۱۱) A.I. Manof : *Gagauzlar*، ترکی ترجمہ از T. Acaroğlu، انقرہ ۱۹۴۰ء؛ (۱۲) N. Lorga : *La politique vénitienne dans les eaux de la mer noire*، در *Acad. Roumaine, Bull sect. hist.*، ج ۲ تا ۴ (۱۹۱۴ء)، ص ۲۸۹ تا ۳۰۷؛ (۱۳) وہی مصنف : *Dobrotich, Dobrotič, Dobrotici*، در *Rev. hist. du sud-Est Europeen*، ج ۵ (۱۹۲۸ء)؛ (۱۴) *Documente privind Istoria Romîniei, A. Moldova*، ج ۱، بخارسٹ ۱۹۵۴ء (Ivanco اور Genoese کے درمیان معاہدے کا متن، ص ۲۹۶ تا ۳۰۱)؛ (۱۵) G. I. Brătianu : *Recherches sur Vicina et Cetatea Alba*، بخارسٹ ۱۹۳۵ء؛ (۱۶) اولیا چلبی : سیاحت نامہ، ج ۳، استانبول ۱۳۱۴ھ، ص ۳۳۵

Marfat.com

تا ۳۷: (۱۷) *Analel Dobrogei*، اشاعت در Constanta از ۱۹۲۰ء؛ (۱۸) *IA*، مقاله Dobruca (Aurel Decei)؛ (۱۹) نیز ملاحظه هوں بَبَه دغی، دلی اُرمان، گاگاز، صری صلتق (صروصالتق) .

(HALIL INALCIK)

**ذُوبیتی** : رَک به رُباعی .

**اَلدَّوحَة** : (دَوْحَه) خلیج فارس کی ایک ریاست قَطَر کا دارالحکومت اور واحد عظیم شہر؛ ۲۵ درجے ۱۷ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۵۱ درجے ۳۲ دقیقے طول بلد شرق پر جزیرہ نمائے قَطَر کے مشرقی ساحل کی ایک خلیج (خلیج فارس ـ عربی میں "دوحة") کی لنگر گاہ کے جنوب مشرق گوشے میں واقع ہے ـ یہ لنگرگاہ دو پتھریلے ساحلوں کے ملنے سے بنی ہے اور قدرتی طور پر پایاب ہے ـ پہلے اسی جگہ مچھیروں کا ایک گاؤں البِدْع تھا، وہ اب اس شہر کا ایک محلہ ہے .

۱۲۳۸ھ/۱۸۲۳ء سے پہلے الدوحه کے حالات تاریکی میں ہیں جب کہ خلیج فارس کا برطانوی قائم مقام Political Risident اس شہر میں آیا اور اس نے اطلاع دی کہ یہ بحرین (البحرین) کے تحت ایک علاقہ ہے تاہم اس رابطے کی نوعیت حالات کے ساتھ بدلتی رہی ہے ـ تیرھویں صدی ہجری/اُنیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں الدوحه بظاہر بحرین کے تحت تھا اور خود بحرین نجد کے آل سعود کو زکوٰۃ ادا کرتا تھا جسے برطانوی قائم مقام الدوحه سے وصول کرتا تھا کیونکہ بحرین ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء میں، اور دوحه کی طرف سے محمد بن ثانی ۱۲۸۵ھ/۱۸۶۸ء میں برطانیه کے ساتھ بحری صلح قائم رکھنے پر سمجھوتا کر چکے تھے ـ جب ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۲ء میں ترکی فوج نے الدوحه پر قبضه کر لیا اور اسے سنجاق نجد کا حصا قرار دے دیا تب بھی اس شہر نے اپنے روابط بحرین اور نجد کے آل سعود، نیز برطانیه سے قائم رکھے ـ ترکوں کے انخلا تک قَطَر کے دوسرے حصے کبھی بحرین، ابوظبی یا کبھی نجد کے ماتحت سمجھے جاتے رہے ـ ۱۳۳۵ھ / ۱۹۱۶ء میں عبداللہ الثانی نے شیخ قَطَر کی حیثیت سے حکومت برطانیه کے ساتھ ایک معاهده کر لیا جس کی رو سے اس کی حیثیت قریب تر زمانے میں "ریاست زیر حمایت برطانیه" جیسی قرار دی گئی پھر بھی اس کا تعلق برطانوی محکمۂ خارجه سے رہا، حالانکه جو ریاستیں پورے طور پر برطانیه کے زیر حمایت ہیں، جیسے جنوبی عرب کی ریاستیں، وہ محکمۂ نو آبادیات کے زیر نگرانی میں ہیں ـ [مگر ان آبادیوں کی سیاست بھی معرض تغیر میں ہے اور ان جگهوں سے برطانوی اثر ختم ہوتا جاتا ہے] .

**مآخذ** : (۱) ابن بشر: عنوان المجد، قاهره ۱۳۷۳ھ؛ (۲) محمد النبهانی : التحفة النبهانية، قاهره، ۱۳۴۲ھ؛ (۳) C.U. Aitchison: *A Collection of Treaties* . . .، ج ۱۱، دہلی ۱۹۳۳ء؛ (۴) J. G. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf* . . . .، کلکته ۱۹۰۸ء تا ۱۹۱۵ء .

(R. L. HEADLEY)

* **دُوْدُالقَزّ** : رَک به حریر .

* **دُورباش** : (ف)، گرز یا تَبَر جو فوجی اعزاز کے ایک نشان کے طور پر مستعمل تھا؛ فارسی اور ترکی زبان میں دُورباش کا اطلاق اس (محافظ) پر بھی ہوتا ہے جو گرز اٹھائے ہوئے ہو (دیکھیے چاؤش، سر هنگ) ـ نظام الملک نے سیاست نامه باب ۳۹ میں چوبداروں کا ذکر کیا ہے، جن کے اعمال بھی کچھ اس سے ملتے جلتے تھے ـ یه چوبدار سونے چاندی کے عصا اٹھائے ہوئے تھے؛ عوفی: جامع الحکایات (جس کی عبارت M. Fuad Köprülü: *Bizans müesseselerin Osmanli müesseselerine tesiri* در *Türk Hukuk ve Iktisat hakkinda bazi mülahâzalar* در *Tarihi Mecmuasi*، استانبول ۱۹۳۱ء، ص ۲۱۳؛ اطالوی ترجمه *Alcune osservazioni*، روما ۱۹۵۳ء، ص ۵۷ میں نقل کی ہے) میں دُورباش کی کیفیت یوں بیان کی ہے که وہ چاندی کی پیٹی باندھے جواهر

marfat.com
Marfat.com

نگار گرز اُٹھائے ہوتا تھا؛ Köprülü، موضع مذکور میں جواھر نگار گرزوں کے استعمال کے متعلق جو غزنویوں اور سامانیوں کے دور میں رائج تھا، کہتا ھے کہ یہ سامانیوں کے دربار کا ورثہ تھا .

مسلم ھندوستان میں دُورباش زیادہ تر گرز کو کہتے تھے، گرز اٹھانے والے چوبدار کو نہیں ۔ سب سے پہلے اس کا ذکر امیر خسرو کے نُه سپہر، ج ۲، میں آیا ھے، جہاں مصنف نے ورنگل کے راجہ کے متعلق بیان کیا ھے کہ وہ اپنے دُورباش کو جو اس نے پہلے سلطان سے لیا تھا، خُسرو خان، قطب الدین مبارک شاہ کے سپہ سالار کے حوالے کر رھا ھے تاکہ وہ اس کے بدلے میں اسے سُلطان وقت کا، جو تقریباً ۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء میں حکومت کرتا تھا، دُورباش عنایت کرے (دُور باش کا ترجمہ Elliot and Dowson : *History of India* ج ۳ : ص ۵۶۱ میں شاھی چھتر "Canopy" کیا گیا ھے جو غلط ھے)؛ قب امیر خُسرو : قران السَّعدَین، طبع سنگی، علیگڑھ : ص ۷۸ - ۷۹ - ضیاء الدین برنی نے تاریخ فیروز شاھی؛ Bib. Ind. : ص ۱۳۶ میں لکھا ھے کہ بادشاھوں کی سواری کے آگے آگے پیادے کندھوں پر دُورباش رکھے ھوے دوڑتے تھے ۔ یحیی بن احمد سرھندی نے تاریخ مبارک شاھی میں اس دُورباش کی بابت کہا ھے کہ وہ ایک مرصع دو شاخہ ڈنڈا ھوتا تھا (قب غیاث اللغات، بہ ذیل مادہ؛ فرھنگ انجمن آرای ناصری، بہ ذیل مادہ)، اور مؤیدالفضلاء نے اس کو نیزوں (نیزہھا) سے تعبیر کیا ھے جنہیں اٹھائے ھوے چوبدار قیاصرہ اور ملوک کے آگے آگے چلتے تھے (مخطوطۂ کتبخانۂ ملا فیروز، بہ ذیل مادہ) ۔ مغلوں کے عہد میں اس کے استعمال کی تصدیق یورپی سیاحوں نے کی ھے؛ Manucci نے *Storia de Mogor*، ج ۱ : ص ۲۲۰ میں لکھا ھے کہ شاھجہان کی دختر جہاں آرا کی سواری کے ساتھ دُورباش بھی ھوتا تھا؛ اس میں آگے آگے چوبدار سونے یا چاندی کا عصا ھاتھوں میں لیے ھوے آواز دیتے جاتے تھے "راستے سے ھٹ جاؤ" ان چوبداروں کو ٹیورنیئر Tavenier اور برنیئر Bernier سیاحوں نے "گرز بردار" کہا ھے .

**مآخذ** : ان کتابوں کے علاوہ جو متن مقالہ میں دیے گئے ھیں (۱) Redhouse، مخطوطۂ موزۂ برطانیہ اورینٹل ۲۹۶۵، ۷ : ۷۸ تا ۷۹ (تفصیل مع چند اقتباسات) - عصا اور ڈنڈوں وغیرہ کے لیے دیکھیے "عنزہ"، ز؛ عصا؛ قضیب، صَولجان .

[J. Burton—Page]

**دَورَق** : پہلے یہ جنوب مغربی خوزستان کا ایک شہر تھا اور اسے دَورق الفُرس (ایرانیوں کا دَورق) اور کبھی کبھی المدینہ [شہر] بھی کہتے تھے، اصلی ایرانی نام دراق تھا ۔ قرون وسطٰی میں دورق ایک ضلع کا صدر مقام تھا جسے کبھی تو اسی نام سے موسوم کرتے اور کبھی سُرّق کہتے تھے ۔ دَورق اسی نام کے ایک دریا کے کنارے واقع تھا جو دریاے جَراحی کا مُعاون تھا ۔ یہ ایک نہر کے ذریعے کارُون [رک بآن] سے ملا ھوا تھا اور اپنی نقابوں اور گندھک کے چشموں کے لیے مشہور تھا ۔ کرمان اور فارس سے جو حاجی آتے تھے، وہ مکّۂ معظّمہ کو جاتے اور آتے ھوے دَورق سے گزرتے تھے۔ ایک آتشکدہ اور بعض شاندار عمارتیں جو ساسانی عہد کی تھیں، چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی تک اس شہر میں دکھائی دیتی رھیں ۔ حدودالعالم (۱۳۰) میں دَورق کا ذکر ایک خوشنما، خوشحال اور دولتمند شہر کی حیثیت سے کیا گیا ھے ۔ دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی کے اختتام پر بنی تمیم نے دَورق اور نواحی علاقے پر قبضہ کر لیا، لیکن انھیں حَوِیزہ کے خاندان مشعشع کے سید مبارک نے نکال باھر کیا جو ۱۰۰۰ھ/ ۱۵۹۱-۱۵۹۲ء کے قریب عربستان (خوزستان) کا والی تھا ۔ ۱۰۲۹ھ/۱۶۱۹-۱۶۲۰ء میں فارس کے بگلر بیگی نے دورق اور اس کے ضلع کو فتح کر لیا (دیکھیے تاریخ

Marfat.com

عالم آرای عباسی، ۶۷۵) ۔ بعد ازاں، اس ضلع پر قبیلۂ افشار [رک باں] کی ایک شاخ نے قبضہ کر لیا، لیکن نادر شاہ [رک باں] کے عہد حکومت میں کعب [رک باں] کے شیخ سلمان نے انھیں نکال باھر کیا ۔ شیخ سلمان نے دورق کے جنوب میں پانچ میل دور ایک نیا شہر تعمیر کرایا، جو فلّاحیہ کے نام سے موسوم ہوا ۔ بعد میں یہ کھنڈر بن گیا ۔ فلّاحیہ کو حُوَلہ اور دیگر دشمن قبائل سے بچانے کے لیے شیخ سلمان نے وھاں ایک مضبوط قلعہ تعمیر کرایا اور شہر کے گردا گرد گارے کی دیوار بنوائی جس کا گھیرا دو میل تھا ۔ جب ایک صدی بعد لیئرڈ Layard فلّاحیہ پہنچا تو یہ دیوار خستہ حالت میں تھی ۔ اس کا یہ بیان تھا کہ متعدد نہریں اور آبی گزرگاہیں شہر کو گھیرے ہوے ہیں، اگر ان کا مؤثر دفاع کیا جائے تو وہ حملے کے لیے بہت بڑی رکاوٹ ثابت ہو سکتی ہیں (۱) *Deseription of the province of Khuzistan*، در *JRGS*، ۱۸۴۶ء، ۱۶، ۳۹؛ نیز دیکھیے اس کی تصنیف *Early adventures in Persia susiana and Babylonia*، لنڈن ۱۸۸۷ء، ۲، ۵۷).

۱۹۳۳ء میں فلّاحیہ کا نام بدل کر شادگان ہو گیا ۔ یہ اسی نام کے ایک ذیلی ضلع (بخش) کا صدر مقام ہے جو خُرّم شہر (سابق محمّرہ) کے شہرستان کا ایک حصہ ہے ۔ کھجور کے درختوں کے جھُنڈ اور دھان کے کھیت شہر کو محیط ہیں، ان کی آبپاشی نہروں کے ذریعے ہوتی ہے ۔ کھیتوں میں گیہوں کی کاشت ہوتی ہے ۔ شہر میں تقریباً چار سو مکان، ایک سو بیس دکانیں، دو مسجدیں اور دو مدرسے ہیں؛ آبادی بشمول نواحی ضلع بیس ہزار کے قریب ہے ۔ شادگان اور خلیج فارس کے ساحل کے درمیانی دلدلی علاقے کو ابھی تک دورِقستان کہتے ہیں ۔ یہ نام "خور دورق" میں بھی موجود ہے جو "خور موسیٰ" کا شمالی بازو ہے ۔ یہ خلیج فارس کی ایک بڑی سی تنگ کھاڑی ہے اور مشرق اور شمال مشرق میں دَورِقستان کی حد بندی کرتی ہے .

**مآخذ** : متن میں دیے ہوے حوالوں کے علاوہ : (۱) *.B.G.A*، بمواضع کثیرہ؛ (۲) البلاذری : فتوح، ص ۳۸۲، ۴۱۵؛ (۳) یاقوت، ۲ : ۶۱۸، ۶۲۰؛ (۴) مراصد الاطلاع (طبع Juynboll)، ۱ : ۴۱۴؛ ۵ : ۵۰۲، ۵۰۳؛ (۵) القزوینی: عجائب المخلوقات (وسٹنفلٹ)، ۱۹۱؛ (۶) J. Macdonald Kinneir : *A geographical memolr of the Persian Empire*، ص ۸۸ تا ۸۹؛ (۷) J. H. Stocqueler : *Fifteen months' pilgrimage through untrodden tracts of Khuzistan and Persia*، ۱ : ۷۲؛ (۸) Ritter : *Erdkunde*، ۹ : ۱۵۸ تا ۱۶۰؛ (۹) Le Strange، ص ۲۴۲؛ (۱۰) G. N. Curzon : *Persia and the Persian Question*، ۲ : ۳۲۲ تا ۳۲۳؛ (۱۱) رزم‌آرا اور نوتاش : فرہنگ جغرافیای ایران، ۶ : ۲۲۸ .

(L. LOCKHART)

**دوْریگی** : (یا دِفْریگی)، اب دِوْرِگی، جدید ترکیہ میں ایک قصبہ ہے، جو ارمینیہ اور Cappadocia کی سرحدوں پر شام اور بالائی عراق سے اناطولیہ کے بلند مرتفع میدان کو جانے والے ایک راستے پر واقع ہے ۔ اس میں ایک نالا بہتا ہے، جو کرہ سُو (شمالی دریاے فرات) کے ایک معاون چلتی اِرمک میں جا گرتا ہے ۔ سِواس کے صوبے میں ایک "قضا" کا یہ صدر مقام ہے، اور سبزی ترکاری کے باڑوں اور پھلوں کے باغوں کے درمیان واقع ہے، جن کی وجہ سے یہ خوشگوار تفریح گاہ بن گیا ہے ۔ قرون وسطٰی میں اس کی خوشحالی کی شہادت صرف آثار قدیمہ سے ملتی ہے ورنہ آج کل اس کی حیثیت ایک پراگندہ گاؤں سے زیادہ نہیں، جس کا ایک حصہ ویران بھی ہو چکا ہے (۱۹۴۰ء کے قریب اس کے باشندے چار ہزار سے کم تھے)۔ یہ ایک زرخیز وادی کے زیریں حصے میں واقع ہے ۔ قصبے کے پرانے محلے قلعے کے کھنڈروں کے ساتھ دائیں کنارے پر ایک دوسرے سے

marfat.com
Marfat.com

ملحق ہیں .

**مآخذ** : (۱) ابن رُسته، ص ۹۳؛ (۲) المسعودی : مُروج : ۸ : ۳۰۷؛ (۳) التنبیه، ص ۱۵۱، ۱۸۳؛ المقدسی : *Livre de la création*، طبع و ترجمه از Cl. Huart، ۴ : ۵۴؛ (۵) الهَروی : کتاب الذیارت، طبع و ترجمه از J. Sourdel-Thomine، دمشق ۱۹۵۳ء و ۱۹۵۷ء، ص ۵۹ تا ۶۰ (ترجمه : ص ۱۳۳ تا ۱۳۵)؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۸۷ تا ۸۸؛ (۷) ابن بی‌بی، طبع هوتسما Houtsma، ۳ : ۲۱۰، ۳۱۸؛ (۸) حمداللہ المستوفی : نُزهة، ص ۹۶؛ (۹) حاجی خلیفه : جهان نُما، ص ۶۲۳؛ (۱۰) اولیا چلبی : سیاحت نامه : ۳ : ۲۱۰ تا ۲۱۳؛ (۱۱) لسٹرینج Le Strange، ص ۱۱۹؛ (۱۲) M. Gaudefroy Demombynes : *La Syrie à l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۹۸؛ (۱۳) J. Sauvaget : *La poste aux chevaux dans l'empire des Mamelouks*، پیرس ۱۹۴۱ء، ص ۵۶؛ (۱۴) Cuinet : *Turquie d'Asie*، ۱ : ۶۸۵؛ کتبوں اور یادگاروں کے لیے دیکھیے : (۱۵) M. Van Berchem و H. Edhem : *CIA, Asie mineure*، ۱ : ۵۵ تا ۱۱۰؛ (۱۶) A. Gabriel : *Monuments turcs d' Anatolie*، پیرس ۱۹۳۴ء، ۲ : ۱۶۹ تا ۱۸۹ ولوحه ۶۲ تا ۶۷؛ (۱۷) J. Sauvaget : *Décrets mamlouks de Syrie*، در *BEO*، ۱۲ (۱۹۴۷-۱۹۴۸ء) : ۵۲ تا ۵۵ (۸۹۱ھ/۱۴۸۶-۱۴۸۷ء کا فرمان)؛ (۱۸) ا آ، ت بذیل مادّه (مقاله از Besim Dorkot).

(J. Sourdel-Thomine)

* **دوزخ** : رک به جَهَنَّم .

* **دوزمه مصطفی** : رک به مصطفی دوزمه .

* **دَوس** : رک به ازد .

* **دوست محمد** : افغانستان میں بارک زئی حکومت کا حقیقی بانی اور پاینده خان کا، جو تیمور شاہ کے عہد میں بارک زئی قبیلے کا سردار تھا، بیسواں فرزند - جب زمان شاہ کی حکومت میں پاینده خان کو قتل کر دیا گیا تو دوست محمد کی پرورش اس کی قزلباش والدہ کے رشتے داروں نے کی، یہاں تک کہ وہ اپنے سب سے بڑے بھائی فتح خان کی حفاظت میں آیا، جو محمود شاہ کے عہد میں بڑا اثر و رسوخ رکھتا تھا - محمود کی دوسری بار حکومت کے زمانے میں دوست محمد ممتاز عہدوں پر فائز رہا، جن میں کوهستان کی گورنری بھی شامل تھی ؛ اس نے کشمیر اور ہرات کی بغاوت کو فرو کرنے کے لیے کامیابی کے ساتھ فوج کشی کی (۱۸۱۶ء) - ہرات کی مہم کے بعد دوست محمد پر اس کا عتاب نازل ہوا تو وہ کشمیر بھاگ گیا - اب یا تو دوست محمد کی اس حرکت کا بدلہ لینے کے لیے یا خود فتح خان کی طاقت پر حسد کرتے ہوئے محمود شاہ اور اس کے فرزند کامران نے فتح خان کی آنکھیں نکلوا ڈالیں اور پھر اسے قتل کر دیا - دوست محمد نے کشمیر میں فوج اکھٹی کرکے کابل پر قبضہ کر لیا اور شاہزادہ سلطان علی کو برائے نام وہاں کا حکمران بنا دیا - محمود نے اسے بےدخل کرنے کی کوشش کی ، مگر دوست محمد نے اسے کامیاب نہ ہونے دیا ، تاہم اسے مجبور کیا گیا کہ وہ کابل اپنے سب سے بڑے بھائی محمد اعظم خان کے سپرد کر دے ، جو کشمیر کا والی (گورنر) رہ چکا تھا - اس نے کابل بھائی کو دے دیا اور غزنہ کی حکومت خود سنبھال لی ، لیکن دل میں یہ امنگ تھی کہ کابل کی حکومت بھی ہاتھ آئے - جب ۱۲۳۸-۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۳ء میں اعظم چل بسا تو دوست محمد نے اس کے بیٹے اور وارث تخت حبیب اللہ خان کو شکست دی، لیکن اب بھی کابل اس کے ایک اور بھائی سلطان محمد خان پشاوری ہی کو ملا گو کابل کے قزلباشوں کی تائید دوست محمد خان کو حاصل رہی - آخرکار سلطان محمد نے وہاں جمے رہنے کی کوشش ترک کر دی اور ۱۲۴۱-۱۲۴۲ھ/۱۸۲۶ء میں

Marfat.com

دوست محمد خان وہاں کا فرمانروا بن گیا؛ ۱۲۵۰ھ/۱۸۳۴ء میں اس نے امیر کا لقب اختیار کیا.

جب دوست محمد کے قدم کابل میں جم گئے تو اس نے افغانستان کے دوسرے علاقوں پر اپنی حکومت پھیلانے کی کوشش شروع کی اور وہاں کے حاکموں کی جگہ اپنے بیٹوں کو حاکم مقرر کیا - ۱۲۵۰ھ/۱۸۳۵ء میں وہ پشاور کو سکھوں سے واپس نہ لے سکا- ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۸-۱۸۴۹ء میں سکھوں نے اس احسان کے عوض کہ اس نے انگریزوں اور سکھوں کی لڑائی میں سکھوں کی مدد کی تھی، پشاور اسے دے دیا، لیکن وہ اسے اپنے قبضے میں نہ رکھ سکا- بایں دوسرے مقامات پر اس نے نمایاں کامیابی حاصل کی- ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء میں شاہ شجاع اور ایسٹ انڈیا کمپنی کی انگریزی فوجوں نے اسے کابل سے نکال دیا - اس سے پہلے وہ جلال آباد اور غزنہ اور ۱۲۵۴ھ/۱۸۳۸ - ۱۸۳۹ء میں کندز کے مراد بیگ کو شکست دے کر اپنی حکومت ہندوکش کے شمالی علاقوں تک پھیلا چکا تھا اور حدود سلطنت میں کوہستان کُنار اور ہزارہ قبائل کے علاقے میں اپنا اقتدار مستحکم کر لیا تھا- ۱۲۵۹ھ/۱۸۴۳ء میں دوبارہ حکومت حاصل کرنے کے بعد اس نے اپنا وہی سیاسی مسلک جاری رکھا اور شمال میں اپنا اقتدار بلخ اور خُلم (۱۲۶۶ - ۱۲۶۷ھ/۱۸۵۰ء)، شبر غان (۱۲۷۱ھ/۱۸۵۴ء)، مہمند اور اندخوئی (۱۲۷۱ھ/۱۸۵۵ء) اور کُندز (۱۲۷۶ھ/۱۸۵۹ء) تک بڑھا لیا، اگرچہ اس کے اقتدار پر لوگ معترض تھے - مغرب کی طرف اس نے قندھار (۱۲۷۲ھ/۱۸۵۵ء) اور ہرات (۱۲۷۹ھ/۱۸۶۳ء) لے لیا- اس کے ساتھ ہی اس نے قبائل کے سرداروں کی قوت گھٹا کر اپنی طاقت بڑھائی - بالخصوص اس طرح کہ اس نے جاگیرداروں کی فوجی طاقت کے بجائے، جس پر دُرّانی بادشاہت کی بنیاد قائم تھی، ایک باقاعدہ فوج منظم کرنی شروع کی - اس فوج کے قیام اور اخراجات کے لیے وہی آمدنی، جو اس سے پہلے قبائلی سرداروں کے ہاتھ آتی تھی، صرف کرنے کا ارادہ کر لیا- اس نے غلزئیوں کی طاقت کو ختم کر دیا اور بعض ممتاز قبائلی سرداروں کو قتل، بعض کو قید اور بعض کو جلا وطن کر دیا، مزید برآن اس نے قزلباش اور سُنّی عناصر کو، جنھوں نے کابل کی حکومت کو اس سے پہلے بہت کمزور کر دیا تھا، اپنی مضبوط گرفت میں لے لیا - اس کے نظام حکومت کا کمزور پہلو یہ تھا کہ اس کا تمام تر انحصار اپنے بیٹوں کے تعاون پر تھا، جنھیں اس نے اہم علاقوں میں والی (گورنر) مقرر کر رکھا تھا - یہ تعاون اس کی وفات کے بعد قائم نہ رہ سکا - بہر حال اس نے افغانستان جدید کی جغرافیائی حدود کو مضبوطی کے ساتھ قائم کیا اور داخلی استحکام کی بنیاد ڈالی - حقیقت یہ ہے کہ "مؤسس افغانستان" کہلانے کا وہ سب سے زیادہ حقدار ہے؛

دوست محمد نے ۱۲۷۹ھ/۹ جون ۱۸۶۳ء میں وفات پائی - اس کے کئی بیٹے تھے، جن میں زیادہ اہم یہ تھے: محمد افضل خان، محمد اعظم خان اور ولی محمد خان (یہ سب اس کی بنگش زوجہ کے بطن سے تھے، جو کُرّم کی رہنے والی تھی)، محمد اکبر خان (م ۱۸۴۸ء؛ وزیر ۱۸۴۳ تا ۱۸۴۸ء؛ ۱۸۴۱ تا ۱۸۴۲ء کے ہنگاموں میں سب سے نمایاں شخصیت)، شیر علی خان (جو آئندہ امیر ہوا)، محمد امین خان اور محمد شریف خان (یہ سب اس کی پوپلزئی زوجہ کے بطن سے تھے)- یہ امر قابل توجہ ہے کہ اپنے جانشین مقرر کرتے وقت دوست محمد نے اپنے بڑے بیٹوں کو نظر انداز کر کے علی الترتیب اکبر، غلام حیدر، اور شیر علی کو نامزد کیا اور یہ اس کی اس بیوی کے بطن سے تھے جس نے نسبۃً زیادہ عالی مرتبہ خاندان میں جنم لیا تھا.

**مآخذ**: رک بہ؛ افغانستان؛ نیز (۱) C. M. Macgregor (طبع) : *Central Asia, II, Afghanistan*، کلکتہ ۱۸۷۱ء؛ (۲) حمید الدین : *Dost Muhammad and*

marfat.com
Marfat.com

*the second Sikh war*، در *J. Pak. Hist. Soc.*، ج ۲ (اکتوبر ۱۹۵۴ء)، ص ۲۸۰ تا ۲۸۶؛ (۳) D.M. Chopra : *Dost Muhammud in India*، در *Proc. I.H.R.C.*، ۱۹ (۱۹۴۳ء): ۸۲ تا ۸۶؛ (۴) B. Saigal : *Lord Elgin I and Afghanistan*، در *J. I. H.*، ۳۲ (۱۹۵۴ء)، ص ۶۱ تا ۸۱؛ (۵) M. E. Yapp : *Disturbances in Eastern Afghanistan 1839-42*، در *BSOAS*، ۲۵/۳ (۱۹۶۲ء)، ۴۹۹ تا ۵۲۳؛ (۶) H. B. Lumsden : *Mission to Kandahar*، کلکتہ ۱۸۶۰ء.

(M. E. YAPP)

* **دَوْسَه** : (دوسه)، لفظی معنی روندنا؛ ایک رسم، جو پہلے قاہرہ میں صوفیوں کے طریقۂ سعدیہ کے شیخ ادا کیا کرتے تھے - یہ رسم قاہرہ کے ایک مشہور ولی اللہ کے سلطان حنفی مولد یا محافل میلاد کے موقع پر دن کے وقت ادا کی جاتی تھی؛ ایک ایسی ہی رسم شیخ البکری، جو مصر کے طریقوں کے امام تھے الدشطوطی کے مولد کے موقع پر رات کے وقت ادا کرتے تھے - اس رسم کو لین Lane نے تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے (کتاب مذکور، جس کے ساتھ قلمی تصویر دی ہے؛ ایک اور بیان میں C. Rodulf Huber کے ہاتھ کی تصویر ہے جس نے اس رسم کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا، در G. Ebers : *Aegypten*، شٹٹ گارٹ و لائپزگ ۱۸۷۹-۱۸۸۰ء، ۲ : ۱۲۹ بعد) - مختصر طور پر اس رسم کی کیفیت یہ ہے کہ طریقۂ مذکور کے تین سو مرید زمین پر اوندھے مُنہ لیٹ جاتے تھے اور شیخ گھوڑے پر سوار ہوکر ان کے اوپر سے گزرتا تھا - لوگوں کے عقیدے میں طریقے کی خاص کرامت [رک باں] یہ تھی کہ اس سے کسی کو کبھی کوئی بدنی نقصان نہیں پہنچا اور ادھر اس جسمانی رابطے کے ذریعے شیخ کی برکت (="نسبت") اس کے مریدوں میں ہر ایک کو پہنچ جاتی تھی - یہی رسم اور مقامات پر بھی ادا کی جاتی تھی بارزہ، لواحِ دمشق، کے لیے

دیکھیے Lady I. Burton : *The inner life of syria*, etc.، باب ۱۰؛ محمد بن عمر التونسی، م ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء، در *Voyage au ouaday*، ترجمۂ از A. Perron، ص ۷۰۰) - دوسرے طریقوں میں شیخ کے پاؤں یا محض اس زمین کی خاک، جس پر سے شیخ گزرا ہو، بدن پر ملنے سے "برکت" حاصل ہوتی تھی - سعدیہ طریقے میں گھوڑے کا استعمال بانیِ طریقہ کے بلندیِ مرتبہ سے منسوب کیا جاتا تھا، جو پیغمبر کی اولاد میں سے تھے - مصر میں دوسہ کی ابتدا ٹھیک معلوم نہیں - مشہور روایت یہ ہے کہ جب سعدالدین الجبراوی، بانی طریقۂ سعدیہ، کے فرزند شیخ یونس مصر میں آئے تو ان کے مریدوں نے درخواست کی کہ وہ ان کے لیے کوئی ایسا طریقہ جاری کریں جو اپنی کرامت کی وجہ سے ان کے مرتبۂ ولایت کا ثبوت ہو - اس پر انھوں نے کہا کہ میرے راستے میں شیشے کے گول چکنے برتن پھیلا دو پھر وہ گھوڑے پر سوار ہو کر ان برتنوں پر سے گزر گئے اور اُن میں سے ایک برتن بھی نہ ٹوٹا - یہ بات ان کے جانشینوں سے نہ ہو سکی، اس لیے شیشے کے برتنوں کے بجائے آدمیوں کو اوندھا لٹایا جانے لگا (Goldziher، در *Z D M G*، ۱۸۸۲ء، ص ۶۴۷ ببعد؛ محمد رشید رضا : تاریخ . . . محمد عبدہ، ۲ : ۱۴۷ ببعد و بار دوم، ۲ : ۱۳۹ ببعد) - شیخ یونس کی بابت بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ باب النصر کے باہر مدفون ہیں (Goldziher، کتاب مذکور؛ خطط جدیدہ، ۲ : ۷۲) سعدالدین کو عام طور پر ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کا بزرگ بتایا گیا ہے ، لیکن یہ تاریخ غیریقینی ہے اور غالبًا ان کو کسی حد تک شیخ یونس الشیبانی کے ساتھ، جو ایک "مجذوب" اور یونسی طریقے کے بانی تھے، ملتبس کر دیا گیا ہے (المقریزی : خطط، بولاق ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء، ۲ : ۴۳۵) دوسہ کی رسم کو مصر کے مفتی اعظم کے فتوی دینے کے بعد کہ یہ "بدعة قبیحه" ہے اور

Marfat.com

اس میں مسلمانوں سے تحقیر کا برتاؤ ہوتا ہے، ۱۸۸۱ء میں خدیو محمد توفیق نے بند کرا دیا۔ اس کے بعد کچھ زمانے تک مذکورۂ بالا محافل میلاد کے بعد صبح کو سعدیہ طریقے کے پیرو اپنے شیخ کے دروازے کے آگے لیٹ جاتے تھے کہ وہ ان پر پاؤں رکھ کر گزرے (A. Le Chatelier : *Les confréries Musulmanes du Hedjaz*، ص ۲۲۵)، مگر پھر اس کی بھی ممانعت کردی گئی۔

**مآخذ** : جو حوالہ جات متن مقالہ میں دیے جا چکے ہیں ان کے علاوہ : (۱) علی پاشا مبارک : الخطط الجدیدہ، ۳ : ۱۱۲؛ (۲) X. Coppolani و O. Depont : *Les Confréries religieuses musulmanes*، ص ۳۲۹ ببعد۔

(D. B. MACDONALD)

* **دَوْعَن** : (بعض دفعہ دَوْعَن)، وادی (=ندی) حضر موت کے جنوبی معاونوں میں سے سب سے بڑا معاون۔ یہ (سطح مرتفع) الجَوْل میں ایک گہری تنگ درز ہے، جو تقریباً سیدھی شمال کی جانب ۱۰۰ کیلومیٹر تک جا کر قریۂ ہینن کے مقابل بڑی ندی میں جا گرتی ہے۔ دوعن کے سلامی دار کنارے تقریباً ۳۰۰ میٹر بلند ہیں۔ اس کے کناروں کی بستیاں زیریں ڈھلانوں پر آباد ہیں اور ان کے نخلستان اس ندی کے پیٹے میں پھیلے ہوے ہیں۔ وادی دوعن دو شاخوں، الایمن (جسے لیمن کہتے ہیں) اور الایسر (جسے لیسمر بولتے ہیں) کے اتصال سے بنی ہے، جن میں سے الایمن بسا اوقات اصلی دوعن ہی کا ایک حصہ سمجھا جاتا ہے۔ الایمن کی گنجان آبادیوں میں الرباط، الخربہ، الرشید اور المصنعہ شامل ہیں۔ ٹھیک اس جگہ کے نیچے جہاں الایمن اور الایسر باہم ملتی ہیں، قصبۂ صِیف واقع ہے، جس کے بعد قیدون اور الحجرین آتے ہیں۔ آخرالذکر کے نام پر کبھی کبھی وادی کے زیریں حصے موسوم کیے جاتے ہیں۔ الحجرین کے شمال میں ایک نسبۃً جدید درگاہ موسومہ المشہد واقع ہے، جس میں السید علی بن حسن العطّاس کی قبر ہے۔ وادی العین مشرق کی جانب سے اور وادی عمد مغرب کی جانب سے اسی ندّی میں گرتی ہیں۔ وادی الکسر (الہمدانی نے کسر قماقش لکھا ہے) ندی کے سب سے آخری حصے کا نام رکھا گیا ہے، جہاں عمد، دوعن اور العین تینوں کے دھارے مل کر بہتے ہیں۔ حورہ اور العجلانیہ کے قصبے اس کے دائیں کنارے پر ہیں۔

المکلّا سے اندرونی علاقے کو موٹر کی ایک سڑک جاتی ہے، جو اس علاقے کی سب سے بلند چوٹی کوز سیبان سے گزرتی ہے اور پھر مولا مطر کی مقدس چوٹی سے گزرتی ہوئی دوعن کے بالائی حصے تک پہنچتی ہے۔

اس وادی میں سبائیوں کے عہد کے آثار دریافت ہوے ہیں اور المشہد کے جنوب میں غیبون کے کھنڈر نظر آتے ہیں۔

دوعن کے بہت سے باشندے وطن چھوڑ کر عدن، مشرق افریقہ اور جاوا چلے گئے ہیں، مگر دولت مند تارکین وطن نے جذباتی وجوہ کی بنا پر وطن میں اپنے مکانات اور باغات برقرار رکھے ہیں۔ علاقے سے صرف شہد کی برآمد ہوتی ہے۔

**مآخذ** : (۱) الہمدانی؛ (۲) محمد بن ہاشم: تاریخ الدولة الکثیریه، ۱، قاہرہ ۱۳۶۷ء؛ (۳) صلاح البکری : تاریخ حضرموت السیاسی، قاہرہ ۱۳۵۴-۱۳۵۵؛ (۴) مصنف مذکور: فی جنوب الجزیرة العربیه، قاہرہ ۱۳۶۸ھ؛ (۵) M. de Goeje در *Rev. Colon. Internat*، ۱۸۸۶ء؛ (۶) H. Von Wissmann و M. Höfner : *Beiträge zur hist. Geog.*، Wiesbaden ۱۹۵۳ء؛ (۷) L. Hirsch : *Reisen*، لائڈن ۱۸۹۷ء؛ (۸) H. Von Wissmann و D. Van der Meulen : *Hadramaut*، لائڈن ۱۹۳۲ء؛ (۹) W. Ingrams : *A Report on ... Hadhramaut*، لنڈن ۱۹۳۷ء؛ (۱۰) مصنف مذکور: *Arabia and the Islas*، بار دوم، لنڈن ۱۹۵۲ء؛ [(۱۱) یاقوت : معجم البلدان، بذیل مادّہ].

(G. RENTZ)

marfat.com
Marfat.com

* **دُوغانجی** : رکّ بہ طوغانجی .

* **دوغر** : اوغوز قوم کے ایک قبیلے کا نام ۔ ان کا ذکر اوغوز نامہ میں ملتا ھے (مشرف بہ اسلام ھونے سے پہلے اوغوز قوم کے حالات زندگی کے لیے دیکھیے *Oguzlar, a ait destani mahiyette eserler* : F. Sümer در *Ank. Ün. DTCFD*، ۳/xvii تا ۴)، جہاں یہ لکھا ھے کہ اوغوز حکمرانوں کے بعض اھم بیگ (= سردار اس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؛ بقول شامی مؤرخ شمس الدین محمد الجزری (۶۵۸ھ/۱۲۶۰ء تا ۷۳۹ھ/ ۱۳۳۸ء) ارتُق خاندان جو ماردین و دیاربکر کے علاقے پر حکومت کرتا تھا، دوغر قبیلے سے تعلق رکھتا تھا (F. Sümer، کتاب مذکور، ص ۴۰۵، عدد ۱۷۱) اس لیے یقیناً اس نے سلجوقیوں کی فتوحات میں حصہ لیا ھوگا، آٹھویں صدی ھجری/ (بہ تصحیح) چودھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں دوغر کی ایک اھم شاخ اُرفہ (ادیسہ) کے جنوب میں اور جَعْبَر کے گرد و نواح میں مقیم تھی؛ ۷۷۳ھ/۱۳۷۱-۱۳۷۲ء میں ان کا سردار سالم نامی ایک شخص تھا.

سالم کے خاندان سے قطع نظر، دوغر کے دیگر بیگوں؛ یارعلی، محمد اورکَتّی کو ھم شام میں حلب کے ترکمانوں کے درمیان دوغر خیلوں کے سرداروں کی حیثیت میں دیکھتے ھیں؛ کتی، ۸۵۷ھ / ۱۴۵۳ء میں مملوکوں کی طرف سے بحیرے کا "نائب" تھا ۔ سلیمان اول کے زمانے میں شام کے دوغر حلب، "حَما اور دمشق کے علاقوں میں تین خیلوں میں منقسم تھے ۔ "تپو" یعنی سرکاری دفاتر سے ظاھر ھوتا ھے کہ یروشلم میں ان کے دو چھوٹے گروہ باب العامود اور بنو زید کے محلوں میں رھتے تھے (قبّ B. Lewis در *BSOAS*، ۱۹۵۴ء xiv/3 : ۴۷۹)، دیگر خیل دیار بکر کے گرد و نواح میں بوز اُلوس (آق قویونلو قبیلے کا ایک بچا ھوا قبیلہ) کے درمیان کُرکوک کے مقام پر، نیز ایران کے ترکی قبائل میں بھی پائے جاتے تھے ۔ دسویں صدی ھجری/ سولھویں صدی عیسوی میں دوغر کا نام متعدد مقامات کے ناموں میں ملتا تھا، جن میں سے بہت کم باقی بچے ھیں.

**مآخذ** : (۱) F. Sümer: *Dögerlere dâir*، در *Türkiyat Mecmuasi*، ج ۱۰، ۱۹۵۳ء، ص ۱۳۹ تا ۱۵۸؛ (۲) Cl. Cahen : *Contribution à l'histoire du Diyâr Bakr au quatorzième siécle*، در *JA*، ج ۲۴۳، ۱۹۵۵ء، ص ۸۱؛ (۳) ابوبکری طھرانی : کتاب دیار بکریہ، طبع N. Lugal اور F. Sümer، انقرہ (TTK) ۱۹۶۲ء، ص ۵۳، عدد ۵ تا ۷، ص ۱۲۳، عدد ۱ .

(F. Sumer)

* **دُوغلات** : بعض اوقات دُوقلات، ایک منگول قبیلہ جس کا نام ابوالغازی (طبع Desmaisons، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۱ء، ۱ : ۶۵) کے بیان کے مطابق منگول لفظ دوغولونگ (=لنگ)، بمعنی "لنگڑا" سے مشتق ھے یوں معلوم ھوتا ھے کہ منگول سلطنت کے ابتدائی دور میں اس قبیلے نے کوئی کارنامہ سر انجام نہیں دیا گو خیال کیا جاتا ھے کہ یہ قبیلہ ھمیشہ چنگیز خان کی حمایت کرتا رھا (رشید الدین، طبع Berezen، در *Trudi vost otd Imp Russk Arkheol obshčestva*، ۷ : ۲۷۵ : ۱۳/متن : ۷۴، ۵۲؛ ترجمہ L. A Khetagurov، ماسکو ۔ لینن گراڈ ۱۹۵۲ء، ۱/۱ : ۱۹۳) اس وقت یہ قبیلہ سارے کا سارا منگولیا سے نقل مکانی کر گیا؛ کم از کم اس وقت وھاں اس نام کا کوئی قبیلہ نہیں .

ایلخانی سلطنت [رکّ بہ ایلخانیّہ] کا شیرازہ بکھر جانے تک دوغلات کو کوئی سیاسی اھمیت حاصل نہیں ھوئی، البتہ اس زمانے سے اسی قبیلے کے ایک فرد محمد حیدر دوغلات (حیدر میرزا [رکّ بآں]) نے اپنی تصنیف تاریخ رشیدی (طبع N. Elias و E. Denison Ross، لنڈن ۱۸۹۵ء میں اُن سے متعلق معلومات فراھم کی ھیں لیکن اس کی یہ معلومات ھمیشہ قابل اعتماد نہیں ھوتیں، اور بعض جگہ تو، جہاں اس قبیلے کا ذکر

Marfat.com

دوسرے ماخذ میں بھی ملتا ہے، وہ ان کی تردید کرتا ہے ۔ دوغلات حیدر کے بیان کے مطابق اس قبیلے کے ایک رکن تولک یا غالباً اس کے چھوٹے بھائی بولاجی (ابوالغازی کے مطبوعہ نسخے میں ورق ۵۶ پر پولادچی چھپا ہے لیکن یہ شکل مخطوطات میں نظر نہیں آتی) کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ اس نے طاس طارم (Tarim Basin) میں آق سو کے مقام پر ۷۴۸ھ/مطابق ۱۳۴۷-۱۳۴۸ء میں خان تغلق تیمور کو تخت نشین کیا تھا؛ پھر یہ بھی قیاس کیا جاتا ہے کہ مؤخرالذکر نے اس کے بدلے میں "نو اختیارات" دے کر دوغلات کی احسان مندی کا حق ادا کیا، اس طرح طاس طارم کے علاقے میں ان کا تسلط قائم ہو گیا تھا ۔ حیدر دوغلات کا دعوی ہے کہ اس نے بچپن میں یہ دستاویز منگولی زبان اور منگولی رسم الخط میں دیکھی تھی، لیکن اس کا کہنا ہے کہ دستاویز شیبانی خاں (م ۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء) [رک بآں] کے زمانے میں تلف ہو گئی (تاریخ رشیدی، ص ۵۴ ببعد ۳۰۵) بہر حال مؤرخ مذکور نے واقعہ نگاری میں تاریخوں سے متعلق جو غلط بیانیاں کی ہیں، ان سے اس دستاویز کی اصلیت کے بارے میں سنگین شکوک پیدا ہو جاتے ہیں؛ ۷۶۹ھ/۱۳۶۸ء اور ۷۹۴ھ/۱۳۹۲ء (؟) کے مابین مغولستان (مشرقی ایشیا کا اندرونی علاقہ جو قریب قریب سمریچی semiryeče سے شروع ہوتا تھا، ان دنوں اسی نام سے موسوم تھا) میں قمرالدین دوغلات بر سر اقتدار تھا (شرف الدین یزدی: ظفر نامہ طبع .Bibl Ind، کلکتہ ۱۸۸۷-۱۸۸۸ء، ۱ : ۸۷ ببعد) جو تاریخ رشیدی کے بیان کے مطابق بولاجی کا بھائی تھا ۔ شروع شروع میں وہ ایک عرصے تک تیمور [رک بآں] کے ساتھ تعاون کرتا رہا لیکن پھر ایک طویل کشمکش کے بعد تیمور نے اسے ارتش کے اس پار التائی کے علاقے میں بھاگ جانے پر مجبور کر دیا (یزدی، ۱ : ۴۹۴ ببعد) اس کے دو بھائی تیمور کی ملازمت میں رہے (یزدی، ۱ : ۴۰۱ ببعد ۶۵۰)؛ تیمور کی ایک بیٹی خاندان دوغلات کے ایک فرد سے بیاہی ہوئی تھی ۔

۱۳۹۲ء کے بعد قمرالدین کا بھتیجا (؟) خدایداد بظاہر مغولستان کا مدارالمہام لیکن فی الحقیقت وہاں کا فرمانروا تھا ۔ اس نے آل چنگیز [رک بہ چنگیز] کے جن خوانین کو تخت پر بٹھایا، ان کی حقیقت محض کٹھ پتلی کی تھی ۔ خدایداد نے آل تیمور [رک بہ تیمور] کے ساتھ مفاہمت کرنے پر اپنی آمادگی کا اظہار اسی امر کے پیش نظر کیا کہ دونوں دین اسلام کے پیرو ہیں اور ۸۲۸ھ/۱۴۲۵ء میں الغ بیگ [رک بآں] سے سمریچی میں ملاقات کی (عبدالرزاق سمرقندی: مطلع سعدین، مطبوعۂ لینن گراڈ، عدد ۱۵۷، ورق ۲۳۰)؛ اس معاہدے کی رو سے خوانین مغولستان کو خدایداد کے بھائیوں اور فرزندوں میں اپنے علاقے کی تقسیم منظور کرنا پڑی (تاریخ رشیدی، ص ۱۰۰)؛ اس کے بڑے لڑکے محمد شاہ (نواح ۱۴۱۸ تا ۱۴۳۹ء) کو خان ویس کی طرف سے قبیلے کا سردار (الوس بیگی) مقرر کیا گیا ۔ اس نے سمریچی میں سکونت اختیار کر لی (تاریخ رشیدی، ص ۸۷)، تیموریوں نے اس کے چھوٹے بیٹے کو طاس طارم کے مغربی علاقے سے باہر نکال دیا (۱۴۱۶ء؟ سمرقندی، در *Notices et extraits*، ۱۴/۱: ۲۹۶) اور وہ اپنے والد کی وفات سے پہلے ہی مر گیا ۔ اس کے بیٹے سید علی نے بالآخر کاشغر پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور چوبیس سال تک وہاں حکومت کرتا رہا ۔ اس نے جیسا کہ کاشغر میں اس کے مزار سے پتا چلتا ہے (۸۶۲ھ/مطابق ۱۴۵۷-۱۴۵۸ء میں وفات پائی دیکھیے تاریخ رشیدی، ص ۸۷ و ۹۹)۔ اس کے جانشین اس کے دو بیٹے سانز میرزا (تا ۸۶۹ھ/۱۴۶۴-۱۴۶۵ء) اور محمد حیدر (تا ۸۸۵ھ/۱۴۸۰ء) ہوئے، ان دونوں نے اس علاقے کی ترقی کے لیے بڑی خدمات انجام دیں، پھر سانز کے بیٹے ابوبکر میرزا نے اپنے چچا حاکم خان یونس حاکم مغولستان کو مغربی طاس طارم سے نکال

marfat.com
Marfat.com

باھر کیا ۔ اس کے بعد اس نے یارقند میں سکونت اختیار کی اور ۹۰۴ - ۹۰۵ھ / ۱۴۹۹ء میں خوانین مغولستان کے ایک حملے کو روکا ۔ ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء کے بعد سعید خان نے اسے حکومت سے علٰحدہ کر دیا.

[دوغلات کے] بڑے خانوادے کے علاوہ اس کی دوسری شاخوں نے بھی کئی بار چھوٹی چھوٹی حکومتیں قائم کیں، اور گاہ بگاہ بڑے خانوادے سے برسر پیکار بھی رہیں؛ مثال کے طور پر محمد حیدر نے جو مؤرخ محمد حیدر کا دادا تھا، یونس چنگیزی اور احمد میرزا تیموری کے ساتھ مل کر ابوبکر میرزا (دیکھیے سطور بالا) کے خلاف جنگ لڑی، اس کے بیٹے محمد حسین اور سید محمد میرزا ھمیشہ مذبذب رہے کہ ان دونوں خاندانوں میں سے کس کی حمایت کی جائے، وہ وقتاً فوقتاً ازبکوں کی ملازمت بھی کرتے رہے، مقدم الذکر بالآخر ہرات میں شیبانی خان [رک بآں] کے حکم سے ۹۱۴ھ/۱۵۰۸-۱۵۰۹ء میں مارا گیا ۔ اس کا بھائی ۱۵۳۳ء میں مغولستان کے خان عبدالرشید کی نفرت و خصومت کا نشانہ بنا جو اسی سال برسر اقتدار آیا تھا (تاریخ رشیدی، ص ۶ بعد، ۳۰۵ و ۴۰۵) محمد حسین کے بیٹے میرزا محمد حیدر مؤرخ نے کشمیر میں خود مختاری کا اعلان کرنے کی نیت سے طاس طارم کے حکمران کے ماتحت ۱۵۴۱ء میں لداخ کی گورنری کا عہدہ چھوڑ دیا (دیکھیے حیدر مرزا).

۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء میں اس خانوادے کے خاتمے اور ابوبکر [دیکھیں اوپر] کی حکومت کے قیام پر طاس طارم میں دوغلات خاندان کے اقتدار کا خاتمہ ہو گیا وہ چنگیزخانیوں کی بدستور مدد کرتے رہے اور سترھویں صدی عیسوی میں انھوں نے خاصا اقتدار حاصل کر لیا .

بیسویں صدی میں دریاے ایلی اور جیحوں (Jaxartes) کے درمیان قزاقوں کے "اردوے کبیر" (Great Horde) کا ایک معاون قبیلہ دولت نام سے موسوم تھا؛ جو بیّن طور پر دوغلات سے مشتق ہے، انیسویں صدی کے خاتمے پر یہ "اردو" تقریباً چالیس ہزار خیموں پر مشتمل تھا (دیکھیے N. Aristov : *Zamětki ob etniceskom sostave Tyurkskikh plemën i narodnostey*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۹۷ء، ص ۷۷) .

**مآخذ** : (حوالے اوپر دیے جا چکے ھیں ۔ مطالعے میں حسب ذیل کو بھی شامل کر لیا جائے (۱) W. Barthold : *Zwölf Vorlesungen über die Geschichte der Türken Mittelasiens*، برلن ۱۹۳۵ء، ص ۲۰۹ تا ۲۱۴ (فرانسیسی ترجمہ پیرس ۱۹۴۵ء؛ (۲) وھی مصنف : *Four studies on the history of Central Asia*، ترجمہ V. Minorsky (۱۹۵۶ء)، ۱ : ص ۵۴؛ (۳) R. Grousset : *L'Empire des steppes*، پیرس ۱۹۳۹ء بمدد اشاریہ؛ (۴) P. P. Ivanov : *Očerki po istorii Sredney Azii* (تاریخ وسطی ایشیا کا خاکہ)، ماسکو ۱۹۵۸ء، ج ۱ و ۲؛ (۵) B. Spuler : در *Handbuch der Orientalistik*، ۵ : ۵ بمدد اشاریہ ۔ مؤخرالذکر دو مآخذ میں مفصل مآخذ دیے ھوے ھیں .

(W. BARTHOLD-[B. SPULER])

* **دُولَاب** : رک بہ ناعورہ .

* **دَوْلَت** : رک بہ الدّولۃ مالیات بیت المال .

* **الدَّوْلَة** : (ع) [دول مادے سے، اس کے متعدد معنی ھیں : (۱) یہ لفظ کسی حکمران کے خاندان یا اس کے عرصۂ حکومت و اقتدار کے لیے استعمال ھوتا ھے؛ (۲) بطور لقب یا خطاب کے (۳) اقتصادی مفہوم میں ۔ ان سب کے بارے میں تصریحات درج ذیل ھیں] ۔ (۱) دول کے اساسی معنی عربی میں صاف طور پر "گردش کرنا اور یکے بعد دیگرے آنا" ھیں ۔ (جس سے اس کا سلسلہ زمانۂ بعید سے قائم ھو جاتا ھے) ۔ قرآن مجید میں لفظ نُدَاوِلُھَا ھم ان دنوں کو ادلتے بدلتے رھتے ھیں (۳ [آل عمران] : ۱۴۰) اور دُولَۃ کے معنی "کوئی چیز جس کے مالک ادلتے بدلتے رھیں" (۵۹ [الحشر] : ۷)

Marfat.com

آئے ھیں، علاوہ بریں حدیث میں لفظ اُدالَ کسی کو اس کی "کامیابی یا فتح کی" باری دلانا آیا ھے اور سیرۃ (ابن ھشام ، ص ۱۰۱۱) کی مشہور روایت میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے متعلق ھے، بیان کیا ھے آپؐ کی وفات اس وقت ھوئی جب حضرت عائشہؓ صدیقہ کے ھاں آپکیؐ تشریف آوری کی باری (دَولتی یا دُولتی) تھی - اس کے معنی لوبۃ، وقت (کامیابی، عہدے پر فائز ھونے کی باری وغیرہ) کی تصدیق قدیم شواھد سے ھوتی ھے، مثلاً فروۃ بن مُسیک کے اشعار میں یہ لفظ دو بار آیا ھے، مگر ایک جگہ دولۃ کے بجائے ایک دوسرا لفظ استعمال ھوا ھے (لسان العرب، بذیل مادہ ط، ب، ب؛ الطبری : ص ۳۵ے) - ایسا معلوم ھوتا ھے کہ شاھی خالدان کے معنی میں لفظ دولۃ کا استعمال اسی زمانے سے ھونے لگاتھا.

یہ مسئلہ ابھی تک تحقیق طلب ھے کہ دولۃ کے معنی " خالدان شاھی " کس طرح ھوگئے، زمانۂ قبل اسلام میں کوئی ایسی بات نہیں ملتی جس سے اس کی اصل کا پتا چلے - قبیلہ (خاندان) کے لیے لفظ "بنو" یا "آل" اسلامی زمانے میں بھی مستعمل رھے ھیں - ابتدائی عباسی زمانے سے پہلے زمانے کے ایسے قابل وثوق اشعار ابھی تک علم میں نہیں آئے جن میں "دولۃ" خاندان کے معنی میں استعمال ھوا ھو - نثر کے حوالے زمانی اعتبار سے مشتبہ ھیں، مثلاً یہ بات قرین قیاس نہیں کہ ایک اموی جرنیل حضرت عثمانؓ کے فرزند کو ان الفاظ میں الزام دے "ھم تو تمہارے خاندان "(دولتکم)" کے لیے لڑیں اور تم اس سے بےوفائی کرو" (البلاذُری : انساب، ہب، ۳۹) - اس لفظ کے کثرت استعمال کی شہادت عباسیوں کی بالکل ابتدائی دستاویزوں میں ملتی ھے جن میں سے بعض میں اصلی الفاظ غالباً ھوبہو نقل کر دیے گئے ھیں - السَّفّاح کو جب فتح حاصل ھو گئی تو وہ اھل کوفہ سے خطاب کرتے ھوے کہتا ھے : " . . . تمھیں ھمارا زمانہ نصیب ھوا اور اللہ تمھارے لیے ھماری " دولۃ" (عہد حکومت، یا زمانۂ فتح) لے آیا" (الطبری، ج ۳ : ۳۰) - ابومنصور، السفاح کو ابو مسلم کے مار ڈالنے کا مشورہ دیتے ھوے اپنی "دولۃ" کی قوت کی مدح کرتا ھے (وھی کتاب، ۳ : ۸۵؛ *History of the Arabs* : P. K. Hitti، بار ششم، ص ۲۸٦) السَّفّاح،ابومسلم کی "دولۃ" (=عہدے داری کے زمانے) کا ذکر کرتا ھے (الطبری، ۳ : ص ۸٦) اور ایک تحریر میں، جس کی تاریخ مشتبہ ھے، اس نے ان لوگوں کا ذکر کیا ھے جو اس "دولۃ" (یہاں بہ معنی خاندان شاھی) میں خلفشار چاھتے ھیں (کتاب مذکور، ۳ : ۱۰۴] - چند سال بعد منصور ان لوگوں کا ذکر کرتا ھے جنھوں نے عباسی "دولۃ" کی تائید کی تھی (کتاب مذکور، ۳ : ۳۳۹) مگر دیکھیے ایک ایسی ھی عبارت در کتاب مذکور ۳ : ۳۲، جہاں "دولۃ" کو بمعنی فتح استعمال کیا گیا ھے) المنصور کی آخری وصیت کی تشریح میں المہدی کی "دولۃ" (حکومت) کا ذکر آتا ھے (کتاب مذکور، ۳ : ۴۵۴).

ان شہادتوں سے کوئی بات قطعی طور پر ثابت نہیں ھوتی - ایسا معلوم ھوتا ھے کہ عباسی عہد کی ابتدا میں "دولۃ" کا استعمال خاندان شاھی کے مفہوم میں پوری طرح متعین نہیں ھوا تھا - ھاں بنو عباس اس لفظ کو اپنی کامیابی کی باری آ جانے کے مفہوم میں استعمال کرتے تھے - اس طرح سے اس لفظ کا تعلق حکمران گھرانے کے ساتھ قائم ھوگیا اور شائستہ اصطلاح کے طور پر اسی کے لیے زیادہ سے زیادہ استعمال ھونے لگا اور جلد ھی "دولۃ" کے حامی اور ارکان (اصحاب، رجال)، خاندان شاھی کے حامی اور ارکان سمجھے جانے لگے، پھر بھی وہ تاریخ قطعی طور سے متعین نہیں ھو سکتی جب کہ یہ لفظ پہلے پہل خاندان شاھی کے معنی میں بولا جانے لگا.

قیاس کیا گیا ھے کہ یونانی (فلسفی مؤرخ) پولی بئیں (Polybius) کے اصول ἀνακύκλωσις τῶν πολιτειῶν کی

marfat.com
Marfat.com

هم نوائی میں ایرانیوں کے سیاسی نظریات بھی لفظ "دولة" بمعنی خاندان شاہی کے استعمال کا باعث بنے - اس قیاس کی کچھ خفیف سی تائید مذکورۂ بالا اس رائے سے ہو سکتی ہے کہ عباسیوں نے اپنے غلبہ و اقتدار کی باری کو اپنی "دولة" کہنے پر اتنا زور دیا کہ یہ اصطلاح مشہور ہو گئی - پھر بھی اس میں کسی سیاسی نظریے کا شعوری اطلاق نظر نہیں آتا، اگرچہ آگے چل کر فی الواقع "دولة" کا اطلاق سیاسی اقتدار کے مختلف ادوار پر بھی ہوتا رہا - الکندی اپنے رسالۃ فی مُلکُ العرب (طبع O.Loth، در *Morgenländische Forschungen* '*Festschrift Fleischer*' لائپزگ ۱۸۷۵ء) میں 'دولة' کو عموماً مُلک کا مرادف قرار دیتا ہے نیز قبَ الرازی: فی امارات الاقبال والدولة (طبع P. Kraus : *Razis opera Philosophica*، پیرس ۱۹۳۹ء)، جس میں دولة کے معنی "سیاسی کامیابی" لیے گئے ہیں .

(۲) الدّولة، القاب کے دوسرے جزء کے طور پر

تیسری صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں وزیر القاسم بن عبیداللّٰہ بن وَہب کو ولی الدولة (یعنی مملکت یا خاندان شاہی کا ہمدرد) لقب عطا کیا گیا، جو اس کے بعد المُکتفی کے سکّوں پر بھی نمایاں ہوا؛ ۲۹۱ھ/۹۰۴ء کے سکوں کے نمونے عام طور پر ملتے ہیں، G. C. Miles کی نظر میں ۲۹۰ھ کے کسی ایسے سکے کی موجوگی مشکوک ہے - مصنفین کے بیان کے مطابق یہ پہلا موقع ہے جب "دولة" کے لفظ سے مرکب لقب کسی کو ملا - القاسم کے فرزند الحسین نے بھی اپنے باپ کی رسم کو قائم رکھا، جب کہ المقتدر نے اسے عزت و وقار کے ساتھ "عمیدالدولة" (ملک کا سہارا) لقب دیا جو سکّوں میں کندہ ہوا - یہ ماہ محرم ۳۲۰ھ / فروری ۹۳۲ء کا واقعہ ہے (ارشاد الاریب، ص ۱٦۷؛ مسکویہ، در *Eclipse*، ۱ : ۲۲۳، ترجمہ ۴ : ۲۵۰).

اس کے متصل زمانے میں مرکب توصیفی القاب لوگوں کو ماتے رہے - اسی زمانے کے قریب قریب ہم ایک موسیقی دان ادیب کا عرف "جِراب الدولة" (جِراب=تھیلا) سنتے ہیں، لیکن اس کی بابت کہا گیا ہے کہ اس نے آل بویہ کا مضحکہ اڑانے کے لیے خود ہی اپنا یہ عرف پسند کیا تھا (یاقوت : ارشاد الاریب، ۲ : ٦۲ ببعد) - بہر حال پھر دولة کے لفظ سے مرکب القاب صحیح معنوں میں اس وقت رائج ہوے جب شعبان ۳۳۰ھ/اپریل ۹۴۲ء میں حسن حمدانی اور علی حمدانی کو علی الترتیب ناصر الدولة اور سیف الدولة کے لقب عنایت ہوے - تھوڑے ہی عرصے بعد (آغاز ۹۴٦ء) تین بویہی بھائیوں کو لفظ "دولة" سے مرکب لقب دیے گئے اور یہ اس بات کی علامت تھی کہ انھوں نے بغداد اور مشرق پر اقتدار قائم کر لیا ہے - ان کے القاب معزالدولہ، عمادالدولہ اور رکن الدولہ تھے - یہ القاب محض رسمی نہ تھے بلکہ بامعنی تھے، جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ خلیفہ نے بہت سے منصبی اختیارت لقب پانے والے کو دے دیے تھے .

حمدانیوں اور بویہیوں نے لفظ "دولة" سے مرکب القاب قائم رکھے اور اپنے اپنے وقتوں میں دوسروں نے بھی ان کی تقلید کی، مثال کے طور پر مشرق میں غزنویوں اور ایلک خانیوں نے اور اندلس میں بعض ملوک طوائف نے نیز فاطمیوں نے بھی کبھی کبھی "دولة" سے مرکب القاب اپنے اعلٰی عہدے داروں کو دیے ، لیکن دسویں صدی عیسوی ختم ہونے ہی پائی تھی کہ یہ القاب اپنی اہمیت بہت کچھ کھو بیٹھے - پہلے تو ان کے ساتھ اور القاب بطور تکملہ ملائے گئے، پھر ان کی جگہ دوسرے القاب دیے جانے لگے - یہ وہ دور تھا جب مسلم ممالک میں القاب کی بھر مار ہونے لگی تھی، جس پر مسلمان اہل قلم کبھی کبھی نکتہ چینی کرتے تھے - بویہیوں

Marfat.com

کے زمانے کے بعد "دولة" سے مرکب القاب دیے جانے کے بارے میں ابھی تک زیادہ تحقیق نہیں کی گئی ہے، مگر اس کا استعمال مختلف صورتوں میں مل رہا ہے۔ بارھویں صدی عیسوی میں ایک درباری طبیب ہبةاللہ ابن التلمیذ "امین الدولة" کہلاتا تھا (غیر مسلموں کے لیے "دولة" سے مرکب القاب کے لیے دیکھیے، القلقشندی: صبح، ۵ : ۴۹۰ ببعد؛ حسن الزیات، درالمشرق ۴۲، ۱۹۴۸ء : ۸ ببعد)۔ اگرچہ "دولة" سے مرکب القاب گھٹتے گھٹتے محض عزت افزائی کی علامت رہ گئے تھے، پھر بھی ان سے معاشرے میں بلند مرتبے کا اظہار ہوتا تھا، مثلاً ہندوستان میں بعض والیان ریاست کے نام کے ساتھ لفظ "دولة" نظر آتا ہے (ایران میں یہ لقب دولت مغلیہ کے خاتمے تک موجود تھا) جب اعزازی القاب کا سلسلہ بند کر دیا گیا۔ ایرانی مجالس وزرا کے ارکان کو بھی اکثر "دولة" سے مرکب القاب ملتے رہے۔

[الدَّولة (= الدُّولَة) کا ایک اقتصادی مفہوم بھی ہے، مفردات میں ہے کہ الدَّولة اور الدُّولة ایک ہی ہیں۔ بقول بعض الدَّولة کا تعلق گردش مال سے ہے اور الدُّولة (بضم دال) کا تعلق حرب اور جاہ سے (یعنی ان کا اپنی باری لینا (جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہے)۔ یہ بھی خیال ہے کہ الدَّولة بفتح دال اسم ہے اور بضم دال مصدر (جیسا کہ قرآن میں آیا ہے۔ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ (۵۹ [الحشر] : ۷) اور اسی مادے سے تُدَاوِلُ کا لفظ اس آیت میں آیا ہے۔ تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ (۳ [آل عمران] : ۱۴۰۔ فارسی میں اس کے معنی ہیں : گردش زمانہ بہ نیکی و ظفر و اقبال بسوی کسی (فرہنگ آنند راج، بذیل دولة)۔ اصولی طور سے مال اور دولت کے معنی ایک ہی ہیں، مگر مال میں ملکیت کا تصور بنیادی ہے۔ اموال میں منقولہ و غیر منقولہ سب ملکیتیں شامل ہیں۔ دولة میں گردش کا مفہوم بنیادی ہے اس لیے یہ قدرتی معلوم ہوتا ہے کہ دولت کا خصوصی تعلق زر سے ہو۔ اس میں کثرت کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے۔ کم زر والے کو ہم دولت مند نہیں کہہ سکتے۔ دولت میں جاہ و اقتدار کا مفہوم بھی شامل ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہے کہ کسی مملکت کو دولت کہا جاتا تھا بحالیکہ مال میں جاہ و اقتدار لازمی نہ ہو۔ یہ بالکل ممکن ہے کہ کسی عبارت میں تینوں مفہوم (یعنی باری اور نوبت اور جاہ و اقتدار اور زر کی کثرت) شامل ہوں۔ اسلامی ادب کے جدید دور میں خصوصاً اردو میں لفظ دولت کا اطلاق وسائل پیداوار اور پیداوار دونوں پر ہوتا ہے۔

اسلام میں تقسیم دولت کا نظام کئی کتابوں کا موضوع ہے خصوصاً زمانۂ قریب میں معاشیات کے کے اسلامی تصور پر بھی بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں [رک بہ معاشیات (اسلامی)]۔ اس موضوع کی زیادہ تفصیلی بحث کے لیے رک بہ المال۔ یہاں مختصر طور سے اسلام کے تقسیم دولت کے نظام کا ایک خاکہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اسلامی نظریۂ تقسیم دولت کے چند بنیادی اصول ہیں : (۱) اسلام رہبانیت کا مخالف ہے اور معاش کی جائز سرگرمیوں کو "فضل اللہ" اور "خیر" کے الفاظ سے یاد کرتا ہے اور اسے اَلطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ کہتا ہے۔ لیکن معاش مقصود حیات نہیں بلکہ کردار کی بلندی اور آخرت کی بہبود اس کا مقصد ہے؛ (۲) دولت خواہ کسی شکل میں ہو، اللہ کی ملکیت ہے۔ انسان کو جو کچھ ملتا ہے وہ اللہ کی عطا ہے اور اس کی ملکیت حکم خداوندی کے تحت ہوگی؛ (۳) حکم خداوندی کے تحت مال میں تصرف کے لیے ایک نظام قائم کیا گیا ہے، جس میں یہ مد نظر رکھا گیا ہے کہ ہر انسان اپنی قابلیت کے مطابق دولت پیدا کرے۔ پھر اس میں کچھ صدقہ واجبہ (زکوة کے طور سے اور کچھ اختیاری طور سے (وَفِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ، ۵۱ [الذٰریٰت] :

marfat.com
Marfat.com

۱۹)؛ (۳) تقسیم دولت کا ایک مقصد معیشت انسانی کو انصاف کے اصولوں پر منظم کرنا ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ حق، حقدار کو مل جائے اور سب انسانوں کی سبیل معاش مہیا ہو جائے۔ تیسرا مقصد یہ ہے کہ دولت چند ہاتھوں میں جمع نہ ہونے پائے (كَیْ لَا یَكُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْكُمْ) ۵۹ [الحشر]) : ۷ گردش کرتی رہے۔

یہ اصول اسلام کے نظام تقسیم دولت کو مغربی سرمایہ داری اور اشتراکیت دونوں سے ممتاز کرتے ہیں۔ یہ نظام نہ تو اتنا آزاد ہے کہ اس میں پیداوار و تصرف دولت پر کوئی پابندی ہی نہ ہو اور نہ اتنا جبری ہے کہ انسان کے اختیار کو اس میں دخل ہی نہ ہو۔ یہ مخلوط نظام ہے جس میں آزادی بھی ہے اور پابندی بھی۔ یہ وسْط کا راستہ ہے۔

دولت سے متعلق دوسرے مباحث مثلاً اجتماعی یا قومی دولت، استحقاق دولت، ملکیت، عوامل پیداوار، سود اور سرمایہ کاری، محنت اور اجرت کے اصول وغیرہ سے متعلق بحثوں کے لیے رک بہ معاشیات (اسلامی)؛ المال (ج اموال)؛ الخراج؛ قرآن مجید کی آیت كَیْ لَا یَكُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْكُمْ کا تعلق مال غنیمت کے اصولوں سے ہے۔ لیکن حضرت عمرؓ نے اس کی جو تعبیر کی تھی، اس میں اس کا اطلاق زمینوں پر بھی ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ سے صحابہؓ نے عراق اور شام کی مفتوحہ اراضی کے بارے میں یہ مطالبہ کیا تھا کہ یہ زمینیں ان میں تقسیم کر دی جائیں اور ان کو اراضی کا مالک بنا دیا جائے، لیکن حضرت عمرؓ نے انکار کیا اور کہا کہ یہ زمینیں اجتماعی دولت ہیں اور اس میں انھوں نے دُوْلَةً والی آیت پیش کی (کتاب الخراج اور قاضی ابوبکر رازی؛ الجصّاص : احکام القرآن) اور بالآخر اسی پر فیصلہ ہوا].

**مآخذ** : (۱) البیرونی : آثار الباقیة، ص ۱۳۰ تا ۱۳۳؛ (۲) ہلال بن صابی: رسوم دارالخلافة، در السیوطی: اوائل، بغداد ۱۳۶۹ھ/۱۹۵۰ء، ص ۸۳؛ (۳) القلقشندی : صبح، ۱ : ۳۳۱ : ۵ : ۳۳۲، ۳۹۰ ببعد؛ (۴) M. Van Berchem در ZDPV، ۱۶، ۱۸۹۳ء، ۹۳؛ عدد ۱؛ (۵) F. Babinger در Isl.، ۱۱، ۱۹۲۱ء : ۲۰، عدد ۳؛ (۶) A. Mez : Renaissance، ص ۱۳۳، عدد ۱؛ (۷) J.H. Kramers، در AO، ۵، ۱۹۲۷ء : ۵۳ تا ۶۷؛ (۸) E. de Zambaur، بمواضع کثیرہ؛ (۹) H. Bowen : The Life and times of ʻAli Ibnʻ Isā، کیمبرج ۱۹۲۸ء، ص ۵۹؛ (۱۰) حسن الزیات، در المشرق، ۳۲، ۱۹۳۸ء : ۱۲۰۷؛ (۱۱) G. C. Miles : Rare Islamic Coins، نیویارک ۱۹۵۰ء، ص ۳۲ ببعد؛ (۱۲) B. Spular : Iran، ص ۲۲۳؛ (۱۳) M. Canard : Histoire de la dynastie des Hamdanides، ۱، الجزائر ۱۹۵۱ء : ۳۲۶؛ (۱۴) E.Tyan : Institutions du droit public musulman، ۲، پیرس، ۱۹۵۶ء : ۲۶ ببعد؛ (۱۵) حسن الباشا : الالقاب الاسلامیة، قاہرہ ۱۹۵۷ء، ص ۳۰۱، ۵۱۲، اور بمواضع کثیرہ۔

آگے چل کر دولة کے اصل معنی سے کئی اور خاص مفہوم پیدا ہو گئے قب؛ (۱۶) Dozy : Suppl، ۱ : ۴۷۶ ببعد اور (۱۷) عربی زبان کے علاوہ فارسی، ترکی اور اردو زبانوں کے لغت؛ اس کے علاوہ مثال کے طور پر، (۱۸) A.J. Madean : A dictionary of the Dialects of vernaculur Syriac اوکسفرڈ ۱۹۰۱ء : ۶۲ (b) موجودہ زمانے میں دولة یا اس کی جمع دول سے توصیفی الفاظ دَوْلِي یا دُوَلی بن گئے ہیں جس کا مفہوم قوم لیا جاتا ہے (مملکت، گورنمنٹ، خاندان) اور عربی میں ان کا رواج international کی ہم معنی اصطلاح میں عام طور پر ہونے لگا ہے؛ [(۱۹) محمد شفیع (مفتی): اسلام کا نظام تقسیم دولت، کراچی ۱۹۶۸ء؛ (۲۰) محمد امین الحق : اسلام کا معاشی نظام اور معاشی نظریات، محکمۂ اوقاف لاہور ۱۹۷۰ء؛ (۲۱) محمد مظہر الدین صدیقی : اسلام کا معاشی نظریہ، ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور ۱۹۵۱ء؛ (۲۲) مودودی : اسلام اور جدید معاشی نظریات قدیم ماخذ میں ؛ (۲۳) ابو یوسف : کتاب الخراج (اردو ترجمہ از نجات اللہ صدیقی)؛ (۲۴) ابو عبید : کتاب الاموال؛

Marfat.com

(۲۵) *Mohammadan Theories of* : N. P. Aghnides *Finance*، لاہور ۱۹۶۱ء].

(F. ROSENTHAL [و ادارہ])

* **دولت آباد** : ایک پہاڑی قلعہ، عرض بلد شمالی ۱۹ درجے ۵۷ دقیقے، طول بلد مشرق ۷۵ درجے ۱۵ دقیقے اورنگ آباد سے دس میل شمال مغرب کی جانب صوبۂ مہاراشٹرا میں واقع ہے۔ دولت آباد پہلے دیوگری (صحیح دیواگری) یعنی "خدائی پہاڑی" کہلاتا تھا اور مسلمانوں سے پہلے یادوا Yādvas خاندان کے راجاؤں کا صدر مقام تھا جو اصل میں مغربی چالوکیہ راجاؤں کے باجگزار، مگر ۱۱۸۳ء سے خود مختار ہوگئے تھے اور اس کے بعد اس مملکت پر خود مختارانہ طور پر دیوگری سے حکومت کرتے رہے۔ دہلی کے سلطان جلال الدین فیروز خلجی کے بھتیجے علاء الدین کو دیوگری کی بے حساب دولت کی خبریں سن کر قلعے کی تسخیر کا شوق پیدا ہوا۔ وہ ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء میں بڑی بڑی منزلیں طے کر کے یہاں آ پہنچا اور قلعے کو گھیر لیا۔ اس وقت وہاں کا راجہ رامچندر تھا۔ وہ ناگہانی حملے سے گھبرا کر مجبور ہوگیا کہ حملہ آوروں کو سونے، چاندی اور جواہرات کی کثیر مقدار اور ایلچپور کا علاقہ سلطنت دہلی کے حوالے کرے۔ اس دولت فراواں کا لالچ دے کر علاء الدین نے جلال الدین فیروز کو بلایا اور موت کے گھاٹ اتار دیا۔ رامچندر ۷۰۶ھ/۱۳۰۷ء میں ایلچپور کا خراج بھیجنے سے قاصر رہا اس لیے کافور ہزار دیناری کے زیر کمان، جو اس وقت نائب السلطنت تھا، ایک لشکر اس کے خلاف روانہ کیا گیا، لیکن راجہ نے کافور کے سامنے اظہار اطاعت کیا اس لیے اس کو عزت و توقیر کے ساتھ دارالسلطنت بھیج دیا گیا۔ وہاں پہنچ کر اس نے خراج کے بدلے بیش قیمت تحائف پیش کیے، اس کا قصور معاف کر دیا گیا اور رائے رایان کا خطاب دے کر اسے دیوگری کی حکومت تفویض کی گئی مگر رامچندر کا فرزند اور جانشین شنکر دہلی کی سیادت سے منحرف ہوگیا۔ ۷۱۳ھ/۱۳۱۳ء میں کافور کو پھر وہاں روانہ کیا گیا اور اس نے شنکر کو قتل کرا کر ریاست دیوگری کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ کوئی تین سال بعد شنکر کے داماد ہرپال نے خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ دہلی کا نیا سلطان قطب الدین مبارک خلجی اس کے مقابلے میں خود لشکر لے کر آیا۔ ہرپال کو قتل کر دیا گیا اور دیوگری کے علاقے کا سلطنت دہلی سے الحاق ہوگیا۔ ۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء میں وہاں ایک بڑی جامع مسجد تعمیر ہوئی۔ (دیکھیے آثار قدیمہ ذیل میں).

اس کے بعد دیوگری کی تاریخ میں اہم زمانہ وہ ہے جب ۷۲۷ھ/۱۳۲۷ء میں محمد بن تغلق نے یہ محسوس کر کے کہ اس کے ممالک محروسہ میں دہلی خاطر خواہ مرکزی مقام نہیں، یہ فیصلہ کیا کہ دیوگری کا نام بدل کر دولت آباد رکھا جائے اور وہی اس کی سلطنت کا صدر مقام بنے۔ پہلے تو سرکاری عہدے داروں کو اس پر راضی کیا گیا کہ وہاں جا کر آباد ہوں، لیکن ۷۲۹ھ/۱۳۲۹ء میں تمام آبادی کو تادیباً مجبور کیا گیا کہ دہلی چھوڑ کر دولت آباد جائیں (برنی، ۴۸۱ ببعد؛ ابن بطوطہ، ج ۳ : ۳۱۴ ببعد) پھر دولت آباد کو مرکز عمل بنا کر تمام دکن میں امن و امان قائم کیا گیا۔ تھوڑے ھی عرصے بعد جب شمالی ہند پر مغلوں نے تاخت کی تو محمد تغلق کو مجبوراً دہلی واپس آنا پڑا اور دولت آباد پہلے کی طرح پھر جنوب میں فوج کا ایک مستقر بن کر رہ گیا۔ دولت آباد ھی میں (از ادارہ) ۷۴۷ھ/۱۳۴۶ء امیران صدہ نے اسمعیل مخ کو اپنا سردار منتخب کیا اور ایک سال بعد ظفر خان، جو دہلی کی فوج کو شکست دے چکا تھا، اسمعیل کی جگہ وھیں پہلا بہمنی سلطان بن گیا۔ بہمنیوں نے دولت آباد کو شمالی سرحد کی چھاونی بنائے رکھا اور

marfat.com
Marfat.com

اس کی دفاعی قلعہ بندی کو اور مضبوط کیا ۔ مشہور چاند مینار انھیں کے زمانۂ تسلّط کی یادگار ہے ۔ ۹۰۵ھ/ ۱۵۰۰ء میں یہ ان کا دارالسطنت بن گیا ۔ مغل بادشاہ شاہ جہاں بخوبی سمجھتا تھا کہ دکن پر تسلط قائم رکھنے کے لیے دولت آباد کلیدی حیثیت رکھتا ہے ، چنانچہ مہابت خان نے ۱۰۴۳ھ/۱۶۳۳ء میں اس کا سختی سے محاصرہ کیا اور مغل سلطنت کے لیے اسے فتح کر لیا (عبدالحمید لاہوری: بادشاہ نامہ، ۴۹۶-۵۳۶)۔ ۱۱۷۰ھ/ ۱۷۵۷ء میں صلابت جنگ نے دولت آباد کو نظام الملک کے لیے مسخر کیا، مگر تین سال بعد یہ شہر مرہٹوں کے ہاتھ آ گیا ۔

دولت آباد کو کبھی فتح آباد کے دارالضرب ہونے پر فخر تھا (محمد اول بہمنی کے زمانے میں دولت آباد کا نام فتح آباد رکھ دیا گیا تھا ؛ اس کے لیے دیکھیے برہان المآثر، مطبوعۂ ۱۹۳۶ء، ص ۱۷)۔اس دارالضرب میں ۷۶۱-۷۶۲ھ سے سکّے مضروب ہونے لگے ۔ یہ شہر کاغذ سازی کی صنعت کا بھی مرکز تھا ۔

**مآخذ** : علاوہ ان کتابوں کے جن کا ذکر متن میں آ چکا ہے دیکھیے (۱) بلگرامی و Willmott : *Historical and Descriptive Sketches of H. H. Nizam's Dominions*; (۲) T.W. Haig : *Historical landmarks of the Deccan*; (۳) *Imperial Gazetteer of India, Hyderabad State*.

(ہارون خاں شروانی)

**(۲) یادگار عمارات** : دولت آباد میں پہلا تعمیری کام (پہلی صدی ق ۔ م میں چٹانوں کو کاٹ کر بنائے ہوئے غاروں سے قطع نظر) دیوگری کو تراشنا تھا جو ایک مخروطی شکل کی دو سو میٹر اونچی سالم چٹان ہے اور ایک قدرتی درے کے سرے پر سر بلند کیے کھڑی ہے ۔ اس تراش خراش کے باعث (جس کا آغاز کم از کم یادوا خاندان کے اوائل عہد میں ہو چکا تھا) پوری چٹان کا حلقہ پچاس سے پینسٹھ میٹر بلند عمودی دیوار کی شکل میں نظر آتا ہے جس کے نیچے چٹان کو مزید پندرہ میٹر اندر تک مستطیل شکل میں کاٹ کر ایک پانی سے بھری ہوئی خندق بنائی گئی ہے (اس پر سے ایک سنگ بستہ راستہ پہاڑی میں تراشے ہوئے ایک دیول تک جاتا ہے اور اس کی ہندوانہ اصل کو واضح کرتا ہے) ۔ بعد کی مسلمانوں کی تعمیرات میں ہندو کاریگروں کے تراشے ہوئے پتھروں کا استعمال ثابت کرتا ہے کہ مشرقی جانب کی ڈھلوان زمین پر پہلے زمانے میں ایک شہر موجود تھا ۔

قلعے کی تہری فصیل بھی مشرق ہی کی جانب بنی ہوئی ہے، جس کی بنیاد محمد بن تغلق کے زمانے میں رکھی گئی، سب سے باہر کی دیوار بیرونی شہر کی فصیل ہے جسے اورنگ آباد سے خُلد آباد جانے والی سڑک شمالاً جنوباً قطع کرتی ہے، شہر (جسے عبدالحمید لاہوری نے بادشاہ نامہ میں جا بجا عنبر کوٹ لکھا ہے) کا رقبہ شمالاً جنوباً تقریباً ۲ کیلو میٹر اور شرقاً غرباً زیادہ سے زیادہ ایک کیلو میٹر ہے ۔ دوسری دیوار ۱٫۲ × ۰٫۴ کیلومیٹر کا رقبہ گھیرے ہوئے ہے ، جو پہلی دیوار کے مغرب میں واقع ہے اور جس کا نام ابن بطّوطہ نے کٹک اور عبدالحمید لاہوری نے مہا کوٹ (قلعۂ بزرگ) بتایا ہے ۔ اس حصۂ شہر کے اندر ایک مڑے تڑے راستے سے داخل ہوتے ہیں، جو گول بُرجوں کے آگے پیچھے بنانے سے بن گیا ہے ۔ اس سے کچھ کم پیچیدہ داخلہ تیسری فصیل کے اندر کا ہے ، جس کے ذریعے قلعۂ دیوگری میں جاتے ہیں (جسے لاہوری بالا کوٹ لکھتا ہے) ۔ پہلے ایک زینہ طے کرتے ہیں ، پھر چٹان میں کھدی ہوئی خندق پر بنے ہوئے ایک تنگ سنگی پل سے گزر کر ایک سرنگ میں داخل ہوتے ہیں جو پہاڑ کے اندر تراشے ہوئے حجروں اور پرانے جین مت کے غاروں میں سے گزرتی ہے ۔ اس طرح کوئی پندرہ میٹر اوپر جا کر پھر چٹان میں کاٹی ہوئی چوڑی سیڑھیاں آتی ہیں ، جن پر چڑھ کر ایک مغل بارہ دری میں جاتے ہیں اور جسے طے کرکے

Marfat.com

سب سے آخر میں سو سیڑھیوں کا ایک اور زینہ آتا ہے جس پر چڑھ کر اصل بالا حصار پر پہنچتے ہیں ۔ اس چبوترے کا رقبہ ۵۰ میٹر × ۳۶ میٹر ہے اور یہاں توپیں نصب ہیں ۔ مذکورۂ بالا تینوں فصیلیں باہر کی جانب ایک خندق اور آمنے سامنے کے دمدموں سے مستحکم کی گئی ہیں ۔ ان سب میں (چھوٹے پتھر کی نفیس تراش خراش اور بہتر استعمال کو دیکھتے ہوے ان تبدیلیوں کا پتا چلتا ہے) جو بہمنی عہد کے فن تعمیر میں ظہور پذیر ہوئیں ۔ دفاعی استحکامات کے سلسلے میں یہ تعمیرات باعث دلچسپی ہیں : (۱) آخری خندق کے پل کا بیچ کا حصہ دونوں پہلوؤں کی سطح سے تقریباً تین میٹر نیچا ہے اور خندق کی منڈیر اور سرنگ تک ایک عمودی زینے کے ذریعے پہنچا جا سکتا ہے ۔ خندق کے پانی کی سطح کو بلند کر دینا یقیناً اختیار میں ہوگا تاکہ پل کے بیچ کا یہ حصہ پانی میں غرق کیا جا سکے ؛ (۲) لمبی سرنگ ، جس کے داخلے کے دروازے پر ایک آہنی روک لگی رہتی تھی ، جسے تپا کر سرخ انگارا بنایا جا سکتا تھا ۔

قطب الدین مبارک خلجی، شاہ دہلی، کی مسجد (کتبہ ۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء) شاید قدیم ترین اسلامی یادگار ہے ۔ اس کے پشتیبان نالیاں دے کر گاو دم بنائے ہیں اور گنبد اس کا موربیوں والا ہے ۔ اس کے مجموعی احاطے کا رقبہ کوئی ۷۸ میٹر مربع ہے (تصاویر در *Annual Report of Archaeological Department Hyderabad*، ۱۹۲۵-۱۹۲۶ء، لوحہ III)۔ کچھ عرصے سے اس کی محراب کو ایک بت رکھ کر بھر دیا گیا ہے ۔

اس مسجد کا کوئی مینار نہیں، تاہم مینار کا کام "چاند مینار" دیتا ہے ، جس کی بلندی تیس میٹر ہے اور تعمیر کی تاریخ ۸۴۰ھ/۱۴۳۵ء ہے ۔ شکل میں وہ بیدر [رک بآں] میں واقع مدرسۂ محمود گاواں کے گنبدوں کے مشابہ ہے ، مگر اس میں تین غلام گردشیں ہیں جن کے سہارے کے لیے بڑے اہتمام سے دیوار گیریاں بنا دی گئی ہیں ۔ چاند مینار مسجد کے مینار کے علاوہ دیدبان کا بھی کام دیتا تھا کیونکہ اس پر سے شمال مشرق کے چٹیل سنسان میدان کا پورا منظر دکھائی دیتا ہے ۔

محلات زیادہ تر کھنڈر ہو گئے ہیں ۔ ان میں قابل توجہ "بارہ دری" ہے، جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ یہ ۱۰۴۶ھ/۱۶۳۶ء میں شاہجہان کی آمد کی تقریب میں بنائی گئی تھی ۔ دوسری عمارت مہا کوٹ کا چینی محل ہے ، جو نظام شاہی عہد میں تعمیر ہوا۔ اس میں کاشی کاری کی گئی ہے، چینی محل سے آخری قطب شاہی بادشاہ ابوالحسن کے لیے سرکاری قید خانے کا کام لیا گیا تھا (خافی خان : منتخب اللباب، ۲ : ۳۷۱ ببعد).

**مآخذ** : دولت آباد کی مقامی حیثیت کے متعلق کوئی خاص تحریر موجود نہیں ہے۔ متن مقالہ میں جو حوالے دیے گئے ہیں ان کے علاوہ دیکھیے S. Piggott : *Some ancient cities of India*، بمبئی ۱۹۴۵ء، ص ۸۷ (اس میں خاکے کی تصویر بھی شامل ہے) .

(J. Burton-Page)

* **الدّولت آبادی** : شہاب الدین احمد بن شمس الدین بن عمر زاولی الہندی، نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کے ایک ممتاز ہندوستانی عالم ، جو دکن کے شہر دولت آباد میں پیدا ہوے۔ وہ دہلی میں شیخ نصیرالدین چراغ دہلی کے ممتاز شاگردوں قاضی عبدالمقتدر اور مولانا خواجگی سے تعلیم پا کر فارغ التحصیل ہوے ۔ جب تیمور نے ہندوستان پر حملہ کیا تو شہاب الدین نے دہلی کو خیر باد کہا اور جونپور کی سکونت اختیار کی، جہاں سلطان ابراہیم شرقی (۸۰۴ھ/[۱۴۰۱ء] تا ۸۴۴ھ/۱۴۴۰ء) نے نہایت اعزاز سے ان کا خیر مقدم کیا اور اپنی سلطنت کا قاضی القضاۃ

marfat.com
Marfat.com

مقرر کرکے انھیں "ملک العلماء" کا خطاب عطا کیا ۔ فرشتہ کا قول ہے کہ سلطان کی نظر میں ان کا مرتبہ اتنا بلند تھا کہ دربار میں ان کے لیے چاندی کی ایک خاص کرسی مہیا کی گئی تھی۔ ان کا جونپور میں ۸۴۸ھ/۱۴۴۵ء میں انتقال ہوا ۔

شہاب الدین کثیر التصانیف بزرگ تھے ۔ بقول شیخ عبدالحق محدّث دہلوی اور محمد غوثی شطّاری فارسی شاعر کی حیثیت سے بھی ان کی کچھ نہ کچھ شہرت تھی۔ ان کی تالیفات میں سے مندرجۂ ذیل خاص طور پر قابل ذکر ہیں : شرح الہندی، جو کافیہ کی شرح ہے (مخطوطے کے لیے دیکھیے، زبیداحمد : Contribution of India to Arabic Literature، ص ۴۰۱) ؛ (۲) شرح اُصول البزدوی (مخطوطہ مملوکۂ مولانا ابوالکلام آزاد) ؛ (۳) العقائد الاسلامیّہ، علم کلام پر ہے (مخطوطۂ رامپور، ۳۱۴)؛ (۴) الارشاد، عربی نحو پر (مطبوعۂ حیدرآباد)؛ (۵) مُصَدّق الفضل، مشہور قصیدۂ بانت سُعاد کی شرح (مطبوعۂ حیدرآباد)؛ (۶) بحرالمّواج، قرآن مجید کی فارسی تفسیر، جو سلطان ابراہیم شرقی کے نام معنون ہے (مخطوطے کے لیے دیکھیے سٹوری، ۱ : ۱۱۹۳) ؛ (۷) تاریخ المدینہ (سٹوری، ۲۷۴)؛ (۸) فتاوی ابراہیم شاہی ؛ (۹) بدائع البیان ؛ (۱۰) مناقب السادات، آل رسولؐ کے فضائل و حقوق خصوصی پر (سٹوری، ۲۱۱، ۱۲۶۱) .

**مآخذ** : (۱) عبدالحق محدّث دہلوی : اخبار الاخیار، (دہلی ۱۳۰۹ھ)، ص ۱۷۵ تا ۱۷۶ ؛ (۲) محمد غوثی شطّاری: گلزار ابرار (مخطوطۂ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، ص ۲۷)؛ (۳) محمد صادق : طبقات شاہجہانی ، (مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ ، ورق ۶۰)؛ (۴) غلام علی آزاد : ماثرالکرام (آگرہ ۱۹۱۰ء)، ص ۱۸۸ تا ۱۸۹؛ (۵) فقیر محمد: حدائق الحنفیہ (نولکشور، لکھنؤ ۱۹۰۶ء)، ص ۳۱۶؛ (۶) رحمٰن علی: تذکرۂ علماے ہند (نولکشور، لکھنؤ ۱۹۱۴ء)، ص ۸۸، ۸۹؛ (۷) نور الدین : تجلّی نور (جونپور ۱۹۰۰ء)، ۲ : ۳۳؛ (۸) زبید احمد: The Contribution of India to Arabic Literature، ص ۱۶۷ ببعد: (۹) سٹوری Storey، ص ۹ تا ۱۰؛ (۱۰) براکلمان، ۲ : ۲۲۰ .

(کے - اے - نظامی)

**دولت شاہ** : (امیر)، بن علاءالدولہ بختی شاہ، * ایک ایرانی مصنف، جو خراسان کے شہر اسفرائین کے ایک جاگیردار خاندان سے تھا ۔ اس کا باپ تیمور کے بیٹے شاہرخ کے بہت بے تکلف درباریوں میں سے تھا ۔ یہ خود ان لڑائیوں میں شریک ہوا جو تیموری سلطان ابوالغازی سلطان حسین اور سلطان محمود نے اَنْدخُود کے نزدیک لڑی ۔ جب اس نے تذکرۃ الشعراء لکھنی شروع کی اس وقت اس کی عمر پچاس سال کے لگ بھگ تھی اور اسے اس نے تقریباً ۸۹۲ھ/۱۴۸۷ء میں اپنی وفات کے قریب مکمل کیا ، لیکن اس کی وفات کی صحیح تاریخ نامعلوم ہے ۔ مشہور وزیر ، مصنف اور ادب اور فن کا سر پرست میر علی شیر نوائی (قب براؤن : A Literary History of Persia، ۳ : ۴۳۷) دولت شاہ کی اس بنا پر مدح کرتا ہے کہ اس نے بڑے آدمیوں سے ملنا جلنا ترک کر دیا تھا تا کہ وہ اپنا وقت مطالعۂ کتب اور اپنی کتاب لکھنے میں صرف کرے ۔ اس کی کتاب تذکرۃ الشعراء سب سے پہلا تذکرہ رکَ باآن ہے، جس سے اہل یورپ Von Hammer کے ترجمے کی بدولت روشناس ہوئے ۔ یہ تذکرہ سات حصوں میں منقسم ہے ۔ ہر حصے میں بیس یا کچھ کم و بیش شاعروں کا ذکر ہے اور ساتھ ہی ان ملوک و سلاطین کا بھی حال لکھا ہے جو ان کی سرپرستی کرتے تھے ۔ اس کا ایک دیباچہ بھی ہے ، جس میں فن شعر سے بحث کی گئی ہے۔ آخری حصہ ان سات شاعروں کے لیے وقف ہے، جو مصنف کے ہمعصر تھے ۔ اس میں تیموری شاہزادے ابوالغازی سلطان حسین بن منصور بیقرا کی ثنا و صفت بھی شامل ہے، جوخود بھی ایک ادیب تھا (براؤن ، ۳ : ۳۹۰ ، ۴۳۹)۔ تذکرے میں شعرا کے

Marfat.com

کلام کا نہایت عمدہ انتخاب دیا گیا ہے، جو تاریخ ادبیات خصوصاً آٹھویں اور نویں صدی ہجری/چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی کے شعرا کے مطالعے کے لیے بہت مفید ہے، لیکن اس کی یاد داشتوں میں ملوک، امرا اور شاعروں کے حالات کے بیان میں بہت سی فروگزاشتیں پائی گئی ھیں اور ساتھ ھی ان کے اوصاف شعر گوئی پر جو فیصلے صادر کیے گئے ھیں ان میں جا بجا ناقدانہ شعور کی کمی نظر آتی ھے۔

فتح علی شاہ کا سب سے بڑا بیٹا بھی دولت شاہ کہلاتا تھا۔ وہ شہر نوا میں ۷ ربیع الآخر ۱۲۰۳ھ/ ۶ جنوری ۱۷۸۹ء کو پیدا ھوا۔ برسوں تک وہ کرمان شاھان کا حاکم رھا۔ محمود پاشا کے مقابلے میں لشکر کشی سے واپسی پر ۲۶ صفر ۱۲۳۶ھ/ ۳ دسمبر ۱۸۲۰ء کو وفات پائی۔ اس نے متعدد نظمیں اپنی یادگار چھوڑی ھیں۔

**مآخذ:** طبعات: (۱)[تذکرۃ الشعراء] بمبئی ۱۸۸۷ء؛ (۲) تذکرۃ الشعراء، طبع براؤن E. G. Browne، لنڈن ۱۹۰۱ء؛ ترجمہ: *Geschichte der schönen Rede Künste Persiens...* از *J. Von Hammer*، ویانا ۱۸۱۸ء؛ (۳) رضا قلی خان: مجمع الفصحاء، ۱: ۲۶؛ (۴) Belin، در *JA*، ۱ (۱۸۶۱ء): ۲۴۵؛ (۵) براؤن، ج ۳، بمدد اشاریہ؛ (۶) وھی مصنف: *The Sources of Dawlat-Shah*، در *JRAS*، ۱۸۹۹ء، ص ۳۷ تا ۶۰؛ دوسرے تذکروں کی فہرست کے لیے دیکھیے (۷) *Gr. I. Ph.*، ۲: ۲۱۳ تا ۲۱۶؛ [(۸) سید عبداللہ: تذکرہ دولت شاہ کی تنقید، در مباحث، مطبوعۂ مجلس ترقی ادب لاھور].

([H. Massé] و Cl. Huart)

* **دولت گرای [خان]**: ۹۱۸ھ / ۱۵۱۲ء تا ۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء)، الملقب بہ تخت آلغان (=فاتح دارالسلطنت)؛ جو ۹۵۸ھ/۱۵۵۱ء سے ۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء قریم (کریمیا) کا خان رھا۔ وہ مبارک گرای کا فرزند تھا اور ۹۳۸ھ/۱۵۳۲ء میں سعادت گرای خان نے اسے "قلغہ" یعنی تخت کا وارث اول مقرر کیا۔ جب ۹۵۸ھ/۱۵۵۱ء میں عثمانی ترکوں کی زوردار تائید سے وہ خان بنا دیا گیا تو قریم میں عثمانیوں کا اثر بڑھ گیا۔ اس نے اپنے پیش رو کی طرح روسیوں کے ساتھ مخالفانہ رویہ بہت زور شور سے جاری رکھا اور ۹۵۹ھ/۱۵۵۲ء میں پولینڈ کے خانوادۂ جاگیلو سے روسیوں کے خلاف اتحاد کرلیا۔ اس نے ماسکو پر چند بار فوج کشی کی، مگر روسیوں کو قریب کی دو ریاستوں قازان [رک بآں] اور استرا خان [رک بآں] پر قبضہ جما لینے سے نہ روک سکا۔ جب ۹۷۷ھ / ۱۵۶۹ء کی فوجی مہم میں عثمانی ترک والگا کے زیریں علاقے پر اپنا تسلط جمانے میں ناکام رہے تو انھوں نے دولت گرای کو ترغیب دی کہ روس سے جنگ جاری رکھے۔ ۹۷۹ھ/۱۵۷۱ء میں دریاے اوکا Oka پر روسیوں کی مقاومت توڑ کر وہ ماسکو پہنچ گیا اور اس کو جلا ڈالا اور اسی سے اُسے "تخت آلغان" کا لقب ملا۔ اس سے اگلے سال جب زار نے قازان اور استرا خان کی بابت خان کا مطالبہ رد کر دیا تو اس نے پھر نیا حملہ کیا، لیکن اسے ماسکو کے قریب مولوڈی Molody پر سخت شکست دی گئی۔ پولینڈ کے انتخابات میں روس کے خلاف اس کا ترکوں کے ساتھ تعاون زیادہ کامیاب رھا (دیکھیے Bellaten، عدد ۴۶، ص ۳۹۰)۔ اس کی وفات صفر ۹۸۵ھ/ اپریل - مئی ۱۵۷۷ء میں ھوئی۔ اس کا عہد حکومت اس لیے امتیاز رکھتا ھے کہ ایک طرف تو اس میں قریم کی خانی ریاست اور روس کے درمیان والگا کے طاس میں آلتون اُردو یعنی چنگیزی ورثے کے لیے فیصلہ کن کشمکش جاری رھی اور دوسری طرف کریمیا سلطنت عثمانیہ کا کامل جزو بن گیا۔ یہاں اس جامع مسجد کا بھی ذکر مناسب ھے جو خان نے ۹۷۹ھ/۱۵۷۱ء میں بمقام Gözleve تعمیر کی۔ خان کے بعد اس کے اٹھارہ فرزندوں میں سے چھے خان ھوے (رک بہ گرای، در وؤا، ت).

marfat.com
Marfat.com

**مآخذ** : (۱) محمد رضا: السبع السیّار فی اخبار ملوک التاتار، طبع کاظم بیگ، قازان ۱۸۳۲ء، ص ۹۳ تا ۱۰۱؛ (۲) حلیم گرے : گلبن خانان، استانبول ۱۲۷۸ھ، ص ۱۸ تا ۲۱؛ (۳) عبدالغفار : عمدة التواریخ، در TOEM، ص ۱۱۲؛ (۴) H. Feyiz-khanoghlu-V. Zernov : *Kirim yurtuna wa ol 'taraflargha dā'ir bolghan yarloilar wa hatlar*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۶۴ء؛ سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۶۰ء، ص ۵۵۸ ببعد : (۵) فریدون : مُنْشآت السلاطین، استانبول ۱۲۶۵ھ، ۲ : ۵۴۱، ۵۵۸ تا ۵۵۹؛ (۶) اے - رفیق : *Bahr-i Khazar - Karadeniz 'Kanali ve Ejderkhan seferi'* در *TOEM*، ج ۸، عدد ۴۳، ص ۱ تا ۱۴؛ (۷) H. Inalcık : *Osmanlı-Rus rekabetinin menșei ve Don-Volga kanalı teșebbüsü*، *Belleten*، ج ۱۲، عدد ۴۶، ص ۳۶۸ تا ۳۹۰.

(HALIL INALCIK)

* **دُولْمَه باغچه** : [=طولمه باغچه]، رک به استانبول [۲ : ۵۶۲].

* **دُوْمَةُ الجَنْدَل** : وادی سِرحان کے سرے پر ایک وَاحَه (نخلستان)؛ وادی سرحان جنوب مشرق سے شمال مغرب کی طرف پھیلی ہوئی ہے۔ اس کے ایک سرے پر وسطی عرب اور دوسرے سرے پر حوران اور شام کا کوہستان ہے اور یہ وادی دونوں کو ملاتی ہے؛ اور اس لیے یہ مدینے اور دمشق کے درمیان سب سے زیادہ سیدھے راستے پر واقع ہے جو تقریباً پندرہ دن کی مسافت پر مدینے سے اور تقریباً سات دن یا اس سے زیادہ کی مسافت پر دمشق سے پیدل چل کر ہے۔ یہ وَاحَہ (نخلستان) ایک غائط (کَھڈ) یا خَبْت (وسیع نشیبی زمین) میں ہے جس کا طول بقول یاقوت پانچ پرسنگ، یا موجودہ اصطلاح میں حافظ وہبہ کے کہنے کے مطابق، تین میل اور عرض آدھ میل اور گہرائی اِرد گرد کی صحرا کی بلند سطح سے پانسو فٹ نیچی ہے۔ اس علاقے کی ہیئت کے تحت اس واحَہ (نخلستان) کے نام میں بھی تغیر ہو گیا ہے، اور اب اسے، کم سے کم پچھلی صدی سے اَلجَوف کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے (الجوف)، یعنی "وسیع نشیب، گول حوض، چوڑا اسفنجی صحن، ایک وادی یا قطعۂ زمین جس میں پانی جمع ہوتا ہو"۔ یاقوت، جو اس مقام کا کسی قدر طویل ذکر کرتا ہے، اس کے نام کے بدل جانے سے ناواقف ہے۔

دُوْمه (اس کا تلفظ دَوْمہ ناقابل قبول ہے) غالباً ایک آرامی لفظ ہے؛ قدیم فضلاے عرب مثلاً ابن الکلبی اور الزجاجی کے کہنے کے مطابق یہ نام حضرت اسمٰعیل[ع] کے لڑکوں میں سے ایک کے نام (دُوم یا دُومان یا دُوما) سے ماخوذ ہے۔ اتفاق کی بات ہے کہ دُوما نام بائیبل میں بھی آیا ہے (سفر التکوین، ۲۵ : ۱۴؛ سفر اخبار، ۱ : ۳۰) اور وہاں اسے ایک اسمٰعیلی قبیلے کا نام بتایا گیا ہے۔ عرب مصنفین نے کہا ہے کہ جب تہامہ اسمٰعیل کے کثیر التعداد گھرانوں کے لیے کافی چراگاہیں مہیا نہ کر سکا تو ان کا مذکور الصدر فرزند اس علاقے میں ہجرت کر کے چلا آیا اور اسی کے نام پر اس علاقے کا نام بھی دُوْمہ پڑ گیا اور اس نے یہاں ایک قلعہ تعمیر کیا۔ یہ واقعہ ہے کہ اسلام سے پہلے ہی دُوْمَة الجَنْدَل میں ایک قلعہ موجود تھا اور اس کے نام مارِد کا ایک قدیم مَثَل میں ذکر آیا ہے جس کی بنیاد اس فقرے پر ہے جو الزّبّاء سے منسوب ہے (تَمرّدَ مارِدٌ وعزّالأبلق)۔ ایک قدیم قلعے کے کچھ بچے کھچے نشانات پچھلی صدی تک باقی تھے اور Euting نے ۱۸۸۳ء میں ان کا ایک خاکہ بھی بنایا تھا۔ یہ قلعہ پتھر کا بنا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ اس کے گرد ایک دیوار بھی پتھر ہی کی تھی؛ ان تعمیرات ہی کی بنا پر اس کے نام کے ساتھ الجَنْدَل کا لفظ بڑھایا گیا تھا جو ایک اسم جنس ہے جس کے معنی پتھر کے ہیں۔ قبل اسلام یہاں وَدّ بت کی پرستش ہوتی تھی۔ یاقوت اور دیگر عرب جغرافیہ دان ہمیں ...

Marfat.com

ہیں کہ دُومۃ نام کے تین مقام ہیں : ایک دمشق کے قریب (جہاں اب تک بھی ایک دُومہ موجود ہے)، اور دوسرا الحِیْرَہ کے پاس، اور تیسرا جس کا ہم ذکر کر رہے ہیں، شمالی عرب میں تھا۔ ناموں کے اس توارد کی وجہ سے بعض عربی تاریخی مآخذ میں ایک التباس پیدا ہو گیا ہے؛ اور بعض حوادث جو دوسرے مقامات میں رونما ہوئے ان کو دُومۃ الجَنْدَل کی طرف منسوب کر دینے کا رجحان پایا جاتا ہے ۔

دُومۃ الجندل کے باشندے بنو کِنانہ تھے کیونکہ بنو کلب کی اس شاخ کا زیادہ تر حصہ، اسلام سے پہلے شمالی عرب کے صحراء السماوۃ کے اندر، شمال میں دومۃ الجَنْدَل کے مسطح میدان سے لے کر، جنوب میں طَیّ کے دو پہاڑ اَجَأ و سَلْمٰی [رَکّ باں] تک، پھیل گیا تھا ۔ بنو کلب کے عام اجتماع میں جو اس لیے منعقد ہوا تھا کہ دو فریقوں کے درمیان باہمی جنگ کا خاتمہ کر دیا جائے، یہ علاقہ ان کی چراگاہوں کے لیے دیدیا گیا تھا (F. Wustenfeld : *Register*، بذیل مادۂ کلب بن وَبَرہ؛ قب البَکری : معجم : ص ۳۳ ببعد) ۔ خود وَاحَہ (نخلستان) میں کچھ لوگ الحیرۃ کے "عِباد" میں سے آ کر بس گئے تھے (البَلاذُری میں ان کا نام "عباد الکوفۃ" آیا ہے لیکن ڈخویہ نے اس کی تصحیح "عِبادالحِیرۃ" کی ہے)، جس کا مطلب یہ ہوا کہ عیسائیوں کی بھی کچھ تعداد تھی جو اس شہر میں رہتی تھی اور یہ تَنُوخ سے الگ تھے جو ارد گرد کے اضلاع کے خانہ بدوش لوگ تھے ۔ گمان کیا جا سکتا ہے کہ یہ عِباد جو اس وَاحَہ (نخلستان) میں رہتے تھے تجارت پیشہ تھے اور کچھ لوگ زراعت بھی کرتے تھے، کیونکہ دُومۃ الجندل کا شمار شمالی عرب کی بڑی منڈیوں میں تھا ۔

دُومۃ الجندل کو قدیم اسلام میں ایک خاص شہرت حاصل رہی ہے، خصوصاً اس وجہ سے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اسے فتح کرنے کے لیے تین غزوات کیے : اول غزوہ ۵ھ/۶۲۶ء میں جس میں خود نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قائد الجیش تھے ۔ اس کا کچھ نتیجہ نہ نکلا کیونکہ وَاحَہ کے باشندے لشکر کے پہنچنے سے پہلے ہی تتربتر ہو گئے تھے؛ دوسرا غزوہ ۶ھ/ ۶۲۷-۶۲۸ء میں پیش آیا جس کے قائد الجیش حضرت عبدالرحمٰن رضؓ بن عوف تھے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سردار الاَصْبَغ بن عمرو الکلبی اسلام میں داخل ہو گیا ۔ تیسرے غزوے کی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے تبوک سے تیاری کی اور خالدؓ بن ولید کو اس مہم پر ۹ھ میں بھیجا ۔ خالدؓ بن ولید نے وَاحَہ (نخلستان) کے شہر پر قبضہ کر لیا اور وہاں کی آبادی پر بھاری تاوان جنگ عائد کیا اور سردار اُکَیْدِر بن عبدالملک الکندی السَّکونی [رَکّ باں] پر زور ڈالا کہ مدینے جا کر نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے معاہدۂ صلح کرے ۔ اس صلحنامے کی اصل عبارت اب تک محفوظ چلی آتی ہے، اور ممکن ہے کہ بعد میں اس کے اندر جہاں تہاں کچھ بڑھایا بھی گیا ہو (البلاذری : الفتوح، ص ۶۱ ببعد؛ ابن سعد، ۱ : ۲، ۳۶ ببعد؛ یاقوت : ج ۲، ص ۶۲۷؛ نیز دیکھیے ایم حمید اللہ : وَثَائق، عدد ۱۹۱؛ Wellhausen : *Skizzen und Vorabeiten*، ۴ : ۱۳۳، حاشیہ ۳ و ص ۴۰۳، حاشیہ ۱؛ Caetani : *Annali*، ۹ ھجری اور ص ۵۴ حاشیہ ۲) ۔ ان سرداروں کے، جن سے مسلمانوں کو ۶ھ اور ۹ ھجری میں واسطہ پڑا، ناموں میں اختلاف، نیز ان کے قبائل کی اصل میں تفاوت جن میں ایک کلبی اور ایک کندی تھا، نیز اُکَیْدِر کے حالات میں روایات کے تضاد کی وجہ سے ڈخویہ نے کچھ سوالات اٹھائے ہیں اور کائتانی نے کچھ شکوک ظاہر کیے ہیں جو حد سے متجاوز معلوم ہوتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر ان خانہ بدوش کلبیوں (بنو کلب) میں جو ایک بڑا رقبہ سنبھالے ہوئے تھے اور جن کے اپنے الگ الگ سردار تھے اور ان مستقل باشندگان واحہ میں جن کے افراد زراعت پیشہ، سوداگر

marfat.com
Marfat.com

اور صنّاع تھے اور غزوات نبویہ سے پہلے ھی وھاں آ بسے تھے، فرق سمجھ لیا جائے، جس کی نے مسعودی بھی تصدیق کی ھے (التنبیہ، ص ۲۴۸)، تو بہت سے اشکال حل ہو سکتے ھیں ۔ اُکَیدر کے حالات کے بیان میں یہ ملحوظ خاطر رھے کہ یہ کہا گیا ھے کہ وہ واحہ چھوڑ کر عراق میں آ بسا تھا اور دومۃ الجندل کی یادگار کے طور پر اپنے عراق گھر کا نام دُومہ رکھا تھا؛ ایک اور روایت میں جسے البلاذری (کتاب مذکور، ص ۶۳) اور یاقوت (ج ۲، ص ۶۲۷) نے محفوظ رکھا ھے، اس کے برخلاف یہ کہا گیا ھے کہ اِس عربی واحہ کو اُکَیدر دُومۃ الجندل اس لیے کہتا تھا کہ یہ اس دُومۃ سے جو الحیرہ کے قریب تھا اور جہاں سے وہ خود آیا تھا، ممیز ہو جائے ۔ ان میں سے پہلی روایت غالباً زیادہ صحیح معلوم ھوتی ھے، کیونکہ اس بات کے تسلیم کرنے کے کافی وجوہ ھیں کہ اس واحہ (نخلستان) کا نام دُومۃ الجندل قدیم سے چلا آتا ھے ۔

بعض مآخذ میں دُومۃ الجندل کا نام اس سلسلۂ بیان میں آتا ھے جو ۱۲ھ/۶۳۳ء میں خالدؓ بن الولید کے مشہور واقعہ عبور صحر اسے تعلق رکھتا ھے ۔ جب خالدؓ ابن الولید سے کہا گیا کہ شام کے مسلم عساکر سے جس قدر جلد ھو سکے دوبارہ جا ملے، کیونکہ وہ خطرے میں گھر گئے تھے، تو حضرت خالدؓ روانہ ہوگئے اور کہا گیا ھے کہ راستے میں دُومۃ الجندل پر حملہ کیا اور اُکَیدر کو قتل کر دیا ۔ ڈخویہ نے (کتاب مذکور، ص ۱۵ ببعد) یہ خیال پیش کیا ھے کہ یہاں الجَندَل کا لفظ خواہ مخواہ بڑھا دیا گیا ھے اور کہا ھے کہ مآخذ میں جو دُومہ یہاں مذکور ھے اس سے مراد الحیرہ کا دُومہ ھے؛ یہ ناممکن معلوم ھوتا ھے کہ حضرت خالدؓ نے اتنا چکر لگایا ھو جو انہیں اپنے راستے سے دور ہٹا دے اور یلغار میں دیر لگا دے ۔

ڈخویہ کا استدلال بہت منطقیانہ ھے اور Mednikov (*Palestina*، ج ۱، ص ۴۳۵ ببعد) نے اسے مان لیا ھے اور کائتانی نے بھی تسلیم کیا ھے ۔ اس بنا پر اُکَیدر کا قتل، اگر وہ قتل تھا، تو عراق میں واقع ھوا ۔ ھمیں یہاں یہ اضافہ کرنا ھے کہ عمروؓ بن العاص کو دوران "رِدّہ" میں حکم ملا تھا کہ وَدِیعہ کلبی سے قتال کرے جو بعض دیگر کلبیوں کے ساتھ باغی ھو گیا تھا اور دُومۃ الجندل میں پناہ گزین تھا، رہا ابن الاَصْبَغ تو وہ تو اسلام کا وفادار ھی رہا تھا (الطبری، ج ۱، ۱۸۷۲، ۱۸۸۰)۔ شاید یہ عمروؓ ھی ھوں جنھوں نے دُومۃ الجندل فتح کیا؛ مگر یہ بھی ممکن ھے کہ یہ کارنامہ عیاض بن غَنْم کی طرف منسوب کیا جائے ۔ فی الواقع قصہ اس طرح بیان کیا جاتا ھے کہ ایک فوجی دستہ اس کی قیادت میں مدینے سے روانہ ھوا تھا اور اس کی غرض بھی یہی تھی مگر وہ مُشکلات میں پھنس گیا ۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ھے کہ عیاض اس واحہ (نخلستان) پر ۱۳ھ/۶۳۴ء میں حکومت کرتا تھا (الطبری، ۱ : ۲۱۳۶) ۔ اسی کے مطابق یہ نہ دُومۃ الجندل میں ھوا نہ الحِیرہ کے قریب کے دُومہ میں، جیسا کہ ڈخویہ نے کہا ھے (کتاب مذکور، ص ۱۶ ببعد).

تاریخ اسلام میں ایک اور موقع پر، ایک بڑے واقعے کے سلسلے میں، دُومۃ الجندل کا نام بھی باعث نزاع بن گیا ھے ۔ کہا جاتا ھے کہ صِفّین میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ حَکَمَین ابو موسیٰ الاشعریؓ [رک بآں] اور عمرو بن العاصؓ [رک بآں] جب علیؓ اور معاویہؓ کی باھمی نزاع کے بارے میں اپنی تحقیقات مکمل کر چکیں تو اسی نخلستان (واحہ) میں اکھٹے ھوں اور اسی جگہ اپنا فیصلہ سنائیں؛ لیکن بعض مآخذ اکھٹے ھونے کی جگہ اذرُح [رک بآں] بتاتے ھیں ۔ اس کی توجیہ یہ کی گئی ھے کہ حقیقت میں ان کا اجتماع مختلف تاریخوں میں دو دفعہ ھوا (*Supra*، بذیل مادۂ علی بن

Marfat.com

ابی طالب)، ایک دفعه دُومة الجندل میں اور اس کے چند ماہ بعد، بہت ہی مختلف حالات کے اندر، اَذرُح میں (اگر یہ امر تسلیم کر لیا جائے تو واقعات کا تسلسل واضح ہو جاتا ہے اور ان کی تاریخی ترتیب کا نہایت پیچیدہ مسئلہ قابل حل نظر آتا ہے)۔ حضرت علیؓ کو پریشان کرنے والی کارروائیوں میں سے ایک یہ بھی تھی کہ امیر معاویہؓ نے ۳۹ھ/ ۶۶۰ء میں ایک فوج دومة الجندل روانہ کی؛ حضرت علیؓ اس فوج کو پسپا کردینے میں تو کامیاب ہو گئے لیکن نخلستان کے باشندوں نے علیؓ اور معاویہؓ ہر دو کا اقتدار تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ جس وقت ممالک اسلامیہ کا مرکز بنو امیہ کے زمانے میں شام میں اور بنو العباس کے زمانے میں عراق میں مقرر ہوا تو دُومة الجندل کی ساری اهمیت جاتی رہی۔ اس وقت سے وہ عرب کے ایک واَحه (نخلستان) کے سوا کچھ نہ تھا جس میں غریب کسانوں کی کچھ بکھری ہوئی آبادی رہ گئی تھی کیونکہ اس وقت تجارت کے دوسرے راستے مقرر ہو گئے تھے۔ حقیقتً میں عرب جغرافیہ نویس اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کرتے کہ ان حوادث تاریخیه کا ذکر کر دیں جن کا اوپر ذکر ہوا، اور قدیم شعرا کے اشعار میں سے شواهد نقل کر دیں.

ہمیں معلوم ہے کہ سلطنت عثمانیه کی آخری صدیوں میں شمالی عرب میں عام طور پر فسادات کا دور دورہ تھا اور یہ حالت جبھی درست ہوئی جب وهابیوں نے اس ملک پر اپنا اقتدار قائم کر لیا۔ انہوں نے دُومة الجندل پر بھی قبضه کر لیا اور یہ قبضه اس وقت تک رہا جب کہ آل رشید کے امیر شمّر طلال نے حکومت سنبھالی کیونکہ ۱۸۵۵ء میں یہ حایل کے تحت ایک ریاست بن گیا تھا۔ ۱۹۰۹ء میں قبائل رُوالہ کے سردار نُوری ابن شَعْلان نے اس پر قبضه جمایا۔ ۱۹۲۰ء میں امیر شمّر نے اس پر دوبارہ قبضه کرلیا اور آخرکار عبدالعزیز بن سعود نے حکومت شمّر کا قلع قمع کرنے کے بعد اسے اپنی مملکت میں شامل کر لیا (۱۹۲۱ء)۔ اس کے فوراً بعد شرق اردن نے جنوب کی طرف اپنی سرحد کو النفود تک بڑھانے کی کوشش کی، لیکن ابن سُعود سختی کے ساتھ اڑ گیا اور (۱۹۲۳-۱۹۲۴ء) کی کُویت کی مجلس میں اس مسئلے کا کچھ فیصلہ نہ ہو سکا۔ ابن سعُود نے حجاز اور عراق کے خلاف وسیع عسکری کارروائیوں کے دوران میں شرق اردن پر بھی یورش کی۔ جب ابن سعود اور سر۔ جی کلے ٹن G. Clayton کے درمیان حد بندی کا معاهده هوا تو اس میں سرحدیں معین کر دی گئیں (۲ نومبر ۱۹۲۵ء)۔ اس وقت سے وادی سرحان مع الجوف [رک بآں] اور قُرَیّات المِلْح نجد کا حصه قرار پا گئے (*OM*، جلد ۱ تا ۸ (۱۹۲۲-۱۹۲۸ء) بمدد اشاریه).

خانه بدوش اور نیم خانه بدوش قبیلے جو اس علاقے میں جنوب میں تیماء سے لے کر شمال میں کَرک تک اور مشرق میں نفود اور وادی سرحان تک بود و باش رکھتے ہیں ان کو ایک ہی نام الحُوَیطات [رک بآں] کے تحت جمع کر دیا گیا ہے۔ پچھلی صدی کے دوران میں چند یورپی سیاحوں نے اس واحه (نخلستان) کی سیر کی؛ ان کے اکتشافات کا بیان Hogarth میں ملے گا.

**مآخذ**: (۱) واقدی، طبع ولہاؤزن: ص ۱۷۳ ببعد، ۲۳۶ ببعد، ۳۹۱، ۴۰۳ ببعد؛ (۲) ابن هشام، طبع وُسْتَنْفِلْت: ص ۶۶۸، ۹۰۳ (اور ج ۲، ص ۲۰۵)، ۹۹۱؛ (۳) ابن سعد، ۱/۲: ۳۶ ببعد، ۲/۱، ص ۱۱۹ ببعد؛ (۴) البلاذُری: الفتوح، ص ۶۱ تا ۶۳، ۱۱۱؛ (۵) الطبری، ج ۱، ۱۳۶۲ ببعد، ۱۵۵۶، ۱۷۰۲ ببعد، ۱۸۷۲، ۱۸۸۰، ۲۰۶۵، ۲۰۷۷، ۲۱۳۹ اور اشاریه بذیل مادۂ دومة الجندل اور اُکَیْدِر؛ (۶) المسعودی: تنبیه، BGA، ج ۸، ص ۲۴۸، ۲۵۳، ۲۷۲، ۲۹۶؛ (۷) ابن الأثیر، ۲: ۱۳۵ ببعد، ۱۹۶۰، ۲۱۴ ببعد، ۳۰۳ اور اشاریه؛ (۸) یاقوت، ۱: ۱۵۲، ۲۸۵؛ ۲: ۶۲۵ تا ۶۲۹، ۸۵۲؛ ۳: ۱۰۶؛ ۴: ۷۶، ۳۸۹، ۹۱۳؛

marfat.com
Marfat.com

(۹) وہی مصنف : مشترک، طبع وسٹنفلٹ : ص ۱۸۶ ببعد، ۳۳۸؛ بکری: مُعْجَم، طبع وسٹنفلٹ : ص ۵۴۲ ببعد : ابن الأثیر اُسْدُ الغَابَة بذیل مادۂ اکیدر ؛ Caetani : *Annali*، ۳۰۵، فصل ۱، عدد ۷: ۳۰۵، فصل ۳، ۷۷-۷۸: ۵۹، فصل ۱۶: ۵۹، فصل ۲۳، ۳۶، ۳۵-۳۸: ۵۱۲، فصل ۱۷۰، ۱۸۰-۱۸۲، ۲۱۹-۲۲۰، ۲۳۲-۲۳۳؛ ۵۳۸، فصل ۲۸، ۳۸ : L. Veccia Voglieri : *Il conflitto 'Ali-Mu'āwiya ela secessione Khārigita riesaminati alla luce di fonti ibādite*، در *AIUON*، ۱۹۵۲ء، ص ۹---۵۰، ۵۲، ۵۳، ۸۲-۸۷ : J. Wellhausen : *Skizzen Und Vorarbeiten*، ۴: ص ۱۳۳ حاشیہ ۳، ۳۰۳ حاشیہ ۱؛ M. J. de Goeje : *Mémoire sur la conquête de la Syrie* (اس کی *Memoires d'histoire et de geographie Orientales* کے اندر)، طبع دوم : ۱۰۰-۱۰۵؛ D. G. Hogarth : *The penetration of Arabia*، لنڈن ۱۹۰۴ء، اشاریہ .

(L. Veccia Vagleiri)

* **دُونبُولی** : رَکَ بہ کُرد .

* **دُولَم** : (=دُونَم رَکَ بہ مساحہ) .

* **دُوْنمه** : (DONME)(ترکی لفظ بمعنی نو مسلم) ترکیہ میں ایک فرقے کا نام، جو ان یہودیوں پر مشتمل تھا جنھوں نے گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی میں شبّتائی صبی کی تقلید کرتے ہوئے، جسے وہ مسیح خیال کرتے تھے، اسلام قبول کر لیا تھا .

یہ فرقہ بعض صوفیانہ تصورات کے پیش نظر وجود میں آیا تھا، جن کی رو سے یہودیوں کے قبول اسلام کو اس اعتبار سے حق بجانب قرار دیا جاتا تھا کہ یہ ظہور مسیح کے سلسلۂ واقعات کی ایک اہم کڑی ہونے کے علاوہ ان لوگوں کے لیے باعث استحکام و تقویت تھے جو اپنے "نو مسلم مسیح" کے معتقد اور اس کی وفات کے بعد بھی اس کے وفادار رہنا چاہتے تھے . عقیدۂ ظہور مسیح پر ایمان رکھنے کی وجہ سے انھوں نے مسلمان ہونے کے بعد بھی حتی‌الامکان یہودیت کو اس کی روایات و رسوم اور "سبتی - مسیحائی ترانیم" کے ساتھ برقرار رکھنے کی کوشش کی - اس طوفانی دور کے ابتدائی تصورات ، جب وہ عقیدۂ ظہور مسیح کے حامل ہوتے ہوئے مشرف باسلام ہوئے تھے، [illegible] رفتہ بڑی حد تک دھندلے اور [illegible] ہو گئے [illegible] البتہ ایک جماعت کی حیثیت سے ان کے وجود کا اظہار مخصوص رسوم کی ادائی ، [illegible] جسد عنصری کے ساتھ مسیح کے ظہور ثانی کی [illegible] اور اس کی یاد سے بنیادی عقائد اور [illegible] کی جائز جانشینی کے سلسلے میں اختلافات کی [illegible] ہوتا رہا .

یہی وجہ ہے کہ ان کے ہاں مسلمانوں [illegible] بیاہ شادی سے پرہیز کیا جاتا تھا؛ [illegible] یاد میں ("ماہ آب" کی نو تاریخ کو) جو [illegible] آ رہا تھا، اسے مسیح کے یوم ولادت [illegible] مسرت قرار دیا گیا؛ عبرانی زبان کے [illegible] حد تک باقی رکھا گیا؛ بظاہر اسلامی [illegible] ساتھ موافقت و مطابقت کی [illegible] لیکن در پردہ عبرانی [illegible] مرگ کی رسوم بھی مختلف طرح سے [illegible]

معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] قبول اسلام کا واقعہ [illegible] میں پیش آیا ، چنانچہ [illegible] تاہم اس کی شخصی [illegible] استانبول کے علاوہ [illegible] بھی [illegible] ہو گئی [illegible]

داخلی مناقشت کے باعث [illegible] مسیح کی جانشینی اور نیابت کے متعدد مدعیوں کے [illegible] یہ فرقہ تین ذیلی فرقوں میں منقسم ہو گیا [illegible] میں اختلاف پایا جاتا ہے - [illegible] حسب ذیل [illegible] Karakas [illegible] Karamanlar [illegible] یہ سب آپس میں شادی بیاہ [illegible] ہو [illegible]

Marfat.com

کہ یہ تقسیم معاشرتی طبقہ بندی سے غیر متعلق نہ ہو، چنانچہ اس کا اظہار بالوں اور لباس کی تراش خراش کی صورت میں ہوتا ہے ۔ وہ ایک علٰحدہ محلے میں رہتے تھے ۔

یہ لوگ اپنے آپ کو ایمان والوں (مُئمِینِیم) کی جماعت سمجھتے ہیں ۔ اس میں سخت رازداری سے کام لیا جاتا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی دور کے بعد ان کی ادبی کارکردگی عبرانی، آرامی، یہودی،ہسپانوی اور ترکی زبانوں میں نظموں اور دعاؤں تک محدود رہ گئی تھی ۔ مآخذ کی کمی اور رازداری کے باعث اس فرقے کے عقائد کا مطالعہ مشکل اور اس کی تاریخ پیچیدہ ہو کر رہ گئی ہے ۔

۱۷۰۰ء میں چند گھرانے ایسے تھے جن کا تعلق مرکزی سلانیکی Salonika گروہ سے تھا ۔ ۱۹۰۰ء کے قریب ان کی تعداد کا اندازہ دس ہزار لگایا گیا تھا ۔ انھیں تجارت ، صنعت و حرفت اور انتظامی ملازمتوں میں نمائندگی حاصل تھی ۔

انیسویں صدی کے اواخر میں مغرب سے متأثر نوجوانوں کا ایک روز افزوں طبقہ معلّموں، ڈاکٹروں قانون دانوں اور صحافیوں کی شکل میں سامنے آیا اور انھوں نے ترکیہ کی عوامی زندگی میں حصہ لیا ؛ بعض اوقات انھیں کامیابی بھی نصیب ہوئی ۔ انقلاب ۱۹۰۸ء کے بعد "نوجوان ترکوں" کے دور میں جاوید بے کا عروج اس کی ایک نمایاں مثال ہے ۔

عام طور پر مسلمان اس فرقے کے بارے میں بے نیاز تھے، لیکن کبھی کبھار باز پرس اور پکڑ دھکڑ کی رو چل پڑتی تھی (مثلاً ۱۷۲۰ء، ۱۸۵۹ء اور ۱۸۷۵ء میں) دونمہ کی اصل کے بارے میں ناپسندیدگی کے اظہار کی مثالیں بھی نایاب نہیں

یونانی اور ترک آبادی کے باہمی تبادلے کے ساتھ دونمہ کے نئے دور کا آغاز ہوا ۔ سلانیکی دونمہ کو مجبوراً اپنے آبائی شہر کی سکونت ترک کر کے جمہوریۂ ترکیہ میں منتقل ہونا پڑا (۱۹۲۳ تا ۱۹۲۴ء)۔ زیادہ تر وہ استانبول میں آباد ہوئے، لیکن ان کے چھوٹے چھوٹے گروہ دوسرے شہروں میں بھی بس گئے۔ وطن کی یہ تبدیلی اور اس سے پیدا ہونے والے انتشار، سلانیک کے خالص یہودیانہ ماحول سے قطع تعلق، غیر مذہبی ترکی قومیت کے مکتب فکر کے اثرات، ان سب عناصر نے مل کر دونمہ کی نئی پود میں باہمی لا تعلقی اور بے اعتنائی کے روز افزوں رجحان میں اور بھی اضافہ کر دیا، تاہم اس کا جماعتی وجود، بالخصوص سماجی بہبود کے میدان میں برقرار رہا ۔ استانبول میں کئی ہزار دونمہ کی آمد کے باعث ۱۹۲۴-۱۹۲۵ء میں ترکی اخبارات میں قومی ادغام کے مقابلے میں فرقہ دارانہ علٰحدگی کے موضوع پر گرما گرم بحثیں ہونے لگیں ۔ اب ان میں مسلمانوں کے ساتھ شادی بیاہ کا رواج آہستہ آہستہ پھیل رہا ہے اور مشکلات کے باوجود وہ جدید ترک معاشرے میں جذب ہوتے جا رہے ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) تاریخ یہود پر H. Graetz ؛ S. Dubnow اور S. W. Baron کی عمومی تصنیفات میں دونمہ کے حالات بھی ملیں گے؛ (۲) یہودی تصوف پر G. Scholem کی قابل قدر تحقیقات کا خلاصہ *The Jewish People*، ج ۱، نیو یارک ۱۹۴۸ء، میں شامل ایک خاکے میں ملتا ہے ؛ نیز (۳) وہی مصنف *Main Trends in Jewish Mysticism* ، نیویارک ۱۹۴۱ء، بالخصوص ص ۲۸۷ ببعد ؛ (۴) وہی مصنف : *Shabbetai Sebi* (عبرانی) ، ۲ جلد ، تل ابیب ۱۹۵۷ء؛ (۵) وہی مصنف : مقالات، در *Zion* ، ج ۶ و *Kiryat Sepher*، ج ۱۸ تا ۱۹ ؛ (۶) وہی مصنف : *Die Kripto-Judische Sekte der Dönme(Sabbatianer) in der Turkei* ، در *Numen*، ۷ (۱۹۶۰ء) : ۹۳ تا ۱۲۲ ؛ (۷) *Encyclopaedia Hebraica*، ج ۱۱ (۱۹۵۹ء) بذیل مادہ (از L. Ben. Zvi) و (۸) وُہ وُت، ۳ : ۶۳۶ ببعد؛ (۹) I. Ben Zvi : *The exiled and the redeemed* ،

marfat.com
Marfat.com

فلاڈلفیا ۱۹۵۷ء ؛ (۱۰) A. Danon ، در *REJ*، ۱۸۹۷ء؛ (۱۱) Sciaky: *Farewell to Salonica* ، نیو یارک ۱۹۴۶ء، باب ۹ ؛ (۱۲) A. Struck ، در *Globus*، ۱۹۰۲ء ؛ (۱۳) A. Galante : *Nouveaux documents sur sabbetai Sevi*، استانبول ۱۹۳۵ء ؛ (۱۴) E. E. Ramsaur Jr. : *The Young Gurks*، پرنسٹن ۱۹۵۷ء، ص ۶۶، بعد، ۱۰۸ (حاشیه) ؛ ترکی رد عمل کی جھلک کے لیے دیکھیے (۱۵) A. Govsa : *Sabatay Sevi*، استانبول بدون تاریخ و (۱۶) مقاله از Gordlevsky' در *Islamica*، ج ۲ (۱۹۲۶ء (۱۷) دونمه متون M. Atias ، I. Ben Zvi' R. Molho اور G. Scholem نے شائع کیے ہیں : قب (۱۸) *Sefunot*، ج ۳، بیت المقدس ۱۹۶۰ء -

(M. Perlmann)

* **الدَّوَانی** : محمد بن اَسْعَد جلال الدین، ۸۳۰ھ/۱۴۲۷ء میں دَوّان ضلع گازُرون میں پیدا ہوے - ان کے والد یہاں کے قاضی تھے جو خلیفه ابوبکر رض کی اولاد میں سے تھے، اس لیے الصدیقی کہلاتے تھے - انھوں نے اپنے والد سے تعلیم پائی - اس کے بعد شیراز گئے اور وہاں مولانا محی الدین گوشه کناری اور مولانا همام الدین گلباری اور صفی الدین الایجی کی شاگردی کی - وہ یوسف بن جہان شاہ قراقویونلو کے زمانے میں صدر کے عہدے پر مامور رہے اور وہاں سے مستعفی ہو کر مدرسۂ بیگم میں مدرس ہو گئے جسے "دارالایتام" بھی کہتے تھے - آق قویونلو کے زمانے میں وہ فارس کے قاضی مقرر ہوے - جب آق قویونلو کی مملکت کے زوال پر ملک میں افراتفری پھیلی اور شاہ اسمعیل صفوی سے لڑائیاں ہوئیں تو الدوانی نے لار اور جَرُون میں پناہ لی - ابوالفتح بیگ بیاندُر نے شیراز پر قبضه کر لیا تو وہ گازرون کا ارادہ کر کے روانه ہوے مگر ابوالفتح کی لشکرگاہ میں پہنچنے کے تھوڑے دنوں بعد ۹۰۸ھ/۱۵۰۲-۱۵۰۳ء میں وفات پائی اور دوان میں دفن ہوے -

انھوں نے عربی میں فلسفے اور تصوف کی مشہور کتابوں کی بہت سی شرحیں اور عقائد، تصوف اور فلسفے پر رسائل لکھے - اُن کی التفتازانی (م ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء) کی تہذیب المنطق والکلام کی شرح، لکھنؤ ۱۲۶۴، ۱۲۹۳ھ (مع حواشی از میر زاهد) اور رسالة الزوراء، جو ۸۷۰ھ/۱۴۶۵ء میں مکمل ہوا (قاهره ۱۳۲۶ھ مع تعلیقات) دونوں چھپ چکے ہیں - فارسی میں ان کی سب سے زیادہ مقبول عام تصنیف لوامع الاشراق فی مکارم الاخلاق ہے - یه اخلاق جلالی کے نام سے مشہور ہے (طبع سنگی کلکته ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۶-۱۸۶۷ء) - اس کا انگریزی میں ترجمه W. T. Thompson نے کیا جس کا نام *Practical philosophy of the Muhammedan people* ہے (لنڈن ۱۸۳۹ء) .

یه کتاب نصیرالدین طوسی کی اخلاق ناصری کا "به طرز جدید" اور "مقبول عام" بیان ہے جسے آق قویونلو بادشاہ اوزون حسن کے حکم سے لکھا گیا اور اسی کے نام مُعنون ہے (فارسی متن، ۱۰) - جلال الدین نے اس ممنونیت کا اعتراف بھی کیا ہے (۳۲۱) - اخلاق ناصری تین حصوں میں منقسم ہے : علم اخلاق، تدبیر منزل اور سیاست مُدن ؛ پہلا حصه ابوعلی احمد بن یعقوب بن مسکَوَیْه کے عربی رساله کتاب طہارة الاعراق فی تہذیب الاخلاق سے مأخوذ ہے؛ دوسرا حصه Bryson سے بواسطه مقالۂ بوعلی بن سینا تدبیر المنزل، لیا گیا ہے؛ اور تیسرا الفارابی کی المدینة الفاضلة اور کتاب السیاسة المدینة پر مبنی ہے - اخلاق جلالی میں بھی اسی ترتیب کا تتبع کیا گیا ہے - جلال الدین نے بھی نصیرالدین طوسی کی طرح بدلائل ایک اعلی ملکی قانون، ایک فرمانروا اور ایک سکۂ رائجه کی ضرورت ثابت کی ہے - قانون سے اس کی مراد شریعت ہے اور فرمانروا سے ایسا شخص مراد ہے جو الله کی تائید کے ساتھ ممتاز ہو اور اپنے اندر ایسی صفات

Marfat.com

رکھتا ہو جن سے وہ لوگوں کی درجۂ کمال تک رہنمائی کرسکے۔ حکومت اگر صالح ہوگی تو اس صورت میں وہ "امامت" ہے، یا غیر صالح ہوگی تو وہ مبنی بہ جبر ہوگی۔ وہ فرمانروا کے انتخاب اور اس کے عزل کی کوئی شرائط پیش نہیں کرتا۔ اس کے نزدیک ہر عادل سلطان زمین پر ظل اللہ، خلیفۃ اللہ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا نائب ہے، بلاشبہہ ان معنوں میں دوانی اپنے سرپرست، اوزون حسن کو "خلیفہ" کہہ کر خطاب کرتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ صالح حکم.ان دنیا میں توازن قائم رکھتا ہے، جس کی بقا کے لیے انسانوں کے باہمی تعاون کی ضرورت ہے۔ جلال الدین تمدن کی دو قسمیں مانتا ہے: صالح اور غیر صالح۔ جلال الدین، الفارابی اور نصیرالدین طوسی کا تتبع کرتے ہوئے ان کا نام مدینۂ فاضلہ اور مدینۂ غیر فاضلہ رکھتا ہے؛ غیر فاضلہ کی آگے چند قسمیں ٹھیراتا ہے، مدینہ جاھلہ، مدینہ فاسقہ (بد معاشرہ شہر) اور مدینۂ ضالّہ (شرانگیز شہر)۔ مدینۂ فاضلہ کے رہنے والوں کے فہم و ذکا کے اعتبار سے کئی درجے ہیں اور ان کے عملی فرائض یا وظائف میں بھی تفاوت ہے۔ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ ہر طبقے کو اس کے مناسب مقام پر قائم رکھا جائے اور ہر فرد کو اسی کام میں لگایا جائے جس کے لیے وہ موزوں ہے اور جس میں وہ مہارت حاصل کر سکتا ہے۔ حکومت صالح یعنی امامت کا کام یہ ہوگا کہ وہ لوگوں کے معاملات کا ایسا انتظام کرے کہ ہر فرد اس قابلیت کی تکمیل کرسکے جو اسے ودیعت کی گئی ہے (۲۹۹)۔ حکومت غیرصالح کا مدار جبر و تعدی پر ہے۔ اس کا کام بندگان خدا کو غلام بنانا اور خدا کی زمین میں فساد پھیلانا ہوتا ہے۔ تمدن میں توازن برقرار رکھنے کے لیے معاشرے کے اندر چار طبقے قائم کرنے چاہییں: (۱) صاحبان علم مثلاً علما، فقہا، قضاۃ، کُتّاب، ریاضی اور ہیئت کے ماہرین، اطبا اور شعرا (۲) صاحبان شمشیر؛ (۳) سوداگر، کاریگر اور اہل حرفہ؛ (۴) زراعت پیشہ جن کے بغیر، انسانی زندگی کی بقا ناممکن ہے۔ اس کے آگے بھی وہ نصیر الدین طوسی کا تتبع جاری رکھتے ہوئے اخلاق سیرت کے لحاظ سے آدمیوں کی پانچ قسمیں بیان کرتا ہے: (۱) وہ لوگ جو فطرۃً نیک ہیں اور جو دوسروں پر اپنا اثر ڈالتے ہیں، اُنھیں نصیر الدین زبدۂ خلائق قرار دیتا ہے اور کہتا ہے کہ حاکم کو چاہیے کہ ان کی سب سے زیادہ تعظیم و توقیر کرے اور ان کو تمام طبقوں سے افضل جانے۔ جلال الدین ان کی تفصیل اس طرح پیش کرتا ہے کہ یہ لوگ علماے شریعت، شیوخ طریقت اور اصحاب تصوّف ہیں؛ (۲) وہ لوگ جو فطرۃً تو نیک ہیں لیکن دوسروں پر اپنا اثر نہیں ڈال سکتے؛ (۳) وہ لوگ جو نہ نیک ہیں نہ بد؛ (۴) جو خود بد ہیں لیکن دوسروں پر اثر نہیں ڈالتے؛ (۵) جو خود بھی بد ہیں اور دوسروں پر بھی اپنا بُرا اثر ڈالتے ہیں۔ اس کے بعد وہ ان ذرائع سے بحث کرتا ہے جو بدی کے دبانے کے لیے اختیار کرنے چاہییں، نیز وہ حاکم کے لیے اپنی رعایا کے معاملات سے شخصی طور پر واقف ہونا ضروری ٹھیراتا ہے۔ کتاب کا آخری حصہ جس کی بنیاد بھی اخلاق ناصری پر ہے، بہت سے سیاسی مقولات پر مشتمل ہے جو افلاطون اور ارسطاطالیس کی طرف منسوب کیے گئے ہیں.

جلال الدین کے عرض نامہ کا جو سلطان خلیل کی خاطر اس وقت لکھا گیا جب وہ اپنے والد اوزون حسن کی طرف سے فارس کا والی تھا، انگریزی میں ترجمہ V. Minorsky نے *A civil and Military Review in fars in 881/1476*، در *BSOS*، ۱۰/۱، ۱۴۱-۱۷۸، کر دیا ہے.

مآخذ: (۱) خواندمیر: حبیب السیر (بمبئی ۱۸۵۷ء)، ۳: ۴، ۱۱۱؛ (۲) حسن روملو: احسن التواریخ (طبع C. N. Seddon، بڑودہ ۱۹۳۱ء)، ۱: ۷۱-۷۲؛ (۳) حاجی میرزا حسن فسائی: فارس نامۂ ناصری، تہران، طبع سنگی،

marfat.com
Marfat.com

۱۸۹۴ تا ۱۸۹۶ء، ۲ : ۲۵۰؛ (۴) Reiu : *Catalogue of the Persian Manuscripts in the British Museum*، ۲ : ۳۳۴ب؛ (۵) براکلمان، ۲ : ۲۱۷؛ (۶) Storey، ۱ ۲ : ۱۲۷۷؛ (۷) Browne، ۳ : ۴۴۳؛ (۸) E. I. J.؛ Rosenthal : *Political Thought in Medieval Islam*، کیمبرج ۱۹۵۸ء، ص ۲۱۰ تا ۲۲۳؛ ممالکِ عثمانیہ میں الدّوانی کے اثر و رسوخ کی بابت دیکھیے: (۹) S. Mardin : *The Mind of the Turkish Reformer 1700-1900*، در *The Western Humanities Review*، ۱۴، ۱۹۶۰ء، ۱۸ ۴ ببعد.

(ANN K.S. LAMBTON)

* **دِوِہ بویونی :** (= دوہ بویون؛ Deve Boynu)؛ لفظی ترجمہ "اونٹ کی گردن"۔ ترکی میں ایک جغرافیائی اصطلاح جو بعض پہاڑی دروں اور پہاڑ کی چوٹیوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔ سب سے مشہور پہاڑی درہ جسے دوہ بویونی کہتے ہیں وہ ہے جو اِرز روم [رک بآں] اور حَسَن قلعہ کے بیچ میں ہے اور جس نے اِرز روم کے بچاؤ میں بڑا حصہ لیا ہے ۔ اس میں سے گزرنے والی سڑک طربزون [رک بآں] سے ایران جاتی ہے اور ارز رُوم ـــ قَرس ریلوے بھی اس میں سے ہو کر گزرتی ہے (دیکھیے F. B. Lynch : *Armenia Travels and Studies*، ۱۸۹۸ء، لنڈن ۱۹۰۱ء، ۲ : ۱۹۴ ببعد؛ E. Nolde : *Reise nach Innerarabien, Kurdistan und Armenien*، ۱۸۹۵ء : ص ۲۶۰ ببعد) ۔ دوہ بویونی نام کا ایک اور درہ گول جُوک (Göldjük) کے قریب واقع ہے جس میں ہو کر العزیز ۔ ارغنی (Elâzix-Ergani) (دیار بکر، [رک بآں] کی سڑک گزرتی ہے (دیکھیے Hommaire de Hell : *Voyages en Turquie*، ۴ : ۸۳؛ E. Chaput : *Voyages d'études géologiques et géomorphogéniques en Turquie*، ص ۱۹۳ ببعد) ۔ اس نام کے کچھ درّے اور بھی ہیں عین تاب [رک بآں] (Gaziantep) اور بسنی کے درمیان قرہ داغ کے پہاڑوں میں) نیز کچھ گاؤں بھی اسی نام کے ہیں (مثلاً البستان اور گوک سُو کے درمیان) ۔ اسی طرح کے دوسرے نام یہ ہیں: دوہ گچیدی Deve Geçidi (درہ شتر) جو دیار بکر کے شمال مغرب میں ایک گاؤں اور وادی ہے : دوہ چایر Deve Çayire (چراگاہ شتر) گورون Gürün کے مغرب میں ایک گاؤں؛ دوہ تپسی Deve Tepesi (کوہ ابل) بلغر داغی کے پہاڑوں میں ایک چوٹی (دیکھیے T. Kotsehy : *Reise in den Kilik Tarerus*، ۱۸۵۸ء، ص ۲۰۱)؛ دوہ لی، آباد بستیوں اور پہاڑ کا نام ۔ اسی قسم کے نام شام اور عراق میں بھی ملتے ہیں ۔ قدیم آشوری زبان میں Gaugamela (آرامی زبان میں گب گمیلا Gab Gamela)، جہاں ایک مشہور لڑائی لڑی گئی، کے معنی ہیں "پشت شتر" (Pauly-Wissowa، ۷ : ۷۶۵، بذیل مادہ Gaugamela ۔ پیری رئیس Piri Re'is نے دوہ بویونی نام کی تین چوٹیوں کا ذکر کیا ہے، جو آناطولی کے افریقی ساحل پر واقع ہیں (کتاب البحریۃ، ص ۱۴۰، ۱۵۱، ۲۴۰) ۔ جدید نقشوں میں اسی نام کی ایک اور چوٹی دکھائی گئی ہے جو دَدْیَہ Dadya کے جزیرہ نما کے مغربی کنارے پر واقع ہے، نیز بحیرۂ وان (Lake Van) [رک بآں] کے جنوبی ساحل پر بھی دِوِہ بویونی نام کی ایک چوٹی ہے .

(BASIM DARKOT)

* **دوہ جی :** ایک ترکی لفظ، جس کے معنی شُتُرْبان ہیں ۔ یہ نام ینی چری [دیکھیے Yen Čri] کے بعض دستوں کو دیا گیا تھا، جو اس جماعت کا ایک حصہ تھے اور ان کا کام سامان رسد لانے لے جانے والے دستوں کی نگرانی کرنا تھا ۔ ان کے لیے لقب کے طور پر فارسی لفظ شتربان بھی استعمال کیا جاتا تھا ۔ شروع میں جماعت کے پہلے پانچ اورتا (Ortas) دوہ جی ہی تھے (D'Ohsson کے مطابق چار) ۔ آگے چل کر ان میں اوروں کو بھی شامل کر دیا گیا، وہ اپنی کلغی

Marfat.com

میں بگلے کا پر لگایا کرتے تھے (دیکھیے سور گُچ Sorguč) ۔ یہ لوگ جب دیوان میں حاضر ہوتے تو مخملی وردی پہنتے تھے، جسے سمور اور لِنکس کے نرم بالوں سے آراستہ کیا جاتا تھا ۔ "اورتا" میں دوہ جی افسروں کو بڑی تقدیم کا درجہ حاصل تھا ۔ مرسگلی Marsigli کے بیان کے مطابق مرکزی حفاظتی قلعوں کے افسران اعلٰی مقرر کرتے وقت ہمیشہ پہلی پانچ اورتا کے سرداروں کو ترجیح دی جاتی تھی ۔ ان کا سردار اعلٰی "باش دوہ جی" رتبے کے لحاظ سے بہت اونچا ہوتا تھا اور ان کا درجہ پایا باشی [رک بآں] کے اوپر اور خاصگی آغا [رک بآں] سے نیچے ہوتا تھا ۔

**مآخذ** : (۱) Marsigli : *L'Etat militaire de l'Empire Ottoman* the Hague ۱۷۳۲ء، ۱ : ۷۲؛ (۲) D'Ohsson: *Tableau general del'empire Ottoman*، پیرس ۱۸۲۳ء : ۳۴۳؛ (۳) Hammer-Purgstall : *Histoire*، ۴ : ۲۱۷، ۳۳۶؛ (۴) وہی مصنف : *Staatsverfassung*، ۲ : ۲۰۹؛ (۵) احمد جواد : تاریخ عسکری عثمانی، استانبول ۱۲۹۹ء، ص ۱۲ وغیرہ؛ (۶) I. H. Ukunçarsb : *Osmanli Develetitaşkilātin-dan Kap' Kulu Ocaklare*، ج ۱، انقرہ ۱۹۴۳ء، (۷) Gibb-Bowen، ۱/۱ : ص ۳۲۱ - ۳۲۲، بمدد اشاریہ ؛

(B. Lewis)

* **دِوِہ لی قرہ حصار** : رک بہ قرہ حصار .

* **دوِی** : (ذوی) رک بہ ذُو .

* **دَوِین** : اس کا تلفظ دَفِن بھی ہے ۔ پہلے ارمینیہ میں ایک اہم شہر تھا اور عربوں کے دور میں دارالحکومت ۔ اور کہا جاتا ہے کہ جب ارمینیہ کے ارساسی یہاں آئے تو یہ نام بھی اپنے پہلی سکونت گاہ سے لیتے آئے جو آج کل ایک ترکمان سپاٹ میدان ہے ۔ عرب مصنفین کے ہاں یہ نام دَوِین یا دُوِین (یاقوت، ۲ : ۶۳۲؛ ابن خلکان، مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۱۰۵) ہے اور دبِیل (یاقوت، ۲ : ۵۴۸) سب سے زیادہ مستعمل شکل ہے، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ نہ یاقوت نے اور نہ ابوالفداء (۲ : ۲، ۱۵۰ تا ۱۵۱) نے اور نہ مختصر ابن حوقل کے مصنف نے اس بات کی تحقیق کی کہ دبیل اور دوین ایک ہی شہر کے دو نام ہیں [نیز دیکھیے لا آ'، لائڈن، بذیل مادۂ Dwin] .

(M. Canard [تلخیص از ادارہ])

* **دِہاس** : شمالی افغانستان میں ایک دریا، جس کی تشریح ابن حوقل (ص ۳۲۶) نے کی ہے : "دَہ آس" یعنی جو دس چکیاں چلاتا ہے ۔ یہ کوہ بابا (ضلع بامیان) کے پہاڑوں میں بَند امیر کے پہاڑی جھرمٹ سے نکلتا ہے اور کئی قدرتی جھیلوں میں سے ہوتا ہوا، مَدر اور رباطِ کروان کے پاس سے گزرتا، عام طور پر شمالی جانب بہتا ہوا، آخر کار بلخ [رک بآں] کے خطے میں پہنچ جاتا ہے ۔ اس علاقے، خاص کر جنوبی حصے، کی سیرابی اور سرسبزی کا اس دریا پر دار و مدار ہے، خصوصًا سیاہ گرد کا، جو ترمِذ کے راستے پر ہے، نیز مضافات کی بستی نوبہار کا؛ چونکہ دہاس بلخ کے لیے اہم ہے اس لیے اسے نہر بلخ بھی کہتے تھے (مثلاً حدود العالم، ص ۳۷، ۲۱۱، عدد ۴۲)، مگر قرون وسطٰی میں یہ آمو دریا [رک بآں] کا بھی ایک نام تھا ۔ آج کل اس دریا کو بلخ آب کہتے ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) الاِصْطَخری، ص ۲۷۸؛ (۲) Le Strange، ص ۴۲۰؛ (۳) J. Markwart : *Erānšahr*، ۱۰۹؛ ص ۲۳۰؛ (۴) وہی مصنف : *Wehrot*، لائڈن ۱۹۳۸ء، ص ۳ ببعد؛ (۵) W. K. Fraser-Tytler : *Afghanistan*، ۱۶۹، ۴۵ لنڈن ۱۹۵۰ء، بمدد اشاریہ بذیل مادۂ بلخ؛ (۶) A. Foucher : *La Geographie* در *De Kaboul a Bactres*، ۴۲، ۱۹۲۴ء : ۷۲ تا ۱۶۱ ۔ نیز دیکھیے مقالہ بلخ کے مآخذ ۔ نقشے : (۱) حدود العالم، ص ۳۳۹؛ (۲) Fraser-Tytler، ص ۱۱ .

(B. Spuler [تلخیص از ادارہ])

* **دَہر**، زمانہ، خصوصًا غیر متناہی امتداد زمانہ (قب لین؛ البیضاوی : انوار التنزیل، ۲۷۶ : ۱) ۔ اسلام سے

marfat.com
Marfat.com

پہلے کے عرب، جیسا کہ ان کے بہت سے اشعار سے ظاہر ہے، دَہر (نیز زمان اور الایام) کو انسان پر گذرنے والے ہر اچھے اور بُرے حادثے کا منبع اور سبب قرار دیتے تھے، اس طرح گویا وہ اس لفظ کو قسمت یا تقدیر کے مفہوم میں استعمال کرتے تھے، گو اس کی پرستش نہیں کرتے تھے (W. L. Schrameier : *Über den Fatalismus der vorislamischen Araber*، بون ۱۸۸۱ء؛ Th. Nöldeke، *Encyclopedia of Religion and Ethics*، ۱ : ۶۶۱ ب؛ اس کے مماثل اقوال کے لیے دیکھیے A. Christensen : *Iran*، ۱۹۳۹، ببعد، ۱۵۷ ، زُروان Zurvān زمان اور تقدیر دونوں کا دیوتا تھا؛ کرونس Kronos، زئیوس Zeus کا باپ؛ نیز دیکھیے R. C. Zaehner : *Zurvan*، آوکسفرڈ ۱۹۵۵ء خصوصاً ص ۲۵۳ تا ۲۶۱) - قرآن مجید میں یہ نظریہ کفار کی طرف منسوب کیا گیا ہے : وَ قَالُوْا مَا هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَ نَحْیَا وَ مَا یُهْلِکُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ : ۴۵ [الجاثیة]: ۲۴ (= کہتے ہیں، ہماری تو یہی دنیا کی زندگانی ہے اور بس کہ یہیں مرتے ہیں اور یہیں جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہم کو مار دیتا ہے) - قبل اسلام کے ان تصورات نے [جہال] کے مسئلۂ قضا و قدر پر اثر ڈالا (W. Montgomery Watt : *Free Will and Predestination in Early Islam*، ۱۹۴۹ء، ص ۲۰ ببعد، ۳۱)- حدیث سے اس بات کی شہادت ملتی ہے کہ لوگ اللہ اور دَہر کو ایک ہی قرار دینے کی کوشش کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے ایک مرفوع روایت ہے : لَاتسبّوالدہر فانَّ الدہر ھُواللہ، یؤذینی ابن آدم یسبُّ الدہروانا الدہر .... (=آپؐ نے حکم دیا دَہر کو برا نہ کہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی دَہر ہے"- ابن آدم نے زمانے کو گالی دے کرمجھے ایذا دی کیونکہ جسے وہ زمانے سے منسوب کرتا ہے اس کا خالق تو میں ہوں، تمام چیزیں میرے قبضے میں ہیں) - (مثلاً بخاری، باب التفسیر بذیل سورہ ۴۵ [الجاثیہ]: ۲۴؛ کتاب الادب، باب ۱۰۱؛ کتاب التوحید، باب ۳۵؛ الطّبری : تفسیر، سورہ ۴۵ [الجاثیة] ۲۴؛ [علمی تشریح کے لیے دیکھیے لسان العرب، بذیل مادہ دھر]- ظاہریہ [رک باں] کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ دہْر کو خدا کے اسماء میں سے ایک اسم قرار دیتے ہیں (لیکن دیکھیے Goldziher: *Die Ẓâhiriten*، لائپزگ ۱۸۸۴ء، ص ۱۵۳ ببعد) - بہت سے محدثین نے التباس سے بچنے کے لیے حدیث کی تشریح اس طرح کی ہے (دیکھیے I. Goldziher ، کتاب مذکور، ص ۱۵۵؛ ابن قُتَیْبَہ : تاویل مختلف الحدیث، قاہرہ ۱۳۲۶ھ، ص ۲۸۱ تا ۲۸۴)- متکلمین نے اس بحث میں کوئی دلچسپی نہیں لی، الغزالی نے دَہر کو دَہریّہ [رک باں] کے ان افکار کے لیے استعمال کیا ہے جن کا قبل اسلام کے عرب ماخذ سے کوئی تعلق نہیں (تہافُت الفلاسفة، طبع M. Bouyges، بیروت ۱۹۳۷ء، ص ۲۰۸، س ۱) - شاعروں اور نثر نگاروں نے اس لفظ کو اس مفہوم میں استعمال کیا ہے جس طرح زمانۂ قبل اسلام میں یہ استعمال ہوتا تھا (دیکھیے المُتنبّی، طبع F. Dieterici، برلن ۱۸۶۱ء، ص ۳۴۳، ۵۷۶)- ایک سوانح نگار لکھتا ہے کہ الزّمان (وقت) اور الاَیّام (دن) الغزالی کو کہیں سے کہیں لے گئے (السُّبکی : طبقات الشافعیة، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۴ : ۱۰۹) .

(W. Montgomery Watt)

⊗ **الدَّھْر** : (سورة)، اس جلد کے اختتام پر .

* **دَہران** : رک بہ ظَہران .

* **دَہریہ** : دہر سے منسوب ، وہ گروہ جو دہر کو قدیم مانتا ہے اور اسی کو حوادث کا باعث جانتا ہے - کشاف اصطلاحات الفنون کی رو سے یہ لفظ اسم جمع ہے اور بہیئت مجموعی ایک فرقے کا مظہر ہے - یہ لفظ "دَہریُون" سے الگ ہے جو دَہریؔ کی جمع ہے اور دَہر سے منسوب ہے جس کے معنی قرآن میں امتداد زمانہ کے لیے آئے ہیں - قرآن مجید کے بعض مصاحف میں چھہترویں سورة [الدھر] کا نام سورة "الانسان" بھی آیا ہے، لیکن پینتالیسویں سورة [الجاثیة] : ۲۴ میں اس کا استعمال کافروں،

Marfat.com

بے دینوں، گمراہوں اور کور چشموں کے لیے کیا گیا ہے ۔ ان مفاہیم نے آگے چل کر اس کے مفہوم کے ارتقائی مدارج پر اثر ڈالا اور بالآخر اس لفظ کا ایک فلسفیانہ مفہوم متعین ہو گیا جو اصلی معنی سے بالکل مختلف ہے ۔ یہ بے دین کہتے ہیں : وَ قَالُوْا مَاهِیَ اِلَّاحَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَ نَحْیَا وَ مَا یُهْلِکُنَا اِلَّاالدَّهْرُ، ۴۵ [الجاثیة] : ۲۴؛ کہتے ہیں : "ہماری تو یہی دنیا کی زندگانی ہے اور بس کہ یہیں مرتے ہیں اور یہیں جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہم کو مار دیتا ہے اس وقت تک اس کا کوئی فلسفیانہ مفہوم مقرر نہیں ہوا تھا؛ البیضاوی اور الجلالین کی تفاسیر کے مطابق دہر سے مرور زمانہ مراد ہے ۔ الزمخشری نے ۴۵ [الجاثیة] : ۲۴ کی تفسیر کرتے ہوے اس سے زمانے کی گزرنے والی مدت (دَهْر یَمُرّ) مراد لی ہے (الکشاف، ص ۴۲)؛ اور سورة ۷۶ [الدہر] : ۱ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اس سے زمانے کی طویل مدت کا ایک وقفہ مراد ہے [دیکھیے وہی کتاب، ۲ : ۶۶۵) ۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ "زمانے کی ایک طویل مدت" کا مفہوم روز بروز غالب ہوتا چلا گیا اور آخرکار زمانے کی غیر متناہی مدت کو دَہْر کہنے لگے ۔ اس مفہوم نے اتنی وسعت اختیار کر لی کہ بعض مصنفین نے الدّہر کو خدا کا ایک نام قرار دے دیا، اگرچہ اس رجحان کو سخت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا (این ، بذیل مادہ دَہر؛ نیز دیکھیے کشاف اصطلاحات الفنون، ۱ : ۴۸۰) - رسائل اخوان الصفاء کی طبع جدید ۱۳۷۶ھ/۱۹۵۷ء، جلد سوم، فصل نہم، ص ۳۵۵ میں اس کا تلفظ دُہْریہ لکھا ہے ۔ اس خیال کو ماہرین لسانیات کی تائید حاصل ہے اور انھوں نے اسے ان تغیرات کے تحت داخل کیا ہے جو اسماے نسبت کے حرکات و سکنات میں ہوتے رہتے ہیں (السیبویہ، طبع Derenbourg ۲ : ۶۳، ۱۹ تا ۲۱) ۔ الجرجانی : التعریفات نے دہر کی قدامت پر زور دیا ہے (زیر مادہ)، اور دہر کی یہ تعریف کی ہے : "وہ لحظۂ دائمی ہے جو حضرة الالهیة کا امتداد ہے اور "زمان" کا باطن ہے جس میں ازل اور ابد دونوں متحد ہیں" .

البیضاوی کی تشریح کے مطابق مادّی دنیا کے ساتھ اس کے معنوی تعلق کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۔ اس کا کہنا ہے کہ دَہر بنیادی طور پر وہ عرصۂ زمانی ہے جس میں سے دنیا گزر رہی ہے اور جو رفتار زمانہ پر غالب ہے، آگے چل کر اس لفظ کو دُہریّہ کے عقیدے کی تعبیر کے لیے استعمال کیا گیا اور اس کے مطابق غزالی منجملہ اور لوگوں کے "القول بالدہر" (دَہر کے قائل ہونے) کا ذکر کرتا ہے (تہافت، طبع Bouyges، ص ۹۱) ۔ بعض اوقات اس کا ترجمہ قدری (fatalists) کیا گیا ہے، لیکن یہ کسی طرح بھی صحیح نہیں ۔ اس لحاظ سے اسم نسبت یعنی دَہری کے دو فلسفیانہ مفہوم ہو سکتے ہیں : اس سے ایک تو وہ شخص مراد ہے جو دنیا کو ماضی اور حال دونوں میں قدیم اور دائمی جانتا ہے اور اس عقیدے کی رو سے قیامت اور آخرت کی زندگی سے انکار کرتا ہے؛ اس کے دوسرے معنی ملحد یعنی اس شخص کے ہیں جو صحیح عقیدے سے انحراف کرتا ہے (این ، بذیل مادّۂ دَہری ۔ پہلے مفہوم کے لیے دیکھیے، Pococke : *Notae miscellonae* لائپزگ ۱۷۰۵ء، ص ۲۳۹ تا ۲۴۰ بذیل لفظ دہرینی ۔ انسانی زندگی کو اس دنیا کے اندر منحصر کر دینے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان تیزی سے لذّت پسند بن جاتا ہے ۔ ادب میں یہ لفظ سب سے پہلے اس مفہوم میں الجاحظ کی کتاب الحیوان (قاہرہ ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۶ء تا ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۷ء) میں استعمال ہوا ہے ۔ یہاں اس لفظ کو سورة ۲۵ [الجاثیة] : ۲۴ کے زیر اثر ایک وسیع مفہوم کا حامل قرار دیا گیا ہے اور دَہری کی تشریح اس طرح کی گئی ہے ۔ "دَہری وہ شخص ہے جو رب الارباب (اللہ) ، خلق ، ثواب و عذاب ، دین اور قانون سب سے انکار کرتا ہے ، اپنی نفسانی خواہشات کے سوا

marfat.com
Marfat.com

کسی اور چیز کی طرف توجہ نہیں کرتا اور بدی صرف اس چیز میں ہے جو اس کے خواہشات کی تکمیل میں حائل ہو ۔ اس کے نزدیک انسان، پالتو جانوروں اور وحشی درندوں میں کوئی فرق نہیں، اور مسئلہ صرف لذت و الم کا ہے؛ خیر اس کے نزدیک صرف وہ چیز ہے جو اس کے مفاد کے حصول میں مدد دے، چاہے اس میں ہزار آدمیوں کی جان بھی چلی جائے (کتاب الحیوان، ۷ : ۵ تا ۶) ۔ دہْریوں کے ان مسلّمہ اصول سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ اوہام العوام کو تسلیم نہیں کرتے؛ فرشتوں اور شیطانوں کے وجود کے قائل نہیں؛ خوابوں اور ساحروں کی قوت کو کوئی اہمیت نہیں دیتے (الجاحظ : کتاب مذکور، ۲ : ۵۰)، لیکن ان میں سے بعض عقلی قیاسات کی بنا پر بہ ظاہر مسخ یعنی آدمی کے جانور کی شکل میں بدل جانے کے قائل معلوم ہوتے ہیں (کتاب مذکور، ۴ : ۲۴).

مفاتیح العلوم (طبع Van Vloten، لائڈن ۱۸۹۵ء ص ۳۵) میں دہْریّے کی تعریف اس طرح کی گئی ہے : "وہ لوگ جو زمان کے قدیم ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں"۔ رسائل اخوان الصفا میں انہیں ازلیّہ کہا گیا ہے یعنی وہ لوگ جو نظام کونی کے دوام اور اس کی قدامت کے قائل ہیں؛ برخلاف ان لوگوں کے جو اس سارے نظام کائنات کو ایک خالق اور مسبّب کی تخلیق اور نتیجہ سمجھتے ہیں (مطبوعۂ بمبئی ۱۳۰۶ھ، ۴ : ۳۹، مطبوعۂ بیروت، ۱۳۷۶ھ/۱۹۵۷ء، ۳ : ۳۵۵) ۔ اس لحاظ سے متکلمین ان کے خلاف ہیں ۔ وہ عالم اجسام کے حدوث کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ نے اجسام اور عالم اجسام کو پیدا کیا ۔ اس عقیدے میں وہ اللہ کے لیے اسماے صفات کا اضافہ بھی کرتے ہیں اور قدیم اور قوت والا صرف اللہ ہی کو مانتے ہیں (کتاب مذکور، مطبوعۂ بمبئی، ص ۹۳ تا ۹۴؛ مطبوعۂ بیروت، ص ۳۵۶).

ابومنصور عبدالقاہر بن طاہر البغدادی اپنی کتاب الفرق بین الفِرق میں دہْریّہ کا شمار فرقوں میں نہیں کرتا، لیکن منکرین خدا کے زمرے میں بار بار ان کا ذکر کرتا ہے ۔ خصوصاً ان فلسفیوں کے ساتھ جو افلاک و نجوم کو ایسا پانچواں طبقہ قرار دیتے تھے جو فساد و ہلاک سے محفوظ ہے اور قِدم عالم کا قائل تھا (طبع بدر، قاہرہ ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء، ص ۱۰۲، ۱۰۶) ۔ وہ انہیں عیسائیوں کا مماثل بھی قرار دیتا ہے، لیکن اس کی وجہ بیان نہیں کرتا (ص ۱۵۷).

الغزالی بھی دہْریّہ کو فلسفیوں کا ایک گروہ بتاتا ہے جنھوں نے صدیوں تک خیالات کی ایک نوع کو پھیلایا، جس سے متأثر ہونے والے کسی نہ کسی تعداد میں ہر زمانے میں ملتے ہیں ۔ وہ ان کے متعلق ہمیشہ ایک سے خیالات ظاہر نہیں کرتا ۔ المنقذ من الضلال (باب ۳، قاہرہ ۱۹۵۵ء، ص ۹۶ تا ۹۷) میں وہ انہیں سلسلۂ واقعات کی ترتیب میں صنف اول میں رکھتا ہے ۔ اس وقت وہ قدیم فلسفیوں کا ایک گروہ (طائفہ) تھے ۔ ایک ایسے خالق کے وجود سے منکر تھے جو دنیا کا نظام چلاتا ہے؛ وہ عالم آخرت پر بھی ایمان نہیں رکھتے۔ ان کا دعوٰی تھا کہ عالم ہمیشہ سے ایسا ہی ہے جیسا آج نظر آتا ہے اور وہ ہمیشہ ایسا ہی رہے گا ۔ وہ انہیں زنادقہ کے مماثل قرار دیتا ہے، جن میں ایک اور گروہ بھی شامل ہے جو تعداد میں ان سے کہیں زیادہ ہے ۔ یہ گروہ "طَبْیعیُّون" (naturalits) کا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ دَہْرِیّہ قدم عالم کو اپنے عقائد کی بنیاد ٹھیراتے ہیں اور طبیعیون مزاجوں کے خواص پر زور دیتے ہیں؛ اورگو وہ تخلیق عالم سے تو انکار نہیں کرتے، لیکن جنت، دوزخ، قیامت اور حساب اعمال کے قائل نہیں ۔ ان دوگروہوں کے علاوہ ایک تیسرا گروہ بھی تھا جنھیں "اِلٰہیُّون" کہتے تھے، جو ان کے بعد ظاہر ہوا اور اس میں سقراط، افلاطون اور ارسطاطالیس شامل تھے ۔ ان لوگوں نے پہلے دوگروہوں کے غلط عقائد کی تردید کی؛ لیکن اسلامی فلسفیوں مثلاً ابن سینا اور الفارابی نے ہمیشہ ان کے خیالات کا اتباع نہیں کیا ۔

Marfat.com

الغزالی نے تہافت الفلاسفة میں انہیں دونوں کا ذکر کیا ہے (طبع Bouyges، بیروت ۱۹۲۷ء، ص ۹)، اور انہیں کے حوالے دے کر فلاسفہ کے بیان میں تضاد و تنافر ثابت کیا ہے (M. Bouyges نے اپنے ترجمے میں اسے تخریب کے بجائے تضاد اور تنافر ہی کہا ہے اور دکھایا ہے کہ ان کے مخالف ان کے مقابلے میں قاصر اور عاجز ہیں) - ان دونوں مسلمان فلسفیوں نے ان لوگوں سے مقابلہ کیا - جو اللہ کے وجود سے منکر تھے ، لیکن ان نظریات سے محفوظ نہیں رہ سکے جن کی بنا پر غزالی کی رائے میں انہیں دَہْریہ میں شامل کیا جانا ضروری ہے - دَہْریّہ کی طرف ذیل کے نظریات منسوب کیے گئے ہیں : وہ کسی ایسے سبب سے منکر ہیں جو مسبب الاسباب بھی ہو (ص ۶۵، سطر ۳ تا ۴) ؛ عالم قدیم ہے اس کا کوئی سبب ہے نہ خالق ؛ سبب فقط حوادث جدیدہ کا ہوتا ہے (ص ۱۳۳، سطر ۶ اور ص ۲۰۶، سطر ۵) - عالم میں فلاسفہ کے صرف دو گروہ ہیں، تین نہیں - اول اہل الحق؛ دوم دَہْریہ (ص ۱۳۳، سطر ۶) - حقیقت یہ ہے کہ کچھ فلسفی ایسے بھی ہیں جو سمجھتے ہیں کہ عالم قدیم ہے، لیکن وہ ایک صانع کا کارنامہ ہے - الغزالی کے نزدیک اس بات میں بدیہی تضاد ہے (ص ۱۳۳، سطر ۶ ببعد) - ابن سینا نے اس بحث کو بار بار چھیڑا ہے اور اسے اپنے استدلال کی قوت پر یقین ہے - الغزالی اس استدلال سے مطمئن نہیں - وہ فلاسفہ اور دَہْریہ کا موازنہ و مقابلہ کرتے ہیں (ص ۹۵ سطر ۶) - وہ اس استدلال کو مبہم قرار دیتے ہیں جس سے فقط یہ نتیجہ نکلتا ہو کہ اللہ خالق عالم ہو سکتا ہے بشرطیکہ اس نے پہلے سے عالم کی تخلیق کا کوئی منصوبہ تیار نہ کیا ہو، بلکہ عالم بطور ایجاب اس سے صادر ہوا ہے - کم و بیش یہی نظریہ ہے جس کا ابن سینا قائل تھا - وہ کہتا ہے کہ اگر اللہ نے عالم کو کسی پہلے سے تیار کیے ہوئے منصوبے کے مطابق پیدا کیا تو اس کا فعل ایک خارجی عامل کا محتاج ہوا اور یہ بات قابل تسلیم نہیں - الغزالی نے اس نظریے کو بھی ناقص قرار دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ واحد سے فقط ایک ہی چیز صادر ہو سکتی ہے (ص ۹۵ تا ۱۳۲)؛ اور یہ کہ مادّہ قدیم ہے جس میں چار عناصر ایک طرف ہیں اور دوسری طرف ایک پانچواں عنصر ہے جو غیرفانی ہے اور جس سے ملکوتی عناصر بنے ہیں - یہی تمام اسباب اس کے متقاضی ہیں کہ ان نظریات پر اعتقاد رکھنے والوں کو دَہْریّہ کہا جائے (ص ۲۰۶، سطر ۵ ببعد) - ابن رشد نے تہافت التہافت (طبع Bouyges، ۱۹۳۰ء) میں الغزالی کا سا سخت رویہ اختیار نہیں کیا - وہ ان لوگوں کو جو فقط الغزالی کے نظریات کی بنا پر دَہْریہ ٹھیراتے ہیں دَہْریہ نہیں کہتا (ص ۴۱۴، س ۵) - وہ دَہْر کے لفظ کو فقط اس کے اصلی معنی یعنی "زمان کی ایک مدّت" کے مفہوم میں استعمال نہیں کرتا بلکہ ان مسائل کے معنی میں بھی جو فلسفے کے مشہور معتقدات ہیں اور غلطی سے مسلمان حکما کی طرف بھی منسوب کر دیے گئے ہیں (ص ۴۱۵) ۔

ابن حزم اور الشہرستانی نے اس لفظ کی جو تعریف کی ہے اس کی رُو سے دَہْریہ محض ایک فرقہ ہے - ابن حزم قِدم عالم کو دَہْریہ کا عقیدہ بتاتا ہے جس سے لازم آتا ہے کہ عالم پر کوئی حکمران نہیں - اس کے مقابلے میں دوسرے تمام فرقوں کا عقیدہ یہ ہے کہ عالم حادث اور مخلوق (مُحْدَث) ہے (کتاب الفصل، قاہرہ ۱۳۱۷ھ، ۱ : ۹) - ابن حزم دَہْریّہ کی ان پانچ دلیلوں کا ذکر کرتا ہے جن کی رو سے دَہْریّہ کو "القائلون بالدہر" کہتے ہیں (ص ۱۰، س ۹) ان دلائل کا خلاصہ یہ ہے : (۱) ہم کسی چیز کو حادث اسی وقت کہہ سکتے ہیں جب وہ کسی چیز سے نکلے یا اس کے اندر پیدا ہو (ہم نے ایسی چیز کوئی نہیں دیکھی جس کی بابت کہا جائے کہ وہ حادث ہوئی جب تک کہ وہ کسی چیز سے یا کسی چیز کے اندر پیدا

marfat.com
Marfat.com

نہ ہو) ؛ (۲) اجسام کی پیدا کرنے والی چیزیں (مُحدِث اجسام) جواہر ہیں یا اَعْراض؛ (۳) اگر کوئی چیز اجسام کی مُحدِث ہے تو بالکل اجسام جیسی ہوگی یا اس سے بالکل مختلف، بالکل مختلف ہونا تو باطل ہے اس لیے کہ کوئی چیز ایسی شے پیدا نہیں کر سکتی جو اس کی ضد یا مخالف ہو ؛ مثلاً آگ کبھی ٹھنڈک پیدا نہیں کر سکتی؛ (۴) اگر عالم کا کوئی بنانے والا (فاعل) ہوگا تو وہ اس کے بنانے میں یا تو اپنا کچھ نفع سوچے گا یا نقصان کی کمی پوری کرے گا، اور یہ اسی طرح کا کام ہوگا جیسے اس دنیا کی مخلوق کرتی ہے یا وہ صرف اسے اپنی طبیعت کے تقاضے سے بنائے گا اور اس وقت اس کا کام قدیم اور دائمی ہوگا؛ (۵) اگر اجسام حادث ہوں تو ان کا مُحدِث ان کے بنانے سے پہلے ان کے معدوم کرنے کے لیے عدم بنائے گا، پھر عدم خود جوہر ہوگا یا عرض، اور اس سے جوہر اور عرض کا قدیم ہونا لازم آتا ہے (ص ۱۰-۱۱) ۔ ان دلائل کو ترتیب وار رد کرنے کے بعد ابن حزم اپنے پانچ دلائل، جو ان کے معارض ہیں، پیش کرتا ہے اور پھر اس بحث کو اس کے آگے کے باب میں جاری رکھتا ہے جو تمام کی تمام ان لوگوں سے بحث کے لیے وقف ہے جو عالم کو قدیم کہنے کے باوجود اس کا ایک قدیم خالق بھی مانتے ہیں .

الشہرستانی اپنی کتاب الملل والنحل کا دوسرا باب، جس میں فلاسفہ کے گروہوں کا بیان ہے، ان لوگوں کے بیان سے شروع کرتا ہے جو اس عالم محسوسات کے علاوہ کسی اور عالم کو نہیں مانتے ۔ یہ گروہ "الطبیعیون و الدھریون" یعنی ان لوگوں کا ہے جو طبیعة (نیچر) کے قائل ہیں اور دَہر پر اعتقاد رکھتے ہیں اور کسی عالم معقول کو ثابت شدہ نہیں مانتے: "لَایُثْبِتُوْنَ مَعْقُوْلاً"۔ یہ آخری لفظ مفرد ہے (طبع Cureton، ص ۲۰۱، س ۷) ۔ ایک اور جگہ کی عبارت . . . "کبھی کبھی دوسری جانب وہ معقول کو بھی تسلیم کرتے ہیں" (طبع Cureton، ص ۲۰۲، س ۱۵)" غالباً ان (طبیعیون) سے تعلق نہیں رکھتی جو دَہر کے قائل ہیں، بلکہ یہ "فلاسفۂ دہْریوں" سے متعلق ہے، جن سے غالباً ابن سینا اور فارابی مراد ہیں جنہیں وہ طبیعیون کا مدّ مقابل قرار دیتا ہے ۔ یہ بات ان فلسفیوں کے حال کے عین مطابق ہے، کیونکہ وہ خود اس بات کو پرزور دلائل سے ثابت کرتے ہیں کہ ایک عالم معقول موجود ہے ۔ اس سے ظاہر ہے کہ دُہریوں کو جو بعض مسائل میں طبیعیوں سے متفق ہیں اور بعض میں فلسفیوں کے ساتھ اتحاد رکھتے ہیں، پوری طرح دونوں میں سے کسی کے ساتھ شامل نہیں کیا جا سکتا، لیکن یہ عبارت بہر حال مبہم ہے ۔ کتاب نِہایة الإقدام (طبع Guillaume، آوکسفرڈ ۱۹۳۱ء، مع جزئی ترجمہ کے) میں الشہرستانی دُہریون (ترجمے میں مادیون) اور ان کے مخالفوں کے درمیان چند مباحثوں کا حال بیان کرتا ہے (ص ۲۹، س ۱، ۳۰ س ۱۵، ۱۲۳ س ۱۰، ۱۲۶، س ۹) ۔ مباحثوں کا موضوع عالم کا آغاز ہے، اس میں جواہر فرد کا نظریہ بھی شامل ہے جو ابتدا میں غیر منظم حالت میں ادھر ادھر گھومتے رہتے تھے، دَہریوں کا طرز استدلال سوفسطائیوں کا سا ہے، لیکن ان کے مخالف بھی جو زحل کی حرکت کے قائل ہیں کوئی دلیل پیش نہیں کرتے ۔ جمال الدین القزوینی اپنی کتاب مفیدالعلوم و مُبید الھموم، قاہرہ ۱۳۱۰ھ، ص ۳۷ میں اس رائے کو بھی دَہریوں کی طرف منسوب کرتا ہے کہ عالم کی ابتدا ذرات جوہری کے اتفاقی تصادم سے ہوئی ہے جو اس سے پہلے فضا میں ادھر ادھر گھومتے پھرتے تھے .

انیسویں صدی میں آکر اس لفظ کی صحیح تعریف کی گئی جو ایک مدّت دراز سے غیر معیّن اور غیر محدود معنی میں استعمال ہوتا رہا تھا ۔ یورپ کے علوم طبیعیہ کو جب مشرق میں دخل حاصل ہوا تو ان سے نہایت سادہ لیکن مادّی خیالات کا ایک چشمہ

Marfat.com

پھوٹا جو علماے اسلام کے لیے غیر متوقع مسائل کا منبع بن گیا (۱۷۹۸ء ایک عثمانی فرمان میں انقلاب فرانس کے دہری نظریے کو ردّ کیا گیا ہے اس کے لیے دیکھیے امیر حیدر احمد شہاب: تاریخ احمد باشا الجزّار، طبع شبلی اور خلیفہ، بیروت ۱۹۵۶ء، ص ۱۲۵ ببعد؛ قب B. Lewis، در *Journ. World Hist*. (۱۹۵۳ء)، ۱: ۱۲۱ تا ۱۲۲)۔ مادّیت کا مسئلہ ھندوستان میں بڑے شدید انداز میں اٹھایا گیا ۔ ۱۸۵۷ تا ۱۸۵۸ء کی جنگ آزادی کے بعد سیّد احمد خاں نے اندازہ لگا لیا کہ مسلمان اس وقت تک برطانیہ کے تفوق کا مقابلہ نہیں کر سکتے جب تک مغربی سائنس اور نظام عمل کو نہ اپنائیں۔ ۱۸۷۵ء میں انھوں نے علی گڑھ [رک بآں] میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج قائم کیا جو آگے چل کر مسلم یونیورسٹی بنا ۔ اس کالج میں انگریزی تہذیب اور اسلامی دینیات کو مطالعے کا مشترک موضوع بنا دیا گیا۔ ضمیر اور نیچر کے تصورات کا گہرا اثر قبول کرکے سرسیّد نے اصول طَبِیْعِیَّہ کو دینی اقدار کا معیار قرار دے دیا ۔ علما نے اس نظریے کی سخت مخالفت کی اور اس کے ردّ میں کتابیں لکھیں ۔

۱۲۹۸ھ/۱۸۷۸ء ھی میں جمال الدین الافغانی [رک بآں] نے فارسی میں اس کا ایک سخت ردّ لکھا اور اسے بطور ضمیمہ اپنی کتاب الرّد علی الدّہریین (*Refutation of the materialists*) میں شائع کیا؛ اس کا ترجمہ اردو میں ۱۸۸۳ء میں کلکتے میں چھپا ۔ عربی میں اس کا ترجمہ محمد عبدہٗ نے کیا جو پہلے پہل رسالۃ فی إبطال مذھب الدھریین و بیان مفاسد ھم و إثبات ان الدین اساس المدنیۃ و الکفر فساد العُمران، کے نام سے شائع ہوا (بار اول، بیروت ۱۳۰۳ھ / ۱۸۸۵ء)؛ اس کے بعد (بار دوم، قاھرہ ۱۳۱۲ھ / ۱۸۹۴ء اور بار سوم، قاھرہ ۱۳۲۰ھ/ ۱۹۰۲ء) الرّد علی الدّہریین کے عنوان سے چھپا (فرانسیسی ترجمہ A. M. Goichon، پیرس ۱۹۴۲ء)؛ اصل نسخے میں اس کے نام میں لفظ النَیْشَرِیّین [نیچری] شامل تھا، جس سے صاف ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک دہری کے معنی کیا تھے اور اس لیے اس کا ترجمہ "نیچری مادّہ پرست" کیا گیا ۔ اس مختصر سی تصنیف میں جمال الدین اس نظریے کا سلسلہ یونانی فلاسفہ تک پہنچاتے ھیں اور وہ اصطلاحات استعمال کرتے ھیں جن سے الغزالی کی یاد تازہ ہوتی ہے ۔ وہ پہلے اس کی تاریخ بیان کرتے ھیں اور اپنے بیان کو ڈارون پر ختم کرتے ھیں، مگر ان کے ردّ کا انداز شروع سے آخر تک مناظرانہ ہے ۔

ایک طرف تو مادّیت پھیلتی چلی جا رہی تھی، خصوصاً یورپ کی کتابوں کے عربی ترجموں کے ذریعے مثلاً Büchner کی کتاب *Kraft und Stoff* جس کا ترجمہ شبلی شُمَیِّل (اسکندریہ ۱۸۸۴ء) نے کیا اور دوسری طرف اس کے خلاف ایک تحریک پیدا ہو رہی تھی ۔ ان دو متخالف تصورات کی تاریخ نزاع ابھی ختم نہیں ہوئی ۔ اس کے لیے بہت زیادہ جستجو اور تحقیق ضروری ہے، لیکن اس کی یہاں گنجائش نہیں ۔ ان مختلف تصانیف میں جن کا ذکر اوپر ہوا مادّیۃ اور مادّیون کے الفاظ ہمیشہ دَہْرِیّہ اور دَہْرِیّون کے معنی میں استعمال کیے گئے ھیں ۔ انجام کار دَہْرِیۃ اور دَہْریوں کے الفاظ ختم ہو گئے اور ان کی جگہ زیادہ صحیح الفاظ نے لے لی ۔ مصر میں جو الفاظ استعمال ہو رہے ھیں ان میں یہ الفاظ نظر نہیں آتے، (یہ اطلاع R. P. Jomier نے بہم پہنچائی ہے)۔ دوسرے ممالک کے متعلق ہماری معلومات مکمل نہیں ھیں، لیکن ہم برّصغیر پاک و ہند کے متعلق ضرور یہ کہہ سکتے ھیں کہ وہاں کی تصانیف میں [یہ الفاظ اب زیادہ استعمال نہیں ہوتے اور اگر ہوتے بھی ھیں تو قدرے غیر معیّن مفہوم میں]۔

**مآخذ**: متن مقالہ میں مذکور ہوے، ان کے علاوہ دیکھیے: (۱) W.L. Schrameier: *Über den Fatalesmus der vorislamischen Araber*، بون ۱۸۸۱ء، ص ۱۲ تا

marfat.com
Marfat.com

۲۲: (۲) M. Horten : *Die philosophischen Systeme der spekulativen Theologen im Islam*، بون ۱۹۱۲ء، اشاریہ بذیل مادّہ؛ (۳) [الزمخشری : الکشاف ۳ : ۲۹۱، ۶۶۵، بیروت بلا تاریخ] .

(I. GOLDZIHER - [A.M. GOICHON])

* **دِہِسْتان** : شمال مشرقی ایران میں دو اضلاع اور ان سے متعلق شہروں کا نام .

(۱) ہرات کے شمال مشرق میں ایک شہر، خطۂ باد غیس [رک بآں] کے جنوبی حصّے کا دارالحکومت اور اس علاقے کا دوسرا بڑا شہر (رقبے میں بوشنج کے نصف کے برابر)؛ بقول یاقوت (۱ : ۴۶۱)، ۵۹۶ھ/۱۲۰۰ء کے قریب سارے بادغیس کا دارالحکومت، یہ شہر ایک زرخیز علاقے میں چاندی کی ایک کان کے قریب پہاڑی پر واقع تھا؛ شہر ۹۸ھ/۷۱۶-۷۱۷ء میں پختہ اینٹوں سے تعمیر ہوا تھا - اس کا ذکر ایک ایرانی "دہقان" کے دارالحکومت کے طور پر بھی آتا ہے (طبری، ۲ : ۱۳۲۰) - ۴۲۶ھ/۱۰۳۵ء کے نواح میں یہ شہر سلجوقیوں کی وساطت سے (جسے انھوں نے غزنویوں سے لیا تھا) ایک ترکی "دہقان" کے قبضے میں آ گیا (ایسے لقب ترکوں میں بھی رائج تھے) - ۵۵۲ھ/۱۱۵۸ء میں، وہ اُغز سلطان اختیار الدین اَیتَق کی قیام گاہ بن گیا، جس نے اس ضلع کے واحد حکمران کی حیثیت سے خوارزم شاہ ثانی ارسلان کی اطاعت اختیار کر لی تھی (بیہقی : تاریخ بیہق) - پھر جب خوارزم شاہ سلطان شاہ کے بجاے اس کا بھائی تِکِش اس کا جانشین ہوا اور سلطان شاہ ۵۶۹ھ/۱۱۷۴ء میں اپنی ماں تِرکن (اسلامی نام: تُرکان) کے ساتھ راہ فرار اختیار کر کے آیا تو تِکِش نے دہستان کا شہر بھی اپنے قبضے میں لے لیا اور ترکان کو اس نے موت کے گھاٹ اتار دیا - سلطان شاہ البتہ اور آگے بڑھ کر غوریوں کے ہاں پناہ گزیں ہوا (ابن الاثیر، ۹ : ۲۴۷/۲۵۳) - معلوم ہوتا ہے، اس کے بعد دہستان میں کوئی اہم واقعہ پیش نہیں آیا۔ یہ غالبًا وہی شہر ہے جہاں اب خواجہ دہستان کا مزار واقع ہے .

**مآخذ** : (۱) اصطخری، ص ۲۶۸ ببعد؛ (۲) ابن حوقل، ص ۳۱۹ ببعد؛ (۳) المقدسی، ص ۵۰، ۲۹۸، ۳۰۸؛ (۴) حمداللہ مستوفی : نزھۃ، ص ۱۵۳، ترجمہ (۱۹۱۹ء)، ص ۱۵۱؛ (۵) لسٹرینج Le Strange، ص ۴۱۳ ببعد؛ (۶) مارکار J. Marqurt : ..... *Eranšahr*، (۱۹۰۰ء)، ص ۱۵۰؛ (۷) J. Markwart (=وہی مصنف): *Wehrot und Arang* (۱۹۳۸ء)، ص ۳۰ ؛ (۸) بارٹولڈ W. Barthold : *Turkestan*، ص ۳۰۸، ۳۳۵، ۳۳۸؛ (۹) Spuler : *Iran*، ص ۳۱۱ .

(۲) ایک خِطّے کا نام جو باعتبار زراعت بڑا زرخیز اور اترک زیریں [رک بہ اترک] کے شمال میں واقع ہے - اس کا جنوبی حصہ اسی دریا سے سیراب ہوتا ہے - دارالحکومت اَخُور ہے (جُرجان کے شمال میں چار روز کی مسافت پر)، جسے بقول المقدسی (ص ۳۵۸ ببعد)، دہستان بھی کہتے تھے، اور جو اس راستے پر آباد ہوا جو جُرجان سے خوارزم کو گیا تھا - اسی نام کا ایک سرحدی قلعہ (رباط) بھی تھا، یہاں خوبصورت مسجدیں اور ایک بارونق منڈی تھی (المقدسی، ص ۳۵۸، نیز مقابلہ کیجیے، وہی کتاب، ص ۳۱۲، ۳۶۷، ۳۷۲؛ اور نیچے دیکھیے) - بارٹولڈ W. Barthold کے نزدیک یہ قلعہ بارھویں صدی میں سارے علاقے کا دارالحکومت تھا - اس بیان کا تعلق یاقوت سے ہے (۱ : ۳۹) - اس علاقے کے بارے میں اسلامی معلومات غیر واضح ہیں - بقول ابن حوقل (۱ : ۲۷۷، ۲۸۶؛ ۲ : ۳۸۸، ۳۹۸)، اس علاقے کی آبادی چھدری تھی، جہاں صرف بحر خزر کے ماہی گیر ہی آباد تھے، مگر اس کے علی الرغم المقدسی نے بیان کیا ہے کہ اس علاقے یعنی جُرجان کے گاؤں بہت زیادہ گنجان آباد تھے .

ایران کے وسطی زمانے کے شہروں کو پیش نظر رکھا جائے تو دہستان کی بنیاد اشکانی بادشاہ

Marfat.com

Arsacid Narsahē نے رکھی تھی (مارکار J. Marquart : *Ērānšahr* [۱۹۰۱ء]، ص ۵۴، ۷۳، ۳۱۰)؛ لیکن اسلامی عہد میں اسے ساسانی بادشاہ قُباذ بن فیروز (پیروز) سے منسوب کیا گیا ہے (حمد اللہ مستوفی : نزہت القلوب [۱۹۱۵ء]،ص ۱۶۰؛ ترجمہ [۱۹۱۹ء] ص۱۵۷؛ اشاریہ کا بھی مقابلہ کیجیے)۔ چوتھی/دسویں صدی میں اس کی حیثیت ایک سرحدی علاقے کی تھی ("ترکوں کے خلاف")، اور حمداللہ، ص ۲۱۲ (ترجمہ، ص ۲۱۵) نے تو چودھویں صدی میں بھی اس کا ذکر اسی حیثیت سے کیا ہے لیکن اس زمانے میں اس کا اشارہ ان خانہ بدوش قبائل کی طرف ہو سکتا ہے جو خوارزم اور اُست یُرت کے درمیان آباد تھے، کیونکہ اس وقت تک یہاں بلکہ ماوراء النہر کے مغول میں بھی اشاعت اسلام ہو چکی تھی .

حدود العالم، مرتبۂ منورسکی V. Minorsky (۱۹۳۷ء)، ص ۶۰، میں جزیرہ‌نما دہستانان سُور (؟) کا ذکر بھی آتا ہے جو مچھیروں اور پرندوں کے شکاریوں سے آباد تھا، اور جسے بارتولڈ W. Barthold نے جدید "راس حسن قلی" (دہانہ، اترک کے شمال میں) قرار دیا ہے۔ لیکن اگر الاصطخری کی معلومات (ص۲۱۹) صحیح ہیں تو ایسا ہونا ممکن نہیں ۔ وہ کہتا ہے دریاے جرجان کے دہانے اور اس جزیرہ نما کے درمیان ۵۰ فرسنگ کا فاصلہ ہے؛ جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ خلیج قزل صو (روسی : Krasnovodsk) تک پھیلا ہوا تھا .

منورسکی V. Minorsky نے (حدود، ص ۳۸۶) دہستان کا نام قدیم دہر (Δααι) کے نام سے جوڑ دیا ہے (ان کے متعلق، مقابلہ کیجیے W. Tomaschek، در Pauly-Wissowa : *Realencyklopädie*، ۴: ۱۲ [۱۹۰۱ء] کالم ۶/۱۹۴۵ء)۔ آج کل رباط دہستان کے آثار کو (جن کا اندازہ تیرھویں صدی کے اوائل کی ایک مسجد کے کتبے سے کیا جا سکتا ہے) مشہد مصریان [رک بآں] سے موسوم کیا جاتا ہے .

**مآخذ**: متن میں حوالوں کے علاوہ: (۱) تاریخ بیہقی، تہران ۱۹۳۶ء؛ (۲) سمعانی : کتاب الانساب، ۱۹۰۲ء (GMS، جلد ۲۰)، ورق ۲۳۴ب (صحیح تلفظ دیتی ہے)؛ (۳) نکبی (در نرشخی، طبع Ch. Schefer)، ص ۱۴۴؛ (۴) Gg. Hoffmann : *Syr. Akten pers. Martyrer*، (۱۸۸۰ء) ص ۲۷۷ تا ۲۸۱؛ (۵) بارتولڈ W. Barthold : *K istorii orosheniya Turkestana*، (ترکستان کی تاریخ آبپاشی)، (۱۹۱۴ء) ص ۳۱ تا ۳۷؛ (۶) لسٹرینج Le Strange، ص ۳۷۷ تا ۳۸۲؛ (۷) Spuler : *Iran*، ص ۴۳۰، ۴۵۵، ۴۶۴؛ (۸) حدود العالم، بمدد اشاریہ .

(B. Spuler)

* **دِہشُور** : رک بہ دَہشُور؛ صحیح املا دہشور ہی ہے .

* **دِہقان**، دِہکان، دیکان، دہگان، کی معرب شکل؛ [نیز دیہقان] گاؤں کا چودھری اور ایران کے ساسانی عہد میں کمتر درجے کے جاگیردار طبقۂ امرا کا ایک رکن ۔ "دہقانوں" کا اختیار، جو ان کے موروثی خطاب کے باعث انھیں حاصل تھا، مقامی عملداری تک محدود تھا ۔ اس کو بہت زیادہ اہمیت حاصل تھی، گو زمین کا اصل رقبہ، جس کی کاشت وہ خاندان کی موروثی ملکیت کے طور پر کرتے تھے، بالعموم چھوٹا ہوتا تھا ۔ وہ حکومت کے نمائندے ہوتے تھے؛ ان کا سب سے اہم فریضہ محاصل کی وصولی تھا؛ Christensen کی راے میں وہ چونکہ ملک اور اہل ملک کے حالات سے بخوبی واقف ہوتے تھے، لہٰذا دربار کی شان و شوکت اور جنگوں کے بڑے بڑے مصارف کے لیے انھیں کافی مالیالہ بہم پہنچایا جاتا تھا (*L'Iran sous les Sasanides* طبع ثانی، کوپن ہیگن ۱۹۵۴ء، ص ۱۱۲ تا ۱۱۳)۔ مسعودی "دہقانوں" کو پانچ طبقوں میں تقسیم کرتا ہے، جو اپنے لباس کے ذریعے ایک دوسرے سے متمائز ہوتے تھے (مسعودی، ۲: ۲۴۱) اور ایرانی روایات کی رو سے ان کا نسب اساطیری بادشاہ ہوشنگ کے بھائی ویکرد

marfat.com
Marfat.com

تک پہنچتا ہے (Christesen : *Le premier homme et le peremier roi dans L' histoire Légendaire des iraniens*، ۱ : ۱۴۴، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۳، ۱۵۵، ۱۵۹) ۔ عربوں کی فتح کے بعد "دہقان" بدستور مقامی عملداری اور ذمیوں سے جزیے کی وصولی کے ذمے دار رہے؛ ان میں سے بیشتر مشرف بہ اسلام ہوگئے اور ان کی زمینیں زیادہ تر انھیں کے پاس رہیں (فان کریمر Van Kremer : *Culturgeschichte*، ۲ : ۱۶۰) ۔ ماوراء النہر میں جہاں عربوں کے حملے سے کچھ ہی پہلے "دہقانوں" کا اثر و نفوذ اس سے کہیں زیادہ تھا، جتنا کہ ایران میں، اس لیے کہ ان کے اختیارات ابھی بادشاہت اور زرتشتی موبدوں کی وجہ سے محدود نہیں ہوے تھے، مقامی حکمران اور زمیندار دونوں کے لیے "دھقان" کی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی (بارٹولڈ : *Turkestan*، ۱۸۰-۱۸۱؛ اور دیکھیے نرشخی : تاریخ بخارا، طبع مدرس رضوی، ۷، ۲۷) ۔ طاہریہ اور سامانیہ کا اقتدار بھی زیادہ تر اس لیے قائم ہوا کہ ان کا اور دھقانوں کا مفاد باہم مشترک تھا؛ باایں ہمہ سامانی عہد کے اختتام کے قریب "دہقان" غیر مطمئن ہو چکے تھے اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ بغداد کے ہارون بن موسی ایلک خان کے ہاتھوں سامانی خاندان کے بالآخر زوال کی ذمے داری جزوًا ان پر بھی عائد ہوتی ہے (بارٹولڈ، ۲۵۷، ۳۰۷) ۔ پانچویں/گیارھویں صدی میں جب نظام "اقطاع" ہر طرف پھیل گیا اور زمینداروں کے طبقوں کا زور گھٹنے لگا تو "دہقانوں" کی حیثیت اور اثر و نفوذ بھی کم ہوتا چلا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ اس نام کا وقار بھی جاتا رہا حتی کہ پانچویں/گیارھویں صدی میں اس کے معنی کاشتکار کے ہوگئے جیسا کہ ناصر خسرو (دیوان، تہران ۱۳۰۴-۱۳۰۷ ہجری شمسی، ۵۵۷) اور کاؤس بن اسکندر (قابوس نامہ، G.M.S.، ۱۳۸) نے اسے استعمال کیا ہے ۔ برعکس اس کے، سلطنت کے مشرق حصے میں سلجوقیوں کے ماتحت "دہقانوں" کا درجہ بطور گاؤں کے چودھری یا زمیندار کے بدستور قائم رہا ۔ یہ اصطلاح ان معنوں میں اس دستاویز میں بھی ملتی ہے جو سنجر کے دیوان نے شائع کی (عتبۃ الکتبۃ، طبع عباس اقبال، تہران ۱۹۵۰ء، ۵۳، ۵۵) علی ہذا خوارزم کے ایک معمار کو حاصل ہونے والی سند میں بھی جس کا زمانہ چھٹی صدی کا آخری نصف ہے، اس کا یہی مفہوم ملے گا ۔ (بہاء الدین محمد مؤید بغدادی : الترسل الی الترسل، طبع بہمن یار، تہران ۱۳۱۵ ہجری شمسی، ۱۱۳، ۱۱۴) ۔ نجم الدین رازی نے بھی اسی طرح "دہقان" کی اصطلاح "مالک زمین" کے معنوں میں استعمال کی ہے (مرصاد العباد، ۱۳۱۲ھ شمسی، ۲۹۴ ببعد) ۔ نصیر الدین طوسی (اخلاق ناصری، لاہور طبع سنگی، ۱۸۰-۱۸۱) اور جلال الدین دوانی (اخلاق جلالی، طبع سنگی، ۲۷۸)، کے نزدیک البتہ "دہقان" کا مفہوم کسان ہی ہے، جدید فارسی میں بھی اس کے یہی معنی ہیں ۔ ترکستان میں کاشتکاروں کو دہقان ہی کہتے ہیں (*RMM*، جلد ۱۳، ۱۹۱۱ء، ص ۵۶۸) .

**مآخذ** : (۱) فردوسی : شاہنامہ (طبع Mohl)، جلد ۸ ببعد)؛ (۲) M.C. Inostrančev : *Sasanidskie Etiudi*؛ (۳) Quatremère، *JA*، ۲ سلسلہ، ۱۶ : ۵۳۲؛ (۴) P. Horn: *Gr. I. Ph.*، ۱ : ۲، ۱۷۸؛ (۵) نولدکہ : *Gesch. der Perser*، ۴۴۰؛ (۶) Max van Berchem : *Propriété territoriale*، ۲۵؛ (۷) A. V. Kremer : *Culturgeschichtl Streifzüge*، ۱۴؛ (۸) Wellhausen : *Das arabische reich und sein Sturz*، برلن ۱۹۰۲ء؛ (۹) بارٹولڈ: *Die Rolle der Gebiete des kaspischen Meeres in der Geschichte des muslimanischen Welt*، باکو ۱۹۲۴ء، ص ۲۱؛ (۱۰) K. H. Menges : *Drei Ozbekische Texte*، در *Isl.*، ۲۱ : ۱۲۹؛ (۱۱) F.Lokkegaard: *Islamic taxation in the classic period*، کوپن ہیگن ۱۹۵۰ء؛ (۱۲) D. C. Dennett : *Conversion and the poll tax in early Islam*، ہارورڈ ۱۹۵۰ء، ص ۲۲ تا ۲۳، ۲۹ تا ۳۰، ۳۲ تا ۳۳؛ (۱۳) F.W. Cleaves : *Daruya*

Marfat.com

Harvard journal of Asiatic Studies در ،and Gerege Land- : A. K. S. Lambton (۱۳)؛ ۱۹۵۳ء، ص ۲۳۷ ،lord and Peasant in Persia (آوکسفرڈ) .

(ANN K. S. LAMBTON)

* **دہلک** (جزائر) : بحیرۂ احمر کے مغربی ساحل کے قریب مُصَوَّع (Eritrea) کے بالمقابل واقع جزیروں کا ایک مجموعہ، جن کا مرکز تقریباً ۴۰ درجے ۱۰ دقیقے مشرق اور ۴۵ درجے ۵ دقیقے شمال میں ہے، تقریباً ان ۱۲۵ جزیروں میں سے، جن میں چھوٹے چھوٹے جزیرے، چٹانیں اور ٹاپو (reefs) شامل ہیں، دو سب سے بڑے جزیرے دَہْلَک الْکَبِیْر اور نُوْرَہ ہیں۔ ان کے علاوہ نوکرہ (Nokra) دوہول (Dohol)، ہَرَتْ (Harat) درکہ (Daraka) اور دِنْفارِخ (Dinifarikh) ہیں۔ یہ سب سپاٹ اور نشیبی ہیں، بحالیکہ ان کے ساحل بہت گہرے کٹے ہوے ہیں ان میں بارش کم ہونے کی وجہ سے نباتات کی قلت ہے۔ بعض جزائر میں معمولاً یا وقتی طور پر تگری (Tigre) زبان بولنے والے مسلمان آباد ہیں، جن کی مجموعی ت.اد پندرہ سو سے ڈھائی ہزار نفوس ہے، اور جو سَمْہَر کے ساحلی قبائلیوں سے قریبی مشابہت رکھتے ہیں۔ یہ لوگ حبشی الاصل ہیں جس میں عربوں، دناقلہ صومالیوں اور سوڈانیوں کی آمیزش ہے .

**مآخذ:** (۱) C. Conti Rossini : Storia d' Etiopia، میلان ۱۹۲۸ء، ج ۱؛ (۲) Issel : Viaggio nel mar Rosso، میلان ۱۸۸۹ء؛ (۳) R. Basset : Les Inscriptions de l'iple de Dahlak، در J.A.، پیرس ۱۸۹۳ء؛ (۴) A. Pollera : Le Popolazioni indigene dell' Eritrea، بولوگنا ۱۹۳۵ء؛ (۵) G. Wiet : Roitelets de Dahlok، در BIE، ۱۹۵۲ء، ص ۸۹ تا ۹۵ - [نیز دیکھیے EI لائڈن بار دوم - بذیل مقالہ]

(S.H. LONGRIGG [تلخیص از ادارہ])

* **الدہلوی، نورالحق** : رک بہ نورالحق الدہلوی.

* **دہلی** : (۱) تاریخ : دہلی کا شہر دریاے جمنا [رک بآں] کے مغربی کنارے پر واقع ہے اور آج کل ۲۸ درجے ۳۰ ثانیے اور ۲۸ درجے ۳۳ ثانیے طول بلد شمالی اور ۷۷ درجے ۵ ثانیے اور ۷۷ درجے ۱۵ ثانیے عرض بلد مشرق کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ یہ ۶۰۸ھ/ ۱۲۱۱ء سے ہندوستان کے اولین مسلمان فرمانرواؤں کا دارالحکومت تھا اور چند مستثنیات (مثلاً دولت آباد، آگرہ اور لاہور [رک بآں] (جنھیں گاھے بگاھے بعض حکمرانوں نے اپنا مرکز بنانا پسند کیا) سے قطع نظر، ۶۰۸ھ/۱۲۱۱ء سے ۱۸۵۸ء میں بہادر شاہ ظفر کی معزولی تک شمالی ہندوستان کے شاہی خانوادوں کا پاے تخت رہا؛ ۱۹۱۱ء میں یہ برطانوی ہند کا دارالسلطنت قرار پایا اور ۱۹۴۷ء کے بعد سے آزاد بھارت کا دارالحکومت ہے .

اس نام کو رومن حروف میں عام طور پر Delhi لکھتے ہیں، جو مسلمانوں کے ہاں قدیم سے مستعمل شکل "دہلی" پر مبنی ہے؛ اردو، ہندی (یقیناً ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کی تصنیف پرتھی راج راسا کے زمانے سے یقینی طور پر) اور پنجابی میں اس کا عام تلفظ "دِلّی" ہے۔ اس کا اشتقاق مبہم ہے، بعض مشہور و مقبول اشتقاقات کے لیے دیکھیے A. Cunningham، در ASI، ۱ : ۱۳۷ ببعد .

"دہلی کے سات شہروں" کا ذکر عوامی روایات میں اکثر ملتا ہے، لیکن دہلی کے علاقے میں مراکز حکومت کی تعداد فی الحقیقت اس سے تقریباً دو چند رہی ہے۔ سطور ذیل میں ان کا حال حتّی الوسع تاریخی تسلسل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے .

قدیم ترین بستی اِنْدرپت (سنسکرت: اِنْدر پرستھ) ایک ٹیلے پر تھی، جہاں اب پرانا قلعہ واقع ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ قلعہ دیو مالائی دور میں پانڈووں نے تعمیر کیا تھا۔ یقیناً یہ ایک بہت قدیم عمارت ہے، کیونکہ یہاں سے خاکستری رنگ کے روغنی اور شمالی علاقے سے مخصوص سیاہ جلا دار ظروف کے ٹکڑوں

marfat.com
Marfat.com

کے علاوہ، جو پانچویں صدی قبل مسیح کی ساخت کا نمونہ ہیں، پہلی اور دوسری صدی عیسوی کے کشان عہد کے ظروف کے ٹھیکرے بھی دستیاب ہوے ہیں (دیکھیے *Ancient India*، ۱۰-۱۱ (۱۹۵۵ء) : ۱۴۰، ۱۴۴) - بعد ازاں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آگے چل کر دہلی کے علاقے کو تقریباً ترک کر دیا گیا تھا، کیونکہ اس کے بعد جو بستی ظہور میں آئی اس کا تعلق نویں یا دسویں صدی عیسوی سے ہے - یہ تُمار خاندان کا وہ شہر تھا جسے اب سورج کنڈ کہتے ہیں اور جہاں ابھی تک پختہ چنائی کا ایک بڑا تالاب اور مٹی کا دُھس موجود ہیں - چوہان راجپوتوں نے جو شہر بسایا، اس کی باقیات نسبةً زیادہ وسیع ہیں؛ اس کی آبادی کی تاریخ غالباً دسویں صدی عیسوی ہے اور وہ مسلمانوں کی فتح سے ذرا پہلے موجود تھا - اس علاقے کے جنوب مغرب میں، ایک چھوٹی سی پہاڑی پر اننگ پال نے ۱۰۵۲ء کے لگ بھگ ایک قلعہ "لال کوٹ" تعمیر کرایا تھا اور پرتھوی راج نے ۵۷۶ھ/۱۱۸۰ء کے قریب مسلمان حملہ آوروں کے خلاف اپنی مدافعت کے لیے بستی کے گرد ایک اور بیرونی فصیل تیار کرا دی تھی (Cunningham، در *ASI*، ۱ : ۱۸۳) - فتح کے بعد قطب الدین ایبک نے ۵۸۸ھ/۱۱۹۲ء میں مسجد "قوت الاسلام" تعمیر کرائی اور بعد ازاں اس کے متصل اس مینار کی تعمیر شروع کی جو نہ صرف مسجد کا "مأذنہ" تھا بلکہ اس کی فتح کی یادگار بھی تھا - ان عمارات اور ان میں شمس الدین اِلتتمش اور علاء الدین خلجی کے حکم سے کی جانے والی توسیعات، نیز اس علاقے کی، جو "قطب" کے نام سے مشہور ہے، دیگر عمارات کے لیے دیکھیے نیچے، بعنوان "یادگار عمارتیں"- ہندوؤں کی قدیم فصیل کی توسیع اور اسے باقاعدہ طور پر از سرنو مستحکم کرنے کا کام یہاں کے ابتدائی مسلمان صوبیداروں اور بادشاہوں کے ہاتھوں انجام پایا اور یوں دہلی کا پہلا مسلم شہر وجود میں آیا، جو اپنے سابقہ حکمران کی نسبت سے قلعۂ رائے پتھورا کے نام سے موسوم ہوا - آثار قدیمہ سے ملنے والی شہادتوں کے بارے میں بحث کے لیے دیکھیے J. D. Beglar، در *ASI*، ۴ (۱۹۷۴ء) : ۲ ببعد.

قلعۂ رائے پتھورا ہی سلاطین دہلی کی مستقل اقامت گاہ رہا، یہاں تک کہ ۶۸۸ھ/۱۲۸۹ء کے قریب معزالدّین کیقباد نے کیلوکھڑی کے مقام پر جو اس وقت جمنا کے کنارے تھا، اپنا محل بنوایا (تاریخ فرشتہ، مترجمۂ Briggs، ۱ : ۲۷۴) - ۶۸۹ھ/۱۲۹۰ء میں جلال الدّین فیروز خلجی نے اس پر قابض ہو کر اس کی تکمیل کی اور اس کے مضافات کو وسعت دی - اب یہ مقام پورے طور پر ویران ہو چکا ہے - معلوم ہوتا ہے جلال الدّین کے وقت میں بھی پرانا شہر نسبةً زیادہ قدر و منزلت کا حامل تھا، چنانچہ جونہیں اسے سیاسی طور پر ممکن نظر آیا، اس نے اپنا دربار وہاں منتقل کردیا - سلطان علاء الدّین خلجی نے اس میں بہت کچھ ترمیم کی اور ترقی دی - لال کوٹ کے مغربی دروازے (رانجیت دروازہ) کی تعمیر اسی میں شامل ہے - (امیر خسرو، ترجمہ در Elliott و Dowson، ۳ : ۵۶۱) - اس نے قلعۂ لال کوٹ کی توسیع کا بھی آغاز کیا (دیکھیے Beglar، محل مذکور)- حملہ آور منگولوں سے بچاؤ کے لیے اس نے پہلے شمال میں سِری (یا سِیْری) کے میدان میں ایک فوجی مستقر قائم کیا - بعد ازاں خندقوں سے اس کا احاطہ کر لیا اور بالآخر ۷۰۳ھ/۱۳۰۳ء کے قریب اس کے گرد فصیل بنا دی - سیری کے اصل محل وقوع پر اعتراض کیے گئے ہیں (مثلاً کیمبل C. J. Campbell : *Notes on the history and topography of the ancient cities of Delhi*، در *JASB*، ۳۵ (۱۸۶۶ء) : ۲۰۶ تا ۲۱۴)؛ لیکن ابن بطوطہ (۳ : ۱۴۶، ۱۵۵) اور تیمور (ملفوظات تیموری، ترجمہ در Elliott اور Dowson، ۳ : ۴۴۷) نے اس کا جو حال قلمبند کیا ہے، اس کے پیش نظر، نیز یہاں کے آثار او

Marfat.com

زمین پر دفاعی مورچوں کے نشانات کی مدد سے کننگھم Cunningham (در *ASI*، ۱ : ۲۰۷ ببعد) نے کیمبل Campbell کے نظریات کی مدلل طور پر تردید کر دی ہے ۔ سیری کی قدیم فصیلوں کے اندر جو کچھ باقی رہ گیا ہے، وہ نسبۃً زمانۂ حال کا گاؤں شاہ پور ہے ۔

اگرچہ ہم اسے مشکل ہی سے "دہلی کا شہر" قرار دے سکتے ہیں تاہم یہاں کی عمارتیں دہلی کی تاریخ میں ایک اہم مقام کی حامل رہی ہیں ۔ ہماری مراد اس مجموعۂ عمارات سے ہے جس کی قدیم ترین عمارتیں خلجی عہد سے تعلق رکھتی ہیں اور جو سلسلۂ چشتیہ کے مشہور ولی اللہ حضرت نظام الدّین اولیاءؒ کے مقبرے کے گرد پھیلی ہوئی ہیں ۔ ان سب سے مل کر ایسی شکل پیدا ہو گئی ہے جسے Piggott نے "بد زیب مگر دلچسپ گورکھ دھندے" سے تعبیر کیا ہے ۔ سرکاری طور پر اب یہ "[بستی] نظام الدین" کہلاتی ہے (ان عمارات کے نقشے اور حالات کے لیے دیکھیے نیچے بعنوان "یادگار عمارتیں") .

سلاطین دہلی کے دور کی اکثر عظیم الشان عمارتوں کے منصوبے خاندان تغلق کے عہد میں تیار ہوے، جو خلجیوں کے بعد برسر اقتدار آیا تھا ۔ اولاً غیاث الدّین تغلق نے ناصر الدّین [خسرو شاہ] کو، جو ہندو دھرم چھوڑ کر مسلمان ہو گیا تھا، ۷۲۰ھ/ ۱۳۲۰ء میں شکست دینے کے فوراً بعد قلعۂ رائے پتھورا سے تقریباً آٹھ کیلومیٹر مشرق میں اپنا دارالحکومت تغلق آباد بنانے کے لیے جگہ منتخب کی ۔ اس شہر کی قدیم شہر پناہ کے آثار سے پتا چلتا ہے کہ یہ قریب قریب شش پہلو تھی؛ اس بیرونی فصیل کے اندر شاہی محلات کا رقبہ برج و بارہ سے مستحکم تھا اور اس سے بھی زیادہ مستحکم بالا حصار کو بنایا گیا تھا ۔ شہری رقبے میں ایک مسجد کے آثار باقی ہیں، نیز شہر کے بازاروں، گلی کوچوں اور ان کے مکانات کے نشانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خوب گنجان آباد تھا ۔ یہ آثار باقیہ *Ancient India* (ج ۱) کی ایک عکسی تصویر (لوحہ ۹) میں دیکھے جا سکتے ہیں، جو فضا سے لی گئی تھی ۔ شہر کے جنوب میں پہلے ایک مصنوعی جھیل تھی، جس میں غیاث الدّین کا مقبرہ اب تک موجود ہے ۔ قلعے سے مقبرے تک ایک مورچہ بند راستہ محرابوں کے اوپر بنایا گیا تھا اور ان محرابوں میں بھی دفاعی استحکامات موجود تھے ۔ تغلق آباد سے جنوب مشرق میں ایک سنگ بستہ راستہ عادل آباد کے ذیلی قلعے کو تغلق آباد سے ملاتا ہے؛ یہ راستہ دراصل جھیل کا پانی روکنے کے لیے بند کا کام دیتا تھا ۔ عادل آباد، غیاث الدین کے بیٹے محمد بن تغلق نے ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء کے لگ بھگ تعمیر کرایا تھا، لیکن جب اس نے اپنا دارالحکومت دولت آباد [رکّ باں] میں منتقل کیا (۷۲۹ھ/۱۳۲۹ء) تو تغلق آباد کے ساتھ اسے بھی ترک کر دیا (ان مقامات کے لیے دیکھیے Hilary Waddington : ***Ādilābād : a part of*** ***the "fourth" Delhi***، در ***Ancient India***، ۱ : ۶۰ تا ۷۶، مع عکسی تصاویر اور پیمائش کے نقشوں کے) ۔ جب تغلق آباد تعمیر ہو رہا تھا تو مشرق میں ایک چھوٹے سے قلعے کو، جسے "حجّام" یا "دھوبی" کا قلعہ کہتے تھے اور جو اصل میں ممکن ہے کہ کوئی مدرسہ یا درگاہ ہو، مورچہ بند کر دیا گیا تھا اور قیاساً وہ ان دنوں غیاث الدّین کی اقامت گاہ کے طور پر استعمال ہوا.

تقریباً عادل آباد کی تعمیر کے زمانے ہی میں محمد بن تغلق نے جملہ مضافات شہر کے گرد، جو قلعہ رائے پتھورا اور سیری کے درمیان نمودار ہو گئے تھے، فصیل بنانے کا ایک عظیم منصوبہ تیار کیا تھا ۔ اس سے ایک اور شہر وجود میں آیا، جو "جہاں پناہ" کے نام سے موسوم ہوا ۔ اس فصیل کی دیواریں کوئی بارہ میٹر چوڑی تھیں، جو اب بالکل گر چکی ہیں اور ان کے صحیح محل وقوع کا سراغ لگانا آسان نہیں رہا ۔ موضع کھڑکی کے قریب فصیل میں جو نہری پھاٹک

marfat.com
Marfat.com

(ست پُلا) بنایا گیا تھا اس کے لیے دیکھیے سطور آئندہ، بذیل "یادگار عمارتیں".

ایک اور شہر فیروز آباد کی تعمیر محمد تغلق کے جانشین فیروز تغلق کی مرہون منت ہے ۔ یہ شہر اندراپت سے کوشک شکار تک پھیلا ہوا تھا ۔ "کوشک شکار" زمانۂ مابعد کے شہر شاھجہان آباد سے تین کیلومیٹر شمال مغرب میں واقع تھی اور اب بڑی حد تک شاھجہان آباد ھی کے اندر آ چکی ہے ۔ فیروز آباد کی عمارات کو بعد کے حکمرانوں، خصوصاً شیر شاہ سوری اور شاھجہان نے [نئی عمارتیں بنانے کے لیے] توڑ پھوڑ دیا تھا اور اب فقط اس کا بالا حصار باقی ہے، جسے کوٹلہ فیروز شاہ کہتے ھیں ۔ اس کی فصیلوں کو توڑ کر انھیں دفاعی روزنوں تک نیچا کر دیا گیا ۔ ان کے اندر اب محل کی عمارات، ایک خوبصورت مسجد کے آثار اور ایک عجیب سا مخروطی چبوترہ نظر آتا ہے، جو اشوک کی اس لاٹھ کی کرسی کا کام دیتا تھا جسے انبالے کے قریب سے یہاں لایا گیا تھا۔ قدم شریف کی الگ تھلگ عمارت اور اس کے قریب عیدگاہ دیکھ کر اندازہ ھوتا ہے کہ شہر کی مغربی حد زمانۂ مابعد کے شاھجہان آباد سے آگے نہیں گئی تھی ۔ دہلی کے اردگرد دور دور تک فیروز شاہ کی بنائی ہوئی عمارات سے معلوم ھوتا ہے کہ اس کے زمانے تک مضافات شہر بخوبی آباد تھے۔ اس کی مزید شہادت جہاں پناہ میں دو بڑی مسجدوں، نظام الدّین میں ایک بڑی مسجد اور شمالی مضافات اور وزیر آباد میں متعدد چھوٹی چھوٹی مسجدوں سے ملتی ہے ۔ علاوہ ازیں کچھ تعمیرات علاء الدّین کے تعمیر کردہ تالاب "حوض علائی" (جسے بعد میں اسے "حوض خاص" کہنے لگے) کے گرد بھی وجود میں آئیں۔ یہاں فیروز تغلق نے ایک بڑا مدرسہ قائم کیا اور اپنا مقبرہ بنوایا .

تیمور کی تباہ کاری کی وجہ سے دہلی کا عظیم شہر کچھ زمانے تک گہن میں رہا، اگرچہ سیّد خاندان کے حاکم خضر خان نے اپنا دربار خضر آباد میں اور مبارک شاہ نے مبارک آباد میں قائم کیا (یہ دونوں مقامات دریاے جمنا کے کنارے واقع تھے) اور بعدازاں سلطان مبارک شاہ نے اپنا مقبرہ مبارک پور (یا مبارک شاہ کوٹلہ) کے قلعہ‌بند گاؤں میں بنایا، لیکن سیّدوں اور ان کے جانشین لودیوں نے دہلی میں مزید شہر نہیں بسائے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ لودی اپنا پاے تخت آگرے لے گئے اور دہلی ایک وسیع گورستان سے کچھ ھی بہتر رہ گیا، اس لیے کہ سیری اور فیروز آباد کے درمیان کا میدان اس عہد کے مقبروں سے پٹا پڑا تھا ۔ اس سلسلے میں یہ علاقے بالخصوص قابل ذکر ھیں : نظام الدّین سے دو کیلومیٹر مغرب میں خیر پور کا میدان؛ مبارک پور سے ایک کیلومیٹر مغرب میں ایک علاقہ "تین برج" اور حوض خاص کو جانے والی سڑک کے کنارے کا علاقہ "کھریرا"۔ موضع مہرولی کی جنوبی سمت اِلتتمش کے تعمیر کردہ تالاب حوض شمسی کے علاقے میں بھی کچھ عمارتیں تھیں .

دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں مغل [رک بآں] برصغیر میں داخل ھوگئے ۔ ھمایوں دہلی میں مقیم ھو گیا اور اس نے ۹۴۰ھ/ ۱۵۳۳ء میں اندراپت کے پرانے ٹیلے پر قلعۂ دین پناہ کی تعمیر شروع کی، لیکن [جلد ھی] شیر شاہ سوری نے اسے تاج و تخت سے محروم کر دیا اور زمام حکومت سنبھالنے کے بعد اس عمارت کو ایک نئے شہر کے قلعے کے طور پر پایۂ تکمیل کو پہنچایا؛ مگر اس شہر کا کوئی خاص نام مذکور نہیں اور اب اس کے آثار بھی باقی نہیں رہے، بجز شمالی دروازے کے، جو فیروز شاہ کوٹلہ کے قریب ہے اور جنوبی دروازے کے جو قلعے (=دین پناہ) کے بالمقابل رہ گیا ہے ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ شیر شاھی شہر کا بیشتر پتھر آگے چل کر شاھجہان آباد کی تعمیر میں استعمال کیا گیا تھا۔ شیر شاہ کے

Marfat.com

بیٹے اور جانشین اسلام شاہ نے، جو سلیم شاہ کے نام سے معروف ہے، ۹۵۷ھ/ ۱۵۵۰ء کے قریب ہمایوں کی مراجعت کا سدّباب کرنے کی غرض سے دریاے جمنا کے کنارے ایک چھوٹا سا قلعہ سلیم گڑھ شہر کے بیرونی مورچے کے طور پر تعمیر کرایا تھا۔ ہمایوں کی مراجعت پانچ برس بعد ہوئی، مگر [اس کے مختصر سے دوسرے عہد حکومت میں] دہلی کی عمارتوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوا اور بعد کے دو مغل حکمرانوں نے آگرے اور لاہور میں قیام کرنا پسند کیا، تاہم دہلی کی بعض عمارات ان کے عہد کی تعمیر کردہ ہیں، خصوصاً جو عمارتیں ہمایوں کے مقبرے کے گرد تعمیر کی گئیں (دیکھیے ایس۔اے۔اے۔ نقوی: *Humāyūn's tomb and adjacent buildings*، دہلی ۱۹۴۷ء) شاہ جہان نے بھی گیارہ برس آگرے رہ کر بادشاہی کی، لیکن وہاں کی زحمتیں دیکھ کر وہ دہلی منتقل ہو گیا (عمل صالح، ورق ۵۷۵ تا ۵۷۶؛ Manucci: *Storia de Mogor*، ۱ : ۱۸۳) اور وہاں اس نے ہمعصر مؤرخین، نیز خوابگاہ کے کتبے کی رو سے ۱۲ ذوالحجہ ۱۰۴۸ھ/ ۱۶ اپریل ۱۶۳۹ء کو، لیکن بروے مآثر الامراء، (۳ : ۴۶۴) اور بقول سید احمد خان ۹ محرم ۱۰۴۹ھ/ ۱۲ مئی ۱۶۳۹ء کو ایک نئے قلعے کی بنیاد رکھی، جسے لال قلعہ کہتے ہیں۔ یہ اس کے نئے شہر شاہجہان آباد کا بالا حصار تھا اور نو برس میں مکمل ہوا۔ شہر کے گرد فصیل بنانے کا کام ساتھ ساتھ شروع ہوا۔ اور اس کے اندر شاہجہان اور اس کے جانشینوں کے عہد حکومت میں بہت سی نئی عمارات نے شہر کی زینت بڑھائی (ان میں ممتاز ترین جامع مسجد ہے، جس کی تعمیر قلعے کی تکمیل کے دو برس بعد شروع ہوئی)، مگر انھوں نے کسی اور شہر کا اضافہ نہیں کیا اور شاہجہان آباد بدستور مغل حکمرانوں کا دارالحکومت بنا رہا (بجز اورنگ زیب کے، جس نے اپنا بیشتر وقت دکن میں بسر کیا اور

اورنگ آباد [رک بآں] میں انتقال کیا)؛ تاہم مضافات میں تعمیرات بدستور ہوتی رہیں، مثلاً ہمایوں کے مقبرے سے ملحقہ عمارات، درگاہ نظام الدینؒ اور درگاہ روشن چراغ دہلی قدیم جہاں پناہ میں، اور درگاہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ مہرولی میں؛ مؤخر الذکر عمارتیں مغل حکمرانوں کے قبرستان کے طور پر کام آتی رہیں۔ علاوہ ازیں مہرولی میں ایک چھوٹا سا گرمائی محل ہے، جسے آخری مغل بادشاہ استعمال کرتے تھے۔

۱۸۵۸ء میں خاندان مغلیہ کے خاتمے کے ساتھ انگریزوں نے غدر کے دوران میں اور بعد میں بہت سی یادگار عمارات کو تباہ کر ڈالا اور دارالحکومت کلکتے میں منتقل کر دیا تو شہر دہلی کی اہمیت کم ہو گئی اور وہ مقامی فوج کی ایک چھوٹی سی چھاؤنی ہو کے رہ گیا۔ انگریزوں نے اس شہر کو شاہجہان آباد کے شمال میں وسعت دی، جہاں سول لائنز بنائی گئی۔ اسی جگہ ۱۹۱۱ء میں (ہندوستان کا) دارالحکومت منتقل ہوا اور نئے شہر کی تعمیر شروع ہوئی، جسے ابتدا میں راے سینا کہتے تھے اور بعد میں نئی دہلی کہنے لگے۔ بعد ازاں شاہجہان آباد کے مغربی جانب توسیع ہوئی، یعنی سبزی منڈی، قرول باغ اور صدر بازار کے علاقے میں؛ خیر پور کے جنوب میں اور مہرولی کی سڑک پر؛ نیز چھاؤنی کے گرد، گڑگاؤں کی شاہراہ اور پالم کے نئے ہوائی مستقر کے نواح میں۔

مذکورۂ بالا بیانات میں ناموں کی جن الجھنوں کو ہم نے نظر انداز کر دیا ان کا ذکر کر دینا ضروری ہے۔ لال کوٹ اور قلعہ راے پتھورا کو تیمور کے زمانے تک "پرانی دہلی" کہتے تھے اور یہی نام برطانوی عہد کے اوائل میں باقاعدہ استعمال ہوتا تھا؛ مگر جب سے "نئی دہلی" بنی ہے "پرانی دہلی" کے نام کا اطلاق اکثر غلطی سے شاہجہان آباد پر کر دیتے ہیں۔ شاہجہان کے نئے قلعے، یعنی لال قلعے کی تعمیر کے بعد ہمایوں اور شیر شاہ کے قدیم تر قلعے

marfat.com
Marfat.com

کو برابر "پرانا قلعہ" یا "قلعۂ کہنہ" کے نام سے یاد کیا جاتا رہا۔

یادگار عمارتیں: دہلی کی عمارات برصغیر میں مستقل اسلامی حکومت کی قدیم ترین یادگاروں کو پیش کرتی ہیں۔ اسی جگہ سب سے اول ہندوستانی مسلمانوں سے مخصوص اسالیب تعمیر نے نشوونما پائی، جن کا اثر و نفوذ خود دہلی سے باہر دور دراز تک پھیلا۔ اس اعتبار سے یہاں جو کچھ بیان کیا گیا ہے، وہ فقط بڑی بڑی عمارتوں کی سادہ اور مجمل سی کیفیت تک محدود ہے، البتہ انہیں زمانی ترتیب سے لکھا گیا ہے اور مختلف زمانوں کی عمارتوں کی ممتاز خصوصیات کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔ لوحوں اور تفصیلی نقشوں کے ساتھ ان اسالیب پر بحث کے لیے رک بہ فن، تعمیر: ہند۔

دوسرے مقامات [رک بہ اجمیر؛ بیجاپور؛ دولت‌آباد؛ دھار؛ جون پور؛ گوڑ؛ گجرات؛ مانڈو؛ تریبنی] کی طرح دہلی کی اسلامی تعمیرات کے اولیں دور میں بھی ہندوؤں کے مندروں سے حاصل کیے ہوے تعمیری مسالے سے کام لیا گیا۔ اس کی شہادت ہندوستان کی سب سے پہلی مسجد، یعنی قلعۂ راے پتھورا میں قطب الدین ایبک کی تعمیر کردہ مسجد قوت الاسلام سے ملتی ہے، جس کا قدیم ترین کتبہ ۵۸۷ھ/۱۱۹۱-۱۱۹۲ء کا ہے۔ اس مسجد کا وسطی دالان (۶۵ء۳ × ۴۵ء۴ میٹر) ایک مندر کی کرسی (۳۷ء۸ × ۴۵ء۴ میٹر) پر تعمیر کیا گیا ہے، جس میں ستونوں پر تین کمانچے مشرق میں ہیں اور دو شمالی اور جنوبی جانب۔ مغربی "لیوان" (=دالان) کی چوڑائی چار گھہ کی ہے۔ اصل میں یہاں محرابِ قبلہ کے گوشوں کے آگے جو جگہ چھوٹی ہوئی تھی، اس پر پانچ گنبد تھے اور دالان کی چھت شمالی سرے پر اونچی کر دی گئی تھی تاکہ اس حصے میں زنانہ شاہ نشین بن سکے۔ "لیوان" اور کھلے صحن کے درمیان ۵۹۵ھ/۱۱۹۹ء میں ایک بلند محرابی پردے کا اضافہ ہوا تھا، لیکن اس کی محرابیں عقبی دالان کے ستونوں کے فصل اور محرابوں سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ دالان کی محرابوں کے تقریباً ستائیس ستون ہندو اور جینی مندروں سے لیے گئے اور مطلوبہ ارتفاع تک لانے کے لیے جہاں تہاں لگا دیے گئے تھے تاکہ مسجد کی چھت ان پر ڈالی جائے؛ اکثر ستون پر ستون جما دیا ہے۔ چھت بھی اسی قبیل کے مندروں کی سنگی پٹیوں سے بنی ہے؛ ان پر تراشی ہوئی مورتیوں کی صورتیں مسخ کر دی گئیں اور ان پر روا روی میں چونے کی تہہ چڑھا دی اور کہیں کہیں ان کا رخ اندر کی جانب اوندھا کر دیا گیا۔ صحن میں کھلنے والی محرابیں چوٹی پر بل دے کر بنائی اور ان سے مورتیاں نکالی گئی ہیں۔ ان کی موٹائی کوئی ۲ء۵ میٹر ہے، وسطی محراب ۱۳ء۷ میٹر بلند ہے اور کمان کی چوڑائی ۶ء۷ میٹر ہے۔ اس مقصورے کی کل سطح پر نقش و نگار تراشے ہیں، جن میں ہندوانہ پھول پتی اور عربی نقوش اور نسخ خط کی عمودی سطور کندہ ہیں۔ صحن میں ایک بے زنگ، ڈھلے ہوے لوہے کا ستون استادہ ہے، جو عہد گپتا (چوتھی صدی عیسوی) کے ایک وشنو مندر سے لایا گیا اور بلاشبہہ عمارت بنانے والوں نے اسے وہاں نہ صرف ایک نادر قدیم شے کے طور پر بلکہ بت پرستوں پر اپنی فتح کا نشان بنا کے گاڑا ہے۔ جب مسجد قطب الدّین پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی تو اس کے جنوب مشرق کونے میں قطب مینار بننا شروع ہوا، جس کا حال آگے آتا ہے۔

قطب الدّین کے جانشین شمس الدّین اِلتتمش کے عہد حکومت میں تعمیرات میں اضافہ ہوا اور یہ فقط دہلی تک محدود نہ تھا۔ اس نے مسجد دہلی میں ستونوں کے سلسلے اور بڑے "مقصورے" والی دیوار میں توسیعیں دے کر ان میں مزید حسن تناسب اور

Marfat.com

عظمت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ جہاں تک نئی محرابوں، کمانچوں اور مقصورے کی محرابوں کا تعلق ہے، انھیں ایسے متناسب انداز میں بنایا گیا کہ پوری عمارت ایک متوافق و ہم آہنگ نقشے سے بنائی ہوئی معلوم ہو۔ نئے صحن میں مینار شامل تھا، جس میں اس نے اضافے بھی کیے اور اس کے داخلوں کو سابقہ مسجد کے بالمقابل اور جوڑ کا ترتیب دیا۔ نئے ستونوں کی قطار مقابلۃً سادہ ستونوں پر مشتمل ہے اور دیوار مقصورہ کی تزئین کی کوفی خطّاطی اور طغرائی نقوش واضح طور پر بتاتے ہیں کہ وہ کسی ایسے صناع کی صنعت ہیں جو اپنے مسالے سے پہلے کاریگروں کے مقابلے میں کہیں زیادہ واقفیت رکھتا ہے۔ محرابیں ابھی تک مورنی والی ہیں، مگر قدیم تر مقصورے کی کمانوں سے تراش بدلی ہوئی ہے، یعنی راس پر دُہرا بل نہیں دیا گیا ہے۔ اس مسجد کی شمالی جانب اس نے جو توسیع کی تھی، اسی سے ملا ہوا مغرب میں مقبرۂ اِلتتمش (حدود ۶۳۲ھ/۱۲۳۵ء، بدون کتبۂ تاریخ) ہے؛ یہ ایک چوکور کمرہ ہے، جس پر ابتدا میں گول گنبد مورنی والی بڑی ڈاٹوں پر استوار تھا۔ تمام اندرونی سطح طغرائی گلکاریوں، ماہی پشت کی نقاشی اور نسخ و کوفی کتبوں سے (جو سب کے سب قرآنی ہیں) مزّین ہے۔ بیرونی حصہ پتھر کے تراشیدہ چوکوں کا بنا ہوا ہے، جس میں شمال، مشرق اور جنوب کی طرف سنگ خارا یا بُھربُھرے سنگ سرخ کے محرابی روشن دان ہیں؛ یہی سنگ سرخ اندرونی حصے میں بھی استعمال ہوا ہے، لیکن سمت قبلہ کی دیوار اور تعویذ قبر میں سنگ مرمر لگا ہوا ہے۔ اصل قبر نیچے تہہ خانے میں ہے۔ اِلتتمش نے قطب مینار میں تین مزید منزلوں کا اضافہ کرکے اس کی توسیع کی تھی، جس سے مجموعی بلندی ۷ء۶۹ میٹر ہو گئی (Cunningham : *ASI*، ۱ : ۱۹۵) اور یہ کام ۶۲۶ھ/۱۲۲۹ء کے لگ بھگ مکمل ہو گیا۔ ڈھلان کا زاویہ چوٹی سے تقریباً ساڑھے چار درجے ہو گیا ہے اور ہر منزل یا کھنڈ کو جھروکے ایک دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ یہ جھرو کے طاقچہ دار توڑوں پر ٹکے ہوئے ہیں۔ ہر منزل میں پخیں یا نالیاں تراشی ہیں اور اس طرح غالباً غزنہ کے اصلی نمونۂ مینار کی کثیرالاضلاع ساخت کو ترقی دی گئی، چنانچہ پہلی یعنی سب سے نیچے کی منزل میں باری باری سے نالی اور ترچھے کٹاؤ ہیں اور دوسری منزل ساری کی ساری نالی کی اور تیسری کمر کی یا ترچھے کٹاؤ کی ہے۔ بالائی منزلیں سادہ و صاف ہیں جو فیروز تغلق کی بنائی ہوئی ہیں (نیچے دیکھیے)۔ سب سے نیچے کی منزلوں میں سے ہر ایک خط نسخ کے عربی کتبوں سے مزّین ہے، جو چوڑے چوڑے پٹکوں کے اندر دائرہ بناتے چلے گئے ہیں۔ ان کتبات پر تاریخ زمانۂ تعمیر، معزالدّین محمد بن سام اور شمس الدّین کی تعریف اور آیات قرآنی درج ہیں)۔ غرض اس یادگار عمارت میں ہندوانہ اصل کی خصوصیات قریب قریب کُلیۃً مفقود ہیں۔ ہندوستان میں قبر پر یادگار عمارت یا مقبرۂ بنانے کی پہلی مثال اِلتتمش کے عہد حکومت میں نظر آتی ہے؛ یہ ملک پور میں اس کے بیٹے ناصرالدّین محمود کا مقبرہ (۶۲۹ھ/۱۲۳۱ء) ہے۔ یہ ایک ہشت پہلو حجرے میں کوئی دو میٹر اونچی کرسی پر استادہ ہے، جس کی چھت بڑھ کر بیرونی چار دیواری سے ملحق ہے۔ اس چار دیواری میں مورنی والی محرابیں تراشی ہیں اور مشرق و مغربی دیواروں پر ہندو ساخت کے ستونوں کے محرابی دالان ہیں۔ مغربی سمت کا دالان ایک چھوٹی سی مسجد ہے، جس میں وسطی کمانچہ اور محرابِ قبلہ بنا دی گئی ہے۔ بیرونی صدر دروازے پر کوفی حروف میں تاریخِ بنا کا کتبہ لگا ہے (خط کوفی میں غیر قرآنی کتبے یہاں کے علاوہ فقط مسجد قوت الاسلام اور اجمیر ہی میں دیکھے جاتے ہیں)۔ کونے کے برج فیروز تغلق کی اصلاح عمارات کا حصہ معلوم

marfat.com
Marfat.com

ہوتے ہیں (فتوحات فیروز شاہی، علیگڑھ ۱۹۴۳ء، ص ۱۶) - اس مقبرے کو مقامی طور پر "سلطان غازی" کہتے ہیں - بظاہر اس کی وجہ وہ گہرا سردابہ یا غار ہے جس میں ناصرالدّین مدفون ہے، لیکن یہ نام سید احمد خان (آثار الصنادید، دہلی ۱۸۴۸ء، ص ۲۰۶ تا ۲۰۸) سے پہلے مذکور نہیں (مفصل مطالعے کے لیے دیکھیے ایس-اے-اے - نقوی : سلطان غازی، دہلی، در *Ancient India*' ۳ (۱۹۴۷ء) : ۴ تا ۱۰ و لوحہ ۱ تا ۱۲).

بعد میں آنے والے بادشاہوں کے عہد میں علاءالدّین خلجی کے برسر حکومت آنے تک سلطان بلبن (۶۸۶ھ/ ۱۲۸۷ء) کے مقبرے کے سوا کوئی بڑی اور قابل ذکر عمارت تعمیر نہیں ہوئی - یہ مقبرہ قلعۂ رائے پتھورا کے جنوب مشرق میں ہے اور اِلتتمش کے مقبرے سے بھی بڑا ہے - اس میں صدر ایوان کے ساتھ بغلی کمرے ہیں اور ایوان میں پہلی مرتبہ صحیح معنی میں کیلی کی محراب کا استعمال نظر آتا ہے - اس سے نہ صرف تعمیر میں فنی ترقی کا پتا چلتا ہے بلکہ ہندو کاریگروں سے جو کام لیا جاتا تھا ان کی تعمیری روایت کے خلاف یہ فن تعمیر کی اسلامی روایت کے مستحکم ہو جانے کی نشاندہی کرتا ہے.

علاءالدّین خلجی کی قلعۂ لال کوٹ کی توسیعات اور سیری کی عمارات کا ذکر اوپر ہو چکا ہے - اس نے مسجد قوت الاسلام کے شمال اور مشرق میں توسیع کے ایک مہتم بالشان منصوبے کا آغاز کیا ؛ چند ستون اور شمالی مسقّف دروازے کی بنیادیں باقی رہ گئی ہیں ، جن سے اس کی اور "مقصورہ" کے بہت بڑے دالان کی دیوار کی وسعت کا پتا چلتا ہے، جسے سابقہ دالانوں کی دیواروں کی مجموعی لمبائی کے برابر لمبا اور دگنے پیمانے پر بنانا مقصود تھا - شمالی صحن میں ایک دیو ہیکل مینار کی پہلی نامکمل منزل کھڑی ہے ، جس کا قطر بنیاد پر قطب مینار کے قطر سے دُگنا ہے -

ان توسیعات کی سب سے زیادہ قابل ذکر خصوصیت جنوبی داخلہ، موسوم بہ علائی دروازہ، ہے، جو بے مثل تعمیری خوبی کا حامل ہے - اس مربع عمارت کے اوپر ، جس کی اندرونی پیمائش ۱۰.۵ میٹر اور دیواریں ۳.۴ میٹر موٹی ہیں ، ایک چپٹا گنبد بنا ہوا ہے - مشرق ، جنوب اور مغرب کی جانب نہایت رفیع محرابیں ہیں (سطح زمین سے چوٹی تک ۱۰.۷ میٹر) اور شمال میں ان سے چھوٹی ایک سہ گوشہ محراب ہے ، جس سے صحن کی مشرقی توسیع میں راستہ جاتا ہے - تین بڑی محرابیں اور ڈاٹیں ، جو گنبد کو اٹھائے ہوے ہیں ، نوکدار نعل کی وضع کی ہیں اور کیلی کا پتھر دے کے بنائی گئی ہیں - محرابوں کے اندرونی خموں پر نیزوں کے پھل کی مروجہ وضع کی جھالر ہے - اسی قسم کا اسلوب درگاہ نظام الدّین کی جماعت‌خانہ مسجد میں دکھائی دیتا ہے اور یہ ہندوستان میں ایسی مساجد کی پہلی مثال ہے جسے ہندو عمارتوں کے مسالے سے ، جیسا بھی مل گیا ، نہیں بنایا گیا تھا بلکہ اس کے لیے پتھر خاص طور پر پہاڑ سے کاٹ کر لایا گیا تھا (اس مسجد کی بحث کے لیے دیکھیے ظفر حسن : *A guide to Nizam-ud-Din* (=*Memoire ASI*، ج ۱۰، ۱۹۲۲ء) - حوض علائی (حوض خاص) پر ایک ابتدائی عمارت (مدرسہ ؟) بھی اس نے بنوائی تھی، مگر اس سے قطع نظر دہلی میں علاؤالدّین کی دیگر عمارتوں میں سے اس کا مقبرہ اور مدرسہ ھی رہ گئے ہیں؛ یہ مسجد قوت الاسلام کے جنوب مغرب میں واقع ہیں اور اب بالکل کھنڈر ہوگئے ہیں - ان کی مغربی دیوار پر چھوٹے حجروں کا سلسلہ ہندوستان میں پہلی مرتبہ وہ گنبد پیش کرتا ہے جنھیں دیوارگیریوں کا سہارا دے کر اٹھایا گیا ہے - "قطب صاحب" کی تمام یادگار عمارتوں اور آثار کے مفصل حالات کے لیے دیکھیے J.A. Page : **Historical Memoir on the Qutb, Delhi** (= **Memoir ASI**، ج ۲۲)، ۱۹۲۶ء؛ وہی مصنف: **Guide to the Qutb,**

Marfat.com

*Delhi* (مذکورہ کتاب کا ملخّص)، دہلی ۱۹۳۸ء؛ بہترین تصاویر، در *The architecture of* : H .H. Cole *Ancient Delhi* لنڈن ۱۸۷۲ء.

خاندان تغلق کے بانی غیاث الدّین کی تعمیرات تغلق آباد کے شہر (دیکھیے اوپر، تاریخ) اور اس کے اپنے دو مقبروں کی تعمیر تک محدود ہیں۔ پہلے مقبرے کی تعمیر کے لیے رک بہ ملتان۔ دوسری تعمیر کا آغاز اس وقت ہوا جب وہ پنجاب چھوڑ کر بادشاہ کی حیثیت سے دہلی میں آ گیا۔ شکل کے اعتبار سے یہ ایک بے قاعدہ مخمس ہے، جس کے ہر زاویے پر برج ہیں۔ احاطے کے سب سے چوڑے حصے میں مقبرے کی عمارت آڑی بنی ہوئی ہے۔ روضہ سرخ پتھر کا ہے، جس کے مہرے میں سفید سنگ مرمر لگا ہے۔ اس کی دیواروں میں اچھی نمایاں مخروطیت (راس سے ۲۵ درجے) ہے۔ شمالی، مشرقی اور جنوبی پہلووں میں کمانچہ دار دروازے ہیں (مغربی پہلو محرابِ قبلہ کے لیے بند ہے)۔ خلجیوں کے عہد حکومت میں نیزے کے پھل والی جھالر کا رواج چلا تھا؛ اسے ان کمانچوں میں استعمال کیا گیا ہے اور محراب کے سرے پر خفیف سا دُہرا بل دیا ہے۔ یہاں ہندووں کے قدیم کڑیاں استعمال کرنے کے طریقے کو نئے قوسی طریقے سے اس طرح ملا دیا گیا ہے کہ جہاں سے قوس محراب شروع ہوتی ہے وہاں نیچے آر پار سردل بھی جما دی گئی ہے.

محمد تغلق کے ہاتھوں عادل آباد اور دین پناہ کی بنیاد رکھے جانے کا ذکر اوپر آ چکا ہے۔ دین پناہ کی فصیل میں پانی کا پھاٹک یا سات دریچے بنائے ہیں، جن میں چھوٹی محرابوں سے کام لیا گیا ہے اور سرے پر برجیاں بنا دی ہیں۔ یہ ست پُلا ہے اور اس کے دو درجے، بند کے اندر، پانی کی سطح اونچی نیچی کرنے کا بندوبست رکھنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ اسی بادشاہ کے عہد کی ایک عمارت موضع بیگم پور کے قریب "بجے منڈل" کہلاتی ہے، جسے قصر ہزار ستون کے آثار قدیمہ گمان کرتے ہیں۔ اس میں چلیپای ڈاٹ کی ہندوستان بھر میں سب سے پہلی مثال پائی گئی ہے۔ اس کے بالکل قریب ایک شاندار مگر گمنام مقبرہ اور بارہ کھمبا ہے (نیچے دیکھیے).

محمد بن تغلق نے دہلی کی کل منتخب آبادی کو دولت آباد (رک بآں) میں منتقل کیا تو اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ شمالی ہند کے صنّاع تتر بتر ہوگئے۔ اس کے جانشین فیروز شاہ (۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء تا ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء) نے تعمیرات میں بڑی سرگرمی دکھائی اور اس کی سرپرستی میں گارے کی چنائی اور استرکاری کے دور کا آغاز ہوا۔ اس بادشاہ نے بہت سے تعمیری منصوبوں کا بیڑا اٹھایا، جن کی فہرست شمس سراج عفیف (تاریخ فیروز شاہی) اور فرشتہ نے دی ہے۔ وہ خود اپنی فتوحات فیروز شاہی میں اپنے پیش رو بادشاہوں کی ان یادگار عمارتوں کا ذکر کرتا ہے جو اس نے دوبارہ بنوائیں یا ان کی مرمت اور تجدید کی۔ تعمیر اور مرمت کے یہ متعدد منصوبے سخت کفایت شعاری کے مقتضی تھے، چنانچہ ہر منصوبے کی تجاویز دیوان وزارت کے سامنے پیش کی جاتی تھیں اور زیادہ قیمتی تعمیری مسالا (سنگ مرمر وغیرہ) استعمال نہیں کیا جاتا تھا۔ فیروز شاہ کے شہروں میں سے فیروز آباد کا ذکر اوپر گزر چکا ہے (نیز رک بہ جونپور؛ فتح آباد؛ حصار فیروزہ؛ کوٹلے کی قلعہ‌بندی اور فصیل کے کنگوروں میں روزن سازی کا طریقہ اختیار کرنے کے لیے رک بہ برج)۔ کوٹلے کے اندر جامع مسجد بہت بلند کرسی پر استادہ ہے اور اس کا صدر دروازہ شمال میں ہے۔ صحن کے چاروں جانب گہری گہہ کے تہرے دالان بنائے تھے اور وسطی ہشت پہلو حوض کے گرد فیروز شاہ کی رفاہ عامّہ کی عمارتوں کی فہرست مرتسم کر دی تھی۔ اب ان عمارات کا صرف ڈھانچہ بچا ہوا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس کا بہت سا پتھر برطانوی

marfat.com
Marfat.com

انجینئروں نے شاہجہان آباد کی فصیلوں میں لگا دیا تھا۔ دوسری عمارت، جو کوٹلے کے اندر کھڑی ہے ، ایک سہ منزلہ مخروطی چُنائی ہے ۔ اس کے اوپر اشوک (تیسری صدی ق م) کی ایک لاٹھ چڑھائی گئی ہے ، جسے ضلع میرٹھ سے لایا گیا تھا ۔ ان کے لیے اور قلعے کے اندر کے دیگر کھنڈرات کے لیے دیکھیے J A. Page : *'Memoir ASI=) A memoir on Kotla Firoz Shah, Delhi* ج ۵۲)، دہلی ۱۹۳۷ء ۔ اس عہد میں مسجد بنانے کا جو طرز رائج تھا وہ تقریباً ۷۶۶ھ/۱۳۶۴ء تا ۷۷۶ھ/۱۳۷۵ء کے عشرے میں تعمیر شدہ نصف درجن مساجد سے بخوبی واضح ہوتا ہے ۔ یہ سب گارے کی چُنائی اور اوپر استر کرکے بنی ہیں، جس پر شروع میں سفیدی کی جاتی ہوگی ۔ ان میں ستون اور سنگ خارا میں کاٹے ہوے ہندووانہ طرز کے طاقچے اور دیوار گیریاں بنی ہیں ۔ شان دار مسقّف دروازے ، کئی کئی گنبد کی چھتیں اور دروازوں کے پہلو میں مخروطی شکل کے آرائشی ستون ہیں ۔ ان میں سب سے سادہ مسجد وزیر آباد (=تیمور پور) میں "شاہ عالم کی درگاہ" میں ہے ۔ پانچ کمانچوں کے سیدھے سادے غربی دالان کے اندر عقبی گوشے میں ایک زنانہ بغلی دالان ہے، جسے دہلی میں اس طرز کا اولین نمونہ قرار دیا جا سکتا ہے؛ مسجد پر تین گنبد ہیں ۔ بیگم پور کی بڑی مسجد کا صحن (۷۵٫۳ × ۶۸٫۰ میٹر) چاروں طرف سے برجی دار، محرابی دالانوں سے گھرا ہوا ہے اور مغربی "لیوان" کے وسط میں داخلے کی کمان روکار تک اتنی اونچی بنائی ہے کہ مسجد کے بڑے گنبد کو نیچے کے رخ سے چھپا لیتی ہے ۔ "نظام الدّین" میں مسجد سنجر (جسے کالی مسجد بھی کہتے ہیں) میں ایک وسطی صحن ہے؛ اسے چلیپائی شکل کے ایک گہہ کے محرابی دالان نے چار چھوٹے حصوں میں تقسیم کر دیا ہے ، جن میں سے ہر ایک ۱۰٫۱ × ۱۳٫۱ میٹر ہے ؛ نیز اس میں چاروں طرف کے محرابی دالان گنبد دار بنائے ہیں (*ASI, Annual Report*، ج ۲۷ ، لوحہ ۱)۔

سات پُلا کے نزدیک جہان پناہ کے جنوب میں کھڑکی گاؤں کی مسجد کا نقشہ بھی اسی طرح کا ہے، لیکن چلیپائی دالانوں میں ، جو ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں ، محرابوں کے تین درجے رکھے ہیں ، جیسا کہ پہلو کے صدر دالان یا لیوانوں میں؛ لٰہذا فقط چار صحن ، جن میں سے ہر ایک ۹٫۸ مربع میٹر ہے ، تقریباً ۵۲ مربع میٹر کے کل رقبے میں غیر مسقّف ہیں ۔ کلاں مسجد (جسے بعض اوقات غلطی سے کالی مسجد کہتے ہیں) زمانۂ مابعد میں شاہجہان آباد کی شہر پناہ کے اندر آ گئی تھی ۔ یہ نسبةً چھوٹی ہے اور اس میں صرف ایک کھلا صحن ہے ، جسے قبہ دار محرابی دالانوں کا سلسلہ چاروں طرف سے گھیرے ہوے ہے ۔ کلاں مسجد، کھڑکی کی مسجد اور کوٹلا کی جامع مسجد، تینوں نیچے تہہ خانے کی منزل دے کر ایک بلند کرسی پر بنی ہوئی ہیں اور خود مسجدوں میں اونچی سیڑھیوں کے ذریعے اندر جاتے ہیں ۔ کلاں مسجد بلاشبہہ نئے فیروز آباد کے مضافات کی سب سے بڑی مسجد تھی ، لیکن بیگم پور اور کھڑکی کی مسجدوں کی وسعت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ پرانے شہروں میں بھی ابھی تک اچھی خاصی آبادی تھی ۔ پہاڑی کے شمالی مضافات کے لیے چوبرجی مسجد تعمیر کی گئی تھی ؛ اب وہ طرح طرح کے کام لیے جانے کی وجہ سے اس قدر تبدیل ہوچکی ہے کہ اس کا اصل تعمیری نقشہ مشکل ہی سے شناخت کیا جا سکتا ہے ۔ مسجد کے نزدیک فیروز شاہ کی کوشک شکار یا جہاں نما کے باقی آثار نظر آتے ہیں، جہاں وہ ۷۷۶ھ/۱۳۷۴ء میں اپنے بیٹے فتح خان کی موت کے بعد غم غلط کرنے چلا آیا تھا ۔ یہ شہزادہ قدم شریف میں مدفون ہے ، جو ایک قلعہ بند احاطہ ہے (رک بہ برج؛ نیز *ASI, Annual Report*، ۲۲: ۴ و لوحہ ۳ ج و د)۔ احاطے کے اندر قبر کے چاروں طرف قبہ دار محرابی دالان ہیں ۔ قبر کے اوپر ایک پتھر پر رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا نقش قدم پانی کے ایک چھوٹے سے حوض میں نصب ہے ۔ خود فیروز تغلق کے مقبرے سے ایک مدرسہ ملحق ہے، جسے اس نے حوض خاص پر علاء الدّین کی عمارت کے ڈھانچے کی جگہ پر بنایا تھا ۔ اس حوض کے مشرق اور جنوب میں مدرسے کی عمارتوں میں، جو جھیل کے سامنے دو منزلہ اور عقب میں یک منزلہ ہیں، کئی گہہ کی ستونوں کی قطاریں ہیں ۔ چھتیں محرابوں یا سردل اور دیوار گیریوں پر بنائی گئی ہیں ۔ فصیل چھوڑ کر قبہ دار چوکور ایوان دالانوں کو باہم ملاتے ہیں ۔ یہ عمارت تقریباً ۷۶ میٹر ایک کنارے پر اور ۱۲۰ میٹر دوسرے کنارے تک پھیلی ہوئی ہے ۔ جنوب مشرقی کنارے پر ۱۳٫۷ میٹر چوکور مقبرہ ہے ، جس کی استر کی ہوئی دیواروں کی موٹائی اوپر کی جانب قدرے کم ہوتی چلی گئی ہے ۔ بیرونی دو دیواروں (جنوبی اور مشرقی) میں معمولی سا ابھار دے کر کمان کھولی ہے اور کمان کے اندر سردل اور دیوار گیری کے چوکھٹے میں دروازہ بنایا ہے ۔ عمارت میں ہشت پہلو ڈھولے پر ایک ہی گنبد اٹھایا ہے اور مدوّر ڈاٹوں سے اسے مستحکم کیا گیا ہے ۔ مغربی دیوار میں ایک دروازہ متصلّہ ایوان میں کھلتا ہے اور اس میں ایک چھوٹی سی محراب ہے ۔ یہ عمارت ایک چھوٹی سی، کرسی دے کر چُنی گئی ہے اور یہی کرسی جنوبی سمت آگے بڑھ کر کھلا چبوترہ بن جاتی ہے، جس کے گرد پتھر کا کٹھرا نر مادہ خانوں کی ساخت کی طرح چنا ہے، جو چوبی کام کے مشابہ ہے ۔ ایک اور مقبرہ، جو بڑی تعمیری اہمیت رکھتا ہے، فیروز شاہ کے وزیر اعظم خان جہان تلنگانی (م ۷۷۰ھ/۱۳۶۸۔۱۳۶۹ء) کا نظام الدّین میں کوٹ کے اندر ہے ۔ یہ دہلی میں پہلا ہشت پہلو مقبرہ ہے (اگرچہ "سلطان غازی" ، میں مقبرے کا حجرہ بھی ہشت پہلو ہے) اس کے گردا گرد ایک برآمدہ ہے، جس کے ہر رخ تین محرابیں کھلی ہوئی ہیں اور ان کے اوپر چوڑے چھجے دہرے ہیں ۔ عمارت میں ایک وسطی گنبد ہے اور آٹھ گنبد نما چھتریاں ایک دوسری کے بالمقابل بنائی ہیں ۔ اس مقبرے کا اصلی نمونہ تلاش کرنے میں لوگ بیت المقدس کے القُبّۃ الصخرہ تک پہنچے ہیں اور یہ تو واقعہ ہے کہ بعد کے سیّد، لودی اور سوری خاندانوں کے بہت سے شاہی مقبروں کے لیے یہ نمونے کا کام دیتا رہا ۔ تغلقوں کی سب سے آخری عمارات میں شیخ کبیر الدّین اولیا کا مقبرہ ہے (غالباً ناصر الدّین محمود کے عہد اور ۷۹۶ھ/۱۳۹۴ء کے بعد کا) : گو یہ غیاث الدّین تغلق کے مقبرے کی نصف پیمانے پر سرسری سی نقل ہے ، لیکن وہ اس لحاظ سے لائق توجہ ہے کہ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ عہد فیروز شاہی کی خشک سادگی سے اکتا کر لوگ پھر اسلوب کی رنگا رنگی کی طرف مائل ہو رہے تھے ۔

دہلی میں فیروز شاہ کی سرنگوں کے لیے دیکھیے H. Hesten در *JASB*، سلسلۂ جدید ، ۸ (۱۹۱۱ء) : ۹۹ تا ۱۰۸ و ۸ (۱۹۱۲ء) : ۲۷۹ تا ۲۸۱ و ۹ (۱۹۱۳ء) : ۸۳ تا ۹۱ ۔

چونکہ نظام الدّین کی درگاہ میں بڑی عمارتیں اسی زمانے کی ہیں، لہٰذا اس مجموعۂ عمارات کی کیفیت یہاں دی جاتی ہے ۔ داخلے کے دروازے پر تاریخ ۷۸۰ھ/۱۳۷۸۔۱۳۷۹ء مرقوم ہے اور اس کے اندر ایک بڑی باؤلی [رکَ باں] ہے، جس کے کنارے پر دو مقبرے اور ایک دو منزلہ مسجد ہے ۔ ان تینوں کا طرز تعمیر فیروزشاہی نظر آتا ہے ۔ باؤلی کا تاریخی نام "چشمۂ دلکشا" (۷۰۳ھ / ۱۳۰۳ - ۱۳۰۴ء) ہے ۔ درگاہ کے احاطے کے اندر جانے کا ایک اور بڑا دروازہ بنا ہے ۔ شیخ (نظام الدّین اولیاؒ) کا مقبرہ اکبر کے زمانے کا ہے اور اس قدیم مقبرے کی جگہ بنا ہے جسے فیروز تغلق نے تعمیر کروایا تھا؛ لیکن اکبری عہد کے بعد بھی بارہا اس کی تجدید ہوتی رہی ہے، چنانچہ اس کے گنبد کا اضافہ اکبر شاہ ثانی نے ۱۸۱۳ء میں کیا تھا ۔ اس

marfat.com
Marfat.com

مقبرے کے مغرب میں جماعت خانہ کی مسجد کا ذکر پہلے ہو چکا ہے ۔ اس احاطے کے جنوب میں بہت سے اکابر (جہاں آرا، دختر شاھجہان؛ محمد شاہ، م ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء؛ جہانگیر، پسر اکبر ثانی؛ شیخؒ کے مشہور مرید امیر خسروؒ، گو ان کا مقبرہ اوائل گیارھویں صدی ھجری/سترھویں صدی عیسوی کی تعمیر ہے، وغیرہ) کی قبریں ھیں ۔ اس صحن کی مشرقی دیوار کے باھر کی طرف اکبر کے رضاعی باپ اتگہ خان م ۹۶۹ھ/۱۵۶۲ء کا چوکور مقبرہ ہے، جس میں مختلف رنگوں سے پچی‌کاری کی ھوئی ہے اور ھمایوں کے مقبرے کی طرز پر بنا ھوا ہے (نیچے دیکھیے) ۔ اس مقبرے سے کوئی ساٹھ میٹر جنوب مشرق میں چونسٹھ کھمبا ہے، جو بھورے سنگ مرمر کی نہایت نفیس و موزوں عمارت ہے اور اتگہ خان کے فرزند میرزا عزیز کوکلتاش، م ۱۰۳۳ھ/۱۶۲۴ء کے خاندانی گورستان کا کام دیتی تھی ۔ متصلہ کوٹ اور اس کے اندر مقبرۂ تلنگانی کا حال پہلے بیان ہو چکا ہے ۔ ان تمام عمارات کی مکمل تفصیلات کے لیے دیکھیے ظفر حسن : *A Guide to Nizamu-d-Din* '*Memoir* (=*Memoir ASI*، ج ۱۰)، کلکتہ ۱۹۲۲ء .

ایک اور درگاہ، جو زیادہ تر عہد فیروزی سے تعلق رکھتی ہے، نصیرالدّین چراغ دہلی (م ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء) کی ہے (رک بہ چشتیہ) ۔ اُس کا مشرقی دروازہ ۷۷۵ھ/۱۳۷۳ء کا ہے، لیکن مقبرے میں بہت سی حالیہ جدتیں کی گئی ھیں ۔ اس درگاہ اور گاؤں کے گرد کی فصیل کو محمد شاہ نے ۱۱۴۲ھ/۱۷۲۹ء میں تعمیر کرایا تھا ۔ اس کے پہلو میں بہلول لودی کے مبینہ مقبروں میں سے ایک مقبرہ کھڑا ہے .

سید اور لودی خاندانوں نے کوئی بڑے تعمیری منصوبے نہیں تیار کیے ۔ بجز ایک ممتاز مسجد کے ان کی یادگار عمارتیں کلیۃً مقبروں پر مشتمل ھیں ۔ یہ سب عمارتیں مندرجۂ ذیل تین مقامات ھی میں مرتکز ھیں : خیر پور، مبارک پور اور مجاھد پور کے جنوب میں اس سڑک پر جو حوض خاص کو جاتی ہے ۔ یہ مقبرے دو جداگانہ نمونوں کے ھیں : چوکور اور مثمن، مگر دونوں صورتوں میں، ان میں ایک بڑا وسطی گنبد ھوتا ہے اور منڈیر کے اوپر عموماً کھلی چھتریاں ھوتی ھیں ۔ مثمن کا سب سے قدیم نمونہ کوٹلہ مبارک پور میں مبارک شاہ (م ۸۳۸ھ/۱۴۳۴ء) کا ہے، جو مقبرۂ تلنگانی کے طرز کی ترقی یافتہ صورت ہے ۔ گو مقبرہ کافی اونچا نہیں ہے اور ھر مہرے پر آمنے سامنے ہشت پہلو چھتریاں بہت قریب پہنچی ھوئی نظر آتی ھیں ۔ دس سال بعد اسی خاندان کے فرمانروا محمد شاہ کے مقبرے میں گنبد کے ڈھولے اور چھتریوں کو اونچا کر کے اور برآمدے کی منڈیر کے ھر گوشے میں گلدستے کا اضافہ کر کے ان نقائص کو دور کر دیا گیا ہے ۔ سکندر لودی (حدود ۹۲۴ھ/۱۵۱۸ء) کا مقبرہ خیر پور کے شمال میں ہے اور طول و عرض میں اسی کے برابر ہے، لیکن اس میں چھتریاں نہیں اور گنبد کا ایک اندرونی اور ایک بیرونی خول ہے ۔ یہ مقبرہ فصیل بند احاطے میں واقع ہے، جس کی مغربی دیوار پر محرابوں کا ایک سلسلہ عیدگاہ کے مشابہ ہے اور قیاساً ایک بیرونی محرابِ قبلہ ہے ۔ مبارک شاہ کے مقبرے میں ایک علٰحدہ مسجد ہے، لیکن محمد شاہ کے مقبرے میں ایسی کوئی مسجد نہیں ۔ تمام مقبروں کے گوشوں پر ڈھلواں پشتیبان بنے ھیں .

دوسرے نمونے کے چوکور مقبرے تمام کے تمام غالبًا نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی کے آخری ربع کے ھیں، لیکن ان میں کتبوں کی کمی ہے اور وہ ایسے مقامی ناموں سے موسوم ھو گئے ھیں جن سے حقیقت کا کچھ پتا نہیں چلتا ۔ مبارک پور کے مغرب میں جو تین گنبد "تین برج" کہلاتے ھیں ان میں سے عمدہ ترین "بڑے خان کا گنبد" ہے ۔ یہ ان میں سے سب سے بڑا (بلندی ۲۵ میٹر) ہے ۔ مذکورہ گنبد باھر سے بظاھر تین درجوں کا، لیکن فی الواقع ایک ھی بڑا

Marfat.com

ایوان ہے ۔ اس کے اور اس کے متصلہ "چھوٹے خان کے گنبد" میں ڈھولے کے نیچے جو مربّع بنا ہے اس کے گوشوں میں ہشت پہلو چھتریاں ہیں، جس طرح مجاہد پور کے مجموعۂ عمارات میں "دادی" اور "پوتی" کے گنبدوں میں بنی ہیں ۔ خیرپور میں سب سے اچھی حالات میں محفوظ عمارات ایک تو بڑا گنبد (تعمیر ۸۹۹ھ/۱۴۹۴ء) ہے، جس کے اندر کوئی قبر نہیں اور جس کے متعلق مقامی لوگ کہتے ہیں کہ وہ متصلہ مسجد، صحن اور "مجلس خانہ (؟)" کا دروازہ ہے ۔ مسجد کے ہر عقبی گوشے میں بھاری بھر کم مخروطی اور ڈھلوان ستون ہیں ۔ ہر ستون میں نالی کا پٹکا ایک گول، ایک زاویہ دار کی ترتیب سے بنایا ہے، جو قطب مینار کی سب سے نیچے کی منزل کی یاد تازہ کرتا ہے ۔ مشرق میں بیرونی رخ وسیع وسطی محرابیں ہیں، جن کے علاقے (=اوپر کے خالی زاویے) استرکاری کے بہترین نقش و نگار سے مزیّن ہیں ۔ دہلی کی عمارتوں میں استرکاری پر اتنی اچھی نقش تراشی اور کہیں نہیں ہے ۔ اس کے قریب شیش گنبد ہے، جو بڑے گنبد کے بالکل مشابہ ہے، مگر اس میں گہرے نیلے رنگ کی کاشی کاری کے ردّے بھی دیے گئے ہیں ۔ مذکورۂ بالا مسجد کے علاوہ لودیوں نے اس درجے کی عمارتوں میں ایک بڑا نمونہ اور تیار کیا تھا، یعنی مبارک پور کے جنوب میں موٹھ کی مسجد، جو ایک بالکل الگ تھلگ عمارت ہے ۔ اسے سکندر لودی کے وزیر نے حدود ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء میں تعمیر کرایا تھا ۔ اس کی مغربی دیوار میں اسی قسم کے مخروطی ستونوں کے کنگورے ہیں، لیکن بڑھی ہوئی محرابِ قبلہ کے گوشوں پر، نیز بیرونی کونوں پر، دو منزلہ کھلے برج بنائے گئے ہیں؛ پہلو کی دیواروں میں عمودی کڑیاں ڈال کر جھروکے نکالے ہیں؛ مغربی "لیوان" کے سامنے کے رخ محرابوں کے خطوط ان کی زمین کو نیچا کر دینے سے اور نمایاں کر دیے گئے ہیں ۔ اسی طرح وسطی محراب کے ساتھ ایک اور دروازہ نما چیز بنا دی ہے، جو باقی عمارت کے برابر ہی بلند اور جاذب توجہ ہے ۔ "لیوان" کے پہلو میں جو گنبد ہیں، ان کی بنیاد کُروی گوشوں پر رکھی ہے، جو طاقچوں سے مزّین ہیں ۔ سفید سنگ مرمر، بھُربھرا سنگ سرخ اور کاشی کاری کے رنگین چوکوں سے، نیز استرکاری میں نقش تراشی سے جا بجا کام لیا ہے ۔ جمالیاتی نقطۂ نظر سے ہندوستان بھر میں یہ مسجد مسلمانوں کے فن تعمیر کے انتہائی جان دار نمونوں میں شامل ہے ۔ لودیوں کی دیگر عمارتیں کم ہیں ۔ ایک عمارت (مدرسہ؟)، جس میں ایک چھوٹی سی مسجد شامل ہے، "جہاز محل" کہلاتی ہے اور مہرولی میں حوض علائی کی مشرقی جانب واقع ہے ۔ نظام الدین کے قریب چند چھوٹی بارہ دریاں اور محل اور بیگم پورہ کے مقام پر سکونتی مکان (بارہ کھمبا) ہے، جس کا صحن احاطہ بند ہے اور اس میں ایک سہ منزلہ مینار ہے ۔

مغل فتوحات کے ابتدائی ایام میں، جب کہ ان کی سلطنت کو ہنوز استقلال نصیب نہیں ہوا تھا، لودی طرز بدستور مروج نظر آتا ہے ۔ ۹۴۳ھ/۱۵۳۶ء کی مسجد (شیخ) جمالی میں، جو قلعۂ رائے پتھورا کے جنوب میں ہے، پتھر کے نفیس چوکے لگائے ہیں ۔ بڑے دالان کی پانچ محرابیں ہیں، جن کے مرغولوں کی سطح کی زمین نیچی رکھی ہے ۔ داخلے کی وسطی محراب ایک اور بڑی محراب سے مل کر ایک ہوگئی ہے، جس میں لیزے کے پھل جیسی جھالر لگی ہوئی ہے ۔ یہ وسطی کمانیں مل کر پیش دروازہ بن گیا ہے، جو روکار کی عام سطح سے اوپر ابھرا ہوا ہے ۔ مسجد میں صرف ایک ہی وسطی گنبد شمال کی جالب ہے ۔ فضل اللہ [رک بآں] المتخلّص بہ جمالی کی قبر کے اوپر ایک مستطیل عمارت ہے، جو بہت معمولی دکھائی دیتی ہے، لیکن اس کی چھت میں رنگوں کی آرائش دہلی بھر میں بہترین ہے ۔ ہشت پہلو مقبرے کا طرز

marfat.com
Marfat.com

۹۵۴ھ/۱۵۴۷-۱۵۴۸ء کے عیسیٰ خان نیازی کے مقبرے میں یعنی اسلام شاہ سوری کے عہد حکومت میں بھی قائم رہا؛ اس کی ساخت پہلے دونوں کی طرح ہے، بشمول بند مغربی دیوار اور محراب قبلہ کے، لیکن اس میں کاشی کاری کے جو روغنی چوکے باقی رہ گئے ہیں ان کی تعداد زیادہ ہے۔ ہشت پہلو صحن کے مغرب میں ایک علٰحدہ مسجد موجود ہے، جو بھورے سنگ مورہ اور سنگ سرخ کی ہے؛ عرضاً تین دالانوں میں سے وسطی دالان کو ایک آگے نکلے ہوے کمانچے میں بٹھایا گیا ہے؛ اوپر ایک وسطی گنبد اور بغلی دالانوں پر چھتریاں ہیں؛ مقبرے کی عمارت کے ہر گوشے پر ڈھلواں پشتیبان ہیں اور یہ دہلی میں آخری عمارت ہے جس میں یہ عمل کیا گیا ہے (ان عمارات کے لیے دیکھیے *Humāyūn's tomb* : S. A. Naqvi *and adjacent buildings*، دہلی ۱۹۴۷ء، ص ۱۱ تا ۲۴)۔ دہلی میں سب سے آخری ہشت پہلو مقبرہ کوئی چودہ سال بعد اکبر کے عہد حکومت میں تعمیر ہوا تھا۔ یہ ادھم خان کا مقبرہ ہے، جو قلعۂ رائے پتھورا کے انتہائی جنوب مغرب میں واقع ہے۔ اس میں مزید بلندی پیدا کرنے کی کوشش میں گنبد کے ڈھولے کو ایک درمیانی منزل کی صورت دے دی گئی ہے۔ باہر کے رخ محرابی کوشکیں ہیں، مگر اوپر چھتریاں نہیں ہیں؛ گنبد کے درمیان کی منزل میں دیواروں کے چوڑے آثاروں کے اندر سیڑھیوں کی بھول بھلیاں بن گئی ہے۔ عمارت کا عام تأثر بے کیف سا ہے (عکسی تصویر اور مختصر حال کے لیے دیکھیے Cole : کتاب مذکور)۔

پہلے دو مغل شہنشاہوں، یعنی بابر اور ہمایوں نے دور اول میں قلعۂ کہنہ کی تعمیر کا آغاز کرنے کے سوا دہلی کی یادگار عمارتوں میں کسی چیز کا اضافہ نہیں کیا اور اس کی تعمیر بھی زیادہ شیر شاہ سوری کی مرہون منت ہے، جس نے مغلوں سے سلطنت چھینی اور جو اسے اپنے نئے شہر کا بالا حصار بنانا چاھتا تھا۔ اس شہر کے فقط دو بڑے دروازے باقی رہ گئے ہیں: شمالی (لال، کابلی یا خونی دروازہ)، جو کوٹلہ فیروز شاہ کے بالمقابل ہے اور جنوبی دروازہ، جو اپنی تھوڑی سی دیوار کے ساتھ پرانے قلعے کے نزدیک ہے (دیکھیے *ASI, Annual Report*، ۱۲ : ۶ و لوحہ ۳)۔ شیرشاہی قلعے کی فصیلوں کے علاوہ اندرونی عمارات میں سے صرف دو باقی رہ گئی ہیں: (۱) شیر منڈل، سرخ پتھر کی ایک دو منزلہ مثمن عمارت، جس کی اصلی غرض بنا معلوم نہیں، لیکن ہمایوں اسے کتب خانے کے طور پر استعمال کرتا تھا اور اسی (کے زینے) سے گر کر فوت ہوا تھا؛ (۲) ایک مسجد، جس کا کوئی الگ نام نہیں ہے اور جس کا سب سے قریبی نمونہ جمالی مسجد ہے، لیکن اس میں عرضاً پانچوں دالانوں کی روکار کی کمان کسی قدر چھوٹی اور نیچی ترشی ہوئی سطح کے خانے میں بنائی ہے اور سابق الذکر مسجد کے دوسرے اجزا کو بھی بہتر و نفیس تر کر دیا گیا ہے۔ بیرونی چنائی تراشیدہ پتھر کے چوکوں سے کی گئی ہے اور "لیوان" کا مہرا سنگ سرخ کا ہے؛ اس کے کچھ حصے میں نفیس نقش تراشے ہیں اور سنگ مرمر اور رنگا رنگ کی کاشی کاری سے اس کی تزئین کی گئی ہے؛ وسطی گنبد کے اندرونی حصے کو ڈاٹوں کے دو سلسلوں پر قائم کیا ہے اور بغلی دالانوں کی چھت جن کروی گوشوں پر رکھی ہے ان میں آرائشی طاقچے بنائے ہیں۔ عقبی دیوار میں محرابِ قبلہ جو آگے نکلی ہوئی ہے اس کے دونوں پہلوؤں پر مخروطی شکل کے مینار ہیں اور ہر گوشے پر کھلی ہشت پہلو برجیاں بنی ہیں۔

دہلی میں مغلوں کی پہلی بڑی عمارت شہنشاہ ہمایوں کا مقبرہ ہے، جس کا طرز وہی ہے جس کا نقشہ پہلے نظام الدّین میں اتکہ خان کے چھوٹے سے مقبرے کے سلسلے میں بتایا جا چکا ہے۔ اس کی بنیادیں اس کی بیوہ نے ۹۷۶ھ/۱۵۶۸-۱۵۶۹ء میں رکھی تھیں

Marfat.com

(دیکھیے سنگین بیگ : سیر المنازل، مخطوطه در عجائب خانۂ لال قلعہ، دہلی؛ مگر بقول سید احمد خان ۹۷۳ھ/۱۵۶۵ء میں، جس کی بعد کے بیشتر مصنفین پیروی کرتے ہیں) اور اس کے لیے اس نے ایرانی ماہر تعمیرات مرزا غیاث کو مامور کیا تھا ۔ بایں همه احاطے کی دیوار کوئی پانچ برس پہلے شروع ہوئی تھی ۔ روضے کی عمارت ایک بڑے باغ کے احاطے میں ہے (۳۴۰ میٹر ضلع؛ یہ ہندوستان میں پہلا چار باغ ہے جو ابھی تک اپنے اصلی نقشے پر قائم ہے)؛ یہ عمارت ۴۷٫۵ میٹر مربع ہے اور ۹۵ مربع میٹر کرسی پر بنائی ہے، جو ۶٫۷ میٹر اونچی ہے ۔ عمارت کے چاروں رُخ یکساں ہیں ۔ ہر رخ کے وسطی مستطیل کے اندر بڑی لمبی چوڑی محراب ہے اور دونوں طرف دو چھوٹے بازو ہیں، جن میں سے ہر ایک میں نسبۃً چھوٹی محراب ہے؛ یہ بازو نقشے میں ہشت پہلو اور بڑی محرابوں کے آگے بڑھے ہوئے ہیں ۔ وسطی دالان کے اوپر اونچا گردنا اور بصلی گنبد قائم ہے، جس کے ارذگرد بازوؤں اور داخلوں کے اوپر چھتریاں ہیں ۔ عمارت ساری کی ساری سنگ سرخ کی ہے، جس میں سفید اور رنگین سنگ مرمر کا استعمال فراخدلی سے کیا گیا ہے ۔ نواحی عمارتیں یہ ہیں : نائی کا گنبد، یعنی حجام کا ایک چھوٹا مقبرہ؛ نیلا گنبد، جو ہمایوں کے مقبرے سے پہلے کا ہے (لہٰذا فہیم خان م ۱۰۳۵ھ/ ۱۶۲۶ء کا نہیں ہے، جیسا کہ عموماً کہا جاتا ہے)؛ "افسر والا" مقبرہ اور مسجد؛ عرب سرائے اور عیسی خان کا مقبرہ، جس کا حال پہلے بیان ہو چکا ہے ۔ ان عمارات کی مکمل تفصیلات در S.A.A. Naqvi: *Humāyūn's tomb and adjacent buildings*، دہلی ۱۹۴۷ء) ۔ جنوب میں قریب ہی عبدالرحیم [رک بان] خانخاناں (م ۱۰۳۶ھ/۱۶۲۶-۱۶۲۷ء) کا مقبرہ ہے، جو اسی قسم کی، مگر نسبۃً چھوٹی عمارت ہے اور اس کے گوشوں میں ہشت پہلو کمرے نہیں؛ لہٰذا یہ ہمایوں کے مقبرے کی بہ نسبت واضح طور پر تاج محل کی پیشرو ہے ۔ اس عمارت کے سُنگ مرمر کو بعد میں آصف الدولہ، وزیر اودھ، اتار کر لے گیا تھا ۔ دیگر مغل عمارات یہ ہیں : لال چوک یا خیرالمنزل؛ مؤخر الذکر نام مادۂ تاریخ ہے (۹۶۹ھ/ ۱۵۶۱-۱۵۶۲ء)؛ ایک مسجد، جسے اکبر کی انّا ماہم انگہ نے تعمیر کرایا تھا : اس کے مشرق، جنوب اور شمال میں دو منزلہ دالان ہیں، جو مدرسے کا کام دیتے تھے (*ASI, Annual Report*، ۲۲ : ۶ و لوحہ ۱ الف و ب؛ کتبہ *Memoir ASI*، ۴۲ : ۱۰) اور شیخ عبدالنبی یعنی اکبر کے صدر الصدور کی بنائی ہوئی مسجد، جو فیروز شاہ کے کوٹلہ اور پرانے قلعے کے درمیان ہے اور ۹۸۳ھ/۱۵۷۵-۱۵۷۶ء میں تعمیر ہوئی (دیکھیے ظفر حسن : **Mosque of Shaikh Abdu-n Nabi**، (=*Memoir ASI* ج ۹)، کلکتہ ۱۹۲۱ء.

دہلی میں مغلیہ تعمیرات کا سب سے بڑا دور وہ ہے جب شاہجہان آباد اور لال قلعے کی تعمیر ہوئی؛ مؤخرالذکر کی بنیاد ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء میں رکھی گئی تھی ۔ مغلیہ محلات اور دیگر عمارات کی اہم خصوصیات کے لیے رک بہ فن؛ مغل ۔ یہاں فقط مختصر سا حال دیا جاتا ہے ۔ محل کا احاطہ تقریباً ۹۵۰ × ۵۰۵ میٹر اور اس کے وسطی صحن میں دیوان عام ہے ۔ اس کے دونوں جانب پھر کھلے صحن ہیں، جن میں باغات ہیں ۔ مشرقی فصیل کے ساتھ محلات کا جو سلسلہ ہے اس کا رخ اندر کی طرف ان باغات کی جانب اور باہر کی طرف دریا کی جانب ہے ۔ دیوان عام سنگ سرخ کا ہے، جس کے کھلے ضلعوں میں دُہرے نازک ستون ہیں ۔ ان میں اور جانب مشرق محلات میں دلدانے دار محرابیں ہیں ۔ یہ عمارتیں نیچی کرسیوں پر بنائی گئی ہیں اور ان میں سے بہتوں کی چھت کے ہر گوشے پر کھلی چھتریاں ہیں ۔ محلات میں سے ایک آرائشی نہر، جس کا نام نہر

marfat.com
Marfat.com

بہشت ہے، گزرتی ہے - یہ شاہ برج سے جنوب کی طرف بہتی ہے اور اس کا پانی تیس کوس دور اوپر جا کر دریاے جمنا سے لایا جاتا تھا (مغربی نہر جمنا کے ذریعے؛ اس کی تاریخ فیروز شاہ تغلق کے عہد سے شروع ہوتی ہے - پوری کیفیت کے لیے دیکھیے *History and description of Govern-* : J. J. Hatten *ment canals in the Punjab*، لاہور بدون تاریخ، ص ۱ تا ۳) - لال قلعے کی مذکورہ نہر سادہ سنگ مرمر کی بنائی ہے، جو رنگ محل میں پہنچ کر ایک حوض میں جا گرتی ہے، جس میں سنگ مرمر کا کنول نصب کیا گیا ہے - اس سے پہلے یہ نہر ایک پردے کی دیوار کے نیچے نیچے، جس پر "میزان عدل" کی تصویر ترشی ہوئی ہے، شاہی محل کے نجی کمروں سے گزر کر آتی ہے - ان کمروں کے آگے باہر کو نکلا ہوا وہ جھروکا یعنی مثمن برج ہے، جس سے شہنشاہ درشن [رک بآں] دیا کرتا تھا - ان محلات میں رنگ محل اور دیوان خاص کی سب سے زیادہ اور انتہائی پرتکلف تزئین کی گئی ہے - ان کی تعمیر اور فرش بندی سفید سنگ مرمر سے ہوئی ہے اور محرابوں کے ستونوں میں سیپ اور نگینے جڑ کر بیل بوٹے بنائے ہیں - اس دیوان خاص میں بیش بہا تخت طاؤس رکھا تھا، جسے نادر شاہ ۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹ء میں ایران لے گیا اور وہاں اُسے تڑوا دیا (*Persia* : G. N. Curzon، *and the persian question*، ۱ : ۳۲۱ تا ۳۲۲) - ابتدا میں قلعے کے اندر کوئی مسجد نہیں تھی - موتی مسجد کا اضافہ اورنگ زیب نے ۱۰۷۳ھ/۱۶۶۲-۱۶۶۳ء میں کیا تھا - یہ کلیۃً سفید سنگِ مرمر کی ہے، جس کے وسطی حصے میں اوپر مڑی ہوئی "بنگلی" منڈیر قابل دید ہے (قلعے اور اُس کی عمارات کے لیے دیکھیے *A Guide to the buildings and gardens* : G. Sanderson *Delhi Fort*، بار چہارم، دہلی ۱۹۳۷ء) .

شاہجہان آباد کی جامع مسجد (جس کا نام مسجد جہان نما ہے) ۱۰۵۷ھ/۱۶۴۸ء تا ۱۰۵۹ھ/۱۶۵۰ء میں تعمیر ہوئی، لال قلعے کے مغرب میں ایک کھلے میدان میں موجود ہے - اس کی بلند بنیادی منزل، جس کی تمام سمتوں میں خفّی محرابیں ہیں، کوہ اراولی کے ایک الگ تھلگ ٹیکرے پر اٹھائی گئی ہے - شمال، مشرق اور جنوب کے دروازوں میں پہلے باہر کے رخ نصف گنبد کی شکل کا کھلاؤ ہے پھر سب میں نیچے کے رخ نسبۃً چھوٹا دروازہ ہے - مشرقی دروازہ، جو شاہی داخلے کے لیے استعمال ہوتا تھا، سب سے بڑا ہے - "لیوان"، جو صحن کے تین جانب بنا ہے، باہر کی طرف بھی کھلا ہوا ہے اور اس میں ایک تو چوکور برج ہے اور اوپر چھت کے ہر گوشے پر ایک کھلی چھتری محیط ہے - مغرب میں اصل مسجد یا ایوان صلٰوۃ دوسرے اجزا سے الگ مستقل دالان ہے، جو ۷۹ میٹر × ۲۷ء۵ میٹر ہے - اس سے متصل صحن مسجد (۹۹ مربع میٹر) کی طرف بہت چوڑی مرکزی محراب ہے اور اس کے دونوں جانب عرضاً پانچ پانچ دالان دندانہ دار محرابوں کے ہیں - سامنے کے دونوں سروں پر ایک ایک سہ منزلہ مینار ہے - اوپر تین سفید سنگ مرمر کے بصلی گنبد ہیں، جن میں سیاہ سنگ مرمر کی باریک عمودی دھاریاں ڈالی گئی ہیں - اس کی قریب قریب ہمعصر فتح پوری مسجد چاندنی چوک کے مغربی کنارے پر ہے - یہ شاہجہان آباد کا خاص بازار ہے - مسجد اسی طرز کی ہے جیسی جامع مسجد، مگر نفاست کم ہے اور اس میں صرف ایک ہی گنبد ہے؛ اس کے احاطے میں مسجد کا مدرسہ ہے - اسی طرز کی ایک نسبۃً چھوٹی مسجد، جس میں تین گنبد ہیں اور جو زیادہ پیاز نما ہیں اور جن میں مساوی طور پر سیاہ اور سفید سنگ مرمر کی دھاریاں ہیں، زینت المساجد ہے، جو حدود ۱۱۱۲ھ/۱۷۰۰ء میں شاہجہان آباد کے مشرق (یعنی کنار جمنا کے) حصے میں تعمیر ہوئی تھی .

عہد مغلیہ کے آخری دور کی مندرجۂ ذیل

Marfat.com

عمارتوں کا ذکر بھی کر دینا چاہیے : موتی مسجد، جو مہرولی میں حضرت قطب الدّین بختیار کاکیؒ کی درگاہ میں ہے (بارھویں صدی ہجری/اٹھارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں)؛ غازی الدین پدر آصف جاہ کا مقبرہ، مدرسہ اور مسجد : تینوں کی مجموعی عمارت کا نقشہ سینگ کی شکل کا ہے اور شاہجہان آباد کے اجمیری دروازے کے باہر ہے (سن بنا ۱۱۲۲ھ/۱۷۱۰ء)، جس میں اینگلو عربک کالج ابھی تک چل رہا ہے؛ قدسیّہ باغ کا دروازہ (حدود ۱۱۶۳ھ/۱۷۵۰ء)؛ اسی عہد کی جاوید خان کی چھوٹی سی نفیس مسجد (سنہری مسجد)، جو ھلکے بادامی رنگ کے بھربھرے پتھر کی ہے؛ صفدر جنگ (م ۱۱۶۶ھ/۱۷۵۳ء) کا اسی پتھر سے نہایت متناسب بنایا ہوا مقبرہ جو مغلوں کے آخری بڑے باغ میں قائم ہے - ایک برطانوی عمارت بھی قابل ذکر ہے اور وہ سینٹ جیمز کا گرجا ہے، جسے کرنل جیمز سکنر J. Skinner نے ۱۸۲۴ء میں پالادی (Palladian) طرز پر تعمیر کرایا تھا - نئی دھلی کے بہت وسیع تعمیری منصوبے کہیں کہیں مغلیہ تعمیر کی عظمت کی یادوں کو تازہ کرتے ھیں، لیکن اسلامی فن تعمیر کے اعتبار سے ان کی کوئی خاص اھمیت نہیں.

**مآخذ** : خصوصی مقالات اور رسالوں کا ذکر متن میں کر دیا گیا ہے - عام تصانیف : (۱) H. C. Fanshawe : *Delhi Past and Present*، لنڈن ۱۹۰۲ء؛ (۲) H.Sharp : *Delhi : its story and buildings*، لنڈن ۱۹۲۱ء؛ (۳) G. Hearn : *The seven cities of Delhi*، کلکتہ ۱۹۲۸ء (عام طور پر معتبر نہیں)؛ (۴) P. Brown : *Indian Architecture : Islamic period*، بمبئی بدون تاریخ، بمواضع کثیرہ؛ (۵) سیّد احمد خان : آثار الصنادید، دہلی ۱۲۶۳ھ/۱۸۴۷ء، بار دوم، دہلی ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء و لکھنؤ ۱۸۷۶ء، ۱۹۰۰ء و کانپور ۱۹۰۴ء؛ فرانسیسی ترجمہ از Garcin de Tassy، در *JA*، سلسلۂ پنجم، ۱۵ : ۵۰۸ تا ۵۳۶ و ۱۶ : ۱۹۰ تا ۲۵۴، ۳۹۲ تا ۴۵۱، ۵۲۱ تا ۵۴۳ و ۱۷ : ۵۵۱ تا ۵۶۰؛ (۶) Carr Stephen : *The archaeology and monumental remains of Delhi*، شملہ ۱۸۷۶ء، وغیرہ؛ (۷) *Journal of the Archaeological Society of Delhi*، ۱۸۵۰ء، بمواضع کثیرہ؛ (۸) J. Ph. Vogel : *Catalogue of the Delhi museum of archaeology*، کلکتہ ۱۹۰۸ء، تکملہ ۲: *The Sultans of Delhi and their existing monuments* ........ ص ۶۰ تا ۷۱؛ (۹) W. Franklin : *An Account of the present state of Delhi*، در *Asiatick Researches*، ۴(۱۷۹۵ء): ۴۱۹ تا ۴۳۲؛ دہلی میں کتبوں کے لیے دیکھیے خصوصاً (۱۰) J. Horovitz : *A list of the published Mohameadan inscriptions in India*، در *EIM*، ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء، ص ۳۰ تا ۱۴۴؛ (۱۱) *Memoir ASI*، ج ۴۷؛ [نیز دیکھیے (۱۲) A. Cunningham : *Archaeological survey of India*، ج ۱، شملہ ۱۸۷۱ء؛ (۱۳) A. Harcourt : *The New Guide to Delhi*، میرٹھ ۱۸۷۰ء؛ (۱۴) محمد ریاض الدین امجد : سرو ریاض، آگرہ ۱۸۶۰ء؛ (۱۵) عبدالغفور : آثار المتأخرین، دہلی ۱۸۷۵ء؛ (۱۶) مرزا حیرت : چراغ دہلی، دہلی ۱۹۰۳ء؛ (۱۷) سید احمد دہلوی : یادگار دہلی، دہلی ۱۹۱۱ء؛ (۱۸) نواب علی نور: سیر دہلی، دہلی ۱۹۱۱ء؛ (۱۹) بشیر الدین احمد : واقعات دارالحکومت دہلی، آگرہ ۱۹۱۹ء؛ (۲۰) حسن نظامی : سیر دہلی، بار پنجم، دہلی ۱۹۲۷ء؛ (۲۱) *Ency. Brit.* بذیل مادہ].

(J. Burton-Page)

* **دہلی سلطنت : رک بہ ہند.**

* **دہلی کالج : ۱۸۲۳ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی** کی قائم کردہ مجلس تعلیم عامّہ نے ملک کے تعلیمی حالات کی چھان بین شروع کی - دہلی کی مقامی مجلس تعلیم نے مدرسۂ غازی الدین خان میں کالج کے قیام کی سفارش کی - مشرق علوم کی یہ درسگاہ ۱۷۹۲ء میں قائم کی گئی تھی- ۱۸۲۵ء میں کمپنی کی حکومت کی سرپرستی میں دہلی کالج کی تنظیم جدید عمل میں آئی - ایسٹ

marfat.com
Marfat.com

انڈیا کمپنی کے منتظمین کی سفارش پر برطانوی پارلیمنٹ نے ہندوستان کی تعلیم کے لیے ایک لاکھ روپیہ سالانہ منظور کیا، جس میں سے پانچ سو روپے ماہوار دہلی کالج کے لیے مقرر کیے گئے۔ یہاں عربی، فارسی اور سنسکرت کی تعلیم دی جاتی تھی۔ ۱۹۲۸ء میں دہلی کالج میں انگریزی زبان کی تعلیم بھی دی جانے لگی، لیکن عام مخالفت کی وجہ سے انگریزی جماعت مشرقی شعبے سے برائے نام علٰحدہ کر دی گئی۔ دہلی کالج کی ایک بڑی خصوصیت یہ تھی کہ یہاں السنہ و علوم کا ذریعۂ تعلیم اُردو تھا۔ ۱۸۳۵ء میں ہندوستان میں نئے تعلیمی نظام کا نفاذ ہوا، جس میں نہ صرف مغربی علوم میں بلکہ عربی، فارسی، سنسکرت کے لیے بھی ذریعۂ تعلیم انگریزی کو قرار دیا گیا تھا، لیکن دہلی کالج کا ذریعۂ تعلیم اردو ہی رہا۔ ۱۸۴۴ء میں مغربی اور مشرقی شعبوں کا نصاب تعلیم یکساں کر دیا گیا۔ کالج میں حساب، جیومیٹری، الجبرا، طبیعی فلسفہ، طبیعیات، جغرافیہ، تاریخ، معاشیات، اصول قانون وغیرہ مضامین داخل نصاب تھے۔ مغربی شعبے میں انگریزی اور مشرقی شعبے میں اردو ذریعۂ تعلیم تھا۔ نصابی کتب کی کمیابی کی وجہ سے شروع شروع میں تعلیم زیادہ تر لیکچروں کی صورت میں دی جاتی تھی۔ مسٹر کارگل، پرنسپل، اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ "مشرقی شعبے کا طالب علم سائنس کی تعلیم میں آگے بڑھ رہا ہے اور کسی طرح اپنے حریف یعنی انگریزی شعبے کے طالب علم سے پیچھے نہیں ہے، لیکن اندیشہ یہ ہے کہ مناسب کتابوں کے نہ ہونے سے وہ بخوبی اس علم کو حاصل نہیں کر سکتا جو کتابوں کے موجود ہونے سے کر سکتا ہے" (مرحوم دہلی کالج، ص ۵۰)۔

اس مشکل سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ۱۸۴۳ء میں "دہلی ورنیکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی" قائم کی گئی۔ اس انجمن نے علوم و فنون کی کتابوں کو انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کرنے کے لیے چند قواعد بھی وضع کیے (مرحوم دہلی کالج، ص ۱۲۵ ببعد)۔ مسٹر بتروس، پرنسپل (تقرر ۱۸۴۱ء)، نے انگریزی کتب کا اردو میں ترجمہ کرانا شروع کر دیا تھا، انجمن کے قیام سے یہ سلسلہ ایک باقاعدہ تحریک کی صورت اختیار کر گیا۔ کالج کے اساتذہ اور ذہین طلبہ پرنسپل کی نگرانی میں ترجمہ کرتے، جس کا انھیں فی صفحہ معاوضہ دیا جاتا۔ ترجمہ مکمل ہونے پر ہر کتاب کے ایک ایک سو نسخے طبع کرا کے نصاب میں داخل کر دیے جاتے۔ ان ترجمہ شدہ کتب کے متعلق یہ قرار پایا تھا کہ مدرسین پڑھاتے وقت تمام غلطیوں اور مبہم جملوں وغیرہ پر نظر رکھیں جو اُن کی رائے میں قابل اصلاح ہوں اور بعد میں پرنسپل کے مشورے سے دوسرے ایڈیشن میں اصلاح کر لی جایا کرے؛ اس طرح ہر ترجمہ گو شروع میں کیسا ہی ناقص کیوں نہ ہو، آخر میں تمام غلطیوں سے پاک و صاف ہو جائے گا۔ ۱۸۴۵ء میں مسٹر بتروس کی سبکدوشی کے بعد ڈاکٹر سپرنگر پرنسپل مقرر ہوئے۔ ان کے عہد میں بھی تالیف و ترجمے کا کام بڑی سرگرمی سے جاری رہا۔ پہلے درسی کتب کے تراجم کیے گئے، پھر دوسری کتابیں بھی تالیف و ترجمہ ہونے لگیں۔ جب کسی انگریزی کتاب کا اُردو میں ترجمہ ہو کر چھپ جاتا تو وہ کتاب دہلی کالج کے مشرقی شعبے میں بالکل اسی طرح کام آتی جس طرح مغربی شعبے میں اصل انگریزی کتاب کام آتی تھی۔ اُردو کو علمی زبان بنانے کی یہ پہلی سعی تھی جو خاص اصول اور قاعدے کے ساتھ عمل میں آئی۔ ٹرانسلیشن سوسائٹی نے ریاضی، جیومیٹری، قانون، تاریخ، ہیئت، کیمیا، جغرافیہ، طبیعی فلسفہ، معاشیات، نباتیات، عضویات، طبیعیات، طب، لسانیات، صرف و نحو، شعر و ادب وغیرہ مختلف موضوعات پر کم و بیش ۱۱۷ کتب تالیف و ترجمہ کرائیں (فہرست کے لیے دیکھیے مرحوم دہلی کالج ص ۱۳۷ ببعد)۔

۱۸۵۷ء کے انقلاب میں دہلی کالج کو سخت

Marfat.com

نقصان پہنچا اور اس کا ساز و سامان تباہ ہوگیا۔ ۱۸۶۴ء میں کالج دوبارہ جاری ہوا، لیکن اس کی صورت بہت کچھ بدل گئی تھی۔ کالج کا تعلق پنجاب گورنمنٹ سے تھا، لیکن طلبہ کلکتہ یونیورسٹی میں امتحان دیتے تھے اور وہیں کا نصاب تعلیم رائج ہوگیا تھا، جس میں ذریعۂ تعلیم انگریزی تھی۔ کالج میں اردو کا چرچا کم ہوگیا اور ترجمہ و تالیف کا سلسلہ بھی ختم ہوگیا۔ ۱۸۷۷ء میں دہلی کالج ٹوٹ گیا اور اس کا عملہ گورنمنٹ کالج میں منتقل ہوگیا۔

**مآخذ**: (۱) مولوی عبدالحق، مرحوم دہلی کالج، مطبوعۂ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد؛ (۲) Ram Babu Saksena: *A History of Urdu Literature*، ص ۹۲، و اردو ترجمہ: تاریخ ادب اردو، از محمد عسکری، مطبع نولکشور، بار دوم، حصۂ نثر، ص ۲۷؛ (۳) محمد عتیق صدیقی: ہندوستانی اخبار نویسی، دہلی ۱۹۵۷ء، ص ۳۲۰ ببعد؛ (۵) H.L.O. Garret: *A History of the Government College, Lahore*، ۱۹۱۳ء، ص ۳۵؛ (۶) سی۔ ایف اینڈریوز: ذکاء اللہ دہلوی (ترجمہ ضیاء الدین برنی)، کراچی ۱۹۵۲ء، ص ۶۵ ببعد۔

(غلام حسین ذوالفقار)

* **اَلدَّهْنَاء**: سعودی عرب میں، صحرائے نُفُود کا ایک طویل و تنگ محراب نما قطعہ، جس کا عرض دس سے لے کر ۷۵ کیلومیٹر تک ہے اور مجموعی طور پر ایک ہزار کیلومیٹر سے زائد لمبائی میں ایک شرق رویہ خمدار خط کے گرد پھیلا ہوا ہے، جو شمال مغرب کے نفوذ اعظم کو جنوب کے (اَلرُّبع الخَالی [رک باں]) سے ملا دیتا ہے۔ کناروں کے ماسوا اس کا باقی حصہ پانی کے قدرتی وسائل سے عاری ہے، لیکن چراگاہ کے طور پر یہ ایک مقبول عام خطّہ ہے۔

گزشتہ زمانے میں یہ الیمامہ کے الدرونی علاقے کو البحرین کے ساحلی خطے سے جدا کرتا تھا، لیکن آج کل نجد کے صوبے اور مشرق صوبے (۱۹۵۳ء تک الحساء یا الأحساء کا صوبہ) کے درمیان ایک غیر رسمی حد فاصل کا کام دیتا ہے۔ اس کا مغربی کنارہ بڑی حد تک اس علاقے کی مغربی حد کی تشکیل کرتا تھا جہاں سے تیل نکالنے کا اجارہ ۱۹۳۳ء میں امریکی کمپنی کو دیا گیا تھا، تاہم اس علاقے کی حدود اس سے بھی زیادہ مغرب کی جانب پھیلی ہوئی تھیں۔ ۱۹۵۷ء میں تیل کے پہلے کنویں کی کھدائی سے اس ریگستان میں، نیز مشرق سمت میں اس سے ملحق علاقے میں تیل کا ایک خطّہ دریافت ہوا، جو خُرَیْص کا خطّہ کہلاتا ہے اور غوار کے بڑے خطّے کے تخمیناً ۱۲۰ کیلومیٹر مغرب میں اور الهفوف (الحساء کے نخلستان میں) کے تقریباً ۱۵۰ کیلومیٹر مغرب میں واقع ہے۔

الدّهناء ریتلے صحراء کے ان دو متوازی ٹکڑوں میں سے مشرق اور نسبۃً بڑا مسلسل ٹکڑا ہے جو النُّفود سے بحیثیت مجموعی جنوب مشرق کی سمت میں پھیلے ہوئے ہیں (دیکھیے جزیرۃ العرب، بالخصوص ص ۵۳۶ الف)۔

**مآخذ**: علاوہ ان جغرافیہ نگاروں اور مؤرخین کے جن کا ذکر اوپر ہوا ہے (۱) Admirality: *A Handbook of Arabia*، لندن ۱۹۱۶ء تا ۱۹۱۷ء؛ (۲) حدود العالم (طبع Minorsky)، لندن ۱۹۳۷ء؛ (۳) ابن بُلَیہد: صحیح الاخبار، قاہرہ ۱۳۷۰ھ؛ (۴) R.E. Cheesman: *In Unknown Arabia*، لندن ۱۹۲۶ء؛ (۵) H.R.P. Dickson: *The Arab of the Desert*، لندن ۱۹۴۹ء؛ (۶) وہی مصنف: *Kuwait and Her Neighbours*، لندن ۱۹۵۶ء؛ (۷) ابن جُبَیر: الرِّحلة طبع Wright، لائڈن ۱۹۰۷ء؛ (۸) D.G. Hogarth: *The Penetration of Arabia*، لندن و نیویارک ۱۹۰۴ء؛ (۹) G.E. Leachman: *A Journey in Northeastern Arabia*، در G J، ج ۳۷، ۱۹۱۱ء؛ (۱۰) وہی مصنف: *A Journey through Central Arabia*، در G J، ج ۴۳، ۱۹۱۴ء؛ (۱۱) G. Rentz، Roy Lebkicher

marfat.com
Marfat.com

M.Steinike: *The Arabia of Ibn Saud*، نیویارک ۱۹۵۱ء؛ (۱۲) J.G. Lorimer: *Gazetteer of the Persian Gulf, Omān, and Central Arabia*، کلکته ۱۹۰۸ تا ۱۹۱۵ء؛ (۱۳) Alois Musil: *Northern Neğd*، نیویارک ۱۹۲۸ء؛ (۱۴) W. G. Pulgrave: *Central and Eastern Arabia*، لنڈن ۱۸۶۵ء؛ (۱۵) Lewis Pelly: *A Visit to the Wahabee Capital, Central Arabia*، در *JRHS*، ج ۳۵، ۱۸۶۸ء؛ (۱۶) H. St. J. B. Philby: *Across Arabia: the Persian Gulf to the Red Sea*؛ در *GJ*، ج ۵۶، ۱۹۶۰ء؛ (۱۷) وهی مصنف: *The Heart of Arabia*، لنڈن ۱۹۲۲ء؛ (۱۸) وهی مصنف: *The Empty Quarter*، نیو یارک ۱۹۳۳ء؛ (۱۹) Barclay Ravnkiarr: *Gennem Wahhabiternes Land paa Kamelryg*، کوپن هیگن ۱۹۱۳ء؛ (انگریزی ترجمه نقشوں اور تصویروں کے بغیر *Through Wahabiland on Camel-Back*، قاهره ۱۹۱۶ء؛ جرمن ترجمه از W. Schmidt: *Auf dem Kamelrücken durch das Land der Wahibiten*، ۱۹۱۷ء)؛ (۲۰) امین ریحانی: *Ibn Sa'oud of Arabia*، لنڈن ۱۹۲۸ء؛ (۲۱) G.F. Sadlier: *Account of a Journey from Katif... to Yamboo..., Transaction...Lit. Soc. Bombay*، ج ۳، لنڈن ۱۸۲۳ء؛ (۲۲) وهی مصنف: *Diary of Journey Across Arabia*، طبع P. Ryan، بمبئی ۱۸۶۶ء؛ (۲۳) عمررضا کحالة: جغرافیة شبه جزیرة العرب، دمشق ۱۳۶۴ھ/۱۹۴۵ء؛ (۲۴) Ferdinand Wüstenfeld: *Die Strasse von Baçra Nach Mekka...*، در *ABh.K.G.W. Gött*، ج ۱۶، ۱۸۷۱ء؛ (۲۵) وهی مصنف: *Bahrein und Jemâma, nach Arabischen Quellen*، ج ۱۹، ۱۸۷۴ء.

نقشے: وزارت مالیات و قومی معاشیات (مملکت سعودی عرب) اور وزارت خارجه (امریکه) کی مشترکه سرپرستی میں شعبۂ مساحت ارضیات، ریاست هاے متحده امریکه اور عرب امریکی آئل کمپنی کے نقشوں کا سلسله - پیمانه = ۱ : ۲۰۰۰۰۰۰ (جغرافیائی): "جزیرۂ عرب"، نقشه ۱ - ۲۷۰ B-I (۱۹۵۰ء) - پیمانه ۱ : ۵۰۰۰۰۰ (جغرافیائی): جنوبی طویق، نقشه ۱ - ۲۱۲ B (۱۹۵۶ء)؛ شمالی طویق نقشه ۱ - ۲۰۷ B (۱۹۵۷ء)؛ مغربی خلیج فارس، نقشه ۱ - ۲۰۸ B (۱۹۵۸ء)؛ درب زبیده، نقشه ۱ - ۲۰۲ (زیر طبع ۱۹۶۰ء) - *The Times Atlas of the World*، طبع Bartholomew، *Mid-Eentury Edition*، نقشۂ عرب در جلد ۲، لنڈن ۱۹۶۰ء [نیز دیکھیے ۱آ، لائڈن، بار دوم، بذیل مادّه].

(C. D. MATTHEWS [تلخیص از اداره])

* **دَهْنَج**، فارسی دهنة، دهانة، مرمر سبز (سبز سنگ مرمر)؛ ترکی: دهنهٔ فرنگی؛ انگریزی: malachite؛ تانبے کی معروف سبز رنگ کی خام دھات - رسائل اخوان الصفا میں اس دھات کے بارے میں جو بیان ہے اس کا تعلق نام نهاد ارسطاطالیسی دور کی حکاکی سے ہے - اس بیان کی رُو سے جب تانبے کی کانوں میں گندھک کے بخارات تانبے میں سرایت کر جاتے ہیں تو سبز رنگ کا پرت دار پتھر بن جاتا ہے - اس کے رنگ کو زَبَرْجَد (chrysolith) کے رنگ سے مشابه بتایا گیا ہے، تاهم یه مختلف رنگتوں میں ظاہر ہوتا ہے: گہرا سبز، دھاری دار (veined)، مور کے پروں کی رنگت اور ہلکا سبز اور سبز رنگ کی دوسری اقسام - بعض اوقات زمین کے اندر ته در ته شکل اختیار کرنے کے دوران میں ایک ہی ٹکڑے میں یه سب رنگتیں پیدا ہو جاتی ہیں - یه پتھر نرم ہوتا ہے، لیکن ایک زمانے کے بعد اس کی چمک دمک زائل ہو جاتی ہے - بلّینوس (=اپلونیوس تیانوی) کے تتبع میں تیفاشی بیان کرتا ہے که کس طرح بہترین تانبا اس پتھر سے حاصل کیا جاتا ہے - مصر، کرمان اور خراسان سے ایک قسم کا نیا اور پرانا دَهْنَج دستیاب ہوتا ہے - سب سے اعلٰی قسم پرانا کرمانی پتھر ہے - یه قدیم مصری مقابر میں بالعموم تعویذوں (scarabs)، چھوٹی چھوٹی مورتیوں اور تراشے ہوے پتھروں کی شکل میں پایا گیا ہے - دَهْنَج کے بارے میں ایک مفصل بیان الرازی کا ہے،

Marfat.com

جو امور ذیل سے بھی بحث کرتا ہے: (۱) اس کی تکلیس (اس کی تحلیل اور اس میں شامل گندھک اور تیل کا جل جانا)، جس کے عمل کے چار طریقے ہیں؛ (۲) نمکیات اور سہاگے کی وجہ سے اس کا مٹی بن جانا؛ ۔ر ایک بجائے خود چار طرح سے عمل کرتا ہے۔

سفوف کی شکل میں سرکے کے ساتھ اس کا استعمال زہر کا اثر زائل کرنے کے لیے بہت مفید سمجھا جاتا ہے؛ اس کے برعکس یہ اس شخص کے لیے مضرت رساں ہے، جسے زہر نہ دیا گیا ہو؛ چنانچہ اس صورت میں یہ اعضا میں خطرناک سوزش پیدا کر دیتا ہے۔ اگر اسے بچھو یا شہد کی مکھی کے کاٹے پر مل دیا جائے تو تکلیف کم ہو جاتی ہے۔ یہ جذام اور آشوب چشم کے لیے داروے شفا ہے۔ شاعری میں اس لفظ کے استعمال کی مثال الشمّاخ کے کلام میں مل سکتی ہے (LA، بذیل مادۂ دہنج).

**مآخذ**: (۱) رسائل اخوان الصّفا (مطبوعہ بمبئی)، ۲: ۸۱؛ (۲) التیفاشی: ازہار الافکار، مترجمۂ C. Raineri Biscia، طبع جدید Bologna، ۱۹۰۶ء، ص ۴۳)؛ (۳) القزوینی: عجائب المخلوقات (Cosmography)، طبع Wüstenfeld)، ۱: ۲۲۴؛ (۴) ابن البیطار (طبع بولاق ۱۲۹۱ھ)، ۲: ۱۱۷ ببعد؛ (۵) Leclerc: *Traité des Simples*، ۲: ۱۳۲؛ (۶) Clément-Mullet، در *JA*، سلسلۂ ششم، ۱۱ (۱۸۶۸ء): ۱۸۵ ببعد؛ (۷) Steins-chneider، در *WZKM*، ۱۲ (۱۸۹۸ء): ۱۳؛ (۸) Ruska: *Das Steinbuch aus der Kosmographie des Al-Qazwini (Beilage zum Jahresbericht 1895-96 der prov. Oberrealschule zu Heidelborg)*، ص ۲۲؛ (۹) وہی مصنف: *Das Steinbuch des Aristoteles*، ص ۱۰۳ ببعد، ۱۲۵ تا ۱۲۷؛ (۱۰) وہی مصنف: *Al-Rāzī's Buch Geheimnis der Geheimnisse*، ص ۴۳، ۸۶، ۱۳۹ ببعد، ۱۷۷ ببعد، ۱۹۷ ببعد؛ (۱۱) Barhebraeus: منتخب کتاب جامع المفردات لاحمد ـ ـ ـ الغافقی (طبع Meyehof و Sobhy)، قاہرہ ۱۹۳۸ء، ۱/۳: ۱۱۱ (عربی متن) و ص ۵۳۰ (انگریزی ترجمہ)؛ (۱۲) Wiedemann: *Beiträge*، ۳۰: ۲۲۷ (= *SBPMS Erlg.*، ج ۴۴، ۱۹۱۲ء)، بہ تتبع ابن الاکفانی: نخب الذخائر.

(A. Dietrich)

* **دِہْ ہانی**: خوجہ، ساتویں صدی ہجری/ تیرھویں صدی عیسوی کا اناطولوی شاعر، "دیوان" (یعنی غزل کی) شاعری کا قدیم ترین نمائندہ۔ اس کی زندگی کے متعلق بجز اس کے کچھ معلوم نہیں کہ وہ خراسان سے آیا تھا اور ایک زمانے میں سلجوق سلطان علاء الدین کیقباد سوم کے دربار میں تھا، جس کے لیے اس نے بیس ہزار شعروں کا سلجوق شاھنامہ لکھا، جو ہم تک نہیں پہنچا (M. F. Koprulu: *Anadolu Selcuklu Tàrihinin Yerkli Kaynakari*، در *Belleten*، ۷: ۲۷ ۳۹۶ تا ۳۹۷)۔ اس کی صرف دس غزلیں باقی بچی ہیں۔ انھیں کئی "نَظِیْرہ" مجموعوں سے اکٹھا کیا گیا ہے اور وہ ۱۹۲۶ء اور اس کے بعد سے شائع ہوتی رہی ہیں (دیکھیے مآخذ)۔ اپنے ہم عصروں کے برعکس وہ متصوفانہ یا ناصحانہ موضوعات کو نہیں چھیڑتا، بلکہ عروض کی حیرت انگیز مہارت کے ساتھ بڑے رواں انداز میں عشق مجازی، شراب اور صاحب دیوان شاعروں کے دوسرے مقررہ موضوعات پر شعر کہتا ہے۔

**مآخذ**: کوپرولوزادہ محمد فواد: خوجہ دہ ہانی، در حیات، ۱: ۱، انقرہ ۱۹۶۹ء؛ (۲) وہی مصنف: *Selçuklu devri edebiyati hakkinda bazi notlar*، در حیات، ۴: ۱۰۳، انقرہ ۱۹۲۸ء؛ (۳) Mecdut Mansuroğlu: *Dehhānī ve Manzumleri: xiii asir Anadolu Turkçesi*، استانبول ۱۹۴۷ء.

(Fahir Iz)

* **دی**: رک بہ دایی.

* **دِیار بَکْر**: یعنی "بنو بکر کی سر زمین وطن"، جو جزیرہ (العراق) کے شمالی صوبے کا نام ہے۔ یہ اس خطے کو محیط ہے جو دریاے دجلہ کے منبع سے

marfat.com
Marfat.com

بائیں اور دائیں کناروں پر وھاں تک چلا گیا ھے جہاں دریا اپنی شرقاً غرباً گزرگاہ کو تبدیل کرکے جنوب مشرق جانب مڑ گیا ھے ۔ لہٰذا یہ شہر آمِد اور حِصنُ الْحَمَّہ (چرمُک) کے شمال مغرب تک آمِد کے مغرب اور سِعرِتْ تل فافان سے لے کر آرقْنِین کے خطّے تک دریاے دجلہ کا بالائی طاس ھے ۔ یاقوت نے بھی وضاحت کی ھے کہ دیار بکر میدانی علاقے سے آگے نہیں جاتا ۔

اسے دیار بکر اس لیے کہتے ھیں کہ پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی کے دوران میں یہ بَکر بن وائل [رک بآن] کے قبیلۂ ربیعہ کے ایک ممتاز گروہ کا مسکن بن گیا تھا۔ قبائل بکر قبل از اسلام کی قبائلی جنگوں کے سلسلے میں پہلے ھی عراق میں آ گئے تھے ۔ الکُوفہ کے خطے میں کچھ عرصہ ٹھیرنے کے بعد ان کے گروہ شمال کی طرف پھیل گئے۔ حضرت عثمانؓ کی خلافت کے عہد فتوحات میں، جب حضرت معاویہؓ شام اور جزیرے کے والی تھے، بعض مُضری اور ربیعی قبائل حکومت کے حکم سے اس خطّے کی غیر مقبوضہ اراضی میں بس گئے ۔ حضرت معاویہؓ نے مُضریوں کو جس جگہ بسایا اُسے دیار مضر، اور جہاں ربیعوں کو بسایا اسے دیارِ ربیعہ کہنے لگے۔ البلاذری، جو یہ معلومات بہم پہنچاتا ھے، بنو بکر کا ذکر واضح طور پر نہیں کرتا ، جو ربیعی گروہ میں شامل تھے، لیکن اغلب یہ ھے کہ وہ اسی طریقے سے اور اسی زمانے میں دیار بکر میں مقیم ھوے۔ تاھم اس نام سے یہ مراد نہیں کہ یہ علاقہ فقط بنو بکر سے آباد تھا؛ اسی بنو بکر دوسرے مقامات میں بھی موجود تھے ۔

یہ دونوں گروہ چونکہ باھم مل گئے تھے لہٰذا دیارِ بکر اور دیارِ ربیعہ دونوں کو بعض اوقات مشترکہ طور پر دیار ربیعہ کے واحد نام سے پکارا جاتا تھا (یاقوت، ۲ : ۶۳۷)۔

دیار بکر کے بڑے بڑے شہر یہ ھیں : آمِد، جو دارالحکومت تھا؛ مَیّا فارِقین، حِصنِ کَیفا اور اَرزَن، جو دراصل ارمینیا کا ایک حصہ ھے ۔ انتظامی نقطۂ نظر سے دیار بکر کے علاقے کی قسمت عام طور پر وھی رھی جو الجزیرہ کی تھی۔ پھر بھی اس نے بعض اوقات اپنے ھمسایہ ارمینیا کے ساتھ مل کر جداگانہ اور نیم خود مختار حکومت قائم کی اور عہد اسلامی میں بڑے بڑے تاریخی واقعات کا محل و مقام رہا [تفصیل کے لیے دیکھیے آآ، لائڈن، بار دوم، بذیلِ مقالہ]۔

یادگاریں: دیار بکر کے موجودہ شہر کے سب سے زیادہ امتیازی خصائص میں ایک بلا شبہہ اس کالے پتھر کے شہر کی اثری دولت ھے جس میں اس کے قدیم محلے بھی حصہ دار ھیں، جو فصیل بند ھونے سے اس شہر کو اس کی خصوصیت عطا کرتے ھیں اور جنھوں نے سارے قرون وسطٰی کے دوران میں اسے بڑی جنگی اھمیت دی تھی ، کیونکہ قدرتی حفاظت کے دیگر ذرائع کی یہاں کمی تھی ۔ اس کا حصار ابھی تک محفوظ ھے، لہٰذا قدرتی طور پر اس نے انیسویں صدی عیسوی کے یورپی سیّاحوں کی توجہ کو اپنی طرف منعطف کیا؛ نیز عرب فتح کے وقت سے جو سیّاح بھی اس قلعے کی سیر کو آئے ان سے ستائش حاصل کی (مثلاً ناصر خسرو کا بیان) ۔ لیکن جب تک کہ A. Gabriel نے موقع پر باقاعدہ اثری تفتیش نہ کرلی اس مشترکہ مطالعے کا از سرنو آغاز نہیں ھوا جسے پہلے M. van Berchem اور J. Strzygowski فقط عکسی تصاویر کے مواد کی بنا پر انجام دے رھے تھے، اور اس کے بعد ھی تسلیم کیا گیا کہ یہ آثار مشرق قریب میں قرون وسطٰی کے عسکری فن کے سب سے واضح شواھد میں سے ھیں۔ یہاں باقاعدہ طویل و عریض دھس دکھائی دیتا ھے، جس میں زمین کے نشیب و فراز کے مطابق کسی قدر ترمیم کر دی گئی ھے (اصل شہر فی الحقیقت ایک سطح مرتفع کے کنارے پر واقع تھا)، دریاے دجلہ کی طرف کی ڈھلائیں اس کی حدبندی کرتی تھیں)؛ پانچ کیلو میٹر سے زائد محیط

Marfat.com

کی فصیل اور اس کے بازوؤں پر برج اور جوابی دمدمے بنے ہوئے تھے؛ آگے مصنوعی ڈھلان دے کر خندق تھی جو اب پُر ہو چکی ہے ۔ فصیل میں کئی یادگار بڑے دروازے تھے اور اب کئی جگہ اس میں شگاف کر دیے گئے ہیں ۔ پردۂ فصیل کی خاکہ بندی (آٹھ تا بارہ میٹر اونچی، تین تا پانچ میٹر چوڑی، دونوں طرف استرکاری، بیچ میں اینٹ پتھر) اور اس کے اُوپر گشت کے راستے کی حفاظت روزن دار منڈیر (=کنگوروں) سے کی گئی ہے اور گشت کے راستے کے نیچے خاص خاص مقامات پر محرابی چھتے بنا دیے گئے ہیں؛ پھر مربع کثیرالاضلاع یا گول، مختلف ابھار والے برجوں کی ترتیب، سنگ میل کے مضبوط پیل پائے، جن کے نیچے خانے اور اُوپر کمرے یا چبوترے دفاع کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں ۔ یہ اور رومن عہد کے بعض تعمیری اجزا جو خرپوت، اُرفہ اور ماردین نام کے بڑے دروازوں کے بیرونی گوشوں میں موجود ہیں، یہ سب کتبات کی شہادت کے ساتھ مل کر اس حصار کی قدامت ظاہر کرتے ہیں، جس میں مسلمانوں کی فتح کے بعد بلاشُبہہ مسلسل تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں ۔ بہر کیف، ان عمارتوں کی اہمیت بھی کچھ کم نہیں جو بعد میں تعمیر ہوئیں، یعنی ایک طرف تو عہد عباسی میں خصوصاً بڑے دروازوں کی تعمیر نو، جنھیں مُعتَضِد نے منہدم کرا دیا تھا ، پھر المُقتَدِر نے انھیں دوبارہ تعمیر کروایا، (جیسا کہ ۲۹۷ھ/۹۰۹ء کے کتبات تصدیق کرتے ہیں)، دوسری جانب بنو مروان، بنو سلجوق اور بنو اُرتق کی عمارت، جنھوں نے مختلف اوقات میں مغربی جانب فصیل اور برجوں کی جزوی مرمتیں کروائیں (جن کی طرف کتبے اور چنائی میں تھونی کی موجودگی دونوں اشارہ کرتے ہیں)، یا اور بڑے بڑے وہ عمارتی کام ہیں جن کا ثبوت اُرتقی عہد کے اُولُو بَدَن اور یَدی کَردَش کے عظیم الجثّہ برجوں کی تعمیر سے ملتا ہے ۔ ان برجوں کا قطر پچیس میٹر سے زائد ہے اور اپنے تہہ خانوں اور غلام گردش کے پیچیدہ نظاموں کے ساتھ سابق عمارت کو گھیرے میں لیے ہوئے ہیں ۔ آخر میں عثمانی ترکوں کے عہد کے کام ہیں جنھوں نے حصار کی تو صرف مرمّت پر قناعت کی لیکن اپنی اہم کوششوں کو قلعے کی طرف لگایا ، دھس کے شمال مشرق کونے پر اُسے بڑھایا اور اُرتقوں کے سابق محل کے کھنڈروں کی جگہ اپنی عمارتیں بنوائیں ۔

احاطے کے اندر جامع مسجد، یعنی اُلُوجامع قابلِ ذکر ہے ۔ اس کے کتبے بڑی تعداد میں [عمارت کے] غیر متجانس حصوں میں بکھرے پڑے ہیں، جن میں دوبارہ استعمال میں لایا ہوا مسالا غالب نظر آتا ہے ۔ عمارت مذکور کی اصل اور تاریخ کے بارے میں یہ کتبے شدید اختلاف کا باعث بنتے رہے ہیں ۔ جہاں تک اس عمارت کی اصل حالت اور ان آفتوں (بالخصوص آگ) کا تعلق ہے جن سے ہماری کتابی معلومات کی رُو سے یہ دو چار ہوتی رہی ہے، قرین قیاس نتیجہ یہی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ یہ عمارت خالصۃً اسلامی ہے ؛ اور اس میں ملک شاہ کے زمانے سے سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی کے عثمانی سلاطین تک مختلف فرمانرواؤں کے عہد میں ترمیم و اصلاح ہوتی رہی ہے ۔ یہاں چند اُرتقی مدرسوں کا ذکر بھی لازم ہے ۔ ان کے بیچوں بیچ صحن ہوتا تھا، اس کے گرد کمانچے اور پھر مسعودیہ اور زنجیریہ مدارس، نیز متعدد عثمانی مساجد کی طرح ایک بہت بڑا اندرونی ایوان ہوتا تھا؛ مسجدوں میں نماز کے دالان کا داخلہ ایک سادہ کمانچے سے ہوتا اور اُوپر کثیرالاضلاع ڈھولے پر ایک گنبد بنا دیتے تھے ۔ یہ گنبد ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء میں شہر فتح ہو جانے کے بعد کے سنین میں تعمیر ہوئے ۔ اس آخری دَور کے دوسرے دلچسپ آثار، جن سے دیار بکر کی حقیقی معاشی خوشحالی کا پتا چلتا ہے، شہری تعمیرات سے تعلق رکھتے ہیں اور بالکل نئے طرز کی عظیم الشان کاروان سراؤں اور شاندار حویلیوں پر مشتمل ہیں، جو

marfat.com
Marfat.com

ایک هی طرز کی اور عمدہ تراشیدہ پتھروں سے بنی ہوئی هیں ۔

ان مختلف عمارتوں کی ساخت کی خصوصیات کے ذکر میں یه بات فراموش نہیں کرنی چاہیے که قرون وسطٰی میں اعلٰی درجے کے ماهرفن سنگ تراشوں کا بھی ایک دبستان دیار بکر میں تیار ہو گیا تھا، جس نے نه صرف فنی اعتبار سے بہت بلند پایه منبّت کاری کے نمونے ان کی دیواروں پر نقش کیے (ارتقی منبّت نقش و نگار میں اکثر حیوانی اشکال ملتی هیں) بلکه آرائشی تحریر [خط طغرٰی] کو، جو ان دنوں یادگار عمارتوں کی بیرونی تزئینات میں اضافه کرنے کے سلسلے میں بہت مقبول تھا ، ایک مخصوص اسلوب بخشنے میں تحریک کا کام دیا - دیار بکر کی پانچویں صدی هجری/گیارهویں صدی عیسوی میں کتبوں والے فیتے جو S. Flury کی (جسے صحیح معنوں میں اس میدان کا پہلا محقّق کہا جا سکتا ہے) گہری تحقیق کا موضوع بن چکے تھے، شمالی میسوپوٹیمیا (عراق) کی آرائشی کتابت کی بہترین مثالیں هیں - اسی نے آگے چل کر نواحی علاقوں کو متأثر کیا - ان کی آرائش و ترصیع سے "اس حیرت انگیز تنوع کی اهمیت بہت نمایاں ہو گئی ہے جس سے جزئیات پیش کرنے میں کام لیا جاتا تھا اور جس سے ایک نیا طرز وجود میں آیا جو مخترعانه صلاحیت کا نمونه تھا" (J. Sauvaget، در *Ars Islamica*، ۱۹۳۸ء، ص ۲۱۴) .

**مآخذ:** (۱) M. van Berchem: *Arabische Inschriften, apud:* M. von Oppenheim, *Inschriften aus Syrien, Mesopotamien und Kleinasien*، لائپزگ ۱۹۰۹ء، ص ۷ تا ۱۰۰ (عدد ۱۱۳ تا ۱۲۵)؛ (۲) M. van Berchem و J. Strzygowski: *Amida*، هائیڈل برگ، پیرس ۱۹۱۰ء؛ (۳) S. Flury: *Islamische Schriftbänder Amida-Diarbekr*، باسل، پیرس ۱۹۲۰ء (=*Bandeaux ornementés à inscriptions arabes*، در *Syria*، ۱۹۲۰ تا ۱۹۲۱ء، ص ۲۳۵ تا ۲۴۹، ۳۱۸ تا ۳۲۸، ۵۴ تا ۶۲)؛ (۴) A. Gabriel: *Voyages archéologiques dans la Turquie orientale*، مع *Recueil d'inscriptions arabes*، از J. Sauvaget، پیرس ۱۹۴۰ء، ص ۵ تا ۲۰۵، ۳۱۰ تا ۳۳۸ (عدد ۳۸ تا ۱۰۸).

(J. SOURDEL-THOMINE [تلخیص از ادارہ])

## الدیار بکری

**الدیار بکری:** حسین بن محمد بن الحسن - * آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی تاریخ بعنوان تاریخ الخمیس فی أحوال نَفْس نفیس کا دسویں صدی هجری/سولھویں صدی عیسوی کا مصنف؛ مذکورہ تاریخ اپنے زمانے میں بہت مقبول تھی اور متعدد مخطوطات کی صورت میں محفوظ ہے اور دو مرتبه چھپ بھی چکی ہے (قاهرہ ۱۲۸۳ھ/۱۳۰۲ھ)- اس کے علاوہ اس کتاب میں بعد کی تاریخ اسلام کا مختصر خاکه بھی درج ہے - اختتام پر عثمانی حکمرانوں کے نام گنائے گئے هیں - بعض مخطوطات میں یه شمار سلیمان قانونی پر ختم ہو جاتا ہے، لیکن عام طور پر اس کا خاتمه مراد سوم (۹۸۲ھ / ۱۵۷۴ء) پر ہوا ہے - اس مصنف کی ایک خصوصیت یه ہے که اس نے مکۂ معظمه کے خانۂ کعبه کا مفصل حال بیان کیا ہے - اس کی شخصیت کے متعلق بہت اُلجھن پائی جاتی ہے - بقول حاجی خلیفه (طبع فلوگل)، ۳ : ۱۷۷، یه تاریخ ۹۴۰ھ/۱۵۳۴ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی اور اس کا مصنف مکّۂ معظمه میں رہتا تھا اور ۹۶۰ھ/۱۵۵۰ء کے عشرے میں فوت ہوا - لیکن آیے اور قاضی کرم الدّین حسین المالکی مکی کو، جسے ۹۸۲ھ / ۱۵۷۴ - ۱۵۷۵ء میں قاضی مقرر کیا گیا تھا (العیدرُوسی: النُّور السافر، ۳۸۰ تا ۳۸۳؛ ابن العماد: شذرات، ۸ : ۴۱۹ ببعد)، چونکه ایک هی شخص مان لیا گیا ہے اس بنا پر اس کی تاریخ وفات اب ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء دی جاتی ہے، لیکن ان کے ایک هی شخص ہونے کا

Marfat.com

ثبوت میّسر نہیں آیا ۔ ہو سکتا ہے کہ النّہروالی کی غیر مطبوعہ تصانیف سے اس مسئلے کا فیصلہ ہو جائے ۔ بہر کیف، دونوں کا ایک ہونا غیر اغلب ہے، یعنی اگر تاریخ کے فقط وہ مخطوطے پیش نظر رکھے جائیں جو استانبول میں موجود ہیں، جیسے [محظوطہ] طوپ قپو سرائے، احمد ثالث، ۳۰۴۴، جو زیادہ سے زیادہ ۹۶۰ھ/۱۵۵۳ء کے لگ بھگ لکھا گیا تھا اور جس میں کہا گیا ہے کہ یہ تصنیف ۹۳۵ھ/ ۱۵۲۸-۱۵۲۹ء میں مکمل ہوئی تھی (اور جو ایک قدیم‌تر تصحیح کردہ نسخے پر مشتمل ہے جو دراصل مصر میں یوسف المُستنصر کی خلافت پر پہنچ کر منقطع ہو جاتا ہے) ، یا داماد ابراہیم [کتب خانے کا مخطوطہ] عدد ۸۹۸، جس کی تاریخ کتابت ۲۸ صفر ۹۴۱ھ چہارشنبہ/ (سہ شنبہ) ۸ ستمبر ۱۵۳۴ء ہے اور جس میں مذکور ہے کہ یہ کتاب یک شنبہ ۸ شعبان ۹۴۰ھ/۲۳ فروری ۱۵۳۴ء کو مکمل ہوئی تھی (دیکھیے حاجی خلیفہ، موضوع مذکور).

**مآخذ** : (۱) براکلمان، ۲ : ۵۰۰؛ تکملہ ۲: ۵۱۴؛ تکملہ ۳ : ۱۲۹۳؛ (۲) عثمانلی مؤلفلری، ۳ : ۱۱۸ ببعد ؛ (۳) رسالہ فی ذرع الکعبۃ کا ایک اور نسخہ در استانبول، Bagdatli Vehbi، ۱۱۴۲، ورق ۱۰ب تا ۱۶ الف .

(F. Rosenthal)

* **دیار ربیعہ** : ایک نام جس کی تشکیل اسی طرح ہوئی ہے جیسے دیار بکر [رک بآں] کی، الجزیرۃ کا سب سے مشرقی اور وسیع ترین صوبہ ہے ۔ اس میں تین خطّے شامل ہیں : دریاے خابور اور اس کے معاون ہرماس (جغ جغ) اور ان کے سرچشموں کا خطّہ، یعنی طُور عَبدین کی ڈھلانیں؛ دریاے ہرماس اور دریاے دجلہ کے درمیان کا قطعہ، یعنی سابقہ بِث عربایہ، مع جَبل سنجار کے؛ اور دریاے دجلہ کے دونوں کناروں پر تل فافان اور تکریت کے درمیان کا خطّہ، جو عراق کی سرحد بناتا ہے ۔ دونوں زاب ندیوں کے زیریں سلسلے بھی اس آخری خطّے میں شامل ہیں ۔ بڑے بڑے شہر یہ ہیں: دارالحکومت مُوصل (المَوصل) دریاے دجلہ کے بائیں کنارے پر، بَلَد، جزیرۃ اِبنِ عُمر، السِّن، اور مغرب میں برقعید، سِنجار، نَصیبین، ماردین اور راس العَین .

دیار ربیعہ کی تاریخ کو عموماً الموصل کی تاریخ کے ساتھ خلط ملط کر دیا جاتا ہے ۔ اس کی خصوصیت خارجیوں کی متعدد بغاوتیں تھیں جنھوں نے الجزیرۃ کے دوسرے خطّوں کو بھی متاثر کیا، عہد بنی اُمیّہ میں بھی اتنا ہی جتنا عہد عباسیّہ میں ۔ پہلے عہد میں ان بغاوتوں میں الجزیرۃ اور شام کے والیوں کی باہمی رقابت کی وجہ سے مزید پیچیدگیاں پیدا ہوگئیں ۔ عہدِ عباسیہ میں دیارِ ربیعہ میں جو فسادات رونما ہوے ان کا بیان ان تصانیف میں ملتا ہے : (۱) سلیمٰن صائغ : *Histoire de Mossoul*، بیروت ۱۹۲۳ تا ۱۹۲۸ء، ۱ : ۷۳ ببعد؛ (۲) L. Veccia Vaglieri: *Le vicende del Ḫārigismo in epoca abbaside*، در *RSO*، ۲۴ (۱۹۴۹ء) : ۳۱ ببعد؛ (۳) M. Canard : *Hist. de la dynastie des Ḥamdānides*، ۱ : ۲۹۱ ببعد .

**دیار ربیعۃ ہی وہ خطّہ ہے جہاں سے حمدانیوں کا تغلبی خاندان پیدا ہوا؛ جس نے خارجیوں کی مذکورہ بغاوتوں میں حصہ لیا اور بعد ازاں الموصل کی نیم آزاد امارت کی بنیاد رکھی، جو ناصرالدّولہ کے عہد حکومت میں زیادہ تر دیار ربیعہ پر مشتمل تھی ۔ الموصل کی حمدانی امارت کو آل بُویہ کے فتح کر لینے کے بعد آخری حمدانیوں، ابراہیم اور حسین کی طرف سے بُویہی بہاءالدّولۃ (۳۷۹ھ/۹۸۹ء تا ۴۰۳ھ/۱۰۱۲ء) کے زمانے میں اپنے مفاد کے مطابق امارت قائم کرنے کی کوشش کی گئی؛ جس کی ایک طرف دیار بکر [رک بآں] کے مروانیوں نے اور دوسری**

marfat.com
Marfat.com

جانب عُقَیل امیر محمد بن المُسَیَّب نے مخالفت کی، حالانکہ شروع میں اس نے ان دو حمدانی حکمرانوں کی مدد کی تھی اور صلے میں دیار ربیعہ کے تین مقامات حاصل کیے تھے ۔ مؤخرالذکر الموصل کا حکمران بن گیا اور برائے نام ہی بغداد کے بُویہیوں کا محکوم تھا ۔ وہ الموصل کے عُقَیلی خاندان کا بانی تھا، جس کا خاتمہ سلجوقوں نے کیا .

**مآخذ** : ان حوالوں کے علاوہ جو متن میں دیے گئے ہیں دیکھیے : (۱) Le Strange، ص ۸۷ ببعد؛ (۲) M. Canard : *Hist. de la dynastie des H'amdânides*، ۱ : ۹۷ ببعد، ۲۹۱ ببعد، ۵۷۳ ببعد، و بمواضع کثیرہ، جہاں دیار ربیعہ کے مختلف خطوں کے جغرافیائی مطالعے کے مآخذ کے متعلق معلومات ملیں گی؛ (۳) Margoliouth : *The eclipse of the Abbasid caliphate*، بمدد اشاریہ .

(M. CANARD)

۲ - پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے وسط میں دیار ربیعة کو ترکوں کی پیش قدمی کے عواقب برداشت کرنا پڑے ۔ ۴۳۳ھ/۱۰۴۱ء تا ۴۳۵ھ/۱۰۴۳ء سے اسے ترکمانوں کے پہلے گروہ نے تاخت و تاراج کیا جو آخر میں سب کے سب قتل کر دیے گئے ۔ ۴۴۷ھ/۱۰۵۵ء میں جب سلجوقی سلطان طغرل بیگ کو عباسی خلیفہ نے بغداد میں تخت نشین کیا تو بنو عقیل اپنے عقیدے اور اپنی چراگاہوں [کے ہاتھ سے نکل جانے] کے خوف سے مخالف ہو گئے اور اس کے بُلاوے پر نہیں گئے۔ پھر انہیں کے علاقے میں سلطان کے عرب مخالفین کے جتھے کی تنظیم ہوئی اور وہ ایک سابق بویہی سپہ سالار البَساسیری [رکٌ بآں] کے تحت مجتمع ہو گئے جو اب قاہرہ کے فاطمی خلیفہ کا ساتھ دے رہا تھا (۴۴۹ھ/۱۰۵۷ء تا ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء) ۔ تاہم عقیلِ قریش نے مناسب وقت کے اندر طغرل بیگ کے جھنڈے کے نیچے جمع ہونے کا فیصلہ کیا اور ادھر اس نے بھی اس سرحدی علاقے پر ایک باج گزار

حکمران کی حیثیت پر قناعت کرنا ہی بہتر سمجھا ۔ عقیلی ریاست اس طرح ۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء تک قائم رہی، یہاں تک کہ مسلم بن قریش، جس پر آخر بنی مصر کے ساتھ ساز باز کرنے کا شبہہ کیا گیا تھا، شام کی ایک لڑائی میں کام آیا تو مَلِک شاہ نے، جو تیسرا سلجوقی سلطان تھا، اس کے مقبوضات کو بغیر مزاحمت کے اپنی سلطنت میں مدغم کر لیا ۔ اس تاجدار کے بعد سلجوقی سلطنت پارہ پارہ ہو گئی اور دیار ربیعة کا وہی حشر ہوا جو الموصل کا، جہاں مسلسل کئی روز افزوں خود مختار ہو جانے والے سپہ سالاروں کی حکومت رہی ۔ انھیں میں سے ایک زنگی تھا، جس کا تقرر ۵۲۱ھ/۱۱۲۷ء میں ہوا تھا؛ اس نے بالآخر اپنی خود مختاری کا اعلان کرکے الموصل کے خاندان اتابک کی بنیاد رکھی ۔ یہ خاندان کوئی ایک صدی کے قریب رہا، گو اس کے افراد کے درمیان تنازعات کی وجہ سے، جن میں سے بعض کو ایوبی حمایت حاصل تھی، وقتاً فوقتاً سنجار یا جزیرۃ ابن عمر کو الموصل سے علٰحدہ ہونا پڑا ۔ زنگیوں کا سابق غلام اور وزیر بدر الدّین لؤلؤ ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی میں ان کا جانشین ہوا؛ ۶۴۲ھ/۱۲۴۴ء میں وہ کچھ عرصے کے لیے مغول کی اطاعت قبول کر لینے پر مجبور ہو گیا، لیکن اس کے فرزندوں نے مملوکوں سے اپنے تعلقات قائم کر لیے تھے ۔ وہ ۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء میں بے دخل کر دیے گئے ۔ بعد ازاں الموصل اور دیار ربیعہ، جو دیار بکر کے کُردوں اور ترکمانوں اور دیار مُضَر کے مملوک والیوں کے بالمقابل پہلے تو الجزیرۃ میں ایرانی ایلخانوں کی حکومت کی بنیاد بنے، پھر ان کے جلائری [رکٌ بآں] جانشین قرہ قویونلو اور آق قویونلو ترکمانوں کے زیر نگین رہے اور آخر میں صفویوں کے قبضے میں آ گئے تاآنکہ انھیں سلطنت عثمانیہ میں شامل کر لیا گیا ۔ یہ الحاق ۱۰۴۷ھ/۱۶۳۷ء میں جا کر مکمل ہوا ۔ ایرانیوں کے حملوں کے باوجود یہ صوبہ ۱۹۱۸ء تک عثمانی حکومت ہی میں

Marfat.com

شامل رہا - چونکہ دیار بکر کے برعکس اس نے اصل ترک آبادی کو اپنے اندر جذب نہیں کیا تھا، لہٰذا اسے جدید ترکیہ میں شامل نہیں کیا گیا، سرحدوں کی عجیب و غریب ترتیب و تقسیم کی وجہ سے یہ عراق اور شام میں منقسم ہو گیا ہے .

مزید دیکھیے مقالات الجزیرة، جزیرة ابن عمر، الموصل، نصیبین، سنجار اور زنگی [خاندان] .

**مآخذ** : اس کے مآخذ اس عہد کی عام تاریخ کے مآخذ ہیں : خاص تصنیف فقط یہ ہے، ابن الأثیر : تاریخ الدولة الاتابکیة بالموصل (طبع اور فرانسیسی ترجمہ در *Recueil des Hist. des Croisades, Hist. Arabes*، ۲/۲)، جو بہر حال خصوصاً نور الدّین کے کارہاے نمایاں سے بحث کرتی ہے، جس نے حلب پر حکومت کی تھی نہ کہ الموصل پر - عزیزالدّین بن شدّاد کی اعلاق دیار ربیعہ کا حال بیان کرتی ہے (دیکھیے Cl. Cahen، در *REI*، ۱۹۳۶ء)، لیکن الموصل کے متعلق معہودہ واقعات کو بیان نہیں کرتی.

(Cl. Cahen)

* **دیار مُضَر** : ایک نام جو اسی طرح شکل پذیر ہوا جس طرح دیار بکر [رک بآں]؛ الجزیرة کا وہ صوبہ ہے جس کے علاقے کو دریاے فرات اور اس کا معاون بلیخ، نیز دریاے خابور کے نشیبی سلسلے سیراب کرتے ہیں - یہ دریاے فُرات کے دونوں کناروں پر شمال میں سُمَیساط Samosata سے لے کر جنوب میں عَنا (عانات) تک پھیلا ہوا ہے- دیار مُضَر کا بڑا شہر دریاے فُرات کے بائیں کنارے پر الرّقّة تھا؛ دیگر بڑے شہر دریاے بلیخ پر واقع حرّان، الرُّہا Edessa، اُسر ہُونہ Osrhoene کا دارلحکومت اور الرُّہا کے جنوب میں سَروج تھے - وہ مقامات جو بلیخ سے اس کے سنگھم سے آگے دریاے فُرات پر واقع تھے القَرقیسیاء اور الرَّحبة تھے جنھیں بعض اوقات ایک خاص ضلع میں شامل کر دیا جاتا تھا، جسے شارع فرات کہتے تھے .

دیار مُضَر زیادہ تر الجزیرة کی حکومت میں شامل رہا، لیکن کبھی کبھی اس سے جدا بھی ہو جاتا تھا - چنانچہ حمدانی عہد میں یہی صورت تھی، جب وہ سیف الدّولہ کے عہد میں امارت حلب کا ایک حصہ تھا- بعد ازاں یہ الموصل کی امارت کے پاس دوبارہ چلا گیا، اور اس کے بعد باقی ماندہ جزیرے کی طرح آل بُوَیہ کے قبضے میں آ گیا، پھر وہ ایک چھوٹے سے نُمَیری خاندان (بنو نُمَیر) کا دارالحکومت بن گیا، جس کا خاتمہ سلجوقوں نے کیا - دوسری طرف چوتھی صدی ھجری/ دسویں صدی عیسوی میں بوزنطی فوجیں دیار مُضر کو عموماً تہ و بالا کرتی رہیں، اور پانچویں صدی ھجری/ گیارھویں صدی عیسوی میں بوزنطی سلطنت الرُّہا اور اس کے ضلع کو ۴۲۳ھ/۱۰۳۲ء میں اپنے علاقے سے ملحق کرنے میں کامیاب ہو گئی .

**مآخذ** : (۱) Le Strange، ص ۸۶ ببعد، ۱۰۱ ببعد؛ (۲) Cl. Cahen : *La Syrie du Nord*، ص ۱۱۰ ببعد؛ (۳) Margoliouth : *The eclipse of the Abbasid Caliphate*، بمدد اشاریہ؛ (۴) M. Canard : *Hist. de la dynastie des H'amdânides*، ۱ : ۸۶ ببعد، ۷۹۵ ببعد، ۸۳۸ ببعد، و بمواضع کثیرة؛ (۵) D. S. Rice : *Medieval Harran*، در *Anatolian Studies*، ج ۲، (۱۹۵۲ء)، ص ۳۶ تا ۸۳ .

(M. Canard)

**۲- الرُّہا کی بوزنطی فتح کے بعد دیار مُضَر کی حیثیت ایک رابطے کے علاقے کی رہی، جسے صحیح معنوں میں خود مختاری حاصل نہیں تھی - یہ اس وقت دو حصوں میں منقسم تھا : ایک حصہ شمالی میں، جس پر عیسائیوں کا غلبہ تھا اور اس میں جزوی طور پر ایک آرمینی نو آبادی قائم ہو گئی تھی؛ دوسرا جنوب میں تھا، جس کا بڑا مرکز حرّان تھا اور جہاں نُمَیری عربوں کے اثرات غالب تھے - اسے ۴۵۷ھ/ ۱۰۶۵ء سے ترکوں کی بڑھتی ہوئی قوت کا سامنا کرنا پڑا، یعنی پہلے تو اسے لٹیروں کے جتھے دق**

marfat.com
Marfat.com

کرتے رہے، پھر ۴۶۳ھ/۱۰۷۱ء کے اوائل میں سلجوق سلطان آلپ آرسلان شام جاتے ہوے یہاں سے گزرا اور ایک موقع پر اس نے الرُّها کا محاصرہ کر لیا ۔ ۴۷۱ھ/۱۰۷۸ء میں نئے سلطان ملک شاہ کے بھائی تُتُش کا گزر ہوا ۔ اسی سال حرّان اور سَرُوج مع حلب مسلم بن قریش العقیلی [رک بآن] الموصلی کی قلمرو میں شامل کر لیے گئے، جو ملک شاہ کا برائے نام محکوم اور الموصِل کا والی تھا ۔ الرُّها یونانی نژاد ارمن Philaretes کی ریاست میں شامل ہو گیا جو مغربی طارس اور بعد ازاں انطاکیہ کا حاکم بنا ۔ انجام کار دیار مُضَر کے دونوں حصے ۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء میں الموصل اور شمالی شام سمیت خود ملک شاہ کے ہاتھ آ گئے ۔

بایں همه اس سرحدی علاقے میں سلجوق تسلط کچھ ڈھیلا ہی رہا اور ملک شاہ کے انتقال ۴۸۵ھ/۱۰۹۲ء کے بعد جو فسادات برپا ہوے ان کی وجہ سے الرُّها میں ایک ارمن حکومت قائم ہوگئی، جو عملاً خود مختار تھی - ۱۰۹۷ء کے اواخر میں صلیبی جنگ نے اس تقسیم کو نصف صدی تک کے لیے از سر نو قائم کر دیا، جس کا آغاز بوزنطی فتح سے ہوا تھا ۔ اگرچہ الرُّها کے افرنجی و ارمن علاقے، نیز وسطی دریاے فرات کے ساتھ ساتھ مغربی طارس کے جنوبی اقطاع پر دیار مضر کا شمالی حصہ مشتمل ہو چکا تھا، تاہم حرّان، جو چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں ایک چند روزہ ترکی ریاست کا دارالحکومت رہا، حلبُ کے ساتھ کبھی ارتقیوں اور کبھی زنگیوں کے ماتحت آتا رہا - ۵۵۳ھ/۱۱۵۸ء میں زنگی نے اُسے علی کوچک کو، جو الموصل کے مشرق میں اِربِیل پر قابض تھا، بطور جاگیر عطا کر دیا تاکہ ترک اور کرد فوجیوں کی بھرتی یقینی ہو جائے؛ یہی لوگ اس کے دفاع کے ذمے دار تھے، جو فوجی نقطۂ نظر سے اہم تھا ۔ اس کے جانشین خانوادۂ بکتگین [رک بآن] نے اُسے نصف صدی تک اپنے قبضے میں رکھا ۔ عُقَیلی عرب حکمران کو، جس کی حکومت قلعة جعبر پر تھی، نورالدین [رک بآن] نے ۵۵۸ھ/۱۱۶۳ء میں مطیع کر لیا ۔ اس سلطان کی جانشینی کے سلسلے میں جو فسادات برپا ہوے، ان کی بدولت صلاح الدّین [رک بآن] نے دیار مُضر پر قبضہ کر لیا اور پہلے تو اسے اپنے بھتیجے تقی الدّین عمر کو پھر اپنے بھائی العادل کو عطا کیا ۔ مؤخرالذکر نے، جو سلطنت کا وارث ہوا ، اسے اپنے بیٹے الاشرف (۵۹۷ھ/۱۲۰۱ء) کے حوالے کر دیا، جس نے ۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء میں اُسے اپنے بھائی، یعنی مصر کے والی الکامل سے دمشق کے ساتھ بدل لیا ۔ الکامل نے اسے اُس مملکت میں شامل کر دیا جو اس نے مشرق میں اپنے فرزند الصّالح ایوب کی خاطر قائم کی تھی، مگر الکامل کی وفات پر جب ایوبی خاندان کے خلاف تحریک شروع ہوئی تو الصالح نے اس پر حملے کے اندیشے سے اُسے ایشیاے کوچک کے تازہ وارد خوارزمی پناہ گزینوں کو عنایت کر دیا (۶۳۵ھ/ ۱۲۳۸ء) ۔ بعد ازاں خوارزمیوں کی شکست اور مصر میں ایّوبی خاندان کے سقوط کی وجہ سے یہ خطہ حلب کے النّاصر یوسف ایّوبی کے ہاتھ آ گیا، جس کے زمانے سے عزیزالدّین بن شدّاد کے تحریر کردہ کوائف انتظامیہ کا آغاز ہوا ہے - ۶۵۸ھ/۱۲۶۰ء میں اسے مغلوں نے فتح کر لیا، جو ایشیاے کوچک اور عراق پر پہلے ہی قابض ہو چکے تھے ۔

اس کے بعد سے دیار مُضَر کی حیثیت بدل گئی - اسے مملوکوں نے، جنھوں نے مصر اور شام میں ایوّبیوں کی جگہ لے لی تھی، دوبارہ فتح کر لیا اور پہلے ایران کے مغلوں کے ساتھ اور بعد ازاں ترکمان خاندانوں کے ساتھ، جو آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے اواخر میں ان کے جانشین بن گئے تھے ، اپنی سرحد قائم کر لی ۔ لگاتار حملوں نے اس علاقے کو اور خصوصاً اس کے جنوبی حصے کو

Marfat.com

تباہ کر دیا اور حرّان ناقابل تلافی طور پر زوال پذیر ہو گیا، حالانکہ الرُّھا اس صوبے کا دارالحکومت تھا ۔ شمال، مشرق اور مغرب کے ہمسایہ علاقوں کی طرح ترکمانی عنصر، خصوصاً قبیلۂ دوگر Döger نے یہاں بھی اپنا اثرو نفوذ بڑھا لیا ۔ آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے اواخر میں اس خطے کو تیمور نے پھر ویران کر دیا ۔ آئندہ صدی میں بھی جب مملوکوں نے اپنے علاقے کی توسیع کے لیے نامکمل کوششیں کیں، تو اس علاقے نے ان کے لیے فوجی مرکز کا کام دیا اور اس طرح اسے امن و اطمینان نصیب نہ ہوا ۔ یہ مملوکوں کے برائے نام تسلط کے تحت بلا دقت دیار بکر کے آق قویونلو کے ہاتھوں میں چلا گیا ۔ پھر ترکانِ عثمانیہ کا شام و عراق پر قبضہ ہوا تو اسی زمانے میں یہ بھی اِن کے ہاتھ آ گیا ۔ یہ بات لائق لحاظ ہے کہ عرب آبادی کی حدود آج بھی زیادہ تر وہی ہیں جو صلیبی جنگوں کے وقت تھیں، چنانچہ ترکی اور شام کی جدید سرحد دیار مُضَر کو اسی طرح دو حصوں میں تقسیم کرتی ہے جس طرح وہ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی اور چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی میں بٹا ہوا تھا ۔

**مآخذ :** اس عہد کی تاریخ اور جغرافیے کے مآخذ کے لیے، جن کا اطلاق تقریباً سارے الجزیرہ پر ہوتا ہے، دیکھیے عزالدین بن شدّاد : اعلاق، ج ۳، تجزیہ از Cl. Cahen در *REI*، ۱۹۳۴ء ۔

(Cl. Cahen)

⊛ **دیاسقُوریدَس :** رک بہ دِیسقُوریدَس ۔

* **دیالی :** وسطی عراق کے مشرق میں ایک اہم دریا ۔ اس کا نام، جس کی اصل اور معنی نامعلوم ہیں، بہت پرانا ہے اور قدیم زمانے میں Σιλλα یا Δελας یا دیالاس کی صورت میں ملتا ہے ۔ اس کے بالائی حصے کو سِروان یا (اصل میں اور صحیح تر) شِروان کہتے ہیں جیسا کہ یاقوت کے علم میں آیا اور اس کے بیشتر حصے کے لیے عموماً یہی نام مستعمل ہے ۔ یہ دریاے دجلہ کے بائیں کنارے کا معاون بنتا ہے؛ اس میں صرف چھوٹی کشتیاں ہی چل سکتی ہیں اور پانی کا اخراج سیلاب کے موسم (مارچ تا مئی) میں شدت سے، لیکن گرما اور خزاں کے موسموں کے اواخر میں، معمولی ہوتا ہے ۔

یہ دریا مغربی ایران سے نکلا ہے، جہاں بہت سے پہاڑی ندی نالے (جو موسم گرما اور خزاں میں اکثر خشک رہتے ہیں) باہم مل کر اس کے بڑے معاون بنتے ہیں اور مندرجۂ ذیل علاقوں کا [illegible]، اس میں بہا کر لے آتے ہیں : (۱) کرمان شاہ [illegible] ال کا علاقہ؛ (۲) صوبۂ اَرْدَلان میں سَنَندج (سِنّا، [illegible]) کے شمال اور جنوب کا علاقہ؛ (۳) مرِوان کے [illegible] د رد کا ایرانی و عراقی سرحدی علاقہ اور (۴) [illegible] کرمان شاہ کا مغربی علاقہ، جو کَرِند کے مغرب [illegible] راق) خانقین اور (ایرانی) قصر شریں کے بالمقا[illegible] ہے ۔ ان میں پہلے تینوں علاقوں کا پانی تو [illegible] ریا، یعنی شروان کی ایرانی سرحد کو عبور [illegible] سے قبل ہی اس میں شامل ہو جاتا ہے ۔ اس کی [illegible] ندیاں مختلف مقامی ناموں سے موسوم ہیں اور یہ سب ان وادیوں سے گزرتی ہیں جو قدرتی حسن سے مالا مال ہیں؛ وہاں زمانۂ قدیم سے ایرانی اور کُرد قبائل آباد ہیں ۔ مذکورۂ بالا علاقوں میں سے چوتھے علاقے کے پانی سے آلواند ندی کی تشکیل ہوتی ہے (یہ عہد عباسیہ میں اپنے مشہور شہر کے نام پر حُلوان کہلاتی تھی)؛ یہ ندی خانقین کے متصل مغرب میں سرحد عراق میں داخل ہوتی ہے ۔ تنجرہ ندی بھی، جو وادی شہر زور (سلیمانیّہ لوا) کے پانی کو بہا کر لاتی ہے، دریا کی عراقی معاون ہے؛ چھوٹے موٹے اور بھی معاون ہیں ۔ اس دریا کی وسطی گزرگاہ ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء کے سرحدی کمیشن کی مکرر حد بندی تک ترکی و ایران

marfat.com
Marfat.com

سرحد کی نشان دہی کرتی تھی، جتنی کہ اس وقت تک مستقل طور پر قائم ہو چکی تھی؛ لیکن اس قطعے کے مغرب میں، جو اب خانقین کی "قضا" کا علاقہ ہے، بعد میں اور رقبے بھی "منتقل شدہ علاقوں" کے نام سے ترکیہ کے حوالے کر دیے گئے .

یہ دریا وسطی اور نشیبی گزرگاہ میں اپنی مخصوص وضع کو بدلتا رہتا ہے؛ پہلے وہ ناھموار علاقے سے گزرتا ہے، پھر مسطح میدانی علاقے میں بہتا ہے، جہاں بہاؤ کی رفتار کم ہو جانے کے باعث یہ آب پاشی کے استعمال کے قابل ہو جاتا ہے ۔ جس جگہ یہ جبل حمرین کو کاٹ کر نکلا ہے، وہاں بڑی بڑی نہروں کا ایک سلسلہ بنا ہوا ہے جو کھجوروں کے وسیع باغوں اور سرمائی اور گرمائی فصلوں کے لیے پانی بہم پہنچاتا ہے ۔ یہ نہریں خاص طور پر دائیں کنارے سے نکلتی ہیں، مثلاً نہر خالص، جو دَلْتاوہ [رکّ باں] کو سیراب کرتی ہے؛ بائیں کنارے سے نہر رُوز (جس پر بَلَد رُوز واقع ہے)، نہر مَخْرُوت اور نہر خراسان نکلتی ہیں۔ دیالی کا "لِوا" (=ضلع) اسی دریا کے نام پر موسوم ہے اور عراق میں اس کی تقریبًا ساری گزرگاہ اسی علاقے میں ہے (اس "لوا" کا صدر مقام بَعْقُوبہ ہے اور اس کی ماتحت "قضائیں" [=تحصیلیں] خانقین، مَنْدَلی، خالص اور بَعْقُوبہ ہیں) ۔ اس ضلع میں وسیع پیمانے پر زراعت اور یہاں کے مشہور پھل کلیۃً اس آب پاشی کے مرھون منت ھیں جو ان نہروں یا "کَرْد" (ڈھینکلی) اور دیگر آب کش آلات کے ذریعے کی جاتی ہے ۔ یہ نظام آبپاشی اسی انداز سے کام کر رہا ہے جو منگولوں کے ہاتھوں تباہی سے پہلے تیسری صدی ھجری/نویں صدی عیسوی سے لے کر ساتویں صدی ھجری/تیرھویں صدی عیسوی تک موجود تھا، تاہم یہ سابقہ نظام کے عین مطابق نہیں بلکہ اس سے کچھ کمتر ھی ہے ۔ اس عہد میں یا اس کے زیادہ حصے میں جبل حَمرین کے نیچے دریاے دیالی کا پانی نہر تامَرّا ۔ نہروان میں گرتا تھا [رکّ بہ دِجلہ؛ نہروان] اور اس سے بہ کثرت نہریں نکالی گئی تھیں؛ پھر دیالی کا بڑا حصہ غالبًا دریاے دجلہ میں اس کے موجودہ دہانے ھی کے مقام پر، یا اس کے قریب، بغداد سے دس میل نیچے آ کر مل جاتا تھا ۔ تکنیکی اعتبار سے دیالی (جس میں یکایک سخت طغیانی آ جانے کی خصوصیت پائی جاتی ہے) اور نہروان کے نظام انہار کے درمیان تعلق کی وجہ واضح نہیں؛ عرب جغرافیہ نویسوں کے اصطلاحی نام یکساں نہیں؛ وہ مصنوعی نہروں اور محض سیلابی نالوں میں امتیاز نہیں کرتے، حتّٰی کہ بعض اوقات دریاے دیالی اور نہروان یا تامَرّا میں بھی فرق نہیں کرتے ۔ قرون وسطٰی کی جن بستیوں کا دیالی اور اس سے نکلی ہوئی نہروں پر انحصار تھا، ان میں نہروان، باجِسْرا، بَعْقُوبہ، دَسْکَرہ اور جَلُولا شامل تھیں ۔ اس کی نشیبی گزرگاہ کے دونوں جانب کے علاقے کا انتظام بڑی توجہ سے کیا جاتا تھا اور وہ سیکڑوں دیہات اور ایک گنجان آبادی کی کفالت کرتا تھا ۔ ساسانی اور قدیم مقامات کے آثار بتاتے ھیں کہ یہ ھمیشہ سے ایک پسندیدہ علاقہ رہا ہے ۔ بغداد سے جو بڑی سڑک صوبۂ الجبال کو یہاں سے ہو کر جاتی اور شاھراہ خراسان کہلاتی ہے، وہ اس علاقے سے گزرتی اور زیادہ‌تر دریا کی گزرگاہ کے ساتھ ساتھ جاتی تھی؛ یہی صورت حال اب بھی ہے ۔ پکّی سڑک، جو بغداد سے شروع ہو کر ایرانی سرحد کے پار تک جاتی ہے، واقعۃً پرانی حدبندی کے مطابق بعْقُوبہ، شَہْرَبان، قِزِل رباط، خانقین اور قصر شیرین کے راستے سے گئی ہے ۔ چھوٹی پٹڑی کی ریل کا بھی، جو ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۸ء میں اور اس کے بعد تعمیر ہوئی تھی، یہی راستہ ہے ۔ بَعْقُوبہ اور قَرْغان کے مقام پر ریل کے پُل ھیں جہاں سے کَرکُوک ـ اِربیل لائن نکلی ہے .

**مآخذ :** عرب جغرافیہ‌نویسوں، نیز Streck، لسٹرینج Le Strange، Willcocks اور Longrigg کی متعلقہ تصانیف کے لیے دیکھیے مآخذ، بذیل مادّہ دِجلہ .

(S. H. LONGRIGG)

Marfat.com

* **دِیْباج :** رک بہ قُماش .

* **دَیبُل :** دِیبَل یا دِیول) سندھ کی قدیم بندرگاہ، جس میں "البُدّ" کا ایک دیَول (مندر) تھا (البلاذُری : فتوح، مطبوعۂ قاھرہ، ص ۴۴۲)۔ یہ ایک کھاڑی (الخَور) کے دہانے پر واقع تھا، جو مہران، یعنی دریاے سندھ کے مغربی جانب تھی - دَیْبُل پہلا مقام تھا جو محمّد ابن قاسم الثّقفی [رک باں] نے تسخیر کیا - اس نے راجا داھر حاکم سندھ کو سزا دینے کی غرض سے ۹۲ھ/۷۱۱-۷۱۲ء میں فوج کشی کی تھی - راجا پر یہ الزام تھا کہ دَیْبُل کے مقام پر بحری قزاقوں نے بعض ایسی کشتیوں کو لوٹ لیا جو مسلم مرد و زن کو لنکا سے عراق اور مکّۂ [معظّمہ] لے جا رہی تھیں اور اس نے اغماض سے کام لیا - دَیْبُل ایک بارونق شہر تھا، جو بحری تجارت اور کاروبار کا مرکز تھا - اس کے باشندوں کی بڑی تعداد تاجروں اور کاریگروں کی تھی، جو زیادہ‌تر قبیلۂ مید سے تعلق رکھتے تھے - اس سے پہلے دَیْبُل کو فتح کرنے کے لیے عربوں کے دو بحری حملے ناکام ہو چکے تھے، جن کے قائد علی الترتیب عُبیداللہ بن نبہان اور بُدیل بن طَہْفَة البجَلی تھے - تیسری بار محمد بن قاسم نے دیبل پر خشکی کی طرف سے چڑھائی کرنے کا فیصلہ کیا، اس کی یہ تدبیر کامیاب ہوئی - عربوں نے ہندوستان میں پہلی بار منجنیق [البلاذری : عروس] کو استعمال کرکے اسے لڑائی کا ایک کارگر ہتیار ثابت کر دیا - دَیْبُل کے بُرج کے اُوپر ایک قبہ [البلاذُری : دَقل] تھا، جس کی اونچائی ۴۰ گز تھی - اس قبے سے ایک بہت بڑا سرخ جھنڈا سارے شہر کے اُوپر لہراتا تھا - بُرج میں بُدھ مت کا ایک سُتوپا (stupa) یا وہ دیول تھا جس کے باعث بظاہر شہر ھی کا نام دیُول (دِیْبل، جسے عربوں نے دَیْبُل کر لیا) مشہور ہو گیا - ایک بہت وزنی پتھر، جو منجنیق سے پھینکا گیا تھا، اس بُرج پر آ کر لگا اور ایسی ضرب پڑی کہ وہ دھڑام سے زمین پر آرھا اور گنبد اور وہ عظیم جھنڈا، جسے مقامی لوگ ناقابل تسخیر ہونے کی یقینی علامت سمجھتے تھے، خاک پر گر پڑا - شہر پر قابض ہو جانے کے بعد محمد بن قاسم نے مغلوب غیر مسلموں کے سامنے نرم شرائط پیش کیں اور ذِمّیوں کی حیثیت سے انھیں پورے حفظ و امان کا یقین دلایا - اس نے ایک مسجد بھی تعمیر کرائی، جو سر زمین سندھ کی پہلی مسجد تھی اور ایک نیا محلہ خود تعمیر کراکے اس میں چار ہزار عرب خاندان بسا دیے - برباد شدہ سُتوپا ایک عرصے تک کس مپرسی کی حالت میں پڑا رہا تا آنکہ عنبسة بن اسحٰق الضّبّی نے، جو الواثق باللہ [رک باں] کے عہد میں دَیْبُل کا والی تھا، اس کی کسی قدر مرمت کر کے اسے سرکاری قیدخانے میں تبدیل کر دیا - یہ تقریباً ۲۳۲ھ/۸۴۶ء کا واقعہ ہے.

عربی وقائع کے مطابق (الطّبری، بذیل سن مذکور؛ ابن الجوزی : المُنْتَظَم، ۵: ۱۴۳) ایک ھولناک زلزلے نے ۲۸۰ھ/۸۹۳ء میں اس شہر کے بڑے حصے کو تباہ کر دیا اور ہزاروں باشندے لقمۂ اجل ہو گئے - اس مصیبت کے باوجود شہر بچ گیا اور معلوم ہوتا ہے کہ برباد شدہ حصہ دوبارہ تعمیر ہو گیا کیونکہ اس کے بعد بہت عرصے تک یہ شہر موجود تھا یہاں تک کہ تقریباً ۶۳۷ھ/۱۲۳۹ء میں رضی الدّین حسن بن محمّد الصغانی [رک باں] نے اس کی سیر کی اور عجیب بات یہ ہے کہ وہ دَیْبُل کے مالدار طبقے کی اس پرانی عادت کا ذکر کرتا ہے کہ وہ اس وقت بھی بحری لوٹ مار اور ڈاکہ زنی میں حصہ لیتے تھے، ۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء میں جلال الدّین خوارزم شاہ تاتاریوں کے ہاتھوں شکست کھانے کے بعد سندھ آیا اور دَیْبُل پر حملہ کرکے قبضہ کرلیا اور وہاں بت پرستوں کے ایک مندر کی جگہ ایک جامع مسجد تعمیر کرا دی - اس کے معنی یہ ہوے کہ ساتویں صدی ہجری/ تیرھویں صدی عیسوی تک دَیْبُل میں بت‌پرستی

marfat.com
Marfat.com

ہوتی تھی اور وہاں غیر مسلموں کی خاصی بڑی تعداد رہتی تھی ۔

برباد شدہ دَیْبُل کی جگہ اور نشان متعیّن کرنے کی مختلف کوششیں اب تک ہو چکی ہیں، لیکن ان میں کامیابی نہیں ہوئی ۔ عرب مصنفوں اور سیاحوں نے اس شہر کے متعلق جو بیانات دیے ہیں ان سے اس شہر کی گزشتہ شان و شوکت کی بابت مفید معلومات تو حاصل ہوتی ہیں، لیکن اور کسی حیثیت سے یہ بیانات مفید نہیں ۔ محکمۂ آثار قدیمۂ پاکستان نے اس جگہ پہلی دفعہ ۱۹۵۸ء میں بڑے پیمانے پر کھدائی کی، جہاں ایک اور شہر بَھمْبھور واقع تھا اور جسے بعض علما نے فرض کر لیا تھا کہ اصل میں شہر دَیْبُل یہی تھا ، لیکن بَھمْبھور کے ٹیلوں کی جگہ کھودنے سے اس وقت (۱۹۶۰ء) تک جوکچھ ظاہر ہوا ہے اس سے اس امر کی قطعی شہادت نہیں ملتی کہ بَھمْبھور کے کھنڈر وہی دَیْبُل کے کھنڈر ہیں، الاِصطَخری شہر دَیْبُل کا اور بَھمْبھورا (بھمبھور) کے بت خانے کا ذکر الگ الگ کرتا ہے ۔

مسلمانوں کے حملوں کے ابتدائی زمانے میں دَیْبُل ثقافت اور تعلیم کا بڑا مرکز تھا اور السَّمعانی (کتاب الاَنْساب، ورق ۲۳۶ ب) اور یاقوت محدثین کی ایک بڑی تعداد کا ذکر کرتے ہیں جو وہاں پھلے پھولے۔

دَیْبُل کی تباہی، اس تباہی کے اغلب اسباب اور ایک ایسے شہر کا بالآخر بالکل غائب ہو جانا جو اس قدر بڑی وسعت اور آبادی رکھتا تھا اور اتنے عرصے تک دنیا میں موجود رہا، یہ وہ مسائل ہیں جن کا کوئی خاطر خواہ حل اس وقت تک دستیاب نہیں ہو سکا اور تمام کوششیں تاحال ناکام ہی ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) سلیمان المہری : قلادة الشموس و استخراج قواعد الاسوس (جو مجھے دستیاب نہیں ہوئی)؛ (۲) ابن خُرْداذبه : المسالک و الممالک، لائڈن ۱۳۰۶ھ، ص ۶۲ ببعد؛ (۳) المسعودی : مروج (مطبوعۂ قاہرہ)، ۱ : ۳۷۸؛ (۴) الاِصْطَخْری، ص ۱۷۵ ببعد؛ (۵) ابن حَوقل، ص ۳۱۷، ۳۲۰؛ (۶) یاقوت، ۲ : ۶۳۸؛ (۷) النُّوَیری : نہایة الاَرب (میرے ہاتھ نہیں لگی)؛ (۸) القلقشندی : صبح الاعشٰی، ۵ : ۶۴؛ (۹) حدود العالم، ص ۳۷۲؛ (۱۰) الادریسی : نزهة المشتاق (اقتباسات)، علی گڑھ ۱۹۵۴ء، ص ۲۸؛ (۱۱) عبدالحمید خان : *Towns of Pakistan*، کراچی بدون تاریخ، ص ۵۹ تا ۶۹؛ (۱۲) *Journal of Sind Historical Society*، مئی ۱۹۳۴ء، ص ۳ ببعد؛ (۱۳) J. McMurdo، در *JASB*، ۱۸۳۴ء؛ (۱۴) سلیمان ندوی، در *JPakHS*، ۱، ۱۹۵۳ء : ۸ تا ۱۴؛ (۱۵) N. B. Baloch : *The most probable location of Daibul, the first Arab settlement in Sind*، در *Dawn* کراچی، فروری (۴، ۱۸)، ۱۹۵۱ء؛ (۱۶) الجُوَینی، ۲ : ۹۴، ۱۴۲ تا ۱۴۸؛ (۱۷) وہی، Djuwayni-Boyle، ۲ : ۴۱۱ ببعد؛ (۱۸) Sidi Ali Reis : *Travels and Adventures*، لنڈن ۱۸۹۹ء، ص ۳۸ ؛ (۱۹) چچ نامہ (طبع محمد عمر داؤد پوتا) دہلی ۱۳۵۸ھ / ۱۹۳۶ء، ص ۸۹ تا ۹۱ ، ۱۰۰ تا ۱۱۰ (۲۰) البیرونی : قانون مسعودی، حیدرآباد ۱۹۵۵ء، ۲ : ۵۵۲؛ (۲۱) مراصدالاطلاع، تہران ۱۳۱۰ھ، ص ۱۸۴؛ (۲۲) البلاذری : فتوح، ص ۴۳۲، ۴۳۵تا۴۳۸، ۴۴۳؛ (۲۳) Le Strange، ص ۳۳۱؛ (۲۴) H. Cousens : *The Antiquities of Sind*، کلکتہ ۱۹۲۵ء، ص ۱۲۴ ببعد؛ (۲۵) Elliot اور Dowson : *The history of India as told by its own historians*، لنڈن ۱۸۶۷ء، بمدد اشاریہ؛ (۲۶) H. G. Raverty : *The Mihran of Sind*، کلکتہ ۱۸۹۲ء (*JASB* کی خاص اشاعت)؛ (۲۷) M. R. Haig : *The Indus Delta Country*، لنڈن ۱۸۹۴ء، ص ۴۲ ببعد؛ (۲۸) J. Abbot : *Sind*، آوکسفرڈ ۱۹۲۴ء، ص ۴۳ تا ۵۵؛ (۲۹) البیرونی : کتاب الہند (ترجمہ E. Sachau)، لنڈن ۱۹۱۴ء، ص ۲۰۵، ۲۰۸، ۲۶۰، ۳۱۶؛ (۳۰) الیعقوبی، ۲ : ۳۳۰ تا ۳۳۱،

Marfat.com

۳۴۵ تا ۳۴۶، ۳۴۸؛ (۳۱) الطبری، ۱ : ۸۶۷؛ (۳۲) (ابن الاثیر : تاریخ (مطبوعۂ قاہرہ)، ۴ : ۲۵۷ تا ۲۵۸؛ (۳۳) منہاج سراج : طبقات ناصری، (ترجمہ Raverty، ۱ : ۲۹۴، ۲۹۵، ۴۵۲؛ (۳۴) الجوالیقی : المعرّب، ص ۶۷؛ (۳۵) محمد طاہر نسیانی : تاریخ طاہری، (مخطوطہ)؛ (۳۶) المُقدّسی، ص ۴۸۱ تا ۴۸۳؛ (۳۷) *TA*، بذیل مادّہ دبل؛ (۳۸) N. B. Baloch : *The most probable site of Debal* . . .، در *IC*، ۲۶/۳، ۱۹۵۲ء، ص ۳۵ تا ۳۹ .

(بزمی انصاری)

* **دِیَة :** [خوں بہا]، زر نقد یا مال کی وہ معین مقدار جو کسی کو قتل کرنے یا ظالمانہ طور پر کسی کو جسمانی ضرب پہنچانے کی صورت میں واجب‌الادا ہو ۔ یہ ذاتی بدلہ لینے کا قائم مقام ہے اور اس حیثیت سے یہ اس معاوضے یا ''Wergeld'' کے بالکل مطابق ہے جو قدیم رومی یا جرمن قانون میں مقرر تھا، لغت کے اعتبار سے اس لفظ کے معنی اس چیز کے ہیں جو ادا کی جائے ۔ دِیَة کو، نسبةً بہت شاذ طور پر ''عَقل'' بھی کہتے ہیں .

محدود مفہوم، یعنی اس مفہوم میں، جو قانون میں زیادہ تر لیا جاتا ہے، دِیَة وہ معاوضہ ہے جو قتل کے عوض واجب‌الادا ہو اور جسم کو دوسری قسم کا ضرر پہنچانے کے عوضانے کو خصوصی طور پر ''اَرش'' کہتے ہیں .

آئین دِیَة کی تاریخی اصل زمانۂ قبل اسلام کے رواجی دستور میں پائی جاتی ہے جب کہ یہ عرب کے معاشری نظام کے ساتھ لازم و ملزوم تھا ۔ معاشرے کی بنیاد قبائلی زندگی پر تھی ۔ ملک میں کوئی سیاسی اقتدار عام موجود نہیں تھا، بلکہ کسی قبیلے میں علٰحدہ شکل میں بھی نہیں پایا جاتا تھا، اپنا انصاف خود چکانے کا رواج تھا جس میں کسی حد تک پنچایت کے فیصلے کو بھی دخل ہوتا تھا ۔ قتل کی صورت میں شخصی طور پر بدلہ (= ثار) [رکّ بہ قصاص] لینے کا قاعدہ خاص طور پر ہر جگہ نافذ تھا ۔ اگرچہ یہ ممکن تھا کہ اس حق سے باختیار خود کوئی دست بردار ہو جائے اور اس کے بدلے میں دِیَة لینا منظور کر لے ۔ اس دِیَة کی مقدار، اصولاً سو عدد اونٹ مقرر تھی، کم از کم اس علاقے کے اندر جہاں اسلام وجود میں آیا، اگرچہ بعض روایات میں صرف دس اونٹوں کا ذکر بھی موجود ہے ۔ اس قاعدے پر عمل کرنے میں قبیلے کے تمام افراد کا بالقوۃ اور بالفعل قوی اتحاد کام کرتا تھا ۔ سارا قبیلہ مجموعی طور پر دِیَة کے ادا کرنے کا ذمّے دار تھا، جس طرح قصاص میں بھی خود قاتل کے بجائے اس کے قبیلے کے کسی فرد یا افراد سے انتقام لیا جا سکتا تھا ۔ برعکس اس کے جہاں مقتول کا قریبی رشتے دار خود قصاص لینے کے قابل نہ ہوتا اس کے قبیلے کا کوئی مستحق شخص اس کی طرف سے قصاص لے سکتا تھا .

اسلام نے اس رواج کی اصل بنیاد میں مداخلت نہیں کی؛ قرآن مجید کی مختلف عبارتیں اس کی صراحةً تصدیق کرتی ہیں، لیکن ان آیات میں بعض ترمیمات پائی جاتی ہیں، جن میں سب سے زیادہ اہم یہ ہے کہ قتلِ خطا میں بھی دِیَة ادا کرنا واجب ہوگا .

دوسری جانب اس قدیم دستور کے وحی قرآنی میں آ جانے کا اثر یہ ہوا کہ وہ لا محالہ ایک معیّن قانون کی صورت میں آ گیا اور آئندہ نظری طور پر اس میں اصلاح و ترمیم کی گنجائش نہ رہی .

تاہم بہت عرصہ نہ گزرنے پایا تھا کہ یہ قانون بعض مسلمانوں کے جدید معاشرے کے حالات کے لیے عملاً سازگار نہ رہا ۔ معاشرہ ترقی کرکے بہت جلد ایسی جماعت بن گیا جو نظری طور پر متّحد اور بالخصوص ایک منتظم ریاست کی صورت میں نمودار ہوئی .

ان مخالفانہ مطالبات کے زیر اثر کام کرتے ہوئے ماہرین قانون نے دِیَة [اور ذاتی انصاف کے قانون (رکّ بہ قصاص)] کا ایک نظریہ قائم کیا جس کے اندر

marfat.com
Marfat.com

مختلف میلانات کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔ یہ نظریہ عموماً سُنّی اور شیعہ دونوں مسلکوں میں یکساں پایا جاتا ہے، اس کے سوا کہ ثانوی امور میں بعض اختلافات پائے جاتے ہیں، جن میں سے بعض کی طرف ہم آگے اشارہ کریں گے۔

اس نظریے (دستور) کا میدان عمل قتل اور بعض جسمانی ضرروں تک محدود ہے، جن کی صراحت ذیل میں آتی ہے، جنھیں نام به نام گن کر اس طرح معین کر دیا گیا ہے کہ ان کے باہر جتنی صورتیں ہیں ان پر حقوق شہریت کے مروجه قانون کا اطلاق ہو اور نقصان کا ٹھیک ٹھیک اندازہ کرکے اس کی تلافی کی جائے۔ دیة کہیں اختیاری ہے کہیں واجب۔

اِختیاری دِیَة تو وہاں ہوتی ہے جہاں ضرر رسانی کا عمداً ارتکاب کیا گیا ہو۔ قتل عمد کی صورت میں ارادے کی تعریف چند قیود سے مقید کی گئی ہے: نمایاں قید یہ ہے کہ قتل کا ارتکاب ایسے آلے سے کیا گیا ہو جو بذاتہٖ مہلک ہے۔ اگر یہ آله جان سے مارنے کے لیے استعمال نہیں ہوتا تو اس قتل کو قتل شبه عمد قرار دیا جائے گا اور اس صورت میں دِیَة اختیاری نہیں رهتی۔ مالکی مذهب میں قتل کی اس تفریق کو نہیں مانا گیا۔ وہ کہتے ہیں جب قتل کا ارادہ ثابت ہو جائے تو خواہ مارنے کے لیے کوئی سا آله استعمال کیا جائے، دِیَة اختیاری رہے گی۔

لیکن چند صورتیں ایسی ہیں جہاں قتل عمد میں قصاص کا حق نہیں دیا جاتا اور ان صورتوں میں دِیَة اختیاری نہ رہے گی: مثلاً بچے کا قتل، یا ایسا قتل جس میں موت فوری اور براہ راست حملے کے اثر سے واقع نہ ہوئی ہو وغیرہ (رکّ به قصاص)۔ قتل عمد کی اس صورت کے سوا جہاں حق قصاص ثابت ہو جاتا ہے، دیگر صورتوں میں دیة واجب ہے۔

مختلف مذاهب میں اس مسئلے کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے کہ اختیاری قصاص کی جگه دِیَة قبول کرنے کا حق فقط مقتول یا اس کے ورثه کا ہے یا اس اختیار کے نافذ ہونے میں قاتل کی رضامندی بھی ضروری ہے۔

اگر فریقین میں اس کے خلاف کوئی باھمی سمجھوتا نه ہو جائے تو دِیَة کی مقدار کا ایک معین اور محدود پیمانه مقرر ہے۔ اصولاً اس میں مختلف صورتوں میں مختلف عمر اور جنس کے اونٹوں کی تعداد مقرر کر دی گئی ہے۔ قتل نفس کی صورت میں اونٹوں کی تعداد سو مقرر ہے جو برابر تعداد کے پانچ گروہوں میں منقسم ہے: ۲۴ ساله، ۲۳ ساله، ۲۲ ساله مادہ اونٹ اور ۲۱ ساله نر اونٹ، لیکن اس تقسیم میں مختلف فقہی آرا کے اعتبار سے اگر قتل عمد یا شبه عمد ہے تو دِیَة کی قیمت میں زیادتی کر دی جائے (دِیَة مغلّظه) یعنی چار پہلی انواع میں نر اونٹ کے بجائے صرف مادہ اونٹ دینا پڑیں گے۔

هر اس صورت میں بھی جہاں کسی پورے عضو کے کاٹ دینے یا جسمانی یا ذہنی وظیفے کے مختل کر دینے کا نتیجه اتفاقی موت ہو پوری دِیَة واجب الادا ہوگی۔ اگر موت نه واقع ہو تو دِیَة ہر ضائع شدہ عضو کے مناسب ہوگی؛ ایک بازو، ٹانگ، آنکھ یا اس کے ڈھیلے کے بدلے کامل دِیَة کا نصف واجب الادا ہوگا؛ پلکوں کے ضائع کر دینے کے عوض چوتھائی دِیَة دینا ہوگی؛ ہاتھ یا پاؤں کی ایک انگلی کاٹ ڈالنے کے بدلے دِیَة کا دسواں حصه دینا ہوگا؛ ایک دانت کے عوض دِیَة کا بیسواں حصه واجب الادا ہوگا وغیرہ۔

باقی مانده جسمانی ضرر جن کے لیے دِیَة یا اَرش مقرر ہے اور جس کی مقدار دِیَة قتل کا کوئی حصه مقرر کی جاتی ہے، حسب ذیل ہیں: الجائفة، وہ زخم جو بدن کے اندر تک گھس جائے، اور الآمّة (یا المأمومة) وہ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے: پوری دِیَة کا تیسرا حصه؛ المنقلة، وہ چوٹ جس سے ہڈی ٹوٹ کر جگه سے ہٹ جائے $\frac{۳}{۲۰}$ واں حصه؛ الهاشمة، جس سے ہڈی ٹوٹ جائے، پوری دیة کا دسواں حصه؛ المُوضحة، وہ

Marfat.com

زخم جس سے ہڈی کھل جائے، $\frac{1}{10}$ دیة .

اس کے سوا دیگر ضرر دِیَة کے نظام سے باہر ہیں اور ان کا فیصلہ اس بنا پر کیا جاتا ہے جسے "حکومة عدل" کہتے ہیں، یعنی اصلی نقصان کی تشخیص، پھر بھی یہ نظام دِیَة کے تحت اس حد تک باقی رہتا ہے کہ معاوضے کی مقدار اس ضرر سے مقابلہ کرکے معین کی جاتی ہے جس کے لیے کوئی دِیَة معین ہو چکی ہے اور کسی حالت میں مقررہ مقدار دِیَة سے نہیں بڑھ سکتی .

دِیَة یا اَرْش کی یہ مقداریں جن کا اُوپر ذکر ہوا پوری پوری اس صورت میں واجب ہوتی ہیں جب ضرر رسیدہ شخص مسلم مرد اور رتبے میں آزاد ہو۔ عورت کی دِیَة مرد سے آدھی ہوتی ہے۔ مالکیہ، جن کے اس مسئلے میں شافعیہ بھی پیرو ہیں، کہتے ہیں کہ آدھی دِیَة انھیں صورتوں میں ہوگی جہاں دِیَة پوری دِیَة کے تیسرے حصے سے بڑھی ہوئی ہو، لیکن مثال کے طور پر جہاں جُرم کی نوعیت پوری دِیَة کے فقط چوتھائی حصے کی متقاضی ہو تو عورت کے لیے بھی وہی چوتھائی دِیَة دینا ہوگی جو مرد کے لیے مقرر ہے .

ذمی اور مستأمن (وہ غیر مسلم اجنبی جو اسلامی علاقے میں عارضی طور پر اجازت لے کر آیا ہو [وہ اجنبی غیر مسلم جو اجازت سے نہ آیا ہو اس کے لیے کوئی دیة مقرر نہیں]) کے لیے اکثر فقہا کی رائے میں شرح دِیَة ایک تہائی یا نصف دِیَة ہے، اگرچہ حنفی مساوی شرح کے قائل ہیں۔ ہر صورت میں دِیَة، جبھی واجب الادا ہو گی جب ارتکاب جرم مسلم علاقے میں ہوا ہو۔ غلام کی بابت یہ فیصلہ ہے کہ اگر وہ جرم کا شکار ہوا ہو تو وہ نظام دِیَة کے تحت نہیں آتا (اگر غلام خود مجرم ہو تو اس کا حکم آگے بیان کیا جائے گا) چونکہ وہ دوسرے شخص کی ملک میں مانا گیا ہے اس لیے اگر وہ قتل کر دیا جائے یا اُسے ایسا ضرر پہنچایا جائے جس سے اس کی جسمانی صحت بگڑ جائے تو خود مالک کو جتنا نقصان پہنچا ہے اسی کے مناسب وہ معاوضے کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ یہ معاوضہ اس دِیَة کی مقدار سے زیادہ بھی ہو سکتا ہے جو حُرّ کے لیے مقرر ہے؛ لیکن فقہا کی کثیر تعداد اس طرف ہے کہ قتل کی صورت اس سے مستثنی ہے جہاں معاوضہ دِیَة کی مقدار سے نہیں بڑھ سکتا .

اگرچہ اصل قاعدے کی رو سے دِیَة میں اونٹ دینا چاہییں، لیکن سونے کے سکوں میں (۱۰۰۰ دینار) یا چاندی کے سکوں میں (۱۰۰۰۰ یا ۱۲۰۰۰ درہم، اس میں اختلاف رائے ہے جس کی بنا بلا شک و شبہہ سونے اور چاندی کے سکوں کی شرح مبادلہ مختلف ہونے پر ہے) ادا کرنا بھی بالکل اسی کے برابر ہے۔ بعض کی رائے یہ بھی ہے کہ دیة مویشی (۲۰۰)، بھیڑ (۱۰۰۰) یا لباس (۲۰۰ حُلّہ) کی شکل میں بھی ہو سکتی ہے، لیکن اس مسئلے میں اختلاف رائے ہے کہ صورت ادا کا فیصلہ فریقین کی باہم رضامندی سے ہو گا یا مجرم فریق کو اختیار دیا جائے گا یا قاضی فیصلہ کرے گا، یا یہ ہوگا کہ ان میں سے ایک صورت ادا واجب التعیین ہو جائے گی، اس لیے کہ جہاں قرض چکایا جا رہا ہے اس علاقے میں اسی صورت میں ادا کرنے کا عام رواج ہے؛ یا صورت یہ ہے کہ دِیَة اونٹوں ہی کی شکل میں ادا کرنا پڑے گی جو اصل قانون میں مقرر کی جا چکی ہے، سوا ان حالات کے جن کے تحت اونٹوں کی شکل میں ادا کرنا ناممکن ہو اور اس کی وجہ سے کسی اور شکل میں ادا کرنا ضروری ہو گیا ہو .

پوری دِیَة کے ادائے مُؤجّل کے بارے میں اکثر مذاہب (شافعی، مالکی اور حنبلی) قتل عمد اور بلاعمد میں فرق کرتے ہیں۔ قتل عمد کی صورت میں دِیَة کی ادائی کا مطالبہ اس سال کے اندر اندر کیا جا سکتا ہے جس میں ارتکاب جرم ہوا ہو؛ بلا عمد کی صورت میں دیة کو تین سال کے اندر ایک تہائی فی سال کی

marfat.com
Marfat.com

قسط میں ادا کیا جا سکتا ہے - حنفیہ کے نزدیک ہر حال میں دیۃ تین سال کے اندر ادا کی جا سکتی ہے .

جب دیۃ پوری دیۃ کی ایک تہائی ہو تو ہر صورت میں، ہر مذہب کے مطابق پہلے سال کے اندر بالجبر وصول کی جا سکتی ہے - جب دیۃ پوری دیۃ کی ایک تہائی سے زیادہ ہو تو اس کی ادائی میں وہی اختلاف ہے جو پوری دیۃ کی صورت میں ہے؛ جرم عمد کی صورت میں دوسری قسط، حسب رائے اکثریت، وقوع جرم کے سال کے اندر اندر بالجبر وصول کی جا سکتی ہے - حنفیہ کہتے ہیں کہ وہ دوسرے سال کے دوران میں بھی ادا کی جا سکتی ہے .

دیۃ کی قانونی نوعیت پیچیدہ ہے اور مختلف اور متضاد اوصاف کی حامل ہے جو اس کی اصل صورت اور بعد کے تکمیلی مراحل کا نتیجہ ہے - یہ بیک وقت ذاتی انتقام کے قانون کا مظہر، امن عامّہ قائم رکھنے کا ذریعہ اور نقصان رسیدہ کے نقصان کی تلافی کی صورت ہے .

دیۃ کا لین دار ضرر رسیدہ ہوتا ہے، قتل کی صورت میں اس کے وارث حسب قانون وراثت حصہ دار ہوں گے - اس میں مقتول کی صرف حیثیت دیکھ کر دیۃ کا تعین نہیں ہوگا .

شروع سے دیۃ کے ادا کرنے کی ذمّے داری مجرم کے سارے قبیلے پر عائد ہوتی تھی اور ان حالات میں اس کے قبیلے کو عاقلۃ [رک بآں] سے تعبیر کیا گیا ہے - اس بات سے دیۃ کی رقم بہت زیادہ ہونے کی وجہ سمجھ میں آتی ہے - اجتماعی ذمّے داری کا قاعدہ نظری حیثیت سے تو ضرور قائم رکھا گیا؛ لیکن آہستہ آہستہ لوگ اس کی صحیح اہمیت کا احساس کھو بیٹھے اور آخرکار بالکل مفقود ہوگیا - ہم دیکھ چکے ہیں کہ جُرم بالعمد میں اس کو سراسر نظر انداز کیا گیا ہے - عاقلہ کی ذمّے داری جو پہلے اولین درجہ رکھتی تھی، خود مجرم کی ذمّے داری کے سامنے ماند پڑ گئی - اس کی وقعت ایک ایسے خیراتی کام سے زیادہ نہ رہی جو ایک مفلس قرضدار کی مدد کے لیے عمل میں لایا جائے - اس کے بعد ترقی یافتہ اسلامی معاشرے میں قبیلے کی ذمے داری کا خاتمہ مان لیا گیا تو عاقلہ کی جگہ حکومت نے ذمے داری سنبھال لی، مگر اس کی ذمے داری بھی آخرکار ختم ہوگئی - جس جرم کے ارتکاب میں بہت سے مجرم شریک ہوں تو دیۃ کی رقم ہر شخص پر بحصۂ مساوی عائد ہوگی .

اگر جُرم کا مرتکب مملوک (غلام) ہو تو اس صورت میں بھی قتل عمد اور قتل خطا میں فرق کیا جائے گا - پہلی صورت میں قصاص کا احتمال ہے، بالکل اسی طرح جیسے آزاد شخص بجز اس کے کہ ستم رسیدہ یا اس کے وارث مملوک کو حوالے کر دینا پسند کریں لیکن جمہور اس طرف ہیں کہ اگر مُستغیث مقدمہ جیت جائے تو وہ یا تو قصاص لے سکتا ہے یا بالکل معاف کر سکتا ہے .

قصاص یا دیۃ سے متعلق قَسامۃ [رک بآں] کی ضمنی رسم بھی تھی یعنی اگر کسی مقام، قبیلے، گاؤں یا علاقے میں کوئی لاش پڑی ملے اور قاتل کا پتا نہ چلے تو اس مقام کے باشندوں میں سے پچاس آدمی حلف اٹھائیں کہ انہیں مجرم کے نام و نشان کا کوئی علم نہیں - اگر پچاس آدمی یہ حلف نہ اٹھائیں تو تمام مقامی باشندوں کو مل کر دیۃ کا ادا کرنا لازم آئے گا - یہ دستور بھی آخر کار معدوم ہو گیا جیسا کہ چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے ایک مصنف نے لکھا ہے .

دیۃ کی موجودہ صورت :

موجودہ زمانے میں دیۃ کا نظام دو خاص شکلوں میں، مقامی حالات کے مطابق، باقی نظر آتا ہے.

بدوی قبائل میں، جو بالطبع ہر نظام حکومت سے دلی مخالفت رکھتے ہیں، ذاتی انتقام کا طریقہ ابھی تک جاری ہے جس کے ساتھ دیۃ سے بھی حسب موقع

Marfat.com

کام لیا جاتا ہے ۔ اس نظام کی بنیاد چند خصوصیات کے لحاظ سے ایسے رسم و رواج پر ہے جو قدیم عرب کے رواج سے ملتا جلتا ہے اگرچہ ہر قبیلے میں اس کی صورت الگ الگ ہے . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . متعلقہ حکومتیں اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکیں کہ ان جماعتوں کے طریق عمل پر چند پابندیاں عائد کر دیں جن کا دائرۂ اثر بھی محدود ہے .

چنانچہ مصر، اُردن اور شام میں یہ رسم تقریبًا عام ہے کہ قتل عمد کے سوا ہر صورت میں دِیَة واجب ہے ۔ دِیَة کے اجزاے ترکیبی میں قبیلے قبیلے کے لحاظ سے فرق ہوتا ہے : صرف ۴۰ نر اونٹ یا ۴۰ نر اونٹ اور ایک دوشیزہ لڑکی یا نقد روپیہ (مثلاً مصر میں ۴۰۰ مصری پونڈ یا ۳۰۰ م۔ پونڈ یا ۱۵۰م۔ پونڈ وغیرہ) ۔ عورت کی دِیَة مرد کی دِیَة سے زیادہ ہوتی ہے؛ بعض قبائل میں اس کی مقدار مرد کی دِیَة سے چار گنا یا آٹھ گنا تک زیادہ ہوتی ہے ۔ اثبات جُرم کے لیے، آگ یا پانی میں سے گزرنے کا امتحان اکثر عمل میں لایا جاتا ہے، بعض قبائل میں عمل قَسامة بھی دیکھا جاتا ہے .

زیادہ ترقی یافتہ اور سیاسی حیثیت سے زیادہ منظم قوموں میں بھی دِیَة در اصل اس لیے باقی رہی کہ اس کی نوعیت مذہبی حکم کی سی ہو گئی تھی ۔ اس کی مخصوص مثال حکومت عثمانیہ میں ملتی ہے ۔ اگرچہ وہاں انیسویں صدی عیسوی کے وسط کے قریب زمانۂ حال کے مطابق قانون کی اصلاح ہو چکی تھی اور نقصان رسیدہ کے معاوضے کا قانون (معاوضے کے صحیح معنوں کے لحاظ سے) نافذ کر دیا گیا تھا اور اس کے مطابق قانون عامّہ باقاعدہ معمول بہ ہو چکا تھا؛ پھر بھی اہل مقدمہ کے قصاص کا اور آگے چل کر دِیَة کے مطالبے کا حق باقی رکھا گیا ۔ خاص طور پر ۱۸۶۳ء کے قانون تعزیرات میں، سرکاری طور پر دِیَة کی مقدار دو سو چوبیس ترکی پونڈ معین کی گئی تھی.

اب عملی طور پر یہ سب باتیں، دستور سازی سے غائب ہو چکی ہیں؛ لیکن پہلے حالات کے آثار جن کا مٹانا سخت مشکل ہے ابھی تک باقی ہیں ۔ بعض ممالک، جیسے شام میں عدالتیں اگرچہ قانون کی ظاہرًا و باطنًا پابند ہیں اور دیوانی اور فوجداری قوانین زمانۂ حال کے تقاضے کے مطابق ۱۹۴۹ء سے جاری ہیں پھر بھی وہ دِیات ادا کرنے کا فیصلہ کرتی ہیں جس کی مقدار قتل انسان کی صورت میں یکمشت رقم ہوتی ہے اور اس کی کمی بیشی قتل عمد یا قتل خطا کے لحاظ سے معین کی جاتی ہے .

قانون دِیَة کی تمدنی حکمت کے لیے رکّ به قصاص .

**مآخذ** : (۱) شیخ زادہ : مجمع الأنہُر، طبع احمد بن عثمان، ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء، ج ۲ : ص ۶۱۴ ببعد؛ (۲) دَرْدِیر بر الدُسوق یعنی حاشیہ مختصر الخلیل، ص ۱۴، ۲۵۸ ببعد؛ (۳) ابن عبدالرحمٰن الدمشقی : رحمة الامة فی اختلاف الائمة، طبع عبدالحمید، قاہرہ، ص ۲۵۵ ببعد؛ (۴) ابن الہُمَام : فتح القدیر، قاہرہ، ۸ : ۲۴۴ ببعد؛ (۵) ابن قدامہ : المغنی، بار سوم، طبع رشید رضا، قاہرہ ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۷ء، ۷: ۶۳۶ ببعد، ۸ : ۱ ببعد؛ (۶) خرشی : شرح مختصر الخلیل، ۸ : ۲ ببعد؛ (۷) Querry : *Recueils de lois concernant les musulmans chiites*، پیرس ۱۸۷۸ء، ۲ : ۵۴۱ ببعد؛ (۸) [امام] الشافعیؒ : کتاب الام، قاہرہ ۱۹۰۳ء، ۶ : ۲ ببعد؛ (۹) ابو ہیف : الدیة، (فرانسیسی سے عربی ترجمہ)، قاہرہ ۱۹۳۲ء؛ (۱۰) Hakim : *La dommage de source délictuelle et son évaluation en droit musulman*، مقالہ (ٹائپ شدہ)؛ بیروت ۱۹۵۵ء، ص ۱ ببعد؛ (۱۱) Juynboll : *Handbuch*، ص ۲۹۵ ببعد، ۳۵۳؛ (۱۲) Tyan : *Systéme de responsabilité delictulé en droit musulman*، مقالۂ لیون، ۱۹۲۶، ص ۱۳ ببعد؛

marfat.com
Marfat.com

[(۱۳) شاہ ولی اللہ : حجة اللہ البالغة ، مبحث المظالم ، ۲ : ۱۵۱ تا ۱۵۸ ؛ ۱۳۵۵ھ (اردو ترجمہ ، ج ۲ ، مظالم کا بیان)] .

(E. TYAN)

⊗ **دی تریسی** : فریڈرش دی ترِیسی (Friedrich Dieterici)، انیسویں صدی کا ایک ممتاز جرمن مستشرق ھے، جس نے عربی ادب اور مسلمانوں کے فلسفے کو اپنا خاص موضوع بنایا اور اس سلسلے میں قابل قدر خدمات سر انجام دیں ۔ دی ترِیسی ۱۸۲۱ء میں برلن میں پیدا ھوا اور برلن یونیورسٹی ھی میں اس نے تحصیل علم کی ۔ برلن کے علاوہ اس نے لائپزگ اور ھالہ Halle کی دانشگاھوں کے اساتذہ سے بھی اکتساب فیض کیا ۔ اس نے مشرقی مُلکوں یعنی مصر، شام اور فلسطین کا بھی سفر کیا اور وھاں کے علما سے بھی استفادہ کیا ۔ دی ترِیسی ۱۸۵۰ء میں برلن یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر مقرر ھوا اور عمر بھر اسی دانشگاہ سے وابستہ رھا .

عربی ادب کے سلسلے میں دی ترِیسی نے عربوں کے مشہور شاعر اَلْمُتَنَبِّی کو اپنا موضوع سخن بنایا اور اس کے محاسن کلام سے بحث کی، اور اس ضمن میں اس کے دیوان کو واحدی کی شرح کے ساتھ دو ضخیم جلدوں میں شائع کیا ۔ علاوہ اِزیں الثعالبی کے "رِسالۃ فِیما جری بَین اَلْمُتَنَبِّی و سَیفِ الدَّولَۃ" کو بھی طبع کیا اور اس طریق سے عربوں کے اس مایۂ ناز اور مقبول شاعر کو اھل یورپ سے روشناس کرایا .

یورپ میں دی ترِیسی سے پہلے مونک Munk اور رینان Renan وغیرہ مستشرقین مسلم فلاسفہ کے متعلق مستقل کتابیں تصنیف کر چکے تھے ۔ دی ترِیسی نے ان روایات کو قائم رکھتے ھوے مسلمانوں کے فلسفے کی تحقیق میں خاص نام پیدا کیا اور اس ضمن میں سب سے پہلے رسائل اخوان الصفاء پر توجہ کی، جو چوتھی صدی ھجری میں مرتب ھوے تھے اور جن کے مؤلّفین نے اس بات کی کوشش کی تھی کہ اپنے زمانے کا سارا فلسفہ اور اپنے عہد کے جملہ علوم عام فہم انداز اور سادہ اور سلیس زبان میں بیان کر دیے جائیں ۔ دی تریسی نے ان رسائل کے مندرجات سے بحث کی، اور ان میں سے بعض کو جرمن زبان میں منتقل کیا اور اس طریق سے اھل مغرب کو ان رسائل سے آشنا کیا جو مسلمانوں کی علمی اور فکری تاریخ میں ایک خاص مقام رکھتے ھیں .

دی تریسی نے فارابی اور اس کے فلسفے کی تشریح پر بھی خاص توجہ مبذول کی، چنانچہ اپنی عمر کے آخری ایام میں پروفیسر موصوف فارابی کی کتاب السِّیاسَۃ المَدَنِیَّۃ کا جرمن زبان میں ترجمہ کر رہے تھے، لیکن ابھی اسے مکمل نہ کرنے پائے تھے کہ انھیں داعی اجل کو لبیک کہنا پڑا ۔ تاھم ان کی وصیت کے مطابق ان کے شاگرد رشید ڈاکٹر پال برونلہ Paul Bronnle نے اس کی تکمیل کی اور آغاز کتاب میں ایک مقدمہ لکھا اور اس میں اپنے نامور استاد کے مختصر حالات کے علاوہ ان کے علمی کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ یہ ترجمہ مقدمۂ مذکورہ کے ساتھ ذیل کے عنوان سے طبع ھو چکا ھے : *Die Staatsleitung von Alfarabi, deutsch Bearbeitung, herausgegeben mit einem Gedenkblatt* von Dr. P. Brönnle، لائڈن ۱۹۰۴ء ۔ پروفیسر دی تریسی نے اگست ۱۹۰۳ء میں وفات پائی.

**مآخذ** : (۱) ابوالقاسم سحاب : فرهنگ خاورشناسان، صفحه ۱۱۱؛ (۲) نجیب العقیقی : المستشرقون، ۲ : ۴۱۶، قاھرہ ۱۹۶۵ء؛ (۳) Paul Brönnle : *Introduction to F. Dietrici Die Staatsleitung von Alfarabia*، لائڈن ۱۹۰۴ء.

(شیخ عنایت اللہ)

* **دَیدَبان** : فارسی "دِیدبان" کا معرّب، ایک اصطلاحی لفظ جو مختلف زمانوں میں بعض انواع کے پہرے داروں، چوکیداروں اور ناظروں وغیرہ کے لیے

Marfat.com

مستعمل تھا۔ رسائل اخوان الصّفا میں یہ لفظ پہلے ہی ایک پیشے کے نام کے طور پر نظر آتا ہے (رسالہ ۸، سلسلۂ اوّل، طبع قاہرہ ۱ : ۲۱۰؛ نیز دیکھیے IC ۱۹۴۳ء، ص ۱۴۷)، اور اس کے ساتھ "ناطور" بھی مذکور ہے۔ ترکان عثمانی کی معیاری اصطلاح میں یہ لفظ، جس کا تلفظ ان کے ہاں "دیدہ بان" تھا، جنگی خانے کے محافظوں کے لیے مخصوص تھا جن کا سردار "دیدہ بان باشی" کہلاتا تھا۔ استانبول کے برجہاے آتش کے چوکیداروں کو بھی یہی نام دیا جاتا تھا اور اسی طرح بحری اور فوجی دیکھ بھال کی چوکیوں کو بھی۔

**مآخذ** : (۱) Dozy : *Supplément*، ۱ : ۴۸۱؛ (۲) اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی : *Osmanli Devleti teşkilâtindan Kapikulu Ocaklari*، انقرہ ۱۹۴۳ء، ج ۱، ص ۳۹۴؛ (۳) M. Z. Pakalin، ۱ : ۴۵۰۔

(ادارہ [و] لائڈن).

⊗ **دیدو** : رک بہ دِوو.

* **دَیر** : سریانی الاصل لفظ، ان عیسائی خانقاہوں پر دلالت کرتا ہے جو مشرق وسطٰی میں عربوں کی فتح کے بعد بھی کام کرتی رہیں۔ اگر ہم عرب مصنفین کی مرتب کردہ فہرستوں پر یقین کریں تو ان خانقاہوں کی تعداد بہت زیادہ تھی، بالخصوص زیریں عراق (دجلہ اور فرات کی وادیوں کے ساتھ ساتھ) بالائی عراق، شام (اجڑے شہروں کے قرب و جوار میں "منارہ نشین" Stylite راہبوں کی درگاہیں)، فلسطین اور مصر میں (وادی نیل کے ساتھ ساتھ)۔ ان کے نام اکثر مربیّ راہبوں کے نام پر (: تکریت کے نزدیک دَیر مار یُوحنّا، شمالی شام میں دَیر سِمعان)، یا اپنے بنانے والوں کے نام پر (عراق میں دَیر عَبدُون) رکھے جاتے تھے، لیکن گاہے گاہے قریب ترین شہر یا دیہات (: شام میں دَیرالرُّصافۃ) یا مقامی علاقے کی خصوصیت کی بنا پر (: موصل کے قریب دَیرالاَعلٰی، بالائی عراق میں دَیرالزّعفران) بھی رکھے جاتے تھے۔ راہب جنھیں "دیّار یا دَیرانی" کہتے تھے، ان دیروں میں رہتے تھے (جنھیں عراق میں "عُمر" بھی کہتے تھے، جس کی اصل کا صحیح علم نہیں)۔ خانقاہیں اکثر و بیشتر سیدھے سادے حجروں سے زیادہ مختلف نہ ہوتی تھیں خصوصاً اگر وہ زیادہ دور دراز علاقوں میں واقع ہوتیں، تا ہم وہ عموماً کئی عمارتوں پر مشتمل ہوتی تھیں۔ ایک گرجا (کنیسہ یا بیعہ) رہنے کے حجرے (قلّیہ، جمع قلالی، یا کُرح، جمع اَکراح اور اُکَیرِح۔ یہ سریانی زبان کے الفاظ ہیں، اگرچہ دوسرا صحیح معنوں میں عراق ہے) اور بیرونی عمارتیں، مثلاً دکانیں اور سرائیں۔ دَیر فی الحقیقت زراعت کو فروغ دینے کا بھی مرکز بن گیا تھا اسے ان اراضی سے مالیہ حاصل ہوتا تھا جو اس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کاشت کی جاتی تھیں (تاکستان، زیتون کے باغ اور نخلستان)۔ حجروں اور خانقاہوں کو حفاظتی دیواروں کے ذریعے، یا محفوظ مقام انتخاب کرکے انھیں قابل دفاع بنایا جاتا تھا (مثلاً انھیں پہاڑوں کے پہلو پر بلکہ گھاٹیوں کے اندر بنایا جاتا تھا اور اس طرح وہ داخلے کے عام ذرائع سے بالکل الگ کر دیے جاتے تھے)۔

عیسائی خانقاہیں اسلام کے ابتدائی ایام میں مذہبی اور دماغی مشاغل کا مرکز ہوتی تھیں مثلاً تیسری - چوتھی صدی ہجری / نویں - دسویں صدی عیسوی میں نسطوری کلیسا میں عبادت کے جو قواعد رائج ہوے انھیں موصل کے "دیرالاعلٰی" میں مرتب کیا گیا تھا (دیکھیے J. M. Fiey : *Mossoul chrétienne*، بیروت ۱۹۵۹ء، ص ۱۲۶ تا ۱۳۲)۔ قدیم یونانی کتابوں کی اشاعت میں بھی ان خانقاہوں نے بڑا معقول حصہ لیا۔ یہ کتابیں عام طور پر سُریانی میں اور وہاں سے عربی میں ترجمہ کی گئیں۔ بعض صورتوں میں ان خانقاہوں میں بڑے بڑے کتاب خانے قائم کیے گئے، جن میں سے ... کیتھرائن کی خانقاہ کا ذخیرۂ کتب

marfat.com
Marfat.com

قابل ذکر ہے (دیکھیے A. S. Atiya : *The Arabic manuscripts of Mount Sinai*، بالٹی مور ۱۹۵۵ء)۔ مزید برآں، بعض عراقی خانقاہیں اور ان سے وابستہ عیسائی فرقے عباسی عہد میں سرکاری محرّروں کی فراہمی کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوے۔ وہ سلطنت کے نظم و نسق میں حصہ لیتے تھے اور اسلام قبول کرنے کے بعد منصب وزارت تک کے مستحق ہو جاتے تھے [رک بہ دیر قُنّا]۔

اسلامی دنیا کی سیاسی اور معاشرتی زندگی میں بھی ان خانقاہوں کی خاصی اہمیت رہی۔ ان میں بلا امتیاز مذہب کم و بیش سب مسافروں کو، جن میں ممتاز شخصیتیں بھی شامل ہوتی تھیں، آنے کی اجازت تھی اور بلا شبہہ وہ اکثر کسی دوسری جگہ سے زیادہ محفوظ پڑاؤ مہیا کرتی تھیں، مثلاً دمشق کے قریب دَیْر مُرّان [رک بآن] کے مقام پر ایک شاہی اقامت گاہ تھی (جسے بعض مصنفین نے غلطی سے خانقاہ بیان کیا ہے)۔ بعض اوقات بادشاہ یا حکام کو خاص "دیر" کے اندر ٹھیرنے کی جگہ دی جاتی تھی۔ یہی صورت موصل کے دَیْر الاعلیٰ، الرّقہ کے دیر الزّکّی یا الانبار کی خانقاہ کی تھی، جہاں ہارون الرشید اور اس کے خدم و حشم نے ۱۸۷ھ/۸۰۳ء میں قیام کیا تھا۔ یہی جگہ تھی جہاں جعفر البرمکی کو قتل کیا گیا (الطبری، ۳ : ۶۷۵ تا ۶۷۸) فاطمی خلیفہ المُعِزّ نے مصر پہنچ کر چند ماہ الجِیْزہ کی خانقاہ میں قیام کیا تھا۔ ایسے بہت سے تحریری شواہد موجود ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حکمران اور شہزادے سیر و شکار کے دوران میں مقامی خانقاہوں میں جاتے جہاں راہب کھانے پینے کی چیزوں سے ان کی تواضع کرتے تھے۔ ہر خانقاہ میں کوئی نہ کوئی سالانہ مذہبی تیوہار منایا جاتا تھا اور ان عمارات کے آس پاس عموماً کھیل تماشے بلکہ بدکاری کے اڈّے ہوتے تھے۔ خصوصاً جب وہ کسی بڑے شہر کے قریب واقع ہوتیں۔ علاوہ ازیں ان کے ساتھ عام طور پر شراب خانے بھی ملحق ہوتے تھے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ رندانہ اور عشقیہ شاعری میں خانقاہوں کا ذکر کیوں آتا ہے اور کیوں ان کے بعض مکینوں کے قابل اعتراض کردار کے متعلق طرح طرح کے قصے مشہور ہیں۔ تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی اور چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی کے عرب مصنفوں نے ایسی نظموں اور کہانیوں کو جمع کرکے جن میں ان کا ذکر آتا ہے، ان کے متعلق پوری کی پوری کتابیں لکھ ڈالی تھیں۔ اگرچہ ان میں سے اب محض الشّابُشْتی (م۳۸۸ھ/۹۹۸ء) کی کتاب الدّیارات ہی موجود ہے، تاہم ہمیں کئی دوسری کتابوں کے نام معلوم ہیں جنھیں ہشام الکَلْبی، ابوالفَرج الاصفہانی، شاعر السَّری الرفّاء اور دو بھائیوں الخالدیّان اور الشُّمْیْساطی نے لکھا تھا۔

عرب فتح کے بعد خانقاہوں اور گرجاؤں پر فقہا کی لگائی ہوئی شرطیں عائد کر دی گئیں۔ اگرچہ جو خانقاہیں موجود تھیں انھیں جوں کا توں رہنے دیا گیا، لیکن راہبوں کو نئی عمارات بنانے کی؛ بلکہ فرسودگی یا کسی حادثے کے باعث جو نقصان پہنچا ہو اس کی مرمت کی بھی ممانعت کردی گئی، مگر حقیقت یہ ہے کہ خانقاہوں کی حالت وقت کے ساتھ بدلتی رہتی تھی اور مذہبی رواداری کے بعد جبر و تشدّد کے دور بھی آتے رہتے تھے۔ خانقاہوں کے مکینوں پر عائد ہونے والے محاصل مستقل بحث و تمحیص کا موضوع ہوتے تھے۔ راہب، ابتداءً میں جزیے سے مستثنی تھے اور فقہا بعد میں اس متواتر عمل کی اکثر توثیق کرتے رہے، لیکن بعض کے نزدیک یہ استثنا فقط مفلوک الحال راہبوں کے لیے جائز تھی اور شوافع کی راے میں تو یہ معافی قطعاً ناجائز تھی۔ تاریخوں سے پتا چلتا ہے کہ عہد بنوامیّہ میں بعض والیوں نے مصری خانقاہوں میں راہبوں پر شخصی محصول عائد کر دیا تھا اور عباسی عہد میں بعض والی صرف خاص حالات میں معافی کی منظوری

Marfat.com

دیتے تھے۔ المُقتدِر کی خلافت میں یہ سوال پھر اٹھایا گیا جب ۳۱۳ھ/۹۲۵ء میں مصر میں محصولات کے ناظر اعلٰی علی بن عیسٰی نے مطالبہ کیا کہ وادی النَّطْرُون کے راہبوں کو جو محصول کی معافی دی گئی ھے اسے منسوخ کر دیا جائے۔ خلیفہ نے اس کی درخواست کو منظور نہ کیا۔ ۳۶۶ھ/۹۷۶ء میں الطّائع نے ایک بار پھر اعلان کیا کہ جزیے کا اطلاق غریب راھبوں پر نہ کیا جائے (دیکھیے ذِمّہ)۔

پانچویں صدی ھجری/گیارھویں صدی عیسوی عیسائی خانقاھوں کے لیے روز افزوں تکلیف کے آغاز کا زمانہ تھا۔ انھیں پے در پے سلجوقی اور مغول حملوں، بڑھتی ھوئی بدامنی (مثلاً بالائی عراق میں ترکمانی حملے)، صلیبی جنگوں کے وقت مسلمانوں کے ساتھ تعلقات کی خرابی اور چھوٹی عیسائی بستیوں کی روز افزوں معدومی سے سابقہ پڑا۔

عراق میں بغداد اور سامّرا کے قریب جو خانقاھیں تھیں وہ تباہ ھو گئیں اور جو مصر میں تھیں ان میں سے بیشتر کو خالی چھوڑ دیا گیا اور وہ ریت میں دب گئیں (ان میں سے بعض حالیہ کھدایوں میں ظاھر ھوئی ھیں)۔ مغول حملے کے بعد سے عیسائی خانقاھی زندگی صرف چند ایک خانقاھوں تک محدود ھو کر رہ گئی، جو زیادہ تر بالائی عراق، الموصل اور علاقۂ ماردین میں (طُور عبدِین کی خانقاھیں)، صحراے سینا اور مصر میں (وادی النَّطْرُون کے کنارے اور بحیرۂ احمر کے قریب)۔ فلسطین اور شام میں، جو عرب فتح سے پہلے خانقاھوں کے بڑے مرکز تھے، فقط چند ایک منتشر خانقاھیں ھی باقی رہ گئیں اور وہ بھی زیادہ‌تر یروشلم اور جبالِ لبنان کے علاقے میں۔ اس کے برعکس خود لبنان میں خانقاھی نظام کو ایک نئی زندگی ملی، خصوصاً پندرھویں صدی میں جب پہاڑوں میں واقع قَنُّوبِین کی خانقاہ مارونی بطریق کا صدر مقام مقرر ھوگئی۔

عیسائی خانقاھوں نے اپنے عہد فروغ میں اپنے علاقے کی فنکارانہ زندگی میں حصہ لیا، چنانچہ بعض خانقاھوں میں مستعمل تزئینی اسالیب کا اس عہد کے اسلامی فن پاروں سے تقابل بڑا معلومات افزا ثابت ھوتا ھے۔ اس سلسلے میں مصر میں وادی النَّطْرُون کے مقام پر دَیرالسُّریانی (جہاں چونے گچ کے نقش و نگار میں سامّرا کے اسلوب کے اثرات نمایاں ھیں) اور موصل کے قریب خانقاہ مار بِہْنام (جس کے بعض حصے قدامت میں چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی تک جاتے ھیں) خصوصیت سے دلچسپ ھیں۔ مزید برآں خانقاھوں میں نقل شدہ بعض مخطوطوں کی طلا کاری قدیم ترین اسلامی مرقعوں سے مشابہت رکھتی ھے اور ایسا معلوم ھوتا ھے کہ ان مخطوطوں نے اپنے اسلوب اور فن کی بعض خصوصیات وھیں سے ورثے میں پائی تھیں۔

**مآخذ:** (۱) حسن زَیّات: الدیارات النصرانیہ فی الاسلام، در مشرق، ۱۹۳۸ء، ص ۲۱۹ تا ۴۱۲؛ (۲) A. Fattal: *Le statut légal des non-Musulmans*، بیروت ۱۹۵۸ء، ص ۱۷۴ تا ۲۰۳، ۲۷۰ تا ۲۷۲؛ (۳) الشابشتی: کتاب الدیارات، طبع کورکیس عوّاد، بغداد ۱۹۵۱ء؛ (۴) البکری: المعجم، طبع وُسٹنفلٹ، ۱: ۳۵۹ تا ۳۸۱؛ (۵) یاقوت، ۲: ۶۳۹ تا ۷۱۰ و ۳: ۷۴۳ تا ۷۲۶؛ (۶) العمری: المسالک، مطبوعۂ قاھرہ، ۱: ۲۵۴ تا ۳۸۶؛ (۷) A. S. Marmardji: *Textes geographiques arabes sur la Palestine*، پیرس ۱۹۵۱ء، ص ۷۲ تا ۷۹؛ (۸) المقریزی: الخطط، طبع بولاق، ۲: ۵۰۱ تا ۵۰۹، و طبع قاھرہ، ۴: ۳۰۹ تا ۳۴۷؛ (۹) *The churches and monasteries of Egypt*، جسے ابو صالح اومنی سے منسوب کیا جاتا ھے، ترجمہ از Evetts-Butler، آکسفرڈ ۱۸۹۵ء؛ (۱۰) E. A. Wallis Budge: *The chronography of Gregory Abū 'l-Faradj (BarHebraeus)*، لنڈن ۱۹۳۲ء، مقدمہ؛ (۱۱) R. Honigmann: *Le Couvent de Barsauma et le patriarcat jacobite d' Antioche et de Syrie*، لووین ۱۹۵۴ء؛ (۱۲) N. Abbott:

marfat.com
Marfat.com

The monasteries of the Fayyum، در A J S L، ۵۳ (۱۹۳۷ء) : ۱۳ تا ۳۳، ۷۳ تا ۹۶، ۱۵۹ تا ۱۷۹؛ (۱۳) H. C. Evelyn White : The monasteries of the Wadi n' Natrūn، ۲ جلدیں، نیویارک، ۱۹۲۶ تا ۱۹۳۳ء؛ (۱۴) S. Flury : Die Gipsornamente des Dēr es-Sūrjānī، در Isl.، ۴ (۱۹۱۶ء) : ۷۱ تا ۸۷؛ (۱۵) F. Sarre و E. Herzfeld : Archäologische Reise im Euphrat und Tigris Gebiete، برلن ۱۹۱۱ء، ۲ : ۳۴۷؛ (۱۶) J. Leroy : Moines et monastères du Proche-Orient، پیرس ۱۹۵۸ء؛ (۱۷) وهی مصنف : Les manuscrits syriaques à peintures conservés dans les bibliothèques d'Europe et du Proche-Orient، جلد شائع هونے والی هے .

(D. SOURDEL)

* **دِیْر** : ایک نوابی ریاست، جس کا الحاق ۱۹۴۷ء میں پاکستان سے هوا۔ اس کا رقبہ ۲۰۴۰ مربع میل هے اور اس کی آبادی ۱۹۵۱ء میں ۱،۴۸،۶۴۸ تھی۔ یه چترال [رکّ باں] کے جنوب میں ۳۵ درجے ۵۰ ثانیے اور ۳۴ درجے ۲۲ ثانیے عرض بلد شمالی اور ۷۱ درجے ۲ ثانیے اور ۷۲ درجے ۳۰ ثانیے طول بلد مشرقی کے درمیان واقع هے۔ اس کا نام والیِ ریاست کے صدر مقام موضع دیر سے موسوم هے اور یه موضع اسی نام کی ایک ندی کے کنارے واقع هے، جو دریاے پنج کوڑا کی معاون هے۔ سیاسی لحاظ سے ریاست دیر کم و بیش اس علاقے پر مشتمل هے جسے پنج کوڑا اور اس کی معاون ندیاں سیراب کرتی هیں۔ اس ریاست کو انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں "مجاهدین" کے ساتھ دشمنی کی وجه سے شهرت حاصل هوئی؛ یه مجاهدین سیّد احمد بریلوی ؒ [رکّ باں] کی شکست خورده فوج کے باقی مانده لوگ تھے، جن کا صدر مقام پہلے اَسْمَسْٹ (سَمَسَّه) میں اور بعد ازاں یاغستان میں چمَرکَند تھا .

[۱۹۶۹ء میں عوامی مطالبات کے پیش نظر سوات، دیر اور چترال کی ریاستیں پاکستان میں مدغم کرکے ان پر مشتمل مالا کنڈ ڈویژن تشکیل کی گئی، جو شمال مغربی سرحدی صوبے کا حصه هے] .

دِیْر کا آخری نواب، سلطان محمد شاه خُسرو اخوند خیل کا فرد تھا، جو یوسف زئی کے پاینده خیل کی ایک ذیلی شاخ هے۔ دیگر همسایه ریاستوں، سوات، امب اور چترال کے بانیوں کی طرح دیر کے حکمران خاندان کے بانی مُلّا الیاس المُلقّب به اخوند بابا نے گیارهویں صدی هجری / سترهویں صدی عیسوی میں فروغ پایا۔ مگر کہا جاتا هے که سب سے پہلے اس کے پوتے غلام بابا نے مذهبی مقتدا کی زندگی ترک کر کے دنیوی اقتدار اختیار کیا۔ اس کا پرپوتا غزن خان بن قاسم خان بن ظفر خان تھا، جو ۱۸۶۳ء میں اپنی دس هزار فوج کے ساتھ امبیلا کی مہم میں قبائلی لشکروں کے ساتھ شریک هو گیا۔ یه مہم برطانوی هندوستانی فوج سیّد احمد بریلوی ؒ کے مجاهدین اور اُن کے حلیفوں کے خلاف لائی تھی۔ جب غزن خان نے دیکھا که لڑائی کا پلّه حمله آور (انگریزوں) کے حق میں جھک رها هے تو وه اپنا لشکر لے کر واپس چلا گیا۔ اس کے بعد اس کا لڑکا رحمت الله خان جانشین هوا۔ اُسے اپنے استحقاق کی کمزوری کا علم تھا، لہٰذا اس نے مہاراجا کشمیر کی مالی امداد سے ریاست حاصل کی۔ ۱۸۷۵ء میں رحمت الله نے کشمیر کے ایجنٹ (برطانوی قائم مقام) سے ناراض هو کر مہاراجا سے اپنے تعلقات منقطع کر لیے اور اس کی سیادت سے نکل گیا۔ ۱۸۸۴ء میں اس کے انتقال کے بعد اس کا بیٹا محمد شریف تخت نشین هوا اور جلد هی اس نے اپنی همسایه ریاست چترال [رکّ باں] کے خلاف لڑائیوں اور چڑھائیوں کا سلسله شروع کر دیا، مگر محمد شریف خان کی فوجوں کو شکست فاش هوئی اور چترال کے مہتر امان المُلک کا دیر میں بڑا عمل دخل هو گیا۔ محمد شریف خان کو سوات [رکّ باں] میں پناه لینا پڑی،

Marfat.com

جس کے ساتھ اس کی ریاست کم و بیش ھمیشہ برسرپیکار رہتی تھی۔ اس نے امان الملک سے اپنا علاقہ واپس لینے کی کئی بار کوشش کی، مگر ناکام رہا۔ ۱۸۹۰ء میں اسے جَندُول کے طالع آزما سردار عمرا خان نے فتح کر لیا تھا۔ پانچ سال بعد ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵ء میں محمد شریف خان برطانوی فوجوں کی اخلاقی اور مادّی مدد سے دیر کو واپس لینے بلکہ چترال کے تخت کے مدّعی شیر افضل کو گرفتار کرنے میں بھی کامیاب ھوگیا۔

۱۸۹۷ء میں محمد شریف خان کو نوّاب کا لقب عطا کیا گیا اور اسی سال اس نے اپنے خاندان کی دیرینہ دشمن ریاست سوات کے بالائی علاقے کے ایک حصے کو اپنی ریاست سے ملحق کرلیا۔ نوابی کا خطاب اُسے غالبًا انگریزوں کی خیر خواھانہ خدمات کے صلے کے طور پر عطا ھوا تھا، کیونکہ اس نے دیر کے قبائل کو اس جہاد میں حصہ لینے سے باز رکھا جسے مُلّا سعد اللہ خان بنیری عرف "سر تور" (یعنی سر پھرا) نے بیرونی حکومت کے خلاف شروع کیا تھا۔ محمد شریف خان برطانوی حکومت کا بہت پکا حلیف رھا۔ اسے چھبیس ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ ملتا تھا۔ ۱۹۰۴ء میں اس کی وفات پر اس کا بیٹا اورنگ زیب خان (بادشاہ خان) اس کا جانشین ھوا۔ جلد ھی اس کا اپنے چھوٹے بھائی میاں گُل خان سے جھگڑا ھو گیا، جس نے دیر کی آبادی میں نواب کے مخالف گروھوں سے اتحاد کر کے اپنے بڑے بھائی کے خلاف پیش قدمی کر دی اور جمادی الاولٰی ۱۳۲۳ھ/ جون ۱۹۰۵ء میں دیر کے دو قلعوں پر قبضہ کر لیا۔ شمال مغربی سرحدی صوبے کے برطانوی چیف کمشنر کی کوششوں سے ان میں صلح ھو گئی، مگر وہ چند روزہ ثابت ھوئی اور دونوں بھائیوں کے درمیان ۱۹۱۱-۱۹۱۲ء میں پھر لڑائی چھڑ گئی۔ اس خانہ جنگی کا زمانہ ۱۹۱۴ء میں جندول کے مقام پر میاں گُل کی وفات کے ساتھ ختم ھوا۔

۱۹۱۷ء میں، جب کہ پہلی عالم گیر جنگ ابھی جاری تھی، بادشاہ خان نے عُمرا خان کے ایک بیٹے عبدالمتین خان کو جندُول کا علاقہ دوبارہ حاصل کر لینے میں مدد دی، لیکن فورًا بعد اس پر خود قبضہ کر لیا۔ اس کے اس فعل کو بدترین قسم کے غصب اور دغا بازی پر محمول کیا گیا۔ محرم ۱۳۳۶ھ/ اکتوبر ۱۹۱۷ء میں ترکیہ کے سلطان کی طرف سے ایک دعوت نامہ یاغستان کے جنگجو قبائل کے نام جاری ھوا تھا۔ اس میں بھی دیر کے نواب پر زور دیا گیا تھا کہ وہ قبائل کے درمیان پھوٹ ڈالنا چھوڑ دے اور جندول کو اس کے حق دار وارث کے حوالے کر دے۔ ۱۹۱۹ء میں سوات کی ستائی ھوئی رعایا نے میاں گُل شاھزادہ کے تحت بادشاہ خان کی حکومت کا تختہ اُلٹ دیا، لیکن انگریزوں نے ۱۹۲۲ء میں شاھزادے کو اپنے مفتوحہ علاقے سے واپس ھٹ جانے پر مجبور کر دیا۔ ۱۹۲۵ء میں جب بادشاہ خان کا انتقال ھوا تو اس کا سب سے بڑا بیٹا محمد شاہ جہان خان، معزول حکمران، اس کا جانشین ھوا۔ ۱۹۳۰ء میں پورا شمال مغربی سرحدی صوبہ انگریزی حکومت کے خلاف اُٹھا تو اس نے پشاور اور اس کے نواحی علاقوں میں سرخ پوشوں کے فسادات کا سدباب کرنے میں اپنے تمام وسائل برطانوی حکومت کو پیش کر دیے۔ اسی سال دیر اور سوات کی موجودہ سرحدوں کی توثیق ھو گئی اور اس طرح صدیوں پرانی عداوتوں کا خاتمہ ھو گیا۔

**دیر کے علاقے کا ایک بڑا حصہ چھوٹی چھوٹی خانیوں میں منقسم ھے، جو نواب کے اقربا کے قبضے میں ھیں۔ حال ھی میں (۱۹۵۹ء) ریاست میں کچھ فسادات ھوئے تھے لیکن کہا جاتا ھے کہ وہ سیاسی قسم کے نہیں تھے بلکہ زیادہ تر زرعی قسم کے تھے۔**

**۱۹۶۰ء میں حکومت پاکستان نے محمد شاہ جہان خان کو بد انتظامی اور بے نظمی کے سنگین الزامات کی بنا پر گدّی سے معزول اور گرفتار کر کے نظر بند کر دیا۔ اس کا جانشین اس کا سب سے بڑا بیٹا شہزادہ**

marfat.com
Marfat.com

محمد شاہ خسرو ہوا جسے ۹ نومبر ۱۹۶۰ء کو مالاکنڈ ایجنسی میں چکدرہ کے مقام پر باضابطہ دیر کا نواب بنایا گیا۔

**مآخذ:** (۱) C. U. Aitchison : *Treaties, Engagements and Sanads* ...، دہلی ۱۹۳۳ء، ۱۱ : ۳۱۷ تا ۳۳۶؛ (۲) غلام رسول مہر : سرگذشت مجاہدین، لاہور ۱۹۵۶ء، ص ۳۳۸، ۳۵۹، ۳۶۵، ۳۶۸، ۳۸۹، ۵۳۰؛ (۳) *Imperial Gazetteer of India*، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ص ۳۶۰ تا ۳۶۱؛ (۴) *The Indian Musulmans*، کلکتہ ۱۹۴۵ء، ص ۲۹؛ (۵) *Memoranda on the Indian States*، دہلی ۱۹۴۰ء، ص ۲۱۰ تا ۲۱۵؛ (۶) نیز دیکھیے مقالہ سوات.

(بزمی انصاری)

* **دَیْرُ الْاَعْوَر:** عراق میں ایک مقام، جو قبیلہ اِیاد کی شاخ امیّہ بن حُذَافَة کے ایک فرد کے نام پر موسوم ہے (البَلاذُری: فتوح، ص ۲۸۳؛ ابن الفقیہ الہَمْدانی: بُلْدان، ص ۱۸۲؛ یاقوت، ۲ : ۶۴۴) ۔ اس لیے یہ ایک ایادی دَیر ہے (ابن الفقیہ الہمدانی، ص ۱۳۵ بحوالہ الہَیْثَم بن عَدی؛ اَلبَکْری، ص ۶۹ بحوالۂ ابن شَبَّہ) ۔ الہَمْدانی کا اسے دیرالجَماجم سمجھنا (محلّ مذکور) غالبًا غلطی ہے، کیونکہ اس کی تائید کسی دوسرے مآخذ سے نہیں ہوتی۔

دَیْرالاَعْور کا ذکر ساسانی سپہ سالار رستم کے پیش قدمی کے بیان میں ملتا ہے جو اس نے مدائن (Ctesiphon) سے قادسیّہ تک براہ کُوثا بُرس (قدیم Bursippa) ۔ ملطاط، نجف کی تھی جہاں وہ خیمہ زن ہوا تھا (الطَّبَری، ۱ : ۲۲۵۴) ۔ اس دَیْر کا ذکر اس وقت بھی ملتا ہے جب سلیمان بن صُرَد نے اَقْساس مالک اور کربلا کی طرف کوچ کرنے سے پہلے توابین کی معیت میں کوفہ چھوڑا اور اسی مقام کو اپنے متبعین کے جمع ہونے کے لیے منتخب کیا (الطَّبَری، ۲ : ۵۴۸؛ البلاذُری : اَنساب، ۵ : ۲۰۹) ۔ پھر اس وقت جب حُمَیْد بن قَحْطَبہ جنوب کی طرف کربلا ۔ دَیْرالاَعْور ۔ عباسیّۃ کے راستے بڑھا (الطَّبَری، ۳ : ۱۵) نیز اس وقت جب الحسن بن قَحْطَبة نے بھی یہی راستہ اختیار کیا تھا (الطَّبَری، ۳ : ۱۸) اور آخر میں جب سعید اور ابوالبُطّ قصبہ لیل سے چڑھائی کر کے دَیر الاَعْور سے گذرے تا کہ ھَرثَمة کی فوجوں کو روکیں جو نہر سُرٰی کے کنارے شاہی نامی گاؤں میں ڈیرے ڈالے پڑی تھیں۔

ان متون سے ظاہر ہوتا ہے کہ دَیْرالاَعْور کی جاے وقوع برس کے مغرب اور نجف کے مشرق میں ہے نیز کربلا سُرٰی اور شاہی کے جنوب اور عباسیہ اور نیل کے شمال میں ہے ۔ ان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی تک لوگ اسے جانتے تھے۔

کوفی باغی عُبَیْداللہ بن الحُرّ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ مُصْعَب کے زمانے میں عُمَر بن عُبَیْداللہ کے ہاتھوں شکست کھا کر دَیْر الاَعْور کی جانب پسپا ہوا تھا (الطَّبَری، ۲ : ۷۷۵؛ ابن الاثیر، ۴ : ۲۳۱).

**مآخذ:** درمتن.

(SALEH A. EL. ALI)

* **دیرالجاثلیق:** یہ نام عراق میں دو خانقاہوں کو دیا گیا ہے ۔ پہلی مَسْکِن کے ضلع (طسوج) میں واقع ہے جس کی آبپاشی نہر دُجَیل سے ہوتی ہے ۔ یہ نہر سامرّے کے جنوب میں دریاے دجلہ کے مغربی کنارے سے نکلتی ہے اور جنوب کی طرف تقریبًا اسی خط پر بہتی ہے جس پر جدید دُجَیل یہاں تک کہ وہ بغداد کے قریب پہنچ جاتی ہے مَسْکِن کا محل وقوع بغداد کے شمال میں تقریبًا نو دس فرسنگ (۵۰ تا ۵۵ کیلومیٹر) کے فاصلے پر متعین کیا جا سکتا ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کے آثار ہی اب اپنے قدیم نام سے موسوم اور "خرائب مسکن" (یعنی مسکن کے کھنڈر) کہلاتے ہیں ۔ وہ جدید دُجَیل کے مغربی

Marfat.com

کنارے سے کوئی تین کیلومیٹر دور سمیکہ گاؤں کے جنوب میں ہیں (دیکھیے Sousa : *Rayy Sāmarrā*، ۱ : ۱۹۱ - ابوصغر مسکن کے کھنڈر نہیں ہو سکتے جیسا کہ Streck کا خیال تھا - وہ دجلے کی قدیم گذرگاہ کے قریب ہے؛ دیکھیے وہی کتاب نقشہ مقابل ص ۱۹۲).

دَیرالجاثلیق کا مقام مَسکن کے قریب تھا (قب البلاذری : انساب، ۵ : ۳۳۷) - یہ بات قرین صحت معلوم ہوتی ہے کہ اس کے آثار وہ ہیں جنھیں "تل الدیر" کہتے ہیں اور جو اب سمیکہ گاؤں سے چھے کیلومیٹر جنوب مشرق کو ہیں - ان آثار میں اینٹوں کی ایک چوکور عمارت مع ایک چوکور صحن کے آس پاس کی زمین سے بلند تر دکھائی دیتی ہے Sousa : کتاب مذکور، ۱ : ۱۹۶-۱۹۷).

تاریخ عرب میں دَیرالجاثلیق اپنی شہرت کے لیے اس فیصلہ کن جنگ کا مرہون منت ہے جو اس کے نواح میں خلیفہ عبدالملک اور مُصعَب بن الزُبیر والیِ عراق کے درمیان ۷۲ھ/۶۹۱ء میں لڑی گئی - مُصعَب اپنے بھائی اور خلافت کے مدّعی حضرت عبداللہ بن الزُبیر کی طرف سے عراق کے والی تھے - زبیری شاعر عبداللہ بن قیس الرُقیّات اسے "یوم الدیر" کہتا ہے - مُصعَب کو شکست ہوئی اور وہ شہید ہو گئے (دیکھیے البلاذری : انساب، ۵ : ۳۴۳، ۳۵۰، ۳۵۵؛ المسعودی، ۵ : ۲۴۶ ببعد؛ الاغانی، ۸ : ۱۳۲؛ ۱۰ : ۱۴۷؛ ۱۷ : ۱۶۲؛ الطبری، ۲ : ۸۰۶، ۸۱۸، ۸۱۲؛ الیعقوبی، ۲ : ۳۱۷؛ Wellhausen : *Das Arab. Reich* (۱۹۰۲ء)، ص ۱۲۰ تا ۱۲۳).

مُصعَب جس جگہ دفن ہوئے وہاں ایک مقبرہ تعمیر ہوا جو جلد ہی زیارت گاہ بن گیا - قرینۂ غالب یہ ہے کہ امام منصور کا قبہ ہی مُصعَب کا مقبرہ ہے (البلاذری : انساب، ۵ : ۳۳۷؛ Sousa : کتاب مذکور، ۱ : ۱۹۸ - البلاذری یہ بھی کہتا ہے (ص ۳۳۸) کہ لڑائی کی جگہ کو "خربۂ مُصعَب" کہتے ہیں جو ایک صحرا ہے جہاں، لوگوں کے قول کے مطابق، کچھ نہیں اگتا).

اس کا نام "کیتھولکوس Catholicos کی خانقاہ" اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ نسطوریوں کا سربراہ وقتاً فوقتاً اس جگہ ٹھیرا کرتا تھا.

دوسرا دیرالجاثلیق مغربی بغداد میں ایک بڑی خانقاہ تھا (دیکھیے M. Streck : *Die Alte Landschaft Babylonien*، ۱ : ۱۶۷؛ لسٹرینج : *Baghdād*، ص ۲۱۰؛ الشابشتی : الدیارات، طبع کورکیس عوّاد، ص ۲۲۱ تا ۲۲۴؛ آر - بابو اسحٰق : نصاریٰ بغداد، ۱۹۶۰ء ص ۱۰۳ تا ۱۰۸).

**مآخذ** : کتابوں کے حوالے مقالے میں مذکور ہیں۔ مندرجۂ ذیل قابل لحاظ ہیں : (۱) یاقوت، ۲ : ۲۵۱، ۲۶۰؛ (۲) مراصد الاطلاع، طبع Juynboll، ۱۸۵۰ء ببعد، ۱ : ۴۲۶، ۵ : ۵۳۹؛ (۳) Sousa : *Ray Sāmarrā*، ج ۱ (بغداد ۱۹۴۸ء)، ص ۱۹۸ ببعد؛ (۴) M. Streck : *Die Alte Landschaft Babylonien*، ۲ : ۱۹۰، ۲۳۶؛ (۵) الشابشتی : الدیارات، (طبع کورکیس عوّاد)، بغداد ۱۹۵۱ء، ص ۲۲۱ تا ۲۲۴.

(A. A. Duri)

**دَیرالجماجِم** : عراق میں کوفے کے نزدیک ایک مقام، یہ اصل میں قبیلہ اِیاد کے عراق سے نقل مکانی کر جانے سے پہلے ان کی ملکیت میں تھا (البکری، ص ۶۹، بحوالہ ابن شبّہ، الہمدانی، بُلدان، ص ۱۳۵، بحوالہ الہیثم بن عدی).

اس کی اصل کے متعلق بہت سی لغوی تشریحات پائی جاتی ہیں - ابو عُبیدہ کہتا ہے کہ اس کا نام لکڑی کے پیالوں سے ماخوذ ہے جو وہاں بنائے جاتے تھے (نقائض، ص ۳۱۲؛ ابن قتیبۃ : المعارف، ص ۱۵۶؛ البکری : المعجم، ص ۳۷۵؛ یاقوت : ۲ : ۱۲، ۶۵۲)- دیگر مصنفین کا دعویٰ ہے کہ اس کا نام ان

marfat.com
Marfat.com

ان مقتولوں کی مدفون کھوپڑیوں پر رکھا گیا تھا جو إیاد بہرا (الشّرق : فتوح، ص ۲۸۳؛ ابن الفقیہ الھمدانی : البلدان، ص ۱۸۲)، یا إیاد اور ساسانیوں کے درمیان لڑائی میں مارے گئے تھے (ابن الکلبی : الفتوح، ص ۲۸۳، ابن شبّہ درالبکری، ص ۷۰؛ المسعودی : التنبیہ، ص ۱۷۵)؛ یاقوت (۲ : ۶۵۲) کہتا ھے کہ اس کا نام ایک کنویں سے ماخوذ ھے جو شور زمین میں تھا .

دیرالجماجم فرات کے مغرب میں (البکری، ص ۷۰، ۵۷۳، بحوالۂ ابن شبّہ) کوفے کی سطح مرتفع پر (الاصفہانی درالبکری، ص ۵۷۳؛ یاقوت، ۲ : ۶۵۲)، عین النّصر اور قُلوجہ کے قریب (الطّبری، ۲ : ۱۰۷۳) کوفے سے تقریباً سات فرسنگ پر واقع ھے .

جماجم کی لڑائی (۸۳ھ/۷۰۲ء) کی تفصیل سے معلوم ھوتا ھے کہ یہ دیر کوفے اور فرات سے نسبةً زیادہ قریب دیر قُرّہ [رکَ باں] کے نزدیک (الاصفہانی درالبکری، ص ۵۹۲؛ یاقوت ۲ : ۶۸۵) جنوب مشرق میں ھے .

تاریخ اسلام میں دیرالجماجم، الحجّاج اور ابو عبدالرحمٰن بن الاشعث کے درمیان ۸۳ھ/۷۰۲ء کی جنگ کے میدان کے طور پر معروف ھے (دیکھیے ابن الاشعث) ۔ مؤخّر الذکر کی حمایت بیشتر عرب کوفیوں اور بعض غیر عرب موالیوں نے کی تھی ۔ جب طویل گفت و شنید ناکام ھوگئی تو الحجّاج نے، جسے شامی عربوں کی کمک پہنچ گئی تھی، ابن الاشعث کو شکست دی، جو مَسکِن کی طرف پسپا ھوگیا اور الحجاج کا کوفے سے متعلق کوئی حریف نہ رہا ۔ اسے موقع مل گیا کہ اپنے مخالفوں کے خلاف سخت اقدامات کر کے شہر پر پورا اقتدار جمالے ۔ اس لڑائی کے لیے دیکھیے الطّبری، ۲ : ۱۰۷۰ ببعد؛ الیعقوبی، ص ۳۳۲؛ المسعودی : التنبیہ، ص ۳۱۵ اور مروج، ۴ : ۳۰۴؛ ابن قتیبہ : المعارف، ص ۱۵۶؛ ابو یوسف : کتاب الخراج، ص ۵۷؛ ابن الاثیر، ۴ : ۳۷۶ ببعد .

**مآخذ** : در مقالہ .

(SALEH A. EL-ALI)

* **دَیْرالزُّور** : شام کا ایک چھوٹا سا شہر، جو سطح بحر سے ۱۹۵ میٹر بلند اور دریاے فرات سے دائیں کنارے پر ھے، جس پر ۴۰۵ میٹر لمبا معلّق (Suspension) پل، جو ۱۹۳۱ء میں مکمل ھوا تھا، شہر سے کچھ آگے بنا ھوا ھے ۔ ۱۸۶۷ء میں یہ ایک "سنجاق" اور بعد میں ایک "محافظ" کا صدر مقام بن گیا ۔ یہ شہر آج کل دور جدید کی بھی جھلک رکھتا ھے ۔ اس کے بائیس ھزار باشندوں میں اکثریت سنّی مسلمانوں کی ھے اور مختصر سی عیسائی اقلیّت سابق ترکی مقبوضات سے آئے ھوے ارمنی مہاجرین پر مشتمل ھے ۔ اس میں تین مسجدیں اور کئی مشرق کلیسا اور رومن کیتھولک گرجے ھیں ۔ یہ ایک اھم فوجی مرکز اور حلب و دمشق سے ھستشے Hasatché، موصل اور بغداد جانے والی سڑک پر ایک منزل ھے ۔ اس طرح یہ آج کل وہ کردار ادا کرتا ھے جو قرون وسطٰی میں رحبة مالک اور قَرقِیسِیة کیا کرتے تھے .

یہ غالبًا قدیم شہر اوزرہ Auzara کی جگہ بنا تھا اور "اوزرہ" ھی کی بدلی ھوئی ترتیب حروف سے دَیْر الزُّور کا نام نکلا ھے ۔ اس کے معنی اب "درختوں کے جھنڈ میں بنی ھوئی خانقاہ" کے بتائے جاتے ھیں ۔ ھم یہ فرض کر سکتے ھیں کہ اسی دَیْر الزُّور کے بالکل متّصل دَیْر الرُّمان واقع تھا، جسے یاقوت (۲ : ۶۶۲) نے الرقّہ اور خابور کے درمیان بتایا ھے .

**مآخذ** : (۱) V. Cuinet : *La Turquie d'Asie*، ۲، پیرس ۱۸۹۰ء : ۲۷۵ ببعد؛ (۲) A. Musil : *The Middle Euphrates*، نیویارک ۱۹۲۷ء، ص ۱ تا ۳؛ (۳) R. Dussaud : *Topographie historique*، ۲۵۰ ...

Marfat.com

*de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۳۵۶، ۳۸۳ تا ۳۸۴؛ (۴) M. Canard : *Histoire des H'amdânides*، ۱، الجزائر ۱۹۵۱ء: ۹۵ .

(D. Sourdel)

* **دَیر سَمْعان** : شام میں کئی مقامات کا نام، جسے ماضی و حال کے اهل قلم اکثر خلط ملط کر دیتے هیں - یہ نام ان عیسائی خانقاهوں کی جگہوں کے لیے آتے تھے جو اسلام کی ابتدائی صدیوں تک آباد اور پررونق تھیں - ان خانقاهوں میں سے جنھیں سمعون کا نام، جو شام میں عام ہے، دیا جاتا تھا، دیر مُرّان [رک بآں] ہے، جو مَعَرّۃ النُّعمان کے قریب ہے، اور جس کے نام دیر سَمْعان کا اطلاق غلطی سے دمشق کے دَیْر مُرّان پر بھی کیا جانے لگا، نیز انطاکیہ کے علاقے میں ان بوزنطی عمارتوں پر جو پہاڑی چوٹیوں پر جا بجا بنی ہوئی تھیں (کیونکہ یہ سبھی چوٹیاں جبل سَمْعان کہلاتی تھیں) - مگر اس نام کی خانقاهوں میں سب سے ممتاز حلب کے شمال مغرب میں ۴۰ کیلومیٹر پر تھی اور اپنی شہرت کے لیے ایک منارہ نشین Stylite راهب سمعون اکبر (Simeon the Elder) کی مرہون منت تھی، جو وهاں اقامت پذیر تھا - چوتھی صدی هجری / دسویں صدی عیسوی میں اس خانقاہ کو بوزنطیوں اور عربوں کی جنگ میں اور پھر آگے چل کر فاطمیوں اور حمدانیوں کے مابین جنگ میں سخت نقصان پہنچا - عہد ایّوبی تک غالباً یہ خانقاہ ویران ہو چکی تھی - بہرکیف شمالی شام کے دلچسپ آثار الصّنادید میں سے ایک یہاں کے "سمعون یا سمعان ولی کا دیوان خانہ" (باسلیق basilic) اور ان حجروں کے کھنڈر هیں جہاں زائرین آکر ٹھیرتے تھے (اسی کی طرف جدید لفظ "دَیْر" خصوصیت سے اشارہ کرتا ہے) - قرون وسطٰی میں مسلمانوں نے اس دیوان خانے کو قلعہ بنا کر قلعۂ سمعان نام رکھا - ایک دوسری خانقاہ، جو انطاکیہ سے سُوَیْدِیّہ کو جانے والی سڑک پر واقع ہے، منارہ نشین راهب سمعون اصغر (Simeon the Younger) کی یادگار تھی اور بلاشبہہ یہی وہ دیر سمعان ہے جس پر ابن بُطْلان کے بیان کا، جسے یاقوت (۲ : ۶۷۲) نے نقل کیا، اطلاق ہوتا ہے .

**مآخذ** : (۱) ابن العدیم : زبدہ، طبع سامی الدہان، ۱، دمشق ۱۹۵۱ء: ۲۲۴؛ (۲) J. Lassus : *Sanctuaires chrétiens de Syrie*، پیرس ۱۹۴۷ء، بمدد اشاریہ، بذیل مادّۂ دَیر سَمْعان، قلعۂ سَمْعان، Mont Admirable؛ (۳) G. Tchalenko : *Villages antiques de la Syrie du Nord*، ۳، بیروت ۱۹۵۸ء: ۹۲، ۱۰۰، ۱۱۹، ۱۲۴؛ (۴) Howard C. Butler : *Ancient architecture in Syria (Publications of the Princeton University archaeological expeditions to Syria in 1904-1909)*، قسمت ۲، لائڈن ۱۹۱۹ء .

(D. Sourdel)

* **دَیر العَاقُول** : عراق کا ایک قصبہ، جو دجلے کے کنارے بغداد کے جنوب مشرق میں ۱۵ فرسنگ (تقریباً ۸۳ کیلومیٹر) پر واقع ہے (یاقوت، ۲ : ۶۷۶ - ۶۷۷؛ المُقَدَّسی، ص ۱۳۴، یہ فاصلہ دو منزل بتاتا ہے اور ابن فضل اللہ العُمَری : مسالک الابصار، قاہرہ ۱۹۲۴ء، ۱ : ۲۶۳، اسے ۱۲ فرسنگ یا ۶۷ کیلومیٹر لکھتا ہے) - اس قصبے نے غالباً ایک عیسائی خانقاہ کے اردگرد ترقی پائی اور وہ مرکزی نہروان میں ایک زراعتی ضلع (طَسُّوج) کا مرکز بن گیا تھا .

ابن رُسْتَہ (۳۰۰ھ/۹۱۲ء) وہاں کی جامع مسجد اور منڈی کا ذکر کرتا ہے؛ اس طرح اس کی قدرے خوشحالی کی نشان دہی ہوتی ہے - علاوہ ازیں یہ ایک چوکی تھی جہاں کشتیوں میں لائے ہوے تجارتی سامان "ماصر" پر محصول لیا جاتا تھا (ابن رُسْتَہ، ص ۱۸۶) - الاِصْطَخْری (۳۱۸ھ/۹۳۰ء تا ۳۲۱ھ/۹۳۳ء) اس کے متعلق لکھتا ہے کہ وہ واسط کے شمال میں دوسرے

marfat.com
Marfat.com

قصبات کے مانند متوسط رقبے کی بستی تھا ، اس کے چاروں طرف کھیت تھے - نصف صدی بعد حدود العالم کا مؤلف (۳۷۲ھ/۹۸۲ء) اسے ایک خوشحال شہر بتاتا ہے، جب کہ المقدسی (حدود ۳۷۵ھ/۹۸۵ء) اسے بغداد اور واسط کے درمیان دجلے کے کنارے کا اہم ترین شہر لکھتا ہے، جو بہت خوشحال اور پررونق تھا - اس میں کئی منڈیاں تھیں، جن کی جامع مسجد سے کچھ دور بہت سی شاخیں تھیں (المقدسی، ص ۱۲۳) .

تاریخ میں دیرالعاقول اس فیصلہ کن جنگ کے لیے مشہور ہے جو ۲۶۲ھ/۸۷۶ء میں یعقوب بن اللیث الصفّار اور خلیفہ المعتمد کی فوج کے مابین ہوئی، جس کی قیادت اس کے قابل بھائی الموفّق نے کی تھی - اس میں باغی والی کو پہلی دفعہ شکست ہوئی اور خلافت کو جو بہت بڑا خطرہ لاحق ہو گیا تھا دور ہو گیا (دیکھیے الطّبری، ۳ : ۱۸۹۳؛ المسعودی : مروج، ۸ : ۴۱ ببعد؛ Weil : *Geschichte der Chalif*، ۲ : ۴۴۱؛ Müller : *Isl.*، ۱ : ۵۸۳؛ Nöldeke : *Sketches*، (۱۸۹۲ء)، ص ۱۹۵ ببعد) .

بعد ازاں یہ شہر زوال پذیر ہو گیا اور جب یاقوت نے اس کے حالات لکھے (ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کا آغاز)، جن کی مراصد الاطّلاع میں لفظ بہ لفظ نقل کی گئی ہے، تو العاقول کی خوشحالی کا زمانہ قصۂ ماضی ہو چکا تھا - خلافت کا انحطاط، نہر نہروان کی تباہی اور گزرگاہ دجلہ میں تبدیلی اس انحطاط کے بڑے اسباب تھے - یاقوت نے اسے دریا سے مشرق کی طرف ایک میل (=۱۸۴۸ میٹر) دور دیکھا تھا، جہاں وہ الگ تھلگ ایک ویران علاقے میں واقع تھا .

عرب جغرافیہ نویسوں کے نقشوں سے دریاے دجلہ کے تعلق سے اس کے محل وقوع کی بتدریج تبدیلی ظاہر ہوتی ہے - البلخی (۳۰۸ھ/۹۲۰ء) اور الاصطخری نے اسے براہ راست دریاے دجلہ کے مشرقی کنارے پر دکھایا ہے (Sousa : العراق فی الخوارط القدیمة، بغداد ۱۹۶۰ء، عدد ۲، ۱۲، ۱۸)، قب نقشۂ المقدسی، عدد ۲۳ اور الجیہانی، عدد ۲۷) - ابن حوقل دریا کو قدرے مغرب کی جانب ہٹا ہوا دکھاتا ہے (وہی کتاب عدد ۲۲) - ابوسعید المغربی (۶۸۵ھ/[بہ تصحیح ۱۲۸۶ء]) اسے دریاے دجلہ کے مشرق میں کچھ فاصلے پر دکھاتا ہے، اور اس طرح وہ یاقوت کی تائید کرتا ہے (وہی کتاب، نقشہ عدد ۳۲) - معلوم ہوتا ہے کہ اس بستی نے پھر سنبھالا لیا تھا ، کیونکہ حمد اللہ المستوفی (م ۷۴۰ھ / ۱۳۳۹ء) اسے ایک بڑا قصبہ بتاتا ہے، جس کی آب و ہوا باغوں اور نخلستانوں سے گھرے ہونے کے باعث مرطوب تھی (نزهة القاوب، ص ۴۶) - العُمری (م ۷۴۸ھ / ۱۳۴۷ء) اگرچہ خانقاہ کی عمدہ عمارات کا ذکر کرتا ہے لیکن خود بستی کو ایک بڑا گاؤں بتاتا ہے .

دیر العاقول انجام کار بالکل ویران ہو گیا - اس کا محل وقوع ان کھنڈروں کے درمیان جنھیں مقامی طور پر الدّیر کہتے ھیں شناخت کیا جا سکتا ہے - الدّیر تین ٹیلوں پر مشتمل ہے جو دریاے دجلہ کے مشرق اور جدید عزیزیّه کے شمال میں ھیں (دیکھیے ہاشمی : مفصّل جغرافیة العراق، بغداد ۱۹۳۰ء، ص ۵۲۹).

دیر العاقول کا نام، جو بظاہر عربی ہے (لفظاً اونٹ کٹارا Camel-thorn، [Alhagi maurorum یا Hedysarum Alhagi کی خانقاہ]) عراق کے دیگر متعدد قبل از اسلام ناموں کی طرح آرامی زبان کا ہے - عربی دوسری شکل زبان کے "عاقول" سے آرامی زبان کا آکوله (ākola موڑ) بنا ہے، اس لیے اس نام کے معنی دریا کے موڑ کی خانقاہ ہوے - آکوله عراق میں ایک دوسرے قصبے کا نام بھی ہے، جو کوفے کے مضافات میں ہے، اور یہ نام دریاے فرات میں ایک بہت ھی نمایاں خم کے باعث دیا گیا ہے، جیسا کہ سریانی

Marfat.com

ماخذ میں صراحةً بیان کیا گیا ہے (دیکھیے Nöldeke، در *S B Ak.* Wien، ج ۱۲۴ .Abh، ۹ : ۴۳).

**مآخذ** : حوالے مقالے میں موجود ہیں ۔ مندرجۂ ذیل بھی قابل غور ہیں : (۱) Sumer، ۱۰، ۱۹۵۴ء، ص ۱۲۰؛ (۲) لسٹرینج، ص ۳۵؛ (۳) وہی مصنف در *JRAS*، ۱۸۹۵ء، ص ۳۱؛ (۴) *Erdkunde* : K. Ritter؛ ۱۰ : ۱۹۱، ۲۳۲ .

(A. A. Duri)

* **دَیر عبدالرحمٰن** : کوفے کے نواح میں حمام اَعیون کے قریب (الطّبری، ۲ : ۳۰۷) قناطر رأس الجالوت (الطّبری، ۲ : ۱۰۷) سے اگلا مقام، یہ کوفی فوج کا مقام اجتماع تھا، جسے حجّاج نے الجَزل کی قیادت میں خوارج اور ابن الاَشعث کے خلاف بھیجا تھا (الطّبری، ۲ : ۹۰۲، ۹۳۰) ۔ الحارث بن ابی ربیعة نے المختار کے خلاف بغاوت کے دوارن یہاں پڑاؤ کیا تھا (الطّبری، ۲ : ۷۵۹) .

(Saleh A. El-Ali)

* **دَیر قُرّہ** : ایک جگہ جو امیّہ بن حُذَافة نامی قبیلے کے کسی قرہ کے نام پر موسوم ہے (الفقیه الهَمدانی : البلدان، ص ۱۸۲؛ یاقوت : معجم، ۲ : ۶۸۵، بحوالۂ ابن الکلبی) ۔ یہ قبیلۂ ایاد کی ایک شاخ تھی (البلاذری : فتوح، ص ۲۸۳؛ البکری، ص ۵۹۲ ۔ بحوالۂ ابن شبّه) اس لیے اسے اصل کے لحاظ سے ایادی دَیر سمجھنا چاہیے (الفقیه الهَمدانی، ص ۱۳۵ ۔ بحوالۂ الهَیثم بن عَدی؛ البکری، ص ۶۹۸ بحواله ابن شبّه) ۔ الاصفہانی کا دعوی ہے کہ قرّہ ایک لخمی شخص تھا (البکری، ص ۵۹۱؛ یاقوت، ۲ : ۶۸۵) اور یہ دیر المُنذِر کے عہد حکومت میں قائم ہوا تھا (البکری، محلّ مذکور) .

قدیم اسلامی تاریخ میں دَیر قرّہ کا ذکر ایک ایسے مقام کے طور پر ملتا ہے جس میں سے ساسانی فوج کا ایک دستہ قادسیہ کی لڑائی میں پسپا ہو کر گزرا تھا (الطّبری، ۱ : ۲۳۵۷) اورجہاں الحجّاج نے جنگ جماجم کے دوران میں پڑاو کیا تھا [رک به دَیر الجماجم] ۔ یہ دَیر کوفے سے سات فرسنگ کے فاصلے پر ہے، جو کربلا سے بہت دور ہے اور اس کی سرحد پر نہیں، جیسا کہ A. Musil نے اپنے مقالے میں غلطی سے اس کا محل وقوع بتایا ہے (*Middle Euphrates*، ص ۱۱۳) .

(Saleh A. El-Ali)

* **دَیر قُنّا** : عراق کا ایک مقام، جو کوئی ۹۰ کیلومیٹر بغداد کے جنوب میں، دریاے دجلہ کے بائیں کنارے سے ایک میل دور ہے ۔ یہ نام ایک بڑی خانقاہ کی نسبت سے ہے، جو عہد عباسیه تک بڑی بہت بارونق تھی ۔ اس میں ایک گرجا، ایک سو حجرے اور زیتون اور کھجور کے وسیع باغات تھے اور ان سب کو چوڑے آثار کی دیواریں احاطه کیے ہوے تھیں ۔ متبرک صلیب کے تہوار کے موقع پر بہت سے لوگ خانقاہ میں جمع ہو جاتےتھے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ سلجوق قبضے کے زمانے میں یہ خانقاہ ویران ہوگئی ۔ ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے جغرافیه نویس لکھتے ہیں که اس وقت فقط اس کے کھنڈر باقی رہ گئے تھے .

دَیرقنّا اصل میں عیسائی نیز نو مسلم اعلٰی عہدے داروں کے خاندان کی وجہ سے، جن کایہ وطن تھا، مشہور ہوا ۔ ان میں معروف ترین بنو الجرّاح کا خاندان ہے ۔ تین وزیر الحسن بن مَخلد، محمد بن داؤد اور علٰی بن عیسٰی اس خاندان کے افراد تھے ۔ دَیر قُنّا کے سرکاری کاتب تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی کے اواخر اورچوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی کے اوائل میں خاصا اہم سیاسی کردار ادا کرتے تھے ۔ خلیفه المُعتَمد کے عہد حکومت میں انھوں نے نَجران کے معاهدے کے عام تسلیم کرانے کی کوشش کی، جس میں عیسائیوں کو خاص خاص مراعات دی

marfat.com
Marfat.com

گئی تھیں اور ابن المُعْتَز (۲۹۶ھ/۹۰۸ء) کی سازش کی تائید کی ۔ جب انھوں نے اسلام قبول کر لیا تو وہ پکے سُنّی مسلمان بن گئے اور انھوں نے خلافت کے انحطاط پذیر اقتدار کو بحال کرنے کی کوشش کی ۔ وہ الحلّاج کی تعلیمات سے بھی متاثر ہوے (الحلّاج کے مریدوں میں سے کم از کم ایک دَیْر قُنّا کا تھا) ، لیکن شیعیوں کے حمایتی گروھوں کی کھلم کھلا دشمنی نے سُنّی خلیفه کے اقتدار کو بحال کرنے اور عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان مصالحت کی تمام کوششوں کو ناکام بنا دیا ۔

**مآخذ** : (۱) یاقوت ، ۲ : ۶۸۷ تا ۶۸۸؛ (۲) الشابشتی : کتاب الدیارات، بغداد ۱۹۶۱ء، ص ۱۷۱ تا ۱۷۶، ۲۴۸ تا ۲۵۰؛ (۳) البکری : المعجم، طبع وُسْتَنْفلٹ، ۱ : ۳۸۱؛ (۴) العمری : مسالک الابصار، طبع احمد زکی پاشا، ص ۲۵۶ تا ۲۵۸؛ (۵) الطبری، ج ۳، ۱۹۶۱ء؛ (۶) لسٹرینج، ص ۳۶ تا ۳۷؛ (۷) میخائیل عوّاد : دیر قُنّا، در مشرق ، ۳۷ ، ۱۹۳۹ء : ۱۸۰ تا ۱۹۸ ؛ (۸) L. Massignon، در *Vivre et penser (Revue biblique)*، سلسلۂ دوم، ۱۹۴۲ء، ص ۷ تا ۱۴؛ (۹) وهی مصنف، در *Dieu vivant* ، ۲ ، ۱۹۴۶ء : ۱۸، ۲۲ ؛ (۱۰) A. Fattal : *Le statut légal des non-Musulmans*، بیروت ۱۹۵۸ء، ص ۳۶؛ (۱۱) D. Sourdel : *Le vizirat abbāside*، دمشق ۱۹۵۹ تا ۱۹۶۰ء، بمدد اشاریه .

(D. Sourdel)

* **دَیْر کعب** : اِیادی دَیْر (البلاذُری : فتوح ، ص ۱۸۳) جو عراق میں مدائن (Ctesiphon) سے کوفے جانے والی اُس بڑی شاہ راہ پر ہے جو کُوثَه ۔ دَیْر کعب ۔ مزاحمیّه (نزد قَسّین) سے گذرتی ہے (الطّبری، ۲ : ۶۰؛ اِلاصْفَهانی : مَقاتلُ الطّالبیّن، ص ۶۳) ۔ مسلم افواج قادسیة میں فتح حاصل کرکے جب مدائن کی طرف بڑھیں تو انھوں نے یہاں ایک ساسانی دستے کو ، جو نَخیْرجان کی قیادت میں تھا ، شکست دی (فتوح ، ص ۲۶۲) .

(Saleh A. El-Ali)

* **دَیْر مرّان** : شام میں دو سابقه خانقاهوں کا نام ۔ اس نام کی اصل مبهم ہے ۔ عربی اشتقاق "دَیْرالمُرّان" بمعنی "جنگلی زیتون کی خانقاه" مشتبه ہے اور سریانی زبان میں بھی اس کی کوئی تسلی بخش تشریح نہیں ملتی ۔ ان دو خانقاهوں میں سے زیاده معروف دمشق کے نزدیک تھی، گو اس کے بالکل صحیح محل وقوع کی تعیین نہیں ہو سکتی۔ یه جبل قیْسون کی زیرین ڈھلانوں پر باب الفَرادیس اور ایک عقبه (درّه) کے قریب تھی جہاں سے غُوطه کے میوه دار باغ سامنے نظر آتے ہیں ۔ اور غالبًا [نهر] بَرَدٰی [رَکْ بآن] کا دہانه بھی دکھائی دیتا ہے ۔ یه ایک وسیع خانقاه تھی اور بنوامیّه کے زمانے میں پچّی کاری سے مزّین تھی ۔ اس کے ارد گرد ایک گاؤں بسایا گیا تھا ۔ اور قیاس یه ہے که یه ایک سکونت گاه تھی جہاں ره کر خلفاء تفریح بھی کر سکتے تھے اور اپنے دارالخلافه پر نگاه بھی رکھ سکتے تھے ۔ دَیْر مَرّان کا ذکر اپنے زمانے کی نظموں میں اکثر آتا تھا ۔ خلیفه یزید اول نے نهر یزید کو جو ترقی دی اس سے بلاشبهه اس کی اراضی کو فائده پہنچا۔ وه اس جگه قیام پذیر تھا جب اس کی تخت نشینی سے پہلے اس کے والد نے اسے قسطنطینیه کے خلاف مہم کی قیادت کے لیے طلب کیا تھا ۔ الولید اوّل نے ۹۶ھ/ ۷۱۵ء میں اس جگه انتقال کیا اور خیال یه ہے که الولید ثانی نے اسے اپنی سکونت گاه بنا لیا تھا ۔ عباسی خلفا اور ان کے نائب کئی موقعوں پر دیر مرّان آئے یا اس میں مقیم ہوے تھے۔ هارون‌الرشید اور المأمون، جس نے پہاڑ کے پہلو پر دیدبان تعمیر کروایا اور ایک نهر کھدوائی تھی، اور اسی طرح المعتصم بھی یہاں آ کر رہے ۔ الوَاثق نے قَیس کی بغاوت فرو کرنے کے لیے رَجَه بن ایوب کو دمشق بھیجا، تو اس نے دَیْر مرّان ھی میں اپنا مستقر قائم کیا تھا ۔

Marfat.com

دَیر مُرّان کو ابوالفرج البّبغا (الثعالبی : یتیمۃ، ۱ : ۱۸۰) اور کُشاجم اور الصّنوبری حلبی نامی شعرا نے چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں شہرت دی ۔ عہد ایوبی میں اس کا ذکر ایک جغرافیہ نویس اور صلاح الدّین کے ایک مدّاح قصیدہ گو نے بھی کیا تھا ۔

بعض لوگوں نے یہ غلط دعوٰی کیا ہے کہ حضرت عُمر بن عبدالعزیزؒ کا مقبرہ دَیر مُرّان میں تھا ۔ در اصل وہ اسی نام کی ایک دوسری خانقاہ میں تھا جو ایک پہاڑی پر معرّۃ النعمان کے قریب شمالی شام میں تھی، جس کے لیے کَفر طاب الظر آتا تھا ۔ مؤخرالذکر کو دَیر النّقیرہ اور دَیر سَمْعان بھی کہتے تھے ۔ اگرچہ یہ خانقاہ ایّوبی عہد ہی میں بے نشان ہو گئی تھی تاہم وہ موضع اس وقت تک آباد تھا اور ایک مقدس بزرگ شیخ ابو زکریا المغربی کا مسکن تھا ۔ ان سے ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے وقائع نویس واقف تھے اور سلطان صلاح الدّین نے بنفس نفیس ان کی زیارت کی تھی ۔ انھیں حضرت عُمر بن عبدالعزیزؒ کے مقبرے کے قریب دفن کیا گیا تھا (J and D. Sourdel : *Annales archéologiques de Syrie*، ۳، ۱۹۵۳ء : ۸۳ تا ۸۸) .

**مآخذ** : (۱) الطبری، ۳ : ۱۲۷۰، ۱۶۹۲؛ (۲) الیعقوبی، ۲ : ۲۷۲؛ (۳) ابن الاثیر، ۶ : ۳۷۲؛ (۴) الاغانی، ۶ : ۱۹۵؛ ۷ : ۵۵؛ ۱۶ : ۳۳؛ (۵) البکری : المعجم، طبع وستنفلٹ، ۱ : ۳۶۲؛ (۶) ابن عساکر : تاریخ مدینۃ دمشق، طبع صلاح الدین المنجّد، ۲، دمشق ۱۹۵۴ء : ۳۱، ۱۰۴، ۱۶۶؛ (۷) ابن شدّاد : تاریخ دمشق، طبع سامی الدہان، دمشق ۱۹۵۶ء، ص ۲۸۲ تا ۲۸۷؛ (۸) یاقوت، ۱ : ۸۶۵؛ ۲ : ۶۹۶ تا ۶۹۷؛ ۴ : ۳۸۰، ۶۰۴؛ (۹) ابن شاکر الکتبی : عیون التواریخ بہ تتبع H. Sanvaire : *Description de Damas*، در *JA*، ۱۸۹۶ء، ص ۳۸۱، ۴۰۷؛ (۱۰) العمری: مسالک الابصار، طبع احمد زکی پاشا، ۱ : ۳۵۰ تا ۳۵۶؛ (۱۱) *Études sur le regne der calife omaiyade Mo'awiya Ier*، پیرس ۱۹۰۸ء، ص ۳۷۷ تا ۳۷۸، ۴۴۴ تا ۴۴۵؛ (۱۲) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syair*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۱۸۳ تا ۲۹۸؛ (۱۳) محمد کرد علی : غوطۃ دمشق، ۱۳۶۸ھ/۱۹۴۹ء، ص ۲۴۱ تا ۲۴۳؛ (۱۴) حسن زیات، در مشرق، ۴۳ (۱۹۴۹ء): ۳۲۵ تا ۳۴۸ .

(D. Sourdel)

* **دَیر موسیٰ** : سُرّیٰ جاتے ہوئے کوفے کے نزدیک ایک مقام (الطّبری، ۲ : ۶۴۴) ۔ جب حضرت علیؓ نے الاَشْعث کو خوارج کے خلاف جنگ کرنے کے لیے بھیجا تو انھوں نے اپنی فوجوں کے اجتماع کے لیے یہ مقام منتخب کیا (الطّبری، ۱ : ۳۴۲۲ تا ۳۴۴۴) ۔ المُختار اس دَیر میں یزید بن اَنَس کو الوداع کہنے کے لیے پہنچا تھا جسے اس نے موصل پر قبضہ کرنے کے لیے بھیجا تھا (الطّبری، ۲ : ۶۴۴) .

(Saleh A. El-Ali)

* **دیسقُوریدیس** : [=دیا سقوریدس]، یونانی Διοσκορίδης کی صحیح ترین عربی املا ۔ دوسری شکلوں مثلاً دیاسقوردوس، میں سُریانی اثر و نفوذ تسلیم کرنے کی گنجائش ہے ۔ اسلام میں یہ نام ہمیشہ Pedanius Dioscorides (پہلی صدی قبل از مسیح) کی طرف اشارہ کرتا ہے جو کلیکیا میں عین زربہ Anazorbe کے مقام پر پیدا ہوا، اس کے نام کی مکمل مُعرب شکل "دیسقُردیس العینْ زَربی" ہے ۔ قرون وسطٰی میں مسلمان اس کے اور اس کی تصانیف کے متعلق جو کچھ جانتے تھے اس کا خلاصہ ابن جُلجُل کی طبقات الاَطبّاء و الحکماء (طبع فواد سیّد، قاہرہ ۱۹۵۵ء، ص ۲۱) میں مل سکتا ہے ۔ جالینوس [رکّ بآں] (۳۷۷ھ/۹۸۷ء) کے بعد یہی طبیب ہے جس کا مسلمان بکثرت حوالہ دیتے ہیں ۔ اس کی تصنیف περὶ ὕλης ἰατρικῆς جسے جالینوس پہلے ہی

marfat.com
Marfat.com

قرابادین (materia medica) کا ایک معیاری دستورالعمل خیال کرتا تھا اور جو مسلمانوں کے علم دوا سازی (دیکھیے ادویه) کی اساس رهی ہے، عربی زبان میں اسے مختلف ناموں سے موسوم کیا گیا ہے : هَیولٰی علاجِ الطبّ، کتاب الأدْویة المُفردة اور کتاب الحَشائش ۔ یه یونانی سے سُریانی میں اصل ترجمه تھا، جس نے عربی ترجمے کی بنیاد کا کام دیا؛ اسے اِصْطفان بن بَسیل نے اصل متن سامنے رکھ کر کیا تھا، اور اس کی اصلاح حُنَیْن بن اسحٰق [رک بآں] نے تیسری صدی هجری/نویں صدی عیسوی میں بغداد میں کی تھی ۔ فقط یہی ایک مکمل ترجمه تھا جو بلاد اسلامیه میں کیا گیا تھا ۔ یه ترجمه قدیم یونانی متن کی طرح دو نسخوں میں شائع ھوا : (۱) دِیسقُردیس Dioscorides کا اصل نسخه، جس میں مفرد ادویه کو مختلف اقسام میں باقاعده ترتیب دیا گیا تھا، جس سے کتاب پانچ حصوں میں تقسیم ھو گئی تھی ۔ ان میں سمیات پر بعد میں تین اور موضوعه کتابوں یا حصوں کا اضافه کیا گیا؛ (۲) دوسرے نسخے میں حوالے کی سہولت کے لیے حروف تہجی کی ترتیب اختیار کی گئی اور اس سے متن کی عبارتوں میں اضافه ھوا ۔

دیسقُردیس Dioscorides کے عربی متن کی مجموعی یا جزوی صورت میں کُل بلاد اسلامیه میں اشاعت ھوئی اور اس نے عربی زبان میں علم الادویه کے متأخر مطالعات میں مدد دی ۔ آغاز ھی سے دو بڑی مشکلات نمایاں تھیں: پہلی مشکل تاریخ طبیعی کا مسئله تھا کیونکه نباتی انواع ھر جگه ایک جیسی نہیں تھیں؛ دوسری لسانی اور قاموسی دقت، کیونکه مختلف انواع کو بغیر ابہام کے موسوم کرنا آسان نہیں تھا ۔ اصلی عربی ترجمے کے متن میں اصل یونانی، سُریانی اور ایرانی ناموں کو داخل کرکے ان مشکلات کو تسلیم کیا گیا ہے ۔

اسی بنا پر دیسقُردیس کی قرابادین *materia medica* کے مخطوطات کے ذیلی حواشی و تشریحات بہت ھی اھمیت رکھتی ھیں ۔ ایک سب سے قیمتی مخطوطه، جسے شہزادی اینسیا جولیانا Anicia Juliana کے لیے بوزنطی حکومت کے شاھی دربار میں نقل کیا گیا تھا، اپنے متنوع حواشی کی بنا پر بہت دلچسپ ہے ۔ یه حواشی یونانی، نیز عربی مخطوطات کی مشرق سے مغرب کی جانب پُر خطر نقل مکانی کے شاھد ھیں اور اس مسلسل عالمانه تحقیقات کا ثبوت بہم پہنچاتے ھیں جس کے یه خود محرّک ھوتے رہے ۔ چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی میں اس غیر مختتم محنت کا مرکز قرطبه کا دربار خلافت تھا، جہاں راھب نکولاس Nicholas نے، جو قسطنطینیه سے آیا تھا، حَسْدائے بن شَپْرُوط [رک بآں] اور دوسروں کے ساتھ مل کر عربی کے قدیم مشرقی ترجمے کو مغرب کی ھسپانوی عربی مصطلحات علمیه کی ضروریات کے مطابق ڈھال لیا ۔ اس کام کو ابن جُلجُل، ابن بُکلارِش اور دوسروں نے برابر جاری رکھا ۔ مشرق میں الحسین بن ابراھیم النّیتلی نے اسی قسم کی مکرّر تطبیق کی خدمت انجام دی اور اپنی عربی تالیف دیسقردیس کو ۳۸۰ھ/ ۹۹۰ - ۹۹۱ء میں طبرستان کے سلطان ابوعلی السِّمْجُوری کے نام سے منتسب کیا ۔ اب اگر عربی علم الادویه کی نسبت یه مان لیا جائے که اندلس میں اسے الغافقی اور ابن البَیطار [رک بآں] نے کمال تک پہنچایا تھا تو اس میں نه صرف دیسقردیس کے متن کے اجزاء سے استفاده کیا گیا تھا بلکه ابن البیطار (ساتویں صدی ھجری/ تیرھویں صدی عیسوی میں) نے خود تفسیر کتاب دیسقُردیس مدوّن کی تھی جس کا ایک مخطوطه تشریحات کے ساتھ مکّهٔ معظّمه میں محفوظ ہے ۔ بعدازاں کثیرالتصانیف ابوالفرج ابن العبری (Bar Hebraeus) (ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی) نے سُریانی میں *Kethabha dhe Dhioskoridhus* کے نام سے ایک خلاصه لکھا ۔ مجموعی لحاظ سے لوگ دیسقُردیس کی تصنیف

Marfat.com

کو ان اجزا کی صورت میں زیادہ جانتے تھے جنھیں ابن الوافد، ماسوَیْہ اور دوسروں نے قلم بند کر دیا تھا ۔ لاطینی تراجم کے ذریعے، جن کا بیشتر حصہ طایطلہ میں تیار ہوا، قرون وسطٰی کے یورپ کو دو ترجموں کے واسطے سے اس کی تصنیف کے فقط ایک حصے سے واقف ہونے کا موقع ملا، اور دیسقردیس کا مکمل متن مغرب میں فقط احیاء علوم کی تحریک کے وقت علم میں آیا ۔ عربی دیسقردیس کے اجزاء کا ترجمہ مشرق میں بھی ہوا تھا جیسا کہ امیر-دوات (پندرھوں صدی کے نصف آخر) کی ارمنی کتاب علم الددویہ سے ثابت ہوتا ہے ۔

اگر دیسقُردیس کی قرابادین کی تصویر نگاری (Iconography) کا حال حذف کر دیا جائے تو اس کا تذکرہ نامکمل رہ جائے گا ۔ خود دیسقردیس نے اپنے پیش رو Cratevas (پہلی صدی قبل مسیح) کی نباتاتی تصاویر کو استعمال کیا تھا جس کے خاکے یونانی اور عربی مخطوطات میں محفوظ ہیں ۔ ان مخطوطات کی تصاویر میں ایک زائد عنصر پایا جاتا ہے، جس سے اُن کی اصل کی تعیین میں مدد مل سکتی ہے ۔ رہی تصویر نگاری، تو مذکورۂ بالا قدیم نمونے کے علاوہ، اس سے بعض اوقات بوزنطی اور کبھی ایرانی اثرات کا پتا چلتا ہے ۔ اشیا کی نوعیت سے مسلمانوں کے مختلف دبستان مصوری مترشح ہوتے ہیں، مثلاً دبستان بغداد یا متأخر ایرانی دبستان ۔ مُسلم ماہرین نباتات میں ایک جدّت پسند مصنف ابن الصُّوری (م ۶۳۹ھ / ۱۲۴۱ء) ہے ۔ وہ شام میں نباتات پر کام کرتے وقت اپنے ساتھ ایک فن کار رکھتا تھا جو اس کے لیے پودوں کی تصاویر، ان کی نشو و نما کے مختلف مراحل پر تیار کرتا تھا ۔ یہ بات تعجب خیز ہے کہ ابن بیطار اس مصنف کا حوالہ نہیں دیتا، جو اس کا ہمعصر تھا ۔ عربی تراجم دیسقُردیس میں تصویر نگاری سے ہمیں اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ دیسقُردیس تمام سابقہ روایات کا نقطۂ اتحاد بن گیا تھا، جنھیں مسلمانوں کے مشاہدات فطرت نے باثروت بنا دیا تھا ۔

**مآخذ**: (۱) Pauly-Wissowa، بذیل مادّہ Dioskurides؛ (۲) G. Sarton: *Introduction to the history of Science*، ۱: ۲۵۸ تا ۲۶۰، ۶۱۱، ۶۱۳، ۶۷۸، ۶۸۰، ۶۸۲، ۷۲۸؛ ۲: ۵۲، ۵۳، ۷۹، ۸۳، ۳۴۹، ۶۶۳، ۹۷۶، ۱۰۷۳؛ (۳) L. Leclerc: *De la traduction arabe de Dioscoride*، در *JA*، ۹ (۱۸۶۷ء): ۵ بعد؛ (۴) M. Meyerhof: *Die Materia Medica des Dioskorides bei den Arabern*، در *Quellen u. Studien zur Gesch. d. Naturwissenchaften u. Medizin*، ۳ (۱۹۳۳ء): ۷۲ بعد؛ (۵) H. P. J. Renaud: *Le Musta'ini d'Ibn Beklares*، در *Hesp*، ۱۰ (۱۹۳۰ء): ۱۳۵؛ (۶) C. E. Dubler: *Le "Materia Medica" de Dioscorides transmision medieval y renacentista*، ج ۱ و ۲، بارسلونا ۱۹۵۳ء تا ۱۹۵۷ء؛ (۷) احمد عیسیٰ بے: تاریخ النبات عندالعرب، قاہرہ ۱۳۶۳ھ / ۱۹۴۴ء، ص ۳۸ بعد؛ (۸) مصطفٰی الشہابی: تفسیر کتاب دیسقُوریدس لابن البیطار، در *RIMA*، ۳/۱ (مئی ۱۹۳۷ء): ۱۰۵ بعد؛ (۹) F. E. Day: *Mesopotamian manuscripts of Dioscorides*، در *The Metropolitan Museum of Art Bulletin*، مئی ۱۹۵۰ء؛ (۱۰) K. Weitzmann: *The Greek sources of Islamic scientific illustrations*، در *Archaeologica Orientalia in Memoriam Ernst Herzfeld*، ص ۲۵۰ بعد .

(C. E. DUBLER)

* **دیسلان : بیرن میک گوکن دیسلان** (Baron MacGuckin de Salne)، انیسویں صدی کا ایک ممتاز فرانسیسی مستشرق، جس کے علمی آثار سے اہل علم آج تک استفادہ کر رہے ہیں ۔ ۱۸۰۱ء میں پیدا ہوا

marfat.com
Marfat.com

اور اپنے زمانے کے شہرہ آفاق استاد بیرن سلوسٹر دساسی De Sacy سے عربی زبان کی تعلیم پائی - فارغ التحصیل ہونے کے بعد اس کا فرانسیسی فوج میں مترجم اعلی کے عہدے پر تقرر ہوا، جو ان دنوں الجزائر میں متعین تھی - اس تقریب سے اسے شمالی افریقہ کی تاریخ کے ساتھ گہری دلچسپی پیدا ہو گئی اور اس نے تاریخ ابن خلدون کے اس حصے کو جو اقوام بربر کے متعلق تھا - مع فرانسیسی ترجمہ الجزائر سے ۱۸۴۸ء اور ۱۸۵۶ء کے درمیان متعدد جلدوں میں شائع کیا اسی طرح اس نے البکری کی کتاب المسالک و الممالک کا بھی وہ حصہ طبع کیا جس میں شمالی افریقہ کا جغرافیہ بیان ہوا ہے .

قاضی ابن خلکان کی وفیات الاعیاف کی اسلامی سوانح نگاری کے اعتبار سے جو اہمیت اور افادیت ہے، محتاج بیان نہیں - وفیات کا عربی متن اس سے پہلے جرمن مستشرق وسٹنفلٹ Wüstenfeld گوٹنگن سے شائع کر چکے تھے - بیرن دیسلان نے اس اہم کتاب کو انگلستان کے اورئینٹل ٹرانسلیشن فنڈ کی فرمائش پر تمام و کمال انگریزی کا جامہ پہنایا جو لنڈن سے چار ضخیم جلدوں میں ۱۸۴۳ء اور ۱۸۷۱ء کے درمیان شائع ہوا .

دیسلان کا سب سے بڑا علمی کارنامہ یہ ہے کہ اس نے مقدمہ ابن خلدون کو فرانسیسی زبان میں منتقل کیا - مقدمۂ مذکور کا عربی متن اس سے پیشتر پروفیسر کاتر میر Quatremere تین جلدوں میں شائع کر چکے تھے اور ان کا ارادہ تھا کہ عربی متن کی طباعت کے بعد اس کا فرانسیسی ترجمہ بھی شائع کریں گے، لیکن اس منصوبے کی تکمیل سے پہلے ہی وہ اس دنیا سے انتقال کر گئے - ان کی وفات کے بعد بیرن دیسلان نے اس کٹھن کام کا بیڑا اٹھایا اور کئی سال کی محنت شاقہ کے بعد مقدمے کا فرانسیسی ترجمہ (مع حواشی) تیار کیا، جو فرانس کے سرکاری مطبع سے ۱۸۶۳ء اور ۱۸۶۸ء کے درمیان تین جلدوں میں شائع ہوا - بیرن موصوف کے ترجمے کی اہمیت اس بات میں مضمر ہے کہ اس کے ذریعے مغرب کے علما اس نامور عرب مؤرخ کے خیالات اور افکار سے بخوبی واقف ہوے اور انہوں نے اس بات کا اعتراف کیا کہ ابن خلدون نہ صرف ایک غیر معمولی صاحب بصیرت فلسفی مؤرخ ہے، بلکہ وہ علم العمران (Sociology) کا بھی بانی ہے - گزشتہ صدی میں پروفیسر رابرٹ فلنٹ R. Flint نے اور موجودہ صدی میں پروفیسر ٹائن بی Toynbee نے ابن خلدون کے افکار کا جو عالمانہ جائزہ لیا ہے اور اس کی عظمت کا جس کشادہ دلی سے اعتراف کیا ہے، وہ اسی فرانسیسی ترجمے کے مطالعے کی بدولت ہے .

دیسلان کا انتقال چار اگست ۱۸۷۸ء کو ہوا .

**مآخذ:** (۱) ابوالقاسم سحاب: فرہنگ خاور شناسان، صفہ ۱۰۷، مطبوعۂ تہران: (۲) نجیب العقیقی: المستشرقون، ۱: ۱۹۷، قاہرہ ۱۹۶۴ء .

(شیخ عنایت اللہ)

**دَیصَانِیّہ:** (Daysanites یا Disanites) شہر الرُّہا (Edessa) کے مشہور حامی تطبیق عقائد (Syncretist) اور ملحد (heresiarch) بَرْدِیصان (Bardesanes) یا ابن دَیْصان کے مریدوں کا فرقہ - ابن دَیْصان، ۱۵۴ء (یا ۱۳۴ء) تا ۲۰۱ء اَبْگَر اعظم کا مشہور پیر بھائی اور ہمعصر ہے جس نے مختلف نظریات کو ملا کر ایک نیا (مسیحی) مذہب بنایا تھا - ثنویوں کے متعلق لکھنے والے عرب مصنفوں نے اُسے زَرْدُشت اور مرقُیون Marcion کے درمیان اور مانی کے بعد جھوٹے نبیوں میں شمار کیا ہے - اس کے متعلق ان کا بیان بہت حد تک قیاس آرائی پر مبنی اور غیر معتبر ہے - عجب نہیں دیصانیّہ کے متعلق اُن کا علم مذہب ثنویت کے کسی تاریخ نویس (مثلاً ابو عیسی الورّاق) کی کتاب کے صرف ایک باب تک محدود ہو جو اب تک ان کا واحد ماخذ معلوم

Marfat.com

ہوتا ہے - وہ ابن دَیْصان کے نہ تو حالات زندگی لکھتے ہیں اور نہ اس کی نسل و نسب کی تفصیلات - اُس سے جو عقیدہ منسوب کیا جاتا ہے وہ قدرے عام ثنویت کا ہے جو فقط وجود کی جسمانی حالت کے نقطۂ نظر سے ہے؛ جو مذاہب اور فرقوں پر لکھنے والے عرب مصنفین کے مستقل انداز فکر کے عین مطابق ہے، اس میں شروع ہی سے اثبات عدل الٰہی (theodicy) کا عقیدہ مرکوز خاطر رہتا ہے - دَیْصانیّہ نور و ظلمت کو عناصر اولٰی تصور کرتے ہیں اور انھیں بالترتیب خیر و شر کا مأخذ مانتے ہیں لیکن اس امتیاز کے ساتھ کہ نور، فعّال، زندہ، مُدرک اور حیات کی بنیادی صفات، علم اور قوت سے متّصف تھا - اس کے برخلاف ظلمت، محض جامد، صفات مذکور سے معرّا تھی اور فقط وجود رکھتی تھی - آفرینش کے عمل کا آغاز نور کے اس عزم سے ہوتا ہے کہ ارادی عمل کے ذریعے ظلمت میں سرایت کر جائے اور اس طرح انجام کار نجات تک لے جائے - اس ارادی عمل کے بعد نور کسی طبعی افتاد و بلا کے سبب اپنے آپ کو ظُلمت سے جدا کرنے میں ناکام ہو چکا ہے، جس کے سبب کی صراحت نہیں کی گئی - عرب مصنفین جنھوں نے بردیصان اور اس کے متبعین کے عقیدے کے متعلق لکھا ہے، ان کے دو اعتقادی رجحانات میں امتیاز کرتے ہیں؛ یعنی یہ کہ ان میں ایک گروہ کا عقیدہ ہے کہ ظلمت کی اعلٰی صورتوں میں کمتر درجے کی نوری مخلوقات کے ساتھ مل جانے کا رجحان پایا جاتا ہے جو بعد میں اس اتحاد سے رہائی نہیں پا سکتیں - دوسرے گروہ کے خیال میں نور و ظلمت کا ایک دوسرے سے مل جانا نور کا ایک شعوری عمل ہے جس کے ایسے غیر متوقع نتائج برآمد ہوتے ہیں، جو ظلمت کی طبعی فطرت میں ودیعت ہوئے ہیں.

مذکورۂ بالا خیالات کے ساتھ ساتھ ہم ان تصورات کو بھی پیش کر سکتے ہیں جو بدعتی عقائد کے عیسائی محققین کی بالاتفاق فراہم کی ہوئی معلومات سے اخذ ہوتے ہیں - ان میں سر برآوردہ لوگ یہ ہیں: Epiphanius ،Eusebius، دمشق کا قدّیس یوحنا (سینٹ جون) اور سریانی مصنفین میں تھیوڈور، بارکونی Barkouni، نصیبین کا الیاس، Moses Bar Kepha، Elias of Nisibi اور St. Ephraem اور اس طرح ہم بعض مفید موازنے کر سکتے ہیں - ہمیں یہ معلوم ہے کہ بردیصان نے غیر اہل کتاب کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد نظام آفرینش کا مطالعہ اور اس پر غور و فکر کیا - وہ بروزی (وجودی) (Emanationist) اور سحر آمیز (Hermetic) عقائد سے متأثر ہوا، جنھیں جوتش (نجوم) کہتے تھے - دوسرے ہمعصروں کی طرح اس کے خیال میں بھی یہ دنیا اجرام فلکی کے موجودات پر تاثیر کا نتیجہ تھی اور یہ عمل جوہر واحد (Monad) یا جوہر ثنوی (Dyad) کے تواتر سے مرتب ہوا - ایرانی اثرات جو الرھا (Edessa) کے خطے کے عقائد کی تہہ میں موجود ہیں، جہاں بردیصان رہتا تھا، بلاشبہہ تصور ثنویت کی بنیاد ہیں، جس کا پتا عرب مصنفین کے نزدیک اس کی طبیعیات میں چلایا جا سکتا ہے - اس کی تعلیم نے جو تصورات آفرینش عطا کیے تھے ان کی بنیاد پر بردیصان نے عیسائیت کی وہ تعبیر تیار کی جو الرُّھا کے ایک باشندے کو نظر آتی تھی جس کی پرورش ھائرو پولس Hiero polis کی شامی دیوی کے ایک پُجاری کے گھر میں ہوئی تھی؛ اور وہ بھی ٹھیک اس زمانے میں جب کہ Samosata کے Lucian نے ان رسوم کو بیان کیا جو وہاں ادا کی جاتی تھیں (Lucian تقریباً ۱۲۰ء میں پیدا ہوا تھا).

بلاشبہہ بردیصان نے نجات کامل کے جو معنی بتائے اس میں نور و ظلمت کی باہمی آمیزش کے متعلق ان اساطیری کہانیوں کے مبدأ کا سراغ لگانا چاہیے جو ابن الندیم اور الشہرستانی نے نقل کی ہیں - بردیصان کی ایک بڑی تصنیف *The Dialogue on The Laws of the Lands* جو سلامت رہ گئی ہے، تقدیر پر اس ممتاز

marfat.com
Marfat.com

متن کی حامل ہے جسے Eusebius نے محفوظ کر لیا تھا ۔ اس سے ہم اس کے بنیادی فلسفے کو سمجھ سکتے ہیں ۔ اس میں وجود کی طبعی حالت جو بلحاظ ساعت ستاروں پر منحصر ہوتی ہے (اس نے فلکیاتی جبریت کے عقیدے کے خلاف جو استدلال کیا ، اس کی صداے باز گشت ہمیں ابن حزم کے ایک باب میں سنائی دیتی ہے جو اس نے نجومیوں کی تردید کے لیے وقف کیا ہے، مطبوعۂ قاہرہ، ۴ : ۴۲) اور اخلاقی تقدیر کے درمیان امتیاز کیا گیا ہے ۔ یہ اخلاقی تقدیر ظلمت سے فرار کی مانند مادّے کی ناقابل تبدیل فطرت اور انسان کی آزاد فطرت میں تضاد سے پیدا ہوتی ہے اور یہ دونوں قسم کی فطرتیں خدا کی طرف سے ملتی ہیں ۔ یہ خالق حقیقی ہے جس نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا اور اختیار یا آزادی کی صفت عطا کی ۔ مزید برآں، سب سے بڑھ کر یہ کہ خدا ان وجودوں کے نظام مراتب کا مدون اور خالق ہے جن کے اصل خصائص اور میلانات وہ متعین کر چکا ہے اور انہیں کے مطابق یہ دنیا مسلسل بنتی اور بگڑتی رہتی ہے ۔ علاوہ ازیں یہ ناکامی کی دنیا ہے اور یہاں فلسفۂ مانی کی روح ظاہر ہوتی ہے؛ جہاں خدا اپنے حلم کے سبب بے نظمی و ابتری کو جاری رہنے دیتا ہے، یہاں تک کہ چھے ہزار برس گذرنے کے بعد وہ دوبارہ ایک دنیا پیدا کرے گا جو ساری کی ساری سفید، نورانی اور صالح ہوگی .

بردیصان کی شہرت بحیثیت جوتشی کے بھی تھی- اس نے اپنی روش کو اس بارے میں خود بالکل صاف اور واضح کر دیا تھا لیکن آخر میں اس حیثیت کو قدّیس افرائم (St. Ephraem) نے متعیّن کیا، جس نے اس کے خلاف اس کے اپنے شہر الرھا میں لڑائی لڑی، اس کے خلاف مواعظ لکھے اور ایسے نغمات حمد لکھے جنھوں نے آگے چل کر بردیصان کے حمدیہ ترانوں کو بھلا دیا اور خود ان کی جگہ لے لی ۔ بعد کی نسلوں نے تسلیم کیا کہ بردیصان مرقیون Marcion سے مختلف روش رکھتا تھا پھر بھی اُسے مرقیون کے ساتھ مانی کے متبعین کی صف میں شمار کیا ۔ اس رائے کی عرب مصنفین نے متابعت کی ۔ بدعتی عقائد کے متأخر عیسائی علما کے نزدیک بھی اس کا فلسفہ، جو ویلنٹائن (Valentinism) کے زیر اثر پھلا پھولا تھا ، فلسفۂ مانی سے ملوث ہے .

**مآخذ** : (۱) ابن الندیم، (مطبوعۂ قاہرہ)،ص ۴۷۴؛ (۲) الشہرستانی، ابن حزم کے حاشیے پر، قاہرہ، ۲ : ۷۰ تا ۷۲؛(۳)عبدالقاہر البغدادی، قاہرہ ۱۹۱۰ء، ص ۳۳۳؛ (۴) الباقلّانی، طبع MacCarthy، بیروت، ص ۶۷ ببعد ؛ (۵) Euesbius، در *Patr. Graec*، ۲۰ : ۳۹۷ تا ۴۰۰، ۵۷۳؛ (۶) Philosophumena : V. *Patr. Graec.*، ج ۱۶ : عمود ۵۹۹/۱۷۰؛ (۷) Merx : *Bardesanes von Edessa*، Halle ۱۸۶۳ء؛ (۸) F.Nau : *Bardisane l'Astrologue* : *Le livre des lois des pays*، پیرس ۱۸۹۹ء؛ (۹) وہی مصنف : *Dictionnaire de Théologie catholique*، بذیل مادہ (مع مآخذ) .

(A. Abel)

* **دِیک** : مُرغ، یہ لفظ شاید سامی الاصل نہیں چنانچہ جنوبی عرب کی جدید زبان کے سوا اور کسی سامی زبان میں اس لفظ کا ہم جنس مترادف نہیں ملتا (Leslau : *Lexique Soqotri*، ۱۹۳۸ء، ص ۱۲۶) .

قدیم عربی نظموں، ضرب الامثال اور حدیث میں مُرغ (دیک) کا اکثر ذکر ملتا ہے ۔ علم الحیوانات کی کتابوں میں اسے تمام پرندوں سے زیادہ پُر شہوت اور خود پسند پرندہ بیان کیا گیا ہے ۔ اس کی ذہانت کمزور ہوتی ہے، کیونکہ جب یہ کسی دیوار سے نیچے گرے تو اپنے دڑبے کا راستہ معلوم نہیں کر سکتا ۔ باوجود اس کے اس میں متعدد قابل ستایش خصائص پائے جاتے ہیں ۔ یہ دوسرے مرغوں سے لڑنے اور اپنی مرغیوں کی حفاظت کرنے میں بڑا نڈر، جفاکش، جری

Marfat.com

اور چالاک ہوتا ہے، یہ ان تمام مرغیوں سے یکساں سلوک کرتا ہے جن سے اس کا جوڑ ہوتا ہے ۔ وہ خود بھوکا ہی کیوں نہ ہو، لیکن دانہ دُنکا ان مرغیوں میں تقسیم کر دیتا ہے جس سے اس کی فیاضی ضرب المثل ہو گئی ہے ۔ غذا کے طور پر استعمال کرنے کے لیے بہترین مُرغ وہ ہوتے ہیں جو ابھی بانگ نہ دیتے ہوں۔ افزائش نسل کے لیے دو برس کے مُرغ کا انتخاب کرنا چاہیے ۔ اس کی قوت کا اندازہ گول کلغی، چھوٹی چونچ اور آنکھ کی سیاہ پتلی وغیرہ سے لگایا جا سکتا ہے ۔ اچھے لڑاکا مُرغ کی نشانی یہ ہے کہ اس کی کلغی سرخ اور اس کی گردن موٹی ہوتی ہے، وغیرہ ۔

مُرغ اپنی تمام عمر میں [ایک روایت کی رُو سے سال میں] صرف ایک چھوٹا سا انڈا دیتا ہے جسے "بیضۃ العُقْر" کہتے ہیں ۔ اس کے خُصیے بڑے، خوش ذائقہ اور زود ھضم ہوتے ہیں ۔ خصی کیے ہوے مُرغوں کا گوشت دوسرے تمام جانوروں کی بہ نسبت زیادہ چربی دار اور لذیذ ہوتا ہے ۔ جب مرغوں کو خصی کر دیا جاتا ہے تو ان کی کلغی اور "ڈاڑھی" مُرجھا جاتی ہے ۔ عربی کتابوں میں "دیک" کی بہت سی اقسام اور القاب (ھندی، لبطی، زنجی وغیرہ) بیان کیے گئے ہیں، بقول النُویری سندھ کے ایک شہر میں مُرغ، شتر مرغ کے قد و قامت تک پہنچ جاتا ہے ۔

مرغ کی اہم خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ رات خواہ نو گھنٹے کی ہو یا پندرہ گھنٹے کی، وہ رات کے مختلف اوقات کے مُطابق بانگ دیتا ہے ۔ لوگ اس کی بانگ سے خوشی محسوس کرتے ہیں ۔ مریض جب اسے سنتے ہیں تو وہ اپنے درد میں افاقہ محسوس کرتے ہیں ۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ حضرت بنی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ مرغ کو برا بھلا نہ کہو کیونکہ وہ لوگوں کو نماز کی طرف بلاتا ہے (صحیح المسلم، باب ۵) دوسری حدیث میں ہے کہ جب تم بانگ مرغ سنو تو اللہ تعالی سے اس کا فضل طلب کرو (صحیح البخاری، باب بدءالخلق).

اسرائیلی روایات میں ہے کہ جنت میں عرش الٰہی کے بالکل نیچے ایک فرشتہ ہے وہ جب نماز کے اوقات کا اعلان کرنے کے لیے بانگ دیتا ہے تو اس کی بانگ دنیا کے تمام مرغ دہراتے ہیں (*La escatologia* : M. Asin Palacios *musulmana en la Divina Comedia*، طبع دوم، میڈرڈ اور غرناطہ ۱۹۴۳ء، ص ۵۰ ببعد؛ E. Cerulli : *Il Libro della scala*، Vatican city ۱۹۴۹ء، ص ۹۸ ببعد (فصل ۶۹) اور لوحہ ۴ (بالمقابل ۹۴)؛ R. Ettinghausen : در *Convegno di Scienze morali Storiche e Filologiche* (۱۲ "Volta" Convegno)، روم ۱۹۵۷ء، ص ۳۶۲ ببعد؛ J. Berque : *Les Arabes*، پیرس ۱۹۵۹ء، ص ۱۷) ۔ برغواطہ [رکَ بآں] اپنی نمازوں کے اوقات کی تعیین مُرغ کی بانگ سے کرتے تھے اور اس کا گوشت نہیں کھاتے تھے (البکری، طبع de Slane، ۱۳۹ ببعد) .

اگرچہ دیک "دَجاجۃ" [رکَ بآں] کا نر ہے مگر بیشتر کتب میں اس کا تذکرہ الگ عنوان کے تحت کیا گیا ہے ۔ تاہم، ابن البَیطار اور داؤد انطاکی نے اس کے طبی خواص کا ذکر "دجاجۃ" کے ابواب کے تحت ہی کیا ہے، زیادہ تر اس کا گوشت اور اس گوشت کی یخنی، پِتّا، بھیجا، کلغی اور خون کو طِبّی استعمال میں لایا جاتا تھا.

الجاحظ، جس نے "صاحب الدِّیک" اور "صاحب الکلب" کے درمیان جھگڑے کا اکثر ذکر کیا ہے، بظاھر کسی گُمنام تصنیف کے اقوال نقل کرتا ہے، جو اس قسم کی کتب سے تعلق رکھتی ہے جن سے Steinschneider نے اپنی تصنیف *Rangstreit Literatur* (*phil-hist. Kl*، *SBAK, Wien*، ۱۵۵، Abh ۴، ۱۹۰۸ء) میں بحث کی ہے.

مآخذ : (۱) السُّیُوطی : کتاب الدیک فی فضل

marfat.com

Marfat.com

الدیک، قاہرہ ۱۳۲۲ھ (براکلمان، ۲ : ۱۹۸؛ تکملہ، ۲ : ۱۹۳، عدد ۲۴۵)؛ (۲) احمد بن احمد الفیّومی الغُرقاوی: الاشارات و الدلائل الٰی بیان ما فی الدیک من الصفات و الفضائل (براکلمان: تکملہ، ۲: ۴۳۸)؛ (۳) عبدالغنی النابُلُسی: تعطیر الانام، قاہرہ ۱۳۵۴ھ، ۱ : ۲۱۹ ببعد؛ (۴) ابوحیّان التوحیدی : الامتاع، ۱ : ۱۴۴، ۱۸۷ (ترجمہ Kopf : *Osiris*، ج ۱۲، ۱۹۵۶ء، بمدد اشاریہ)؛ (۵) الدمیری، بذیل مادّہ (ترجمہ Jayakar، ۱ : ۸۰۰ ببعد)؛ (۶) الجاحظ : الحیوان، بار دوم، بمدد اشاریہ؛ (۷) ابن العوّام: فلاحۃ (ترجمہ Clément-Mullet)، ۲ ب : ۲۴۳؛ (۸) ابن قتیبہ : عیون الاخبار، قاہرہ ۱۹۲۵ تا ۱۹۳۰ء، ۲ : ۷۸، ۸۹ (ترجمہ Kopf، ص، ۵۳، ۶۵)؛ (۹) الابشیہی : المستطرف، باب ۶۲، بذیل مادّہ : (۱۰) القزوینی : عجائب المخلوقات، (طبع Wüstenfeld)، ۱ : ۴۱۲ ببعد : (۱۱) المستوفی (طبع Stephenson)، ص ۱۷ ببعد : (۱۲) النویری : نہایۃالارب، ۱۰ : ۲۱۹ ببعد؛ (۱۳) J. Schacht اور M. Meyerhof : *The medico-philosophical controversy between Ibn Butlan of Baghdad and Ibn Ridwan of Cairo*، قاہرہ ۱۹۳۷ء، ص ۳۷ ببعد، ۹۷ ببعد (انگریزی) و ۳۷ ببعد، ۴۴ ببعد (عربی)؛ (۱۴) J. Henninger : *Über Huhnopfer und Verwandtes in Arabien und seinen Randgebieten*، در *Anthropos*، ج ۴۱ تا ۴۴، ۱۹۴۶ء تا ۱۹۴۹ء، ص ۳۳۷ تا ۳۴۶ .

(L. Kopf)

* **دِیک الجِنّ الحِمْصی** : ایک شامی عرب شاعر عبدالسلام بن رَغْبان بن عبدالسّلام بن حَبیب بن عبداللّٰہ بن رَغْبان بن یزید بن تمیم کا لقب - یزید بن تمیم، مؤتۃ [رک باں] میں حبیب بن مَسْلَمۃ الفِہْری [رک باں] کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوا، اور اس کا مولٰی بن گیا - اس شاعر کے آبا و اجداد میں سے حبیب نے بغداد میں اپنے نام پر ایک مسجد بنوائی جو مسجد ابن رَغْبان کہلاتی ہے - وہ خلیفۃ المنصور کے زمانے میں دیوان العطاء کا صدر مہتمم تھا (الجاحظ : البُخَلاء، طبع حاجری، ص ۳۶۱، ترجمہ Pellat، بمدد اشاریہ؛ الجَہْشِیاری، ص ۱۰۲؛ Le Strange : *Baghdad*، ص ۹۵) - دیک الجّن ۱۶۱ھ/۷۷۷-۷۷۸ء بمقام حمص پیدا ہوا اور المتوکّل کے عہدِ خلافت یعنی ۲۳۵ یا ۲۳۶ھ/۸۴۹-۸۵۱ء میں فوت ہوا - وہ شام کے علاقے سے کبھی باہر نہیں گیا - کہتے ہیں کہ وہ خوش باش اور لا ابالی سا آدمی تھا - امام حسینؓ بن علیؓ بن ابی طالب کے متعلق اس کے مرثیوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ معتدل شیعی تھا - احمد بن علی الہاشمی اور اس کے بھائی جعفر سے اس کے خاص تعلقات تھے اور ان دونوں کی مدح میں اس نے قصائد لکھے - اس نے اپنے زمانے کے ذوق کے مطابق ہجویہ نظمیں اور غزلیات بھی لکھیں - اس کے بہت سے اشعار اگرچہ اس کے وطن سے باہر تک مشہور ہو گئے تھے لیکن اس کے باوجود عرب نقاد اس میں کسی اعلٰی صلاحیت کو تسلیم نہیں کرتے؛ پھر بھی پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کے قیروانی فضلا اس کے کلام میں سے ایک بہت ہی پیچیدہ اور غامض شعر نکال لائے (ابن رَشیق : العُمدۃ، ۱ : ۱۴۷؛ ابن شرف، طبع و ترجمہ Pellat، ص ۸۵؛ A. Benhamouada، در *Bull. des Ét. Ar.*، مارچ - اپریل ۱۹۴۹ء ص ۶۵) - اس کے چند متفرق اشعار جو ہم تک پہنچے ہیں وہ اس اعتبار سے دلچسپ ہیں کہ شاعر مذکور اپنے ہم وطن مستعرب شامیوں کے لیے اصلی عربوں کے برابر حقوق کا حامی تھا اور اس لحاظ سے بھی کہ وہ جنوبی اور شمالی عربوں کے باہمی معرکوں پر شعر لکھنے کے مواقع کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتا .

**مآخذ** : متن میں دیے ہوے ماخذ کے علاوہ : (۱) الاغانی، بار اول، ۱۲ : ۱۴۲ تا ۱۴۹ (=طبع بیروت، ... ۴۹ تا ۶۵)؛ (۲) ابن خلکان، عدد ۳۹۴، ترجمہ از

Marfat.com

de Slane، ۲: ۱۳۳؛ (۳) الثعالبی: الیتیمۃ، ۱: ۲۶۶، ۲۷۱؛ (۴) Goldziher : Muh. St.، ۱ : ۱۵۶؛ (۵) براکلمان : تکملہ، ۱ : ۱۲۷ .

([CH. PELLAT] و A. SCHAADE)

* دَیْلَم : عراق کا ایک قبیلہ جو دریاے فرات پر فلوجہ کے بالکل زیریں مقام سے شروع ہو کر القائم تک آباد ہے ۔ اس قبیلے کے لوگوں کا دعوی ہے کہ پانچ صدی پہلے ان کے آبا و اجداد کا اصلی وطن دلیمیات تھا، جو نجد میں واقع تھا، لیکن یہ محض اساطیری خیال ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ قبیلہ مخلوط قبیلوں کے مختلف حصوں اور بے قبیلہ کاشت کاروں کا ایک مجموعہ ہے ۔ اس کے کچھ افراد جزیرے میں خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرتے ہیں اور دریا کی طرف فقط اپریل سے دسمبر تک رہتے ہیں؛ لیکن ان کی بڑی اکثریت، عراق کسانوں کے غریبانہ معیار زندگی کے مطابق، زمین کاشت کر کے زندگی بسر کرتی ہے ۔

عراق کے "دیلم نیواء" (صوبہ) کا نام، اسی قبیلے کے نام پر رکھا گیا ہے ۔ اس کی آبادی ۱۹۴۷ء میں ۱۹۳۰۰۰ تھی، جس میں فلوجہ اور رمادی کے "قضاء" شامل ہیں اور رمادی اس کا صدر مقام ہے .

(S. H. LONGRIGG [و تلخیص از ادارہ])

* دَیْلَم : جغرافیائی حیثیت سے گیلان [رک بآن] کی سطح مرتفع کا نام ۔ جنوب کی جانب گیلان خاص کی پست زمینیں سلسلۂ کوہ اَلبرز سے گھری ہوئی ہیں؛ اس مقام پر یہ سلسلۂ کوہ ایک ہلال کی شکل بنائے ہوے ہے؛ اس ہلال کا مشرق سرا (لاھیجان اور چالوس کے درمیان) بحیرۂ خزر کے ساحل کے قریب تک پھیلا ہوا ہے ۔ اس کے وسطی حصے میں ایک خلا ہے جس میں وسطی ایران کی پہاڑیوں سے سفید رود بہتا ہوا بحیرۂ خزر میں جا گرتا ہے ۔ منجیل کے مقام پر پہاڑ کی گھاٹی میں داخل ہونے سے پہلے، جہاں اس کے بہاؤ کا رخ مغرب سے مشرق کی جانب ہے، اس میں ایک بڑا معاون شاہ رود آ کر مل جاتا ہے، جو ضلع طالقان سے نکل کر مشرق سے مغرب کی طرف بہتا ہوا کوہ البرز کی جنوبی دیوار کے ساتھ ساتھ گزرتا ہے ۔ جنوب کی طرف شاہ رود کے طاس کو پہاڑیوں کی ایک قطار، قزوین [رک بآن] کے میدان سے جدا کرتی ہے اور ادھر دائیں پہلو سے بہت سے ندی نالے البرز کی جنوبی ڈھلانوں سے اتر کر اس میں مل جاتے ہیں ۔ ان معاون ندیوں میں سے بڑی وہ ہے جو اَلموت [رک بآن] کی وادی کو سیراب کرتی ہے ۔ بظاہر اسی شاہ رود اور اس کے معاونوں کی وادیاں دیلمی قبیلے کا گہوارہ تھیں ۔ اگرچہ یہ سب علاقہ گیلان کے بڑے دریا (سفید رود) کے طاس میں شامل ہے پھر بھی دیلم خاص (الدیلم المحض) کو کوہ البرز کی بلند دیوار جدا کرتی ہے ۔ قبیلۂ دَیْلَم کے لوگ اس پہاڑ (کوہ البرز) اور اس کی شاخوں کی شمالی ڈھلانوں پر بھی آباد تھے جو سمندر کی جانب شاخ در شاخ چلی گئی ہیں (دیکھیے حدود العالم) اور اس جگہ دَیْلَم، گیلان اور طبرستان کے درمیان حائل ہوگیا تھا .

گیلان کا علاقہ دلدلی اور غیر صحت بخش مگر بہت زیادہ حاصل خیز ہے ۔ اس کے مقابلے میں دَیْلَم کا بلند علاقہ، جو زیادہ زرخیز نہیں، توانا، باھمت اور حوصلہ‌مند لوگوں کا گہوارہ ہے اور وہ وطن چھوڑ کر باہر جانے اور خدمات انجام دینے کے لیے کمربستہ رہتے ہیں ۔ جغرافیائی نام "دَیْلَم" چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں دیلمیوں کے اطراف و جوانب میں پھیلنے کے ساتھ ساتھ وسعت پذیر رہا ہے اور اس نے بہت سے قرب و جوار کے علاقوں کو اپنے مفہوم میں شامل کر لیا تھا (دیکھیے نیچے) .

دور قدیم : دیلمیوں کی قدیم نسل و نژاد کی بابت یقینی طور پر کچھ معلوم نہیں ۔ قیاس غالب یہ ہے کہ ان کا سلسلۂ نسب اِن لوگوں سے ملتا ہے جو ایرانیوں

marfat.com
Marfat.com

سے پہلے اس سرزمین میں آباد تھے ۔ پہاڑ کی اس چوٹی کا نام جو سُفید رود کے دائیں کنارے منجیل کے شمال مشرق جانب ہے دُلْفَک (یا دَلْفک) ہے، اسے ایک پرانے قبیلے ΔpíBuxeς کے نام کے ساتھ ملایا گیا ہے ۔ دَیْلَم کے نام سے بہت سے قدیم یونانی مصنف واقف تھے ۔ دوسری صدی قبل مسیح میں Polybius، ۵ : ۴۴، میڈیا کے شمالی ہمسایوں کا ذکر کرتا ہے : ΔλΕυuαĩoc, ،Avαpιαxαι (غیر آریا) ، Ματιανοι ʽΚαδούσιοι ۔ دوسری صدی عیسوی میں بطلمیوس ، ٦ : ۲ ، Δελυμαις (=دیاومیس) کو Chromithrene (رے کے جنوب مشرق خوار و وَرمین) کے شمال میں اور تاپوری Tapuri (طبرستان) کے مغرب میں بتاتا ہے ۔ ایران کی جانب سے صرف ساسانیوں کے زمانے سے معلومات کا آغاز ہوتا ہے ۔ اَرْدشیر ساسانی کی اَردوان اشکانی (Arsacid) پر آخری فتح سے پہلے کہا جاتا ہے کہ اَردوان اشکانی نے رَی ، دَماوَند ، دَیْلمان اور پتشخوارگر Patishkhwargar کی فوجوں کو اکھٹا کیا (کارنامک ارتخشیر، ترجمہ Nöldeke، ص ۴۷) ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اشکانیوں کا اقتدار کوہ البرز کے جنوب کے باشندوں میں مستحکم ہو چکا تھا ۔ ابتداء میں ساسانیوں کا دیلمیوں کے ساتھ محتاط برتاؤ رہا (دیکھیے Marquart : ایرانشہر، ص ۱۲٦)، لیکن رفتہ رفتہ لشکر اور دربار دونوں میں دیلمی نمایاں نظر آنے لگے ۔ کاواز [قباذ] نے ایک مہم آئبیریا (گرجستان) پر حملہ کرنے کے لیے بھیجی ۔ اس کا قائد ایک ”ایرانی“ تھا، مگر اس کے نام Boës (بویه) اور لقب Oὐapĩ€γς وهرز (Wahriz) سے یه پتا چلتا ہے که اس کا دیلمیوں سے تعلق ہوگا (دیکھیے Procopius : *De bello persico*، ۱ : ۱۴) ۔ خسرو انوشیرواں کے زمانے میں دیلمیوں کے ایک فوجی دستے کا Lazica میں Archeopolis (آج کل Tsikhe-Godji) کے محاصرے (تقریباً ۵۵۲ ق ـ م) کے موقع پر ذکر آتا ہے ۔ اس میں دیلمیوں سے ماہر کوہ پیماؤں کا کام لیا گیا اور Turkic Sabirs [=سبری قبیلہ ترکمان] سامنے سے حملے کی قیادت کر رہے تھے (دیکھیے Procopius : *De bello gothico*، ۴ : ۱۴، طبع Dindorff، ص ۵۲۹-۵۳۰) ۔ چند سال بعد دیلمیوں نے سبریوں کے ایک اور دستے پر، جسے بوزنطیوں نے ملازم رکھا تھا، شبخون مارا، جو ناکام رہا (دیکھیے Agathias ، ۳ : ۱۷) ۔ Procopuis کے مطابق دیلمی (Dolomites) ناقابل گزر پہاڑوں کے رہنے والے تھے اور ایران کے بادشاہوں کے زیر فرمان کبھی نہیں ہوے، لیکن وہ تنخواہ‌دار سپاہی بن کر کام کیا کرتے تھے ۔ یه پیادہ پا لڑتے تھے ۔ ان میں ہر شخص تلوار اور ڈھال سے مسلح ہوتا تھا، اور ہاتھوں میں تین چھوٹے نیزے (یا acontia=خنجر) ہوتے تھے ۔ عہد اسلام کے بیانات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے ۔

خسرو اول کی یمن پر مشہور مہم (تقریباً ۵۷۰ء) میں دیلم اور اس کے قرب و جوار کے آٹھ سو قیدی شامل تھے، جن کا سردار ملقّب به وهرز Wahriz [رَکَ بآں] ایک سن رسیدہ شخص تھا، جو خود قید سے رہا کیا گیا تھا ۔ جب قباذ اور خسرو کے زمانے میں قفقاز کے درے قلعه بند کر دیے گئے اور ان کے قریب فوجی نوآبادیاں قائم ہوگئیں تو بستیوں کے ناموں سے مترشح ہوتا تھاکه وہ دیلم اور اس کی نواحی بستیوں سے ماخوذ تھے (دیکھیے نیچے، مقامی نام)۔ خسرو کے جانشین ہُرمُزد چہارم کے خلاف سازش، جس کا انجام ہرمزد کا زوال ہوا (زونب) Zoanab کی سرکردگی میں ہوئی تھی اور یه دیلمیوں کا سردار تھا (Theophylactus Simocatta، ۴ : ۳،۱) ۔

دیلم اور عرب : عربوں کے حملے کے زمانے میں جب قزوین کے باشندوں نے دیلمیوں سے مدد طلب کی تو دَیْلمیوں نے تامّل و تذبذب کا موقف اختیار کیا، لیکن انھوں نے رَے کے لوگوں کی مدد سے نُعمان بن مقرن کا، جسے حضرت عمرؓ نے بھیجا تھا، مقابلہ کیا ۔

Marfat.com

دَیْلمیوں کی قیادت ان کا بادشاہ (سردار ؟) موتا (یا مُورتا) کر رہا تھا، جسے دستپاے (دشت پے، یعنی اس میدان کا کنارہ جو رے اور همدان کے درمیان پھیلا ھوا تھا) (الطّبری، ۱ : ۲۶۵ تحت سنہ ۲۲ھ/ ۶۴۲ء) میں دریاے واج پر شکست ھوئی ۔ البلاذری (ص ۳۱۷ - ۳۲۵) اور دیگر مؤرخوں نے دیلم پر مسلمانوں کے سترہ حملوں کا ذکر کیا ھے، جو حضرت عمرؓ سے شروع ھو کر المأمون کے زمانے تک ھوے اور جن کا ذکر عربی اشعار میں ملتا ھے (دیکھیے کَسْرَوی، ص ۴ تا ۲۰) ۔ شاعر الاَعْشٰی هَمْدان (۸۳ھ/ ۷۰۲ء) کو دیلمیوں نے قید کر لیا تھا، اگرچہ جن مقامات کا اس نے خود ذکر کیا ھے (قلعہ لسم، قیُول، حامن، لهزمین) وہ بظاهر دماوند (ویْما؟) کے علاقے سے تعلق رکھتے ھیں، تاھم دَیْلَم نے اپنی آزادی برقرار رکھی ۔ ان کے مقابلے کے لیے مسلمانوں کے مستحکم مقامات یہ تھے : جنوب میں قزوین؛ اور شمال مشرق میں طبرستان کی سرحد کے ساتھ ساتھ قلعہ بند مقامات دریاے کلار اور چالُوس پر ۔

زبان اور مذھب : بادشاہ مُوتا (؟) کا نام تو ایک غیر معمولی سا معلوم ھوتا ھے لیکن جب نویں صدی هجری اور دسویں صدی عیسوی میں دیلمی سردار بڑی تعداد میں نمودار ھوتے ھیں تو ان کے نام صاف طور پر ایرانی بے دین لوگوں (pagans) کے سے ھیں ۔ یہ نام جنوب مغربی "ایرانی" ساخت کے نہیں بلکہ شمالی مغربی نوعیت کے ھیں جیسے گورانگیز (کورانکیج نہیں، جیسا کہ پہلے پڑھا گیا تھا)، فارسی "گور۔انگیز" کے مطابق ھے (یعنی گورخر کا شکاری)، شیرزل فارسی شیردل (شیر کے سے دل والا) سے ملتا ھے، وغیرہ ۔ الاِصْطَخری (ص ۲۰۵) فارسی اور دیلمی زبان میں فرق کرتا ھے اور یہ اضافہ کرتا ھے کہ دیلم کے پہاڑوں پر ایک قبیلہ بستا تھا، جو دیلم اور گیلان دونوں سے ایک زبان بولتا تھا ۔

ممکن ھے کہ دیلم میں کچھ زرتشتی اور عیسائی موجود ھوں، لیکن دیلمیوں کے جاهلی عقائد کی بابت در حقیقت کوئی بات معلوم نہیں ۔ البیرونی کے کہنے کے مطابق (الآثار، ص ۲۲۴) یہ لوگ اساطیری افریدون کے قائم کردہ قانون کی پیروی کرتے تھے، جس نے حکم دیا تھا کہ مرد اپنے اپنے خاندان میں حکمران ھونے چاھییں، اور ان کا لقب اس نے کَذْ خُذا (Kadhkhudha) مقرر کیا تھا ۔ کسی قدر مبہم طریقے سے البیرونی اس پر یہ اضافہ کرتا ھے کہ یہ آئین الناصر الْاُطْروش علوی (دیکھیے نیچے) نے منسوخ کر دیا تھا، اس کے بعد یہ لوگ پھر اسی طریقے کی طرف لوٹ گئے جو جابر بادشاہ ضّحاک بیوراسپ کے زمانے میں رائج تھا جب کہ ان کے گھروں کو "بھوتوں اور دیوں" (الشیاطین و المَرَدَۃ) نے اپنا مسکن بنا رکھا تھا اور لوگ ان کے آگے بے بس تھے ۔

کدْخُذاؤں کے علاوہ، جو خاندان پر حکومتِ بزرگاں کا حق رکھتے تھے، دیلمیوں کے اپنے اپنے مقامی حکمران بھی ھوتے تھے، جن کی موجودگی بعض القاب جیسے وردان شاہ، وهرز (wahriz) سے قیاس کی جا سکتی ھے (قب Hübschmann: *Armen. Gramm.*، ص ۸۷: "*Vahrič-i vahričay*" (vahriz of vahriz))، ان میں بادشاہ تک بھی ھوتے تھے (دیکھیے اوپر، مُوتا)۔ بادشاھوں کے کارنامے صرف نویں اور دسویں صدی عیسوی میں واضح طور پر سامنے آتے ھیں جب کہ انھوں نے علویوں کے ساتھ اشتراک عمل کیا تھا ۔ علویوں کے ابتدائی زمانے ھی میں دیلم کے مستحکم مقامات نے اُن علویوں کے لیے پناہ گاھوں کا کام دیا جو عباسیوں سے بچ کر بھاگنے پر مجبور ھو گئے تھے ۔ جہاں تک معلوم ھے قدیم ترین پناہ گزین یحیی بن عبداللہ تھا، جس کے دو بھائیوں کو سزاے قتل مل چکی تھی اور جو خود هارون الرشید کے ایک باغی بھائی سے ساز باز رکھتا تھا۔ وہ دَیلم میں ۱۷۵ھ/۷۹۱ء

marfat.com
Marfat.com

میں آیا مگر اس نے جلد ھی فضل بن یحیٰی البرمکی کی اطاعت قبول کر لی ۔ معلوم ھوتا ھے کہ اس اثنا میں خلیفہ نے شاہ دَیْلَم پر ترغیب و ترھیب دونوں سے دباؤ ڈالا (قبّ الطّبری: سنۂ ۱۷۶ھ؛ الیعقوبی، ۲ : ۳۶۲).

خاندان جُستانی : ۱۸۹ھ / ۸۰۵ء میں جب ھارون الرشید رے پہنچا تو اس نے بحر خزر کے علاقے کے حکمرانوں کو بلایا اور دَیْلَم کے سردار مرزُبان بن جُسْتان کو نقد روپے کا انعام اور اعزازی خلعت دے کر رخصت کیا؛ اس سردار کی بابت اداے خراج کا ذکر کہیں نہیں، حالانکہ دیگر حکمرانوں پر خراج لگایا گیا تھا ۔ اگرچہ یہ پہلا موقع ھے جب ھم خاندان جُستان کا ذکر سنتے ھیں، پھر بھی گمان غالب یہ ھے کہ ھارون کی اس مہربانی کا تعلق ۱۷۵ھ/۷۹۱ء کے واقعات سے تھا، جب کہ ضرور یہی سردار (مرزبان یا اس کا باپ) حکمران ھوگا ۔ سردست ھم فرض کیے لیتے ھیں کہ "بنو جُستان" کے فرمانرواؤں کی فہرست میں پہلا نام مرزُبان ھی کا ھے .

اس کے بعد کا حکمران جو ھمارے علم میں آیا ھے وہ وھسودان بن جُستان ھے؛ مرزُبان (جس کا زمانہ ۱۸۹ھ/۸۰۵ء بیان کیا گیا ھے) اور وَھْسُودان (۲۵۹ھ/۸۷۲ء تک زندہ تھا) کے درمیان کی مدت اتنی زیادہ ھے کہ ھم انھیں بھائی خیال نہیں کر سکتے؛ اس وقت اتفاق راے (جُستی Justi، وَسمر Vasmer الکَسْرَوی، القزوینی) اس امر پر ھے کہ جستان اول (عدد ۲)، پہلے بادشاہ مرزبان کے فرزند اور عدد ۳ کے والد کے درمیان وَھْسُودان کو شمار کیا جائے ۔ فی الواقع سال ۲۰۱ھ/۸۱۶ء کے تحت الطّبری لکھتا ھے کہ عبداللہ بن خُرداذبہ نے دَیْلم پر اپنے فاتحانہ حملے کے دوران میں ایک بادشاہ کو گرفتار کیا جو ابو لَیلٰی کہلاتا تھا، لَیلی (یا لِیلٰی) دَیْلم میں مردوں کا نام ھوتا ھے (قبّ ایک بخت آزما لَیلی بن النعمان)، لیکن سوال یہ ھے کہ وہ خود جُستان (عدد ۲) ھی کا نام تھا یا کسی غاصب یا مقامی حاکم (لاھیجان؟) کا .

دَیْلَم کا حال اس وقت سے زیادہ صاف اور واضح ھوتا ھے جب حَسَنی خاندان کے سیّد اس کی سرحد پر نمودار ھونا شروع ھوے ۔ یہ ھوشیار سیاست دان اور بہت اچھے جنگ آزما تھے اور دیلمیوں کو اپنی جد و جہد اور منصوبوں کے اندر شامل کر لینے میں کامیاب ھو گئے، گو ابھی تک ان پر اسلام کا اقرار کرنے کی کوئی شرط نہیں لگائی گئی تھی .

سیّد حسن بن زید "الداعی الکبیر" (عدد ۱) ۲۵۰ھ/۸۶۴ء کی شورش کا، جو چالوس اور کلار میں برپا ھوئی، سرگروہ تھا، اور اس نے وھاں کے باشندوں کی طاھری عامل کے خلاف حمایت کی ۔ یہ عامل چاھتا تھا کہ شاملات اراضی کو، جہاں مویشی چرتے تھے اور ایندھن مہیا ھوتا تھا، خود ھتیالے (الطّبری، ۳ : ۱۵۲۴) ۔ الاصْطَخْری کے بیان کے مطابق حسن بن زید سے پہلے دَیْلَم کو کُفْر کی سرزمین (دارالکفر) خیال کیا جاتا تھا مگر علویوں نے دَیْلمیوں کی حمایت کی ، وَھْسُودان بن جُستان (عدد ۳) نے حسن بن زید کی اطاعت کا حلف اُٹھایا ۔ لیکن کچھ ھی عرصے بعد اس سے قطع تعلق کر لیا اور انھیں دنوں وفات پائی .

تاریخ جیل و دَیْلَم میں (جس کا حوالہ جُوینی، ۳ : ۲۷۱ میں دیا گیا ھے) اطلاع درج ھے کہ ۲۴۶ھ/۸۶۰ء میں ایک جُستانی نے کوہ الموت پر ایک عمارت بنانا شروع کی، جس پر شاھان دیلم فخر کیا کرتے تھے- یہ زیادہ قرین قیاس ھے کہ یہ کارنامہ وَھْسُودان کی حکومت کے خاتمے کو ظاھر نہیں کرتا بلکہ اس کے مستعد فرزند جستان دوم (عدد ۴) کی حکومت کے آغاز کی نشان دھی کرتا ھے ۔ اس جُستان دوم نے (سادات کے) داعی کو دعوت دی کہ وہ اپنے نمائندے دیلم میں بھیجے اور اسی نے علویوں کے زیر حمایت

Marfat.com

طاہریوں سے ری چھین لیا اور قزوین اور زنجان پر قبضہ کر لیا - ۲۵۳ھ/۸۶۷ء میں خلیفہ المُعتز نے موسی بن بُغا کی قیادت میں ایک فوج روانہ کی، جس نے جُستان کی کامیابیوں کو ملیا میٹ کر دیا - ۲۵۹ھ/ ۸۷۲ء میں جُستان نے پھر کوشش کی کہ ری پر قبضہ کر لے مگر یہ کوشش کامیاب نہ ہوئی - تاہم وہ صفاریوں کے خلاف لڑائی میں داعی کی برابر مدد کرتا رہا - ۲۷۰ھ/۸۸۳ء میں حسن بن زید نے وفات پائی اور اس کا بھائی محمد بن زید، جسے "الداعیٰ الصغیر" کہتے ہیں، اس کا جانشین ہوا اور جُستان دوم نے اس کی اطاعت کا حلف اٹھایا .

دَیْلَم پر سب سے بڑی مصیبت تقریباً ۲۷۶ھ/ ۸۸۹ء میں نازل ہوئی، جب رافع بن ہَرْثَمۃ نے، جو ایک خراسانی بخت آزما سپاہی تھا اور سامانیوں کی طرف سے کام کر رہا تھا، محمد بن زید کو جُرجان سے نکال دیا - اس داعی نے دیلم میں جا کر پناہ لی - رافع کے سپاہیوں نے چالُوس پر قبضہ کر لیا مگر سیّد نے جُستان کی مدد سے ان کا محاصرہ کر لیا - تب رافع خود آگے بڑھا - محمد بن زید گیلان کی طرف پسپا ہوا . اُدھر جُستان کا رافع نے پیچھا کیا اور چالُوس سے طالقان تک بڑھتا چلا گیا - تین مہینے تک (۲۷۸ھ/ ۸۹۱ء کا موسم گرما) حملہ آوروں نے اس علاقے میں لوٹ مار کا بازار گرم رکھا - جُستان نے وعدہ کیا کہ سیّد کی مدد نہ کروں گا اور رافع نے قزوین اور ری پر قبضہ کر لیا (دیکھیے ابن الاثیر، ۷ : ۳۰۳ اور ابن اسفندیار، طبع اقبال، ص ۲۵۲ تا ۲۵۴) - ۲۷۹ھ/ ۸۹۱ء میں رافع نے جب دیکھا کہ اسے بہت سی جانب سے حملوں کا خطرہ ہے تو اس نے یکایک داعی کی اطاعت کا حلف اُٹھا لیا اور اسے جرجان واپس دے دیا؛ سمجھوتا یہ ہوا کہ داعی کے لیے چار ہزار دیلمی بہادر بھیجے گا - عمرو بن لَیث الصفّاری نے دھمکا کر اور کچھ وعدے وعید کرکے داعی کو رافع کی مدد کرنے سے روکا اور رافع کو کچھ دن بعد بھاگ کر خوارزم جانا پڑا، جہاں وہ ۲۸۳ھ/ نومبر ۸۹۶ء میں مارا گیا - اس کے چار سال بعد (۲۸۷ھ/ اکتوبر ۹۰۰ء) محمد بن زید بھی ایک سامانی سپہ سالار سے لڑتا ہوا مارا گیا .

تھوڑے وقفے کے بعد علویوں کے حق کی حمایت حسن بن علی الحسینی ناصر الدّین الطّاہر الْاُطْرُوش "الاصَمّ" (الثالث) نے سنبھالی - اس کی حکومت کی مدت اگرچہ مختصر تھی (۳۰۱ تا ۳۰۴ھ [بہ تصحیح ۹۱۳ تا ۹۱۷ء] پھر بھی اسے علوی حکمرانوں میں سب سے بڑا مانا گیا ہے - الطَّبَری کے بیان کے مطابق اس ملک نے الْاُطْرُوش کا سا عدل و انصاف کبھی نہ دیکھا تھا - وہ تیرہ سال تک دیلمیوں کے درمیان رہا تھا اور "سفید رود کی آخری سرحد (مشرق) اور آمِل کے درمیان" لوگوں کو خاصی بڑی تعداد میں زیدی عقیدے کا پیرو بنانے میں کامیاب ہوا - اپنی اس کامیابی کے ثابت کرنے کے لیے اُس نے چالُوس کے بُرج گرا کر زمین کے برابر کر دیے - جُستان نے اس کی حکومت تسلیم کر لی، اگرچہ سامانیوں کے مقابلے میں ناکام رہا لیکن اس نے آئندہ سال، چالیس دن تک جم کر لڑائی کر کے سامانیوں کو بحر خزر کے صوبوں سے باہر نکال دیا .

البیرونی کی اس مبہم عبارت کا جس کا اوپر ذکر ہوا اور جو ناصر کی اس کارروائی سے متعلق تھی جس سے کَدْ خُدا کے سابقہ اقتدار میں رخنہ پڑا ممکن ہے مطلب یہی ہو کہ دیالمہ کے متفرق خاندان اسلامی شعائر کے زیر اقتدار آ گئے تھے - واقعات کا ایسا میلان دیکھ کر جُستانیوں نے ضرور اظہار ناراضی کیا ہوگا اور بعض مؤرخوں (اولیاء آملی : تاریخ رُویان (۷۵۰ھ/ ۱۳۴۹ء)، مطبوعۂ تہران، ص ۷۷؛ ابن واصل: التاریخ الصالحی، در Dorn : *Muhamm. Quellen z. Gesch. d. Kasp. Meers*، ۴ : ۴۷۳ نے ذکر کیا ہے کہ جُستان

marfat.com
Marfat.com

اور ناصر میں ایک مدت تک کشمکش چلتی رہی . اگرچہ ظاہر ہے کہ یہ ناصر کی تخت نشینی (۳۰۱ھ/۹۱۳ء) سے پہلے ہوا ہوگا ۔ ناصر کی وفات ۵ شعبان ۳۰۴ھ/۳۱ جنوری ۹۱۷ء کو ہوئی ۔ وفات سے پہلے وہ اپنے داماد حسن بن القاسم الحسینی (حسن الرابع) کو اپنا جانشین بنا چکا تھا .

تقریبًا اسی زمانے میں، چالیس سال حکومت کرنے کے بعد، جُستان کو بھی قتل کر دیا گیا ۔ اس جُرم کا مرتکب اس کا بھائی علی بن وَہْسُودان (عدد ۵) تھا، جسے پہلے ہی ۳۰۰ھ/۹۱۲ء میں بنو عباس اصفہان میں اپنا مالی عامل بنا چکے تھے ۔ ۳۰۴ھ میں اسے برطرف کر دیا گیا لیکن ۳۰۷ھ/۹۱۹ء میں عباسی سپہ سالار مؤنس نے، جو اسی زمانے میں یوسف بن ابی السّاج کو قیدی بنا چکا تھا، علی کو دوبارہ رے، قزوین اور زنجان کا والی بنا دیا . اسی سال اسے (تاروم Tarom کے دوسرے دیلمی حاکم خاندان کنگری یا سَلّاری کے) محمد بن مسافر نے قزوین میں قتل کر ڈالا ۔ محمد بن مسافر کی شادی جُستان بن وَہْسُودان (عدد ۴) کی ہوشیار لڑکی خراسُویہ سے ہوگئی تھی ۔ اس لڑکی کی خواہش تھی کہ اپنے خُسر (اپنے بھتیجے کا نہیں، جیسا کہ ابن الاثیر نے، ۸ : ۷۶ میں لکھا ہے) کا انتقام لے ۔ اپنے سیاسی مَوْقف کے پیش نظر علی بن وَہْسُودان کو سارا دَیْلَم بمشکل ہی (اپنا حکَم) مان سکتا تھا ۔ بہر حال یہ معلوم ہوا ہے کہ جب حسن بن القاسم الحسینی (داعی رابع) کو طَبَرِسْتان میں گرفتار کرکے علی کے سپرد کیا گیا کہ اسے بغداد بھجوا دے تو علی نے اُسے اپنے بزرگوں کے قلعے اَلَمُوت میں قید کر دیا (دیکھیے ابن اسفَنْدیار، طبع اقبال، ص ۲۸۱) ۔ علی کی موت کے فورا بعد اس کے دوسرے بھائی خسرو فِیروزان نے، جو بہ ظاہر علی کے مقامی عامل (locum tenens) کی حیثیت سے کام کر رہا تھا، سیّد کو رہا کر دیا ۔ خُسرو فیروزان (عدد ۶) نے . . . ابن مسافر پر فوج کشی کی لیکن ابن مسافر نے اسے قتل کر دیا ۔ خسرو کے فرزند مہدی (عدد ۷) نے بھی کنگری ابن مسافر کے خلاف ہتیار سنبھالے لیکن شکست کھائی اور دَیْلَم کے نئے اُبھرتے ہوئے ستارے اسفارین شیرُویہ یا شیرُوَیْہ کے ہاں پناہ لی .

متأخرین اس واقعے کے ساتھ (تقریبًا ۳۱۵ھ/۹۲۷ء) جُستانیوں کی بابت ہماری براہ راست اطلاعات ختم ہو جاتی ہیں، مگر خاندان کے بچے کھچے افراد، کم سے کم اپنی مملکت کے کسی حصے میں، سرگرم ہوں گے ۔ جب ابن مسافر اپنے جستانی مخالفوں (عدد ۵، ۶، ۷) سے بھگت رہا تھا اس وقت علویوں کے سابق امیر اور جستانی امیر پہلے ہی ایران کی سطح مرتفع پر پھیل چکے تھے اور دیلم ابن مسافر کے ہاتھ میں آ گیا تھا ۔ ایک اطلاع نامے میں کسی سرکاری عہدے دار نے ۳۷۹ھ/۹۸۹ء سے کچھ مدت پہلے شمیران (تاروم) کی تاریخ کا خلاصہ بویہیوں کے وزیر ابن عبّاد کے لیے کرایا تھا (دیکھیے یاقوت، ۳ : ۱۴۹ تا ۱۵۰؛ الکسروی، ۱ : ۱۳۰ تا ۱۳۴) ۔ اس میں وہ بیان کرتا ہے کہ مسافری خاندان والے سارے پہاڑی اُستانیہ پر حکمران تھے اور (اس طرح ؟) دَیْلَم کے ایک حصے کو بھی ہتھیا لیا تھا ۔ چنانچہ اس وقت وَہْسُودان (عدد ۳) بن جُستان کی اولاد کو فقط لائجیہ کے علاقے پر قناعت کرنا پڑی تھی ۔ یہی کیفیت دیلمیوں کے مخالف اور ترکوں کے موافق اس رسالے میں بھی ظاہر کی گئی ہے جو کاتب (Secretary) ابن حَسُّول نے طُغرل بیگ کے وزیر الکُندُری کو پیش کیا (تقریبًا ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء) [دیکھیے فضائل الاتراک، طبع العزّاوی A. al 'Azzāwī، Belleten : vi/۱۴-۱۵ (۱۹۴۰ء) م ۳۱] ۔ ابن حَسُّول نے یہ وضاحت کی ہے کہ اُوستان دَیْلَم کا اونچا علاقہ ہے اور لائج (جو غلط طور پر "لانج" چھپ گیا ہے) دَیْلَم کا نشیبی حصہ ہے، اوستان وَہْسودانی (جنہیں یہاں کنگری

Marfat.com

کہتے ہیں) عاملوں کے قبضے میں ہے اور لائج جُستانی بادشاہوں کے تحت ہے - ایک دوسرے سے الگ یہ اطلاعات ظاہر کرتی ہیں کہ جُستان بن وَھْسُودان (عدد ۴) کی وفات کے بعد اس کے مقبوضات منتشر ہوگئے- وَھْسُودالیوں (یعنی تاروم کے کنگری وَھْسُودان بن محمد کی اولاد) نے دیلم کے اونچے علاقوں پر قبضہ کر لیا (شاید یہی جُستانیوں کا "اوستان" یعنی "وطن" ہے)- جُستانی ضرور یہاں سے وطن چھوڑ کر لاھیجان (یعنی دیلم کے ساحلی علاقے میں، جس کے دس ضلعے حدود [العالم] میں گنوائے گئے ہیں) چلے گئے ہوں گے .

اس کے برخلاف، جب سلطان طُغرل قزوین کے نزدیک معرکہ آرائی میں مصروف تھا (ابن الاثیر، ۴۳۳ھ / ۱۰۴۲ء) اس وقت دیلم کا بادشاہ اس کے پاس خراج لے کر حاضر ہوا ؛ اس کے بعد ابن الاثیر الگ بھی 'سلارِ' طرم (تاروم) کے مطیع ہو جانے کا ذکر کرتا ہے - اس سے ہمیں یہ نتیجہ نکالنا پڑے گا کہ یا تو جُستانی اپنی مملکت کے ایک حصے پر دوبارہ قابض ہوگئے تھے یا خراج لاھیجان کی شاخ نے ادا کیا ہوگا، یہ دوسرا احتمال زیادہ قوی ہے کیونکہ ناصر خسرو اپنے سفرنامے میں بیان کرتا ہے کہ ۴۳۸ھ/ ۱۰۴۶ء میں شاہ رُود کے معبر پر (اس مقام کے قریب جہاں وہ سفید رود سے ملتا ہے) امیر امیران کی طرف سے، جو دیلمان کا ایک بادشاہ تھا، محصول لیا جاتا تھا - اس کے بعد ناصر خسرو اپنے شمیران جانے کا حال لکھتا ہے اور کہتا ہے کہ اس وقت شمیران کے فرمانروا کا لقب "مرزُبان الدّیلم جیل جیلان (کذا) ابو صالح تھا" اس کا نام جُستان ابراھیم تھا اور اس کے قبضے میں "دیلم کے بہت سے قلعے تھے" - یہ فرمانروا ضرور تاروم کے وَھْسُودان کا پرپوتا ہوگا (دیکھیے مقالہ مسافریّہ) اور بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید شاہ رُود کا "باج" بھی اسی کے نام سے لیا جا رہا تھا .

داعیوں کی سرگزشت مذکورۂ بالا حسن بن قاسم الحسنی (السابع) کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے، جو الاُطروش کا داماد (ختن) تھا، اگرچہ اُسے خود ناصر الاُطروش نے اپنا ولیعہد نامزد کر دیا تھا پھر بھی اس کے اور ناصر کے بیٹوں کے مابین مسند نشینی کے بارے میں کشاکش شروع ہوئی اور ناصر کی وفات کے بعد دیلمی امیر تنازعات میں مبتلا ہو کر خود اپنی سیادت بڑھانے کے لیے باہم لڑتے رہے - حسن بن قاسم تقریباً ۳۱۶ھ/۹۲۸ء میں مرداویج بن زیار کے ہاتھ سے قتل ہوا، جو اس وقت اَسفار بن شیرویہ کا حلیف تھا .

دیلمیوں کا اِدھر اُدھر پھیلنا: علویوں کی سرگرمیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ دیلمیوں میں، جن کے ایک حصے نے زیدی عقیدہ اختیار کر لیا تھا، خلافت کے خلاف بہت زور کا جذبہ پیدا ہو گیا، ادھر علویوں کی خاطر بہت سی لڑائیوں میں شریک ہونے سے ان کی فوجی مہارت بہت کچھ بڑھ گئی اور ان میں اپنی طاقت کا احساس پیدا ہو گیا - ساجد یوسف بن دِیوداد کی بغاوتوں (۲۹۵ھ/۹۰۷ء اور ۳۰۴ھ/۹۱۶ء تا ۳۰۷ھ/ ۹۱۹ء) اور ۳۱۵ھ/۹۲۸ء میں اس کی وفات سے پہلے اس کی حتمی معزولی کی وجہ سے بدنظمی کا دروازہ کھل گیا - رے میں سامانی عامل ترک غلام اور دیلم کے علوی یکے بعد دیگرے برسراقتدار آتے رہے - تاروم کے مسافریوں کی ایک اہم شاخ آذربیجان اور ماوراے قفقاز (Transcaucasia) کی جانب پھیل گئی تھی (دیکھیے Minorsky، در *BSOAS*، ۳/*XV*، ۱۹۵۳ء: ۵۱۴-۵۲۹) اور ادھر ایران کی سطح مرتفع کے وسطی علاقے کے اندر بالکل جدید گروہ نمودار ہو گئے تھے ؛ اول اسفار بن شیرویَہ، جس نے تقریباً د ۳۱ھ/۹۲۲ء میں اپنے بادشاہ ہونے کا اعلان کیا، پھر زیاری (۳۱۶ھ/ ۹۲۸ء تا ۴۳۳ھ/۱۰۴۲ء)، جو تھوڑی مدت تک رے

marfat.com
Marfat.com

میں اور اصفہان میں اس کے بعد بحر خزر کے جنوب مشرقی کونے میں جہاں انھیں اپنے سے زیادہ نامور بنو بویہ [رک بآں] کے سامنے سے پسپا ہونا پڑا، برسر اقتدار رہے ۔ اس عہد کے حالات ہمیں ایسے مآخذ کے ذریعے معلوم ہوے، جیسے المسعودی : مروج، ۹ : ۴ تا ۱۵ ؛ مسکویہ ، در *Eclipse*؛ ابن اسفندیار ، طبع اقبال Eghbal ، ص ۲۲۳ تا ۳۰۱، ترجمہ از براؤن : ص ۱۶۲ تا ۲۲۳؛ اور ایسے ضمنی تذکروں سے جیسے سامانیوں کے تاریخ نویسوں کے ہاں ملتے ہیں، قب گردیزی : زین الاخبار؛ ابن فضلان در رحلۃ، وغیرہ ۔

ایران کی سطح مرتفع کے بڑے حصے پر قبضہ کرنے کے بعد (باستثناے خراسان جو سامانیوں کے قبضے میں تھا) بنو بویہ نے جن کا ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء میں خروج ہوا، ۳۳۴ھ/۹۴۶ء میں بغداد پر قبضہ کر لیا اور ۱۰۹ سال تک خلیفہ کو اپنے علوی اقتدار کے ماتحت بے دست و پا رکھا ۔ ان کے زیر سایہ بہت سے ایرانی نسل کے مقامی حکمران خاندان (دیلمی اور کرد) سرحدی اضلاع میں اٹھ کھڑے ہوے : (۱) مسافری؛ (۲) گنجہ کے کرد نژاد شدادی (۳۴۰ تا ۴۰۹ھ/۹۵۱ تا ۱۰۱۸ء) اور ان کی شاخ انی Ani (۴۵۱ تا ۵۵۹ھ/۱۰۵۹ تا ۱۱۶۳ء) ؛ (۳) کاکویہ [رک بآں] ہمدان اور اصفہان میں (۳۹۸ تا ۴۴۳ھ/ ۱۰۰۷ تا ۱۰۵۱ء)؛ (۴) حسنوئی کرد [دیکھیے حسنویہی Hasanawayhids کرمانشاہ کے علاقے میں (۳۴۸ تا ۴۰۶ھ/۹۵۹ تا ۱۰۱۵ء) ؛ (۵) عنازی کرد [رک بآں] اور کوہ زگروس کی جنوبی ڈھلانوں پر (۳۸۱ تا ۵۱۱ھ/ ۹۹۱ تا ۱۱۱۷ء)؛ (۶) مروانی کرد میافارقین اور دیار بکر میں (۳۸۰ تا ۴۷۸ھ / ۹۹۰ تا ۱۰۸۵ء) وغیرہ — دیلمی نظام کی کمزوری کی اصل وجہ یہ تھی کہ دیلمی گروہ جن کی تعداد کچھ بہت زیادہ نہ تھی، حد سے زیادہ وسیع رقبے میں پھیلے ہوے تھے؛ ان کا حکمران خاندان چند حریف شاخوں میں بٹا ہوا تھا اور آخر میں فوج کے اندر دیلمیوں اور ترکوں کی مخاصمت (دیکھیے بیان آئندہ) ۔ بنوبویہ کے اقتدار کو سب سے بڑا دھچکا اس سے لگا کہ ۴۲۰ھ/ ۱۰۲۹ء میں محمود غزنوی نے رے پر قبضہ کر لیا ۔ اس خاندان کا قطعی خاتمہ طغرل بیگ سے متصادم ہونے پر ہوا، جس نے ۴۴۷ھ/۱۰۵۵ء میں بغداد کے آخری بویہ الملک الرّحیم کو گرفتار کر لیا ۔ فارس میں بویہ خاندان کے آخری افراد نے چند سال اور سلجوقیوں کے باجگذار ہوکر گزارے (دیکھیے Bowen در *JRAS*، ۱۹۲۹ء : ص ۲۲۹ - ۲۴۵)، اپنے ملک کے باہر دیلمی لوگ اجیر سپاہیوں کی حیثیت میں خدمت انجام دیتے رہے ۔ نظام الملک : سیاست نامہ، باب ۱۹ میں اپنے زمانے تک ۱۰۰ دیلمیوں اور خراسانیوں کو قصر شاہان سلجوقیہ کے محافظوں کے طور پر ملازم رکھنے کی سفارش کرتا ہے ۔ دیلمیوں کی پراگندہ بستیاں بہت سے مقامات پر الگ الگ آباد رہیں یہاں تک کہ وہ مقامی آبادی میں مدغم ہوگئیں.

مقامی نام : وہ رقبہ جس میں دیلمی مدتہاے دراز تک نسلاً بعد نسلٍ پھیلے پڑے رہے بہت وسیع ہے، لیکن تاریخی ترتیب کی مشکلات کے پیش نظر بہتر یہ ہے کہ ناموں کا ذکر ایک واحد عنوان کے تحت اکھٹا کر دیا جائے ؛ مثلاً بہت قدیم بابلی نام جزیرۂ دلمون (Dilmun) (بحرین) اس وقت بھی قابل توجہ ہے اور دوسری طرف فارس کے جنوبی ساحل پر بندر دیلم کا نام زیادہ سے زیادہ بو یہی عہد تک جاتا معلوم ہوتا ہے ۔ قفقاز کے نیچے کی سر زمین میں سامانیوں کے زمانے کی فوجی چھاؤنیوں کا وجود اس قسم کے ناموں سے معلوم ہوتا ہے، جیسے لیزان یالائزان (آجکل لہیج) جس کا تعلق لاھیجان سے ہے، شروان کا نام غالبًا شیر (عربی میں شرز) کے نام سے وابستہ ہے جو دو دریا طالقان اور الموت کے سنگھم پر واقع ہے، دیکھیے حدود، باب ۳۲، فصل ۴۲؛ اور جوینی، ۳ : ۴۲۵ (حاشیہ محمد قزوینی)۔

Marfat.com

سریر (Avaria) کے بادشاہ کا لقب ، جو البلاذری میں ص ۱۹۶ پر درج ہے، وھرزان آیا ہے، اس کا تعلق وھرز لقب کے ساتھ ثابت ھو سکتا ہے؛ دیکھیے Minorsky : *History of Sharvān*، ۱۹۵۸ء، ص ۲۳ تا ۲۵ ۔ نام نہاد زازا *Zāzā* جو دیار بکر کے شمال میں پالو اور دَرسم تک بسے ہوے ہیں اور ابھی تک ایک ایرانی زبان بولتے ہیں اپنے کو دملا Dimlā کہتے ہیں، اور اس نام کو F. C. Andrees دَیْلَم ھی کی صورت بتاتا ہے ۔ قبیلہ دُمبلی (Dumbuli) (جو اب ترکوں کے رنگ میں رنگ گیا ہے) اور اُنیسویں صدی عیسوی کے شروع میں خوی Khoy کے علاقے میں سرگرم کار تھا، دملا سے رشتہ رکھتا معلوم ہوتا ہے ۔ یہ امر لائق توجہ ہے کہ اگاتھیاس(Agathias)، ۳ : ۱۷، ''دِلْمینتیائی (Dilimmitai) فوجوں کے ذکر کے ضمن میں، جو Lasica میں مصروف جنگ تھیں، بتاتا ہے کہ ان کا آبائی وطن (شاید اس مخصوص گروہ کا؟) ایران کی سر زمین کے آس پاس ''دجلہ (Tigris) کے وسطی حصے میں تھا'' یعنی (اگر دجلہ غلطی سے سفید رود کے بدلے نہیں لکھا گیا ہے) اس علاقے میں جہاں آج کل زازا آباد ہیں ۔ ابو دلف سیاح، طبع Minorski، قاہرہ ۱۹۵۵ء، فصل ۲۵، ایک مقام دَیْلمستان کا ذکر کرتا ہے جو شہر زور سے سات ''فرسخ'' مشرق کی طرف ہے، جہاں سے قدیم شاہان ایران کے زمانے میں دیلمی اپنی غارت گر جماعتیں عراق کے نشیبی علاقوں میں بھیجتے تھے ۔ قصبۂ دیلمان جو لاھیجان کے مغرب میں ہے، اس امر کا شاہد ھو سکتا ہے کہ دیلمیوں کا مرکز اوستان (دیکھیے اوپر) سے ہٹ کر لاھیجان کے علاقے میں منتقل ھو گیا تھا ۔ بحیرۂ اُرمیا (Lake Urmia) کے شمال مغرب میں سَلْمَاس کا وسطی حصہ ابھی تھوڑا عرصہ پہلے تک دِلمقان کہلاتا تھا؛ بحیرۂ اُرمیا کے جنوب مغرب میں کوھستان زگروس کے ایک اھم درے کے قریب ایک ضلع موجود ہے جو لاھیجان کہلاتا ہے (دیکھیے سوج بولاق Sawdj Bulak [ا۔ ترکی) چند اور گاؤں بحیرۂ اُرمیا کے طاس میں کوہ سوالان (Mt. Savalan ـ لاھی) وغیرہ کے شمال میں اسی نام لاھیجان سے موسوم پائے جاتے ہیں .

مُلک اور باشندے: قدیم مسلم جغرافیہ نویس جیسے ابن خُرداذبہ الیَعقوبی، ابن رُستہ، ابن فقیہ دَیْلَم کا کچھ ذکر نہیں کرتے مگر ان کے ملک اور ان باشندوں کی بابت معلومات ان مؤرخوں اور جغرافیہ دانوں نے بافراط مہیا کی ہیں جو چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں دیلمی حکمران خاندانوں کے عروج کے بعد ہوے ہیں ۔ اِلاِصْطَخْری پہلے ھی دَیْلَم کے ذیل میں بحر خَزَر کا تمام جنوبی ساحل اور وہ سر زمین جو کوھستان البرز کے جنوب میں ایک پٹّی بناتی ہے، شامل کر چکا تھا (جس میں رے اور قَزْوین شامل ہیں) ۔ المُقَدَّسی (جو دیلمی سلطنت کے انتہائی زمانۂ عروج میں ہوا ہے) اس میں بحر خَزَر کے سارے ساحلوں کا اضافہ کرتا ہے جس میں والگا کے خلیجی دہانے کی مملکت خزر شامل تھی۔

الاِصْطَخْری (شاید البلخی کا تتبع کرتے ہوے) خاندان جُستان کا دارالحکومت رُوذبار کو ٹھیراتا ہے ۔ جُوینی ، ۳ : ۴۳۳ کا مصحح مرزا محمد قزوینی اس بات کے وزنی دلائل پیش کرتا ہے کہ یہ رُوذبار وھی رُوذبار الموت ہے اور یہی خانوادۂ دَیْلَم کا اصلی وطن (''اُستان'' ostān) ہے ۔ ابن حَوقَل کے متن میں جو دراصل الاِصْطَخْری کے بیان پر مبنی ہے جُستانیوں کا دارالحکومت طرم معیّن کیا گیا ہے جو غالبًا کسی کاتب یا قاری کا سہو ہے، کیونکہ طرم (= Tārom) جُستانیوں کا نہیں بلکہ مسافریوں کا جو ان کے بعد آئے، صدر مقام تھا ۔ بروان (B. rwān) کی تعیین اور بھی پیچیدہ ہے اور وہ المُقدّسی، ص ۳۶۰(''بروان'' بلا اعراب) کے کہنے کے مطابق دَیْلَم کا صدر مقام تھا ۔ یہ مقام سہولتوں سے محروم تھا ۔ اس کے مقابلے میں طالقان (شاہ روذ کی وادی میں) کہیں زیادہ حاصل خیز

marfat.com
Marfat.com

تھا اور مصنف کی رائے میں دارالسلطنت بننے کا زیادہ مستحق تھا - بروان (B. rwān) میں حکومت کی قیام گاہ ("مستقرالسلطان") شہرستان کہلاتی تھی جہاں خزانہ ایک گہرے کنویں میں رکھتے تھے (ظہیرالدّین شہرستان کا املا شاید شہر "اوستان" بمعنی "اوستان کا شہر" کرتا ہے، دیکھیے اوپر) - المُقدّسی دو نام الگ الگ بیان کرتا ہے - ایک سَمیرُوم Samirūm (کذا) سلار وندی (Salnarwand) (=مسافریہ) حاکموں کا صدر مقام جو طرم کے علاقے کے حاکم تھے اور دوسرا خَشم جو علوی داعیوں کا شہر تھا اور مشرق گیلان میں ایک پل کے پاس واقع تھا .

الاُصطَخری، ص ۲۰۵، دیلمیوں کی بابت لکھتا ہے کہ وہ دُبلے پتلے لوگ تھے، جن کے بال ھلکے (غالبًا پھولے ہوے) ہوتے تھے، مزاج کے تیز، جلد باز اور بے مروت تھے - یہ زراعت پیشہ تھے، مویشی پالتے تھے، مگر گھوڑے ان کے پاس نہ تھے - المُقدّسی، ص ۳۶۸ - ۳۶۹،کہتا ہے کہ دیلمی خوبرو تھے اور داڑھیاں رکھتے تھے - "دیلم خاص" اور گیلان کی بابت حدود العالم باب ۳۲، فصل ۲۴ یا ۲۵ میں گراں قدر معلومات دی گئی ہیں : دیلم کے دس اضلاع بحر خزر کی ترائی میں اور تین وُستان، شیر (بہ ظاہر وہی ہے جسے عربی مآخذ میں شِرزؔ کہا گیا ہے) اور پژم، کوھستانی علاقے میں ہیں.

عـادات و رسوم - دیلمیوں کی عادات و رسوم پر اس وقت کے ہم عصر مصنف تعجب کرتے ہیں - ان کے مرد انتہا درجہ قوی تھے اور فقر و فاقہ کو بڑے صبر کے ساتھ برداشت کر سکتے تھے (مِسکَویہ : *Eclipse*، ۱ : ۱۴۰)؛ ان کے اسلحہ میں سانگ یا پھینک کر مارنے والی برچھیاں ("زُوپین") اور لمبی ڈھالوں کا خاص طور پر بیان آتا ہے، جن کے رنگ شوخ ہوتے تھے اور جنھیں مددگار لڑکے ساتھ لے کر چلتے تھے - ان ڈھالوں کو ملا کر پہلو بہ پہلو جما لینے سے حملہ آوروں کے سامنے ایک دیوار بن جاتی تھی - فوج کے اندر ایک خاص جماعت ان کی ہوتی، جو زُوپین کے ساتھ جلتا ھوا نفط (مزارق النِّفط و النِّیران) پھینک کر مارتے تھے (دیکھیے *Eclipse*، ۱ : ۲۸۲)- دیلمیوں کی جنگ کا ایک شاعرانہ بیان گرگانی کی مثنوی ویس و رامین، طبع Minovi، باب ۹۹ میں دیا گیا ہے - دیلمیوں میں سب سے بڑی کمی یہ تھی کہ ان کے پاس سوار فوج نہ تھی، وہ مجبور تھے کہ اجیر ترک سواروں کے ساتھ (جن کے اسلحہ ان سے زیادہ مکمل ہوتے تھے، دیکھیے *Eclipse*، ۲ : ۳۳۶) مل کر کام کریں، مگر ان دونوں کے درمیان جو گہری رقابت تھی اس نے لشکر کو منتشر کر دیا .

اس بات کا اکثر ذکر کیا گیا ہے کہ دیلمی اپنے عزیزوں کی وفات پر حد سے زیادہ آہ و زاری کیا کرتے تھے اور اسی طرح مصیبت کے وقت خود اپنے حال پر فریاد و ماتم کرتے تھے (المُقدّسی : ۳۶۹ ؛ *Eclipse*، ۲ : ۱۶۲ ؛ ۳ : ۲۶۰) - ۳۵۲ھ/۹۶۳ء میں اسی قوم کے معزّالدّولہ نے امام حسینؓ کے عام ماتم ("نیاحہ") کی رسم جاری کی (ابن الاثیر، ۸ : ۴۰۶؛ التّنوخی: نِشوار، ترجمۂ Margolioth، ۲۱۹ ؛ لیکن دیکھیے ھلال بن محسّن اس رسم کی وقتی نوعیت ہونے پر، *Eclipse*، ۳ : ۴۵۸، sub-۳۹۳)، اور یہی رسم آگے چل کر ایرانی تعزیوں کی بنا ہوئی جو ماہ محرم میں نکالے جاتے ہیں (دیکھیے *Perskiy teatr* : A. E. Krimskiy =[ایرانی ناٹک] Kiev، ۱۹۲۱ء) .

تقریبًا ۲۰۰ء میں ایک شامی حکیم Bardesanes نے لکھا تھا کہ گیلان کی عورتیں کھیتوں میں کام کرتی ہیں (*Leges regionum*، Patrologia Syriaca، ۲/۱، ۱۹۰۷ء، طبع F. Nou، ص ۵۸٦) - آٹھ صدی بعد حدود کا مصنف لکھتا ہے کہ دیلم کا نسائی طبقہ زراعت میں مردوں کی طرح مشغول رہتا ہے - رُذراوری Rudhrawari : *Eclipse*، ۳ : ۳۱۳ کے قول کے مطابق

Marfat.com

وہ (عورتیں) اپنی طبیعت، کردار کی قوت اور انتظامی معاملات میں حصہ لینے میں مردوں کے برابر ھیں۔ دیلمیوں میں صرف اپنے گھرانے یا برادری ھی کے اندر شادی کرنے کا رواج تھا اور طرفین کی براہ راست رضامندی سے شادی ھو جاتی تھی (المقدسی، ص ۳۶۸-۳۶۹).

اسمٰعیلیہ ـ فاطمی اسمٰعیلی دعوت و تبلیغ (رے کے قرب و جوار میں تیسری صدی ھجری/نویں صدی عیسوی کے شروع ھی سے جاری ھوچکی تھی، دیکھیے S.M. Stern، در *BSOAS*، ج ۲۳، ۱۹۶۰ء، ص ۵۶ تا ۹۰) ـ دیلم کے اسفار اور گیلان کے مرداویج قبیلوں نے اس نئی تعلیم کو قبول کر لیا تھا (البغدادی : الفرق، ترجمہ A. Halkin، تل ابیب، ۱۹۳۵ء، ص ۱۱۳؛ رشیدالدین : اسمٰعیلیان، طبع دانش پژوہ، تہران ۱۳۳۸ھ/ ۱۹۵۹ء ص ۱۲) ـ بویہیوں کے آخری زمانے میں فارس کے دیلمی سات اماموں کے عقیدے پر قائم رھے اور آخر سے پہلے بویہی مرزبان ابوکالیجار (م ۴۴۰ھ/ ۱۰۴۸ء) نے المؤید واعظ کی تعلیم پر کان لگانا شروع کیے ـ یہ واعظ آخر میں فارس سے نکال دیا گیا (سیرۃ المؤید فی الدین، قاھرہ، ۱۹۴۹ء، ص ۴۳، ۶۴؛ دیکھیے فارس نامہ، ص ۱۱۵) ـ دیلم کا علاقہ ایک تو فطری طور پر مستحکم تھا دوسرے اس کے باشندے باغیانہ رجحانات رکھتے تھے ـ ان دونوں سے متاثر ھو کر حسن بن صباح نے دیلم میں پہلے تو اپنے داعی بھیجے اور پھر ۴۸۳ھ/۱۰۹۰ء میں قریۂ الموت پر قبضہ کر لیا جو اس وقت ملک شاہ کی طرف سے ایک علوی مسمّی مہدی کو بطور جاگیر ملا ھوا تھا (جوینی، ۳ : ۱۷۴)۔ اس طرح آئندہ ۱۶۶ سال تک دیلم کا یہ مضبوط قلعہ سلجوقی مملکت کے عین دروازے پر نہایت خطرناک مقام اور تمام سنت والجماعت دنیا پر حملوں کا مرکز بنا رھا ـ الموت کا قلع قمع کرنے میں سلجوقیوں کی تمام مساعی ناکام رھیں، لیکن ان سے عام باشندوں کو بہت نقصان پہنچا؛ دیکھیے آرسلان تاش کی فوجی کارروائی ۴۸۵ھ/۱۰۹۲ء، نظام الملک کے فرزند کا حملہ ۵۰۳ھ/ ۱۱۰۹ء میں، شیرگیر کا حملہ ۵۱۱ھ/ ۱۱۱۷ء سے پہلے ـ بویہیوں کی دَیلَم میں آخری یادگار جُوینی کی یہ اطلاع (۳ : ۲۳۹) ھے، جو اس نے ان کے ایک فرد حسن بن نام آور کی بابت بہم پہنچائی ھے کہ اس حسن نے ۵۶۱ھ/۱۱۶۶ء میں اسمٰعیلیوں کے سردار کو خنجر بھونک کے مار ڈالا کیونکہ گو وہ اس کا سالا تھا لیکن حسن اس کی فرقہ دارانہ تبلیغ کو پسند نہیں کرتا تھا.

مغل اور ان کے بعد : ۶۵۴ھ/۱۲۵۶ء میں ھلاکو کی افواج نے حشّیشیّوں کے قلعوں (اَلَمُوت لَمسَر، میمون دژ) کو کاملاً منہدم کر دیا اور حشیشیوں کے آخری امام کے پیروؤں کا نام و نشان مٹا ڈالا ـ اس واقعے سے دیلم کے اصلی کوھستانی باشندوں کو سخت صدمہ پہنچا ـ شاہ رُود کی وادی کا قزوین سے راستہ بالکل آسان اور صاف ھوگیا (دیکھیے الجایتو خان کے معرکوں کا بیان جس نے ۷۰۶ھ/۱۳۰۷ء میں گیلان پر حملہ کیا اور لاھیجان تک پہنچ گیا؛ تاریخ الجایتو Bibl. Nat., Supp.، ۱۴۹۷، ورق ۴۲ ب).

کچھ مدت بعد دیلم کا کوھستانی علاقہ مشرق گیلان [بیاپیش] کے حکمران خاندان کا رکیا کے کم و بیش زیر اقتدار رھا، جس کا صدر مقام لاھیجان تھا۔ اس خاندان نے آھستہ آھستہ ان کے اشکوَر (Ashkawar) کے "ھزار اسپی" شاھزادوں کو جو الموت کے اسمٰعیلیوں کے آخری اخلاف تھے اور دیلمان اور رودبار کے قبیلۂ کُوشیج کو رفتہ رفتہ ختم کر دیا ـ ۸۱۹ھ/۱۴۱۶ء میں لاھیجان کے سیّد رَضیؔ نے دیلمیوں کو سفید رُود کے کنارے بُلا بھیجا اور ان کے دو یا تین ھزار افراد کو مع ان کے سرداروں کے قتل کروا دیا (ظہیرالدّین : تاریخ گیلان، طبع Rabino، رشت ۱۳۳۰ھ؛ ص ۵۷، ۱۱۸، ۱۲۲ تا ۱۲۶).

marfat.com
Marfat.com

دَیْلَم کی تاریخ میں جدید ترین واقعہ اهل حق [رک باں] کے پیشوا سیّد محمد کا اکتوبر ۱۸۹۱ء میں کلاردشت کے اندر شورش برپا کرنا ھے (دیکھیے Minorsky : *Notes sur la secte des Ahlé-Haqq*، پیرس ۱۹۲۰-۱۹۲۱ء، ص ۵۱).

دَیْلَم خاص کی آبادی کی بابت کوئی مکمل تحقیق نہیں کی گئی H. Rabino (*Le Guilan*، ص ۲۸۰) بیان کرتا ھے کہ اصلی دیلمی (سرما میں) فقط کلاردہ اور چوسال میں ھوتے ھیں اور موسم گرما میں کاج‌خانی کو چلے جاتے ھیں ۔ دیلمان (لاھیجان کے جنوب مغرب میں) کے باشندوں نے اپنی زمینیں بیچ دی ھیں اور اب بَرفَجان میں بود و باش رکھتے ھیں (جس کو حدود میں دَیْلَم کی نشیبی زمین کا ایک پرگنہ کہا گیا ھے).

**مآخذ:** متن مقالہ میں دے دیے گئے ھیں ۔ (۱) تاریخ جیل و دیلم جو فخرالدولہ بُوَیہی کے نام سے مُعَنون ہے (جس نے G. C. Miles کے کہنے کے مطابق، ری میں ۳۷۳ تا ۳۸۷ھ/۹۸۳ تا ۹۹۷ء حکومت کی) اور جس سے الجُوَینی نے ۳ : ۲۸۰ کام لیا، اس وقت ناپید ہے ۔ جستانیوں کے سکّے ابھی تک ھاتھ نہیں لگے ھیں ؛ (۲) Marquart : ایرانشہر، ص ۱۲۶ تا ۱۲۷؛ (۳) H. L. Rabino: *Les provinces Caspiennes*، در *RMM*، ج ۳۲، ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۶ء، ص ۲۲۷ تا ۳۸۴ (دیلمان، لاھیجان، رانِ کوہ) ؛ (۴) R. Vasmer : *Zur Chronologie d. Gastaniden*، در *Isl.*، ۳/۲، ۱۹۲۷ء، ص ۱۶۵ تا ۱۸۶ اور ۳۸۳ تا ۳۸۵؛ (۵) اے کسروی A. Kasrawi : پادشاھان گمنام، ۱۹۲۸ء، ۱ : ۲۳ تا ۳۷ (جستانیان) ایک بیش قیمت تصنیف؛ (۶) V. Minorsky : *La domination des Dailamites*، Soc. des Études Iraniennes، عدد ۳، ۱۹۳۳ء، ص ۱ تا ۲۶؛ (۷) محمد قزوینی، تعلیقات بر الجُوَینی، ۳ : ۳۰۶ تا ۳۰۹ (عَلویُون)، ۴۳۲ تا ۴۴۵ (جُسْتانیون)؛ (۸) *IA*، بذیل مادّۂ دیلم (A. Ates) .

(V. Minorsky)

* **دِیمتوقہ:** جسے دِمتوقہ یا دِمتَکہ بھی کہتے ھیں، سابقہ ترکی حکومت کے صوبۂ روم ایلی کا ایک شہر ۔ دیمتوقہ مغربی تھریس Thrace میں دریاے مریچ (Maritsa) کی ایک بغلی وادی میں واقع ھے اور بعض اوقات تاریخ آل عثمان میں اسے بڑی ممتاز حیثیت حاصل رھی ھے .

**مآخذ:** متن کی مندرجہ کتابوں کے علاوہ دیکھیے (۱) سالنامہ ادرنہ، طبع ھژدھم ۱۳۰۹ھ، ص ۲۰۳ تا ۲۰۹؛ طبع بست و ھشتم / ۱۳۱۹ء، ص ۹۹۶ ببعد؛ (۲) سامی بک فرشہری (Frashëri) : قاموس الاعلام، ج ۳، قسطنطینیہ ۱۳۰۸ھ / ۱۸۹۱ء، ص ۲۲۱۶ ببعد؛ (۳) Ami Boue : *Recueil d'itineraires dans la Turquie d'Europe*، ج ۱، وی انا ۱۸۵۴ء، ص ۱۰۲ ببعد ۔ یورپی سیاحوں نے دیمتوقہ اور اس کے نواح کو مشکل ھی سے سیاحت کے قابل سمجھا ھے اور اس کے بارے میں کوئی بیان قلمبند نہیں کیا؛ [ (۴) 1ا لائڈن، بار دوم بذیل مادّہ].

(F. Babinger)

* **دِیموکَرت پارٹی:** ترکوں کی سیاسی جماعت، جس کا ۷ جنوری ۱۹۴۶ء کو سرکاری طور پر اندراج عمل میں آیا ۔ اسی سال جولائی میں جو عام انتخابات ھوے، ان میں اس جماعت نے ۴۶۵ نشستوں کے لیے ۲۷۳ امیدوار کھڑے کیے، ان میں سے ۶۱ منتخب ھوے اور یہ حزب اختلاف کا سب سے بڑا گروہ بن گئے ۔ اس جماعت کی پہلی مجلس (=کانگرس) ۷ جنوری ۱۹۴۷ء کو منعقد ھوئی، اس میں باقاعدہ طور پر جماعت کے لیے ایک لائحۂ عمل اور منشور منظور کیا گیا ۔ کئی اندرونی اختلافات کی وجہ سے خصوصاً نمائندگان کے اس گروہ کے علٰحدہ ھو جانے سے، جس نے جولائی ۱۹۴۸ء میں نیشنل پارٹی (="ملّت پارتیسی") کی تشکیل کی تھی، مجلس ملی میں دیموکرت پارٹی کے اراکین کی تعداد ۱۹۵۰ء میں ۳۱ رہ گئی ۔ تاھم اس کا اثر ملک میں بڑھتا رھا اور مئی ۱۹۵۰ء کے

Marfat.com

عام انتخابات میں وہ واضح اکثریت سے جیت گئی۔ اب دیمو کرت پارٹی نے ملک کی حکومت سنبھالی اور اگلے دس سال تک اسے اقتدار حاصل رہا۔ کئی بار کابینہ بنی، جلال بایار اور عدنان مِنْدرِیس بالترتیب صدر اور وزیر اعظم منتخب ہوے۔ ۱۹۵۴ء کے عام انتخابات میں دیموکرت پارٹی مزید بھاری اکثریت سے جیت گئی، لیکن ۱۹۵۷ء کے انتخابات عوام کی اکثریت نے اس کی تائید کی ؛ لیکن پارلیمنٹ میں اسے واضح اکثریت محض اس بنا پر حاصل ہوسکی کہ حزب اختلاف کئی گروہوں میں بٹی ہوئی تھی۔ روز افزوں بے اطمینانی کے ایک دور کے بعد ۲۷ مئی ۱۹٦۰ء کے انقلاب (دیکھیے ترکیہ، تاریخ) نے دیموکرت پارٹی کو اقتدار سے محروم دخل کر دیا۔ ۲۹ مئی ۱۹٦۰ء میں یہ پارٹی ھی باقاعدہ طور پر ختم کر دی گئی۔

**مآخذ** : (۱) K. H. Karpat : *Turkey's politics, the transition to a multi-party system*، پرنسٹن ۱۹۵۹ء، ص ۴۰۸ تا ۴۳۱ اور بمواضع کثیرہ؛ (۲) Tarik Z. Tunaya : *Türkiyede Siyasî Partiler*، استانبول ۱۹۵۲ء، ص ٦۴٦ تا ٦۹۲؛ (۳) B. Lewis : *Democracy in Turkey*، در *MEA*، ج ۱۰، ۱۹۵۹ء، ص ۵۵ تا ٦۷؛ (۴) G. Lewis : *Turkey : the end of the first Republic*، در *World Today*، ستمبر ۱۹٦۰ء، ص ۳۷۷ تا ۳۸٦؛ حالات پر تبصرہ در *COC*، *MEA*، *MEJ*، *OM*.

[ادارہ [و] لائڈن]

⊛ **دَیْن** : لغت میں عَیْن کی ضد کو کہتے ھیں۔ عَیْن کے معنی ھیں بعینہٖ وھی چیز۔ چنانچہ عرب ھر اس چیز کو دین کہتے تھے جو خرید و فروخت کے وقت بعینہٖ سامنے موجود نہ ھو، اس کے برعکس جو چیز بوقت بیع و شری سامنے موجود ھو، اسے عَیْن کہتے ھیں۔ دَیْن کی جمع اَدْیُن اور دُیُوْن آتی ہے جس طرح عَیْن کی جمع اَعْیُن اور عُیُوْن آتی ہے (دیکھیے احکام القرآن لابن العربی ۱ : ۲۴۷؛ لسان العرب، زیر مادۂ دَانَ اور عَانَ؛ مفردات القرآن، ۱ : ۲٦؛ النہایۃ، ۱ : ۳۲ ببعد)۔ شرعی نقطۂ نظر سے دَیْن ھر وہ چیز ہے جو کوئی عَقْد (سودا) طے پانے یا کسی خاص فعل کا ارتکاب کرنے کے باعث کسی شخص کے ذمّے لازم اور واجب الادا ھوتی ہے۔ عَقْد کی مثال یہ ہے کہ جیسے عَقْد نکاح کے بعد مہر کی رقم شوھر کے ذمّے واجب ھو جاتی ہے، جب تک یہ ادا نہ ھو اس وقت تک یہ شوھر کے ذمّے دین کی حیثیت سے واجب الادا رھتی ہے؛ یا عقد (سودے) کی ایک مثال یہ ہے کہ جیسے خریدار یا مشتری کے ذمّے کی چیز کی قیمت واجب الادا ھوتی ہے اور جب تک ادا نہیں ھوتی خریدار کے ذمّے دَیْن کی حیثیت سے واجب رھتی ہے۔ جو دَیْن کسی خاص فعل کے ارتکاب سے واجب ھوتا ہے، اس کی مثال یہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی کا مال قبضے میں کرلے اور پھر اسے تلف کر دے تو اس صورت میں بھی جو چیز تلف کنندہ کے ذمے واجب ھوگی وہ بھی دَیْن کے ضمن میں آتی ہے (احکام القرآن لابن العربی، ۱ : ۲۴۷؛ دستور العلماء، ۲ : ۱۱۸ تا ۱۱۹)۔ تھانوی (کشاف، ۱ : ۵۰۲) نے دَیْن کی تعریف کے ضمن میں لکھا ہے کہ شرعاً دَیْن سے مراد وہ مال ہے جو عَقْد (سودا کرنا)، استہلاک (خرچ کرنا، تلف کرنا) اور استقراض (قرض مانگنا) کے باعث کسی شخص پر واجب ھوتا ہے؛ اس کے نزدیک حقیقت میں دَیْن صرف ان تین اسباب کے باعث واجب ھوتا ہے، لیکن مجازًا اس ذمّے داری کو بھی دین سے تعبیر کرتے ھیں جس سے عہدہ برآ ھونا مال کے ذریعے ھی ممکن ھوتا ہے۔

دَیْن اور قرض میں معمولی سا فرق ہے، قرض خاص ہے، صرف نُقُوْد (درھم، دینار، روپیہ) لینے کے لیے بولا جاتا ہے لیکن دَیْن عام ہے۔ عبدالنبی احمد نگری (دستور العلماء، ۲ : ۱۱۸ ببعد) نے لکھا ہے کہ فقہاے اسلام کے ھاں متعارف یہ ہے کہ دین عام ہے اور قرض خاص،

marfat.com
Marfat.com

گویا قَرض پر دَیْن کا اطلاق ہو سکتا ہے لیکن ہر دَیْن کو قرض سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا ۔ مرغینانی (ہدایہ اخیرین، ص ۹۳ ببعد) اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی (التفسیر المظہری، ۱ : ۴۱۴ ببعد) کی رائے یہ ہے کہ دین "بیع السلم" ہی کی ایک شکل ہے جو صرف ان اشیا میں جائز ہے جن کی مقدار اور وزن معلوم و مقرر ہو اور ساتھ ہی مدت (اَجَل) بھی متعین ہو ۔ دَیْن یا بیع السلم میں صاحب حق قبل از وقت مطالبہ نہیں کر سکتا اور جس کے ذمے حق واجب ہو، وہ وقت آ جانے کے بعد ٹال نہیں سکتا، اس کے برعکس قرض میں مہلت اور ڈھیل ہو سکتی ہے اور اس میں وہ التزام نہیں جو دَیْن میں ہوتا ہے کیونکہ قرضہ تو ایک ایسی مستعار چیز ہے جو بعینہٖ واپس ہوگی [مقابلے کے لیے رک بہ ربٰو] ۔

ادائی اور عدم ادائی کے لحاظ سے دَیْن کی دو قسمیں ہیں : اوّل دَیْن صحیح اور اس سے مراد وہ دَیْن ہے جو واجب الادا ثابت ہونے کے بعد صرف ادا کر دینے یا بری الذمہ قرار دے دینے (بِالْاَدَاء اَوِ الْاِبْرَاء) سے ہی ساقط ہو سکتا ہے، جیسے دَیْنُ القرض (قرضہ لینے کی صورت میں جو دَیْن واجب ہوتا ہے)، دَیْن المَہر (مہر کی صورت میں شوہر کے ذمے جو دین واجب ہوتا ہے) اور دَیْن الْاَسْتِہْلَاک (کسی کی چیز تلف یا خرچ کرنے پر جو دَیْن واجب ہوتا ہے) ۔ دَیْن کی دوسری قسم غیر صحیح ہے اور اس سے مراد وہ دَیْن ہے جو اداء اور اِبراء (بری الذمہ قرار دینا) کے بغیر بھی ساقط ہو سکتا ہے جیسے بَدَلُ الکِتَابَۃ (یعنی وہ معاوضہ جو کسی غلام یا عبد مکاتب نے اپنے آقا کو اپنی آزادی کی قیمت کے طور پر ادا کرنا ہوتا ہے) ۔ یہ دین اس صورت میں بھی ساقط ہو سکتا ہے جب غلام قانونی طور پر معاوضہ ادا کرنے سے عاجز قرار پائے (کشاف، ۱ : ۶۷، ۱۷۲، ۵۰۳) ۔ وجوب ادا اور عدم وجوب ادا کے لحاظ سے دَیْن کی دو قسمیں ہیں : اول دَیْن حال یا مُعَجَّل جو دائن (دَیْن دینے والے) کے طلب کرنے پر ادا کرنا واجب ہوتا ہے؛ دوسرا دین مؤجل جس کی ادائی وقت آنے (حُلُولِ اَجَل) سے قبل واجب الادا نہیں ہوتی لیکن قبل از وقت ادا کر دینا صحیح ہے اور ذمّے داری پوری ہو جاتی ہے (حوالۂ سابق) ۔

اس بارے میں فقہاے اسلام میں اختلاف راے موجود ہے کہ دَیْن کا معاملہ کرتے وقت دستاویز مرتب کرنا واجب ہے یا مستحب ؟ بعض علما کے نزدیک آیت دَیْن (۲ [البقرۃ] : ۲۸۲) میں امر کا صیغہ (فاکتبوہ : دین کو ضبط تحریر میں لاؤ) ہے، جس سے وجوب ثابت ہوتا ہے، بعض اہل علم کا خیال ہے کہ دین کا ضبط تحریر میں لانا مستحبات میں سے ہے کیونکہ آگے چل کر اسی آیت میں یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُکُم بَعْضًا، یعنی اگر تمہیں ایک دوسرے پر اعتماد ہو تو پھر یونہیں صاحبِ امانت کو دَیْن ادا کر دینا چاہیے، اَحْنَاف کا یہی مسلک ہے ۔ زیادہ محفوظ طریقہ یہ ہے کہ اگر خیانت کا خطرہ ہو تو دستاویز اور گواہ ضروری ہیں اور اگر اس کا خطرہ نہ ہو تو مستحب ہے کیونکہ حضرت ابو موسی الاشعری نے جن تین اشخاص کی دعا نہ قبول ہونے کا ذکر کیا ہے، ان میں سے ایک وہ ہے جس نے دین پر گواہ نہ بنائے ہوں (جَصّاص : احکام القرآن، ۱ : ۴۸۲) ۔ مالکی، شافعی اور حنبلی فقہا کی اکثریت اس بات پر زور دیتی ہے کہ معاملۂ دین کی دستاویز ضبط تحریر میں لانا واجب ہے کیونکہ معاملۂ دین اور حُلُول اَجل (وقت پورا ہونے) کی مدت کے درمیان انسان پر کئی قسم کے عَوارض طاری ہو سکتے ہیں (جیسے موت، غفلت، نسیان بلکہ نفس شیطانی انکار پر بھی ابھار سکتا ہے) جو اداے دین میں رکاوٹ کا باعث بنیں گے ۔ کتابت دَیْن کی دستاویز جامع و مانع اور ایسی واضح ہونی چاہیے کہ اگر معاملہ عدالت میں لے جانا پڑے تو اس کے مطابق صحیح فیصلہ کرنا

Marfat.com

ممکن ہو (کتاب الام، ۸ : ۱۰۴ ببعد) ۔ اگر کوئی شخص دین ادا نہ کرے تو اس کی جائداد فروخت کرکے ادا ہوگا اور اگر جائداد نہ ہو تو حاکم اسے قید کر سکتا ہے (مختصر المزنی، ۲ : ۲۲۲؛ کتاب الام، ۸ : ۱۰۴) ۔

مدیون (جس کے ذمہ دین ہو) کی وفات کی صورت میں امام شافعیؒ کے نزدیک تجہیز و تکفین کے اخراجات کے بعد جو ترکہ بچے، اس میں سے سب سے پہلے دین ادا ہوگا، اس کے بعد زکوٰۃ، پھر فریضۂ حج کے اخراجات نکالے جائیں گے اور پھر جو مال بچے گا وہ وارثوں میں تقسیم ہوگا، لیکن امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ترکہ وارثوں کا حق ہے لیکن اگر مرنے والا دین، زکوٰۃ یا حج کے بارے میں وصیت کر گیا ہو تو پھر پہلے یہ واجبات ادا ہوں گے اور باقی وارثوں میں تقسیم ہوگا (احکام القرآن لابن العربی، ۱ : ۳۴۴؛ مختصر المزنی، ۲ : ۲۲۲؛ کتاب الام، ۸ : ۴، ۱؛ الشریفیة، ص ۸۵ ببعد) .

**مآخذ** : (ابن منظور : لسان العرب زیر مادہ دان، عان؛ (۲) ابن الاثیر : الـ ، قاہرہ ۱۳۰۶ھ؛ (۳) راغب : مفردات القرآن، قاہرہ ۱۳۰۶ھ؛ (۴) عبدالنبی احمد نگری : دستور العلماء، حیدر آباد دکن، ۱۳۲۹ھ؛ (۵) تھانوی: کشاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ ۱۸۶۲ء؛ (۶) ابوبکر الجصّاص : احکام القرآن، قاہرہ، ۱۳۳۵ھ؛ (۷) ابن العربی : احکام القرآن، قاہرہ، ۱۹۵۷ء؛ (۸) امام شافعی : کتاب الام، قاہرہ ۱۹۶۱ء؛ (۹) ثناء اللہ پانی پتی : التفسیر المظہری، حیدر آباد دکن، بلا تاریخ؛ (۱۰) المرغینانی : ہدایة اخیرین، لکھنؤ ۱۳۱۴ھ .

(ظہور احمد اظہر)

* **دِین** : رک بہ اسلام .

* **دین الٰہی** : [یا دین الٰہی اکبر شاہی]، جسے ہندوستان کے مغل شہنشاہ اکبر نے ۹۸۹ھ/۱۵۸۱ء میں جاری کیا ۔ اخلاقی اعتبار سے [بظاہر] دین الٰہی میں نفس پرستی، غبن، فریب، غیبت، جبر، تعدّی، تخویف اور تکبر کی ممانعت تھی ۔ ان میں جین مت کے عقیدۂ اھمسا اور کیتھولک عیسائیوں کی تجرّد پسندی کا اضافہ کیا گیا ۔ دین الٰہی میں جن دس فضائل کی تاکید کی جاتی تھی، ان میں سے نو غالباً براہ راست قرآن مجید سے مأخوذ تھے : کشادہ نظری، اعمال بد سے اجتناب اور غیظ کو حلم سے دبانا، تشدّد آمیز مادّی مشاغل سے پرہیز، پرہیزگاری، تقوٰی، زھد، احتیاط، نرمی، شفقت؛ دسویں فضیلت یہ تھی کہ صوفیہ کے طریق پر آرزوے الٰہی کے ذریعے تزکیۂ نفس کیا جائے ۔ مذہبی رسوم کے اعتبار سے اسے ایک طرح کی "شمسی توحید" کہا جا سکتا ہے، جس میں نور، شمس اور نار پر مبالغے کی حد تک زور دیا جاتا تھا؛ اس سے اوّلاً زرتشتی، ثانیاً ہندوانہ اور صوفیانہ اثرات کا پتا چلتا ہے .

دور اکبری پر راسخ العقیدہ مسلمانوں کی تنقید کا ھدف زیادہ تر یہ بات ٹھیرتی ہے کہ شہنشاہ کو بالواسطہ طور پر نبی بلکہ خدا کا درجہ دے دیا گیا تھا، چنانچہ اس کے تمام مرید آپس میں ملتے وقت "اللّٰہ اکبر" اور "جلّ جلالہ" کہہ کر سلام کرتے تھے ۔ یہ کلمات اگرچہ صوفیانہ ذکر کے اکثر اوراد میں آتے ھیں، تاہم ان میں اکبر کے نام کی طرف ایک خوشامدانہ اشارہ بھی پایا جاتا تھا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اکبر اپنے مذہب میں شامل ہونے والوں کو یہ کہہ کر باز رکھنے کی کوشش کرتا تھا کہ "خود ہدایت پانے سے پہلے میں کسی کو ہدایت کیسے دے سکتا ہوں"؟ اس کے مریدوں کی تعداد انیس سے آگے نہیں بڑھی ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اکبر دین الٰہی کو ایک روحانی کلب Club تصور کرتا تھا، جو ان منتخب درباریوں تک محدود تھی جن کی وفاداری نے اس کی حوصلہ افزائیوں سے شہ پاکر ایک مخفی اور غیر شرعی شخصیت پرستی کی صورت اختیار کر لی تھی ۔ دین الٰہی میں نہ تو

marfat.com
Marfat.com

کسی الہامی کتاب کے نازل ہونے کا دعوٰی کیا گیا، نہ اس سے مذہبی پیشواؤں کے کسی سلسلے کا آغاز ہوا ۔ عبداللہ خان ازبک [رک باں] کے ساتھ سیاسی خط و کتابت کے دوران میں اکبر کی حمایت میں کہا گیا ہے کہ اس کا مذہبی عقیدہ دراصل عقلیت پر مبنی ہے اور اکبر مسلمان ہونے کی حیثیت سے اسلام کی تصدیق کرتا ہے اور اس امر کی تردید کی گئی ہے کہ اس نے نبی یا خدا ہونے کا دعوٰی کیا ۔ دوسری طرف ابوالفضل نے اکبر کا ایک اعتراف بھی نقل کیا ہے جس کی رو سے اکبر نے کم از کم مجازاً اور کنایۃً ترک اسلام کا اقرار کیا تھا ۔

اگرچہ انتخاب عقائد میں دین الٰہی دیگر ادیان سے متأثر ہے، لیکن اس کے بنیادی ارکان شرعی اور غیر شرعی تصوف کے مختلف سلسلوں سے لیے گئے ہیں ۔ اس دین میں روشنی کا جو بار بار ذکر آتا ہے، وہ اس نظریۂ نور کی مبالغہ آمیز صورت ہے جس پر سلسلۂ سہروردیہ میں بہت زور دیا جاتا تھا ۔ اکبر کی ذات کی پرستش کا سرچشمہ "انسان کامل" کے بارے میں ابن العربی [رک بہ ابن العربی، ابوبکر محمد بن عبداللہ و رک بہ انسان کامل] اور الجیلی کے نظریات ہیں ۔ سلام کرتے وقت شہنشاہ کے نام کا استعمال دراصل صوفیہ کے ایک مقبول کلمۂ ذکر کی غیر شرعی صورت تھی ۔ مرید کی بیعت لیتے وقت جو رسوم ادا کی جاتی تھیں، وہ چشتیہ طریقے پر مبنی تھیں [دیکھیے آئندہ سطور] ۔

سورج اور آگ سے متعلق مذہبی رسوم کے بعض آداب، بالخصوص ایک زمانے میں اکبر کا سنسکرت میں سورج کے ایک ہزار نام جپنا، ہندو مذہب کے اثرات کی طرف اشارہ کرتے ہیں؛ لیکن یہاں یہ امر قابل غور ہے کہ ٹھیٹھ ہندو دھرم یا بھگتی تحریک سے بہت کم باتیں اخذ کی گئیں ۔ دین الٰہی کو صرف ایک ہندو راجا بیربل نے قبول کیا تھا، مگر بھگوان داس اور مان سنگھ جیسے اکبر کے معتمد منصب دار اس کے مخالف تھے ۔

[دین الٰہی کی تشکیل میں جو محرکات کارفرما تھے ان میں ملکی مصالح کو سب سے زیادہ اہمیت دی جا سکتی ہے ۔ اکبر ہندوستان میں ایک عظیم الشان اور مستحکم سلطنت قائم کرنا چاہتا تھا، لیکن علماء، بالخصوص مخدوم الملک اور صدرالصدور اس قدر با اثر اور مقتدر ہو چکے تھے کہ ملک کے جملہ فوجداری اور دیوانی معاملات ان کی رائے کے مطابق طے پاتے تھے ۔ اس میں شک نہیں کہ اپنے منصب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ اپنی من مانی بھی کرنے لگے تھے اور انھوں نے نہ صرف جلب زر و منفعت کو اپنا شیوہ بنا لیا تھا، بلکہ حسب ضرورت فقہی مسائل میں بھی رد و بدل کرنا شروع کر دیا تھا، تاہم ان کے یہ نقائص اور کمزوریاں ضمنی اور ثانوی حیثیت کی تھیں ۔ اصل مسئلہ یہ تھا کہ بادشاہ مختار بالذات ہے یا علما کے فتووں کا پابند ؟ ایک اعتبار سے یہ ارباب شرع اور حکومت کی کشمکش بھی تھی، جس میں بالآخر حکومت کا پلہ بھاری رہا ۔ عبداللہ خان ازبک کے نام اکبر کے مذکورۂ بالا خط میں علما کی مخالفت کا ان الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے : "می خواهند که در فرمانروائی و کارگزاری شریک بادشاهی باشند" (دیکھیے رود کوثر، ص ۹۴، ۹۵) ۔

پھر یہ بھی ملکی مصالح کا تقاضا تھا کہ (۱) سُنّی افغانوں کے مقابلے میں، جن کے ہاتھوں ہمایوں کو ملک بدر اور جن کے ساتھ اکبر کو اپنے ابتدائے عہد میں قدم قدم پر نبرد آزما ہونا پڑا تھا، شیعی ایرانیوں کی حوصلہ افزائی کی جائے، جن کی مدد سے ہندوستان میں مغلیہ حکومت دوبارہ قائم ہو سکی تھی ۔ برصغیر میں مروجہ فقہ اسلامی سے اکبر نے شروع شروع میں جو روگردانی کی، اس کا ایک باعث یہ اثرات بھی قرار دیے جا سکتے ہیں؛ (۲) ملک کی اکثریت اسے ایک

Marfat.com

غیر ملکی فاتح نہیں، بلکہ اپنی ہی برادری کا فرد سمجھیں۔ جزیے کی معافی، یاتریوں کے محاصل کی موقوفی، راجپوت راجاؤں کے ساتھ رشتے ناتے اور ان کا اعلیٰ ترین مناصب پر تقرر، یہ سب اسی لیے تھا کہ ہندوؤں کی دلداری کی جائے تاکہ وہ ہمیشہ کے لیے حکومت کے وفادار بن جائیں ۔ بد قسمتی سے اس کی یہ حکمت عملی صرف دُنیوی امور تک محدود نہ رہی بلکہ اس کے مذہبی امور و عقائد کو بھی متأثر کر گئی ۔

ابتدا میں اکبر ایک سیدھا سادہ خوش عقیدہ مسلمان تھا ۔ وہ علما، مشائخ اور صوفیہ کا بے حد احترام کرتا تھا اور علمی و مذہبی حقائق کا جویا رہتا تھا، چنانچہ اس نے شیخ سلیم چشتیؒ کی خانقاہ کے قریب ایک عظیم الشان "عبادت خانہ" تعمیر کرایا، جس میں مسلمانوں کے تمام فرقوں کے علاوہ دیگر مذاہب کے علما اور پیشوا بھی جمع ہوتے اور بادشاہ کے سامنے مختلف مسائل پر آزادانہ بحث و تمحیص کرتے ۔ وہ کچھ ایسا پڑھا لکھا نہ تھا کہ ذاتی طور پر کسی کتاب کا مطالعہ یا کسی امر کی تحقیق کرنے پر قادر ہوتا، البتہ جو سنتا اسے دماغ میں بٹھا لیتا ۔ ان مجالس میں اسے محسوس ہوا کہ علما ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے کج بحثی اور بہتان طرازی پر اتر آتے ہیں ۔ اکثر ایسا بھی ہوا کہ ایک نے کسی بات کو حرام قرار دیا تو دوسرے نے اسے حلال ٹھیرا دیا ۔ مختلف فرقوں اور مذاہب کے نظریات سنتے سنتے اکبر کے اعتقادات میں پہلے ہی سے لغزش پیدا ہو چلی تھی، علما کے اس رویے نے اسے صرف انھیں سے نہیں بلکہ اس مذہب سے بھی بد گمان کر دیا جس کی نمائندگی کے وہ مدعی تھے ۔ اس پر مستزاد یہ کہ اسی زمانے میں شیخ مبارک اور اس کے بیٹوں، فیضی اور ابوالفضل، کو بادشاہ کا تقرب حاصل ہو گیا ۔ وہ اپنی "آزاد خیالی" کے باعث علما کے ہاتھوں بہت تکلیفیں جھیل چکے تھے، اب ان کا زور توڑنے کے لیے انھوں نے ایک محضر تیار کیا، جس کی رو سے اکبر کو سلطان عادل قرار دیتے ہوئے اسے مختلف فیہ دینی مسائل میں اجتہاد کے وسیع اختیارات دے دیے اور اس پر اکثر علما کے دستخط بھی ثبت کرا لیے ۔ اگرچہ محضر میں اس کی تصریح موجود تھی کہ بادشاہ ان اختیارات سے صرف ایسے امور میں کام لے گا جو نص کے خلاف نہ ہوں اور عوام کی بہبود کا باعث ہوں، تاہم ایک ایسے دور میں جبکہ مہدویت اور بھگتی تحریک کی مقبولیت اور آزاد صوفیانہ طریقوں کی ترویج سے ملک میں ایک روحانی انتشار رونما ہو چکا تھا اور دربار میں ظل الٰہی کے ہر ارشاد کی از روے کتاب و سنت تاویلات پیش کرنے والے بھی موجود تھے تو نص شرعی کے سراسر خلاف بدعات کا رواج پانا باعث حیرت نہیں ہونا چاہیے؛ بقول شیخ احمد سرہندی : "ہر فتورے کہ دریں زمان در ترویج ملت و دین ظاہر گشتہ از شومی علماے سوء است" (بحوالہ ابوالکلام آزاد : تذکرہ، ص ۲۱).

عبادت خانے کی مجالس اور ابوالفضل جیسے ندیموں کی بدولت اکبر کے دل میں یہ خیال راسخ ہو گیا کہ سچائی کسی ایک مذہب کا اجارہ نہیں، بلکہ ہر مذہب میں اچھی اچھی باتیں موجود ہیں اور اس معاملے میں اسلام کو کوئی برتری نہیں دی جا سکتی ۔ اس رجحان کو دیکھ کر ہندو پنڈتوں اورمسیحی پادریوں کو اسلام، شارع اسلام اور شعائر اسلام کے خلاف زبان درازی کا موقع مل گیا ۔ ان مجالس کی ابتدا تو بے لاگ تحقیقات سے ہوئی تھی اور بادشاہ کی کوشش یہ تھی کہ ہر مذہب کے عقائد و شعائر معلوم کیے جائیں، لیکن کچھ تو مخالف مولویوں کی ضد میں، کچھ اپنی ہندو رانیوں کی دلدہی اور راجپوت راجاؤں کی تألیف قلوب اور کچھ ابوالفضل جیسے مشیروں کے زیر اثر نوبت یہاں تک پہنچی کہ بقول بداؤنی ارکان دین اور اسلامی عقائد کے متعلق پہلے تو شکوک و شبہات کا اظہار کیا گیا، پھر نماز، روزہ اور ان سب باتوں کو جن کا تعلق نبوت

marfat.com
Marfat.com

سے ہے، تقلیدات کا نام دے دیا گیا ۔ اس سلسلے میں ابوالفضل : آئین اکبری، باب آئین رہنمونی میں بھی بعض واضح اشارات ملتے ہیں ۔ اکبر شروع شروع میں سنّیوں کی ضد میں شیعیوں اور ایسے صوفیوں کی طرف مائل ہوا تھا جو عقائد میں نسبةً آزاد اور بے باک تھے، لیکن جب تعریض کی نوبت ائمۂ اربعہ سے گزر کر ائمہ اثنا عشر اور انبیا تک پہنچی تو یہ بھی پیچھے ہٹ گئے اور انھیں بھی تقلید کا ملزم ٹھیرا دیا گیا ۔ یہی حال پارسی موبدوں اور پرتگیز پادریوں کا ہوا، جنھیں ایک زمانے میں یہ خیال ہو چلا تھا کہ اکبر ان کا مذہب قبول کر لے گا ۔ در اصل بادشاہ اور اس کے مشیر ہر مذہب کو اپنے علم و عقل کی کسوٹی پر کستے تھے اور جو چیز ان کی سمجھ میں نہ آتی (جیسے حشر و نشر، وحی و رسالت وغیرہ) اسے بے تکاف رد کر دیتے چونکہ تحقیق کرنے والا ایک مطلق العنان بادشاہ تھا، اس لیے اکثر لوگ اپنے ذاتی مفادات کے پیش نظر ریا کاری سے اور بادشاہ کے میلان کے مطابق سخن سازی سے کام لیتے .

یہاں یہ امر خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ ہندوؤں کے دل جیتنے کے لیے اکبر تمام حدود سے تجاوز کر گیا تھا اور اس نے ایسی رسوم اختیار اور رائج کیں جو سراسر ہندوانہ تویں اور شریعت کے منافی، مثلاً ذبیحۂ گاؤ کی ممانعت، جھروکہ درشن، داڑھی منڈوانا، بھدرا کروانا، قشقہ لگانا، اور ہندو رانیوں کے ساتھ مل کر ان کی مذہبی رسموں میں حصہ لینا ۔ اسے خواہ سیاسی مصلحت بینی ہی سے تعبیر کیوں نہ کیا جائے لیکن اس سے انکار ممکن نہیں کہ اس حکمت عملی کے نتائج وعواقب برصغیر میں اسلام اور پیروان اسلام کے لیے سخت مہلک ثابت ہوے ۔ دربار کی اس روش سے ملک میں بے چینی پھیلنا ایک قدرتی امر تھا، چنانچہ ملا محمد یزدی نے فتوٰی دے دیا کہ بادشاہ بد مذہب ہو گیا ہے اور اس کے خلاف جہاد واجب ہے ۔ قطب الدین کوکہ

اور شہباز خان کنبوہ جیسے امرا نے جرأت سے کام لے کر اکبر کو سمجھانے کی کوشش کی اور مرزا حکیم نے علم بغاوت بلند کیا، لیکن بادشاہ پر کوئی اثر نہ ہوا اور یکے بعد دیگرے تمام مخالفین ترغیب و تخویف یا تشدد کا نشانہ بن گئے ۔ ادھر حاشیہ نشینوں نے یہ بات اڑا دی کہ بعثت نبوی پر ایک ہزار سال گزر جانے کے بعد اسلامی شریعت کی عمر پوری ہو چکی ہے، لہٰذا ایک نئے دین اور ایک نئے شارع کی ضرورت ہے اور اس منصب کے لیے اکبر ہی سزاوار ہے ۔ اس کی تصدیق میں طرح طرح کی جھوٹی سچی پیشگوئیاں، اقوال اور اشعار پیش کیے گئے اور بالآخر دین الٰہی اکبر شاہی کا اعلان کر دیا گیا .

جو لوگ اس دین میں داخل ہوتے تھے انھیں بیعت کرتے وقت کلمۂ "لا الٰہ الا اللہ ۔ اکبر خلیفة اللہ" کے ساتھ دین اسلام مجازی و تقلیدی (یعنی جو باپ دادا سے دیکھا سنا تھا) سے علٰحدگی اور اخلاص چہارگانہ (یعنی ترک مال، ترک جان، ترک ناموس، ترک دین) کا اقرار کرنا پڑتا تھا ۔ ان مریدوں کو جوگیوں کی اصطلاح میں چیلہ کہا جاتا تھا ۔ بادشاہ کی طرف سے انھیں زنار یا انگشتری "جس پر اسم اعظم و نقش اللہ اکبر کندہ ہوتا تھا" (آئین اکبری) اور بطور شجرہ بادشاہ کی تصویر عطا ہوتی تھی، جسے وہ مرصع غلاف میں رکھ کر دستار میں لگاتے تھے (منتخب التواریخ) اس دین کے عقائد و عبادات کے بیان میں ابوالفضل نے انتہائی ابہام اور اجمال سے کام لیا ہے، البتہ بداؤنی کے ہاں بڑی تفصیل ملتی ہے ۔ وہ لکھتا ہے کہ بادشاہ نے علی الاعلان اسلام کی مخالفت شروع کر دی ؛ وہ قرآن کا منکر ہو گیا اور وحی، حیات بعدالموت اور یوم جزا کا انکار کرنے لگا ؛ اس کے برعکس وہ آفتاب پرستی اور مسئلۂ تناسخ کا قائل ہو گیا ؛ علاوہ ازیں سجدۂ تعظیمی پر زور دیا گیا؛ شراب حلال کی گئی؛ سور کا گوشت شراب کا جزو بن گیا؛ جزیہ موقوف کر

Marfat.com

دیا گیا؛ سود اور جوے کی حلّت کا اعلان ہوا؛ صوم و صلوٰۃ اور حج منسوخ کر دیے گئے؛ دیوان حکومت میں اذان اور نماز باجماعت موقوف ہوگئی؛ عربی کے مطالعے کو بہ نظر تحقیر دیکھا جانے لگا اور فقہ و تفسیر و حدیث کے بجاے نجوم و طب اور حساب و فلسفہ کی تعلیم رائج کی گئی؛ تقویم اسلامی کے بجاے الٰہی ماہ و سال رائج کیے گئے؛ "صلح کل" کی آڑ میں ہندوؤں کو اجازت مل گئی کہ وہ رمضان میں علی الاعلان کھائیں پئیں ، لیکن جب ہندو برت رکھیں تو مسلمان علانیہ کھانے پینے سے باز رہیں؛ بعض مقامات پر عیدالاضحٰی کے موقع پر گاے ذبح کرنے کی پاداش میں مسلمانوں کی جان لی گئی؛ بعض مقامات پر ہندوؤں نے مساجد کو منہدم کرکے مندر بنا لیے، وغیرہ وغیرہ ۔ بعض مؤرخین کی راے میں بداؤنی کے یہ بیانات اکبر اور ابوالفضل سے اس کی ذاتی مخالفت پر مبنی ہیں اور اس مخالفت سے کسی صورت انکار بھی نہیں کیا جا سکتا ۔ بایں ہمہ عہد جہانگیری کے ابتدائی ایام میں حضرت شیخ احمد سرہندیؒ نے، جن کے ہاتھوں سر زمین ہند میں شریعت اسلامی کا احیا عمل میں آیا، شیخ فرید بخاری کے نام اپنے مکتوب میں دور اکبری پر جو تبصرہ کیا ہے اس سے پتا چلتا ہے کہ بداؤنی کا بیان صداقت سے سراسر خالی بھی نہیں ہے ۔ وہ لکھتے ہیں : "گزشتہ زمانے میں کافر غالب ہو کر دارالاسلام میں کفر کے احکام جاری کرتے تھے اور مسلمان اسلام کے احکام جاری کرنے سے عاجز و مجبور تھے اور اگر کرتے تو قتل کیے جاتے ۔ ہاے افسوس؛ حق تعالٰی کے محبوب نبیؐ کریم کی تصدیق کرنے والے ذلیل تھے اور ان کے منکر معزز تھے ۔ مسلمان زخمی داوں کے ساتھ اسلام کا ماتم کرتے تو دشمن تمسخر کر کے ان کے زخموں پر نمک پاشی کرتے ۔ ہدایت کا آفتاب گمراہی کے حجاب میں مستور تھا" (مکتوبات امام ربانی، ۱ : ۴۷؛ نیز دیکھیے ۱ : ۸۱، ۱۹۵ و ۲ : مکتوب ۲۹)].

زمانۂ حال کے محققین کے ہاں یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ دین الٰہی کو اسلام سے ارتداد تصور کرنے کے بجاے دائرۂ اسلام ہی کے اندر ایک غیر شرعی فرقے کی حیثیت دی جائے [لیکن مجدد سرہندیؒ کے ملفوظات کی روشنی میں اس راے کو قبول کرنے میں تأمل ہوتا ہے .

بہر حال اکبر کے حق میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ مروّجہ اسلام کے دائرے سے باہر آ جانے کے باوجود اس نے علی الاعلان خدا یا نبی ہونے کا دعوٰی نہیں کیا اور نہ کسی کو اپنا نیا مذہب قبول کرنے پر مجبور کیا ۔ ۱۰۰۱ھ میں شیخ مبارک اور ۱۰۰۴ھ میں فیضی کے انتقال کے بعد اس نو ساختہ دین کے دو بڑے ستون گر پڑے ۔ ۱۰۰۷ھ میں ابوالفضل دکن کی مہمات پر بھیج دیا گیا تو دربار میں دین الٰہی کی سرگرمیاں مدھم پڑ گئیں اور بقول جہانگیر ابوالفضل کے خاتمے (۱۰۱۱ھ) کے بعد اکبر کی بد اعتقادی کا بھی خاتمہ ہو گیا اور وہ ایک پاک عقیدہ مسلمان کی طرح دنیا سے خدا کے حضور میں گیا ۔ اگرچہ اکبر کی وفات کے ساتھ دین الٰہی کا خاتمہ ہو گیا لیکن اس کی بدولت ملک کے اندر بے دینی اور بدعت کی جو رو چل نکلی تھی، وہ دور جہانگیری میں بھی ایک عرصے تک جاری رہی] ۔ اس کے خلاف راسخ العقیدہ مسلمانوں کی طرف سے نہایت شدید رد عمل کا اظہار ہوا، جس کی نمائندگی نقشبندیہ تصوف میں حضرت شیخ احمد سرہندی نے اور علوم دینیہ میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے کی .

**مآخذ** : (۱) ابوالفضل علامی : آئین اکبری، ج ۱ (انگریزی ترجمہ از بلوخمن)، کلکتہ ۱۹۲۷ء، ص ۵۰ تا ۵۸، ۶۳، ۱۱۰ تا ۱۱۵، ۱۵۷ تا ۱۷۶ و ج ۲ (ترجمہ از جیرٹ)، کلکتہ ۱۸۹۱ء، ص ۳۰ و ج ۳ (ترجمہ از جیرٹ) کلکتہ ۱۹۴۸ء، ص ۴۲۶ تا ۴۴۹؛ (۲) وہی مصنف :

marfat.com
Marfat.com

مکتوبات، لکھنؤ ۱۸٦۳ء، ۳ : ۲٦؛ (۳) بداؤنی : منتخب التواریخ، کلکتہ ۱۸٦۸ - ۱۸٦۹ء، ۲ : ۲۰۰ تا ۲۰۸، ۲۵۵ تا ۲۸۷، ۳۰۱ تا ۳۲٦، ۳۳٦ تا ۳۳۹، ۳۵٦، ۳۹۱ تا ۳۹۲، ۳۹۹؛ (۴) محسن فانی : دبستان مذاہب (انگریزی ترجمہ از D. Shea و A. Troyer)، پیرس ۱۸۴۳ء، ۳ : ۴۸ تا ۱۰۵؛ (۵) عنایت خان راسخ : عنایت نامہ، مخطوطہ، انڈیا آفس، عدد ۹۴۵ فارسی، ورق ۲۰۔ب تا ۲۱۔الف؛ (٦) V A. Smith : *Akbar the Great Mogul*، آوکسفرڈ ۱۹۲۷ء، ص ۲۰۹ تا ۲۲۲، ۲۳۷؛ (۷) F. W. Buckler : *A New interpretation of Akbar's "infallibility" decree of 1579*، در *JRAS*، ۱۹۲۴ء، ص ۵۹۱ تا ۶۰۸؛ (۸) سری رام شرما : *The religious policy of the Mughal Emperors*، آوکسفرڈ ۱۹۴۰ء، ص ۱۸ تا ٦۸؛ (۹) مکھن لال راے چودھری: *The Din-i-Ilahi*، کلکتہ ۱۹۴۱ء؛ (۱۰) شیخ محمد اکرام : رود کوثر، مطبوعۂ کراچی، ص ۷۴ تا ۸۲؛ (۱۱) B. Wellesz : *Akbar's religious thoughts reflected in Mogul Painting*، لنڈن ۱۹۵۲ء؛ (۱۲) Y. Hikmet Bayur : *L' Essai de réforme religiense et sociale d'Ekler Gurken*، در *Belletin*، ۲ (۱۹۳۸ء) : ۱۲۷ تا ۱۸۵؛ (۱۳) عزیز احمد : *Akbar, heretique or apostat?*، در *JA*، ۱۹٦۱ء، ص ۲۱ تا ۳۸؛ (۱۴) Correia Afono : *Father Xavier and the Muslims of the Mughal Emperor*، ۱۹۵۷ء؛ نیز دیکھیے (۱۵) ابوالفضل : اکبر نامہ، ۳ جلد، کلکتہ ۱۸۷۷ء تا ۱۸۸٦ء؛ (۱٦) محمد میاں : علماے ہند کا شاندار ماضی، دہلی ۱۹۵۸ء، ص ۱٦ ببعد؛ (۱۷) سید ہاشمی فرید آبادی : تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت، مطبوعۂ کراچی، ص ۵۲۴ ببعد؛ (۱۸) مجلّہ الفرقان، بریلی، مجدد الف ثانی نمبر و شاہ ولی اللہ نمبر؛ (۱۹) محمد فرمان : حیات مجدد، لاہور ۱۹۵۸ء؛ (۲۰) محمد حسین آزاد : دربار اکبری؛ (۲۱) اسلم قریشی : دین الٰہی؛ (۲۲) حسن علی: تعلیمات مجددیہ؛ نیز دیکھیے مآخذ بذیل مادہ ہای (شیخ) احمد سرہندی، ابوالفضل، اکبر وغیرہ).

(عزیز احمد [و ادارہ])

* ⊗ **دِیناج پور** : مشرق پاکستان کا ایک ضلع، آبادی (۱۹۵۱ء میں) ۱۳۵۴۴۳۲.

۱۹۴۷ء میں یہ ضلع تقسیم ہو گیا اور اس کا جنوبی حصہ بھارت میں شامل کر دیا گیا.

**مآخذ** : (۱) *Eastern Bengal District Dinadjpur Gazetteer*، الہ آباد ۱۹۱۲ء؛ (۲) A. Cunningham : *ASI*، ج ۱۵، کلکتہ ۱۸۸۲ء؛ (۳) G.H. Damant : *Notes on Shāh Ismā'il Ghāzī, with a sketch of the contents of a Persian Ms. Risālat ush-Shuhadā*، در *JASB*، ۱۸۷۴ء؛ (۴) A. H. Dani : *The House of Rādjā Ganessa of Bengal*، در *JASB*، ۱۹۵۲ء؛ (۵) وہی مصنف : *Bibliography of the Muslim inscriptions of Bengal*، ڈھاکہ ۱۹۵۷ء.

(A. H. Dani [تلخیص از ادارہ])

* **دِینار** : (جمع دنانیر) ابتداے اسلام میں ایک طلائی سکے کا نام - یہ لفظ یونانی کلمہ δηναιογ (لاطینی denarius) سے ماخوذ ہے، جو در اصل چاندی کے ایک سکے کا نام تھا، لیکن عہد قسطنطینی کے بعد کے زمانے میں یہ صولدیوس Solidus، دیناریوس اوریوس denarius aureus یا νομισμα/χρυσοῦν کے مترادف کے طور پر استعمال ہوتا رہا - عرب ظہور اسلام سے پہلے اس لفظ سے اور رومی و بوزنطی طلائی سکے سے بخوبی مانوس تھے (قرآن مجید ۳ [آل عمران] : ۷۵؛ نیز دیکھیے J. Stepková، در *Numismatický Sborník*، ۳ (۱۹۵٦ء) : ٦۵).

قدیم ترین عربی دینار پر کوئی تاریخ درج نہیں، لیکن اسے نواح ۷۲ھ/٦۹۱ - ٦۹۲ء سے منسوب کیا جاتا ہے اور یہ بات قریب قریب پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ یہ دمشق میں مضروب ہوا تھا - یہ ہرقل اور اس کے دو بیٹوں کے

Marfat.com

عہد کے صولدیوس Solidus کی نقل ہے، لیکن اس کی مخصوص مسیحی علامات حذف کر کے ان کے بجاے عربی زبان میں ایک مذہبی عبارت کندہ کر دی گئی ہے ۔ جب عبدالملک نے سکوں کی اصلاح کی تو اس کا دینار کی شکل و صورت پر بڑا گہرا اثر پڑا؛ چنانچہ چند شاذ مستثنیات سے قطع نظر اس پر صرف عبارت باقی رہ گئی ۔ شمالی افریقہ اور اندلس کے دینار (قوق) کی اپنی ایک الگ تاریخ ہے : تقریباً ۸۵ھ/۷۰۴ء سے پہلے دینار اور اس کے مکسور سکے ہرقل کے قرطاجنی صولدیوس کی نقل تھے، لیکن ان پر اسلامی عبارات کا مختصر لاطینی ترجمہ درج کیا جاتا تھا ۔ بعد ازاں ۹۵ھ/۷۱۲ - ۷۱۴ء تک شبیہیں خارج رہیں اور تاریخ ضرب بعض اوقات قسطنطینی تقویم کے مطابق لکھی جاتی رہی ۔ ۹۵ھ سے ہجری تاریخیں درج ہونے لگیں اور ۹۷ھ/۷۱۵ - ۷۱۶ء میں دو زبانوں میں عبارات لکھی جانے لگیں اور پھر نئی صدی کے آغاز ہی سے افریقیة (قیروان) اور الاندلس (قرطبہ) دونوں جگہ خالص عربی نمونے کے دینار جاری ہوگئے، جو صرف معمولی جزئیات کے اعتبار سے بلاد مشرق کے اصلاح شدہ دیناروں سے مختلف تھے ۔ طلائی سکوں کا ضرب ہونا الاندلس میں ۱۰۶ھ/۷۲۴ - ۷۲۵ء میں بند ہوگیا (۱۲۷ھ/۷۴۴-۷۴۵ء میں بے قاعدہ ضرب کیے ہوے سکے، جو جاری بھی نہیں ہوے، اس سلسلے میں واحد استثنا ہیں) اور ۳۱۷ھ/۹۲۹ء تک، جو عبدالرحمٰن الثالث کا عہد ہے، اس کا دوبارہ اجرا نہ ہو سکا ۔

قدیم عبوری دینار کا معیاری وزن وہی تھا جو بوزنطی صولدیوس کا تھا، یعنی تقریباً ۴٫۵۵ گرام ۔ عبدالملک کی اصلاحات کے بعد اس کا وزن گھٹا کر ۴٫۲۵ گرام کر دیا گیا ۔ اس وزن کی تصدیق نہ صرف دیناروں کے اوزان سے ہوتی ہے، جو بڑی احتیاط سے محفوظ رکھے گئے ہیں، بلکہ مصری دینار اور اس کے مکسور سکوں کے شیشے کے بنے ہوے باٹوں سے بھی، جو پہلی صدی ہجری کے آخر سے دوسری صدی ہجری کے آخر تک مروج رہے ۔ دور اصلاحات کے بعد کے دیناروں کے وزن کی کمی کا باعث یہ تھا کہ مثقال (یعنی دینار) کا وزن نئے سرے سے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ۔ اب یہ ۲۰ شامی ۔ عربی قیراط = ۰.۱۲۵ گرام کے مساوی تھا ۔ یہ مساوات ۲۱ ۳/۷ قیراط یا "کچھ کسر کم ۲۲ قیراط" ایسے بے ڈھنگے اعداد کے مقابلے میں سہل تھی جو ظہور اسلام سے پہلے عربوں کے ہاں مثقال کا وزن بتانے میں استعمال ہوتے تھے ۔ اس میں شک نہیں کہ یہ اٹیکی درہم پر مبنی تھا، جس کا وزن نظری اعتبار سے ۴٫۳۷ گرام تھا، لیکن فی الحقیقت عرب میں جو اٹیکی درہم مروج تھے، ان کا وزن اس سے کسی قدر کم تھا ۔ عالم اسلام کے بیشتر حصوں میں چوتھی صدی ہجری تک اگرچہ عام طور پر دینار کا معیاری وزن برقرار رکھا گیا، تاہم بعد ازاں وزن کے لحاظ سے اور کھرے ہونے کے اعتبار سے انتہائی بے قاعدگیاں ہونے لگیں ۔ بہر حال ان ادائیوں کے سوا، جو ایسے سکوں کی سربمہر تھیلیوں (صُرّة) میں ہوتی تھیں جن کے وزن اور کھرے ہونے کی ضمانت دی جاتی تھی، دینار کا لین دین گنتی کے حساب سے نہیں بلکہ وزن کے اعتبار سے ہوتا تھا ۔

آدھا دینار (نصف، Semissis) اور تہائی دینار (ثلث، tremisses) شمالی افریقہ اور اندلس میں عبوری دور اور دوسری صدی ہجری / آٹھویں صدی عیسوی کے اوائل میں مضروب ہوے اور ان مکسور سکوں کے مساوی الوزن (۲٫۱۲ اور ۱٫۴۱ گرام) شیشے کے باٹ اس صدی کے تیسرے ربع تک جاری رہے ۔ چوتھائی دینار (ربع) تیسری صدی ہجری کے اوائل میں شمالی افریقہ میں بنو اغلب نے جاری کیا اور بعد ازاں بنو فاطمہ نے اسے شمالی افریقہ اور صقلیہ، دونوں

marfat.com
Marfat.com

ملکوں میں بکثرت رائج کیا ۔ صقلیہ میں آگے چل کر یہ tari d'oro کے نام سے مشہور ہوا ۔ اسی طرح اسے اندلس میں عبدالرحمٰن الثالث اور اس کے جانشینوں نے اور بعض ملوک الطوائف نے جاری کیا ۔

جہاں تک کھرے پن کا تعلق ہے، ابتدائی دور کے دینار کا معیار بہت بلند تھا ۔ دور اصلاحات کے بعد کا اموی دینار ۹۶ فی صد اور ۹۸ فی صد کے درمیان کھرا ہوتا تھا اور کم و بیش یہی معیار عہد بنی امیہ میں بھی قائم رہا ۔ اس سلسلے میں جو ادوار مستثنی قرار دیے جا سکتے ہیں وہ الامین اور المأمون کی باھمی خانہ جنگی کے ایام، مصر میں بنی طولون کے خاتمے اور اخشیدی خاندان کی حکومت کے آغاز کا درمیانی عرصہ اور بغداد میں آل بویہ کا عہد ہے ۔ ان کے مقابلے میں خلیفہ الناصر اور اس کے جانشینوں نے جو سکے اپنے نام پر دور خلافت کے آخری ایام میں بغداد میں دوبارہ ضرب کرانے شروع کیے تھے ان کے سونے میں بہت کم کھوٹ تھی، پھر بھی یہ پرانے سکوں کے معیار سے خاصے گرے ہوے تھے ۔ بنو فاطمہ کے عہد میں مصر میں ان کا معیار بڑھ کر ۹۸ فی صد ہو گیا بلکہ الآمر کے دور میں یہ ۱۰۰ فی صد کے قریب قریب پہنچ گیا ۔ صلاح الدّین کے عہد میں یہ ۹۰ فی صد سے بھی گھٹ گیا، لیکن اس کے جانشینوں خصوصاً الکامل کے عہد میں یہ دوبارہ بڑھ کر ۹۸ سے ۱۰۰ فی صد تک ہو گیا ۔ ابن بعرۃ ۶۱۵ اور ۶۳۵ھ کے مابین لکھتا ہے: "مغرب میں یا مشرق میں کوئی دینار معیار کے لحاظ سے الآمر الکامل کے دینار سے بازی نہیں لے جا سکا" ۔ بلاد مشرق میں اپنے دور انحطاط میں دینار کے کھرے پن کے بارے میں قابل اعتماد اعداد و شمار نہیں ملتے (غزنویہ، سلاجقہ، خوارزم شاھیہ وغیرہ)، لیکن اس عہد کے جو سکے محفوظ ھیں انھیں دیکھنے سے، نیز پانچویں اور چھٹی صدی ھجری میں مشرقی خراسان سے متعلق جو محدود فنی معلومات دستیاب ہوتی ھیں ان کے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ھے کہ ان میں ملاوٹ گھٹیا درجے کی دھاتوں کی ھے، جن میں چاندی کی اچھی خاصی مقدار موجود ھے ۔ یہ کھوٹ ملوک الطوائف کے اندلسی سکوں میں بھی پائی جاتی ھے ۔ عہد مغول اور دور مابعد میں مشرق ایران اور ماوراء النہر میں چاندی اور تانبے کے دیناروں کا بھی پتا چلتا ھے (دیکھیے V. Schrötter : کتاب مذکور در مآخذ) .

دینار کی مختلف مکسور سکوں میں تقسیم کے بارے میں رک بہ دانق، قیراط، حبّۃ، بذیل مادۂ "سکہ" .

ظاھری وضع کے اعتبار سے خلفا اور بیشتر خود مختار شاھی خانوادوں کے دیناروں میں بڑا معمولی اختلاف نظر آتا ھے ۔ ابتدائی سکّوں پر کلمۂ شہادت اور سورۃ الاخلاص کا ایک حصہ درج کیا جاتا تھا اور مدور حاشیوں پر "مقصد نبوت" [القرآن التوبہ] : ۳۳) هُوَالَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ [=اسی نے بھیجا اپنے رسول کو ھدایت اور سچا دین دے کر تاکہ اس کو غلبہ دے دین پر اور پڑے برا مانیں مشرک (۹ [التوبۃ] : ۳۳)]؛ نیز ایک عبارت جس میں تاریخ ضرب الفاظ میں لکھی جاتی تھی ۔ بنو عبّاس نے عبارات اور ان کی ترتیب قدرے بدل دی ۔ ۱۷۰ھ / ۷۸۶ - ۷۸۷ء تک دینار پر کسی کا نام درج نہیں ھوتا تھا ۔ اس کے بعد مہتمم دارالضرب کا نام لکھا جانے لگا ۔ الامین اور المأمون کے جاری کردہ بعض سکّوں پر ان کے نام بھی موجود ھیں اور المعتصم کے زمانے سے خلیفہ کا نام باقاعدہ درج ھونے لگا ۔ ۱۹۸ھ / ۸۱۳ - ۸۱۴ء تک سکّوں سے دارالضرب کا پتا نہیں چلتا، البتہ سال مذکور سے مصر (فسطاط) اور بعدازاں مدینۃ السلام (بغداد) صنعا، دمشق، المحمّدیّۃ (رَی)، مرو، سُرَّمَنْ رَأی (سامرّا) اور کئی دوسرے شہروں میں تیار ھونے والے سکّوں پر تاریخ ضرب

Marfat.com

والی عبارت میں دارالضرب کا نام بھی درج ہونا شروع ہوگیا ۔ آہستہ آہستہ کچھ اور عبارات کا بھی اضافہ ہونے لگا، مثلاً ولی عہد کا نام، ذیلی مذہبی عبارتیں اور بالآخر خود مختار شاہی خانوادوں اور فرمانرواؤں کے نام ۔ اگرچہ بنو فاطمہ نے ابتدائی سکّوں کے نمونوں کو یک قلم ترک نہیں کیا تاہم وہ ان پر شیعی عبارات درج کرنے لگے۔ ان کے سکوں پر تمام عبارتیں ہم‌مرکز دائروں کی صورت میں لکھی جاتی تھیں ۔

چھٹی صدی ہجری میں المغرب میں، ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی میں بلاد مشرق اور ہندوستان میں اور آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں مصر میں دینار کا لفظ متروک ہوگیا ۔ دینار کے باقاعدہ رواج کے دوران میں اور اس کے بعد بھی ایک حسابی سکے کے اعتبار سے اس کا استعمال دور دور تک جاری رہا ۔

مغربی یورپ کی معاشیات پر دینار کے اثر اور ازمنۂ وسطٰی کی بین الاقوامی تجارت میں بوزنطی صولدیوس Solidus یا نومسمہ Nomisma کے ساتھ ساتھ اس کے استعمال کے بارے میں Monneret de Villard، Pirenne، Block، Lombard، Lopez، Bolin، Grierson وغیرہ نے بالخصوص سیر حاصل بحث کی ہے (ان تمام مباحث کو مآخذ کے ساتھ F.J. Himly نے *Rev. Suisse d' Histoire*، ۵ (۱۹۵۵ء) : ۳۱، میں آسانی کی خاطر یکجا کر دیا ہے) ۔ لہٰذا یہ ناگزیر تھا کہ جس طرح مختلف اوقات میں دوسرے مقبول عام مبادلے کے سکّوں (مثلاً فلورن florin، ڈوکٹ ducat وغیرہ) کی نقل ہوتی رہی تھی ان کی بھی وقتاً فوقتاً نقل ہوئی (مثلاً صلیبی بیزانت اور عربی دینار صوری، جو زیادہ تر المستنصر اور الآمر کے فاطمی سکّوں کی نقل تھا) ۔ مغربی بحیرۂ روم کے علاقوں میں دینار نے mancus کی صورت اختیار کی ۔ یورپی کلمہ صرف عربی دینار اور اصطلاح حساب کے طور پر ہی نہیں بلکہ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی میں ان مسیحی سکوں کے لیے جو ہسپانیہ میں دینار کی نقل میں تیار ہوے، بطور اسم صفت بھی استعمال ہوتا ہے (دیکھیے P. Grierson : *Rev. belge de phil. et d'histoire*، ۳۲ (۱۹۵۴ء) : ۱۰۵۹؛ J. Duplessy در *Rev. Numismatique*، ۱۹۵۶ء، ص ۱۰۱) ۔ الفانسو ہشتم، حکمران قشتالہ، کا ابتدائی سکہ marabotino (maravedi وغیرہ) مرابطی دینار کی نقل تھا، جس پر مسیحی عبارات عربی رسم الخط میں درج تھیں ۔

مختلف قسم کے دیناروں کو بیان کرنے اور ایک دوسرے سے تمیز کرنے کے لیے مختلف مآخذ میں جو اسما اور اسماے صفات ملتے ہیں، ان کی ایک فہرست Sauvaire (دیکھیے مآخذ) نے مرتب کی ہے ۔ اس میں حسب ذیل کا اضافہ کر لیجیے : اتابکی (زنگی)، ثُوری (براے ثَری؟ *JAOS*، ۱۹۵۴ء، ص ۱۶۳)؛ جَیشی (Dozy، تکملہ) حاکمی (فاطمی)، حسنی (فاطمی)، الخریطۃ (مخصوص موقعوں کے لیے؛ Herzfeld : *Geschichte . . . . Samarra*، ص ۱۹۵) عدد ("گنا ہوا"، *αριθμια νομισματα*، بردی papyri) سوا (درست وزن کا، بردی) طری (تازہ، غیر مدور، بردی) قوامی (بویہی، *Ars Islamica*، ۱۹۵۱، ص ۲۳)، مثقالی (پورا وزن، بردی) مدوّرۃ (فاطمی، جس پر ہم مرکز دائروں کی صورت میں عبارات درج ہیں ؟)، مسطرۃ (فاطمی، جس پر عبارات متوازی سطور میں ہیں ؟) ، مَشخَص یا مُشخّص (جس پر شبیہیں ہیں، یعنی یورپی، *BSOAS*، ۱۹۵۳ء، ص ۷۲؛ *JESHO*، ۱۹۵۸ء، ص ۴۸) مشرق (بردی papyri)، مظفری (شاہ ارمن *JAOS*، ۱۹۵۴ء، ص ۱۶۳)، معسول ("صحیح طور پر گنا ہوا"، بردی papyri)، ملکی (زریعی Zuray'id : *Num.Zeitschrift*، ج ۴۷، ۱۹۱۴ء، ص ۱۷۲)، مُنحّت ("تراشا ہوا"، بردی) نزاری (فاطمی)، یوسفی (موحّدی، ابن خلکان) .

marfat.com
Marfat.com

مختلف دھاتوں مثلاً نکل، تانبا وغیرہ کے سکوں کے لیے لفظ دینار عہد حاضر میں بھی استعمال ہوتا رہا ہے، مثلاً قاجاری (ناصرالدّین شاہ اور اس کے جانشین اور خاندان پہلوی) عہد میں اور عراق (دینار کاغذی سکہ = ۱۰۰۰ فلز Fils اور یوگوسلاویہ (دینار= ۱۰۰ پرا para) میں، لیکن ان کا قدیم عربی سکے سے کوئی تعلق نہیں۔

(نیز رک بہ مثقال، قیراط، سنہ جات اور سکّہ).

**مآخذ:** (۱) المقریزی: کتاب شذور العقود، مختلف طباعتیں بشمول Tychsen (۱۷۹۷ء)، استانبول ۱۲۹۸ء)، L.A. Mayer (۱۹۳۳ء)، A.-M. de St. Elie، ۱۹۳۹ء): (۲) E. V. Bergmann: *Die Nominale der Münzreform der Chalifen Abdulmelik*، در *SBAk.*، وائن Wien، ۱۸۷۰ء، ص ۲۳۹؛ (۳) H. Sauvaire: *Matériaux pour servir à l'histoire de la numismatique et de la métrologie musulmanes*، *JA*، ۱۸۷۹ تا ۱۸۸۲ء)؛ اس جامع اور ضروری کتاب کا مفید خلاصہ از S. Lane-Poole در *NC*، ۱۸۸۴ء، ص ۶۶ تا ۹۶؛ (۴) R. Vasmer در F.V. Schrötter: *Wörterbuch der Munzkunde*، (برلن-لائپزگ ۱۹۳۰ء) بذیل مادۂ دینار؛ (۵) J. Walker: *A catologue of the Arab-Byzantine and post-reform Umaiyad coins* (*Cat. of the Mühammadan coins in the British Museum*، ج ۲، لندن ۱۹۵۶ء؛ (۶) A. Grohmann: *Einführung und Chrestomathie zur arabischen Papyruskunde* '(*Monographie Archivu Orientálniho*، ۱۳/۱، پریگ ۱۹۵۵ء)؛ (۷) A. S. Ehrenkreutz کے دینار اور اس کے سونے کے معیار کے بارے میں کئی مقالات، در *JAOS*، ۱۹۵۴ء ص ۱۶۲، ۱۹۵۶ء، ص ۱۲۸ اور *JESHO*، ۱۹۵۹ء؛ (۸) G.C. Miles: *Some early Arab dinars*، در American Numismatic Society: *Museum Notes*، ج ۳، ۱۹۴۸ء، ص ۹۳؛ (۹) وہی مصنف: *The numismatic history of Rayy*، (نیویارک ۱۹۳۸ء)؛ (۱۰) وہی مصنف: *Fatimid coins*، (نیویارک ۱۹۵۰ء)؛ (۱۱) وہی مصنف: *The coinage of the Umayyads of Spain*، (نیویارک ۱۹۵۰ء)؛ (۱۲) عربی شیشے کے باٹوں کی کئی فہرستیں (دیکھیے مادّہ سنہ جات)؛ (۱۳) P. Grierson: *The monetary reforms of Abd al-Malik*، در *JESHO*، ۱۹۶۰ء، ص ۲۴۱؛ (۱۴) کاغذی سکّوں کی متعدد فہرستیں (مکمل مآخذ در A. Grohmann: *Arabic papyri in the Egyptian Library*) اور سکّوں کے ذخیروں کے بارے میں جن میں سے ممتازترین ذخیرے لندن (لین پول)، پیرس (Laviox)، برلن (Nutzel)، استانبول (اسمعیل غالب، احمد توحید، خلیل ادھم) میں ہیں اور (۱۵) اموی و عباسی سکّوں کے بارے میں ملخص از W. Tiesenhausen: *Moneti vostočnago Khalifata*؛ (۱۶) متعلقہ کتابوں کی تفصیل: *Bibliography of Moslem Numismatics*، طبع دوم لندن ۱۹۵۴ء میں ملتی ہے۔

(G.C. MILES)

* **دِینار مَلِک:** جن اوغوز سرداروں نے سلجوقی فرمانروا سنجر کی سلطنت میں خلل آجانے کے بعد خراسان پر قبضہ جما لیا تھا، ان میں ایک سردار دینار ملک بھی ہے ۔ چونکہ خوارزم شاہی سلطنت کے دباؤ کے باعث یہاں حکومت قائم رکھنا دشوار تھا اس لیے دینار ملک نے سلاجقۂ کرمان کے باہمی نزاع سے فائدہ اٹھا کر اس ریاست پر قبضہ کر لیا (۵۸۲ھ/۱۱۸۶ء) اور ان تمام مخاصمتوں کے باوجود، جن کا اندیشہ اسے سیستان، فارس اور خلیج فارس کی سرحدوں کی طرف سے لاحق رہتا تھا، وہ تا دم مرگ یعنی ۵۹۱ھ / ۱۱۹۵ء تک کرمان پر قابض رہا ۔ البتہ اس کی وفات کے بعد کرمان بھی خوارزمیوں کی سلطنت کا حصہ بن گیا جس کی وجہ یہ تھی کہ اوغوز یہاں کافی تعداد میں نقل مکانی کرکے نہیں آ سکے تھے۔

**مآخذ:** (۱) بدائع الازمان فی وقائع کرمان غالبًا اس دور کی تاریخ کرمان کا واحد مأخذ ہے ۔ یہ ہم عصر

Marfat.com

مؤرخ افضل الدین الکرمانی کی تصنیف ہے۔ اس کا متن مؤلفین مابعد (بالخصوص حسن یزدی) کی کتابوں سے از سرنو مرتب کرکے مہدی البیانی نے ۱۳۳۱ھ/۱۹۵۲ء [بہ تصحیح ۱۹۱۲ء] میں شائع کیا لیکن اس مأخذ تک ہماری رسائی اس سے پہلے اسی آسانی کے ساتھ محمد بن ابراہیم کی تصنیف *History of the Saldjūkids of Kirmān*، طبع Th. Houtsma : *Recueil de textes relatifs à l'histoire des Seldjoucides*، ج ۱ (جس کا تجزیہ Houtsma نے *ZDMG*، ۱۸۸۵ء میں ایک مقالے میں کیا ہے) کے ذریعے ممکن تھی۔ اس سلسلے میں ملک دینار کے بارے میں افضل الدین کی ایک خاص کتاب (۲) عقد العلیٰ، (طبع ۱۳۱۱ھ/۱۹۳۲ء نیز (۳) رسالۃ سے رجوع بھی لازم ہے جو حال ہی میں عباس اقبال کو ملا اور ۱۳۳۱ھ/۱۹۵۲ء میں اس نے شائع کیا ہے۔ اس میں کرمان کی تاریخ کا تسلسل ۶۱۲ھ/۱۲۱۵ء تک قائم رکھا گیا ہے۔(مدیر نے افضل الدین پر ایک بہترین تعارف تحریر کیا ہے): متفرق حوالے (۴) ابن الاثیر، ۱۱ : ۱۱۶، ۲۴۸ تا ۲۴۹؛ ۱۲ : ۱۹۸ میں اور (۵) الجوینی : تاریخ جہانگشای، طبع محمد القزوینی ۲ : ۲۰ تا ۲۲ (دور خراسانی) میں بھی ملتے ہیں۔

(Cl. Cahen)

* **دِینَور** : (جسے بعض اوقات غلطی سے دَیْنَوَر لکھا گیا ہے) ازمنۂ وسطیٰ میں الجبال (Media) کا ایک اہم شہر تھا مگر اب کھنڈر بن چکا ہے۔ اس کا صحیح محل وقوع ۳۴ درجے ۳۵ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۴۷ درجے ۲۶ دقیقے طول بلد مشرق (گرینچ) ہے۔ اس کے کھنڈر سطح سمندر سے ۱۶۰۰ فٹ بلند ایک میدان کے شمال مشرق کنارے پر واقع ہیں جو چم دِینَور سے سیراب ہوتا ہے۔ یہ ندی تنگ دِینَوَر کے زرخیز علاقے کو قطع کرتی کوہ بِیستُون کے قریب گَمَش آب سے جا ملتی ہے۔ گَمَش آب قرہ صو کا ایک معاون ہے جس کی زیریں گزرگاہ کرخا کے نام سے مشہور ہے۔ جب ابن خرداذبہ (طبع ڈخویہ، ص ۱۷۶) یہ بیان کرتا ہے کہ لہراسوس (کرخا) دینور کے نواح سے نکلتی ہے تو اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اس کے نزدیک اس کا حقیقی منبع چم دینور تھا۔

دینور کی بنیاد، اگر زیادہ قدیم زمانے میں نہیں، تو کم از کم سلوکی (Seleucid) دور میں رکھی گئی تھی۔ کنگاور (۳۲ کیلومیٹر شرقاً جنوباً) میں ایک یونانی بستی موجود تھی، جہاں زمانۂ حال کی کھدائی میں پتھر کا ایک آفتابہ دریافت ہوا ہے، جس کی آرائش سلینوس (Silenus) اور ساطیرون (Satyrs) کے جسموں کے بالائی حصوں کی تصویروں سے کی گئی ہے، اس لیے یہ امر قرین قیاس ہے کہ یہاں یونانیوں نے دیونیسس (Dionysus) پرستی کی ترویج کی ہو گی دیکھیے R. Ghirshman : *Iran*، ص ۲۳۶).

۲۱ھ/۶۴۲ء میں جنگ نہاوند کے فوراً ہی بعد اہل دینور نے عربوں کی اطاعت قبول کر لی۔ [حضرت] امیر معاویہ [رضی اللہ عنہ] کے عہد میں اس کا نام ماہ الکوفۃ رکھا گیا۔ خلیفہ موصوف کے زمانے میں جب سلطنت کو نظم و نسق کے اعتبار سے مختلف اضلاع میں تقسیم کیا گیا تو ماہ الکوفہ صرف دینور کے شہر ہی کا نہیں بلکہ جبال کے دو اضلاع کا بھی نام تھا۔ دینور بالائی اور قرمیسین (کرمان شاہ) زیریں علاقے پر مشتمل تھا۔ ماہ الکوفہ کے مغرب میں ضلع حلوان، جنوب میں ماسبذان، مشرق میں ہمذان اور شمال میں آذربیجان تھا (دیکھیے قدامۃ، در *BGA* (طبع ڈخویہ) ۶ : ۲۴۳ ببعد)۔ ماہ الکوفہ اور ماہ البصرۃ (نہاوند) جیسے ناموں میں لفظ ماہ کے مفہوم کے بارے میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ بعض عرب مصنفوں کی رائے میں ماہ ایک فارسی اسم ہے اور عربی لفظ قصبۃ بمعنی شہر یا صدر مقام کا مترادف ہے؛ اس کے برعکس بلعمی نے تاریخ الطبری کے فارسی ترجمے میں لکھا ہے کہ یہ ایک پہلوی لفظ ہے جس کے معنی ہیں صوبہ یا سلطنت (دیکھیے Zotenberg کا

marfat.com
Marfat.com

فرانسیسی ترجمہ، ۳ : ۳۸۰) ۔ ملحوظ رہے کہ یہ توضیح عربی متن میں نہیں ملتی ۔ ایک اور نسبۃً زیادہ قابل قبول توضیح یہ ہے کہ ماہ اپنے معنی میں قدیم مادۃ یا مدیة (Media) کا مترادف ہے ۔ یہاں یہ امر قابل غور ہے کہ وہ تمام جغرافیائی نام جو لفظ ماہ سے مرکب ہیں، ان کا محل وقوع پورے وثوق کے ساتھ علاقہ مدیة (Media) میں متعیّن کیا جا سکتا ہے (دیکھیے مثلاً ماہ البصرۃ) ۔ ماہ الکوفہ کے نام کی توجیہ کے سلسلے میں یہ روایت بھی ملتی ہے کہ جو محاصل یہاں سے اور اس کے ضلع سے وصول کیے جاتے تھے وہ اہل کوفہ کی فلاح و بہبود پر صرف ہوتے تھے ۔ لفظ ماہ کے بارے میں دیکھیے بالخصوص نولدکہ Nöldeke، در *ZDMG*، ۳۱ : ۵۵۹ ببعد اور وہی مصنف : *Gesch. der Perser und Araber zur Zeit der Sasaniden* ۱۸۷۹ء، ص ۱۰۳ و مارکوارٹ J. Marquart : ایرانشہر، برلن ۱۹۰۱ء، ص ۱۸ تا ۱۹ ۔

بنو امیّہ اور بنو عبّاس کے عہد میں دِیْنَور میں بڑی خوشحالی رہی ۔ چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں، بقول ابن حوقل، یہ ہمذان سے رقبے میں صرف ایک تہائی کم تھا ۔ المقدّسی نے اس کے نہایت عمدہ بنے ہوے بازاروں اور پھلوں سے لدے پھندے باغات کی تعریف کی ہے ۔ المقتدر (م ۳۲۰ھ/ ۹۳۲ء) کے عہد کے آخری برسوں میں جو انتشار برپا ہوا، اس سے یہ شہر کچھ مدّت کے لیے تباہ ہو کر رہ گیا ۔ جب باغی سپہ سالار مرداویج نے اس لشکر کو شکست دے کر، جو خلیفہ نے اس کا مقابلہ کرنے کے لیے بھیجا تھا، الجبال کے پورے صوبے پر قبضہ کر کر لیا تو دینور بھی اس کے تصرّف میں آگیا (۳۱۹ھ/ ۹۳۱ء)، اور اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد کئی ہزار باشندے (جن کی تعداد ۷ ہزار سے ۲۵ ہزار تک بیان کی جاتی ہے) ہلاک ہو گئے ۔ حسنویہ، ایک کرد شہزادہ، اسی علاقے میں رہتا تھا ۔ اس نے یہاں ایک چھوٹی سی خود مختار ریاست قائم کر لی جس کا دارالحکومت دینور تھا ۔ یہاں اس کا قبضہ تقریباً پچاس برس (۳۶۹ھ/۹۷۹ء میں اس کی وفات) تک قائم رہا ۔ حمداللہ مستوفی (نزھة، ص ۱۰۶) نے دینور کے متعلق لکھا ہے کہ یہ ایک چھوٹا سا شہر ہے، آب و ہوا معتدل اور پانی کی فراوانی ہے ۔ یہاں غلے کی فصلیں ہوتی ہیں اور پھل بھی بکثرت ہوتا ہے ۔ مستوفی کے زمانے سے پچاس برس بعد تیمور کے ہاتھوں دینور پوری طرح تباہ و برباد ہو گیا اور پھر دوبارہ کبھی تعمیر نہ ہو سکا ۔

تھیوڈور شتراوس Theodore Strauss، جس نے ۱۹۰۵ء میں سیاحت کے دوران میں دینور کے کھنڈروں کو دیکھا تھا، لکھتا ہے: "دینور کے محل وقوع کا سراغ صرف مٹی کے ان ٹیلوں سے ملتا ہے جنھیں سکّوں کی تلاش میں کئی بار کھودا جا چکا ہے ۔ اب بھی کئی پرانی چیزیں ملتی رہتی ہیں، بالخصوص ان کسانوں کو جو کھیتوں میں ہل چلاتے ہیں (دیکھیے Strause : *Eine Reise im Westlichen Persien*، در Petermann : *Geog. Mitteil*، ۱۹۱۱ء، ص ۶۵) ۔ شتراوس نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ تنگ دینور میں، جو اس کے نواح میں واقع ہے، ایک قدیم سڑک کے آثار آج بھی نظر آتے ہیں ۔ یہ سڑک پہاڑ کاٹ کر بنائی گئی تھی اور غالباً دینور کو بغداد سے ملاتی تھی ۔

**مآخذ** : متن میں مندرجہ کتابوں کے علاوہ : (۱) المکتبة الجغرافیة العربیة (طبع ڈخویہ)، بمواضع کثیرہ، بالخصوص ۳ : ۳۹۵ تا ۳۹۶، ۵ : ۲۵۹، ۶ : ۱۱۹ ببعد، ۲۲۶ ببعد، ۲۴۳ ببعد، ۷ : ۲۷۱؛ (۲) البلاذری: فتوح، ص ۱۹۰، ۳۰۶ تا ۳۰۸، ۳۱۰؛ (۳) المسعودی : مروج : ۳ : ۲۶۳؛ ۹ : ۲۴، ۲۵، ۳۱؛ (۴) یاقوت، ۲ : ۷۰۳ ـ ۴ : ۷۰۴؛ (۵) القزوینی (طبع وسٹنفلٹ)، ۲ : ۲۵۰؛ (۶) الاغانی، جلد اول، ص ۷۵۲؛ (۷) لیسٹرینج، ص ۱۸۹، ۲۲۷؛ (۸) A. v. Kremer : *Culturgeschichte des Orients unter*

Marfat.com

den Chalifen، (۱۸۷۵ء)، ۱ : ۳۳۷ تا ۳۳۸، ۳۶۵ ؛ (۹) Nöldeke، در ZDMG، ۲۸ : ۱۰۲ ؛ (۱۰) Weil : Chalifen، ۱ : ۹۳، ۲ : ۶۲۰ ؛ (اس میں غلط املا Deinewr لکھی ہے) ؛ (۱۱) J. de Morgan : *Mission Scientif. en Perse Études Géograph.*، ۲ : ۹۵ ببعد؛ (۱۲) Guides Bleus : *Moyen Orient*، پیرس ۱۹۵۶ء، ص ۷۰۵ .

(L. LOCKHART)

* **الدِّیْنَوَری** : ابو حنیفہ احمد بن داؤد بن وَنَنْد، شہرۂ آفاق ماہر نباتیات کی ولادت تیسری صدی ہجری کے اوائل میں ہوئی ۔ ابن ندیم کے مطابق وہ دینور ہی کا باشندہ تھا ۔ شاید پیدا بھی وہیں ہوا ہو ۔ اس کی وفات ۲۶ جمادی الاولی ۲۸۲ھ کو ہوئی، جیسا کہ یاقوت نے ارشاد الاریب میں مشہور طبیب ابن المسیح کی قلمی یاد داشت کے حوالے سے درج کیا ہے، (اگرچہ ایک روایت ۲۸۱ھ کی بھی ہے؛ تیسری روایت "۲۹۰ھ سے قبل" سے ظاہر ہے کہ کوئی فیصلہ کن بات نہیں کہی جا سکتی) .

اگرچہ وہ ماہر نباتات کی حیثیت ہی سے زیادہ تر مشہور ہے، لیکن "نحو، لغت، ہندسہ، نجوم، ریاضی، تاریخ اور ہر علم میں قابل وثوق" سمجھا گیا ہے ۔ فقہ اور تفسیر میں بھی اس نے گراں قدر آثار چھوڑے ہیں .

ادبیات اور عربیت کی حد تک تعلیم بصرے اور کوفے کے دبستانوں میں حاصل کی، لیکن زیادہ تر السکیت اور ابن السکیت سے ۔ بطور ادیب وہ الجاحظ کا ہم پلہ مانا جاتا ہے، اور جغرافیے میں ابوزید البلخی کا ۔ ممکن ہے وہ الجاحظ کے برابر ذہین نہ ہو، لیکن علوم دقیقہ (ریاضی و فلکیات) میں خصوصی درک کے باعث منہاج و اسلوب کے نقطۂ نظر سے وہ وضاحتِ بیان اور ضبط و اتقان میں الجاحظ سے بہت آگے ہے ۔ بروایت الذہبی و عبدالقادر البغدادی وہ حنفی المذہب تھا ۔ ہندوؤں نے نباتیات کی اچھی خدمت کی ہے لیکن علم میں بھی شاید چھوت چھات ہوگی کہ ان کی کتابوں میں غیر ملکوں کے پودوں کا نام و نشان تک نہیں ۔ بہر حال ان کی اور یونانیوں کی نباتیاتی کتابوں کا عربی میں ترجمہ ہونے سے پہلے ہی الدینوری نے خالص اسلامی معلومات کی مدد سے چھے ضخیم جلدوں میں "کتاب النبات" تیار کر لی تھی جو گویا نباتیاتی دائرۂ معارف تھی ۔ اس کے متعلق جرمن محقق زلبربرگ کے اس بیان میں ذرا بھی مبالغہ نہیں کہ یونانیوں نے اپنی ہزار سالہ تاریخ اور اپنے علم و فضل کی انتہا کے زمانے میں نباتیات پر جو کتابیں تالیف کیں، ابو حنیفہ الدینوری (جو اسلامی نباتیات کا آغاز کرتا ہے) ان کو بھی بہت پیچھے چھوڑ دیتا ہے .

اس کی تقریباً بیس کتابوں کا پتا چلتا ہے ۔ ان میں سے اب تک صرف الأخبار الطوال اور جزءِ کتاب النبات دستیاب ہوئی ہیں ؛ نیز کتاب الأنواء کے طویل اقتباسات ملے ہیں ۔ تفصیل یہ ہے :

۱. تفسیر (تیرہ جلدوں میں) .

۲. فقہ میں کتاب الوصایا اور کتاب فی حساب الدور (علم فرائض اور تقسیم ترکہ کے ایک پیچیدہ مسئلے کے متعلق)، کتاب القبلۃ و الزوال (نیم فقہی، نیم فلکیاتی امور پر) .

۳. لغت و ادبیات میں ما یلحن فیہ العامۃ، کتاب اصلاح المنطق، کتاب الفصاحۃ، کتاب الجمع و التفریق، کتاب الشعر و الشعراء (اس آخر الذکر کے جواب میں لُغذۃ الاصفہانی نے الرد علی الشعراء لکھی تو اس کے جواب الجواب میں کتاب الرد علی لغذۃ الاصفہانی) اور جواهر العلم.

۴. نباتیات میں کتاب النبات (جو چھے ضخیم جلدوں میں ہے) ابن اخت غانم الاندلسی نے، بروایت نفح الطیب، اس کی شرح ساٹھ جلدوں میں لکھی .

۵. طب میں کتاب الباہ (یا کتاب الباءہ) ۔

marfat.com
Marfat.com

مزید برآں کتاب النبات میں پودوں کی خاصیتوں میں طبی خواص و اثرات کا کثرت سے ذکر ملتا ہے۔

۶۔ ریاضی اور فلکیات میں البحث فی حساب الهند، کتاب الجبر والمقابلہ، کتاب نوادرالجبر، کتاب الکسوف اور بارش کے نچھتروں کے متعلق کتاب الأنواء (جس کا بڑا حصہ ابن سیدہ: المخصص ۹: ۱۰ ببعد میں منقول ملتا ہے، اوراسی کے ایک حصے کو المقریزی نے اپنی کتاب الخبر عن البشر مخطوطہ استانبول، جلد رابع، ذکر السماء و الفلك میں بلا حوالہ نقل کیا ہے)۔

۷۔ جغرافیے میں کتاب البلدان، جو ایک بڑی کتاب تھی (الاخبار الطوال، ص ۴۳، سطر ۱۶ تا ۱۷ میں الدینوری نے اپنی جس تالیف کا اشارہ کیا ہے وہ غالباً یہی ہے)۔

۸۔ تاریخ میں الاخبار الطوال، خلافت راشدہ میں ایران کی فتح کے متعلق ایک گراں قدر مأخذ [اس کا اردو ترجمہ شائع ہو چکا ہے]۔

ایران کے شہر دینور میں (جو اب کھنڈر ہے، اور جس کے تلفظ میں دال کی زیر اور زبر دونوں روایتیں عرب مؤلفوں کے ہاں ملتی ہیں، ایک ابن خلکان کے ہاں، دوسری سمعانی کے ہاں، گویا یاے مجہول پڑھنا چاہیے، نیز واو کو زبر سے) ہمارا مؤلف ایک مکان کی چھت پر سے فلکیاتی مشاہدے کیا کرتا تھا۔ ۳۳۵ھ/ ۹۴۶ء میں عبدالرحمٰن الصوفی (مشہور ماہر فلکیات) وہاں گیا تو اس وقت بھی یہ مکان موجود تھا اور دینوری کے رصدی مشاہدات کی روایت چلی آ رہی تھی۔ الصوفی نے الدینوری کی فلکیاتی مہارت کے ریاضیاتی حصے پر کچھ اعتراض کیا ہے، لیکن البیرونی نے اس بارے میں الدینوری پر کافی اعتماد ظاہر کیا ہے، اور اپنی کتاب الآثار الباقیة میں الدینوری کی رصدی جدولیں نقل کی ہیں۔ ممکن ہے الدینوری نے کتاب الانواء کے علاوہ رصدی مشاہدات پر کوئی مستقل زیج بھی مرتب کی ہو۔

المسعودی نے (مروج الذهب، ۳: ۴۴۲، باب ۶۱ میں) لکھا ہے کہ ابن قتیبہ قاضی دینور اور ابوحنیفہ الدینوری کی فلکیاتی اور دیگر متعدد تصانیف کے بارے میں انتساب کی غلطی ہو گئی ہے، چونکہ الدینوری اور ابن قتیبہ دونوں کی فہرست تالیفات میں کتاب الأنواء اور کتاب الشعر و الشعراء موجود ہیں (اور ابن قتیبہ کی حد تک دونوں دستیاب بھی ہوگئی ہیں) اس لیے یہ اشارہ انھیں کتابوں کے متعلق ہو سکتا ہے۔

فارسی اس کی آبائی زبان تھی۔ اس کا دادا وَنَنْد شاید مسلمان بھی نہیں ہوا تھا۔ بہر حال کتاب النبات میں پودوں کے ناموں اور اصطلاحوں کو وہ کثرت سے عربی اور فارسی دونوں میں لکھتا ہے اور اس طرح تیسری صدی ہجری کی فارسی کا ایک گراں قدر مأخذ معلومات بھی ہے۔ خود عربی کی حد تک وہ مقامی لہجوں کا بھی غور سے مشاہدہ کرتا، اور جا بجا اپنی کتاب میں ان کا ذکر کرتا ہے۔ پودوں کے ناموں کی تفصیل میں جب بھی موقع ملتا ہے وہ یہ ضرور بتاتا ہے کہ اس کے مترادفات دیگر عرب علاقوں میں کیا ہیں، یا مختلف قبائلی تلفظ میں کیا فرق ہے۔

اس کا شاہکار یقیناً کتاب النبات ہے۔ اس پر نباتی لحاظ سے تو نہیں، البتہ خالص ادبی نقطۂ نظر سے کچھ اعتراض کیے گئے ہوں تو چنداں باعث حیرت نہیں۔ چنانچہ علی بن حمزة البصری نے التنبیهات علی اغالیط الرواة کے نام سے ایک چھوٹی سی کتاب لکھی ہے۔ (طبع عبدالعزیز المیمنی قاہرہ ۱۹۶۸ء)۔ اس میں آٹھ باب ہیں؛ تیسرا باب "التنبیهات علی ما فی کتاب النبات للدّینَوَری" پر ہے اور تقریباً چوتھائی کتاب پر مشتمل ہے، لیکن یہ اعتراضات شاذ ہی صحیح ہیں؛ [illegible] الدینوری انسان کو اشرف

Marfat.com

المخلوقات قرار دیتا ہے تو البحری کو اعتراض ہے کہ فرشتے انسان سے بہتر ہیں، وغیرہ ۔ ابن سیدہ کی المخصص میں اس تنقید کے اقتباسات "قال المتعقب" کہہ کر بارہا دہرائے گئے ہیں ۔

اس کے برخلاف طبیبوں کے ہاں اس کی بڑی وقعت رہی ہے ۔ چنانچہ ابن سمجون (مخطوطات آوکسفرڈ و لنڈن) پھر الغافقی (مخطوطات قاہرہ و لیبیا و مونٹریال) اور بعد ازاں ابن البیطار نے مفردات طبیہ پر اپنی کتابوں میں دل کھول کر الدینوری کے بیانات نقل کیے ہیں اور ان کو دیگر تمام معلومات پر ترجیح دی ہے ۔

لغت دانی کی حد تک الازہری : تہذیب اللغۃ؛ ابن سیدہ : المحکم؛ وہی مصنف : المخصص؛ ابن منظور: لسان العرب ؛ الصغانی : العباب ؛ مرتضی الزبیدی ؛ تاج العروس وغیرہ میں الدینوری کے جو اقتباسات ہیں ان کو جمع کیا گیا تو بحذف مکررات پندرہ سو صفحوں میں ان کا مبیضہ تیار ہوا ہے ۔ ان کی مدد سے کتاب النبات کا کم و بیش نصف حصہ دوبارہ مرتب ہو جاتا ہے، جیسا کہ کتاب النبات کی دستیاب شدہ جلدوں سے متعلقہ اقتباسات کا مقابلہ کرکے واضح ہوا ہے۔ اس سے ضمناً ان متأخرین کی صحت نقل اور دیانت‌داری کی بھی وقیع شہادت فراہم ہو جاتی ہے ۔

فتوحات جنگی، تدوین قانون، تعمیرات اور متعدد دیگر علوم کی طرح نباتیات میں بھی مسلمانوں کی تیزگامی مؤرخ کو حواس باختہ کر دیتی ہے ۔ اوپر ژلبر برگ کا اعتراف اس بارے میں نقل ہوا ۔ الدینوری نے نباتات کی قاموس بہ ترتیب تہجی مرتب کی ۔ کتاب النبات کی جلد پنجم کا نصف دوم اور جلد ششم اس پر حاوی تھی ۔ جلد پنجم میں الف سے ز تک چار سو بیاسی پودوں کا ذکر ہے ۔ س سے ی تک میرے ہاں اس سے دگنی تعداد میں پودوں کے تذکرے الدینوری کے حوالے سے جمع ہوے ہیں۔ ان تذکروں میں پودوں کی ساخت، ان کے غذائی و طبی اور دیگر خواص و منافع کا بہت دقیقہ رس اور جامع بیان ملتا ہے ۔ پودوں کی جنس وار تقسیم بھی اس نے ایک مستقل باب میں کی تھی ۔ زمین، بارش، نہروں اور پودا پھوٹنے سے لے کر اس کے ختم ہونے تک کا مفصل حال بھی اس نے دیا تھا۔ ضمناً شہد، انگور، کھجور، خضاب و رنگ، پھول اور عطر، ٹڈیوں حتٰی کہ وہ چراگاہوں کے ضمن میں اونٹوں کی بیماریوں اور علاجوں کا ذکر کرتے ہوے پٹرول (نفط) اور ڈائبر تک کے متعلق دلچسپ تفصیلات دیتا ہے ۔ ابیات شواہد کے ذریعے سے اس نے عربی شاعری کے نباتی ذخیرے کو اجاگر کر دیا ہے اور ایسی ہزاروں ابیات نقل کرکے اس مقولے کی صحت ظاہر کر دی ہے کہ الشعر دیوان العرب ۔ اس کی کتاب سہ گانہ مأخذوں سے مرتب ہوئی ہے ۔ اپنے پیشروں کے بیانات کا اعادہ، اپنے ذاتی مشاہدات اور اپنے ہم عصروں (اساتذہ، ملنے والوں اور دیگر مآخذ معلومات) کے بیانات کی نقل۔ ذاتی مشاہدات کے سلسلے میں وہ ایران، عراق، بوزنطی سرحد، شام عرب، افغانستان، بلوچستان، خراسان وغیرہ کے بکثرت مقامات کے پودوں کا ذکر کرتا ہے ۔ الدینوری کی یہ خصوصیت بھی قابل ذکر ہے کہ نباتی اصطلاحات کے سلسلے میں وہ معربات کا ذرا بھی محتاج نہیں رہا اور اس کی درج کردہ اصطلاحیں اتنی عمدہ ثابت ہوئیں کہ پھر کبھی عربوں کو ان کے بدلنے کی ضرورت نہیں پیش آئی ۔ الدینوری ہمیشہ اپنے مآخذ کا حوالہ دے کر کھلے دل سے اپنی ممنونیت کا اعتراف کرتا ہے؛ ان میں ابو زیاد، ابو عمرو، ابو نصر، ابن الاعرابی السندی اور ابن السکیت کے کثرت سے حوالے ملتے ہیں ۔ بدویوں میں "الاعراب القدم (کذا)" اہل السّراۃ، اعراب عمان وبنی اسد و ربیعہ وغیرہ کا بھی کافی ذکر ہے ۔ کتاب النبات کی جلد سوم جامعہ ییل Yale (امریکا) اور جلد پنجم جامعہ استانبول کے کتاب‌خانوں میں ملی ہے ۔ ان کے علاوہ چند ابواب کا

marfat.com
Marfat.com

ایک حصہ کتاب خانہ شیخ الاسلام (مدینۂ منورہ) میں ہے ۔ مکمل کتاب کا تاحال پتا نہ چل سکا .

اس کی شہرت مشرق ہی میں نہیں، بلکہ مغرب اقصٰی اور اندلس تک پہنچ گئی تھی ۔ اگر فرنگیوں اور تاتاریوں کے ہاتھوں لاکھوں عربی مخطوطات کی بربادی نہ ہوئی ہوتی تو الدینوری کی اصل کتاب کے سوا ابن اخت غانم کی شرح، جو ساٹھ جلدوں میں تھی، انسانی میراث میں قابل قدر چیز ہوتی .

یہ امر مشتبہ ہے کہ اس نے فلکیاتی مشاہدوں کے لیے اپنے وطن دینور کو چھوڑ کر اصفہان کا کبھی سفر کیا ہو، کشف الظنون (عدد ۶۳۶۳ و ۶۹۳۶) سے ایسا گمان کیا جاتا رہا ہے، مگر یہ بیانات صاحب کشف الظنون نے تاریخ گزیدہ سے لیے ہیں، اور اس کا یہ کہنا کہ الدینوری [رکن الدولہ ابوالحسن علی الدیلمی کے عہد میں اصفہان میں صاحب رصد رہا اور اس] نے زیج بنائی تھی درست نہیں، اس لیے کہ الدینوری ۲۸۱ھ میں یا بقول دیگر ۲۹۰ھ میں فوت ہو چکا تھا ۔ ممکن ہے اس نے حج کیا ہو اور حرمین کی زیارت کی ہو، لیکن قطعیت اس لیے دشوار ہے کہ جن چار پانچ مقامات میں وہ مکے اور مدینے کا ذکر کرتا ہے، وہاں چشم دید حالات نہیں لکھتا .

ہم عصروں سے مناظرے اس زمانے کی عام چیز تھی، چنانچہ الدینوری نے بھی مناظرے کیے ۔ یاقوت نے الدینوری کے المبرد سے دینور میں عیسی بن ماہان کے ہاں ایک علمی بحث کا ذکر کیا ہے، جس سے اس کی فقہ، حدیث اور لغت دانی میں فوقیت ظاہر ہوتی ہے ۔ لُغْذۃ الاصفہانی سے تو رسالہ بازی تک نوبت آ گئی تھی جیسا کہ اوپر کی تالیفات کے سلسلے میں بیان ہوا .

بہرحال اس میں کوئی شک نہیں کہ قدما میں الدینوری سب سے بڑا ماہر نباتیات تھا ۔ اور علوم دقیقہ و ادبیہ میں بھی اس کو بلند رتبہ حاصل تھا ۔ اس کی تاریخ، جامع و مانع الفاظ میں ضخیم تر کتابوں کا عمدہ نچوڑ ہے (مثلاً حضرت ابوبکرؓ کی ہرقل کے ہاں بھیجی ہوئی سفارت کے حالات دلائل النبوۃ لابی نعیم اور الدینوری کی الاخبار الطوال دونوں میں درج ہیں اور ان کا مقابلہ کرنے سے یہ پہلو بآسانی ہویدا ہو سکتا ہے) ۔ اگر اس کی دوسری کتابیں بھی کبھی دستیاب ہوں تو اندرونی شہادت سے اس کے مزید حالات زندگی کے علاوہ مختلف علوم میں اس کی مہارت کا ٹھیک ٹھیک اندازہ ہو سکے گا ۔ فقہ و تفسیر میں اس کی تالیفات کو چھوڑ کر اس کے سوانح نگار اسے "ثقہ" اور "من کبار الحنفیۃ" بھی لکھتے ہیں جس سے اس کا تقدس اور زہد و ورع بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے .

**مآخذ :** کشف الظنون، السمعانی : الانساب اور براکاان کے علاوہ : (۱) کتاب النبات (ج ۵، قسم دوم) طبع اپسالا ۱۹۵۳ء؛ (۲) الاخبار الطوال خصوصاً اشاریہ کی جلد میں اس کے حالات بقلم کراچکووسکی، لائڈن ۱۹۱۲ء؛ (۳) ابن الندیم : الفہرست، طبع یورپ، ص ۷۸؛ (۴) یاقوت : ارشاد الاریب : ۱ : ۱۲۳ تا ۱۲۷؛ (۵) السیوطی : بغیۃ الوعاۃ، طبع قاہرہ ۱۳۲۶ھ، ص ۱۳۲؛ (۶) البغدادی : خزانۃ الادب، طبع بولاق ۱۲۹۹ھ، ۱ : ۲۶۱؛ (۷) معارف، اعظم گڑھ دسمبر ۱۹۴۹ء و جون ۱۹۵۰ء؛ (۸) عبدالرحمٰن الصوفی : الکواکب الثابتۃ، طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن، ص ۷ و ۸؛ (۹) ابن خلکان : وفیات الاعیان، ص ۱۱۸ (عدد ۲۹۵) طبع یورپ؛ (۱۰) Silberberg در *Zeitschrift fur Assyriologie*، ج ۲۴، ۲۵ (۱۹۱۰ء)، ص ۲۲۵ تا ۲۶۵، (۱۹۱۱ء)، (ص ۳۹ تا ۸۸) : *DiePfalnzenbuch des Abu Hanifa Ahmad ibn Daud ad-Dinawari*؛ (۱۱) S. de Sacy : *Relation de l'Egypte*، ص ۶۳، ۷۸؛ (۱۲) وسٹنفلٹ : *Gesch d. arabischen aerzte und Naturvorscher*، ۳ : ۳۸ ببعد عدد ۹۲ (گوٹنگن ۱۸۴۰ء)؛ (۱۳) وہی مصنف : *Geschichtsschreiber der Araber* گوٹنگن ۱۸۸۲ء، ص ۲۷، عدد ۷۹؛ (۱۴) E. Meyer : *Geschichte der Botanik*، Königsberg، ۱۸۵۶ء،

Marfat.com

۳ : ۱۶۳ تا ۱۶۷؛ (۱۵) G. Flügel : *Grammatische Schulen der Araber*، لائپزگ ۱۸۶۲ء، ص ۱۹۰ ببعد؛ (۱۶) L. Leclerc : *Historie de la médecine arabe*، پیرس ۱۸۷۶ء، ۱ : ۲۹۸؛ (۱۷) Steinschneider در *ZDMG*، ج ۲۳ : ۳۷۳؛ (۱۸) H. Derenbourg در *Revue Critique*، پیرس ۱۸۸۸ء، ص ۶۱ تا ۶۳؛ (۱۹) H. Suter : *Die Mathematiker. u. Astronomen d. Araber*، لائپزگ ۱۹۰۰ء، ص ۳۱، عدد ۶۰؛ (۲۰) محمد حمیداللہ : *Dinawariy's Encyclopaedia Botanic*، در Fuad Köprülü Armagani، ۱۹۵۳ء، ص ۱۹۵ تا ۲۰۶؛ (۲۱) (احمد عیسیٰ بے) Ahmed Issa Bey : *Abou Hanifa elDinawari et son Livres des plantes*، در *Bulletin de l'Institut d'Egypte*، ج ۱۶ (۱۹۳۵ء)، ص ۱ تا ۷ ۔

(محمد حمید اللہ)

* **الدِّیْنَوری** : ابو سعید (سعد) نصر بن یعقوب ایک مصنف ہے جو زیادہ تر اپنی کتاب القادری فی التعبیر کی وجہ سے مشہور ہے جو اس نے ۳۹۷ھ/ ۱۰۰۶ء میں تصنیف کی اور القادر باللہ (۳۸۱ تا ۴۲۲ھ/ ۹۹۱ تا [۱۰۳۰ء]) کے نام معنوَن کی ۔ یہ تعبیرات پر عربی زبان میں قدیم ترین مستند رسالہ ہے جس میں وہ سارا مواد نہایت اچھے طریقے سے جمع کر دیا گیا ہے، جو اس زمانے میں اس موضوع پر ملتا تھا ۔ اس کے مآخذ عربی [زبان میں] ہیں : ابن سیرین [رک بآں] جن سے بے شمار تعبیرات منسوب کی گئی ہیں؛ یونانی : ارتمیدورس افیسوسی Artemidorus of Ephesus جس کی اونی روکری طیقا (*Oneirocritica*) [یعنی تعبیر الرؤیا] کا ترجمہ عربی میں حُنین بن اسحٰق (م ۲۶۰ھ/۸۷۳ء) نے کیا تھا(دیکھیے الفہرست، ص ۲۵۵؛ مخطوطۂ عربی ۴۲۷۶، در کتاب خانۂ جامعۂ استانبول، جو اشاعت کے لیے تیار ہو رہا ہے)تقریباً ساری کی ساری اس علمی کتاب میں نقل کر دی گئی ہے ۔ جہاں تک مسیحی اور بوزنطی مآخذ کا تعلق ہے، الدینوری نے غالبًا یونانی رسالہ المعروف بہ Αχμετ υίος Σηρείμ کے اصل عربی نسخے سے استفادہ کیا ہوگا ۔ اسے ایک عیسائی نے لکھا تھا اور ۱۱۶۰ء میں لیوٹسکس Leo Tuscus نے اس کا لاطینی میں ترجمہ کیا تھا [دیکھیے ابن سیرین] ۔ ہندو اور ایرانی مآخذ کے طور پر بھی یہی کتاب اس کے کام آئی ہوگی ۔ مصنف یہودیوں سے منسوب تعبیرات کا اکثر مقامات پر حوالہ دیتا ہے اور اس نے بائبل سے متعدد اقتباسات نقل کیے ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) القادری فی التعبیر ابھی تک غیر مطبوعہ ہے ۔ اس کے ۲۹ قلمی نسخوں کا ہمیں علم ہے ۔ اس کا فارسی میں ترجمہ (AS ۱۸۱۷ء) اور حاجی خلیفہ (۲ : ۳۱۲ شمارہ ۳۰۶۸) کے بعد اس کا ترکی میں منظوم ترجمہ شہاب الدین احمد بن عرب شاہ (م ۸۵۴ھ/۱۴۵۰ء) نے کیا ۔ اس تصنیف اور عربی میں تعبیرگوئی پر دوسری کتابوں کے بارے میں دیکھیے (۲) T. Fahd : *Les Rêves en Islam*، در *Sources Orientales*، ج ۲، پیرس ۱۹۶۰ء، ص ۱۲۵ تا ۱۵۸ ۔

(T. Fahd).

**دِیو** : (دراصل "دیوٗ" ہے، اوستا میں دایوا daeva، سنسکرت میں دیو dēva)فارسی میں بدی اور تاریکی کی ارواح کا نام ہے، جوگناہوں کے دیوتا اہرمن کی آفریدہ ہیں؛ ان کی تعداد بےشمار ہے، ان میں اہرمن سمیت سات بڑے دیوتاؤں کا گروہ دوسروں سے ممتاز ہے، یہ سات دیوتا سات امشسپند (اوستا ۔ امیشا سپنتا amǝša spǝnta، "غیر فانی ارواح مقدسہ")، کے مد مقابل ہیں ۔

"دیو (Daiva) اسم جمع کے طور پر سب سے پہلے فقط دشمن دیوتاؤں کے معنی دیتا ہے، پھر ان دیگر فوق الفطرت ہستیوں پر بھی، جن کی جبلت شر ہے اور جو نیکی اور دین کی دشمن ہیں، اطلاق کیا جانے لگا ... یہ دَیوا (daiva)، یہ دِیو (dēva) ان روز افزوں

marfat.com
Marfat.com

تعداد میں ان غولوں اور دیگر شیطانی ہستیوں کے ساتھ مدغم ہوتے گئے جن کی اصل اسلاف کے معتقدات میں مل جاتی ہے (A. Christensen).

یہاں ان سارے دیووں کا جو ایرانی ادب یا عوامی ماخذ میں پائے جاتے ہیں، ذکر کرنا ناممکن ہے : اکثر دیو کا لفظ عربی کے الفاظ عفریت، شیطان، طاغوت کے پہلو بہ پہلو لایا جاتا ہے، مثلاً گاے کے سے پاؤں والے دیو ("دیو گاؤ پاے" : سعد الدین الوراوینی : مرزبان نامہ، طبع محمد القزوینی : ص ۹۷ ببعد؛ ایم ـ نظام الدین : -Introduction to the Jawāmi' *ul hikāyāt of Muhammad Awfī*، ص ۱۶۳) ـ زمانۂ حال کی عوامی کہانیوں میں عموماً دیو کی جگہ جن کا لفظ استعمال ہونے لگا ہے، مگر دیو بھی موجود ہے، مثلاً در H. Massé : *Contes en persan populaire*، شمارہ ۷۲ اور ۹۲، یا یہ کہ اسے جن اور پری دونوں کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے (مثلاً Ria Hackin اور A. A. Kohzad : *Légendes et coutumes afghanes*، ص ۷۱ اور حاشیہ) ـ شیعیوں کے نزدیک آدمی، دیو اور جن بروز حشر انعام یا سزا دیے جائیں گے (تبصرۃ العوام، طبع اقبال، ص ۱۰۲) ـ حمد اللہ مستوفی القزوینی دیو رود (=ندی) کا ذکر کرتا ہے (ضلع جیرفت، کرمان) ـ اس کا یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ اس کا بہاؤ بہت تیز و تند ہے(نزھۃ القلوب، ترجمہ Le Strange، ص ۲۱۷، ۱۳۹).

**مآخذ** : دیو کے مختلف مفہوموں اور اس ترکیب کلام میں اصالۃً اور استعارۃً استعمال کے لیے (۱) Vullers : *Lexicon persico-latinum* اور Desmaisons : *Dictionnaire persan-français*؛ فردوسی کے ہاں دیو بہ کثرت استعمال ہوا ہے(دیکھیے F. Wolff : *Glossar zu Firdosis Schahname*، بذیل مادّۂ dīw, dēv اور شاھنامہ طبع اور فرانسیسی ترجمہ از J. Mohl، ۱۸۷۸ء، اشاریہ، بہ ذیلِ مادّہ)؛ (۲) Spiegel : *-Eranische Altherthum skunde*، ۱۱ : ۱۲۶ تا ۱۳۶؛ (۳) A. V. W. Jackson، در *Gr. I. Ph.*، ۲ : ۱۳۹، ۱۶۵، ۱۷۵، ۱۹۶، ۶۳۶ ببعد ۶۶۲؛ (۴) A. Christensen : *Essai sur la démonologie iranienne*، ص ۶۰ (دیو، پریاں اور اژدہا، جدید فارسی رزمیہ میں)، ص ۶۷ (دیو عربی اور فارسی متون میں)، ص ۷۱ (دیواور جن)، ص ۹۲ (نتائج)، فارسی کی ثانوی جنگی نظموں میں دیووں سے متعلق : فردوسی : کتاب مذکور، ج ۱، مقدمہ، ص ۶۱، حاشیہ ۱، ص ۷۰، حاشیہ ۱، ص ۷۲، ۷۷، ۸۲ ـ عوامی اعتقادات؛ (۵) H. Massé : *Croyances et coutumes persanes*، ج ۲، باب ۱۳ اور اشاریہ III : دیو ـ ارمینیا کے دیووں سے متعلق : Christensen : کتاب مذکور، ص ۸۷؛ (۶) F. Macler : *Les dew arméniens* (متن اور اصلی نقل مخطوطہ) ـ چند تصاویر خرد، علاوہ ان کے جو داستانوں کی توضیح کے لیے دی گئی ہیں، بھی موجود ہیں؛ بعض نے دیووں اور پریوں میں التباس پیدا کر دیا ہے؛ دیکھیے (۷) E. Blochet : *Enluminures ... de la Bibliothéque Nationale*، لوحہ ۲۰، ۶۳ ب، ۷۵، ۷۸ الف، ۱۰۶ ب، ۱۱۷ الف؛ (۸) Sakisian : *La miniature persane*، لوحہ ۷۸؛ (۹) Ph. W. Schulz : *Die persische-islamische Malerei*، لوحہ ۱۳، ۶۳، ۳۱، ۱۲۷ (دیو اور پری)؛ *Iran : Miniatures de la Bibbiothèque Impériale de Téhéran* (نیویارک، Graphic Soc-Unesco)، لوحہ ۶ (دیو بہیئت انسان).

(Cl. Huart-[H. Massé])

* **دیو** : ہندوستان میں سوراشٹرا (سورٹھ) کے جنوبی کونے کے سامنے ایک جزیرہ ہے، جس میں ایک اچھی بندرگاہ ہے، جو خلیج کھمبایت (کمبے) کے خطرناک مد و جزر سے بچی ہوئی ہے ـ ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ - ۱۲۹۹ء میں اسے علاء الدین خلجی کے سپہ سالاروں نے Cudasamas سے لیا ـ غالبًا چند سال کے بعد یہ ہاتھ سے نکل گیا اور محمد بن تغلق نے ۷۵۰ھ/۱۳۴۹ء میں دوبارہ فتح کیا.

Marfat.com

۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء میں مظفر خاں نے، جو آخری تغلق بادشاہوں کی طرف سے گجرات کا صوبے دار اور پھر گجرات کا پہلا بادشاہ ہوا، دیو میں مسجدیں بنائیں، قاضی مقرر کیے اور محافظ فوج تعینات کی۔ ۸۳۴ھ/۱۴۳۱ء میں دیو با رونق بندرگاہ تھا جو گجرات کے بیڑے کے لیے جہاز مہیا کرتا تھا۔ ۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء سے یہ سورٹھ کے صوبے داروں کا صدر مقام بن گیا جن میں سے مشہور ملک ایاز ہوا ہے۔ اس نے دیو کو ایک بڑا تجارتی مرکز بنا دیا، قلعہ بنایا، بندرگاہ کی دفاع کا بندوبست کیا اور خشکی کے قریبی قصبے گوگلا سے ملانے کے لیے ایک پُل تعمیر کیا۔ ۹۱۴ھ/۱۵۰۹ء میں اس کے بیڑے اور مملوک امیرالبحر امیر حسین کے بیڑے کو پرتگیز حاکم فرانسسکو ڈی المائڈا (Francisco d'Almeida) نے دیو کی بندرگاہ میں شکست دی۔ پھر بھی امیر حسین اس قابل رہا کہ ۹۱۹ھ/۱۵۱۳ء میں سلطان مظفر دوم کو آمادہ کر سکے کہ البوکرک Albuquerque کو اس نے جو دیو کی پیشکش کی تھی، اُسے واپس لے لے، اور ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء اور ۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء میں وہ پرتگیزی بیڑوں کو پسپا کرسکے۔

ملک ایاز نے ۹۲۸ھ/۱۵۲۲ء میں وفات پائی اور دیو میں اس کا فرزند اسحٰق اس کا جانشین ہوا۔ ۹۳۳ھ/۱۵۲۶-۱۵۲۷ء میں اسحٰق نے بغاوت کر دی اور پرتگیزوں کو دیو کی پیش کش کی۔ نئے صوبے دار قوام الملک کا بیڑا وہاں پہلے پہنچ گیا اور اس نے ان کے بیڑے کو شکست دی، لیکن آئندہ موسم بہار میں پرتگیزوں نے دیو کے بیڑے کو، جو قوام الملک کے بیٹے کے زیر قیادت تھا، کچل دیا اور قوام الملک کو برطرف کرکے اس کی جگہ ملک ایاز کے دوسرے فرزند ملک طُوغان کو دیو کا حاکم مقرر کر دیا گیا۔

۹۳۷ھ/۱۵۳۱ء میں طُوغان نے دو عثمانی جرنیلوں، امیرمصطفٰی اور خواجہ صَفَر کی بر وقت مدد وائسرے Nuno da Cunha کے بھرپور حملہ میں اسے شکست دی۔

۹۴۲ھ/۱۵۳۵ء میں سلطان بہادر شاہ، جو ھمایوں سے بچ کر بھاگا تھا، اور مغل شہنشاہ دونوں نے پرتگیزوں کو دیو کی پیش کش کی۔ ادھر نُنودا کُنہا Nuno da Cunha نے بہادر شاہ کو کم طاقتور جان کر دیو کے بدلے میں جنگی مدد دینے کے ایک معاھدے پر ۲۷ ربیع الآخر ۹۴۲ھ/۲۵ اکتوبر ۱۵۳۵ء کو دستخط کیے۔

۹۴۳ھ/۱۵۳۶ء میں بہادر شاہ مغلوں کو نکال کر دیو واپس پہنچ گیا۔ یہاں اس نے نُنودا کُنہا کو دعوت دی کہ شمالی جانب آئے اور پھر ترغیب دی کہ ساحل میں اُتر آئے، جب وہ نہ آیا تو خود بہادر شاہ اس کے جہاز پر اس سے ملنے گیا۔ وہاں سے ساحل پر واپس آتے وقت پرتگیزوں سے ایک جھڑپ میں ۳ رمضان ۹۴۳ھ/۱۳ فروری ۱۵۳۷ء کو مارا گیا۔

اس کے بعد پرتگیزوں نے دیو کے محل، خزانے، اور اسلحہ خانے پر قبضہ کر لیا اور دیو پر ان کا اقتدار تسلیم کر لینے کے عوض میں ۹۴۳ھ/۱۵۳۷ء میں محمد زمان میرزا کی بادشاھی کا اعلان کر دیا۔ تاھم وہ دیو کے باھر شکست کھا گیا اور ۹۴۵ھ/۱۵۳۸ء میں خواجہ صفر نے اس جزیرے کا محاصرہ کر لیا۔ یہ محاصرہ (خادم) سلیمان پاشا [رک بآں] والی مصر کے ایک طاقتور بیڑا لے کر پہنچنے کے بعد اور زیادہ سخت ہو گیا، لیکن ۳ ماہ بعد ترکوں اور گجراتیوں میں باھم بدگمانی ھوگئی۔ ادھر اطلاع آئی کہ نُنودا کُنہا پہنچنا چاھتا ھے، اس پر محاصرہ اٹھا دیا گیا اور ۹ شوال ۹۴۵ھ/۲۵ فروری ۱۵۳۹ء کو صلح ھوگئی۔

۲۰ ربیع الآخر ۹۵۳ھ/۲۰ جون ۱۵۴۶ء کو خواجہ صفر نے دیو کا دوسری دفعہ محاصرہ شروع کیا جو سات مہینے جاری رہا۔ جواؤدی کاسترو (Joao de. Castro) نے ۱۹ ذوالقعدہ ۹۵۳ھ/ [بہ تصحیح ۱۱ جنوری ۱۵۴۷ء] کو مسلم فوج کو

marfat.com
Marfat.com

شکست دی اور محاصرہ ہٹا دیا ۔ اس سے پہلے ہی دوران محاصرہ میں خواجہ اور اس کے فرزند کی جان جا چکی تھی ۔

پرتگیز دیو کے قلعے سے کئی سال تک اجازت ناموں (cartazes) کے ذریعے گجرات کی ساری بحری آمد و رفت کی نگرانی کرتے رہے ۔

اگرچہ ۱۰۷۹ھ/۱۶۶۸ء اور ۱۰۸۶ھ/۱۶۷۶ء میں عربوں نے دیو پر چڑھائی کر کے اسے غارت کیا لیکن پرتگیزوں نے سلطنت مغلیہ کے زوال سے فائدہ اٹھا کر پورے جزیرے اور اس کے پاس کے خشکی کے علاقے تک اپنا قبضہ بڑھا لیا تھا اور ان کا یہ قبضہ دسمبر ۱۹۶۱ء تک قائم رہا ۔

**مآخذ :** (۱) M. S. Commissariat : *A. hitory of Gujrat*، ج ۱، لنڈن ۱۹۳۸ء؛ (۲) A. B. de Braganca Pereira : *Os Portugueses em Diu*، Bastora، بدون تاریخ .

(J. B. Harrison)

**دِیوان :** اشعار یا نثر کا مجموعہ [دیکھیے مقالہ عربیہ؛ فارسی ادب، ترکی ادب؛ اردو ادب اور شعر]، کتاب اندراجات، دفتر ۔ اس کے مادّے کے متعلق مآخذ میں اختلاف ہے ۔ بعض کاتب کے لیے فارسی لفظ ”دیو“ (بمعنی دیوانہ یا شیطان) کو اس کی اصل قرار دیتے ہیں ۔ دوسرے اسے ”دوّن“ سے مشتق عربی لفظ خیال کرتے ہیں، جس کے معنی جمع کرنے یا دفتر میں اندراج کرنے کے ہیں، لہٰذا اس کے معنی مثلوں یا کاغذات کا مجموعہ ہوے (دیکھیے القلقشندی : صبح الاعشی، ۱ : ۹۰؛ *LA*، ۱۷ : ۲۳ تا ۲۴؛ الصولی : ادب الکتّاب، ص ۱۸۷؛ الماوردی : الاحکام السلطانیہ، ص ۱۷۵؛ الجہشیاری : کتاب الوزراء، ص ۱۶ تا ۱۷؛ دیکھیے البلاذری : فتوح البلدان، ص ۴۴۹) ۔ بہر حال نظم و نسق میں اس اصطلاح کے معنی پہلے فوجیوں کی فہرست کے تھے (دیکھیے الصولی : کتاب مذکور، ص ۹۰؛ الکندی؛ الولاۃ والقضاۃ، ص ۸۶؛ البلاذری : فتوح البلدان، ص ۴۵۴) ۔ پھر اس کے معنی ہر قسم کی فہرست یا کتاب اندراجات کے ہو گئے، دفتر کے لیے تو یہ بعد میں استعمال ہونے لگا ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تصور خارجی ہے لیکن یہ اصطلاح بذات خود پہلے سے مروج تھی ۔

۱ ۔ خلافت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تاریخ اسلام میں پہلا دیوان (جسے عموماً الدیوان کہتے تھے) قائم کیا (الجہشیاری : کتاب مذکور، ص ۱۶) ۔ مآخذ سے پتا چلتا ہے کہ انھوں نے تنخواہوں کے انتظام، جنگ کے سپاہیوں کی فہرست اور بیت المال کی تنظیم کی ضرورت سے ایسا کیا (دیکھیے الجہشیاری، ص ۱۶، ۱۷؛ البلاذری : فتوح، ص ۴۴۹ تا ۴۵۱؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۱۴۸؛ الیعقوبی : تاریخ، ۲ : ۱۳۰؛ [امام] ابو یوسف : کتاب الخراج، ص ۲۵؛ الصولی : ادب الکتّاب، ص ۱۹۰ تا ۱۹۱؛ ابو سالم : العقد، ص ۱۵۴ تا ۱۵۵) ۔ گو بعض بیانات اس واقعے کو ۱۵ ہجری سے منسوب کرتے ہیں، لیکن زیادہ معتبر و مستند مآخذ ۲۰ ہجری کو ترجیح دیتے ہیں (دیکھیے الطّبری، ۴ : ۱۶۲؛ الیعقوبی، ۲ : ۱۷۰؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۱۴۸ تا ۱۴۹؛ البلاذری : فتوح البلدان، ص ۴۵۰؛ ابو یوسف، ص ۲۴) .

یہ پہلا دیوان ”دیوان الجند“ تھا ۔ یہ فہرست مدینۂ منورہ کے باشندوں، فتوحات میں حصہ لینےوالی فوجوں اور ان افراد پر مشتمل تھی، جو صوبوں کی محافظ فوج میں شامل ہونے کے لیے اپنے خاندان سمیت نقل مکانی کر گئے ۔ کچھ موالی بھی فہرست میں درج کیے گئے تھے، لیکن یہ طریق کار جاری نہ رہا ۔ ناموں کے ساتھ تنخواہ اور راتب بھی مذکور ہوتے تھے (ابوعبید : کتاب الاموال، عدد ۵۶۲، ۵۶۷، ۵۶۸؛ الطبری، ۴ : ۱۶۳) ۔ علم الانساب کے تین ماہروں کی جماعت قبیلہ وار اندراج کرتی تھی اور تنخواہ گزشتہ اسلامی خدمات اور رسول اللہ صلّی علیه و آلہ وسلّم کے ساتھ رشتہ داری

Marfat.com

کے مطابق مقرر کی جاتی تھی ۔ قبیلہ وار اندراج کا سلسلہ اموی عہد کے اختتام تک جاری رہا [امام] ابو یوسفؒ، ص ۲۴، ۲۶ تا ۲۷؛ الطبری، ۳ : ۱۶۲ تا ۱۶۳؛ الیعقوبی : تاریخ ، ۲ : ۱۳۲؛ ابوعُبَید: کتاب الاموال، عدد ۵۶۹، ۵۲۰، ۵۷۷؛ البلاذری : فتوح البلدان، ص ۴۵۰ ببعد، ۴۵۷ تا ۴۵۹؛ المقریزی : الخطط ، ۱ : ۱۴۹ تا ۱۵۰) ۔ اسی قسم کے دیوان (الجُند) بصرے، کُوفے اور فسطاط جیسے صوبائی صدر مقامات میں قائم کیے گئے (دیکھیے الجَہشیاری، ص ۲۱، ۲۳؛ الثعالبی : اللطائف، ص ۵۹) ۔ علاوہ ازیں، صوبوں میں بوزنطی اور ساسانی خراج کے دیوان (مالگزاری کے محکمے) پہلے کی طرح بدستور اپنا کام کرتے رہے (جہشیاری، ص ۳۸؛ قب ص ۳).

اُموی عہد : دمشق کا دیوان الخراج مرکزی دیوان بن گیا اور اس کی اہمیت جتانے کے لیے اب اُسے الدیوان کہنے لگے ۔ یہ اراضی کی مالگذاری کی تشخیص اور وصولی کی نگرانی کرتا تھا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ (م ۶۰ھ/۶۸۰ء) کے تحت دیوان الرسائل (دیوان خط و کتابت) وجود میں آیا ۔ خلیفہ تمام خط و کتابت پڑھتا اور اپنی رائے کا اظہار کرتا، پھر معتمد (کاتب) اس کے حسب منشا خطوط یا دستاویزات تیار کرتا تھا (الجہشیاری، ص ۲۴، ۳۴؛ القلقشندی، ۱ : ۹۲) ۔ حضرت معاویہؓ نے "دیوان الخاتم" یا "دفتر مہر" قائم کیا، جہاں اس خط یا دستاویز کی نقل تیار کی جاتی اور سنبھال کر رکھی جاتی تھی ۔ پھر اصل کی جانچ پڑتال ہوتی، اور اس پر مُہر لگا کے ارسال کر دی جاتی ۔ یہ انتظام جعلسازی کی روک تھام کے لیے کیا گیا تھا (جَہشیاری، ص ۲۵؛ الثعالبی : لطائف، ص ۱۶؛ Nabia Abbott : *Kurrah papyri*، ص ۴۱؛ نیز دیکھیے Grohmann : *C P R*، ج ۳، Bd. ۱/۱، ۱۷ ببعد) ۔ البلاذری کہتا ہے کہ یہ دفتر زیاد بن ابیہ، والیِ عراق نے سب سے پہلے فارسی اثرات کے تحت قائم کیا تھا (فتوح البلدان، ص ۴۶۴) ۔ حضرت معاویہؓ نے "دیوان البرید" (ڈاک خانہ)، کی بنا ڈالی جس کی تنظیم نو بعد میں عبدالملک (م ۸۶ھ/۷۰۵ء) نے کی تھی [مزید دیکھیے برید] .

دیوان الجند اپنی فہرستوں کی تجدید کے لیے وقتاً فوقتاً عربوں کی قبیلہ وار مردم شماری کرتا رہتا تھا ۔ دیوان مصر نے پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی کے دوران میں تین بار مردم شماری کی، تیسری مردم شماری قرہ بن شریک نے ۹۵ھ میں کی تھی (الکندی : تاریخ الوُلاۃ، ص ۸۶؛ المقریزی : الخطط ، ۱ : ۱۵۱) .

دیوان النفقات (=اخراجات)، جو غالباً ایک بوزنطی محکمے ہی کا سلسلہ تھا، کل اخراجات کا حساب رکھتا تھا (دیکھیے جَہشیاری، ص ۳) ۔ یہ بیت المال [رک بآں] سے وابستہ دکھائی دیتا ہے (جَہشیاری، ص ۴۹) ۔ دیوان الصدقہ کی بنیاد زکوٰۃ اور عُشر [رک بآنہا] کی تعیین کے لیے رکھی گئی تھی ۔ ایک دیوان المستغلّات، بظاہر، شہروں میں سرکاری اراضی اور عمارات، خصوصاً لوگوں کو کرائے پر دیے ہوے "سوقوں" (=منڈیوں) کے انتظام کے لیے قائم کیا گیا تھا ۔ دیوان الطراز پھریرے، عَلَم، سرکاری وردیاں اور فرنیچر بنانے کا ذمے دار تھا ۔ اس کے کاتب کا نام کپڑے پر لکھا ہوتا تھا (دیکھیے الجَہشیاری، ص ۶۰ ؛ الصابی : الرسائل ، ۱ : ۱۴۱).

ہر صوبے میں ایک دیوان الخراج، جہاں کل مالیہ ("لوجوہ الاموال") جمع ہوتا، ایک دیوان الجند اور ایک دیوان الرسائل ہوتا تھا (الجَہشیاری، ص ۲۱، ۲۳، ۲۴، ۲۷، ۳۶، ۴۴ تا ۴۵، ۶۰، ۶۱، ۶۳ تا ۶۴) ۔ ایک دیوان کا کاتب اعلیٰ حجّاج کے تحت تین سو درہم ماہانہ تنخواہ پاتا تھا (الجہشیاری، ص ۶۱) .

عبدالملک نے دیوان، طراز اور رائج الوقت سکوں میں عربیت پیدا کرنے کی حکمت عملی کا آغاز کیا ۔

marfat.com
Marfat.com

اب تک خراج کے دیوان مقامی زبانیں استعمال کرتے تھے: فارسی عراق اور ایران میں، یونانی شام میں، قبطی اور یونانی مصر میں؛ نیز وہ حساب کتاب رکھنے میں سابق طریقوں کا تتبع کرتے تھے حتّٰی کہ اکثر مقامی مُہریں اور تاریخیں عام استعمال ہوتی تھیں۔ اب عربی علامات اور قواعد کو مروّج کیا گیا اور سابق نظام تقویم کو اسلامی قمری سال کے مطابق بنا دیا گیا (دیکھیے *PERF* عدد ۵۶۶، ۵۵۹، ۵۶۶، ۵۸۶، ۵۸۷، ۵۸۹، ۶۰۱؛ *CPR* ۳ Bd. ۱، Teil ۱ : ۸۷، Teil ۲ c-ci)۔ سرکاری زبان بننے سے پہلے عربی کبھی کبھار استعمال ہوتی تھی (سب سے پہلا ورق بردی جو سلامت ہے اس کی تاریخ ۲۲ھ ہے۔ *PERF*، عدد ۵۵۸)۔ پھر بھی مقامی زبانیں دوسری صدی ہجری آٹھویں صدی عیسوی میں خاصی دیر تک وقتًا فوقتًا استعمال ہوتی رہیں (قب Grohmann : *Étude de papyrologie*، ۱ : ۷۷ تا ۹۷؛ *P. Lond*، ۴ : ۱۷م؛ Nabia Abbott : کتاب مذکور، ص ۱۳ تا ۱۴)۔ سلطنت کے محکموں میں عربی کی ترویج درجہ بدرجہ ہوئی۔ ۷۸ھ/۶۹۷ء میں حجّاج نے عراق کے دیوانوں میں عربی رائج کی (الجہشیاری، ص ۳۹؛ البلاذری : فتوح البلدان، ص ۳۰۰ تا ۳۰۱؛ الصولی : ادب الکتّاب، ص ۱۹۲)؛ پھر ۸۱ھ/۷۰۰ء میں عبدالملک نے شام کے دواوین میں عربی رائج کی (البلاذری : فتوح البلدان، ص ۱۹۳؛ الجہشیاری، ص ۴۰؛ الصولی : ادب الکتّاب، ص ۱۹۲ تا ۱۹۳)۔ مصر کے دیوان ۸۷ھ/۷۰۵ء میں عربی ہوے (الکندی : تاریخ ولاۃ مصر، ص ۸۰؛ ابن عبدالحکم : فتوح مصر و المغرب، ص ۱۲۲؛ المقریزی : الخطط : ۱ : ۱۵۰)۔ آخر میں، خراسان کے دیوان میں ۱۲۴ھ/۷۴۲ء میں الھشام کے عہد میں عربی سرکاری زبان قرار پائی (الجہشیاری، ص ۶۳ تا ۶۴)۔ ذمیّوں کو، جو ان محکموں میں کثرت کے ساتھ کاتب تھے، ہٹانا پڑا، لیکن کچھ بدستور ملازم رہے۔ موالی برابر ملازمت میں لیے جاتے رہے (قب الجہشیاری،

ص ۶۱، ۶۷، ۳۸ تا ۴۰، ۵۱؛ Tritton : *The Caliphs and their non-Muslim subjcets*، باب ۲؛ الکندی : تاریخ وُلاۃ مصر، ص ۸۰؛ البلاذری : فتوح البلدان، ص ۱۹۳؛ von Kremer : *The Orient*، ص۱۹۶ تا ۱۹۷).

عباسی عہد : بنو عباس نے دیوان کے اموی نظام میں توسیع کی اور اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا اور وزیر [رک بآں] کے توسّط سے مرکزی دفتر سے ہدایات دینے کا انتظام کیا۔

السّفاح کے تحت بنو مروان کی ضبط شدہ اراضی کے لیے ایک دیوان قائم کیا گیا (الجَہْشیاری، ص ۹)۔ یہی غالبًا ترقی کرکے "دیوان الضیاع" بن گیا، جو خلیفہ کی ذاتی جاگیر کی بھی نگرانی کرتا تھا (کتاب مذکور، ص ۷۷).

المنصور کے تحت سیاسی حریفوں کی جائدادوں کو ضبط کرنے اور ان کی دیکھ بھال کے لیے ایک عارضی دیوان بنایا گیا (الیعقوبی، ۳ : ۱۲۷؛ الفخری، ص۱۱۵)۔ ایک "دیوان الاحشام" کا بھی ذکر ملتا ہے؛ یہ غالبًا محل کے ملازمین کی دیکھ بھال کرتا تھا (Wiet ۔ الیعقوبی : *Les Pays*، ص ۱۵)۔ ایک دیوان الرقاع (درخواستیں) بھی تھا، جس کا کام خلیفہ کے سامنے پیش کرنے کے لیے درخواستیں جمع کرنا تھا (ابن طَیفور؛ تاریخ بغداد، ج ۶).

المہدی کے عہد حکومت میں، ۱۶۲ھ/۷۷۸ء میں "دواوین زِمام" (=نگرانی) کا ذکر آتا ہے؛ یہ زِمام ہر دیوان کے ساتھ ہوتا تھا۔ ۱۶۸ھ/۷۸۴ء میں تمام دواوین زمام کے اوپر ان کی نگرانی کے لیے ایک اور مرکزی دیوان، زمام الازمّہ قائم کیا گیا، جو تمام دواوین زمام کے حسابات کی جانچ پڑتال اور کام کی نگرانی کرتا اور واحد دیوان اور وزیر یا دیگر دواوین کے درمیان واسطے کا کام کرتے تھے (الجَہْشیاری، ۱۴۶، ۱۶۶، ۱۶۸؛ الطبری، ۱۰ : ۱۱؛ البلاذری: فتوح البلدان، ص ۴۶۴)۔ دیوان المظالم کو

Marfat.com

سرکاری گماشتوں کے خلاف لوگوں کی شکایات پر غور کرنے کے لیے بنایا گیا تھا ۔ اس دیوان میں قاضی اجلاس کرتے تھے (الفخری، ص ۱۳۱) .

معلوم ہوتا ہے کہ دیوان الخراج تمام محاصل اراضی کی دیکھ بھال کرتا تھا، جب کہ دیوان الصدقه کا کام مویشیوں کی زکوٰۃ تک محدود تھا (قب الیعقوبی: کتاب البلدان، ص ۱۱ ؛ [امام] ابو یوسفؒ : کتاب الخراج، ص ۸۰ تا ۸۱)۔ اس کی مختلف شاخیں تھیں، جن میں جہبذہ کی شاخ بھی شامل تھی جو حسابات کی پڑتال اور مالیه کی مدات کی کیفیت کی جانچ کے لیے تھی (الجہشیاری، ص ۲۲۰ تا ۲۲۱؛ التنوخی: الفرج، ۱ : ۳۹ تا ۴۰ [مزید دیکھیے جہبذ] ۔ ایک اور شاخ تھی، جس کا نام "مجلس العسکدار" تھا، جہاں موصول ہونے والے اور باہر بھیجے جانے والے خطوط اور دستاویزات کی مثلیں متعلقه افراد کے ناموں کے ساتھ تیار کی جاتی تھیں ۔ یہی شاخ "دیوان البرید" میں اور " دیوان الرسائل" میں پائی جاتی ہے (الجہشیاری ، ص ۱۹۹؛ الخوارزمی : مفاتیح العلوم، ص ۴۲، ۵۰) ۔ "دیوان الخراج" کے خطوط کی جانچ پڑتال "دیوان الخاتم" میں ہوتی تھی اور اس دفتر میں تاخیر ہو جانے کی وجہ سے الرّشید نے اپنے وزیر کو براہ راست خطوط بھیجنے کی اجازت دی تھی (الجہشیاری، ص ۱۷۸).

المتوکّل کے عہد حکومت میں دیوان الموالی و الغلمان کا ذکر بھی آتا ہے جو شاید دیوان الاحشام کا دوسرا نام ہے۔ اس کا تعلّق محل کے غلاموں اور متوسّلین سے ہوتا تھا جن کی تعداد بہت زیادہ تھی (الیعقوبی : کتاب البلدان، ص ۳۳) .

"دیوان الخاتم" جسے "دیوان السّر" (صیغۂ راز) بھی کہتے تھے (الجہشیاری، ص ۱۷۷)، اس بنا پر خاص اہمیت رکھتا تھا کہ اس کے سربراہ کا خلیفه سے قریبی رابطه ہوتا تھا (قب الطبری، ۱۰ : ۵۱ تا ۵۲) .

صوبوں میں خراج، جُند اور رسائل کے مقامی دیوان ہوتے تھے جو مرکزی دیوانوں کی چھوٹے پیمانے پر نقل ہوتے تھے (قب الجہشیاری، ص ۱۴۱، ۱۴۲، ۱۷۷، ۲۲۰ تا ۲۲۱) .

کبھی کبھی ایک نامور کاتب کا ایک سے زیادہ دواوین پر تقرر کر دیا جاتا تھا (کتاب مذکور، ص ۲۶۶؛ قب ص ۱۷۹) ۔ مأمون کے عہد تک "کُتّاب" کی تنخواہیں تین سو درہم سے دس درہم ماہوار تک ہوتی تھیں (الجہشیاری، ص ۲۳، ۱۲۶، ۱۳۱ تا ۱۳۲) ۔ الجاحظ کہتا ہے کہ مأمون کے بعد سب سے زیادہ تنخواہ پانے والا کاتب الخراج تھا (قب ثلاث رسائل طبع Finkel، ص ۴۹) ۔ (مزید دیکھیے مادّۂ کاتب).

دیوان تیسری، چوتھی صدی ہجری / نویں، دسویں صدی عیسوی میں پوری طرح پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے تھے .

دیوان الخراج کے پاس عموماً مقامی (صوبائی) دیوانوں کی مثلوں کی نقول ہوتی تھیں، لیکن تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے وسط تک ہر صوبے کا دارالخلافت میں ایک خاص دیوان (الخراج) الگ الگ تھا ۔ المعتضد نے ان تمام دیوانوں کو باہم ملا کر ایک دیوان بنا دیا جسے دیوان الدار (یا دیوان الدار الکبیر) کہتے تھے ۔ اس کے جانشین المکتفی کے عہد میں دوبارہ تین دیوان بنا دیے گئے : دیوان المشرق، مشرقی صوبوں کے لیے؛ دیوان المغرب، مغربی صوبوں کے لیے اور دیوان السواد عراق کے لیے ۔ علی بن عیسیٰ دیوان السواد کو اہم ترین دیوان خیال کرتا تھا (مسکویه : تجارب الاُمم، ۱ : ۱۵۲) ۔ بہر حال المقتدر کے عہد میں بھی ایک مرکزی دفتر دیوان الدار موجود تھا ۔ تینوں دیوان وزیر یا اس کے بعد کے کسی ایک کاتب کے ماتحت رہے، اور انھیں ابھی تک دیوان الدار کی شاخیں تصور کیا جاتا تھا (قب الصابی،

marfat.com
Marfat.com

کتاب الوزاراء، ص ۱۲۳ تا ۱۲۴، ۱۳۱ تا ۱۳۲، ۲۶۲؛ یاقوت : ارشاد، ۱ : ۲۲۶؛ العریب، ص ۲۴؛ مِسکویہ، ۱ : ۱۵۱ تا ۱۵۲؛ Bowen : علی بن عیسیٰ، ص ۳۱ تا ۳۲) ۔ ایسا معلوم ہے کہ دار یا محل دارالوزارۃ یا وزیروں کی اقامت گاہ پر دلالت کرتا ہے (قبّ الصابی : تاریخ الوزراء، ص ۱۳۱)۔ دیوان الدار کا کاتب عمّال کے ساتھ براہ راست خط و کتابت کرنے کا مجاز تھا (الصابی : تاریخ الوزراء، ص ۱۷۷)۔ بنو بویہ کے قبضے (۳۳۴ھ/۹۴۵ء) کے بعد خلافت کے حصے بکھرے ہو جانے کے باعث ہم فقط دیوان السواد ہی کا نام سنتے ہیں (قبّ صابی : تاریخ الوزراء، ص ۳۶۷ تا ۳۶۸).

خراج کے دیوانوں کے پاس اراضی کے رقبوں، محاصل کی شرحوں، نقد یا جنس میں، اور مستعمل اوزان کی فردیں رہتی تھیں (الماوردی؛ کتاب مذکور، ص ۱۸۲ تا ۱۸۳؛ الخوارزمی: مفاتیح العلوم، ص ۳۷)۔ وہ خراج، جزیہ اور زکوٰۃ کی آمدنی وصول کرتے تھے (الحسن بن عبداللہ : آثار الاول (بولاق ۱۲۹۵/۷۲)۔ "دیوان العشر" کے نام سے الماوردی کامطلب اس دیوان کی ایک شاخ ہی ہو سکتا تھا (الماوردی، ص ۱۸۲).

جب دیوان الدار بنایا گیا تو زمام کے متعلقہ دیوانوں کو یکجا کر دیا گیا (الصابی : تاریخ الوزراء، ص ۷۳، ۸۴؛ وہی مصنف : تاریخ، ص ۳۶۸) ۔ زمام "بیت المال اور لوگوں کے حقوق کا نگہبان ہوتا تھا" (الماوردی، ص ۱۸۹) ۔ یہ دیوان الخراج میں اراضی سے متعلقہ دستاویزات کی ایک اور نقل رکھتا تھا، اور مالیے کی تشخیص اور رقوم کی ادائی اور وصولی کے احکام کی جانچ پڑتال کرتا تھا (الماوردی، ص ۱۹۰ تا ۱۹۱)۔ المعتضد کی عطا کردہ اقطاع جو وزیر اور دیوان الدار کے کاتب کی منظور شدہ ہوتی تھی، اس کا انتقال دیوان الزمام کا کاتب اس وقت تک نہ ہونے دیتا تھا جب تک کہ وہ اپنے اندراجات میں اس اقطاع کی پڑتال نہ کر لیتا تھا (الصابی : تاریخ الوزراء، ص ۶۸۳).

دیوان النفقات کا تمام دیوانوں سے سروکار تھا ۔ وہ ان کے اخراجات کے حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرتا اور اس کے بارے میں اپنی رائے لکھتا تھا (الحسن بن عبداللہ، کتاب مذکور، ص ۱۷)۔ تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کے اختتام پر اس کا زیادہ تر واسطہ دارالخلافت کی ضروریات سے رہ گیا (Mez (عربی)، ۱ : ۱۲۵؛ قبّ الصابی :تاریخ الوزراء، ص ۱۱ ببعد)۔ یہ متوالی اور جاریہ اخراجات کی مثلیں رکھتا تھا (الصابی : تاریخ الوزرا، ص ۱۶)، اور اس کے کئی ذیلی شعبے تھے جو اخراجات کی مختلف مدّات سے سروکار رکھتے تھے (قبّ Mez (عربی)، ۱ : ۱۲۵ تا ۱۲۶) ۔ نفقات کا زمام بھی تھا اور ۳۱۵ھ/۹۲۷ء میں اس کے کاتب کے پاس خزائن کا زمام بھی ہوتا تھا (الصولی : اخبار الراضی و المتّقی، ص ۶۱؛ مِسکویہ، ص ۱۵۲).

"بیت المال کا دیوان" جسے الدیوان السامی بھی کہتے تھے، بیت المال میں داخل ہونے والے نقود و اجناس کے ذرائع کی قسم وار مثلیں رکھتا تھا، اور اس کی تحویل میں مختلف اقسام کے محاصل کے لیے خزانہ اور ہر ایک کے لیے ایک چھوٹا دیوان ہوتا تھا، مثلاً دیوان الخزانہ (کپڑے اور روپے کے لیے)، دیوان الاہراء (اناج کے لیے)، اور دیوان خزانۃ السلاح (اسلحہ کے لیے) (الحسن بن عبداللہ : کتاب مذکور، ص ۲۷؛ قبّ الصابی: تاریخ الوزراء، ص ۱۶)۔ یہ دیوان آمدنی کی تمام مدات کی پڑتال کرتا تھا اور اسی سے اخراجات کی منظوری لینا پڑتی تھی ۔ وزیر تمام ہنڈیوں اور روپے کی ادائی اس کے کاتب کا نشان دیکھ کر کرتا تھا (Mez (عربی)، ۱ : ۱۲۶ تا ۱۲۷)۔ یہ دیوان عموماً ماہانہ اور سالانہ آمد و خرچ کی فہرستیں یا فردیں تیار کرتا تھا ۔ (۳۱۵ھ/۹۲۷ء میں علی بن عیسیٰ نے ہفتہ وار فردیں تیار کرنے کی استدعا کی تھی ۔ مِسکویہ، ۱ : ۱۵۱ تا ۱۵۲؛ الصابی : تاریخ الوزراء، ۳۰۳، ۳۰۶).

Marfat.com

دیوان الجَہبذہ بیت المال [رک بآں] ہی کی ایک شاخ تھی (مزید دیکھیے دفتر، جہبذ) ۔ دیوان الضیاع خزانے کی جاگیروں کا انتظام کرتا تھا (الہمدانی : تکملہ، ص۱۸؛ مِسکویہ، ۱: ۲۱؛ قبَ الصابی: الرسائل، ۱: ۱۳۹)، تاہم وقتاً فوقتاً ہم ایک سے زائد دیوان الضیاع کے نام سنتے میں آتے ہیں ۔ ۳۲۵ھ میں دیوان الضیاع الخاصّہ والمستحدثہ تھا (یعنی خلیفہ کی ذاتی اور نئی حاصل کی ہوئی جاگیریں)، اور دیوان الضیاع الفراتیہ (یعنی دریاے فرات کے کنارے کی جاگیریں) (الصابی : تاریخ الوزراء، ص۱۲۳ تا ۱۲۴؛ مِسکویہ، ۱ : ۱۵۲).

۳۰۴ھ/۹۱۶ء میں ابن الفُرات نے ایک دیوان المرافق قائم کیا (لفظی ترجمہ امدادیں؛ رشوتیں، یعنی جو والیانِ صوبہ ادا کرتے تھے، صریحاً اس دولت سے، جو مشتبہ ذرائع سے اکھٹی کی ہوتی تھی) ۔ مرافق کی رقم ان دلوں شام سے ایک لاکھ دینار سالانہ اور مصر سے دو لاکھ دینار آتی تھی ۔ علی بن عیسٰی نے مرافق کی ممانعت کر دی، کیونکہ ان سے انتظامیہ میں بدعنوانیاں پیدا ہوتی تھیں (مِسکویہ، ۱ : ۴۴، ۱۰۸، ۲۴۱ تا ۲۴۲؛ الصابی :تاریخ الوزراء، ص ۳۱ تا ۳۲، ۸۱).

اگرچہ ہر دیوان میں، جو مالیات کا کام کرتا تھا، زِمام (محکمہ نگرانی) ہوتا تھا، مگر وقتاً فوقتاً زِمام کے تمام دیوان ایک ہی شخص کو سونپ دیے جاتے تھے۔ ۲۹۵ھ/۹۰۷ء میں یک روزہ کے خلیفہ ابن المعتزّ کے وزیر نے تمام "اصول" (حقیقی دیوان) علی بن عیسٰی کے تحت اور زمام کے دیوان ابن عبدون کے تحت کر دیے (مِسکویہ، ۱ : ۶۰) ۔ ۳۱۹ھ/۹۳۱ء میں جملہ زمام کو ایک کاتب اور "اصول" کو وزیر کے ماتحت کر دیا گیا (مسکویہ، ۱ : ۲۲۶) ۔ اس کا اعادہ ۳۲۵ھ/ ۹۳۶-۹۳۷ء اور ۳۲۷ھ/۹۳۸ - ۹۳۹ء میں کیا گیا (الصولی : اخبار الراضی والمتّقی، ص ۸۷، ۱۴۷) .

دیوان الجند کے پاس افواج کی فہرست رہتی تھی، جس میں ان کے عہدوں اور ان کی تنخواہوں یا اقطاع کے مطابق درجہ بندی ہوتی تھی ۔ یہ دو حصوں پر مشتمل ہوتی تھی، ایک تنخواہ (عطاء [رک بآں]) اور اخراجات کی، اور دوسری فوج کی بھرتی اور جماعت بندی (تصنیف) کی (الجاحظ : ثلاث رسائل، ص ۴۹)؛ قدامہ انھیں مجالس التقریر اور مجالس المقابلہ سے موسوم کرتا ہے، Mez (عربی)، ۱ : ۱۶۵ ۔ نیز دیکھیے الماوردی، ص ۱۷۹ تا ۱۸۰ ۔ اس دیوان کا ایک زِمام تھا، جسے دیوان زمام الجیش کہتے تھے جو اس کے حساب کتاب اور خرچ پر نگرانی رکھتا تھا (مسکویہ، ۱ : ۱۵۲).

دیوان الرسائل براہ راست وزیر یا ایک کاتب کے ماتحت ہوتا تھا ۔ مکتوبات اور دستاویزات کا مسودہ وزیر (یا خلیفہ) کی ہدایات پر کاتب اول تیار کرتا تھا، اور جب وہ اس کی منظوری دے دیتا تو پھر اس کی آخری نقل تیار کی جاتی تھی ۔ کبھی کبھی کوئی خاص خوشنویس (محرّر) یہ آخری نقل تیار کرتا تھا ۔ تین سال کے بعد مکتوبات اور دستاویزات الخزانۃ العُظمٰی (بڑے محافظ خانے) میں بھیجی جاتی تھیں تا کہ وہاں ان کی آخری قسم بندی کی جائے اور فہرست بنائی جائے (القَلْقَشندی، ۱ : ۹۶؛ ابن الصَّیرفی : قانون دیوان الرسائل، ص ۹۴، ۱۰۰ تا ۱۰۳، ۱۰۸ ببعد، ۱۱۶، ۱۱۸، ۱۴۴ تا ۱۴۵؛ الجاحظ : ثلاث رسائل، ص۴۹؛ الخوارزمی: مفاتیح العلوم، ص ۵۰؛ قبَ الصابی : تاریخ الوزراء، ص ۱۰۹، جہاں "دیوان الخرائط" استعمال ہوا ہے) ۔ دیوان الفض، جو غالباً ابتدا میں دیوان الرسائل کا ایک شعبہ تھا، مکتوبات اور دستاویزات وصول کرتا، انھیں کھولتا اور ان کی قسم بندی کرتا، ان کی پشت پر ان کے مندرجات کا خلاصہ لکھتا، انھیں وزیر کے سامنے پیش کرتا اور ان کی تحریری یاد داشت رکھتا تھا (Mez (عربی)، ۱ : ۱۳۰ تا ۱۳۱؛ ابن الصیرفی: کتاب مذکور، ص ۱۰۸؛ التوحیدی : الامتاع و المؤانسۃ، ۱ : ۹۸) ۔ ۳۱۵ھ میں فَضّ اور خاتم کو ایک دیوان

marfat.com
Marfat.com

میں جمع کر دیا گیا (مسکویہ، ۱ : ۱۵۲).

۳۰۱ھ میں علی بن عیسٰی نے مذہبی خیرات و مبرّات ("وقوف" اور "صدقات") کے انتظام کے لیے ایک دیوان البرّ قائم کیا۔ اس کی آمدنی مکّۂ معظّمہ اور مدینۂ منورہ کے مقدس مقامات اور بوزنطی محاذ جنگ کے رضاکاروں پر خرچ کی جاتی تھی (مسکویہ، ۱ : ۲۵۷، قب ص ۱۵۱)۔ دیوان الصدقات بدستور مویشیوں پر زکوٰۃ لگاتا رہا۔ ۳۱۵ھ/۹۲۷ء میں ایک ہی کاتب البرّ اور صدقات کے دونوں دیوانوں کی نگرانی کرتا تھا (مسکویہ، ۱ : ۱۵۲ ؛ صابی : رسائل، ص ۱۱۱).

دیوان الحَرَم کا ذکر بھی آتا ہے، جو محل کے زنان خانے کے امور کی نگرانی کرتا تھا (مسکویہ، ۱ : ۱۵۲).

ضبط شدہ املاک کے انتظام کے لیے ایک دیوان تھا، جسے دیوان المصادَرین کہتے تھے (صابی : وزراء، ص ۳۰۶، ۳۱۱)۔ قرقیوں کی دو نقلیں تیار کی جاتی تھیں، ایک دیوان کے لیے اور دوسری وزیر کے لیے (مسکویہ، ۱ : ۱۵۵)۔ ضبط شدہ جاگیروں کے انتظام کے لیے دیوان الضیاع المقبوضہ بنایا گیا تھا (صابی : وزراء، ۲۱، ۳۰ ؛ مسکویہ، ۱ : ۸۴ ؛ ہمدانی : تکملہ، ص ۸۳، جہاں ایک "دیوان المخالفین" کا بطور املاک مؤنس کے منتظم کے ذکر کیا گیا ہے).

یہ بات واضح ہے کہ ایک ہی دیوان کے الگ الگ شعبوں کو بھی بعض اوقات دیوان کہتے تھے؛ نیز بعض دیوان مختصر مدت کے لیے ہوتے تھے اور انھیں عارضی ضروریات کے لیے قائم کیا جاتا تھا۔ علاوہ ازیں بعض اوقات ایک سے زائد دیوان ایک کاتب کے ماتحت ہوتے تھے (دیکھیے صابی: وزراء، ص ۲۷، ۱۲۳ تا ۱۲۴).

معتضد کے عہد حکومت میں پھر دو دن کی تعطیل کی جانے لگی تھی، منگل کو آرام کے لیے اور جمعے کو نماز کے لیے (صابی : وزراء، ص ۲۲۳).

دیوانوں کے سربراہوں کی تنخواہوں میں تفاوت پایا جاتا تھا۔ چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی کے اوائل میں دیوان السواد کا کاتب ۵۰۰ دینار ماہانہ وصول کرتا تھا اور دیوان العطاء کا کاتب صرف دس دینار۔ ۳۱۴ھ میں علی بن عیسٰی نے تنخواہوں میں ایک تہائی کی کمی کر دی، لہٰذا دیوان السواد کے کاتب کو ۳۳۳ ½ دینار ملتے تھے اور دیوان الفضّ اور دیوان الخاتم کے کاتبوں کو دو دو سو دینار۔ دیوان المشرق اور دیوان الضیاع الخاصّہ والمستحدثہ کے کاتبوں میں سے ہر ایک کو ۱۰۰ دینار، دیوان الدار کے کاتب کو ۵۰ دینار اور زمام کے دیوانوں کے ہر ناظم کو مع اپنے کُتّاب کے ۲۷۰۰ دینار (صابی : وزراء، ص ۳۱، ۸۴، ۱۷۷، ۱۷۸، ۳۱۴؛ قب، کتاب مذکور، ص ۲۰ تا ۲۱ ؛ مسکویہ، ۱ : ۶۸)۔ کفایت شعاری کے اقدامات کے پیش نظر علی بن عیسٰی نے سال کو گھٹا کر تنخواہ کے ۸ تا ۱۰ ماہ کا کر دیا اور یہ عام معمول ہو گیا (صابی: وزراء، ص ۳۱۴ ؛ مسکویہ، ۱ : ۱۵۲).

بویہی عہد (۳۳۴ تا ۴۴۷ھ/۹۴۵ تا ۱۰۵۵ء) تک بھی ہم دیوان السواد، مع اس کے ایک کاتب اور ایک معاون کاتب (خلیفہ) کے، نیز دیوان الضیاع (یا الضیاع الخاصّہ) کا نام سنتے ہیں (صابی : تاریخ، سال ۳۹۰ھ، ص ۴۰۱ تا ۴۰۲، سال ۳۹۲ھ، ص ۴۶۷ تا ۴۶۸؛ مسکویہ، ۲ : ۱۲۰ تا ۱۲۱ ؛ ابوشجاع : ذیل تجارب الامم، ص ۱۴۷)۔ مالیات کے مرکزی دیوان کو اب "الدیوان" کہتے تھے؛ یہ وزیر کے ماتحت یا اس سے اگلے درجے کے کاتب کے ماتحت ہوتا تھا (دیکھیے مسکویہ، ج ۲، سال ۳۳۸ھ، ص ۲۴۲، ۲۶۳، ۲۶۶؛ ابوشجاع، ص ۱۴۳)۔ ۳۸۹ھ/۹۹۹ء میں بغداد کے بنے ہوئے ریشمی کپڑے پر [illegible] عائد کرنے کے لیے ایک خاص دیوان بنایا گیا (صابی :

Marfat.com

تاریخ، ص ۳۶۴) ۔ دیوان النفقات ایک خاص "زمام" کے ساتھ (مسکویہ ۲ : ۱۲۰ تا ۱۲۱) اخراجات کے حساب کتاب اور رقم کی جانچ پڑتال کے لیے جاری رہا (دیکھیے صابی : تاریخ، ص ۳۵۳، ۳۵۷) ۔ تاہم مالیاتی دیوانوں کی نگرانی کے لیے دیوان الزمام بھی موجود تھا (کتاب مذکور، ص ۳۶۷ تا ۳۶۸) خزانے کے دیوان کو دیوان الخزائن یا دیوان الخزن کہتے تھے (ابوشجاع، ص ۷۶ ؛ صابی : تاریخ، ص ۳۶۸ ؛ الخوارزمی : مفاتیح، ص ۴۱) ۔ اس دیوان کا سربراہ خازن یا ناظر کہلاتا تھا اور وقتاً فوقتاً دارالضرب بھی اس کی تحویل میں دے دیا جاتا تھا (ابو شجاع، ص ۲۵۰ تا ۲۵۱) ۔ تاہم التوحیدی دارالضرب کے لیے ایک اور دیوان کا ذکر کرتا ہے، جسے دیوان النقد و العیار و دارالضرب کہتے تھے (امتاع، ۱ : ۹۸) ۔

دیوان الجند دو دیوانوں میں منقسم تھا، ایک دیلمیوں کے لیے اور دوسرا ترکوں کے لیے (فوج کے دو بڑے عنصر یہی تھے)، اور اسے دیوان الجیشین کہتے تھے (صابی : تاریخ، ص ۳۶۷ تا ۳۶۸) ۔ تاہم ان دونوں کا سر براہ یا بخشی ایک ہی ہوتا تھا، جسے "العارض" کہتے تھے (ابو شجاع، ص ۲۵۸) ۔

بنو فاطمہ : فاطمی دیوان بنیادی طور پر عباسیوں کے دیوانوں سے تعلق رکھتے ہیں ۔ دیوان الرسائل یہاں دیوان الانشاء ہو جاتا ہے؛ اس کا سربراہ "صاحب دیوان الانشاء" یا "کاتب الدست الشریف" کہلاتا ہے ۔ اس دیوان کی تفصیلی روداد سے، جو ابن الصیرفی نے دی ہے، پتا چلتا ہے کہ یہ عباسی دیوان کے مانند تھا (دیکھیے ابن الصیرفی : قانون دیوان الرسائل، طبع اے ۔ بہجت، قاہرہ ۱۹۰۵ء؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۴۴، ۳۰۶؛ ۳ : ۳۰۱؛ القلقشندی، ۳ : ۴۹۰؛ ۱ : ۱۰۳؛ ۱۰ : ۳۰۱؛ ابن القلانسی : ذیل تاریخ دمشق، ص ۸۰؛ شیال : الوثائق الفاطمیہ، ص ۳۶۵) ۔

دیوان الجند کو "دیوان الجیش" یا "دیوان الجیش والرواتب" (فوجوں اور تنخواہوں کا دفتر) کہتے تھے ۔ یہ دو شعبوں پر مشتمل تھا : دیوان الجیش ایک مستوفی کے ماتحت ہوتا تھا، اور اس کا سروکار فوجی بھرتی، فوج کے ساز و سامان اور فوجوں کے معائنے سے تھا اور دیوان الرواتب تنخواہ سے متعلق تھا ۔ بہر حال دیگر حوالوں سے مترشح ہوتا ہے کہ دونوں دیوان عموماً علٰحدہ علٰحدہ ہوتے تھے، پہلا صاحب دیوان الجیش کے ماتحت تھا اور مؤخرالذکر کا سروکار فوجیوں اور غیر فوجی ملازمین کی تنخواہوں سے تھا (دیکھیے المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۴۲؛ القلقشندی، ۳ : ۴۹۲ تا ۴۹۳، ۴۹۵؛ (۳) قب ابن الصیرفی : اشارہ، ص ۲۵، ۴۷؛ المقریزی : اتعاظ، سال ۴۲۵؛ شیال : الوثائق، ص ۴۰۳) ۔ بنو فاطمہ جنگی بیڑے کو بہت زیادہ اہمیت دیتے تھے، ان کے ہاں ایک دیوان ہوتا تھا، جو جہازوں کی تعمیر اور ان کے لشکروں کی دیکھ بھال کرتا تھا (القلقشندی، ۳ : ۴۹۶) ۔

مالیات کے دیوانوں کے معاملات الجھے ہوئے تھے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دیوان المجالس مرکزی محکمہ تھا، اس کے مختلف شعبے تھے، ان میں سے ایک کا کام جاگیروں (اقطاعات) سے متعلق تھا ۔ یہ غالباً عباسیوں کے الدیوان کے مانند تھا ۔ یہ بوقت ضرورت تمام دیوانوں سے تخمینے حاصل کرنے کے بعد میزانیہ کا تخمینہ (استیمار) تیار کرتا تھا (المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۳۶ ببعد؛ ۱ : ۱۶۰ تا ۱۶۲؛ دیکھیے ۲ : ۲۴۵؛ شیال : الوثائق، ص ۳۲۵) ۔ دیوان النظر کے ہاتھ میں مالیات (اموال) کے دیوانوں اور ان کے عطیے کی نگرانی تھی ۔ یہ عباسیوں کے مرکزی دیوان الخراج کے مشابہ معلوم ہوتا ہے (دیکھیے شیال : الوثائق، ۲ : ۴۰۳؛ ابن الصیرفی : اشارہ، ص ۳۵؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۴۱؛ القلقشندی، ۳ : ۴۹۳) ۔ دیوان التحقیق دیوان النظر سے وابستہ تھا، لیکن اس کا کام مالیات کے دوسرے دیوانوں کے حساب کتاب کی جانچ پڑتال

marfat.com

Marfat.com

کرتا تھا - یہ عباسیوں کے مرکزی زمام کے برابر تھا (المقریزی، ۲ : ۲۴۲؛ القلقشندی، ۳ : ۴۹۳؛ ۱ : ۴۰۱؛ ابن میسّر : اخبار، ص ۴۳).

دیوان الخاص، محل کے مالی امور کی نگہداشت کرتا تھا (المقریزی : اِتّعاظ، ص ۲۰۰) - وقف کا دفتر دیوان الاحباس تھا (القلقشندی، ۳ : ۹۵ ، ۴۹۴ تا ۴۹۵) - لاوارث اور ضبط شدہ املاک کے انتظام کے لیے دیوان المواریث الحشریہ قائم کیا گیا تھا (ابن میسّر، ص ۵۶؛ القلقشندی، ۳ : ۴۹۶) - "مظالم" خلیفہ یا وزیر کے سامنے پیش ہوتے تھے، ان کا بندوبست کرنے کے لیے دو کاتبوں سمیت ایک دیوان التوقیع تھا (المقریزی : اِتّعاظ، ص ۳۰۷، القلقشندی ص ۴۹۱).

کاتبوں کی تنخواہوں میں تفاوت تھا - انشاء کے کاتب کو ۱۵۰ دینار ماہانہ، نظر کے کاتب کو ۷۰ دینار، بیت المال کے کاتب کو ۱۰۰، اور تحقیق کے کاتب کو ۵۰ دینار ملتے تھے، اور جیش، توقیع مجلس اور اقطاع کے کاتبوں میں سے ہر ایک کو چالیس دینار، کمتر درجے کے کاتبوں کو ۵ سے ۱۰ تک (القلقشندی، ۳ : ۵۲۶؛ المقریزی : الخطط : ۲ : ۲۴۳) - غیر مسلموں کو کثرت سے دیوانوں میں ملازم رکھا جاتا تھا اور اس کے باعث وقتاً فوقتاً ان سے مخالفت پیدا ہوتی تھی (دیکھیے ابن القلانسی، ص ۵۹؛ ابن العبری : تاریخ، ص ۳۷۰؛ ابن الصیرفی : الاشارہ، ص ۳۴، ۳۵، ۳۸، ۵۳؛ Tritton، کتاب مذکور، باب ۲).

گیارھویں سے تیرھویں صدی تک : بویہی عہد سے دیوان الرسائل کو دیوان الانشاء کہا جاتا تھا اور اس کے دبیر (سیکرٹری) کو "کاتب الانشاء" (ابوشجاع، ص ۱۵۳ تا ۱۵۴؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۹ : ۵۵؛ ۱۰ : ۱۲۵؛ ابن الفُوَطی : حوادث، ص ۱۶؛ ابن الساعی : جامع، ۹ : ۲۲۲) - مرکزی دفتر "الدیوان" تھا (دیکھیے ابن الجوزی، ۹ : ۹۱، ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۸۳) - اس کا سربراہ وزیر ہوتا تھا، لیکن کبھی کبھی دبیر بھی ہوتا تھا، جسے صاحب الدیوان کہتے تھے (ابن الجوزی، ۱۰ : ۵۶، ۱۶۵، ۱۲۵) - بعد ازاں اسے الدیوان العزیز کہنے لگے تھے - (دیکھیے الفُوَطی، ۴۷، ۶۳، ۸۸؛ ابن الساعی : جامع، ۹ : ۲۸۵).

مالیات، فی الاصل دیوان الزمام کی ذمے داری تھی، جو فی الواقع دیوان الخراج کا کام کرتا تھا؛ جاگیروں کے مستاجر اور والیان صوبہ اسے مالیہ بھیجتے تھے (ابن الساعی، ۹ : ۱۶) - اس کے دو شعبے تھے: بڑے دیوان کا سربراہ کاتب (کاتب الزمام) (دیکھیے ابن الجوزی، ۹ : ۱۵۰، ۲۲۳؛ ۱۰ : ۲۷، ۱۲۴) تھا، جسے بعد میں صدر کہنے لگے - دوسرے شعبے کا سربراہ ایک مشرف ہوتا تھا، جو دیوان کے کام کی اور آمدنی کی نگرانی کرتا تھا (ابن الساعی، ۹ : ۹۸ تا ۹۹، ۱۱۸؛ ابن الفُوَطی، ص ۱۶، ۶۲، ۶۳) - ہر صوبے (یا ضلع) میں بھی اسی قسم کا دیوان تھا، جس کا سربراہ ایک ناظر اور ایک مُشرف ہوتا تھا (ابن الفُوَطی، ص ۶۳، ۱۰۱).

المخزن المعمور جو آگے چل کر المخزن (خزانہ) ہو گیا تھا، بیت المال کے لیے استعمال ہوتا تھا اور اس کے سربراہ صاحب المخزن کی جگہ ناظر یا صدر نے لے لی تھی - یہ دیوان دارالضرب کی نگرانی بھی کرتا تھا (دیکھیے ابن الجوزی، ۱۰ : ۲۴ تا ۲۵، ۵۲، ۱۲۵؛ ۹ : ۱۲۵، ۱۵۵، ۲۱۶) - اس کا مرتبہ بہت بلند تھا (قب ابن الجوزی، ۹ : ۲۰۳) - ۵۹۴ھ/۱۱۹۸ء میں اس کے صدر کو تمام دیوانوں پر اختیار دے دیا گیا (ابن الساعی، ۹ : ۲۵) - اس کے بہت سے شعبے تھے اور ہر ایک کا سربراہ ایک ناظر ہوتا تھا مثلاً خزانۃ الغَلّات (ابن الفُوَطی، ص ۷، ۳۷- دیکھیے ابن الجوزی، ۹ : ۸۳؛ ۱۰ : ۵۲؛ ابن الساعی، ۹ : ۱۰۳، ۱۲۷) - اس نے تقرر کی رسم کا حال بیان کیا ہے، ص ۱۴۱) - یہاں بھی ایک مشرف ہوتا تھا جو

Marfat.com

مخزن کی نگرانی کرتا تھا - اِشراف واضح طور پر سابقہ زمام کی جگہ لے لیتا ہے (ابن الفُوَطی، ص ۱۰۳؛ ابن الساعی، ۹ : ۲۰، ۲۹۹).

دیوان الجوالی (یعنی جزیہ) جزیہ کی تشخیص و تعیین کی نگرانی کرتا تھا. (دیکھیے جوالی، جزیہ) - لاوارث جائداد کے انتظام کے لیے ایک نیا محکمہ دیوان الترکات الحشریہ قائم کیا گیا (ابن الساعی، ص ۱۰۷؛ ابن الجوزی، ۱۰ : ۶۸) - دیوان العقار، جس کا سربراہ ایک ناظر ہوتا تھا، عمارات کی نگرانی کرتا تھا، مثلاً دکانیں جو حکومت کی مملوکہ ہوتی تھیں (ابن الفُوَطی، ص ۶۳؛ قب ابن الجوزی، ۱۰ : ۲۴۳) - تاہم تعمیر و مرمت کا کام ایک دوسرے محکمے سے تعلق رکھتا تھا جسے دیوان الابنیہ (محکمۂ تعمیرات) کہتے تھے - اس کے عملے میں مہندس اور ماہران تعمیرات ہوتے تھے (ابن الساعی، ۹ : ۹۳؛ ۱۸۴) - ۶۳۵ھ/۱۲۳۷ - ۱۲۳۸ء میں اس نے بغداد کی فصیل کی مرمت میں حصہ لیا (ابن الفُوَطی، ص ۱۱۱) - دیوان الحِسبہ عموماً قاضی القضاۃ یا ایک نائب کے ماتحت ہوتا تھا (ابن الساعی، ۹ : ۱۶؛ ابن الفُوَطی، ص ۶۴).

خلافت کے اختتام تک مسلمانوں کے ساتھ غیر مسلم مالیاتی دفاتر میں کام کرتے تھے - ان کے خلاف وقتاً فوقتاً قدغنیں عائد کی جاتی تھیں، مگر فقط عارضی طور پر - ۵۳۳ھ/۱۱۳۹ء میں یہودیوں اور عیسائیوں کو الدیوان اور المخزن سے معطّل کر دیا گیا لیکن ایک ہی ماہ بعد انھیں واپس بلا لیا گیا (ابن الجوزی، ۱۰ : ۷۸) - ایسے احکام کے (مثلاً ۶۰۱ھ میں النّاصر لِدین اللہ کے) تکرار ہی سے ظاہر ہے کہ ان پر عمل درآمد نہیں ہوا اور غیر مسلم بدستور ملازمت میں رہے (ابن الساعی، ۹ : ۱۶۲).

**مآخذ** : مقالے میں درج ہیں - مزید دیکھیے Nabia Abbott: *The Kurrah papyri*، شکاگو ۱۹۳۸ء؛ (۲) *British Museum Greek Papyri IV, the Aprodito Papyri*، طبع H. I. Bell، لنڈن ۱۹۱۰ء؛ (۳) *National Bibliothek Papyrus Erzherzog Rainer*، وی انا ۱۸۹۴ء؛ (۴) *Corpus Papyrorum Raineri Archiducis Austriae III*، طبع Adolf Grohmann، ۱۹۲۳ تا ۱۹۲۴ء؛ (۵) H. F. Amedroz: *Abbasid administration in its decay...*، در JRAS، ۱۹۱۳ء، ص ۸۲۳ تا ۸۴۲؛ (۶) H. Bowen: *The life and times of ʻAlī b. īsā*، کیمبرج ۱۹۲۸ء؛ (۷) A. A. Duri: النُّظُم الاسلامیہ، ج ۱، بغداد ۱۹۵۰ء؛ (۸) R. Levy: *The social structure of Islam*، کیمبرج ۱۹۵۷ء، ص ۳۲۵ ببعد؛ (۹) S.A.Q. Husaini: *Arab administration*، مدراس ۱۹۴۹ء، ص ۶۷ ببعد، ۲۴۹ ببعد؛ (۱۰) Mez: *Renaissance*، باب ۶؛ (عربی ترجمہ از اے - ایچ - ابو ریدا، ۲ جلد، قاہرہ ۱۹۲۰ تا ۱۹۲۱ء)؛ (۱۱) D. Sourdel: *Le vizirat ʻabbāside de 132/750 à 324/934*، دمشق ۱۹۶۱ء.

(A. A. DURI)

## ۲- مصر

مصری دیوان کی نشو و نما کے لحاظ سے تین دور الگ الگ نمایاں کیے جا سکتے ہیں، کیونکہ حکومت کی تبدیلیوں کے مقابلے میں انتظامی اداروں میں تسلسل زیادہ قوی نظر آتا ہے، لہٰذا ان تین ادوار کے درمیان فی الواقع کوئی واضح انقطاع نہیں ہوا : (۱) وہ عہد جب مصر اسلامی سلطنت عظمی کا صوبہ تھا (۱۸ھ/[بہ تصحیح ۶۳۹ء] تا ۳۵۸ھ/۹۶۹ء)؛ (۲) خلافت فاطمیہ (۳۵۸ھ/ ۹۶۹ء تا ۵۶۷ھ/ ۱۱۷۱ء)؛ (۳) ایوبی اور مملوکی عہد (۵۶۷ھ/ ۱۱۷۱ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء).

پہلے حصے کے مآخذ متقدّم و متاخر مؤرخین کی منتشر آرا اور کتاب کے لیے دستورالعمل، نیز عربی کا اوراق بردی ہیں جن کی تعداد روز افزوں ہے -

marfat.com
Marfat.com

دوسرے اور تیسرے دور کے لیے کتاب کے لیے دستور العمل، اور مفصل و جامع کتابیں وافر مواد مہیا کرتی ہیں، جن میں وسطی دور کے اواخر میں اضافہ ہوتا جاتا ہے؛ پھر مؤرخین ہیں جن کے بیانات مذکورۂ بالا مآخذ کی تشریحات میں تو زیادہ اضافہ نہیں کرتے لیکن مزید اصل واقعات فراہم کرتے ہیں ۔ متأخرین میں المقریزی (م ۸۴۵ھ/۱۴۴۲ء) کی الخطط امتیازی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ وہ مصری انتظامیہ کی تاریخ مسلم فتح سے لے کر خود اپنے وقت تک تقریباً مسلسل بیان کرتا ہے (مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۸۱ ببعد، ۳۹۷ ببعد؛ ۲ : ۲۱۵ ببعد)، علاوہ ازیں اس نے متفرق سوانح اور عمارات کے بیانات میں اہم اضافے کیے ہیں ۔

(۱) مسلمان مصر میں اسی طریقے سے انتظامات چلاتے رہے جسے بوزنطیوں نے وہاں کی مقیم عیسائی آبادی کی مدد سے قائم کیا تھا، حتّٰی کہ مقامی باشندوں کو قبطی زبان تک استعمال کرنے کی اجازت تھی ۔

چونکہ دیوان کی اصطلاح مصر میں بوزنطیوں کے تحت مستعمل نہیں تھی، لہٰذا ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ اسے مصر کے نئے آقا اپنے ساتھ لائے تھے۔ سورس بن المُقَفّع (جو ۱۰۰۰ء کے قریب زندہ تھا؛ دیکھیے ابن المقفع، ابوالبشر) اطلاع دیتا ہے کہ دوسرے والی مصر عبداللہ بن سعد بن سہل (۲۴ھ/۶۴۴ء تا ۳۵ھ/۶۵۶ء)، [رک بآں] نے "مصر (الفسطاط) میں دیوان قائم کیا، جہاں مصر کے تمام محصولات ادا کیے جاتے تھے" (*History of the Patriarchs of Alexandria*، طبع C. F. Seybold، ص ۱۰۳؛ طبع B.T. Evetts (*Patr. Orient.*، ج ۵) ۱ : ۵۰، نقل کردہ از N. Abbott : *The Kurra papyri*، ص ۱۳، اور D.C. Dennett : *Conversion and poll tax*، ص ۷۴) ۔ بدقسمتی سے اسلامی مآخذ سے اس بات کی توثیق نہیں ہوتی کہ اس ابتدائی زمانے میں کوئی مرکزی دفتر مال قائم ہوا تھا یا اس کے لیے لفظ دیوان کا استعمال ہوتا تھا ۔ المقریزی لکھتا ہے (الخطط، ۱ : ۹۴، ۲ تا ۱۰) کہ والی مَسْلَمه بن مُخلد الأنصاری (۴۷ھ/۶۶۷ء تا ۶۲ھ/۶۸۲ء؛ الکندی، طبع Rh. Guest، ص ۳۸ تا ۴۰؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۳۰۱، ۱۸ تا ۲۷) نے اس بات پر ایک سرکاری افسر مامور کیا کہ وہ ہر صبح عرب آبادکاروں کے درمیان جا کر ان کی خاندانی حیثیت میں تبدیلیوں یا مہمانوں کی آمد کے متعلق پوچھ گچھ کرے اور اس کی اطلاع دیوان کے سامنے پیش کرے ۔ اسی اطلاع پر والی اهل الدیوان (دیوان کے عمّال) کو مزید وظائف جاری کرنے کی ہدایت کرتا تھا ۔ اس بیان سے ایک باقاعدہ محکمۂ دیوان کا موجود ہونا ظاہر ہوتا ہے، نیز یہ کہ دیوان مذکور عرب مہاجرین کے ناموں کا اندراج اور ادائے وظائف کا کام کرتا تھا ۔ دیوان کی اصطلاح کا ایسا ہی استعمال الکندی کی ایک تحریر میں بھی دکھائی دیتا ہے (طبع Guest، ص ۷۱؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۹۴، ۱۰ تا ۱۳) ۔ مصر میں پہلا دیوان حضرت عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ نے، دوسرا دیوان عبدالعزیز مروان، تیسرا قرہ بن شریک [رک بآں]، چوتھا بشر بن صفوان نے قائم کیا تھا ۔ چوتھے دیوان کے قیام کے بعد کوئی قابل ذکر بات وقوع پذیر نہیں ہوئی، اس کے سوا کہ قیس قبیلے کو ھشام بن عبدالملک بن مروان کے دور خلافت (۱۰۵ھ/۷۲۴ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) میں دیوان میں داخل کیا گیا ۔ الکندی (طبع Guest، ص ۷۶) اس واقعے کو ۱۰۹ھ / ۷۲۷ء سے منسوب کرتا ہے؛ قیس کے تین ہزار خاندان مع ان کے دیوان [یعنی فہرستوں اور وظائف کی کتابوں] کے مصر کو منتقل ہوئے ۔ ان تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ دیوان کی اصطلاح قدیم زمانے ہی سے ان معانی کے لیے استعمال ہوتی تھی : (الف) مسلمان عرب قبائل کے وظائف کی فہرستیں؛ (ب) اور یہ کہ قبیلہ

Marfat.com

جہاں جاتا تھا یہ فہرستیں ان کے ساتھ بھیجی جاتی تھیں؛ (ج) نیز یہ کہ نتیجۃً قبیلۂ قیس کا دیوان (یعنی فہرست وظائف) بھی مصر منتقل ہوا تو وہاں جو دیوان پہلے ہی سے موجود تھے ان میں اس کا اضافہ ہو گیا .

پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی کے نصف ثانی کے دوران میں مرکزی سرکاری دفاتر کو ظاہر کرنے کے لیے دیوان کی اصطلاح کا استعمال یقیناً زیادہ عام ہو چکا تھا۔ بتایا گیا ہے (الکندی، ص ۵۸ تا ۵۹؛ المَقْریزی : الخطط، ۱ : ۹۸، ۱۱ تا ۱۵) کہ مصری دیوانوں میں قبطی زبان کو چھوڑ کر عربی زبان کو ۸۷ھ/۷۰۵ء میں اختیار کیا گیا تھا (قب طبع Wiet، ۲ : ۵۸)۔ اس کا مطلب فقط یہ ہو سکتا ہے کہ مذکورۂ بالا سال میں اصطلاح دیوان پہلے ہی سے الفسطاط میں مرکزی سرکاری دفتر کا نام تھا۔ مالیات کا پہلا آزاد مدیر (عامل الخراج) اُسامہ بن زیدالتنوخی تھا، جسے خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے والی مصر قرہ بن شریک کی وفات پر ۹۶ھ/۷۱۵ء میں مقرر کیا تھا۔ یہ بات کہ اُسامہ ایک دیوان کی مدد سے کام کرتا تھا المَقْریزی کی ایک تحریر سے (الخطط، ۱ : ۷۷، ۳۷ تا ۳۸، ۳) ثابت ہے، جہاں لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ (۹۹ھ/۷۱۷ء تا ۱۰۱ھ/۷۲۰ء) نے مسلمانوں پر سے جزیہ منسوخ کر دیا اور اس سے دیوان (الخراج ؟) کومطلع کر دیا۔ ۱۰۵ھ/[بہ تصحیح ۷۲۴ء] میں والی الحُر بن یوسف نے دیوان کے اہلکاروں کو قبطی کسانوں کے خلاف زائد محصولات کی جبراً وصولی کے لیے بھیجا۔ دو سال بعد مشہور عامل الخراج ابن حبحاب (C. H. Becker : Beiträge، ۲ : ۱۰۷ تا ۱۱۰) نے محصول دہندگان کی فہرستیں تیار کیں، جنھیں احتیاط سے یکجا رکھا گیا اور دیوان الخراج کے لیے ان میں مفصل معلومات درج کیں (المَقْریزی : الخطط، ۱ : ۷۴، ۲۴ اور ۹۹، ۱۰)۔ اصحاب الاہراء (اناج کے سرکاری گوداموں کے عمّال) کا پہلے ہی ایک ورق بردی مؤرخہ شوال ۹۰ھ/اگست۔ ستمبر ۷۰۹ء میں ذکر ملتا ہے؛ یہ بات اغلب معلوم ہوتی ہے کہ یہ لوگ اسی دیوان الاہراء کے اہل‌کار تھے جس کا نام بعد میں النّابُلُسی نے فہرست میں درج کیا ہے (C. H. Becker : Pap. Schott - Reinhardt، ۷۰، ۳۷ اور ۹۴؛ نیچے دیکھیے)۔ المَقْریزی کہتا ہے (الخطط، ۲ : ۲۲۶، ۲۷ تا ۲۹؛ W. Björkmann : Staatskanzlei، ص ۱۸، حاشیہ ۳) کہ دیوان البرید (ڈاک کا دیوان) قدیم زمانے کے دیوان الانشاء سے بھی پہلے بنا تھا؛ اور A. Grohmann (Studien z. hist. Geogr. und Verw، ص ۳۵) اس بات کو مسلّم سمجھتا ہے کہ محصول کے دفاتر، عامل اور نائب عامل کے ساتھ، دوسرے بہت سے دفاتر کے علاوہ صوبوں کے بڑے بڑے مقامات کورا میں [صحیح کورہ =ضلع] تھے۔ دیوان اسفل الارض (نشیبی مصر کا دیوان) کی موجودگی ایک ورق بردی مؤرخہ ۱۴۳ھ/۷۶۱ء سے ثابت ہوتی ہے (C. H. Becker : Pap. Schott-Reinhardt، ص ۳۶، حاشیہ ۹؛ A. Grohmann: APEL، ۳ : ۱۴۳؛ نیچے دیکھیے)۔

طُولُونیوں کے عروج سے ذرا پہلے کے برسوں میں دیوانوں کی تعداد میں اضافہ ملاحظہ کیا جا سکتا ہے (المَقْریزی : الخطط؛ ۱ : ۱۰۷، ۲۸ تا ۲۹؛ C. H. Becker : Beiträge؛ ۲ : ۱۴۴؛ A. Grohmann : Zum Steuerwesen im arabischen Ägypten، در Actes d. V. Cong. Int. d. Pap.، برسلز ۱۹۳۸ء، ص ۱۳۲)۔ مشہور عامل مالیات ابن مدبّر نے چراگاہ اور ماہی گیری (مراعی، مصاید) پر نئے محصول عائد کیے اور ان کے انتظام کے لیے ایک خاص دیوان قائم کیا۔ دوسری طرف، خلیفہ المعتصم کے ایک حکم سے عرب آبادکاروں کے حقوق وظیفہ ختم کر دیے گئے اور اس لیے غالباً متعلقہ دیوان بھی باقی نہیں رہے۔ الفسطاط میں دیوان الخراج کی جگہ پہلے مسجد عمرو ابن العاص کے

marfat.com
Marfat.com

قریب ایک عمارت میں تھی؛ مُتولّی الخَرج (ناظر مالیات) جاگیروں کی تشخیص کے لیے خود مسجد کے اندر اجلاس عام کرتا تھا ۔ احمد بن طُولُون نے اس دیوان کو مسجد احمد بن طُولُون میں منتقل کر دیا، جہاں وہ عہد فاطمیہ تک رہا (المَقْریزی : الخطط، ۱ : ۸۲، ۳ تا ۱۵) ۔ ایک ورق بردی مؤرخہ ۳۰۱ھ/ ۹۱۳ء مقامی دفتر محصولات کو دیوان الخراج کے نام سے بیان کرتا ہے (A. Grohmann : *APEL*، ۳ بار دوم، ۲۲۷) ۔ احمد بن طولون کے تحت خلافتِ بغداد سے مصر کی بالفعل آزادی کا اظہار دیوان الانشا (ملک کا دفتر وزارت) کی تأسیس سے کیا گیا، جس کا پہلا سربراہ ابو جعفر محمد بن عبدکان (م ۲۷۸ھ/ ۸۶۸ء، القلقشندی، ۱ : ۹۵؛ W. Björkman، ص ۱۸ تا ۱۹؛ زکی محمد حسن : *Les Tulunides*، ص ۱۹۱ تا ۲۱۶ و ۲۸۰ تا ۲۸۲) مقرر ہوا .

(۲) عہد فاطمیہ : ہمارے بڑے بڑے مآخذ یہ ہیں : (الف) عام معلومات کے لیے (۱) القلقشندی (۳ : ۴۹۰ تا ۴۹۶؛ وسٹنفلٹ، ۱۸۸ تا ۱۹۴)؛ (۲) المقریزی الخطط، ۱ : ۳۹۷ تا ۴۰۳)؛ (۳) خانوادۂ فاطمی کے آخری عشروں اور ایوبیوں کے ابتدائی سنین کے لیے ابن المَمّاتی (قوانین الدواوین، ج ۸ و ۹)؛ (ب) دیوان الانشاء کے لیے خصوصاً ابن الصیرفی کا قانون دیوان الانشاء ۔ القلقشندی اور المقریزی کے بیانات زیادہ تر المرتضٰی ابو محمد عبدالسلام بن محمد بن الطویر القیسرانی، جس کا زمانۂ حیات نامعلوم ہے، کی گمشدہ کتاب نسحۃ المقلتین فی اخبارالدولتین الفاطمیّۃ والصالحیّۃ پر منحصر ہیں (حاجی خلیفہ (طبع جی ۔ فلوگل G. Flügel)، ۶ : ۳۳۴، عدد ۱۳۷۲۰؛ R. Guest : *Writers, books, etc., in the Khiṭaṭ*، در *JRAS*، ۱۹۰۲ء، ص ۱۱۷؛ C. H. Becker : *Beiträge*، ۱ : ۲۹ تا ۳۰؛ W. Björkman، ص ۲۶ حاشیہ ۱، ۸۳) ۔ بقول ابن الطُّوَیر (القلقشندی، ۳ : ۹۳؛ المَقریزی؛ الخطط، ۱ : ۳۹۷، ۳۲ ببعد؛ نیز دیکھیے النّابُلسی : لَمعۃ، باب ۳، در Cl. Cahen : *Quelques aspects...*، ص ۱۰۳) ۔ پہلا مرکزی انتظامی دفتر اور دیگر تمام دیوانوں کی ماں دیوان المجالس (مشاورت کا دیوان) تھا، جس میں کُل انتظامیہ مرتکز تھی ۔ متعدد منشی اپنے اپنے الگ کمروں میں ایک یا دو معاونوں (مُعین) کے ساتھ وہاں بیٹھتے تھے ۔ اس دیوان کا حاکم اعلٰی جاگیروں (اقطاعات) کو عطا کرنے کا ذمے دار تھا (C. H. Becker : *Islamstudien*، ۱ : ۲۲۶؛ W. Björkman، بمدد اشاریہ؛ Cl. Cahen : *Evolution de l'iktā'*، در *Annales ESC*، ۱۹۵۳ء) اور اس کے فیصلوں کو "دفتر المجالس" (مجلس کی امثلہ) کہتے تھے ۔ دیوان المجالس کے مختلف شعبے خیرات، عطیات، لباس اور سلطان کے ذاتی اخراجات کی مدّوں سے متعلّق تھے ۔ ہمارے مآخذ سے اس بات کا پتا نہیں چلتا کہ آیا بنو فاطمہ سے پہلے یہ دیوان موجود تھا یا وہ کب خود مختار شعبوں میں منقسم ہوا ۔ بایں ہمہ یہ اغلب معلوم ہوتا ہے کہ دیوان المجالس دیوان الاموال کا پیش رو تھا، اور یہ کہ دیوان الانشاء اس کے پہلو بہ پہلو موجود تھا .

دواوین کی مفصلۂ ذیل فہرست، جو مذکورۂ بالا مآخذ سے اخذ کی گئی ہے، مکمل ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتی ۔ یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ دیوان کی طرز کے مختلف دفاتر ایک ہی درجے کے نہیں تھے، کیونکہ دیوان سے کبھی کبھی مرکزی دفاتر کی محض صوبائی شاخیں مراد ہوتی تھیں .

(۱) دیوان الانشاء، یا الرسائل، یا المکاتبات (ملک کا دفتر وزارت) تین ذیلی شعبوں میں منقسم ہے: (۱) صحابت دیوان الانشاء والمکاتبات یا دیوان النظر (صدر دفتر یا نگرانی کرنے والا محکمہ)، اس کے سربراہ کو رئیس (سربراہ) یا متولّی (نگران) یا صاحب (حاکم) یا مُشِدّ (مدیر) کہتے تھے اور اسے الشیخ الاجل

Marfat.com

(عزت مآب) سے خطاب کرتے تھے ۔ اسے یہ بلند مرتبہ اس لیے حاصل تھا کہ وہ خلیفہ کے حضور میں رسوخ رکھتا تھا، جس کے پاس وہ سرکاری کاغذات لاتا اور ان کے جواب کے بارے میں مشورہ دیتا تھا ۔ اس کی معاونت' بقول ابن الصیرفی، دو بلند مرتبت عہدے دار کرتے تھے ۔ دیوان الانشاء کے دیگر دو شعبے یہ تھے : (۲) اعلٰی محکمہ یا مرافعہ کا دفتر (توقیعات بالقلم الدقیق) جس کا تعلق خلیفہ کے ان فیصلوں سے ہوتا تھا جو وہ شکایت کی ان عرضیوں پر صادر کرتا تھا جنھیں کوئی شخص عام باریابی کے وقت اس کے سامنے پیش کر سکتا تھا؛ اور (۳) رجسٹرار کا دفتر (توقیعات بالقلم الجلیل) جو عرضی گذار کی درخواست پر مفصل قانونی کیفیت لکھتا اور دفتر مرافعہ کے فیصلوں پر عمل درآمد کراتا تھا ۔ دیوان الانشاء کے دوسرے چھوٹے دفاتر میں یہ شامل تھے : (الف) بیرونی ممالک کے سلاطین سے مراسلات کا محکمہ (مکاتبہ الی الملوک)، (ب) دفتر تقّررات (انشاءات تقلید)، (ج) صوبے کے اعلٰی عہدے داروں اور اُمرا سے مراسلت کا محکمہ (مکاتبہ اِلٰی اُمراء الدولة و کُبرائہا)، (د) سند شاہی کا محکمہ (مناشیر)، خفیہ احکام کتب لطاف اور نقول (نَسخ) کا محکمہ ۔ ان محکموں کے علاوہ کمتر درجے کے چار منشیوں کا ذکر ملتا ہے، مگر وہ مستقل شعبوں کو نہیں چلاتے تھے : نقل نویس (ناسخ) منشی، جو مثلوں کو ایک منظم طریقے سے محفوظ رکھنے کے لیے ہوتا تھا تا کہ اُنھیں آئندہ بطور نظائر استعمال کیا جا سکے؛ اصلی دستاویزات کا رکھنے والا (خازن) اور حاجب، جو اس بات کا خیال رکھتا کہ کوئی شخص بغیر اجازت رئیس دیوان کے پاس نہ چلا جائے (ابن الصیرفی ـ Massé، بمدد اشاریہ؛ القلقشندی، ۱: ۱۳۰ و ۳ : ۴۹۰ ببعد؛ W. Björkman، ص ۲۰ ببعد؛ المَقْریزی : الخطط، ۱ : ۴۰۲).

**(۲) دیوان الجیش والرواتب** (فوج اور تنخواہوں کا دیوان) تین شعبوں میں منقسم تھا : (الف) دیوان الجیش ایک قسم کا جنگی دفتر نیز عسکری انتظامیہ؛ اس کے سربراہ کا مسلمان ہونا ضروری تھا؛ (ب) دیوان الرواتب، وزیر سے رسالے کے سوار تک کے لیے تمام تنخواہ یافتہ اشخاص کی تنخواہ کا مرکزی دفتر (قب *Renaissance* : A. Mez، ص ۷۳ تا ۷۶)؛ (ج) دیوان الاقطاع (جاگیروں اور وظیفوں کا دیوان) غیر فوجی ملازمین کے لیے، کیونکہ فوجی عملہ دیوان الرواتب سے تعلق رکھتا تھا (القلقشندی، ۳ : ۴۹۲ تا ۴۹۳؛ المَقْریزی : اَلخطَط، ۱ : ۴۰۱ تا ۴۰۲).

**(۳) دیوان الاموال** (مالیات کا دفتر، خزانہ) چودہ شعبوں میں منقسم تھا، جنھیں دیوان بھی کہتے تھے، جنھیں القلقشندی نے شمار کیا ہے (۳ : ۴۹۳ تا ۴۹۶) اور اس سے کہیں مختصر طور پر المَقْریزی نے (اَلخطَط، ۱ : ۴۰۰ تا ۴۰۱) ۔ ابن المَمّاتی نے شہری ملازمت کے درجے کے سترہ ملازمین کی فہرست دی ہے ۔ (اسماء المستخدمین من حمل الاقلیم)، جو ظاہرا طور پر دیوان الاموال کے عملے سے تعلق رکھتے تھے؛ لیکن یہ بات ہر موقع پر واضح نہیں ہوتی کہ چودہ شعبوں میں سے کن کن کے ساتھ یہ سترہ گروہ مطابقت رکھتے تھے (طبع A. S. Atiya، ص ۲۹۷ تا ۳۰۶) ۔ (الف) نظرالدواوین یا دیوان النظر (یعنی دیوان کا نگران محکمہ) ۔ دیوان الاموال کا سربراہ یعنی وزیر مال بحیثیت منصب اس کا سربراہ ہوتا تھا ۔ ابن المَمّاتی ناظر دیوان (نگران کار، محاسب، جو حسابات کی جانچ پڑتال اور تصدیقی دستخط کرتا تھا) اور متولّی (مہتمم) کے درمیان تمیز کرتا ہے، جو تمام امور دفتر کا ذمے دار تھا (C. H. Becker : *Islamstudien*، ۱ : ۱۷۰، ۱۷۳)؛ (ب) دیوان التحقیق (سرکاری تفتیش کا دفتر) (قب ڈوزی، بذیل مادّہ)،

marfat.com
Marfat.com

جس کی بنیاد الافضل بن بدرالجمالی [آرک بان] نے ۵۰۱ھ / ۱۱۰۷-۱۱۰۸ء میں رکھی تھی، جب ایک یہودی اور ایک نصرانی اس کے سربراہ مقرر کیے گئے؛ بعد میں اسے بہت عرصے تک پر نہیں کیا گیا (ابن الصیرفی / Massé، ص ۸۲ حاشیہ ۱)؛ (ج) دیوان المجلس، فقط شاہی عطیات، خیرات وغیرہ کا انتظام کرتا تھا؛ (د) دیوان خزائن الکسوۃ، کپڑے کے گوداموں کا دیوان؛ متعدد مال گوداموں کے لیے دیکھیے طویل فہارس در القلقشندی، ۳ : ۴۷۵ ببعد؛ اور المقریزی : الخطط، ۱ : ۴۰۸ ببعد؛ (ہ) دیوان الطراز (کشیدہ کاری کے کارخانوں اور گوداموں کا دیوان) - دیوان کی ان مقامات پر کئی شاخیں قائم کی گئی تھیں، جہاں کارخانے واقع تھے، مثلاً اسکندریہ، دمیاط، تینس (ابن المماتی، ص ۳۳۰ تا ۳۳۱؛ *Stud.* : A. Grohmann *z. hist. Geogr. u. Verw*، ص ۴۴)؛ (و) دیوان الاحباس (اوقاف کا دیوان) - خلیفہ المعز نے اس کی بنیاد ۳۶۳ھ / ۹۷۴ء میں رکھی تھی اور اسی وقت سے اس دیوان نے مقدس اداروں کے انتظام سے سروکار رکھا؛ اس کے عہدے دار فقط مسلم ہوتے تھے (المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۹۵ ببعد؛ Cl. Cahen : *Le régimé des impôts* در *Arabica*، ۳ : ۲۴ تا ۲۵)؛ (ز) دیوان الرواتب (اجرتوں کا دیوان) - یہ بات واضح نہیں کہ اس دیوان اور دیوان الجیش کے تحت اسی نام کے دفتر کے درمیان کیا تعلق تھا - یہ بات ممکن دکھائی دیتی ہے کہ یہ دیوان الرواتب، دیوان الخاص (خلیفہ کے نجی خزانے کا دیوان، القلقشندی، ۳ : ۴۹۵ اور ۴۵۷) کا ایک طرح سے پیشرو ہو؛ (ح) دیوان الصعید (بالائی مصر کا دیوان)؛ (ط) دیوان اسفل الارض (نشیبی مصر کا دیوان)؛ (ی) دیوان الثغور (سرحدی اضلاع کا دیوان) - اسکندریہ، دمیاط، تینس اور عیذاب کی سرحدی بندرگاہوں پر تاجروں سے محصول درآمد وصول کرنے کی خاطر ایک انتظامی وحدت بن گئی تھی (الخمس اور متجر [دیکھیے مکس])؛ ابن المماتی، ص ۳۲۵ تا ۳۲۷)؛ (ک) دیوان الجوالی والمواریث الحشریۃ (جزیے اور زمینوں کی جاگیروں کے محصول کا دیوان)؛ F. Lokkegaard : *Islamic Taxation*، ص ۵۱ اور ۱۴۰ تا ۱۴۱؛ C. H. Becker : *Islamstudien*، ۱ : ۱۷۱؛ ابن المماتی، ص ۳۰۶، ۳۱۷ تا ۳۱۸ اور ۳۵۴؛ Cl. Cahen : *Le régime des impôts* در *Arabica*، ۳ : ۴۲؛ (ل) دیوان الخراجی والہلالی (شرعی و غیر شرعی محاصل کا دیوان) - F. Lokkegaard، ص ۱۸۵ تا ۱۸۶؛ C. H. Becker : *Islamstudien*، ۱ : ۱۷۷ تا ۱۷۹) - ابن المماتی اس دیوان سے تعلق رکھنے والے کئی عہدے دار گنواتا ہے : الجہبذ (محصل محصولات)، الشاہد (ناظر اندراجات)، جو بیچک پر تصدیقی دستخط کرتا تھا، الماسح (مساحت کرنے والا) وغیرہ؛ (م) دیوان الاصطبلات (گھوڑوں یا اصطبلوں کا دیوان)؛ (ن) دیوان الجہاد یا العمائر (دینی جہاد یا بحریہ کا دیوان) - اس کا مقام قاہرہ میں بندرگاہ کی گودیوں میں تھا، اور یہ بحری فوج کے لیے انتظامی مرکز کی خدمت سرانجام دیتا تھا (ابن المماتی، ص ۳۴۰ تا ۳۴۱).

(۳) ایوبی عہد : مصر کے لیے خلافت فاطمیہ کا خاتمہ سیاسی اور مذہبی انقطاع کے معنی رکھتا تھا، مگر انتظامی تسلسل کے ذریعے اس کی تلافی ہو گئی، جسے ایک سربرآوردہ شخصیت نے عملاً کر دکھایا، یعنی آخری صاحب دیوان الانشاء، القاضی الفاضل محی الدین کو سلطان صلاح الدین نے اسی عہدے پر برقرار رکھا اور بعدازاں وزیر بنا لیا - لہٰذا القاضی الفاضل اور اس کے بہت سے شاگرد، ان دو ادوار کے درمیان رابطے کا کام دیتے ہیں - جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے ابن المماتی کی کتاب قوانین الدواوین

Marfat.com

ایوبی عہد کے پہلے نصف کے لیے ہم عصر مأخذ کا کام دے سکتی ہے؛ نصف آخر کے لیے دو ہم عصر مصنف یہ ہیں: ابن شیث القُرشی اور عثمان النابُلُسی۔ ابن المَمّاتی کی طرح ابن شیث القُرشی بھی قاضی الفاضل کا شاگرد تھا، جو اُسے شعر و ادب میں مہارت رکھنے کی وجہ سے بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ وہ دمشق چلا گیا، جہاں وہ دیوان الانشاء کا سربراہ اور المُعَظّم بن العادل (م ۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء) کا دوست بن گیا۔ معالم الکتابہ، میں جو دیوان الانشاء کے منشیوں کے لیے [صحیح خطوط نویسی کی] رہنما کتاب ہے، ہمارے موضوع پر فقط ایک ہی باب ہے (ص ۲۳ تا ۳۲)۔ ابن شیث کی نظروں میں دیوان الانشاء اہم ترین سرکاری دفتر ہے؛ لہٰذا اس کے سر براہ (صاحب الدیوان) کو اس اخلاق معیار کا ہونا چاہیے جو اس کے بلند رتبے اور اس عزت کے مطابق ہو، جو اُسے اپنے رفقاے کار کے درمیان حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ماتحت عہدے دار، جسے وہ خطوط و دستاویزات جواب کے لیے بھیجتا تھا، مُتولّی کتاب الانشاء (وزیر کے صدر دفتر کا مہتمم) کہلاتا تھا۔ ابن شیث نے جو دیگر دفاتر گنوائے ہیں وہ یہ ہیں: دیوان الجیوش، جس کا سربراہ (کاتب الجیش) صاحب دیوان الانشاء سے درجے میں کم تر ہوتا ہے اور اُسے حساب کا ایک کھاتا رکھنا ہوتا ہے، جس میں تمام فوجی عملے کے نام اور جالدادیں درج ہوں تاکہ وہ ان کی تنخواہیں اس حالت میں بھی ادا کر سکے جب کہ دیوان الاقطاع کا کوئی سربراہ مقرر نہ ہوا ہو۔ دیوان الاقطاع بظاہر ایک خودمختار دفتر تھا، جس کا سربراہ دیوان الجیش سے عہدے میں کم تر ہوتا تھا اور وہ دونوں صاحب دیوان النظر کے ماتحت اکھٹے کام کرتے تھے، جو صاحب دیوان المال ہی کی مانند ہوتا تھا۔ اس اہم عہدے دار کا تقرر براہ راست سلطان کرتا تھا۔ صاحب دیوان المال کا معاون مُسْتَوفی (سیاق دان) کہلاتا ہے؛ خزانے کے دیگر عہدوں میں یہ شامل ہیں: (الف) شاهد بیت المال (خزانے کا ناظر الدراجات)، (ب) المُشرف (نگران)، (ج) الجَہبذ (محصّل محصولات) اور (د) الخازن (اُلدراج کرنے والا)۔ النابُلُسی مندرجۂ ذیل دیوانوں کا ذکر کرتا ہے: (الف) دیوان الجیوش، (ب) دیوان الانشاء، (ج) دیوان الاحباس، جو عہد فاطمیّہ میں دیوان الاموال کی ماتحت شاخ سے ترقی کر کے خود مختار وزارت بن گیا تھا (اوپر ۲۰)، (د) دیوان المال، جو دو شعبوں میں منقسم ہے: (۱) دیوان بالعمال (صوبوں کے لیے دیوان) اور (۲) دیوان بالباب (دربار کے لیے دیوان)۔ یہ دونوں نام اور دفتر نئے ہیں؛ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلے نے دیوان الصعید، دیوان اسفل الارض اور دیوان الثغور کی جگہ لے لی تھی؛ یہ ان صوبوں میں خراجی اور ھلالی محصولوں کا انتظام کرتا تھا۔ دیوان بالباب زکٰوۃ، جوالی اور مواریث کے محصولوں کا بندوبست، نیز خزانے کے تمام شعبوں بشمول سابق دیوان التحقیق، دیوان المجالس وغیرہ کے نظم و نسق کی نگرانی بھی کرتا تھا۔

دیوان کی اصطلاح کا نسبۃً زیادہ وسیع اور مبہم استعمال لمعۃ القوانین کے ایسے جملوں میں آیا ہے جیسے دیوان خزائن السلاح (اسلحہ کا دیوان)، دیوان ساحل السَّنْط (ببول والے ساحل کا دیوان، ابن المماتی، طبع A.S. Atiya، ص ۳۴۷ تا ۳۴۸؛ المقریزی: الخطط، طبع Wiet، ج ۲، MIFAO، ج ۱۳، ۱۹۱۳ء (ص ۸۰، ۱ حاشیہ ۴) اور دیوان الاحرا (دیکھیے اوپر، جلد ۳)۔ النابلسی بھی دیوان الزکٰوۃ، دیوان المواریث اور الدیوان النبوی (رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی اولاد کے لیے دیوان) کا ذکر کرتا ہے جس کا دوسرا نام نقابۃ الاشراف تھا اور اس کے سربراہ کو نقیب الاشراف (نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی اولاد کے وکیل) کے نام سے موسوم کرتے تھے (W. Popper: *Egypt and Syria*، ص ۱۰۱، ۱۵؛ W. Bjorkman،

marfat.com
Marfat.com

بمدد اشاریہ)۔

(۴) عہد مملوک : ممالیک کے عہد کے نظم و نسق میں فوجی طبقے (ارباب یا اصحاب السیوف) کا اثر و نفوذ غیر فوجی کُتّاب (ارباب الاقلام) اور متعدد سرکاری محکموں میں بڑھ جانا ثابت ہے، جیسا کہ اُستادار، دوادار وغیرہ کا دخل پایا جانا۔ ابن خلدون اسے ایک عہد اور خاندان کی "ضعیفی" کا مخصوص نشان تصور کرتا ہے، کیونکہ ایسی حالت میں "تلوار" "قلم" پر فوقیت رکھتی ہے (۲ : ۴، ترجمہ Rosenthal، ۲ : ۴۷؛ I. Goldziher : Uber Dualtitel در WZKM، ج ۱۳، ۱۸۹۹ء، ص ۳۲۱ تا ۳۲۹)۔ انتظامیہ میں دو اصلاحات کرنے کی کوشش کی گئی اور دونوں سے دیوان متأثر ہوے: سلطان الناصر محمد بن قلاؤن (۷۰۹ھ / ۱۳۰۹ء تا ۷۴۱ھ/۱۳۴۱ء) نے پہلی مرتبہ ۷۱۰ھ/۱۳۱۰ءمیں وزارت منسوخ کر دی اور اس کے وظائف کو چار عہدے داروں میں تقسیم کر دیا: ناظر المال (خزانے کا منتظم)، شادالدواوین (دیوانوں کا مہتمم)، ناظر الخاصّ (سلطان کے ذاتی خزانے کا ناظم)؛ W. Popper : Egypt and Syria، ص ۹۷ : (شاہی خزانے کا ناظم) اور کاتب السرّ (امین مملکت)؛ القلقشندی، ۴ : ۲۸؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۷؛ السلوک، ۲ : ۲، ۹۳ اور ۱۰۳ - بعد ازاں پہلے چرکسی مملوک سلطان الظاہر سیف الدین برقوق (۷۸۴ھ / ۱۳۸۲ء تا ۸۰۱ھ/ [بہ تصحیح ۱۳۹۸ء] نے دیوان الخاص کو ثغر الاسکندریہ (اوپر دیکھیے) کا نظم و نسق حوالے کر کے اسے مزید قوت دی اور دیوان المفرد (خاص محکمے کا دیوان) کو شاہی ممالیک کے وظائف اور لباس وغیرہ کے نظم و نسق کے لیے قائم کیا، اور ان کی وجہ سے وزارت کے اختیارات کم ہوگئے۔ پھر بھی وزیر خزانے کا سربراہ بن گیا اور اسے تمام قسم کے مختلف محصولات کو وصول کرنے کا کام تفویض کیا گیا کیونکہ وہ مالیاتی امور کے

جملہ عمال سے بلند مرتبہ رکھتا تھا اور اسی بنا پر ابن خلدون وضاحت کرتا ہے کہ کیوں متعدد قبطیوں کو اس عہدے اور اس قسم کے دیگر عہدوں کے لیے منتخب کیا گیا، جو زمانۂ قدیم سے ان امور سے خوب واقفیت رکھتے تھے (دیکھیے ابن خلدون، ۲ : ۱۵ اور ۲۰؛ ترجمہ Rosenthal، ۲ : ۱۹، ۲۵؛ (۲) المقریزی : الخطط : ۲ : ۲۲۳، ۲۲۸؛ Gaudefroy-Domombynes : Syria، ج ۴۳؛ W. Popper : Egypt and Syria، ص ۹۶ تا ۹۸) - (۱) دیوان الانشاء جسے "کتابت السرّ" بھی کہتے تھے (المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۵، ۲۳۶ ببعد؛ القلقشندی، ۴ : ۳۰؛ الظاہری : زبدہ، ص ۹۹ تا ۱۰۰) ابھی تک اپنے متعدد سابق کام سرانجام دیتا رہا (اوپر دیکھیے ۳)۔ اس کے سربراہ کاتب السرّ کو غیر فوجی عہدے داروں کے نظام مراتب میں سب سے زیادہ توقیر حاصل تھی (W. Popper : Egypt and Syria، ۹۷؛ المقریزی : الخطط، ۶ : ۲۲۶، ۲۳۷)؛ لیکن وہ دوادار یعنی ایک صاحب السیف کے سامنے جوابدہ ہوتا تھا، اور یہ عسکری طبقے کے بالا دست ہونے کی دلیل ہے۔ وہ سلطان کی غیر فوجی کابینہ کا سربراہ رہ چکا تھا، جو ڈاک وصول کرتا اور سلطان کی خدمت میں بھجواتا یا غیر ملکی سفیروں کو حکمران کے حضور پیش کرتا تھا (القلقشندی، ۴ : ۱۹)۔ دوسری طرف کاتب السرّ نے بتدریج صاحب البرید کا کام سنبھال لیا؛ ان دونوں عہدوں کا اوّلین حامل اوحدالدین عبدالواحد بن اسمعیل الحنفی (م ۷۸۶ھ/۱۳۸۵ء) تھا؛ المقریزی : الخطط، ۱ : ۸۷؛ ابوالمحاسن بن تغری بردی : منہل، عدد ۱۴۸۳؛ W. Björkman : Staatskanzlei، ص ۴۱ و حاشیہ ۳۔ دیوان الانشاء ان امور سے متعلّق تھا؛ (الف) غیر ملکی حکومتوں اور صوبائی حکام سے خط و کتابت (مکاتبات)۔ اسی لیے القلقشندی اس دیوان کے عہدے داروں کے لیے غیر ملکی زبانوں کے علم کا

Marfat.com

مطالبہ کرتا ہے؛ مثلاً ترکی، ایرانی، یونانی اور "الفرنجیہ؟" (لاطینی ؟)؛ صبح الاعشی، ۱ : ۱۶۵ تا ۱۶۷؛ Björkman : *Staatskanzlei*، ص ۴۴ و حاشیہ ۱)؛ (ب) تقرریاں (ولایات)، بشمول بیعت اور سلطان کے جانشین کے لیے تحریر (عہد)، نیز صوبوں کے والیوں کے لیے (تقلید) اور دیگر عہدے داروں کے تقرر کے لیے (تفویض، توقیع)؛ القلقشندی، ۱ : ۲۵۲؛ Björkman : *Staatskanzlei*، ص ۴۸، ۵۲؛ (ج) عامّۃ الناس کی شکایات پر شاہی فیصلے (توقیعات علی القصاص، اوپر دیکھیے، القلقشندی، ۶ : ۲۰۲ ببعد؛ Björkman : *Staatskanzlei*، ص ۵۲ تا ۵۳) - (۲) دیوان الجیش یا دیوان الجیوش المنصورہ، فوجی عملے کے لیے جاگیروں کے عطیے کا انتظام کرتا تھا (القلقشندی، ۱ : ۱۰۲)، اسی لیے اُسے بعض اوقات دیوان الاقطاع کہتے تھے ؛ القلقشندی، ۳ : ۴۵۷ ؛ Björkman : *Staatskanzlei*، ص ۵۱، حاشیہ ۲ - اس کا سربراہ ناظرالجیش فوج کے دیوان کا ناظم اکثر قاضی ہوتا تھا، اس کی معاونت دیوان الجیش کا ناظر (صاحب دیوان الجیش) اور دیگر کثیرالتعداد اہل کار کرتے تھے، جو شہود، کُتّاب وغیرہ کہلاتے تھے (Popper : *Egypt and Syria*، ص ۹۷) - بقول الظاہری (زُبدۃ، ص ۱۰۳) دیوان الجیش دو علاقائی شعبوں میں منقسم تھا : دیوان الجیش المصری اور دیوان الجیش الشامی - (۳) دیوان الخاص نے اپنی اہمیت سلطان الناصر محمد بن قلاوُن کے تحت حاصل کی تھی (دیکھیے اُوپر) ۳۰؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۷، ۱۰ میں فاطمیوں کے عہد ھی میں اس کا موجود ہونا لکھتا ہے، اور مابعد کے عشروں میں اس کا اثر و نفوذ زیادہ ہوتا گیا یہاں تک کہ الظاہر برقوق کے عہد حکومت کے اوائل میں ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء میں اپنے عروج کو پہنچ گیا، جب کہ دیوان الخزانہ (مال گوداموں کا دیوان) بھی اس کے اندر ضم ہو گیا؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۷، ۵ ببعد؛ Popper : *Egypt and Syria*، ص ۹۷، ۴ - (۴) دیوان المُفرد (خاص محکمے کا دیوان) کی بنیاد الظاہر برقوق نے رکھی تھی، جب اس نے وزارت کے بجائے اسے قائم کیا (المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۳، ۲۸ ببعد؛ القلقشندی، ۳ : ۴۵۷، اس نام کے ایک دفتر کا ذکر کرتا ہے جو پہلے سے فاطمیوں کے تحت موجود تھا) - اس کا اصلی سربراہ اُستادار ایک صاحب السیف ہوتا تھا، جسے کبھی کبھی نام نہاد وزیر تک ھی مقرر کیا جاتا تھا (Popper : *Egypt and Syria*، ص ۹۳، ۹؛ الظاہری : زُبدۃ، ص ۱۰۷، ترجمہ ص ۱۷۸) - اس اُستادار کے تحت دیوان المفرد کا ناظر ایک بڑے عملے کی اعانت سے اس دیوان کے فرائض مثلاً سلطان کے مملوکوں کے لیے وظائف، لباس، خوراک چارے وغیرہ کے متعلق ھدایات دیتا تھا (Popper، ص ۹۷) - (۵) دیوان الاموال، کُل مالی لین دین یا خرچ پر قابو رکھتا تھا اور تنخواھوں کی ادائی اور حسابات رکھنے کا ذمے دار تھا (القلقشندی، ۴ : ۲۹ ببعد؛ المقریزی : الخطط، ۲ : ۲۲۴، ۷ ببعد) - وزیر اس کا سربراہ تھا، لیکن وہ بھی ناظر دیوان المفرد کی طرح زیادہ سے زیادہ اُستادار کے ماتحت ہوتا چلا گیا، لہٰذا اس عہدے کی جو اعلٰی توقیر تھی وہ کم ہو گئی (Popper : *Egypt and Syria*، ص ۹۶؛ ابن خلدون، ۲ : ۲۰ تا ۲۱؛ ترجمہ ص ۲۵) - پھر فاسد طریقوں سے جو تقرر ہوے ان سے صورت حال واضح ہو جاتی ہے، مثلاً جب ۸۶۸ھ/۱۴۶۴ء میں ایک تھوک فروش قصاب شمس الدین محمد البباوی کو وزیر اور ناظرالدولہ بنایا گیا اور پھر ۸۷۰ھ/۱۴۶۶ء میں "سکّوں کا دلّال قاسم یُغَیتہ شُغَیتہ مقرر ہوا، یہ دونوں اشخاص غیر تعلیم یافتہ تھے (ابوالمحاسن بن تغری بردی، طبع Popper، ۷ : ۲۴ تا ۲۵ اور ۳۸ تا ۳۹ ؛ ترجمہ Popper، ۴ : ۵۸، ۶۷ ؛ ابن ایاس غیر مطبوعہ صفحات ۱۳۶، ۲ و ۱۶۰، ۴ تا ۵)-

marfat.com
Marfat.com

یہ ناظرالدولہ (بعض اوقات خود وزیر، اور بعض اوقات وزیر کی شرکت میں) خزانے کے حاکم اعلٰی کے طور پر کام کرتا تھا اور اس کے تحت متعدد محاسب (مُستَوفی) محافظ دفتر (شاہد) وغیرہ ہوتے تھے جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے ۔ دیوان‌الاموال متعدد محکموں کی نگرانی کرتا تھا جنھیں دیوان یا نَظَر کہتے تھے اور جو انتظامیہ کے مختلف شعبوں سے متعلق تھے، مثلاً نَظَر بیت المال، جو المَقْریزی کے قول کے مطابق اس کے زمانے میں موجود نہیں تھا (الخطط، ۴ ۲ ۲، ۲۳٦ تا ۲۳۷)، نظرالمواریث الحشریہ (لاوارث جائداد کی نگرانی کا دفتر: Popper : *Syria and Egypt*، ص ۹۹، ۱۷)، نظرالمرتجعات جسے نظرالسلطان (یعنی املاک کی بازیابی کے نگران کا دفتر بھی کہتے تھے: W. Popper، کتاب مذکور، ۹۹، ۱۸؛ القلقشندی، ۴ : ۳۳)، اس کے سربراہ کو مُسْتَوفی المرتَجعات، نظر الوَجْه القبلی و نظرالوَجْه البحری (پہلا بالائی اور دوسرا زیریں مصر کا نگران دفتر)، دیوان الاستیفاء (تنخواھوں کی ادائی کا دیوان)، دیوان الاحباس (محکمۂ اوقاف)، دیوان الزکوٰة کہتے تھے ۔ مؤرخین اس پیچیدہ نظام کے طریق کار اور اس کی عملی کمزوریوں کے تباہ کن اثرات کی بہ کثرت مثالیں پیش کرتے ھیں، جو اعلٰی حکّام نیز حکمرانوں کی مسلسل تبدیلیوں اور سزاؤں کے ظالمانہ اور مستبدانہ نظام (: مصادرہ) کی وجہ سے، جو ہر تبدیلی کا لازمہ تھا، اور بھی بڑھ گئے تھے .

**مآخذ** : ان حوالوں کے علاوہ جو مقالے میں درج ھیں

(۱) عربی ورق بردی پیرس کی مطبوعات کی تازہ فہرست در
A. Dietrich : *Arabische Briefe aus der Papyrus-samlung der Hamburger Staats-und Universitäts-bibliothek*، ھمبرگ ۱۹۵۵ء؛ (۲) A. Grohmann کی
نہایت ضروری تصنیفات کی ایک فہرست در *Isl.*، ج ۱۳ (۱۹۵۷ء) ص ۲ تا ۴؛ (۳) A. Grohmann : *Studien zur historischen Geographie und Verwaltung des frühmittel-alterlichen Ägypten*، وی انا ۱۹۵۹ء
(Ost. Akad. d. Wiss. Phil. hist. Kl. Denkschr. 77 Bd., 2. Abh.)؛ (۴) C. H. Becker : *Beiträge zu Geschichte Ägyptens unter dem Islam*، ۱/۲
سٹراس برگ ۱۹۰۲ تا ۱۹۰۳ء؛ (۵) وھی مصنف :
*Papyri Schott-Rheinhardt*، ج ۱، ھائیڈل برگ ۱۹۰٦ء؛
(٦) وھی مصنف : *Islamstudien*، ۱/۲، لائپزگ ۱۹۲۴ تا ۱۹۳۲ء؛ (۷) D. C. Dennett : *Conversion and poll-tax in early Islam*، کیمبرج، Mass، ۱۹۵۰ء،
(Harvard Historical Monograph، ج ۲۲)؛ (۸) F. Lokkegaard : *Islamic taxation in the classic period*، کوپن ھیگن ۱۹۵۰ء؛ (۹) زکی محمد حسن : *Les Tulunides* پیرس ۱۹۳۳ء؛ (۱۰) Cl. Cahen : *Evolution de l'iqtâ'du IX[e] au XIII[e] siècle* در *Annales ESC*،
ج ۸، (۱۹۵۳ء)، ص ۲۵ تا ۵۲؛ (۱۱) وھی مصنف :
*Le régime des impôts dans le Fayyum ayyubide*
در *Arabica*، ج ۳ (۱۹۵٦ء)، ص ۸ تا ۳۰؛ (۱۲)
وھی مصنف : *Histoires Coptes d'un cadi médiéval*،
*BIFAO*، ج ۵۹ (۱۹٦۰ء)، ص ۱۳۳ تا ۱۵۰ : (۱۳)
M. Gaudefroy-Demombynes : *La Syrie à l'epoque des mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء؛ (۱۴) W.Popper:
*Egypt and Syria under the Circassian Sultans 1382-1468 A. D.*، برکلے اور لاس اینجلز ۱۹۵۵ء
بعد (University of California Publications. in Semitic Philology، ج ۱۵ اور ۱۷)؛ (۱۵) D. Ayalon :
*The system of payment in Mamluk military society*،
در *JESHO*، ۱ : ۳۷ ببعد و ۲۵۷ ببعد؛ (۱٦) وھی مصنف :
*The plague and its effect upon the Mamluk army*،
در *JRAS*، ۱۹۴٦ء، ص ٦۷ تا ۷۳؛ (۱۷) وھی مصنف :
*Studies on the structure of the Mamluk army I*،
در *BSOAS*، ج ۱۵ (۱۹۵۳ء)، ص ۲۰۳ تا ۲۲۸؛
(۱۸) حصہ ۲، کتاب مذکور، ص ۴۴۸ تا ۴۷٦؛ (۱۹)

Marfat.com

حصہ ۳، کتاب مذکور، ج ١٦ (١٩٥٤ء)، ص ٥٧ تا ٩٠؛ (٢٠) وہی مصنف: Gunpowder and fire arms in the Mamluk kingdom، لنڈن ١٩٥٦ء؛ (٢١) A. N. Poliak: Les révoltes populaires en Egypte à l'époque des Mamlouks et leurs causes économiques، در REI، ج ٨ (١٩٣٤ء)، ص ٢٥١ تا ٢٧٣؛ (٢٢) وہی مصنف: Feudalism in Egypt, Syria, Palestine and the Lebanon 1250-1900، لنڈن ١٩٣٩ء؛ (٢٣) ابن ایاس، محمد بن احمد: Unpublished pages of the chronicle of Ibn Iyas, A. H. 857-873/A.D. 1453-1468، قاہرہ ١٩٥١ء؛ (٢٤) ابن خلدون: مقدمہ، ترجمہ F. Rosenthal، ج ١ تا ٣، نیویارک ١٩٥٧ء؛ (٢٥) ابو بکر بن عبداللہ الدواداری: Die Chronik des Ibn Dawādārī، ج ٩، طبع H. R. Roemer، قاہرہ ١٩٦٠ء.

(H. L. GOTTSCHALK)

### ٣ - المغرب

(الف) جہاں تک اندلس کا تعلّق ہے، ہمیں اس بات کا علم نہیں کہ دوسری صدی ہجری / آٹھویں صدی عیسوی کے اوائل میں پہلے مسلم فاتحین نے وہاں وزی گوتھ Visigoths کے دیوانی اور فوجی نظم و نسق کو جو بلاشبہہ بوزنطی نظام سے متاثر تھا، کس حالت میں پایا اور کس طرح اسے خود اختیار کیا.

چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں، عہد اُمیّہ میں اتنا معلوم ہے کہ تین بنیادی دیوان، حکومت کی تین بنیادی ضرورتوں کے لیے کام کرتے تھے اور ہر ایک کا نظم و نسق ایک خاص وزیر (یا صاحب)، کے ہاتھ میں ہوتا تھا - وہ یہ تھے:

١- دیوان الرسائل (=الترسیل) والکتابہ (وزارتی اور ملکی دفتر) - یہ موصولہ اور مجاریہ دونوں طرح کے مراسلات اور مختلف اسناد اور فرامین (: سجلّات صُکوک) تیار کرتا تھا.

٢- وزارت مال: دیوان الخراج والجبایات، دیوان الاشغال یا الاعمال (الخراجیہ یا مالیہ)، دیوان الحسبان، دیوان الزمام، جو مختلف محصولات کی وصولی، محصّلوں کی نگرانی اور آمد و خرچ کا حساب رکھنے کا ذمے دار تھا - اس کے ساتھ ایک حد تک دیوان الخزانہ کا براہ راست تعلق تھا، جو سرکاری خزانے کی دیکھ بھال کرتا تھا اور بیت المال سے، جس کی نوعیت مذہبی تھی، جداگانہ تھا.

٣ - وزارت فوج: دیوان الجیش، دیوان الجُند، دیوان العساکر، دیوان اہل الثُغور، جس کے تین مختلف فرائض تھے: (الف) باقاعدہ فوج کے مالی دفتر کو تاریخ جاریہ تک مکمل رکھنا؛ (ب) حسابات رکھنا، فوجوں کو تنخواہ (ارزاق) اور (فوجی خدمت کے صلے میں) عطیات دینا؛ اور (ج) اعلٰی افسروں میں جاگیریں (اقطاعات) تقسیم کرنا - تاہم فوجوں کی قیادت یا لڑائیوں کے متعلق احکام دینے میں اس کا کوئی حصہ نہ تھا.

بنو اُمیّہ کے بعد اسی قسم کی سہ گونہ تنظیم، گو فطری طور پر بہت محدود پیمانے پر تھی، صوبائی حاکموں (ملوک الطوائف) کے درباروں میں اور آگے چل کر نصریہ خاندان میں پائی جاتی تھی.

الموحّدون کے عہد (چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی) سے قبل جہاں تک شمالی افریقہ کا تعلق ہے، ہمیں دواوین یا ایسے محکموں کا عملاً کچھ علم نہیں.

٥٥٤ھ/١١٥٩ء میں عبدالمؤمن المُوَحّد نے شمالی افریقہ پر وادی نُول سے برقہ تک اپنا تسلّط جمانے کے بعد سلطنت کی مساحت اس غرض سے کروائی کہ زر نقد اور جنس میں ادا ہونے والے زمین کے مالیے (خراج) کی تعیین کے لیے جمع بندی تیار کی جائے؛ اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ ایک خاص مالی دیوان یا تو قائم کیا گیا تھا یا اُسے ترقی دی گئی.

ایک دوسرے المُوحّد یعقوب المنصور (٥٨٠ تا

Marfat.com

۵۹۵ھ/۱۱۸۳ء تا [بہ تصحیح ۱۱۹۹ء] نے علامت کے طریق کار کا آغاز کیا، یعنی توقیعی کلمات جو مراسلوں اور احکام کے سرناموں پر بڑے بڑے حروف میں لکھے ہوتے تھے، اُن کے بعد وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہ ہوتا تھا۔ پہلے تو حکمران خود اپنے ہاتھ سے یہ ثبت کرتا تھا؛ بعد میں علامت کی تحریر وزیر اعلٰی کے سپرد کر دی گئی۔ اس پر بنو حَفْص اور بنو مرین کے فرمانروا بھی عمل کرتے رہے اور بنو سعد کے زوال تک اس کی پابندی ہوئی۔ فقط نصریوں نے اسے اختیار نہیں کیا۔

دوسری باتوں میں الْمُوَحِّدون کے دیوان اندلس کے اموی دیوانوں سے مشابہ تھے، لیکن وزارت اعلٰی کے دفتر میں دیوان الانشاء بننے کا رجحان پایا جاتا تھا۔ اس تنظیم کو افریقیہ میں بنو حفْص نے، اور مراکش میں بنو مرین نے قائم رکھا تھا، تاہم بسا اوقات بہت سے دیوانوں کو باہم ملا کر ایک مدبر کے تصرُّف میں دے دیا جاتا تھا۔ یہ مدبر وزیروں کے کسی نہ کسی بڑے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔

دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی سے شمالی افریقہ میں دیوانوں کے کاروبار، بلکہ ان کے وجود تک کے متعلق بہت کم معلومات ملتی ہیں۔ مراکش میں ہم صرف دیوان الجیش کے متعلق جانتے ہیں، جس میں تمام باقاعدہ افواج شامل تھیں، جو ابتدا میں عربوں اور بعد میں حبشیوں (عبید یا حراطین) پر مشتمل تھیں۔ ان افواج (بالخصوص عبید) نے چونکہ اکثر علوی سلاطین کو بنایا اور معزول کیا تھا، لہٰذا ان کا دیوان بعض اوقات شاہی مجلس شورٰی کی قسم کا ہو جاتا تھا۔

تطوان کی تباہ کن جنگ (۱۸۶۰ء) کے بعد سلطان محمد الثالث بن عبدالرحمٰن نے جدید قسم کا دیوان الجیش قائم کرنے کی کوشش کی تھی، مگر اس کی کوشش ناکام ثابت ہوئی۔

**مآخذ**: (۱) ابن خلدون: مُقدّمہ، طبع بُولاق ۱۲۷۴ھ، ص ۱۱۳ تا ۱۲۰؛ ترجمہ de Slane، حصۂ دوم، ص ۱ تا ۲۹؛ (۲) E. Lévi Provençal : *L'Espagne musulmane au Xe siècle*، ص ۶۹، ۱۲۸؛ (۳) ابن فضل اللہ العمری: مسالک الابصار، ترجمہ Gaudefray-Demombynes، در اشاریہ، بذیل مادّہ دیوان۔ سعدیوں اور علویوں کے ماتحت مراکش کے لیے دیکھیے احمد الناصری: کتاب الاستقصاء، ترجمہ Fumey (=*Archives Marocaines*، ج ۹، ۱۰)، ۱: ۳۶، ۶۶، ۹۳، ۱۲۸، ۱۷۸، ۲۳۹، ۲۸۳، ۲: ۲۳۰۔

(ب) الْمُوَحِّدون کے عہد (چھٹی صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی) سے ان بندرگاھوں میں، جنھیں عیسائی یورپ سے تجارت کرنے کی اجازت تھی (افریقیہ میں المہدیہ سے سبطہ (Ceuta) تک، نیز المریہ میں) ان خاص دفاتر کی موجودگی کی تصدیق ہو چکی ھے جو دیوان الاشغال کے ماتحت ہوتے تھے اور جن کا کام عشر اور متفرق محصولات (مَلازم) کی وصولی تھا، جو یورپی درآمد کنندگان پر عائد کیے جاتے تھے۔ اس قسم کے دفتر کو عام طور پر محض الدیوان کہتے تھے؛ لیکن اس سے زیادہ تفصیلی نام بھی کہیں کہیں ملتے ہیں: دیوان البحر اور خصوصاً دار الاشراف علی عمالة الدیوان، "محصولات عائد کرنے کی نگرانی کے صدر دفاتر"۔ مقامی مہتمم کو مُشْرِف کہتے تھے۔

محصولات کے طریق کار کو سہل بنانے کے لیے اور اس کے علاوہ عیسائی تاجروں اور ان کے تجارتی مال کے تحفظ کے لیے ایک یا زیادہ تجارتی سرائیں (ہر قوم کے لیے ایک) "دیوان" کے بالکل قریب ہوتی تھیں، یہ فُنْدُق یا قیساریّہ کہلاتی تھیں، جن کے مشرقی مترادفات "خان" اور (دارالوکالة) تھے۔

اس قسم کے دفاتر، شاذ صورتوں میں اندرون ملک کے بڑے بڑے شہروں مثلاً تلمسان اور فاس میں بھی کام کرتے تھے، مؤخرالذکر شہر میں دفتر محصولات یورپ سے درآمد شدہ کپڑے پر محصول عائد

Marfat.com

کرتا تھا ۔ اس کی نسبت Leo Africanus نے (دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں) لکھا ہے کہ یہ قیساریہ میں تھا ۔ وہ ضرور اسی چھوٹے تجارتی محلے میں ہوگا، جسے موجودہ قیساریہ کے بالکل شمال میں ابھی تک "الدیوان" کہتے ہیں ۔

لفظ دیوان، اگر اس محدود مفہوم میں لیا جائے (جس سے یورپی تاجر یقیناً زیادہ اچھی طرح واقف ہوں گے) تو وہ صریحاً اطالوی dogana اور ہسپانوی aduana کا اور اسی طرح فرانسیسی douane کا مأخذ ہوگا، لیکن یاء کا فقدان اور الف کا اضافہ پہلے دو مستعار لفظوں میں دشواری پیدا کرتا ہے ۔ غرناطہ میں (نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی) کے اختتام پر P. de Alcala نے اپنے زمانے تک ہسپانوی لفظ aduana کا عربی ترجمہ "دیوان" کیا ہے ۔

بہر حال جو صورت حال بھی ہو، مراکش میں رائج الوقت اصطلاح دیوانہ ہے، شاید اس پر ہسپانوی لفظ کا اثر ہوا ہے ۔ دیگر مغربی زبانوں میں مشرق زبانوں کی طرح (یعنی عربی زبان بولنے والے ملکوں میں، جو سابق سلطنت عثمانیہ سے ملحق ہو گئے تھے) محصولات کے لیے الفاظ ترکی لفظ "گمرک" سے مستعار لیے گئے تھے، جس کا سلسلہ عہد زوال کی یونانی زبان کے ذریعے لاطینی "commercium" تک پہنچتا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) ابن جُبیر: الرحلۃ، طبع ڈخویہ، برائے اسکندریہ (ص ۳۹ تا ۴۰) اور عکّہ (ص ۳۰۲)؛ (۲) De Mas Latrie : *Relations et commerce de l'Afrique septentrionale*، ۱۸۸۶ء، ص ۱۶۶، ۳۳۵؛ (۳) *Hespéris*، ج ۱۲ (۱۹۳۱ء)، ص ۱۶۲ (برائے سبطہ Ceuta).

(ج) دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے وسط سے الجزائر، تونس اور طرابلس کی ترکی ولایات میں دیوان کی اصطلاح ملنے لگتی ہے ۔ اس وقت یہ لفظ اعلیٰ عہدے داروں کی جماعت کا ہم معنی تھا جو اس علاقے کے سربرآوردہ ترکی عمّال کی معاونت، بلکہ خاص طور پر ان کی نگرانی کے لیے مقرر کیے جاتے تھے ۔

اس میں شک نہیں کہ اس قسم کی جماعتوں کی نظیر پر گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے آغاز میں بربری عربوں نے جو رباط کے "قصبہ" میں رہتے تھے، اپنا "دیوان" یا مجلس شوریٰ قائم کی تھی (ہم عصر مغربی تصانیف میں اس کا ذکر *duan*، *duano*، *duana* کے نام سے آیا ہے)، جس کے ارکان مقامی افسر اعلیٰ کی نگرانی کرتے تھے ۔

عام محاورے میں اس کے موجودہ استعمال میں لفظ دیوان کا اطلاق بعض اوقات ان "مجالس" پر ہوتا ہے جن کے متعلق مشہور ہے کہ انھیں صوفیہ اور جنّات وقتاً فوقتاً منعقد کرتے ہیں ۔ یہ لفظ جو کبھی کبھی "سازش، ساز باز" کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے تو اس کی ایک وجہ بھی یہی ہے ۔

**مآخذ** : (۱) الجزائر، لیبیا اور تونس کے مقالے دیکھیے؛ (۲) de Castries : *Les trois républiques du Bou-Regreg*، در *Sources inédites de l'histoire du Maroc*، ہالینڈ، سلسلۂ اول، ۵ : ۱ تا ۲۸ جس میں مصنف سے "douane" کے بارے میں سہو ہوا ہے ۔

مشرق کے سرکاری دفاتر میں لکھنے کے مخصوص طریقے استعمال ہوتے تھے، مثلاً عدالتی اور سفارتی استعمال کے لیے "دیوانی" اور پیمائشی اور مالی مثلوں کے لیے مع عددی مخففات "سیاق" یا "سیاقت"۔ مغرب میں محاسب مالی دفاتر میں ۲۷ رقوم کے ایک سلسلے کا استعمال کرتے تھے، جسے رسوم (یا حُروف) الزّمام، یعنی بڑی کتاب کے مخففات یا حروف کہتے تھے، اس طریقے کا بوزنطی اصل سے ہونا مسلّم ہے، نیز دیکھیے خطّ ۔

**مآخذ** : (۱) G.S. Colin : *De l'origine grecque*

Marfat.com

des "Chiffres de Fès"، در JA، ۱۹۳۴ء، ص ۱۹۳ .

(G. S. COLIN)

### ۴ - ایران

دیوان کی اصطلاح عام طور پر مرکزی حکومت کے معنی میں مختلف طریقوں سے استعمال ہوتی تھی اور اس مفہوم میں یہ زیادہ خصوصیت سے دیوان اعلٰی کے نام سے بھی معروف تھی، یعنی وہ محکمہ یا جگہ جہاں سرکاری اور دیوانی انتظام کے امور انجام پاتے تھے برخلاف فوجی انتظامیہ کے، گو ان کے درمیان حد فاصل قائم کرنا بعض اوقات مشکل ہو جاتا ہے ۔ انیسویں صدی عیسوی کے وسط سے مرکزی حکومت کے معنی میں دیوان کی جگہ دولۃ یا دائرۂ دولۃ بہت زیادہ رواج پا چکا تھا ۔ ثانیاً دیوان کی اصطلاح کو عام سرکاری محکمے کے مفہوم میں استعمال کیا جانے لگا تھا اور اس مفہوم میں اس کی جگہ آخر وزارہ، دائرہ اور اِدارہ نے لے لی ۔ ان دیوانوں میں ضروریات وقت کے مطابق اختلاف تھا ۔ اسم صفت دیوانی کو بھی اسی طرح استعمال کیا جاتا تھا ۔ چنانچہ "مہمات دیوانی" سے مراد مرکزی انتظامیہ کے امور ہوتے تھے اور "تکالیف دیوانی" سے مراد محصولات یا واجبات" (غیر شرعی نوعیت کے) ہوتے تھے جنھیں دیوان عائد کرتا تھا ۔ جب اس کا اطلاق زمین پر ہوتا تو دیوانی سے مراد سرکاری زمین ہوتی تھی، برخلاف شاہی زمین یا نجی جاگیروں کے .

بارٹولڈ کا یہ بیان کہ "مشرق میں مسلمانوں کی سیاسی تنظیمات کے پورے نظام میں انتظامیہ کے تمام شعبوں کو دو بڑی انواع میں منقسم کر دینا درگاہ (محل) اور دیوان (وزارہ) (*Turkestan*، ص ۲۲۷)، شاید اس نظام کو حد سے زیادہ سادہ بنا دینا تھا؛ حکومت کی سخت ذاتی نوعیت کی وجہ سے یہ رجحان تقریباً ناگزیر تھا کہ مختلف سرکاری عمّال کے اختیارات کے درمیان خط فاصل اکثر بدلتا رہے ۔ ایلخانی صفوی اور قاجار حکومت کے ابتدائی دور میں بدیہی وجوہ کی بنا پر عام رجحان یہ تھا کہ مرکزی انتظامیہ نسبۃً سادہ ہو اور مختلف اعضاے حکومت میں وقت کے ساتھ ساتھ تقسیم کار بڑھتی رہے ۔ یہ بات خاص کر صفوی اور قاجار عہدوں میں دیکھنے میں آتی ہے .

دیوان اعلٰی انتظامیہ کے سارے میدان پر حاوی تھا، لیکن اس کا تعلّق بنیادی طور پر تین شعبوں سے تھا : اسناد و احکام کا اجرا؛ مالی انتظام؛ اور عدالتی انتظام (ذاتی نوعیت کے مقدمات کے ماسوا، جو شرعی عدالتوں کے تحت آتے تھے)۔ پہلے دو وزیر کے دائرۂ اختیار میں تھے؛ تیسرا شعبہ، جہاں تک اس کے اختیارات تفویض کر دینے کا تعلق تھا، وہ وزیر کو نہیں سونپا جاتا تھا، جسے فیصلوں پر عمل درآمد کرانے کا اختیار نہ تھا، بلکہ "فوجی" حکام کو تفویض کیا جاتا تھا ۔ سلجوقی دور میں سلطان یا اس کے عمّال دیوان اعلٰی میں سرکاری امور سرانجام دینے کے ساتھ وقتاً فوقتاً "دیوان مظالم" کا اجلاس بھی کرتے تھے ۔ تیموریوں اور صفویوں کے تحت عدلیہ کا اعلٰی عہدے دار دیوان بیگی ہوتا تھا جو عموماً فوجی طبقوں سے تعلق رکھتا تھا ۔ فرمانروا کے ذاتی طور پر نظم و نسق کرنے کی روایت، جس میں عدالتی انتظام بھی شامل تھا، عہد قاجار تک قائم رہی (Malcolm : *History*، لنڈن ۱۸۲۹ء، ۲ : ۳۰۸)، اور شاہی قیام گاہ کو، جہاں بادشاہ (اور صوبوں میں والی) عام طور پر امور مملکت سر انجام دیتا تھا، خصوصاً دربار عام کے ایوان کو "دیوان خانہ" کہتے تھے .

مرکزی عہدے دار ملک کی حکمت عملی یا والیوں کے تقرر کے سلسلے میں بہت ھی کم اثر رکھتے تھے، کیونکہ یہ چیز سلطان یا بادشاہ کے ھاتھ میں ہوتی تھی۔ سلطنت کے وسیع علاقوں کو بھی "اقطاعات" یا "تیولات" کی صورت میں اس (مرکزی انتظامیہ) کے

اختیار سے آزاد کر دیا گیا تھا ۔ تاہم ایران میں انتظامی روایت کا تسلسل بہت نمایاں رہا، خصوصاً شعبۂ مالیات میں، جو مرکزی حکومت کا بہت ہی زیادہ منظم شعبہ تھا ۔ اس روایت کا سلسلہ اُنیسویں صدی عیسوی کے وسط سے (جس کے بعد مغرب کے یورپی ممالک کی مثال سے متاثرہ انتظامی تبدیلیاں رونما ہونے لگیں) پیچھے صفوی اور تیموری زمانوں تک پھیلا ہوا ہے اور باوجود ایلخانوں کی خاص خاص جدّتوں کے، اس کا سراغ اور بھی پیچھے عظیم سلجوقیوں کے عہد تک لگایا جا سکتا ہے ۔ یہ امر کہ یہ تسلسل بدستور قائم رہا، زیادہ تر اس واقعیت کا مرہون منت تھا کہ دفتری عمّال کو کُلِّیَّۃً مقیم آبادی سے لیا جاتا تھا اور وہ ہر نئے شاہی سلسلے کی خدمات بجا لاتے تھے ۔ چنانچہ قدیم صفوی سلطنت کا انتظامی عملہ زیادہ تر ایسے ہی عمّال پر مشتمل تھا جو اس سے پہلے ترکمان خاندانوں کی ملازمت میں رہ چکے تھے؛ اسی طرح ایلخانوں کے قانون پسند عمّال اُن خاندانوں کی ملازمت کر چکے تھے جو مغلوں کی فتح سے پہلے ایران میں حکومت کرتے تھے ۔ اتنی ہی حیرت انگیز یہ بات ہے کہ قاجار خاندان کے ابتدائی دور میں کثرت سے وہی لوگ اعلٰی منصب پرفائز رہے جو سابقہ زَند خاندان کے عہد حکومت میں عہدے دار یا وزیر رہے تھے ۔

مرکزی انتظامیہ کا اہم ترین عہدے دار وزیر [رک باں] تھا ۔ اس کے اختیارات اسے حکمران تفویض کرتا تھا۔ بعض اوقات ایسا ہوا کہ وہ دیوانی، فوجی، مذہبی غرض کہ حکومت کے ہر شعبے پر حاوی ہوتا ۔ اس کے اختیار اور اثر و نفوذ کے حدود کا فیصلہ کرنے میں شخصی عنصر کا بہت دخل ہوتا تھا ۔ ابتدائی صفویوں کے سب سے بڑے عہدے دار کو کچھ مدت تک وکیل [رک باں] کہتے تھے، جب کہ وزیر کی اصطلاح زیادہ تر کسی شعبے یا وزارت کے سربراہ اور والی کے ماتحت صوبے کے سب سے بڑے عہدے دار کے لیے استعمال ہوتی تھی ۔ صفوی عہد کے اواخر میں مرکزی حکومت کے سب سے بڑے عہدے دار کو "وزیراعظم" کہتے تھے اور اس کا خطاب اعتماد الدولہ ہوتا تھا؛ قاجاروں کے تحت بھی کبھی کبھی وزیراعظم کا، جسے صدر اعظم کہتے، یہی خطاب ہوتا تھا ۔

عظیم سلجوقیوں کے عہد میں وزارت مرکزی انتظامیہ کا محور تھی : وزیر جب اپنے عروج اقتدار پر ہوتا تو انتظامیہ کے تمام پہلوؤں کی، جو مرکزی حکومت کے ماتحت ہوتے نگرانی کرتا، جن میں خصوصیت سے مالیات شامل تھا۔ وہ ایک حد تک ذرائع آمدنی میں نظم پیدا کرتا تھا اور اس کا بڑا کام آمدنی کو بڑھانا تھا ۔ اس کے ماتحت بڑے بڑے دیوان یہ تھے : "دیوان الانشاء والطغراء" (جسے کبھی کبھی دیوان الرسائل کہتے تھے)، جو موصول ہونے اور بھیجے جانے والے مراسلات کا کام کرتا تھا، اور "دیوان الزمام والاستیفاء" (جسے "دیوان الاشراف" بھی کہتے تھے)، جس کا تعلّق مالی امور سے ہوتا تھا ۔ یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ انیسویں صدی عیسوی میں مرکزی حکومت کے دو اہم محکمے بالترتیب "منشی الممالک" اور "مستوفی الممالک" کے ماتحت تھے ۔ **دیوان الزمام و الاستیفاء دو بڑے حصوں میں منقسم تھا، ایک تو مستوفی الممالک کے تحت تھا اور دوسرا مُشرف الممالک کے ۔ ان کی تقابلی اہمیت بدلتی رہتی تھی ۔ سلجوقیوں کے زمانۂ مابعد میں دونوں دفاتر میں خود مختار ہونے کا رجحان پایا جاتا تھا، اول الذکر کا تعلّق آمدنی کے امور سے تھا، مؤخرالذکر کا نظارت و نظم و نسق سے ۔ آمدنی کا بیشتر حصہ فوج پر خرچ ہوتا تھا، چنانچہ جب آمدنی جاگیروں (اقطاعات) کی صورت میں مزکری حکومت کے اختیار سے نکل جاتی تھی، تب بھی اس معاملے کی مثلوں کو مرکزی حکومت کے شعبۂ "دیوان عرض" میں رکھا**

جاتا تھا (دیکھیے عتبة الکتبة، طبع عباس اقبال، تہران ۱۹۵۰ء، ص ۳۹ تا ۴۰، ۷۶؛ نیز دیکھیے دفتر).

پہلے تین سلطانوں کے عہد حکومت کے بعد وزیر کی اہمیت مُستَوفی [رک باں] کی اہمیت کی بہ نسبت کم ہو گئی۔ مثال کے طور پر فخرالملک بن نظام الملک، وزیر برکیاروق، مُستَوفی مجدالملک البلاسانی کے سامنے بالکل ماند پڑ گیا (بُنداری: دولة السلجوقیة، قاہرہ ۱۳۱۸ھ، ص ۷۹)۔ مزید برآں، جب کہ ابتدائی دور میں سلطان اور وزیر کے مابین کوئی درمیانی واسطہ نہ ہوتا تھا، زمانۂ مابعد میں ان کے درمیان وکیل دار اور امیر حاجب قائم کر دیے گئے (بُنداری، ص ۸۶، ۱۰۷، ۱۷۵؛ (۲) ابن الاثیر، ۱۱: ۵۹)؛ اور جیسے جیسے وزارت کا اثر و نفوذ کم ہوا، بادشاہ کا رجحان یہ ہوتا گیا کہ مختلف دیوانوں کے سربراھوں کے ساتھ وزیر کے توسط کے بغیر براہ راست تعلق رکھے (دیکھیے رشیدالدین: جامع التواریخ، مخطوطہ موزۂ بریطانیہ عدد .Add ۷۶۲۸، ورق ۲۵۱ الف)۔ اس سے مراد یہ نہیں کہ ابتدائی دور میں دیوان کا سارا کام وزیر ھی کے ذریعے ہوتا تھا، یا بعد کے عہد میں معاملہ بالکل اس کے برعکس ہو گیا تھا۔

مرکزی حکومت کے دو بڑے دیوانوں کے علاوہ کئی دیوان ایسے تھے جن کا تعلق مالی امور اور اراضی کی خاص نوعیتوں سے تھا، مثلاً "دیوان خاص" (جس کا تعلق شاھی اراضی سے تھا) اور دیوان اوقاف (عتبة الکتبة، ص ۳۳، ۵۲ ببعد)۔ مرکزی حکومت کے نمونے کی کسی حد تک صوبوں میں پیروی کی جاتی تھی۔ والی کا اپنا دیوان ہوتا تھا، جسے کبھی کبھی "دیوان ایالت" کہتے تھے (دیکھیے عتبة الکتبة، ص ۷۹)۔ بڑے بڑے ضلعوں میں دیوان استیفاء ہوتا تھا، مثلاً مرو اور بسطام میں (عتبة الکتبة، ص ۵۶، ۴۶)؛ اور متعدد دیوان جو مالی انتظامیہ کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے تھے۔ چنانچہ رے میں قوام الدین اِنانج قُتلُغ بِلگا کو، جو سنجر کی طرف سے والی تھا، اس کی دستاویز تقرر میں حکم دیا گیا تھا کہ وہ اپنی اقامت گاہ (سرائے) میں دیوان عمل اور دیوان شحنگی قائم کرے (عتبة الکتبة، ص ۴۷)۔ اسی طرح تاج الدین ابوالمکارم کو سنجر کی طرف سے رئیس مازندران مقرر کرنے کے فرمان میں مرقوم تھا کہ وہ اپنی اقامت گاہ میں دیوان معاملات و قسمات قائم کرے (عتبة الکتبة، ص ۲۶)۔ رسوم کی وصولی: عام ٹھیکے اور محصولات کی تعیین کے متعلق مقدمات بعض حالات میں دیوان ریاست کے سامنے پیش کیے جاتے تھے (A. K. S. Lambton: *The administration of Sanjar's empire*، در *BSOAS*، ۱۹۵۷ء، ۲۰: ۳۸۶)۔ ان مختلف محکموں کے سربراھوں کو اپنے ماتحتوں کے معزول و مقرر کرنے کے اختیارات میں غالباً کمی بیشی ہوتی رہتی تھی۔ معین الدین کو، جسے سنجر نے جوَین کا شحنہ (کوتوال) مقرر کیا تھا، اپنے ماتحتوں کو برطرف کرنے کا اختیار دیا گیا تھا، لیکن اُسے دیوان کے کدخُدا کو مستقل کرنے کی ھدایات دی گئی تھیں (عتبة الکتبة، ص ۶۱)۔ ایسی سلجوقی خواتین کی مثالیں بھی موجود ھیں جو اپنے دیوان رکھتی تھیں (دیکھیے عتبة الکتبة، ص ۶۱؛ خواندمیر: دستور الوزراء، تہران، ص ۱۹۰).

ایران کے منگول حملے کے ساتھ قدیم روایت کسی حد تک ٹوٹ گئی؛ قدیم انتظامیہ کے ڈھانچے کا بہت سا حصہ پھر بھی باقی رہا یا ایلخانوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد اس کو بحال کر دیا؛ اور دفتری حکام اور مذھبی اداروں کے عہدے دار اپنے اپنے دفاتر یا دیوانوں کے ساتھ عسکری حکام کے پہلو بہ پہلو پھر سے پائے جانے لگے۔ حکومت کے سب سے ممتاز عامل کو حسب سابق وزیر کہتے تھے، یا کبھی کبھی فرمانروا کے نمائندے کی حیثیت سے وہ نائب کہلاتا تھا (Spuler: *Mongolen*، طبع دوم، ص ۲۸۲)۔ بااین ھمہ اس بات کا بھر کیف رجحان پایا جاتا تھا کہ مالی

Marfat.com

امور کو وزیر کی براہ راست نگرانی سے ہٹا لیا جائے اور انہیں صاحب دیوان نامی ایک عہدے دار کے سپرد کر دیا جائے جس میں بعض اوقات وزیر کو ماند کر دینے کا میلان پایا جاتا تھا ۔ یہ بات بعید از قیاس معلوم نہیں ہوتی کہ ایلخانی بادشاہ اس طریقے سے وزیر کے ناروا فوقیت حاصل کرنے کے امکان کو کم کر دینا چاہتے تھے ۔ الجُوینی وزیر کی حیثیت سے مُشرف الممالک، مجد الملک یزدی کے ساتھ ۶۷۷ھ/ ۱۲۷۹ء سے کئی برس تک اقتدار میں شریک رہا، اور ۶۹۹ تا ۷۱۸ھ/ ۱۳۰۰ تا ۱۳۱۸ء سے نظم و نسق کی سربراہی میں ایک سے زیادہ وزیر شریک ہوتے رہے ۔ تاہم ہو سکتا ہے کہ اس بارے میں ایلخانی وسطی ایشیا کے قدیم حکمرانوں کی مثال کا محض تتبع کر رہے ہوں (دیکھیے Pritsak : *Die Karachaniden*، در *Isl.*، ۳۱/۱ : ۲۴) ۔ دو عہدے داروں کو مشترکہ طور پر ایک ہی عہدے کے لیے مقرر کرنے کی رسم صفویوں نے بعد میں متعدد موقعوں پر اختیار کی ۔ جب ۶۹۹ھ/۱۲۹۹ - ۱۳۰۰ء میں رشیدالدین کو صاحب دیوان بقرر کیا گیا، تو اسے سلطنت کی عام نگرانی کا اختیار دیا گیا، خصوصاً محصولات کے انتظام کا اور دیگر امور کے علاوہ شاہی اراضی، دفتری عہدے داروں کے تقرر، ملک کی ڈاک (یام) اور ترقیات کا (وصّاف، بمبئی، ص ۳۴۷) ۔ صاحب دیوان کے تحت مستوفی الممالک اور مالیات سے متعلقہ کئی محکمے تھے، جن میں دیوان الخالصات بھی شامل تھا (وصّاف، ص ۳۴۹) .

تیموریوں کے زیر حکومت گو نظری طور پر شرعی حکومت کے اصولوں کو دوبارہ نافذ کرنے اور روایاتی طریقوں کی طرف رجوع کرنے کی کوشش کی گئی، لیکن عملاً انتظامیہ کے دیوانی اور فوجی شعبوں کے درمیان امتیاز، جو تُرک اور تاجیک (ایرانی) کی دو گروہی تقسیم کے مطابق تھا، صاف نمایاں رہا ۔ حسین بیقرا کے ماتحت دیوان اعلٰی، جو حکومت کا سب سے بڑا شعبہ تھا، "دیوان بزرگ امارت" (دیوان بیگی کے ماتحت)، جس کا تعلق فوجی معاملات سے ہوتا تھا، اور دیوان مال (ایک وزیر کے ماتحت) جو دیوانی امور سے تعلق رکھتا تھا، میں منقسم تھا (Roemer : *Staatsschreiben der Timuridenzeit*، ص ۱۶۹ ببعد) .

یہ بات قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ ایلخانی سلطنت کا طرز انتظام قرہ قویونلو نے ورثے میں پایا تھا (Minorsky : *The Aq-Qoyunlu and land reforms*، در *BSOAS*، ۱۹۵۵ء، ۱۷/۳)، لیکن اُن کے محاصل کے انتظام کے سوا اُن کے مختلف دیوانوں کی تنظیم کی تفصیلات بہت کم معلوم ہیں ۔ دیوانِ تواجی اور دیوانِ پروانچی کا ذکر ملتا ہے (Minorsky : *Persia in A.D. 1478-90 : An abridged translation of Faḍlullāh b. Rūzbihān Khunjī's Tārīkh-i 'alam-ārā-y' amīnī*، لنڈن ۱۹۵۷ء، ص ۲۸، ۱۰۱) ۔ ایران میں ایلخانوں کی انتظامیہ کی تنظیم کے جائزے کے لیے دیکھیے، آئی ۔ ایچ ۔ اوزون چارشیلی : عثمانلی دولتی تشکیلاتن مدھل، استانبول ۱۹۴۱ء، خصوصیت کے ساتھ ص ۱۸۷ ببعد .

مرکزی انتظامیہ کے متعلّق صفوی عہد کی معلومات سابقہ ادوار کی معلومات کی بہ نسبت زیادہ مکمل ہیں ۔ باایں ہمہ دیوان اعلٰی جو شاہی دربار بھی تھا اور مرکزی حکومت بھی، کی مختلف حیثیتوں کے درمیان خط فاصل قائم کرنا بہت زیادہ مشکل تھا، اسی طرح دفتری حکام، عسکری عہدے داروں اور مذہبی اداروں کے عہدے داروں کے وظائف میں مستقل طور پر کوئی واضح حد فاصل نہیں تھی ۔ دیوان اعلٰی کی داخلی تنظیم "ایشیک ۔ اقاسی ۔ باشی" کے ماتحت تھی (تذکرۃ الملوک، ورق ۷ ب، ۱۳ الف ببعد) ۔ دربار قاجار کے مہتمم تقریبات کا بھی یہی نام تھا ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت میں مجلس شوریٰ کی وضع کی کوئی چیز تھی جس سے دیوان اعلٰی کے

marfat.com
Marfat.com

بعض ارکان تعلق رکھتے تھے، یہ مجلس مرکزی انتظامیہ کے روایتی نظام کے دائرے سے باہر تھی - Alessandir لکھتا ہے کہ طہماسپ روزانہ ایک مجلس منعقد کرتا تھا، جس میں بارہ سلاطین (یعنی صوبوں کے والی اور فوجی ارکان) اور اس کے بیٹے، جو دربار میں موجود ہوتے، شرکت کرتے تھے (*A Narrative* *of Italian travels in Persia* ' *Hakluyt*، ص ۲۲۰ تا ۲۲۱) - اس مجلس کا کام محض مشاورتی معلوم ہوتا ہے - تذکرۃ الملوک میں لکھا ہے کہ قورچی باشی، قُلّر آقاسی، ایشک آقاسی باشی، تفنگچی آقاسی، وزیر اعظم، دیوان بیگی اور وقائع نویس ازمنۂ قدیم ھی سے امرائے جانقی کی مجلس مشاورت سے تعلق رکھتے تھے، اور شاہ سلطان حسین کے عہد حکومت کے آخر میں ناظر، مستوفی الممالک اور امیر شکار باشی کو بھی بعض موقعوں پر شریک مجلس کر لیا جاتا تھا - اگر کسی سالار لشکر (سپہ سالار) کو سلطنت کے کسی دور افتادہ علاقے میں بھیجے جانے کے سوال کے لیے مجلس منعقد ہوتی تو سپہ سالار کی جانقی مجلس مشاورت میں موجودگی لازمی شرط تھی (۷ ب تا ۸ الف) - Minorsky اس ادارے کو بلحاظ اصل منگولی یا تیموری خیال کرتا ہے - Chardin اس رائے پر قائم ہے کہ یورپی ادارے کی قسم کی وہاں کوئی مجلس شورٰی نہیں تھی؛ اس کے برعکس Sanson لکھتا ہے کہ تمام فیصلے بادشاہ کی مجلس شورٰی میں کیے جاتے تھے (تذکرۃ الملوک، ص ۱۱۳ تا ۱۱۴) - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قاچاروں کے تحت جانقی مرکزی حکومت کی انتظامیہ کا باقاعدہ جزو نہیں رہی بلکہ ایک قبائلی مجلس بن گئی تھی، جو قاجار قبیلے کے معاملات سے سروکار رکھتی تھی، جیسے کہ غالباً حسب معمول ایلخانی عہد میں ہوا کرتی تھی - Malcolm قاجار قبیلے کے ایک "بڑے امیر" کی غداری کے مقدمے کا ذکر کرتا ہے، جس کی سماعت ۱۸۰۸ء کے قریب ایک جانقی مجلس مشاورت نے کی تھی (*History*، ۲ : ۳۲۷ n).

اسمٰعیل اور طہماسپ کے ماتحت دیوان اعلٰی کا سب سے بڑا عہدے دار وکیل ہوتا تھا، جو بادشاہ کا ہمزاد سمجھا جاتا تھا، جیسے کہ وزیر اپنے عروج کے زمانے میں سلطان کا مقرب خاص ہوا کرتا تھا؛ اس کا اختیار عملاً انتظامیہ کے ہر شعبے پر تھا - یوں معلوم ہوتا ہے کہ دیوان اعلٰی کے سب سے بڑے عہدے دار کے لیے وکیل کی اصطلاح دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں مفقود ہو چکی تھی اور اس کی جگہ وزیر اعظم کی اصطلاح نے لے لی تھی، جو اعتماد الدولہ کے خطاب کا حامل ہوتا تھا - ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء کے بعد اس کے دفتر کا ذکر نظارت دیوان اعلٰی، نظارت دیوان یا دیوان وزارت کے طور پر کیا جانے لگا تھا (R. M. Savory : *The principal offices of the Safawid state*، در *BSOAS*، ۲۳/۱، ۱۹۶۰ء، ص ۹۱ تا ۱۰۵ اور ۲۴/۱، ۱۹۶۱ء، ص ۶۵ تا ۸۴) - رفتہ رفتہ انتظامیہ کے طریق کار کا ایک وسیع نظام ظہور میں آیا - وزیر، دیوان اعلٰی کے صدر کی حیثیت سے سرکاری تقررات کی توثیق کرتا تھا؛ سرکاری عملے کے تمام معاملات اور تنخواہ سے متعلقہ کاغذات دفتر خانۂ ہمایون اعلٰی کے ذریعے بھیجے جاتے تھے، جو ایک خاص وزیر کے ماتحت ہوتا تھا - "مستقل فوج" (قورچی، غلام تفنگچی اور توپ خانے کے ملازمین) کی تنخواہ کے کاغذات اسی کے محکمے (سرکار) کے ذریعے بھیجے جاتے تھے، جو وزیر اور مستوفی کے ماتحت ہوتا تھا اور اس کے عملے میں دیوان مذکور کے کاتب ہوتے تھے (تذکرۃ الملوک، ورق ۵۸ ببعد) - دیوانی اور فوجی عہدے داروں کے تقرر اور تنخواہ کی منظوری کے مراسلات پر، نیز جن پر وزیر اعظم کی مُہر ثبت ہوتی تھی، دیوان اعلٰی کا لشکر نویس بھی مُہر لگاتا تھا، جو خواجہ سراؤں، باز دار شکاریوں (قوش چیان)، نقیبوں (یساوُلان) اور دربانوں (قاپوچیان) کے محکمے کا وزیر بھی ہوتا تھا (تذکرۃ الملوک، ورق ۶۵ الف

Marfat.com

بعد) .

دیوان اعلیٰ کے سربراہ کی حیثیت سے "وزیر" کے دیگر فرائض میں یہ بھی تھا کہ وہ سرکاری عمّال کی کارروائیوں کے باضابطہ ہونے کی جانچ پڑتال اور حکومت کے مالیاتی امور کی صدارت کرے (تذکرۃ الملوک، ۱۱۵)؛ یہ آخری کام عملی اعتبار سے اس کا اہم ترین وظیفہ تھا - ازمنۂ سابقہ کی وزارت میں اپنے پیش روؤں کی طرح آمدنی بڑھانے کی کوشش بھی اس کا فرض تھا (تذکرۃ الملوک، ورق ۸ ب) - مالی انتظامیہ دو بڑے محکموں میں منقسم تھی؛ دیوان ممالک، جو مستوفی الممالک کے ماتحت تھا اور دیوان خاصہ جو ناظر بیوتات (جسے ناظر بیوتات سرکار خاصہ بھی کہتے تھے) کے تحت تھا - وزیر اعظم اور ناظر بیوتات کے باہمی تعلق اور دیوان خاصہ پر اس کے اختیار کی نوعیت اچھی طرح واضح نہیں - بظاہر بیوتات کا میزانیہ وزیر اعظم کے سامنے پیش کیا جاتا تھا (تذکرۃ الملوک، ورق ۱۶ الف) - مستوفی الممالک کے ماتحت کئی عہدے دار ہوتے تھے، جو مختلف دفاتر محصولات کے مہتمم تھے، بیشتر صورتوں میں دیوان الممالک اور دیوان خاصہ کے تحت متعلقہ امور پر کارروائی کرنے کے لیے ایک ہی قسم کے متعدد دفاتر تھے - ان میں دفتر موقوفات (تذکرۃ الملوک، ورق ۱۷ الف) اور دفتر بقایا شامل تھے (سکندر منشی: عالم آرا، ص ۷۶۵) - مشہد میں سرکار فیض آثار نام کا ایک خاص محکمہ تھا، جو روضۂ امام رضاؒ کے اوقاف کا انتظام کرتا تھا (عالم آرا، ۲۵۸، مکرر ۶۵۴) - اوقاف کی عام نگرانی صدر اعظم کے ماتحت "دیوان الصدارۃ" کرتا تھا (H Busse: *Unter-suchungen zum Islamischen Kanzleiwesen*، قاہرہ ۱۹۵۹ء، ص ۲۰۴) - بعض صوبائی صدروں کے بھی دیوان یا "سرکار" ہوتے تھے (دیکھیے یزد کے موقوفات کے مستوفی کے لیے سند مورخہ ۱۰۷۷ھ، جامع مفیدی، B. M. Or.، ۲۱۰ بعد، ۱۶۸ ب تا ۱۷۰ ب؛ اور Busse، ص ۱۳۲) .

دیوان ممالک ان صوبوں اور اضلاع کی انتظامیہ سے سروکار رکھتا تھا جن کا انتظام والیوں کے ہاتھ میں تھا اور جو مرکزی حکومت کے براہ راست اختیار سے باہر ہوتے تھے - دیوان خاصہ کا تعلق اُن علاقوں سے تھا جن کا انتظام وزیروں کے ماتحت مرکزی حکومت براہ راست کرتی تھی - بالواسطہ طور پر انتظام کیے جانے والے علاقوں کی حدود بلاواسطہ انتظام کیے جانے والے علاقوں کی بہ نسبت بدلتی رہتی تھیں - (تذکرۃ الملوک، ص ۲۴ بعد؛ A. K. S. Lambton: *Landlord and Peasant in Persia*، آکسفرڈ ۱۹۴۳ء، ص ۱۰۸) - خاصہ کے رقبے میں اضافہ کے ساتھ، جو شاہ صفی کے تحت ہوا، دیوان خاصہ کی اہمیت غالبًا بڑھ گئی تھی؛ شاہ صفی کے زمانے میں ناظر بیوتات سرکار خاصہ کا ذکر دیوان کے سب سے بڑے دفتر کے طور پر کیا جاتا ہے (جامع مفیدی، ورق ۳۳۸ ب تا ۳۳۹ الف) - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دیوان خاصہ کا مستوفی کسی حد تک مستوفی الممالک کے ماتحت تھا، لہٰذا وزیر اعظم کے ماتحت بھی ہوا (تذکرۃ الملوک، ورق ۲۷ ب تا ۲۸ الف) - اصفہان کو بطور دارالحکومت شاید خاص حیثیت حاصل تھی - سرکار فیض آثار اور سرکار انتقالی اراضی کی خاص اقسام سے سروکار رکھتے تھے (غالبًا اوقاف اور حکومت کی بازیافتہ اراضی سے)؛ معلوم ہوتا ہے کہ شاہی اراضی کا انتظام وزیر اصفہان کے تحت تھا - یہ تینوں محکمے دیوان اعلیٰ کے وزیر اعظم کی عام نگرانی میں تھے (تذکرۃ الملوک، ورق ۱۷ الف بعد) .

بیوتات یعنی شاہی محل کا انتظام وزیر بیوتات، ناظر بیوتات کی عام نگرانی کے تحت کرتا تھا؛ یہ متعدد دفتروں (دفتر خانہ) اور کارخانوں میں منقسم تھا، اور ان میں سے ہر ایک "صاحب جمع" اور مشرف کے ماتحت

Marfat.com

تھا؛ اول الذکر اس کی عام کارکردگی اور مؤخر الذکر انتظامی ضوابط پر عمل درآمد کا ذمے دار تھا (تذکرۃ الملوک، ورق ۱۴۰).

وہ محکمہ جو سابق دیوان انشاء کے مانند تھا، صفویوں کے تحت دارالانشاء کہلاتا تھا اور وہ منشی الممالک کے ماتحت تھا (تذکرۃ الملوک، ورق ۳۹ ب تا ۴۰ الف؛ Busse، ص ۵۹ ببعد).

عمومی نظر سے دیکھا جائے تو قاجاروں کے عہد میں بھی دیوان اعلٰی کی تشکیل صفویوں کے طریق عمل کے مطابق کی گئی تھی - اس خاندان میں شاہی دربار کا طریق کار فتح علی کے عہد اور مابعد کے زمانے میں پایۂ تکمیل کو پہنچا - شاہی محل، جو متعدد دفتروں پر مشتمل اور مجموعی طور پر بیوتات کہلاتا تھا، بہرحال بہ نسبت سابق کے دیوان اعلٰی سے بالکل علٰحدہ کر لیا گیا تھا - جہاں تک مرکزی حکومت میں دیوان اعلٰی کا تعلق تھا، اس کی تنظیم اتنی معیاری نہیں رہی تھی جتنی صفویوں کے عہد میں تھی؛ اور "ممالک" اور "خاصّہ" کے درمیان بھی کوئی امتیاز نہیں رہا تھا - آقا محمد خان بظاہر انتظامیہ کی تفصیلات پر بھی بذات خود توجہ کرتا تھا - فتح علی کی حکومت بھی شخصی نوعیت کی تھی، لیکن اس کے عہد حکومت میں انتظامیہ وسیع ہوگئی - دیوان اعلٰی کا سب سے بڑا عہدے دار صدر اعظم تھا؛ اس کے اختیارات بادشاہ کی مستعدی، کاہلی یا صلاحیت کے مطابق کم و بیش ہوتے رہتے تھے - آقا محمد خان کے عہد میں صدر اعظم حاجی ابراہیم کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ حکومت کے تمام محکموں کی صدارت کرتا تھا (Malcolm، ۲ : ۳۰۸ تا ۳۰۹) - دو اہم ترین محکمے بالترتیب مستوفی الممالک اور لشکر نویس کے ماتحت تھے؛ مؤخرالذکر فوجوں کی تنخواہ اور ان کی بھرتی سے متعلق تھا، جس کا محصولات کی انتظامیہ کے ساتھ گہرا رابطہ تھا - فتح علی کے عہد میں منشی الممالک کے عہدے نے پھر اہمیت حاصل کر لی - قاجاروں کے ابتدائی عہد حکومت میں ان مختلف محکموں کا اندرونی انتظام نامکمل سا نظر آتا ہے - ۱۸۰۹ء میں Morier لکھتا ہے کہ وزیروں اور کاتبوں کے دفاتر بادشاہ کے محل میں واقع تھے، جہاں وہ ہر روز اس لیے جمع ہوتے کہ جب بادشاہ طلب کرے تو پیش ہو سکیں (*A journey through Persia*، لنڈن ۱۸۱۲ء، ص ۲۱۶)؛ لیکن فی الحقیقت وزیروں کو، جہاں کہیں وہ ہوتے تھے، اکثر وہیں اپنے محکمے قائم کرنے پڑتے تھے - آقا محمد خان اور فتح علی دونوں اپنا بیشتر وقت فوجی مہموں اور چھاؤنی میں گذارتے تھے (ایسا ہی ان کے جانشینوں نے کیا)؛ اُن موقعوں پر ان کے وزرا عمومًا ان کے ہمراہ ہوا کرتے تھے - ان حالات میں سرکاری محکموں کو زیادہ دفتری لوازم کے بغیر ہی کام کرنا پڑتا تھا - Malcolm لکھتا ہے کہ "حکومت کے شرعی، دیوانی، مالی اور عسکری محکموں میں رقوم کی وصولی اور ادائی کے حسابات کو بڑی باقاعدگی اور صحت کے ساتھ رکھا جاتا تھا" (*History*، ۲ : ۳۱۰) - حقیقت یہ ہے کہ ان مثاوں کو زیادہ تر ان عہدے داروں کی ذاتی ملکیت خیال کیا جاتا تھا جو انھیں مرتب کرتے تھے؛ اور جہاں تک ان کا تعلق محاصل کی تشخیص سے تھا، یہ مثلیں اس صدی کے وسط میں اپنے زمانے کے واقعی حالات سے بہت کم مطابقت رکھتی تھیں - مستوفی الممالک کے دیوان کی تنظیم جغرافیائی بنیادوں پر کی جاتی تھی؛ کسی علاقے کے محصولات کی تشخیص اور کاغذات مستوفی کو تفویض کر دیے جاتے تھے، جسے اُس ضلع کا مُستوفی کہتے تھے - شاہی اراضی (خالصہ) اور اوقاف، نیز خاص صورتوں، مثلاً بقایا، کے لیے علٰحدہ محکمے تھے.

صوبائی انتظام کو والی کے اختیار میں دے دیا جاتا تھا، جو اس کی تفصیلات کو اکثر بذات خود دیکھتا تھا - ایک طاقتور صوبائی والی، خصوصًا اگر وہ

Marfat.com

قاجاری شہزادہ ہوتا، اپنا صوبائی دربار، دیوان اعلٰی کے نمونے کے مطابق (اگرچہ چھوٹے پیمانے پر) لگاتا تھا ۔ اہم ترین صوبائی عہدے دار وزیر تھا، جس کا تقرر عام طور پر دیوان اعلٰی کرتا تھا ۔ اس کی سب سے بڑی ذمے داری یہ تھی کہ والی صوبائی محاصل کا مقررہ حصہ مرکزی حکومت کو بھیجنے میں کوتاہی نہ کرنے پائے۔

**مآخذ** : متن مقالہ میں مندرج حوالوں کو دیکھیے۔

(ANN. K.S. LAMBTON)

### ٥- ہندوستان

معلوم ہوتا ہے کہ دیوان کی اصطلاح سرکاری محکمے کے معنی میں ہندوستان میں سب سے پہلے غزنویوں کے عہد حکومت میں، جن کا (ہند میں) دارالحکومت لاہور تھا، رائج ہوئی ۔ سلطان محمود کے مقرر کردہ ہندوستان کے سپہ سالار اریارُک کی تمام دولت جو اس نے ہندوستان میں اپنی صوبے داری کے زمانے میں جمع کی تھی، اس کی برطرفی اور واپس غزنی بلا لیے جانے پر ضبط ہوگئی ۔ اس کے مال و دولت کا بہت بڑا حصہ یقینًا "خراج" (زمین کا مالیہ) کے ذریعے آیا ہوگا، جس کی وصولی اور ادائی کے لیے لازمًا ایک جداگانہ محکمہ ہوگا ۔ نرشخی (دیکھیے تاریخ بخارا، طبع Schefer، ص ٢٤) غزنویوں کے تحت جن دیوانوں کا ذکر کرتا ہے وہ دس سے کم نہیں، جن میں دیوان وزراء یا محکمۂ مال بھی شامل ہے (دیکھیے نیز ابوالفضل البیہقی : تاریخ بیہقی، طبع سعید نفیسی، تہران ١٣١٩ شمسی/١٩٤٠ء، ص ٥٣، ١٨٠، ٧٩٢)۔ مسعود بن محمود کے عہد حکومت کے دوران البیہقی بذات خود "دیوان رسالہ" (دیوان انشاء) کے عملے میں تھا ۔ لہٰذا مورلینڈ Moreland کا یہ دعوٰی (دیکھیے مآخذ) کہ ہندوستانی مؤرخوں نے لفظ دیوان سب سے پہلے ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی اور آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں محکمے یا وزارت کے معنی میں استعمال کیا، غلط ہے ۔ یہ اصطلاح اس سے بہت پہلے مستعمل تھی ۔

سلاطین دہلی کے زمانے میں اس کا استعمال بنیادی طور پر وزیر مال تک محدود تھا، جو معمولاً خود وزیر ہوتا تھا، اور اس کا محکمہ وزارت مال کہلاتا تھا ۔ جب کوئی نیا محکمہ بنتا تو اُسے بھی دیوان کہتے تھے، جیسے دیوان رسالہ یا دیوان مظالم ۔ اسی عہد میں یہ لفظ فوجی محکمے کے لیے بھی استعمال ہوتا تھا، اور یہ بھی وزیر کے ماتحت ہوتا تھا، گو غزنویوں کے عہد میں اس محکمے کو جداگانہ طور پر "دیوان عرض" کہتے تھے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ نظام سلاطین دہلی کے عہد سلطنت میں پوری طرح منظم ہو چکا تھا، کیونکہ ہم اچھی خاصی تعداد میں محکمے موجود پاتے ہیں ۔ ان میں یہ شامل تھے : (١) دیوان وزارۃ جس کا زیادہ تر تعلق مالیات سے تھا (قب شمس سراج عفیف : تاریخ فیروز شاہی، فارسی متن، ص ٤١٩ تا ٤٢٠)؛ (٢) دیوان عرض، عارض ممالک کے تحت فوجی محکمہ؛ عارض ممالک بعض اوقات خود سلطان ہوتا تھا؛ (٣) دیوان رسالہ، جس کا تعلق مذہبی امور، اوقاف اور مدد معاش کے وظائف سے تھا اور جس کا نظم و نسق صدر الصدور کے ہاتھ میں تھا، اور وہ قاضی ممالک یا سلطنت کا اعلٰی حاکم عدالت بھی ہوتا تھا؛ (٤) دیوان انشاء، بالکل دیوان خاتم کے مانند، جسے سب سے پہلے حضرت معاویہؓ نے قائم کیا تھا؛ غزنویوں کے تحت اسے دیوان رسالت کہتے تھے ۔ یہ تمام سرکاری خط و کتابت کا کام کرتا تھا اور زمانۂ جدید کی پیچیدہ تر، ترقی یافتہ سیکرٹیریٹ کا نقش اوّل تھا؛ (٥) دیوان مظالم، جس کا تعلق مظالم [رک بآں] کی عدالتوں کے دائرۂ اختیار سے تھا، شرعی عدالتوں کا انتظام دیوان قضاء کے پاس ہوتا تھا، جو صدر الصدور یا قاضی القضاۃ کے ماتحت تھا؛ (٦) دیوان اشراف، جو

marfat.com

Marfat.com

مشرف یا صدر محاسب کے ماتحت ہوتا، اور وہ صوبوں یا دیگر محکموں سے وصول ہونے والے حسابات سے تعلق رکھتا تھا۔ ان حسابات کی جانچ پڑتال اس کا دوسرا محکمہ کرتا تھا جس کا نظم و نسق مستوفی الممالک کے ہاتھ میں تھا۔ فیروز تغلق کے عہد حکومت کے دوران میں (قب عفیف، فارسی متن، ص ۴۰۹ تا ۴۱۰) مشرف کا تعلق محاصل اور مستوفی کا تعلق صرف خرچ سے رہ گیا تھا۔ فیروز شاہ تغلق نے شاہی کارخانوں کے لیے مُتصرِّف کے ماتحت ایک علٰحدہ دیوان بھی قائم کیا تھا، مگر اس کے حسابات کی جانچ پڑتال دیوانِ وزارة ہی کرتا تھا۔ عہد مغلیہ میں وزیر کے نام میں خفیف تبدیلی واقع ہوئی کہ اسے دیوان کُل اور اسی محکمے میں اس کے رفقاے کار کو صرف دیوان کہنے لگے، البتہ اس کے ساتھ وہ اصطلاحی نام شامل ہوتے جو ان کے وظائف اور فرائض پر دلالت کرتے تھے، مثلاً دیوان تن یا دیوان خالصہ۔

مغلوں کے تحت ایک اور نمایاں تبدیلی یہ ہوئی کہ مالی اور مالیاتی محکمے کے سربراہ کو مختص طور پر دیوان کہنے لگے۔ اکبر کے عہد حکومت میں وزیر کے لفظ کو شاذ ہی اس مفہوم میں استعمال کیا جاتا تھا، کیونکہ اس کی جگہ دیوان کی اصطلاح نے لے لی تھی، جو ادارے یا سرکاری محکمے پر دلالت کرنے کے بجاے اب فرد (یا شخص) پر دلالت کرنے لگی تھی۔ تاہم اس کے بیٹے جہانگیر کے عہد حکومت میں پرانے طریق کار کا احیا ہوا اور وزیر کی اصطلاح پھر مروج ہوگئی۔ یہ شاہجہان کا عہد حکومت تھا جس کے دوران میں وزیر کو دیوان کل اور محکمے میں اس کے دیگر رفقاے کار کو دیوان کہنے لگے، مع اُن اضافی الفاظ کے، جو ان کے فرائض کو ظاہر کرتے تھے۔ وزیر اور دیوان کے دونوں الفاظ کچھ عرصے تک تقریباً مترادف ہی رہے اور نجی کاروبار میں بھی اس شخص کو جو کسی حاکم اعلٰی یا دولتمند شخص کے مالی امور کا انتظام کرتا تھا دیوان کہنے لگے۔ دیانت خان، شاہجہان کے عہد حکومت کے پہلے سال میں ممتاز محل کا دیوان تھا (مآثرالامراء، انگریزی ترجمہ از A.H. Beveridge، ۱ : ۴۸۴)۔ بعض ہندو اور مسلم گھرانوں کے مرد دیوان کے اس موروثی اعزازی لقب کو آج تک بڑے فخر کے ساتھ استعمال کرتے ہیں، جس کا حامل ان کا کوئی نامور جد امجد ہوتا تھا۔

دیوان کے تحت وزارت مال کو انجام کار "دیوانی" کہنے لگے۔ یہ اصطلاح برطانوی عہد میں "دیوانی" اور "فوجداری" عدالتوں میں باقی رہی اور ابھی تک پاکستان کے قانونی نظام کا جزو ہے۔

عہد مغلیہ میں دیوان گوناگوں فرائض سرانجام دیتا تھا۔ وہ نہ صرف مالی کاغذات کے الضرام کا ذمے دار تھا بلکہ وہ ضروری شاہی مکتوبات اور فرامین کا مسودہ بھی تیار کرتا تھا۔ وہ شاہزادوں کے وکلا، صوبائی والیوں اور معزز امرا سے ملاقات و گفتگو کرتا تھا۔ رات کو شاہی محل کے گرد کسی امیر کے تحت پہرہ لگوانا بھی اس کے فرائض میں سے تھا۔ وہ محاصل کی وصولی اور اخراجات کے گوشوارے بادشاہ کی خدمت میں پیش کرتا تھا، جو اس طریقے سے حکومت کے مالیات سے مطلع رہتا تھا۔ ناظم کی حیثیت سے وہ اعلٰی عہدے داروں کے تقرر کے وقت اُن کے فرائض کی تعیین کرتا تھا اور اُن سے باقاعدہ کارگزاری کی روداد وصول کرتا تھا اور انھیں رخصت دینے کا بھی مجاز تھا۔ اس کی تحویل میں وہ تمام سرکاری مثلیں ہوتی تھیں جو اس کے دفتر میں جمع کی جاتی تھیں (ان مثلوں کی مفصل فہرست کے لیے دیکھیے جادوناتھ سرکار: *Mughal administration*، طبع چہارم، کلکتہ ۱۹۵۲ء، ص ۲۹ تا ۳۲)۔

اس کے رفقاے کار دیوان خالصہ اور دیوان تن جداگانہ فرائض انجام دیتے تھے۔ اول الذکر من جملہ

Marfat.com

دیگر امور کے ان حسابات کی بالواسطہ جانچ کرتا جو محکمۂ مال تیار کرتا تھا، (شاہی اراضی) کے طومارِ جمع (مجموعی طور پر تشخیص شدہ معیاری محاصل کے کاغذات) کی جانچ پڑتال کرتا اور فوجوں اور بادشاہ کے ذاتی عملے اور خدم و حشم کے اخراجات کے تخمینے (برآورد) تیار کرتا تھا۔ دیوانِ تن من جملہ اور چیزوں کے ان تمام امور کو بادشاہ کی خدمت میں پیش کرنے کا ذمے دار تھا جن کا تعلق جاگیروں یا زر نقد کے عطیوں سے تھا، جن میں طلبہ، علما، قضاۃ وغیرہ کی مدد معاش کی منظوری کے لیے فرمانوں، عرض داشتوں اور پروانوں وغیرہ کا مسوّدہ تیار کرنا بھی شامل تھا۔

صوبائی دیوان کا عہدہ اہمیت میں صرف سپہ سالار کے عہدے سے دوسرے درجے پر ہوتا تھا۔ صوبائی دیوان کا تقرر چونکہ بادشاہ مرکزی دیوان کی سفارش پر براہ راست کرتا تھا لہٰذا وہ کسی طرح بھی صوبیدار کے ماتحت نہ تھا۔ وہ اپنے احکام مرکزی دیوان سے حاصل کرتا تھا اور فقط اسی کے سامنے جوابدہ تھا؛ اس سے مقصود حکومت کے خزانے کو صوبیدار کے حلقۂ اختیار سے آزاد رکھنا اور اس طرح سرکاری روپے میں غبن اور خُرد بُرد ہو جانے، نیز صوبیداروں کی سرکشی کے خطرات کو کم کرنا تھا۔ مرأۃ احمدی (بڑودہ ١٩٢٨ء، ١ : ١٦٣ تا ١٧٠) میں اکبر کا ایک فرمان نقل کیا گیا ہے، جس میں صوبائی دیوان کے فرائض جامع شکل میں مرقوم ہیں۔ اس فرمان کے مطابق دیوان "قابل اعتماد اور تجربہ کار شخص ہونا چاہیے، نیز اُسے کسی بلند مرتبت امیر کے ہاں بھی اِسی کام کا تجربہ ہو"۔ اس کے فرائض میں بھاری ذمے داریاں شامل تھیں، کیونکہ اس کے ذمّے محصلین (عمّال) کے حسابات کی جانچ پڑتال اور رشوت خوروں کی برطرفی کی تحریک کرنا ہوتا تھا۔ وہ کبھی کبھی صوبائی محاسب کے طور پر بھی کام کرتا تھا۔

جوں جوں وقت گذرتا گیا، دیوان کے اختیارات میں اضافہ ہوتا گیا۔ وہ نہ صرف ننانوے ہزار دام تک کی منظوری دے سکتا تھا، بلکہ جاگیروں اور ائمّہ کی اراضی کی سندات کا اپنے دستخط سے اجرا بھی کر سکتا تھا، جو بلحاظ ضابطۂ شاہی مُہر یا مرکزی دیوان کے دستخط کے بغیر ناقص اور کالعدم ہوتی تھیں۔ اس کے باوجود دیوان کو وہ مرتبہ حاصل نہ تھا جو صوبیدار کو تھا، جسے انتظامی شعبے کا سربراہ ہونے کے سبب عوام کی نظروں میں حاکم مالیات سے اعلٰی مرتبہ، رُتبہ اور عزت حاصل تھی۔

صوبائی دیوان کے فرائض میں اس کی مدد کے لیے ایک پیشکار (ذاتی معاون)، جس کا تقرر شاہی سند کے ذریعے مرکزی دیوان کی مُہر کے تحت ہوتا تھا، داروغہ (یا مہتمم دفتر) مُشرف اورتحویل دار دفترخانہ (محافظ امثلہ) ہوتے تھے، اور یہ سب منصب کے حامل ہوتے تھے، ادنٰی درجے کے عملے میں مِردھا (عدالتی ہرکارہ) عوام کی نظر میں با اثر حیثیت رکھتا تھا اور اس کی عموماً بہت توقیر کی جاتی تھی۔

گیارھویں۔ بارھویں صدی ہجری / سترھویں۔ اٹھارھویں صدی عیسوی میں دیوان کی اصطلاح صرف محکمۂ مال کے لیے استعمال ہونے لگی۔ اِس کے برعکس نظامت یا فوجداری کی اصطلاحات عام انتظامیہ پر دلالت کرتی تھیں اور ان کا تعلّق بنیادی طور پر نظم و نسق اور قانون کے نفاذ سے تھا۔ برصغیر پاک و ہند میں آج تک غیر فوجی عدالتوں کو فوجداری عدالتوں سے ممتاز کرتے ہوئے دیوانی عدالتیں کہا جاتا ہے۔ اس مفہوم میں یہ لفظ باعتبار ماخذ ایسٹ انڈیا کمپنی کے صوبۂ بنگال میں دیوان مقرر کیے جانے کا مرہون منت ہے۔ کمپنی کے منتظمین نے اپنی عدالت قائم کرنا مناسب سمجھا، جسے اُنھوں نے "دیوانی عدالت" یعنی دیوان کی عدالت کے نام سے موسوم کیا۔

ہندوستان میں بعض سابق راجاؤں کی ریاستوں میں، جو اب بھارتی وحدت میں مُدغم ہوگئی ہیں، وزیر اعلٰی

Marfat.com

کو دیوان کہتے تھے - یہ لفظ دیوان صاحب اور دیوان بہادر کے دو خطابات کا بھی جزو تھا، جو ہندوستان کی برطانوی حکومت دیا کرتی تھی، مگر ان کا استعمال جنوبی ہندوستان کے مشاہیر تک محدود تھا ۔

لاہور، آگرے، دہلی اور دوسری جگہ کے مغل قلعوں میں دیوان عام (عوام کی باریابی کے لیے) اور دیوان خاص (خواص کی باریابی کے لیے) ایسے جملوں میں اس لفظ کا استعمال اپنے اصلی معنی کی ایک ہلکی سی صدائے بازگشت ہے ۔ گذشتہ ایام میں بڑے اور متمول لوگوں کے مکانوں اور حویلیوں میں جدید ڈرائنگ روم کی طرح ایک علٰحدہ کمرہ ہوتا تھا، جسے دیوان خانہ کہتے تھے، لیکن وہ کُلیۃً گھر کے مردوں یا ان کے مہمانوں اور ملاقاتیوں کے لیے مخصوص ہوتا تھا.

**مآخذ** : ان سندوں کے علاوہ جو متن میں دی گئی ہیں : (۱) ایس - ایم - جعفر : *Mediaeval India*، (The Ghaznawids)، پشاور ۱۹۴۰ء، ص ۲۴۲ تا ۲۵۴؛ (۲) وہی مصنف : *Some cultural aspects of the Muslim rule in India*، پشاور ۱۹۵۰ء، ص ۲۵ تا ۲۹، ۵۱، ۱۱۰؛ (۳) جادو ناتھ سرکار : *Mughal administration*، طبع چہارم، کلکتہ ۱۹۵۲ء، ص ۲۵ تا ۳۰، ۵۳ تا ۵۴؛ (۴) اشتیاق حسین قریشی : *The administration of the sultanate of Delhi*، طبع دوم، لاہور ۱۹۴۴ء، بمدد اشاریہ؛ (۵) ابن حسن : *The central structure of the Mughal empire*، لنڈن ۱۹۳۶ء (اُردو ترجمہ بعنوان: دیوان مغلیہ کی ہیئت مرکزی، لاہور ۱۹۵۸ء)، بمدد اشاریہ؛ (۶) P. Saran : *The provincial government of the Mughals*، اِلٰہ آباد ۱۹۴۱ء، ص ۱۸۹ تا ۱۹۷؛ (۷) R. P. Tripathi : *Some aspects of Muslim administration*، اِلٰہ آباد ۱۹۳۶ء؛ (۸) W.H. Moreland : *The agrarian system of Moslem India*، طبع دوم، الٰہ آباد، بدون تاریخ، ۱۳ تا ۱۵؛ ۲۸، ۱۰۹، ۱۳۳ ببعد، ۱۴۸، ۱۹۷، ۲۴۱؛ (۹) Ricu، ۳ : ۹۲۶ الف (نے اکبر کے عہد حکومت سے لے کر محمد شاہ کے عہد حکومت کے وکیلوں اور دیوانوں کی فہرست دی ہے) .

(بزمی انصاری)

* **دیوان ھمایون** : عثمانی شاہی مجالس کا نام، جو گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے وسط تک ترکی سلطنت کی انتظامیہ کا مرکزی ادارہ تھا ۔ قدیم سلاطین کے تحت دیوان کے متعلق بہت کم معلومات ملتی ہیں ۔ بقول عاشق پاشازادہ (باب ۳۱؛ طبع N. Atsız : عثمانلی تریخ لری *Osmanlı tarihleri*، استانبول ۱۹۴۹ء، ص ۱۱۸؛ جرمن ترجمہ R. Kreutel: *Vom Hirtenzeit zur hohen Pforte*، Graz ۱۹۵۹ء، ص ۶۶)، دیوان میں پیچ دار پگڑی (بُرماو دل‌بند) باندھ کر حاضر ہونے کی رسم اُرخان کے عہد حکومت میں پڑی تھی ۔ اس سے غالبًا ایک قسم کی عام باریابی مراد ہے ۔ مصری طبیب شمس الدین بن صغیر، جسے برقوق نے بایزید الثانی کے علاج کے لیے بھیجا تھا، بیان کرتا ہے کہ کس طرح عثمانی حکمران صبح کے وقت دربار عام منعقد کرتے اور عوام کی داد رسی کیا کرتے تھے (بحوالۂ ابن حجر، در اِنباء الغمر، سال ۸۰۵ھ: Şevkiye Inalcık : *Ibn Hacer'de Osmanlı'lara dair haberler*، در *AÜDTCFD*، ۶/۳ (۱۹۴۸ء): ص ۱۹۲، ۱۹۵؛ قبَ تشکو پروزادہ کمال الدین محمد: تاریخ صاف، استانبول ۱۲۸۷ھ، ص ۳۴) ۔ عاشق پاشازادہ (باب ۸۱؛ متن ص ۱۵۵ تا ۱۵۶، ترجمہ ص ۱۳۴) پاشاؤں کے متعلّق لکھتا ہے کہ جب محمد اول کا آخری وقت تھا تو اس نے دیوان منعقد کیا، اور باب عالی (قپو) میں تو روزانہ دیوان منعقد ہوتا تھا، نیز (باب ۱۲۲؛ متن ص ۱۹۰ تا ۱۹۱، ترجمہ ص ۱۹۵) ۔ وہ مراد ثانی کی وفات پر بھی پاشاؤں کے اسی قسم کے ایک دیوان کا ذکر کرتا ہے ۔ اِن

Marfat.com

اقوال نیز نثری اور دیگر قدیم واقعہ نگاروں کے مماثل بیانات سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے اوائل تک ان پاشاؤں کی مجلس کی صدارت کرنا سلطان کا باقاعدہ معمول بن چکا تھا اور سلطان کی وفات اور اس کے جانشین کی آمد کے درمیانی عرصے میں پاشا اپنی مرضی سے مستثنیٰ طور پر دیوان منعقد کر سکتے تھے۔ محمد ثانی پہلا سلطان نظر آتا ہے جس نے دیوان کے اجلاس کی صدارت کرنے کی رسم ترک کرکے یہ کام وزیراعظم کے سپرد کیا۔ ایک حکایت کی رو سے، جسے مابعد کے مؤرخین نے نقل کیا ہے، اس کا سبب یہ تھا ایک دن ایک کسان شکایت لے کر دیوان میں آیا اور معززین کے مجمع سے کہا: "تم میں سے کون سلطان ہے؟ مجھے شکایت پیش کرنی ہے"۔ سلطان کو (یہ تخاطب) ناگوار گزرا، اور وزیراعظم کدک احمد پاشا نے اسے مشورہ دیا کہ وہ دیوان میں جلوہ افروز نہ ہوا کریں تاکہ اس قسم کی بے لطفی کی نوبت نہ آئے۔ اس کے بجائے وہ ان کارروائیوں کو پردے کے پیچھے سے دیکھ سکتے ہیں (سولق‌زادہ: تاریخ، ص ۲۶۸؛ (۲)؟ مصطفی نوری پاشا: نتائج الوقوعات، طبع دوم، ج ۱، استانبول ۱۳۲۷ھ: ص ۵۹؛ (۳) عبدالرحمن شرف: توپ قپو سرائے همایون، در *TOEM*، ۱/۶، ۱۹۱۱ء، ص ۳۵۱)۔ اس حکایت کی حقیقت جو کچھ ہو، محمد ثانی کے قانون سے سلطان کے کنارہ کش ہونے کی تصدیق ہوتی ہے، جس میں واضح طور پر لکھا ہے کہ سلطان پردے کے پیچھے بیٹھتا ہے (جناب شریفم پس پردۂ اوترپ (قانون نامہ، ص ۲۳)۔ یہ طریق عمل سلیمان قانونی کے عہد تک جاری رہا، جس نے اس شکل میں بھی دیوان کے اجلاس میں جانا بند کر دیا (قوچو بے: رسالہ باب ۲، طبع A.K. Aksüt، استانبول ۱۹۳۹ء، ص ۲۰ تا ۲۳؛ جرمن ترجمہ از W.F.A. Behrnauer، در *ZDMG*، ج ۱۵، (۱۸۶۱ء)، ص ۲۷۵ ببعد، قب *GOR* : Hammer-Purgstall، ۳ : ۴۸۹؛ *Histoire*، ۶ : ۲۸۲).

آئین اور طریق کار: محمد ثانی کے قانون میں، جس کا مقصد سلطان کے باپ اور دادا کے طریق‌کار کو پیش کرنا ہے، دیوان همایون کا آئین خاصی تفصیل کے ساتھ مندرج ہے۔ دیوان کا اجلاس ہر روز ہوتا تھا؛ اس میں شریک ہونے والے بلحاظ مراتب یہ تھے: وزیراعظم، دیگر وزرا، قاضی عساکر، دفتردار اور نشانجی؛ اگر نشانجی کا عہدہ وزیر یا بیلر بے کا ہوتا تو وہ دفترداروں کے اوپر بیٹھتا؛ اگر عہدہ سنجق بیگی کا ہوتا تو دفترداروں کے نیچے۔ جب یہ عہدے‌دار آتے تو چاؤش باشی اور دربانوں کا داروغہ بڑی تعظیم کے ساتھ ان کا استقبال کرتا۔ یہ اجلاس ہفتے میں چار دن دیوان عام (ارض اُدانسی) میں منعقد ہوتا تھا، جس میں وزیر، قاضی عساکر اور دفتر دار شریک ہوتے تھے، اور اس میں سلطان پس پردہ موجود ہوتا تھا (قانون نامہ، ص ۱۳، ۲۳)۔ پہلے زمانے میں وزرا کے ساتھ کھانا کھانا سلاطین کا دستور تھا، لیکن محمد نے اسے منسوخ کر دیا تھا (کتاب مذکور، ص ۲۷).

دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے دوران میں دیوان کی رکنیت کسی قدر بڑھا دی گئی۔ ۹۴۲ھ/۱۵۳۶ء کی ایک دستاویز میں، جسے فریدون نے نقل کیا ہے (منشآت السلاطین، طبع دوم، ۱ : ۵۹۵) روم ایلی کے بیلر بے کو دیوان میں شرکت کا اختیار دیا گیا ہے، لیکن آناطولی کے بیلر بے کو خارج رکھا گیا ہے۔ بعد ازاں بحری معاملات کی روزافزوں اہمیت کی بنا پر اس میں قپودان پاشا کا اضافہ کر دیا گیا۔ ینی چریوں کا آغا صرف اس صورت میں رکن ہوتا تھا جب کہ اسے وزیر کا مرتبہ حاصل ہو۔ دیوان کے اصل ارکان کے علاوہ متعدد دیگر عہدے دار اس میں شرکت کرتے تھے، گو مجلس کے ایوان میں ان کے لیے کوئی نشست نہ ہوتی تھی اور

Marfat.com

وہ بحث مباحثے میں حصہ نہیں لیتے تھے - ان میں کاتب اعلیٰ (رئیس الکتاب [رَکَ بان]) یعنی صدر وزارت، دیوان وزارت کا سربراہ، چاؤش باشی اور دربانوں کا داروغہ تھا، جو سب وزیراعظم اور سلطان کے درمیان رابطہ قائم رکھتے تھے؛ مالیات کے معتمدین (دیکھیے محاسبہ)؛دیوان کے ترجمان (دیکھیے ترجمان)، پولیس کے حکام (دیکھیے شُرطہ) اور محلات اور انتظامیہ کے دیگر متعدد عمّال، جنھیں دیوان کے فیصلوں پر عمل درآمد کرنے کے لیے بلایا جاتا تھا، اپنے معاونوں، منشیوں اور قاصدوں کے ساتھ موجود ہوتے تھے .

دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی کے دوران میں دیوان کا اجلاس ہفتے میں چار دن باقاعدگی سے ہوتا تھا، یعنی ہفتے، اتوار، پیر اور منگل کو - اس کی کارروائی طلوع آفتاب کے ساتھ شروع ہو جاتی ، اور اس کا تعلّق تمام سرکاری امور سے ہوتا تھا - صبح کا وقت عام طور پر عام اجلاس کے لیے وقف ہوتا تھا اور خاص طور پر عرضیوں اور شکایات کی سماعت کے لیے، جن کا فیصلہ دیوان کا متعلقہ رکن یا خود وزیر اعظم کرتا تھا - دوپہر کے قریب کثیر التعداد عرضی گزار اور دیگر بیرونی زائرین چلے جاتے تھے اور پھر دیوان کے ارکان کے لیے کھانا چُنا جاتا تھا، اس کے بعد وہ باقی ماندہ امور پر گفتگو کرنے لگتے تھے - Withers (بعد از Bon) اس بات کی صراحت کرتا ہے کہ مجلس محض مشاورتی تھی اور آخری ذمّے داری وزیر اعظم ھی کی ہوتی تھی : "جب شام کا کھانا ختم ہو جاتا تو وزیر اعظم عام امور کے لیے تھوڑا سا وقت صرف کرتا اور (اگر وہ چاھتا اور اسے مناسب سمجھتا تو) دیگر پاشاؤں سے مشورہ کر لیتا؛ آخرکار وہ اپنے دل میں تمام امور کے متعلّق فیصلہ کرکے بادشاہ کی خدمت میں جانے کے لیے تیار ہو جاتا (دیوان کے چار دنوں میں سے دو دن یعنی اتوار اور منگل کو ایسا کرنے کا عام دستور تھا) تاکہ وہ تمام امور کی روداد، جن کا تصفیہ وہ کر چکا ھے، مجملاً بادشاہ کے گوش گزار کرے" (طبع Greaves، ۱۷۴۷ء، ص ۶۱۶) - دیوان کے باقاعدہ اجلاس کے علاوہ بعض خاص دیوان منعقد ہوتے تھے، جو یہ تھے : (۱) عُلُوف دیوانی یا غَلَبہ دیوانی، جو ینی‌چریوں کو دیگر "غلامان درگاہ" (دیکھیے قپوقُلو) کو تنخواہ اور سامان رسد تقسیم کرنے کے لیے، نیز بیرونی ممالک کے سفیروں کے خیرمقدم کے لیے منعقد ہوتے تھے؛ (۲) ایک دیوانی —پیادہ دیوان—ایک غیر معمولی ہنگامی اجلاس، جس کی صدارت سلطان یا فوج کا سپہ سالار کرتا تھا - اس کی وجہ تسمیہ یہ ھے کہ تمام حاضرین کھڑے رہتے تھے (ان دونوں کے لیے دیکھیے I. H. Uzunçarşili : *Osmanlı devleti teşkilâtindan kapukulu ocaklar*، ج ۱، انقرہ ۱۹۴۳ء، بمدد اشاریہ؛ اور وھی مصنف : *Osmanlı devletinin saray teşkilâtı*، انقرہ ۱۹۴۵ء، ص ۲۲۵ تا ۲۲۹) .

اجلاس کا مقام : دیوان کی عمارت، جسے عام طور پر دیوان‌خانہ کہتے تھے، توپ قپومحل کے دوسرے صحن میں وسطی دروازے (اُرتَقپو) اور "باب السعادت" کے درمیان واقع تھی - موجودہ عمارت سلیمان قانونی کے عہد حکومت میں وزیر اعظم ابراھیم پاشا کے حکم سے تعمیر ہوئی تھی اور اس کی مرمت ۱۷۹۲ء اور ۱۸۱۹ء میں کی گئی تھی - ازمنۂ سابقہ میں یہ اجلاس ایک اور عمارت میں ہوتا تھا، جس کا ذکر بعد میں "دیوان‌خانۂ قدیم" کے نام سے کرتے تھے، مجلس کے دیوان کو "قُبّہ آلتی" (گنبد کے نیچے) کہتے تھے اور وہ وزرا، جو دیوان میں شرکت کے مجاز تھے انھیں "وزرائے قُبّہ" کہتے تھے (مزید دیکھیے وزیر) - ایوان مجلس سے کچھ بلندی پر ایک احاطہ تھا جس کے ارد گرد پردے لگے ہوئے تھے، جسے قصر عادل یا قفس کہتے تھے اور جہاں سے سلطان مجلس کی کارروائیوں کو دیکھ سکتا تھا - یہ احاطہ براہ راست

Marfat.com

حرم سرا کی عمارات سے ملحق تھا ۔ دیوان‌خانے سے ملحقہ کئی وزرا کے دفتر اور مکان تھے، نیز وزیر اعظم کا دفتر تھا، جسے "دوت" (=دَوات) "آدَسی" کہتے تھے (قب "دَوادار")۔ (ان عمارات کے لیے دیکھیے عبدالرحمٰن شرف : توپ قپو ۔ سرایے ہمایوں، در TOEM، ۱/۶، ۱۹۱۱ء : ۳۲۹ تا ۳۶۴، خصوصاً ص ۳۵۰ ببعد).

التنظامیہ : مرکزی انتظامیہ کے اہم شعبے، جو دیوان ہمایوں کے تحت کام کرتے تھے، مندرجۂ ذیل تھے : (۱) "دیوان قلمی"، جسے "بیلک" یا "بیلکجی قلمی" بھی کہتے تھے، مرکزی دفتر وزارت، جس کا سربراہ بیلکجی، رئیس الکتاب کے ماتحت وزارت کا بڑا عہدے دار ۔ یہ دفتر تمام فرامین، قواعد و ضوابط ("قانون") اور ان فیصلوں اور احکام کا جو مالیات سے تعلّق نہیں رکھتے تھے مسودہ تیار کرنے ، ان کا اجرا کرنے اور نقول کی مثلیں تیار کرنے کا ذمے دار تھا ۔ معاہدے، غیر ملکیوں کے لیے امتیازات خصوصی، مراعات اور سفیروں کے تقرر کی منظوریاں، جو بیرونی حکومتوں کو بھیجی جاتی تھیں، کچھ عرصے تک اسی شعبے کا کام رہا .

وزارت کے علاوہ دو محکمے اور تھے جن کا تعلّق (دفتر کے) عملے سے تھا، یعنی :

(۲) "تحویل قلمی"، جسے نشان یا کسہ قلمی بھی کہتے تھے، یہ وزیر، بیلر بے، سنجق بیگی اور مُولا، یعنی قاضی ولایت کے عہدوں کے تقررات کے احکام جاری کرتا اور ان کی مثلیں محفوظ رکھتا تھا، تیمار داروں اور زعامتوں [رک بآں] کے تقرر اور تبادلے کی مثلیں اور احکام کا اجرا بھی اسی دفتر سے ہوتا تھا (مزید دیکھیے تحویل) .

(۳) "رُؤس قلمی"، جس کا تعلّق ان تمام عہدوں اور اسامیوں پر تقرّرات سے تھا جو تحویل قلمی کے تحت نہیں آتے تھے، جن کی تنخواہیں خزانے یا اوقاف کے سرمائے سے ادا ہوتی تھیں ۔ ان میں مذہبی، دیوانی اور فوجی اسامیاں شامل تھیں .

ان تین بڑے دفتروں کے علاوہ دو اور شاخیں بھی تھیں، جن کے سربراہ تشریفات جی [رک بآں] اور وقعہ‌نویس [رک بآں] ہوتے تھے اور علی الترتیب تقریبات سے متعلّق اور تاریخی مثلوں سے تعلّق رکھتے تھے ۔ آگے چل کر ان میں "آمدی" یا آمد جی" [رک بآں] کے دفتر کا اضافہ ہو گیا، جو "رئیس الکتاب" کے ذاتی عملے کا سربراہ ہوتا تھا ۔ اس کا تعلّق بیرونی حکومتوں کے ساتھ تعلقات قائم کرنے اور سرکاری محکموں اور محل کے درمیان رابطہ قائم رکھنے سے تھا .

ان دفتروں کے عملے کے بعض ملازمین کو تنخواہیں ملتی تھیں اور بقیہ کو، جو کمتر درجے کے ہوتے تھے، "تیمار اور زِعامت" دیے جاتے تھے ۔ مؤخرالذکر کو ترقی دے کر تنخواہ دار ملازمتوں پر مقرر کیا جا سکتا تھا ۔ اہم تر مستقل ملازم "خواجگان" [رک بآں] کا درجہ رکھتے تھے ۔ ان کے ماتحتوں کو "خلیفہ" کہتے تھے .

دیوان ہمایوں کا زوال : محل کے مقابلے میں وزارت عظمٰی کی روز افزوں اہمیت کے باعث "اِکِندی دیوانی" کی رسم پڑی، یعنی ایک ایسے اجلاس کی جو عصر (اِکِندِی) کی نماز کے بعد وزیراعظم کے مکان پر منعقد ہوتا تھا، تاکہ ان امور کو سرانجام دیا جائے جو دیوان ہمایوں میں نامکمّل رہ جاتے تھے ۔ یہ مجلس ہفتے میں پانچ دفعہ اجلاس کرنے لگی اور اس نے بتدریج دیوان ہمایوں کے اصلی کام کا ایک بہت بڑا حصّہ سنبھال لیا ۔ معاملات کے نظم و ضبط اور انجام دہی کا محل سے وزارت عظمٰی کی طرف انتقال رسمی طور پر ۱۰۶۴ھ/ ۱۶۵۴ء میں ہوا، جب سلطان محمد چہارم نے وزیراعظم درویش محمد پاشا کو ایک عمارت عنایت کی، جو اقامت گاہ اور دفتر دونوں کا کام دیتی تھی (دیکھیے باب عالی اور پاشا قپوسو)۔ انتظامیہ کے بہت سے محکمے،

Marfat.com

جو پہلے دیوان ہمایوں کے ماتحت تھے، رفتہ رفتہ اس نئے ادارے میں منتقل ہو گئے ۔ اٹھارھویں صدی عیسوی تک دیوان ہمایوں کی اھمیت کم ہوتے ہوتے بالکل ختم ہوگئی ۔ مصلح سلاطین سلیم سوم اور محمد دوم کے تحت دیوان کی ایک نئی شکل ظہور پذیر ہوئی؛ انھوں نے اصلاحات کے منصوبے بنانے اور اصلاحی احکام کے نفاذ کے لیے خاص مجلسیں قائم کیں (دیکھیے تنظیمات) ۔ انھوں نے رفتہ رفتہ وزارتی طرز حکومت کی شکل اختیار کر لی ۔

**مآخذ :** (۱) دیوان ہمایوں کے آئین اور اس کی کارگذاری کے متعلق عثمانی سرکاری مآخذ سے حاصل شدہ ایک قدیم روداد، محمد دوم کے قانون میں ملے گی، جس کا تعلق حکومت کے دفاتر اور تنظیم سے ھے (قانون نامۂ آل عثمان، طبع محمد عارف، *TOEM*، تکملہ، ۱۳۳۰ھ، ص ۱۳ ببعد، ۲۳ ببعد ۔ موجودہ نقل میں اصلاحیں کی گئی ھیں، جو بایزید الثانی کے عہد حکومت سے تعلق رکھتی ھیں)؛ (۲) اس بیان میں ان معلومات سے اضافہ ہوسکتا ھے جو عثمانی وقائع میں ھیں (خاص طور پر ادریس بدیسی [رک باں] کی ہشت بہشت، جو محمد ثانی کے عہد حکومت کی ھے)؛ (۳) نیز بیرونی مآخذ سے (مثلاً G. M. Angiolello [Donado da Leezze] : *Historia turchesca*، طبع I. Ursu، بخارسٹ ۱۹۰۹ء، ص ۱۳۰ ببعد)؛ (۴) اس ادارے کی ترقی مابعد کا سراغ ''قوانین'' متاخر میں لگانا چاھیے (مثلاً ۱۰۸۷ھ/ ۱۶۷۶ء کا قانون شائع شدہ، در *MTM*، ۱/۳، (۱۳۳۱ھ) : ۵۰۶ ببعد)؛ (۵) اور متاخر بیرونی تذکروں (مثلاً ایک جامع تذکرہ، جسے وینس کے Bailo Ottaviano Bon نے ۱۶۰۸ء میں لکھا : *Il Serraglio del gran Signore*، در طبع N. Barozzi و G. Berchet : *Relazioni degli stati europei lette al Senato...*، سلسلہ ۵، ج ۱، وینس ۱۸۶۶ء (اس کا انگریزی ترجمہ از Robert Withers : *A Description of the Grand Seignor's Seraglio*، Purchas' *Pilgrims*، ۲/۲ لنڈن ۱۶۲۵ء، طبع مکرر گلاسگو ۱۹۰۵ء، ۹ : ۳۲۲ ببعد؛ نیز در John Greaves : *Miscellaneous Tracts...*، ج ۲، لنڈن ۱۶۵۰ء اور بعد کی طبعات مکرّرہ)؛ (۷) P.Rycaut : *History of the present state of the Ottoman Empire*، طبع چہارم، لنڈن ۱۶۷۵ء؛ کتاب ۱، باب ۹ : ص ۷۷ ببعد؛ (۸) دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے وسط کے قریب سے دیوان ہمایوں اور انتظامیہ کے مختلف محکموں اور ملازمتوں کی، جو اس کے اختیار میں تھے، ترقی اور بجا آوری فرائض کو ان مثلوں میں تفصیل کے ساتھ دیکھا جا سکتا ھے جو عثمانی دفتر خانوں میں محفوظ ھیں ۔ ایک جماعت بندی اور تفصیل اس میں ملے گی، مدحت سرتغلو : *Muhteva bakımından basvekâlet arşivi*، انقرہ ۱۹۵۵ء، ص ۱۳ تا ۱۴ (نیز دیکھیے Başvekalet Arşivi)؛ (۹) دیوان ہمایوں اور اس کی انتظامیہ کی کامل ترین روداد I. H. Uzunçarşılı : *Osmanlı devletinin merkez ve bahriye teşkilâtı*، انقرہ ۱۹۴۸ء، ص ۱ تا ۱۱۰ میں ھے ۔ مختصر رودادیں ان میں ملیں گی : (۱۰) D'Ohsson : *Tobleau général de l'empire othroman*، ۷، پیرس ۱۸۲۴ء : ۲۱۱ تا ۲۳۲؛ (۱۱) Hammer-Purgstall : *Staatsverfassung*، ص ۴۱۲ تا ۴۳۶؛ (۱۲) وھی مصنف : *GOR*، بمدد اشاریہ؛ (۱۳) A. H. Lybyer : *The government of the Ottoman Empire in the time of Suleiman the Magnifient*، کیمبرج مخطوطہ ۱۹۱۳ء، ص ۱۸۷ تا ۱۹۳؛ (۱۴) Zinkeisen : *Geschichte des osmanischen Reiches*، ۳، گوتھا، ۱۸۵۵ء : ۱۱۷ تا ۱۲۵؛ (۱۵) Gibb-Bowen، ۱/۱ : ۱۱۵ ببعد و بمدد اشاریہ : (۱۶) Pakalin، ۱ : ۴۶۲ تا ۴۶۶، بشمول اقتباس از غیر مطبوعہ قوانین تشریفات، مؤلفۂ نائلی عبداللہ پاشا (م ۱۱۷۱ھ/ ۱۷۵۷ء)؛ (۱۷) سرتغلو Sertoğlu : *Resimli Osmanlı tarihi ansiklopedisi*، استانبول ۱۹۵۸ء، ص ۷۸ تا ۸۱ ۔ قدیم عثمانی اور سلجوق پس منظر کے لیے دیکھیے : (۱۸) I. H. Uzunçarsılı : *Osmanlı devleti teskilâtına*

Marfat.com

*medhal*، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۳۲ تا ۴۴، ۹۵ تا ۹۸؛ (۱۹) V. A. Gordlevsky : *Izbrannie sočineniya*، ۱، ماسکو ۱۹۶۰ء : ۱۶۶ تا ۱۷۷؛ (۲۰) مصطفی آکدَغ : *Türkiye'nin iktisadî ve ictimâi tarihi*، ۱ : ۱۲۴۳ تا ۱۴۵۳، انقرہ ۱۹۵۹ء، ص ۲۱۷ تا ۲۲۳، ۳۳۲ تا ۳۳۳ .

(B. Lewis)

* **دِیوانی** : رک بہ خط .

* **دِیوانیّہ** : وسطی عراق کا ایک قصبہ دریاے فرات کی شاخ حلّہ پر (۴۴ درجے ۵۵ ثانیے مشرق، ۳۲ درجے شمال کو) حلّہ اور سماوہ کے درمیان واقع ہے ۔ اس کی آبادی کوئی بارہ ہزار ہے، جو تقریباً تمام شیعی عرب ہیں؛ یہ ایک "لِواء" کا صدر مقام ہے (۱۹۵۷ء کی "ابتدائی مردم شماری" کی رو سے کل آبادی سماوہ عَفَق، شامیّہ، ابوصُخَیر اور خود دیوانیّہ کے تابع قضایا سمیت ۵۰۸۰۰۰ ہے) ۔ اس "لِواء" میں جو قبائل شامل ہیں وہ وسطی فرات کے سب سے کثیرالتعداد اور سب سے کم اطاعت گذار قبائل میں سے ہیں؛ ترکی عہد تھا یا برطانوی قبضے کا دور (خصوصاً ۱۳۳۶ - ۱۳۳۹ھ/۱۹۱۹ - ۱۹۲۰ء)، یا عراقی حکومت کی عملداری (خصوصاً ۱۳۵۴ - ۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۵ - ۱۹۳۸ء)، انھوں نے گروہ بندی اور قانون شکنی کے ذریعے، جس کے لیے تعزیری مہموں کی ضرورت پڑی، حکومت کو بار بار پریشان کیا ۔ ان میں نجف کے علما کا اثر و رسوخ بہت قوی ہے ۔ یہ قصبہ، جو زیادہ تر بائیں کنارے پر آباد ہوا تھا، اور جس میں صرف چھوٹے چھوٹے کھجوروں کے باغات تھے، اب دائیں جانب پھیل رہا ہے اور حالیہ سنین میں پہلے سے بہتر گلیوں، بازاروں اور سرکاری عمارتوں کو بنا کر اسے جدید طرز کا کر دیا گیا ہے ۔ قدیم کشتیوں کے پلوں کی جگہ اب فولاد کے ایک نئے پل نے لے لی ہے اور اچھی خاصی سڑکیں، عراق ریلوے اور ہوائی مستقر شہر اور ضلع کے مواصلات انجام دے رہے ہیں ۔ دیوانیہ ایک اہم فوجی مستقر ہے ۔

دیوانیہ کی تاریخ اپنے موجودہ نام کے تحت صرف ۱۲۷۱ھ/۱۸۵۴ء سے شروع ہوتی ہے، جب خزاعِل شیوخ کے محاصل کے دفتر اور دیوان خانے کے لیے اس کی تشکیل بستی کے طور پر کی گئی ۔ جلد ہی اسے ترکی حکومت نے "قضا" کا صدر مقام بنا دیا اور تاجروں، سرکاری عہدے داروں اور محافظ فوج اور پولیس نے چٹائی کے مکانوں اور مٹی کی جھونپڑیوں میں اضافہ کیا اور جدید قصبے کا آغاز کیا .

پھر بھی محل وقوع کے لحاظ سے اور وسطی فرات کے قبائلی، انتظامی اور اہم فوجی مستقر کے طور پر یہ قبضہ (قرون وسطٰی کے بعد) کے حِسکہ کے ساتھ تسلسل رکھتا دکھائی دیتا ہے ۔ جب ۱۲۹۸ھ/۱۸۸۰ء سے دریاے فرات اپنی مشرق (حِلّہ) شاخ کو ہندیّہ شاخ کے حق میں ترک کرنے لگا تو حِسکہ اور اس ضلع کا نظام درہم برہم ہوگیا، اور قبائلی اور کاشتکار اس کے بہت سے حصے کو چھوڑ کر چلے گئے، لیکن ۱۳۳۰ھ/ ۱۹۱۲ء میں ہندیّہ بند بننے سے حالات پھر معمول پر آ گئے .

**مآخذ** : (۱) S.H. Longrigg : ***Four centuries of modern 'Iraq***، اوکسفرڈ ۱۹۲۵ء؛ (۲) ***Iraq 1900 to 1950***، اوکسفرڈ ۱۹۵۳ء؛ (۳) **عبدالرزاق الحسنی: العراق قدیمًا و حدیثًا**، سِدون ۱۹۴۷ء .

(S. H. Longrigg)

**دیو بند** : اتر پردیش کے ضلع سہارن پور میں ایک بڑا ہی پرانا شہر ہے، لیکن اس کی قدیم تاریخ اساطیری اور رومانوی افسانوں میں چھپی ہوئی ہے ۔ یہاں درختوں کے ایک جھنڈ کے درمیان گھرا ہوا کسی دیوی کا ایک مندر ہے، جس کے پیش نظر خیال کیا جاتا ہے کہ دیوبند کو دیوی بن (دیوی کا جنگل) کی بگڑی ہوئی شکل تصور کرنا چاہیے ۔ دیوبند کا ذکر

Marfat.com

سب سے پہلے آئین اکبری میں ملتا ہے، جس میں ابوالفضل دیوبند میں بنی ہوئی پختہ اینٹوں کے ایک قلعے کا ذکر کرتا ہے۔ بہرکیف دیوبند میں زمانۂ ماضی کی یادگاریں موجود ہیں۔ چھتا مسجد کو دیوبند کی قدیم ترین یادگار خیال کیا جاتا ہے، جس کا تعلق پٹھان عہد کے ابتدائی ایام سے ہے۔ روایت ہے کہ شیخ علاؤالدین المعروف بہ شاہ جنگل باش، جو وہاں دفن ہیں، ابن الجوزی [رک بآں] کے شاگرد اور شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے مرید تھے۔ سکندر لودھی (۸۹۴ھ/۱۴۸۹ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء)، اکبر (۹۶۳ھ/۱۵۵۶ء تا ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء) اور اورنگ زیبؒ (۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء تا ۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء) کے عہد میں تعمیر شدہ بعض مساجد اور عمارتیں، ابھی تک موجود ہیں۔

آج کل دیوبند اسلامی علوم و معارف کی اس عظیم درس گاہ ("دارالعلوم") کے باعث مشہور ہے جو مولانا محمد قاسم نانوتوی اور حاجی محمد عابد حسین نے محکمۂ تعلیم کے تین بڑے فضلا کی امداد و اعانت سے قائم کی اور جس کے پہلے سرپرست مولانا نانوتوی ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۷ء میں مقرر ہوئے تھے۔ [مزید تفصیلات کے لیے رک بہ دیوبندی]۔

**مآخذ:** (۱) *District Gazetteers of the United Provinces*، ج ۲ (لکھنؤ ۱۹۲۱ء)، ص ۲۲۴ تا ۲۳۵؛ (۲) سیّد محبوب رضوی: تاریخ دیوبند، ۱۳۷۲ھ؛ (۳) مولانا محمد طیّب: حالات دارالعلوم دیوبند (دیوبند ۱۳۷۸ھ)؛ (۴) گ۔ م۔ د۔ صوفی: المنہاج، (لاہور ۱۹۴۱ء)؛ (۵) محمد میاں: علماے حق، حصۂ اول (مراد آباد ۱۹۳۹ء)، ص ۹۴ ببعد؛ (۶) شیخ محمد اکرام: موج کوثر، لاہور بدون تاریخ؛ (۷) امداد صابری: فرنگیوں کا جال، دہلی ۱۹۴۹ء ص ۱۷۷ تا ۱۸۹؛ (۸) W. Cantweil Smith: *Modern Islam in India*، لنڈن ۱۹۴۶ء، ص ۲۹۴ تا ۲۹۷؛ (۹) محمد یعقوب نانوتوی: سوانح عمری محمد قاسم، دیوبند بدون تاریخ، ص ۱ تا ۱۵؛ (۱۰) مولانا حسین احمد مدنی: سفر نامۂ اسیر مالٹا...، دیوبند بدون تاریخ (شریک مؤسس کے پہلے شاگرد اور بیٹے شیخ الہند محمود الحسن کے کردار اور سیاسی سرگرمیوں پر)؛ (۱۱) محبوب رضوی: دارالعلوم دیوبند کی تعلیمی خصوصیات، دیوبند بدون تاریخ؛ (۱۲) وہی مصنف: دارالعلوم دیوبند ایک نظر میں، دیوبند بدون تاریخ؛ (۱۳) M. O'Dwyer: *India as I knew it, 1855-1905*، لنڈن ۱۹۲۵ء، ص ۱۷۸ تا ۱۸۱، ۱۸۹؛ (۱۴) مناظر احسن گیلانی: سوانح قاسمی، دیوبند بدون تاریخ۔

(خورشید احمد نظامی)

**دِیوبَندی:** (نیز دِیوی بَنِی اور دِیبَنی، قب زبدۃ المقامات، ص ۳۸۴؛ آئین اکبری، ص ۱۴۲؛ الهدیۃ السنیۃ، ص ۱۰؛ تاریخ دیوبند، ص ۲۱)؛ اترپردیش (بھارت) کے ایک مشہور اور تقریباً دو ہزار سال قدیم قصبے دیوبند [رک بآں] سے نسبت رکھنے والا؛ عرف عام میں اور اکثر و بیشتر اس تاریخی قصبے میں واقع اسلامی دارالعلوم کے فارغ التحصیل علما اور ان کے تلامذہ دیوبندی کہلاتے ہیں (تذکرۂ مشائخ دیوبند، ص ۳۵؛ مقدمۂ فتاوی دارالعلوم دیوبند، ص ۳؛ علماے حق کے مجاهدانہ کارنامے، ص ۶۲، علماے ہند کا شاندار ماضی، ص ۵۵؛ انوار قاسمی، ۱: ۳۷)۔ اس دارالعلوم کی بنیاد ۱۵ محرم ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۷ء کو دیوبند کی ایک قدیم مسجد چھتّا میں مشہور عالم دین مولانا محمد قاسم نانوتوی (۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲ء تا ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء) نے چند اهل فضل و تقوی بزرگوں کے تعاون اور مشورے سے رکھی تھی، جن میں سے مولانا فضل الرحمن عثمانی (جو شیخ الاسلامؒ علامہ شبیر احمد عثمانی کے والد تھے)، مولانا ذوالفقار علی دیوبندی اور حاجی عابد حسین کے نام قابل ذکر ہیں؛ اس درسگاہ کے سب سے پہلے مدرّس ملا محمود دیوبندی اور سب سے پہلے طالب علم مولانا محمود الحسن (جو بعد

Marfat.com

میں شیخ الہند مشہور ہوے) اور سب سے پہلے صدرالمدرسین مولانا محمد یعقوب نانوتوی تھے؛ مولانا محمد قاسم نانوتوی اتفاق راے سے سب سے پہلے سرپرست مقرر ہوے۔ پہلے سال ہی کے اختتام پر اس درسگاہ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور طلبہ کی تعداد اٹھتر تک پہنچ گئی، جن میں بنارس، پنجاب اور افغانستان کے اٹھاون طلبہ بھی شامل تھے (انوار قاسمی، ۱ : ۳۴۳؛ سوانح قاسمی، ۲ : ۲۷ بعد؛ تاریخ دیوبند ص ۵۷)۔ آگے چل کر یہ معمولی مدرسہ ایک عظیم درسگاہ بن گئی اور مسجد چھتّا سے اپنی موجودہ نئی عمارت میں منتقل ہوگئی، جس کا سنگ بنیاد مولانا احمد علی محدث سہارنپوری نے اپنے ہاتھ سے ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء میں رکھا (تاریخ دیوبند، ص ۸۲ تا ۸۳)۔ اس درسگاہ کے بانی اور پہلے سرپرست مولانا محمد قاسم نانوتوی بڑے متقی اور متوکل علی اللہ مشہور تھے۔ یہی باتیں آگے چل کر دارالعلوم دیو بند کی ایک مستقل روایت اور دیو بندی علماے کی خصوصیت بن گئیں۔

سلطنت مغلیہ کے خاتمے اور ۱۸۵۷ء کے انقلاب کی ناکامی کے بعد ہندوستانی مسلمانوں کی دینی اور علمی ضروریات کے پیش نظر یہ درسگاہ قائم کی گئی تھی۔ اس کے بانیوں کے پیش نظر اہم مقاصد یہ تھے: (۱) آزادی ضمیر اور اعلاے کلمة الحق؛ (۲) مسلمانوں کو ایک جمہوری عوامی تنظیم میں پرونے کی جدوجہد کرنا؛ (۳) حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمة اللہ علیہ کے مسلک کی حفاظت و اشاعت؛ (۴) مسلم معاشرے سے خود غرضی اور استبداد کا خاتمہ؛ (۵) علوم دینی کا احیاء؛ (۶) علوم عقلیہ کی صحیح تربیت؛ (۷) دین میں مہارت کے ساتھ ساتھ دنیاوی علوم کے تقاضے پورے کرنے والے علما تیار کرنا (سوانح قاسمی، ۲ : ۲۲۰؛ انوار قاسمی، ۱ : ۳۴۳ بعد)۔ درسگاہ کی مالی ضروریات کے سلسلے میں بھی مولانا نانوتوی نے آٹھ اصول مقرر کیے، جن کا مقصد یہ تھا کہ حکومت وقت اور امرا و اغنیا کے تسلط سے درسگاہ آزاد رہے۔ "یہی وجہ ہے کہ حکومت برطانیہ اور برھمنی حکومت کی خواهش کے باوجود دارالعلوم نے کسی سے آج تک گرانٹ لینا پسند نہیں کی" (انوار قاسمی، ۱ : ۳۷۴ تا ۳۷۵)۔

دارالعلوم دیوبند کے نظم و نسق کے سلسلے میں ایک مجلس شوری ہے، جسے سنڈیکیٹ کہنا چاہیے؛ ایک مجلس انتظامیہ ہے؛ ایک مہتمم ہے، جسے رئیس الجامعہ سمجھنا چاہیے؛ شیخ الحدیث یا صدر المدرسین کا عہدہ سب سے ممتاز اہل علم و تقوی کو ملتا رہا ہے (تاریخ دیوبند، ص ۱۲۳ بعد)۔ اس درسگاہ میں علم صرف و نحو، ادب، علم المعانی، منطق، فلسفہ، فقہ، اصول فقہ، حدیث، تفسیر، علم الفرائض، علم العقائد، علم الکلام، علم الطب، علم المناظرہ، علم ہیئت اور قراءت و تجوید کے علاوہ فارسی زبان و ادب اور ریاضی کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ آٹھ سال کا نصاب ہے، ابتدا میں اردو اور فارسی کی بقدر ضرورت تدریس ہوتی ہے، لیکن اس درس گاہ میں دورۂ حدیث کی بڑی شان ہے، جس میں دور و دراز کے طالب علم مبادیات کی تکمیل کے بعد شریک ہوتے ہیں (انوار قاسمی، ۱ : ۳۸۴؛ تاریخ دیوبند، ص ۱۰۴)۔

[گزشتہ نوے سال میں اس ادارے نے مسلمانوں کے دینی مدارس میں ایک ممتاز مقام حاصل کر لیا ہے۔ دارالعلوم میں ان تین مختلف النوع دینی اداروں کی خصوصیات جمع ہیں جو تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے دوران میں دہلی، لکھنؤ اور خیر آباد میں موجود تھے۔ دہلی کے ادارے تفسیر اور حدیث کی تعلیم پر زور دیتے تھے، لکھنؤ کے فقہ پر [رک بہ دارالعلوم] اور خیرآباد [رک بآن] علم الکلام اور فلسفے کے لیے مخصوص تھا۔ دیوبند ان تینوں کے امتزاج کی نمائندگی کر رہا ہے، گو اس کا اصل زور احادیث پر ہے، جنھیں شاہ ولی اللہؒ اور دہلی کے مکتب محدّثین

Marfat.com

کے نزدیک درجۂ استناد حاصل ہے ۔ دیوبند میں بلاد اسلامیہ کے مختلف حصوں سے بھی طلبہ آتے رہتے ہیں ۔ اس میں تقریباً پندرہ سو طلبہ کے قیام کا بندوبست ہے ۔ "دارالعلوم" کی عمارت ایک مسجد، ایک کتاب خانے، اور حدیث، تفسیر اور فقہ وغیرہ کے متعدد درسی کمروں پر مشتمل ہے ۔ دیوبند کے کتاب خانے کا شمار ہندوستان میں مخطوطات کے بڑے بڑے کتاب خانوں میں ہوتا ہے، تاہم اس کی فہرست کتب موجود نہیں ۔ اس میں تقریباً ستر ہزار عربی، فارسی اور اردو کتابیں موجود ہیں، جو مطبوعہ بھی ہیں اور قلمی بھی ۔ تعلیم کا طریقہ روایتی ہے ۔ اس کا زور زیادہ‌تر اس بات پر ہے کہ دین‌دار شخصیتیں پیدا کی جائیں، اس پر نہیں کہ جدید علوم سے بہرہ ور ہو کر عہد حاضر کے تقاضے پورے کر سکیں؛ لہٰذا اس ادارے نے زیادہ تر دینی رہنما پیدا کیے ہیں، گو سیاسی میدان میں بھی اس کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔

دارالعلوم کے بڑے بڑے عہدے دار یہ ہیں : سرپرست مہتمم (سیکرٹری)، صدر مدرس (پرنسپل) اور مفتی ۔ مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، مولانا محمد یعقوبؒ، مولانا اشرف علیؒ، شیخ الہند محمود الحسنؒ، مولانا انور شاہ کشمیریؒ اور سیّد حسین احمد مدنیؒ ایسی نامور ہستیاں ان عہدوں پر فائز رہے ہیں ۔ موجودہ (۱۹۷۲ء میں) مہتمم مولانا محمد طیب بانی مدرسہ کے پوتے ہیں ۔ جمعیت علماے ہند، جو ہندوستانی علما کی ایک بہت بڑی اور بارسوخ تنظیم ہے، اپنی نظریاتی قوت دارالعلوم ہی سے حاصل کرتی ہے (از اِ اِ، لائڈن، بار دوم، مقالہ دیوبند)]۔

دیوبندی علماے کرام کا مسلک شاہ ولی اللّٰہی مسلک ہے ۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی تین واسطوں سے حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے شاگرد تھے ۔ یہ حضرات فقہی مذاہب میں سے امام ابو حنیفہؒ کے مقلد ہیں (انوار قاسمی، ۱ : ۳۸۵) اور تقلید کو بھی بالعموم ضروری سمجھتے ہیں ۔ قرآن و سنت پر سختی سے عمل پیرا ہونے کے علاوہ ان کا تصوف سے بھی گہرا تعلق ہے ۔ [ردّ بدعت میں یہ بھی پیش پیش ہیں البتہ غلو سے پرہیز کرتے ہیں] ۔ اکثر علماے دیوبند روحانی مسلک کے لحاظ سے حاجی امداد اللہ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہیں جو تصوف کے چاروں سلسلوں یعنی نقشبندی، چشتی، قادری اور سہروردی سے منسلک تھے؛ تاہم تصوف کو دنیاداری سے قطعاً دور رکھنا ضروری ہے (حوالۂ سابق) ۔ عقائد و علم الکلام میں امام ابوالحسن اشعری [رکّ بہ الاشعری] کے مقلد ہیں؛ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی محبت و عظمت پر ایمان رکھتے ہیں؛ کثرت درود کو عین ثواب اور صدق نیت اور صحیح روایات کے مطابق ولادت نبوی کے تذکرے کو بھی پسند کرتے ہیں؛ اکابر علماے دیوبند دین میں غلو اور انتہا پسندی کے بجاے راہ اعتدال کے قائل اور عامۃ المسلمین کی تکفیر سے اجتناب و احتیاط لازم سمجھتے ہیں [چنانچہ وہ غالی بریلوی مسلک اور غالی اہل حدیث مسلک کے بین بین رہتے ہیں] (مہند، ص ۱۸، ۳۲؛ الشہاب، ص ۲۰ تا ۲۱؛ انوار قاسمی، ۱ : ۳۸۵ تا ۳۹۰) ۔ علامہ شبیر احمد عثمانی ایک موقع پر لکھتے ہیں : "ہماری حالت تو یہ ہے کہ نہ ہم غیر مقلدین کو کافر کہتے ہیں، نہ تمام شیعوں کو، نہ سارے نیچریوں کو . . . ." (الشہاب، ص ۲۰ تا ۲۱) ۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی نے ایک موقع پر کہا : "فی زماننا کفار کا غلبہ ہے ۔ وقت نہیں ہے کہ مسلمانوں میں تفریق کو ہوا دی جائے، جس سے ان کا کلمہ متفرق ہو کر مزید ضعف پیدا ہو، بلکہ توڑنے کے بجاے جوڑنے کی فکر کی جائے" (سوانح قاسمی، ۱ : ۳۸۰؛ انوار قاسمی، ۱ : ۳۹۱) ۔ علماے دیوبند کے اس مسلک نے انہیں سب کی نظر میں محترم بنا دیا ، چنانچہ پیر مہر علی

Marfat.com

شاہ گولڑوی نے ایک جگہ فرمایا : ”مولانا محمد قاسم نانوتوی اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوھی کا زمانه میں نے نہیں پایا؛ مولانا خلیل احمد سہارنپوری اور مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی کی زیارت ایک دفعه کی ہے، مصاحبت کا اتفاق نہیں ھوا؛ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کی ایک دفعه زیارت کی ہے اور ایک دفعه وعظ بھی سنا ہے۔ اس سے زیادہ ان حضرات کے ساتھ مصاحبت کا اتفاق نہیں ھوا، مگر میرا اعتقاد ان بزرگوں کے متعلق یه ہے که یه سب حضرات علماے ربانیین اور اولیاے امت محمدیه میں سے تھے۔ احقر کو بعض مسائل میں ان سے اختلاف بھی ہے، مگر میرا اعتقاد یہی ہے اور اس اعتقاد کے اختیار کرنے کا سبب ان کی تصنیفات کا مطالعه اور قبول عام ہے....“ (چراغ سنت، ص ۷۰ ؛ انوار قاسمی، ۱ : ۳۹۱).

دیوبندی علماے کرام نے تحریک آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصه لیا، مولانا محمد قاسم نانوتوی کے نزدیک دارالعلوم کے مقاصد میں سے ایک اھم مقصد یه بھی تھا که ۱۸۵۷ء کے انقلاب کی ناکامی کے بعد ملت اسلامیه کو جہاد آزادی اور ھندوستان سے انگریز کو نکالنے کے لیے تیار کیا جائے۔ آزادی ھند کے لیے ریشمی رومال کی تحریک شیخ الھند مولانا محمودالحسن دیوبندی ھی نے منظم کی تھی (انوار قاسمی، ۱ : ۳۹۷ تا ۳۹۸)۔ تحریک خلافت میں بھی ان علما نے بڑا حصه لیا۔ قیام پاکستان سے کچھ قبل اس جماعت کے دو حصے ھوگئے: ایک انگریزوں کی مخالفت کے جوش میں اتنا بڑھ گیا که مسلم لیگ کی تائید سے قاصر رہا؛ اس کے برعکس مولانا اشرف علی تھانوی (۱۳۶۲ھ)، علامه شبیر احمد عثمانی (۱۹۴۹ء) اور مفتی محمد شفیع وغیرہ نے مسلم لیگ کے موقف کی تائید کی اور تحریک پاکستان میں بھی حصه لیا؛ چنانچه زیادہ تر انھیں کی وجه سے برصغیر کی تقسیم سے قبل صوبۂ سرحد میں ھونے والے استصواب راے عامه میں مسلم لیگ کو کامیابی نصیب ھوئی (تعمیر پاکستان اور علماے ربانی، ص ۹۶ ؛ انوار قاسمی؛ ۳۹۹ ببعد)۔ علماے دیوبند اپنے آپ کو حضرت مجدد الف ثانیؒ، شاہ ولی اللہؒ دہلوی اور سید احمد شہیدؒ کے پیرو کار اور ان کے افکار و نظریات کے حامی سمجھتے ھیں (حوالۂ سابق).

قیام پاکستان کے بعد دیوبندی علما کا علمی و روحانی مرکز ھندوستان میں رہ گیا، اس لیے دارالعلوم دیوبند سے قلبی و روحانی وابستگی کے باوجود پاکستان کے مختلف مقامات پر علمی مراکز قائم کیے گئے۔ بھارت میں مدرسۂ مظاھر العلوم سہارنپور اور مدرسۂ قاسم العلوم مراد آباد علمی اور فکری نقطه نظر سے دارالعلوم دیوبند سے مربوط ھیں؛ اسی طرح انبیٹھه (ضلع سہارنپور) تھانه بھون (ضلع مظفر نگر) اورگلاؤٹھی (ضلع بلند شہر) میں اس کی ملحقه شاخیں موجود ھیں (انوار قاسمی، ۱ : ۴۱۱)۔ پاکستان میں مدرسۂ اشرفیه لاھور، جامعۂ مدنیه لاھور، مدرسۂ عربی خیر المدارس ملتان، دارالعلوم ٹنڈو اللہ یار خاں، دارالعلوم کھڈہ (کراچی)، دارالعلوم حقانیه اکوڑہ خٹک (پشاور) کے علاوہ ڈھاکے اور راجشاھی کی درسگاھیں دیوبندی مکتب فکر کی علمی یادگاروں کو زندہ رکھے ھوے ھیں (تعمیر پاکستان اور علماے ربانی، ص ۷۳).

دیوبندی مکتب فکر کے اھل علم میں مشہور اور نامور علما کی ایک جماعت موجود رھی ہے جس نے فارسی زبان کی ابتدائی کتاب کریما سے لے کر صحیح بخاری تک اکثر و بیشتر تمام فنون کی کتب متداوله کی شروح یا حواشی لکھے ھیں۔ ان نامور علما میں سے بعض کے نام اوپر آ چکے ھیں۔ ان کے علاوہ اس سلسلے میں مولانا خلیل احمد سہارنپوری، مولانا عبدالحق حقانی، مولانا عبیداللہ سندھی، مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا احمد علی لاھوری، مولانا

Marfat.com

اعزاز علی، دیوبندی، مولانا تاجور نجیب آبادی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا محمد الیاس، مولانا محمد زکریا سہارنپوری، مولانا سیّد اصغر حسین، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، مولانا محمد یوسف بنوری اور مولانا سعید احمد اکبر آبادی قابل ذکر ہیں (تذکرہ مشائخ دیوبند، ص ۳۹ ببعد؛ انوار قاسمی، ۱ : ۴۰۹ ببعد؛ تاریخ دیوبند، ص ۱۰۱ ببعد، ۱۴۳ ببعد) .

**مآخذ :** (۱) مناظر احسن گیلانی : سوانح قاسمی، لاہور ۱۹۶۹ء؛ (۲) سید محبوب رضوی : تاریخ دیوبند، دہلی ۱۳۷۳ھ؛ (۲) انوار الحسن قاسمی: انوار قاسمی، دیوبند ۱۹۵۸ء؛ (۴) مفتی عزیز الرحمن: تذکرۂ مشائخ دیوبند، کراچی، ۱۹۶۴ء؛ (۵) محمد میاں: علماء حق کے مجاہدانہ کارنامے، مراد آباد، تاریخ ندارد؛ (۶) وہی مصنف : علماء ہند کا شاندار ماضی، دہلی، ۱۹۴۶ء؛ (۷) مفتی محمد شفیع : مقدمۂ فتاوی دارالعلوم دیوبند، کراچی ۱۹۶۸ء؛ (۸) حسین احمد مدنی : نقش حیات، دہلی ۱۹۵۳ء؛ (۹) ابوالحسنات ندوی : ہندوستان کی قدیم درسگاہیں، اعظم گڑھ ۱۹۲۲ء؛ (۱۰) منشی عبدالرحمن : سیرت اشرف، ملتان تاریخ ندارد؛ (۱۱) وہی مصنف : تعمیر پاکستان اور علماء ربانی، ملتان تاریخ ندارد؛ (۱۲) سید اصغر حسین : حیات شیخ الہند، سہارنپور ۱۹۴۸ء؛ [(۱۳) عبدالرشید ارشد : بیس بڑے مسلمان، لاہور ۱۹۶۹ء؛ نیز رک بہ دیوبند .

(ظہور احمد اظہر)

* **دیو شرمہ :** ترکی مصدر دیو شر، جمع کرنا سے حاصل مصدر (دیو شر کے ہجے مختلف طور پر کیے گئے ہیں، دیکھیے *TTS*، بذیل مادہ *dersürmek*)؛ یہ ایک عثمانی اصطلاح ہے جو ینگچری Janissaries [دیکھیے ینی چری] کی مختلف اسامیاں پر کرنے اور محل اور انتظامیہ کی خدمات پر مأمور کرنے کی غرض سے برائے تربیت عیسائی بچوں کی میعادی بھرتی کے لیے استعمال کی جاتی تھی [تفصیل کے لیے دیکھیے وآ ۲، لائڈن، بذیل مقالہ] .

**مآخذ :** (۱) Zinkeisen، ۳ : ۲۱۵ تا ۲۳۰، جس کی بنیاد زیادہ تر وینس کی ان اطلاعات پر ہے جو Albèri میں ہیں (سب سے زیادہ مفصل اطلاع وہ ہے جو Navagero [۱۵۵۳ء] نے دی ہے، Albèri، سلسلہ ۳، ۱ : ۴۸ ببعد) اور Gerlach : *Tagebuch*، ص ۳۴، ۴۸، ۳۰۶؛ (۲) J. H. Mordtmann : دیوشرمہ در وآ لائڈن، (۱۹۱۲ء) اور وہاں دیے ہوئے حوالے؛ (۳) قوچی بیگ : Ist، ۱۳۰۳ھ، ص ۲۷ ببعد=ترجمہ Bernhauer، *ZDMG*، ۱۵ : ۲۸۴=Ist.، ۱۹۳۹ء، ص ۲۸؛ (۴) A. H. Lybyer : *The Government of the Ottoman Empire . . .*، ۱۹۱۳ء، ص ۴۹ ببعد (۵) F.W. Hasluck : *Christianity and Islam under the Sultans*، ۱۹۲۹ء، ۲ : ۴۸۳ ببعد؛ (۶) W. L. Wright : *Ottoman State-craft*، ۱۹۳۵ء، بمدد اشاریہ؛ (۷) Barnette Miller : *The Palace School of Muhammad the Conqueror*، ۱۹۴۱ء، ص ۴۷ ببعد، ۱۴۷ ببعد؛ (۸) D. Pephanes : Τὸ Παιδομάζωμα، ایتھنز ۱۹۳۸ء (دیکھی نہیں گئی)؛ (۹) Gibb-Bowen، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) J. A. B. Palmer : *The Origin of the Janissaries*، در *Bull of the John Rylands Library*، ج ۳۵، ۱۹۵۳ء، ص ۴۴۸ تا ۴۸۱؛ (۱۱) A. E. Vakalopoulos : Προβληματα της ιστοριας του παιδομαζωματος در Ἑλληνικα، ج ۱۳، ۱۹۵۴ء، ص ۲۷۴ تا ۲۹۳ .

یورپی سیاحت ناموں میں جو حوالے دیے گئے ہیں انہیں احتیاط سے کام میں لانا چاہیے، کیونکہ ان کے مصنفوں نے اکثر اعتراف کیے بغیر اپنے پیشروؤں سے نقل کیا ہے، چنانچہ Rycaut (*Present State*، ج ۱، باب ۱۰) میں جو دو ہزار لڑکوں کے ایک سالانہ دیو شرمہ کا ذکر ہے جس میں زیادہ تر موریا اور البانیا سے لیے جاتے تھے، وہ غالباً Bon (Barozzi-Berchet، ۵/۱ : ۷۷) سے بتوسط Withers لیا گیا ہے، جو اس وقت سے ساٹھ سال پہلے

Marfat.com

لکھ رہا تھا - ایسے ہی Baudier میں اور نیز وہ بیان جو B. de Viganère کی *Illustrations*، (طبع ۱۶۵۰ء، عمود ۹۴) میں دیا گیا ہے بہت کچھ پوسٹل Postel سے لیا گیا ہے - مندرجۂ ذیل حوالے ایسے ہیں جو کسی اور سے نقل نہیں کیے گئے : (۱۲) Spandugino : *Petit Traicté*، طبع Schefer ۱۸۹۶ء، ص ۱۰۲ ببعد، ۱۴۴ ببعد، Satnas= : *Documents Inèdits*، ۹ : ۲۱۲ ببعد، ۲۲۵؛ (۱۳) J. Chesneau : *Le Voyage de M. d' Aramon*، طبع Schefer، ۱۸۸۷ء، ص ۴۴ ببعد؛ (۱۴) A. Geuffroy : *Briefve Description* (پہلے بیان کا ضمیمہ)، ص ۲۴۲ ببعد؛ (۱۵) G. Postel : . . . *De la rèpublique*، ۱۵۶۰ء، ۳ : ۲۲ ببعد؛ (۱۶) A. Thevet : *Cosmographie Universelle*، ۱۵۷۵ء، ص ۹۹۷ب، ۸۰۸ب، ۸۱۷ب (کھدے ہوئے الفاظ)؛ (۱۷) N. de Nicolay : *Navigations*، ۱۵۶۸ء، ص۹۷ببعد؛(۱۸) S. Schweigger: *Neue Reysbeschreibung*، ۱۶۰۸ء، ص ۱۶۸ ببعد؛ (۱۹) Busbecq : . . . *De Acie*، ۱۵۸۱ء، ص۱۵۲ ببعد= انگریزی ترجمه از N. Tate ۱۶۹۴ء، ص ۴۰۰ ببعد؛ (۲۰) J. Palerne : *Peregrinations*، ۱۶۰۶ء، ص ۴۱۲ ببعد، ۵۰۲ ببعد؛ (۲۱) H. de Beauvau : *Relation Journaliére*، ۱۶۱۹ء، ص ۸۶؛ (۲۲) L. Des Hayes : *Voiage de Levant*، ۱۶۲۴ء، ص ۱۳۷ ببعد .

ان بیانات کا جائزہ ان دفتر خانوں کے مواد سے لیا جا سکتا ہے جو I.H. Uzunçarşılı نے *Osmanlı Devleti teşkilâtindan Kapukulu Ocaklari*، ج ۱، ۱۹۴۳ء : ص ۱ تا ۱۴۱ میں دیے ہیں (ان میں تقریباً وہ سب دستاویزات جمع ہیں جو احمد رفیق نے *Edebiyyät Fakültesi Medjmuasi*، ج ۵، ۱۹۲۶ء : ص ۱ تا ۱۴ میں طبع کیے اور اسی کتاب پر I. H. Uzunçarşılı کے مقاله دیو شرمه کی بنیاد ہے، جو *IA* میں شائع ہوا)؛ Uzunçarşılı اکثر ایک کتاب کا حوالہ دیتا ہے جو اس کے نجی کتاب خانے میں ہے اور جس کا نام قوانین ینی چریان ہے ; یہ تصنیف وہی معلوم ہوتی ہے جو احمد اول کے عہد میں تیار ہوئی اور جس کا بیان *Ist Kit. Tarih-Cografya Yazmaları Kataloglari*، ۱/۱۰ : ۸۱۳ (مخطوطه Esad Ef ۲۰۶۸) اور جس کے مخطوطے کی مخطوطۂ Revan ۱۳۲۰ ایک دوسری نقل ہے (قب L. Forrer در *Isl.*، ج ۲۶، عدد ۶۲).

(V. L. MENAGE [تلخیص از اداره])

* **دیون عمومیه** : عثمانی حکومت کے قرضے، بالخصوص نظام قرض قائم شده ۱۸۸۱ء - حکومت عثمانی نے ملکی قرضوں کے ذریعے روپیه فراہم کرنے کی ابتدائی کوششیں اٹھارھویں صدی کے اواخر اور انیسویں صدی کے اوائل میں کی تھیں (دیکھیے اسہام اور قائمه)۔ جنگ کریمیا کی ضرورت اور مواقع کے پیش نظر قرض کی ایک اور نئی قسم پیدا ہوئی، یعنی یورپ کی مالی منڈیوں سے قرضه لیا جانے لگا - اس قسم کا پہلا قرضه ۱۸۵۴ء میں لنڈن سے لیا گیا اور دوسرا اس کے آئنده سال میں - پہلا قرضه تیس لاکھ پونڈ کا چھ فی صد فی سال سود کی شرح پر لیا گیا اور دوسرا پچاس لاکھ پونڈ کا بشرح چار فی صد فی سال - ۱۸۵۴ء اور ۱۸۷۴ء کے درمیان تقریباً ہر سال نئے غیر ملکی قرضے لیے جانے لگے، جن کی مجموعی رقم تقریباً دو سو ملین پونڈ تک پہنچ گئی - چونکه ترکی میں روپیه ڈوبنے کا خدشه زیاده تھا، اس لیے اسے ایسی شرائط پر قرضه دیا جاتا تھا جو اس کے لیے نفع بخش نہیں ہوتی تھیں - اس قرضے کے ذریعے جو روپیه ملتا، اس کا اکثر حصه ملک کے میزانیے کے مطابق معمولی اخراجات میں صرف ہوتا، یا پھر ایسے منصوبوں میں لگایا جاتا، جنھیں اقتصادی ترقی سے کوئی تعلق نه ہوتا تھا - ٦ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو معاملات انتہا کو پہنچ گئے جب که عثمانی حکومت سود کی رقم ادا کر سکی، نه قرضه ہی چکا سکی - اس کے بعد ایک زمانے تک گفت و شنید جاری رہی اور بالآخر ترکی حکومت اور یورپی قرض خواہوں کے نمائندوں کے

Marfat.com

درمیان سمجھوتا ہو گیا ۔ اس سمجھوتے کو قانونی شکل نام نہاد "فیصلۂ محرّم" کے ذریعے دی گئی، جو ۲۸ محرم ۱۲۹۹ء / ۲۰ دسمبر ۱۸۸۱ء کو جاری ہوا، جس کی رو سے "ادارۂ قرض عمومی" "دیون عمومیه"۔ فرانسیسی میں Administration de la dette publique ottomane قائم ہوا، جو براہ راست بیرونی قرض خواہوں کے زیر انتظام اور انہیں کے روبرو جوابدہ تھا ۔ اس ادارے کا فرض اولین یہ تھا کہ قرضے کی وصولی کا یقینی اور قابل وثوق ذریعہ مہیا کرے ۔ اس قرض کی مجموعی مقدار ۱۰۶۴۰۹۹۲۰ پونڈ سٹرلنگ، یا ۱۱۷۵۰۹۱۲ ترکی پونڈ بشرح ۱۱۰ پیاسٹر فی پونڈ سٹرلنگ، جو اس وقت رائج تھی، مقرر کی گئی ۔ اس غرض کے لیے حکومت عثمانی نے اپنے بعض محصولات مطلقاً اور ناقابل فسخ طور پر تا ادائی قرض ادارے کو سونپ دیے ۔ یہ آمدنی نمک اور تمباکو کی اجارہ داری، ٹکٹ، کحول (Spirits)، ریشم اور ماہی گیری کے محصولات سے حاصل ہوتی تھی اور ان سب کو "رسوم ستہ" یعنی چھے ٹیکسوں سے موسوم کیا گیا ۔ یہ ٹیکس براہ راست ادارے کے اپنے کارکن وصول کرتے تھے؛ علاوہ بریں ولایات بلقان سے بھی یہ ادارہ خراج وصول کرتا تھا اور ضرورت ہوتی تو چنگی کے محصول کا ایک حصہ بھی لے لیتا تھا .

اس ادارے کی مجلس منتظمہ چھے مندوب پر مشتمل تھی جو برطانیه، ہالینڈ، فرانس، جرمنی، اطالیا، آسٹریا ۔ ہنگری' اور عثمانی ترکیه کے تمسک گیروں کی نمائندگی کرتے تھے ۔ ان کے ساتھ ایک ساتواں مندوب اور تھا جو تقدیمی تمسکات کے گروہ کی نمائندگی کرتا تھا، جن میں سے بیشتر عثمانی حکومت کے بینک (Imperial Ottoman Bank) کے قبضے میں تھے ۔ ۱۸۸۱ء ہی میں اس مجلس کے تین ہزار سے زیادہ محاصل وصول کرنے والے عمال تھے ۔ ۱۹۱۱ء کے آتے آتے اس کے عملے کی تعداد ۸۹۳۱ تک پہنچ گئی تھی، جو عثمانی وزارت مالیات کے عملے سے زیادہ تھی ۔ یہ مجلس منتظمۂ قرض بہت زیادہ طاقتور جماعت بن چکی تھی جس کا اثر سلطنت عثمانی کی مالی اور اقتصادی زندگی پر دور رس تھا اور اس کا سیاسیات پر بھی بڑا اثر تھا جس کے مختلف اندازے کیے گئے ہیں .

یہ مجلس منتظمۂ قرض پہلی جنگ کے دوران میں اور الحادیوں کے قبضے کے ماتحت اپنا کام کرتی رہی، باوجودیکه برطانوی، فرانسیسی اور اطالوی نمائندے جنگ کے دوران میں اور جرمنی اور آسٹریا کے نمائندے عارضی صلح کے بعد اس میں سے نکل چکے تھے ۔ اس کا کام باقی ماندہ نمائندوں کے زیر اہتمام چلتا رہا اور جو رقوم دشمن قرض خواہوں کے حصے کی تھیں وہ بعد میں ادا کرنے کے لیے جمع رکھی جانے لگیں ۔ یہ مجلس ختم اس وقت ہوئی جب مصطفی کمال کی قیادت میں قوم پرستوں کی جیت ہوگئی اور ترکی جمہوریت کا قیام عمل میں آیا ۔ معاہدہ لاسینی میں معطّل حکومت ترکیه کے قرض میں جدید ترکی کا حصہ مقرر کیا گیا ۔ پھر گفت و شنید شروع ہوئی اور ذمے داری اور ادائی کا معاہدہ ۱۹۲۸ء اور ۱۹۳۳ء میں طے ہوگیا ۔ ۱۹۴۴ء میں یہ قرض مکمل طور پر ادا کر دیا گیا .

**مآخذ :** (۱) F.A. Belin: Essai sur l'historie économique de la Turquie، در JA، ۱۸۸۵ء؛ (۲) C. Morawitz: Les finances de Turquie، پیرس ۱۹۰۲ء؛ (۳) A. du Velay: Essai sur l'histoire financiére de la Turquie، پیرس ۱۹۰۳ء؛ (۴) A. Roumani: Essai historique et technique sur la dette publique ottomane، پیرس ۱۹۲۷ء، (دیکھی نہیں)؛ (۵) D. G. Blaisdell: European financial control in the Ottoman Empire، نیویارک ۱۹۲۹ء؛ (۶) Z. Y. Hershlag: Turkey an economy in transition، The Hague، بدون تاریخ (۱۹۶۰ء؟)؛ (۷) B. Lewis:

Marfat.com

*The emergence of modern Turkey*، بار دوم، لنڈن ۱۹۶۲ء؛ (۸) احمد راسم: عثمانلی تاریخی، ج ۳، استانبول ۱۳۲۶ تا ۱۳۳۰ھ؛ ص ۲۰۲۸ تا ۲۰۴۷ (فائدہ)؛ (۹) Refii Şükrü Suvla: *Tanzimat dervinde istikrazlar*، در *Tanzimat*، ج ۱، استانبول ۱۹۴۰ء؛ ص ۲۶۳ تا ۲۸۸؛ (۱۰) Pakalın، ۱: ۳۸۷ تا ۳۹۱؛ (۱۱) Ziya Karamursal: *Osmanlı mali tarihi hakkında tetkikler*، استانبول ۱۹۴۰ء.

(B. Lewis)

* **دھار**: وندھیا چل پہاڑوں کی اندرونی عمودی ڈھلان پر واقع ایک قدیم شہر، جہاں سے دریاے نربدا کی وادی کا منظر دکھائی دیتا ہے اور جو ۱۹۵۶ء سے ضلع دھار، مدھیا پردیش (بھارت) کا صدر مقام ہے۔ اس کی تاریخ کے لیے دیکھیے وا، لائڈن، بار دوم، بذیل مادہ.

**مآخذ**: (۱) *Central India gazetteer*، ۵: ۳۸۹ تا ۵۱۵؛ (۲) *EIM*، ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء، ص ۱ تا ۲۹؛ (۳) D.C. Ganguly: *History of the Paramara dynasty*، ڈھاکہ ۱۹۳۳ء؛ (۴) H. N. Wright: *The sultsans of Delhi; their coinage and metrology*، دہلی ۱۹۳۶ء، ص ۱۶۷؛ (۵) R. Sinh: *Malwa in transition*، بمبئی ۱۹۳۶ء؛ (۶) *History and culture of the Indian people*، ج ۶: *The Delhi sultanate*، بمبئی ۱۹۶۰ء۔ دیکھیے نیز دلاور خان؛ مالوہ؛ مانڈو.

(J.B. Harrison [تلخیص از ادارہ])

۲ - یادگار عمارتیں: عمارتی نقطۂ نظر سے دھار کے آثار کی اہمیت محض یہ ہے کہ ان سے مالوے کے سب سے ابتدائی عمارتی روپ کی، جو ہندوستان کے اسلامی فن عمارت کا ایک مخصوص اسلوب تھا، وضاحت ہوتی ہے (دیکھیے مادّہ ہند، فن عمارت)۔ قدیم‌ترین مسجد کی عمارت کمال الدّین مالوی (جنھیں مقامی طور پر کمال مولی کہا جاتا ہے) کے مقبرے کے احاطے میں واقع ہے، جو دہلی کے حضرت نظام الدّین چشتی کے شاگردوں میں سے تھے۔ اس احاطے میں سب سے پرانا کتبۂ مزار ۷۹۵ھ/۱۳۹۲ء کا ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت حکمران بادشاہ محمود تغلق تھا اور اس کا مقامی نمائندہ دلاور خان [رک بآں] ۔ یہ عمارت اور اس سے کسی قدر بعد کے زمانے کی جامع مسجد کی ساخت میں [بجاے محرابوں کے] شہتیروں اور کڑیوں کی چھتیں استعمال کی گئی ہیں؛ جامع مسجد کی بیرونی ڈیوڑھی میں یہ کوشش نظر آتی ہے کہ کڑیوں سے ساختہ (trabeated) رُوکار کو ستونوں کے بیچ بیچ میں بنائی ہوئی نوکدار محرابوں سے ہم آہنگ کر دیا جائے، جن کی بجاے خود کوئی عمارتی اہمیت نہیں ہے، یہ اسلوب مانڈو میں واقع ملک مغیث کی مسجد کا پیشرو ہے۔ جامع مسجد کے مشرق دروازے پر ۸۰۷ھ/۱۴۰۴-۱۴۰۵ء کے اور شمالی دروازے پر ۱۵ رجب ۸۰۷ھ/۱۴۰۴-۱۴۰۵ء کے کتبات ہیں (جنھیں قیاس یہ ہے کہ جہانگیر: توزک جہانگیری، فارسی متن، ص ۲۰۱-۲۰۲ نے غلط پڑھا ہے)؛ ان کے لیے دیکھیے *EIM*، ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء، ص ۱۱-۱۲ اور لوحہ ۳ و ۴۔ اسی وضع قطع کی ایک تیسری مسجد راجا بھوج کا نام نہاد مدرسہ ہے، جس کا یہ غلط نام اس لیے مشہور ہو گیا کہ اس میں بکثرت فرش کی ایسی سلیں اور ستونوں کے شکستہ پتھر ہیں جن پر سنسکرت صرف و نحو کے ممِدّ حافظہ قواعد کندہ ہیں.

متأخر عمارتیں تقریبًا سب کی سب مالوے کے پہلے خلجی حکمران محمود شاہ (۸۳۹ھ/۱۴۳۶ء تا ۸۷۳ھ/۱۴۶۹ء) کی بنا کردہ ہیں، جن میں شاید دھار کے قدیم‌ترین اسلامی مقبرے، یعنی عبداللہ شاہ چنگال کے مقبرے کی تعمیر نو بھی شامل ہے، جن کے بارے میں مشہور ہے کہ انھوں نے راجا بھوج کو مشرّف باسلام کیا تھا؛ اس میں اختلاف ہے کہ آیا اس سے

Marfat.com

مراد بھوج اول (۱۰۱۰ تا ۱۰۵۳ء) ہے، جو ایک، وسیع النّظر اور غیر متعصب تاہم ایک پکّا شیوہ ہندو تھا . . .اور اس صورت میں یہ بزرگ محمود غزنوی کی فوج کے همراہ مالوے آئے ہوں گے . . . یا اس سے بھوج ثانی (۱۲۸۰ء تا ۱۳۱۰ء) مراد ہے کیونکہ اس زمانے میں کسی چھوٹی ریاست کے حکمران کے لیے قبول اسلام ایک سیاسی مصلحت ہو سکتی تھی۔ ان بزرگ کے بارے میں اور کچھ معلوم نہیں اور بھوج کے تبدیل مذہب کی داستان کو اب بہت مشتبہ سمجھا جاتا ہے، لیکن محمود شاہ نے ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء میں جو کتبہ [ان کے مزار پر] لگوایا تھا (EIM، ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء، ص ۱ تا ۵ اور لوحہ ۱: فارسی کی ۴۲ ابیات، ہندوستان میں طویل ترین فارسی کتبوں میں سے ایک) اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس زمانے میں عام طور پر لوگوں کا یہی یقین تھا۔ کمال الدین کے مقبرے کی نئی عمارت بھی محمود شاہ ھی کی رہینِ منّت ہے (دروازے کا کتبہ، مؤرخہ ۸۶۱ھ/ ۱۴۵۶ - ۱۴۵۷ء)۔ ان بزرگ کی قبر کے بالمقابل ایک اور قبر ہے، جو مقامی روایت کی رو سے خود محمود کی ہے .

بعد کے زمانے میں جامع مسجد اس لاٹ کی بدولت، جو غالباً ابتدائی تیرھویں صدی کے کسی مقامی پرمار حکمران کا "ستون فتح" تھی (قب ASI، Annual Report، ۱۹۰۲-۱۹۰۳ء، ص ۲۰۳) اور مسجد کے باھر پڑی ہے، "لاٹ کی مسجد" کے نام سے معروف ہوگئی تھی؛ اس لاٹ پر ایک کتبہ ہے، جس میں ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء میں اکبر کے دھار میں مختصر قیام کا ذکر ہے اور جس کی جگہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لاٹ اس وقت تک گر چکی تھی.

کہا جاتا ہے کہ دھار کا قلعہ، جو اب اندرونی عمارتوں سے خالی ہو چکا ہے، سلطان محمّد بن تغلق نے دکن کی تسخیر کے لیے جاتے ہوے بنوایا تھا؛ اس کا کوئی مفید مطلب اور تسلّی بخش بیان موجود نہیں ہے.

مآخذ : (۱) E. Barnes : Dhār and Mandū، در JBBRAS، ۲۱ (۱۹۰۴ء) : ۳۳۰ تا ۳۵۴ ؛ (۲) وهی مصنف : Conservation of ancient buildings at Māndū and Dhār، ASI، در Annual Report، ۱۹۰۳ - ۱۹۰۴ء، ص ۳۰ تا ۴۵ ؛ (۳) C. E. Luard : Dhār State Gazetteer، بمبئی ۱۹۰۸ء، ص ۱۰۶ تا ۱۱۲ ؛ (۴) غلام یزدانی: The inscription on the tomb of 'Abdullāh Shāh Changāl at Dhār، در EIM، ۱۹۰۹ - ۱۹۱۰ء، ص ۱ تا ۵ و لوحہ ۱ ؛ (۵) وهی مصنف : Remarks on the inscriptions of Dhār and Māndū، در EIM، ۱۹۱۱ - ۱۹۱۲ء، ص ۸ تا ۱۱ ؛ (۶) ظفر حسن : The inscriptions of Dhār and Māndū، در EIM، ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء، ص ۶ تا ۲۹ .

(J. Burton-Page)

* **دھار وار:** بھارتی ریاست میسور کی قسمت بلگام کا ایک ضلع، جس کا رقبہ ۵۳۰۵ مربع میل اور آبادی ۱۵۷۵۳۸۶ نفوس پر مشتمل ہے۔ ان میں سے ۱۵ فی صد مسلمان ھیں (بروے مردم شماری ۱۹۵۱ء)۔ ساتویں صدی هجری/تیرھویں صدی عیسوی تک یہ شہر مسلمانوں کے حملے سے محفوظ رہا، لیکن اگلی صدی میں محمد بن تغلق کی وسیع سلطنت کا حصہ بن گیا۔ پھر جب تغلقوں کی طاقت کو زوال آیا تو دھاروار اپنی جغرافیائی حیثیت کی وجہ سے، بالخصوص دوآبۂ راے چور سے قریب ہونے کے باعث، دکن کی بہمنی سلطنت اور وجیانگر کی ہندو سلطنت کے مابین وجہ نزاع بن گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ۹۷۲ھ/۱۵۶۵ء کے قریب قریب اسے بیجاپور کے عادل شاھی سلاطین نے فتح کر لیا تھا۔ یہ شہر انھیں کے قبضے میں رہا تاآنکہ اورنگ زیب کے ہاتھوں ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء میں ان کی ریاست کا خاتمہ ہو گیا۔ بارھویں صدی هجری/اٹھارھویں صدی عیسوی میں جب مغلیہ سلطنت کے حصے بکھرے ہو رہے تھے تو اس پر مرھٹوں کی لوٹ مار کرنے والی فوجیں اکثر

Marfat.com

حملہ آور ہوتی رہیں - کچھ عرصے کے لیے اسے حیدرعلی نے اپنی سلطنت میسور میں شامل کر لیا تھا، مگر پھر ۱۷۹۱ء میں بعہد ٹیپو سلطان انگریزوں اور مرہٹوں کی متحدہ فوج نے Captain Little اور پرس رام بھاؤ کی سرکردگی میں دھار وار کا قلعہ چھین لیا (Grant Duff : History of the Mahrattas، ۲ : ۱۹۷ تا ۲۰۱، آوکسفرڈ ۱۹۲۱ء ؛ Wilk : Mysoor، ۲ : ۳۸۳ تا ۳۸۸، میسور ۱۹۳۲ء) - اس کے بعد سے یہ شہر برابر مرہٹوں کے قبضے میں رہا، حتی کہ ۱۸۱۷ء میں انھوں نے انگریزوں سے شکست کھائی - ۱۸۵۷ء تا ۱۸۵۸ء میں بھاسکر راؤ (بابا صاحب) نے، جو دھار وار میں نرگنڈ کا پیشوا تھا اور جسے لارڈ ڈلہوزی نے متبنی بنانے کی اجازت نہیں دی تھی، بغاوت کر دی - اس نے جنوبی مہاراشٹر کے برطانوی کمشنر اور پولیٹیکل ایجنٹ چارلس مینسن Charles Manson کو قتل کر ڈالا - اس کا نتیجہ بالآخر بھاسکر راؤ کی پھانسی اور ریاست نرگنڈ کی ضبطی کی صورت میں نکلا (Malleson و Kay : Indian Mutiny، ۵ : ۱۶۳ تا ۲...، لنڈن ۱۸۸۹ء) - دھار وار کا انتظام بمبئی کے ایک حصے کے طور پر ہوتا رہا، حتی کہ ۱۹۵۶ء کی تنظیم نو کے ماتحت اسے میسور کی نئی ریاست کے سپرد کر دیا گیا .

(C. COLLIN DAVIES)

⊗ **دھتورا** : یہ ہندی لفظ ہے؛ فارسی میں اس کی شکل تاتورا ہے اور عربی میں اسے جوز ماثل کہتے ہیں - یہ ایک چھوٹے سے پودے کا خاردار پھل ہے - اس پودے کی پانچ قسمیں ہیں : (۱) اودے پھولوں والا ؛ (۲) سرخ پھولوں والا ؛ (۳) سیاہ پھولوں والا؛ (۴) سفید پھولوں والا؛ (۵) زرد پھولوں والا؛ سرخ پھولوں والی قسم کمیاب ہے - یونانی طب میں سفید اور اودے پھولوں والی صرف دو قسموں کا ذکر آیا ہے - دھتورے کے پھل کا ذائقہ قدرے تلخ ہوتا ہے - اس کے بیج سیاہ رنگ کے اور زہریلے ہوتے ہیں - اس کے زہر کا فاد بنولا ہے - یہ بیج جسم کو بے حس کرنے والے نیز خواب آور اور قے آور ہیں - ان کا مناسب و محتاط استعمال جذام، خارش، پھوڑے پھنسی اور دمے کے لیے مفید سمجھا گیا ہے .

[ادارہ]

marfat.com
Marfat.com

# زیادات و تصحیحات

## جلد ۹

## زیادات

(بحوالہ صفحہ ۴۸۳، عمود ۲، سطر ۲۱)

⊗ **اَلدَّھر** : قرآن مجید کی ایک سورت، جس کا عدد تلاوت ۷۶ اور عدد نزول ۹۸ ہے۔ الدھر کے علاوہ اس سورۃ کے دوسرے نام بھی ہیں، مثلاً سورۃ الانسان، الابرار، الامشاج اور سورۃ ھَلْ اَتٰی (روح المعانی، ۲۹: ۱۵۰؛ فتح البیان، ۱۰ : ۱۶۳؛ الاتقان، ص ۱۱)۔ یہ سورت دو رکوع اور اکتیس آیات پر مشتمل ہے۔ جمہور اہل علم اور مفسرین کی رائے میں یہ سورت مدنی ہے، لیکن بعض نے اسے مکّی بھی کہا ہے حسن بصری، عکرمہ اور الکلبی سے منقول ہے کہ یہ سورت مدنی ہے، صرف ایک آیت (۲۴) مکّی ہے (حوالۂ سابق)۔ بعض کے نزدیک ابتدائی بائیس آیات مدنی ہیں اور باقی مکّی ہیں (فتح البیان، ۱۰ : ۱۶۳)۔

مفسرین نے سابقہ سورت کے ساتھ اس سورت کا ربط یہ بیان کیا ہے کہ پچھلی سورۃ القیامۃ میں ان ہولناکیوں، حسرتوں اور محرومیوں کی تفصیل ہے جن کا ذکر قیامت کے دن بدکار لوگ کریں گے۔ اب اس سورت میں ان مسرتوں اور غیر فانی نعمتوں کا تذکرہ ہے جو دار آخرت میں نیکوکار اہل ایمان کو نصیب ہوں گی (تفسیر المراغی، ۲۹: ۱۵۹؛ روح المعانی، ۲۹ : ۱۵۰)۔ سب سے پہلے اللہ کی اس حکمت بالغہ کا بیان ہے جس کے دست اعجاز نے انسان کو عدم سے وجود بخشا اور برے بھلے کی تمیز کی صلاحیت بھی اس میں رکھ دی۔ اس کے بعد ان بے پناہ مسرتوں اور بے شمار انعامات کا ذکر ہے جن سے اطاعت و شکرگزاری کی راہ پر چلنے والے بندوں کو جنت میں نوازا جائے گا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو صبر و استقامت اور تہجدگزاری کی تلقین کی گئی اور کفر و نافرمانی کی راہ پر چلنے والے سے اِعراض کا حکم دے کر یہ بتایا گیا ہے کہ یہ نافرمان لوگ قیامت کے ہیبت ناک دن سے غافل ہو کر دنیا کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں، لیکن یہ دنیا زیادہ دیر ان کے ہاتھ میں نہیں رہ سکے گی۔ سب سے آخر میں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ رحمت و مصیبت اور نجات و عذاب اللہ تعالٰی کی مشیت کے تابع ہیں (تفسیر المراغی، ۲۹ : ۱۷۷)۔

ابو بکر الجصّاص (احکام القرآن، ۳ : ۴۷۱) نے اس سورت کی صرف ایک آیت (۸) سے اسیروں کے بارے میں احکام کا استنباط کیا ہے، لیکن ابو بکر ابن العربی (احکام القرآن، ص ۱۸۸۵ ببعد) نے اس کی چھے آیات (۱، ۲، ۷، ۹، ۲۵ اور ۲۶) سے بارہ مختلف شرعی احکام اور اہم فقہی مسائل کا استنباط کیا ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک مرتبہ سورۃ الدھر کی تلاوت فرمائی۔ جب ختم کر چکے تو اپنے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا: "جو کچھ میں دیکھتا ہوں وہ تم نہیں دیکھ سکتے اور جو کچھ میں سنتا ہوں وہ تم نہیں سن سکتے۔ آسمان چیخ اٹھا اور اس کا چیخ اٹھنا حق بجانب ہے کہ آسمان پر چار انگلیوں کے برابر کوئی بھی ایسی جگہ نہیں جہاں فرشتہ اللہ کے سامنے سجدہ ریز نہ ہو۔ اللہ کی قسم! جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تمہیں معلوم ہو جائے تو بہت کم ہنسو اور زیادہ رویا کرو اور تمام دنیوی لذتوں کو چھوڑ

Marfat.com

کرا اللہ عزّو جل کے حضور میں حاضر ہونے کے لیے نکل دوڑو" (فتح البیان، ۱۰: ۱۶۴)۔ ایک موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: "جس نے سورۂ ہَلْ اَتٰی کی تلاوت کی اللہ کے ہاں اسے جنت کی نعمتیں ملیں گی" (الکشاف، ۴: ۶۷۷؛ تفسیر البیضاوی، ۲: ۳۷۷)۔

مآخذ: (۱) ابن منظور: لسان العرب، بذیل مادہ دہر؛ (۲) الشریف الجرجانی: کتاب التعریفات، بیروت ۱۹۶۹ء؛ (۳) السیوطی: الاتقان، قاہرہ ۱۹۵۲ء؛ (۴) ابوالحسن علی النیسابوری: اسباب النزول، قاہرہ ۱۹۶۸ء؛ (۵) صدیق حسن خان: فتح البیان، قاہرہ بلا تاریخ؛ (۶) آلوسی: روح المعانی، قاہرہ بلا تاریخ؛ (۷) المراغی: تفسیر المراغی، قاہرہ ۱۹۴۶ء؛ (۸) الزمخشری: الکشاف، قاہرہ ۱۹۴۶ء؛ (۹) البیضاوی: تفسیر البیضاوی: لائپزگ ۱۸۴۴ء؛ (۱۰) ابو بکر ابن العربی: احکام القرآن، ۱۹۵۸ء؛ (۱۱) ثناء اللہ پانی پتی: التفسیر المظہری، حیدر آباد دکن بلا تاریخ؛ (۱۲) ابو بکر الجصاص: احکام القرآن، قاہرہ ۱۳۳۵ھ؛ [(۱۳) امیر علی: تفسیر مواہب الرحمٰن]۔

(ظہور احمد اظہر)

---

# تصحیحات

| صفحہ | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۲ | ۲۰ | خَنْدَق | ⊗ خَنْدَق |
| ۷ | ۲ | ۱۰ | اسحٰق | اسحٰق |
| ۳۰ | ۱ | ۱۳ | اربہ | ارابہ |
| ۳۰ | ۱ | ۳۱ | جمہورتوں | جمہوریتوں |
| ۳۶ | ۲ | ۴ | ترییب | ترتیب |
| ۴۵ | ۲ | ۱۹،۱۸ | شروع کے خلفا نے اس محل کی توسیع کی اور اسے اپنے کام میں عباسی لائے | شروع کے عباسی خلفا نے اس محل کی توسیع کی اور اسے اپنے کام میں لائے۔ |
| ۵۲ | ۲ | ۳۰ | خوشخال | خوشحال |
| ۱۳۱ | ۱ | ۱۱،۱۰ | دارالعلوم سہارنپور | دارالعلوم (= مدرسۂ مظاہر العلوم) سہارنپور |
| ۱۳۳ | ۱ | ۳۲ | وار | اور |
| ۱۴۸ | ۱ | ۱۸ | آئمہ | ائمہ |
| ۱۵۸ | ۱ | ۱ | ملسطین | فلسطین |
| ۲۰۶ | ۱ | ۹ | عمودی | عُمُودی |

marfat.com
Marfat.com

تصحیحات

| صفحه | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ۲۱۸ | ۱ | ۲۶ | جزوّا | جزوًا |
| ۲۱۸ | ۱ | ۲۸ | شبه | شبهه |
| ۲۱۹ | ۱ | ۶ | بجا کھچا | بچا کھچا |
| ۲۱۹ | ۱ | ۲۳ | تھی یا | تھی |
| ۲۲۰ | ۱ | ۶ | سیلانی | سیلابی |
| ۲۲۰ | ۱ | ۹ | شبه | شبهه |
| ۲۲۱ | ۲ | ۶ | بگھلاؤ | پگھلاؤ |
| ۲۳۰ | ۱ | ۳۲ | عربی | عربی |
| ۲۳۶ | ۱ | ۳۲ | که غوطه خور | غوطه خور |
| ۳۲۲ | ۲ | ۳۲ | *Vayages* | *Voyages* |
| ۳۲۳ | ۱ | ۱۶ | فرامن | فرامین |
| ۳۲۳ | ۱ | ۲۶ | بالخوص | بالخصوص |
| ۳۲۳ | ۱ | ۲۸ | کھینج | کھینچ |
| ۳۲۴ | ۱ | ۲۵ | تکمل | تکمیل |
| ۳۲۵ | ۲ | ۸ | (یا ـ | (یا |
| ۳۲۹ | نمبر صفحه | | ۲۲۹ | ۳۲۹ |
| ۳۲۹ | ۲ | ۲۷ | مصنب | منصب |
| ۳۳۱ | ۱ | ۸ | یوربی | یورپی |
| ۳۳۱ | ۲ | ۲۱ | دوسوا | دوسرا |
| ۳۳۲ | نمبر صفحه | | ۲۳۲ | ۳۳۲ |
| ۳۳۳ | ۲ | ۴ | ارشوی | ارشیوی |
| ۳۳۴ | ۲ | ۹ | کیے گیے | کیے گئے |
| ۳۳۶ | ۱ | ۲۳ | گھیرے هو هیں | گھیرے هوے هیں |
| ۳۳۷ | ۱ | ۲۱ | حقائق | حقائق |
| ۳۳۹ | ۲ | ۳۲ | اسمتداد | استمداد |
| ۳۴۸ | ۱ | ۱ | سیعد | سعید |
| ۳۴۸ | ۱ | ۲۸ | ۱۰۰۵ء الحاکم | ۱۰۰۵ء میں الحاکم |
| ۳۴۹ | ۲ | ۹ | الفرق | اَلفرق |
| ۳۴۹ | ۲ | ۳۲ | حلقهٔ دعوت میں الدر هے | حلقهٔ دعوت میں هے |
| ۳۵۲ | ۱ | ۳۲ | الطّیبیه | الطّیبیّه |
| ۳۵۷ | ۱ | ۲۸ | ۲۱ تا ۲۴)؛ | ۲۱ تا ۲۴؛ |

Marfat.com

| صفحه | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ٣٥٧ | ١ | ٢٨ | ۴٣ ببعد) . | ۴٣ ببعد . |
| ٣٦٢ | ١ | ٢۴ | کارگزرایوں | کارگزاریوں |
| ٣٦٣ | ٢ | ١٣-١٣ | اور اسے مندرجه ذیل تذکرے اور دفاتر اس کی تحویل میں ہونے چاہیے : | اور مندرجۂ ذیل تذکرے اور دفاتر اس کی تحویل میں ہوں : |
| ٣٦٨ | ٢ | ٢ تا ۴ | چنانچه تیماروں ------ ------------- ------------- ------------- جاگیروں کی فہرستیں بھی ۔ | چنانچه تیماروں ، یعنی تیمارداروں کی فہرستیں رکھی جاتی تھیں ، جن میں ان کے محاصل کے بارے میں مختصر بیانات بھی درج ہوتے تھے ۔ اسی طرح شاہی اراضی اور جاگیروں کی بھی فہرستیں تیار کی جاتی تھیں ۔ |
| ٣٦٨ | ٢ | ٣٠ | دقتر خانے | دفتر خانے |
| ٣٧٠ | ٢ | ١٣ | بطور عشر میں | بطور عشر |
| ٣٧٣ | ٢ | ١ | صیحح | صحیح |
| ٣٧۴ | ١ | ١ | ھو قسم | ھر قسم |
| ٣٨٣ | ١ | ٧ | دو زانوں | دو زانو |
| ٣٨٣ | ١ | ٢١ | دیکیھے | دیکھیے |
| ٣٨٣ | ٢ | ٧ | صیحح | صحیح |
| ٣٩٩ | ١ | ٢۴ | کے | میں |
| ٣٩٩ | ١ | ٢٥ | چھت | چھتیں |
| ۴٠٠ | ١ | ٢٥ | چھت تھے | چھتیں تھیں |
| ۴١٦ | ١ | ٢٩ | گزارنا | گزارا |
| ۴١٩ | ١ | ٨ | باربرادری | باربرداری |
| ۴٢١ | ٢ | ١٢ | فروع | فروغ |
| ۴٣٥ | ٢ | ٣١ | طبیعات | طبیعیات |
| ۴٥٨ | ١ | ١١ | بایں دوسرے مقامات | بایں همه دوسرے مقامات |
| ۴٦٩ | ٢ | ٨ | ڈھلوان زمین | ڈھلوان زمین |
| ۴٧٢ | ١ | ٣٢ | "قلغے" | "قلعے" |
| ۴٧٥ | ١ | ٣ | نے مسعودی بھی | المسعودی نے بھی |
| ۴٨٥ | ١ | ٢ | اس کے خواہشات | اس کی خواہشات |
| ۴٨٨ | ١ | ١١ | مغرِی | مغربی |

marfat.com
Marfat.com

| صفحہ | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ۴۹۶ | ۲ | ۱ | مصافات | مضافات |
| ۵۰۰ | ۲ | ۲ | چلیپای | چلیپائی |
| ۵۲۶ | ۱ | ۱ | کِھل | کُھل |
| ۵۳۵ | ۱ | ۲۳ | رستم کے | رستم کی |
| ۵۵۵ | ۱ | ۲۹ | فورا | فوراً |
| ۵۸۸ | ۲ | ۱۲ | مکتوباب | مکتوبات |
| ۵۸۹ | ۲ | ۲ | تنحواهوں | تنخواهوں |
| ۶۰۵ | ۱ | ۲۶ | تنطیمات | تنظیمات |

marfat.com
Marfat.com

ناشر : مسٹر اقبال حسین، قائم مقام رجسٹرار دانش گاہ پنجاب، لاہور
مقام اشاعت: لاہور
سال طباعت: ۱۳۹۲ھ/ ۱۹۷۲ء
مطبع : جدید اردو ٹائپ پریس، ۳۹- چیمبرلین روڈ، لاہور
طابع : مرزا نصیر بیگ، ناظم مطبع
صفحات : ۶۳۵ + ا تا ل

marfat.com
Marfat.com

# Urdū
# Encyclopædia of Islām

*Under the Auspices*
*of*

**THE UNIVERSITY OF THE PANJĀB**
**LĀHORE**

## Vol. IX

**( Khamsa — Dhatūra )**

**1392 / 1972**

marfat.com